و سامعه خراش که هنوز در کلام موزون ارباب دهلی و لکهنؤ یافته می شوند از شمار هم پیچ
مضمون بیگانه باشند چنانچه لفظ تلک بجاے تک و لفظ مت بمعنی نه و لفظ
جون بمعنے مثل وامثال آنرا که با سامعه نازک پسند گرانیها دارند قلم انداز
نمودم و بسیار غزلهاے مدلل که از عمده طرز سخن انشا و ساختم الغرض
گفته گفته تا چهارده هزار شعر به شمار آمد اکثر اوقات آیاے
هوا خواهان مربوط به ترتیب دیوان میشد بل ازان هم ترقی کرده محرک
سلسلهٔ چاپ شدند انگشت قبول به چشم میگذاشتم و عذر قلت
فرصت را عوض میدادم هرگاه گیرائی اوشان از حد گذشت و
دیدم که حرفهاے عذرم بخاطرشان میگذرد مجبور به
به انقطاعش در ساختم و به ترتیبش پرداختم
از تمامی اشعار قریب سه هزار چند شعر منتخب
کرده در سنه ۱۲۷۶ هجری دیوانی ترتیب دادم
و بدفتر بیتمثال نامیدم التماس از
حضرات ناظرین سرمست نغمهٔ
سخن آنست که هنگام مطالعه
این نظم های تازه اگر
خطائی به نظر افتد ازان
درگذشته به وضع صواب
ملتفت شوند
و خدا صفا
تا کدورتها
فزاینده



بسم اللہ الرحمن الرحیم

صفت مہر نبوت کی ہے مطلع میرے دیوان کا
ہوا ہے زرد جس سے رنگ و مہر رخشان کا

شہید ناز ہون مین دیدۂ آئینہ رویان کا
گمان کیونکر نہو رخمون پہ میرے چشم حیران کا

ہے سودا جو خط پشت لب رنگین جانان کا
گلے مین طوق ہو میرے رگ لعل بدخشان کا

تری آنکھون کے ڈورے لعل جو ہین عکس گہر
بڑہاتا ہے جدول شنجرف سے حسن اور قرآن کا

خیال زلف پیچان مین مجھے خواب پریشان ہو
نظارہ گر کرون فردوس کے بہی سنبلستان کا

نکالے پاون پہر جوش جنون مین دشت وحشت نے
رہا ثابت نہ پہر اک تار تک اپنے گریبان کا

ہوا پر اوڑتے اوڑتے ہوگیا برباد ایسا
نشان ملتا نہین ای ہمنشین تخت سلیمان کا

سیاہی زلف مہرویان کی گر دیکہے تو خجلت سے
سفیدی سے مبدل رنگ ہو شبہای ہجران کا

نصیب اپنے پہرین داخل کہین ہو دین شہید و فن
تصور اس لیے ہمکو ہے اوس برگشتہ قرکان کا

نمونی صنم نے اے برہمن چپ کیا ایسا
کہ گویا دل مرا ساکن ہوا شہر خموشان کا

تپ غم سی جو سوزان استخوان مین کنج مرقد مین
گمان اونپر ہو اشمع شب تاریک ہجران کا

تصور یہ رہا کرتا ہے بیماری ہجران مین
کہ خال چشم عاشق تخم ہے سیب زنخدان کا

ہے اپنی ہر بن مو چشم عاشق انتظار ہی مین
گمان کیونکر نہو تن پر ہمارے نرگستان کا

نہو نسناک کیون جام و مے و معشوق کا طالب
چمن سرسبز ہے آتش کرم ہے ابر باران کا

جو پردہ اوٹھگیا ہے آتشین رخسار جانان کا
اوڑا ہے نور شبنم کی طرح مہر درخشان کا

کرون موزون اگر مضمون خط رخسار جانان کا
رگ گل سے بندھے شیرازہ پیراہن دیوانکا

ضرورت رہنما کی کسکو ہے وادی وحشت مین
خیال سبزۂ خط خضر ہے اپنے بیابان کا

ہوئے کیف مے گلفام سے وہ سرخ ایسا ہے
ہے شک آنکھون کے ڈورے پر رگ لعل بدخشان کا

تری چشم شکار افگن کو غصہ مین اگر دیکھے
برنگ شیر قالی حال ہو شیر نیستان کا

چورائی ہے سیاہی جو سینہ سختی عاشق سے
کہین منہ بھی ہو کالا یا خدا شبہای ہجران کا

وحوش و طیر و جن و انس تیرا کلمہ پڑھتے ہین
عقیق لب پہ شک ہے اے پری مہر سلیمان کا

کیا ہے نفس امارہ نے گمرہ دل کو ای زاہد
ہوا ہے غول خضر راہبر اپنے بیابان کا

دم بسمل تماشا جنجر قاتل نے دکھلایا
کیا جو چاک سینہ کھل گیا در باغ رضوان کا

بجوم قمریان افشان کے چنے سبحہ ہاتھ پر
گمان ہے مانگ پر اوس رشک گلگلی سرو بستانکا

کیا ملک دل عشاق کو غارت اشارون سے
ہے تیرا دیدۂ سفاک افسر فوج مژگان کا

کیسکی عفت و عصمت کا دیوانہ ہون عالم مین
ہے چاک دامن یوسف ہر اک در میری زندانکا

نہو کیون ٹکڑے ٹکڑے پردۂ چشم تماشائی
مصفا صورت الماس ہے ہر عضو جانان کا

روان ہے اے پریرو وحشی صرصر پر غبار اپنا
ملا ہے بعد بربادی ہمین رتبہ سلیمان کا

کسی مہرو کی فرقت مین ہوئین جو موجزن آنکھین
بنا ہے کشتی طوفان ہلال اپنے گریبان کا

سراپا زخم ہون تیغ زبان یار سے لیکن
نہین ملتا ہے مثل ذات حق منہ زخم پنہان کا

نہووے بدگہر کے دلکو حاصل نور ایمان کا
جو بد مذہب ہے حافظ ہو نہین سکتا ہے قرآن کا

کبھی صدمہ نہ پہونچے صاف دل سے اہل عالم کو
کہ اوٹھنا غیر ممکن آب گوہر سے ہے طوفان کا

ہوا دو ٹکڑے دل چشم کحیل خوش نگاہان سے
کہ ہے مشہور عالم کاٹ شمشیر صفاہان کا

کہے کیونکر بیان یار کا عقدہ کسی صورت
کہ پنہان چشم عالم سے ہے چشمہ آب حیوان کا

سرور اکا کبھی حاصل ہو جو داغ بردل ہین
کبھی مے سے ہو مملو پیالہ ماہ تابان کا

گمان مانع ہے خط اوس مہر کو دلکے جلانے سے
ہووے ابر سے موقوف ہنسنا برق خندان کا

جو ظالم ہین رہا کرتے ہین وہ گردشین روز و شب
نہین کچھ کام غیر دور ہر گز چرخ گردان کا

نہین دیتی ہے بجھنے آگ کو بیشیہہ خاکستر
نگہبان خط ہو کیونکر فروغ حسن جانان کا

فروغ شمع رویان کم ہووے خط کے آنے سے
بہت دشوار ہے بجھنا چراغ زیر دامان کا

ہوئے نساخ کے شعرون کو پڑھکر بہرہ ور حاسد
کہ روشن ہے جہان مین فیض خورشید درخشان کا

مرغ دل ہو گا نشانہ ہر جوان و پیر کا
خاک ہے اوس طفل کی تیر اور ہون پر تیر کا

زار اے مانی غم ہجران نے ایسا کر دیا
ہے نہان نظرون سے کاغذ بھی مری تصویر کا

گردشون سے آسیائے آسمان پیر کے
پس گیا گندم کی صورت دل جوان و پیر کا

محو حیرت قید مین ہون یارو وے صاف ہے
دیدہ حیران ہے ہر حلقہ مری زنجیر کا

ہو گئی زندانیون کی نیند تک خواب و خیال
غل ہوا وہ قید خانے مین مری زنجیر کا

دودھیا دانے چٹی کا کو ہکن آغاز مین
بسکہ کار سخت ہے انجام جوے شیر کا

آنکھون مین پھرتا ہے جو بالے کی مچھلی کا خیال
ہے گمان تا زنگہ پروام ماہی گیر کا

دن کو دیکھا موجزن تنہا اک سمندر جای کوہ
کیا اثر خارہ شکن ہے نالہ شبگیر کا

یاد مین اوسکے سنہرے رنگ کی روتی ہین ہم
اشک پر اپنے ہے عالم روغن اکسیر کا

گل ہزارون شمع کے لیتا ہی منہ مین بے خطر
ہے وہان مرغ آتش خوار منہ گلگیر کا

سر د مہری گرمیون مین سنگدل بت ذیہ کی
ناک مین دم آگیا ہے عاشق دلگیر کا

کیف می سے چشم مست یار مین دورے جو ہین
مجکو دھوکا دے رہے ہین دام آہو گیر کا

پہلوے میزان مین ہو جائے ترازو کیا عجب
ناوک نالہ جو گذرے چھلنکے سینہ تیر کا

اون اکیلی بھٹیونون سے ہو گیا سینہ فگار
کیا اثر ہے ڈھال کے پہولون مین نوک تیر کا

زار اے نساخ عشق مصحف رخسار جو ہون
عکس ہے غیبہ نیا کاغذ مرے تصویر کا

کان ہے مشتاق مدت سے تری تقریر کا
دیدۂ نساخ ہے شائق تری تحریر کا

چاند سے رخسار کا زندان مین رہتا ہے خیال
ماہ کا ہالہ ہے حلقہ دیدۂ زنجیر کا

دھیان مین ہجر روز و شب اوس طفل کا روی صبح
چشم پرنم سے روان ہوتا ہے دریا شیر کا

مینے باندھے ہین پریرویون کی مضمون سیکڑون
شعر جو میرا ہے گویا نقش ہے تسخیر کا

ورد ہے صبح و مسا یاں شعلۂ رخسار و نکا وصف
صاف ہی میری زبان مین ڈھنگ آتشگیر کا

ہے دل بیتاب اپنا مضطرب مچھلی کی شکل
سینۂ صد چاک ہے یا دام — ماہی گیر کا

مدیان اشکون کی پہونچین بیٹھکے شاخ گاؤتک
اب خدا حافظ ہے اس چرخ کہن تیہیر کا

ہے صریر کلک گویا خندۂ کبک دری
وصف لکھتا ہون جو مین اوس چاند سی تصویر کا

جلوہ گر ہر دم غزال دیدۂ سفاک ہے
تیغ کے جوہر پہ شک ہے دام آہو گیر کا

خط جو کترا اور حسن شعر و چمکا دو چند
ہے گمان حجام کی مقراض پر گلگیر کا

پشت دلبر دیکھکر بندہ جو دیوانہ ہوا
بند پر مجرم کے مجھکو شک ہوا زنجیر کا

خانۂ زندان مین اوس سرو رواں کا ہی خیال
طوق قمری ہو گیا حلقہ مرے زنجیر کا

جنبش ابرو سے اوسکے لوٹتا ہے مرغ دل
کام وہ بھیا لیتا ہے گمان سے تیر کا

دم چرانیکا گمان کیونکر منووے خلق کو
کشتہ ہے نساخ اوسکے مکر کا تزویر کا

شعلہ رو کے وصف مین نساخ ناسخ کی طرح
کام کرتا ہے ہمارا خامہ آتش گیر کا

ترک ہے جنبش جو منہ پر لیتے ہین شمشیر کا
اب گمان ہے عاشقون پر لشکر تصویر کا

لعل میگون ہو اگر پرتو فگن تو شرم سے
جام مے ہو دست ساقی مین پیالہ شیر کا

جیسے زندان خانہ تن مین مقید ہو گئے
ہے یقین تار نفس پر جان کو زنجیر کا

گنجفہ بازی مین کاٹے دیکے پکھے تو نے سر
کیون نہ حکم نادری اکا رکھے شمشیر کا

کرتے ہین سینہ سپر ہے ہم جگر داروں کا کام
سامنا کب ہو عدو سے یار کی شمشیر کا

معرکے مین سر خرو رہتی ہے اے سفاک خلق
خون عاشق جیسے جوہر ہے تری شمشیر کا

وان سنواری مانگ اوسکی دل ہوا دو ٹکڑے یہان
دانت کنگھی کا ہر اک دندانہ ہے شمشیر کا

صاف صف کی صف ہوئی اک ہاتھ مین صیقل لگے
جی مین ہے ہم چوم لین قبضہ تری شمشیر کا

وہ دو چار آٹھون پہر رہتا ہے دیکھا لاکھ بار
جوہر آئینہ ہے جوہر ہر اک شمشیر کا

مین ہوا دو دیکھکر رخسار روشن کی صفا
آئینہ نے خاصہ پیدا کیا شمشیر کا

جن و انس و وحش و طیر آکر کٹاتے ہین گلے
ہے سلیمان کا نگین جوہر تری شمشیر کا

حضرت نساخ فکر وصل کرتے ہو عبث
ہجر ہی قسمت مین ہے لکھا ہوا تقدیر کا

آنکھون مین رہتا ہے لازم سرمہ کی تحریر کا
کام جوہر ہے سے نکلے تیغ زن شمشیر کا

کھپ گیا دل کی زگون مین قامت بالا ترا
چرخ پر بھی سنبلہ خانہ ہے ای جان تیر کا

گردش گردون سے کیا نقصان آہن دل کا ہو
آسیا سے کیا ضرر ہو دانہ زنجیر کا

کب حسین کرتا ہے کوئی عاشق حیران کی قدر
عطر کب عطار کہنچوائے گل تصویر کا

دیکھنی چین جبین تحریر پیشانی کی ہے
کوئی مٹتا ہے نوشتہ کاتب تقدیر کا

خامہ رنگین رقم کو وصف کرنا سہل ہے
پیش مانی کہینچنا مشکل نہین تصویر کا

اہل جوہر کو نہین ہے غیر کے احسان سے کام
ابر کا محتاج سبزہ کب ہوا شمشیر کا

انقلاب دہر سے کب اہل حیرت کو ہی خوف
اُردی دی مین ہے اک عالم گل تصویر کا

زیب دیتی ہے کجی ابرو کی اے شمشیر زن
خم نہو شمشیر مین تو عیب ہے شمشیر کا

کون جانے قدر میرے شعر کی جز نکتہ سنج
کیمیا گر جانتے ہین مرتبہ اکسیر کا

کیون جوانان جہان مرتے ہین پیری پر تمام
صاف روشن دہر مین قصہ ہے جوی شیر کا

عاشق حیران کی چشم دل ہے روے یار پر
غیر جانب پھر نہین سکتا ہے منہ تصویر کا

موم دل جو ہے ستاتا ہے اوسے ہر سنگدل
شمع کا سر کاٹنا اک کھیل ہے گلگیر کا

راست گو نساخ کی باتون مین کیا ہو وے کجی
ناوک افگن خم نہو مثل کمان قدیر کا

ڈوب گیا شانیکے نیچے رات گیسو یار کا
ہاتھ آیا عالم رویا مین مضمون مار کا

سن لیا جو ماجرا طوفان چشم زار کا
پانی پانی ہو گیا دل ابر دریا بار کا

لکھتے ہین تہ دار مضمون ابروے خمدار کا — شعر جو اپنا ہے گویا میان ہے تلوار کا
ظاہر و باطن ہے اپنا صاف مثل آئنہ — کیون نہ ہو آئنہ جلوہ یار کے دیدار کا
دلبران برق وش کو کرتے ہے چشمک مدام — طور مین ہی کیا برق مین بھی آہ آتشبار کا
چشم بلبل مین کھٹکتا ہے بہار دن مین مدام — چاہیے فصل خزان مین خشک ہونا خار کا
ہوگیا نظرون سے گر موے کمر تیرا نہان — دیکھنا ممکن نہو گا میرے جسم نزار کا
ندیان اشکون کی جاری ہین فراق یار مین — دامن تر پر ہے عالم ابر و دریا بار کا
شاخ شبو کے قلم ہو غنچے گل ہو دوات — وصف لکھنا ہے مجھے اوسی گل رخسار کا
اوس بت بیکنا کی فرقت نے جلایا اس قدر — عرش پر پہونچا ہے شعلہ آہ آتش بار کا
مانگ کو تشبیہہ کامل افعی ابیض سے ہے — ٹیکا ماتھے کا ترے ظالم ہے مہرہ مار کا
ناتوان ایسا غم ہجر تبان مین ہوگیا — ہر رگ تن پر مرے دھوکا ہوا زنار کا
نقد جان دے دے کے اس سے پار اوترے ہین — بحر الفت کا کنارہ گھاٹ ہے تلوار کا
کھر بلے کے سبحہ سے کیا کم ہے تارا شک چشم — وہ میان جو وقت بکا ہے سبزۂ رخسار کا
وصل کی شب سرخ جو چہرہ بشاشت سے ہوا — برگ گل گویا ہے پردہ دیدۂ خونبار کا
خون رولاتا ہے جو مجھکو وہ لب یاقوت فام — لعل ہے قطرہ سرشک دیدۂ خونبار کا

وصف ای نساخ ترک تیغزن کا گر لکھون
کاف کامرکز بھی پھل ہو جائے گا تلوار کا

سر کو سودا ہوگیا موے میان یار کا — رشتہ جان بنگیا جو پیچ تہا دستار کا
وصف جو لکھتا ہون اپنے آنسو و مکے تار کا — آب گوہر مین سفینہ غرق ہے اشعار کا
جل نہ تجھے پروانہ سان اے شمع خورشید حشر — شعلہ اوڑنا دیکھ بنے گر آہ آتش بار کا
اشک صاف و چشم خون آلود عاشق سے مدام — کوبے دلبر پر گمان ہے جوہری بازار کا
ہے دل پروانہ روشن حلقہ کاکل مین بند — مہر تابان ہوگیا ہے خال چشم مار کا
وصف سلک گوہر دندان جانان ہو رقم — تاکہ سطرون پر ہو عالم موتیون کے ہار کا
جلوہ دین محبت سے وہ ہے حیرت زدہ — کعبے مین جو بت ہے گویا نقش ہے دیوار کا

یاد رہی لوٹتا ہون رات بھر بستر پہ مین — پھول سے ہوتا ہے صدمہ میرے دلکو خار کا
افعی کاکل کی پھنکارین بلا پر زہر ہین — ڈر کے مارے آب ہو جاتا ہے زہرہ مار کا
وصف جو لکھے بتان سنگدل کے یکقلم — نال خامہ پر گمان ہے رشتۂ زنار کا
دیکھے کے ماتمداونکو کے اوڑے دیوانگی — اے پری سایہ پڑے جن پر تری دیوار کا
وصل کی شب چڑھگئے تا بر پہ جب وہ سوگئے — دیدۂ خفتہ ہے بار اوس دیدۂ بیدار کا
استخوان تیرہ بختان محبت گر اوٹھائے — ہو ہما کی چونچ پہ شنگ زاغ کی منقار کا
آسمان پر آفتا بستان کا ہووے گا گمان — گر فلک تک شعلہ پہونچا آہ آتش بار کا
ٹوٹ جائے رشتۂ جان او سکا آنا ہو جو غم — آمد و رفت نفس ہے آنا جانا یار کا
حشر مین نار جہنم سے مین پاؤنگا نجات — نقش ہے دلپر مرے نام احمد مختار کا

کم نمکدان سے نہین زخم جگر لنتاخ کے
وہیان ہو رکھتا ہے رخسار ملیح یار کا.

جمیگے گا ہر دیدہ ور مضمون مرے اشعار کا — جوہری پہچانے رتبہ گوہر شہوار کا
حسن عالم سوز سے کیون خرمن دل جل بچا — روکنا ممکن نہین ہے برق آتشبار کا
برش تقدیر سے حاسد نہ بھاگین کس لیے — خاک نامردون سے ہووے سامنا تلوار کا
راست گوکی جان کی پڑے ہی کجرفتار چرخ — حرف حق کہکر ہوا منصور شایان دار کا
نشۂ دیدار سے واقف ہین اون آنکھونکو پوچھ — جانتا ہے مئی کی کیفیت کو دل مے خوار کا
عشق خال روے دلبر مین کسے حرز اسے — خاک افیونی کو ہووے خوف زہر مار کا
کان کی بجلی کلک لکھے وصف یہ امکان نہین — کلک سے ہو کام کب منقار موسیقار کا
دل مین ہے موے میان یار کا ہر دم مقام — جانتے ہین برہمن رتبہ بڑا زنار کا
کیون دل صد چاک سے نالے نہ کھینچون دمبدم — نغمہ سنجی کام ہے منقار موسیقار کا
ہین ترے عشاق قید کفر و ایمان سے رہا — کب ہوا پابند مجنون سبحہ اور زنار کا
موذیون کی پاسبوسی مین سراسر ہے گزند — پانون کے نیچے بھی آجانا برا ہے خار کا

دیدہ لنتاخ سے کیونکر نہو اشکبار ان

دور مین رہنا ہے ثابت اختر سیار کا

زخم ہجر تا ہے مہین تیغ نگہ کے چور کا
چاندنی کا سا اثر ہے مرہم کافور کا

نامہ آجاے جو خامہ شاخ نخل طور کا
شب رقم ہو وصف اوسکے عارض پر نور کا

دور مین کہکشان سے قلعہ گردون پہ کون
دیکھتا ہے چشم کوکب سے تماشا دور کا

مرتے ہین زندے تمام اور مردے زندہ ہوتے ہین
میرے نالون مین اثر پیدا ہے بانگ صور کا

کالے کوسون اوڑ گئے بخت سیہ کو دیکھکر
اپسا منہ کالا ہوا مہر و شب دیجور کا

گر مجوشی ہوگئی تیرے خریدارون کے سر
سر دمشکین خط سے ہے بازار کیا کافور کا

جوش حزن ہین ضبط سے ازبسکہ اشک چشم زار
کیا عجب پھر ہو بپا طوفان اگر تنور کا

کیون نہو شور قیامت تیرے چالو نسے بپا
ہے ترے خلخال کی آواز نالہ صور کا

عالم می صاف دکھلایا عرق نے ساقیا
ہے گمان تیرے ذقن پر ساغر بلور کا

نوش شادی اس سے کب حاصل ہوا جز نیش غم
چرخ پر اختر یہ گویا خانہ ہے زنبور کا

گر مقابل ہو سیہ بختی نساخ حزین
رنگ اوڑ جاے گا ای مہر و شب دیجور کا

ہر زمان ورد زبان نساخ ہی مصراع ذوق
دل نہ اٹکا ے کہین اللہ بے مقدور کا

شعلہ اوڑنا دیکھہ لے گر زخم کے ناسور کا
ہو اثر کافور فورًا مرہم کافور کا

قبل محشر کھل گیا راز دل پر شور اگر
ہے یقین دم بند ہو جائیگا بانگ صور کا

عرش کے پایون کو دی تشبیہ شمع ساق سے
نامہ اے نور رشید رو آیا ہے مضمون دور کا

ہے عیان حال دل سنگین صفا کے جوش سے
کیا بتان سنگدل کا سینہ ہے بلور کا

وصف لکھتا ہون جو اوس مست شراب حسن کے
ہے دوائر دار حرفون پر گمان انگور کا

مجکو سنگ طور سے کرتے ہین لڑکے سنگسار
ہون مین دیوانہ کسی کے عارض پر نور کا

تاک چشم مست جانان کے جو رہتی ہے مدام
دل ہمارا بنگیا ساغر مے انگور کا

یکقلم لکھتا ہے اوسکے زلف کے ماریکا حال
اب سیاہی مین ہو دوہ روغن کافور کا

وصل مین پوچھا مہ بے مہر نے جو حال ہجر
رنگ دیکھا روز روشن مین شب دیجور کا

بزم مے مین حق حق بینا کا مین مجروح ہون
میرے زخمون پر ہو پھایا پنبۂ منصور کا

کہکشان کو کیون نہ مین تشبیہ شاخ تاک سے
ہر ستارے پر گمان ہے دانۂ انگور کا

اپنا جسم زار شاخ تاک ہے ایسٹ نار
زخم مین عالم نظر آتا ہے جو انگور کا

چوم کر قاتل نے جو پھیرا ہے میری حلق پر
آب خنجر مین مزا ہے شیرۂ انگور کا

باغ ہستی مین نہو گا کوئی مجھسا دردمند
میرے زخمون نے نہ دیکھا منہ کبھی انگور کا

کیون نہ لکھے ناسخ و آتش کے غزلون کا جواب
ہند تک شہرہ ہے فکر صائب مہجور کا

ہو زمین شعر مین وصف اوس سراپا نور کا
ہے کتاب آسمانی مین بھی مضمون حور کا

فکر روشن سے بندھے ہے مضمون چشم حور کا
دوربین دکھلاتی ہے نزدیک انسان دور کا

خط تمہارے عارض پر نور پر کب ہو عیان
آتش بے دود کی صورت ہے شعلہ طور کا

گریۂ بے اختیار اے ابر تم سکتا نہین
ہے بہت دشوار بہنا بند ہونا سور کا

ظلم ہی ہے خانہ بربادی ظالم کا سبب
پھونکتے ہین آگ سے مظلوم گھر زنبور کا

صاحب گفتار حق کیونکر نہو مشہور خلق
حرف حق باعث ہوا ہے شہرۂ منصور کا

خاک پاے روشن جانان ہوئے کحل البصر
نور آنکھون کا بڑھا دیتا ہے سرمہ طور کا

موذیون کے ہاتھ مین دولت رہی ہے ہی محال
لوٹتی ہی خلق بہر شہد گھر زنبور کا

پوچھو نہ حال گرمی حسن شباب کا
ہے دوپہر کو گرم مزاج آفتاب کا

طوفان جو دیکھے مری چشم پرآب کا
دل آب آب شرم سے ہووے سحاب کا

ہو رو یگا زرد شرم سے منہ آفتاب کا
گوشہ اولٹ گیا اگر اوسکے نقاب کا

اوس برق وشکو شوق جو ہے سیر آب کا
گویا سبب ہے مچھلیون کے اضطراب کا

نکلے نہ اپنے گھر سے وہ مہر بغیر شام
اندر مرے یار مین ہی ماہتاب کا

گنتا ہون تارے شام سے تا صبح ہجر مین
اکشب نہین خیال ان آنکھونکو خواب کا

پھیلا ہے میرے دیدۂ گریان کا یہ اثر
شک ہے حباب بحر پہ چشم پرآب کا

شیطان کے طرح غیر گریزندہ سن کے ہو — مالون مین میرے طور ہے تیر شہاب کا
ہر دم جو یار عہد شکن کا خیال ہے — دل پر مرے گمان ہے قصر خراب کا
اوس مست مست کی جو پڑی آنکھ نشہ مین — لبریز کیون ٹھے سے ہو ساغر حباب کا
بے یار میکدے پہ گمان عکدہ کا ہے — ہر جام مے مین طور ہے چشم پر آب کا
ہے روے ماہ پاون جو اوس شہسوار کا — ہالہ یہ ہے گمان مجھے اوسکے رکاب کا
سونے دیا نہ حسرت دیدار یار نے — آیا خیال وصل کی شبکو جو خواب کا
ہے جلوہ گر وہ رخ دل بیتاب مین مرے — انروزون موت مین ہے گزر آفتاب کا

لکھون غزل اک اور کہ ہر صاحب سخن
مشتاق ہے مرے سخن لاجواب کا

کیون ہمارے کفن مین ہوا اوسکی نقاب کا — مار اہوا ہون یار کے سترم وحجاب کا
ہوتا ہے آسمان پہ دھوکا حباب کا — ادنی سا یہ شگوفہ ہے چشم پر آب کا
اوس رخ سے سینہ داغ ہوا ماہتاب کا — داغ جگر سے جل گیا دل آفتاب کا
رکھہ لیوے منہ پہ شرم سے دامن سحاب کا — دیکھے جو برق حال مرے اضطراب کا
ہے شوق نوریون کو بھی شاید شراب کا — ساغر ہے دور مین جو مہ و آفتاب کا
لکھتا ہے حال اس دل سوزان کا سر بسر — میرے قلم مین طور ہے سیخ کباب کا
دریا ہے چرخ کا بکشان صورت نہنگ — ہوتا ہے ہر ستارے پہ دھوکا حباب کا
اوس ترک تیر زن کا جو ہے عہد ہم صفیر — جوہر کے مول بکنے لگا پر عقاب کا
اوس مست کی نگاہ جو پڑتی ہے ہر گھڑی — میرے بغل مین دل ہے کہ ساغر شراب کا
مستون پہ آشکار ہے کیفیت جہان — جمشید کا ہے جام پیالہ شراب کا
گھوڑے پہ اوسکو دیکھکے یاد آئی ہے یہ بات — مردم ہے پاون یار کا چشم رکاب کا
مہرہ دہان مار مین آتا ہے یہ نظر — جوڑے مین اوسکے پھول نہین ہے گلاب کا
منہ اوسکا اوس طرف ہو جدہر ہو وہ مہر رو — سورخ مکھی سے کم نہین پھول آفتاب کا

لنشاخ جز سلیمہ کذاب دہر سین

یارا کسے ہے میری غزل کے جواب کا

رہنا بحجاب دور مین حام شراب کا
گردش مین چرخ پر ہے قدح آفتاب کا

مرگان سے کچھ ضرر نہین چشم پر آب کو
بے خوف خار سے ہے پھپھولا حباب کا

روشن دلون کو تیرہ درون سے غرض نہین
محتاج آفتاب نہین ماہتاب کا

رو رو کے مین ہنسا دونگا اوس مست حسن کو
بیکش کو خوش کرے گا برسنا سحاب کا

خط نے گھٹا دیا رخ پر نور کا فروغ
ہوتا ہے وقت شام زوال آفتاب کا

ہووے صفای قلب سے معذور تنگظرف
دیکھا ہے خالی نور سے دیدا حباب کا

نکلے نہ گھر سے رات کو وہ مہروش کبھی
روشن نہووے شبکو چراغ آفتاب کا

ہے دامن کریم مین روشن دلون کی جا
مسکن بنا ہے برق کا دامن سحاب کا

یا تنگظرف تاب رخ یار لائے گا
مملو نہو شراب سے شیشہ مباب کا

روشن دلون سے تیرہ درون ہو جگر فگار
ہے چاک تیغ برق سے سینہ سحاب کا

تعالی اللہ ہین عشق سے سکان چرخ بھی
دل مین ہے ماہتاب کے داغ آفتاب کا

ابر سقر سے صاحب رحمت کو ڈر نہین
جلتا نہین ہے برق سے دامن سحاب کا

سبزے سے کام یار کے رخسار کو نہین
محتاج خط نہین ہے ورق آفتاب کا

نہیت بلند حسن خداداد کب ہوا
محتاج موے حور نہین ہے خضاب کا

طفلی سے مہر رخون کا مرے دلمین داغ ہے
ہوتا ہے وقت صبح طلوع آفتاب کا

نسلاح کی غزل پہ غزل کون کہہ سکے
کیونکر جواب ہو سخن لاجواب کا

دعوی اکتساب ہون جو مین تیرے خرام ناز کا
ہے صریر کلک پر شک صور کی آواز کا

رشک کہ زہرہ وار نہ پہلا تری آواز کا
پردہ گوش ملک پردہ بنا ہے ساز کا

ہے اگر طاقت سوا رفتہ بت طناز کا
کبک بھی پامال ہے اوسکے خرام ناز کا

سیکڑون آہوے مضمون کو جو کر نہ ہو شکار
میرے خامہ پر گمان ہوتا ہے تیر انداز کا

اسد میسحا خبر ہے کرتا ہے کیا خاموش مین
نام اوسکے آنکھون کے آگے نکلے اعجاز کا

داغہاے جسم جلتے ہین شعلہ افشان مدام
بجھین عالم کیون نہو طاؤس آتشباز کا

پر لگاتے ہین مرے آہ دل بیتاب نے
ہجر مین ہے قصد مرغ روح کو پرواز کا

نوک پیکان سے نہین کم خارزنجیر ای پری
مین جو دیوانہ ہوا تیرے نگاہ ناز کا

عقدہ سربستہ حل ہوتا نہین مثل دہن
حال عالم پر ہے پنہان میرے دل کے راز کا

ایک گردش مین دکھاتین سیکڑون نیرنگیان
کیا کہون مین حال چرخ شعبدہ پرواز کا

جان جائے گی مری ہجران مین کہتی ہے عقل
موت ہے انجام عشق یار کے آغاز کا

آب و دانے کی نہ لی صیاد گلزار نے خبر
روح بلبل کو قفس سے قصد ہے پرواز کا

زمزمہ سنجی اگر نشاط کی سن لے کبھی
ہو گرہ نغمہ گلے مین بلبل شیراز کا

کام ہے تیر افگنی اوسکے مگاہ ناز کا
مرغ دل ہوگا نشانہ عاشق جان باز کا

اے مسیحا زور کیا اوسپر چلے اعجاز کا
جو کہ کشتہ ہووے اوس چشم فسون پرداز کا

ہے تصور روز و شب تیرے نگاہ ناز کا
دل مرا کشتہ ہوا شیشہ خانہ ساز کا

حرف سارے ہوتے ہین مقطوع از خوشہ مین
حال جو کہتا ہون چرخ تفرقہ انداز کا

رشک سے داغ دل سوزان کے جلتا ہے مدام
رنگ ہے خورشید مین مہتاب آتشباز کا

شوق طالع وہ ہے جاؤن اگر گلشن مین مین
نغمہ بلبل پہ شک ہو چنگ کے آواز کا

اون شکار افگن نگاہون کے جو مکتا ہون صفت
دانے پر حرف کے عالم ہے چشم باز کا

بہر تسکین اب بجے میرے لحد پر جلترنک
کشتہ ہون زہرہ جبین کے شعلہ آواز کا

کسکو علم اس بات کا ہے غیر علام الغیوب
کسپہ حل عقدہ ہوا تیرے دہن کے راز کا

اک بت کمسن کے عشق مین کافر ہوا
رشتہ زنار ہو رشتہ نگاہ ناز کا

خط مین حال نالہاے پرشر لکھون اگر
ہو کبوتر پر گمان طاؤس آتشباز کا

غم مین اوس طفل مغنی کے ہون سرگرم فغان
میرے نالون پر ہے شک داؤد کی آواز کا

مارے گرمی کے لحد جانان مین رہ سکتا نہین
طائر رنگ حنا کو قصد ہے پرواز کا

چشم مشکین سے کرے عشاق کے دلکو شکار
کام وہ صیاد لے آہو سے تیر انداز کا

حضرتِ نساخ پڑھیے شعر اپنے ڈھنگ کے
کوئی تو ہو گا سمجھنے والا اس انداز کا

دل ہمارا ہے ہدف تیرے نگاہِ ناز کا
کب نشانہ تیر چو کا ہے قدر انداز کا

کیون نہو مشتاق عالم چشم کا آواز کا
میکدے مین دل کو خوش کرتا ہے نغمہ ساز کا

چشم تر نے اشک سے ظاہر کیا ہے عشق کو
کام ہے افشاے راز اے جان جان غماز کا

اہل حیرت کو کبھی ہوتا نہین شوق عروج
بیل تصویر کو کب قصد ہو پرواز کا

ہمسرے ادنی سے اعلی کی کسی صورت نہو
رنگ اوڑے پیش قمر مہتاب آتشباز کا

صاف باطن سے نہین اضداد کو بھی خوف و بیم
خس کو کچھ خطرہ نہین ہے شعلۂ آواز کا

چھیڑتی ہے بلبلے کو راز دل افشا کرے
گلرخو کم ظرف سے ممکن ہے چھپنا راز کا

بات پر ہرگز رقیب یاوہ گو کے تو نجا
قول کب ہوتا ہے اے جان معتبر غماز کا

شمع روشن حال پروانہ سے کب ہو مطلع
کب سنین وہ ذکر اپنے عاشق جانباز کا

ہوتے ہین نبیون کے منکر جو مبین گمراہ دل
کب کوئی حاسد ہوا قائل مرے اعجاز کا

آگے کیا نساخ کے آئے رقیب تیرہ رو
زاغ سے ممکن نہین ہے سامنا شہباز کا

تصور باندھون روتے ہین اگر بالاے زنجو کا
گمان ہو سنبل طوبے پر ابھی سرو لب جو کا

اشارہ جیسے دیکھا ہے ترے چشم سخن گو کو
قسم چشم فسونکر کے بنا پتلا مین جادو کا

رقم ہمنے کیا ہے وصف جو اوس خورکلاہ کا
زمین شعر دکھلاتی ہے جلوہ باغ مینو کا

اگر مسجد کی جانب ہو کے نکلے وہ بت کافر
یقین ہو شیخ کی تسبیح پر زنار ہندو کا

ترے بیمار کی نبض اے مسیحا کیون نہو دوبے
خیال اسکو رہا کرتا ہے اکثر خط و گیسو کا

ہزارون موشگافی شاعرو کرتے ہو تم لیکن
بہت دشوار ہے معنی سمجھنا بیت ابرو کا

ابھی آئینہ دکھلانے کے قابل حال ہو غافل
تماشا تجھکو بھی دکھلائے گر آئینہ زانو کا

پیالے پھول سے ہونٹون مین لیکر تو نی جو قطرہ
تری دھنال اے گل بن گئے ہی غنچہ شبو کا

کرین گھر سینہ پر داغین زلفون کا مطلب ہے
یہ طرہ ہے کہ ماروں کو ہوا ہے قصد اسو کا

اشارہ ہے کہ چمکر آیو شباہے تیرہ مین
نہین نساخ دکھلانا مجھے بیوجہ گیسو کا

شہید بے اجل ہون مین حیلے سرو دیجو کا
ہویدا قامت طوبے سے عالم ہے نجالو کا

اثر دیکھا نہین نساخ نے کچھ شاخ آہو کا
طبیبو مرتے دم تک عشق ابرو مین لہو تھو کا

خیال آیا جو بزم مکیشان مین اوسکے ابرو کا
ہوئی ہر موج می اسے مے پرستو نیش بچھو کا

تصور باندھکر رویا جو تیرے خال ہندو کا
پریرو مشکدانہ بن گیا ہر قطرہ آنسو کا

تری الکھون کے دیوانے کو زنار ایمان بتوں کی
گمان ہر حلقہ زنجیر پر ہے چشم آہو کا

بشارت گلشن کیتی کو دیجاتا ہے باران کی
چمک اوٹھنا تمہاری آستین سے نور بازو کا

کٹے جاتے ہن سنکر غیر ارشیفے کا پیدا ہے
غزل مین مینے باندھا ہے جو مضمون تیغ ابرو کا

تہ و بالا نظر آئے جہان روز قیامت ہو
نتیجہ صورت گردون ہے یہ اپنے تنگا پو کا

بد و نیک جہان کو دیکھتے ہے تول لینا ہی
بنا ہے دیدۂ بینا مرا پلہ ترازو کا

گئے موزون جو مضمون مینے اون آنکھو کا دورہ
گمان ہر شعر پر ہوتا ہے مجھکو مار جاہو کا

کھڑے جب رقص پر ہوتے ہین کرتے ہین بپا محشر
اوٹھاتا ہے فلک کو سر پہ ہر اک دانہ کھنگرو کا

کریگا وہ شانے مین تمہارے سایۂ شانہ
دکھا دیگا عکس آئینہ آئینہ زانو کا

کلام روکش جوزا مرا نساخ سن پایا
کہ روح ابن وایل کہتے ہے اتا مجنو کا

بے خط سے بے خطر سیب زنخدان یار گلرو کا
خزان کے جور سے ایمن ہے میوہ باغ مینو کا

نہ لے حسن خداداد اے صنم احسان غیر دنکا
ہوا محتاج کب سیماب کا آئینہ زانو کا

کوئی رکتا ہے پر درد و تنے بھی چشم امید دل
کہ نافہ بیشتر ہوتا ہے باعث مرگ آہو کا

بڑہایا حسن قد یار اشک چشم گریان نے
کہ دونا حسن ہوتا ہے برا ک سرو لب جو کا

سبک وضعون کی گردن خم نہین ہوتی کسی صورت
کوئی جھکتا ہے گر سنگین ہو پلہ ترازو کا

خیال چشم فتان سے ضرر کیا آہ عاشق کو
چلے بتیان موسے پر نہ ہرگز زور جادو کا

نمایان روے جانان پر نہو خط سیہ گر تو
گزر ممکن نہین ہے زاہد و کعبہ مین ہندو کا

نمایان خط ہوا رخ پر گئی شوخی اون انکھونکے
نہین چلتا کبھی قرآن کے آگے زور جادو کا

مقابل آہ ہو سکتی نہین ہے داغ سینہ کے
نہو نشتاخ ہرگز سامنا افعی سے آہو کا

خانۂ زندان سے زاید ہجر مین گھر ہو گیا
حلقۂ زنجیر مجھکو حلقۂ در ہو گیا

منعکس جب گیسوی پر پیچ دلبر ہو گیا
بحر مین موجہ ہر اک نطرون مین اژدر ہو گیا

فصل گل مین ہے جو ہر اک شور افشان کا خیال
سینۂ داغ جنون مثل سمندر ہو گیا

اشک رنگین کا شگوفہ ہے یہ اے گل پیرہن
ہجر کی شب رشک گلشن اپنا بستر ہو گیا

یاد مین ہے چہرۂ آتش فشان وقت بکا
اشک کا ہر قطرہ مانند سمندر ہو گیا

حال جو اوسکی شرارت کا رقم مینے کیا
میرے خامہ سے جو نکلا حرف اخگر ہو گیا

فصل گل مین تیرے دیوانے کو صحرا چھوڑ کے
داغ سودا اسے پر بر سر پہ افسر ہو گیا

روز و شب جو دیتے تھے ناچ اوپر نچوکا کا فسہ سر ہو گیا
ٹھوکرون سے چور اونکا

شعلۂ بحر و زمین پر ہو گیا قبضہ مرا
آج زیر چرخ نیلے مین سکندر ہو گیا

فصل گل مین اے پری زنجیر کے خل کر روش
قید خلقے سے دل دیوانہ باہر ہو گیا

بیقراری کا جو لکھا حال خط مین یار کو
خامۂ مشکین مرا لوٹن کبوتر ہو گیا

تیرے دیوانے کا جو دیکھا ہے داغ افشین
مردم چشم پری بھی جلکے اخگر ہو گیا

کیون نہو بیشہور اجلے روز طرف نشاخ سو
وصف بوبکر و عمر عثمان و حیدر ہو گیا

پرتو افگن جب ترا روے منور ہو گیا
دیدۂ مہ مین حباب بحر اختر ہو گیا

روے آتشناک کا زندان مین جو آیا خیال
دانۂ زنجیر بھی آنکھون مین اخگر ہو گیا

اپنے داغون کے جو لکھی ہے صفت اے ماہرو
دائرہ ہر حرف کا خورشید انور ہو گیا

بھرتے ہین اطفال کیون دامن کو اپنے سنگ سے
داغ سودا ہے ہمارے سر کو پتھر ہو گیا

دہیان رہ رہ کر جو آتا ہے لب گلرنگ کا
اشک آنکھون مین مے درد مکرر ہو گیا

ہجر مین تیرے سنہری رنگ کو وہ زرد ہین
قد خم گشتہ ہمارا حلقۂ زر ہو گیا

وصل کی شب صوت تیرِ جگر دوز اے صنم
مرغِ دل کو نالہ اللہ اکبر ہو گیا

کاٹے کھاتے ہیں در و دیوار یاد زلف میں
کام اژدر سے سوا ہر حلقۂ در ہو گیا

وہ سراپا نور ہے جلوہ افزا بام پر
ہر رخن کو مہرِ عالمتاب اختر ہو گیا

یاد میں اوس سحر خوبی کے جو میں رونے لگا
دامنِ دریا تک اشکوں سے مرے تر ہو گیا

کر دیا موے میان یار نے ایسا نزار
نقشِ پائے مور رہنے کو مرے گھر ہو گیا

پرتوِ افگن ہیں جو اپنے داغہائے آتشین
بحر میں ہر دم آبے سمندر ہو گیا

خط میں مرغِ ہوش کے پرواز کا لکھا جو حال
اوڑنے کو طیار مانندِ کبوتر ہو گیا

جیسے دیوانہ ہی اوس طفلِ بے رحم کا
وقفِ سنگِ کودکانِ شیخ کا سر ہو گیا

جلوہ فرما رات جو وہ حور پیکر ہو گیا
رشکِ فردوسِ برین شیخ کا گھر ہو گیا

بوسے پر تکرار کرنے کا جو لکھا میں حال
حرف ہر اک کوزۂ قند مکرر ہو گیا

صور سے پر شور ہے نالہ دلِ بیتاب کا
آسمان پر گوشِ اسرافیل بھی کر ہو گیا

میل تیور پر نہ آیا کہتے ہیں جرأت اسے
تیغِ قاتل کو نمایاں اپنا جوہر ہو گیا

حال جسم زار و رنگِ زرد دیوان میں لکھا
مثلِ شاخِ زعفران ہر نقش مسطر ہو گیا

چاندنی کی سیر کو نکلا جو میرا لالہ رو
پردۂ چشمِ قمر برگِ گل تر ہو گیا

ہے اگر شورِ قیامت تیرے چالو سے بپا
نقشِ پا ہے آفتابِ روزِ محشر ہو گیا

آتشِ غم نے جلایا ہے جو مجھ بیتاب کو
دل مجھے پارے کے کشتے کے برابر ہو گیا

یاد میں دانتوں کے جو نکلا تو میری آنکھ میں
دیدۂ غول بیابان چشمِ اختر ہو گیا

خط کے اندر حالتِ بیتابی دل جو لکھے
کاغذ خط سے تڑپ کر حرفِ باہر ہو گیا

جب گیا وہ تو نہالِ حسنِ سرو باغ کو
بندتے میں آزاد ہر سرو صنوبر ہو گیا

یہہ بھی ہے قسمت کی خوبی لے گیا جو ہم کو عشق
صیدِ شہباز اجل اپنا کبوتر ہو گیا

ہے گذر ہر دم رقیبوں کا جو اب اے رشکِ حور
گھر ترا جنت تہا پر دوزخ سے بدتر ہو گیا

پڑ گئی جو آفتابِ وصل پر نگاہ

دیدۂ نساخ اشک صاف سے تر ہو گیا

دیکھکر جوزر و خورشید منور ہو گیا
ہاتھ کا کل دست بیضا کے برابر ہو گیا

دشت گردی مین خیال عارض پر نور سے
اپنا ہر نقش قدم مہر منور ہو گیا

حلقۂ زلف عرق آلودہ کا جو دہیان ہے
چشمۂ خورشید اپنا دیدۂ تر ہو گیا

آفتاب حشر کے مانند چمکے داغ دل
روز ہجران پر گمان روز محشر ہو گیا

ہر بن مو ہجر مین اے گل دہان زخم ہے
تن پہ ہر اک رونگٹا مانند خنجر ہو گیا

الف یعنی جانان نے کیا ایسا نزار
غیرت عکس مثلث جسم لاغر ہو گیا

جلوہ گر ہین داغ سودا کیطرح خورشید و ماہ
گنبد گردون مگر دیوانے کا سر ہو گیا

یہہ جنون مین اپنے رنگ زرد کا پھیلا اثر
حلقۂ نخجیر مثل خاتم زر ہو گیا

سیر گلشن مین خیال زلف عنبر فام سے
موجہ باد بہاری مثل اژدر ہو گیا

داغ دل جو یا نسیم کو چہ کاکل سے ہے
بوے سنبل سے دماغ گل معطر ہو گیا

عکس داغ تن ہین مہر و ماہ تارے اشک ہم
غیرت چرخ برین ہجران مین اختر ہو گیا

میری شمع زندگی شب بزم مے مین سحبہ گئی
باد صرصر سے زیادہ دور ساغر ہو گیا

اوس شہ خوبی کی محفل مین ہوی جو بار یاب
تاج زرین سے مزین شمع کا سر ہو گیا

زار جو یاد خط لعبت لب رنگین مین ہون
یان رگ گل سے زیادہ جسم لاغر ہو گیا

کاسۂ سر کر دیے لاکھون کی ظالم نے جدا
چاک سے زاید یہہ دور چرخ اخضر ہو گیا

آسے پری تیرے سنہرے رنگ کی تاثیر سے
پورون پر مند یکا چھلا خاتم زر ہو گیا

جب لگا یا سر یہ دستم جانان کے لیے
سر سہ کا دنبالہ ای نساخ شہپر ہو گیا

اوبڑ گیا نور جبین خط نمایان ہو گیا
مور سے پامال یہہ ملک سلیمان ہو گیا

منعکس دریا مین جو رخسار جانان ہو گیا
فلس ماہی بحر مین خورشید تابان ہو گیا

یاد جسم دودہ چشم مست جانان ہو گیا
گرد شین کھا کھا کے یہہ دل چرخ گردان ہو گیا

چار چشمی کا نہوا آنکھون کو کیونکر اشتیاق
وہ صنم انسان عین و عین انسان ہو گیا

یاد مین آب دھان نا پدید یار کے
اب اشک چشم رشک آب حیوان ہو گیا

آئینہ جسکی پڑتی ہے جلکر وہ ہو جاتا ہے خاک
برق سے زائد تمہارا روے خندان ہو گیا

یاد جو اوس شعلہ رو کی آئی ہنگام بکا
اشک کا ہر قطرہ خورشید درخشان ہو گیا

روے خوے افشان گلرویون کے جو منصور لکھے
صفحۂ قرطاس دیوان شبستان ہو گیا

وصل مین دانتون کے نیچے آئے وہ یاقوت لب
دانۂ لعل بدخشان اپنا دندان ہو گیا

اے پری شا ینسے جب اوجھین تری زلفین وہان
اپنا یہان مجموعۂ خاطر پریشان ہو گیا

ہے دل پر داغ مین ابروے جانان کا خیال
مثل مار اس گنج کا بیچو نگہبان ہو گیا

فصل گل مین جو گرفتاری ہوئے مد نظر
دام کا حلقہ مجھے چشم غزالان ہو گیا

ظلمت زلف سیاہ و نور روے صاف سے
اہل ایمان کافر اور کافر مسلمان ہو گیا

اک غزل اب اور پڑھ نساخ بزم شعر مین
خوش ترے شعرون کو سنکر ہر سخندان ہو گیا

ٹکڑے پھر دوش جنون مین اپنا دامان ہو گیا
ہتکڑے ہاتھون مین پھر تار گریبان ہو گیا

جب دو چار ابرو کمان سے کوئی انسان ہو گیا
زخمے تیر نگاہ چشم فتان ہو گیا

عندلیب کلک کی جو نغمہ پردازی سنے
بند گلشن مین دم مرغ خوش الحان ہو گیا

پنجۂ مہر دمید بیضا نہ پہونچین گے کبھی
مثل شمع طور روشن داغ ہجران ہو گیا

ہے یہ حیران قاتل آئینہ رو کو دیکھکر
چشم عاشق جوہر تیغ صفاہان ہو گیا

رات وہ شمع تجلے جلوہ فرما جو ہوا
وادی ایمن سے روشن تر گلستان ہو گیا

وہ تن رنگین طفل برہمن کا ہے اگر
رشتۂ زنار مثل شاخ مرجان ہو گیا

پنجۂ خورشید داغ آتشین سے ماہرو
ٹکڑے ٹکڑے صبح محشر کا گریبان ہو گیا

کی دم گلگشت جو اوس آئینہ رو نے نظر
دیدۂ نرگس برنگ چشم حیران ہو گیا

شور قاتل کی ملاحت کا ہوا ہنگام قتل
زخم جو اپنے بدن پر تھا نمکدان ہو گیا

ہو گیا ہے آہ سے راز دل پر خون عیان
غنچۂ گل باد صرصر سے پریشان ہو گیا

دمبدم پڑتی ہین آنکھین اوس بت سفاک کی — تیغ کا سبزہ چراگاہ غزالان ہوگیا
ذرہ افشان سے چمکتا ہے ترا چاہ ذقن — حسن یوسف سے منور چاہ کنعان ہوگیا
سر بسجدہ گوشۂ محراب ابرو مین جو ہے — ہندوے خال صنم شاید مسلمان ہوگیا

روز و شب لکھتا ہے جو مضمون جسم داغ دار
عامہ نساخ اب سر و چراغان ہوگیا

جل رہا ہے جو کلیجہ صفحہ عالمتاب کا — پڑ گیا سایہ مگر داغ دل بیتاب کا
حال لکھتا ہون جو مین اپنے دل بیتاب کا — قاصد خط پر گمان ہے معدن سیماب کا
وصف لکھتا ہون جو تیرے روے عالمتاب کا — دایرہ حرفون کا اے مہ ہالہ ہے مہتاب کا
عین گریہ مین جو یاد آئے وہ چشم مست ناز — اشک خونی پر ہوا عالم شراب ناب کا
وصف جو اوس گوہر دریاے خوبی کا لکھا — دامن ہر حرف پر عالم ہوا گرداب کا
یاد ہے اوس گوہر یکتاے بحر حسن کی — ابر کا جھالا ہے پردہ دیدۂ بے خواب کا
گوش کر ہو جائین گے کر دو بیونکے چرخ پر — اس قدر پرشور ہے نالہ دل بیتاب کا
بیہہ اوڑا آتے ہی اوس میکش کے میخانے کا رنگ — بن گیا پانی کا مٹکا خم شراب ناب کا
حالت شبہاے ہجران تا کہ ہو جاے عیان — خط مین رکھکر یار کو بھیجون گا پرچہ خواب کا
سر ہر اک پیر و جوان کا کیون نہ ایقا تل کرے — ہے خم شمشیر مین عالم خم محراب کا
دیکھے داغ دل روشن جو اے خورشید رو — ہوگمان عالم کو مہ پر کہ شبتاب کا
دل ہوا خون دیکھکر دست حنائی مین ترے — پشت خار اے شوخ پنجہ بنگیا قصاب کا
چار رکن اعظم مین رسول حق مین بیہہ — بندہ کیون دل سے نہو نساخ چار اصحاب کا

کیا قلق ہوتا ہے کیا کیجیے دل نساخ کو
دھیان آتا ہے جو ناسخ فرقت احباب کا

سامنا جوبون سے کب ہو داغ عالمتاب کا — رنگ پیش مہر اوڑھتا ہے سدا مہتاب کا
پھل نہین پاتا بغیر سنگ تخل بارور — جمع کرنا ہے زمانے مین مصر اسباب کا
انتظاری مین ہوئی خواب و خیال آنکھون مین نیند — چشم اختر مین گذر ہوتا نہین ہے خواب کا

جو کرا علی ہین اُنہین اسفل سے کیا پونہچے ضرر
دامن صرصر چھوے مقدور کیا سیلاب کا

جو ہین روشن دل گوارا کب کرین احسان غیر
مہر کا آئینہ کب محتاج ہو سیماب کا

رنگ راحت صفحہ ہستی پہ جمتا ہے، نہین
دیدۂ مینو را کو کیا شوق ہووے خواب کا

بہرہ ور روشن دلون سے ہوتے ہین کل نیک و بد
فیض ظلم مین ہے جاری مہر عالمتاب کا

کیون نہو صافی دلون کو گرم خویون سے گریز
صحبت آتش سے ہوتا ہے ضرر سیماب کا

گوشہ گیرے کے سبب یکتا ہوا انسان دہر مین
ہو صدف مین گوہر نایاب قطرہ آب کا

حادثون سے بیخطر نساخ ہین عالی دماغ
خوف اہل آسمان کو کب ہوا سیلاب کا

قید ہستی سے چھٹا رتبہ ملا آزاد کا
کیون نہو نسخ ممنون دشنہ جلاد کا

کچھ اثر ہوتا نہین ہے نالہ و فریاد کا
ای برہمن ان بتون کا دل ہو کیا فولاد کا

شعر سنکر ٹکڑے ٹکڑے ہو نے دل ہوا حساد کا
ہے گمان میری زبان پر خنجر فولاد کا

بے سر و پائی کے جو لکھے ہین مضمون یکقلم
اپنی بیتون مین ہے عالم خانہ برباد کا

سیر کو نکلا جو گلشن کی طرف وہ سرو قد
نخل ماتم بن گیا جو نخل تھا شمشاد کا

کیجیے موزون اگر اوس غیرت شیرین کو وصف
دائرہ ہر حرف کا کوزہ بنے فرہاد کا

کھود ڈالے کیسی ہی ہو نے ہین سنگ لاخ
کلک مین اپنی ہے عالم تیشۂ فرہاد کا

خال کے تلے کو بخشا کیا شرف اللہ نے
سب سے زاید خلق مین رتبہ ہے آدم زاد کا

صورت اپنی موتی صاف اوسمن آتی ہے نظر
میٹھی پونی گر چلے تیرا فرس ای شہسوار

مدتون تک شعر کوئی مجھسے ہو جاتی ہے ترک
نقش سم پر ہووے عالم کو نہ قناد کا

نغم جو ہو جاتا ہے لاحق حضرت استاد کا

سینے اے نساخ جو لکھا ہے ناسخ کا جواب
کیون نہ پھر منصف مزاجون سے ہو خم امان اوکا

گھر نہین بنتا ہے جمکو اوس ستم ایجاد کا
کب بیتا پایا کسی نے گلشن شداد کا

گوشہ گیری سے بچے انسان فریب دہر سے
خوف عنقا کو نہین ہوتا کبھی صیاد کا

قیدی بند علایق جو نہین آزاد ہین — حال ہے اکسان ہمیشہ عور مادر زاد کا
رعد کب موقوف کر سکتا ہے بجلی کی تڑپ — ضبط نالے سے نہوا آہ دل ناشاد کا
مکر اہل دہر سے ایمن ہرین عالے دماغ — کچھ ہما کو غم نہین ہوتا کبھی صیاد کا
عاشقون کی جان شیرین تلخی ہجران نے لی — ساری دنیا مین عیان ہے ماجب افریاد کا
خاکساری سے نہین بہتر جہان مین کوئی شئی — خلق مین سب سے بڑا رتبہ ہی آدم زاد کا
خوش قدون کے عشق مین ثمرہ نہوویگا عنیب — کسنے باغ دہر مین دیکھا ہے پھل شمشاد کا

بیخطر فتراک دشمن سے ہین جنکا دل ہرخون
طائر رنگ حنا کو غم نہین صیاد کا

کیا ہے بیگانہ مقتل مین مجھکو مبتلا غم کا — گمان شمشیر قاتل پر ہوا ماہ محرم کا
بنا مسکن ہمارا خانۂ دل ہجر کے غم کا — رہا ہر چاند پر دہو کا یہین ماہ محرم کا
سر شوریدۂ عاشق پہ دیکھے داغ سودا کو — کسی نے پھول گر دیکھا نہین ہے تخل ماتم کا
نگین لعل ہے زندان مین اشک دیدۂ پرخون — مری زنجیر کا حلقہ ہر اک حلقہ ہے خاتم کا
جو وہ رنگ طلائی خاک چھنواتا ہے گلیون کے — مری خاک قدم مین ہے اثر اکسیر اعظم کا
مسیحا کا ہے عالم گر لب جان بخش پر تیرے — گمان ہے خط پشت لب پہ عکس ابن مریم کا
تصور وصل دلبر کا یہہ کیفیت دکھاتا ہے — کہ ہوتا ہی نہین ہے خانہ دل مین گذر غم کا
ہے آہوے حرم چشم سیہ رخسار ہی کعبہ — نہین چاہ زنخدان صنم چشمہ ہے زمزم کا
صفائی کے سبب جلوہ نما ساری خدائی ہے — رگ دل مین مرے عالم ہے خط ساغر جم کا
ہلال عید اضحی لاکھہ جان سے ہوگیا قربان — جو نعل پاے اسپ برق دم خورشید سا چمکا
فقط مشتاق ہون دیدار جانان کا قیامت مین — خوشی ہے مجھکو جنت کی نہ مجھکو غم جہنم کا
لگایا منہ جسے خوبون نے اوسکو جانسے مارا — لب جان بخش نے طرفہ اثر پیدا کیا سم کا

کسی بیدرد نشین کے پاکدامانیکا گشتہ ہون
اوسکے کاگور پر لانے کے بدلے پنجہ مریم کا

گدائون کو ترے کچھہ غم نہین شاہی عالم کا — کہ مشہور جہان قصہ ہے ابراہیم ادہم کا

نہو مانوس ہرگز گندمی رنگون سے تو مایل — عیان ہے عرش سے تا فرش سب پر حال آدم کا
ضرر کب ہو عدو کی دشمنی سے پاک دامان کو — ملوث کب کنا ہون سے ہوا دامان مریم کا
عجب کیا گر چھپائین حضرت انسان سے منیہ بان — فرشتون کو کنوئین جھکوا سے حسن الادآدم کا
نہین رہتی ہے دولت موذیون کی ہاتھ مین ہرگز — کوئی ممکن ہے رہنا دیو کے ہاتھ مین خاتم کا
اگر شہرت کی خواہش ہی صفائی قلب حاصلکر — ہوا ہے جام کے باعث سے شہرہ دہر مین جمکا
نہو کیون لعل خندان کا تصور میرے آنکھونکو — نگینہ سے دوبالا حسن ہو جاتا ہے خاتم کا
نکو غم ہجر کا ہووے گی شادی وصلکی حاصل — کہ رنگ یکسان نہین رہتا سدا گلزار عالم کا
عداوت بارگہ کو ہے ہمیشہ پاک طینت سے — یہودی کب ہو قائل پاک دامانی مریم کا
وفور جوش گریہ سے نہووے داغ دل زائل — کبھی دھونے سے مٹتا ہے نہین ہو نقش خاتم کا
نہوگا دور ہرگز پیچ جسم مار پیچان سے — نہ مکھے گا کبھی شانے سے بل گیسوی پرچم کا
تواضع جسکا شیوہ ہے پہونچتا ہی بلندی کو — کہ چشم مہر کا مردم ہے جو قطرہ ہے شبنم کا

نہین نساخ کو شاہی کی خواہش صورت ناسخ
یہہ تاج و تخت ہے رد کردہ ابراہیم ادہم کا

دکھلایا جلوہ سبزے نے اوس گلعذار کا — شام خزان مین طور ہے صبح بہار کا
دلکو خیال ہے لب رنگین یار کا — ہے لعل شب چراغ چراغ اوس دیار کا
کشتہ ہوا عدو سخن آب دار کا — ہمسر ہے خامہ دو زبان ذوالفقار کا
ایسا جلا رہا ہے مجھے ہجر یار کا — خورشید ہے نمونہ دل داغدار کا
مقتل پہ جو گمان ہوا لالہ زار کا — ہے شک دم حسام پہ باد بہار کا
بھولا ہے میرے دل سے مزا وصل یار کا — صدمہ ہوا سحر مین جو مجھکو فشار کا
مارا ہوا ہون گردش چشمان یار کا — ہوا سیا یقین ہے پتھر مزار کا
شاید اثر ہے بیضہ جگر داغدار کا — طاؤس کا جو پر ہوا سبزہ مزار کا
لدرے ہوئے ہین سرخی دندان یار کے — ہوئے گا لعل سنگ ہمارے مزار کا
ہو صبحدم جو بام پہ وہ ماہ جلوہ گر — خورشید پر گمان ہو آئینہ دار کا

نکلے جو آہ سخت جگر کو بیدھے ہوئے
عالم دکھا دیا مجھے منصور و دار کا

موے کمر کی یاد مین ایسا نزار ہون
ملتا نہین نشان مرے جسم زار کا

دل مین ہمارے شمع تجلی کی یاد ہے
ہے رنگ کھل طور سواد اس دیار کا

سونے کے مول بکتی ہے نیچیں اپنی
آیا ہے انی پہ ہی جو یہ موسم بہار کا

ہون اوس چراغ طور کے جلوہ کا سوختہ
ہر ذرہ آفتاب ہے میرے غبار کا

دندان مار موتی ہے جو ڑا دہان مار
زلفون کے حلقے پر ہے گمان چشم مار کا

برسات مین ہے گریہ کنان روز و شب سحاب
پھیلا ہے یہ اثر مرے چشمان زار کا

مومن وہی ہے جو کہ ہوا پختگی کا دوست
کافر ہے وہ عہد وجو ہوا چار یار کا

جوش جنون مین زار جو نساخ ہو گیا
طوق گلو بنا ہے گریبان کے تار کا

زخمی نہ سانس لے کبھی ابرو سے یار کا
پانی نہ مانگے نارا ہوا ذوالفقار کا

اوس نے سوار کو نہین آرایشون سے کام
محنون کبھی نہ سرو ہو فصل بہار کا

اشکون نے قد یار کا رتبہ بڑھا دیا
دونا ہے حسن سرو لب جوی بار کا

جو دل جلے ہین سنگ دلون کو بھی ہین عزیز
ہوتا ہے قلب سنگ مین مسکن شرار کا

انسان کو پہونچی جو ہنرمندی سے بھی گزند
نساخ زہر دشمن جانی ہے مار کا

کیا منہ جو کرے وصف کوئی اوسکے دہان کا
کھلتا نہین عقدہ کبھی اس راز نہان کا

حاصل ہے اشارون مین مرا لطف بیان کا
لیتے مین وہ نوک مژہ سے کام زبان کا

بوسہ مجھے بجاے جو اوس غنچہ دہان کا
بیشک ہو مداوا مرے اس درد نہان کا

اوس چاند سے رخسار کی تعریف ہے لکھنا
عالم ہوا بھی صفحہ دیوان پہ کتان کا

ہے دل کو مرے اوس رخ روشن کا تصور
خورشید درخشان ہے چراغ اپنے مکان کا

پژمردہ ہے بے یار مرا غنچہ خاطر
ہے باد بہاری مین اثر باد خزان کا

بلبل کبھی نالان ہے تو گل ہے کبھی خندان
دیکھا ہے سدا رنگ نیا باغ جہان کا

لگجائے کی اس خیمۂ افلاک مین آتش
شعلہ کوئی اوٹھا جو مرے سوز نہا کا

ہے صبح شب وصل دم نزع سے زاید
ہے سورۂ یسین سے سوا شور اذان کا

پتھر اگے نساخ یہان آنکھونکو دھیلے
وہ بت نہ کبھی روزن دیوار سے جھانکا

کیا دیوے پتا مجھکو کوئی اوسکے مکان کا
کب عرش پہ ہے دخل فرشتونکے گمان کا

اک بوسے پہ لیتا نہین دل کو کوئی محبوب
دنیا مین خریدار نہین جنس گران کا

کب دل شکنی صاف دلون کو ہو گوارا
دل چاک منو مہر کے جلوے سے کتان کا

جو راست ہین بیجا نہ سے رہتے ہین بہت دور
رہتا ہی نہین ربط کبھی تیر و کمان کا

ایک حال پہ ہین داغ دل عاشق حیران
کیا گلشن تصویر کو کھٹکا ہو خزان کا

کب بے سر و پا کو ہوئی پروا ے مربی
سرزار نہین قافلۂ ریگ روان کا

نساخ ہر اک سر مین ہی اوس کو پے کا سودا
کس دل کو نہین شوق گلستان جنان کا

ہے نمایان زلفون سے نور اوس رخ وشنواہ کا
سنبلہ سے یا عیان ہوتا ہے جلوہ ماہ کا

غنچۂ گل اوس دہان تنگ کو کہتی ہے خلق
اعتبار ای دل نہین ہوتا کبھی افواہ کا

صورت پروانہ جلتے ہین فرشتے چرخ پر
شعلہ رہ بھر کا ہوا ہے میری شمع آہ کا

خود بخود کعبہ سے سوے دیر کھنچ جاتا ہے دل
دہیان آتا ہے جو مجھکو اوس بت گمراہ کا

بوے عطر فتنہ آتی ہے ہماری آہ سے
عشق ہے اوس طفل کے جو قامت کوتاہ کا

مہر و مہ بنے تیرے نقش پا کا جو دھوکا دیا
آسمان پر شبک ہوا ہے تیرے بازی گاہ کا

جمع جو ہوتے ہین آکر ہر طرف ہی اوس مین لوگ
ہے گمان مے خانہ پر نساخ بیت اللہ کا

کیا ضرر آتش مزاجون سے ہو عالی جاہ کا
برق سے اے شعلہ رو ایمن ہے خرمن ماہ کا

راست بازون کو نہو صدمہ بلاے دہر سے
باد صرصر سے نہو نقصان شمع آہ کا

جل گیا ہے اپنا جسم زار سوز ہجر سے
برق سے چلتا نہین ہے زور ہرگز کاہ کا

عاشقون کے سر پلا تا ہے ساقی پیکے جام
بہر عالم ہے قران منحوس مہر و ماہ کا

دلکا رتبہ بڑھگیا ہے اوس صنم کے عشق سے
ہر مکان سے مرتبہ زاید ہے بیت اللہ کا

گر نہین بوسہ تو دے دشنام ہے اے مت مجھے
خالی کب سائل پھرا اللہ کے درگاہ کا

ٹھوکرین کھاتا ہے اوس کوچے مین اپنا جسم زار
پایمالی ہے نوشتہ بخت خار راہ کا

پردۂ دل روی روشن سے ہوا ہے چاک چاک
دل کتان کا چاک کر دیتا ہے جلوہ ماہ کا

آنکھون سے بہتے ہین اشک سرد سوز ہجر مین
گرمیون مین سرد ہو جاتا ہے پانی چاہ کا

تیرے کوچے مین برابر ہین فقیر و مال دار
مرتبہ ہے عشق مین یکسان گدا و شاہ کا

وان امیری نا ہے بجز فقیری ہے یہان
رابطہ رہتا نہین ہرگز گدا و شاہ کا

عکس داغ دل سے ہوتا ہے فروغ آئنہ
نور سے خورشید کے بڑھتا ہے جلوہ ماہ کا

تنگ دل پر حوصلہ ہرگز نہین ہوتا کسیے
موج زن کب مثل دریا ہووے پانی چاہ کا

جوش سن کے جو دیدۂ تر کا
پانی ہووے جگر سمندر کا

خوف دل کو ہی چشم دلبر کا
باز سے ہوش اوڑے کبوتر کا

ہے جنونی شمار سے باہر
نہین مجنون کو خوف محشر کا

ظلم اخوان او ٹھائے یوسف نے
ہے برادر کو ڈر برادر کا

گنجہ یار صاعقہ ہے اگر
ابر پردہ ہے دیدۂ تر کا

انتظاری ہے آمنہ رو کی
حلقۂ چشم حلقہ ہے در کا

خط مین لکھونگا جو حال داغ جگر
نامہ بر بھیجے پر سمندر کا

گردش چشم کا جو ہے سودا
میرے سر کو ہے دور ساغر کا

میرے نالون کا کچھ اثر نہ ہوا
اے برہمن وہ بت ہے پتھر کا

ہجر ساقی مین ہو گیا ہے خون
دل پہ عالم ہے مے کے ساغر کا

خط مین لکھتا ہون حال شورش دل
کیون نہ جل جائے پر کبوتر کا

اوسکی غفلت کا حال لکھتا ہے
ہے رگ خواب تار مسطر کا

وصل مین ہوگا بند بند جدا
پہلو سے گرد دلربا سر کا

وہیان اس دل کو نہین جز زخم خط شبرنگ کا
یہہ وہ آئینہ نہین جسمین گذر ہو زنگ کا

وہیان کب ہو قلب روشن کو خط شبرنگ کا
کب گذر آئینہ خورشید مین ہو زنگ کا

وصف جو لکھا بتان سنگ دل کا یکقلم
حرف ہے رگ سنگ کی نقطہ شرار سنگ کا

تیغ ہے برق جہندہ رعد ہے آواز کوس
فصل باران مین فلک گویا ہے میدان جنگ کا

نقطہ فرضی کہون یا جوہر فرد اے صنم
عقدہ کھلتا ہی نہین تیرے دہان تنگ کا

بر گلگشت چمن جاتا ہے جب وہ شوخ گل
کب برنگ بو پتا ملتا ہے گل کے رنگ کا

مثل عنقا ہو گئے ہین کوئی یہ ہی حال
باندھین دیوان مین اگر مضمون دہان تنگ کا

زمزمے سنکر مرے کرتا ہی وہ صیاد وجد
دل کو خوش کرتا ہے نغمہ مرغ خوش آہنگ کا

تازے گل کھلینگے ہم پہلون کے ای رشک چمن
فصل گل مین جلوہ ہے گلہای رنگارنگ کا

نازک دنیا کو بد نامی سے ہرگز ڈر نہین
خوف آزادون کو کب ہوتا ہی نام ننگ کا

نیک گوہر کو ہنوز صدمہ بلائے دہر سے
تیغ جوہر دار مین مشکل ہے آنا زنگ کا

عیب جو حاسد مقابل میرے ہو سکتا نہین
شوق آہو گیر کو کب ہو اسد سی خبگ کا

باعث عشق بتان نسخ ناسخ کیطرح
بنگیا ہی دل ہمارا آب شرارہ سنگ کا

حال سوز ہجر مین پوچھو نہ مجھہ مایوس کا
جسم عریان پر ہے عالم شمع بے فانوس کا

بی ثباتی مین اگر دنیا کے کچھہ شک ہو تو دیکھہ
قصہ اصحاب کہف اور حال دقیانوس کا

جای گنگا مین نہانے کو جو وہ کافر صنم
شور اوٹھے ہر حباب بحر سے ناقوس کا

میرے ترک نوجوان تیغ زن کے عہد مین
سونے کی قیمت سو پر بکنے لگا طاؤس کا

موج آغوش اور دہن ای بحر خوبی ہی حباب
شوق دریا کو بھی ہی تیز کنار و بوس کا

او سکی انگیا کی جو چڑیا کا نہ مجھے رہتا ہی دھیان
ہی کف دست آشیانہ طائر افسوس کا

خط مین جو اپنے دل پر داغ کا لکھا ہی حال
مرغ نامہ بر یہ ہوتا ہی گمان طاؤس کا

بات وہ کرتے نہیں اور نالے کرتا ہے یہ دل
ہے وہ دل بیکار جس دل مین نہووے سوز عشق
سینے کے چاکون کے باعث دل بہ تنگ آنے لگا
بیکسی خاموشی کے باعث شور ہے ناقوس کا
گر نہووے شمع تو کیا کام ہے فانوس کا
رخنہ زندان سے دلگیر دل محبوس کا

آتشین رویون سحرای فسانخ ناسخ کی طرح
گھل گیا ہے پیرہن مین جسم مجھ مایوس کا

کام خون ریزی ہے ہر دم اوسکے تیغ تیز کا
اک جہان کشتہ ہے ترک دیدۂ خون ریز کا
کم نہین ہے سان کی گردش سے دور چشم مست
قطرہ ہاے اشک سے اے گوہر بحر جمال
نالۂ دل نے کیا ہنگامۂ محشر بپا
گرم رفتاری روز وصل کا لکھتا ہے حال
بے طرح جو اُمڈے آتے ہین سرشک موجزن
اے بت شمشیر زن اپنے گریبان کا ہلال
درد شمع بزم عاشق عنبر سارا بنا
تیز رفتاری شب وصلت کی ہے مجھپر عیان
ہے خرام یار گلرو باغ مین حشر آفرین
اُٹھاوس مست شراب حسن کی جو پڑ گئی
شامیانہ سیف کے سایہ کا ہووے گور پر
کیا عجب تیرے غم ہجران مین ای حور نشید رو
پر گہر ہے خاک حاصل ہووے ایذا کے سوا
کھولنا دشوار ہو جاے گا خط کا ہے یقین
عشق کا دعوی ہی ثابت حاجت حجت نہین
ظل دامان شفیع خلق سے امید ہے

نام پھر اوس ترک نے زندہ کیا چنگیز کا
حال عالم مین عیان ناسخ ہے چنگیز کا
شک تری آنکھون کے ڈورون پر ہے تیغ تیز کا
دامن مژگان پہ شک ہے ابر گوہر ریز کا
ہے شب ہجران پہ حالم روز رستاخیز کا
توسن کلک روان پر ہے گمان شبدیز کا
چشم تر پر ہے گمان تنور طوفان خیز کا
کام روز ہجر مین کرتا ہے تیغ تیز کا
وہ اثر پھیلا ہے تیرے زلف عنبر بیز کا
حال خسرو پر کھلا تنہا خواب مین شبدیز کا
نغمۂ بلبل ہے گویا شور رستاخیز کا
ہے حبابون پر بھی عالم ساغر لبریز کا
کشتہ ہون اک ترک کے جو قامت نوخیز کا
مہر کو پھونکے شرارہ آہ آتش خیز کا
غیر خونریزی نہین کچھ کام تیغ تیز کا
نامہ بر لکھنا ہے مشکل حرف شوق انگیز کا
کام ہر گل ہاتھ کا کرتا ہے دستا دیز کا
خوف ہے ناسخ کسکو روز رستاخیز کا

مرثیے جس مین کہ مجنون اور فسلخ خرین
ناسخ آوارہ ہے اوس صحراے آفت خیز کا

سرکشی آپ کی ہے طرز جفا سے پیدا
بندگی میری ہے انداز وفا سے پیدا

وان لکی ہاتھون مین مہندی تو یہان صحرا مین
خون کے دریا ہوے اپنے کف پا سے پیدا

ہین وہ ہون سوختہ خاک سے میرے جوادگے
برگ کی جاہون شرر تخل حنا سے پیدا

ہون میسر مجھے جنت کے مزے دنیا مین
ربط کرلون جو کسی حور لقا سے پیدا

تو وہ شیرین ہے کہ وصف لب شیرین مین تیرے
حرف کے بدلے ہون خامے سے بتاسے پیدا

مرغ بسمل کی طرح بزم مین لوٹے عاشق
وجد کا حال ہوا سمع غنا سے پیدا

ظلم سہنے کا ہوا عشق تبان مین مشاق
جی مین ہے کیجیے اب ربط خدا سے پیدا

چشم جادو کے اگر کیجیے افسون موزون
سحر ہووے سخن ہوش ربا سے پیدا

باغ مین آئے وہ گلروے قیامت قامت
نالۂ صور ہو بلبل کے صدا سے پیدا

پڑگئی لاکہ گرہ دہیان مین اوسکے دل پر
پیچ کیا کیا ہوے گیسوے دوتا سے پیدا

شعر کے بحر و زمین پر ہو سمندر گمان
ربط ترکیب مضامین بکا سے پیدا

مدد اے آبلہ پائے کہ وہ ہووین سیراب
خار صحرا مین ہوے مین جو پیاسے پیدا

بار خون اوسنے جوانون کے لیے گردن پر
فلک پیر کی ہے پشت دوتا سے پیدا

آتی ہے زلف کے مارے کی لحد پر ہوکر
بوے کافور ہے دامان صبا سے پیدا

چوم کر اوس لب شیرین کو ہوا شادی مرگ
اثر زہر ہوا آب بقا سے پیدا

سر اوٹھانے لگین سن پائین جو مردے فسلخ
قسم کی تاثیر ہے گھنگرو کی صدا سے پیدا

یاد گیسو سے تصور مین ہے جوڑا سانپ کا
دل ہے مثل شاخ صحرا کے پھوڑا سانپ کا

کشتۂ کاکل کے مرقد کیطرف وہ شہسوار
ہاتھ مین اپنے لیے جاتا ہے کوڑا سانپ کا

منعکس کب ہو دل پر داغ پر زلف سیاہ
ای فسون گر بن گیا طاؤس گھوڑا سانپ کا

شانے رہتے ہین سدا زلفون مین اوسکی مجنوں
بچھو دن نے عمر بھر پیچھا نہ چھوڑا سانپ کا

سینے ہر مصراع مین باندھا ہی جو مضمون رقیب
شعر جو میرا ہے گویا ہے وہ جوڑا سانپ کا

وصف تیرے زلف کے سینے کیے سو سو طرح
کوئی مضمون طبع نے میرے نچھوڑا سانپ کا

شاعری میری بلا ہے زلفون کے مضمون سے
پیچ مین بندش کے آجاتا ہے جوڑا سانپ کا

ہے دل پر داغ سے زلفون کو تیرے پاس پیچ
لڑرہا ہے ایک نیولے سے یہ جوڑا سانپ کا

دیکھکر شب مانگ کو تیرے کہا مد سفید
صاف مضمون فکر روشن نے یہ جوڑا سانپ کا

یاد آیمن شام کو زلفین ترے خورشید رو
صبح تک لوٹا کیا سینے پہ جوڑا سانپ کا

مرگیا ناسخ بھی کہہ کہہ کے ناسخ کیطرح
زہر گیسو کا بہت ہے اور تھوڑا سانپ کا

خون پا سے خار صحرا صورت گل ہوگیا
آبلہ شکل جگر افگار بلبل ہوگیا

جب قلم طومار وصف خط و کاکل ہوگیا
نال خامہ پر گمان تار سنبل ہوگیا

دام حرص و آز سے آزاد بالکل ہوگیا
جو کہ مست بادہ جام توکل ہوگیا

جام دینے مین جو ساقی کو تغافل ہوگیا
شور قلقل حضرت ناسخ کا قلقل ہوگیا

جب نمایان چشم کور و پیچ کاکل ہوگیا
رشتۂ تار نظر بھی تار سنبل ہوگیا

پاؤن کیار کہا چڑہایا پھول اوسنے قبر پر
بلبل دل کے لیے گل کفش کا گل ہوگیا

کالے کے آگے کبھی روشن نہین ہوتا چراغ
جب کھلی کاکل چراغ ہوش تب گل ہوگیا

یاد ساقی کی جو مجھکو آگئے کہا مین
قہقہہ ہر کبک کا آواز قلقل ہوگیا

گرم جولان ہے جو وصف شہسوار پاک مین
یہہ براق خامہ اپنا رشک دلدل ہوگیا

آنکھہ گلگشت چمن مین جو بڑی اوس مست کی
دیدۂ نرگس بہ رنگ ساغر مل ہوگیا

منطقے کے قصے قضیے کا نتیجہ ہے یہی
خوب ثابت سایتا دور تسلسل ہوگیا

سونے کی اینٹون سے میری قبر کی تعمیر ہو
ہمدمو مین کشتۂ تیغ تغافل ہوگیا

عاشقون کے قتل پر قاتل نے جب باندی کمر
دیدۂ مرتیخ اوسکی کفش کا گل ہوگیا

عین گریے مین جو آیا یاد خال زیر زلف
قطرۂ ہر اشک مثل تخم سنبل ہوگیا

جب گیا وہ نونہال حسن سیر باغ کو
پنجۂ بلبل سے ٹکڑے دامن گل ہوگیا

کشتگان ساقی علیسے نفس زندہ ہوئے
مرتبہ مین قم سے بڑھکر شور قلقل ہوگیا

قامت و رخسار جانان کو چمن مین دیکھکر
ہمصفیر و سرو گل قمری و بلبل ہوگیا

کیون نہ اے فتاح پاؤن ثمرۂ نخل مراد
عشق مین شیوہ مرا صبر و تحمل ہوگیا

یار مہرو کے نہ ملنے سے عجب غم ہوگیا
عید کا بھی چاند آپ ماہ محرم ہوگیا

مندرج جب جا ہوای چشم پر نم ہوگیا
شعر کے بحر و زمین پر عالم یم ہوگیا

اس قدر شعرون مین موزون قصہ غم ہوگیا
ہاتھہ مین خامہ جو تھا اک نخل ماتم ہوگیا

کوی زلف گلرخان سے ہوکے جو آئی نسیم
صورت غنچہ دل دلگیر برہم ہوگیا

حشر تک نام و نشان اپنا رہے گا عشق سے
داغ جو دل کو لگا وہ نقش خاتم ہوگیا

بہر گلگشت چمن آیا اگر وہ سرو قد
رنگ گل ای عندلیب صاف شبنم ہوگیا

وہ صفائی حسن نے تیرے کیا حیرت زدہ
آئینہ مین عکس بھی ایجان بیدم ہوگیا

زخمی تیغ ہلالی ہون جو اے رشک قمر
چاندنی سے پر اثر زخمون کو مرہم ہوگیا

جلتے ہین عاشق ترے لیکن نہین مرتے کبھی
سوز فرقت شعلہ رو نار جہنم ہوگیا

ڈالتا ہے می کشان مردہ دل کے تن مین جان
شیشہ کا منہ بھی دہان ابن مریم ہوگیا

بل نکالے وصل کی شب مثل شانہ ہاتھ نے
مار زلف خم بخم رسی سے بھی کم ہوگیا

آنکھ جیر پڑتی ہے مثل طلا ہوتا ہے زرد
سرمہ چشم تبان اکسیر اعظم ہوگیا

لائی قسمت مجھکو ہو گلی مین جو دیکھ پیچ و تاب
شعر کا دفتر مثال زلف برہم ہوگیا

جب نظر مجھکو وہ ترک ستم ایجاد آیا
روح تھرائی ہوئی بولی کہ جلاد آیا

باغ مین بلبل و قمری سے لڑائی ہوگی
گر مرا رشک گل و غیرت شمشاد آیا

ترم اوس گل کو کیا جو دل پر داغ کا حال
نامہ بر ہونے کو ہر مرغ چمن زاد آیا

فصل گل آئی ہے زنجیر مین گر ڈھی جاتی ہین
سینہ دیوانو کہ ہنگامہ فریاد آیا

نامہ شوق لیے یہان سے کبوتر جو گیا
وان سے شمشیر لیے نامہ مین جلاد آیا

سبز بختی سے شہادت نہ ہوئی مجکو نصیب
تیغ کھینچے ہوئے سو بار وہ جلاد آیا

جانکنی مین بھی نہ آئی مجھے ہچکی اے وائے
دم آخر نہ مجھے نہ ولدار کو مین یاد آیا

سجدا پھر گئی آنکھون کے تلے قدرت حق
نظر اے بت جو ترا حسن خداداد آیا

کون ماہیت کوی بت پرفن سمجھا
شیخ سمجھا جو صنم ویر برہمن سمجھا

سندرج ہین جو مضامین کفک رنگین کے
اپنے دیوان کی یون ناقوت کا معدن سمجھا

الفت لالہ رخان مین یہہ گلون کا ہے ہجوم
دل پر داغ کو مین پھولون کا خرمن سمجھا

مسی لب کے تصور نے کیا یہہ اندھیر
چشم خورشید کو مین غنچۂ سوسن سمجھا

آتش عشق حسینان مین مجھے جھونک دیا
دیدۂ و دل کو نہ اسیر بھی مین دشمن سمجھا

خار اور آبلہ پائی نے یہہ گل کاری کے
دامن دشت سفیلان کو مین گلشن سمجھا

مسی آلودہ لبون کا جو پڑا عکس ای گل
جوہر آئینہ کو غنچۂ سوسن سمجھا

جلوہ فرما ہے جو اوس برق تجلی کا جمال
دل پر نور کو مین وادی ایمن سمجھا

وصف جو عارض پر نور بتان کا لکھا
اپنی ہر بیت کو مین خانۂ روشن سمجھا

شوق ہادی جو رہ کوچۂ جانان مین ہوا
خضر بھی سامنے آیا تو مین رہزن سمجھا

سن کے حق حق کی صدا بادہ کشی مین ساقی
گردن شیشہ کو منصور کی گردن سمجھا

نیک و بد کی نہ ہی عشق مین اصلا تمیز
دوست کو دوست نہ دشمن کو مین دشمن سمجھا

جلوہ گر اوسمین ہے اک پردہ نشین کیصورت
دل صد چاک کو پناخ نے چلمن سمجھا

زلف کے دھیان مین نساخ بقول ناسخ
لحد تیرہ کو مین خانۂ روشن سمجھا

وہ بہار حسن اگر نامہربان ہوجائیگا
حال اپنا صورت برگ خزان ہوجائیگا

گر لکھون رخسار انور کی صفت ای ماہرو
ہر ورق دیوان کا مثل کتان ہوجائیگا

راز سربستہ دہان ناپدید یار کا
وصل کی شب بوسے لینے مین عیان ہوجائیگا

توڑے گا پیر فلک ان نوجوانون کا غرور
تیر ساقط کوئی دن رشک کمان ہوجائیگا

زلفین تیرے روے آتشناک پر دیکھے اگر
سنبلستان ارم ای جان ویران ہو جائیگا

وصف بالون کا ترے ای موکمر منظور ہے
ہے یقین ہر رونگٹا تن پر زبان ہو جائیگا

چاندنی کی سیر کو نکلا ہے جو وہ ماہرو
پردۂ چشم ممتہ مثل کتان ہو جائیگا

تیرہ بختان محبت چومتے ہین اے صنم
سنگ اسود تیرا سنگ آستان ہو جائیگا

وصف سحر چشم جادو فن مین کہتا ہے وہ شوخ
کوئی دن ناسخ بھی جادو بیان ہو جائیگا

پرفسون وہ چشم جادو فن کا افسانہ ہوا
سامری تک بھول کر اب سحر یوانہ ہوا

وہ بت خورشید رو آکر جو ہم خانہ ہوا
غیرت چرخ چہارم اپنا کاشانہ ہوا

دیکھکر خال رخ روشن جو دیوانہ ہوا
مردم چشم قمر زنجیر کا دانہ ہوا

زاہد دون کمال کو عشق چشم مست یار ہے
پیش ازین کعبہ جو تھا از رون میخانہ ہوا

آگیا صحرا نوردی مین جو زلفون کا خیال
آبلہ پاؤن مین جو تھا مشک کا دانہ ہوا

وقت تزئین پر تو دست نگارین سے ترے
پنجۂ خورشید روشن عاج کا شانہ ہوا

حسن گندم گون سے کیونکر خرمن دل بچ رہے
آہ برق خرمن آدم یہی دانہ ہوا

آگیا چشم خمارین کا تصور ساقیا
دیدہ پر نم مرا لبریز پیمانہ ہوا

عازم بت خانہ ہو گا شیخ کعبہ چھوڑ کر
ای صنم تیری جو کیتائی کا افسانہ ہوا

لے پریرو سکۂ داغ جنون کے زور سے
بادشاہ ہفت کشور تیرا دیوانہ ہوا

مانگ تیری جب نکالی اس صد چاک کو
نیش عقرب سے سوا شانیکا دندانہ ہوا

سادہ لوحونکے قلم نے لکھے ہین اوصاف صاف
صاف ناسخ اپنا دیوان آئینہ خانہ ہوا

دن کو وہ مہ جو بے نقاب ہوا
داغ مہتاب آفتاب ہوا

وصل مین بھی اوسے حجاب ہوا
جان مضطر پہ کیا عذاب ہوا

مجھسے چھنکر ملے وہ غیرون سے
کیا زمانے مین انقلاب ہوا

مہر لب ہو گیا مرا کہ نکت
شعر اپنا وہ لاجواب ہوا

رخ روشن کی یاد مین ای چشم — قطرۂ اشک آفتاب ہوا
گردش چشم مست ساقی سے — ساری دنیا کو انقلاب ہوا
وصف لکھا جو دیدۂ تر کا — نال خامہ رگ سحاب ہوا

دیکھکر جوش چشم طوفانزا
ابر خجلت سے آب آب ہوا

شمع محفل جو کبھی وہ مہ تابان ہوتا — مطلع نور مرا کلبۂ احزان ہوتا
باغ مین سرو قد اپنا جو خرامان ہوتا — سرو آزاد چمن سر بگریبان ہوتا
گیسوے مشک ترے رخسے پہ کسطرح فضا — لکۂ ابر سے خورشید نمایان ہوتا
دل صد چاک کو رہتا جو تعلق تجھسے — شانہ گیسو مین ترے پنجہ مرجان ہوتا

عشق ابرو مین ای نساخ دکھاتے جوہر
اپنے قبضے مین اگر خنجر براں ہوتا

مضمون وہان یار کا باندہے گا کاک فلک — عنقا شکار نہ ہوے گا اب میرے تیر کا
جو آنکھ چاہے یہ دل نادان وہی کرے — سلطان عمل مین لاتا ہے کہنا وزیر کا
لکھون مباحث رخ پرنور کا جو وصف — حرفون کا دائرہ بنے پیالہ ہو شیر کا
ناوک کا گر ہوا دل افگار مین سرے — خانہ فلک پہ دیکھے جو زاہے تیر کا
دو دن کی زندگی پہ ہی اہل دل کو ناز — حال ایک ہے لحد مین امیر و فقیر کا
یکتا گہر مین حرف رقم جو کیا ہے وصف — دادار بیمثال و مثال و نظیر کا
دل مین ہمارے جان بہ تنگ آگئی ہے آہ — زندان مین وبال ہے رہنا اسیر کا
رکھے نہ پاؤن تخت سلیمان پہ زینہار — کھل جاے جسپہ عقدہ نقوش حصیر کا
عشاق تیرے ہیچ سمجھتے ہین سلطنت — کب شوق تھا خلیل کو تاج و سریر کا
نبیون سے راز کہتے تھے جبریل آن کر — دنیا مین کسکو علم ہے مافی الضمیر کا
عاصے ہو زیر سایۂ دامان مصطفے — جرم کہ شور حشر مین ہو وار گیر کا
ہو وہی غنا و رقص کا کیونکر نہ مجھکو شوق — نساخ بندہ ہون مین سمیع و بصیر کا

حورین صلے مین پائینگا نسلخ خلد مین
مداح ہے شفیع و بشیر و نذیر کا

سر مین سودا ہے جو اک آہوئی صحرائی کا
پاؤن کو شوق ہوا بادیہ پیمائی کا

لطف سمجھے نہ کبھی شعر کا میرے حاسد
رتبہ کیا گنگ کو معلوم ہو گویائی کا

بخدا غیر کے ہاتون پہ نجا تو ای بت
معتبر قول نہو وے کبھی سودائی کا

قصۂ حضرت یوسف ہے نہایت مشہور
بھائیکو خوف جہان مین ہو سدا بھائی کا

کنج غم مین شب ہجران مین جو رہتا ہون مین
دہیان آتا ہے مجھے گور کی تنہائی کا

وصف جوابرو و مژگان و نگہ کا لکھون
صفحہ دیوان کا ہو میدان صف آرائی کا

گفتگو اوسکے تصور سے کیا کرتا ہون
شب ہجران مین نہین غم مجھے تنہائی کا

شعر روشن کا سمجھتے ہین شناسا رتبہ
دیدہ ور جانتے ہین مرتبہ بینائی کا

روز مثل گل خورشید نہین ہین اوسکو
مشتہی جو کہ ہوا اوس مہ ہرجائی کا

سن کے آواز غنا یار کے مردی چونکے
کام داؤد بھی کرتے ہین مسیحائی کا

چاک کی طرح جو گردش مین رہا کرتا ہے
چرخ بھی کاسہ سر ہے کسی سودائی کا

حقہ پینے مین نکلتی ہے صدا نی رنگین
ترئی مہنال پہ شاہد ہے مجھے شہنائی کا

جان نسلخ نکلتی ہے بقول آباد
اسے مسیحا یہی موقع ہے مسیحائی کا

اوس سے جو موزون قصۂ غم ہو گیا
خامہ مرا ماہ محرم ہو گیا

آیا جو ذکر ہجر و فا وصل مین
شادی کے بدلے دل کو اک غم ہو گیا

عالم کا روشن حال ہے مستی مین یہان
دل اپنا مثل ساغر جم ہو گیا

بلبل نے پائی جان تازہ باغ مین
غنچہ دہان ابن مریم ہو گیا

بے تیرے ساقی خمکدہ ہے مکدہ
ساغر کا حلقہ چشم پر نم ہو گیا

لکھی جو تیری شان اعظم کی صفت
ہر شعر اپنا اسم اعظم ہو گیا

دیکھا جو بزم غیر مین گاتے اوسے
ہر تال میری جان کو سم ہو گیا

موزون ہوا جو ماجرا ے چشم تر
نساخ کا دیوان آب یم ہوگیا

پاک خوئی سے رخ روشن ہے میرے جانی کا
کام کیا چشمۂ خورشید مین ہے پانی کا

شہرہ خامیکا ہوا وصف پریرویان سے
نام نقاشی سے مشہور رہوا پانی کا

نہین کہلتا کبھے تقدیر کا لکھا غافل
حل کسی سے نہو مطلب خط پیشانی کا

داغ سوزان کو نہین اشک روان سے خطرہ
اگتش طور کو کچھ خوف نہین پانی کا

اے پری کیون نہو برباد غبار نساخ
حال سب پر ہے عیان تخت سلیمانی کا

کیک جو اے ماہرو عاشق ہے تیری چال کا
ہے پرون مین اوسکے عالم سبزۂ پامال کا

نیک سرو گلشن خوبی نے مارا ہے مجھے
چاہیے میرے کفن مین ہووے کپڑا چھال کا

زلف کس آئینہ رو کے ہو گئی پر توفگن
چشم حیران ہے جو اے صیاد حلقہ جال کا

ہندوون کے پوجنے سے قدرت کی بڑھگئی
اوسکے کاکل نے برہا یا رتبہ رنکے خال کا

ہین فقیر آزاد غم اور زیر بار غم امیر
بوجھ کو ہتا ہے کمل سے بہت، کم شال کا

حادثات دہر سے ایمن رہین عالی دماغ
خوف سکان فلک کو کب ہوا ہو سنجال کا

کوچۂ جانان سے مجھکو دیکھکر بھاگا رقیب
زور کیا جیسی کہ آگے چل سکے دجال کا

سیم وزر کے مہیا کرنے سے کیون نہو غمگین فقیر
مفلسون کو رنج دیتا ہے دہوان ٹکسال کا

غسل دینے کو ہے کافی چشم گریان بعد مرگ
غم نہین نساخ کو عزت مین کچھ غسال کا

وصف لکھتا ہون جو اوس گل کے رخ رنگین کا
حرف کا دائرہ گویا ہے سبد گل چین کا

ہجر مین خواب مجھے مرگ سے بھی زائد ہے
شہپر باز اجل پر ہے مرے بالین کا

کام کیا آئینہ کو طوطی حیران سے رہے
عطر عطار نہ کھنچوا ے گل قالین کا

خواب کا کسکو ہوا ترک علائق مین خیال
سر دیوانہ تو محتاج نہین بالین کا

کرے معشوقہ کچھ حسنہ کہے فرہاد بنات
کہین سن لے جو کلام اوسکے لب شیرین کا

رو سے روشن سے ترے رنگ حسینوں کا اڑا
پیش خورشید نہو نور عیان پروین کا

داغ کے وصف مین نساخ بقول ناسخ
نہین قرطاس یہ دامن ہے کسی گلچین کا

دیدۂ مست اوسکا عکس افگن اگر ہو جائیگا
ہر حباب بحر اک انگور تر ہو جائیگا

اس طرف اوس عربدہ جو کا جب گذر ہو جائیگا
مطلع خورشید محشر اپنا گھر ہو جائیگا

بانگ دے گر وصل کی شب کو تو مانند سنان
پار دل کے نالۂ مرغ سحر ہو جائیگا

باعث طفلی سے رخ اوسکا ہے رشک آفتاب
خط نکل آئے گا جب رشک قمر ہو جائیگا

انتظاری یون ہے اوس ہندو بچہ کی گر کہ
رشتۂ زنار ہر تار نظر ہو جائیگا

تیغ ابرو سے صنم کو وصل مین گر چوم لون
ہر سخن مین اپنے سیفی کا اثر ہو جائیگا

حالت بیتابی دل جب کرون خط مین رقم
طائر سیماب مرغ نامہ بر ہو جائیگا

یون ہی ای نساخ گر اوسکا تصور رہگیا
یار کا موے کمر تار نظر ہو جائے گا

کیا جو فصل گل مین وصف موزون تخم گل کا
زبان خامہ پر عالم ہوا منقار بلبل کا

کسی صورت نہین جاتی کجی تیر دو دونون کے
نہین ہوتا کبھی شانے سے سیدھا بال کاکل کا

نہین گردش سے فرصت مجھکو دور چرخ گردان کی
نہو کسطرح ثابت مسئلہ دور و تسلسل کا

ہوا ہے شہسوار لاغری کے عشق مین جولان
خرام رخش خامہ پر ہے تنگ رفتار دلدل کا

لگا رہتا ہے جو شکل حنا قد موسے اے قاتل
ہوا ہے دیدہ مرغ بلبل کفش کے گل کا

لگاتا تاک کے اے جراح تو سوئیکے تارون سے
کہ زخمی ہون مین اک سفاک کی تیغ تغافل کا

نمایان جو ہوا ہے خال رخسار مخطط پر
یقین ہوتا ہے ای نساخ مجھکو تخم سنبل کا

نہ لوے کسطرح مقتل مین کشتہ تیغ قاتل کا
کہ خوش کرتا ہے لڑکونکو تر پنا مرغ بسمل کا

ترے بس سنتی ہین اکثر وصف اوس لیلی شمائل کا
ہمارے کانکا پردہ بنا ہے پردہ محمل کا

در بس مد نظر جلوے ہین تیرے روی تابان کے
ہماری آنکھونکا حلقہ ہے ہالہ ماہ کامل کا

فلک تک شعلہ جو پہنچا رخ پر نور کا تیرے
مہ و خورشید مین عالم ہوا کشکول سائل کا

محبت سرو قد و نکے گلو کیرا دسکی ہی شاید
کہ شکل طوق قمرے ہے جو ہالہ ماہ کامل کا

ہے چشم مست ساقی کا تصور بعد مردن بھی
شراب سرخ سے لبریز ہو کاسہ مری گل کا

گلوگیر عاشق دیوانہ کے ٹوٹے ہین بقفل نین
گمان ہے جوہر شمشیر بران پر سلاسل کا

فروشتون کا غرور انساں کے آگے چل نہین سکتا
کہ روشن ہے جہان مین حال سب پر چاہ بابل کا

عجب کیا گر دل سیماب رکھے اوسکے جگنو مین
گلے مین چاہیے اسے موہنہ بہنا حمائل کا

نمو شی تبان کا مین جوای نساخ گفتہ ہون
صدا ہرگز نہین دیتا پپیہا بھی مری گل کا

تن سے ہو دیکا سر عاشق دلگیر جدا
سر مجرم ہو بدن سے پہ نہ تقریر جدا

نیر عاشق منہ سے تجھ بت بے پیر جدا
دامن شمع سے ہوتا نہین گلگیر جدا

زیست بھر دل کو رہے یاد ترے ابرو کی
مرگ تک تیغ زنون سے نہو شمشیر جدا

سر مرا شعلہ زبانی مین سری کہنوائیگی
کرے محفل مین سر شمع کو گلگیر جدا

وقت پر صاحب ہمرزے نامرد کا ساتھ
جنگ مین میان سے ہوجاتی ہی شمشیر جدا

پائی تھی کیسی حلاوت کہ بڑی مشکل سے
بزم حور مین ہوئی لب سے تری لقمہ تر جدا

ٹھنڈی آنکھون کو کرے یہ دوہ رلای نساخ
اشک ماہ جدا مہر کی تابشہ جدا

نمودے بتلای خال عاشق چشم میگون کا
دل می خوار کو ہوتا نہین ہے شوق افیون کا

جو بد گوہر مین اونسے کیا خطر عالی مقام کو
کہ ایمن سنگ سے آئینہ میکش شیشہ ہی گردون کا

شکست شیشہ دل سے نہین عاشق کو غم کچھ بھی
ہوا بشاش لیلی ٹوٹ کر کاسہ مجنون کا

بنایا تختہ لالہ کزبیان اور دامان کو
یہ اوسنے ساختہ سامان کیا ہے چشم پر خون کا

نہین چلتی لبون سے کچھ فسون سازی اون آنکھون کی
بڑا ہوتا ہے ای دل فرق اعجاز اور افسون کا

لعل لب سے نہوا پنا دل تیاب جدا
ہی یہ مشکل کہ ہو شنجرف سے سیماب جدا

یاد چشم سیہ مست نے سرمست کیا
عقل کر دیتی ہے انسان سے می ناب جدا

تیرہ و تار دلون سے نہین جاتی ہے کجی
راست قوسے ہے کہ زلفون سے نہوتا ہے جدا

عشق میرے دل روشن سے کبھی دور نہو
کوئی ہوتا بھی ہے داغ رخ مہتاب جدا

کیون نہو گردش گردون سے ہماری مشکل
نہو گرداب سے خار و خس گرداب جدا

نہو نساخ کبھی جوہر ذاتے زامل
لعل سے کب نہین سکتا ہو کوئی آب جدا

وصف دیوان مین نہین اوس دہن زیبا کا
آشیانہ نہین عالم مین یہ عنقا کا

غنچہ کے گل سے مجل چرخ پہ ہین شمس و قمر
حال ہر شخص پہ روشن ہے یہ بیضا کا

کبھی خندان ہین گل اسیمن کبھی گریان بلبل
حال یکسان نہین بنتا ہے حسن و زیبا کا

غنچہ کیا آئے بجلا اوسکے کمر کا مضمون
نظر آتا نہین سایہ بھی کہین عنقا کا

کسکو انکار ہو ذات خدا سے نساخ
کون قائل نہین عالم مین بت یکتا کا

ہم نغل ہو کے سنو اوس سے تن از جدا
کب برہمن کے بدن سے ہوئی زنار جدا

صحبت نیک مین جبتک ہمین ممیز ہین ید
سبز ہے پھول سے جبتک کہ نہو خار جدا

یہہ اثر ہو صفت روی صنم سے پیدا
حرف کے بدلے شرر ہو رقم قلم سے پیدا

جو کہ رٹتا ہے ترا نام سحر پر اوسکی
بدلے لالے کے ہون تسبیح کے شمسے پیدا

بعد مردن بھی شہید ون کی بدن گرم رہے
کیا ہی گرمی ہے تری تیغ دودم سے پیدا

دلپہ نقش خط یاقوت رقم خوان ہو دے
ہے خط پشت لب لعل صنم سے پیدا

اک جہان گو کہ ہوای مہر لقا شیدائی
لیک کم ہو دینگے عاشق تری ہمسے پیدا

جلوہ گر ساری خدائی ہے دل صافی مین
حال عالم جو ہوا ساغر جم سے پیدا

کھولتا ہے زلف کی عقدہ زنکو شانہ عاج کا
پنجہ شل ہوگیا حاجت روا محتاج کا

کیا عجب گر استخوان کھل جائین گریہ سے مرے
آب سے مشکل نہین ہے نرم ہونا عاج کا

ناوک غم سے ہین دل افگار خاموش ہین
تیرون سے چلنے نظر آیا جگر آماج کا

واہ واہ دست حنائی کا عجب نیرنگ ہے
پنجۂ مرجان ہوا ہاتھون مین شانہ عاج کا

حق تو یہ ہے اوسکی یکتائی کا مین کشتہ ہوا
زخم دلپر ہووے چھایا پنبۂ حلاج کا

جنتی ہی جنتی وہ جو کہ ہے اسکا مقر
دوزخی ہے دوزخی منکر ہے جو معراج کا

دیدہ تر کو نہین تخت بریسرمہ کا خیال
چشمۂ زمزم پہ گویا قافلہ ہے حاج کا

کب ملے بوسہ وہان تنگ کا نساخ کو
تنگ دل ہوتا نہین حاجت روا محتاج کا

وصل مین برمین جو ہے وہ مہ انور اپنا
ہی دماغ آج ای نساخ فلک پر اپنا

ہون مین یاد کہ یار مین وہ زار و نحیف
بال عنقا کا ہے سایہ تن لاغر اپنا

دیدۂ تر جو مصروف بکا ہین ہر دم
ہجر مین دامن دریا ہوا بستہ اپنا

قتل مجھکو نہ کیا اوس بت سفاک نے حیف
نہ کھلا تیغ خون خوار پہ جوہر اپنا

جب کروٹ اوسکو رہتم حالت بیتابی دل
طائر قبلہ نما ہووے کبوتر اپنا

رقص جانان کے تصور مین جو مہ نکلا آج
ٹھوکرین کھاے گا ہر شخص کی اب سر اپنا

عکس ہے صفحۂ ہستی پہ ہمارا معدوم
ہوگیا بہرت عنقا تن لاغر اپنا

پڑ گیا جو میکشی مین کان کی مچھلے کا عکس
برج حوت ای یار می کا آبگینا ہوگیا

دیکھکر اوسکو ہوا ہے رام وہ بتساب پر می
داغ دل اپنا سلیمان کا نگینا ہوگیا

دولت دنیا پہ کب لازم ہے انسانکو غرور
خاک مین مدفون قارون کا خزینا ہوگیا

رکھیا نساخ کا آغوش خالی یار سے
عید کا بھی چاند خالی کا مہینا ہوگیا

ہوگیا چین جبین کے دل سینے مین چبھنی کی طرح
جب کسیکا دیدۂ ناوک فگن یاد آگیا

سینے ابھی بنے گی گرہ بھی تار بکہ تنگ
وقت مرون گردہ گیسو و دہن یاد آگیا

ٹکڑے ٹکڑے ناسخ و آتش کے دیوان کو کیا — حضرت وحشت کا جب مجھکو سخن یاد آگیا

یاد آئے جو داغ چیچک رخ — دل بیداغ داغدار ہوا

یاد ہجران مین جو آیا یار کا قد بلند — پار ساتون آسمان کے اپنا نالا ہوگیا
داغ چیچک نے لگایا داغ حسن یار مین — رو سا چہرہ جو تھا آکے وہ لالا ہوگیا
وصف جو آہ ہوے جانکے ہوے ہین مندرج — صفحۂ قرطاس دیوان مرگ چھالا ہوگیا

عشق عالم کو ہے اوس شاہد بازاریکا — شوق کسکو نہین یوسف کی خریداری کا
ہیبان آیا جو مجھے اپنی سیہ کاری کا — نقشہ آنکھون مین پھرا گور کی اندھیاریکا
گوشہ گیرون پر پڑین دام و درسے کیا ہے — خوف ہوتا نہین عنقا کو گرفتاری کا
آب پر نقش ٹھہرتا نہین نسخ کبھی — سادہ رولون مین نہین نام وفا داریکا
ہے الفت دلکو اپنے جنبش ابرو تی قاتل کی — تعجب کیا ہے چڑھنا تیغ کی منہ پر سیاہی کا
طپش داغ جگر کی گم ہوئی ایام پیری مین — کہ زائل نور ہوتا ہے چراغ صبح گاہی کا
تصور اوس صنم کا جاگزین ہے میرے سینہ مین — دل زاہد مین ہوتا ہے مکان یاد الٰہی کا

کیون نہ بنتا دل مرا پروانہ سوز و گداز — رات شمع محفل اغیار وہ جانا تھا
ساقی موسٰی نہ تھا شب و نہ اپنی بزم مین — اجتماع شیشہ و مے ساغر و پیمانہ تھا

دو یوسف سا جو ہو نور نظر — کور ہونا ہے بجا یعقوب کا
عمر بھر کیون کر نہ دیوانہ رہون — ایک عالم ہے سدا مجذوب کا
ہے چراغ مرقد نسخ صبر — نام بھر روشن ہوا ایوب کا

حسرت آتی ہے کہ لب اپنے ہے بیگانے — آشنائی لب جانان سخن نادر کا
اوڑتے اوڑتے جو خبر سن لی مری نالونکی — لال گلشن مین ہر اک مرغ خوش آواز ہوا

گاہ جاڑا گاہ گرمی دن کبھی برسات کا — اک روشن کٹنا بہت دشوار ہے اوقات کا
گفتگو اسمین ہے یہہ عقدہ نہین ہوتا حل — اوس دہان تنگ سے کیونکر گزر ہے بات کا
تو ملک ناسخ اوسکی زلف بیگو پر نگاہ — دیتا ہے سیاح کو تکلیف چلنے رات کا

وصف رخسار مین ہر حرف کو مین گل سمجھا
وصف گیسو مین ہر اک سطر کو سنبل سمجھا

میکشی مین جو ہے اوس رخ کا رنگ کی یاد
قلقل شیشہ کو مین نالۂ بلبل سمجھا

کھاتے ہین قسمین محفل مین کھڑی ہنستی ہین
عاشقون پر لشکر تصویر کا دھوکا ہوا

لطف کے پردے مین کرتے ہو ستم عشاق پر
نوجوانو تم پہ چرخ پیر کا دھوکا ہوا

کیون ہو نہ بوسۂ لب جان بخش کا خیال
ہر لب جہان مین تشنہ ہے آب حیات کا

آیا جو اوسنے بند کیا میرے جی گئی
ضبط نفس نے توڑا ہے رشتہ حیات کا

شوق شکست کھہرۂ دل تو کرے ستم
مشہور دہر حال ہے اصحاب فیل کا

کب مین ہون راہ عشق مین محتاج رہبر
طالب ہی خضر سنگ نشان کا نہ میل کا

پامال ہے ہمارون سے تری یہ دل سوزان
لقمہ شرر سنگ ہوا کبک دری کا

زلف و خط یار نے مارا ہے دکھ پیچ و تاب
تن مرا مرقد مین طعمہ ہو کا مار مور کا

خاکساری رہنمائے منزل عالی ہوے
وصل جنت سے ہے تہ خانہ ہماری گور کا

عشق پہونچائیگا مجھکو کوچہ معشوق مین
ہادی اگاہ دل کویا عصا ہے کور کا

کونسے جانان سے بغیر آہ کب نکلے رقیب
بے عصا ہے سخت مشکل راہ چلنا کور کا

گرمی سے نور جسم کا ظل ہما رہ ہو گیا
دیکھ لینا مہر جوتے کا ستارا ہو گیا

وہ بتان سنگدل کی ہے محبت یہ اثر
دل ہمارا سخت مثل سنگ خارا ہو گیا

گھٹا چھائی ہوئی ہے فصل باران ہے نظر رکھنا
ہماری آبرو اے پردہ ہای چشم تر رکھنا

مین وہ ہون آتش قدم صحرا نوردی ہے جنون
ہو زبان خار مانند سمندر زیر پا

ہے یقین یاقوت کر ڈالے گی تاثیر حنا
میرے مرقد کا جو آوے سنگ مرمر زیر پا

ید بیضا کا مضمون ہاتھ آیا مرے اے موسی
تصور جب کیا شعلہ فشان دست حنائی کا

ہوا دام نفس سے مرغ جان کو شوق آزادی
کہ طالب طائر رشتہ بپا ہووے رہائی کا

خاک کوے صنم اوٹھا لایا
دیدۂ کور کی دوا لایا

جان دے دی ہوا سے کاکل مین
حکم شانہ جو تھا بجا لایا

کیا دور داغ عشق بتان میرے لب سے ہو
مشکل ہے سخت یہ کہ مٹے نقش سنگ کا

ہوگیا گرد کدورت سے مکدر ہر دل — ذکر جس بزم مین اس خاک بسر کا نکلا
مجھپہ ورچرخ گردان سے یہ روشن ہوگیا — دیکھین کیا گردش زدی منہ راحت وارام کا
یاد آئے ہو کیسوی سیہ فام کسی کا — سو جاے وہین بخت سرشام کسی کا
دل سیپارہ کو دُرچشم فسونسازسے کیا — زور چلتا نہین قمر آن پہ کبھی جادو کا
اوسکی چشم نیم وا کے یاد جو آئی مجھے — مثل مرغ نیم بسمل رات بھر لوٹا کیا
ہوئی ہے بزم عشرت بزم ماتم رقص سے بہتر — ہزارون کا تڑی ٹھوکر پہ دم ایجان جان نکلا
سحر تک جو نہ آیا شب کا وعدہ کرکے وہ مہرو — تڑپنا لوٹنا سر پیٹنا اور تلملانا تھا
نہ بعد مرگ بھی ہاتھ آئی اوسکی پابوسی — کبھی نہ گور پہ اپنی وہ خوش خرام آیا
دیکھکر خط یار ہون مغموم — دل نہ خوش ہو خزان مین گل چین کا
مثل آئینہ اگر تجھسے مقابل ہوتا — آج آئینہ زانوے کامل ہوتا
سخت جانی ہے مری باعث تسکین جو ہنگام ذبح — خنجر قاتل مری گردن پہ آرا ہوگیا

نساخ کے اعجاز کے قائل نہین حاسد
کچھ شک نہین شیطان سے عیسی نہین ہوتا

مایع

تحمل لو سہای بیتہیم کہے نہ شام وصال اصلا — لطیف دل نعوم عطف تورد وجنتاہ وظلا
فروغ داغ دل عزیزان ہے نور سودای زلف پیچان — کشتمس جن کبرق مزن بدروهن اذ بقلا
شب ملاقات یار جانی لیے چلی ساتھہ زمکانی — نعاء لنفسی لعاء نفسی فان تشرح الشباب قولا
کشان کشان اشتیاق خنجر گلے مین لایا ہی ستمگر — مددت کفی ولست ادری ایازل ماسئلت
فزون ہے اخگر سے داغ سینہ ہو برق خرمن ہمین تعجبا — قلیت ذا لعلة حسنا ولکن الشوق منک
نہین ہے صحت کا اپنے امکان کہہ رہے ایا ہے چشم حیران — من استحب المراض منا فقوله الدهر ما قولا
کمال انوار روی روشن مگہ کو کرتا ہے وہ گلخن — ضلال قلبی ضیاء یحیی ومن یشبه الدنی یضلا
تمہاری برق نگاہ جانی ہوئی ہی تیغ جہان ستانی — ملکت ملک القلوب طرا بنظرة فاصرعتنی خجلا
نمونہ کربلاہے وہ گو ہوا جو ایای چشم دابرو — تطایرت رؤوس کلکا تها بالسیوف قتلا

ہمین تو نساخ ہے یہی غم کہ وہ پری چہرہ جانعالم
سریع دخل بطنی فی اذا تملی الخلیط ملا

رہائی از سلاسل گر دہد دست جنون پارا — کنم چو دامن صد چاک خود دامان صحرا را
خوشا آنم کہ مے آید صبا از کوچۂ زلفش — دماغ جان معنبر می کند عشاق شیدا را
اگر گویم حدیثے زان دہان ناپدید او — کشم در شبکۂ فکر رسائی خویش عنقا را
کجا آئینۂ اسکندری کو جام جمشیدی — چہ شد تخت فریدون کاخ کسری افسر دارا

اثر کردہ است آہ پرشرارم در دل سنگش
کہ اخگر راست ای نساخ جادر سینہ خارا

بنماید اگر رخت جمال ید بیضا — در خلق فتد بیم زوال ید بیضا
آئینہ مقابل بنود شمع رخت را — با نور تجلی است وصال ید بیضا
جز وصف رخ خوب تو ما داغ دل را — بندیم چہ مضمون بخیال ید بیضا
بنوشت فلاطون فلک دائرۂ اجسم — در نسخۂ سودائی خال ید بیضا
ہر ناخنش از بدر فزون تر بفروغست — ہر خط کف اوست ہلال ید بیضا

نساخ بوصف رخ آن نور مجسم
ہر شعر عیان کرد جمال ید بیضا

بینی تو تخیلست زباغ ید بیضا — ای خال رخت چشم و چراغ ید بیضا

ردیف باے ابجد

رخ کے ہمسر ہو جو تنویر شعاع آفتاب — بدر سان گھٹجاے تو قیر شعاع آفتاب
روی قاتل سے ہے تو قیر شعاع آفتاب — قتل پر ہے گرم تشہیر شعاع آفتاب
کیا رخ بت سے ہے تنویر شعاع آفتاب — کرتے ہین ہندو جو توقیر شعاع آفتاب
وصف داغ دل ہے تنویر شعاع آفتاب — ہے عیان شعرون سے تاثیر شعاع آفتاب
عکس مژگان جب رخ روشن پہ آجاے نظر — پار دل کے کیون نہو تیر شعاع آفتاب

اوس کف روشن کی آتی ہین لکیرین مجھکو یاد
جب نظر آتی ہے تحریر شعاع آفتاب

عکس کاکل عارض روشن پہ تیرے دیکھکر
دل ہوا پابند زنجیر شعاع آفتاب

یاد ای نور مجسم سبزۂ خط کی نہین
کھپ گئی ہے دل مین تحریر شعاع آفتاب

دیکھدے گر سینہ سوزان پہ عکس لف یار
کھائی پیچ و تاب زنجیر شعاع آفتاب

روز نون سے گھر مین اوس خورشید کے نہ بار یاب
امدنون چمکی ہے تقدیر شعاع آفتاب

دل ہوا دیوانہ روے منور چاہیے
ہو گلے مین میرے زنجیر شعاع آفتاب

چشم بد سے کیا تجھے دیکھا تھا چشم مہر نے
دمبدم لگتے ہین جو تیر شعاع آفتاب

بوٹیان بن جاتی ہین اکسیر اسکے فیض سے
کیمیا گر ہے یہ تا ثیر شعاع آفتاب

زلف ورومی یار کا جوش جنون مین ہے خیال
پڑ گئی پاؤن مین زنجیر شعاع آفتاب

اپنے دامن کو بنا دیتی ہے معدن لال کا
چشم پر خون مین ہے تاثیر شعاع آفتاب

خلق کے دل کو جلا دیتا ہے حسن شعلہ رو
سوز بان سے ہے یہ تقریر شعاع آفتاب

باعث عشق بتان مہر وشش نساخ کو
یاد ہین اعمال تسخیر شعاع آفتاب

شیون اہل عزا ہین نالہاے عندلیب
ہجر جانان مین خوش آئے کیا نواے عندلیب

کرتے ہین مضمون رنج ہجر اوس گل کو رقم
ہی صریر کلک سے پیدا بکاے عندلیب

دشمن جان حزین ہوتے ہین سیار چمن
سرگذشت اپنی ہے ای گل ماجراے عندلیب

سینہ باغ بیخزان ہر یان ہجوم داغ سے
یہ دل نالان ہے پہلو مین بجاے عندلیب

کس طرح پھولے سماتی اپنے پیراہن مین وہ
دامن گل کی اگر ہوتے قباے عندلیب

عرصہ محشر ہی ای نساخ گلشن ہجر مین
صور اسرافیل ہے مجھکو نواے عندلیب

شمع رو کے بزم مین کیا بار پائے عندلیب
مثل پروانہ نہین محفل مین جائے عندلیب

بے اثر ہے نالہ عاشق دل معشوق مین
باغ کو کب آہ سوزان سے جلائے عندلیب

رتبہ ایجاد کب تقلید سے حاصل ہوا
نغمہ پردازی ہزار اپنی اوڑائے عندلیب

کان رکھکے کیسنا معشوق نے عاشق کا حال
گوش تک گل کرنہ پہونچین نالہاے عندلیب

میرے بدلے کوچۂ جانان مین نالان ہین رقیب
ہوخزان مین زاغ گلشن مین بجاے عندلیب

روے رنگین دیکھکر شور و فغان کرتا ہے دل
فصل گل مین رنگ لائین نالہاے عندلیب

عاشق صادق کو دے معشوق آنکھون پر جگہہ
فرق گل پر بارہا دیکھے مین پاے عندلیب

کب قیبون کو ہوئی نساخ سے الفت اسیر
آشناے گل نگردد آشناے عندلیب

ہم تمھین دیتے ہین دعا صاحب
اور تم کرتے ہو دغا صاحب

آج کیا دل مین آگیا صاحب
اس طرف جو کرم کیا صاحب

حامہ کے کل حروف ہین منقطع
حال فرقت کا جو لکھا صاحب

بل جو کھا کھاکے آپ اوٹھتے ہین
دل مرا بیٹھہ جائیگا صاحب

سر چڑھے غیر مین نظر سے گرون
یاد رکھیے گا یہہ بھلا صاحب

روز ہوتا ہے برہم اک عالم
بند ہ گئی زلف کی ہوا صاحب

چست بندش ہو صاف مضمون ہو
ہے یہی لطف شعر کا صاحب

ہجر نساخ جو نصیب ہوا +
یہی قسمت کا تھا لکھا صاحب

وصل لب مین ہوا بدمست مین پیکر شراب
عقل کے جاسے انسان کو کرے باہر شراب

وصف لعل یار لکھتا ہون جو مین پیکر شراب
کیون نہ نوک کلک سے ٹپکا کرے احمر شراب

پھر سنجاؤن سبحہ مے خانہ سے محروم مین
اپنا صدقہ دیجیے بھر دیجیے بھر شراب

گر سنجاؤن سوے مے خانہ وہ ہون مست الست
اوڑکے آئینگی یہان پیدا کریگی پر شراب

دامن ساقی کا پھاہا رکھدے میرے زخم پر
خشک کردیتی ہے ای جراح زخم تر شراب

دل کو یاد چشم مست یار ہجران مین رہے
دفع کردیتی ہے رنج و درد و غم اکثر شراب

ہر نگاہ مست ساقی مین ہے کیفیت نئی
ایک سی تاثیر مین ہوتی نہین ہے ہر شراب

دور چشم مست ساقی نے کیا عالم کو مست
پیتے ہین ملک فرنگستان مین سب گھر گھر شراب

کشتہ ہے نساخ اونکی نرگس مخمور کا
پھول کے بدلے چڑھاؤ گور پر ساغر شراب

بیغرض فصل بہاراں سے ہے باغ آفتاب
کب ہوا محتاج روغن کا چراغ آفتاب

میکدے مین کیا عجب گر جام مے گردش مین ہے
دور مین ہر روز رہتا ہے ایاغ آفتاب

نالۂ بلبل سے گلشن مین نہو گل کا ضرر
بادِ صرصر سے نہین بجھتا چراغ آفتاب

غیر کا احسان لیتے ہی نہین روشن ضمیر
پھاہے کا محتاج کب ہوتا ہے داغ آفتاب

گور تیرہ مین ہو زائل داغ دل کی روشنی
رات کو روشن نہین ہوتا چراغ آفتاب

جو کہ روشن دل ہین اک دن بھی نہوا اونکو سرور
کب مے گلگون سے صیقل ہوا باغ آفتاب

مہ سے ماہی تک نہین ہے عشق سے خالی کوئی
ای مسیحا ماہ کے دل مین ہے داغ آفتاب

زلف شبگون مین نہان ہے عارض تابان یار
رات کو ملتا نہین ہرگز سراغ آفتاب

اپنے داغ دل سے شمع طور سرمندہ ہوے
دست بیضا سے خجل ہووے چراغ آفتاب

خود بخود نساخ روشن دل کو ہوتا ہے سرور
ہے شراب نور سے صیقل ایاغ آفتاب

داغ دل سے ہے جو خواہان صفائی آفتاب
ناتہ مین رکھتا ہے کشکول گدائی آفتاب

ہوگیا تجھ پر قلندر کہتے ہین سکان چرخ
کرکے اے مہ چار ابرو کی صفائی آفتاب

گو بتاے چشم سمجھا ہے جو تیری خاک پا
تیرے در پر کر رہا ہے جبہہ سائی آفتاب

زرد رو ہو جاے خجلت سے ابھی ای رشک ماہ
دیکھہ پاسے گر ترا رنگ طلائی آفتاب

تیرہ دل سے ربط کیا رکھے جو ہے روشن ضمیر
رات کو ہرگز نہین دیتا دکھائی آفتاب

اشک چشم پر نم نساخ اوٹھہ سکتا نہین
مے کند صاف اگر شبنم ربائی آفتاب

یاد مین لعل بے بہا کی تیرے
چاہیے چشم تر بہاے شراب

ہے شہید اونکے لعل میگون کی
خون سے گلرنگ ہی قبای شراب

صاف ہو جاے آب خجلت سے
لعل ساقی جو دیکھہ پاسے شراب

پر قمریون سے مانگتے ہین سرو ای نسیم — جلوہ فزا چمن مین وہ سرو روان ہے آب
ہر بلبلا ہے روح عنادل کا آشیان — کس گل کے غم مین چشم سے دریا روان ہے آب
ہر اشک سرخ لقمۂ کباب درد ہوا — یا دخرام و فندق آتش فشان ہے آب
عنقا ہے شکل ظل مثلث تن سخیف — نام و نشان نہین بہی نام و نشان ہے آب
سینہ ور کا گمان ہے غلط اوسکی بانگ مین — فندق کا رنگ جوش صفا سے عیان ہے آب
سبزۂ خط خوشنما ہے روے روشن پر ترے — نقش سے خالی نہین دیکھی جبین ماہتاب

مٹ نہین سکتا ہے ای نساخ قسمت کا لکھا
محو ہو سکتا نہین داغ جبین ماہتاب

جانکنی مین بہی نہ آئے گی کبہی ہچکی ہمین — خاطر دلبر مین گذرے گی ہماری یاد کب
سوچتا ہے نیک و بد غفلت مین کب انسانکو — بوریا مسند ہو یکسان کرتی ہی تاثیر خواب
پائین روشن دل سے بہرہ ساکن نزدیک و دور — فیض پونہچاتا ہے سبکو گو کہ ہے دور آفتاب
ہے پس مردن خیال کاکل سنگین دلان — جاے رگ پیدا ہوے ہین گور کی پتہر مین سانپ
روز و شب رہتا ہے گیسوے معنبر کا خیال — بانبی کی صورت ہے ہر زخم دل مضطر مین سانپ
وہ بیان اوسکی زلف مشکین کا جو سنکو آگیا — بنگیا تار نظر ہر سمت اپنے گھر مین سانپ
قطرہ ہر اشک مین پڑتا ہے عکس زلف یار — آج لہراتا ہی آب صافی گوہر مین سانپ
شعر و صف کاکل اب ورد زبان یار ہے — اندنون لہرا رہا ہی چشمۂ کوثر مین سانپ

کیون جگہہ دی دل مین یاد زلف عنبر فام کو
پالتا ہے کوئی بہی نساخ اپنے گھر مین سانپ

ردیف تاے قرشت

مرتبہ اسکے جو رکہتے ہین مکان کوی دوست — حاملان عرش کرتے ہین بیان کوی دوست
بس یہی کافی ہے ای قاصد نشان کوی دوست — دود آہ عاشقان ہے آسمان کوے دوست
ڈر کے مارے تنبکو عاشق کوئی چل سکتا نہین — کم نہین مار سیہ سے پاسبان کوی دوست

دیکھتے رہتے ہین جو اوس حور وش کو ہر گھڑی
داخل جنت ہین گویا ساکنان کوی دوست

شور و غل کرتے ہین برپا عاشقون کو دیکھکر
ہین رقیب بیحیا گویا سگان کوی دوست

ہنستے ہین صورت کندم دل عشاق کو
اشیا ہین یہ زمین و آسمان کوی دوست

اوسکے عاشق کا ہوا شک بدگمانی سے مجھے
جب نظر آیا کوئی انسان میان کوی دوست

استخوان بھی عاشق کشتہ کے رہ سکتے نہین
کرتے ہین کار ہما گویا سگان کوی دوست

مین یہ سمجھون جیتے جی جنت مین پایا ہی مقام
رہنے کو ملجاے گر کوئی مکان کوی دوست

سیر جنت کا ہے اونکو لطف حاصل زاہدو
سایۂ باغ جنان ہین رہروان کوی دوست

بعد مردن بھی رہون قایم وفاداری مین مین
دفن کیجو میرا لاشہ درمیان کوی دوست

ای مسیحا آسمان پر بھی نہین رکھتے قدم
مہر سے ہین سر بلند افتادگان کوی دوست

مثل ناسخ مجھپر بھی نساخ روشن ہوگیا
عرش اعلے سے کہین بالا ہے شان کوی دوست

باریابی کیا نہین ممکن میان کوی دوست
کیون صبا لاتی نہین کنج نفس تک بوی دوست

ایک جنبش سے کیا ہی کام عالم کا تمام
طعنہ زن تیغ قضا پر ہے خم ابروی دوست

چادر مہتاب بالاے حجاب نور ہے
بیحجابی مین بھی ہے دوہرا نقاب روی دوست

باوجود رنگ ظلمانی وہ ہے عین ضیا
ہے سواد چشم گویا زلف عنبر بوی دوست

قطرہ افشان صحن گلشن پر ہے ابر نوبہار
یا عرق افشان رخ رنگین پہ ہے گیسوی دوست

ہوگیا اے ہمدمو یہان بند بند اپنا جدا
ہے نیام آستین مین تیغ عریان بازوی دوست

وصل کی شب مصرعہ اولی ہے ای نساخ ورد
عاشق اندر پوست کے گنجد چو بیند روی دوست

دل نساخ ہوا کوے صنم کا شیدا
کون مومن ہے نہین جسکو تمناے بہشت

گذرے جو ای نسیم تو گرد مکان دوست
پونچھا مرے غبار کو تا آستان دوست

لب نور پستہ چشم ہے بادام سے فزون
شیرین ہے قند سے کہین زائد زبان دوست

شب خواب مین گئے تھے بہشت برین کو ہم
تعبیر ہے کہ ہووین گے پھر میہمان دوست

عالم کو روے روشن مہ کا یقین ہو
دیوار سے وہ مہر جو اپنے لگاے پشت

طوطے کو بند سبزۂ رخسار نے کیا — حیران آئینہ کو کرے گی صفائے پشت
رہ جاؤ میرے گھر مین تم اے یار شبکی شب — رہتا ہے جلوہ گر مہ کامل تمام رات

عاشق کبھی کرتے نہین جانان کی شکایت
شانہ نہ کرے زلف پریشان کی شکایت

ردیف ثانی مشتمل بر یہ غزل صنعت تلمیع و لزوم و تکرار مین ہے

وہ پری ہا ہے دشمن جان الغیاث — الغیاث ای جن و انسان الغیاث
وصل کی شب کا ہون خواہان الغیاث — الغیاث ای روز ہجران الغیاث
جان لے کے چشم گریان الغیاث — الغیاث ای روی خندان الغیاث
ہے دہان یار کا عقدہ نہان — الغیاث ای راز پنہان الغیاث
مین تو اوٹھہ جاؤن عدو بیٹھے ہے — الغیاث ای بزم جانان الغیاث
زلف نے مجھکو پھنسایا دام مین — الغیاث ای خط جانان الغیاث
تنگ ہون اشک و دل بیتاب سے — الغیاث ای برق و باران الغیاث
یاد مین بوسے کے ہم روتے ہین خون — الغیاث ای لعل خندان الغیاث
کب نظر آئے گا وہ آئینہ رو — الغیاث ای چشم حیران الغیاث
کب پھرے اپنے یہ برگشتہ نصیب — الغیاث ای چرخ گردان الغیاث
وہ رخ روشن ہے آنکھون سے نہان — الغیاث ای ماہ تابان الغیاث
اس خرابہ مین مین بھٹکون تا کجا — الغیاث ای گنج پنہان الغیاث
ہجر مین بیتابی دل بڑھ گئی — الغیاث ای برق رخشان الغیاث
پنجۂ رنگین نے دل کو خون کیا — الغیاث ای شاخ مرجان الغیاث
کفر کی ظلمت جہان مین چھا گئی — الغیاث ای نور ایمان الغیاث
سرو بالا دوش ہے نساخ کو — الغیاث اے تیغ برّان الغیاث

مثل حافظ مر گیا نساخ بھی

الٰہیات ای مایۂ جان الٰہیات

غیر پر لطف و کرم کیا باعث
ہمیشہ یہ ظلم و ستم کیا باعث

جھوٹ وعدے تو نہ کیجے صاحب
آپ کیون دیتے ہین دم کیا باعث

لکنت یار کا شاید ہے خیال
رگ کیا سینے مین دم کیا باعث

کیا انین و دل لگا ای فساح
آنکھین کیون ہو گئین نم کیا باعث

ردیف جیم ابجد

مے کدے مین ہے فروغ جلوۂ جانانہ آج
ہر لب میخوار پر ہے نعرۂ مستانہ آج

گوہر دندان صافی کا ہے زندان مین خیال
رشک اختر ماہر فرخندہ کا ہے دانہ آج

ساقیان حور وش کے پرتو رخسار سے
ہو گیا ہے غیرت باغ ارم مے خانہ آج

دلبران سیم تن کا آگیا ہے جو خیال
کلبۂ احزان کو سب کہتے ہین دولتخانہ آج

کر دیا آزاد فصل دے مین اوس صیاد نے
کیا قفس سے اوٹھگیا ہی مرا آب و دانہ آج

عندلیب سیر کو وہ رشک گلشن آئیگا
باغ مین رہنے نہ پائے سبزۂ بیگانہ آج

زیر تیغ ابرو ے خونخوار قاتل وقت ذبح
سر جھکانا ہے ہمارا سجدہ شکرانہ آج

روٹھکر کل سے گیا ہے مجھسے جو وہ جان جان
ہو گیا ہے دل کا عشرت خانہ ماتم خانہ آج

فصل گل آئی ہوا بدلی ہوئی ہے اے پری
جائے گا دندان سے صحرا کو ترا دیوانہ آج

جان جائے یار ہے سر سے کفن باندھے ہوے
کوچہ سفاک مین جاتے ہین مستانہ آج

کیا عجب ہی کاٹ جائے گبند گردان اگر
میرے دل سے نکلے ہے اک آہ بیتابانہ آج

کوہ و صحرا مین گئے مین عاشق دیوانہ آج
ہو گیا ہے ای پری آباد ہر ویرانہ آج

چھوڑ دے کعبے کو زاہدا در برہمن ویر کو
گوش زد ہو تیری یکتائی کا جو افسانہ آج

دو قدم مین کوہ و صحرا کی اوڑا ڈالیگا خاک
ای پری زندان سے چھوٹا ہے ترا دیوانہ آج

اے پری تجکو قیامت تک جلنے دو نکالین
وعدہ فردا کو کیا مانے ترا دیوانہ آج

روے رنگین و قد موزون کو تیرے دیکھکر
بلبل قمری ہوئی اے شمعرو پروانہ آج

ہر طرف سے رند می آشام کا جو ہے ہجوم
ہوگیا بیت الحرام اے زاہد میخانہ آج

خانہ زنجیر مین تیرے خموشی کی ہے یاد
اے پری غل جو نہین کرتا ترا دیوانہ آج

چشم مست ساقی سرشار مجسے پھر گئی
ہوگیا لبریز میری عمر کا پیمانہ آج

شمع حسن عارض پرنور کے نظارہ سے
اپنی مرکان بن گئی گویا پر پروانہ آج

نشہ ہووے کاسہ چشم غزالان کا ہرن
بزم ساقی مین جو دیکھے گردش پیمانہ آج

وجد کا ہو حال کیفیت اٹھاین اہل فہم
حضرت نساخ پڑہیے وہ غزل مستانہ آج

گرم رو ہووے جو یہ آتش قدم دیوانہ آج
خار صحرا ای پری ہو صورت پروانہ آج

وہ بت زہرہ جبین آکر ہوا ہم خانہ آج
برج میزان سے زیادہ ہے مرا کاشانہ آج

وہ بت پرنور سے ہے جو ساقی میخانہ آج
گردش شمس و قمر ہے گردش پیمانہ آج

شیشے ٹوٹے خم پھٹے اور چور ہے پیمانہ آج
میکدے مین جو کیا ہے نعرہ مستانہ آج

ہوگیا آباد دیوانون سے ہر ویرانہ آج
چشم جادو فن کا جو شہر وہوا افسانہ آج

پر تو لعل لب و الماس دندان سے ترے
خانہ آئینہ ہے گویا جواہر خانہ آج

مملکت اقلیمون کا حاصل تھا جسے کل تک خراج
اوسکا قصہ ہوگیا ہے دہر مین افسانہ آج

خندہ دندان نما کے وصف مین ای رشک مہ
دل جلاے برق کا مصراع بیتابانہ آج

ہالہ مہ طرق ہو زنجیر ہو تار شعاع
اوس رخ پرنور پر دل ہوگیا دیوانہ آج

اُف نہین کرتی ہے پروانے پہ ہوتی ہے ستی
شمع دکھلاتی ہے اپنی نہت مردانہ آج

چشم وحدت بین کو ابراہیم ادھم کیطرح
ایکسان ہے بوریا و مسند شاہانہ آج

اوسکی آرایش نے طرفہ رنگ دکھلایا مجھے
منہ لگا ہے آئینہ اور سر چڑھا ہو شانہ آج

مختصر کو لمبی زلفون نے مطول کر دیا
تیرے سودائی کا قصہ ہوگیا افسانہ آج

ادای نساخ دیتے ہوتے گراس بزم مین

صنعم ورافت وجرات حسرت دیوانہ آج

کیا تعجب ہو نگاہ چشم مست یار کج — نشہ کی حالت مین اکثر چلتے ہین مے خوار کج
وصف کاکل مین مرے خامہ کے ہے رفتار کج — دیکھ تو لیجیے غور سے چلتا ہے ہر اک مار کج
کیا بخیر انجام ہو جب ہو بدی آغاز مین — ہو مکان ٹیڑھا بنے معمار اگر دیوار کج
راستی تیری مژہ کو زیب دے ابرو کو خم — تیر سیدھا ہے تو ہے ای تیغ زن تلوار کج
کجروون کی چال کب چلتا ہے غیرت ہے جسے — مار کی صورت نہو دے شیر کی رفتار کج
راستی پیشہ ہوا ونکا جو کہ یان آزاد ہین — باغ دنیا مین نہ دیکھا سرو کو ذہنار کج
موذیون کی راستی بھی رنج دیتی ہی بہت — خوف ہو ہر ہر و کو کم ایذا کا گر ہو خار کج
ترچھی نظرین عاشقون سے تیغزن اچھی نہین — زخم کیا کاری لگے پڑ جاے گر تلوار کج

صابیا لسناخ کو کیا قد خم گشتہ کا غم
نیست عیبے گر بود شمشیر جوہر دار کج

عارضی حسن کا کیا ہو رخ جانان محتاج — خال مصنوع کا کب ہو مہ تابان محتاج
داغ عاشق سے نہین کام پریرویون کو — کب ہوا ماہ کا خورشید درخشان محتاج
صف کی صف ایکہی جنبش مین کرے صاف ابھی — تیغ و خنجر کی نہین ہے صف مژگان محتاج
نگہ یار کا مشتاق ہے عشاق کا دل — کہ ہے الماس کا ہر گوہر غلطان محتاج
کام کیا حسن خداداد کو زینت سے بھلا — پان کا ہو نہ لب لعل بدخشان محتاج

سوز ش ہجر مین لسناخ بقول صائب
داغ مانیست بدلسوزی باران محتاج

قبضۂ قاتل مین ہے شمشیر آج — ہے لب ہر زخم پر تکبیر آج
بھیجیے نخچیر کا کل کا خیال — کیجیے دیوانون کی کچھ تدبیر آج

حال دل لسناخ لکھے واشگاف
خون سے نامہ کیجیے تحریر آج

ہے وہ نادان جانتا ہے جو کہ دشمن کو حقیر — توڑ دیتے ہی جہاز دشمنون کو یہہ ہے تاثیر صبح

بہر زر سیمین تنون نے رقص پر باندھی کمر
درویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اوست

یہیا کر دیتی ہے انسان کو زر کی احتیاج
خانہ بدوشں کو نہین کچھ گھر کی احتیاج

ردیف جیم فارسی

جسپہ کھل جاے ذرا زلف گرہگیر کا پیچ
دل بے ہشیاری کہ اکشب نہ سنا دہر کے کان

وصف کاکل مین وہ سنجھے مری تحریر کا پیچ
نہ چلا تجھپہ مرے نالہ شبگیر کا پیچ

بستہ زلف دوتا کو نہ رہائی ہووے
کسطرح پیچ مین لاکر کیا عشاق کو قتل

بڑھکے زنجیر سے ہے زلف گرہگیر کا پیچ
نہین کھلتا ہے ترے جوہر شمشیر کا پیچ

ہوگا دیوانون سے ہر خانۂ زندان آباد
عمر کٹ جاتی ہے پر خاک نہین آتا ہاتھ

فصل گل آتی ہے کھل جائیگا زنجیر کا پیچ
کب مہوس پہ کھلا نسخۂ اکسیر کا پیچ

مثل زنجیر گلوگیر ہوا عاشق کا
ٹکڑے کر ڈالتے ہین دیدیکے جھٹکے جنداہ

زلف سے بھی ہے سوا جوہر شمشیر کا پیچ
چلے دیوانونپہ وحشت مین نہ زنجیر کا پیچ

غیر کے نام سے نساخ اوسے لکھیے نامہ
تاکہ اوسپہ نہ کھلے آپ کی تحریر کا پیچ

یہہ غزل صنعت ردالصدر علی العجز مین ہے

پیچ تقدیر پہ چلتا نہین تدبیر کا پیچ
پیچ مین گیسو دن کے کتنون کو الجھا مارا

بند ہوگیا دل پہ مرے زلف گرہگیر کا پیچ
نوجوانون پہ چلا اس فلک پیر کا پیچ

پیچ کاکل مین پھنسانے کے لیے لکھا خط
پیچ سے دا و پہ شب اونکو چڑھایا تاکہ بس

مین سمجھتا ہون ای نوخط تری تحریر کا پیچ
پیچ کو میرے وہ سنجھے یہ ہے تقدیر کا پیچ

پیچ اُفت سے ہو واقف وہ جو آتین پھنسے
پیچ مین لاکے شکنجے مین جو کھینچا مجھکو

شمع کی کوئی زبان سے سنے گلگیر کا پیچ
مجھکو کھلا مجھپہ تری زلف گرہگیر کا پیچ

پیچ سے چرخ کی نساخ کوئی لیتا نکلے

❊ نوجوانون کو پچھاڑے وہ ہے اس پیچ کا پیچ

نہین کہلاتے تری زلفونکے گر پیچ
پڑین گے میری جان پر پیچ پر پیچ

کسی کے ہاتھ کیا سیدھی طرح آئے
اگر ے زلفون سے زایدہ کر پیچ

پریشان ہو برنگ نکہت گل
ترے سنبل ہر زلفون کا اگر پیچ

زبان شانہ نے کہولا نہیہ عقدہ
گر بگی اک نہ اک زلف دوسر پیچ

تعید کر دیا زندان تن مین
پڑا تار نفس کا جان پر پیچ

نہین نساخ جو بننے کی طاقت
بندہا ہے عشق کا مہمہ پر گر پیچ

ردیف حا رحطی

رہے گی قید سدا جسم کے قفس مین روح
رہائی مانگے گی ہرگز نہ سو برس مین روح

ہوئی خراب ترے وصل کی ہوس مین روح
اگر نمائی اسکو تو کہا سے قسمین روح

ہوئی ہے قید مرے جسم کے قفس مین روح
نہ جانتی ہے نہین قیدیون کی رسمین روح

نہ عشق لیلی و عذرا ہو میرے دلکو کبھی
اٹکتی ہے کہین بلبل کی خار و خس مین روح

کہین نہ پھنسکے پریشان ہو دام کاکل مین
ہوئی جو قید ترے جوڑ یکے قفس مین روح

جو اک سوار پہ وہ ہو گئی ہے دلوانے
ہے قید خانہ نقش سم فرس مین روح

ادن ادبھری ادبھری کچھ نہین پھنسا ہے دل میرا
ہوئی ہے قید اب ان سب میش رس مین روح

گرہ وہ دیتے ہین بند قبا مین کس کس کے
ہے کشمکش مین ہمارے ہر اک نفس مین روح

شب فراق مین نساخ مین بقول ظفر
ندون نکلنے اگر ہووے اپنے بس مین روح

مضمون کمر کا ہاتھ نہ آیا کسی طرح
پہنستا نہین ہے دام مین عنقا کسی طرح

جو عیب جس مین ہو نہین جاتا کسی طرح
چھٹتا نہین ہے چاند کا دہبا کسی طرح

دیکھا نہ چشم حلقۂ زنجیر مین سر شک
آہن دلون کا دل نہ پسیجا کسی طرح

مضمون باندھے کیا لب جان بخش کا صنم
شیطان ہو سکے نہ مسیحا کسی طرح

جو تنگ دل ہو لائے کہانے وہ حوصلہ
ممکن نہین کہ چاہ ہو دریا کسی طرح

تاب جمال یار نہ لائے کبھی رقیب
دیکھے نہ آفتاب کو اندھا کسی طرح

مضمون چشم زار سمائے نہ شعر مین
کوزے مین بند ہووے نہ دریا کسی طرح

دشوار اتفاق ہے نساخ دیدار کا
ضدین جمع ہووین نہ اک جا کسیطرح

اے منجم ہے اگر مہر درخشان رو سے صبح
ہے بجا کہیے شعاع مہر کو گیسوے صبح

گیسوے شبرنگ و روی صاف سے ہے فیضیاب
تیرگی روے شام و سادگی روے صبح

ہو دوبارہ زندگی حاصل مجھے اے ماہ رو
ہجر کی شبکو اگر آجائے مجھ تک بوے صبح

صاف دل کو ہووے حاصل صحبت روشن ضمیر
گرم ہے خورشید عالمتاب سے پہلوے صبح

وصف ہی نساخ لکھو روے صبح یار کا
کلک صائب ہی شیری شد ز گفتیگوی صبح

ہے جبین او سکی اگر ماہ منور کی طرح
قطرہ خوے روح روشن پہ ہی اختر کیطرح

پہل نہین باغ جہان مین کوئی اس سے پایا
قدکشی خوب نہین سرو صنوبر کی طرح

کاوش الفت مژگان سے ترے اے قاتل
سانس بھی چلتی ہے سینے مین تو خنجر کی طرح

اثر الفت گیسوے معنبر سے ترے
آہ سوزان مین ہے بو عنبر اذفر کی طرح

آبلہ پائی سے اپنی یہہ ہوئی ہے حالت
خار صحرا سے جنون مین مژہ تر کی طرح

شعلہ پیراشب فرقت مین ہے آہ سوزان
اختر چرخ برین ہو گئے اخگر کی طرح

جتنی تکرار ہوتے ہے حلاوت افزون
تری دشنام بھی ہے قند مکرر کی طرح

تار کاکل کا اگر کیجیے احوال رقم
موج طوفان بلا خیز ہو مسطر کی طرح

روسیاہی کا ہے باعث یہی دنیا مین تمام
کوئی نساخ بری چیز نہین زر کیطرح

جو ذکر حق مین ہین ایمن ہین چرخ گردان سے
کہا تسیا سے ہے بیخوف دانہ تسبیح

ردیف خاے شخذ

ہین دست و پاے یار گل نارون کی شاخ — اون سے نکل چلیگی نہ سرو و سمن کی شاخ
اہل جہان مین سادگی یار کے غلام — گلرو عبث نکالتے ہین بانکپن کی شاخ
مرجھا گیا ہے پیری مین دل اپنا ہم صفیر — باغ جہان مین خشک ہو نخل کہن کی شاخ
اے چرخ ہون مین کشتۂ بازوے نازنین — پیدا ہو میری گور پہ نازک بدن کی شاخ
اِک سیم تن کی کہتے ہین تعریف اندنون — درکار ہر کلک ہے یان یاسمن کی شاخ
کج خلق کو جہان مین ثمرہ نہین نصیب — کیا سبز و تر بہار مین ہووے ہرن کی شاخ
گرسرخ ڈورے دیکھے ہے چشم کحیل کے — ہو سرمہ پس کے نخل عقیق یمن کی شاخ
جاتی نہین ہے سخت دلون کی کرختگی — ہوتے نہین ہے نرم کبھی کرگدن کی شاخ
منہ دہونے مین کرے جو وہ مسواک کیا عجب — عالم کہے کہ پھوٹی ہے گویا دہن کی شاخ
مارا جو تیر اوس نے دل داغ دار پر — پیدا ہوئی ہے شیر کی سر پر ہرن کی شاخ

گرہ

نساخ ذکر اور بروے دلدار جو سنا
کھاتی ہے پیچ و تاب غزال ختن کی شاخ

ہے عشق سے مملو ہر رگ و ریشۂ نساخ — ہے برق کے ہمسر شرر تیشۂ نساخ
اشک شفقی آنکھون مین اوشکی نہین ای چرخ — بر ریزے سرخ سے ہے شیشۂ نساخ
کیونکر نہ کرے عمر گرامی کو تلف ہاے — عالم مین ہے اب لہو و لعب پیشۂ نساخ

جل جاے نہ کیون فکر سخن کا وہ کے مانند
ہے شعلہ فشان آتش اندیشۂ نساخ

اے صنم چاہیے ہو میرے جگر مین سوراخ — بیش قیمت ہو جو پڑ جاے گہر مین سوراخ

ردیف دال ابجد

نطق طوطی ہو گیا سنکر تری گفتار بند — کبک کا دم ہو گیا ہے دیکھ کر رفتار بند

گور مین بھی خواب ان آنکھونکو ہو خواب خیال — بعد مردن بھی نہو چشم خیال اسے یار بند
چشم عاشق کو ہوا ہے مشکنافہ کا گمان — اور ترے بالون سے ہوے جو روزن دیوار بند
وصف اک مطرب پسر کے کرتے مین تحریر ہم — کلک سے ہو جائیگی منقار موسیقار بند
خواب مین اوسکو کہین آنے کا آجاے خیال — ہجر مین آنکھون کو کر لیتا ہون سو سو بار بند
انتظاری رات بھر اوس ماہ ہرجائی کی ہے — چشم اختر سان نہو گا دیدۂ بیدار بند
وصل مین بھی خواب ہو جاتا ہے آنکھونکو خیال — چشم کر سکتا نہین ہے طالب دیدار بند
زمزمون سے بلبل نغمہ سرا ے کلک کے — طوطیان ہند کے ہو جائے گی منقار بند
پیچ و خم تیرے شعلے کے کیا ہی مجھکو قتل — کم نہین شمشیر ہندون سے ترا دستار بند
یہ اثر پھیلا ہے تیرے تار ہائی زلف کا — ہے رگون سے سنگ تک بھی اے صنم زنار بند
میرے اشک و بخت دل تیرے لب و دندان سے — کیا تعجب ہے کہ ہووے جوہری بازار بند
منہ سے نکلے کو ہمکن مارے خجالت کی نبات — کر دے شیرین کے لبون کو نعل شکر بار بند
کب جگہہ ملتی ہے عاشق کو دل معشوق مین — کب ہو غنچہ کے قفس مین بلبل گلزار بند
کس بت چین کا کھلا جوڑا کہ خوشبوی جہان — مثل نافہ ہو گیا ہے مشک کا بازار بند

بیہتا ہون یار کو لکھہ کر شب ہجر انکا حال
روز ای نساخ کرتا ہون سیہ و چار بند

سر پہ رکھے جو کلاہ وہ بت بے پیر سفید — نقش خورزد و ہوا اور چاند کی تصویر سفید
ماہ ہے منہ سے ترے اے بت بے پیر سفید — سبزۂ خط سے ترے چہرہ پہ ہی تیر سفید
روز رہتا ہے جو موے کمر صاف کا دہیان — ہو گیا غم سے تن عاشق دلگیر سفید
دل پر داغ کو اپنے ہے صفائی حاصل — کہ ہے اے رشک قمر ماہ کی تنویر سفید
خاکساری نے مری صاف کیا یار کا دل — کیمیا گر کرے آہن کو بھی اکسیر سفید
ہے تصور جو صباحت کا ترے اے مہرو — اپنی آنکھین ہوئین مثل قدح شیر سفید
منہ سے اک بات خجالت سے نہ نکلے ہرگز — آئینہ رویون کو کر دے تری تقریر سفید
کھینچی ہے اے بت ترسا تری گوری صورت — ہو گیا ہے قلم کاتب تقدیر سفید

وہ سیہ کار ہون عالم مین کہ بعد مرون — نہین رہنے کی مری قبر کی تعمیر سفید
وہ اوڑایا ہے ترے رنگ طلائی نے رنگ — کاسۂ مہر ہے بمثل قدح شیر سفید

وصف اپنے دل صافی کا جو لکھون فساح
کیا عجب ہووے سیاہی دم تحریر سفید

عاشق جو ہے نمود سے شور و فغان پسند — پروانہ کب ہو نالۂ آتش فشان پسند
مجھکو بہشت سے بھی ہے اوسکا مکان پسند — انسان کے ہوتے آے نہ حور جنان پسند
ہو میرے تار اشک کے ڈورے تو ہی بجا — اوزکو اگر ہے محرم آب روان پسند
آہ رسا سے اشک کو ہو کیا مناسبت — یہ ہے زمین پسند تو وہ آسمان پسند
ابرو ہے اسکے شکل کمان اور نگاہ تیر — وہ طفل شوخ کیون نہو پیرو جوان پسند
کیا جان و دل بچین گے ترے دست و چشم سے — تا تھون کو دل پسند ہے انکھون کو جان پسند
بدّی پہ آکے تیغ ٹھہرتی ہے یار کی — آتا ہے کب ہمکو بجز استخوان پسند
وہ دیکھتے ہین قامت خم گشتہ کو مرے — نا وک فگن کو آے نہ کیونکر کمان پسند
ہے دل مرا عزیز بتان زمانہ کو — یوسف سی جنس کیون نکرے کاروان پسند
خفاش کو ہے مہر درخشان سے دشمنی — حاسد کو آے خاک ہماری زبان پسند

رہجائین گر ہماسے تو کھاے سگ صنم
نساخ دونون کو ہین مرے استخوان پسند

ہو گئے دندان صافی سے ترے اختر سفید — منہ سے تیرے ہو گیا روے مہ انور سفید
وہ صفائی عارض جانان کا پھیلا ہے اثر — بام پر اوسکے جو بیٹھے زاغ کا ہو پر سفید
پانی پانی ہو کے غرق آب خجلت جو ہوا — سامنے دانتون کے تیرے ہو گیا گوہر سفید
تیرے جو سر پر نہو کیون گنج کا مجکو گمان — مانگ کو تیری مین سنجھارات کو افسر سفید
ای بت مہرو ہماری آنکھ جو پتھرا گئے — انتظاری مین ہے شکل دیدۂ اختر سفید
صاف ہو جاتی ہے اکثر چیز و ہونے سے مدام — روتے روتے کیون نہووے اپنی چشم تر سفید
ساقیا ہے یہ دل صافی جو تیرے ہاتھ مین — ہے مگر دست حنائی مین ترے ساغر سفید

منعطس گر روے رنگین ہو تو مارے شرم کے
جام مین ساقی ابھی ہووے مواحمر سفید
نام بھی خون کا نہین باقی فراق یار مین
صورت موے کمر ہے یہ تن لاغر سفید

حضرت نساخ بھی ہین نغمہ زن مثل حسن
ساقیا می وہ کہ ابرے خاست از خاور سفید

دل مین ہو مرے نالہ پر سوز گمان بند
رہتا نہین گردون دخانی مین دھوان بند
کیا جاے عجب ہووے اگر بت کا دہان بند
ہے غیب کے پردے مین ہر اک سر نہان بند
ہین جو کہ سبکبار رو ہوتے ہین کہان بند
کر سکتی ہوا کو نہین زنجیر گران بند
دشمن کا گزر یار کے گھر مین نہین ہوتا
عاشق کے لیے ہے در گلزار جنان بند
کیون چپ نہ لگے مجھکو کہ دل خون ہوا ہے
گلشن مین رہا کرتی ہے غنچہ کی زبان بند
کیون دانہ رہے عاشق حیرت زدہ کی چشم
ہوتا ہے بلا دیدہ تصویر کہان بند
چپ مجھکو لگی دیکھ کے سیندور کا ٹیکا
شنجرف سے ہو جاتی ہے انسان کی زبان بند

ولہ

جو ہین خونخوار تہو اون کو صفائی حاصل
نہین دیکھا کبھی رنگ رخ بہرام سفید
سرخ پوشاک کا ہو جائیگا عالم کو گمان
پہنے پوشاک جو وہ یار گل اندام سفید
مین یہ سمجھون کہ رقیبون نے دل اوسکا ہوا صاف
بھیجے کاغذ جو مجھے وہ بت گلفام سفید
ہو صفائی نہ دل تیرہ دروں کو حاصل
نہین ہوتا ہے کبھی رنگ رخ شام سفید
بعد مردن بھی خیال رخ رنگین جو رہا
سرخ ہوگا کفن ای یار گل اندام سفید
تیغ خونخوار کو قاتل نے سنبھالا جو کہین
چرخ پنجم پہ ہوا خوف سے بہرام سفید
تن رنگین سے شلوکے مین ترے ای گلرو
لعل کے بن گئے سب سیپ کے بوتام سفید
سارے اوس شوخ مین ہین شمس و قمر کے انداز
صبح ہے زرد لباس اور سر شام سفید
دیر و بدان صنم کا ہے تصور ہر دم
روتے روتے ہوے ہین دیدۂ ناکام سفید

نہوے صاف وہ نساخ بقول ناسخ
ہو گئے آہ مرے موے سیہ فام سفید

اپنی ادنگلی سے تو ای ماہ بتا عید کا چاند
تاکہ عالم مین ہوا نگشت نما عید کا چاند

نہین آتا ہی نظر ہاے مہینے گذرے
ہوگیا کیا صنم مہ لقا عید کا چاند

گر نہون ماہ رخ یار سے روشن آنکہین
ہو مجھے ماہ محرم سے سوا عید کا چاند

قطرہ حسن طلب کر نیکو آیا لیکر
آسمان صورت کشکول گدا عید کا چاند

داغ روشن سے مرے عارض تابان ہی ترے
زر و خورشید درخشان ہی تو متاب عید

نامہ بر تو نہ پھرا اور برنگ کاغذ
انتظاری مین ہوے دیدہ بخواب سفید

ہے مرغ دل کے لیے خال زلف مین پنہان
کہ بہر صید رہے گھات مین نہان صیاد

کبھی نہ عاشق جانباز پر وہ رحم کرے
کبھی نہ مرغ چمن پر ہو مہربان صیاد

کیا بلبل دل قید سے زلفون کے رہا ہو
اور تا نہین اے مرغ چمن طائر پر بند

آنکہون کو مرے دہیان ہی دزدیدہ نگہ کا
حاکم جو ہے کرتا ہے وہ مجرم کو نظر بند

گرمی داغ جگر دیکھیے جو ای شعلہ عذار
خوف سے ہووے ابھی نرم کافور سفید

ہوئی ہی زلف کی زنجیر مقید آزادی
رہا اسیر جو تیرا وہ ہے رہا صیاد

ہماری جان دل صاحبین نہ ٹھہری گی
ہوا بھی ہستی ہی ایجان کبھی جا بھین بند

ہو جان رہا دام نفس سے تو رہا ہو
ہووے نہ رہا سلسلہ زلف کا پابند

ولہ

دلم را از خم خندان آفریدند
خطت را مشک بیزان آفریدند

ترا سرو گلستان آفریدند
مرا قمری نالان آفریدند

ز لعلت برق خندان آفریدند
ز چشمم ابر گریان آفریدند

ز نور آن جبین نور افشان
مہ و خورشید تابان آفریدند

ز نور آن کف پاے نگارین
جبین ماہ کنعان آفریدند

دو چشم از قطرہاے اشک صافی
چہ گوہرہاے غلطان آفریدند

بخود پیچید مارا آنروز از رشک
کہ آن گیسوے پیچان آفریدند

قمر از خاک پروانہ سرشتند
ترا شمع شبستان آفریدند

سرشک چشم پرنم گرد کردند — ازان دریاے عمان آفریدند
شده شق سینهٔ صبح قیامت — که این چاک گریبان آفریدند
جهانے را چو گندم چاک شد دل — چو آن نار و پستان آفریدند

دل نسلخ را روز نخستین
برائے عشق خوبان آفریدند

از خندهٔ تو غنچهٔ خندان گله دارد — و ز گریهٔ من ابر بهاران گله دارد
از پنجهٔ تو پنجهٔ مرجان گله دارد — وز لعل لبت لعل بدخشان گله دارد
از تیغ نگاه تو که سفاک جهانست — بیداد گر آگنج شهیدان گله دارد
از کاکل و آئینهٔ رخسار و لبانت — چین و حلب و ملک بدخشان گله دارد
از جعد سیاه تو که دزدیده سیاهی — از بخت سیاهم شب هجران گله دارد

نسلخ ازین خرقهٔ سالوس که داری
کفار به تنگ اند و مسلمان گله دارد

دل که سر گرم غم جانانه شد — شور عشقش در جهان افسانه شد
رنگ برگ پان که دندانش گرفت — از زمرد لعل این دردانه شد
دل بیاد آن پری وار و جنون — سینه زندان خانهٔ دیوانه شد
طرهٔ بسته را کشادی داد و — خاطر جمع من پریشان شد
مهر و بغض و عداوت عالم — کم شد و بیش شد و چندان شد
داغ دل در فراق ما و رنجے — غیرت آفتاب تابان شد
نزاد از در اسیارہ اہل سماعت — صدائے ماتم فریاد گسار می آید

ردیف دال شخذ

بند ہے ہین یار پر بروکے دندپر تعویذ — کہ دافع نظر بد ہے بیشتر تعویذ
بتون پہ خاک بھی کرتا نہین اثر تعویذ — بلائے ہمنے تو لکھہ لکھہ کے عمر بھر تعویذ

ہمارے نام سے بھی اب تمونکو نفرت ہو
دکھاتے ہین ہمین واللہ خوب اثر تعویذ

رہائی اسپہ بھی گرداب ہجر سے منوئے
بہاے بحر مین بہی شب سے تا سحر تعویذ

چمک ہو عقدہ ثریا کی کہکشان مین عیان
بندہین جو رشک قمر تری مانگ پر تعویذ

اوڑاے اے گل بستان حسن اوراوسے
بنے ہین بلبل جوشن کے بال و پر تعویذ

ہوا نہ رام وہ بت یہ خدا کی قدرت ہے
پلاے سیکڑون پانی مین گھولکر تعویذ

ہے مجھکو ورد یہ مصراع مصحفی نشتاخ
لٹکتے ہین تری ہیکل کے تا کمر تعویذ

ردیف رای قرشت

کام کیا زینت سے رکھے روی خندان گہر
کب بھلا اسکی کا ہو محتاج دندان گہر

عاشقو سنتے بھی ہو کچہ دیکہیے شان گہر
گوش معشوقان اوٹھائین بار احسان گہر

پڑ گئے سو داغ دل مین آہ پھر کیا کر سکے
رشتہ کہو سکتا نہین زخم نمایان گہر

طوطی حیران کی صورت محو حیرت ہو گئے
دیکہکر آئینہ رو کو چشم حیران گہر

کسنے چشم چشمہ خورشید مین دیکہا ہی اشک
کان مین گرداب کے پیدا نہوشان گہر

پنجہ مرجان ہو خون دست حنائی سے ترے
پانی پانی ہو ترے دانتون سے دندان گہر

سنگدل سے کب بنین ہم صحبت نازک مزاج
سنگ کے آہن تول کب سکتے ہم میزان گہر

صاف دل کو دولت دنیاے دون حاصل نہو
صورت گل زر سے کب مملو ہو دامان گہر

کب گوارا کرتے ہین نازک منش سختی کا کام
اوستخوان کوئی پیا سکتا ہے دندان گہر

جو ہین عالی مترلت کیا کام اونکو غیر سے
اوٹھہ نہین سکتا ہے گوش مہ سے احسان گہر

کب کسی کو رنج دیتا ہے جو ہے روشن ضمیر
کب زبان کو صدمہ پونہچاتا ہے دندان گہر

قدر کیا اوس دل کی عالم مین نہو گر داغ عشق
قیمتی کردے گہر کو زخم خندان گہر

صاف دل کو خود بخود ہوتی ہے حاصل آبرو
ہووے کب مسواک کا محتاج دندان گہر

غم مین بہی نشتاخ کا دل صاف اور آزاد ہے

پاک باگرد یتیمیہا ست دامان گہر

قوس گردون ابروی نرمیای یار — تیر ہے گویا قد بالای یار
چوکڑی بھولے ہرن گر دیکھ پائے — وہ غضب ہی دیدہ شہلای یار
عشق بیخود سے یقین ہی دہر مین — ہووی رسوا حسن بیپروای یار
حور و غلمان پر کبھی ڈالے نہ آنکھ — گلشن فردوس مین شیدای یار
نشہ ہووے چشم آہو کا ہرن — دیکھ لے گر نرگس شہلای یار
ہی مثل جو بندہ یا بندہ بود — اس لیے رہتا ہون مین جو آیا
ہی خیال آ کھنو کو میرے دل کو عشق — ہے سر شوریدہ کو سودای یار
چشم عاشق مین جہان تاریک ہو — دیکھ لے گر چشم سرمہ سای یار
دانہ گوہر ہین وہ دندان صاف — لعل گویا ہین وہ رو لہای یار
اہل عالم کانپتے ہین شکل بید — ہے قیامت قامت بالای یار
ہے صدا خلخال پا کی بانگ صور — آفتاب حشر نقش پای یار
ہے بغل آئینہ خانے مین کبک — دل مین ہے میرے خیال پای یار
نقشۂ روی جہان نقش قدم — ہاتھ مانی کے ہین گویا پای یار

ہین وہ نابینای سیر دو جہان
ہو کہ ای نساخ ہین بینای یار

مرغوب ہی دلدار کی پازیب کی جھنکار — آواز ہے مزمار کی پازیب کی جھنکار
مر جائین ابھی خضر و مسیحا بھی جلائے — کشتون کو اگر یار کی پازیب کی جھنکار
نوشدون کو ہی چنگیز تو مردون کو ہی عیسی — ہمدم بت عیار کی پازیب کی جھنکار
جی اٹھے ابھی مردہ صد سالہ بوسن پا — تم سے نہین کم یار کی پازیب کی جھنکار
پاؤن کو کبھی ہاتھ لگانے نہین دیتے — اوس شوخ دل آزار کی پازیب کی جھنکار
اٹکھیلی کی رفتار سے کرتی ہی مجھے قتل — اوس یار جفا کار کی پازیب کی جھنکار
پابوس ہوا ہے جو وہ پامال ہوا ہے — کہتی ہے یہی یار کی پازیب کی جھنکار

سہے غلغلہ حشر و یا شور قیامت | یا اوس بت عیار کی پازیب کی جھنکار

نساخ سا وہ ندار بھی سن لے تو تڑپ جاے
اصنام ستمگار کی پازیب کی جھنکار

پرتو عارض سے یہ سینہ ہے دامان بہار | ہے دل نالان مرا مرغ خوش الحان بہار
عشق مین لعل لب جان بخش کی اے گلبدن | اشک رنگین سے ہے دامن اپنا دامان بہار
ہر سر زانو غلیلان بن گیا ہے شاخ گل | بستہ ہے فیض قدم سے اپنے دامان بہار
باغ مین نسبت یہ اوسکے کم ثباتی سے ہوا | دوش پر صرصر کے تھا تخت سلیمان بہار
صرصر آہ دل سوزان سے یاد زلف مین | غیرت سنبل ہوے اوراق دیوان بہار
نوت نطق اوسکے حق مین ہے تو اے نامیہ | ہر دہان غنچہ ہوتا ہے ثنا خوان بہار
الفت چشم جنون زاے صنم سے باغ مین | خندہ گل ہوگیا چاک گریبان بہار
چاہیے انعام عام اہل کرم کو مثل ابر | صورت گل خار بھی ہوتے ہین مہمان بہار
گلشن تصویر ہون نساخ باغ دہر مین | ہون سزاوار خزان مین اور نہ شایان بہار

فصل گل مین کیون نہ دے نساخ کو مژدہ سیر
ساغر مے دار دیکھ ہر قطرہ باران بہار

رکھون جو ساق ساقی گلفام دوش پر | لبریز کیون نہ عیش کا ہو جام دوش پر
بال آگیا ہے ساغر بلور صاف مین | یا منعکس ہے زلف سیہ فام دوش پر
جھومر ہے اور زلف سیہ فام ہے ترے | سر پر پڑے سجے ہے تو ہی شام دوش پر
جان سارے تن سے کنچلے مرے میرے آگئی | نکلا وہ ترک رکھکے جو صمصام دوش پر
خانہ بدوش کو نہین کچھ غم جہان مین | پاتا ہے طفل راحت و آرام دوش پر
بعد ری صفائی کہ بغلون کے بال سے | صیاد کا مرے ہے عیان دام دوش پر

نساخ جان تازہ ملے مجھکو بعد مرگ
؎ لاشہ اوٹھاے گر وہ دلارام دوش پر

سہے حسرت دید رخ انور تہ غنچہ | نساخ نہ کس طرح ہو مضطر تہ غنچہ

تیل بھر بھی نہ سرکائین گے ہم سر تہ خنجر — دکھلائین گے قاتل تجھے جوہر تہ خنجر
یہ جوہر ترے خنجر مین ہے یا نقش محبت — آ آ کے جو عاشق نے رکھے سر تہ خنجر
اف ضبط یہ بیتابی دل کی کہ نہ کی اف — تڑپا نہ دم ذبح ستمگر تو خنجر
دھڑکا ہے کہ تکلیف نہ ہاتھ کو تیرے — سرکے گا ہمارا نہ کبھی سر تہ خنجر
رکھے گی تری حسرت دیدار جو مضطر — ممکن نہین ٹھہرے جو مرا سر تہ خنجر
آئینہ سامنہ دیکھکے چپ لگ گئی قاتل — اک بات بھی آئی نہین لب پر تہ خنجر
کیا سامنے آنکھون کے تری مجھکو قرار آئے — گردن زدنی کیون نہو مضطر تہ خنجر
عکس رخ او س دیدۂ خونریز پہ دیکھے — دیکھا نہو جس شخص نے خنجر تہ خنجر

منظور ہے نظارۂ ابروے ستمگار
نساخ رکھے جاکے نہ کیون سر تہ خنجر

چین داغون پہ داغ اور مین گل گل کے برابر — سینہ ہے مرا روضۂ بلبل کے برابر
دوزخ بھی مری گلخن دل کا ہے شرارہ — جز مو نہین سکتا ہے کبھی کل کے برابر
بیہوش ہو جو حال سنے جوش بکا کے — ہے نالۂ دل نغمۂ قاقل کے برابر
عکس چمن حسن ازل ہے جو گل افشان — ہین خار بیابان بھی رکھل کے برابر
گردش ہوئی ساغر کے تو آنسو ہوے جاری — یہان دور نمایان ہے تسلسل کے برابر
بالا جو پڑا ہے نفس سرد سے مجھکو — سردی ہوئی کلکتے مین کابل کے برابر
یاد آئی جو موزونی سلک در دندان — اشک و گھر آنکھون مین ہوے تل کے برابر

شوق گل رخسار رولاتا ہے جو نساخ
ہے نغمۂ دل نالۂ بلبل کے برابر

روشنی مین کسکے رخسارے مین یہ حسن دلفروز — دیدۂ عاشق کو جو پیارے ہین یہ شمس و قمر
دست موسی مین ہو بیضا شرم کے مارے نہان — پیش داغ آتشین تارے ہین یہ شمس و قمر
یاد دلوا کر جلاتے ہین وہ روی آتشین — فرقت دلبر مین انگارے یہ شمس و قمر
پیر گردون ہے عجب نقاش جسکے لیے — کہکشان ہے چوب نقارے ہین یہ شمس و قمر

روز و شب کے حال کے پرچے لگا دیتے ہین روز
یار کی ڈھیوڑی کے ہرکارے ہین یہ شمس و قمر

شک نہین پھرتے ہین روز و شب تلاش یار مین
جب یہ ثابت ہو کہ سیارے ہین یہ شمس و قمر

آسمان پہ کیون نہو نساخ اب اونکا دماغ
و لبر حنا کے رخسارے ہین یہ شمس و قمر

یہہ غزل ذو قافیتین ہے

دل کرتی ہے خون اوس بت بے پیر کی تقریر
تقریر کی تقریر ہے شمشیر کی شمشیر

جسپر کہ پڑے اوسکی نگہ کیون نہو مائل
انکھون مین ہے وان ہمہ تن تیغ کی تحریر

آیا نہ کسی رات وہ بالین پہ ہمارے
دیکھی نہ کبھی نالۂ شبگیر کی تاثیر

دم اپنا نکل جائے گا اک چشم زدن مین
آنے مین اگر اوسکے بت بے پیر کی تاخیر

ہنر اوسکا ہو خامہ مو یک قلم آہستہ
کھینچے اگر اوس زلف گرہگیر کی تصویر

داغ سودا لب ہو فرق عاشقان راز پر
پھولتے دیکھا نہین ہے پھول نوک خار پر

قتل عاشق چھپ نہین سکتا ہے او شیرین کبھی
ہے عیان لالہ سے خون کوہکن کہسار پر

کشتۂ جور و جفا ہے صاحب گفتار حق
بیگنہ منصور کو لوگون نے کھینچا دار پر

داغ سوزان کا ہمارے سر پہ رہنا ہے بجا
پھول کا ہوتا ہے طرہ شیخ کی دستار پر

برق پہ چشمک زنی کرتی ہے آ شعلہ بار
خندہ زن ہوتا ہے آنسو ابر دریا بار پر

غنچہائے گل کی صورت نوعروسان چمن
پس گئے لاکھون حنائے دست و پا بار پر

قطرہ ہائے اشک رنگین کب نہین شرکا پیر مرے
تختۂ لالہ کھلا ہے آج نوک خار پر

ہے بیان یار سے نساخ جو اوسکا ہوا
رشتۂ جان کا گمان ہے رشتۂ زنار پر

نازک مزاج وہ ہے مرا میر زا منش
بار گران ہو رکھے جور و ملال دوش پہ

اتنے گناہ کرتے ہین جنکا نہین شمار
تنگ آ گئے ہین کاتب اعمال دوش پہ

ہمکو نظرون سے گرائین غیر کو سر پہ چڑہائین
کیون نہ نالون سے اوٹھائین آسمان بالا کو سر

کب تحمل ہووے شبنم کے دوپٹے کا بھلا
ہو روا سے بوسے گل جسکو گران بالائے سر

سانپ سے ڈرتے ہین ہم دیکھین اوسکی زلف کو
اک بلا ہے کاکل عنبر فشان بالائے سر

کیا دکھاوے سخت فتاح اس سفر مین دیکھیے
دور منزل تنگ مین بار گران بالائے سر

قانع جو ہین جہان مین رہتے ہین سر بلند
پر ہما ہے تاج سر بادشاہ پر

نمایان اوی پری رو خط ہی تیرہ روی تابان پر
یہ مور ناتوان چڑھ آئے ہین ملک سلیمان پر

دور چرخ سفلہ پرور مین ہی کجرو کو عروج
ناوک افگن رکھتے ہین اکثر کمان کو دوش پر

رہ رو کے جان دیتے ہے جو چشمان یار پر
آنکھین ہرن چڑھاتی ہین میرے فرار پر

ردیف زاے ہوز

رخ کو کر کیا فیض خط مشکبار سبز
کانٹون سے ہوگا رنگ گل نوبہار سبز

ہو بوستان و ہر چمن سبزہ ہزار سبز
پر ہو نہ روبرو ے خط سبزہ یار سبز

اوس سرو خوش خرام کا ہووے اگر گذر
گلشن مین ہووے سرو لب جوے یار سبز

ماثیر زلف کم نہین ابر بہار سے
بعد وصال بھی ہے ہمارا فرار سبز

کھائے شبیہ سبزہ خط کی ہو آنجوان
طوطی کی طرح ہووے ہما ای ہزار سبز

فیض خیال پر تو خورشید یار سے
ہو مثل تاک خشک مرا جسم زار سبز

نیرنگی بہار و خزان سے ہے کب نہال
گر لاکھ بار زرد ہوا لاکھ بار سبز

لکھتا ہون وصف سبزہ رخسار گلعذار
خامہ ہے مثل شاخ نہال بہار سبز

ای جان زور راتبہ ہے ترے ذکر کا
یا حی پڑھتے پڑھتے ہوا جسم زار سبز

اوگلا ہوا ہے شیرین یہ زہر مار زلف
خط سے نہین ہی روی مصفای یار سبز

رکھی گلوری منہ مین جب سبزہ صفا
مانند سبزہ زار ہوا روے یار سبز

پر زہ آبلے کو مرے دل کے دیکھیے
دیکھا نہو اگر گہر آبدار سبز

مضمون لکھے جو افعی زلف سیاہ کے

گویا بنا ہے خامۂ نساخ مارسبز

اشکون سے میرے ہی خط رخسار یار سبز
ابر بہار سے ہو سوا سبزہ زار سبز

تازہ ہو جسم خشک مراد وصل مین ضرور
اے گلبدن ہو شاخ نہال بہار سبز

کیا انقلاب چرخ سے ہو بد گہر کو نفع
ہووے نہ فصل گل مین کبھی چوب دار سبز

آہن دلون مین خاک اثر ہو بہار کا
ممکن نہین کہ سنگ سے نکلین شرار سبز

کیجاز بہرہ مند نہین فیض عام سے
شاخ غزال کو نہ کرے گی بہار سبز

حاسد بھی فیضیاب ہین میرے کلام سے
باد بہار سے ہوے نساخ خار سبز

ہے خط کے تصور سے مرا دیدہ تر سبز
کیون وقت بکا کنکلین نہ آنکھون سے گہر سبز

روے عرق آلودہ کا باندہ ہے جو تصور
کشت دل نساخ ہمیشہ رہے سرسبز

پیکان تیر دل کو ہے اے جان جان عزیز
رکھتا ہے میہمان کو بہت میزبان عزیز

ردیف سین منقوط

ہواہون خلق مین اس باغ مین برائی قفس
ہے میرے بلبل دل کے لیے بنائے قفس

اگر ہوتا رسے آہن کے بھی بنائے قفس
پھڑک پھڑک کے مرا مرغ دل ترائے قفس

جدا کیا مجھے آغوش سے نہ ایک گھڑی
نہ بعد مرگ بھی بھولون گا مین وفائے قفس

عجب نہین ہے کہ فصل بہار مین بلبل
کرے جو نالۂ آتش فشان جلائے قفس

ذرا تو شوق خریداری اسیری دیکھہ
رہائی پیچکے بلبل نے دی بہائے قفس

وہ ہمکو ذوق اسیری ہے گر رہا ہو جائین
یقین ہے توڑ پھینکے دم اپنا کہکے ہلائے قفس

وہ عندلیب گرفتار ہون نہ آے قفس
ملے جو باغ مین رہنے کو جا بجائے قفس

نہین ہے اوسکی طرح اس چمن مین خوش قسمت
جو آشیانے کو برباد کرکے پائے قفس

مین وہ ہون مرغ گرفتار باغ عالم مین
نہ آشیان مین مجھے چین ہو سوائے قفس

سخن یہ اپنا ہے صیاد سے اسیری مین
قفس ہے میرے لیے اور مین برائے قفس

وہ باغ وہ بہار ہین ہون عندلیب گوشہ گزین — کہ مجھکو وسعت گلشن ہے تنگنائے قفس
رہا ہوا جو مین گلشن مین اسکے پھول گیا — ہوائے باغ گمان اور گمان ہوائے قفس
جسے ہو ذوقِ اسیری وہ کیا رہا ہووے — ہووے محو چمن جو ہے آشنائے قفس

اسیری مین بھی کی لیکن صورت صانع
خوش از فضائے چمن ہست تنگنائے قفس

پر نور رخ شمع سے ہے خلوت فانوس — ہے قسمت پروانہ سے خوش قسمت فانوس
ہے داغ جہانتاب کی جا شمع فروزاں — ہے اس دل صافی کی طرح صورت فانوس
کیا پھول گئی شمع کو آغوش مین لیکر — پروانہ سے پوچھے تو کوئی راحت فانوس
پروانہ صفت شمع کی ہے گرد ہمیشہ — صورت کی طرح صاف نہین سیرت فانوس
ہے بزم مین جو اوس شہ خوبان کی سرافراز — زیب بدن شمع ہوا خلعت فانوس
کیون شمع سہ و مہر سے روشن ہو دن رات — یہ گنبد دوار بھی ہے صورت فانوس
دل عشق حسینان کے لیے خلق ہوا ہے — بس شمع کے باعث سے ہوئی خلقت فانوس
کیا کام ہے اغیار سے عالی منشون کو — کب شمع سر راہ کو ہو حاجت فانوس
آغوش مین ہے صاف دلون کی رخ روشن — دیکھا ہے سدا شمع کو ہم صحبت فانوس
ہر صاف درون کرد ہے خوبان جہان کے — ہم صحبتی شمع ہے اک عادت فانوس
احسان نہ لے غیر کا ہرگز دل روشن — کھینچے نہ کبھی شمع قم منت فانوس

ہو داغ دل صاف مین انساخ پکی روشن
اے بادرخو شمع سے ہی زینت فانوس

موسم گل مین ہوئی بلبل گرفتار قفس — کم نہین ہے خار سے اے باغبان تا رقفس
توڑ لے گل کو اگر گل چین تو مہر عندلیب — روز تا بان چمن ہووے شب تار قفس
کون روشن دل کو کر سکتا ہے عالم مین اسیر — مرغ زرین فلک کب ہو گرفتار قفس
فصل گل مین سیل اشک بلبل بیتاب سے — کیا تعجب کا محل ٹوٹے جو دیوار قفس
اس قدر بلبل کو گل نے باغ مین صدمہ دیا — ہر رگ گل جان بلبل کو ہوئی تار قفس

بھاگ بھوا سکتے نہین ہین عندلیبان اسیر
ہے ہر اک چاک قفس چشم بیدار قفس

عندلیبون کو پھنسایا دام مین صیاد نے
ہوگیا ہے گرم فصل گل مین بازار قفس

تا ابد نساخ کیونکر ہون رہا مثل عنے
مہنکہ از روز ازل ہستم گرفتار قفس

پھر پہنکر سرخ نکلا ہے وہ جانانہ لباس
جسم پر عاشق کے پھر ہوگا شہیدانہ لباس

میرا مضمون باندھکر جاسہ نہ پائیگا فروغ
زیب عورت کو نہین دیتا ہے مردانہ لباس

جوشش وحشت مین ہوجامہ سے باہر یقین
ترک کردے فصل گل مین تیرا دیوانہ لباس

پڑگئی ہے تیغ چشم یار کیا اے عندلیب
آج جو ہے زیب جسم گل شہیدانہ لباس

کبر و تخوت ہو نہ جسمین بات ایسی کیجیے
چاہیے اوسکے گداؤن کو فقیرانہ لباس

پیر عشق نوجوان کا دم ہوا رے عیب ہے
زالکو کب زیب دیتا ہے عروسانہ لباس

رکھہ نہ تو مثل ظفر نساخ کچہ زینت سے کام
چاہیے درویش کو کیا بادشاہانہ لباس

مجھکو کیا معلوم ہو آغاز و انجام قفس
گوش زد میری رہائی مین نہین نام قفس

بلبوس کب رطف قید عشق سے واقف ہوا
ہرزہ پردازون کو کیا معلوم آرام قفس

آتا ہے میری خبر لینے کو وہ صیاد روز
خوش ہے صبح آشیان سے بلبل شام قفس

آشیان مین تھی نہ یہہ احت جو دی صیاد نے
ہم صفیرو کیا بیان ہو مجھسے آرام قفس

صورت صیاد گلرو رہتی ہے پیش نظر
ہین شب گلشن سے خوشتر مجھکو ایام قفس

تو بھی اے نساخ کہہ صیاد سے مثل اسیر
کے گرفتار تو میدانم سرانجام قفس

ہین داغ جگر صورت داغ پر طاؤس
گیہن عرش پہ ہووے نہ داغ پر طاؤس

شمع دل پر سوز کے مانند ہے محفوظ
اب اہل مخالف سے چراغ پر طاؤس

زلفون نے کیا گھر دل پر داغ مین اپنے
قبضے مین ہے ہارون کے یہ باغ پر طاؤس

تشبیہ جو داغ دل گم گشتہ سے دیجیے
ہاتھ آوے نہ تا حشر سراغ پر طاؤس

مصحف مین رکھا کرتے ہین جو حافظ قرآن | ہے عرش سلطے پہ دماغ پرطاؤس

نساخ سدا مثل تنور دل سوزان
رہتا ہے کہان گرم او جاغ پرطاؤس

ردیف تین منقوط تر ثث

سنے داغ جنون سے مرے دستار مین سوزش | جسطرح سے ہووے کہ نار مین سوزش
کہ لکھون کر سے اس مثال انگار مین سوزش | پیدا ہوا بھی دفتر اشعار مین سوزش
ہون منتظر اوس صاعقہ طور کا ہر شب | کیون ہو نہ میرے دیدہ بیدار مین سوزش
جسکے جرقہ خورشید جہان تاب کسی دن | تو ہونے لگے روزن دیوار مین سوزش
نکلا جو کبھی ہو کے تو اے برق جہان سوز | بابل کے دلون مین ہوئی گلزار مین سوزش
رکھے جو قدم قبر پہ اس سوختہ جان کے | ہو نعل سم توسن رہوار مین سوزش
کیونکر نہ نفس شعلہ فشان مین جو دم نزع | پیدا ہو ترے خنجر خونخوار مین سوزش
ہڈی جو اوٹھائے کوئی اس سوختہ جانکی | پیدا ہوا بھی زاغ کی منقار مین سوزش
رہتے وقت بکایا جو اوس برق نگہہ کی | ہوتی ہے مرے انسوون کی تار مین سوزش
پھیلا جو اثر شعلہ رخسار کا تیرے | پیدا ہے ترے سایۂ دیوار مین سوزش
ہے شعلہ فشان داغ جنون مہر جو میرے | ہے مثل تنور اب مرے دستار مین سوزش

نساخ جدا جب سے ہوا مہر وشون سے
ہوتی ہے تپ غم سے تن زار مین سوزش

بات میری دلپہ ہو تیرے کیمین ای یار نقش | روز یا بد روح کے لکھتا ہون مین دو چار نقش
نقش رآب اب ہی تعویذ اور افسون کا اثر | اونکو دہو دہو کر بلائے ہمنے سو سو بار نقش
مٹ نہین سکتا کسی صورت سے یہ نقشہ مرا | دلمین ہے نقش حجر الفت کا ای دلدار نقش
چار دیوار عناصر گر گئی تاثیر سے | روز بہر وصل دلبر لکھتے تھے ہم چار نقش
تیز رفتار دو عالم سے بھی تیری چال ہے | کیون نہو ہر دو کے دلمین نقش یا کار نقش

نقش دل پر کیہ اس قلب رقیق صاف پر
گر نہ دیکھا ہو ٹھہرتے آپہ پر مہ نقش

ہو گئے مشکل سلیمان تابع اپنے جن و انس
نام ہے تیرا نگین دل پہ جو ہی یا نقش

جذبۂ الفت کی ہان تاثیر کا مشتاق ہون
حاجت تعویذ کسکو کسکو ہے درکار نقش

بے اثر وہ ہین کہ بس مجھکو ملایا خاک مین
دفن گورون مین کیے جو لکھکے کتنے بار نقش

جذب الفت او سکو یا ننگ کینچکر لاے تو لاے
ورنہ او سپر بے اثر تعویذ ہین بیکار نقش

یار کی تصویر اگر نساخ دیکھے اے ظفر
ہووے یون حیرت زدہ جیسے سر دیوار نقش

ان دنون مجھکو ہے اوس مہ منور کی تلاش
کیک کو کیونکر نہ ہووے ماہ انور کی تلاش

طالب دنیا کو سیم و زر کی ہووے جستجو
عورتون کو ہمیشہ ہوتی ہی زیور کی تلاش

بوسۂ لعل شکر خاے تبان کی ہی ہوس
مور کو رہتی ہے اکثر شہد و شکر کی تلاش

کام ہے عشاق کو تیری نگاہ مست سے
میکشون کو ہو شراب روح پرور کی تلاش

فکر گو چوگان کو رہتی ہی مدام اے شہسوار
ہے ترے فتراک کو نساخ کے سر کی تلاش

ہمیشہ چپ ہی رہے جو ہو صاحب جوہر
زبان تیغ کو دیکھا ہے بیشتر خاموش

ہو جائیگا دم بند ابھی تیغ زبون کا
دیکھین اگر اوس ترک کی تلوار کی بندش

پسند ہے ترے تکرے اللہ بچاے
پر مسیح ہے زاہد تری دستار کی بندش

ابروے پر خمش کمانستش
تیر مژگان نگہ سنانستش

رشک مجنون و غیرت فرہاد
عاشق زار یک جہانستش

گاہ در چشم شکل انسانے
گہ بدل مثل جان مکانستش

پرکہ می بینمش ز گوہر تر
صد دنے ہست بر میانستش

حال نساخ خود چہ می پرسی
مشغلہ نالہ و فغانستش

ردیف صاد معفص

کر رہا ہے وہ بت خورشید وخو کام رقص
کیون نہ محفل کو بنائے چرخ مینا فام رقص

شیخ مسجد مین ہے رقصان تو برہمن دیر مین
میکدہ مین کر رہے ہین رند نے آشام رقص

رقص بسمل ہے ہزارون بلبلین کرنے لگین
صحن گلشن مین کرے جو وہ بت گلفام رقص

دل ہوا اوس طفل نادان کے لگین پر نثار
مرغ بسمل کے تڑپنے کا رکھا ہے نام رقص

کیون نہ بنجائین گل قالین گل مہتاب آج
بزم مین کرتا ہے وہ محبوب سیم اندام رقص

رقص جانان کے تصور مین جو صحرا کو چلا
ہو گیا اے لولی گردون مرا ہر گام رقص

جان جان بیتابی دلکا اگر پہلے اثر
بس ابھی کرنے لگین دیوار وسقف وبام رقص

تو ہے وہ صیاد جھکو دیکھکر صوفی کی طرح
یہ تڑپتے کب ہین کرتے ہین اسیر دام رقص

آسمان پر کون ہی کوکب کی شادی ہے دھوم
کرتے ہین سیارہ گردون جو صبح وشام رقص

دست بر دو بزم کرتا ہے اوٹھاتا ہی جو ہاتھ
لوٹتے اہل بزم کا دل ای بت خود کام رقص

کم کہان سوز قیامت سی ہی گھنگرو کی صدا
خفتگان خاک کو کرتا ہے بے آرام رقص

ہاتھ اوٹھانے مین جو ہوتا ہے بغلگیری کا شک
وصل کا دیتا ہے اب نساخ کو پیغام رقص

کیون کرے بیتاب یونسے یہ دل ناکام رقص
مرغ بسمل کا نہین ہے قابل انعام رقص

کار زلت کب شریفونکو گوارا ہوسکے
بزم دنیا مین کرین اشخاص نافرجام رقص

ہر مکان خاص مین لازم ہے چیز خاص ہی
محفل میخوار مین کرتا ہے مینکا جام رقص

سنگدل سے عیش کیا حاصل ہو بزم دہر مین
اے برہمن بتکدے مین کب کرین اصنام رقص

کار زلت کے رہین پابند جو کجباز ہین
روز وشب کرتے رہین افلاک مینا فام رقص

یاد حق مین بھی ہے بیتابی دل پر شور کو
طائر قبلہ نما کرتا ہے صبح وشام رقص

کار زلت کب ذلیلون سے ہٹی گر ہو عروج
دور سے زہرہ کا ہے افلاک پر ہی کام رقص

صائبا نساخ کا دل خود بخود بیتاب ہی

سیکند بیخواست آتش را زبان در کام رقص

قلقل شیشہ ہے گھنگرو کی صدا ای نساخ | جام ہے محفل رندان مین بجای تقاص

ردیف ضاد ضنطغ

خنجر سے مدعا ہے نہ تلوار سے غرض | مجھکو ہے چشم و ابروے خونخوار سے غرض
رکھتا نہین ہون مین خط رخسار سے غرض | باغ جہان مین ہے گل بیخار سے غرض
ہے یہ اثر تصور چشمان مست کا | ساقی سے کام ہے نہ تو خمار سے غرض
دل ہی ہمارے پہلو مین سینے مین داغ ہین | بلبل سے کام ہے نہ تو گلزار سے غرض
مد نظر ہے مردم چشم تبان کا دور | مجھکو نہین ہے اختر سیار سے غرض
مجنون و کوہ کن کی طرح مجھکو ای صنم | مطلب ہے دشت سے نہ تو کہسار سے غرض
اوس حسن خانگی کے تصور مین کیا عجب | آنکھون کو ہووے روزن دیوار سے غرض
مطلب نہین ہے گردش لیل و نہار سے | دل کو ہے میرے زلف و رخ یار سے غرض
دشت جنون مین جو سر و پا جاتے ہین جم | کچھ کفش سے ہے کام نہ دستار سے غرض
فریاد و درد و نالہ و افغان و شور و آہ | ہجران مین ہے مجھے انہین دو چار سے غرض

روز خ کا غم ہے اور نہ جنت کی کچھ خوشی
نساخ کو ہے یار کے دیدار سے غرض

ہے دل وارفتہ عاشق کو دلبر سے غرض | گل سے بلبل کو ہے قمری کو صنوبر سے غرض
سبزہ خط کیون نہو لعل لب شیرین کی گرد | ہوتی ہے ای جان جان طوطی کو شکر سے غرض
کام کیا ہے گلشن عالم مین گل کو خار سے | یار کو کب ہو ہمارے جسم لاغر سے غرض
طفل اشک آتے ہین تخت دل لیے بہر سے | بہر دیوانہ رہے لڑکون کو پتھر سے غرض
کام ہے مجھکو خیال چشم مست یار سے | مست کو رہتی ہے اکثر جام و ساغر سے غرض

شیخ کو نساخ جام مے سے کچھ مطلب نہین
کب رہے خفاش کو خورشید انور سے غرض

اے پریرو ترا دیوانہ ہے سلطان جہان
داغ سودا کا مرے سر پہ ہوا افسر کی عوض

یہ نہین خال رخ شعلہ فشان پر اونکے
زاغ پیدا ہوے آتش مین سمندر کی عوض

جسکا دل صاف ہے پر خون نہوا ہجر جمال
لعل پیدا نہوا سیپ مین گوہر کی عوض

ہدف تیر قضا چرخ کہن ہوتا ہے
اہل دنیا پہ ہے یہ آہ شرر بار کا فیض

کورو وہ چشم ہے جو اوسکو ندیکھو فسانخ
عام ہے صورت مہ نور رخ یار کا فیض

ردیف طا مرحلے

اوڑاے اور حسن سبز خوبان کو بہار خط
ہو سر آئینہ رویون کی انگوٹھا بنکا بغبار خط

کمد حسن کے آئینہ کو کروے غبار خط
خوان کرے بہار عارض پہ نگین کو خار خط

زبس اسے نامہ بر رہتا ہے مجھکو انتظار خط
کہٹکتے ہین مری آنکھون مین خار خار خط

اوڑا حسن جوانی عشق سے عاشق نے منہ موڑا
خزان سے گلشن عارض کو کیا کم ہے بہار خط

نہ پونہچے جلد گر لیکر خط دلدار نامہ بر
سفید آنکھون کو کرے مثل کاغذ انتظار خط

خدا محفوظ رکھے بادصرصر سے گلستان کو
نہووے روی رنگین نازسے پر احتیار خط

گذر زنگ کدورت کا نہوویگا کسی صورت
کریگا صاف اوس آئینہ رخ کو غبار خط

شکایت جو خیال دیدہ فتان کی لکھی ہے
ہوا ہے آہوے چشم خوب تر اہی شکار خط

خط اوس محبوب گلرخسار نے ایدل جو منڈوایا
تو بیچی حسن نے حجام کے ہاتھون بہار خط

بہار حسن پر تیرے خزان کی آمد آمد ہے
گل عارض کی پہلو کو دبا لیوے گا خار خط

بھرے زخم دل مجروح ای جراح دم بخرین
ہوئی ہے مرہم زنگار یا سبزہ زار خط

زبس ور وگرا نباری غم کا حال لکھتا ہون
یقین ہوتا ہے قاصد سے نہین اٹھیگا کا خط

تصور روز شب ہے آمد خط زرافشان کا
مری آنکھون کو رکھتا ہے منور انتظار خط

خط دلدار کی جو آمد آمد کا تصور ہے
کرے گا ٹکڑے ٹکڑے دلکو یہ خار خار خط

کیا ہے دیدۂ فسانخ مثل توتیا روشن

مناسب نقد دین و دل چرا صائب نثار خط

کسطرح کرون نہ جبر مین ہین آہ و فغان ضبط
ممکن کسی صورت نہین اے جان جہان ضبط

کی دل مین جگہہ تیر سے کافر کے نگہ نے
انگریز کی سرکار مین ہے دل کا مکان ضبط

ہر غنچہ گل بلبل گریان پہ ہے خندان
لڑکون سے ہنسی ہوتی ہے ایجان کہان ضبط

ہر ایک نفس بن گیا شعلہ کا زبانہ
آہون کو جو کرتا ہے ترا سوختہ جان ضبط

آجائے گا خود لب پہ ترے راز محبت
حق یہ ہے کہ ہے صورت منصور کہان ضبط

پروانہ ہو کرتا نہین حال دل سوزان
سیکھا ہے مگر شمع سے اے سوختہ جان ضبط

اب عاشق و معشوق نے دیکھا اثر عشق
بیتابی دل ہوتی ہے یان ضبط نہ وان ضبط

مناسب کی سن تا کہ نہون خندہ زنان غیر
گریے کو تو کر اپنے ظفر وقت بیان ضبط

حالت درد جدائی کی سبب
کیا عجب ہووے پر شرخاب خط

دیدہ و تر کا لکھا ہے مینے حال
کیون نہووے دامن سیلاب خط

دیدہ عاشق منور ہو کہین
جلد بھیج اے مہر عالمتاب خط

دیکھین تمھارے دیدہ ناوک فگن اگر
راہ خطا و چین کو کرین گے ہرن غلط

لکھا ہے جیسے صحف خسار یار کو
کرتا ہے راہ دیر ہر اک برہمن غلط

ملنے کے بعد بھی کہین ہوتا ہے ارتباط
ہے اعتماد دوستی جان و تن غلط

ہم لکھتے ہین دہن تنگ یار کو
منساخ آپ کا ہے یقینا یہ سہو غلط

شکایت بوسے پر تکرار کے
کھول کر پڑھتا ہون سو سو بار خط

ہین جو شوق وصل کا مضمون لکھون
قاصد اہو مولنا دشوار خط

ردیف ظای ضنطع

ہو تیری تیغ کو کیا خون آشنا کا لحاظ
نہووے تجھکو ستمگر اگر حیا کا لحاظ

فراق مین سر بازار نالے کرتا ہون
خیال غیر کا مجھکو نہ آشنا کا لحاظ

ہماری دلشکنی سے نہیں تجھکو خوف — کہ کافرون کو نہیں خانۂ خدا کا لحاظ
کسی کو آنکھ اوٹھاکر نہ اک نظر دیکھا — رہا جو مدنظر چشم پر حیا کا لحاظ
نہ کیجیے سامنے میرے رقیب سے باتیں — کہ آشنا کو مناسب ہے آشنا کا لحاظ
مین تیرے کوچے مین جاتا ہون کر کے سر کے بل ای یار — ترس ہے مدنظر تیرے نقش پا کا لحاظ
نہ سینے پر سے دوپٹا کسی طرح سرکا — اوٹھا نہ وصل مین بھی یار دلربا کا لحاظ
ہے میرے سامنے گرم نظارہ دشمن سے — اوٹھا اب ایسا تری چشم پر حیا کا لحاظ
چلے نہ سہے زمین کرکے سر فلک پہ کبھی — نہووے مہر کو گر تیرے نقش پا کا لحاظ
تو مجکو گالیان دیتا ہی بیٹھ مین منتا ہون — تجھے جفا کا کہان اور مجھے وفا کا لحاظ

ڈرے نہ زلف سے نساخ کیون بقول ظفر
یہہ وہ بلا ہے بلا کو ہے اس بلا کا لحاظ

گل سے مملو وصف عارض مین ہوی دامان لفظ — دانتون کی تعریف مین درسے بھرے عمان لفظ
یہ اثر پھیلا ہے وصف عارض پر نور کا — شمع معنی سے ہی روشن ماہر و ایوان لفظ
اے خضر شعرون مین مضمون لب جان بخش سے — ہے بھرا آب بقا سے چشمۂ حیوان لفظ
مینے لکھا ہے جو عشق حسن بازاریکا حال — مصر دیوان مین بھرے ہین یوسف کنعان لفظ
ہجر مین لکھتا ہون حال سرد مہری تجھ بن — کیا عجب ہوجاے ٹھنڈا سینۂ سوزان لفظ
جان جان تیری نزاکت کا جو کرتا ہون بیان — معنے نازک مرے اشعار مین ہی جان لفظ
مینے جو موزون کئے وصف رخ رندان صاف — گوہر معنی سے مملو ہوگیا دامان لفظ
جان پر خون کے نکل جانیکا گر مضمون لکھون — لعل معنی سے ابھی ہوجاے خالی کان لفظ
ای عزیز وصف رونے رشک یوسف کی سبب — معنے روشن چاہیے قیدی زندان لفظ
وصف جو اوس ماہرو کی روی روشن کا لکھون — چاک مانند گریبان ہووے ابھی دامان لفظ

مثل صانع خوطہ زن ہووے اگر نساخ تو
گوہر معنے تو لاوے بافت از عمان لفظ

ردیف عین معجمہ

تاب کیونکر عارض روشن کے آگے لائے شمع
پروۂ فانوس مین اے ماہرو چھپ جائے شمع

روشنی مین دیدۂ خورشید پر پشک کرے
چشم پروانہ مین گر اے ماہرو ہو جائے شمع

پانی پانی کرے خجلے افشان روشن سی ہو جائے
ساتھ سیمین کی گدازی دیکھکر گھبلائے شمع

جاتے ہو جس بزم مین کرتے ہو سب سے گریمان
جو شرارت تم مین ہے کیسے کہان سے لائے شمع

چشم پروانے مین جو ہے جلوہ گر وہ شعلہ رو
دارے کچھ کم نہین سے قامت زیبای شمع

گر میان کیا کر سکے پروانون سے آگے ترے
تاب گستاخی تری محفل مین کیونکر لائے شمع

طوطی آئینہ کا ہیران مین ہون عاشق یار کا
عندلیبین محو گل پروانے ہین شیدائے شمع

تاب کیا پروانے لائین جل بجمین اے شعلہ رو
سوز دل کا حال جب اپنے زبان پر لائے شمع

گر چلون کو ہے یہ اوس خورشید رو کی راہ مین
ماہ تابان کیا تعجب ہے اگر دکھلائے شمع

دور دامان سے بجھا میرا چراغ زندگی
جسطرح سے جنبش دامان سے گل ہو جائے شمع

ہوتی ہے آتش زبانون کی رسائی ہر جگہ
بار ہر محفل مین اے خورشید رو پایا شمع

مرگ عاشق کب رکھے ایمن کسی معشوق کو
غم پتنگے کا جلائے سر سے لے تا پای شمع

تیر ہے جسکی زبان پہونچانی ہے اوسکو خبر
اپنے اشک گرم سے پر آبلہ ہی پائے شمع

سوز عاشق کا اثر ہوئے دل معشوق مین
غم مین پروانے کے گھلتا ہے قد رعنای شمع

ہے دل سوزان کو میرے عشق روی آئین
کونسا پروانہ ہے جسکو نہین سودای شمع

کیا غم فراغ دلبر کو کہ صائب نے کہا
کسکے غم پروانہ دار و جس بے پروای شمع

پیش روی روشن جانان نہین تو قیر شمع
مہر تابان کو پہونچتی ہے کوئی تنویر شمع

تیرہ بختی جنکی زبان دنیا مین جلتے ہین مدام
غیر جلنے کی نہین ہے کچھ خط تقدیر شمع

وصف مین معشوق کے ہوتے نہین عاشق کو تمام
اہل محفل کب سنین پروانے سے تقریر شمع

کب مری تقلید سے ہوویگا حاسد کو فروغ
شمع کی صورت کبھی روشن نہ تصویر شمع

روے روشن نے جلایا رات بھر عشاق کو
پھونک دیتی ہے پتنگون کو یہ ہے تاثیر شمع

تیز ہے جسکی زبان خاموش رہتا ہے مدام
بزم عالم مین نہووے گوش زد تقریر شمع

ردیف نہین ضلع ٭

یاد روے یار مین مین داغہاے تن چراغ
خانۂ مرقد مین بعد مرگ ہے روشن چراغ

داغ سوزان کا جواے گلرو کرون روشن چراغ
ہو سیہ روبزم مین مثل گل ہوسن چراغ

شمع کی حاجت نہین آئیگا وہ خورشید رو
اوسکے نقش پا سے ہوگا گور پر روشن چراغ

یاد روے یار مین نکلا تو آنکھون مین میرے
دیدۂ غول بیابان ہوگیا روشن چراغ

حلقۂ کاکل مین یاد آیا رخ تابان یار
بن گئے ہین خانہ دل کے درے روزن چراغ

آتش افروزی کرے گلشن مین جب وہ مہوش
ہون پتنگے عندلیبین اور گل گلشن چراغ

تربت مین بھی داغ سوزان کو نہ پوشیدہ کرون
مین بجھاتا ہی نہین ہرگز دم خفتن چراغ

رونگٹون پہ ہی پر پروانہ کا مجھکو گمان
داغہاے تن سے ہین یان زیر پیراہن چراغ

کشتہ ہے اوسکے طلائی رنگ کا یہ خاکسار
روغن اکسیر سے ہوگور پر روشن چراغ

داغ سوزان سے ہوا اپنا خانہ دل جلکے خاک
برق کے بدلے جلائیگا مرا خرمن چراغ

شعلۂ شمع رو کو ہے جو شبخون کا خیال
ہو فروغ عکس تن سے حلقۂ جوشن چراغ

پڑ گیا ہے عکس کیا اوس عارض پرنور کا
بحر مین گرداب ہراک ہوگیا روشن چراغ

بزم مین خورشید رو تیری ہی فتاح حزین
خون پروانہ سے ہووے لعل کا معدن چراغ

داغ دل کا ہو بغیر از اشک لب روشن چراغ
بزم عالم مین نہین جلتا ہے بے روغن چراغ

روے تابان شمع ہے قصر بلند یار مین
خانۂ افلاک مین ہے مہر کا روشن چراغ

تیرہ دل کو پیش روشندل نہین ہوتا فروغ
مہر کے آگے نہووے ماہ کا روشن چراغ

اشک چشم تر ہے باعث ہے فروغ داغ کا
تیل گھٹ جاتا ہے جب ہوتا ہے گل روشن چراغ

فیض مردہ دلسے دنیا مین پہونچتا ہے کسے
آتش خاموش سے ہوتا نہین روشن چراغ

روے روشن کو کری عاشق سے کیا پنہان حجاب
شمعرو چھپتا نہین ہرگز تہ دامن چراغ

درد عاشق کا نہو صدمہ کیسے معشوق کو
مرگ پروانے کے کرتا نہین شیون چراغ

روے روشن نے جلا کر خاک کر ڈالا مجھے
جان پروانہ کا ہے ای شمعرو دشمن چراغ

عاشق دل سوختہ بے جان نے فریاد دی
نالہ رافغان نہین کرتا دم مردن چراغ

جہین عالی منزلت ہے خود بخود اونکو فروغ
مہر و مہ کا چرخ پر جلتا ہے بے روغن چراغ

تنگدل کو کب ہوا نساخ دنیا مین فروغ
کب کرے روشن جہان مین خانۂ مدفن چراغ

ہے وہ اپنے سینہ سوزان مین داغ
بلبل و گل جس سے ہون بستان مین داغ

اب نہین کچھ حاجت شمع و چراغ
بس ہے مجھکو کلبۂ احزان مین داغ

اپنی طاعت پر جو تو مغرور ہے ❊
لگ گیا زاہد ترے ایمان مین داغ

تیرے فرقت مین ہے اے ماہ تمام
دل کے بدلے سینۂ سوزان مین داغ

چرخ پر کب جلوہ گر ہین مہر و ماہ
پڑ گئے ہین گنبد گردان مین داغ

لکھی ہے تعریف جو اوس ماہ کے
پڑ گئے نساخ کے دیوان مین داغ

اپنے داغ دل کا روشن گر کرون ای گل چراغ
خانۂ زنبور مین ہون حلقہای غل چراغ

فندق پاے حنائی کی عجب تاثیر ہے
کفش کا تیرے ہوا ای خورشد رو ہر گل چراغ

چرگیا ہے عکس جو اوسکے رخ پر نور کا
میکدے مین ہے کف ساقی پہ جام مل چراغ

دل ہمارا بن گیا پروانۂ سوز و گداز
روے روشن سے ہوا جو حلقۂ کاکل چراغ

اوس گل پر نور کو دیکھا ہے شاید باغ مین
روشنی مین ہو گیا جو دیدۂ بلبل چراغ

غم شب تاریک ہجران مین نہین نساخ کو ❊
شمع رو ہاتھون کے اوسکے ہو گئے ہین گل چراغ

پائے جو زلف مہر و شان کا سراغ داغ
کیون عرش پر چڑہائے نہ اپنا دماغ داغ

ہے جس سے شعلۂ رخ آتش فشان کی یاد
جلتے ہین روز و شب مرے مثل دماغ داغ

دکھلائیگا بہار تجھے لالہ زار کی — نساخ ہو گلون سے تن زار داغ داغ
نہین پیری مین مرے داغ جگر مین گرمی — مہروش وقت تھا کیون نہو پُر نور چراغ

یہہ شعر صنعت تلوین مین ہی یعنی دو بحرین سے ہے

بو سے ترے تازہ ہے دلبر دماغ — کیون نہو اب عرش سے اوپر دماغ

ردیف "فای سعفص"

وہ لڑائے آنکھ اون سے جو کہ ہووے سرکیف — چشم قاتل ہے نگاہ تیز سے خنجر کیف
فیض سے تیرے ہین دریا مین صدف گوہر کیف — کیا تعجب گر پرطاوس بھی ہون زر کیف
ہے یہ روشن میکشی کرتے ہین سکان فلک — روز و شب پھرتے ہین مہر و ماہ جو ساغر کیف
اے گل شاداب یون ہین گل ہمارے ہاتھ مین — بحر مین جس طرح سے ہووین صدف گوہر کیف
انتظاری ہے بت ترسا سے میکش کی مجھے — دیدہ تر اشک کے قطرون سے ہے ساغر کیف
بلبلون کی کیا خریداری اونھین منظور ہے — گل نظر آتے ہین جو باغ جہان مین زر کیف
وہ ہوم بہر سیر اوس می نوش کی آمد ہے — جوش مستی سے حباب بحر مین ساغر کیف
اسطرف سے منہ نہ پھیرے تیغ قاتل چاہیے — ہے صف عشاق مشتاق شہادت سر کیف
آج کس مے نوش کی آمد ہے جو گلشن مین ہے — شیشہ و نرگس صراحی و رنجل ساغر کیف

دیکھیے نساخ کیا محشر مین ہو مثل ظفر
ہو ویگا اعمال بد کا اپنے جب قرنکیف

ہے جلوہ زلف دوتا ایک اس طرف ایک اوسطرف — یا آسمانی ہے بلا ایک اسطرف ایک اوس طرف
ہر دو رخ دلدار پر قربان ہون شمس و قمر — کر دیکھنے پائین ذرا ایک اسطرف ایک اوسطرف
ہین تیر مین دو پر لگے یہ ابروے پر خم ترے — بینی کے کب ہین دلربا ایک اس طرف ایک اوسطرف
تیغ دو دستی سے دلا مقتل مین اوسکی برملا — دکھلائی دے گی کربلا ایک اس طرف ایک اوسطرف
جو شب وصل مین اگر میرے بغل مین سیمبر — تب زندگی کا ہو مزا ایک اس طرف ایک اوسطرف

ہے منہ پہ تیرے بتلا جوڑے پہ تیرے ہے فدا | اے ماہر وصبح و مسا ایک اسطرف ایک اوسطرف

استاد کو اب دیکھکر رخ پہ ترے کیون سیمبر
بل کرتی ہے زلف دوتا ایک اسطرف ایک اوسطرف

ہو رنج و ہر مین پرورد ون سے بھی انسان کو | کہ موتیون کے لیے توڑین استخوان صدف
جو گوشہ گیر ہے انسانی سے اوسے کیا کام | ہوئی ہے قابل گفتار کب زبان صدف
نہین ہے چشم مری اشک صاف سے خالی | بھرا ہے گوہر شہوار سے دہان صدف
خالی نہین ہے حسن سے شام فراق بھی | آنکھون مین اپنے ظلمت بیت الحزن ہے زلف
عنبر خط صنم ہی ہر اک خال خالیہ | آنکھین ہرن ہین ناف مشک ختن ہے زلف
نازک ہے اس قدر کہ لچکتی ہے بار بار | اونکی کمر سے اوٹھ نہین سکتا ہے بار زلف
بڑھا یا رتبہ ان آنکھون کا اشک صافی نے | جہان مین گوہر تر سے ہے آبروی صدف

ردیف قاف وشت

ہو گیا جب سے بتلاے فراق | ظلم اوٹھائے ہے جفاے فراق
دیکھتے کچھ نہین سوا ے فراق | اپنی آنکھین نہین سرا ے فراق
وصل ہووے نصیب جا ے فراق | کہین ٹل جاے یہ بلا ے فراق
مجھسے یکدم جدا نہین ہوتا | مین ہوا قائل وفا ے فراق
بیکسی مین نہین کوئی غم خوار | جز غم و درد جان گزا ے فراق
کیجیے اب بیان کس کس کا | لاکھہ صدمے ہے سوا ے فراق
پیٹ ڈالے گی صورت گندم | دل عاشق کو آسیا ے فراق
زندگی ہووے یا رہ پاون جان | اگر آئے قضا بجا ے فراق
آہ و افغان و شور و نالہ زار | چار چیزین ہین مقتضا ے فراق

حرف سارے ہون شعر مین مقطوع
کرین موزون جو ماجرا ے فراق

ہے طفیل روے انور دھوپ سونیکا ورق
ورنہ بن سکتی ہے کیونکر دھوپ سونے کا ورق

اس قدر تاثیر پیلی میرے رنگ زرد کی
ہو گئی ہے صاف زرگر دھوپ سونیکا ورق

دیکھ لے تیرے سنہری رنگ کو گر آفتاب
مہر وش ہووے مقرر دھوپ سونیکا ورق

پر تو داغ دل عاشق بھی وہ اکسیر ہے
ہوا بھی ای کیمیا گر دھوپ سونیکا ورق

اس قدر تیرے سنہری رنگ نے چمکا دیا
ہو گئی اے مہر انور دھوپ سونیکا ورق

تیرے روے صاف سے ہی میرے رنگ زرد سے
چاندنی چاندی کا پتر دھوپ سونیکا ورق

ہے اوسی کی شاعری ناسخ آب و تاب کی
باندہ لیوے جو سخن ور دھوپ سونیکا ورق

یہہ غزل دو قافیتین ہے

ہے جسم مرا اے گل رعنا شجر عشق
انگور ہر اک زخم کا گویا ثمر عشق

بے پردہ مری نعش کے ہمراہ وہ ہونگے
دکھلائیگا اک روز تماشا ہنر عشق

کان اوسکے بھرے ہین مری جانب سے عدو نے
سنتا نہین وہ یار دلارا خبر عشق

نظرون سے گرا خوار ہوا چشم جہان مین
جس پہ پڑے اے دل شیدا نظر عشق

پہلو و دل و سینہ کیا خاک جلا کر
ہے نار جہنم سے زیادہ شرر عشق

لب خشک ہین تر آنکھین ہین اور زرد ہی چہرہ
صورت سے مری صاف ہویدا اثر عشق

ہے خشک جو ہجران مین نہال قد ناسخ
پہونچائیگا اک دن اوسے صدہا ثمر عشق

کرتا رہا تصور قاتل شب فراق
تڑپا کیا مرا دل بسمل شب فراق

افلاک پر ستارے ہون مانند آبلے
آنکھون مین داغ ہو مہ کامل شب فراق

مرگ سے راضی نہوا انسان کبھی
کب گوارا ہووے دلبر کا فراق

ردیف کاف کلمن

نہ آیا مرغد عاشق پہ وہ سرو روان ابتک — نہ نکلا کچھ بھی تیرے ہاتھ سے کام آسمان ابتک
کسی کے لعل میگون کے لکھے تنے وصف کیا شب کو — ٹپکتا ہے جو نوک کلک سے لعل روان ابتک
اوڑائی خاک بھی گا وزمین سے تو رتک لیکن — بنایا کوچہ محبوب کا دل نے نشان ابتک
مسی مالیدہ لب تیرے جو چوسے وصل کی شب کو — مزا ہے شربت نیلوفر یکا منہ مین یہان ابتک
چھٹے ہین گو قرار و صبر تیرے عشق مین لیکے — ولے ہمدم ہین میرے نالہ و آہ و فغان ابتک
نہین واقف ترے اسرار سے کیا شان تیری ہے — پری و حور و غلمان و فرشتہ انس و جان ابتک

نہ آتے تم تو کیکے ای میری جان کوچ کر جاتے
دل و دین عقل و ہوش و خواب و خور تاب و توان ابتک

دل ہمارا بھی ہے اگر نازک — خوی جانان ہے بیشتر نازک
رشتہ عمر سے سوا نساخ — ہے مرے یار کی کمر نازک

ردیف کاف فارسی

تری مژہ سے جو رکتی ہے دلمین ڈر رگ سنگ — نہان ہے سنگ مین ایشوخ فتنہ گر رگ سنگ
کرون گا کوہ مین جاکر جو آہ شعلہ فشان — شعاع مہر سے چمکے گی بیشتر رگ سنگ
برابری مری آہون سے کر سکے گی کمان — ہزار رنگ نکالے اگر شرر رگ سنگ
رہا سحر مین بھی گرانیے سوز دل کا اثر — زبان شمع صفت جل بجھیگی ہر رگ سنگ
مشابہت بت چینی کی جو کمر سے ہے — کہین کے بالکل شیشہ کے شیشہ گر رگ سنگ
ہزار دن توڑے ہین تلوارین سخت جانی مین — رگ جگر سے نمودی کی سخت تر رگ سنگ
خیال ہے صنم سنگ دل کے آنے کا — ہے انتظار مین ہر رشتہ نظر رگ سنگ
جو مجھ پہ آپ کی سختی و سرد مہری ہے — رگ بدن ہے بت عزت قمر رگ سنگ
زبس گلوے بت سنگدل سے ہے حیران — عجب نہین کہ بنے رشتہ گہر رگ سنگ
حنائی پاؤن جو سنگ مزار پر وہ رکھے — تو ہو برنگ رگ لعل جلوہ گر رگ سنگ
خیال آمد و رفت بتان ہے آنکھ پھر — بنین گے تار نظر اپنے سر بسر رگ سنگ

اوڑے ہوے سوے دیوار جاتی ہین پتھر
بنی ہے فصل بہار ان مین مثل پر رگ سنگ

کسی صنم کی کمر سے ہوگی ہے شرمندہ
نہان جو رہتی ہے نظرون سے بیشتر رگ سنگ

سوا ہے عشق بت سنگدل مین جو نساخ
سنے ہین تار کفن اوسکے جسم پر رگ سنگ

خیال زلف بتان مین ہو بار گر رگ سنگ
وبال لاینگی مرقد مین جان پر رگ سنگ

بتون کے نشتر مژگان کو دیکھے گر رگ سنگ
تڑپ کے سنگ سے نکلیگی سر بسر رگ سنگ

وہ گلبدن جو رکھے پاون سنگ مدفن پر
تو نرم ہو رگ گل سے زیادہ تر رگ سنگ

خیال جوبت سیمین کا شبکو سوتے مین آے
ان آنکھون کو ہو رگ خواب تا سحر رگ سنگ

نہان ہے چشم گمان سے ہوا سقدر باریک
تری ہے کیا صنم سنگدل کمر رگ سنگ

یہہ شوق دید ہے پتھر اگین مری آنکھین
عجب نہین کہ بنے رشتہ نظر رگ سنگ

اثر کرے نہ کبھی منطقی کی تیغ زبان
بندھی ہے ایسی صفائی سو اب پسر رگ سنگ

یہہ جوش ماتم فرہاد ہے جواے شیرین
عجب نہین ہے رگ ابر ہو اگر رگ سنگ

مدام رہتے ہین عالم مین تنگ سنگین دل
ہے روز و شب یہی وردہ زبان ہر رگ سنگ

نہین ہے سختی تنگی دہر سے ایمن
ہوئی ہے گوشہ گزین سنگ مین اگر رگ سنگ

نہین ہے سخت دلون کو زبان تیز سے کام
جہان مین رکھتی ہے کب خوف نیشتر رگ سنگ

بتون کے دل مین کریگی ہمارے آہ بھی گھر
کہ کوہسار مین ہے مسکن شرر رگ سنگ

بتون کے ظلم سے کیا خوف گوشہ گیرون کو
ہے اوسکے نشتر مژگان سے بیخطر رگ سنگ

دلون مین سنگدلون کے ہی جا ہے روشندل
شرر کو دیتی ہے اپنی بغل مین گھر رگ سنگ

ہے خارہ دوز بان رشک تیشۂ فرہاد
زمین سخت یہ نساخ ہے اگر رگ سنگ

پھونکدی ہے یاد رخ نے دماغ ہاے چمن کو
لگ گئی افسوس کیا پھولے پھلے گلشن مین آگ

ہے مسی مالیدہ لب پر پنجہ سیمین کا عکس
شاخ مرجان سے لگی ہے تختہ سوسن مین آگ

چشم پرخون کو تصور کب ہے لعل یار کا
آتش گویا نے پھونکی لعل کے معدن مین آگ

دیدہ و بر نم کو اوس گلگون قبا کا ہے خیال | لگ گئی ہے مردم آبی کے بھی مسکن مین آگ

نقش ہے دلمین تمہارے الفت نساخ کا
ہو شرارہ سنگ مین اثر شعلہ زن آہن مین آگ

ردیف لام کلمن

مبتلا ہجران مین ہو کر بڑھگئے غمہای دل | حیف دل افسوس دل و احسترا دل ہای دل

کام ہیے کی کنی کا کرتی ہے یاد طرہ | کیا رہے نا سفتہ ای جان گوہر مکتای دل

کیا غرض ہے سیر دشت و کوہ سے ای گلعذار | ہے خیال روے رنگین لالہ حمرای دل

لڑگئی جو آنکھ اوس مست شراب حسن سے | ہے شراب عشق سے معمور مینای دل

شرم سے موسی چھپا رکھین ید بیضا کیون | داغ ہے خورشید سے روشن بغلمین جای دل

قیس کا نوذکر کیا ہے خضر کا جی چھوٹ جاے | ہے یہ وحشت زا مرا صحراے وحشت ای دل

شعلہ رو بن جب کرے عاشق سے ٹھنڈے گرمیان | آنکھون کے رستے سے پانی ہو نکل جاے دل

جلوہ فرما ہے خیال اوس غیرت خورشید کا | کیا تعجب کا محل ہے آسمان بن جاے دل

مثل جسم و سایہ تجھسے میرے دلکو ربط ہے | تو جہان جاے پر یرو ساتھہ تیرے جاے دل

عشق کی صیقل سے جب مگدد کدورت سے ہو صاف | آیینہ خانیکا جلوہ یار کو دکھلاے دل

جب کرے غیرون سو گرمی بزم مین ای شمعرو | صورت پروانہ نار رشک سے جلجاے دل

مل بجھے مہر قیامت حشر کے دن ماہرو | داغہاے آتشین اپنے اگر دکھلاے دل

ہجر کی شب سینہ میزان مین اے ابرو کمان
ہو ترازو ناوک آہ فلک پیماے دل

مہر بے مہر پر جو آگیا دل | ہوا ہے مورد جور و جفا دل

چمن مین نغمہ پیرا ہے مرا دل | نہین اے شک گل شور عنادل

جو اوس دلبر سے ہو یگا جدا دل | کرے گا نالہ و آہ و بکا دل

نظر سے یار کے جو گر گیا دل | پھلا کسکی نظر مین پھر چڑھا دل

گر قتا اوسکو ہاتھون ہاتہ کر لو — چرا کر لے گیا وہ دلربا دل
نہین کہتا ہے کچھ ای یار جانی — ہین آنکھین دشمنان جان و ایمان دل
منہ اوسکا جانب دیر بتان ہے — بنا ہے طائر قبلہ نما دل
نہین ہے مرغ آتشخوار سے کم — ہوا ہے شعلہ رویون پر فدا دل
خیال زلف و رخسار بتان مین — ہے گرم نالہ ہر صبح و مسا دل
ہوے بندش سی میری حیف مضمون — رہا یا کوئی دیکھے خوش شاہ عادل

ہے غم مین قول خسرو و درد نساخ
کجا ما و کجا جان و کجا دل

سر شک دیدۂ پر خون سی ہی شراب خجل — ای سیکشو دل بریان سی ہے کباب خجل
خجل ہے ساقی آتش لباس سے میرے — ہے ساغر نے گلگون سے آفتاب خجل
ستارہ خال کف دست سے ہی شرمندہ — ہے ماہ صاف سے رخسار ماہتاب خجل
ای شہسوار اور ترا نور بھی ایسا — ہماری آنکھون سے ہی دیدۂ رکاب خجل
رخ و جبین و کف دست و پای روشن سے — ہے ماہ و زہرہ و برجیس و آفتاب خجل

خجل ہوے دل بیتاب سے جو برق طپان
ہے چشم پر نم نساخ سے سحاب خجل

در و چشم یار نے پنہان جو دکھلے لیا — دست بر سر رہ گئی حیرت سی جاسوس خیال

گر دش لیل و نہار چرخ سے روشن ہی صاف
ہے یہ قندیل فلک نساخ فانوس خیال

چونک اوٹھین مردمی سن لین اگر نالہای دل — کم نفع صور سے نہین شور بجاے دل
چشم سیاہ نے مجھے سرمہ کھلا دیا — لاون زبان پہ وصل مین کیا مدعای دل
پھر صحبتین ہون وصل کی یارب کہین نصیب — آٹھون پہر فراق مین ہی یہ دعای دل
رکھتا ہے پاؤن کو جہ الفت مین دیکھیے — ایسا نہو کہ ہاتہ سے جان کو گنوای دل

جب پیچ عشق مین پڑے نساخ کھل گیا

کوئی نہین ہے جان کا دشمن سوائے دل

حوصلہ ہووے نہ کم ظرف کو اصلا حاصل | ظرف خم کر نہین سکتا کبھی شیشا حاصل
نگہ شوخ نہ مروے کو جلائے ہرگز | کب فرنگی کو ہوا اعجاز مسیحا حاصل
بحر دنیا مین تنک ظرف نہووے دریا دل | ہووے تالاب کو کب وسعت دریا حاصل

مثل نساخ نہووے کبھی حاسد کو فروغ
سامری کر نہین سکتا ید بیضا حاصل

خال کو گوشۂ ابرو کے نہ چوم ای نساخ | جسکی موت آتی ہے کہاتا ہی وہ تلوار کے پہل
اے از خیال عارضت دارم گلستان در بغل | وز یاد زلف پر خمت صد سنبلستان در بغل
گر شب خود یک نغمۂ کلک تو اسیخ مرا | منقار خود سازد نہان مرغ خوشخوان در بغل
ہر تار گیسوے ترا تاتار و چین زیر نگین | یاقوت لبہاے ترا کوہ بدخشان در بغل
صد وادی بیابانیک بہ بین کز پاہاے سخت دل | ہر طفل اشک لالہ گون دارد گلستان در بغل
رخسار پر نور ترا جمع وطن در آستین | چشم سیہ مست ترا شام غریبان در بغل

نساخ در توصیف آن رشک گل باغ جنان
ہر شعر را باشد نہان فردوس رضوان در بغل

ردیف میم کلمن

عمر بھر تک وہ رہا نساخ زیر بار غم | پڑ گیا اکبار جب پر سایۂ دیوار غم
بہتر اس جینے سے ہی موت ایدل بیمار غم | آفت جان حزین ہے صدمۂ آزار غم
ای گل گلزار خوبی لالت ہجران نہ پوچہہ | نیشتر سے بھی رگ جانکو سوا ہین خار غم
ہجر جانان مین کنارہ کش ہوے ہی ہوش و حواس | غم ہوا غمخوار میرا مین ہوا غمخوار غم
کھاتے ہین ای رشک یوسف غم تری خاطر مدام | گرم رہتا ہے نہایت اندرون بازار غم
گیسوے پر پیچ کا ہجران مین بند تہا ہی خیال | لپٹی رہتی ہے مری گردن مین ہر دم مار غم
اے طبیبو یہ نہین ممکن کہ ہو میرا علاج | حضرت عیسے سے بھی اچہا نہو بیمار غم

روی شادی خاک آئے میری آنکھونکو نظر
پیش چشم خونفشان حائل ہوئی دیوار غم

خال رخسار پری رویان کا رہتا ہے خیال
کھائیگا اک دن مجھے زنگی آدم خوار غم

تیرگی آنکھون مین چھا جاتی ہے اے خورشید رو
ہے شب دیجور سے بھی بڑھکے روز تار غم

چار دیوار عناصر کا مجھے رہتا ہے خوف
موج زن جسوقت ہوتا ہے یم زخار غم

کاش بے پیر کو میرے کوئی کردے خبر
اوٹھ نہین سکتا ہے نساخ حزین سے بار غم

درگہ عالیجناب عشق مین جانا جو ہی
باندھلے نساخ اپنے سر پہ توشہ دستار غم

ہے تجھے خال سیاہ اور زلف سیہ فام سے کام
نہ غرض دانہ سے رکھتے ہین نہ کچھ دام سے کام

شیشہ و ساغر و مینا نہ مے و جام سے کام
ہے فقط کیفیت ساقی گلفام سے کام

گر دش چشم جہنم دیکھ کے دوران ہوا
اے طبیبو ہے مجھے روغن بادام سے کام

انتظاری مین کہین تا صد جانان آجائے
دیدہ و گوش کو ہے نامہ و پیغام سے کام

صبح سے دان تو ہے چونی کی گندہاؤ کا خیال
یہان نساخ کو ہے خواب سر شام سے کام

سینہ معمور از فروغ روے زیبا کردہ ام
شمع خانہ روشن از نور تجلا کردہ ام

نامہ شوق لقایت در دل انشا کردہ ام
نقطہا از مژہ مان چشم بینا کردہ ام

گرچہ ہر موے دراز تو شنے وار دسرے
من سر گیسوے مشکین تو پیدا کردہ ام

در جگر سوراخ می دارم پے تسکین دل
غرقہ بہر تماشاے رخت وا کردہ ام

مے نگارم معنے باریک در وصف میان
رشتۂ فکر رسا را دام عنقا کردہ ام

ردیف نون کلمن

یہ جو سر شک گرم ہے چشم پر آب مین
ای بحر حسن ہے یہ سمٹ کر حباب مین

دل چاک چاک ہے جو وہ رخ ہے نقاب مین
پردہ دری ہے صاف کبھی کے حجاب مین

ہجران مین تیرے دم جو ہے چشم پر آب مین
ای بحر حسن گویا ہوا ہے حباب مین

عالم چکور کا ہوا رہرو پہ شہسوار
ہالے مین ہنہ ہے پاؤن نہین ہے رکاب مین

سو سو طرح سے کھاتی ہے بل اوٹھتے بیٹھتے
کاکل سے بڑھ چلی وہ کمر پیچ تاب مین

طفلی مین نیچہ کیسی چلتا ہے تو جو چال
جیتا بچے گا کوئی نہ تجھسے شباب مین

ہے چشم مست کا دل پر داغ کو خیال
ہے مے بھری ہوئی قدح آفتاب مین

خطِ سیاہ عارض روشن سے کھل گیا
زنگ آگیا ہے آئینۂ آفتاب مین

ابلیس کو بھگائے وہ اور بھیجہ رقیب کو
ہے طور تیر آہ کا تیر شہاب مین

وہ شہسوار گرم عنان ہو جو سیر مین
دوڑے گا سرو لنگ بھی اوسکے رکاب مین

سفاک کی نگاہ کی ہے یاد وقت ذبح
خنجر ہزارون ٹوٹے مرے اضطراب مین

اوسکی ہنسی سے یہ دل پر داغ ہے فگار
بجلی کی ضرب ہے سپر آفتاب مین

خاموش اہل بزم کو کر دے یہ ہے اثر
نساخ اپنے ہر سخن لاجواب مین

اوس دلربا کا جلوہ ہے چشم پر آب مین
ہمنے پری کو بند کیا ہے جباب مین

ہے عکس داغ دلکا رخ بے حجاب مین
تصویر ماہ ہے ورق آفتاب مین

روے صنم کا جلوہ ہے چشم پر آب مین
تحویل ماہتاب ہے برج حباب مین

سو سو طرح سے باندھے ہین مضمون یار لیف
ہاتھون سے میرے قافیے ہین اک عذاب مین

پستان سرخ محرم آب زوان مین ہے
ٹکڑا شفق کا جلوہ نما ہے حباب مین

خالی ہین ساکنان فلک عشق سے اگر
پھر داغ کس لیے ہے دل ماہتاب مین

ہے منعکس جو کاکل پر پیچ دلربا
گویا زبان مار رہے ہر موج آب مین

اوس ماہرو کی بزم مین چلتے ہے جو شراب
ہے دور آفتاب بشب ماہتاب مین

رخسار پر عرق کے تصور مین مرتے ہین
کشتی عمر اپنے زوان ہے گلاب مین

دیکھی تڑپ جو کان کی مچھلی کی بحر حسن
ماہی کی طرح عمر کٹی اضطراب مین

اوس ماہرو کی یاد مین روشن ہین داغ دل
تارے چمک رہے ہین شب ماہتاب مین

ممکن نہین گناہون کا میرے شمار ہو
مصروف ہون جو سارے فرشتے حساب مین

نقش سم فرس سے جو تشبیہ ہمنے دی
اے مہر ہے یہ گرم روی آفتاب مین

چونا نہین کی خاک مین منعم کے ہڈیان
ہیجا غرور کرتے ہین دیر خراب مین

کٹکا گیا فراق کا امید وصل ہے
دیکھا جو وصل عاشق و معشوق ڈاب مین

دیوان اپنا بن گیا ہے شمس بازغہ
فسانح شعر لکھتا ہون وصف شراب مین

جو خوبرو ہین وہ نہین رہتے حجاب مین
دیکھا نہین ہے مہر کے رخ کو نقاب مین

جو صاف دل ہے وہ نہ رہے پیچ و تاب مین
ہوتی ہے موج بھی کہین موتی کی آب مین

خط جلوہ گر نہین ترے رخ کے نقاب مین
لکھا نہین ہے کچھ ورق آفتاب مین

کیا عیش تنگ ظرفون کو دیر خراب مین
ہوتی نہین ہے مے کبھی جام مباب مین

کیا کام نکلے نام سے دیر خراب مین
کب روشنی ہو گنجفہ کے آفتاب مین

ہے تلخ عیش عاشق چشمان مست یار
رند و ضرور ہوتی ہے تلخی شراب مین

انسان کو وطن مین بھی ہو چین ہی محال
پانی مین مچھلیان بھی ہین اک اضطراب مین

خط سیہ نہین رخ تابان یار پر
کب بال آئے آئینۂ آفتاب مین

اوسکو نہین ہے اس دل پرداغ پر نظر
سنہ کون دیکھے آئینہ آفتاب مین

بدمستیون سے کام ہے روشندلون کو کیا
اک قطرہ مے نہین قدح آفتاب مین

ہر دم بہا ہے اس دل روشن کو شور نے
پیدا ہے رشک ماہ جبین آفتاب مین

خط کا نہین ہے اس دل پرداغ کو خیال
کیون زنگ آئے آئینہ آفتاب مین

دنیا مین کیفیت مین ہین جو ہین رقیق قلب
عقدہ یہ کھلگیا مجھے دور شراب مین

رہتی ہے نیچ کی دل سوزان کو یاد، ہو
غیر نمک مزا نہین ہوتا کباب مین

حاصل صفاے دل نہ کبھی بدگہر کو، ہو
پیدا نہو گہر کبھی خنجر کے آب مین

آہن دلون کا دل تو پگھلتا نہین کبھی
آنسو کا نام تک نہین چشم رکاب مین

مرد خدا سے منعموا چھپا نہین غرور
فرعون کو ڈبو دیا موسے نے آب مین

ہو صاف دل کو صحبت کثیف ناپسند

دم بھر ہوا ٹھہرتے نہین ہے حباب مین

کون سی رات مرے دلکو تری یاد نہین
کون سا روز ہے جو نالہ و فریاد نہین

اور سکی چوکھٹ پہ کھے پاؤن پہ مین کسکی نصیب
ہے مکان یار کا کچہ گاشن ستداد نہین

وصف مژگان سے کیا ہے دل حاسد کڑے
خامہ اپنا تو کم از خنجر فولاد نہین

قتل عشاق کیا کرتے ہین خوبان جہان
کون دنیا مین حسین ہے کہ وہ جلاد نہین

ہجر مین رنج و غم و درد و الم کا ہے ہجوم
کوئی دن شاد ہمارا دل ناشاد نہین

سیکڑون فتنے کیے دیدۂ فتان نے بپا
کون کافر ہے کہ وہ بانی بیداد نہین

کمر نازک جانان کی جو کھینچے تصویر
یہہ مجال قلم مانی و بہزاد نہین

فصل گل آتے ہی اوڑ جاتی ہے گلشن سے خزان
بے اثر نالہ مرغان چمن زاد نہین

طلب وصل پہ کیا ہان کی توقع تجھسے
ہے سدا تیری زبان پر ستم ایجاد نہین

بلبلین کہتی ہین گل چین نہ لگے گل کو ہاتہ
نوعروسان چمن مورد بیداد نہین

بیستون پر کل لالہ کو تو دیکہہ اے شیرین
کب عیان کوہ پہ خون سر فرہاد نہین

خاک مین سرمہ ملے ٹوٹے کہین آئینہ
کچہہ بھی تجھکو غم حال دل برباد نہین

اک غزل اور پئے خاطر حباب لکھون
یہ زمین گو کہ پسند دل ناشاد نہین

دل کو کچہ غیر ہمو ستے تبان یاد نہین
اس لیے لب پہ مرے نالہ و فریاد نہین

کونسا دل ہے کہ جس دل مین تری یاد نہین
کون سا گھر ہے جہان مین کہ وہ آباد نہین

پیچ سے دام و درم کے مین رہا روشن دل
مرغ زرین کو ذرا خطرہ صیاد نہین

جو کہ خادم ہے وہ مخدوم ہوا آخر کا
کون سا طفل ذبستان ہے کہ استاد نہین

راست بازون کو نہین بیم حوادث کا خطر
مور ظلم ستمگران باغ مین شمشاد نہین

ظلم گلچین سے ہوئی باغ مین نالان بلبل
ورنہ کچہہ گل سے اسے شکوۂ بیداد نہین

یاد گلرو مین مرے نالے جو بلبل نے سنے
گم ہوے ایسے کہ انداز فغان یاد نہین

دل زاہد ہے نہین ذکر بتان سے خالی
سیکڑون گھر مین جہان مین کہ وہ آباد نہین

گوش زوار کے ہوتی نہین غم ہی تو یہ ہے
بے اثر ورنہ مرے نالہ و فریاد نہین

چھیڑ دیتی ہے رگ دل کو اشارے مدام
تیرے مژگان کم از نشتر فصاد نہین

مین تو محسود ہون عالم کا سخندانی سے
کون ہے جسکو مرے شعر پہ ایراد نہین

نالہ شعلہ فشان دم مین اور آہ دیوین دہوئین
کچھ بھی اس گنبد دوار کی بنیاد نہین

صدقے مین اوس قد بالا کے بہلا ای تمری
کونسا سرو گلستان ہے کہ آزاد نہین

سیٹیان بھول گئے رمزے سن سن کے مرے
ابتو مرغان چمن راد کو کچھیاد نہین

لاکھون زنجیرین توڑ آ ڈالین ہین فصل گل مین
میرا لوہا جو نہ مانے کوئی حداد نہین

موم کی طرح تپ ہجر سے کیون کر نہ گلے
دل نساخ ہے کچھ آہن و فولاد نہین

یاد گل عذار مین آنکھون مین نم نہین
محتاج آب نرگس باغ ارم نہین

فیض خیال وصل سے ہجران کا غم نہین
صد چاک سینہ شانہ زلف الم نہین

ہر ہر قدم پہ شور قیامت بپا ہوا
کم آفتاب حشر سے نقش قدم نہین

لکھتا نہین ہون کب دل وحشت زدہ کا حال
کب چاک چاک دامن و جیب قلم نہین

عشق دہن کا حال کہلا مجھپہ بعد مرگ
معلوم زندون کو رہ کنج عدم نہین

لکھتا ہے وصف پھول سے رخسار کا ترے
گرہ کم عندلیب مست سے اپنا قلم نہین

زلف رسائے یار سے پوچھون کمر کا حال
معلوم مجھکو جادہ راہ عدم نہین

ڈرتے ہین دور چرخ سے روشن ضمیر بھی
بیخوف باد سے کبھی شمع حرم نہین

کرتے ہین سیدھی نظرون سے عاشق کو قتل وہ
یہہ تیغ آبدار وہ ہے جسمین خم نہین

پڑتے ہین پیچ تاب مین کب جوہین سر بلند
شہباز مہر بستہ دام و درم نہین

حسرت بھری نکلتی ہے جو ساز سے صدا
مارنگاہ یاس سے یہہ زیر و بم نہین

دلبر چٹا کیہ کا کوئی چال پر چلا
تغیر بذحب و بغض سے نقش قدم نہین

کب فیضیاب شادی وصلت سے ہم نہین
کب چاک اپنے ہاتھون سے دامان غم نہین

لیتی ہے مجھسے کام جو تیغ ستم نہین — دل خون ہوگیا ہے مرے دم مین دم نہین
گالی مجھے جو دے تو جلے غیر رشک سے — اوس بت کی دشمنی بھی محبت سے کم نہین
ہوتا ہون قتل لطف و عنایات یار سے — مین زیر بار منت تیغ ستم نہین
کٹتے ہین غیر حال مراد دیکھہ دیکھہ کر — تیغ جفا سے تیری وفا یار کم نہین
لاکھون کا خون ہوتا ہے جوہر سیم و زر — کم جوہرون سے تیغ کے نقش و رم نہین
جان پاتے ہین رقیب جو ہجر ان مین دیکھکر — ہے چشمہ حیات مری چشم نم نہین
اے جان طلب پہ بوسۂ زلف سیاہ کے — کم زہر سے نہین ترے مرکی قسم نہین
کرتا ہے قتل مجھکو ترا وعدۂ وصال — دمباز تیغ تیز سے کم تیرا دم نہین
آسان سمجھ اہل دول ہے جہان کی سیر — کم خط جام سے کبھی نقش و رم نہین
اوس بت کی ہجر مین جو ٹپکتے ہین اشک صاف — سنگ چکان سے کم مرے چشمان نم نہین
سیر جہان جو ہوتی ہے حاصل کتاب سے — جرفون کا دائرہ بھی کم از جام جم نہین
حل ہوگیا ہے مسئلہ جبر و اختیار — مین قید زلف یار اوسے میرا غم نہین
پر تو فگن ہے عارض رنگین تیغ زن — خون عاشقون کا جوہر تیغ دو دم نہین
کیون مد آہ بلبل نالان ہے بے اثر — اگر گل جہان کے باغ مین جذر اصم نہین

نسعاخ ہے جو طائر مضمون کی فکر مین
شہباز تیز پر ہے ہمارا قلم نہین

یاد رخسار آتش افشان مین — سورۂ شمس پڑھیے قرآن مین
دل ہے پابند زلف پیچان مین — اپنا مسکن ہے سنبلستان مین
ایک یوسف تہا چاہ کنعان مین — لاکھ دل ہین چہ زنخدان مین
یاد لب مین مجھے ہین پارۂ لعل — اشک کے بدلے چشم گریان مین
ہے جو زور دنبہ اپنا دست جنون — مار نابت نہین گریبان مین
وصف دندان جو ہو قلم سے ادا — کیون نہ بجلی گرے نیستان مین
دل زخمی ہے شاہد ضحاک — یاد افعی زلف پیچان مین

ہین جہہ زلفون مین ذرہ فشان
یا کہ جگنو ہین سبزستان مین

زار ایسا ہوا ہون ہجران مین
کہ نہین فرق جسم مین جان مین
ہے پسینا جہہ رخسار ان مین
یا کہ یوسف ہے چاہ کنعان مین
تم جو آجاؤ بیت احزان مین
جان آجائے جسم بیجان مین
یاد ہے گلبدن کی ہجران مین
سیکڑون چاک ہین گریبان مین
جان وہی عشق تیغ بران مین
گور میری بنے صفاہان مین
کبھی زلفون کی یاد لب کی کبھی
گہ ختن مین ہون گہ بدخشان مین
اوس گل ترکی آمد آمد کا
بلبلہ شور ہے گلستان مین
شانہ و زلف سے نہ تشبیہ
کیا تکلف ہے گوی و چوگان مین
پھر دوبارہ ہو زندگی اپنی
اگر آجائے موت ہجران مین
غسل دلواؤ آب گوہر سے
جان نکلی ہے یار دندان مین
عالم خط جوہری اے دل
نظر آیا میان جانان مین
تورے بازو جو ناوک افگن نے
تیر کی پردے مین تا وان مین
بوسۂ لب چہپکے دو لیکہ
اجر زاید ہے خیر پنہان مین

چشم شہلا کا کشتہ ہے نساخ
اوسکو دفناؤ نرگستان مین

امید وصل و بیم ہجر مین بس دن گذرتے ہین
عجب کچہ زیست ہے اپنی نہ جیتے ہین نہ مرتے ہین
جو ہم جوش جنون ہین کوہ و صحرا ہین گذرتے ہین
تو بڑھکر کوہ کن اور قیس استقبال کرتے ہین
پریشان ہوش جمع عاشق مضطر کو کرتے ہین
بہار گیسوون کے وہ جو بالون کو کترتے ہین
نہین ہین آشنا نالون سے اپنے کان کر بیٹھے
کسی پردہ نشین کے عشق کا ہم دم جو بھرتے ہین
ہے میرے عشق کے باعث جو تیرے حسن کا شہرہ
ملایک دیکھنے کو آسمانون سے اترتے ہین
ہزارون نالے کرتا ہے مؤذن صورت بلبل
کبھی مسجد کی جانب ہو کے جو گلرو گزرتے ہین

پریشان ہوتے ہین سنبل کیصورت سیر گلشن مین
ہمارے آہ و نالے سے جو بال اونکے بکھرتے ہین

بھلا کیا اصل پریونکی وہ شہزادہ اوسکا پیارا ہو
فرشتے بھی فلک پر ذکر حسن یار کرتے ہین

سیاہی سی مہ و انجم کی آنکھون مین ہے پھانچی
شب مہتاب مین کوٹھے سے جب ہم وہ اترتے ہین

دماغ اونکا ہے چوتھے آسمان پر مہر کیصورت
ترے پاؤن چوا اور شک عیسی سر کو دھرتے ہین

بنا دیتے ہین وہ حیرت کا پتلا رہ نوردون کو
رخ آئینہ سان لیکر جو رستے سے گذرتے ہین

سند اور دربان فسانح ہے یہ صنعہ افشن
مسیحا ہین مگر بیمار سے پرہیز کرتے ہین

بیابان مین قدم جب عالم وحشت مین دھرتے ہین
ہر سنگ گل سر ہر خار کو ہم لال کرتے ہین

ہمارے نالے آہن کو گلا کر موم کرتے ہین
پر اپنے خوبی طالع سے وہ کب کان ہرتے ہین

چمن مین بلبلون مین ہے بپا ہنگامہ محشر
رخ گلرنگ تیرا دیکھکر فریاد کرتے ہین

بجز اندوہ و حرمان خاک تا تہ آتا ہے عالم مین
رہا ہین بند غم سے وہ جو دنیا سے گزرتے ہین

بلاتے مردہ صد سالہ کو مین باتون باتون مین
مسیحا کالب جانبخش دم بند کرتے ہین

مثل مشہور ہے دنیا مین ہر کارے و ہر مردے
جو ہین کم ظرف میخانیمین وہ کب پاؤن دھرتے ہین

ہوا رعب فروغ حسن سے خورشید بھی لرزان
جو وقت غسل وہ منہ اپنا دھوتے ہین کھڑکی مین

لب معجز نما کی یاد مین اے عیسی غیرت
حیات جاودانی پاتے ہین جو تجھپہ مرتے ہین

ہے وہ صیاد گلرو سامنے آنکھونکے ہر ساعت
قفس مین ہمصفیر و زیست کے دن خوش گزرتے ہین

فنا ہوجاتے ہین اک آن مین سیل حوادث سے
حبابون کی طرح جو جوش مستی مین ابھرتے ہین

بُرا ہو یا بھلا ہو سوچتے مطلق نہین ہرگز
جو اونکے جی مین آجاتا ہے یکسر کر گذرتے ہین

وہ ایسا بد گمان ہے دم چرانیکا ہو شک اوسکو
جو کوئی اوس سے کہدے حضرت فسانح مرتے ہین

نرم انجمار مین وہ شب کو رہا کرتے ہین
ہم مہان شمع کے مانند جلا کرتے ہین

سانپ کی طرح مجھے پیچ دیا کرتے ہین
پیچ کیا کیا ترے گیسوے دوتا کرتے ہین

بوالہوس کے لیے عاشق کو جدا کرتے ہین
ہوش مین آیے صاحب کہ یہ کیا کرتے ہین

مجھپہ وہ ظلم و ستم جور و جفا کرتے ہین — خوب کرتے ہین جو کرتے ہین بجا کرتے ہین
تمامین محفل مین جو لیتا ہے وہ زنگ زہرہ — لوٹی چرخ کے بھی ہوش اوڑا کرتے ہین
دل زاہد کیطرح ہوتی ہین آنکھین پر نور — وصل مین بند قبا اونکے جو وا کرتے ہین
ایک بھی بات ہماری نہین سنتا صد حیف — جان و دل جس بت کافر پہ فدا کرتے ہین
خار کی طرح رہا کرتے ہین ہر چشم مین خوار — زاہد خشک جو دانستہ ریا کرتے ہین
کرہی معشوق ہین باقی نہین رہتی ہی پڈی — ظلم کیا کیا سر عاشق پہ ہوا کرتے ہین
خاکیہ حاصل ہو بتون سے اے برہمن مجھکو — دست سائل بھی کوئی حاجت کو روا کرتے ہین
جب سے آئے ہین بریسال مین ہم صورت لیف — دفتر شعر پریشان رہا کرتے ہین

نئی البدیہہ جو غزل کہتے ہین ہم اے فساخ
قافیے شاعرون کے تنگ رہا کرتے ہین

دنیا کا عیش ہجر مین ماتم سے کم نہین — آب حیات خضر مجھے سم سے کم نہین
وحشت مین خونفشان جو ہوئی چشم آبلہ — صحرا تمام گلشن عالم سے کم نہین
چشم شکار افگن مشکین کی یاد مین — مجھکو غزال دشت بھی ضیغم سے کم نہین
ہر اشک لالہ رنگ نگینہ ہے لعل کا — حلقہ ہماری آنکھون کا خاتم سے کم نہین
اللہ رے اثر رخ تابان یار کا — ذرہ ہر ایک نیر اعظم سے کم نہین
رہتا ہی وصل مین بھی جو ہر کا فراق کا — شادی کا روز بھی شب ماتم سے کم نہین
اوس رشک گل نے ایسا اوراہی اوسکا — مہر فلک بھی قطرہ شبنم سے کم نہین
رہتے ہین بیچ تاب مین جو ہم سیاہ بخت — اپنا بھی حال گیسوے پرخم سے کم نہین
اوس رشک مہر کی جو توجہ ہے اس طرف — ہر اشک چشم قطرہ شبنم سے کم نہین
بھرتا ہے منہ سوا لکا وہ غیرت مسیح — زخم دہن کو بوسہ بھی مرہم سے کم نہین
سن سن کے جلتے ہین وے مرتے نہین حسود — مضمون گرم نار جہنم سے کم نہین
بھرتے جواب صاف سہی ہین کا سہ سوال — اس عہد کے بخیل بھی حاتم سے کم نہین

فساح اپنے لپنے سمجھ مین بقول ذوق

سب جیسے ہین زیادہ کوئی جیسے کم نہین

جسکو سودا اوسکے جوڑیکا نہین — عقدۂ عشق اوسیکو حل ہوتا نہین
کب خیال زلف عنبر سا نہین — کب معطر یہ دل شیدا نہین -
بات مجھسے وہ صنم کرتا نہین — لب پہ میرے نالۂ بیجا نہین -
جسنے مضمون زبان بانکا نہا نہین — بات کا اوسکو مزا حاصل نہین
جاے بت اسمین نہین جز ذکر حق — کعبۂ دل ہے یہ بت خانا نہین
چشم گریان دیدۂ یعقوب ہے — وہ مہ کنعان نظر آتا نہین
پیچ سے کیا عشق کے واقف ہو وہ — دام مین جو زلف کے آیا نہین
مہر تو اے ماہ یہ خط شعاع — عکس رخ پر تار گیسو کا نہین
زار جو یاد کمر مین ہو گیا — اپنا سایہ صورت عنقا نہین
وصل مین بھی حیف بخت نارسا — ہاتھ اوسکے پاون تک پونچا نہین
ضعف ایسا ہی فراق یار مین — نالہ بھی تو لب پہ آسکتا نہین
جز فغان و نالہ و فریاد و آہ — ہجر مین ہمدم کوئی اپنا نہین
وصل مین بھی اوسکا یہ انداز تھا — ایک ہان گر کی ہے تو صد ہا نہین
شور محشر ہے صدا خلخال کی — ہے قیامت قامت بالا نہین

جام مے نسیان وہ دے یا نہ دے
دست ساقی پر مرا قبضا نہین

بگڑتے بنتے ہین لاکھون حباب دریا مین — ہے مثل دور زمان انقلاب دریا مین
جو اوترے غسل کو وہ آفتاب دریا مین — ہر ایک حباب ہو جام شراب دریا مین
کسے ہوا ہے یہہ شوق شراب دریا مین — کہ واژگون پین یہ جام حباب دریا مین
گرا ہے عکس جو زلفون کا سانپ کے مانند — ہر ایک موج کو ہے پیچ و تاب دریا مین -
مین وہ ہون مست کہ جاؤن جو پیر یا کو — بھیگی پانی کے بدلے شراب دریا مین
پڑھون کنارے پہ چلکر جو شعر گوہر بار — ہر اک حباب ہو در خوشاب دریا مین

پڑا ہے عکس ترے کان کی جو بجلی کا
ہے مثل برق تپان موج آب دریا مین

سنی ہے کیا ترے کانون کی مچھلیون کی تڑپ
کہ مچھلون کو ہر اک اضطراب دریا مین

نمود ہے نوکا تپلا کہ اب ہمہ تن چشم
ہے تیری دید کے خاطر حباب دریا مین

پڑا ہے عکس ترے کس کلیدن کا اے فسانہ
سنبلے جو رو خۂ بلبل حباب دریا مین

گر پسینا روے خوبان پر نہین کچھ غم نہین
باغ جنت کے گلون کو حاجت شبنم نہین

کون ہے ایسا کہ جسکو عاشقی کا غم نہین
کونسا دل ہے کہ وہ شک خانۂ ماتم نہین

فیض رخسار تبان سے داغ سودا نکے مفدد
ذرہ سے رتبہ مین زا مہر اعظم نہین

ابروی پر خم سے تیرے مجھپہ یہ عقدہ کھلا
عیب ہے شمشیر مین اے تیغ زن گر خم نہین

تشنگان شوق کب سیراب غیب سے ہوے
یہہ وہ چشمہ ہے کہ جسمین نام کو بھی نم نہین

عاشقون پر چاہیے چشم کرم اے رشک مہر
ذرہ پر کس دن نگاہ مہر اعظم نہین

حال عالم سینہ صافی کے سبب ہی منکشف
کچھ رگ دل سے زیادہ خط جام جم نہین

بہر گون حق گو نہ امت سے نہین ہوتا کبھی
دار پر بھی گردن منصور اے دل خم نہین

دیکھکر حیران ہو ہی وہ پھول سی پیشان سرخ
بلبل تصویر سے انگیا کی چڑیا کم نہین

بھر گئے زخم جگر اوسکی نگاہ لطف سے
چشم الطاف بتان اے دل کم از مرہم نہین

اس جہان کیونکر تہ و بالا نہ ہو ہنگام رقص
دور دامن گردش چرخ بریں سے کم نہین

تیری روشن اونگلیون کی پور ہی ماہ منیر
ہالہ مہتاب سے کم حلقہ خاتم نہین

داغ دل کو خوف کیا فسانہ آہ گرم سے
گلشن فردوس کو باد خزان سے غم نہین

ہے وصل مین وہ زلف گرہ گیر گلے مین
اب طوق گلے مین ہے نہ زنجیر گلے مین

ہے کیا ہی صفا اوبت بے پیر گلے مین
آتی ہے نظر بان کی تحریر گلے مین

دیوانہ ہوا محبت جو تجھے دیکھے برہمن
زنار کے بدلے رکھے زنجیر گلے مین

سن لے کبھی اوس لعل سخن گو کی جو باتین
ہو بند اے طوطی تری تقریر گلے مین

دیوانہ ابر رے تبان طوق کے بدلے
تشکاے لیے پھرتے ہین شمشیر گلے مین

اشیب پری سر سے اوتر جاے جو باندھے
تعویذ کے بدلے تری تصویر گلے مین

دوڑیگا اون آنکھونکے مین دیوانہ ہون پہناؤ
اب موج می ناب کی زنجیر گلے مین

مانگے سرے قاتل سے جو یانی کوئی رنجے
پتکاے وہ آب دم شمشیر گلے مین

اوس طفل کی لکنت کا کرون وصف تو نساخ
ہر بات رکے پھیر دم نقد بر گلے مین

ہون جو اپنے داغ سوزان پر تو افگن آب مین
ہر حباب بحر ہو خانوس مدوشن آب مین

اوس پری کے مردم آبی بھی دیوانے ہوے
ہو گئے گرداب مثل طوق آہن آب مین

صحبت اسفل سے اعلا کو مناسب ہی گریز
کانپتا ہے پرتو خورشید روشن آب مین

نظر باے اشک کی جا دیدہ پر نم مین ہے
گوہر شہوار کا ہوتا ہے مسکن آب مین

دل ہوا او سکا کہ جھک کر روتے دیکھکر
زنگ سے آلودہ ہو جاتا ہے آہن آب مین

انکھون مین سخت دل پر خون نظر آتے نہین
مثل رکب لعل کا ہوتا ہے معدن آب مین

کوئی بھی ہوتا نہین مانوس جنس غیر سے
جسطرح ہوتا نہین مخلوط روغن آب مین

ہے بلاے دہر سے ایمن وطن مین ہر کوئی
سینہ گوہر مین کب ہوتا ہے روزن آب مین

خشم بھی ہوتا ہے احسان دیدہ ور
آنکھ موتی کی نہین ہوتی ہے روشن آب مین

راستی نساخ کا پیشہ ہی سچ ہی قول و فوق
شیشہ سیدھا تیرتا ہے وقت رفتن آب مین

چشم مین اشک لعل فام نہین
اب نشان جگر کا نام نہین

مے الفت کو نوش کر زاہد
کسی مذہب مین یہ حرام نہین

خواب مین بھی خیال رہتا ہے
یعنی سودا ے زلف خام نہین

لب ساقی پلاے لعل مذاب
یہان تمناے مہر جام نہین

دیدہ و گوش کیون نہ کھٹکین
ایک دن نامہ و پیام نہین

دل دیا ہے کسی کو آے نساخ

ہوٹ یہ تجھپہ انہام نہین

دل بت مین نہو کیون آہ عاشق کا اثر نہان
جگر مین سنگ کے ای ہون ہووے مقر نہان

فراق یار مہوش مین جو ہم گریان ہون تو دیکہو
یہی ہو شکل یونمان آب مین ہیند رنگر نہان

جنازے پر تجھے ای رشک عیسی کھینچ کر لائے
نہین ممکن کہ ہووے جذب عاشق کا اثر نہان

چہپا سکتا نہین غماز ہرگز بہید کی باتین
کہان کر سکتی ہے راز محبت چشم تر نہان

ہو مین دم مین اوراد سے گنبد گردون کی ای مہرو
نرکہون دلمین اپنے نالہ سوزان اگر نہان

بجز تیری نہو جلوہ نما داغ دل روشن
رہے دامان شب مین مہر تابان تا سحر نہان

نہ ہاتھہ آسکتی ہی وہ اور نہ اسکو چوم سکتے ہین
کہ چشم عاشقان سے ہے وہ نہان کر نہان

ملا لی کیطرح نساخ بھی کہتا ہے قاتل سے
دلم صد پارہ و ہر پارہ در خون جگر نہان

ہووین نہ سادہ لوحون سے عشاق کامیاب
ہو آب آئینہ سے لب خشک تر کمان

مہکو شب فراق سے نیند نہین پڑی
انسان کو ہووے موت سے ایجان مفر کہان

نکہت نہین ملا کسی خوش قد کے عشق مین
پایا ہے سرو باغ جہان نے ثمر کہان

کیونکر رقیب قعر لحد مین نہ جاوے
شیطان کا آسمان پہ ہووے گزر کہان

کیا خاک پونچہے منعم تیرہ درون سے فیض
دامان برق ابر سے ہوتا ہے تر کہان

نساخ تیرے کوچے سے باہر نہ ہو کبھی
جاتی ہے عندلیب چمن چہوڑ کر کہان

پڑہتا ہون شعر یار سے بت گلعذار مین
ہر عندلیب نغمہ سرا ہو بہار مین

فرط خوشی سے پہولین نہ عشاق وصل مین
کب خار خشک سبز ہوا ہے بہار مین

دم بھر تری نگاہون کو ہوتا نہین قرار
صیاد پھرتے رہتے ہین شوق شکار مین

آرام ہو تعلق دنیا سے چہٹنے ہے
سب سوین بعد مرگ لحد کے کنار مین

کافی ہے چشم عبرت کا میرا تن نزار
مژگان ترے کہٹکتے ہی چشم ہزار مین

گلکدہ مین ہو قدر کسی میرے شعر کی

ہوئے ہو منعکس صیاد تیرے بال پانی مین
پڑا غل مچھلیون مین کسنے ڈالا جال پانی مین
ترے تیر نگہ کے روکنے کو مردم آبی
حبابون نے لیے ہین اپنے سر پر ڈھال پانی مین
تو وہ شیرین دہن ہو گر کرے کلی لب دریا
لب ہر مردم آبی سے ٹپکی رال پانی مین
ہوا سے اشتیاق رونے جلا کر خاک کر ڈالا
بہاوے نعش عاشق کو ترا ی غسال پانی مین
پر ماہی پر بلبل کا دیتا ہے مجھے دہوکا
ہوئی ہے منعکس اوس کل کی جو تمثال پانی مین
جو سیر بحر مین ہو منعکس سیندور کا ٹیکا
زبان ہر مردم آبی کی ہوئے لال پانی مین

ہلال چرخ کا عالم ہے ای نساخ موجون پر
ہوئی ہے منعکس جو یار کی خلخال پانی مین

کب یاد ابر دے صنم مہ جبین نہین
تلوارین میرے سینے پر کس دن چلین نہین
بلبل چمن مین کرتی ہے نغمہ سرائیان
پہلو مین نالہ زن مرے جان حزین نہین
گذرے خیال بوسہ تو پڑ جائے لب پہ نیل
تیرنی طرح جہان مین کوئی نازنین نہین
حاسد بھی فیضیاب ہین میرے کلام سے
خرمن کا میرے کون ہے جو خوشہ چین نہین
اس دور مین گزر نہین جز غم نشاط کا
وہ کون سا ہے دل کہ جو اندوہ گین نہین
یہہ قہر ہے غضب ہی ستم ہے کہ وصل مین
کرتے ہی قتل یار کی مجھکو یقین نہین

نساخ کون قدر کرے تیرے شعر کی
سلمان نہین کمال نہین ہی خرین نہین

وہ دل نہین ہے جہان عشق کا مقام نہین
نگین وہ محض ہے بیکار جسمین نام نہین
بجا خموشی اصنام اے برہمن ہے
کہ آسیا کی دہن ہی مگر کلام نہین
ہی خون جسکا بگر کب کسی کا ہو پابند
کہ مرغ رنگ حنا کنجد اسیر دام نہین
حباب بحر نہ دنیا مین دیر پا ہووے
کہ تنگدل کو جہان مین کبھی قیام نہین
جہان مین بخت مزاجی ہی باعث ایذا
اوٹھاے سنگ کا صدمہ مہ غمر جو خام نہین
سبب زوال کا ہووے کمال دون ہمت
ہوا سے گل نہوا ایسا چراغ بام نہین

نہ شعر کہنے پہ ہوتا تو مست اے نساخ
نہین ہے نشہ جہان مین کہ وہ حرام نہین

سخت دل پر خون نہین اس دیدہ تر مین
مرجان کبھی پیدا نہوا آب گہر مین

اغیار کو اے یار نہ رکھہ بزم مین اپنے
سوذی کو جگہہ کوئی بھی دیتا نہین گھر مین

ہین گرم مرے دیدہ و پر سوز کے آنسو
لازم ہے جلن سنگدلو ہو وے شرر مین

عاشق کو جلائیگا وہ بت آتش غم سے
اللہ گنہگار کو ڈالے گا سقر مین

دل چاک جو ہین اونکو نزاکت سے نہین کام
شانہ بھی الجھتا ہے کہین ہوے کمر مین

کب بخت سیہ عارض دلدار دکھائے
کب ربط ہوا ی حرج کہن شام و سحر مین

ہو خضر راہ دیدۂ تحقیق مین اگر
آب حیات جلوہ نما ہو سراب مین

لہرا گئی ہے ابروے خم دار یار کے
ہر موج پیچتاب سے ہے خنجر آب مین

مردم وطن مین ہوتے نہین دیدہ ور کبھی
آنکھین بھی کھو تنا ہے کوئی گوہر آب مین

گر ہو وے فکر صاحب توحید نکتہ چین
باقی رہے نہ فرق سراب و شراب من

دندان آبدار سے نساخ تک ہوا
کان نمک مین جیسے ہین یا گوہر آب مین

ہے ترتب بجل کی سے میرے دل بیتاب مین
بیقراری ہوتی ہے اک شعلہ رو سیماب مین

دیدۂ تر مین خیال پنجۂ گل رنگ سے
ہووے پیدا بحر خوبی شاخ مرجان آب مین

کوے قاتل مین بجاے زاہد گمراہ کبھی
کب برہمن کو ملی جای مسلخ قصاب مین

جوش وحشت بوسہ مانے لعل جانان سے ترا
ہے اثر اصلاح خون کا چارہ گر عناب مین

سر کو کب زاہد جھکائے پیش ابروی بتان
سجدہ کب کرتا ہے ہندو کعبہ کی محراب مین

جو کہ ہو فیاض دیتا ہے اوسی خالق نہ روز
روشنی ہوتی ہے روے مہر عالمتاب مین

صاف باطن ہو جین دل اونکا ہو پر خون کبھی
کب ہو پیدا شاخ مرجان آئینہ کی آب مین

کب ہوا میر اگذر یار کے کاشانے مین
مے نہین ہوتی ہے خورشید کے پیمانے مین

قبر مین اس دل پر داغ کو آرام ملا
چین روشن دلون کو ہووے سیہ خانے مین

ہر الہوس ایک نگہہ مین ہوا ساقی مدہوش
مست کم ظرف ہوا ایک ہی پیمانے مین

دل مرا کوچۂ جانان سے نہ نکلا ہرگز
ساقیا جان ہے میخوارونکی میخانے مین

ختم ہے سجدہ نماکیت بت کافر بخدا
گنگھی دلفون مین جوکی در و ہوا شانے مین

ہوا در ترا یہ سنکے کووہ بت سفاک پانی مین
ہوا ہر موم آبی کا سینہ چاک پانی مین

ڈبو دیوے کا مجھکو دیدۂ نمناک پانی مین
حباب آسا ہیگا یہ دل غمناک پانی مین

وہ مست بادۂ شوخی اگر جاے نہانے کو
حباب انگور ہووے ہر موج تاک پانی مین

رہین گر موج زن ایسے ہی اپنے دیدۂ گریان
یقین ہے غرق ہوگا گنبد افلاک پانی مین

وطن مین کہیہ بلا انسان کے سر پر نہین آتی
صدف کا بھی کوئی ہوتا ہے سینہ چاک پانی مین

حبابون پر گمان فنا کا ہووے ہیگا سمندر کا
ہوا جو منکسر و دردسے آشناک پانی مین

تاریک گور مین ہے سینے کا داغ روشن
گویا اندھیرے گھر مین ہے یہ چراغ روشن

ہے یاد روی روشن اس داغدار دل مین
ہووے چراغ گل سے اے شمع باغ روشن

کیا خانۂ سیہ رو داغون کے وصف لکھے
مانند شمع کب ہو منقار زاغ روشن

لازم ہے دل کو یاد چشمان مست جانان
ہو نور مے سے ساقی چشم ایاغ روشن

شمع تجلی اوسکو کہیے اگر بجا ہے
سینے مہ سے زائد سینے کا داغ روشن

حسن شباب جانان پر خلق مر رہی ہے
پروانے جان دیوین جب ہو چراغ روشن

غسل کو اوترے جو وہ غنچہ دہن دریا مین
غیرت خلد نظر آئے چمن در یا مین

دور گرداب ہوا ماہی کو طوق قمرے
جب گیا غسل کو وہ سرو چمن دریا مین

سبزۂ رخ ہے تصور مین جو ہنگام بکا
مہر رخشان کو ہے اے ماہ گہن دریا مین

مردم دیدہ شب و روز ہین یون اشک مین غرق
جیسے ہو مردم آبی کا وطن دریا مین

لیے تھے وصل مین لعل شکر افشان منہ مین
بنی ہے قند مکرر مری زبان منہ مین

زبانہ آتش دوزخ کا ہو زبان منہ مین
ہما اوٹھائے اگر میرے استخوان منہ مین

جلائین خرمن دلکو وہ کیون نہ ہاتون سے
ہنسی مین کوندتی ہے برق آسمان منہ مین

یہہ اوسکی سرمگین آنکھون کی مینے کی تعریف
کہ میل سرمہ بنے ہے مری زبان منہ مین

یہہ کان لعل مین پیدا ہوا ہے فیروزہ
لیا ہے اوسنے جو فتراک برگ پان منہ مین

سبزہ خط گورے گالونپر عیان ہوتا نہین
گلشن فردوس پامال خزان ہوتا نہین

مجھسے موزون شعر مین وصف میان ہوتا نہین
وہ ہر مین عنقا کا پیدا آشیان ہوتا نہین

رہتے ہین کردش مین ظالم چاک کی صورت مدام
ایک دم موقوف دور آسمان ہوتا نہین

جنگ فرنگ کو اداؤن کی مین ہونی کبھی
مثل دریا آب چاہ اے دل روان ہوتا نہین

دانت پنہان ہین لب شیرین سے اے شیرین دہن
کون ساخسرما ہے جسمین استخوان ہوتا نہین

نام نسخہ کا نہین یار کی پیشانی مین
داغ کب مہر کے ہے چہرہ نورانی مین

نہین آرام مجھے حالت حیرانی مین
کب گزر خواب کا ہو دیدہ قربانی مین

اشک کے ساتھ ہین بخت دل بیتاب روان
مچھلیان پھرتی ہین اے رشک قمر پانی مین

چاہیے معرکہ وصل مین عریان ہونا
جوہر ایجان کہلے تیغ کا عریانی مین

کیون نہو سنگ در یار کا ماتھے پہ نشان
داغ سجدہ کا ہو زاہد کی پیشانی مین

سنگدل کو گردش گردون سے کچھ پروا نہین
آسیا سے دانہ گندم کو خطرا نہین

خوش خطون کے خطسے بڑھتا حسن عارض نہین
چشم آئینہ کو روشن تو نیا کرتا نہین

اپنے پروردون سے خبر رنج والم ہو کیا حصول
بار سے حاصل شجر کو کچھ بغیر ایذا نہین

اردو سندل

عالم اطلاق مین ہی اک روش پر حال دل
خوف کچھ فصل خزان سے سرو کو اصلا نہین

پردہ پوشی دامن بد طینتان کو چاہیے
پیرہن یوسف کا محتاج رفو ہوتا نہین

لطف ہی غیر پہ وہ لطف و کرم کرتے ہین
اور تکلف یہ کہ مجھپر وہ ستم کرتے ہین

مشق عطفی نہ گئی ہائے جوانی مین بھی
مثل خامہ سر عاشق وہ قلم کرتے ہین

نالہ کیا اف بھی مین کرتا نہین اللہ رے ضبط
ظلم پر ظلم ستم پر وہ ستم کرتے ہین

خلق کہتی ہے ہمین سیف زبان ای فساخ
وصف جو اپروے قاتل کا رقم کرتی مین

سرنگون فال صنم کے آگے کب گیسو نہین
اے برہمن جو نہ پوجے جسکو وہ ہندو نہین

شعر وصف گوہر دندان ہے یہان ورد زبان
گوہر غلطان کو چین یکدم کسی پہلو نہین

دل پسیجے صاحب زر کا یہ ہے امر محال
دیکھیے لیجے دیدۂ خاتم مین اک آنسو نہین

ولہ

دل کو پیری مین نہین پروانہ سان سوز و گداز
کیا پیش ای شمع وہ آتش خاموش مین

نالۂ عاشق سے وہ معشوق کیا ہو مطلع
پونہچے بلبل کی صدا ہرگز نہ گل کے گوش مین

یا دروے پر عرق مین اشک ابدا ہے طرح
فصل باران مین رہا کرتا ہے دریا جوش مین

ولہ

مے احمر کی ہی یہ جلوہ گری شیشے مین
یا کہ او ترے ہی کوئی لال پری شیشے مین

تن رنگین ہے کہان زیر قبا اے ساقی
می گلگون نظر آتی ہے بھری شیشے مین

نگہہ مست ہی یہ چشم خمارین مین ترے
یا ہے ساقی یہ مے بیخبری شیشے مین

می بھی عاشق ہی کسی ماہ کی شاید فساخ
سنتے ہین قہقہہ کبک دری شیشے مین

نظر آئی نہ مجھے کیفیت میخانہ پانے مین
حباب بحر مین پایا نہ کنہ چپانہ پانی مین

وطن مین کچھ نہین بیسم گزند انسان کو ہرگز
کوئی سوراخ ہوتا ہے دل دردانہ پانی مین

تعجب ہے کہ سوزان پتلیان ہین چشم پر نم مین
سمندر آتش سوزان مین ہو پیدا نہ پانی مین
جواور تراغسل کوہ شمع و آتش کا پرکالہ
پر ماہی ہوا گویا پر پروانہ پانے مین

وطن مین قدر انسان کی نہین ہوتی کبھی ہرگز
خذف کے مول بھی بکتا نہین دردانہ پانہین

در بدر اپنی نگہ پھرتی ہے ماری ماری
بیٹھ رہنا کہین سائل کے مقدر مین نہین
ہمسر پنجۂ مژگان نہوئی چنگل باز
زور شاہین کا بازوے کبوتر مین نہین
راست گو پھل نہین پاتے چمن دنیا مین
بار کا نام کہین سرو و صنوبر مین نہین

مہکو کب بوسۂ لعل لب جان بخش ملے
اے خضر آب بقا بخت سکندر مین نہین

عشق خط ای جان دل مجروح کو ہووے مفید
زخم بھرنے کا اثر ہے مرہم زنگار مین
چشم جادو فن سے ہم چشمی کا دعوی ہو غضب
شاخ کیا ایسی لگی ہے نرگس بیمار مین

دل مین رشتے پڑ گئے ہین نغمہ سنجی کی سبب
بلبلو سوراخ ہون منقار سو یقار مین

جو کہ طامع ہو وہ چاہی خاک اے دل دربدر
کتنے دیکھا گھر مین بیٹھے رہتے ہین سائل کہان
قرب منعم سے ہووے خاک مفلس کو حصول
آب دریا سے ہوا ہے تر لب ساحل کہان
فروغ تنگظرفان خانۂ دنیا مین کب ہووے
نہین دیکھا ہے ہمنے نور ہرگز چشم روزن مین
جہان مین سنگدل سے ہوتی ہے راحت کسطرح حاصل
کہ دفع تشنگی کا کب اثر ہے آب آہن مین
گلستان جہان مین نیک و بد کا ساتھ ہوتا ہے
رہین کانٹے ہمیشہ پھول کی پہلو مین گلشن مین
فزون سرمہ سے ہووے دیدۂ سفاک کا تیرہ
کہ ہے بیکار گر جوہر نہووے تیغ آہن مین
حق و باطل جو ہوون جمع ای ناسخ کیا ممکن
محبت ہو نہین سکتی کبھی شیخ و برہمن مین
کرون خط مین رقم جو سوز ہجر شمع رویان کو
پر پروانہ کا عالم ہو بازوے کبوتر مین
پڑے کب آنکھ اوس ابرو کمانکی اشک حائل پر
کبھی کشتی روان ہوتے نہ دیکھا آب گوہر مین
جو لولی ہو اوسے گردش رہا کرتی ہو روز و شب
کہ زہرہ آسمان پر بھی ہے ای خورشید چکر مین

گل بجائے تاج ہے سبزہ ہے تخت باغبان — آج کل چمکا ہوا ہے بخت باغبان
کہتے تھے فصل خزان مین عندلیب خستہ دل — کس طرح پھلتی ہے بے گل جان سخت باغبان
صحن گلشن مین ہوا جلوہ فشاں وہ رشک گل — خندہ زن شادی سی ہین گلہائے بخت باغبان
دام ہے ہر اک رگ گل عندلیب زار کو — کم نہین صیاد سے طبع کرخت باغبان
آہ کرنے سے نہین تھمتا ہے اشک چشم زار — برق کے شعلہ سے جلتا دامن باران نہین
اوس دہن کا حال ہے معلوم خط سبز کو — خضر سے پنہان نشان چشمۂ حیوان نہین
نالہائے زار کرتا ہے مرے سینے مین دل — شور دیوانہ سے خالی خانۂ زندان نہین

سر جھکائے کس طرح فسانح کہ آگے جسود
سجدۂ آدم سے گر منکر نہ شیطان نہین

پڑا ہے عکس لعل ساقی بے پیر شیشے مین — مے گلفام کی ایسی نہین تنویر شیشے مین
جو وقت میکشی زلف مسلسل اوسکی یاد آئی — مری نظرون مین موج می ہوئی زنجیر شیشے مین
دل اوسکا صاف ہو میرے طرفسے شاید آج وا صد — ارادہ ہے جواب خط کردن تحریر شیشے مین
آفتاب سرخ ہو اور ساقی آتش لباس — سیہ دعا ور روزبان ہے برشکالی عید مین
کیا عجب ہو پر توافگن خم دل مین روی یار — یوسف یعقوب بھی تھا جلوہ فرما چاہ مین
ہے نگاہون کو خلش خط سیاہ یار سے — رہروون کو دیتے ہین تکلیف کانٹے راہ مین

کب مقابل مہر ہو داغ دل فسانح کے
روشنی شکل ید بیضا نہوے ماہ مین

دیکھکر سیر چمن مین روے صاف یار کو — آبجو مین صورت آئینہ حیران ہوگئین
یاد جو آیا وہ روے آتشین وقت بکا — بوندین اشک گرم کے خورشید تاباں ہوگئین
وصل مین جو ہاتھ اوس پاے حنائی پر رکھے — اونگلیان اپنی بزنگ شاخ مرجان ہوگئین
کوچہ معشوق مین عشاق بے کھٹکے گئے — ہندون کو راہ کب دیر برہمن مین نہین
ہیرے کی چھاتیان ہین تو نیلم کی پھٹیان — یاقوت کے ہین ہاتھ عقیق یمن کے پاون
یارب دل فگار ہین کشتون کے داغ ہین — یا مین رکاب ہین بت شمشیر زن کے پاون

کرینگے لگین اگر بت چین و چگل کے وصف
نساخ گہر چوم لین اہل سخن کے پاؤن

خیال روے رنگین مین دل پر داغ تازہ ہی
بہارون پر چمن رہتا ہے اک گلزار بہارون مین

ہے اپنے چشم پر نم کو تصور قد بالا کا
چمن مین سرو کا سایہ پڑا ہے آبشارون مین

بتان سنگدل کے سر پہ ہے سندور کا ٹیکا
دل نساخ لالہ کھل رہا ہے کوہسارون مین

ہمسر ہون او سکے دانتون نساخ کیا مجال
پیدا ہون لالہ گوہر شاداب آب مین

ایراد وصف ابروے خمدار اپنا ہو
مانند ماہ داغ نہین ہے ہلال مین

آزاد قید دہر سے رہتے ہین سربلند
زنجیر پڑتی ہے کہین پائے خیال مین

ضرور چاہیے دل کو خیال سبزۂ خط
لباس کعبہ کا کس دن بتو سیاہ نہین

فصل گل مین کہتی تھی رو رو کے بلبل باغبان
دشمن جان ہوگئی ہے خوی زشت باغبان

ہے گلستان چین آتا ہی نہین یکدم کنہی
خاک صحن باغ سے کیا ہے سرشت باغبان

میرے دل پر خون مین ہی داغ الفت لب کا
بیکار ہے جبتک کہ نہو نقش نگین مین

موتی کو صفا کنج صدف مین ہوئی حاصل
نساخ صفائی ہو دل گوشہ گزین مین

دل زار سوزان ہے اپنے بدن مین
بھڑکتا ہے شعلہ سا کچھ پیرہن مین

ترے نام کا ورد ہے ہر زبان پر
ترا ذکر ہوتا ہے ہر انجمن مین

برہمن کو کب خدائی مین بتون کے ننگ ہوا
شبہہ کب ہو رے مسلمان کو خدا کی ذات مین

آئی بری اشک کے تارون مین نہین یکدم
خط ہے یہ دانۂ تسبیح سلیمانی مین

آپ کو حضرت نساخ کسی گل کا ہی غم
طور ہے نالہ بلبل کا غزل خوانی مین

شربت قند مکرر کا مزا
مجھکو حاصل ہی تری تکرار مین

خوف آزادون کو اہل دہر سے ایدل نہین
سرو گلشن ضرب سنگ و خشت کے قابل نہین

جز کنارے گور ہرگز چشمہ بینا کو میرے
بحر ہستی کا نظر آتا کوئی ساحل نہین

مارا ہوا ہون ناز بت سنگدل کا ہین
وفا تو میری نقش کو خاک کفشت ہین

کس کس طرح چھپاتے ہین عشاق راز عشق
قرآن بغل ہن رکھتے ہین تفسیر ہاتھ مین

نہین سرکشی میرے فانی مین لازم
ہمارے دفن شاہان عالم زمین مین

مکدرون سے نہین ہو لطیف طبع کو کام
صبا کے پاؤن مین زنجیر موج آب نہین

حسن اوسکا عشق سے میرے نہ رسوا ہو نہین
اس لیے مین نالہ و آہ و فغان کرتا نہین

نہین ہے مصحف روے صنم کا دل کو خیال
رکھی ہوئی ہے یہ ام الکتاب شیشے مین

بوسۂ خال پہ تو دانت نہ پیس ای نساخ
چبانے دانتون سے لوہے کے پنجہ کیل نہین

چشم فتان سے جو ہی دستہ نرگس حیران
مسی لب سی ترے ہو گئی مجلس حیران

گذرکب بزم رندان مین ہوا واعظ کا ایساقی
جگہہ بیہودہ گو پاتا نہین شاہونکی محفل مین

عہد یار مرا تماشا کن
دین قرار مرا تماشا کن

از گران جانیم غمے دارد
غمگسار مرا تماشا کن

دامنم پر کند ز گوہر تر
چشم زار مرا تماشا کن

شب کجا و سواد زلف کجا
بخت تار مرا تماشا کن

نرگس گلشنم سخن گو شد
چشم یار مرا تماشا کن

سایہ ام سایہ مثلبت شد
جسم زار مرا تماشا کن

صبح کردم ز شام ای نساخ
انتظار مرا تماشا کن

ردیف واو ہوز

نہ دیکھا خاکیون ہی جھک کے ملتے آستین تنکو
کہ شیطان کب جھکائے پیش آدم اپنی گردنکو

جو حق گو ہین نہو وین سر بزانو ہم مردن سے
نہین ممکن جھکائے دار پر منصور گردنکو

ضرر ہو بد گہر کو رحمت اللہ سے اکی دل
کہ زنگ آلود کردے آب باران تیغ آہن کو

جو عالی ظرف ہین کہٹکا نہین کچہ اونکو ای گلرو
او کچہتے خار سے دیکہا نہین دریا کی دامن کو

بہلاؤن یا دکیونکر دیدۂ خونریز قاتل کی
سیاہی دوست رکہتے ہین نہایت تیغ آہن کو

رقیبون کو نہ اپنے بزم مین ایدوست ہرگز دے
جو عاقل ہین جگہہ دیتے نہین وہ گہر مین دشمنکو

سنے معشوق کیونکر نالۂ و فریاد عاشق کے
کہان سنتا ہے گوش دلسے گل بلبل کی شیونکو

ہی اوس مہرو کو میرے داغ دلکی دید کی خواہش
کیا خورشید کا محتاج حق نے ماہ روشن کو

مکدر دل نہو مانوس ہرگز سینہ صافون سے
کسی نے آب سی ملتے نہین دیکہا ہے روغن کو

ضرر کیا سینہ پر داغ عاشق کو ہوا ہون سے
کہ برق آتش افشان کیا جلاتی ہے خرمن کو

فراق یار مین ہی مشغل دل کو آہ و افغان کا
خزان مین غیر نالہ کام کیا ہے مرغ گلشن کو

تواضع سبکی کرتا ہے جو عالی ظرف ہوتا ہی
جہکا دیتا ہے بزم میکشان مین شیشہ گردنکو

غزل خوانی کر ای شاخ بزم یار گلرو مین
سوای نغمہ سبحی کام کیا مرغ نوازن کو

کیا ہی یاد کیا دل نے مرے اوسکے لڑکپن کو
ہے بیتابی جو گہوارے کی صورت میرے مدفن کو

لگا کر تیغ مار سر سے جو مجہکو رہائی دی
کیا ہے زیر بار احسان کا تو نے میری گردنکو

ہماری سخت جانیکو سمجہنا کم نہ ای قاتل
کرے گی تیغ چوبین سی فزون شمشیر آہن کو

کیا ہے سجدہ و ز ناز کا پابند گیسو نے
پنجوڑا مسجد و بتخانہ مین شیخ و برہمن کو

نکالے پاون پہر جوش جنون نے موسم گل مین
اوڑا ون ٹکڑے ٹکڑے گلبدن صحرا کی دامن کو

اثر جوش صفا کا شہسوارا ایسا ہی پہیلا ہی
سمجہتے ہین مہ نو ہم نشان نعل توسن کو

دل صافی کے ٹکڑونکو کیا خون ہجر نے تیرے
بنایا کان لعل ای سنگدل ہر یک معدن کو

نظر مین میرے یکسان خویش و بیگانے فرق تجہمین
بہلایا یا دونے تیری مرے ہر دوست دشمن کو

حیات جاودانی ہی دم شمشیر ای قاتل
سمجہتا ہون مین آب زندگانی آب آہن کو

یہ ہے پاس ادب برباد ہو جانے پہ بہی مجہکو
چہوی ہرگز نہ خاک اپنی کبہی دلبر کے دامن کو

مسی آلودہ ہونٹون کی اگر تعریف لکہی ہو
قلم کر دیجیے اب بہر خامہ شاخ سوسن کو

زمین پر جو پڑا رہتا ہے ای پردہ نشین ہر دم
سمجہتا ہون دل صد چاک عاشق تیرے چلمن کو

زمین پر جو پڑا رہتا ہے ای پردہ نشین ہر دم
سمجھتا ہون دل صد چاک عاشق تیری چلمن کو
ہر اک دلمین برنگ خارای گلرو کھٹکتی ہی
تری مژگان سے جو تشبیہ دی شاعر فسوس کو

وہ طفل سادہ رو لڑکو نہین جواب گرم بازی ہی
ہزار دین حسرتون سے یاد کرتا ہون لڑکپن کو

بڑھا ہی گیسوی مشکین فروغ حسن جانان کو
سواد کفر کرتا ہے ممیز نور ایمان کو
تمہاری شان سے نسبت نہین ہی حور و غلمانکو
ملک سجدہ کرین رتبہ ہوا حاصل یہ انسان کو
خضر ہی کب نہان ہوتا ہے حال چشمہ حیوان
ہوا روشن دہن کا حال خط سبز جانان کو
امید و بیم ازاد ونکو کب ہی باغ عالم مین
بہار و دی سے کچھ مطلب نہین سرو گلستان کو
سر دیوانہ پر رہنا بجا ہے داغ سودا کا
ملی ہے چرخ پر رہنے کو جا مہر درخشان کو
دل پر خون کو کیا حاصل ہو دید روی رنگین سے
ندیکھا فصل گل مین سبز ہوتے شاخ مرجان کو
جو بینا ہین انہین اہل بصارت دوست رکھتے ہین
جگہ آغوش مین رہنے کو دی آنکھون نے انسانکو
جو افتادہ ہین وہ ایذاے موذی ہی رہین ایمن
اوسچھتے کسنے دیکھا خار سے صحرا کے دامان کو
نہین اوٹھتا ہے پر و رد ون کا بھی صدمہ کبھی ہرگز
جو ہوے ورد پیدا تو اوکھاڑین جڑ سی دندانکو
نمایان کیون نہو خط سیہ اوس روے روشن پر
ندیکھا داغ سے خالی کبھی ماہ تابان کو
نہو پوشیدہ راز عشق ہرگز چشم پرنم سے
چھپاتی کس طرح سے ابر گریان برق خندان کو
گوارا دشمنون کے ہم تواضع بھی نہین کرتے
کہ رہرو زیر پا آنے نہ دین خار مغیلان کو
نہو کیون عشق مجھکو یار کے روی کتابی سے
مسلمان سب عزیز جان و دل کہتے ہین قرآن کو
ضرر حالی منش کو پست ہمت سے نہو ہرگز
کہ مطلق سیل چھو سکتا نہین صرصر کے دامانکو
حسینون مین کیا ممتاز تجھکو قد و بالا نے
ملے باغ جہان مین سربلندی سرو بستان کو
جدائی ہو گئی عالم سے دور چشم و لب سے مین
کہ گردش چرخ کی کردے جدا انسان سی انسانکو

دل نساخ میکش کو ہے یاد روے خوے افشان
کہ ناسخ دوست رکھتا ہے ہراک میخوار یاران کو

خیال عارض رنگین مین جانو نکا بیابان کو
کرو نگا گل سے رنگین تر بہر یک خار مغیلان کو

جو کہینچون آہ موزون یاد کرکے قد جانان کو
بناؤن سہر قمری دار ہر سرو گلستان کو

نہان ہو تین نہین دم بھر مری آنکھو سوا ای مرو
محبت مجھسے از حد ہی تری شبہای ہجران کو

نکل جاتا ہون جب چشم فگار افگن کے سو یہین
سمجھتا ہون مین روبہ سے بھی کم شیر نیستان کو

ستارے جھڑتے ہین جو کفش پا کے ہی مہ تابان
حقارت کی نظر سے دیکھتے ہین مہر تابان کو

دل الماس ٹکڑے ٹکڑے ہو دندان صافی سے
کیا خون پنجہ رنگین نے تیرے شاخ مرجان کو

خجل ہے جلوہ وادی ایمن او سے ای موسی
ید بیضا نہ پہونچے آفتاب داغ ہجران کو

نہ لین جراح کا احسان کبھی ہم اپنے گردن پر
نہین ٹانکون سے کچھ مطلب ہمارے زخم خندان کو

قیامت مین بھی گر دست جنون زور و نپہ پر جائے
یقین ہے چاک کردے صبح محشر کے گریبان کو

جدا ہوتی نہین تلوون سے دم بھر دشت گردی مین
تعشق آبلون سے ہو مرے خار مغیلان کو

سرمہ کی حاجت نہین چشم سیاہ یار کو
کام کیا سنگ فسان سے تیغ جوہر دار کو

دلمین بینے دی جگہہ زلف سیاہ یار کو
بند کرتے ہین پیارے مین سپیرے مار کو

چشم جانان پر ملی جا اردے حمندار کو
تیغ زن دیکھا ہے اکثر سان پر تلوار کو

بزم خوبان مین ہے گردش دیدۂ خونخوار کو
معرکہ مین تیغ زن چمکاتے ہین تلوار کو

نیند چشم خشمگین ہے سانہ سوتے ہین مرے
صلح مین دیکھا ہے اکثر میان مین تلوار کو

تیغ کی برش بڑہی زخم سر سودائی سے
تیز کر دیتی ہے گردش سان کی تلوار کو

ہجر مین ہون یا وزلف یار مین مین بیقرار
دن سے بھاری رات ہوتی ہی ہر اک بیمار کو

آہ دل نے ایک پیچ و تاب مین ڈالا مجھے
کوئی عاقل پالتا ہے آستین مین مار کو

ڈرتے ہین کوئی بھی عاشق شعلۂ رخسار سے
آگ سے خطرہ نہین ہے مرغ آتشخوار کو

عاقبت مین کام کیا آئیگا زاہد زہد خشک
رتبۂ اعلی نہین دنیا مین حاصل خار کو

نور حاصل ہے جبین ماہ کو خورشید سے
بہرہ ور عالم ہوا پڑھکر مرے اشعار کو

سر بلندون سے ضرر افتادگون کو ہوتا نہین
آبلون سے کیا محلش خار سر دیوار کو

پیچ سے مارا دل پروانہ کو اوس زلف نے

دشمنی طاؤس سے نساخ ہووے مار کو

ذکر تا ہون جو مین موے میان یار کو — سایۂ قد پیمبر کہیے جسم زار کو
تونے دکھلایا جو اپنے دیدۂ سرشار کو — دیدۂ عاشق بنایا نرگس بیمار کو
یاد رونے مین جب آئی ہے وہ زلف پرعرق — پانی پانی کر دیا ہے ابر در یا بار کو
زلف پیچان کا نہو پھر حال ای افسونگرو — سیہ وہ کالا ہے کہ کر دے آب قہر مار کو
استخوان شانۂ دست حنائی گر اوٹھاے — شاخ مرجان سمجھے عالم زاغ کی منقار کو
ایک دن جہانگے جو وہ آئینہ رو نرگس کیطرح — دیدۂ حیران بنائے روزن دیوار کو
وقت گریہ ہے جو اوسکے دست رنگین کا خیال — لعل کر دیتا ہون سنگ آستان یار کو
سلطنت کو ہیچ سمجھے تیرے دیوانے مدام — ہے شرف ظل ہما پر سایۂ دیوار کو
آہ سوزان ہی نہین آنکھون مین باقی تام اشک — خشک بجلی نے کیا ہے ابر در یا بار کو
درد کا خوگر لڑکپن سے ہون ای جراح مین — ٹانکے سے مطلب نہین زخم دل افگار کو

کانپتا ہے مہرای نساخ نلسنخ کی طرح
کھینچتا ہون جب مین دلسے آہ آتشبار کو

جو پڑا ہے غم تنہائی سے پالا مجھکو — سرو مہرتی صنم نے کیا ٹھنڈا مجھکو
وصل اصنام کی ہوتی نہ تمنا مجھکو — کاش کرتا نہ خدا دہر مین پیدا مجھکو
دور چشمان تبان یاد جو آیا مجھکو — گرد شمین دیسے کے بس چرخ مین لایا مجھکو
نرم رو وہ ہون اور آتش قدم ایسا ہو نہین — خشک ہو جائے نکیون دیکھکے کا خشا مجھکو
عشق اصنام دیا دل کی عوض ہای نصیب — کیا اللہ نے دنیا مین جو پیدا مجھکو
داغ سے کم نہین خورشید فلک نظرون مین — یاد آتا ہے جو وہ چاند سا ٹکڑا مجھکو
دہن تنگ مین یرے نہین وانت ای گلرو — آیا خنجر مین نظر عقد ثریا مجھکو
دور گردون سے ہین چکر مین رہا کرتا ہون — گرد خ چشم صنم کا ہے جو سودا مجھکو
کیا تعجب ہے کہ شادی مین ہو اک غم پیدا — وصل مین بھی جو رہا ہجر کا دھڑکا مجھکو
قدر پروین کی ہو زنجیر مرے پاؤن مین — دانۂ دان صنم کا ہے جو سودا مجھکو

چشم خونریز کرے گی تہ شمشیر دو دم
دار پر کھینچے گی وہ زلف چلیپا مجھکو

پہلوے گل مین جگہہ ملتے مجھے ای گردون
گلشن دہر مین کانٹا ہے بنانا مجھکو

پاون میخانے کے جانب کو نہ رکھہ شیخ کہ ہے
سر کی یکڑی کے اوتر جانیکا دہڑکا مجھکو

ضبط ہر چند کیا اشکون کو لیکن نساخ
دیدۂ تر نے کیا خلق مین رسوا مجھکو

صورت آئینہ حیران بنایا مجھکو
خط حیرت مین لکہا یار نے نانسہ مجھکو

عشق پانے جو کیا بادیہ پیما مجھکو
سر پہ دیتا ہے جگہہ دشت مین کانٹا مجھکو

تاب کیونکر رخ پر نور کی مین لاؤن گا
وصل کی رات بہی دشوار ہے جینا مجھکو

پیچ پر پیچ دیا کرتے ہے آخر اک رات
مار ہی ڈالیگی وہ زلف چلیپا مجھکو

پوچہتا ہے وہ مجھے چھیڑ کے حال زار
جان دلوائی خموشی ہی نے گویا مجھکو

دہن یار کا جس روز سے باندہا ہے خیال
نہین کہلتا گرہ دل کا معما مجھکو

ہوش بلبل کیطرح طوطے اوڑے ہا تہو تے
اوسکی انگیا کی نظر آئی جو چڑیا مجھکو

ہوئی قلقل مجھے حق حق کی صدا ای ساقی
حلق منصور ہوئی گردن مینا مجھکو

ملک الموت کی بہی ہو گئی بیکار تلاش
کر دیا یاد کسی نے تری عنقا مجھکو

مین وہ مجنون ہون کہ ہر دشت مین اوٹہلی سر پہ
پھرتا ہے لیے خار کف پا مجھکو

قطعہ

جسکے قبضے مین کہ ہے رشتۂ جان نساخ
اوس مسیحا کا پڑا وصف جو لکہتا مجھکو

صوف ہو تار شعاع اور ہو خورشید دوات
چاہیے بہر قلم سوزن عیسے مجھکو

نہین گردش سے فرصت ایکدم چشم رافسونکو
نہین پایا کبہی چکر سے خالی ہمنے گردون کو

تری آنکہون نے الفت ہے دل شوریدہ فتنونکو
غزالون سے بہت مانوس پایا ہمنے مجنون کو

رکہا ہے خلد مین مجھکو دو رستم ساقی نے
بٹہایا گنبد دوار نے خم مین فلاطون کو

بجا ہے چشم پر نم مین خیال قامت جانانہ
لب جو بیشتر دیکہا ہے ہمنے سرو موزون کو

نہیں چلتی ہے مردان خدا کے آگے منعم کی
ملایا خاک میں موسی نے کس دولت سے قارونکو

ہمیشہ ہو دل معشوق میں گھر عشق صادق کا
کہ رسنے تک نہ لیلی نے بھلایا یاد مجنون کو

صحبت سے ہو شہرت دہر میں اے غیرت لیلی
کیا ہے عشق نے مشہور عالم نام مجنون کو

ہی قسمت جسکی اولٹی کون سیدھی کر سکے اوسکو
نہیں ہے گردش گردون سے حاصل بخت وارونکو

بڑھائے عشق طفل سادہ رو دانعو کی تابانی
ترقی دن پہ دن ہے حسن ماہ روز افزون کو

نہووے غیر خواری جمع زر سے فائدہ حاصل
دیا یا خاک میں دولت نے کس دولت سے قارونکو

عداوت سی عدو کی کیا ضرر عاشق کو اے لیلی
ملا ہے جام شربت کا بجائے زہر مجنون کو

سکندر چشمۂ حیوان سے اب تشنہ پھرا آخر
ملا خم میں نہیں ہر گز قطرۂ مے سبز فلاطون کو

چھپاؤں دل میں اے گلرو جو عشق لعل گلگونکو
بناؤں لعل گون گوہر میں ہر اک قطرۂ خونکو

رولایا موسم گل میں جو مجھکو جوش وحشت نے
بنایا ہے سمندر سینے ہر اک کوہ و ہامونکو

گمان ہو صفحۂ قرطاس دیوان پر بدخشان کا
کروں تحریر اگر لعل لب رنگین کے مضمونکو

گرا تا تھون سے جام مے ہوا بدمست میں ایسا
جو بزم مے میں سینے یاد کی چشمان میگون کو

دیکھنا ممکن نہیں روی بت دل خواہ کو
آنکھ سے دیکھا ہے کسنے جلوۂ اللہ کو

مستقل کیا ہو زمین پر خوبرویون کا مزاج
چرخ گردان دور میں رکھتا ہے مہر و ماہ کو

قائم و شتاب پر اہل دول کو کیون ہو زمان
خاک کفن مرنے پہ ملتا ہے گدا و شاہ کو

روی دلبر سے خجل ہوتے ہیں سارے خوبرو
کیا ید بیضا سے نسبت بخم و مہر و ماہ کو

حسن یوسف کا ہے شہرہ پر نہیں مجکو یقین
جو کہ عاقل ہے کبھی سنتا نہیں افواہ کو

برہمن سے دشمنی لازم نہیں اے بت تجھے
اپنے بندون سے عداوت کب ہوئی اللہ کو

یاد عاشق کو بتاتا ہے کوچۂ معشوق کا
بھولتا ہے کوئی میکش میکدے کی راہ کو

آہ سوزان سے ہمارے جل گیا جسم نزار
شعلۂ برق سفر افشان جلادے کاہ کو

عام فیض عشق ہے نساخ ماسخ کا ہے قول

مستی میں ہوتی ہے یکساں گدا و شاہ کو

قتل عاشق کیسل ہے اوس طفل خونخوار کو — مقتل عشاق کہیے اوسکے بازی گاہ کو
خاک چھنواتی ہے مجھسے الفت چشم غزال — آنکھ والے سرمہ سمجھیں میری گرد راہ کو
اوسمیں شمع مہر و مہ اسمیں ہیں روشن داغ دل — آسمان پہونچے نہ تیرے قصر عالی جاہ کو
داغ بر دل وہ بھی ہو واللہ ای دل شکل ماہ — دیکھلے گر مہر بھی حسن بت گمراہ ہو
پھر کے آیا تبکدے میں کعبہ سے ای برہمن — راہ پہ نا آشنا لا یا زہے گمراہ کو
کہتے ہیں اہل دول سے رہروان کوی یار — رکھو تم تہ کرکے اپنے خیمہ و خرگاہ کو
فرط استغنا کے باعث تو ہے سیم و زر — خاک سے زائد نہیں ہیں تیرے دولتخواہ کو
کوہ و صحرا کو نکل جاتا ہوں جب مائل بداد — دہیان میں لاتا ہوں کب پست و بلند راہ کو
کھیلنے کو آئے ہیں طفلان کمر و سیکڑوں — گلستان کہتے ہیں بلبل تیری بازی گاہ کو

غصے ہوتا ہے وہ بت نساخ ناسخ کیطرح
یاد کرتا ہوں اگر تمہوے سے بھی اللہ کو

عشق نے میرے اوڑایا اور اوس بے پیر کو — پرہی سے ہے قوت پرواز حاصل تیر کو
آئینہ رویوں کی حیران کو نہیں آفت سی خوف — در نہیں باد خزاں سے گلشن تصویر کو
کیوں نہ حیرت مجھے رخسار صاف یار سے — آئینہ حیران کرے طرطی خوش تقریر کو
کیا تعجب ٹوٹے موج اشک سی قصر فلک — سیل اکثر توڑ دیتا ہے کہن تعمیر کو
عاشقان پیر سے بھاگے نہ کیونکر وہ جوان — راہ بطر رہتا نہیں ہرگز کمان سے تیر کو
دلمیں پوشیدہ ہے عشق اوسکو سنہری رنگ کا — کیمیا گر رکھیں پنہان نسخہ اکسیر کو
پیچ میں دام و درم کے آیمن کب بیخبر — کام کیا صیاد سے ہو بلبل تصویر کو
عقدہ چین جبین یار کھلتا ہی نہیں — پڑھ نہیں سکتا کوئی پیشانی کی تحریر کو
صحبت صافی دلان سے ہو مکدر تمدخو — آب کر دیتا ہے زائل جوہر شمشیر کو
ہو دل صافی کو لازم لعل شیرین کا خیال — کب بجز شکر طلاوت ہوئے حاصل شیر کو
اسطرح تجہیز کیلے نساخ حال سرنوشت — کون ناخن سے کرے وا عقدہ تقدیر کو

یہہ غزل بحر رجز مثمن سالم مین مشتمل اور صنعت "لون ولاحق بمثلون کے ہے یعنی اگر یک یک سبب خفیف رکن اول ہر مصراع کو گرا دیا جاے تو یک غزل بحر رمل مثمن مقصور و محذوف مین نکلے اور اگر یک یک سبب خفیف رکن اول و رکن سوم ہر مصراع کو نکال لیا جاے تو یک غزل دو بحرین یعنی بحر رمل مثمن مقصور و محذوف و بحر منسرح مثمن مطوی موقوف یا مکشوف مین پیدا ہو

جو	ہوگیا شوق شکار	اب	اس بت بدپیر کو	بس	لوٹتے دیکھا ہزار	دن	دشت مین نخچیر کو
وہ	نقشہ روے نگار	ان	گرم ہی خورشید سے	جو	ماسے کردی فزون	تر	کاغذ تصویر کو
اوس	دیدہ سفاک نے	بس	گرم جو کی یکنظر	شب	کٹتے ہی دیکھا کیا	ہے	برق کی شمشیر کو
اب	موسم گل مین یہان	جو	پھولون مین گاہے گاہ	کچھ	سینے نسبت نہین	ہے	گلشن کشمیر کو
سب	حیرتی یار کو	یہان	رونے سے پہونچے ضرر	کیا	آب ہے باد خزانی	ہے	گلشن تصویر کو
یان	جو کوئی ہو شنگدل	بس	نوحہ ہے عاری ہوہ	خب	کو رہی دیکھا کیا	ہے	دیدہ زنجیر کو
یان	جو کہ ہین حیرت زدہ	بس	رہتی ہین خاموش وہ	کب	دیکھا ہی ہنستے کسی	نے	غنچہ تصویر کو

اس	عاشق نساز ہے	تم	نظر ہن تو سید ہی ملاو		
سب	سید ہاے ابرو کمانو		پھینکتے ہین تیر کو		

رہتی ہے اٹھہ پھر یاد حسینان مجھکو
ہی پرستان ہر اک گوشہ تندان مجھکو

پھیل اے جوش جنون سوی بیابان مجھکو
چاک کرنا ہے ابھی دشت کا دامان مجھکو

اپنے ویرانے سے گھبرا کے نکلتا ہون جو مین
دیکھکر بھاگتے ہین غول بیابان مجھکو +

پہاڑون سو دے مین حو اوس چشم شکار افگن کے
دہن شیر ہو ہر چاک گریبان مجھکو +

بیت احزان بہ گمان صفر کے میدان کا ہے
یاد آتا ہے جو وہ عارض تابان مجھکو

خوش بیانی سے جو کی صورت طوطی تصویر
شکل آئینہ کیا یار نے حیران مجھکو +

رخ روشن کی تصور مین ہے زلفون کا خیال
روز وصلت مین ہے یار شب ہجران مجھکو

وصل اوس گل کا میسر جو ہوا اے بلبل
کیون نہ گریان ہون عدو دیکھکے خندان مجھکو

ابر بھی غم پہ مرے روتا ہے آٹھہ آٹھہ آنسو
دیکھا ہے موسم باران مین جو گریان مجھکو

دوست کی یاد نے دشمن کو بھلایا ایسا
مژدہ آمد کی ہے ہر خارِ فیلان مجھکو

فی الحقیقت قدِ جانان کا تصور ہوا گر
دار پر کھینچیگا ہر سرو گلستان مجھکو

کفشِ پاؤن مین نہ دستار ہی سر پر میرے
دشت گردی نے کیا بیسر و سامان مجھکو

جلوۂ یار ہے ہر گل سے عیان ای موسی
وادی طور ہے گویا چمنستان مجھکو

کثرتِ داغ سے ہی تن پہ لباس کمخواب
فصلِ گل رکھتی نہین ہی کبھی عریان مجھکو

قتل کرنا مجھے پوشیدہ کہین اے قاتل
عشق ہے ابروی خمخوار سے پنہان مجھکو

آمدِ خط رخِ روشن پہ جو یاد آتی ہے
داغ دیتا ہے چراغ تہ دامان مجھکو

خسرو وقت ہے تو بہادر ترا اے شیرین
سوختہ گنج ہے داغ دل سوزان مجھکو

نام روشن ہوا ظلمت کدۂ عالم مین
داغ سوزان نے کیا سرو چراغان مجھکو

لب جان بخش صنم کے جو لکھے ہین اوصاف
دیدۂ صاد ہوا چشمۂ حیوان مجھکو

بندۂ بت ہون مین مستاخ بقول ناسخ
شرم آتی ہے جو کہتے ہین مسلمان مجھکو

اوس صنم کا وہ بیان رہتا ہے دل ناشاد کو
بھولتا ہے کب دل زاہد خدا کی یاد کو

دیدۂ نادان کو کب شرم رویا کا ہو خیال
فکر کب بلبوس کی ہو عور مادر زاد کو

فرق خوبان پر سے جا رانست بازو کو مدام
زلف تک ہووے رسائی شانۂ شمشاد کو

ظالمو کا ظالمون سے ساتھ ہوتا ہے مدام
رکھتا ہے قاتل کمر مین خنجر فولاد کو

جان سے بھی اپنی شعر و سخن کو رکھین شعرا عزیز
سب سے زائد کرتے ہین انسان پیارا اولاد کو

جان دے پروانہ پر شاکی ہو والے شمع کا
وہ بیان کب عاشق کرے معشوق کی بیداد کو

فائدہ نافہم کو کب شعر روشن سے ہوا
شمس سے کیا نفع ہوا عمای مادر زاد کو

کس طرح دنیا مین دیکھون اوس رخ پر نور کو
کسنے دیکھا عالم فانی مین روے حور کو

میرے آگے حاسد شیطان صفت کیا سر جھکا
خم نہین دیکھا ہے ہرگز گردن مغرور کو

سوفیونکے پاس ہی ہوتی ہے دولت مسمو
اس خرابی مین عسل حاصل ہوا زنبور کو

بارکب قصر بلند یار مین پاے رقیب
خانۂ افلاک مین کب دخل ہے مزدور کو

ہے ممیز عاشقون مین داغ سے جسم نزار
سربلندی باغ دنیا مین ہے نخل طور کو

چرخ کجرو راست بازونکو ستاتا ہے مدام
حرف حق کہنے سے کھینچا دار پر منصور کو

منعمون کا دل طمع سے بھی کہین خالی ہوا
ربع مسکون پر قناعت کب ہوئی طیمور کو

لال ہے دست حنا بستہ کے وصفو مین زبان
گنگ کرنیکا اثر حاصل ہوا سیندور کو

خال کا رہنا بجا ہے روی صافی پر ترے
خلق خاصل سے جدا کرتی نہین کافور کو

کب خزان سے گلشن حسن تبان پامال ہو
بادصرصر کب بجھا سکتی ہے شمع طور کو

بیخطر نساخ دور چرخ سے ہین اہل عیش
ڈر نہین ہے آسیا سے دانۂ انگور کو

جہان مین دردو غم صد مہ الم ہوتا ہے بیزر کو
پہونچتے ہین ہزارون رنج ایدل مرغ بی پر کو

ہے تیری چشم مژگانکا تصور ہر دم ای قاتل
سیاہی کب جدا کرتا ہے دم بھر تیغ وخنجر کو

دل پر سوز کو کیا خوف بادشمہروبان سے
ضرر کب شعلۂ آتش سے ہوبال سمندر کو

اوڑاے رنگ خوبان جہان وہ عارض روشن
چھپا دیوے فروغ مہر تابان ماہ واختر کو

جو صافی دل ہین قدر اونکی ہوا کرتی ہے عالم مین
کہ دوکان جہان مین آبرو حاصل ہے گوہر کو

وہی از اد غم ہے سیہان مرنی جو نہین رکھتا
پہونچتا کب ہے صد مہ معرکہ مین جسم بیسر کو

مرے دل کی طرف کیا یار گلرو جلوہ فرماے
کبھی دیکھا نہین ہے پھولتے پھلتے صنوبر کو

جو ہین اہل دول مرتے ہے وہ دوزخ مین پہونچینگے
جو کہنہ ہو جلاتین آگ سے پاپوش پر زر کو

نہ دینا اپنا دل نساخ دلبر کو کبھی ہرگز
حوالہ طفل کے کرتا ہے کوئی مرغ بے پر کو

یاد کرتا ہون ترے پھولسے رخسارون کو
پھونکدے نالۂ سوزان مرا گلزارون کو

گنتے ہین شام سے تا صبح پڑے تارونکو
نیند کیا آئے شب ہجر کے بیدارون کو

آہ سوزان سے مرے خشک ہو اجسم نزار
بادصرصر نے اگر خشک کیا خارون کو

گرم رو جوشش وحشت مین اگر ہم ہوون
کاہ کی طرح جلادین ابھی کہسارون کو

باغ کردین ترے کو چیکو ہزارون بلبل
دیکھہ پائین جو ترے پہول سے رخسار ونکو

وصف لکھتا ہے شرارت کا تمہارے خامہ
کبک اڑ رشک قمر کھاتی ہے انگارون کو

کر نہین وصل تو ہو جاے کہین اور مکاں
سم قاتل ہے دوا ہے ترے بیمارون کو

کیا ہوتا پانی مین خورشید و قمر کو نسبت
بدبیضا بھی نہ پونہچے ترے رخسارون کو

سیل گریہ نے مرے دیدۂ تر کے فی الفور
ڈہا دیا خانہ ہمسایہ کے دیوارون کو

کیا مرے جسم زار پہ ہو رحم یار کو
سب دیکھتے ہین چشم عداوت سے خار کو

دلمین نہین ہے دخل سر زلف یار کو
دیتا نہین ہے گھر مین جگہہ کوے یار کو

یاد آئی زلف جو رخ روشن کی یاد مین
گل کر دیا چراغ شب انتظار کو

خوش فکر نکتہ سنج سمجھتے ہین میرے شعر
پہچانے دیدہ ور گہر آبدار کو

آئے نہ جلد عاشق دل سوختہ کو موت
عمر دراز ہوتی ہے حاصل چنار کو

خط سیہ سے بندہتے ہی امید صبح وصل
ہے عید وقت شام ہر اک روزہ دار کو

زخمون سے بن گیا تن نسناخ رشک باغ
باد بہار سہیے دم تیغ یار کو

جلوہ افزا جب وہ نور اندام ہو
آسمان مہر پشت بام ہو

گر خیال زلف عنبر فام ہو
صبح ہوتی ہے ہماری شام ہو

ساقی زہرہ جبین کے فیض سے
برج میران سے فزون تر جام ہو

تا بکے ہجران مین چشم و گوش کو
انتظار نامہ و پیغام ہو

کان کی مچھلی کا گر ہووے خیال
سینہ صد چاک مثل دام ہو

عکس دور چشم ساقی کے سبب
میکشی مین چرخ گردان جام ہو

یہہ دعا آغاز عشق بت مین ہے
یا خدا اپنا بخیر انجام ہو

گر ہلی ابرو ہی بران اس طرف
نام ہو قاتل کا اپنا کام ہو

بعد مرنے کے قرار آیا دل بیتاب کو
بیقراری ہوتی ہے کب کشتۂ سیماب کو

کیا ملے گردش زدونکو دور چرخی سے نجات
چرخ سے فرصت نہین خار و خس گرداب کو

عشق رخسین دل مکل بہاگا ہے پہلو سے مرے
گرمی آتش اوڑادے شیفتے سے سیماب کو

اوس رخ روشن کی آگے نالے کرتے ہین حیب
کیتے اکثر بھونکتے ہین دیکھکر مہتاب کو

صحبت آئینہ رویان مین ہے دل کو یک قرار
مضطرب دیکھا نہین آئینہ کی سیماب کو

خاک ہوکر بڑھیگا رتبہ دل نساخ کا
ہوتی ہے اکسیر جب کشتہ کرین سماب کو

دلوا تو بوسے ہوگی ترقی جمال کو
اہی جان ذکات بڑہاتی ہے مال کو

پریون کو کیون گریز ہے دیوانون سے بھلا
مجنون سے بھاگتے نہین دیکھا غزال کو

بالون سے کیون نہ گوشہ ابرو نظر پڑے
دیکھا ہے مہینے ابر مین اکثر ہلال کو

پروردون سے سنورے کسی طرح فائدہ +
کچھ نفع مشک سے نہین ہوتا غزال کو

ہجر مین کم نہین انگارے سے ہر گل مجھکو
ہے فزون دود پریشان سے بھی سنبل مجھکو

باغ مین ساتھ دہ خورشید قیامت جو نہین
نغمہ صور ہوا نغمۂ بلبل مجھکو

مہر و مہ اوسکو پہونچتے ہین کب ای جلوۂ طور
ید بیضا ہے مرے ناخن کا ہر گل مجھکو

یاد اوس طفل مغنی کی جو زندان مین ہے
نغمہ داود کا زنجیر کا ہے غل مجھکو

سر کو چکر ہے مدام اشک ہین جاری ہر دم
یاد ہے مسئلۂ دور تسلسل مجھکو +

زلف جانان مین ہوا طائر جان کو صدمہ
دانت شانیکا ہوا باز کے چنگل مجھکو

یاد جنت مین بھی آئے جو تری زلف سیاہ
ہو گیا مار سیہ خلد کا سنبل مجھکو

چٹنا ترے جوڑ ایسے نہین دلکو گوارا
ہے قید رہائی قفس جسم سے جان کو

احسان نہ کبھی غیر کا لے صاحب جوہر
کیا کام فسان سے ہو سبلا تیغ زبان کو

ہے شمع کے جا انجمن دہر مین نساخ

ہر بزم مین کیون بار نہو چرب زبان کو

ہنسوے ہے یہہ بزم شعورون سے میرے — کہ روشن کرے شمع ہر انجمن کو
ہو پامال برگ خزان ہم صفیرو — پریشان ہوا چھوڑکر مین وطن کو

ولہ

کیا کام کدورت سے دل اہل صفا کو — تر آب سے دیکھا نہین دامان صبا کو
حاجت ہے رہ عشق مین کب خضر کی مجھکو — تیلاسے گا کعبہ کوئی کیا قبلہ نما کو
دنیا مین ہے قانع کے لیے رتبہ اعلے — جاملتی ہے افسر پر بال ہما کو

ولہ

بشاشت ذبح عاشق سے نہو کسطرح قاتل کو — کہ اڑکے ہوتے ہین خوش دیکھکر رمان نسیل کو
سماعت کب وہ کرتا ہے ہمارے نالۂ دل کو — کہ گوش گل نہین سنتا ہے فریاد عنادل کو
ترے دیدار سے آسودہ کب ہون دیدۂ عاشق — کسی صورت نہو سیری کبھی کشکول سائل کو
ہوا آیا سامنے دینار داغ اوسکو دیا تو نے — جو ہین اہل کرم محروم کب کرتے ہین سائل کو

ولہ

دنیا مین ویرا نہین ہوتے ہین شکستہ ظرف — اک نہ بھی قیام نہین ہے حباب کو
آہین دلون کو نور سے بہرہ نہو کبھی — حاصل نہووے روشنی چشم رکاب کو
روشندلون کو چرخ سے فرصت نہین کبھی — دیکھا ہے دور مین قدح آفتاب کو
ہوا مضطر جو دیکھا مینے روی غیرت گل کو — کہ فصل گل مین بیتابی سے ہوجاتی ہے بلبل کو
ضرر کسطرح پہنچے داغ دلکو گرم آہون سے — بجھائے باد صرصر کب چراغ لالہ و گل کو
جو کج ہین راست اونکو کر نہین سکتا کوئی ہرگز — کمانے نالۂ شمشاد کیونکر سیخ سنبل کو
لگے کیا گلشن جنت مین دل بے یار گلرو کے — خزان مین ہے قفس سے تنگتر گلزار بلبل کو
رو ٹھکر وصل کی شب مجھسے بنجاؤ آؤ — مثل مردم مری آنکھون مین سماؤ آؤ
دیکھتے ہی تمہین عشق آگیا جاتے ہو کدہر — اپنے عاشق کو اجی ہوش مین لاؤ آؤ
راہ گھر کی مرے کترا کے جو تم جاتے ہو — دل یہ کہتا ہے کہان جاتے ہو آؤ آؤ

پھرے جاتے ہو عبث عاشق ناکام سے تم
آؤ بھی نام مجبوبی کا اے جان نہ مٹاؤ

ننگ چاکون نے کیا ہے اس دل مایوس کو
غم فزون ہو روزن دیوار سے محبوس کو

گر نہ نکلے خط زوال حسن جانا نکاہو خوف
کرتی ہے گل باد صرصر شمع بے فانوس کو

سر آنکھو پر جگہ افتاد دنکو دیتے ہین رو شنل
کشان ہے اپنے جانب چرخ سے خورشید نیم کو

طمع ہو سیم و زر کا جسکے دل مین ہو وہ نابینا
معرا نور سے دیکھا ہے مینے چشم خاتم کو

مرے مضمون کو لیکر کسطرح شاعر بنے حاسد
سلیمان دیو بن سکتا نہین ہے لیکے خاتم کو

دشت پیمائی مین یاد آئے جو او سکا حسن سبز
ابر مژگان سے مرے خار مغیلان سبز ہو

گریہ بے اختیاری کا اگر مضمون سناؤن
کشت دہقان کی طرح بزم سخندان سبز ہو

دہ بجیان لینے مین ای وحشت جو یاد آئے وہ خط
تار سنبل کی طرح تار گریبان سبز ہو

زر مہ سبحی مری سن لے جو آئے آئینہ رو
شکل طوطی باغ مین مرغ خوش الحان سبز ہو

باد دلبر کو پریشانی دل زیبا ن مین ہے
دیکھکر ہر رہ گذرین صحرا ے وحشتناک کو

نہین ہے جبر مین دنیا سے مطلب
غرض کیا بزم سے خلوت نشین کو

ہے اپنے چشم تر مین اشک پر خون
رکھین شیشے مین آب آتشین کو

جو افتادہ ہے سہے آرام مین وہ
کہان مثل فلک گردش زمین کو

بڑہائے دل کا رتبہ عشق جانان
مشرف ہو نام سے حاصل نگین کو

خوب لوٹا گنج حسن یار جانی رات کو
ہو گیا حل عقدۂ راز نہانی رات کو

پا دن تک کیا ہاتھ پہنچا نا کوئی مقدور تھا
کرتی تھی خلخال جانان پاسبانی رات کو

کس اب رنگین کا باندھا تھا تصور خواب مین
دیدۂ تر تھا جو صرف خونفشانی رات کو

دیدہ روے یار سے کب دیدۂ تر خشک ہو
تابش خورشید سے کیونکر سمندر خشک ہو

آبرو حاصل نہوا و سکو جو آنکھون سے گرا
اشک کا قطرہ بھی کوئی مثل گوہر خشک ہو

یاد آتی ہے کہ ای جان تمہاری رات کو
دن سے ہوتا ہے زیادہ ضعف طاری رات کو

بجلیان لے برق وش دیکھین تمہاری رات کو
کیون نہ بجلی کیطرح ہو بیقراری رات کو

پھر گئین پتھر گئین اور ہو گئین آنکھین سفید
کھینچی یہ اوس سنگدل کی انتظاری رات کو

تعجب کیا جو ٹپکے دیدۂ تر سے مرے آنسو
چھلکتے تم نے دیکھا ہے سدا جام لبالب کو

ہے عالی حوصلہ سے کس کو ایذا
قناعت ہڈیون پر ہے ہما کو

بت کافر کا چہرہ کیا نظر آئے
نہین دیکھا ہے آنکھون سے خدا کو

نہووے سنگدل بھی اوس سے محروم
ملے دانہ دہان آسیا کو

عاشق ہین تیرے سوزش ہجران سے بیخطر
آتش سے کچھ گزند نہ پہونچے خلیل کو

انسان پہ کسطرح سے کھلے کنہ ماہیت
رازون سے تیرے علم نہین جبرئیل کو

روشن ہو دل مست پہ کیفیت عالم
معلوم ہوا حال جہان جام سے جم کو

داغ دل پرسوز ہین نساخ کو پیارے
سب دوست رکھین دہر مین دینار و درم کو

بہتا ری آنکھون کا کسی طرح نہو بند
بھرتے کبھی دیکھا نہین ناسور کہن کو

نساخ پڑھو بزم مین گلرویون کی اشعار
جز نغمہ زنی کام نہین مرغ چمن کو

پرورودن سے ثمر نہین ملتا ہے بشر کو
جز سنگ نہو بار سے کچھ نفع سنجر کو

ناغم کا دل خوش نہو شعرون سے ہمارے
کیا لطف ملے نغمۂ داؤد سے کر کو

زلفون کو اوس پری نے جو کھولا عجب نہین
صیاد بہر صید بچھاتے ہین دام کو

فرقت یار مین ہوتا ہے عجب غم مجھکو
روز رہتا ہے نئے طرح کا ماتم مجھکو

ڈرتا ہے کون صدمۂ آفات دہر سے
قطرہ نہین ہے موج سے ہرگز تہنک کو

سایہ فگن جو آب مین دندان یار ہو
کیونکر نہ ہر حباب دُر شاہوار کو

جو کج ہین رہتے ہین گردش مین ہر دم
سدا چکر مین دیکھا آسمان کو

عقدہ یہ سربلندی گردون سے کھل گیا
دنیا مین ہے عروج ہر اک کج نہاد کو

دیدہ ور شعر و نسے میرے کب ہونا بینائے علم
خاک ہووے فائدہ سرمہ سے چشم کور کو

غیر جنسون کی کسی ہووے گوارا صحبت
شہر کیا آئے پسند آ ہووے صحرائی کو

فکر رونے سے مجھکو منع اے ناصح کہ خالق نے
کیا مور و گنہ کا مانع باران رحمت کو

سرد مہری جہان سے ہوا سوزان دل نار
شمع کا نور جلا دیتی ہے پروانے کو

نمو نمرود را ہم کیجیے ہمسر کسی صورت
شرف ہی بادشاہی پر ترے در کے گدائی کو

شانے سے مرے دل کی گرہ کھل نہیں سکتی
دیکھا ہے نہیں عقدہ کشا پنجۂ شل کو

کیا پست فکر دخل کرے مرے شعر مین
پرواے سیل کب ہے زمین بلند کو

ایمن ہے حوادث سے سدا حسن خداداد
کب خوف خزان کا ہوا گلزار ارم کو

گو شمالی چرخ سے عالم نہ گھبرائے کبھی
ہوتی ہے دست نوازش گو شمالی ساز کو

ردیف ہاے ہوز

یہہ غزل صنعت لزوم مین ہی یعنی لفظ صاف کو ہر شعر مین لازم رکھا ہے

دیکھ لے گر خط سبز صاف رخسار آئینہ
کیون نمودے صورت طوطی سے بیزار آئینہ

پر تو افگن ہووے مستی مین اگر وہ روی صاف
خانۂ خمار کی بنجاے دیوار آئینہ

فیض عکس گوہر دندان صاف یار سے
ہو گیا ہے معدن لولوے شہوار آئینہ

عاشقون کی موت کی صورت نظر آتی ہی صاف
دست قاتل مین نبی شمشیر خونخوار آئینہ

زخم تیغ چشم بد سے وہ جوا یمن ہے مدام
جسم صاف دلبر سفاک ہے چار آئینہ

تربیت سے کیون نمودار ہین دلون کا دل بھی صاف
کرتے ہین آئینہ گر پتھر سے تیار آئینہ

دلبین اوسکے ہے جو کچھ نہکو نظر آتا ہے صاف
ہے گھڑا کیا سینۂ شفاف دلدار آئینہ

خط سے روے صاف دلبر کو نہین اصلا ملال
صورت طوطی سے کب ہوتا ہے بیزار آئینہ

وہیان جو موے میان سادہ رو کا ہی مدام
صاف قلب صاف ہے گویا کہ ہموار آئینہ

ہو نمایان سبزۂ خط روی صاف یار پر
کیا تعجب ہے کرے پیدا جوز نگار آئینہ

روی صاف پر عرق تیرا نظر آوے اگر
پانی پانی شرم سے ہو صاف ای یار آئینہ

شہسوار سادہ رو گزرا ہے جو اس راہ سے
ہے زمین پر صاف نقش پاے رہوار آئینہ

دیدۂ گریان کا میرے عکس پڑ جاوے اگر
صاف بنجاوے ابھی ابر گھربار آئینہ

بے اثر کیون وار تیغ موج صرصر کا نہو
جسم صاف شمع پر فانوس ہے چار آئینہ

کون سمجھے صاف دلکو دہر مین ایجان مفصول | دست اسکندر مین بھی ہووے نہ بیکار آئینہ

عشق ہے خط سبز و لبر پر دل صافی مرا
ہوگیا طوطی کا دیکھو حاشیہ زار آئینہ +

اپنی آنکھون کیطرح رہتا ہے بیدار آئینہ | انتظار یار مین ہے میرا غمخوار آئینہ
دیکھیے پاے گر رخ شفاف دلدار آئینہ | روز و شب حیرانی سے رکھے سروکار آئینہ
جب نمودار اوس رخ شفاف پر سبزہ ہوا | مہر کو کہنے لگا ہر شخص مودار آئینہ
اس قدر جوہے صفائی حسن سے حیرت زدہ | کیا تعجب ہے بنے گر نقش دیوار آئینہ
کر صفائی قلب حاصل تاکہ ہو ہر دل عزیز | دست خوبان مین رہا کرتا ہے اے یار آئینہ
استخوان کشتۂ آئینہ رویان گر اوٹھاے | کیا تعجب زاغ کی ہوجاے منقار آئینہ
پرتو عکس جمال یار سے محروم ہے | مہر کا ہے گنبد گردون پہ بیکار آئینہ
محکمہ رہدان کام میرے کے کفی کا گر گیا | ہوگیا ہے چاک شکل شانہ اے یار آئینہ
تیغ ابروی ہلالی کی اگر دیکھے چمک | ماہ کا بھی مرغ پر ہوجاے افگار آئینہ
شکل اوس نور مجسم کی نہین دیکھی ہے کیا | عکس پیغمبر نہا ایسا ہوا زار آئینہ
لالۂ خونین جگر سے اے بت شیرین دہن | کوہکن کا حال کر دیتا ہے کہسار آئینہ
دیدۂ جوہر سے کرتا ہے جو نظارہ مدام | خبر دیوون کا مگر ہے عاشق زار آئینہ
اوسنے چوما آئینہ کو اور مین کشتہ ہوا | بنگیا ہے شانہ مین قاتل کے تلوار آئینہ
کیون خفا ہے عاشقون کی بات سے اے ساقی | طوطی کی تقریر سے ہووے نہ بیزار آئینہ
ملک حسن خوبرویان جو مسخر کر لیا | رکھتا ہے شکل سکندر بخت بیدار آئینہ
دیدۂ جوہر رنگ گل ہواے گلرو تمام | عکس چشم خون فشان سے ہووے گلزار آئینہ
شکل طوطی ہوگیا حیران قلعی کھل گئے | اگیا جب وقت پیش روے دلدار آئینہ
سبزۂ خط کب عیان ہے عارض شفاف پر | ہے نہان مشت پر طوطی مین اے یار آئینہ
صورت نقش قدم حیران ہووے سر بسر | دیکھے اے آئینہ رو تیری جو رفتار آئینہ
اوسکے ہر ہر عضو کا ہے عکس ہر ہر عضو مین | ہے زبس فرط صفا سے پیکر یار آئینہ

طوطی حیران اگر نجارے چڑیا کیا عجب
ہے صفائی سینہ سے آئینا کی دیوار آئینہ

منکسر واضع دل نساخ گر ہووے کبھی
شعلہ رو ہو صورت سیماب فرار آئینہ

کیون نہ رکھین بند بیماران چشم یار آنکھہ
بیشتر کم کھولتے ہین مردم بیمار آنکھہ

ای مسیحا غیر سے جب تو کرے گا چارہ آنکھہ
سوزن غیرت سے پھوڑ نیکے تری بیمار آنکھہ

روتے روتے کھوئی بینائی تمہارے ہجر مین
رہ گئی اب دیکھنے ہی کو مرے ای یار آنکھہ

دیکھتی ہے عاشقون کو کیا نگاہ تنگ سے
چشم روزن سے نہین کم تیری ای دلدار آنکھہ

پرزے پرزے کیون نہ اوڑ جاوین جگر عشاق کے
تیر و پیکان ہے نگہ خنجر ہے اور تلوار آنکھہ

تجھسے ہم چشمی کا دعوی کرتے ہین اے چشم یار
نرگس و بادام سے کہدے کہ کر لین چار آنکھہ

اب بھی تو لہدے اپنی صورت زیبا دکھا
حسرت دیدار مین پتھر اگئی اے یار آنکھہ

دل سے دل اس کافر بدکیش کا ملتا نہین
گو کہ آنکھون سے ملاتا ہے وہ بیکرار آنکھہ

حشر پر ہے وعدۂ دیدار اوس خوش چشم سے
تا قیامت کھولنے کے ہم نہین ونہار آنکھہ

وصل مین نساخ کو کرنے نہین دیتی ہے بند
ایک لمحہ کے لیے بھی حسرت دیدار آنکھہ

قابو سے رات یار جو نکلا چھوڑا کے ہاتھہ
گویا شکار چھوٹ گیا میرے آکے ہاتھہ

اوسنے جھٹکدیے مرے شب کسمسا کے ہاتھہ
کھینچا بغل مین اوسکو جو مینے بڑھا کے ہاتھہ

ہاتھون مین آئین اوس بت نا آشنا کے ہاتھہ
اللہ سے مانگتا ہون دعا یہہ اوٹھا کے ہاتھہ

عاشق کے رہتے بوالہوسونکو کیا شہید
انصاف ہے ترا تری تیغ جفا کے ہاتھہ

ہیرے کی ہین کلائیان بازو بلور کے
ترشے ہوے ہین لعل کے اوس دلربا کے ہاتھہ

پھیلاے پاون چاک گریبان نے سر بسر
پردے مین جو چھپا لیے تمنے دکھا کے ہاتھہ

کھولی شب وصال مین زلفون کی جو گرہ
ناخن بنے ہین شانہ عقدہ کشا کے ہاتھہ

بنتے صفائی ہاتھون کی اے دلبر فرنگ
دل ہاتھون ہاتھہ لے لیا مجھسے ملا کے ہاتھہ

کیونکر زبان سے اوسکی نزاکت کا ہو بیان
سرخی ملے سے لال ہون جس مہ لقا کے ہاتھہ

ردیف یائے حطی

ہجر کی رات کو رلواتی ہے کیا کیا بدلے
بھرتی ہے اشکون سے دامان تمنا بدلے

گیسو ساری کے لیے آئیگا پریون کا ہجوم
کرے میخانے کو اندر کا اکھاڑا بدلی

باغ مین بلبلین خون اپنا کرین گی دم سیر
سرخ پوشاک جو تو نے گل رعنا بدلی

بادہ خوارون کو جو ہے صورت مجنون الفت
ساقیا بن گئی ہے گیسوے لیلا بدلی

یاد دندان مین اشارہ ہو اگر آنکھون کا
ابھی برسانے لگے عقد ثریا بدلی

کوند نا برق کا ہے نالۂ سوزان مین مرے
اشک باری سے ہوا آنکہہ کا پردا بدلی

فصل باران مین کرون قصد جو مینخانے کا
وہ سیہ بخت ہون ہوجائیگی عنقا بدلی

ہجر معشوق مین ہے ساغر عشرت ٹکڑے
دیکھکر خوش نہوا عاشق شیدا بدلی

ہوئی برسات مین جو وصلت ساقی حاصل
میکشی کا مجھے کرتی ہے اشارا بدلی

جو کہ ہین مست مئی شعر و سخن سبھمین کے
باندہی ہے حضرت فسانخ ذی کیا بدلی

دیکھے یہہ موسم باران مین تماشا بدلی
سوئون مین اوس سے لپٹکر رہے تنہا بدلی

بھول جائی گی صدا رعد کی ای رشک پری
تیرے دیوانے کا سن لے گی جو نالا بدلی

غیر کو آنکہہ اوٹھا کر بھی نہ دیکھا مینے
چھتون اوس یار جفا کار نے کیا بدلی

نالہ زن صورت بلبل نہین کوئی عاشق
خط کے آتے ہی ہوا ای گل رعنا بدلی

یاد ہے ہجر مین زلف عرق آلودہ کے
چشم و دامن سے غمل ہوتے ہین دریا بدلی

مجھکو تمییز نہین اشک فشانی کے سبب
دیدۂ زار کا پردہ ہے مرے یا بدلی

برق پر عارض روشن کا گمان ہوتا ہے
دیتی ہے زلف سیہ کا مجھے دہوکا بدلی

کود صحرا کو ڈبو دیوے مرا سیل سرشک
آہ سوزان سے مرے خشک ہو دریا بدلی

فصل باران مین ہے سرگرم غنا زہرہ جبین
گوند کا مجھکو سنانی ہے ترانا بدلی

اشک صافی سے ہمارا دل مجروح مرا
کاشغر کا ہوئی زخمون کو سفید ابدلی

چڑھگیا ہے یہ مرے نالہ سوزان کا دھوان
نام رندان خرابات نے رکھا بدلی

اک غزل اور بھی مستانہ سنا دیتا ہون
دیکھئے رنگ نیا لاتی ہے کیا کیا بدلی

سر پہ لاتی ہے بلا ہجر مین کیا کیا بدلی
یا مو لواتی ہے وہ زلف چلیپا بدلی

میری رونے سے ہون داغ دل روشن ائل
ماہ و انجم کو چھپا دیتی ہے کیسا بدلی

دوش صرصر پہ رواں ہوتی ہے برساتون مین
کم نہین تخت سلیمان سے ہے اصلا بدلی

سوگ کس کشتۂ گیسوے چلیپا کا رکھا
کیون یہ پوشاک سیہ ای ہت تر سا بدلی

کام مرہم کا کرے گی مری چشم پر نم
ہوگئی زخم دل افگار کا پھاہا بدلی

یاد کاکل مین ہے نالان دل پر داغ مرا
مور کو وجد مین لاتی ہی ہمیشا بدلی

کوئی خوش کوئی غمین خمکدہ دہر مین ہے
برق خندان ہے اگر کرتی ہے گریا بدلی

ہین میسر مجھے ساقی ازل کے باعث
جام مے شیشہ صراحی خم صہبا بدلی

غم نساخ کا عالم مین اثر پھیلا ہے
رعد نالان ہے اگر کرتی ہے گریا بدلی

غزل مین حکمت چشم بتان کا وصف مزون ہے
جو حرف و لہجہ و ادا و سخن ہی خم فلاطون ہے

پھنسا ہی دام مین میرے غزال مست امی ساقی
دل صد چاک کو کب اپنے یاد چشم میگون ہے

کری برق جہندہ خرمن اشعار موزون پر
مرے دیوان مین کب اضطراب دل کا مضمون ہے

وہ مہر و میری گھڑی آکی شب کو پھر گیا اولٹا
یہ سب کچھ باعث بد قسمتی بخت وارثون ہے

وہ لیلی وش نہین جو جلوہ افزا بزم عشرت مین
مثال نالۂ مجنون صدائے چنگ و قانون ہے

پریرو جبسے سن پایا ہوا دیوانہ سودائی
تمھاری نرگس جادو کا افسانہ بھی افسون ہے

خدا کے قہر سے ڈرتے نہین بھولی ہو دولت پر
تمھاری ہاتہ مین ای منعمو کیا گنج قارون ہے

غضب لہرا رہے ہین چشمۂ خورشید مین کالے
دل پر داغ کو کب یاد گیسو ہای شبگون ہے

پریرو پھر توڑاتی ہین ترے دیوانے زنجیرین
جنون کا جوش ہی زیر قدم پھر کوہ ہامون ہے

رہا لایا ہے صحرا جو اشک سرخ زندان مین
مری زنجیر کا ہر خار مثل موجۂ خون ہے

خدا جانے صف عشاق پر اب کیا بلا آئی
مسیحا و ربان سے موجود دان سامان شبخون ہے

ہوا نکیس ای حال طالع مین مرے کیا ان
کہون کیا ایسے مین ہر کے قسمت وہ وارثون ہے

تصور وہ ہے ہنگام بکا اوس روی رنگین کا
کہ رشک لالہ حمرا ہماری چشم پرخون ہے

خیال گردش چشم سیاہ مست ساقی سے
سر سودا زدہ کو جو ہے چکر دور گردون ہے

منا سب ہی کہ او سکو دفن کردے خاک بابل مین
ترا ناخ ایجان کشتۂ چشم پر افسون ہے

وہ میرے عشق صادق کے اثر سے میرا مضمون ہے
جو مجنون تما وہ لیلی ہے جو لیلی تما وہ مجنون ہے

جنون کا حالت وحشت مین جو مرغوب مضمون ہے
قلم کو مین سمجھتا ہون کہ شاخ بید مجنون ہے

فسون بیکار پیش زہر مار زلف شبگون ہے
یہہ دود کالا ہے افسون گر جان بیکار افسون ہے

خرامان جو لب جو باغمین و دسرو موزون ہے
نظر مین قمریون کے سرو گویا بید مجنون ہے

مرے دیوان مین موزون و مطلق قافیہ کا جو ہے
مرا ہر مصرع موزون بر نگ سرو موزون ہے

قطعہ

نشان باقی رہا جز نام کسکا دہر فانی مین
الہی ورپے کین کس قدر یہ دور گردون ہے

پتا آئینہ اسکندری نے جام جم کا ہے
نہ باقی طاق نوشیروان ہی نے قصر فریدون ہے

نہ عذرانی و من ہے اور نہ شیرین ہے نہ لیلی
نہ دامق ہے نہ ہے نل کوہکن ہے اور نہ مجنون ہے

بجھائی پیاس میری سنت ہجران مین ساقی نے
گلوی خشک اپنا خنجر قاتل کا ممنون ہے

اثر ہے پر تو لعل لب رنگین کا اسے گلرو
پسینے پر ترے سبکو گمان قطرۂ خون ہے

پیالہ تیرے رندون کو ہے جام مے غزل نغمہ
جو وجد صوفی صافی ہے گو یا رقص موزون ہے

رگ سنگ لحد پر ہے زبان مار کا دھوکا
تصور مین جو بعد مرگ اوسکی زلف شبگون ہے

ترے رخسار و گیسو کا اثر پھیلا یہ عالم مین
پریشان کا کل سنبل ہے دل غنچہ کا پرخون ہے

جلایا عشق روی شعلہ افشان نے مجھے ایسا
شرار آتش کا ہے تنمین مرے جو قطرہ خون ہے

یہہ دور دیدۂ براق جانان کا اثر پھیلا
مہ و خور چرخ مین ہین روز شب گرد شمین گردون ہے

بدشواری کسی کے گوشۂ دل پر نہ قبضہ
بہت آسان تسخیر ملا و ربع مسکون ہے

ملایا خاک مین دیدے کے چکر تو نے رندون کو
مگر گردش تری آنکھون کے ساقی دور گردون ہے

خیال روے افشاں مین رنگ اپنا اور طرح ہے
مگر سیماب کا قطرہ مرا ہر قطرۂ خون ہے

شہادت کا سہرا کے جدا کر نیکے دیتا ہے
مثال چرخ روز و شب جو گرد شمین گردون ہے

ہوئی کیفیت اشراق حاصل می کے پینے سے
ہر اک بیباکش ترے پرتو سے رین لیساقی فلاطون ہے

دل فسلیح کو گندم کیصورت پیس ڈالیگا
مثال آسیا جو روز و شب گرد شمین گردون ہے

نہین زینت کی خواہش اوسکو ای لیلی جو مجنون ہے
کہ زیب فرق عاشق داغ سودائی ہمایون ہے

بغیر سنگ گوئی جمع زر سے خاک حاصل ہو
زوال دولت قارون کا باعث گنج قارون ہے

ملا انسان کے سر پہ جوہر ذاتی سے آتی ہے
مقید علم سے اپنے ہوا خم رین فلاطون ہے

عرق حسن طفل سادہ رو کی کیون نہ ہو ہر دم
کہ حسن ماہ نو اخترِ ثنا سو روز افزون ہے

جو روشن دل رین روز و شب رہا کرتے ہین گرد شمین
دلیل صاف اسپر دور مہر و ماہ گردون ہے

جو ہے کنجوس دولت اوسکی اوسکے ساتھ جاتی ہے
روان زیر زمین ہمراہ قارون گنج قارون ہے

زبان ہے لال اوسکی اس چمن مین جسنے کھولی لب
تکلم کے سبب غنچہ کا دل گلشن مین پر خون ہے

وطن مین آبرو پاتا نہین ہم چشمون مین ارنان
سجھلا کب مردم آبیکو قدر رو کمنون ہے

نہین پونچیگا صدمہ گوشہ گیر و بیکسی صورت
بلائے آسمانی سے رہا خم رین فلاطون ہے

اک نظر لطف و کرم کی شکل موہ سا چاہیے
عشرت دنیا مجھے نے عیش عقبا چاہیے

ساقی مہوش ہے تنہائی ہے جام مے بھی ہے
تجھکو اب ای جان لے آرام اور کیا چاہیے

خط سبز و حسن گندم گونکی ہو دونی بہار
اوڑھنے کو سر پہ اک دھانی دوپٹا چاہیے

چشم حق بین کو نظر آئے گا جلوہ یار کا
آئینہ سے ہو دل صافی مصفا چاہیے

چارہ گر مین تیغ چشم یار کا مجروح ہون
برگ نرگس کا مرے زخمون پہ پہاہا چاہیے

ماتہ مین پستان سیمین آگئے تھی رات کو
ہو ہتیلی اپنی روشن مثل مینا چاہیے

روز و شب ہے دیدہ مخمور ساقی کا خیال
عمر کا لبریز ہو جائے پیالا چاہیے

وقت تزئین کہ رہا تھا شانہ گوش یار مین
زلف کے عقدہ کیطرح ہو کھولا چاہیے

اک غزل لکھیے بہ تبدیل قوافی اور بھی
دور اپنی فکر صائب کا دکھایا چاہیے

سیمتن کو جالی کی انگیا پہنایا چاہیے
دام مین سو نیکی چڑیا کو پھنسایا چاہیے

مارڈالا ہے ترے جوڑے نے جوای شوخ چشم
ناف آہو میرے مرقد پر چڑھایا چاہیے

چاہیے دلکو تصور چشم فتان کا ترے
عطر فتنہ سے بہ پیراہن بسایا چاہیے

مارڈالا ناصحا تیری نصیحت نے مجھے
کوئی تدبیر اوسکے ملنے کی بتایا چاہیے

آئے ہین تو شبکی شب رہیجائیے اے ماہرو
طالع خوابیدہ کو میرے جگایا چاہیے

دیدۂ نرگس کو پھوڑا اور مڑوڑے گلکے کان
سرو کی گردن کو بھی اک گل جھکایا چاہیے

مثل شاخ زعفران ہجران مین ہون زرد و نزار
حال پر میرے ہنسے اپنا پرایا چاہیے

شوخیان بلبل سے ہوگرتا ہے ای دست جنون
دھجیان گل کے گریبان کی اوڑایا چاہیے

زندگی بھر غیر کی ہووے نہ محتاجی نصیب
یہہ دعا ہووے قبول اپنے خدایا چاہیے

نالے یاد سرو بالا مین جو ہوتے ہین بلند
عرش اعلی کا بھی اب ہلجائے پایا چاہیے

پرتو افگن ہر طرف سے جلوۂ دیدار ہو
دلکو اپنے آئینہ خانہ بنایا چاہیے

رنگ گل اور مڑنے لگے کا ہوش بلبل کی طرح
باغ مین چلکر رخ رنگین دکھایا چاہیے

آفتاب حشر کی گرمی کا مجھکو خوف کیا
دست پیغمبر کا میرے سر کو سایا چاہیے

کشتۂ چشم سیہ ہے تربت نسناخ پر
گل کے بدلے دیدۂ آہو چڑھایا چاہیے

نیم بسمل چھوڑنا لازم نہین نسناخ کو
اور بھی اک ہاتھ اے قاتل لگایا چاہیے

مرقد نسناخ پہ لازم ہے جانا سر کشو
گل کے بدلے تیوری ہی تو چڑھایا چاہیے

ہون سراپا حسن مطلع ایسی نورانشان غزل
پڑھکے اس خورشید طلعت کو سنایا چاہیے

وله

گل کو ای گل عارض رنگین دکھایا چاہیے
چٹکیون مین عندلیبون کو اوڑایا چاہیے

پنجۂ گل رنگ ای گلرو دکھایا چاہیے
شاخ مرجان کے جگر سے خون بہایا چاہیے

معجزہ یہہ سیر دریا مین دکھایا چاہیے
عکس رخ سے آگ پانی مین لگایا چاہیے

گل پہ گل اور داغ پر داغ دکھایا چاہیے
گلشن فردوس سینے کو بنایا چاہیے

آئینہ و خط سبز اپنا دکھایا چاہیے
طوطیون کے ہاتھ کے طوطے اوڑایا چاہیے

روی آتش رنگ کا مضمون سنا چاہیے
حاسد بدکیش کے دل کو جلایا چاہیے

دونون عالم سا جہاں دل سے بھلایا چاہیے
ایسی اک بوتل برانڈی کی پلایا چاہیے

ای جنون پردے سلاسل کے اڑایا چاہیے
دشت وحشت کو بھی طاقت آزمایا چاہیے

حال جسم زار کا اپنے سنایا چاہیے
اوس گل رعنا کو خارستان پڑھایا چاہیے

مصحف رخسار روشن کو دکھایا چاہیے
گبر مین بگڑے ہوئے ایمان پہ لایا چاہیے

شمع رو اک رات دریا مین نہایا چاہیے
مہسلیون کو مثل پروانہ جلایا چاہیے

خانۂ زنجیر مین وہ غل مچایا چاہیے
آسمان کو سر پہ ای لسان فرخ اوٹھایا چاہیے

جو کہ اوس کا قرب طالم بوند اہوتا ہے
موز درد رنج و غم و جور و جفا ہوتا ہے

بہر گلگشت جو وہ جلوہ نما ہوتا ہے
باغ مین پیرہن غنچہ قبا ہوتا ہے

جو اسیر خم گیسوے دوتا ہوتا ہے
دہر کی قید علائق سے رہا ہوتا ہے

دم بیان حضرت عیسی کا فنا ہوتا ہے
لب جان بخش جو اعجاز نما ہوتا ہے

ماہ رک بے اوڑی صید ہے کر لیتا ہے
جب روان سوی فلک مرغ دعا ہوتا ہے

دم رفتار تن مردہ مین جان آتی ہے
شور خلخال تبان قم کی صدا ہوتا ہے

جان پر شانہ و مشاطہ کے بن جاتی ہے
بل پہ جبہوقت وہ گیسوے دوتا ہوتا ہے

اوسکے عارض سے اگر ہے رخ مہتاکو رشک
داغ سینہ سے خجل شمس ضحی ہوتا ہے

خلق کو نوح کے طوفان کا گمان ہوتا ہے
دیدۂ زار جو مصروف بکا ہوتا ہے

چوم کر اوس لب شیرین کو سوا مین تو کھلا
سم سے افزون اثر آب بقا ہوتا ہے

دو اُدھر چار ادھر لوٹ گئے برسر راہ
تیری چالون پہ تو اک حشر بپا ہوتا ہے

بسمری ناخن پا سے ترے جب کرتلہے
ماہ نو چرخ پہ انگشت نما ہوتا ہے

کر ہی لیتا ہے گرفتار وہ گل ہاتھون ہاتھ
دل چرا لینے پہ گر دزد حنا ہوتا ہے

خون ہوتا ہے دل پنجہ مرجان یکدست
دست رنگین کے مقابل جو ذرا ہوتا ہے

عمر بھر ہووے نہ آزاد گرفتاری سے
رشتۂ زلف بتان سے جو بندھا ہوتا ہے

مہر سے بھی نہ اوٹھون صورت شبنم ای ماہ
مین ہون وہ آفتاب جو نظر دنسی گرا ہوتا ہے

مہین سنتا ہے کسی کی بت ترسا و اللہ
آئین گر حضرت عیسی بھی تو کیا ہوتا ہے

ہجر ہے وصل سے بہتر ہے ترے عاشق کو
درد ہے تیرے مریضون کو دوا ہوتا ہے

بیٹھ رہ گھر مین ای فساح بقول مومن
در بدر ناصیہ فرسائی سے کیا ہوتا ہے

دل کوئی حلقہ گیسو سے رہا ہوتا ہے
طوق کب گردن قمری سے جدا ہوتا ہے

جان لے لینے کو اک کھیل سمجھتے ہین صنم
کافرون کو بھی کہین خوف خدا ہوتا ہے

حال دل یار کے آگے مین بیان کرتا ہون
پیش گل مرغ چمن نغمہ سرا ہوتا ہے

فیض روشن دلون سے تیرہ درونکو پوچھے
مہر سے نور رخ ماہ سوا ہوتا ہے

نام سے کام نکلتا نہین دنیا مین کسیے
شاہ کہلانے سے کب شاہ گدا ہوتا ہے

خال شانہ نے پھنسایا ہے ترے جوڑے مین
دانہ سے قید قفس مرغ ہوا ہوتا ہے

گردش دیدۂ ساقی نے کیا ہے مدہوش
دور ساغر کا سدا ہوش ربا ہوتا ہے

سنو پابند کبھی ہمت عالی جو رکھے
کوئی عنقا بھی کہین رشتہ بپا ہوتا ہے

داغ اپنے دل روشن سے سنو نے ائل
ماہ سے کب کلف ماہ جدا ہوتا ہے

سیم و زر کب رکھین معشوق سے عشاق عزیز
جان سے شمع پہ پروانہ فدا ہوتا ہے

کوی قاتل کا پتا لاشہ عاشق سے ملا
میل رہرو کے لیے راہ نما ہوتا ہے

سجدہ کرتا ہے عبث مٹی کی مورت کو مدام
برہمن بت بھی پرستش سے خدا ہوتا ہے

کام اونی سے نکلتا نہین اعلے کا کبھی
ناخن پا بھی کہین عقدہ کشا ہوتا ہے

دیکھنی جبین جبین اوسکی ہے خط تقدیر
وہی ہوتا ہے جو قسمت کا لکھا ہوتا ہے

بام تک اڑ سکے نہ پہنچے گا کبوتر فساح
عرش پر کب گرد باد صبا ہوتا ہے

دل پر سوز پہلو مین کہان ہے
مرا سینہ سمندر کا مکان ہے

ہین سنبل زلفین تو انکھین ہین نرگس
ہین گل رخسار تو غنچہ دہان ہے

ہوا پابند صنعتہائے رنگارنگ شعر اسکا
ولے رنگ شکستہ خاصہ طرز بیدل ہے

دہوان ہے زلف و رشتہ لامی عارض
ترا قد روان شمع روان ہے

تمہاری مانگ کی نکہی جو تعریف
مرا ہر شعر رشک کہکشان ہے

خیال عارض آتش فشان ہے
دہوان نظرون مین مہر آسمان ہے

دل افگار مین ہے یاد مژگان
فلک پر تیر کا جوزا مکان ہے

روان آنکھون سے ہے اک خونفشان دریا
رنج رنگین جو اوس گل کا نہان ہے

توہم کا گزر وان تک کہان ہے
مکان اوس دلربا کا لامکان ہے

خیال باغ روے دلستان ہے
دل پر داغ باغ بے خزان ہے

ترے دانتونپہ رنگ پان عیان ہے
یہ کان لعل مین گوہر نہان ہے

لکھا اوسنے جو حال زار اپنا
تو خامہ رشک شاخ زعفران ہے

دل سوزان مرا رہتا ہے اوسمین
دفن نیزا سمندر کا مکان ہے

بندہے مضمون چشم فتنہ زا کے
زمین شعر گویا آسمان ہے

خط نورس اگر ہین حضرت خضر
لب جانان مسیحای زمان ہے

کہا مینے دہن کو جوہر فرد
کہوا سے منطقی حجت کہان ہے

جدا معشوق سے عاشق کو کردے
مگر دور فلک شور اذان ہے

خیال خال ہے اس چشم نم مین
کہ دل والے ماہ کیوانکا مکان ہے

نمایان کیا وہان یار ہووے
نظر سے چشمہ حیوان نہان ہے

نہین ہے بات سکہ مین اوس صنم کے
کہ نقطہ ہائے ہوز مین کہان ہے

وہ نور افشان ہین اپنے شعر فیاض
منور جنسے بزم دوستان ہے

کس گلبدن کے آئینکے دہوم اس چمن مین ہے
پھولا ہوا خوشی سے جو گل پیرہن مین ہے

فیض چمن خیال رخ گلبدن مین ہے
بویا برنگ ورد ہے جو گل بدن مین ہے

کرنے سے مدعی کے کملی تیغ زن یہ بات — خنجر کا خاصہ مرے طرز سخن مین ہے
کہتے ہین اوسکو نکتۂ موہوم اس لیے — نقطے کی بھی جگہہ نہین تیرے دہن مین ہے
کیا دور آفتاب مین ہو دن کو کیفیت — جو لطف شب کو دور شراب کہن مین ہے
یاد عذار صاف و لب و زلف مین یہ دل — گاہے حلب مین گاہ یمن گہہ ختن مین ہے
دکھلائے مجھکو جلوۂ بت نے خدا کی شان — عالم حرم کا بتکدۂ برہمن مین ہے
کیا نکلے منہ سے بات ترے آگے رعب سے — زندہ جو پیرہن مین ہے مردہ کفن مین ہے
چھو سکتے اپنے ہاتھہ نہین اوسکے پاون کو — حاروں نیاز وصل مین دولہہ دولہن مین ہے
لاکھہ آرزو کے خون سے ہے ظالم بھرا ہوا — آب بقا کمان ترے چاہ ذقن مین ہے

نساخ کیون جواب آتش کا مین لکھون
گرمی ہزار رنگ کی میرے سخن مین ہے

اندام نازنین ستم پیرہن مین ہے — ہم شاعرون کا قول یہ ہے جان تینین ہے
بلبل بھی اب تجسس رنگ چمن مین ہے — کیا ذکر سیر باغ ترے انجمن مین ہے
اے ماہ رو جلن جو مرے داغ تن مین ہے — سوزش کب ایسی نہر کے داغ کہن مین ہے
تارے ہین آسمان پہ جو داغ تن مین ہے — اب عالم فلک مرے بیت الحزن مین ہے
بیتاب روی روشن و رنگین کی یاد مین — پروانہ بزم مین ہے تو بلبل چمن مین ہے
مضمون بند ہا ہے لخت دل جگر کا — بجلی جڑاؤ گوش عروس سخن مین ہے
گرمی بازار آتش سرد شد | سوخت ار اشعار گرمش در کفن
تلزم معناست با دیوان او | یا کہ آن درجے پر از دُرِّ عدن
سال تاریخش چہ گویم احمدا | دفتر بے مثل باشد بے سخن
۱۲۷۶

الحمد للہ کہ دیوان بلاغت و فصاحت عنوان تصنیف لطیف شاعر جادو زبان مولوی عبد الغفور خان بہادر نساخ مطبع نامی گرامی منشی نولکشور مقام لکھنؤ ماہ اکتوبر ۱۸۶۰ء مطابق ماہ رمضان ۱۲۷۶ ہجری میں طبع ہوا

هُوَ الغفور الرّحیم

اِنَّ مِنَ البَیانِ لَسِحرًا

دیوان دوم مسمی بنام تاجی



بجسن تصحیح و زیبا تسطیر

مطبع نامی منشی نول کشور مین باطبع مزین مطبوع هوا



بسم الله الرحمن الرحیم

ردیف از الف

خدایا شوخی آرنی عنایت کن زبانم را
بزن آتش زتیغ لن ترانی جسم وجانم را

خدایا جور بر قاتل بده تیغ زبانم را
پی حاسد دوم شمشیر کو طرز بیانم را

چنان غافل بعشق آن دهان و آن کمر گشتم
که در عالم نمی داند کسی نام ونشانم را

چو در دل شکند آن نوک پیکان خدنگ او
بود مانند مرهم چشم زخم خون چکانم را

پس از قتلم پی نشهیر اگر آن مو کمر گوید
بیای مور باید بست جسم ناتوانم را

گدازی سنگ را مانند موم ای ناله سوزان
خدا را زم کن قلب بت نامهربانم را

میان جان خود بستم پی نظارهٔ قاتل
شکستم آرزوئی دیدهای خون فشانم را

فغان از جاهلان راج شاهی وای نافهمی
من و نردوان نمی فهمد کسی اینجا زبانم را

برنگ گل روان بلبل شیراز بشگفتی
شنیدی گر صریر خامهٔ رنگین بیانم را

دل پژمرده ام مشتاق داغ گلرخی دارد

مہار تازہ باشد در بغل نخل خرامم را

این غزل در صنعت تلمیع است

کجا مرغ دلم باشد اسیر دام پروا ها
لما جدت لہ نفسے بدنیا ها و عقبے ها

ز محویت بروی وکا کلش ہر دم بگویم
انا ابدا رتم فی الدنیا جے ام محیّا ها

نشان کوچۂ آن بت خود او باشد بر دفاصد
اذا ما قد سجا لیل ہدا السارین مرأ ها

برم چون شانہ گر دستی ز لفش چشم او گوید
ہے الشولاء لا تبقی فتّا یا کم و ایّا ها

ز چاک سینہ صد مہر قیامت می کنم پیدا
الا لم تنقف اللیلا ء فے لیلا حدّیا ها

فراہم مے کند ہر زخم دل را در سر کاکل
دموع کلما انہالت حبلنا ہن افوا ها

نہ در ایام وصل او مفر از غم نہ در ہجر ان
وما ذا یر تجی منہا اذا ما کن اشبا ها

صلاح کار از شہد ای چشمہ او مجو ناصح
وانی الصحو لی مینا وقد دبت حمیا ها

روان کشتہ ہجر ست آب تیغ او کز وے
اذا وافی لحیا الاموات حیا ها واحیا ها

ببین مہربانی خود پرستی ہاے او پیدا
فاتا کا عمت جفنی فان العین مثوا ها

تہی میدانست نسبا خشش تن فرسودہ لیکن
تلقی النشر اذا ہدت نسیم الصبح ریّا ها

جس نے اوس نو خط کو دیکھا محو الفت ہو گیا
خط سبز یار گیا نقش محبت ہو گیا

آنکھ کا پڑنا نرے قد پر قیامت ہو گیا
دل کا لگنا مری جان ایک آفت ہو گیا

گر طلوع آفتاب داغ فرقت ہو گیا
ماہ کے مانند خورشید قیامت ہو گیا

وصف جو اشعار میں اپنے دل کا لکھا
دائرہ حرفوں کا ہر اک چشم حیرت ہو گیا

اسکے دو بے کو او چھلنے آج تک دیکھا نہیں
قلزم خونخوار دریاے محبت ہو گیا

وصل کی شب شرم سے جو ہو گئے وہ آب آب
جوش عاشق غرق دریاے ندامت ہو گیا

ہو گیا مشہور جو وصف دہن میں اپنا شعر
مصرع تر بازوے عنقاے شہرت ہو گیا

خط نکلنے پر بھی بھیجا خط نہ اوس نو خط نے ہاے
خط سبز اے نامہ بر کیا خط قسمت ہو گیا

گھر کیا آنکھون مین کسکی حسرت دیدار نے
اپنی آنکھون سے روان جو خون حسرت ہو گیا

دیکھکر تربہ شہیدون کا ترے آیا یہ شک
حضرت عیسیٰ کو بھی شوق شہادت ہو گیا

نزع مین جو اوس مسیحا نے پلایا پانی جان
آب حیوان سے زیادہ مجھکو شربت ہو گیا

دل ہوا اونکا غبار آلودہ میری قبر پر
تو وہ اپنی خاک کا گرد کدورت ہو گیا

بعد مردن بھی اثر اللہ رے سوز عشق کا
فاتحہ کو جو گیا وہ شمع تربت ہو گیا

لاگ پر غیرون کے مجھ سے دوستی کی یار نے
بغض دشمن کا مرے حق مین محبت ہو گیا

ہو گیا ہے شور و غوغا سے دم فریاد بند
حشر ہی نسّاخ کے حق مین قیامت ہو گیا

محفل دشمن مین افشار راز الفت ہو گیا
یہ قصور اے حور مجھ سے فی الحقیقت ہو گیا

قد جوانی مین ترا اے یار آفت ہو گیا
نہا لڑکپن مین جو فتنہ اب قیامت ہو گیا

آنکھ اوٹھا کر چشم رہزن نے تری دیکھا اگر
سر بسر ملک دل عشاق غارت ہو گیا

دیکھے آئینے مین جو رخسار روشن کے صفا
آئنے سے بھی سوا وہ محو حیرت ہو گیا

دوستو جوش جنون مین دونہ تکلیف لباس
درع جسم برہنہ کو اپنے خلعت ہو گیا

پیچ تازہ دل پہ پھر کرنے لگی فصل بہار
عشق زلف جادہ صحرا سے وحشت ہو گیا

کاٹہ غم اونکے آتے ہی ہوا عشرت کدہ
دفع عیش وصل سے سب رنج فرقت ہو گیا

سا تہ غیرون کے مرے گھر مین جو آیا مہروش
وصل کا بھی روز محکو روز شامت ہو گیا

وہ گل رعنا جو آیا فاتحہ کو بعد مرگ
گل سے افزون تر لحد مین خار حسرت ہو گیا

پاؤن بھی اے بت نہ چھونے پاؤن تیرے آگے اس قدر مین بے حقیقت ہو گیا

کیا عجب اے بت دل سوزان بے آشکدہ
ضبط سینے مین اگر سوز محبت ہو گیا

تیری پابوسی میسر کیا ہو وقت فاتحہ
سنگدل چھاتی کا تیرے سنگ تربت ہو گیا

اشک سرخ و صاف نے لعل و گہر سے بھر دیا
دامن اپنا ہیچ مین دامان دولت ہو گیا

مطلع

شعلہ زن مرنے پہ بھی جو سوز فرقت ہو گیا
نار دوزخ ہر شرار سنگ تربت ہو گیا

جب جدا پہلو سے وہ کان ملاحت ہو گیا
نالۂ دل غیرت شور قیامت ہو گیا

بین جوانی میں ہوا ہوں الفت طفلان میں
خم مرا قد باعث بار محبت ہو گیا

میرے در تک آکے پھر وہ غیر کے گھر کو گئے
خوب ہی شب امتحان جذب الفت ہو گیا

وصل میں غیروں کا جو ڈھب کار رہا کچھ کی نہ بات
بزم سے مجکو زیادہ کنج خلوت ہو گیا

سنگ طفلان وادی وحشت میں جو سر پر لگی
زخم دامنداری بھی دامان شفقت ہو گیا

بعد مردن پاؤں ہم پھیلا کے سوئے ہیں سے
دامن مرقد بھی گویا فرش راحت ہو گیا

تن پہ ہر قطرہ نے فرقت میں کیا تپہر کا کام
اک بلائے آسمانی ابر رحمت ہو گیا

ولدہی اگلی سی نے خاطر نہ الفت کی نگاہ
دل کو لیکر تو بھی کتنا بے مروت ہو گیا

بعد مردن بھی نہ ہو ویگی خبر اوس حور کو
دل میں پوشیدہ اگر راز محبت ہو گیا

تیرا جلوہ جو نظر آیا قسم اللہ کی
روشن اے بت پردۂ چشم بصارت ہو گیا

اے مسیحا دم نکلنے تک نہ ٹہرا پاس سے
نزع میں جانا ترا مجکو قیامت ہو گیا

جلگیا کس بیکسی سے ہجر کی شب شعلہ رو
استخوان ہر ایک گویا شمع حسرت ہو گیا

سجدہ اے بت کافر و دیندار کرتے ہیں تجھے
طاق ابرو مثل محراب عبادت ہو گیا

مطلع

واہ وا کیا پر اثر نقش محبت ہو گیا
وہ ملے غیروں سے مجھ سے ترک الفت ہو گیا

فصل گل میں عازم صحرائے وحشت ہو گیا
یہ دل سودا زدہ خضر طریقت ہو گیا

ہو گیا ہوں آرزوئے وصل میں یہ ناتوان
میرا جسم زار اب گل خار حسرت ہو گیا

وہ مسیحا قبر پر آیا تو جاگے اپنے بخت
مجکو خواب مرگ گویا خواب راحت ہو گیا

تیرے دل میں جو غبار آیا ملا میں خاک میں
دل مرا اے جان پامال کدورت ہو گیا

جس پہ پوشش کو دکھایا میری الفت میں پسینا
سینۂ صد چاک بھی دام محبت ہو گیا

دشت وحشت میں جو کھا جاتا ہوں کبھی ٹھوکر قدم
داغ سودا سر پہ اک بار مصیبت ہو گیا

قتل گاہ میگناہاں میں مجھے پہونچا دیا
رہبر راہ وفا شوق شہادت ہو گیا

بخت کاشکی وہ تمہارے منکے پیغام وصال
شکر بھی آیا جو ہونٹھون تک شکایت ہو گیا

مثل آہن آپ میرے پاس آیا سنگدل
رشک مقناطیس پہ جذب محبت ہو گیا

روی روشن پر جو بینی یار کی آئی نظر
قائل اعجاز انگشت شہادت ہو گیا

مجھسے قیس و کوہکن درس جنون لینے لگے
داغ سودا سر پہ دستار فضیلت ہو گیا

ہو گیا دشمن جو کی اوسپر محبت کی نگاہ
دیدۂ الفت مگر چشم عداوت ہو گیا

کر دیا نساخ جو کشت دل دشمن کو سبز
آب اشک چشم گویا آب رحمت ہو گیا

بیان وصف سراپائے دلستان نہ ہوا
بدن پہ میرے جو ہر روز نگہا زبان نہ ہوا

کسے ستائین گے دوزخ مین یہ بت کافر
دل ستمزدہ گر اونکے درمیان نہ ہوا

ہمارے حال سے خود آپ آشکارا ہے
کہ راز دل کبھی شرمندۂ بیان نہ ہوا

کبھی نہ نشہ چڑھا مجکو وصل جانان کا
خمار عیش سے ساقی مین بہر گران نہ ہوا

دکھاتا آئینہ تو ہے مین کہ نہین سکتا
تجھے یقین مرے مرنے کا گمان نہ ہوا

ٹپکتا ہر بن مو سے ہے میرے جوش سخن
یہ فکر ہے ہمہ تن کس لیے زبان نہ ہوا

نہ ہاتھ آئے گی ہرگز بتون کی پا بوسی
مین خاک رہ نہ ہوا سنگ آستان نہ ہوا

نہ چھوٹی چرخ زنی آسیائے گردون کی
برنگ آرد جو پس پسکے استخوان نہ ہوا

عبث ہے سیر مین اے دل ہوا ہی گلرویا
ہوا بہار کا دن موسم خزان نہ ہوا

نہ آئے کب سر عاشق پہ کھینچکر شمشیر
بلند کونسا دن شور الامان نہ ہوا

کیا نہ عشق کو رسوا مثال پروانہ
برنگ شمع کبھی سوز دل بیان نہ ہوا

نسیم شوق بیان سے برنگ غنچۂ گل
شگفتہ اپنا کبھی غنچۂ زبان نہ ہوا

نہ سنہ چڑھے وہ کبھی ہم سے سخت جانون کے
تمہاری تیغ کا اک روز امتحان نہ ہوا

دکان عشق مین ہم بھی کرینگے یہ سودا
ہماری جان سے ترا عشق گر گران نہ ہوا

سوائے چشم نہ باندھا دہن کا جو مضمون
ہوا مین سحر بیان لیک نکتہ دان نہ ہوا

عزیز جان کو ہے نساخ مصرع مومن

بلائے جان ہے وہ دل جو بلائے جان نہوا

دہن کی فکر مین کب صورت گمان نہوا
ولیکن اسپہ بھی پیدا کوئی نشان نہوا

دہن کا بوسہ چھپا کر دیا جو اوس بت نے
جہان مین کوئی مری طرح رازدان نہوا

ہون پاس تو بھی گمان ہے کہ ہی کسیکا خیال
ترا گمان کبھی دور بدگمان نہوا

پہونچ گیا سر مجنون پہ ناقۂ لیلے
روان جو نجد کی جانب کوسا بان نہوا

جہان مین کوئی بھی اپنے دل حزین کیطرح
غریب و بیکس و مظلوم و ناتوان نہوا

ملے وہ راہ مین گاہے تو گاہ محفل مین
برائے وصل مقرر کوئی مکان نہوا

مجھی کو دیکھکے کیون ہنس رہے ہین دشمن دوست
یہ جسم زار اگر شاخ ارغوان نہوا

عدو کو دیتی رہی رات گالیان لاکھون
ہزار شکر مرا ذکر درمیان نہوا

ہمین سے کرتا ہے بل تیرا گیسوے پیچان
بلائے جان عدو وہ بلائے جان نہوا

اوڑے تو شرم سے کیون ہو نہ دو دو دل پانی
اگر آسمان پہ اک اور آسمان نہوا

عدو کی بوالہوسی کا تمام کہلتا حال
ہمارے سامنے پر اوسکا امتحان نہوا

خیال آیا نہ کب تیری اونچی چوٹی کا
سر اپنے دوش پہ ای جان کب گران نہوا

دہن کی وصف مین لکھا نہ شعر کرم کوئی
کہ شمع محفل یاران نکتہ دان نہوا

مطلع

ہوئے جو محو وفا کوئی بدگمان نہوا
ہمارے اونکے محبت کا امتحان نہوا

وہ خال فتنہ ہے جو فتنۂ زمان نہوا
وبال جان ہے جو گیسو وبال جان نہوا

یہ اعتماد رہا اونکی بیوفائی پر
کہ وہ عدو سے ملے اور مین بدگمان نہوا

نہین ہون خار کسی کی جو آنکھ مین کھٹکون
نگاہ ہون کہ کسی چشم پر گران نہوا

جو عشق مین نہ گئی جان بنیت سے حاصل
ہے نفع جینے سے کیا جی کا گر زیان نہوا

نہین ہے سال کوئی کوئی ماہ کوئی دن
مگر ہے حال دل زار وصل کا مضمون
کہ پیش یار کبھی شرم سے بیان نہوا

دل و جگر مین رگ وپے مین دیدہ و سر مین
مقام عشق کا اے جان کہان کہان نہوا

مقابلے پہ ٹھہرتا کوئی تو جانتے ہم
ہماری طرح سے دشمن کا امتحان نہوا

لگایا دل کو تو گو حوریان جنت سے
پہ آرزو رہی حسرت شس بتان نہوا

کسی کا دل تو جلانے کہین تو آگ لگاے
بلا سے گر نہ ہوا سوز دل نہان نہوا

برا ے کافر و دیندار کیون کہلا نہ رہے
کوئی بہشت ہوا یار کا مکان نہوا

مدد کو دے دیا بہولے سے زہر کا پیالہ
مرے نصیب مین جو عیش جاودان نہوا

جو سرخ صورت گل ہے لب صنم کو کیا
نہ خون ہو رشک سے دل کیونکہ برگ پان نہوا

او تہین نہ مثل ہلال او سہ دنگلیان ہرگز
جو تیرے عشق مین اے ماہ ناتوان نہوا

وہ بار عشق ملائک جسے اوتہا نہ سکے
پری رخو سے دیوانہ کو گران نہوا

برنگ دیدہ انجم جگائین راتین بہے
وہ رشک ماہ ولی مجھ پہ مہربان نہوا

کمر نہ ہاتہ لگی بوسہ دہن پا یا
مین رازدان تو ہوا لیک غیبدان نہوا

یقین مجھکو ہوا ست گیا خط تقدیر
جبین پہ سجدہ بت کا اگر نشان نہوا

مری غزل کی بہلا کون داد دے نساخ
نہزار حیف کہ مومن سا نکتہ دان نہوا

صفاے قلب اسی مے سے ہی تاب تن مینا
اسی سے ہے فزون ہو نور چشم روشن مینا

نہین ہے محتسب کیطرح کوئی دشمن مینا
بچے تیغ ستم سے اوسکے ساقی گردن مینا

دکہاے جلوہ خورشید محشر دست ساقی پر
نہین کم دامن محشر سے میکش دامن مینا

صفائی وہ ہے جو کچہ اوسکی دل مین ہے نظر آوے
کہون کیا کیا لطافت رکتا ہے رنگ تن مینا

کسی کی نالہ و افغان کا کیا غم اہل عشرت کو
کہان سنتے ہین میکش میکدے مین شیون مینا

تن گلرنگ ساقی پر لباس سبز کہلتا ہے
کہ جسم نازنین پر زیب دی پیراہن مینا

کرے نساخ کو بہی مست و بیخود صورت صہبا
زبا افتادن ساقی بسر غلطیدن مینا

نظر آجاے جب مستون کو روے روشن مینا
وہ خوش ہو کر گلے اپنے لگائین گردن مینا

رہائی سرکشون کو بھی نہو وے دام دنیا سے
کہ خط دست ساقی ہے کمند گردن مینا

نہ پیش محتسب نے پیش قاضی خم ہوا ای ساقی
کسی محبوب سرکش کی ہے گردن گردن مینا

کریں ہنگامہ محشر بپا دیکھین اگر میکش
بیاض صبح محشر ہے بیاض گردن مینا

تواضع کرتے ہین سرکش بھی اکثر قدر دانونکی
جھکے اے میکسار پیش ساقی گردن مینا

مرا ہین سرکشی کا اوسکے خمخانہ مین دکھلاؤن
کہین مستی مین ہاتھ آئے جو ساقی گردن مینا

چھری پھیری مرے گردن پہ اوس سکین نے مے پیکر
رہیگی زیر بار خون عاشق گردن مینا

رہائی اس بلا سے اوسکو کب بے سر دیے ہووے
بنی ہے موے مے ساقی کمند گردن مینا

صداے حق کی بزم مے مین جو نساخ آتی ہے
بنی ہے گردن منصور گویا گردن مینا

جلوہ افروز وہ خوش قد جو مرے گھر نہوا
جیتے جی اپنے بیا فتنہ محشر نہوا

تکیہ زانوے دلبر پہ مرا سر نہوا
حاصل اک روز یہی کام دل مضطر نہوا

رایگان خون نہ گیا اوسکا مری صورت سے
شمع بھی جل گئی پروانہ جو جان بر نہوا

وہ بھی ہے پردہ نشین تیری طرح پردہ نشین
پردہ دل سے تصور ترا باہر نہوا

جلوہ دلبر خود بین سے منور نہ رہے
دل عشاق ہوا آئینہ کا گھر نہوا

صحبت شعلہ رخان ہی مین بسر کرتا عمر
دل سوزان کو یہ غم ہے کہ سمندر نہوا

بوالہوس کو نہ کرے چھیڑ کے تر انخجر قتل
چشم تیمور ہوئی دیدہ جوہر نہوا

مژدہ یار کی جنبش نے کیا کام تمام
دل وہ کشتہ ہے کہ منت کش خنجر نہوا

کیون دکھائی نہ دی حیرت کی سوا وصل کی شکل
آئینہ خانہ ہوا برج دو پیکر نہوا

مل کے ساقی کے لبون سے مری لبتک آئی
تجھ سے آشنا بھی تو اے گردش ساغر نہوا

قطعہ

کرتے ہین اونکے تصور سے جو ہم شکوۂ بخت
کہ کسی رات ہمین وصل میسر نہوا

خواب مین آکے وہ فرماتے ہین کیجے تو سہی
وعدۂ وصل وفا آپ سے کیونکر نہوا

نفس امارہ سے کہائی ہے شکست اے نساخ

ہم سے تو قافلۂ پندار کبھی سر نہ ہوا

دل نساخ جو خاک رہ دلبر نہ ہوا
سرمۂ دیدۂ مہر و مہ و اختر نہ ہوا

کان مین اوس گل خوبی کی گران ہو کیونکر
کیا مرا شعر ہوا دانۂ گوہر نہ ہوا

چشم سے پیش رخ یار نہ ٹپکے آنسو
خشک خورشید کی تابش سے سمندر نہ ہوا

پردہ داری تری منظور جو ہے زندان سے
اے پری نالۂ زنجیر بھی باہر نہ ہوا

کیا ملون خون لگا کر مین شہیدون مین تری
جب میسر مجھے آب دم خنجر نہ ہوا

شمع رو کیون نہ رہے نور قدم سے محروم
ہوا کاشانۂ اغیار مرا گھر نہ ہوا

شمع رو آگے ترے صورت پروانہ زار
بات کرنے کا بھی یارا نہوا پر نہ ہوا

سیمتن داغ غم عشق ہین کیا کم دل مین
نہ ہوا گل کی روش پاس مرے زر نہوا

سرخرو خاک رہی معرکے مین اے قاتل
خون سے میرے تری تیغ مین جوہر نہوا

خاک اپنی تو ہے رفتار بتان کی پامال
کیا ہوا گر در بتخانہ کا پتھر نہوا

حسرت دید جو مقتل مین رہی اے قاتل
دم مرا خون کی طرح آنکھون سے باہر نہ ہوا

بوالہوس بھاگ گئے جان بچا کر اختر
کوئی نامرد حریف دم خنجر نہ ہوا

کیا ہو بیداری مین تسکین دل مضطر کو مرے
خواب مین بھی جو ترا وصل میسر نہ ہوا

خاک مین انکی محبت نے ملایا لیکن
آئینہ رویون سے دل اپنا مکدر نہ ہوا

مصرع ذوق ہے نشتر زن دل اے نساخ
نہ ہوا آب شہادت سے گلوتر نہ ہوا

نہ ہوا ناصح نادان کے بھی ہمسر نہ ہوا
جو کہ سودائی گیسوے معنبر نہ ہوا

اے لب یار یہی ہے اثر آب بقا +
منہ جسے تم نے لگایا کبھی جانبر نہ ہوا

ایک ہشیار عدو ہے نہ کہو سودائی
ہے وہ دیوانہ کوئی گھر سے جو باہر نہ ہوا

دشمن و دوست کی آنکھون مین نہ کھٹکے اگلا
کوئی کانٹا ہوا میرا تن لاغر نہ ہوا

اولٹے وہ پھر گئے آکر مرے در تک سو بار
مجھسے سیدھا تو کسی روز مفسر نہ ہوا

جیتے جی وعدۂ دیدار وفا ہو کیونکر
پیش محشر سے مرے یار جو محشر نہ ہوا

صاف دل کو سخن سخت بھی اک نشتر ہے
چاک الماس سے کب سینۂ گوہر نہوا

منہ پہ آئینے نے قلعی بھی چڑھائی لیکن
نہوا یار ترے منہ سے برابر نہوا

کیا کرونگا مین تری حور کو لیکر زاہد
نہین مطبوع جو معشوق ستمگر نہوا

کٹگیا سر تو مرے حلق سے نکلی پہ صدا
سر بھی اک یار گران تھا نہوا سر نہوا

خشک ہے شوق شہادت مین تو یہ کیا کم ہے
اگر آب دم خنجر سے گلو تر نہوا

کر گئے کام مرا جنبش دست و بازو
ناتوانی سے مین شرمندۂ خنجر نہوا

دیکھتا ہون نظر یاس سے تو کہتے ہین
کیا کرین پاس ہمارے کوئی خنجر نہوا

نہ چلی عشق کی گشتہ سے مسیحائی خاک
دل وہ مردہ ہے کہ زندہ نہوا پر نہوا

ذبح کے بعد گیا اوڑ کے گلستان کی طرف
ضائع اے مرغ چمن ایک ترا پر نہوا

سوز غم کی دل مضطر کو نہین خاک بھی تاب
قائم انبار یہ پارہ نہوا پر نہوا

ذوق کسکو ہے غزل کسکو سناؤن ناسخ
حیف ہے آج کے دن ذوق سخنور نہوا

اونکے باعث دوست ہر اک اپنا دشمن ہوگیا
تھا جو خضر راہ اے ناسخ رہزن ہوگیا

بن ترے دیکھی ہوئین اے بت یہ آنکھین بیقرار
آنکھ کا ڈھیلا بھی اک سنگ فلاخن ہوگیا

وصل کی شب نام جو اوس مہ نے جانی کا لیا
خندہ جو لب پر مرے تھا صاف شیون ہوگیا

کھلگیا ہے خانۂ زندان مین اب جسم زار
خال چشم حلقۂ زنجیر آہن ہوگیا

اسقدر ہنس ہنس کے اوس گل نے جلایا باغ مین
خرمن گل دیدۂ بلبل مین گلخن ہوگیا

باندہ کر تعویذ کیا کیجے قضا کا سامنا
آگے تیغ مرگ کے بیکار جوشن ہوگیا

وہ بت خود بین سمایا جو دل شفاف مین
خانۂ آئینہ اپنا خانۂ تن ہوگیا

بیقرار ایسا ہوا تڑپا کیا آغوش مین
وصل کی شب شعلۂ رو پار ہی کا صدن ہوگیا

کیا سمجھکر تیز کرتا ہے وہ اپنی تیغ کو
ہدف سنگ فسان کیا سنگ مدفن ہوگیا

جوش وحشت مین جو باندہا زلف پیچان کا خیال
جادۂ صحرا نظر مین مار رہزن ہوگیا

جب لڑائین یار سے آنکھین وہین یہ نیم جان
کشتۂ تیر نگاہ چشم دشمن ہوگیا

وقت گلگشت چمن سن سنکے ہنستا ہی وہ گل
گر یہ شبنم ہمارا سور شیون ہو گیا

جسنے گھوڑے پر تجھے دیکھا سوار اے ماہرو
کشتۂ تیغ ہلال نعل توسن ہو گیا

کیون نہ ہون مین قتل جبک کر جب کیا اوسنے سلام
شکل محراب خم شمشیر آہن ہو گیا

رکھدیا اوسنے مجھے موے شکستہ جان کر
جسم زار اپنا نگاہ چشم روزن ہو گیا

کثرت عشاق نے پردی مین پہلا یا تجھے
یہ نگاہون کا ہجوم اے جان چلمن ہو گیا

آج اوس گل رو کی آمد ہے مگر حمام مین
غیرت گلشن جواے ناسخ گلخن ہو گیا

گلفشان مقتل مین جب دم خون گردن ہو گیا
غنچۂ گل جوہر شمشیر آہن ہو گیا

دیکھکر اوس تنکی آرائش ہوا ہی دل جو چاک
شانہ گیسوی زنار برہمن ہو گیا

جب گلی مین ہاتہ اوس مہرو نے ڈالا وصل مین
ہالۂ مہتاب اپنا طوق گردن ہو گیا

حشر مین کردی ادا حق شہادت اس لیے
خون میرا جوہر شمشیر آہن ہو گیا

مسکرایا گل کے ہنسنے پر جو اے غنچہ دہن
خندۂ گل باغ مین بلبل کا شیون ہو گیا

جلوہ فرمائے بزم غیر کا لکھا جو حال
نقطۂ ہر حرف نجم بخت دشمن ہو گیا

ہے زبس سنگین دلونکی محبوس زندان مین یہان
پاے بند گیسوی زنجیر آہن ہو گیا

مین رہون محروم پابوسی سے وقت فاختہ
سنگ سینے سے بہی زاید سنگ مدفن ہو گیا

جب گیا مین بہر گلگشت چمن اوس گل کے ساتہ
خار بہی اعدا کی صورت سخت دشمن ہو گیا

ہے زبس شمشیر قاتل سے جدائی ناگوار
جم گیا خون اپنا گویا آب آہن ہو گیا

جلوہ فرما اک بت خورشید رو کا ہے خیال
اپنا یہ بیت الحزن دیر برہمن ہو گیا

ہوتی ہے تار نگاہ یار سے دلکو خلش
چشم سوزن اوسکی دروازی کا روزن ہو گیا

اوس سی لب کی وصفون مین نکلا ایکحرف
خامۂ مشکین زبان گنگ سوسن ہو گیا

جو تکلف دست مانی مین ہے وہ رفتار مین
روے خوبان نقش پاے توسن ہو گیا

تاکتا ہے زخم دل اوسکا ادا سے دیکہنا
رشتۂ نظارہ گویا تار سوزن ہو گیا

ہے کسی پردہ نشین کا اوسکو سودا البتہ
چاک چلمن کیطرح جو گل کا دامن ہو گیا

قتل ہونے پر بھی بین نکلا نہ ہرگز قید سے — زخم شمشیر ہلالی طوق گردن ہو گیا — اشعار تاریخ

رشک سے کیونکر نہ مرجاؤن کہ رکھا اوسنے سوگ
میری جان کو موت رنج مرگ دشمن ہو گیا

نہ جیا نقش پہ جب تک وہ خود آرا نہ ہوا — شکر للہ کہ شرمندۂ عیسا نہ ہوا
تم سمجھتے ہو پریرو کوئی تمنا نہ ہوا — مجھا دیوانہ بھی تو خلق مین پیدا نہ ہوا
کون سر ہے جسے زلف کا سودا نہ ہوا — کون دل بستہ گیسوے چلیپا نہ ہوا
جنکو اسلام کا دعوے تہا وہ کعبہ کو گئے — رو بر و کوئی بھی اے کافر ترسا نہ ہوا
طفل رسا کبھی بوسہ لب سے نہ جبین — کھیل لڑکون کا ہوا کار مسیحا نہ ہوا
نامہ وہان کیلیے پے حال دل گم گشتہ — نہ گیا کوئی کبوتر کہ وہ عنقا نہ ہوا
ہا نہ پانون اپنے توڑا تا ہون اسی فکر مین روز — کہ کسی رات ترے پاؤن پہ قبضا نہ ہوا
پیچ ہرگز نہ چلا بل نہ گیا صورت مار — دست شانہ سے بھی گیسو ترا سیدھا نہ ہوا
دم مسیحل نہ ہوا خون گلو دامنگیر + — نام تیرا ہوا پر کام ہمارا نہ ہوا
چاند نی سی ہے سواد ہو پ تری کوچہ کی — غم نہین ہے جو میسر مجھے سایا نہ ہوا
کوچہ کاکل پیچان مین رہا سرگشتہ + — ہون وہ سودا ے کبھی باد پیما نہ ہوا
نکلا بیگانہ وہ دل تہا جو بغل پروردہ — جسکو مین اپنا سمجھتا تہا وہ اپنا نہ ہوا
کس لیے نامہ بر اپنا نہ سکندر بنتا — غیر سے اپنے سوا کام کسی کا نہ ہوا
کہل گیا خال تہ زلف کا سب حال اوسپر — ہے وہ دانا جو ترے عشق مین دیوانہ ہوا
پر تو افگن نہ ہوا جلوۂ محبوب اوس مین — صورت آئنہ جو دل کہ مصفا نہ ہوا
مین جو بیمار غم ہجر ہون کہتے ہین طبیب — یہ مرض جسکو ہوا وہ کبھی اچھا نہ ہوا
یہان ناقوس ہنے نالان وہان گریان فرم — کعبہ و دیر مین کب عشق کا چرچا نہ ہوا
ہے جگہ رحم کی اے پردہ نشین صبر تو دیکھ — میرے ہی ضبط سے تو شہر مین رسوا نہ ہوا
آیا ہرگز نہ مرے حلقہ آغوش مین ہاے — وہ کبھی نقطہ پرکار تمنا نہ ہوا

کسکو مضمون جنون خیز سناؤن فتاح

حیف کی جا ہے کہ اس عہد مین سودا نہوا

پردے سے پردہ نشین جو تجھے پردا نہوا
پردہ چشم کو رشک آیا کہ پردا نہوا

گرمیٔ لب جان بخش کا بوسا نہوا
تو علاج دل بیمار تمنا نہوا

ہم تو دیکھا کیے بیٹھے کوئی آیا نہ گیا
کیا ہوا اے دریار اگر وا نہوا

دیدۂ یار یہ تبلا تو سہی میرے لیے
کون فتنہ ترے دور مین برپا نہوا

اے پری جو ترا دیوانہ ہے فرزانہ ہے
ہے وہ سودائی جسے زلف کا سودا نہوا

کسطرح آنکھون سے دشمن کا اشارا دیکھون
یا خدا کس لیے مین بزم مین اندھا نہوا

وصل مین ہجر کا غم ہجر مین امید وصال
نہ سہی مجکو اگر وصل تمنا رانہوا

گل سے کیا بلبل دلخستہ توقع رکھے
باغ مین دست و گریبان کوئی کانٹا نہوا

وصل کی رات اولنشاخ دلبر سے نقاب
تجھسے اتنا بھی تو اے نشۂ صہبا نہوا

اشک سے میرے وہ غرقاب ندامت ہوکر
یہ وہ قطرہ نہین آخر کو جو دریا نہوا

عشق کا راز بھی ہے تیری طرح پردہ نشین
دل نے چاہا بھی ولے مجھ سے تو افشا نہوا

قطعہ

بیوفائی سے رقیبونکی ہے پچھتانا کیا
معتبر آگے کبھی قول کسی کا نہوا

تم مری باتون کو مجذوب کی بڑ جانتے تھے
کہیے جو مینے کہا تھا وہ ہوا یا نہوا

کیون نظر اوسکو نہ آنا رخ دلدار عزیز
جاگتا میرا ہوا خواب زلیخا نہوا

طلب وصل نہ کی اوس بت ترسا سے کبھی
ہون وہ بیمار کہ منت کش عیسا نہوا

اے لب یار اسی کا ہے مسیحائی نام
دل بیمار کا تم سے جو مداوا نہوا

مجکو تکلیف عیادت بھی نہ دی رشک مسیح
مرگیا جو ترا ایسا یہ اچھا نہوا

لن ترانی کی سہلا تاب کہان ہے لاتا
یہ ہوا خواب کہ مین حضرت موسے نہوا

تونے نشاخ لکھا خوب جواب غالب
کچھ ابھی نہین ہر شعر جو اچھا نہوا

نہین زلف سیاہ یار سے روشن جبین پیدا
ہوا تاریکی شب سے مگر ماہ مبین پیدا

وہ ہون زہر آب نوش غم کبھی جو مین نے خواہش کی
ہوا شان عسل سے جامے زہر انگبین پیدا

دم فکر سخن ہے دہیان جو اوس چشم جادو کا
کرے مضمون نہ کیا کیا خامہ سحر آفرین پیدا

وہ گریان ہون نہین جو پونچھنے والا کوئی آنسو
ہوئی ہے غیب سے آنکھون کے خاطر آستین پیدا

بجا ہے نازنیکتائی کہ نازستان عالم مین
ہوا ہے آج تک کوئی نہ تجھسا نازنین پیدا

وہ ہون سودائے عالی دماغ اے کاکل مشکین
بجائے سنبلہ ہو تربت پہ زلف عنبرین پیدا

غبار خاکساران اوڑکے سوے چرخ جاتا ہے
تعجب کیا فلک پر ہو اگر کوئی زمین پیدا

نہ کیونکر غالب و ناسخ کو ہم مغتنم جانین
بھلا دنیا مین ایسے لوگ ہوتے ہین کہین پیدا

یاد مین زلف کے روشن داغ کیسا ہو گیا
آفتاب آسمان جوش سودا ہو گیا

نامہ بر جو وصف کیسوے چلیپا ہو گیا
خط کا خط پیچ شکل خط ترسا ہو گیا

یاد چشم مست مین جو دشت پیما ہو گیا
حلقہ چشم غزالان جام صہبا ہو گیا

سیمبر کے چھاتیون پر ہاتھ جو مینے رکھے
وصل کی شب بار ور نخل تمنا ہو گیا

راہ سیدھی مانگ کی ڈھونڈھونہ کوئی زلف مین
ہاتھ سے سر رشتہ تدبیر بیجا ہو گیا

رحم کر جراح میرے پانون کے کانٹے نہ کھینچ
خار ماہی سے سوا خار کف پا ہو گیا

جو سخن اوس منہ سے نکلا پیچ مین ڈالا مجھے
گرد باد جنبش بازوے عنقا ہو گیا

وصل مین جو دست رنگین سے چھپائین چہاتیان — طائر رنگ حنا انگیا کی چڑیا ہو گیا
عشق بت مین سوز نالے نے دکھایا یہ اثر — شعلہ آواز ناقوس کلیسا ہو گیا
وہ خلش برقع کی جالی نے دکھائی وقت سیر — ٹکرے ٹکرے پردہ چشم تماشا ہو گیا
کیا ہی انگشت حنائی کی ہے چھلے کا اثر — ہاتہ پر کہایا جو گل بس دست بیضا ہو گیا
دیکہ پایا جو پسینا ناف کا اے بحر حسن — چشم عاشق دیدہ گرداب در یا ہو گیا
ہے ید بیضا یہ روشن پنجہ خورشید مین — میرے دل پر دست رنگین کا جو قبضا ہو گیا
اوسکی دانتون پر کہلا مضمون دہان تنگ کا — قید دام رشتہ گوہر مین عنقا ہو گیا
یہ دل بیتاب تڑپا دیکہکر مچہلی کی شکل — دام ماہی گیر ہر نقش کف پا ہو گیا
پردہ در وحشت مین اک پردہ نشین کا عشق سے — محکو چلمن پردہ دامان صحرا ہو گیا
جان دے بیہوش پایا کوی یار مین میر غبار — موجہ آب خضر جہونکا ہوا کا ہو گیا
خط جو نکلا حلقہ گیسو ہوا بے نور صاف — دیکہ کر رنگ زمرد مارا اندہا ہو گیا
تنکل گل ہنسنے لگے وہ دیکہکر جسم نزار — خار کے ناخن سے دامنچے کا عقدا ہو گیا
جلوہ گر ہین جلوہاے آفتاب می مدام — رشک مینای فلک یہ برج مینا ہو گیا
کون دیکہے خیر دل صد چاک چلمن کیطرح — ہر دہان زخم منہ پردہ نشین کا ہو گیا
اے عزیز و خواب مین بہی دیکہنا یوسف کا راہ — بیشتر بہر رگ خواب زلیخا ہو گیا
بیٹہے تم پردے مین بے پردہ ہوا بان از عشق — پردہ افشا مین پنہان روے اخفا ہو گیا

طرز شوکت کو ترقی دی ہے جو فتاح نے
شہر کلکتہ بہی اب رشک بخارا ہو گیا

کیا کہون اونسے کہ مجہ پر ظلم کیا کیا ہو گیا — میرے باتون کا جواب اے ہمنشین کیا ہو گیا
پہر کسی کی نقش پا کا مجہکو سودا ہو گیا — راہ پر آئے چلن پہر اپنا سیدہا ہو گیا
ہنستے ہنستے باغ مین جو گل کے منہ پر منہ رکہا — سرخ اوس گل کو کا منہ غصے سے کیا ہو گیا
رشک یوسف سے نہ نکلا وہم مین بہی کام — بخت خفتہ جاگنا خواب زلیخا ہو گیا
بہیجتا ہون خط بن لکہ لکہکر جو جاتی جسم زار — جو گیا ہرکبوتر رشک عنقا ہو گیا

نکلا تیغ جانستان لیکر جو وہ ترسا بچہ
بہیر مین شب خون اعجاز مسیحا ہو گیا

کیا شرارت ہے کہ رویا سُنکے حال مرگ ہائے
اوس صنم کی گر مبون سے جی ہی ٹھنڈا ہو گیا

غنچہ منقار بلبل نے بہی کیا کترے ہین پھول
پیش گلرو دامن گل پارہ پارا ہو گیا

ہو گیا جس دن سے سینے مین نزار و تیر عشق
سوکہ کرائے گل ہمارا جسم کانٹا ہو گیا

پھول جہڑتے ہین چمن مین اوس دہان تنگ سے
ہوش بلبل اوڑ گیا ایسا کہ عنقا ہو گیا

جان کیہے تو کہے کہتے ہو مجکو بے وفا
ہوش مین ہو خیر ہے صاحب تمہین کیا ہو گیا

کوی دلبر ہین گئے دوش صبا پر رکہ کر ہاتہ
بعد برباد ی بہی زور ضعف ایسا ہو گیا

قصد جب مین نے کیا بولے وہ منہ تو دیکہیے
بوسہ لینا مگر منہ کا نوالا ہو گیا

ہے جزا شرط وفا کی ہو وفا کہنا ہے عبث
اب بہی سمجہو دل مین کیا سمجہنے اور کیا ہو گیا

منع عشق زلف سے کرتا ہے کیا اندیشہ ہے
میری صورت ناصحا تجہکو بہی سودا ہو گیا

جہوٹ دعوے اون مسی آلودہ ہونٹہون کی کیا
پھول سب ہنستے ہین منہ سوسن کا کالا ہو گیا

نقش پر بے پردہ آئی اور سب دیکہین اوسے
ہائے جینے سے بہی بدتر اپنا مرنا ہو گیا

کیون جلاتا ہے عدو کے واسطے اے شعلہ رو
دل ہمارا کیا کوئی نعوذ شب کا ہو گیا

طرز مومن مین کہی ناسخ نے ایسی غزل
آج باعمل سارے استادون کا دعوا ہو گیا

متفرقات

مطلع در صنعت ترصیع مولف و نشر مرتب یا غیر مرتب و چہار قافیہ دار
کہ بہ سی و دو طور خواندہ مے شود

بازوے او شاخ سمن چشمان او تیغ قضا
گیسوے او مشک ختن مژگان او تیر جفا

بازوی او چشمان او شاخ سمن تیغ قضا
گیسوے او مژگان او مشک ختن تیر جفا

بازوے او شاخ سمن تیغ قضا چشمان او
گیسوے او مشک ختن تیر جفا مژگان او

بازو ہما او چشمان او تیغ قضا شاخ سمن
گیسوے او مژگان او تیر جفا مشک ختن

شاخ سمن بازوے او چشمان او تیغ قضا — مشک ختن گیسوے او قرگان او تیر جفا
شاخ سمن تیغ قضا بازوے او چشمان او — مشک ختن تیر جفا گیسوے او قرگان او
شاخ سمن بازوی او تیغ قضا چشمان او — مشک ختن گیسوے او تیر جفا قرگان او
شاخ سمن تیغ قضا چشمان او بازوے او — مشک ختن تیر جفا قرگان او گیسوے او
چشمان او تیغ قضا بازوے او شاخ سمن — قرگان او تیر جفا گیسوے او مشک ختن
چشمان او تیغ قضا شاخ سمن بازوی او — قرگان او تیر جفا مشک ختن گیسوے او
چشمان او بازوے او تیغ قضا شاخ سمن — قرگان او گیسوے او تیر جفا مشک ختن
چشمان او بازوی او شاخ سمن تیغ قضا — قرگان او گیسوے او مشک ختن تیر جفا
تیغ قضا چشمان او شاخ سمن بازوی او — تیر جفا قرگان او مشک ختن گیسوے او
تیغ قضا چشمان او بازوے او شاخ سمن — تیر جفا قرگان او گیسوے او مشک ختن
تیغ قضا شاخ سمن چشمان او بازوی او — تیر جفا مشک ختن قرگان او گیسوے او
تیغ قضا شاخ سمن بازوے او چشمان او — تیر جفا مشک ختن گیسوے او قرگان او
گیسوے او مشک ختن چشمان او تیغ قضا — بازوے او شاخ سمن قرگان او تیر جفا
گیسوے او چشمان او مشک ختن تیغ قضا — بازوے او قرگان او شاخ سمن تیر جفا
گیسوے او مشک ختن تیغ قضا چشمان او — بازوی او شاخ سمن تیر جفا قرگان او
گیسوے او چشمان او تیغ قضا مشک ختن — بازوے او قرگان او تیر جفا شاخ سمن
مشک ختن گیسوے او چشمان او تیغ قضا — شاخ سمن بازوے او قرگان او تیر جفا
مشک ختن تیغ قضا گیسوے او چشمان او — شاخ سمن تیر جفا بازوے او قرگان او
مشک ختن گیسوے او تیغ قضا چشمان او — شاخ سمن بازوے او تیر جفا قرگان او
مشک ختن تیغ قضا چشمان او گیسوے او — شاخ سمن تیر جفا قرگان او بازوے او
چشمان او تیغ قضا مشک ختن گیسوے او — قرگان او تیر جفا شاخ سمن بازوے او
چشمان او تیغ قضا گیسوے او مشک ختن — قرگان او تیر جفا بازوے او شاخ سمن
چشمان او گیسوے او تیغ قضا مشک ختن — قرگان او بازوے او تیر جفا شاخ سمن

چشمان او گیسوے او مشک ختن تیغ قضا | مژگان او بازوے او شاخ سمن تیر جفا
تیغ قضا چشمان او مشک ختن گیسوے او | تیغ جفا مژگان او شاخ سمن بازوی او
تیغ قضا چشمان او گیسوے او مشک ختن | تیر جفا مژگان او بازوے او شاخ سمن
تیغ قضا مشک ختن چشمان او گیسوے او | تیر جفا شاخ سمن مژگان او بازوی او
تیغ قضا مشک ختن گیسوے او چشمان او | تیر جفا شاخ سمن بازوے او مژگان او

واگر مصرعهاے اول مطلعهاے مرقومهٔ بالا را مصرعهاے دوم و مصرعهاے دوم را مصرعهاے اول قرار دهند سی و دو مطلع هاے دیگر نیز برسے آیند و باز ازین مطلع ها بلا رعایت صنعت هاے مندرجهٔ صدر یک صد و نود و دو مطلع هاے دیگر پیدا می شوند و اگر مطلقاً رعایت قافیه کرده نشود صدها اشعار پیدا خواهند شد که بر اصحاب طبع سلیم و ارباب ذهن مستقیم مخفی نخواهد ماند

دور فلک ستمگر جب حسب مدعا تھا | آہون مین بھی اثر تھا نالہ بھی تب رسا تھا
کسے امید الطاف ستم آمیز حوروں سے | وہ عاشق ہون کہ جینا مجکو مرزا سی پسند آیا
دل اصنام مین پائی ہے جگہ ہو کے غبار | سخت مشکل کا تھا جو کام وہ آسان نکلا
خانۂ چشم کی بس خاک اوڑا دی تاخ | طفل اشک آہ بہر اک تو دہ طفلان نکلا
اب درد بھی نہین ہے کہ تسکین ہو ذرا | جب دل نہ تھا تو دل کے عوض ایک درد تھا
ستم دہانے کو میرے پاس بیتابانہ آتے ہین | کمند گردن خوبان ہے ہر نقش قدم میرا
عمر خضر تمام سب ہو نہ ہاتھ آوے | ڈھونڈین اگر سراتری زلف دراز کا
کوے دشمن مین کیا آنکھون نے وہ دریا روان | نقش پاے یار ہر اک حلقۂ گرداب تھا
آگیا دشمن کی تنہائی کا شاید اوسکو خیال | مجھسے زائد وہ پری رو وصل مین بیتاب تھا
گو حسن مین یکتا ہے تری ناک کا تنکا | آنکھون مین کھٹکتا ہے تری ناک کا تنکا
نقش پاے دشمنان ہین سد راہ | کوچۂ دلدار مین ہم جا نہین کیا
یار کے ساتھ آتے ہین اغیار بھی | جذب دل کا زور ہم دکھلا نہین کیا

اک زخم دل کو اور لگا واہ رے نصیب
دشمن بھی رات میری طرح بیقرار تھا

دیکھنا شوق شہادت کو نہ کرنا آشکار
ورنہ وہ قاتل یقین ہے بدگمان ہو جائیگا

تماشا تھا دم مردن اگر وہ صندیہ آجاتے
تو دست یار مین نساخ دامان قضا ہوتا

دل دشمن کو جلاتا نہین مین نالون سے
تار ہے بار کی گردن پہ بھی احسان مرا

آسمان خاک مین ملانے کو
ترے دل کا غبار ہے گویا

ناز کے ہین دیکھنے کے بہانے وہ نزع مین
مرنا تو اور جینے سے دشوار ہو گیا

یقین جانتا ہم ہی رہین گے یا دشمن
جو اونکے بزم مین ہمدم ہو اگزار اپنا

قسمت تو دیکھنا کہ رستاخی کے واسطے
اے ہمنشین رقیب بھی اک آسمان ہوا

ہر ایک سہری جان کو آفت ہی اے ندیم
ناصح ہوا رقیب ہوا آسمان ہوا

اونکو آتا ہے مزا زخم جگر پر نساخ
لب شیرین بھی یقین ہے نمک افشان ہوگا

نالون سے مرے صور کا دم بند ہوا ہے
نساخ کبھی حشر بپا ہو نہین سکتا

ردیف باے موحدہ

کس قدر روشن ہے روے بے نقاب آفتاب
دید کے قابل ہے حسن لاجواب آفتاب

روے منحوس شب ہجران نہ دیکھون آنکھ سے
ہو میسر مجکو بھی اک رات خواب آفتاب

آسمانپر ہمنے یہ مانا نہین ہمسر کوئی
ہے زمین پر داغ دل اپنا جواب آفتاب

مست و لایعقل جو ہون اہل فلک بیجا نہین
دور مین ہے چرخ پر جام شراب آفتاب

کہکشان ہے دھار شکل موج ہی خط شعاع
ہے عیان بحر فلک مین یہ حباب آفتاب

شام کو نکلے جو وہ نور مجسم بام پر
سرخ مجلت سے ہو روے نقاب آفتاب

فیض روے یار سے پر نور ہے اپنا نقاب
میرے اوسکے درمیان ہے اک حجاب آفتاب

پارہ پارہ دل کیا کس شعلہ روکے عشق نے
گرہ گے ہے سیماب سے بھی اضطراب آفتاب

جلوہ جانان سے اے نساخ بحر چرخ مین
نور سے معمور ہے چشم حباب آفتاب

ردیف باے فارسی

سر پر مرے نہ کھینچ کے شمشیر آئین آپ
پہلے تو بوالہوس کو ذرا آزمائین آپ

گالون سے گال آپ سے لبونکو ملائین آپ
اب وصل مین زبان سے زبانکو لڑائین آپ

غیرون سے بات کرکے نہ مجکو ستائین آپ
ایسے جفاے سخت سے توبا زآئین آپ

ہونٹھون پہ یون نہ پان کا لاکھا جمائین آپ
سب خون عاشقان سے ذرا ہاتھ اوٹھائین آپ

ایمان تک مین صدقے کرون جان دل ہی کیا
جسطرح جی مین آئے مجھے آزمائین آپ

یہ آشنا کنارے پہ دریاے خون بہاے
غیرون کے ساتھ نہر مین یارب نہائین آپ

ویران کی جنہون کو کرین قتل عام سے
مرضی اگر ہو شہر خموشان بسائین آپ

ہنس ہنس کی کہتے ہین مجھے گریان وہ دیکھ کر
رو رو کے زار زار نہ مجکو ہنسائین آپ

پھولا خوشی سے مین نہ سماؤنگا قبر مین
گر شمع و گل مزار پہ میرے چڑھائین آپ

گلزار مین ہزارون کا بلبل کا ہو گمان
کاجل کا اپنے رخ پہ اگر تل بنائین آپ

کھائی ہے بوسہ دینے کی گر وصل مین قسم
تھوڑا سا زہر واسطے میرے نگائین آپ

اے جان عاشقون مین رہون سرخرو مدام
ہاتھون سے اپنے پان جو مجکو کھلائین آپ

گر ہو قران مشتری و زہرہ کا خیال
جاتا ہے وقت ہاتھ سے تشریف لائین آپ

ٹھنڈی نہ سانسین آپ بھرین آہ گرم پر
ان ٹھنڈی گرمیون سے نہ دل کو جلائین آپ

کر دیجے روز روشن عشاق کو سیاہ
زلفین بنائین مین تو مسی بھی لگائین آپ

حسرت بھری نگاہ جو کیجے غضب ہے یہ
غصے سے عین بزم مین آنکھین دکھائین آپ

اہل زمین تمام ہوئے گر اسیر زلف
مرغ ہوا کو دام مین اپنے پھنسائین آپ

بوسے لیے بغیر نہ چھوڑینگے وصل مین
آنکھین دکھائین آپ کہ تیور چڑھائین آپ

رنساخ بیٹھے بیٹھے نہ فتنہ کوئی اوٹھاے
دشمن کو اپنے پاس نہ ہرگز بٹھائین آپ

گریان نہ آئین تو نہ سہی یان نہ آئین آپ
مثل عدو مجھے بھی تو گھر مین بلائین آپ

کسکا ہے خوف شوق ہی انکھین لڑائین آپ
نظرین نہ روبرو سے عدو یون چرائین آپ

فرصت جو بوالہوس سے نہ پائین نہ آئین آپ
کیون بعد آدھی رات کے تشریف لائین آپ

پینا سبر سے صاف کہین گر نہ آئین آپ
شب بھر نہ انتظار مین مجھکو جگائین آپ

بوسہ نہ لونگا وہم ہے نزدیک آئین آپ
کہنا ہے مجھکو کان مین کچھ من تو جائین آپ

ہمراہ غیر بام پہ ہون خوش خرامیان
اور سقف بام سے مجھے صورت دکھائین آپ

کیون گالیان مین میری خموشی پہ اس قدر
اے بت نہ نیز باتون کو باتین سنائین آپ

ہاتھون کی چھاتیون پہ نشان لب پہ دانت کے
کس بوالہوس کے پاس ہے شب بتائین آپ

تا نکلے بوسہ لب و دندان کی بھی ہوس
دانتون سے نرم نرم مرے لب دبائین آپ

رکھیے گا یاد خوب فراموش ہو نہ جاے
اے جان میری یاد نہ دل سے بھلائین آپ

قصداً جو روٹھ جاتا ہون مین دسبب نہین
مانے ہین منتین کہ کبھی تو منائین آپ

پہونچانے ہاتھ تک نہ دیا مجھکو وصل مین
زلفونکی رات لیتے رہے تم بلائین آپ

جرمی ہے زلف اس پہ ہے سر کاٹنے کا حکم
کر دیجیے معاف ہماری خطائین آپ

آنکھون کو بند گر نہ کرون تو ہون روسیاہ
آنکھون مین مردمک کی طرح تو سمائین آپ

کچھ جبر تو نہین ہے کہ آنا ضرور ہو
ہے اختیار گھر مرے آئین نہ آئین آپ

کوٹھے پہ کون کرتا تھا غیرون سے گفتگو
سچ کہیے جھوٹ جھوٹ نہ باتین بنائین آپ

کہنا شب وصال مین تیرا وہ ناز سے
منتی نہ چوس چوس کے میری چھڑائین آپ

دونون طرف سے چاہیے ہون عہد استوار
یہ کیا کہ مین تو یاد رکھون بھول جائین آپ

ہے کیا غضب کہ صبح بھی ہو نہ پاے اور
او تھکر مرے کنار سے یون گھر کو جائین آپ

ہو ویگا پردہ فاش دل چاک چاک کا
چلمن سے شکل اپنی نہ مجھکو دکھائین آپ

روتا ہون کس کے غم مین ہین کیا بدگمانیان
ناحق کا ہاے ہاے نہ طوفان اٹھائین آپ

رحم آگیا ہے حال پہ نساخ کے ضرور
کرتے ہین اوسکی حق مین جو ہر دم دعائین آپ

ردیف تاے فوقانی

دل ہوا سودائی چشم فسون پرداز دوست
ہو وے زنجیر گلوتار نگاہ ناز دوست

دیکھیے چلتی ہے کس پر تیغ خانہ ساز دوست
کسکے جانب ہلی پھرتی ہے نگاہ ناز دوست

دشمنون سے کب اوٹھے بار گران ناز دوست
مر داس میدان کے ہین عاشق جانباز دوست

کن ترانی سے بھی کان اپنے نہونگے مستفیض
پردہ سے باہر نہ آئیگی کبھی آواز دوست

ہین نشانہ اک نگہ مین لاکھون ہی آہوے دل
ہے شکار افگن بلا کی چشم تیر انداز دوست

دوستون کے گھر قدم رنجہ نہ فرمایا کبھی
خانۂ دشمن مین جائین پاے ہر ناز دوست

ایسے چپ ہوتی کہ بس گویا زبان منہ مین نہ تھی
دیکھ لیتے حضرت عیسے اگر اعجاز دوست

بوسہ دیکے بولے وہ ظاہر نہ ہو راز دہن
دوست کو لازم نہین افشا جو کردے راز دوست

نگاہ گویائی مین ظاہر گر خموشی مین نہان
ہے یہ نیرنگ دہان شعبدہ پرداز دوست

دیکھ لینا وصل کی شب کو کہین آئے تو دو
جان تک نساخ ہم کردینگے صرف ناز دوست

متفرقات

باتو شکایت غم ہجران گناہ من ،
با من بیان وصل رقیبان گناہ کیست

بدل عشق تو راہ کردو گذشت
رخنہ در خانقاہ کردو گذشت

چاک بر چاک سینہ ام چو کتان
صنم رشک ماہ کردو گذشت

یاد شبہاے زلف مشکینت
روزگار سیاہ کردو گذشت ،

رخسار او بہ برق درخشان برابرست ،
گیسوے او بابر بہاران برابرست ،

بنگر ز فیض ہاے خیال وصال دوست
با عیش وصل او غم ہجران برابرست

شب فراق سے تھی بڑبکے بیقراری رات
سحر کا خوف رہا وصل مین جو ساری رات

حسرت شوق شہادت مین ہوا کام تمام
پیر نے آئے ہین وہ حلق پہ خنجر کسوقت

ردیف ثاسے مثلثہ

گرمی دشمن کا افسانہ سناتے ہو عبث
آپ مین ہون دل جلا مجکو جلاتے ہو عبث

میرے داغ دل سے منہ اپنا ملاتے ہو عبث
داغ اپنے چاند سے منہ کو لگاتے ہو عبث

پان کا لالکہا ہے کافی تہالب گلرنگ پر
ہر خون عاشقان مہندی لگاتے ہو عبث

تاب بیان کسکو کہ دیکہون دشمنونکی گرمیان
شمع محفل مین اپنے تم بلاتے ہو عبث

غیر بدنامی نہین تم تمکو میرے مرگ کا
ہے بہانہ یہ مجھے تم آنسو بہاتے ہو عبث

چشم دل سے لاکہ پردون مین بہی چہپ سکتی نہین
دیدۂ سر سے ہمارے منہ چہپاتے ہو عبث

سونے دو ایسا نہ ہو چونکین تو ہو جائین رقیب
خفتگان خاک کو نالو جگاتے ہو عبث

تہا منا سب نہ تہا جی مجکو پلانے آب وصل
بعد مردن غم مرے مرنیکا کہاتے ہو عبث

ہاتہ ملنا ہوگا جب عشاق ہو جائینگے قتل
خون مہندی کی بہانے تم بہاتے ہو عبث

منہ دکہانا ہی نہین منظور اگر عشاق کو
پردے سے آواز بہی اپنی سناتے ہو عبث

قم باذنی کہکے اک ٹہوکر لگا دو تو سہی
شمع و گل مرقد پہ عاشق کے چڑہاتے ہو عبث

جبر کیکے اپنے دل پر دو دو دن آتے نہین
میرے جذب دل کی طاقت آزماتے ہو عبث

وصل مین بستاخ تم کیون چہیڑتے ہو ذکر خیر
فتنہ خوابیدہ کو دیکہو جگاتے ہو عبث

ردیف جیم عربی

جو پہنے ہے وہ دلبر چاند سورج
ہوئے صدقے فلک پر چاند سورج

کہلا یہ تیرے منہ پر چاند سورج
خجل جس سے سراسر چاند سورج

اگر جہانکے تو اے نور مجسم
ہون تیرے روزن در چاند سورج

جلال و شان ہے ان مین عجب کچہ
ہین کس لشکر کے افسر چاند سورج

نگہ دیکہا ہے دور دیدۂ یار
لگاتے ہین جو چکر چاند سورج

رخ روشن سے جو تشبیہ دی ہے ۔۔۔ ہوئے جاتے ہے باہر چاند سورج
جو دیکھے ہین ترے رخسار پر نور ۔۔۔ ہوئے جل جلکے اگر چاند سورج
کہا جو وہ سراپا نور دل مین ۔۔۔ ان آنکھون کو ہین اختر چاند سورج
صفائی مین نہین اے غیرت مہر ۔۔۔ ترے تلوون کے ہمسر چاند سورج
غم فرقت مین روز و شب ہین قاتل ۔۔۔ دکھائین اپنا جوہر چاند سورج
یہ بے کھٹکے پھرا کرتے ہین دن رات ۔۔۔ ہین صدقے کی کبوتر چاند سورج
رخ روشن کا پرتو پڑ گیا ہے ۔۔۔ نکلتے ہین چمک کر چاند سورج
ہین اوس دروازے کی دربان شب و روز ۔۔۔ ہین روشن جو فلک پر چاند سورج
یہی رہتی ہے اونکو فکر دن رات ۔۔۔ نہین اوس گل کا زیور چاند سورج
چکور اور ذرہ نچائین نہین ہے ۔۔۔ جو دیکھین روے انور چاند سورج
ہوے ہین روبرو ے داغ روشن ۔۔۔ سفید و زرد اکثر چاند سورج
لکھون وصف اوس سراپا نور کا جب ۔۔۔ نہین نقطے مقرر چاند سورج
جلاتے ہین مجھے فرقت مین دن رات ۔۔۔ ہین انگارون سے بڑھکر چاند سورج
رخ پر نور کا دیتے ہین دھوکا ۔۔۔ عجب ہین شعبدہ گر چاند سورج
نظر آیا جو وہ نور مجسم ۔۔۔ نہین گے دیدۂ تر چاند سورج
فلک میخانہ روز و شب ہین دو خم ۔۔۔ ہین سیم و زر کے ساغر چاند سورج
ہوے کس شعلہ رو کے غم مین بیتاب ۔۔۔ ہین پارے کے برابر چاند سورج

پتا اوسکا کہان پائین گے نشاخ
عبث کہتے ہین چکر چاند سورج

متفرقات

نشاخ جذب شوق ہی وعدہ مگر ہو آج ۔۔۔ کیون ہر گھڑی نگاہ تری سوی در ہو آج
جانی کا اونکو قصد ہمارا نہین مگر ہے آج ۔۔۔ گردش پھرا آسمان کی برنگ دگر ہے آج

ردیف حاے مہملہ

ہے آفتاب صبح رخ دلنواز صبح +
موج نسیم صبح ہے زلف دراز صبح +

وہ دن کہان اور ٹھاتی تھی ہم اونکی ناز صبح
ہنستے تھے دیکھکر وہ ہمارے نیاز صبح

دو باتون ہی مین وصل کی شب ہوتی ہے سحر
وہ کیون فراق مین بھی رخ دلنواز صبح

خورشید صبح دیدۂ روشن ہے صبح کا
خط شعاع ہین مژہاے دراز صبح

اے یار تیری چاک گریبان سے کھل گیا
داغ جگر کی طرح ہے شرمندہ ساز صبح

روشندلون سے کیا چھپے روشندلونکا حال
ہے چاک دست مہر سے دامان راز صبح

کس مہروش کے غم مین گریبان چاک ہے
بے نور سا ہے آج رخ دلنواز صبح

اکر شمع رو کے ہجر مین وہ بدحواس ہون
نے اختیار شام ہے نے اختیار صبح

ہے معترف گناہون کا فسّاخ اے کریم
اکدن روا ہوئی نہین اوس سے نماز صبح

ردیف خاے معجمہ

خورشید ایک پھول ہے گلزار صبح کا
ہے جو شعاع ہے وہ درخت سحر کی شاخ

دست دعا کو مین جو بڑہاؤن تو یا خدا
جھک جاے میرے طرف نہالِ ثمر کی شاخ

سینہ ہدف ہے ناوک غم کے لیے سپر
اوس تیر کو بچاے ہے کہون اس سپر کی شاخ

سیدھے ہے جو ہین ضرر کا نہین اور نہین ثمر
دیکھے نہین جہان مین کسی نے بھی خم کی شاخ

ہے وصف شعر مین بت شیرین کلام کا
شاخ نبات ہے مرے مصراع تر کی شاخ

وہ غنچہ لب لگاے جو منہ اپنے کیا عجب
خوشبو وہ ہو نہ جاے قلیان اگر کی شاخ

سونے کا نخل وہ قد بالا بلند ہے
ہے دست و پاے یار ہر اک نخل زر کی شاخ

ہے کیا ہی فیض آب دہان شکر فروش
مسواک تیرے ہاتھ مین ہے نیشکر کی شاخ

نوک قلم پہ جلوہ نما ہین جو اشک صاف
فرگان کو اپنے کیون نہ کہون ہین گہر کی شاخ

وہ رنگ لائی شوخی نیرنگی حنا ✤ انگشت دست یار ہے مرجان ترکی شاخ
کرتے ہین اہل علم تواضع کو اختیار جھکتی ہے باغ مین شجر بارور کی شاخ

مین نے بہار وصل مین کی لاکہ جستجو
نساخ ہاتہ آئے نہ اوسکے کمر کی شاخ

ردیف دال مہملہ

وہ نوجوان پہنے اگر پیرہن سفید ✤ ہو شب کو روے ماہ سپہر کہن سفید
وان زیب جسم یار ہے جو پیرہن سفید تیاریان بہی میرے لیے ہے کفن سفید
مستی چہڑاؤن جب لب رنگین سے چوسکر ہون برگ یاسمن سے بہی اے گلبدن سفید
پڑجاے گر نظر رخ صیاد ماہ رو ہو مثل اشک چشم غزال ختن سفید
شبنم کا روے گل پہ ہزارونکو ہو گمان ڈالے نقاب منہ پہ جو وہ گلبدن سفید
رگ رگ مین کہب گیا ہے جو اوس ماہرو کا عشق ہے مثل آب صاف مرا خون تن سفید
حسن صبیح یار کا اللہ رے اثر مانند سیب سیم ہے سیب ذقن سفید
پیری یہ بل نکالیگی حسن شباب کا ہو گیسوے سیاہ شکن در شکن سفید
شیرین کو بہولے چاند سا وہ منہ جو دیکہ لے ہو مثل حوے شیر رخ کوہکن سفید
رنگ مسی و گوہر دندان صاف سے نیلم کبود ہو گیا دُر عدن سفید
حسن صبیح یار سے ہے کیا مناسبت داغ برص کیطرح ہے مہ کا بدن سفید
نیرنگی بہار عجب رنگ لائی ہے سوسن کبود سرخ ہین گل یاسمن سفید
اوس بت کے غم مین خشک ہوا جو بدن مرا زنار کی طرح ہو مین رگہاے سمن سفید
عشق اوس صبیح کا رگ و پے مین سما گیا ہو پیرہن کی طرح ہمارا بدن سفید
عمر دراز الفت کاکل مین کی بسر کنج لحد مین خاک رہے گا کفن سفید
دیکہے جو اشک خون تو مجالت سے آب ہو ہو رنگ لعل صورت در عدن سفید

نساخ میہمان جو ہے وہ رشک ماہتاب

ہے تاج کس قدر مرا بیت الحزن سفید
میرے مرنے کا یہ غم ہے کہ مجاور بنکے | گور پر بیٹھ رہے مہر و وفا میرے بعد

ردیف ذال معجمہ

مین نے ہر طرح سے کر دیکھا ہے گنڈا تعویذ | نقش باطل ہین یہ سب نقش فتیلا تعویذ
بیخطا ایسا ہی قسمت کا نوشتا تعویذ | پہیر سکتا نہین جسکو کوئی گنڈا تعویذ
سر پہ اوسکے نظر آتا ہے بلا کا تعویذ | زلف سے بہی ہے سوا مایۂ سودا تعویذ
نقش کیا کیسا فتیلہ اور کہان کا تعویذ | عشق صادق ہے جو پوچھو تو ہے سچا تعویذ
بعد مردن بہی زیارت کو نہ آیا وہ بت | نقش تقدیر بنا سنگ لحد کا تعویذ
گاڑا دشمن نے مرے اوسکی عداوت کے لیے | یا خدا کاش دکہائے اثر اولٹا تعویذ
نہ ملا آن کے اک روز وہ بحر خوبی | جاکے راتون کو بہی دریا مین بہایا تعویذ
اوس پری رو کا تو سایہ بہی نہ دیکہا مین نے | بام پر چڑہ کے ہوا پر بہی اوڑایا تعویذ
گذرے مرقد کے طرف سے جو مری وہ بہ خبر | بنکے دیکہے گا اوسے چشم تماشا تعویذ
یا الٰہی کہین ایسا ہو کہ وہ ڈوب مرے | یار نے بہر عدو چاہ مین ڈالا تعویذ
کرتے ہین پریون کو ہم نقش دم سے تسخیر | ایسا چلتا نہین ہے کوئی بہی حب کا تعویذ
گالیان دیتے ہین آ آ کے جو بت جاے درو | نقش کیا نقش کا ہے سنگ لحد کا تعویذ
جبہہ مرتا ہون اوسی جان جہان نے افسوس | میرے مرنے کے لیے قبر مین گاڑا تعویذ

صاف دو ٹکڑے ہوئے تیغ اجل سے لسّاخ
لاکہ مردون نے زرہ بہی اور باندہا تعویذ

ردیف راے مہملہ

رات بہر رہتا ہے اک عشق قمر کا انتظار | ہجر کی شب جیسے عاشق کو سحر کا انتظار
فکر رنگین کو ہے میرے شعر تر کا انتظار | باغبان کو جسطرح ہووے ثمر کا انتظار

غیر کو بھیجا ہے میرے قتل کرنے کے لیے
یار عاشق کش کو ہوگا میرے سر کا انتظار

راہ تکتے تکتے مثل خط ہوئین انکھین سفید
کور کرڈالے گا مجھکو نامہ بر کا انتظار

ایک دن آنے کا وعدہ ہے جو اوس مہرو کی سا
روز تڑپاتا ہے مجکو رات بھر کا انتظار

چشم انجم ہی گواہ اسکی کہ رات اے ماہرو
ایک دم بھی اپنے انکھو نسے نہ سر کا انتظار

وعدہ آنے کا جو تھا وقت نماز صبحدم
مہروش تمہارات بھر مجکو گجر کا انتظار

حال درد انتظاری اوس ستمگر پر کھلے
ہو جو اوسکو بھی کسی بیدرد کو گر کا انتظار

گھر مین وہ ہون یا نہ ہون جانا ہو تو کیجے نہ دیر
حضرت دل کرتے ہین ناحق خبر کا انتظار

وعدہ اوس مہرو سے آنے کا ہی آدھی رات کا
دیکھیے کیا رنگ لائے دوپہر کا انتظار

سر کاکٹ جانا بھلا نے سر رہے نہ درد سر
کیجیے کب تک علاج درد سر کا انتظار

روتے روتے مرگیا تو بھی نہ آیا سنگدل
عمر بھر تھا مجکو نالون کے اثر کا انتظار

خود لیے جاتا ہون مین مثل سکندر خط شوق
کب کرے بے اختیاری نامہ بر کا انتظار

منتظر مین وصل مین اسکا کہ اوڈھ جائے حجاب
اور اونکو نالۂ مرغ سحر کا انتظار

وہ نہ آئین تو نہ آئین آجائے لیکن اے نساخ ہم
کر رہے ہین شام سے مرگ سحر کا انتظار

چشم سوے در ہے کیون کرتے ہو کسکا انتظار
تم جیا و لاکہہ بنے انکھو نسے بیدار انتظار

اوس بت پردہ نشین کا یہ ہمارا انتظار
پردۂ چشم تمنا سے نہ نکلا انتظار

تیرے آنے ہی ان آنکھون مین نہ ٹھہرا انتظار
شعلہ رو کر تو سہی سیماب تھا یا انتظار

خلق آکر دیکھتی رہتی ہے اے جان ہر گھڑی
بنگیا ہے چشم عاشق مین تماشا انتظار

وادی وحشت مین ہون اے خضر گم کردہ راہ
میر چشم غول سے رکھتا ہے صحرا انتظار

آنکھون سے دریا ہین جاری مجکو یا وحشا سبز
خضر کا تجرین پر کرتے تھے دریا انتظار

کرکے وعدہ بلبلو وہ گل نہ آیا باغ مین
خار کیصورت مری آنکھون مین کھٹکا انتظار

اوس بت پیمان شکن کی بات پر ایدل بھولا
جان من وعدہ کہان کا اور کیسا انتظار

نزع کی حالت دل بیمار پر طاری ہوئی
جان لیگا تیرا اے رشک مسیحا انتظار

کون ہے وہ گوہر یکتاے دریاے جمال
رکھتی ہے چشم حباب بحر کس کا انتظار

ماہ کی صورت ہوئین اے مہروش انکھین سفید
چشم انجم کی طرح شب کو یہ کھنچا انتظار

کیا عوض مین اپنے بھیجا تھا اوسے اے ماہرو
تو نہ آیا جب تک انکھو نسے نہ سر نکا انتظار

گر یہی ہے انتظاری میری شوق دید مین
تجکو اے پردہ نشین کر دیگا رسوا انتظار

برق وش دیکھے جھلک تیری جو شب نزدیک سے
کیسا انکھون سے تڑپکر دور رہا گا انتظار

اشک وخون ہو ہو کے جائینگی انکھین ایک دن
دیکھیے کیا کیا دکھائے گا تماشا انتظار

کیون کھڑا ہے راہ پر تکتا ہے کسکی راہ تو
کس برہنہ پا کا ہے اے خار صحرا انتظار

اور اک قدم اگر لگاتے دیر آتے ہین کہین
اشک ہوکر دیدۂ تر سے ٹپکتا انتظار

جان کو تھہرا رکھا ہے لب پہ شوق دید مین
کر رہا ہے دیکھیے کا مسیحا انتظار

خوف رسوائی سے چشم منتظر کہتا ہون نہین
رات بھر رہتا ہے اک پردہ نشین کا انتظار

وا ہین شمع دیدۂ عاشق جو در وازی تمام
کس بت ترسا کا رکھتا ہے کلیسا انتظار

قطعہ

قاصد انجہ پرسے قربان جان ودل پہ کیا کہا
جلد چلیے کر رہے ہین وہ تمہارا انتظار

ہمنہ مانین گے نہ مانین گے نہ مانین گے کبھی
یہ غلط کہتا ہے تو اونکو ہمارا انتظار

خواب مین ہی صورت دلبر نہ آنے کی قسم
دیدۂ نشاخ کو کر دیگا اندھا انتظار

بے مثالہ میری جسم زار سے اے یار خار
چشم ستیار چمن مین کیون نہ ہووے خوار خار

غم مین کس گل کے ہوا ہے بلبلو بیمار خار
میری صورت ہے چمن مین ناتوان وزار خار

ناتوانی مین خموشی کیون نہ کھینچے اے حبیب
گو زبان رکھتا ہے پر کرتا نہین گفتار خار

ہجر مین جوہر ہن موہن کہتا ہے پیارے
بنگیا ہر موے تن اے بانکے خونخوار خار

اشک خون گل کی روش قربان یہ اگر جم گئے
بلبلو دکھلا رہا ہے جلوۂ گلزار خار

دیکھیون اوس گل کو تو کیونکے دیدۂ اغیار مین
باغ مین ہو بلبلو میری نظر کا تار خار

خار کہاؤن کیون نہ گلشت چمن مین ترک سے
دامن گل روسے اوجھین صورت اغیار خار

آگئی جوش جنون مین یاد اوس گلرو کی زلف
بنگیا صحرائے وحشت مین زبان مار خار

ہے مسی مالیدہ لب سوسن تو نرگس چشم یار
گل اگر خار مین تو سبزہ بھی ہے خار خار

سانہ اوس گل کے جو گلگشت چمن مین ہو نثار
غیر تو کیا باغ مین کہانے لگے ہر خار خار

عشق مین جو زار دیکھا مجکو دشمن جل گیے
شمع رو کرتا ہے کار برق آشیانہ خار خار

گل کے پہلو مین جو ای نشاط رہتا ہے مدام
بلبل شیدا کے حق مین ہو گیا ہے دار خار

ہوا کب شوق وصلت انشا لب سے بیان ہوکر
رہا دل ہی مین پنہان جان جان از نہان ہوکر

نہ شامت بخت کی ہے نارسائی ہے بصارت کی
نہان ہو میری آنکھون سے وہ عالم مین عیان ہوکر

لیا بوسہ دہن کا پھر کہی آئی ہاتھون مین
ہوا مین غیب دان ہی وصل کی شب رازدان ہوکر

نہ کیجے اسکو گر اعجاز استدراج تو کیجے
وگرنہ کیون بت کرتے ہین مانین بدگمان ہوکر

بُرا ہو دل کا پوچھین یار سے کیون غیر کی باتین
بگاڑا آپ دل نے کام اپنا بدگمان ہوکر

سوال وصل جو بنے کیا قسمت کی خوبی سے
جواب اوسکا نہین بس ہو گئی ایجان ہان ہوکر

ہمیشہ مانگتی ہے مجھسے دل کا فرزی چوٹی
پڑی ہے جان کے پیچھے بلائے ناگہان ہوکر

سگ دربان جاسے نہ اٹھونگا تہ اٹھونگا
دربت پر جو بیٹھون جم کے سنگ آستان ہوکر

اگر بلبل نہوتا عاشق گل کب ستم سہتا
ہزارون رنج اوٹھاتے مین حریف باغبان ہوکر

سمجھتا ہے جو مجھکو عاشق کامل تو گلشن مین
اوجھتا مجھسے سنبل ہی ہے کیسوے بتان ہوکر

توقع وصل کی بعد از وصال ایدل ہوئی مجھکو
ہوا یہ نفع حاصل آخرش جی کا زیان ہوکر

سراپا مین اثر پہلا ہے عشق لعل رنگین کا
یقین ہے ہر بن مو رو د چشم خونفشان ہوکر

نہ لایا تاب سننے کی گیا مین دیر سے کیجے
ہدایت نالۂ ناقوس نے کی ہے اذان ہوکر

لب گلرنگ پر تیرے نہین ہے پان کا لالہ
جما یا میرے خون نے رنگ اپنا رنگ پان ہوکر

جو راہ عشق مین ای حور وش ہم جانسے گذرینگے
جگہ دیگا ترا کوچہ بہشت جاودان ہوکر

مین وہ ہون ناتوان وزار غم مین نام جانانک
کمنہ آہ پہونچا نیگی مجھکو نردبان ہوکر

نظر آتے ہین تمکو بار گردن پر سر عاشق
مگر مقتل مین آئے ثانی چنگیز خان ہوکر

سمجھ میں جو نہ آئے گی تری بات اے بت رسا
مجھے سمجھائیگی چشم سخن گو ترجمان ہو کر

زیارت آخری دیرینہ کی بھی تو کر لیجے
چلو کعبے کو اے فتاح تو ہندوستان ہو کر

نظر آئے دہن گر جستجو کیجے گمان ہو کر
کمر تب ہاتھ آئے ڈھونڈیے جب بے نشان ہو کر

ملیگا خاکساری سے مجھے رتبہ سلیمان کا
غبار اپنا اوڑیگا اسی پر سخت روان ہو کر

کیا زخمی مجھے قاتل نے جلکر مر گیے دشمن
کیا اعدا کو آخر قتل سینے نیم جان ہو کر

نہ ہو اے منعمو مغرور ہرگز زیب و زینت پر
قبا سے پر زر گل اوڑھے اکدن دبیجان ہو کر

نظر آئیگی جو تحریر سرمہ کی اون انکھون مین
نکل جائیگا دم انکھونکی راہ ایجان دھوان ہو کر

تقاضا ہمت عالی جناب دل کا ہے ورنہ
اوٹھانا سر پہ بار عشق ایجان ناتوان ہو کر

غلامی سے عزیز مصر کے رتبے کو پہونچا یا
ہوا یوسف کو یہ حاصل عزیز کاروان ہو کر

اثر ہے سنگ مقناطیس کا کیا استخوانون مین
ترا ہر تیر رہجاتا ہے جزو استخوان ہو کر

گر آنکھونسے تیری صورت انک اب مین کیا اوٹھون
سبک ہون چشم عالم مین تری دیدہ گران ہو کر

نہ رخ جاتا رہیگا چشم عاشق سے نہ جب اسکے
پری بنجائیگا انکی آنکھون سے نہان ہو کر

کتر ڈالے ہین جب سے لونے گیسو اپنی اے گلرو
دل اپنا پھر رہا ہے بلبل بے آشیان ہو کر

بنا جادو کا پتلا مین شا رونسی اون انکھون کے
نہ چشم سحر فن سے بن ترے جادو بیان ہو کر

خموشی ہی مری کیا کیا فری مجھکو چکھاتی ہے
بتان بیدہن کی کمائی گالی بیزبان ہو کر

دم تحریر خط ہدہد کبوتر جو نہین ملتا
کرے گا نامہ بر کا کام اشک اپنا روان ہو کر

ہوا اے مرلب دریا بند ہی ہو یہی اے ساقی
کف موکشتی مے کو اوڑ الے بادبان ہو کر

وہ قیدی ہون نکل بھاگون اگر بین کنج زندانسے
مری نقش قدم پاؤن سے اوبجھین پیر بان ہو کر

رہا باقی نہ اصلا ہوش بنکو ہای ری غفلت
سما یا میری انکھون مین وہ بت خواب گران ہو کر

تواضع کرتے ہین عالی نفس بھی اونفتادون کی
زمین کے آگے جھک جاتا ہی کیسا آسمان ہو کر

اثر باقی ہے عیش وصل مین بھی رنج ہجرانکا
جو آیا لب پہ میرے فقہہ بھی تو فغان ہو کر

تواضع سے کیا ہے صید ان نگہری نے غزالون کو
قد خم گشتہ کا تیر کرنا ہے کمان ہو کر

مجھے گمراہی نساخ سے حیرت یہ حیرت ہے
چلا کعبے مرید حضرت پیر مغان ہو کر

رہینگے صورت نقش قدم ہم بیزبان ہو کر
اوٹھائین خاک سر یا مال رفتار جہان ہو کر

خدا جانے کہ یہ کیا رنگ لائے گا عیان ہو کر
جلا مارا ہے سوز دل نے سینے مین نہان ہو کر

وہ سودائی ہون سو دی دشت جاتا ہون تو پانے کو
لپٹتے جادۂ صحرا ہین لے جان بیڑیان ہو کر

مجھے عشق میان بے نشان نے وہ گھلایا ہے
نہان ہون چشم عالم سے نحیف و ناتوان ہو کر

دیا جو وصل مین بوسہ چھپاتے ہو غیبت منہ کو
نہین ممکن نہان ہونا دہن کا رازعیان ہو کر

کدورت کے سوا حاصل ہوا کیا خاک دنیا مین
رہا مین کاروان کے سا تھ گرد کاروان ہو کر

غذا اوسکی ہے ہڈی یہ تو ہڈی بھی نہین کھاتا
قناعت مین ہما سے بڑھگیا زاغ کمان ہو کر

زبس ہے انتظاری ہر گھڑی اوس ترک قاتل کی
تعجب کیا ہو گر آنکھ زخم خون چکان ہو کر

نظر کیا خاک آوے جان جان مین چشم عالم کو
گھلا ہے غم مین ایسا رنگ کیا ہے جسم جان ہو کر

ہوئی برباد تب خاک اپنی پہونچی کوی جانان مین
نشان یار پایا مینے آخر بے نشان ہو کر

سوئے پر عاشق موے کم مشہور عالم ہون
کیا ہے نام پیدا مینے بے نام و نشان ہو کر

نہین کم نشہ مین بیہوشی اپنی ہوشیاری سے
گرا تو پا ؤن پر ساقی کے سیکش سرگران ہو کر

عجب کیا ہے تہ و بالا کرے گردشت و صحرا کو
مرے پا ؤن کی گردش انقلاب آسمان ہو کر

مین اپنے دو دل کو ضبط کر رکھتا ہون سینے مین
بلائین ورنہ کیا کیا سر پہ لائے آسمان ہو کر

نگا ہون سے تہ و بالا ہوا جاتا ہے جو عالم
سما یا دور اون آنکھون مین چرخ آسمان ہو کر

وہ ہین پر شور اور ٹین اہل زمین کے کان کے پردے
کرون نالے تو گوش سا کنان آسمان ہو کر

کوئی مجنون بناتا ہے کوئی تہمت لگاتا ہے
گزرتے ہین جو اہ نساخ ہم کوی بتان ہو کر

اٹھو نساخ کیا خاموش ہو معجز بیان ہو کر
کرو احیاے مضمون مسیحے ہو کیا بیزبان ہو کر

دم گلگشت گر تو خندہ زن اے گل ہو گلشن مین
کریگا شکل بلبل خار بھی باتین زبان ہو کر

مین وہ ہون جو شنوا بلبل کہ میری زمزمے شنکر
کرے غنچہ بھی مجھ سے باغ مین باتین زبان ہو کر

تعجب ہے تعجب ہے تعجب ہے تعجب ہے — ادائے شکر سے قاصر رہے گویا زبان ہوکر
زبان موے تن خاموش ہے کہ بس نہین چلتا — برنگ شمع جلتا ہون سراپا مین زبان ہوکر
سجائی ہے خموشی رہر مین آفات دوران نے — کہ غنچہ دست گلچین سے ہے امین بیزبان ہوکر
کرینگا حاسدون کو ٹکڑے ٹکڑے صورت کافر — سراکلک دوسر ہی ذوالفقار دوزبان ہوکر
دمہ گلگشت اوس گلزار خوبی کو اگر دیکھے — ثنا خوان ہو چمن مین برگ گل ہر یک زبان ہوکر
بلائے تو جو اے پردہ نشین مجھکو اشارے سے — کرینگی کام تیری اونگلیان گویا زبان ہوکر
غم عشق بتان دیر کا اعجاز ہے ورنہ — ہوا ہے نالہ زن ناقوس کیونکر بیزبان ہوکر
صدائے حسرت آگین کیون نہ نکلے کنج مرقد سے — دہان گور مین لاشہ رہا سیر از زبان ہوکر
ہوا گرم سخن جنکو فوس سے بزم اعدا مین — رہا محفوظ مین تبس و انتون مین زبان ہوکر
ادائے شکر واجب ہے جو ای یار کمان ابرو — دہان زخم ہین رہجائیگا پیکان زبان ہوکر
نہ جائیگا مرا خون رائیگان اے قاتل عالم — گواہی حشر مین دیگا ترا خنجر زبان ہوکر

مگر شاخ نو شستہ ہے اوس چشم شکنو کا
کہ مرقد پر ترے سبزہ بھی لوگتا ہے زبان ہوکر

موت اوسکے منہ مین پانی جو آتی ہے آہ آج — کل آپ آئے تھے جسے بیمار دیکھکر

ردیف زاے معجمہ

کرتی ہے جو تسکین دل ناساز کی آواز — قانون شفا ہے یہ تری ساز کی آواز
وہ چپکے سناتے ہین مجھے ناز کی آواز — یا پردے سے آتی ہے چلی ساز کی آواز
سن پائی ہے جب سے کہ تری ناز کی آواز — ہے بند ترے عاشق جانباز کی آواز
مارسیہ زلف جو ہین پیچ مین سنکر + — کیا نالہ ہے طاؤس کے پرواز کی پرواز
ٹھہریگا مرے سامنے کوئی بھی نہ حاسد — عصفور ہو بیدم جو سنی باز کی آواز
وہ گاتے ہین اونچے ہی نہ نیچے ہی سرون مین — ہے اونکی خوش آیند اک انداز کی آواز
مردے ہوئے زندے تری باتون سے مسیحا — سب حرکتین دکھلاتی ہے اعجاز کی آواز

معلوم نہین گھر کیا کب دل مین نگہ نے — ہوتی نہین تیر قدانداز کی آواز
شیشے کیطرح سینے مین دم بھولے نہ رُک کر — سن پائین اگر اوس بت مہباز کی آواز
سن پائی اگر زمزمۂ کلک نوا سنج ✣ ✣ — ہو خار گلو بلبل شیراز کی آواز
رہتا ہے یہ ڈہر کا نہ کہین غیر کے گھر جائے — پاتا ہون جو پائے بت طناز کی آواز
ٹکڑے ہوئے جاتے ہین مرے کان کے پردے — سنتا ہون جو گہر مین ترے غماز کی آواز
کیا قہر شب وصل موذن کی اذان ہے — ہے دشمن جانی خلل انداز کی آواز

در پردہ یہ مطلب ہے کہ نشاخ ہو رسوا
پردے سے سناتے ہین جو وہ ناز کی آواز

رشک داؤد ہے اوس رشک قمر کی آواز — ایسی ہوگی نہ خوش آیند بشر کی آواز
غم مین اک بت کے ہے ہر صبح کو رونا معمول — نالۂ دل ہے یہ ناقوس سحر کی آواز
یار کے آنے کی آہٹ نہین ہوتی معلوم — گوش زد ہوتی نہین پر یون کے پر کی آواز
غیر چلاتا تہا جو یار کے کوچے مین رہا — پڑ ہے لاحول پہ سمجھا کہ ہے خر کی آواز
حال ہجر اوس سے بیان کرتے تہے ہم وصل کی شب — لگ گئی چپ ہمین سنتی ہے جگر کی آواز
وجد کا حال ہوا جس نے سنی اے مطرب — دل مین گھر کرتی ہے ہے کیا ہی اثر کی آواز
سنکے نالہ مرا از راہ تغافل پوچھا ✣ — شب کو آتی ہے یہ کس نفنہ جگر کی آواز
یار کے گھر مین گیا غیر یہ ہو جائے یقین — شب کو سن لون جو کسی حلقۂ در کی آواز
وصل کی رات کو ہے مجھکو کڑکتی بجلی ✣ — یہ موذن کی اذان مرغ سحر کی آواز
ہے سفیدی سحر وصل کی شب صورت برق — رعد سے کم نہین کچھ مرغ سحر کی آواز
گھر کو اپنے وہ گئے مثل مہ سیزدہم — آخر شب جو سنی مرغ سحر کی آواز
موسم گل مین ہین جوشون پہ جوانان چمن — ہے جلاجل کی صدا برگ شجر کی آواز
کوئی پیغام زبانی یہ مگر لایا ہے — پائے قاصد مین ہے جبریل کے پر کی آواز

حال دل کہ نہ سکے یار سے ہم اے نشاخ
رک گئے ایسی گلی مین کہ نہ سر کی آواز

اوس مہ سے کیا مجھکو جدا ہاے درانداز
اے دشمن جانی فلک خانہ بر انداز

سیر ہو گیا انداز ترا خانہ بر انداز
پھر کرنے لگا ہے دل عالم مین گھر انداز

افسون کے جو عشوے ہین تو جادو کی ہین نیمے
ہر ناز کرامت ہے تو اعجاز ہر انداز

کھلجاے عدو پر نہ کہین از شب وصل
دروازہ جو ہے بند ترا ہے یہ در انداز

عشاق جو مرجائین تو مرجائین بلا سے
غافل ہے اگر ناز تو ہے بیخبر انداز

کیا جانیے ہو شرم سے پانی کہ ہو اہو
رونے کا مرے دیکھیے اگر اثر انداز

کم کوئی نہین ہے ترے عشاق کے حق مین
ہے ناز ترا تیر سنان ہے اگر انداز

چوکے نہ نشانہ دل عشاق کا ہرگز
ہے دیدۂ تیر افگن جانان قدر انداز

شاخ شجر حسن ہے وہ قامت بالا
ہے ناز گل تر تو ہے تازہ ثمر انداز

کیا دیجیے تشبیہ بھلا چالون سے تیری
لائے گی کہان سے یہ نسیم سحر انداز

دل اسکو اگر دیجے تو جان دیجیے اوسکو
مرغوب جو ہے ناز تو مرغوب تر انداز

محروم رہے عاشق جانباز تمہارے
اور کام رقیبان بین ہو اصرف ہر انداز

خط آتے ہی وہ کیا ہوئی شوخی و شرارت
تبلائیے وہ ناز کہان ہے کدھر انداز

یہ درپے دل ہین تو وہ ہین جان کے تیمے
غمزون سے بھی ایجان ہین سو فتنہ گر انداز

شب صبح سے پہلے چلے جانیکی کمین ہے
سیکھی ہے شب وصل بھی تیر اگر انداز

پردہ نہ شب وصل کا ہو جاے کہین کاش
ہے روزن دیوار ترا ایک در انداز

در ہجر تو دارم زبان مصرع نشاط
گاہے نظرے سوی من اے بیخبر انداز

ردیف سین مہملہ

بیٹھا ہے غیرت گل بزم مین مجھ زار کے پاس
باغ مین پھول بھی ہون جلوہ نما خار کے پاس

کہتے ہین غیر مجھے دیکھ کے دلدار کے پاس
ہین مگر حضرت منصور کھڑے دار کے پاس

سلسلہ اشک روان کا ہے تن زار کے پاس
گویا تسبیح نمایان ہے یہ زنار کے پاس

کس قدر آنچ تری اسکی ہے ای قاتل خلق ۔۔۔ جا نہین سکتے ہین دلسوز بھی تلوار کے پاس
سربلندون کو بھی ہے حادثۂ دہر سے ڈر ۔۔۔ معرض خوف ہی سیل آئی جو دیوار کے پاس
ہے بجا کیسے جو دریاے عدم کا گرداب ۔۔۔ ناف آنی ہے نظر جو کمر یار کے پاس
چشم سفاک مین سرمے کی نہین ہے تحریر ۔۔۔ ہے یہ تسخیر دہری فتنۂ بیدار کے پاس
ہے وہی زندۂ جاوید جو کشتہ ہے ترا ۔۔۔ تیغ زن آب بقا ہے تری تلوار کے پاس
منفصل ہو گئی ہے شام سحر سے گویا ۔۔۔ آمد خط سیہ سے ترے رخسار کے پاس
ہین جو یہ خال نمایان تری آنکھون کے قریب ۔۔۔ ہین ثوابت یہ مگر کوکب سیار کے پاس
کس سے برگشتگی بخت کا شکوہ کیجے ۔۔۔ آکے جلاد جو پہر جائے گنہگار کے پاس
نکرین معجزۂ خاص کا اپنے دعوا ۔۔۔ آئین عیسے بھی جو ایجان تری بیمار کے پاس
اوسکے زلفون مین نہین ہے یہ جڑاؤ کنگھی ۔۔۔ روز روشن نظر آتا ہے شب تار کے پاس
سخت دشوار ہے نخچیر جو کرلے وہ گل ۔۔۔ رکھدے کانٹا جو کوئی میری تن زار کے پاس
خود بخود آکے جو کٹواتے ہین عشاق گلے ۔۔۔ نقش تسخیر ہے قاتل تری تلوار کے پاس
سرد مہری کا اثر وہ ہے کہ ای بت بہاگے ۔۔۔ دھوپ ہو بیٹھے جو ترے سایۂ دیوار کے پاس

ہے مگر سنگ نشان راہ عدم کا ناسخ
ہے عیان خال سیہ جو کمر یار کے پاس

ردیف شین معجمہ

زبان کلک ہے گویا زبانۂ آتش ۔۔۔ ہے شعر گرم ہمارا ترانۂ آتش
یہ گرم سوز نشین ہجر ان مین نے دی شبیہ ۔۔۔ دل اپنا آگ ہی سینہ ہے خانۂ آتش
عیان ہے خال رخ آتشین پہ شعلہ عذار ۔۔۔ بجا ہے اسکو کہون گرمین دانۂ آتش
جو دل مین ہین درم داغ آتشین لاکھون ۔۔۔ بھرا ہے سینے مین اپنے خزانۂ آتش
جو دی ہے شعلۂ آواز سے ترے تشبیہ ۔۔۔ تو منہ لگا ہے نہایت زبانۂ آتش
ہے میری طرح سراپا جو آگ کا پتلا ۔۔۔ عیان ہے سوز غم عاشقانۂ آتش

جلا رہا ہے تپ غم مین جو اے شعلہ عذار
زمان ہجر کو کہیے زمانۂ آتش

جلے نہ دل کوئی نے کوئی چشم تر ہووے
مگر فسانہ ہے اپنا فسانۂ آتش

یہ گرمی دیکھو بت شعلہ رو شرارت سے
سرشک گرم کو کہتا ہے دانۂ آتش

تپ فراق مین رشاخ یہ دل سوزان
ہے جان زار کو اک قید خانۂ آتش

ردیف صاد مہملہ

کر رہا ہے ساقی سرشار جو مستانہ رقص
کرتے ہین سب شیشہ و جام و خم و پیمانہ رقص

اپنے دہن مین ہی پری کرتا ہے یہ دیوانہ رقص
شمع کا شعلہ کرے جسطرح بیتابانہ رقص

کر رہا ہے پیکے وہ شوخ بیبا کانہ رقص
کیا عجب ہے گر بنا دی بزم کو میخانہ رقص

دل مرا فرط خوشی سے شمع رو رقصان نہین
کر رہا ہے رو بروے شمع یہ پروانہ رقص

دین و دنیا کی نہین آگاہ کیفیت سے وہ
مست تیری کرتے ہین میخانہ مین مستانہ رقص

ہے یہ ثابت چرخ پر بھی منعقد ہے بزم عیش
دور سے ستارے جو کرتے ہین ہی جانانہ رقص

صورت عاشق نہ لوگین کسطرح سب اہل بزم
بزم مین کرتے ہین جو محبوب معشوقانہ رقص

ہاے اگلی صحبتین اب ہوگئین خواب و خیال
گانا قصہ ہوگیا اور رہ گیا افسانہ رقص

دور چشم مست کا اوسکی جو پڑ جائیگا عکس
دست ساقی پر کریگا جام بھی مستانہ رقص

فرط بیتابی سے دھر لیتا ہون اپنے دل پہ ہاتھ
یاد جب اوس طفل کا آتا ہے وہ طفلانہ رقص

آئی ہے فصل بہاری سب مین سرگرم نشاط
باغ مین کرتا ہے بلبل بزم مین پروانہ رقص

دیکھا ہے اٹھکیلیون کی چال سے چلتے کبھی
ہر قدم پر کر رہا ہے توسن جانانہ رقص

رہتی ہے کب پردۂ چشم حریصان مین حیا
خوبرو کرتے ہین پیش مردم بیگانہ رقص

کیفیت نغمہ کی ہے ہمکلا کے جو کرتا ہی بات
ہے ترے پاؤن کی ساقی لغزش مستانہ رقص

کب مرتا ہون مین بیتابی سے فرش خاک پر
کر رہا ہے اے پری پیکر ترا دیوانہ رقص

جب چہکتی اوس طفل نے گردن پہ اوسکی پھیر دی
مرغ بسمل نے کیا ہے خوب بیتابانہ رقص

یہ دل پر داغ یا زلف مین بیتاب ہے — دیکھکر ابر سیہ طاؤس کیون کرتا نہ رقص
صوفیون کو گیدی گفتار شیرین ہے غنا — اے پری رندون کو ہے رفتار معشوقانہ رقص
تو جو بجلی کیطرح ہوتا ہے رقصان شعلہ رو — خانۂ عشرت کو کر دیتا ہے آتشخانہ رقص
قلقل مینا نہین ہے نغمۂ مطرب سے کم — بزم رندان مین ہے گویا گردش پیمانہ رقص
صوفیونکی طرح بزم مے مین نغمہ کے عوض — کرتے ہین بیکش بھی سنکر نعرۂ مستانہ رقص
سر مین بھر جاتا ہے سودا ساری اہل بزم کے — ہاتھ سر پر رکھکے کرتا ہے جو وہ جانانہ رقص
عطر گل ملکر جلاؤ شمع جشن عام ہو — بزم مین ملکر کرین سب بلبل و پروانہ رقص
سُنکے کنگرو کی صدا زاہد کو بھی آجاے حال — دست زاہد مین کرے تسبیح کا ہر دانہ رقص
یون ہی یہ محبوب کرتے ہین خریداری دل — قیمت دل نغمہ پردازی ہے اور بیعانہ رقص

نالہ و بیتابی دل مین ہے ایسی کیفیت
ہے غنا ہی اب پسند عاشق شیدا نہ رقص

ردیف ضاد معجمہ

وقت پیری مین نہین زلف چلیپا سے غرض — کام راہب سے نہ مجھکو بت ترسا سے غرض
مست عشق نگہ مست بتان سے ہون مین — ساقیا مجکو نہین ساغر صہبا سے غرض
ہو عنایت تو کرے طور کی سرمہ کا کام — چشم بے نور کو ہے خاک کف پا سے غرض
دل پر داغ و تن زار ہے اپنا کافی — خار سے کام نہ مجھکو گل رعنا سے غرض
کیون کرے عاشق صادق طلب دولت وصل — ہووے دیندار کو کب دولت دنیا سے غرض
اوسکے بیمار کو کچھ کام طبیبون سے نہین — ہان اگر ہے تو اوسے رشک مسیحا سے غرض
کچھ مری بیتگی دل کا نہین کھلتا حال — ہے جو ایجان گرہ زلف چلیپا سے غرض
نہین فرہاد کہ شیرین سے رکھون خسرو کام — ہان جو ہو بھی تو اودی لعل شکر خا سے غرض

شعر ایسا کہو فتاخ کہ ہووے پر درد
چیستان سے مجھے مطلب نہ معما سے غرض

ردیف طاے مہملہ

اے خوبرو مٹائے غرور جمال خط
ہووے کمال حسن کو تیرے زوال خط

کہتا ہے کون دانہ ہے خال اور دام خط
وہ خال لاجواب ہے اور بے مثال خط

وہ مل رہے ہین پاؤن سے پر زونکو پھاڑ کر
قاصد زہے نصیب ہوا پایمال خط

مانند زلف پڑ ہے پریشان ہو سر بسر
بھیجے جو تجھکو عاشق آشفتہ حال خط

اندیشہ ہے کہ ہاتھ لگانے نہ پائین ہم
قبضے مین اپنے کرلے ترا صاف گال خط

آیا نہ نامہ بر ہوئے بیکار گوش و چشم
پیغام خواب ہو گیا ہے اور خیال خط

اللہ رے شوق جیتے ہین حرفونسے آپ حرف
لکھا فراق مین بھی جو بہر وصال خط

عشاق کی نگاہون کا ازبس ہجوم ہے
مانند سبزہ ہو نہ کہین پایمال خط

کیا جبر وہ پڑھین نہ پڑھین اختیار ہے
ہم روز بھیجتے ہین لکھ لکھ کے حال خط

دیکھون جواب صاف ہے یا ہے جواب صاف
قاصد تو جلد اپنی کمر سے نکال خط

سانون یہ دلفریب ہین دل کو دیجیے
ابرو و غمزہ نگاہ جبین زلف خال خط

ردیف طاے معجمہ

وصل ہے نشہ مے ہے نہ ہو ز نہار لحاظ
تھوڑونگا صورت تو بہ ہین ترا یار لحاظ

رکھے عشاق سے وہ کافر ہیار لحاظ
بیشتر کرتے ہین بدمست سے ہشیار لحاظ

دوستو عشق بتان سے ہے سزاوار لحاظ
کرتے ہین دہر مین کفار سے دیندار لحاظ

ہم گلے جوش شہادت مین لگاتے لیکن
تیری شمشیر سے کرتے ہین گہنگا ر لحاظ

ناکسون کی نہ ہوا طوق گلو رشتۂ عشق
رکھتی ہے گردن زہاد سے زنار لحاظ

خاک مرقد سے مری بیج کے نکل جائے کیون
کشتۂ اغنی کاکل سے کرے مار لحاظ

خار کیطرح نہ ہو جاے تے کیونکر باہر
فضل گل مین نہین دیوانے کو زنہار لحاظ

حرف

حرف مطلب نہ کبھی دل سے زبان تک آیا
مجکو رہتا ہے جو اے جان دم گفتار لحاظ

قتل دشمن کو کیا نوکرے مجکو بھی شہید
نہین لازم جو کرے خنجر خونخوار لحاظ

ملتے جانبازون سے کب دلبر ہرجائی ہین
صحبت نیک سے کرتے ہین بداطوار لحاظ

کفر و اسلام سے جھگڑا ہی نہین عاشق کو
مجھسے کرتے ہین عبث کافر و دیندار لحاظ

کبھی جاتا ہون جو ہین پاس تو ہٹ جاتا ہے
مجھ سے رکھتا ہے ترا سایۂ دیوار لحاظ

آتش عشق دل یار مین بھڑکائے گی
ہجر مین خاک کرے آہ شرر بار لحاظ

مجھسے مقتل مین جھپک جاتی ہے چشم جوہر
بوالہوس سے نہین کرتی تری تلوار لحاظ

وصل کی رات ہے چہرے سے نقاب اوٹھینگے
جوشش شوق مین ہوگا نہ کبھی یار لحاظ

بعد مردن بھی مرا پاس یہ ہے اے لسناخ
استخوان سے مرے رکھتا ہے سگ یار لحاظ

ردیف عین مہملہ

رکھتی ہے بزم بتان مین طالع بیدار شمع
روز شب کو لوٹتی ہے دولت دیدار شمع

اپنی محفل مین نہین اے دوستو درکار شمع
گرد دل احباب پروانے ہین روی یار شمع

مین ہون وہ آتش قدم جاؤن جو اگلی دشت مین
اسقدر روشن ہو بن جائی زبان خار شمع

بزم مین وہ شعلہ رو آئی تو ہوش اسیا اوڑے
ہو وہی مضطر صورت سیماب ہو فرار شمع

جو کہ ہین آتش زبان ہوتے ہین وہ ہر دل عزیز
چشم محفل مین کبھی ہوتی نہین ہے خوار شمع

دیکھیے گر وہ شعلہ رو اپنی نگاہ گرم سے
باغ مین ہو جائے شاخ نرگس بیمار شمع

لنگ کے باعث عصا تیکر کری قصد گریز
شمع و جب بزم مین دیکھے تری رفتار شمع

مثل پروانہ دل عاشق ہزارون گر دہین
پیرہن فانوس سے ہے صاف جسم یار شمع

جلوہ افزا جو نہین ہے بزم مین وہ شعلہ رو
جمع پروانے عبث ہین اور ہے بیکار شمع

وصل کی ہے رات وہ گلرو ہے خلوت ہے ولے
چشم عاشق مین کھٹکتی ہے برنگ خار شمع

کیا کسی عہد سے آنکہ اوسکی لڑی ہے اے تپنگ
میری صورت رات بھر رہتی ہے جو بیدار شمع

جان پروانے جو سر چڑھ کے دیتے ہین مدام
حق تو یہ ہے بنگئی منصور مثل دار شمع

اے پر پروکیون خفا ہے اپنے دیوانونسے تو
بزم مین پروانون ہی ہوتی نہین بیزار شمع

شمع کا رشتہ ہے سوز عشق مین تا نفس
دل مرا پروانہ ہے اور داغ اشکبار شمع

پردۂ چشمان روشن کم نہین فانوس سے
دل ہے پروانہ نگاہ گرم ہے اے یار شمع

معرکے مین وہ تمنک کر نام روشن کر دیا
بنگئی اے تیغ زن گویا تری تلوار شمع

ساق سیمین کی گدازی نے جلایا اس قدر
ہے سراپا حضرت رستاخ جسم زار شمع

ردیف نمین معجمہ

جو بزم مین نہ ہم شعلہ رو کی جاے چراغ
کبھی نہ سوز نش دل سے فراغ پاے چراغ

پتنگ پر کہین ثابت جو ہو جفاے چراغ
جلاؤن رات بھر اوسکو یہ دون سزاے چراغ

وہان جہان یہ اپنے کہین نہ لاے چراغ
نہ آنکھ میری طرح یار سے لڑاے چراغ

جھلک جو اوس رخ روشن کی دیکھ پاے چراغ
تو اپنے جامے مین پھولا نہ پھر سماے چراغ

ہمارے دل کی سی سوزش کہان سے پاے چراغ
تمہارے رخ کی سی گرمی کہان سے لاے چراغ

ہے سوز عشق کا شعلہ زن ہر اک دل مین
ہر اک مکان مین اٹھی شمع رو ہے جاے چراغ

وہ شمع رو رخ آتش فشان جو اپنا دکھاے
تو منہ پتنگ کے پر کے تلے چھپاے چراغ

ہمیشہ روبرو ے شمع رو رہے ہر رات
یہ آرزو ے چراغ اور یہ مدعاے چراغ

وہ شمع رو مرا ہووے کہین جو گرم خرام
کہان یہ تاب کہ محفل مین ٹھہری پاے چراغ

دل عدو مین مری طرح کب ہو سوز و گداز
کہ شمل شمع نہ آنسو کبھی بہاے چراغ

وہ مہ وش نہ کہین روبرو ہو محفل مین
دعاے شمع یہی ہے یہی دعاے چراغ

کسی کا دل بھی جو اے شمع رو نہین جلتا
ہمارے داغ کا قصہ ہے ماجراے چراغ

ہو صدمہ آہ دل عاشقان سے دلبر کو
ہوا پتنگ کے پر کی بھی ہو بلاے چراغ

پتا نہ سوزش پروانہ کا کبھی پاے
چراغ لیکے اگر ڈھونڈھنے کوئی جاے چراغ

دیا ہے حکم یہ اوس شعلہ رو نے محفل مین
کبھی پتنگ سے گرمی نہ کرنے پاے چراغ

تمام رات جلے روز مثل پروانہ
مقابلہ پہ یہ دے شمع سر سے چراغ

شب فراق ہی پروانون سے نہ ہنس ہنکر
رولاے دلکو مری جان کو جلاے چراغ

جلے بغیر فتیلہ وہ ہون مین سوختہ جان
گلال خاک سے میرے اگر بناے چراغ

پتنگ ہین دل احباب روے خانمان شمع
ہے اپنا داغ جگر بزم مین سجاے چراغ

ہوا ے دامن دلدار شعلہ ونسّاخ
ہوئی ہے مارسیہ کیطرح بلاے چراغ

ردیف فاے

اپنے دل شکستہ مین ہے جلوہ گر وہ زلف
شیشے کا بال ہوگئی ہے سر بسر وہ زلف

پہونچی لٹک کے دوش سے اب تا کمر وہ زلف
لائے گی میرے سر پہ بلا سر بسر وہ زلف

ہے رنگ روے سرخ ترا جو برنگ گل
خوشبو ہے صورت رگ گلہاے تر وہ زلف

جانبازون سے تو اپنے نہ کیون یار اوڑھیے
تیری پری سے رخکو لگاتی ہے پر وہ زلف

رکھتی ہے پیچ وتاب مین بل اوس سے کرتی ہے
اے دلربا ہے دشمن جان کمر وہ زلف

ہم سے سیاہ بختون کا سایہ پڑا ہے کیا
آشفتہ حالون سے بھی ہے آشفتہ تر وہ زلف

زلفین کیوقت ذرہ افشان جو پڑ گئی
ہے آہ پر شرر کی طرح پر شرر وہ زلف

بل مجھ سے وہ جو کرتی ہے وہ پیچ دیتی ہے
لائی وبال سر پر مرے وہ کمر وہ زلف

چھوٹا یہی نہ وہ بھی بڑی میری آنکھون مین
عنبر اگر ہے خال سیہ مشک تر وہ زلف

یہ دام وہ ہے دانے کی حاجت نہین جسے
ہے خال چشم سے بھی سوا فتنہ گر وہ زلف

جو خم ہے وہ نہین خم تیغ دودم سے کم
رنگت مین گو سیہ ہے برنگ سپر وہ زلف

ہر ہر شکن مین نقطۂ خوبی ہین جلوہ گر
ناسخ صاف بنگئی سلک گہر وہ زلف

ردیف قاف قرشت

کیا کیا دئے ہین بیچ اگر ہا تہ آئے عشق
باندہون مین زلف یار سے یہ دون سزائے عشق

دنیا بہت بڑی ہے تمنین اور جائے عشق
رکہے معاف خانۂ دل مین نہ آئے عشق

تنگ آگیا ہون آہ مین دونون کے ہاتہ سے
جان پہ جفائے حسن ہے دل پر جفائے عشق

تدبیر کی طرف سے یہ کہدے کوئی اوسے
بہر خدا نہ سر پہ بلا کوئی لائے عشق

سوزندہ ترزیادہ ہے نار جحیم سے
دل کو جلائے اور کلیجہ پکائے عشق

اہل دول کو دم مین بنا دیتی ہے فقیر
سونے کو خاک کرتی ہے یہ کیمیائے عشق

یہ مردہ زندہ کرنا نہین ہے کہ سہل ہو
اے حضرت مسیح ہے مشکل دوائے عشق

صدمہ پڑے فلک مین تو دہن جائے خاک مین
ہے دل ہے جو اوٹہاتا ہی بار جفائے عشق

ڈالا ہے میری جان کو کیسے عذاب مین
اللہ میرے دل ہی کہین ہاتہ اوٹہائے عشق

اک خانمان خراب ہے اک بدمعاش ہے
دل کا نہین ہے دشمن جانی سوائے عشق

حاصل نہ ہوگا خاک کبہی لطف زندگی
جو دل ہوا نہین کبہی درد آشنائے عشق

کیا اپنی سبز بختی دل کا بیان ہو
گندم کی طرح پیستی ہے آسیائے عشق

سب پردہ اوسکو دیکہ کے دل محو ہوگیا
وہان حسن کا قصور تہا اور یان خطائے عشق

مرنے کے بعد بہی یہ رہا ساتہ قبر مین
نساخ دل مرا ہوا محو وفائے عشق

ردیف کاف عربی

سنئے دشنام دشمنان کب تک
چپکے منہ مین رہے زبان کب تک

آپ یون رہیے گا کشان کب تک
کشش دل کا امتحان کب تک

ایک ہاتہ اور بہی لگا قاتل
مستمگین ما نند جان کب تک

آخرش ایک دن تو ہوگا وصال
مجہسے یہ بے وفائیان کب تک

آزما و محبت دشمن — میری الفت کا امتحان کبتک
گو جلے کوئی تاب ضبط نہین — کیجیے سوز دل نہان کبتک
ہے شب وصل منہ تو دکہلاؤ — پردۂ شرم درمیان کبتک
نہین سنتا کسی کی وہ قاتل — شور فریاد الامان کبتک
چپکے سنتے ہین بیٹھے دیکہین تو — ختم ہوتی ہین گالیان کبتک
دیر کو چہوڑون جاؤن کعبے کو — رہون حسرت کش بتان کبتک
ہجر مین وہ بہی ہو گیا بیتاب — سانہ دے صبر ناتوان کبتک

قطعہ

دیکہون اوس جنگجو سے کب ہو صلح — اور زبان سے لڑے زبان کبتک
مل چکے سینہ اوسکے سینے سے — سینے مین دل رہے تپان کبتک

قطعہ

کب بہلاتے ہین دیکہین یا دمری — نزع مین جان خراشیان کبتک

جان کب تک نکلتی ہے ناسخ
آفتی پیہم ہین بچلیان کب تک

شوق پرواز کسے خوب یہی ہے ناسخ — ہم گرفتار قفس ہو دینگے پر ہونے تک

ردیف لام

نصیب کوچۂ قاتل مین ہو شہادت دل — یہی ہے آرزوے جان یہی ہے حسرت دل
یہ کچہ تو بل نہین کاکل کا جو نہ نکلے گا — نکل ہی جائے گی اک رات یار حسرت دل
نکال باغ مین کانٹے کیطرح اے گلرو — چمن چمن ہے یہان خار خار حسرت دل
کیا ہے سینہ و پہلو کو چہان کر روزن — ہے نوک تیر مگر نوک خار حسرت دل

نکالے کون بجز سوزن نگاہ بتان
کھٹک رہی ہے یہ پہلو مین خار حسرت دل

رہی ہے آرزوے وصل یار تا دم مرگ
نہ نکلی صورت ارمان کبھی یہ حسرت دل

نہین ہے شمع کی حاجت ہماری مرقد پر
ہے اپنے قبر مین روشن چراغ حسرت دل

نہین ہے اب کوئی مونس اسی سے جی بہلے
نکل نہ جاے خدایا کہین یہ حسرت دل

وفا پہ اوسکے مری جان فدا ہے اے رشتاخ
ہے قبر مین بھی مرے ساتھ ساتھ حسرت دل

سوا نہین شب فرقت مین ہاے شامت دل
ہوا جو وصل تو کیسی ہے اب ندامت دل

تم السلامۃ فی الوحدت سے کام رکھو
اگر ہو مد نظر دوستو سلامت دل

وہ جان جان ہو ہستی مین جامے سے باہر
محال خانۂ تن مین ہے اب اقامت دل

وہی ہے راتون کو تا صبح نالہ وزاری
وہی ہے ہجر مین سر پیٹنا روز شامت دل

کیا جو یار نے کرتا ہے جان ہم سے عزیز
تو آپ ہوگیا اللہ ری ندامت دل

ابھی وہ دور سے ہوے آئین بیت احزان مین
کرم کرین مین دکھاؤن اگر کرامت دل

خدا گواہ ہے اے بت تمام اعضا کو
قبول عشق کے سجدے مین ہے امامت دل

کہین نہ ہووے وہ بالاے بام غیر کا ساتھ
گیا ہے کوچۂ دلبر مین آئی شامت دل

درصنم پہ جو رشتاخ جم کے بیٹھ گیا
تو ہیتے جی نہ اوٹھا پاے استقامت دل

رہی نہ دل سے جدا ایکدم وہ راحت دل
یہی مراد ہے دل کی یہی ہے حاجت دل

مین جاؤن پاس جو اونکے کہان ہے دم مین دم
وہ کر رہے ہین عبث امتحان طاقت دل

جلا چکا تھا جگر جان کو بھی کھو بیٹھا
ہے میرے حال پہ یہ دوسری عنایت دل

پہنسا کے عشق بت سنگدل مین آخر کار
جلائی جان بھی میری یہ ہے شرارت دل

عجیب دشمن جانی بلا ہے پہلو مین
یہ تنگ جان کو کرتا ہے یہ عادت دل

شب وصال مین بھی خوف روز ہجران سے
وہی ہے سورش جان اور وہی حمارت دل

گنوایا جان کو لیکن نہ منہ سے کچھ نکلا
زبان تک نہین آئی کبھی شکایت دل

یہی ہے گر صنم سنگدل تری مرضی
اوٹھائین بار محبت بقدر طاقت دل

کبھی تو اس مین ہی جلوہ نما ہو عکس ترا
ہے زائد آئنہ صاف سے لطافت دل

ہے ورد ذکر کا تیری ہی روز و شب ایجان
نہین ہے اسکے سوا اور کچھ عبادت دل

عجیب کشمکش و پیچ تاب مین ہے پھنسا
خیال زلف مین اب دہنی ہی حالت دل

اوٹھایا سر پہ جو بار گران غم ای جان
بغیر صبر کسی سے نہ کی اعانت دل

جو گذری جان یہ ہاتھون سے دلکے کیا کہیے
نہین زبان کو یارا کہ ہو شکایت دل

کراہنے کی بھی باقی نہین ہے ہجر مین تاب
یہ وہ ہی دن مین ہوا کیا زوال طاقت دل

ہو سرد مہری جانان سے دفع سوزش داغ
بہر لگی مرہم کافور سے جسے احمت دل

نہین ہے عقل ذرا بھی کہ خوبرویون سے
یہ دیکھو تم سے وفا دیکھنا حماقت دل

ملا نصیبون سے اک دوست وہ بھی ہے نادان
خراب جان کو کرڈالے گی رفاقت دل

ہے تیری گردش چشم سیاہ آفت چشم
نگاہ آفت جان ہے نمرہ ہی آفت دل

نگہ یہ دیر بتان سے ہے کیا کوئی کہنہ
کہ ہی جو رہتی ہے ہر وقت بان جماعت دل

شکستگی سے دل بنا درست ہوتا ہے
کہ بیخ عشق سے حاصل ہوئی ہی رحمت دل

کہان وہ جوش جوانی کہ آگئی پیری
کہان وہ طاقت بازو کہان وہ طاقت دل

یہ سوزن نگہ چشم خشمگین بتان
ہوئی ہے پردہ در دیدۂ بصارت دل

ہے بوسہ لب شیرین بھی کسقدر شیرین
کہ بند ہوگئے ایجان لب شکایت دل

سنبھل کے جائیو فتاح لو خدا حافظ
کہ راہ عشق مین ہے خطرۂ ہلاکت دل

کبھی نہ تیرے غم عشق سے ہو فرصت دل
یہی ہے خواہش جان و یہی ہی حسرت دل

جو آج غیرون کے آگے ہوئی ہے ذلت دل
پہر اتنون سے ہے اللہ ری جوش غیرت دل

قلم مین بھی نہین طاقت کہ اسکی شرح کرے
بیان زبان سے بھی ہوتی نہین مصیبت دل

فشار مرقد تاریک سے نہ ہووے گی
ہوئی شکنجۂ کاکل مین جو اذیت دل

جو حال دیکھنا کنعف قبور کا ہو تو
اٹھو کر کیجے کسی شب طواف تربت دل

ہوا ہے جلوہ نما کیا خیال عارض صاف ۔۔۔ ہے شکل آئینہ جو روے پر کدورت دل
امیر ہو گیا ہے یہ فقیر اے شہ حسن ۔۔۔ ملی ہے عشق کی دولت مجھے بدولت دل
نظر یہ کون سے خود بین کی کہا گئی افسوس ۔۔۔ وہ رنگ رو نہین باقی نہین وہ صورت دل
سرشک خون سے ہین لبریز انکھین جانتی تھی ۔۔۔ کہ رنگ لائے گی آخر کو یہ محبت دل
تمام عمر یہی مشغلہ رہے گا مجھے ۔۔۔ کبھی نہ ہو یگی شور و فغان سے فرصت دل
برنگ داغ ہے ایکجان شمع جلوہ نما ۔۔۔ مگر ہے قسمت فانوس مثل قسمت دل
یقین ہے منطقہ عقل کل بھی ہو وے بند ۔۔۔ سنی مباحثہ عشق مین جو حجت دل
بنا ہے صورت آئینہ اب ہمہ تن چشم ۔۔۔ بڑھائے آئنہ رخ نے اور حیرت دل

طریق عشق مین ہین حضرت راہ اے نشاخ
ہمارے قبلہ و کعبہ جناب حضرت دل

تمام عاشقون نے آکے کی ہے بیعت دل ۔۔۔ قبول ہو گئی اجماع سے خلافت دل
ہوئی ہے کوچہ معشوق مین جو ذلت دل ۔۔۔ سمجھتے عاشق صادق ہین اسکو عزت دل
نہ جاو کوی تباں مین یہ ہم نہ کہتے تھے ۔۔۔ ہے یاد بات ہماری نہین ای حضرت دل
ہماری کھینچکے تصویر اونکو دکھلا دو ۔۔۔ کسی طرح سے تو اونپر کھلے محبت دل
یقین ہے کمر کوہ بوجھ سے ٹوٹے ۔۔۔ اوٹھائے دوش پہ اپنے جو بار محنت دل
بہائے انکھون کے رستے ہین لاکھون ہی حسرتے ۔۔۔ فراق یار مین یہ جوش پر ہے رقت دل
کوئی کسیکی بھی سنتا نہین یہ مشکل ہے ۔۔۔ نہ عقل دلپہ ہے قادر نہ اوسپہ قدرت دل
نہین جو وہ صنم نکتہ فہم و موزون طبع ۔۔۔ لگے نہ شعر و سخن مین بھی اب طبیعت دل
پھنسا دیا ہے مری جان کو زلف دلبر مین ۔۔۔ خطا یہ آنکھونکی ہے اور ہے یہ غفلت دل
یقین ہے بوجھ سے اسکے زمین مین دھنس جاے ۔۔۔ کھنچے نہ پیل فلک سے بھی بار زحمت دل
رسائی کیون نہین ہوتی کسیکی ای ہمدم ۔۔۔ مگر ہے عرش بریں استان حضرت دل
نوشتہ روز ازل سے ہے یہ مقدر کا ۔۔۔ سرشک قسمت چشم اور داغ قسمت دل
سنے یہ قصہ یہ جھگڑا چکے مین مرجاؤن ۔۔۔ غم نہان سے کہین ہو بھی جاے فرصت دلی

کہان ہے ہجر مین اب نام خون کا باقی
بدل گئی ہے کچہ ان روزون اور صورت دل

جو آئین حضرت عیسی بہی روکے اوٹہ جائین
ہے لاعلاج یہ بیمار سے محبت دل

رضاے یار مین نساخ بس نہین چلتا
وگرنہ ہووے گوارا کسے اذیت دل

ہے بعد مرگ بہی باقی وہی مصیبت دل
وہی اذیت جان ہے وہی اذیت دل

سنا نہ ہوگا تمہین سب حالت مصیبت دل
کبہی جو نالہ و افغان سے ہو گئی فرصت دل

فقط یہ ایک ہی مونس رہی ہے حسرت دل
وگرنہ چل بسے ہین کب کے صاحبت دل

نہین ہے مخزن سینہ مین گنج درہم داغ
ہوا ہے وصل کی دولت زوال دولت دل

تمام عمر تڑپتے ہی جان کو گذرے گی
کریگی زیست کو بیکار یہ مصیبت دل

رہا یہ سوز تپ غم جو بعد مردن بہی
تو آہ شعلہ فشان ہوگی شمع تربت دل

نہ ہووے آئنہ روصاف غیر صیقل وصل
یہ جم رہا ہے بہت سی زنگ کلفت دل

نہ نکلے سینے سے آہ شرر فشان کیونکر
ہے سنگدل نمون سے جو گرم صحبت دل

عبث تکدر خاطر ہے تجکو اے مہرو
ہے شانہ روشن صفاے طینت دل

نہ ہو صفائی نہ نکلے جو تیرہ دل کا غبار
تو خاک مع ہو ایجان جان کدورت دل

یقین ہے یہ بہی کسی شعلہ رو کا مارا ہے
کہ مقدور ہے سیماب بہی جو صورت دل

تجو نہ تو زلف دل کو کہ عرش اعلے ہے
نہ دیکہا ہوگا کسیکو بہی یہ بہی فضیلت دل

پسند سلسلہ زلف خم بخم جو ہوا
ہے آج ہاتہ پہ شانے کے دست بیعت دل

ہے سوزش اور تڑپ کس قدر خدا کی پناہ
کہین نہ آتش و سیماب سے ہو خلقت دل

غم فراق مین نالے بہی مین نہین کرتا
کہ تا رہو کہین افشاے راز الفت دل

نہین نصیب کا لکہا کوئی مٹا سکتا
بہلا کوئی کرے کیا جو بری ہو قسمت دل

اوٹہا کے لائے تمہین خواب ناز شب کو
گوارا کب یہ کرے جذبہ محبت دل

ہوئی ہین لاکہون ہی باتین کرتین ظاہر
ہین ایک مرشد کامل جناب حضرت دل

ہے چاک چاک جو چلمن کبیر حسے پہلو
ہے کوئی پردہ نشین جا گزین خلوت دل

طریق عشق بتان کی بتائین ہین راہین
ہمارے جان پہ نشاط ہی یہ ہنست دل

غزل مرقومۂ ذیل مین تین صنعتین جلی ہین یعنی ایک تو لمع ہے دوسری ذو قافتین ہے اسکے ہر مصراع آخر مین لفظ دل کو تین بار اور حرف واو کو دو بار لازم رکھا ہے

متودشمنی و مہر دل و محبت دل — مصیبت دل و درد دل و اذیت دل
ہو مہربان یکیے وہ بت بے مہر — ریاضت دل و صبر دل و قناعت دل
طریق عشق مین رسجان عمل مین لاتا ہون — وصیت دل و پند دل و نصیحت دل
وہ یار آئینہ رو صنم ہو تو ہو وہی دو رو — ملالت دل و گرد دل و کدورت دل
عجیب واقعہ و طرفہ ماجرائے ہست — حکایت دل و حال دل و حقیقت دل
رجوع تیری طرف ہے ترا طرف نگران — طبیعت دل و چشم دل و بصارت دل
فراق مین مجھے بیتاب رکھین شب و روز — مشقت دل و رنج دل و مصیبت دل
طریق عشق مین سب سے جدا ہے جان جہان — طریقت دل و دین دل و شریعت دل

ہمیشہ مملکت عشق مین رہے نشاط
سیاست دل و عہد دل و حکومت دل

ردیف میم

آفت ہو یا ہو قہر غضب یا بلا ہو تم — پوچھون مین کس سے تم زدہ دل ہی کہ کیا ہو تم
میرے لیے جو ہو تو بلا سے بلا ہو تم — اور اور کے لیے ہو تو کیا کیسے کیا ہو تم
تم حور ہو پری ہو کہ انسان ہو کیا ہو تم — یہ کون جانے ہمسے جو پوچھو بلا ہو تم
عاشق پہ ایک لطف مین سو سو ستم ہے شرط — انسان ہو کہ کوئی کہے بے وفا ہو تم
ایجان تم پہ ختم ہین سب خوش ادائیان — جو تم کو دیکھ لے کہے خوش ادا ہو تم
تم سے ہوا نہ درد دل زار کا علاج — پھر کون سے مرض کی بتاؤ دوا ہو تم

جور و جفا کو دوستی سمجھے ہو اے تبو
اللہ ایسے دشمن اہل وفا ہو تم

کس بت کو مانگتے ہو خدا سے اے زاہدو
دن رات مسجدون مین جو محو دعا ہو تم

کیسا فلک نہ پہونچے کبھی اونکے کان تک
ہم جانتے ہین نالو ترے نارسا ہو تم

سو وا سے زلف سر سے نکالین یہ جی مین ہے
کب تک سنا کرین یہ بھلا کیا بلا ہو تم

قطعہ

کرتے تھے شب یہ اونکے تصور سے گفتگو
کب جانتے تھے آگے تمہین بیوفا ہو تم

اب کام آنے کی نہین یہ دل فریبیان
تم کو سمجھ چکے ہین بڑے پر دغا ہو تم

بھولین نہ دل سے یاد ہین سب بیوفائیان
گو تم بدل بھی جاؤ نجم وفا ہو تم

رکھین کسی طرح کی نہ ہم تم سے آرزو
دل سے نکالین دل کا اگر مدعا ہو تم

پر ہیز وہ کرین کہ نہ آنے دین پاس تک
گو جانتے ہین درد جگر کی دوا ہو تم

مسجد کو چھوڑ کر نہ کبھی جائین دیر کو
تہر ٹپرین سمجھ پہ جو سمجھین خدا ہو تم

یہ کہ رہا ہی تھا کہ دل اک بار بول اوٹھا
ہے یہ بھی کوئی بات کہ اونکو نہ چاہو تم

وہ بیوفا ہون ہولے دو تم بیوفا نہ ہو
ناسخ تمہ سے ہو سکے جبتک نباہو تم

وعدہ کی شب اے پری دیوانہ بن جاتی ہین تم
تم نہین آتے ہو تو کب آپ مین آتے ہین ہم

نے سوار و سیر مین جب تم کو سن پاتی ہین ہم
مثل صرصر جانب صحرا اوڑی جاتے ہین ہم

دم چرانے کا گمان کر کر کے مرقد سے مری
کہتے ہین ہنس ہنس کے تیرے دم ہین کب آتے ہین ہم

کیون نہ دیکھین ہر طرف تنہا جو ہین وہ راہ مین
ایسے موقع پہ یہ ڈھرکا ہے لپٹ جاتے ہین ہم

پھیر یہ تقدیر کا ہے ایک بھی بنتی نہین
بگڑی ہی جاتی ہے جو تدبیر ٹھہراتے ہین ہم

دیکھتا ہون جب اونہین کہتے ہین وہ دکھلائی دیتے
رشک کہتے ہین اسے بیمار نہ کر پیش یار
دیکھ تو کیا کیا تماشے تجھکو دکھلاتے ہین ہم

شب کو اوس خورشید رو کا در نہین کھلتا کبھی
دم چراتا ہے اگر دشمن تو مر جاتے ہین ہم

اوسکے دروازے سے سر کو لا کہ ٹکراتے ہین ہم

قطعہ

مارتے ہین لات کاٹی کہاتی ہین ہاتھونکو بھی
اونکی پاؤن کیطرف جب ہاتھ دوڑاتی ہین ہم
اسپہ بھی جو بس نہین چلتا ہی اونکا وصل مین
کہتے ہین لو چھوڑدو ہم کو چلے جاتی ہین ہم

قطعہ

ہجر کی شب کرتے رہتے ہین جو ہم اونکو تلاش
خانۂ دشمن مین آواز اونکی سن پاتی ہین ہم
ڈرتے ڈرتے پر کبھی اونسے جو کہتے ہین یہ بات
کہتے ہین تیور بدل کر کس کے گھر جاتی ہین ہم
اپنے دل مین کیا ہی سمجھاتے ہین در کو کھولکر
شب کو مثل غیر جب زنجیر کھڑکاتی ہین ہم

ہم سے اے ناسخ اوٹھ سکتا نہین ہے خط وصل
شعلہ رو کو دیکھکر بیتاب ہوجاتے ہین ہم

جاتے ہین فکر دہان تنگ مین سوی عدم
کرتے ہین پیدا نشان جادۂ کوے عدم
درمیان آجاتا ہے جس دم اپنی جسم زار کا
اپنے آنکھونکے تلے پھر جاتا ہے روے عدم
طوق جو اوسکے میان بے نشان مین ہوگیا
ہاتھ اپنا ہوگیا ہے شانۂ موے عدم
سوختہ دل وہ ہون جب مثل شرر مندجائے آنکھ
سرد ہو پہلوے ہستی گرم پہلوے عدم
لپٹی رہتی ہے کمر سے تیرے جو مثل کمر
زلف مشکین سے مجھے آنے لگی بوے عدم

اسقدر ہستی سے اے ناسخ مین بیزار ہون
دل کھنچا جاتا ہے میرا خود بخود سوے عدم

متفرق

آفت ہو تم بلا ہو ستم ہو غضب ہو تم
لیکن کسیکے ہوتے نہین کچھ مجب ہو تم
آتے ہی اونکی جان لبون سے جو پھر گئی
کہنے لگے مرو بھی کہین جان بلب ہو تم

ردیف نون

مجھسے کب چین تری جبین مین نہین
کب شکن زلف عنبرین مین نہین
گور پر سے چلے وہ مثل صبا
پاؤن لگتا کہین زمین مین نہین

شمع و ہجر مین جلا مارا — کب اثر آہ آتشین مین نہین
وصل کی شب ہے مانتا ہے کون — ماہر و مین ترمی نہین مین نہین
جوہر مہر آب کین کے سوا — خنجر چشم خشمگین مین نہین
عاشقون کے لب سوال ہون بند — یہ حلاوت تو انگبین مین نہین
ہے بھلا کون سا کمان ابرو — بھاؤ دل کی جو کمین مین نہین
اشک الماس گون ہے کیا نسبت — یہ صفائی در ثمین مین نہین
میری تقدیر کا نوشتہ ہے — یہ شکن یار کی جبین مین نہین
قطرۂ خون ہے قلب عاشق مین — دل مراد ست نازنین مین نہین
وہ صنم رام جو ہمارا ہو — یہ کرامت تو شیخ دین مین نہین
دست شانہ نے کر دیا سیدھا — بل کوئی زلف عنبرین مین نہین
گل گئے اشک چشم پرنم سے — ایک بھی تار آستین مین نہین
ہو مقابل جو سخت جانون کے — تاب یہ تیری تیغ کین مین نہین
کیا بتاؤن کہ کون ارمان — اس دل حسرت آفرین مین نہین
ہجر مین جو خیال وصل کرے — اتنی طاقت دل حزین مین نہین
کیون نہو بد دماغ عاشق زلف — بو خوشی اس مشک چین مین نہین
دل پہ تیرے صبا سے آئی غبار — یہ نزاکت تو یار سمین مین نہین
جھانکتے ہو یہ کس کو روزن سے — شرم کچھ چشم شرمگین مین نہین
دل بت کو ذرا جو نرم کرے — یہ اثر آہ آتشین مین نہین
کام تکرار سے ہے وصل مین کیا — ہین تو بس ایک ہی نہین مین نہین
نہ مری لاکھ بار تو نے کہا — خاک اثر تیری مر کہین مین نہین

قطعہ

صحبت غیر سے نہ بگڑین آپ — وہ صفا عارض و جبین مین نہین
نقش دندان غیر ہین لب پر — نام میرا ہی اس نگین مین نہین

قطعہ

کون سی طرز سحر پردازی ۔۔۔ فلک اعجاز آفرین مین نہین
قدر تیرے غزل کی اے رنشاخ
نگہ چشم عیب بین مین نہین

شعلہ رو پھرتے ہین جو آٹھہ پہر آنکھون مین ۔۔۔ اشک کی بدلے چمکتے ہین شرر آنکھون مین
جلوہ گر شکل تصور ہو اگر آنکھون مین ۔۔۔ رکھون اے نور بصر بیشکل نظر آنکھون مین
یہ سفیدی و سیاہی جو نظر آتی ہے ۔۔۔ وصل کی ہے یہ مگر شام و سحر آنکھون مین
نہین وہ مردم آبی ہے پر و بال ان ۔۔۔ وقت گریہ کرے کسطرح گذر آنکھون مین
پھر رہا ہے جو تری رنگ طلائی کا خیال ۔۔۔ تار زر بنگیا ہر تار نظر آنکھون مین
آب و تاب اونمین جو ہے صورت الماس عیان ۔۔۔ قطرۂ اشک ہین یا لخت جگر آنکھون مین
وہ نشہ حسن جو آیا تو بچھا ور کو ہوئی ۔۔۔ اشک اور لخت جگر لعل و گہر آنکھون مین
وہ یہ کہتے ہین سوید اے دل انکو کیسے ۔۔۔ آتے ہین مردم دیدہ جو نظر آنکھون مین
کیون نہو ایک اشارے مین عدو بھی شیدا ۔۔۔ نقش جب سے بھی زیادہ ہی اثر آنکھون مین
جلتے ہین شمع خون کی جو تصور سے مدام ۔۔۔ میری پلکین ہین کہ پروانے کی پر آنکھون مین
ہے تصور بھی ترا تیری طرح وہ خود ہین ۔۔۔ نیند کو آنے نہ دے تا بسحر آنکھون مین
پھنس گیا ہون فلک بھنسے جو کہین انکہین چار ۔۔۔ دام صیاد بنا تار نظر آنکھون مین
پردے سے دست حنائی جو دکھایا اوسنے ۔۔۔ پردۂ دیدہ ہوا خون سے تر آنکھون مین

نہین رنشاخ سیہ دل مین عدو کی صورت
ناک سے کیطرح ہووے گزر آنکھون مین

وہ سما جاتی ہین مانند نظر آنکھون مین ۔۔۔ کرتے ہین دیکھتے ہی دیکھتے گھر آنکھون مین
پھر رہا ہے وہ بت شبنک قمر آنکھون مین ۔۔۔ آگئی گردش افلاک مگر آنکھون مین
اوسکی حسن تکین کا یہ سمایا ہے خیال ۔۔۔ خواب کا بھی نہین ہوتا ہے گزر آنکھون مین
حلقے کیونکر نہ پڑین آنکھون مین مثل زنجیر ۔۔۔ طوق کا تیرے تصور ہو اگر آنکھون مین

آئی ہو بہر عبادت تو یہ پردہ کس کا ہون وہ بیمار نہین تاب نظر آنکھون مین
قدر زر خاک کرے سیم تنون کا عاشق. تو وہ خاک ہوا تو وہ زر آنکھون مین
تجھکو دیکھین تو جیون تجھکو نہ دیکھین تو مرون یان سمائے ہین قضا اور قدر آنکھون مین
چھپ کے رویا جو مین اوس پردہ نشین کے غم مین پردہ دیدہ ہوا دامن تر آنکھون مین
صورت ابر نظر آئی جو وہ زلف سیاہ رقص کرنے لگے طاؤس نظر آنکھون مین
پڑ گیا بال کوئی مجھکو ہوا یہ کھٹکا + جلوہ فرما جو ہوا موے کمر آنکھون مین
تو جو اے ماہ نہ آیا تو مثال خورشید نیند آئی ہے نہین تا سحر آنکھون مین
پردہ چشم مین اوس پردہ نشین کو رکھون صورت خواب جو اوسکا ہو گذر آنکھون مین
جلوہ شعلہ رخان نے یہ دکھائی گرمی رشتہ شمع بنا تار نظر آنکھون مین
دل عاشق جلین دیکھی جو گن آنکھون سے تو یہ شرارت نہین گویا ہے شرر آنکھون مین
کیا تماشا تھا ہوئین یار سے جب آنکھین چار حسرت یاس اور بہر شوخی اور بہر آنکھون مین
لال جو چشم خمار ین ہے تو چہرا اوتر ا صاف بیداری شب کا ہے اثر آنکھون مین
نیند بھی پردہ نشین ہے کہ بچا کر آنکھین شب کو آجاتی ہے اے رشک قمر آنکھون مین

قطعہ

نہ سمی ہون کہ لب لعل تک اوسکے پہونچون نہ تو سرمہ ہون کہ ہوا پنا گذر آنکھون مین

کیا کہون حال مین اپنا کہ مین کیا ہون فسلخ
صورت خار ہون کیا ہو مرا گھر آنکھون مین

مجھسے اگر غرض نہین پردی سے منہ دکھائین کیون برق نگاہ ناز سے دل کو مری جلائین کیون
مین تو نہین ہون بوالہوس مین تو نہین ہون ہوا فا مین تو نہین ہون کچھ قریب گھر مین مجھے بلائین کیون
مین ہون اگر بڑا ہوا کیا ضرر احمین آپ کا صورت نقش پا بھلا آپ مجھے مٹائین کیون
کیون نہ کریں بہانہ وہ پاس ہمارے آنے مین یہ تو نہین عدو کا گھر چپکے یہان وہ آئین کیون
آپ ہون مین سیاہ بخت خود ہی وبال اپنی جان زلف سے مجھکو کام کیا پیچھے پڑین بلائین کیون
کسکو پہنایا دام مین تازہ شکار کون ہے مین تو نہین ہون کچھ عدو مجھسے بھلا چھپائین کیون

شکوہ ہمارا کیون کیا نام ہمارا کیون لیا | ہم سے نہین ہے لاگ اگر غیرون سے ہے وہ لگائین کیون

متفرقات

نے زور آسمان پہ نے اون پہ اختیار | نسخ پہر ہین وصل کی تدبیر کیا کرون
ضعف مین میرے سوا کوئی نہین سنتا ہے | اسی نالے کو مگر لوگ رسا کہتے ہین
سننے کی تو نظر آتی نہین صورت کوئی | ہم جفا کہتے ہین جسکو وہ وفا کہتے ہین
برابر اوسکو شب و روز وصل یار ہین ہے | مگر کتیب کے سر پر یہ آسمان نہین

ردیف واو

دم نزع مین جو آ شانے کو | زلفین او کجین مری پہنسانے کو
میرے آگے عدو کو دی گالی | کس قدر گرم ہین جلانے کو
اوس پہ جاے غنچہ و گل پر | دیکھین جو تیرے مسکرانے کو
آتے ہی جو چلے ہو جان کیطرح | کہیے کیا کہتے ہین اس آنے کو
آشناؤن نے یہ دیے چہٹے | گئے دریا مین وہ نہانے کو
بات پر ویسے وہ سناتے ہین | کہتے ہین راز دل چہپانے کو
آہ سوزان سے دل ہوا ٹھنڈا | ہین دم سرد جی جلانے کو
جان پر کہیلنا ہے آخر کار | کہیل سمجہو نہ دل لگانے کو
دل دشمن جلے گا آہون سے | آگ لگ جائے گی لگانے کو
نہ مرے ہجر مین جو پردہ نشین | شرم آتی ہے منہ دکہانے کو
جل اٹہی اور آگ دل مین مرے | اشک دوڑے تہے جو بجہانے کو
نیند میری تہی ناگوار اتنی | آئے وہ خواب مین جگانے کو
دیکہو لو حال شمع و پروانہ | سہل سمجہو نہ جی جلانے کو
بیٹہے ہین بزم عدو مین صورت عام | نہیں ہے وہ مری رولانے کو

چوری چوری سے دیکھتے ہو ادھر
نم مگر آئے دل چرانے کو

ہون وہ افتادہ نقش پا کی طرح
تنگ سمجھا ہون میرا ٹھانے کو

آستان بتان پہ اے نساخ
چلیے اب جان و دل چڑھانے کو

نہ بولو منہ سے مگر آنکھون سے سلام تو لو
تم اپنی چشم سخن گو سے کوئی کام تو لو

ابھی وصال کے پیغام کو تو رکھ چھوڑو
تماشا دیکھو مرا آگے اونکے نام تو لو

بیان حال مین بیتاب ہو گیا ایسا
وہ کہتے ہین کہ ذرا اپنے دل کو تھام تو لو

نہ دے وہ کاندھا رکھو سر تہ اوسی جنازہ کے
ہمارے خون کا قاتل سے انتقام تو لو

نہین جو تیغ تو باتون سے کیجیے مجھے قتل
زبان تیغ کا تیغ زبان سے کام تو لو

کرے گا آپ وہ صیاد فکر دانہ و آب
قفس مین دم کوئی دم اے اسیر دام تو لو

قطعہ

جو بیوفا و نہین کہتا ہون مین تو شوخی سے
وہ کہتے ہین سنو اپنی زبان کو تھام تو لو

یہ بیوفا کسے کہتے ہو خیر ہے صاحب
وہ مین نہین ہون کوئی اور ہوگا نام تو لو

قطعہ

مجھے فراق مین چیں دیکھ دیکھ کر ہمدم
عبث خموش ہو کچھ بھی زبان سے کام تو لو

جو ہو سکے تو سناؤ کسیکو میرا حال
نہ ہو تو بہر تسلی کسی کا نام تو لو

نگاہ ناز ٹھہرتی ہے قیمت نساخ
جو مول لینا ہو صاحب کوئی غلام تو لو

ہجر نے زار کر دیا ہم کو
سخت بیمار کر دیا ہم کو

وہ گلا یا ہے عشق گلرو نے
صورت خار کر دیا ہم کو

ہے خفا خلق چشم پر نم سے
مردم آزار کر دیا ہم کو

یار گلرو نے داغ دے دے کر
رشک گلزار کر دیا ہم کو

دل دشمن نے زلف پیچان مین
پھر گرفتار کر دیا ہم کو

دیر مین جو نہ دے جگہ کافر — تو نے دیندار کر دیا ہم کو
آپ تو خوش رہے عدو کے ساتھ — جان سے بیزار کر دیا ہم کو
تیری چشم و کمر نے رشک سیج — زار و بیمار کر دیا ہم کو
پیچ پر پیچ گور مین بھی ہائے — زلف نے مار کر دیا ہم کو
عشق پردہ نشین نے کیا رسوا — سر بازار کر دیا ہم کو
نگہ مست سے تھے ہم غافل — تو نے ہشیار کر دیا ہم کو
سوتے تھے خوش عدم مین ہستی نے — ہائے بیدار کر دیا ہم کو
بحر ہستی سے کشتی غم نے — ناخدا پار کر دیا ہم کو
بیوفائی سے ہائے بیخبر سے — کب خبردار کر دیا ہم کو
کیا اثر ہے نگاہ ساقی مین — مست و ہشیار کر دیا ہم کو
زور کیا ہے ناتوانی کا — کمر یار کر دیا ہم کو
جلوہ تو نے دکھا کے پردہ نشین — نقش دیوار کر دیا ہم کو

چشم بیمار یار نے لسّاخ
ہائے بیمار کر دیا ہم کو

تم سے ڈرتا ہون کہین تو بہ نہ آدھی نوبت — آپ سے آپ لگے کہنے جواب تم مجھکو

ردیف ہائے ہوز

یہ غزل صفت لزوم مین ہے یعنے اس غزل کے ہر شعر مین لفظ شمع کو لازم رکھا ہے

شمع سے کم نہین سوز جگر پروانہ — کہ زبان شمع کی گویا ہے پر پروانہ
جل بجھی شمع بھی اے چشم غم پروانہ مین — دیکھیے سوز دل پر اثر پروانہ
کوچہ شمع مین کس طرح سے پہونچا تا ہے — سوز دل ہے خضر راہبر پروانہ
تاب عاشق کو نہین جل کے سنبھلنے کی شمع — وصلت شمع سے ہووے خبر پروانہ
جل بجھا خاک ہوا مٹ گیا برباد ہوا — شمع نے تو بھی نہ لی کچھ خبر پروانہ

شمع بالین سے چلی اوٹھکے ہے کیا بیخبرے
موت سے بڑبکے ہے خواب سحر پروانہ

شمعرو گھر کو گیا جل کے مین یان خاک ہوا
سحر اپنی بھی ہے مثل سحر پروانہ

سر مرا پاے صنم سے نہ اوٹھے گا زاہد
پاؤن پر شمع کے رہتا ہے سر پروانہ

خاک معشوق کو ہو عاشق دلسوز کا غم
شمع ہنستی تھی کہڑے رات سر پروانہ

رشتۂ شمع کے پھندے مین پھنسا شعلہ صفت
رات کو بزم مین مرغ نظر پروانہ

بزم مین تیرے سوا اسکی طرف دیکھون مین
شمع پر پڑتی ہے ہر دم نظر پروانہ

جلوہ افروز جو ہو بزم مین وہ شعلہ عذار
رشتۂ شمع ہو تار نظر پروانہ

شعلہ رو آئے اگر بزم مین یہ ہو مضطر
مانگے اوڑھانے کو شمع پر پروانہ

سر چڑہے شمع کے جو بزم مین تیری آگے
باندھون مین شمع کے رشتہ سی پر پروانہ

شمع نے رات جو اوسکا رخ روشن دیکھا
چھپ گئے شرم سے سب زیر پر پروانہ

شمع نے رات جلایا ہے جو پروانے کو
موم ہو مرہم داغ جگر پروانہ

شمعرو دیکھے کے احباب کا جی جلتا ہے
کس قیامت کا ہے سوز جگر پروانہ

شمع بھی جھانکتی ہے پردۂ فانوس سے آج
بے اثر تو نہین سوز جگر پروانہ

جان دی شمع کے سر چڑہکے ہی ایسا جانباز
نہ ڈرا موت سے دیکھو جگر پروانہ

کوئی اتنا نہین دلسوز کہ جو سی دیوے
رشتۂ شمع سے چاک جگر پروانہ

یار کے بزم مین ناسخ حزین بھی پہونچا
کوچۂ شمع مین ہووے گزر پروانہ

روے صاف آتشین کو دیکھکے گر آئنہ
قلعی گھلجاے اوڑے سیماب بنکر آئنہ

مثل حیرانون کے لگ کر رہگیا دیوار سے
دیکھکر رخسارۂ شفاف دلبر آئنہ

دمبدم خوبان خودبین کی جو پڑتی ہے نظر
قلب صافی عاشقون کی ہین مقرر آئنہ

رشک سے بے تیغ و خنجر مرتی ہین کٹ کٹکے ہم
دست قاتل مین دکھاتا ہے یہ جوہر آئنہ

خوی فشان دیکھی جو وہ رخسار صافی شرم سے
پانی پانی ہوکے پہ جاے مقرر آئنہ

عشق روے خوی فشان مین حال دلکو دیکھکر
ہوگیا پر آب مثل دیدۂ تر آئنہ

صاف کیونکر ہے رقیب تیرہ روسی سیم تن
صورت زنگی سے رہتا ہے مکدر آئنہ

ایک تو حیرت زدہ تنہا ہی ہیں اے آئینہ رو
اور حیران کر دیا مجھکو دکھا کر آئنہ

کب بتان سنگدل کے دلکو کر سکتے ہیں صاف
لاکھ تپہ سے بنائیں آئنہ گر آئنہ

لے گیا کیا خاک حیرت کے سوا زیر زمیں
صورت آئینہ ہے حال سکندر آئنہ

گر پے رفع کدورت لکھیے حال قلب صاف
فیض خط سے ہووے بازوے کبوتر آئنہ

پوچھو حال خود نمائی میری قلب صاف سے
عیب خود بیں صاف کہدیتا ہے منہ پر آئنہ

ذبح کرتے ہی صفائی تیری اے آئینہ رو
مرغ دلکو ہے چہری اللہ اکبر آئنہ

صاف صاف اوسپہ کہیں کیا ہی حیرانی کا حال
بھیجوں اوس آئینہ رو کو آئنہ پر آئنہ

کیا عجب ہے جوش شوق دید میں آئینہ رو
چوکھٹے سے گر تڑپکر نکلے باہر آئنہ

اے سکندر کس سے مانگوں داد ہا تنہائی تری
کیا بگاڑا ہے حسینوں کو بنا کر آئنہ

پارے کی کہل جائے قلعی اس دل بیتاب سے
اوس رخ صافی سے ہے حیرت زدہ گر آئنہ

دست صاف اپنا جو رکھکر گال پر بیٹھے ہیں وہ
کیا کہوں پہیتی دہر اہے آئنہ پر آئنہ

فرط حیرت سے جو کہہ سکتا نہیں میں حال دل
از رہ شوخی دکھاتا ہے وہ دلبر آئنہ

آئنہ پہ اوسکی خاک ڈالوں نکلے تا دل کا غبار
منہ تو دیکھو ہووے اوس آئینہ کے برابر آئنہ

پیش آئینہ جو میں اوس بت سے لپٹا وصل میں
گھر بنا شکل فلک برج دو پیکر آئنہ

آئنہ کے اوٹ کر لی میری صورت دیکھکر
وائے ناکامی بنا سد سکندر آئنہ

عکس لب کا اپنے بوسہ لیکے جو دیکھا مجھے
رکھدیا جھکسے اوسنے مکرا کر آئنہ

جو نوشتہ تھا خط چین جبین سے کھل گیا
بنگیا ہے دیکھ اے ناسخ مسطر آئنہ

اوس کف روشن سے ہے تو قیر پشت آئنہ
بولتا ہے طوطی تصویر پشت آئنہ

آئنہ دکھلانے میں پڑ جائے گر تیر نگاہ
بس دل مشاطہ ہو گنجینہ پشت آئنہ

اے پری رو ہے جو وارفتہ تمہارے ہاتھ پر
دست وحشت ہو گریبانگیر پشت آئنہ

نبد محرم میں پہنسا آہوے دل آئینہ رو
اسکو کہیے دام آہو گیر پشت آئنہ

کرکے بے حس آپ کو پائی ہے زانو پر جگہ — آئینہ رو کھل گئی تزویر پشت آئینہ
آپ سے دم بھر جدا کرتا نہین اے خود پسند — کیا ہے زانو عاشق دلگیر پشت آئینہ
ہاتھ مین تونے لیا مین رشک سے کشتہ ہوا — ہین لکیرین ہاتھ کی تسخیر پشت آئینہ
دیکھتے ہی دیکھتے قبضہ کیا اوس ہاتھ پر — بے حیا سہی فرون تاثیر پشت آئینہ
خود نمائی جو ہوئی آئینہ رویون کو پسند — زانوے صافی سے کی تسخیر پشت آئینہ
رفتہ رفتہ کی رسائی زانوے دلدار تک — دیکھیے اللہ ری تدبیر پشت آئینہ
جاے بالش تکیۂ زانو پہ تب ہو سر مرا — جب خط تقدیر ہو تحریر پشت آئینہ
گر نہ دیکھے منہ رسائی کب ہو اوسکی ہاتھ تک — روے آئینہ سے ہے توقیر پشت آئینہ
جنن گیا دل اوسنے آئینہ لیا جب ہاتھ مین — ہو گئی منقار طوطی تیر پشت آئینہ
پیٹھ پیچھے آئینہ رویون کے چپ رہتا ہون مین — کہتے طوطی سے سنی تقریر پشت آئینہ
ہووے گر قلعی مری خاک دل بیتاب کی — کیمیا گر ہو عیان اکسیر پشت آئینہ
رشک شیرین پریان چاندی کی خم روانی اگر — کوہکن پیدا ہو جوے شیر پشت آئینہ
دست روشن جب رکھا تم نے یدبیضا کیا — داغ دل سے بر بگلی تنویر پشت آئینہ
لی نہ اوس آئینہ رو نے وصل مین کروٹ ادھر — شور دل ہے نالۂ شبگیر پشت آئینہ
جلوۂ زانوے خوبان جہانکے فیض سے — سنجت جام جم ہوئی تقدیر پشت آئینہ
کیا صفاے سینہ ہے چوٹی نظر آتی ہی صاف — آئینہ مین ہے عیان تخبیر پشت آئینہ

آئینہ کی اوٹ اے فتاح جب کرتے ہین وہ
دیکھتے ہی منہ مرا تصویر پشت آئینہ

جب سے وہ فندق ہوئی جاگیر پشت آئینہ — کھل گیا رنگ گل تصویر پشت آئینہ
دیکھکر اوس رشک گل کو ہوش بلبل گیا رح — اور گیا رنگ رخ تصویر پشت آئینہ
تو اگر دست حنائی اپنا رکھ دے اے پری — لال ہووے طوطی تصویر پشت آئینہ
سبزۂ رخسار جانان کی جو دیکھے کا جھلک — ہو گا حیران طوطی تصویر پشت آئینہ
غم مین اوس آئینہ زانو کے ہو جائے روان — اشک چشم طوطی تصویر پشت آئینہ

اپنے زانو پر وہ کب رکھنے دی سر عشاق کو
بار جب ہوسائہ تصویر پشت آئنہ

جاے حیرت ہے کہ تو ہو آئنے مین جلوہ گر
اور زانو مین تری تصویر پشت آئنہ

دیکھکر آئینہ زانوے روشن کے صفا
رہگئی حیرت زدہ تصویر پشت آئنہ

پیر وہی اہل حیرت جو کرے خاموش ہو
کہ رہا ہے طوطی تصویر پشت آئنہ

پیٹھ پیچھے آئنہ روکے یہ حیران ہو گیا
مرغ دل ہے طوطی تصویر پشت آئنہ

فرط حیرت سے گھلا اے آئنہ رو اس قدر
دل ہی خال دیدہ تصویر پشت آئنہ

پنھیرا اوس آئنہ رو کی دیکھکر بی جس ہون ہیز
کرتی ہے جنبش کہان تصویر پشت آئنہ

ہاتہ بہی نساخ کا پہونچے وان اوسکی حیف
بوسہ اوس زانو کا لے تصویر پشت آئنہ

غزل مرقومہ ذیل صنعت لزوم وملیس مین ہے ؛

خود پسندون سے ہے اے تصویر پشت آئنہ
قدر روے آئنہ تو قیر پشت آئنہ

ہے غبث پیش صفاے پشت وروی دلربا
بخت روے آئنہ تقریر پشت آئنہ

وقت تزئین کیون نہ ہو وی دست وخسار مجھ
وقت روے آئنہ جاگیر پشت آئنہ

کرتے ہین ہم پیش پشت وعارض پرنور یار
عیب روے آئنہ تنویر پشت آئنہ

کیون نہ چمکے روی صاف وزانوی شفاف سے
بخت روے آئنہ تقدیر پشت آئنہ

ہو فزون نساخ دست وعکس روی یار سے
فر روے آئنہ تنویر پشت آئنہ

دیکھیے اوس گل کو اگر تصویر پشت آئنہ
پھول جاے گلشن تقدیر پشت آئنہ

عاشق زانو ہوی تصویر پشت آئنہ
سنتے ہین ہم نالہ بلگیر پشت آئنہ

ژرہ بلگی زانو سے جو تو قیر پشت آئنہ
گرگی ہے اندازہ تقدیر پشت آئنہ

اوس کف نگین سے ہے تو قیر پشت آئنہ
رشک گلشن بلگی تصویر پشت آئنہ

دست مہر وسے بڑہی تنویر پشت آئنہ
ہے چمک پر اختر تقدیر پشت آئنہ

ہاتہ رکھکر اوس پری نے سیر جنت کی رکہا ہے
نور روے حور ہے تنویر پشت آئنہ

توڑ عکس نا وک مژگان دلبر گرد کہائے
طوطی تصویر ہو نخچیر پشت آئنہ

اہی دل بیتاب گر ہے خواہش دیدار یار
صورت سیماب کر تسخیر پشت آئنہ

آتش رنگ حنای دست جانان کا ہی فیض
کشتۂ سیماب ہے اکسیر پشت آئنہ

کم نہین اکسیر کی بوٹی سے عکس خط سبز
ہو گیا سیماب بھی اکسیر پشت آئنہ

اوس پری کے خانہ پر دیوانے کیسے ہو گئے
سنگ سے لازم ہوا باندھا پشت آئنہ

پیچھے اوس صبح آئنہ رو کے مدام
اشک کے ہین تار جوہی شیر پشت آئنہ

آئنہ دست صبیح غیرت شیرین مین ہے
دیکھ لے فرہاد جوے شیر پشت آئنہ

آئنہ رو نار سے کندہ ہے یہ جوہر گہی ہے تیغ
عکس جوہر ہنگیا زنجیر پشت آئنہ

دل رہا بند دہن مین پری موشگافی کا ہوا
اوس صفائی سے بندہی زنجیر پشت آئنہ

ہو گیا ہے جو کمی کمر اوس آئینہ رو کی پاؤن تک
ٹوٹکی ہے حرف یہ زنجیر پشت آئنہ

پیر گیا ہو دہ برس کا دیکھ آئینہ رو
بچھے ہی زنار کر زنجیر پشت آئنہ

بند پر آئینہ رو کے وصل مین رکھون جو ہاتھ
ہون اکیر ین ہاتھ کی زنجیر پشت آئنہ

ہے بتلی آپ کی مانند روے آئنہ
ہے علی بندا سے پری زنجیر پشت آئنہ

قید مین رکھتا ہے ہر دیوانہ رخسار کو
ہے وہ جوڑا خانہ زنجیر پشت آئنہ

سادہ رو نے بند محرم مجھ سے بندہوا کر کہا
دیکھ اے نساخ تو زنجیر پشت آئنہ

متفرق

کیون نہ ہو مہر نبوت سے یدبیضا مجمل
کب ہو پشت مہ سے تنویر روے آئنہ

ہجر مین خوب وقت پر پہونچے
اے اجل مرحبا جزاک اللہ

ردیف یاے تحتانی

وہ کمر جو نظرون سے پنہان ہے دہن عدوم ہے
لیک عنقا کی طرح اک غمزت موہوم ہے

لذت جانکاہ ہجران ت جو محروم ہے
وہ جو لطف وصل سے آگاہ ہو معلوم ہے

تیری جانی ہے غم و رنج و الم کی دھوم ہے — سینہ سوزان ہے جگر پر درد دل مغموم ہے
گم ہوا ایسا کہ شکل نکسنے کو ہو ہو م ہے — خط مین جسم زار کا مضمون جو مرقوم ہے
ہے سبو بر دوش غنچہ اور گل ساغر بکف — آمد فصل بہاری کی چمن مین دھوم ہے
سرو اور شمشاد دیکھن تعظیم کے خاطر کھڑے — آمد فصل بہاری کی چمن مین دھوم ہے
پانبر خیشن ہے سنبل گل گریبان چاک ہے — آمد فصل بہاری کی چمن مین دھوم ہے
سرو اکڑتے ہین کھڑے گل خندہ زن بلبل ہین مست — آمد فصل بہاری کی چمن مین دھوم ہے
نرگسین سنبل نے سنوارین مشکین سون کی تلی — آمد فصل بہاری کی چمن مین دھوم ہے
فصل گل مین زیر زلف یار کا پھیلا اثر — باغ مین ہر نونہال سبز تک مسموم ہے
نے معد اسکے ہین نے دیدار ہونا ہی نصیب — گوش ہین مہجور چشم منتظر محروم ہے
تیری باتین دُر فشان ایسی ہین جنکے وصف مین — شعر جو اپنا ہے سلک گوہر منظوم ہے
بوسہ لعل لب شیرین نصیب غیر ہون — میرے حصے مین نہین کیا بخیہ مقسوم ہے
روز لڑنا روز فتنہ روز فتنہ کیا ہے یہ — کیون پسند طبع صاحب جملت مذموم ہے
تیرے در پر ہین جو بہر دیدبر سون سے کھڑے — کہتے ہین اعدا عمل ہمکو ہوا لقیوم ہے
منہ چھپا کر اے جوان کر تو نہ خون طفل اشک — بیگنہ نادان ہے لڑکا ہے یہ معصوم ہے
کہیے تو کسکے جگانے بخت شب کو تو کہان — آپ بتلائین نہ بتلائین مجھے معلوم ہے
جن جو شناف ہین اور پڑ رہے ہین ہر دم درد — نقش پاے یار کیا ہر دل مرحوم ہے

شہ نہ کامی دفع کیا فتاح کے مقفل مین ہو
آب خضر سے نہ ہو تر خشک وہ حلقوم ہے

میرے تیرے عشق کی سب مردو زنین دھوم ہے — لیلی و شیرین و سسی و کوہکن مین دھوم ہے
نکتہ سنجی کی مری ارباب فن مین دھوم ہے — میرے طرز خاص کی اہل سخن مین دھوم ہے
نغمہ پردازی کی تیرے نوازن جو سنی — ہمصفیر و بلبلان نغمہ زن مین دھوم ہے
قمریان باغ سے نہین کم تیرے پاؤنکی صدا — حشر سا برپا ہے مردون مین کفنین دھوم ہے
تیرے آنے ہی سے ہین سب نہال اے سرو قد — جوش پر ہین نونہالان چمن مین دھوم ہے

تیری باتین چٹکیان لیتی ہین وہ دلمین کہ بس
ای ستمگر مطربان زخمہ زن مین دہوم ہے

کبریائی اپنے بندون کو دکہاتا ہی وہ بت
ہے خدا کی شان دیر برہمن مین دہوم ہے

میکشی مین خم کے خم خالی جو مین نے کر دیے
میگسار و ساقیان سحر فن مین دہوم ہے

نالۂ خار اشکن سے بہولی ہے سنگین دلے
الامان کے سب بتان اشکن مین دہوم ہے

بہول جائے جور دشمن صدمۂ غربت نہ کیون
زیخ وغم کی یاد احباب وطن مین دہوم ہے

دامن صحرا کو بہاڑ اکوہ کے ٹکرے کیے
جوشش سودا کی وہ دیوانہ پن مین دہوم ہے

سنکے حال مرگ مجھ غربا کا کیون خوش ہین عدو
کیون مری مرنے کی وزدان کفن مین دہوم ہے

ڈہونڈہتا ہون کو جہ اغیار مین اوس یار کو
میری رسوائی کی ساری مرد و زن مین دہوم ہے

تیرے چشم و زلف و رخسار و قد و اندام کے
نرگس و سنبل گل و سرو و سمن مین دہوم ہے

دربین وہ چپ ہوئے کویا ہین تہر کے نیے
تیری باتونکی بتان بے دہن مین دہوم ہے

جلوہ گر شب کو ہوا وہ مایۂ عیش و نشاط
کس قدر نشاخ کی بیت الحزن مین دہوم ہے

آمد فصل بہاری کی چمن مین دہوم ہے
بلبلون کی بیقراری کی چمن مین دہوم ہے

کان گل کے کر ہوئے موقوف ہی بلبل کا شور
وہ ہماری آہ و زاری کی چمن مین دہوم ہے

حال بلبل یار گلرو کی طرح سنتا نہین
گل کی بہی غفلت شعاری کی چمن مین دہوم ہے

پیش گلرو رنگ اوڑا ہے ہوش بلبل کیطرح
اب گلون کی تنہ ساری کی چمن مین دہوم ہے

فصل گل مین بلبلون کے دل ہوئے جل جلکے خاک
کیا گلون کی شعلہ باری کی چمن مین دہوم ہے

بہر گلگشت چمن آیا ہے جو وہ سرو قد
قمریونکی جان نثاری کی چمن مین دہوم ہے

ہے یقین گر جائے پیش قامت بالاے یار
سرو کی جو پایداری کی چمن مین دہوم ہے

آمد آمد باغ مین ہے آج کس خوش چشم کی
نرگسون کی انتظاری کی چمن مین دہوم ہے

گل سے بلبل کو محبت سرو سے قمری کو عشق
فصل گل مین رسم یاری کی چمن مین دہوم ہے

وہ کہلے بندون جو ای نشاخ آئے باغ مین
آج گل کی دلفگاری کی چمن مین دہوم ہے

جب سے اے نشاخ جسم یار پیراہن میں ہے
ہے مرا تار نفس جو تار پیراہن میں ہے

عالم تجرید میں کیا نکلے اسکی بیچ سے
تار گیسوے بتان ہر تار پیراہن میں ہے

یاد قرگان میں کسی کی کروٹ نہ چین آیا مجھے
خار بستر سے فزون ہر تار پیراہن میں ہے

فیض سے تیرے تن پر نور کی اے مہ وشں
غیرت خط شعاعی تار پیراہن میں ہے

دلکو رہتا ہے جو ہر دم تیری زلفون کا خیال
بنگیا مار سیہ جو تار پیراہن میں ہے

کھب گیا ہے وہ برہمن زادہ رگ رگ میں مرے
رشتہ زنار ہے جو تار پیراہن میں ہے

اسقدر پیلا نہ تھا تیرے ستمگر رنگ کا
تار زر سے کم نہین جو تار پیراہن میں ہے

زخم تن میں کیون نہ ہو ہر لحظہ و ہر دم نمایش
رشتہ سوزن ہے جو تار پیراہن میں ہے

عشق ابر کا اثر فصل گل کا تماشا نہیں ہے
نیش عقرب ہے سوا ہر تار پیراہن میں ہے

لب پہ جسم ناتوان و زار پیراہن میں ہے
خط موہوم میان یار پیراہن میں ہے

دل اگر جسم گداز یار پیراہن میں ہے
مثل مروہ یان تن بیمار پیراہن میں ہے

داغہاے جسم سے گلزار پیراہن میں ہے
قلب نالان عندلیب زار پیراہن میں ہے

ہجر میں ہر دم لب جان بخش دلبر کا ہے دھیان
سانہ عیسے کے دل بیمار پیراہن میں ہے

قامت بالا سے تیرے ہو گئی عشاق قتل
راست ہو یہ تیغ جوہر دار پیراہن میں ہے

دل بنا ہے آبلہ گرمی سوز ہجر سے
مثل دریا گوہر شہوار پیراہن میں ہے

شمع سوزان بسطح فانوس ہین ہو جلوہ گر
سوز غم ہین یون تن بیمار پیراہن میں ہے

کون ہے تن کا مری رشتہ نہین جو ہجر مین
رونگٹا تک خنجر خونخوار پیراہن میں ہے

سو گریبان ایک کے بدلے جو ہوتا خوب تھا
چاک کرنے کے لیے در کار پیراہن میں ہے

ہو نہ ننگے جامے سے باہر اپنے کپڑے پھاڑ کر
رہنما فصل گل ہین لب دشوار پیراہن میں ہے

ہر بن سو سے نکلتے ہین جو شعلے آگ کے
تن مرا شغفار سوسیقا پیراہن میں ہے

ہے زلیس مد نظر اوس رشک گل کا انتظار
زخم دل یان نرگس بیمار پیراہن میں ہے

ہر گلگشت چمن آیا جو وہ غنچہ دہن
کس قدر خندان گل گلزار پیراہن میں ہے

بھر گیا میری رگ و پے مین جو اک گلرو کا غم
موے تن ہر اک زبان خار پیراہن مین ہے

زار ہو مجھکو برنگ خار دیکھا مثل گل
اب کوئی پہولا سماتا یا پیراہن مین ہے

ہے گلی مین ہر چشم بدجو ای طفل صبیح
شیر کا ناخن نہین تلوار پیراہن مین ہے

سخ اے قاتل برنگ گل جو آتا ہے نفس
رنگ خون زخم داماندار پیراہن مین ہے

ہون سراپا چشم ہر شب انتظار یار مین
ہر بن مو دیدہ بیدار پیراہن مین ہے

دیکھکر نساخ میرا جسم زار و ناتوان
پہبتی کہتا ہے وہ گلرو خار پیراہن مین ہے

یون محبت وہ جتاتے ہین مجھے
چشم دشمن سے چھپاتے ہین مجھے

کرتے ہین راز درون کو رسوا
منہ جو چلمن سے دکھاتے ہین مجھے

جب کھڑا ہوتا ہون مین بہر نماز
دیکھو شوخی کہ ہنساتے ہین مجھے

غنچے سے دی ہے جو شبیہ دہن
چٹکیون مین وہ اڑاتے ہین مجھے

باتون مین ٹالتے ہین وعدہ وصل
کیا ہوا آج بتاتے ہین مجھے

ہوتے ہین پردہ در پردہ راز
بات پردے ہی سناتے ہین مجھے

یہ ہو نقش محبت کا اثر
مثل تعویذ ملاتے ہین مجھے

اونکا دامن سے اوجھتا ہون جو مین
صورت خار چھڑاتے ہین مجھے

کہتے ہین عاشق صادق مجھکو
اپنے نزدیک بناتے ہین مجھے

غیر دن مین بیٹھتے ہین بے پردہ
صورت پردہ اوٹھاتے ہین مجھے

آج نساخ بقول مومن
طور بیدہب نظر آتے ہین مجھے

غزل مرقومۂ ذیل صنعت ترک اضافت مین ہے

پیچ کی باتین سناتے ہین مجھے
پھر نئے سر سے پھنساتے ہین مجھے

اپنی زلفین وہ دکھاتے ہین مجھے
بزم مین سر پہ چڑہاتے ہین مجھے

وہ کوئی پاس بٹھاتے ہین مجھے
پاس بیٹھون تو اوٹھاتے ہین مجھے

مین جو روتا ہون تو وہ کہتے ہین
کس لیے آپ ہنساتے ہین مجھے

داغ کا ذکر کیا تو بولے
ہین بہت گرم جلاتے ہین مجھے

ہے غرض دل سے اوٹھانا مین ہاتھ
جب کبھی پاس بٹھاتے ہین مجھے

جنکے خاطر مجھے کچھ یاد نہین
ہائے وہ دل سے بھلاتے ہین مجھے

مین جو روتا ہون نظر سے اپنے
اشک کیطرح گراتے ہین مجھے

کیا لگاوٹ ہے کہ اللہ اللہ
روٹھتا ہون تو مناتے ہین مجھے

آپ پر بھی مجھے تا رشک آئے
میرے اشعار سناتے ہین مجھے

بزم مین ہوتے ہین وہ غیر پہ گرم
شمع کی طرح جلاتے ہین مجھے

کیسے روتے ہین بناوٹ سی کہ بس
آپ مین جب نہین پاتے ہین مجھے

ہذیان وہ دیوانہ کہ لڑکے تو گیا
ڈھیلے بوڑھے بھی لگاتے ہین مجھے

جب مین کہتا ہون کہ تیر قربان
اپنی اڑیری وہ دکھاتے ہین مجھے

بزم مین آکے جہان بیٹھا غیر
اک بہانے سے اوٹھاتے ہین مجھے

قطعہ

کیا گلہ اوسکا کرون اے نساخ
یہ نصیب اپنے ستاتے ہین مجھے

مستعد ہوتے ہین جب قتل کو وہ
کسکے اغیار بچاتے ہین مجھے

کشمکش مین جو پھنسا زلفونکی
دل صد چاک اوبجھتا ہے ترے شانے سے

اے پری جوش جنون مین نہین لڑکونکا شمار
تنگ ہین پیر و جوان بھی ترے دیوانے سے

بے سبب آگ ہوا مجھ پہ جو اے شعلہ عذار
گر میان شمع نے کین بزم مین پروانے سے

بل کرے لاکھ ترے زلف سیہ دہیل کی شب
پیچ کھل جائینگے سب داؤ پہ پیچانے سے

وصل مین آپ جو اسطرح سے شرمائینگے
ہجر مین موت بھی شرمائیگی یان آنے سے

مرغ زرین کو بھی وہ دام مین اپنے لائین
یہ غرض دہوپ مین ہے بالونکو سکھلانے سے

اے تو ہے جو بھی سنگدلی تو دیکھو
اوٹھکے مسجد کو چلا جاؤنگا بتخانے سے

وصل کی رات کو جو گھر سے پہرائے جا کر
بخت برگشتہ پھرے آپ کے پھر آنے سے

چٹکیاں غنچے نے لیں ہنسنے لگے باغ میں گل
رنگ دیوانہ یہ لایا ہے بہار آنے سے

وصل کی رات ہے پہلو میں ہے وہ شعلہ عذار
گرم ہووے بغل شمع بھی پروانے سے

وصل کی شب نہ کہیں خون تمنا ہو جاے
خوف آتا ہے مجھے آپ کے شرمانے سے

چھیڑتا ہے جو تو ایجان مدعا میں کیا خاک
جلتی ہیں آگ کی پر بان تری دیوانے سے

ایک ہی تو وہ عوفان ہیں یہ اطفال سرشک
نہیں لڑکے جو بہل جائینگے بہلانے سے

ہاے بیتابی دل کا ہو برا اے فرخ
وہ بھی بے چین ہوے ہیں مری گھبرانے سے

جلوہ فرما وہ بت بے پیر پیراہن میں ہے
کہتے ہیں سب نور کی تصویر پیراہن میں ہے

روز چشم ہر بن مو میں کھٹکتا ہے مرے
موے تن ہر ایک نوک تیر پیراہن میں ہے

تار پیراہن ہر اک خط شعاع بن گیا
جسم روشن مہر پر نور پیراہن میں ہے

ہو گیا زندان میں زار و خمیدہ اس قدر
جسم میرا حلقہ زنجیر پیراہن میں ہے

ہے وہ طفل آئنہ رو بزم میں جلوہ نما
ہے جوان حیران تو شد پیر پیراہن میں ہے

یہ نہیں ہے در پیراہن میں اے گل پیرہن
جسم زار عاشق دلگیر پیراہن میں ہے

او ٹھگیا ہے میرے پہلو سے جو وہ ہر دل عزیز
استخوان پہلو کا ہر اک تیر پیراہن میں ہے

یاد گیسو میں دل مضطر مرا نالاں نہیں
ایک شور خانہ زنجیر پیراہن میں ہے

شعلہ رویوں نے جلا مارا ہے مجھ بیتاب کو
جسم خاکی تودۂ اکسیر پیراہن میں ہے

پیرہن میں جلوہ گر ہیں حضرت شیخ زمان
یا مجسم یہ کوئی تزویر پیراہن میں ہے

ہجر میں تار نفس بھی تیر کا کرتا ہے کام
طائر دل تک مرا نخچیر پیراہن میں ہے

دفع ہووے کوری یعقوب روشن چشم ہو
دیکھنا فرخ کیا تاثیر پیراہن میں ہے

زرد و زار ایسا ترا دلگیر پیراہن میں ہے
سیمتن اک سونے کی تصویر پیراہن میں ہے

دیکھتے ہیں جب عدو مجھکو تو چبھ جاتا ہے دل
جسم زار ابرو کما تو تیر پیراہن میں ہے

خاک آلودہ لباس اپنا جو دیکھا کی وفا
گرد ہے یا سرمۂ تسخیر پیراہن مین ہے

جو نصیبون کا لکھا تھا عشق مین سب کھل گیا
داغ سینہ اختر تقدیر پیراہن مین ہے

ہے دل صد چاک مین ہر دم خیال چشم یار
دل نہین ہے دام آہو گیر پیراہن مین ہے

ضعف سے بے حس وہ ہون نکلی نہ منہ سے ایک بات
مین نہین گویا مری تصویر پیراہن مین ہے

ناتوان وہ ہون مجھے حاجت نہین زنجیر کی
تار پیراہن ہر اک زنجیر پیراہن مین ہے

پیرہن ترکش تن خاکی ہے تو وہ تیر کا
موے تن ہر اک مثال تیر پیراہن مین ہے

خاکسارون کا لباس گرد آلودہ نہ دیکھ
جو لگی ہے خاک وہ اکسیر پیراہن مین ہے

خون چھپائے کسی عاشق کا قاتل نے کیا
کیون چھپائے ورنہ وہ تشہیر پیراہن مین ہے

گل کہلائی یہ ہوا سے گلرخان ہند نے
داغ سینہ گلشن کشمیر پیراہن مین ہے

قطعہ

بزم سے کس کے تم اوٹھ آئے ہو گبھرائی ہوے
داغ مے کا کیون یہ دامنگیر پیراہن مین ہے

نشہ کی بدمستیون نے ہاتھ پائی کس سے کی
چاک کیسا اوسنے بے پیر پیراہن مین ہے

روز اے نساخ اونکو بھی نہین آتی ہے نیند
دل یہ گرم نالہ شبگیر پیراہن مین ہے

چاک جگر تری مژہ خونریز سے
آنکھین حیران جلوہ گری سے

ہاتھ نہ آئے دامن اوسکا
نفع جنون مین جامہ دری سے

جلوۂ طور بھی سوختہ جسکا
کیا نسبت اوسے حور و پری سے

قامت مین انداز قیامت
حشر بپا تری فتنہ گری سے

آہ نے سیدھا کیا عدو کو
نکل گیا بل کج نفری سے

عدو کے دل کو چاک کرین گے
ہاتھ لگے کیا جامہ دری سے

ہجر مین کیسا مجھکو جلایا
سرد ہے دل باد سحری سے

دیوانہ ہون دون جو شبیہ
آگ وہ ہونگے نام پری سے

ناب نظر ہو نرم مین کس کو
شمع جلے تری جلوہ گری سے

گاہے جلایا گاہے مارا — خوش نگہی سے بدنظری سے
ہر خدا ہی منہ کو تا صبح — چاک ہے دل تری بخیہ گری سے
سامنے ہو جو وہ ماہ خرامان — جلا نہ جائے کبک دری سے
اک ہی نگاہ پہ دل کو یچون — ڈرتا ہون تری سفت بری سے
گرم رو ایسا صحرا بین ہو ن — جلین بگولے ہم سفری سے
شانے سے سلجھائین وہ زلفین — اولجھا ہین آشفتہ سری سے
نالہ سوزان گرمی اثر ہے — خشک ہوا آنسو نام تری سے
منہ جلین سے دکھایا عدو کو — چاک ہے دل تری پردہ دری سے
خاک جبر لے میری وہ غافل — بیخبری ہے بیخبری سے

شعرار دو لسان اپنے
کم ہین عربی سے نہ دری سے

رشک ہے جو اوس سے مغرور مین گرمی — اتنی نہ پری مین نہ کسی حور مین گرمی
اسدالہ جسے میرے تن محرور مین گرمی — پہونچے نہ ہو ایسی کسی طور مین گرمی
ڈالون جو کبھی آنکھ تو آنسو نکل آئے — ہے مہر سے تر ہر کرخ بر نور مین گرمی
پہایا جو رکھا داغ پہ شعلہ بھڑک اوٹھا — پیدا ہوئی لو مرہم کافور مین گرمی
مشعل تپ غم جو دل عاشق کو بنائے — ہوتی نہین ایسی کسی تنور مین گرمی
انسان تو ہین کیا خاک جلین آگ کی پریان — ہے ایسی ہی داغ دل محرور مین گرمی
جلتا ہو اخور شید سحر کو نکل آیا — آہون کی یہ پہیلی تب و یچور مین گرمی
کسطرح سے پہر کوہ جلا کاہ کی صورت — گزرا کے مانند نہین نور مین گرمی
ہو جائیگا ٹھنڈا مراجی خلد مین زاہد — انسان کی صورت جو نہ ہو حور مین گرمی
ہے نیچہ خور سے بھی فزون نیچہ مژگان — بجلی ہے سوا نرگس مخمور مین گرمی
پی جبکہ شراب اوسنے عرق آگیا رخ پر — بانخا صہ ہے بادہ انگور مین گرمی
جو قطرہ خون زخم سے ٹپکا وہ شرر تھا — اللہ ہے کیا ہی دم ساطور مین گرمی

جلنے لگے جو ہاتھ مری نبض پہ رکھے
ہے سوزش غم سے تن رنجور مین گرمی

آزاد ونکو پروا ہی نہین آردی ودی کی
سرما ہو موتھرنہ تن عور مین گرمی

آتا ہی نہین خاک بہی عاشق کا جلانا
پر بونکی طرح ہووے گی کب حور مین گرمی

پیری مین بہی ہے آتش عشق اپنی جگر مین
گہٹتے ہین کہ ہوتی نہین کافور مین گرمی

کیا آگ کی پریان ہین جلے مہر قیامت
اس درجہ ہے اوس چہرۂ پر نور مین گرمی

ہے بادۂ احمر سے فزون شۂ دولت
کیون ہو نہ دماغ جسم و فغفور مین گرمی

جل جاتی ہے بتی بہی فتیلہ کی طرح سے
جراح وہ ہے سینے کی ناسور مین گرمی

چہرہ ترا تپکے سے ہوا لال بہبو کا
کس درجہ ہے پنبانی کے سیندور مین گرمی

نساخ کے دل کو بہی جلائے شرر اوسکا
جس شعلے سے پہونچی ہے دل طور مین گرمی

مے صید فگن ہے وہ تری تیر مین گرمی
ہر جا بہگی زخم تن نخچیر مین گرمی

جس درجہ ہے داغ دل دلگیر مین گرمی
ایسی تو نہین مہر کی تنویر مین گرمی

پہیلا ہے مرے سوز درون کا اثر ایسا
پیدا ہوئی مانی مری تصویر مین گرمی

لال آنکھین ہوئین حلقۂ زنجیر کی کیسی
ہے داغون سے جو خانۂ زنجیر مین گرمی

تنور کا منہ بن گیا ہر ہر دہن زخم
ہے برق سے زائد دم شمشیر مین گرمی

کیا کیا نہ ہمین شعلہ عذارون نے جلایا
کیون ہو نہ ہمارے دل دلگیر مین گرمی

پروانون کے پر جلتے ہین باتین تری سنکر
اے شمع ہے ایسی تری تقریر مین گرمی

ہے منہ مین زبان آتش سوزان کا زبانہ
ہے سوز جگر سے مری تقریر مین گرمی

پروانہ صفت کیون نہ جلین بزم مین احباب
ہے شمع سے زائد تری تقریر مین گرمی

سودا سے فزون تر ہے جنونزا مری تحریر
آتش سے سوا ہے مری تقریر مین گرمی

دشمن کا بہی جی جلنے لگا باتون سے میرے
ہے فیض تپ غم سے وہ تقریر مین گرمی

کیون تیرے لبون کو نکہون آتش گویا
کس درجہ ہے کافر تری تقریر مین گرمی

کیون سرد نہ ہو جل کے دل طفل و جوان تک
ہے کیسے غضب کی بت بے پیر مین گرمی

تاثیر جو پہیلی مری آتش قدمی کے
بیگانہ کی صورت ہوئی کشمیر مین گرمی

مین خاک ہوا تو بھی وہی ہے تپش غم
سچ کہتے ہین سب ہوتی ہے اکسیر مین گرمی

بوسہ جو لیا شمع کا روشن ہوئی زائد
دیکھو تو ہے کیسی لب گلگیر مین گرمی

ہر حلقہ بنا شعلۂ تمثالہ کے مانند
ہے گرم روی سے مری زنجیر مین گرمی

کیسے کرون یار جو اے جان بچا ہے
ہے وہ تپ غم سے دل دلگیر مین گرمی

دیوانہ ترا جلگیا جہاتے سے لگا کر
ہے تجھسے فزون تر تری تصویر مین گرمی

تا حشر کبھی سرد نہ ہو لاشۂ نشاخ
اسدرجہ ہے قاتل تری شمشیر مین گرمی

جذب دل کہتا ہے اونکو کھینچ لاؤن تو سہی
اک تماشا ہجر مین سب کو دکھاؤن تو سہی

آہ سوزان سے دل دشمن جلاؤن تو سہی
آگ اونکی گرمیون کو مین لگاؤن تو سہی

داغ اک آتش کے پرکالے کا کہلاؤن تو سہی
اونکو بھی اپنی طرحسے مین جلاؤن تو سہی

گم وہ ہوجاؤن دہن کی فکر مین اے مو کمر
ڈھونڈھکر مجھ آپ اپنی کو نپاؤن تو سہی

ہجر مین گرم فغان وہ ہون کہ مثل نفخ صور
خاک کی ہر تو نکو نالون سے جگاؤن تو سہی

مین نہین نقش قدم نقش جبین غیر ہون
یار کیون کہتا ہے تو سجدہ کو مٹاؤن تو سہی

وہ نہین آنے کا میرے گریہ کہتے ہین بلند
طاقت اے جذب دل کی مین کہاؤن تو سہی

قطعہ

کافرون کی ضد سے ہوجاؤن مسلمان مین ابھی
جانب دیر مغان ہرگز نہ جاؤن تو سہی

پھر غم عشق بتان مین شعلہ زن ہو وہ اگر
خاک مین مین آتش دل کو دباؤن تو سہی

پھر نبون کو دل نہ دون مین یار سب عیار ہان
اونکو بھی اونکی طرحسے آزماؤن تو سہی

اونکی صورت ہو نہ مجھکو التفات اونکی طرف
جسقدر مجھکو ستایا ہے ستاؤن تو سہی

سانہ اونکی زلف کی صورت کرون کیا کیا نہ پیچ
آخر اونکو دام مین اپنے پھنساؤن تو سہی

لاکہ وہ جا مین نکالین پر نہ نکلون مین کبھی
مثل مردم اونکی آنکھون مین سماؤن تو سہی

ہوگئے ہین خود بخود موزون جو حال واہی

یہ غزل نساخ اونکو بھی سناؤن تو سہی

دل اک گل پہ شہید ا ہوا چاہتا ہے — گل ورد لالہ ہوا چاہتا ہے
لگے جانے زاہد بھی اوس بت کے گھر مین — مگر دیر کعبہ ہوا چاہتا ہے
زہے جوشش اشک تار گریبان — رگ موج دریا ہوا چاہتا ہے
ہوا ایکنا جو نظرون سے غائب — کبوتر بھی عنقا ہوا چاہتا ہے
ہے تا زنگہ تیرے جلوہ سے روشن — خط دست بیضا ہوا چاہتا ہے
یہ مجمع ہے کیا مقتل عاشقان ہے — یہان کیا تماشا ہوا چاہتا ہے
سنا یار نے نالۂ سرد میرا — عدد جلکے ٹھنڈا ہوا چاہتا ہے
شب و روز ہی فکر گیسو رخ مین — مگر یار مجھسا ہوا چاہتا ہے
ہے سرگرم وصف خم زلف پیچان — قلم کج سیدھا ہوا چاہتا ہے
پتا میرے قاتل کا ملتا نہین شبہے — مرا خون اخفا ہوا چاہتا ہے
چھپایا ہے منہ کو جو پردہ نشین نے — مرا راز رسوا ہوا چاہتا ہے
تری چال سے دل جو بسکر ہوا خون — حنا سے کف پا ہوا چاہتا ہے
تصور مین چشم غزالین کے تیرے — دل تنگ صحرا ہوا چاہتا ہے
جو لڑتا ہے عاشق سے اے جنگجو تو — یہ قصہ فسانا ہوا چاہتا ہے
کیا خال کا عشق دل نے جو پیدا — یہ دیوانہ دانا ہوا چاہتا ہے
ہمیشہ جو موجون پہ ہین اشک دیدہ — یہ چشمہ بھی دریا ہوا چاہتا ہے
ہرا جاتا ہے شورش شوق سے دل — سراپا تمنا ہوا چاہتا ہے
بندھا ہے مجھے دہیان پھر گیسو کا — نئے سر سے سودا ہوا چاہتا ہے
جلاتی ہے مردونکو وہ چشم کافر — فرنگی مسیحا ہوا چاہتا ہے

پھر کہتی ہین نساخ پھر اپنی آنکھین
کسی سے اشارا ہوا چاہتا ہے

تم قسمن بدبین سے جو پردا نہین کرتے — اچھا نہین کرتے ہو یہ اچھا نہین کرتے

ساقی ہمیں کافی ہے بغل میں دلِ پرخون ۔۔۔ ہم آرزوئے بادہ و مینا نہیں کرتے
ہے کسکا مکان دیکھیے تو دل کو جو توڑا ۔۔۔ ہے بات بجا شکوہ بیجا نہیں کرتے
کرتے ہیں اگر قتل نہیں چرچے دل کو ۔۔۔ وہ حسرتِ عاشق کو تماشا نہیں کرتے
یہ خشک جو ہمکو ہے کہ وہ سوگ رکھیں گے ۔۔۔ اغیار کا مرنا بھی گوارا نہیں کرتے
کرتے نہیں ہم گل کی روش چاک گریبان ۔۔۔ بلبل کیطرح عشق کو رسوا نہیں کرتے
اوٹھتے نہیں وہ پاس سے دلسوز ہیں ایسے ۔۔۔ جب تک کہ جلا کر مجھے ٹھنڈا نہیں کرتے
کیا جانیے کیا اونکو گمان ہے کہ ہمیشہ ۔۔۔ وہ بیخبر آجاتے ہیں وعدا نہیں کرتے
ظاہر نہ کہیں عشق نہاں ہو وہ یہ ڈر ہے ۔۔۔ ہم اونکی طرف بزم میں دیکھا نہیں کرتے
وہ گرمیِ عہد و پہ ہوئے ہم ہوگئے ٹھنڈے ۔۔۔ تدبیر جلانے کی بھی کیا کیا نہیں کرتے
ڈرتے ہیں قیامت میں بھی ہو وہ نہ تقاضا ۔۔۔ وہ ہم سے کبھی وعدہ وفا نہیں کرتے
اغیار کھڑے رہتے ہیں کیوں دو دو پہر تک ۔۔۔ چلمن سے اگر آپ اشارا نہیں کرتے
کب گھر میں ترے شور مچاتے نہیں اغیار ۔۔۔ کب حشر مرے سر پہ وہ برپا نہیں کرتے
غیروں سے چھپاتے ہیں تصور کو بھی اپنے ۔۔۔ ہم راز شب وعدہ کو افشا نہیں کرتے
جل جاتے ہیں پروانہ کے مانند و لیکن ۔۔۔ ہم شمع صفت بزم میں رویا نہیں کرتے
مرنے پہ بھی راضی نہیں ایسے ہیں ستمگر ۔۔۔ وہ ہم سے کبھی ذکر عدو کا نہیں کرتے

نسّاخ ہے منظور کسے ہوں وہ پشیمان
اسواسطے ہم خون کا دعوا نہیں کرتے

مرنے کے سوا کوئی تمنا نہیں کرتے ۔۔۔ جینے کے لیے منت عیسا نہیں کرتے
شرمانے لگے کیوں دل صد چاک ہی میرے ۔۔۔ چلمن سے کبھی آپ تو پیدا نہیں کرتے
بیجا ہے گمان کفر کا ہوتے ہیں قد و موس ۔۔۔ اے زاہد واوس بت کو تو سجدا نہیں کرتے
مرغوب ستم ہمکو جو ہیں غیر پہ ہوں گے ۔۔۔ اس رشک سے مرنا بھی گوارا نہیں کرتے
دم لیتے نہیں نالہ سرد آہ شب ہجر ۔۔۔ جب تک کہ جلا کر مجھے ٹھنڈا نہیں کرتے
ہو خواب میں بھی وصل تو کرتے نہیں ظاہر ۔۔۔ غیروں کیطرح یار کو رسوا نہیں کرتے

میرے جو تقاضے سے وہ گھبرائے ہو ویں ہین — اغیار سے بھی وصل کا وعدا نہین کرتے
اوس بزم سے کسطرح سے نکلین گے خدایا — اغیار کبھی ذکر ہمارا نہین کرتے
وہ ظلم بتان ہمنے سہے ہین کہ ارم مین — حوروں سے بھی ملنے کی تمنا نہین کرتے
کیا مین ہی گنہگار ہون آنکھین نہ نکالو — اغیار تمھین بزم مین دیکھا نہین کرتے
ملتے ہو جو تم مجھسے وہ کر دیتے ہین مشہور — اغیار ذرا پاس تمھارا نہین کرتے
ہین آپ عبث ہم سے خفا دیکھیے ہم تو — ہرگز گلہ ارشتن بجا نہین کرتے
ہر صبح کو ہے فکر جو اک تازہ ستم کی — جی بھر کے کسی شب کو وہ سودا نہین کرتے
گر کیجیے کہ کہہ دیجیے کیون وصل مین چپ ہین — کہتے ہین کہ ہم آپ کا کہنا نہین کرتے
پاتے ہین نہ کہین جلوہ فراغیر کے دل مین — اس در سے کبھی یار کو ڈھونڈا نہین کرتے
بے پردگی مین کرتے ہین پردہ وہی سو ظلم — ظاہر کا یہ پردا ہے کہ پردا نہین کرتے

بے مہر ہین بے درد ہین بے رحم ہین فتاح
اصنام ذرا خوف خدا کا نہین کرتے

لشکر لب سے نہین ہجر مین نالا کوئی — خوف رہتا ہے کہ ہو راز نہ افشا کوئی
ہے شمار اہی غمزون کا کہ اب میرے سوا — چاہنے والا ہوا اور بھی پیدا کوئی
ایسی دیکھی ہے نگاہ غلط انداز بہت — نہین سکتا ہے مرے دل کو بھلا کیا کوئی
کفر و اسلام کا جھگڑا ترے قد مونسے چکا — ہو قد بوس کوئی تو کرے سجدا کوئی
پہلے ٹھیلے سے نہین شوق تری عاشق کو — ہان جو بہاتا ہی ہے تو دامن صحرا کوئی
ظلم دشمن بھی اوٹھاتا ہون تری خاطر سے — ایسا ملنے کا نہین چاہنے والا کوئی
جسکو دیکھو ہی وہی اپنی غرض کا خواہان — نظر آتا نہین اس دہر مین اپنا کوئی
پھر کے دیکھین نہ وہ اولٹا ہی زمانہ ایسا — ہم سے بدبخت کا پلٹے گا نصیبا کوئی
بندگی کرتے ہین خدا جانے وہ کیون کہرکی کو — اوسطرف سے جو گذرتا ہے جنازا کوئی
چھوڑ کے کعبہ کلیسا کو چلا کیون اے دل — وہان مین تیرے بچڑا ہے بت ترسا کوئی
اے صنم نزع مین ہے بندۂ ناکام ترا — یہ خبر اوس سے کہے جا کے خدا را کوئی

دل دیوانہ یہ کرتا ہے رجا زندان مین
ہووے زنجیر گلو زلف چلیپا کوئی

کوئی دیوانہ سمجھتا ہے کوئی سودائی
نہ کو باتون کی مری لیک نہ پہونچا کوئی

یار و احباب سے ناسخ توقع کیسی
دور زمانہ نہین ہووے جو کسی کا کوئی

جان بھی دیوے جو بیمار تمنا کوئی
نہین ملتا لب جان بخش کا بوسا کوئی

نکلے خونین سے بھلا خاک بتون کی کوئی
دشمن جان ہے کوئی دریے ایذا کوئی

تیرے عشاق عجب رنگ سے ہین مقتل مین
نیم جان ہے کوئی زخمی کوئی کشتا کوئی

ظلم کرتے ہو تو تم سے خدا سمجھے گا
تم سمجھتے ہو کہ گویا نہین میرا کوئی

کوئی اصنام کو دیکھا تو ہے عبرت کی جگہ
تھا کوئی گرم فغان پیٹ رہا تھا کوئی

تیری دوری کا اثر تھا کہ غریبون بھی
تا دم مرگ مرے پاس نہ آیا کوئی

کر رہا ہے ترے کوچے مین قیامت برپا
کشتۂ چشم کوئی زلف کا مارا کوئی

دشمن و دوست مری مرگ پہ روتے تھے ولے
چشم بے درد سے اشو بھی نہ ٹپکا کوئی

بام پر جلوہ نما دیکھ کے مجبور رہے
کوئی کرتا ہے نظارہ تو اشارا کوئی

باتین کرتا ہے رقیبون سے اشارے مجھسے
ان کرشمون کو ترے سمجھے بھلا کیا کوئی

دم چرانے کا گمان کرکے وہ ہنستے ہین کہ ہے
کوئی تو جان دے اور دیکھے تماشا کوئی

آج مقتل مین ہوئی عشق و ہوس کی تمیز
سامنے تیرے دم تیغ کی ٹھہرا کوئی

قتل کے بعد وفا کا مری کر کرکے خیال
کیا کہون جی مین پشیمان ہے کیسا کوئی

ہے عجب دور کہ ہر ناکس و جاہل ناسخ
زعم مین اپنے کوئی میر ہے سودا کوئی

مجھسے کرتا ہے جو خوش چشم اشارا کوئی
بزم مین ہاسے بگڑ جاتا ہے کیسا کوئی

بدگمانی ہے عبث تیرے سوا خوبون مین
تجھین لے دل نظر آتا نہین ایسا کوئی

وہ تہمدست ازل ہون کہ مرے دامن سے
گلشن دہر مین کانٹا بھی نہ اوبھا کوئی

رشک اونکو بھی ہے جو باغ مین دیتے ہین یہ حکم
مجھسے گل تک نہ ہنسے بولے نہ غنچا کوئی

تم وہ ہشیار کہ ہشیاروں کو نادان سمجھو
سمجھے نادان نہیں نادان نہیں ایسا کوئی

طعن کرتے ہیں عدو میری وفاداری پر
خوف اسکا نہیں ہوجا بیگانہ سوا کوئی

یا تو تھے پردہ نشین یا ہوے ایسے بیباک
تم سے بچتا نہیں عابد سا کوئی سیلا کوئی

وصل میں بوسۂ لب دیکے وہ فرماتے ہیں
اب بھی باقی ہے تری دل میں تمنا کوئی

کون یاں لاؤ نہیں یا مجھے لیجاے وہاں
حال میرا کہے اوں سے نہیں ایسا کوئی

پردۂ دیدہ و دل میں ہو تمہیں جلوہ نما
کیا چھپا ہیں کہ نہیں آپ سے پردا کوئی

ہر گھڑی نالہ و فریاد و فغاں مرہی کہیں
طور چھٹنے کا ہے یہ بھی دل شیدا کوئی

وصل مجکو نہ ہوا اور نہ دشمن کو فراق
ہاے نکلی نہ مرے دل کی تمنا کوئی

مشکل اسان جو ہوئی دیکھیے اونکو دم نزع
بولے وہ ہاے نہ آئے تو نہ مرتا کوئی

اے نسیم سحری کہدے سحر سے جا کر
سیکھے ناسخ سے اردو کی معلی کوئی

متفرقات

بیباکیوں سے آتی ہے صاحب حیا مجھے
تم بھی خدا کی شان کہو بے وفا مجھے

یہ وقت وہ ہے عشق کی مٹی خراب ہے
اب بوالہوس بھی کہنے لگے بیوفا مجھے

مرجاؤں میں تو ترک کریں وہ رقیب کو
بس جان کا زیاں ہے مرے حق میں سودا ہے

گر دولت وصال بھی ہاتھ آگئی تو کیا
سونے کی طرح تو بھی مرا رنگ زرد ہے

کرتے نہیں ہیں بات شب وصل کیا گلے
عقدہ دہان یار کا دشمن کا راز ہے

کب بحر حسرت ہوئی ناسخ کو عشرت نصیب
خط پیشانی مگر خط کف افسوس ہے

نہیں پہونچتی ہے زلف دراز بھی اوسکو
شب فراق بڑی بدبلا ہے کیا کہیے

برسوں سے جان دیتے ہیں مرنا نہیں نصیب
حاصل یہی ہے الفت زلف دراز سے

دیکھیے ناسخ حسن و عشق کی نیرنگیاں
بال واں کھینچکے بند ہے یاں بے پریشانی مجھے

ہے بات ایسی ہی کچھ تو کہ بزم یار میں چپ ہوں
عدو سمجھتے ہیں منہ میں مرے زبان نہیں ہے

اک طرف سودا ہے گیسو اک طرف سودا ہے چشم — دل ہمارا اس پریشانی مین کس مشکل مین ہے
تدبیر اپنی جان کی اللہ کیا کرین — آتی نہین فراق مین کیا موت مرگئی
کبھی طور پر نہ جاؤن ارنی کہون نہ ہر گز — مرے دم مین دم کہان ہے کسے تاب لنترانی
کسی کا روز جدائی نہ اس طرح گذرے — شب وصال مری جسطرح گذرتی ہے
خوشی سے اونکی گذرتی نہ بزم اعدا مین — ہماری آہ بڑی بے اثر ہے کیا کیجے
کرتی ہے بیا ہر دم ہر لحظہ نئے فتنے — یہ پیری یہ فلک کی ہے یہ اونکی جوانی ہے
بہار آئی ہے ای نساخ جی مین ہے نکل جاؤن — برنگ نالۂ زنجیر مین بند سلاسل ہے
کسکو منظور ہے دشمن کی دعا کا احسان — میری مشکل نہ خدایا کہین آسان ہووے
گھڑی بھر بھی جو بیفکری مین گذری — خضر بہتر ہے عمر جاودان سے
مدت پہ راز پند و نصیحت کا اب کھلا — نساخ مجکو رات وہ ناصح کے گھر ملے

مستزاد

کل جن و انسان ڈوب گئے مہ و مہر و تابان ڈوب گئے
افلاک گردان ڈوب گئے یہ اشکون کی طغیانی ہے
مانگ اوس دلبر کی دیکھکر شانے کا ہوا ہے چاک جگر
اور اوسکے صفاے عارض پر آئینے کو حیرانی ہے

وہ سمائی سر مین رندونکی ہوا برسات کی — زلف ساقی کو سمجھتے ہین گھٹا برسات کی
جوش مین مستون کے آجاتی ہے جو دیوانگی — کم نہین باد بہاری سے ہوا برسات کی
سیکشی مین سرو مہری اوسکی جو آتی ہے یاد — میرے پاؤنکی ہے لغزش مین ہوا برسات کی
نکلے خوبون سے نہ دل کا مرے ارمان کوئی — دشمن جان ہے کوئی درپے ایمان کوئی
رنگ خوبون کا یہ ہے بزم مین تیری آگے — کوئی خاموش ہے تو سر بگریبان کوئی

قصیدۂ ناتمام در مدح و ذم شراب

ہے دور دور مے لالہ رنگ کا ایسا — کہ باغ مین جو ہے بلبل وہ لال ہے گویا

گمان اب بطمی کا ہے مرغ گلشن پر
ہر ایک پھول ہے مانند ساغر صہبا

بزنگ دانۂ یاقوت ہے گلاب کا پھول
اگر مثال زمرد ہے سبز برگ حنا

کلی ہے بیلی کی مانند ریزۂ الماس
برنگ لعل بدخشان ہے لالہ جلوہ نما

دبی صراحی مے ہے بغل مین شبو کے
چمن مین جام بکف ہے جو لالۂ حمرا

خمار سے سر غنچہ کو سرگرانی ہے
عیان ہے دیدۂ نرگس سے نشۂ صہبا

چمن مین اسکی جو بدمستیان ہین زور و نیر
پڑا ہے کیسو سنبل پہ ہاتھ کنگھی کا

دکھاتی اپنی سیہ مستی ہے کہین سوسن
یہی ہے فکر کہ کیجے کسی سے منہ کالا

ہین دشت و باغ مین بہی مست بلبل و طاؤس
جو شیشے نے مین ہے مست مرغ قبلہ نما

ہو جسکے نور سے مہتاب و آفتاب خجل
ہے جام مے کف ساقی پہ معجز موسا

شراب او سمین ہے مانند آفتاب عیان
بڑا ہے چرخ برین سے شراب کا مٹکا

خواص گردن مینا مین بہی عجائب ہے
جوان کو تیغ برندہ ہے پیر کو ہے عصا

عجیب رنگ ہے رنگ رخ شراب ناب
کہ جس سے رنگ اوڑا ہے عذار عذرا کا

وہ رنگ و بہنگ ہے وہ آب و تاب قطرے مین
جو روبرو ہو تو سچا بہی لعل ہو جھوٹا

ہو دور رنج و الم صاف مے کے پینے سے
کہین نہ کس لیے دارو ہے درد و غم کی دوا

ہے ہر زخم جگر مرہم اسکی جو لپٹے
دل شکستہ کو ہے موميا ہر اک قطرہ

جو فیض یاب ہوا اس سے تو سوجہی کیا کیا
یہ وہ ہے جس سے کہ روشن ہو دیدۂ اعما

ہر ایک کشتۂ تیغ خمار زندہ ہو
نہین ہے قتل مینا کم از قسم عیسا

ہمیشہ پاتے ہین جان اس سے پی کر جیتے ہین
خضر شراب کو کہتے ہین رند آب بقا

جو صاف صاف مہین اور رکہین نہ دردی کام
تو میکشون کو کہین کسطرح نہ اہل صفا

ہے اسکی تلخی مین میکش کردہ مزا حاصل
کہ بوسۂ لب شیرین سے سمجہین بیش بہا

ترنج زر سے ہے مینای مے فزون اونکو
ہے اونکے سامنے خسرو کا کیا بہلا رتبا

رکہین عزیز اسے یوسف سے کیون نہ پیر و جوان
ہو پیر اس سے جوان ہے یہ معجزہ اس کا

کلید قفل در عشرت و طرب ہے نہی
اسی نے جم کے لیے باب عیش کو کہولا

یہ وہ ہے کردی عیان جو کہ راز نہانی — لگائے گردن اخفا پہ سیلی افشا
دکھائے آتش حل کردہ نے ہین یہ اعجاز — ہر ایک قوم مین عزت ہی اسکی حد ہی سوا
جو اسکو جانتے آتش پرست ہین زردشت — یہودیون کو ہی موسی نصاری کو عیسا
عیان اسی سے ہی اسکی بزرگی ذاتی — حرام کہتے ہین جو اہل ملت بیضا
فلک پہ کیا اثر سبکتی نے سر کھینچا — زحل بھی مثل سیہ مست ہے نظر آتا
نہین ہے نشہ مین دفتر کا غم عطا رد کو — پر اتنا ہوش ہے دابی نعل مین ہے مینا
یہ سبکتی کا ہوا ذوق ترک گردون کو — کہ دلو جام بنا اور حمل کباب ہوا
فلک پہ ساغر مہتاب شب کو چلتا ہے — جو دن کو خرخ پہ ہے جام مہر کا دورا
کبھی ہے رقص مین مصروف گاہ گانے مین — نہین ہے کوئی بھی زہرہ کو کام اسکے سوا
کبھی وہ جوش مین ہندول کو الاپتی ہے — کبھی بسنت کبھی ہے بہار کا چرچا
نہ حد شرع ہے سکان چرخ پہ جاری — نہ اوسکی رکھتا ہے کچھ قاضی فلک پروا
ذنب جو ہے دم طاؤس مست کی صورت — تو راس بھی ہے سیہ مست و سرگران کیسا
فلک پہ جتنے ثوابت تھے ہوگئے سیار — ہوئی ہے یہ حرکت اونمین نشہ سے پیدا
نقاب شاہد مقصود جو اونہا دی مے — اونہائے کیفیت وصل کیون نہ پہر جوزا
یہی ہے بخشش مے تو اسد بھی مستی مین — کرے شکار اگر تور کو نجیب کیا
شراب حق مین ہے سرطان وحوت کی پانی — وگرنہ خرخ پہ دشوار انکا جینا تھا
ہے قوس و سنبلہ و جدی و عقرب و ثیراں — اثر سے مے ہی کے دوری مین روز صبح و مسا
یہی شراب ہے انجیل مین حلال جو ہے — یہی شراب ہے جسکو زبور مین دیکھا
اسی شراب کا تورات مین بھی ہے مذکور — اسی شراب کا قرآن مین بھی ذکر آیا
نہ ہووے کس لیے کیفیت اسکی باران مین — شراب ہوتی ہے بارش کے قلب سے پیدا
یہ کہ رہا ہی تہا مین ناگہان مری دل نے — نگاہ قہر و غضب سے مری طرف دیکھا
بغور دیکہ کے مجکو کچھ اک گھڑی کے بعد — لگا یہ کہنے کہ تو آج بک رہا ہے کیا
ٹپک رہی ہے یہ بیہوشی کیسی باتون سے — نہین ہے ہوش درست اور نہین حواس بجا

زبان بہکی ہے لغزش کلام مین کیون ہے
مگر شراب کا سر مین ترے بھی نشہ چڑھا

نہ پی جوانی مین مے اب نہین تجھے کچھ شرم
سفید بال ہوے مثل شیشہ مینا

کبھی نہ محفل مستی کی تونے دی ترتیب
کبھی نہ رندون کو تونے گواہ ٹھہرایا

بحکم پیر مغان و وکالت ساقی
کبھی نہ دختر رز کو تو عقد مین لایا

نہ اوس سے کی کبھی بوس و کنار کی خواہش
نہ اوسکے وصل کا تجھکو کبھی ہوا سودا

شراب کی یہ صفت کر رہا ہے اے نادان
کہ دہر ہے عقل تری اور تجھے ہوا ہے کیا

یہ مے ہے سخت نجس اور ایک بد افعال
گناہ اسکے سبب دہر مین ہوے کیا کیا

یہ بے حیا وہ ہے اسکو جو منہ لگا ہی کوئی
تو دیدۂ سرو دل مین رہے نہ شرم و حیا

نہ ہوش دین کا نہ ایمان کا حواس رہے
نہ دل مین فکر دنیا نہ دہشت عقبے

مثال کور دکھائی نہ خاک بھی دیوے
شراب ناب کرے نوش گر کوئی مینا

ہمیشہ لہو و لعب ہی مین یہ رکھے مشغول
نہ کام اس سے کوئی نکلے دین و دنیا کا

جو اس مین تلخی ہے تلخی مرگ ہے گویا
اوتارے نشۂ ہستی جو اس مین ہے نشا

جو مہر ہے سر خم پر وہ مار کا سر ہے
جو موج مے ہے وہ ہے پیچ مار سے بھی سوا

ہر ایک فطرۂ مے دلکو ریزۂ الماس
ہر ایک ساغر مے جان توز زہر کا پیالا

ہزارون طرح کے امراض اس سے پیدا ہون
حکیم کوئی نہ ہرگز کہے گا اسکو دوا

کرے جلا کے دل و سینہ و جگر نے النار
کہو نہ آب بقا ہے شراب نار فنا

سیاہ دل ہوی جل جل کے آتش مے سے
شراب خوار کو حاصل کبھی نہ ہووی صفا

شراب مین ہوا اثر آب خضر کا ہے غلط
شراب پیوان کو بری موت مرگ نے مارا

بہت سے آتے نظر ہوشمار نصرانے
کہ اوسکی مستی سے کرتے ہین اجتناب سوا

بہت بہود جو ہین عقلمند و صاحب ہوش
کرین شراب سے پرہیز صورت موسے

مثلث برغزل خواجۂ آتش لکھنوی

وہ غمزہ کی دل آزاری جو آگے تھی سو اب بھی ہے
وہی چتون کی خونخواری جو آگے تھی سو اب بھی ہے

نرمی انکھونکی بیماری جو آگے نہی سو اب بہی ہے

برستا ابر رحمت ہے مزار غم نصیبان پر
وہی نشو و نماے سبزہ ہے گور غریبان پر
ہوا ے چرخ زنگاری جو آگے نہی سو اب بہی ہے

دل دیوانہ خوش ہے سلسلے سے جعد مشکین کے
تعلق ہے وہی تا حال اون لفونکی سو دیسے
سلاسل کی گرفتاری جو آگے نہی سو اب بہی ہے

تصور ہے جو ہر دم عارض و گیسوی دلبر کا
وہی سر کا پٹکنا ہے وہی رونا ہی دن بھر کا
وہی راتونکی بیداری جو آگے نہی سو اب بہی ہے

نوشتہ ہین وہی قانون الفت دفتر دل مین
رواج عشق کے آئین وہی ہین کشور دل مین
رہ و رسم وفا جاری جو آگے نہی سو اب بہی ہے

خریدار اوسکی ٹہر کا ذہین آتش اور بہی کیا کیا
وہی جی کا جلانا ہے یکانا ہے وہی دل کا
وہ اوسکی گرم بازاری جو آگے نہی سو اب بہی ہے

مزاج عاشقانہ ہے وہی فضل الہی سے
نیاز خادمانہ ہے وہی فضل الہی سے
بتونکی ناز برداری جو آگے نہی سو اب بہی ہے

غم دلدار مین حسرت سے مرتا تہا مرتا ہون
فراق یار مین حسرت سے مرتا تہا مرتا ہون
وہ روح و تن کی بیزاری جو آگے نہی سو اب بہی ہے

وہی زنجیر کے غل کا ہے عالم جو کہ سابق تہا
وہی سودا ی کا کل کا ہے عالم جو کہ سابق تہا
یہ شب بیمار پر بہاری جو آگے نہی سو اب بہی ہے

وہی ہے ربط پاؤن کو ہماری خار صحرا سے
جنون کی گرمجوشی ہے وہی دیوانونسے اپنے
وہی داغونکی گلکاری جو آگے نہی سو اب بہی ہے

درم نسخ کے داغون کی ہین جلوہ فروز آتش
وہی بازار گرمی ہے محبت کی ہنوز آتش
وہ یوسف کی خریداری جو آگے نہی سو اب بہی ہے

رباعیات

نالون کے نہ کیون اوڑہین شرارے ساقی
گردش مین ہین بخت کے ستارے ساقی

ہم تک کوئی دور جام کیا آئے گا
ہین زہر شراب ہین کنارے ساقی

ولہ

عاشق جو ہون اور شیوۂ ادائی کیجے
جو جان دین اونسے بیوفائی کیجے
یہ یاد رہے جو خدا سمجھے گا
جو ہو سکے آپ سے برائی کیجے

ولہ

زلفون نے بلاؤن سے ملایا مجھ کو
سرمہ تری آنکھون نے کھلایا مجھ کو
اس دل کے غبار نے ترے اے ظالم
افسوس کہ خاک ہین ملایا مجھکو

ولہ

غیرون پہ ہون لطف مجھ پہ بیداد کرو
اعیار کو شاد مجھ کو ناشاد کرو
اللہ اب ایسے ہوگئے دشمن جان
وہ اگلی محبت نو ذرا یاد کرو

ولہ

کل وصل کی شب نہی یا کہ آفات کی رات
کچھ بولے وہ مجھ سے اور نہ کچھ بات کی رات
نساخ ہین کیا بتاؤن تجکو ہیہات
نہی روز فراق یا ملاقات کی رات

ولہ

دیکھین تو وہ راہ پر نہ آئین کب تک
دیکھین تو وہ تشریف نہ لائین کب تک
دل دے چکے ہین جان بھی دی دیتے ہین
دیکھین تو محبت آزمائین کب تک

ولہ

کرتے ہین شب وصل وہ گھاتین کیا کیا
کرتے ہین وہ ٹالنے کی باتین کیا کیا
اسپر بھی اگر دست درازی کیجے
نساخ چلاتے ہین وہ لاتین کیا کیا

ولہ

وہ زلف وہ خط وہ خال اللہ اللہ
رخسارون کا وہ جمال اللہ اللہ
خوبان جہان ہین جان و دل سے قربان
کیا حسن کا ہے کمال اللہ اللہ

مقطعات

اونکو جو ہاکے دا و پہ جسدم شب وصال
مین نے کہا ہنسی سے وہ شوخی کدہر گئی

ہانمون کو بس جتبا کے خفا ہو کے بول اوٹھے
چھوڑو کہین بہی ہاتہ کلائی اوتر گئی

ولہ

جانکنی روز روز جانکا ہے
تا بکے یون جیا کرے کوئی

کوئی تبلاؤ تو خدا کے لیے
مرنہ جائے تو کیا کرے کوئی

ولہ

تجھسے ناسخ کہے کیا کہ عجب حالت تہی
جس گہڑی رات کو بیمار ترا مرتا تہا

کوئی ایسا نہین سنتا تہا کہڑا بالین پر
اوسکے حق مین کوئی رو رو کے دعا کرتا تہا

ولہ

کبہی رنج و غم مین سراپا الم تہا
کبہی ہجر مین تہا مین آہ محجم

کبہی بزم خوبان مین مشغول خوشی مین
نظر بازیون مین نگاہ محجم

ولی چشم حق بین مین ناسخ مین تہا
نہین ہون مگر اک گناہ محجم

معمیات فارسی

باسم امین

چو مینا گردن ساقی بہ بیند
بروے خود کشد دامن ز خجلت

ہر گاہ لفظ مینا دامن خود کہ حرف الف ست بر روے خود کہ حرف میم ست بر کشد یعنی چون الف مینا بر میم مینا در آید امین گردد

باسم انیس

در دور قمر شہر ہمہ صحرا گشت
از دست فلک شکل نوی پیدا گشت

در شهر نماند آدمی و در کوه	هر خرس که بود بوعلی سینا گشت

هرگاه لفظ سینا گشت یعنی مقلوب شد این پدید آمد

باسم حالے

دل تا گرفتار لف دوتا یش	سر باست پامال طرز جفا یش

از دل با اعتبار بخش حرف حاے اسمی یعنی حا و الف و از زلف با اعتبار شبیه حرف لام و از لفظ دو با اعتبار عدد که ده است یا مسمی خواسته پس اسم حالی ظهور آمد

باسم حسن

دوتا قد من شد ز احسان تو	دل و جان من یاد قربان تو

از لفظ دوتا دو مراد است و از قد با عنایت شبیه الف گرفته پس چون دو الف از لفظ احسان شد یعنی رفت حسن باقی ماند

باسم حمید

سر و رسینه نور دیده دیدار تو افزاید	دل ما هیچ گردد چون سر موئت بدست آید

از دل با اعتبار بخش حرف حا و از سر ما حرف سیم و از لفظ دست بدخواسته پس نام حمید پدید آمد

باسم رشکے

کیست در زیر درش سیم ز سان چون من	کیست کو روز کشد نازش دربان چون من

هرگاه لفظ کیست تکمیل یافته زیر درش رسید یعنی متصل شد رشکی گشت و چون لفظ درش بسر گشت یعنی حرف دال از وجد اشد اسم رشکی پدید آمد

باسم زہرہ

اے بینی تو با بروان پیوسته	تیر است سیان دو کمان پیوسته

میرم چو سخنها ز زبانت شنوم	زهرست بجانا بدهان پیوسته

هر گاه لفظ زهر با حرف های هوز که باعتبار تشبیه دهان مراد است پیوسته شود زهره گردد و بطور دیگر نیز اسم مذکور یافته میشود یعنی با زهره اگر های سخن ها که مراد ازان های هوز ست از زبانت شنوم اے اگر با زهر حرف ها ملحق شود زهره حاصل آید

ایضاً

رفت از تن جان زار و او در آمد از درم	وای بخت افسوس طالع آه قسمت بایب

چون جان زار که ازان الف خواسته از لفظ زار و رو شود زر بماند و چون (ا) لفظ او در میان لفظ زر در آید زرا و رکیف اسمی زهره را می گویند حاصل شود وهو المطلوب

باسم سید

پیش ساقی کاسهٔ دل سرنگون افتاده است	یا سرے ببریدۂ در خاک و خون افتاده است

هر گاه دل سرنگون شود دل حاصل آید و از لام سے باعتبار عدد لفظ سی مستفاد میشود پس چون لفظ سے با دال ابجد متصل شد سید حاصل گشت ✣ ✣

باسم شمس

مستی ز راند سر من نیست همانا	من مست سر ساعد سیمین تو باشم

چون سر ساعد که سین ست با لفظ شم متصل شد شمس حاصل گشت

باسم شمس

از سر هر آرزو بریده و ز خوف و هراس	این سر سودا زده بگرفته دامان شما

هر گاه سر سودا زده که حرف سین ست دامان شما که حرف الف ست گرفت شماس شد چو از ان سر آرزو که حرف الف ست بریده شد شمس باقی ماند

باسم تمیم و شمس

نه تمنائے جامے و صهبا هستم	سر بریده دمن بیرح ساقی مستم

از سر شوریده شین مسمے واز سر من میم اسمی مراد ست پس شمیم حاصل شد و هر گاه که سر شوریده و سر من که شین و میم مسمی ست بارخ ساقی که سین ست متصل شود شمس ظهور یابد

باسم صدر

از رشک رخت دل قمرے سوزد	نی نی غلط ست قلب خورے سوزد

هر گاه دل قمر که میم ست بسوزد قر بماند واز قاف سے باعتبار عدد لفظ صد برے آید پس چو لفظ صد بار ای قرشت پیوست صدر پدید آمد

باسم عادل

چو از رخسم عنادل گل نهان شد	بهار تازه یا مال خزان شد

از لفظ گل باعتبار عدد بنجاه خواسته واز ان حرف نون مراد گرفته پس چون از عنادل نون بدر کرده شود عادل باقی ماند

باسم غاله

سر بزار چو نسترن اے بت کافر	فدای قامت و زلف و دهان تنگ تو باد

از بزار حرف غین و باعتبار شبیه از قامت الف و از زلف لام و از دهان ها ے هوز خواسته که از ان نام غاله حاصل آمد

باسم غلام

در فصل بهار و جوشش گل	بر دامن گل نشست بلبل

از بلبل که آز ابفارسی هزار گویند و حرف غین نیز هزار عدد دارد غین مسمی مراد ست پس چون حرف غین بر دامن گل که لام اسمی ست نشست یعنے جا گرفت غلام حاصل آمد

باسم نمه

درد و الم فراق چون طول کشید	ناگاه بگوش فرده وصل رسید
جانان رمق جان که بلب آمده بود	برگشت چو این لعل روان بخش تو دید

ہرگاہ لفظ رش برگشت یعنی مقلوب شد قمر حاصل میشود

باسم مالک

روز کمال حسن بنہایت رسد زخط | شبہای عاشقان بنہایت رسد زخط

چون روی کمال کہ کافست با خر بیت کلام ست در آید مالک بمول انجامد

باسم مشتری

بہ بزم مے کشی در جوش ستے | لب من بر لبت بارے رسیدہ

سر ہجر سیہ روز و سیہ روے | ز تیغ وصل شد آخر بریدہ

ہرگاہ لب من کہ میم ست بر لب تو کہ سبب ترادف ازان شفت مراد ست رسد شفت شود و ہرگاہ شفت بارے متصل شود و شفتری بمول انجامد وچون سر ہجر کہ ازان فاے فراق خواستہ بریدہ شود یعنے چون از شفتری حرف فا دور کردہ شود مشتری پدید آید

باسم معین

شد بارخ پر نور چو گستاخ مقابل | گلگیر تراشید سر شمع بہ محفل

ہرگاہ سر شمع تراشیدہ شد میم مسمی و عین اسمی باقی ماند و معین حاصل گشت

باسم ناسخ

چون دید رخ مبارک شیخ زمن | خناس نہفت سر بزیر دامن

چون سر خناس کہ خاے تخدست بزیر دانش کہ حرف سین ست نہفتہ شد یعنی در آمد ناسخ بظہور انجامد

باسم منجم

چو در انجمن نیست آن شمع تابان | بسوزد دل ہر میان چون حریفان

ہرگاہ لفظ آن در انجمن نباشد یعنی اگر الف اول و نون آخر انجمن دور کردہ شود منجم حاصل آید

باسم فاتح

روزے کہ قدم نہاد بر کوے تو یار | شد بستہ صد ہزار گیسوے تو یار

این دل بفراق چون بسازد باکس | با عالمیان نساخت بے روی تو یار

چون لفظ نساخت بی روی تو که حرف تا باشد یعنی حرف تا از لفظ نساخت دور کرده شود نساخ حاصل آید

باسم وحشت

نساخ | رسید روز تو حش با خر امی | که آن غزال رمیده بدام من افتاد

چون روی تو حش که حرف تا سے قرشت ست با خر تو حش که شین ست در آید وحشت حاصل شود

باسم هلال

گل کیست سر گریبان زخم جانانم | گشت لاله خجل از داغ دل سوزانم

هر گاه لاله گشت یعنی مقلوب شد هلال حاصل آمد

معمیات اردو

باسم امام

کیون دانت نہون دیکھکے امرود کہتے | یہ نشان نہین اک شاخ مین دو آم لگے ہین

از دو آم تکرار لفظ ام مراد ست پس اسم امام پدید آمد

باسم جامی

جی مین ہے آم سے تشبیہ ذقن کو دیکھے | دیکھکر جسکو ہوئے دانت بہی کے کہتے

چون لفظ آم در میان لفظ جے یعنی در میان جیم و یاے حطی در آید جامی بهمول بنگاهد

باسم سلام

نہین ہے زہر مین وہ بات جو آنکہو مین نہاں ہے | اشارہ جس سے ہو جاے وہی دم بہر کا مہمان ہے

باعتبار ترادف از لفظ نہین لا و از لفظ زہر سم خواسته پس چون لفظ لا در میان سم در آید اسم سلام حاصل شود

باسم امیر

ہر ساز کا دم بند ہے نغموں سے تمہارے | لبہائے فرامیر ہے خاموش نہین ہین

از لبہائے فرامیر حرف میم وزا خواستہ واز خاموش شدن بیکار گشتن مراد ست یعنی چون لب ہائے فرامیر کہ میم وزاست بیکار شد امیر باقی ماند

باسم امیر

سر اغیار کو لیں کاٹ لیا غیرت سے | دامن یار پہ جو داغ شراب آئے نظر

از سر اغیار الف واز دامن یار حرف را واز شراب لفظ می خواستہ پس چون لفظ مے بالائے دامن یار یعنی حرف را در آید و با الف متصل شود امیر حاصل آید

باسم امیر

جو عشق ہے تو سر ننگ و نام سے کیا کام | یہی ہے فکر کہ مجھسے نہ ٹوٹے یار کا دل

ہر گاہ سر نام کہ حرف نون ست بیکار گشت الف و میم باقے ماند و چون دل یار کہ الف ست شکست یعنے دور کردہ شد یاور ا باقے ماند و نام امیر پدید آمد

باسم مالک

سید ہی جو نہین ہے میری تقدیر | اولٹا ہے کلام یار تیرا

چون لفظ کلام مقلوب شود نام مالک حاصل آید

باسم وزیر

کہان ہین اور سر روز وصل یار کہان | کہ بجھگئی مری شمع حیات ہجر کی شب

ہر گاہ لفظ روز با لفظ یار وصل شدہ یعنے متصل گشت روز یار بحصول انجامید و چون سر روز کہ حرف راست ازان دور کردہ شود وزیار باقے ماند و از شمع با عتبار شبیہ حرف الف خواستہ واز بجھگئے بیکار شدن مراد گرفتہ یعنے چون حرف الف نیز ازان دور کردہ شود نام وزیر بظہور انجامد

باسم مست

خدا ہی خیر کرے میری زندگی ہے محال کہ ابتدائے محبت ہے اور ستم ہے بحید
از ابتدای محبت میم خواستہ و چون ستم بحید گشت یعنے حرف میم از ستم دور کردہ شد
نام مست حاصل آید

نامہ بزفان دری

یار من

پس از آرزوے دیدار زندگی بار گزارش اینکہ ہفت ہشت روز پیری شدہ کہ پارہ از ہندی سر و ادہائے نو گفتہ خودم بشما فرستادہ ام رسیدہ باشد امروز جامہ کہ یک لخت ہر سر و ادش بزفان پارسی و لخت دیگر بزفان تازیست و پیشانی و ندمش پر و ادہ و ندمش ہامی باشد گفتہ ام و سخنی کہ بدین روشش گفتہ آید فارسیان آنرا ملمع نامند این چنین چاہا را بنتر باشش گزنبان دادرے خانہ کلکتہ می پسندند بدین انگیزہ سرودسرایان و خنیاگران آن شہر بر شمرند و یاد گیرند و در انجمنی کہ تازی دانان و دری خوانان گردے آیند می سرایند و داد ارشمگری می دہند و زم آرائی می کنند ہر چند درین روزہا بفزونی نگرانیہا کہ از ہر شعبہ دارم دلم نمی گرایست کہ کدامے گفتار تازہ را انجامہ و ہم و از خامہ بنا پسیارم بدین ارشاد خواست یارے کہ ہمہ دانشش و سر بسر خرد و است گزیری ندیدم خواست ناخواست خامہ نگارندہ را بدست شمپورے گرفتم و پیکر بند این جامہ نگارین کہ ارمغان می فرستیم شدم چونکہ آموزگار شما در شگرگانہ و در نجاد و فزانہ ست و زبان تازی را نیکوے داند و نگہ تنگے ہنگام من نیز یارای ندارم لادبرین پاے چم نہ نگاشتم و نمیرائے بر آن نہ افزود م من و مدائے من شائش این جامہ ستودن سزا نیست
خوشا وقت اگر پذیرفتہ آید و سخن زنی بستاید

باوج شاگرد مولوی رشید الدین مرحوم وحشت برنگاشته

مژده مرشنیدن را که هنگام پالیدگی سخن ست ۔ ونوی بیان کهن یعنی درین زمان بهار افزان که گل رعنای سخن را بانطلاق سرسبزی دربرست ۔ ونرگس شهلایش را کلاه فیروزی برسر ۔ نهال طبع هنرپروران از فیض نسیم بهاران شگوفه برافشانست ۔ ونخل فکر سخنوران از آبیارے تربتیش تازه وریان ۔ خدمت لطف وفور ۔ مولوی عبد الغفور خان بهادر متخلص نشاط ڈپوٹی مجسٹریٹ کامل الاقتدار وڈپوٹی کلکٹر وسب رجسٹرار وکلکٹر لینس ٹکس محکمه بانکا ضلع بهاگل پور ۔ بفر یاد سخن رسیده دیوانی موسوم به اشعار نشاط بزبان اردو ترتیب داده گویا گردِ یتیمی از رخش پاک شسته تقریرش آب از سر چشمه سلسبیل برده ۔ وسخته تحریرش نوشاب عذوبت در نای گلوی نسیم ریخته ۔ ریخته اش یک برکه شهد ناب در جوش ۔ و سرجوش کلامش بصد ادا سے شکن شکن در خروش ۔ سخن ۔ اشادی مرگی که آب رفته بجو آمد سخنوران را ۔ انا رشی که بت نیمای در حلقه آرد ۔ زهی عالی پایگاهی که غلغله بلند نامیش در گنبد نیلی پیچیده وصیت همه دانیش در بسیط زمین فراگرفته ۔ سته گوشه سخنش چار دانگ عالم را فراگرفته ۔ ربا عیش طبع خامس ارکان اربعه گشته ۔ غزلش مضمون وحشت ازدیده آهوچشمان ربوده قصیده اش بدلربای قصد جان عاشقان نموده ۔ گلشن سخن از آب نظر تربیت اثرش طراوت آمیزست ۔ وزمین شعر از دم ریحان پرورش نکهت انگیز ۔ بالجمله سخنش فری ۔ از عیب بری ۔ دیوانش گلستانی ست که تخته تخته گلهای معانی در وشگفته ۔ یا بوستانی که عام عالم نسیم سحرے درشکن ۔ اوراقش نهفته ۔ سبحان الله چه نازنینان هوش ربا اند که در پس محمله الفاظ آرمیده ۔ نوخش الله چه شنگینا زبره سیما اند که در سر سخن پا کوبیده اند ۔ اینها از جنبش نظر نظارگیان گرم رفتار مقامات داری عرق از جبین افشانده اند آنها از هجوم نگاه بلند نگاهان برنگ گلرنگ بر روشکسته بلبلان معنی نوای نغمش تا بلبلان زبان آوران رسیده و اوای سنج سخن جان نوازش لسمع سخن سنجان خوزده راه نفس بر چنگ تنگ گردیده و آواز در گلوے صفیر بلبل گره گشته مضامین برجسته اش برق افگن خرمن تهمت و معانی روشنش برهم زن خانمان خونعبار

اشارتی از صفحه روی مهوشان و اشارتش عبارتی از غمزه چشم شاهدان کنایتش
در شکرستان شیرین ادای طوطی شکرخا و استعارتش در سنگلاخ دشوار پسندی
لاله حمرا بیاضش داغ سودائیان صریر کلک رنگین نوایش همصفیر کبک دری و صفیر خامه شیرین ادایش نغمه در گلوشکن
دری قافیه قافیه سنجان ریحان نفس اینجا بنفشه است و نهال فکر موزون طبعان
برکنده از بن و ریشه الفقصه بدطولانی سخن از دامن پهنای وصفش کوتاه است
و پای فراخ گام فکر در راهش عذرخواه تا تسمیم زلف رسای سخن بر دامن شعور
شعرا عنبرینه ست نام و شمامه احباب از خلوق خلق نیکویش معطر باد
بالنبی و آله الامجاد

الحمد لله که این مختصر دیوان بلاغت عنوان مصنفه [illegible] ارشاد فضائل مآوای
عبدالغفور خان بهادر موسوم به اشعارستان باهتمام
[illegible] مطابق شهر رمضان المبارک [illegible] هجری
قدسی در مطبع نامی گرامی منشی نول کشور
مقام لکهنؤ از قالب طبع برآمده
نور افزای دیده
نظارگیان
گردید

هو الغفور الرحیم

ترجمهٔ پندنامهٔ حضرت فریدالدین عطار قدس سره العزیز موسوم به

گنج شایگان

از زبان جناب مولوی عبدالغفور خان بهادر

بحسن تصحیح وزیبا تسطیر در زمان سعادت اقتران

مطبع نامی منشی نولکشور مین مطبع مزین طبع هوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیحد کے ہے قابل وہ خدا — جس نے مشت خاک کو انسان دیا
بند آدم مین کیا ہے روح کو — دی ہے طوفان سے رہائی نوح کو
دی اجازت قہر سے جو باد کو — کر دیا برباد قوم عاد کو +
لطف سے اپنے خلیل اللہ پر — کر دیا آتش کو گلشن سر بسر +
حکم سے اوس کے ہوئی وقت سحر — قوم لوط اکبار کے زیر و زبر
مار اڈالا دشمن نے جو تیر اوسکے طرف — ایک پشہ نے کیا اوسکو تلف
غرق دریا لشکر کافر کیا — سنگ سے یک ناقہ کو ظاہر کیا
مہر وہ ہے قادر معبود مین — موم آہن ہو کف داؤد مین
کی سلیمان کو عنایت سروری — ہو گئے زیر نگین دیو و پری
بھر دیا کیڑون سے صابر کا بدن — لقمۂ ماہی کیا یونس کا تن
ایک کا آرہ سے چیرا اوسنے سر — دوسرے کے سر پہ رکھا تاج زر
چاہے جو کچھ دم مین وہ سلطان کرے — شہر کو اک آن مین ویران کرے
ہے مسلم اوسکو سلطانی سدا — اس مین کسکو زہرہ چون و چرا

گنج و نعمت ایک کو دیتا ہے وہ — رنج و زحمت ایک کو دیتا ہے وہ
ایک کو وہ گوہر اور مرجان دے — حسرت نان دوسرے کی جان لے
ایک ہے نازان و خندان تخت پر — دوسرا فاقہ سے گریان بخت پر
ایک نے پہنے ہین سنجاب و سمور — دوسرے نے رہنے کو پایا تنور
ایک کی جا بستر کمخواب پر — اینٹ تکیہ ایک کے ہے زیر سر
ایک لحہ مین کرے برہم جہان — کسکی طاقت ہے کہ دم مارے وہان
دیوے بوتیمار کو ماہی سدا — اپنے بندون کو وہ دے شاہی سدا
بے پدر فرزند وہ پیدا کرے — طفل کو وہ مہد مین گویا کرے
مردۂ صد سالہ اوس سے جا پائے — دیکھکر عقل حکیمان سر جھکائے
خاک سے پیدا سلاطین وہ کرے — سنجر کو رجم شیاطین وہ کرے
ہو زمین بخت کی سے پیدا سیاہ — آسمانکو بیستون رکھے نگاہ
کون اوسکے ملک مین اتنا زہے — بات جو اوسکی ہے بے آواز ہے

نعت حضرت سید المرسلین صلعم

اسکی ثنا ہو [illegible] — جس سے عالم کو ہوئی حاصل صفا
سید کونین ختم المرسلین — دور آخر مین ہے فخر الاولین
کی ہے طے معراج مین اوسنے سما — کیون نہون محتاج اسکے انبیا
ہے وہ بیشک رحمۃ للعالمین — اوسکے مسجد ہے یہ سب روی زمین
رحمت خلاق خورشید و قمر — ہووے نازل اسکے آل پاک پر
جسکی اونگلی سے ہوا شق القمر — یار تھے اوسکے ابوبکر و عمر رضہ
ایک تو اوسکا رفیق غار تھا — دوسرا لشکر کش ابرار تھا
تیسرے مداح اوسکے خان ذی علی — جو کہ ہین مشہور عالم مین ولے
ایک تو کان حیا و علم تھا — دوسرا تو باب شہر علم تھا

وہ رسول حق کہ خیر الناس تھا — حمزہ و عباس تھے اوسکے چچا
بھیجتا ہون سو درود اور سو سلام — آل و اصحاب نبی پر صبح و شام

فضیلت ائمۂ دین مجتہدین

مجتہد تھے جو امامان زمان — اونپہ ہووے رحمت رب جہان
بو حنیفہ تھا امام باصفا — شمع بزم امتحان مصطفےٰ +
فضل حق ہو جان پر اوسکے مدام — شاد ہو ارواح شاگرد امام
ایک ابو یوسف کہ جو قاضی ہوا — اور محمد جس سے حق راضی ہوا
شافعی اور انس مالک اور زفر — زیب دین احمدی ہین سب کے سب
احمد حنبل کہ تھا مرد خدا — اونسے سبقت لی ہے سب پر بلا
خلد مین ارواح اونکی شاد ہو — شہر دین اونکے سبب آباد ہو

مناجات بدرگاہ مجیب الدعوات

عفو کر میرے جرائم یا خدا — تو غفور اور مین ہون مجرم یا خدا
نیکی تو کرتا ہے اور مین کاربد — میرے جرمون کی نہین اللہ حد
کی سبب جو معصیت مین زندگی — آخرش حاصل ہوئی شرمندگی
مبتلای فسق و عصیان مین رہا — ہمقرین نفس و شیطان مین رہا
مبتلای معصیت ہون صبح و شام — امر و نہی حق سے ہون غافل مدام
ایکساعت بیگنہ گذری نہین — اور حضور دل سے طاعت کی نہین
بھاگ کر پھر بندہ آیا روبرو — جرم سے اپنے متاکر آبرو
عفو کی کرتا ہے تجھسے آرزو — کیونکہ تیرا قول ہے لاتقنطوا
ہووے کیونکر تجھسے انسان ناامید — تیری رحمت سے ہو شیطان ناامید
نفس و شیطان نے کیا گمرہ مجھے — لیک ہے امید تیرے لطف سے

یا خدا مجھکو گنہ سے پاک کر
بعد ازان مدفون زیر خاک کر

جان میری جسم سے جب ہو جدا
ہو نہ قید قلب سے ایمان رہا

بیان مخالفت نفس امارہ

ہے وہی عاقل کہ جو شاکر رہے
اور اپنے نفس پر قادر رہے

اپنے غصہ کو یہان جو کھائیگا
وہ جگہ جنت مین بیشک پائیگا

ہے وہی ابلہ ترین مردمان
جو پے نفس وہوا ہو وے روان

اور ہووے یہ خیال اوسکو سدا
جرم اوسکے عفو کردے گا خدا

گرچہ درویشی ہے مشکل اے پسر
لیک درویشی ہے سب سے خوبتر

کرلے اپنے نفس سرکش کو جو رام
ہو خردمندون مین بیشک نیکنام

تا نہووے نفس کا فرہبرہ ور
صبر کر تو اور قناعت پیشہ کر

چاہیے نفس شقی کو گوشمال
تا کہین آئے نہ تیرے سر وبال

خیر وخوبی کا اگر خواہان ہو تو
خلق سے لازم ہے روگردان ہو تو

خواب مین ہے خلق ساری سر بسر
موت سے بیدار ہوتی ہے مگر

قطعہ

رنج پہونچائے جو تجھکو اے پسر
مان لے تو عذر اوسکے سر بسر

تا کہ اچھی ہووے تیری آخرت
تا کہ حاصل ہووے تجھکو مغفرت

حق نہ جانے دوست خلق آزار کو
دور اس خصلت سے ہر دیندار ہو

رنج جسنے غیر کے دل کو دیا
زخم اوسنے جسم پر اپنے کیا

جو کوئی قصد دل آزاری کرے
عاقبت مین نالہ وزاری کرے

تو کبھی قصد دل آزاری نکر
تا خدا ہووے نہ بیزار اے پسر

دل کسیکا تو نہ توڑ اے بیخبر
زخم ہو جائیگی ورنہ جان پر

غیبتی کے نہ لے مردم کا نام
تو اگر چاہے کہ ہووے تیرا نام

گر نہو نیکی بدی سے کر حذر — ظلم بے حد کر نہ اپنے جان پر
بند غیبت سے زبان کو کر سدا — تا نہو وین بند تیرے دست و پا
بند غیبت سے نہو جسکی زبان — وہ رہا ہووے عقوبت سے کہان

بیان فوائد خاموشی

اے برادر تو اگر ہے حق طلب — کھول غیر از حکم یزدان تو نہ لب
تجھکو گر ہو علم حق لایموت — تو دہن پر اپنے رکھہ مہر سکوت
سن نصیحت میری تو ای نیکذات — ہو تو ساکت ہے اگر شوق نجات
جسکو ہر دم عادت گفتا رہو — اوسکے سینے مین دل بیمار ہو
عاقلون کو ہووے خاموشی سے کام — جاہلون کو ہو فراموشی سے کام
کذب و غیبت سے سدا خاموش ہو — کہیے ابلہ راغب گفتار ہو
گر نہ ہرگز غیر حق کی تو شنا — اہل عالم سے ہے تجھکو کام کیا
جو پڑے بند عمارت مین کبھی — رکھتا ہو جو کچھہ وہ غارت ہو سبھی
جسم مین پر گوئی سے مردہ ہو دل — گر سخن سے اوسکے ہو گوہر خجل
جو کوئی لطف فصاحت مین پڑا — زخمی اوسکا چھپہ دل ہو گیا
بند کر اپنی زبان منہہ سے نہ کہہ — صحبت خلق جہان سے دور رہ
آنکھہ تیری عیب تیرے دیکھے جب — روح کو قوت تری پیدا ہو تب

بیان عمل خالص

جو کہ ہووے اہل ایمان اے عزیز — پاک رکھے چار شی سے چار چیز
پاک کر دل کو حسد سے اے پسر — پھر سمجھہ اپنے کو مومن بیخطر
پاک رکھہ تو کذب و غیبت سے زبان — تا نہو ایمان کو تیرے زیان
گر عمل رکھے ریا سے پاک ابھی — شمع ایمان کو ہو تیری روشنی

گر نہین تیری شکم مین ہے حرام — صاحب ایمان ہے پھر تو لا کلام
جسمین ہووے یہ صفت وہ ہی شریف — ورنہ بیشک اوسکا ایمان ہے ضعیف
جسکے دل مین ہے حرام ایدل بھرا — روح اوسکی جاے کیا سوے سما
جسکے ہو اعمال مین شامل ریا — فائدہ کیا شکل نقش بوریا
ہے عمل جسکا مجرد اخلاص سے — کب وہ ٹھہرے بندگان خاص سے
کام جو دنیا مین بہر حق کرے — ہر گھڑے وہ کار بارونق کرے

بیان سیرت ملوک

اے برادر خصلتین ہین چار یہان — جن سے ہووے بادشاہونکا زبان
بادشہ ہووے جو خندان بے محل — اوسکی ہیبت مین بڑے بیشک خلل
گر سدا رکھے ملاقات فقیہ — بادشہ ہو جاے نظرون مین حقیر
گر رہے گا خلوت زن مین سدا — شاہ کی ہیبت مین فرق آجائیگا
شہ کو گر میل جہانداری رہے — روز و شب فکر کم آزاری رہے
چاہیے شاہون مین ہو وے عدل و داد — تاکہ اوسکے عدل سے عالم ہو شاد
علم پر باندھے کمر گر بادشاہ — نفع کیا بخشے اوسے گنج و سپاہ
خلوت زن مین رہے جو بادشاہ — کیا تعجب ملک ہو اوسکا تباہ
ہو جو عادل داد گر فتح لقا — بادشہ کو سلطنت مین ہو بقا
فوج پر گر شہ کرم سے کرے رو ا — فوج اپنی جان کرے شہ پہ فدا

بیان حسن خلق

چار باتین ہین بزرگی کی دلیل — جسمین پائی جائین ہے مرد جلیل
باد رکھے حرمت علم و کتاب — خلق کو دیوے جواب باصواب
جو کہ ہووے صاحب عقل و تمیز — اہل علم و علم کو رکھے عزیز

اور وہ ڈھونڈھے جو سبکی دوستی | کیونکہ دنیا مین عداوت ہے بڑی
عقل ہے تجھکو اگر اے نیکنام | نرمی سے ہر آدمی سے کر کلام
تلخ گو اور ترش رو جو شخص ہو | خوش رکھے کیونکر بھلا احباب کو
جو نہین کرتا ہے دشمن سے حذر | ہووے گا حاصل اوسے رنج و ضرر
دوستونکے ساتھ تو مسرور رہ | اور دشمن سے ہمیشہ دور رہ
دے نہ ہمسائی مین تو دشمن کو جا | دور ہون دشمن ہی بہتر اس سے کیا
گرم الفت دوستون سے ہو مدام | روے دشمن کو نہ دیکھے اے نیکنام
اے پسر تدبیر زاد راہ کر | قصۂ دنیا کو اب کوتاہ کر

بیان مہلکات

چار چیزین ہے پسر ہین باخطر | تجھکو اون چیزون سے لازم ہے حذر
الفت بد قربت سلطان نکر | صحبت زن رغبت دنیا سے ڈر
آتش سوزان ہے قرب شاہ تو | الفت بد سے خطر ہے جان لو
زہر پنہان رکھے دنیا مثل مار | گر بظاہر اوس مین ہین نقش و نگار
خوب اور مرغوب ہے پیش نظر | پر ہے جان کو زہر سے اوسکے خطر
زہر سے اس مار کے تو کر گریز | دور ہون اس سے ہے جنکی عقل تیز
نقش پر مانند طفلان دے نہ جان | ہو نہ محو رنگ و بو مثل زنان
زال دنیا ہے عروس بے وفا | روز اک شوہر پہ رہتی ہے فدا
مرد ہے اس جفت سے ہووے جو طاق | اور دے منہ پھیر کر اسکو طلاق
ہووے خندان پیش شو با صد تپاک | زخم دندان سے کرے آخر ہلاک

بیان اہل سعادت

ہے دلیل نیکبختی چار چیز | جسمین ہو وہ شخص ہے بیشک عزیز

اصل گوہر ہے دلیل نیک بخت — بدگہر ہو تا نہین شایان تخت
نیکرایون کی ہے قسمت مین ثواب — جوکہ ہے بدرائے اسپر ہو عذاب
جو کوئی ایمن عذاب حق سے ہے — وہ گروہ کافر مطلق سے ہے
عمر دنیا چند روزہ ہے تو جان — بس وہ غافل ہے نہین ہے جسکو دھیان
ترک لذات جہان کو ساتھہ رکھہ — دامن صاحبدلان پر ہاتھہ رکھہ
شایق لذات نفسانے نہو — دوستدار عالم فانے نہو
خاک دنیا سے نہو حاصل تجھے — ایک دن مرنا ہے تجھکو جان لے
جان تیری تن سے جب ہوگی روان — خاک سے بہتر جاے گا ہرا ستخوان
جب کہ تجھسے موت کا چارہ نہو — دوستدار نفس امارہ نہو

بیان سبب عافیت

عافیت چاہے اگر تو اے غریب — باور کہہ اچھی طرح یہ چار چیز
ایمنی اور خاندانے نعمتین — تندرستی اور فراغت دھر مین
تجھکو حاصل ہو جو نعمت اور امان — عافیت کے ہونگے ظاہر نشان
جب کہ دل فارغ ہے اور تو تندرست — فکر مین دنیاے دون کی ہو نہ چست
فکر کر ہرگز نہ بہر کام نفس — تاکہ ہو جائے نہ قید دام نفس
کر نہ دہیان اصلا ہوا سے نفس پر — تو نہ فکر بہر ہاے نفس کر
نفس اور شیطان تجھے گمرہ بنا نہین — تاکہ تجھکو چاہ دوزخ مین گرا نہین
نفس کی سرکوبی کر اور خوار جان — دور رہ دنیا سے کہنا میرا مان
جو کہ رکھے اپنے نفس بد کو سیر — بیگمان ہووے گنہ کرنے مین شیر
ہر فرقہ سے حلق تیرا ہو جو دور — ہر گنہ سے دل ترا ہووے نفور
آب و نان سے حلق تک تو پر نکر — تو نہ حیران ہو کہ ہے اسمین خطر
گر نہو صائم نہو کھانے مین غرق — تاکہ ہووے تجھمین اور حیوانمین فرق

خواب مین تو روز و شب ہے سر بسر — اپنے شمع گور کے تدبیر کر
مثل حیوان جو ہو محو خواب و خور — نور نعمت سے نہو دل تیرا پر
مدتون سوئے گا تو بیدار رہو — گر خبر رکھتا ہے خود ہشیار رہو
بیچ مین دنیا کے پڑنا ہے برا — دست دنیا سے اوٹھانا ہے بجا
ہاتھ اوٹھا دنیا سے دون ہی تو کہیں — جب مدام اسمین تجھے رہنا نہین
تن کی آرایش نکر تو اے فقیہ — تاکہ ہووے دل ترا بدر منیر
محو حسن و صورت زیبا نہو — حیرتی اطلس و دیبا نہو
بندۂ حق ہو ہوا کو ترک کر — پہن خرقہ زندگی چاہے اگر
خرقہ پشمینہ کو رکھہ دوش پر — نامرادی کا تو شربت نوش کر
جامۂ پشمی پہنتا ہے جو تو — پاک کر کینے سے تو سینے کو تو
جاہ سے فاخرہ کو دور کر — عاقبت مین تاکہ ہووے بہرہ ور
بے تکلف ہو کے آرایش نڈھونڈھ — ترک راحت کر کے آسایش نڈھونڈھ
صاف کپڑا گو نہین ہے تیرے پاس — گر نہین تن پر ترے اچھا لباس
بریمن کافی ہے لباس صوف ہو — تا صفات حق سے تو موصوف ہو
مرد کو کسب جہان سے سود ہو — کسب او سے اندیشۂ نابود ہو
مردرہ کو ہووے قالین بوریا — خشت گور اوسکو ہے بالین سوا

بیان تواضع و صحبت درویشان

سمجھین گر ہو عقل و دانش و تمیز — چاہیے درویش ہو تو اے عزیز
بہرہ ور ہو صحبت درویش سے — گر حذر تو غیبت درویش سے
حب درویشان ہے جنت کی کلید — لعنتی ہین انکے دشمن اے سعید
جامۂ درویش صوف و دلق ہے — کسب انہین فکر ہو اے خلق ہے
مرد جبتک نفس کے تابع رہے — غیر ممکن ہے خدا اوسکو ملے

مرد رہ کیا سمجھے قصر و باغ کو
اوسکے دل مین جاے درد و داغ ہو

گھر بنائے تو جو مثل آسمان
تو بھی تو زیر زمین ہو گا نہان

شکل رستم ہو جو تیرا زور و شور
صورت بہرام کہا لیوے گی گور

آخرت سے اے پسر غافل نہو
دولت دنیا سے تو خوشدل نہو

تو بلیات جہان مین صبر کر
شکر کر ہون نعمتین حاصل اگر

بیان دلائل شقاوت

چار چیزین یہ جو ہین اے مہربان
تو انہین آثار بدبختی کے جان

جاہلی و کاہلی اے یار ہین
بیکسی و ناکسی یہہ چار ہین

جو کہ ہے پند عبادت مین مدام
ہے وہی اہل سعادت الکلام

جسنے تائید ہوا و حرص کی
نفس پر اپنے نہو قادر کبھی

مست خواب و خور ہے جو یار اے پسر
حشر مین آتش مین ہو اوسکا گذر

دور کر دل سے مراد و آرزو
پھر کھڑا ہو جا خدا کے روبرو

کامرانی جو کرے ناکام ہے
مرد رہ کو نام سے کیا کام ہے

امر و نہی حق پہ رکھہ اپنی نظر
پیروی نفس کا فر تو نکر

کامرانی تو نے گر یاران ترک کی
عیش مین بیشک کٹے گی زندگی

امر و نہی حق کو سن دل سے ذرا
جاے شادی کب ہے دہر بیوفا

بیان ریاضت

چاہتا ہے گر کہ ہووے سربلند
آپ پر کر لے در راحت کو بند

بند رکھے جو در راحت مدام
اوسپہ کھلجائین در دار السلام

غیر حق طرف ہو نہ دے جو کوئی اے پسر
اوس سے دنیا مین نہین گمراہ تر

اے برادر ترک عز و جاہ کر
آپ کو شایستۂ درگاہ کر

مینہی ہے جاہ پستی کی طرف — اور عزت تن پرستی کی طرف
خوار ہوگا تو نہ ہرگز جاہ ڈھونڈہ — اے پسر لازم ہے وہ درگاہ ڈھونڈہ
نفس ترک حرص مین ہووے غریب — گوشمال نفس بد ہے یہ عجیب +
یاد حق سے کب ہے امین دل ترا — نفس مارہ سے ہے محشر بپا
جسکو یاد حضرت صانع رہے — ایک ہی لقمے پہ وہ قانع رہے
روز کی روزی پہ تو کر اکتفا — گر نہووے کر خدا سے التجا

بیان مجاہدت نفس

نفس کافر کی ہے قاتل تین چیز — مین بیان کرتا ہون تو سن اے عزیز
خنجر خاموشی و شمشیر جوع — نیزۂ تنہائی و ترک ہجوع
جو کہ ان ہتیارون کا شید انہو — نفس کج اوسکا کبھی سیدھا نہو
در دل سے تیرے جب اللہ ہے — نفس شیطان لعین ہمراہ ہے
اہل دنیا کو ملے جب سیم و زر — کیون نہ کہائین لقمۂ شیرین تر
جو کوئی یان محو سیم و زر رہے — حشر مین وہ شرمسار و مضطر رہے
کار عقبے جسنے دنیا مین کیا — کرتا ہے لطف و کرم اوسپر خدا
ہے یہ دنیا نابکارون کے لیے — عاقبت پرہیزگارون کے لیے
ہے عدو ابلیس تیرا اے پسر — خوش ہو وہ تو دوزخی ہووے اگر
جو گل دنیا مین آلودہ رہے — عاقبت مین خاک حاصل ہو اوسے
یاد حق مین اے پسر مشغول رہ — خلق سے تو دور مثل غول رہ

بیان فقر

فقر کو ظاہر نکر تو اے پسر — واسطے اپنے ذخیرہ تو نہ کر
کل وہی رازق کہ جان دیگا تجھے — غم نکھا کچھہ آب و نان دیگا تجھے

مثل مور دانہ کش کب تک رہے | مرد ہے تو فاقہ کر جب تک رہے
ہو توکل پر جو فقیر وزی تجھے | مثل مرغان وہے خدا روزی تجھے
شکر حق لاوے بجا مرد فقیر | اوسکو ملجاوے اگر نان فطیر
خم نہو تو پیش منعم مثل طاق | تا نہووے شامل اہل نفاق
مرد رہ کو شرم کیا ہو خلق سے | کب ہو نفرت جاہ سے دلق سے
رہتا ہے جسکو نکونامی کا دھیان | عام ہے وہ خاص تو اوسکو نہ جان
گر نہ اصلا فکر تزئین ہو تجھے | کب خیال مرکب وزین ہو تجھے
دور جب دل سے ہوئی حرص وہوا | جان لے حاصل ہوا وصل خدا

حقیقت نفس امارہ کی دریافت کرنیکے بیان مین

قطعہ

ہے شتر مرغ اے پسر یہ نفس شوم | لیک رکھتا ہے اثر مانند بوم
بار اوٹھانے کا اوسے یارا نہین | طائرون کی طرح اڑسکتا نہین
اسکو اڑنے کو اگر کہیے شتاب | وہ شتر ہے بس یہی دیوے جواب
بار اوٹھانے کو اگر کہیے اوسے | یہ کہے طائر ہے کیونکر بوجھ یہ اوٹھے
اسکا ہے مثل گیاہ زہر رنگ | ذائقہ اور بو سے پر کرتا ہے تنگ
طاعت اللہ مین وہ سست ہے | معصیت مین دیکھیے تو چست ہے
نفس بد کو قید کر زندان مین | کر خلاف اوسکے جو ہو نکے کان مین
کر مراد نفس بد سے تو حذر | پرورش دشمن کی تو ہرگز نکر
تشنگی اور بھوک ہے اسکا علاج | تاکہ اوسکا آوے طاعت پر مزاج
مثل اشتر راہ پر آوے سپر | بار طاعت کو اوٹھالے پشت پر
بار طاعت سے چرا اے گر تو جان | مثل سگ تیری نکل آئے زبان
جو کرے گا سرکشی اس بار سے | ہوگا خم لعنت کے وہ انبار سے

قطعہ

بہا کے مانند شتر مرغ اے جوان — بار طاعت کے اوٹھانے سے جو پہان
کیا عجب اوسکا پر پرواز اگر — ٹوٹے اور ہووے وہ عاجز سر بسر
بار سے اوسکے تحمل جو کرے — زندگی مین وہ تجمل سے رہے
جب کیا بار امانت کو قبول — تو نہو اوسکے اوٹھانے سے ملول
خود فضولی کی ازل مین بے سبب — اور فضولی کی جہولے کے سبب
کام کر تو اے سپہ غافل نہو — جب بلی تو نے کہا کاہل نہو
کاہلی جو طاعت حق مین کرے — ہو جہان مین گمرہی حاصل اوسے
تیز رو طاعت مین مثل باد ہو — کام سے دنیا کے تو آزاد ہو
ہے کمین مین وزدرہ پر خوف ہے — رہبر کامل سے غفلت تا کیے
دور منزل سر پہ ہے بار گران — سعی کر تا پہنچے قبل کاروان
جسکے سر پر رہ مین ہو بار گران — خون بہی آنکھون سے اوسکی بیگمان
لاش بہاری ہے سبک کر بار کو — تا کہ رستے مین کہین مشکل نہو
زیر بار جیفۂ دنیاے دون — ہو گیا اے بیخبر خوار و زبون

ترک خودستائی و خودآرائی کا بیان

تو نکر دستار سے اسبذیب سر — ہوسکے تجھسے تو خوش ہو دلکو کر
تو کرے عینک نہ ترک عز و جاہ — کون دے سر پر جگہ مثل کلاہ
کب ہے مردے تنکے آرایش مین ہے نقصان جان — تنکے آرایش مین ہے نقصان جان
تن کو تقوے سے نہین بہتر لباس — کب تکلف کا ہوا مردونکو پاس
جو کہ ہو پابند آرایش نہان — ہے وہی فرزند آسایش نہان
عاقبت مین وہ رہے گا نامراد — وہ نہو گا عیش کے بہرہ سے شاد
خودستائی پیشہ ہے شیطان کا — آپ کو کم سمجھے ہو مرد خدا

آپ کو آدم سے جو مہتر کہا
اسلیے مردود شیطان ہوگیا

خاک ہو مردم تواضع کے سبب
سرکشی سے گم ہو نور نار سب

راندہ ہے شیطان استکبار سے
اور مقبول آدم استغفار سے

مقبل استغفار سے آدم ہوا
خوار استکبار سے شیطان رہا

دانہ ہو افتادگی سے سربلند
خوشہ کا سر کاٹ مین ہووے گر بلند

بیان آثار الٰہی

چار چیزین ہین نشان الٰہی
تجھکو بتلاتا ہون بہر آگہی +

بد نہ تجھے آپ مین گر عیب ہو
ڈھونڈ ہے خلق اللہ کے وہ عیب کو

بوے کے کشت دل مین تخم بخل تو
رکھتا ہے جود و سخا کی آرزو

خلق جسکے خلق سے خوشنود ہو
قدر منظور اوسکی ہو معبود کو

دہر مین بدخوئی سے رکھے جو کام
کام بدروئی سے ہو اوسکو مدام

خوے بد تن کو بلاے جان ہوے
مردم بدخو بھی ہے انسان کوے

بخل ہے برگ و رز نخل سقر
ہے سگ مسلخ بخیل بے ہنر

روے جنت کو نہ دیکھے گا بخیل
ہے وہ مثل پشہ زیر پاے پیل +

دور رہ بخل بخیلان سے مدام
تا کہین ابلہ نہ تجھکو خاص و عام

بیان عافیت

تا کہ تجھکو ہو بلاؤن سے نجات
کر حذر دو چیزون سے اے نیکذات

نفس و دنیا سے حذر کر تو مدام
تا بلاؤن سے نہووے تجھکو کام

ہو جو حرص و آز کا تو مبتلا +
ہر طرف سے گھیر لے تجھکو بلا

سیم و زر رکھتا نہین جو بی گمان
وہ جہان ہو اوسکو حاصل ہو امان

نفس و دنیا ترک کر تو اے سپہ
تا رہے تو ہر بلا سے بے خطر

سیکڑون انسان برای نفس زار — پھنسکے آفت مین ہوئی غم سے نزار
بہر نفس شوم و بد مرغ ہوا — دام مین صیاد کے آکر پھنسا +
تاکہ ہو آرام تیرے دل کو یہان — جان یکسان بود و نابود جہان
ڈر عذاب حضرت قہار سے — ہاتھہ اوٹھا مومن کی تو آزار سے
آفتون مین یاد کر خالق کو بس — کون ہے حق کے سوا فریادرس

قطعہ

گر کسی کو تونے پہونچایا ہے رنج — عذر کر تا عفو کا حاصل ہو گنج
ورنہ جب دن حشر کا آجائیگا — عرصہ گہ مین ہوگا وہ دشمن ترا
تجھکو استغنا کی گر خواہش رہے — کر قناعت تاکہ حاصل ہو تجھے

بیان عقل و عاقلان

جو کہ ہووے صاحب عقل و شعور — چار چیزون سے رکھے اپنے کو دور
ناسزاؤن سے نہ کام اپنا رکھے — اور نہ ساتھہ انکے کبھی نیکی کرے
عقل ہو تو میل بدکاری نہ کر — جب یہ حاصل ہو سبکساری نہ کر
قلب جسکا علم سے روشن رہے — تندرستی تن کی حاصل ہو اوسے
تاکہ حاصل ہو جہان مین آبرو — ہاتھہ اوٹھا ہرگز سخاوت سے نہ تو
تاکہ تو عالم مین ہووے دادگر — زیردستونکو تو خوش رکھہ اے پسر
پند پر اپنے جو ہووے کاربند — سنتے ہین سب گوشدل سے اوسکی پند
اپنے گفتارون سے جو خود ہو ملول — کب کرے کوئی اوسکی باتونکو قبول
ہون شریعت مین جو باتین ناپسند — دور ہو اون سے اگر ہے ہوشمند
کام تیرا ہو درست اے نیکنام — رکھہ نہ تو خود مطلبی سے اپنے کام

بیان رستگاری

رستگاری کی ہے باعث تین چیز — یاد رکھہ اسکو تو اے طفل عزیز

ایک تو دلکو ہو خوف ذوالجلال | ایک فکر دوسرا ہش قوت حلال
چلنا راہ راست پر مردانہ وار | جسمین یہ خصلت ہے وہ ہی رستگار
گر تو ضعیع تو کرے گا بے گمان | دوست جانیگی تجھے خلق جہان
سر نہ دنیا دار کے آگے جھکا | ہاتھہ سے جاتا رہے گا دین ترا
حرص سے جو کوئی دنیا دار ہو | بیگمان اوس سے خدا بیزار ہو
وصف دنیا دار بہر زر نگر | مرد کب مسہ دار پر ڈالے نظر
مردے ہین یہ اغنیاے روزگار | مردون سے صحبت نرکھہ ای ہوشیار
مال وزر گرہا تھہ مین آیا تو کیا | آخرش تو گور ہوگی تیری جا

بیان فضیلت ذکر

روز و شب کر اپنے دل سے یاد حق | ہے اگر معلوم عدل و داد حق
زندہ رکھہ ذکر و لے صبح و شام کو | کر نہ غفلت مین بسر ایام کو
یاد خالق کی غذائی روح ہے | اور دوائی سینۂ مجروح ہے
یاد حق مونس اگر ہو جان کی | آرزو تجھکو نہو ایوان کی
جس گھڑی غافل تو رحمان سے رہے | کام بیشک تجھکو شیطان سے رہے
ہو نہ غافل ذکر حق سے گاہ تو | دو جہان مین تا ہو تیری آبرو
ذکر کر اخلاص سے تو ہو کے چست | ذکر بے اخلاص کب ہووے درست
تین صورت ذکر کی ہے بخلاف | تو نہ جان اسبات کو لاف و گذاف
ہے فقط ذکر زبانی ذکر عام | ذکر خاصان دل سے ہو بیشک مدام
ذکر سر ہے ذکر خاص الخاص کا | ہے وہ خاسر جو نہین ذاکر سدا
ذکر بے تعظیم بدعت ہے مدام | کیونکہ اوس مین شرط حرمت ہے مدام
ذکر ہر ہر عضو کا ہووے جدا | سات اعضا ذکر کرتے ہین سدا
ذکر آنکھون کا ہے ای فرخندہ فر | قطعہ ہونا گریان خوف حق سے بیشتر

دیکھنا صنعت کا خالق کے مدام | غرق رہنا اوسمین ہر دم صبح و شام
ذکر پیر یا رسے عاجز ہے سدا | ہے زیارات اقارب ذکر یا
استماع قول حق ہے ذکر گوش | ذکر کر رکھتا ہے گر تو عقل و ہوش
ذکر دل ہے شوق رب پاک ذات | جہد کرتا تجھکو حاصل ہو یہہ بات
جہل سے کرتا ہو جو ہر دم گناہ | کیا مراد یوے اوسے ذکر الٰہ
پڑہتا ہے قرآن کا ذکر زبان | یہ نہین جسمین ہے مفلوک زمان
شکر نعمت ہاے حق کر صبح و شام | تا کہ پاے نعمتین حق کی تمام
حمد خالق کو تو کر ورد زبان | تا نہو برباد عمر جاودان
غیر ذکر حق نہ لب اپنے ہلا | کام کیا پاکون کو ہے اسکے سوا

بیان عمل چار چیز

خوب ہے سبکے لیے یہ چار چیز | یاد رکھہ اسکو تو اے طفل عزیز
ایک تو یہ ہے کہ ہووے دادگر | اور اپنے عقل سے ہو باخبر
اور شکیبائی سے ہر دم رکھنا کام | حرمت انسان بجا لانا مدام

بیان خصلت مذمیہ

چار چیز ہین اور یہ ہین اے پسر | بد جو سارے خلق سے ہین سر بسر
ایک اونمین سے حسد ہے جان لے | ہے تکبر دوسرے تو مان لے
تیسری خشم و غضب ہے اے پسر | ہے بخیلی چوتھے اوسپر رکھہ نظر
اے پسر ان خصلتون سے کر حذر | کیونکہ یہ سب خصلتین ہین زشت تر
غل و غش سے صورت زر پاک ہو | گور مین جانیکے آگے خاک ہو
حرص کو چھوڑ اور قناعت پیشہ کر | کچھہ تو اپنے موت سے اندیشہ کر
رہ ہمیشہ دوستون مین صبح و شام | روی دشمن کو نہ دیکھہ اے نیکنام

بیان سعادت ونصیحت

چار چیزین ہین سعادت کی دلیل — شرح اونکی سن تو اے مرد عقیل
جسمین کچھہ ہووے سعادتکا نشان — بیگمان وہ ہے صلاح دوستان
جسکی ہوتی ہے سعادت رہنما — صبر کرلے گر کرے کوئی جفا
ہوتے ہین بخت وسعادت جسکے یار — ہوتا ہے دشمن سے اپنے سازگار
تجھسے گر گشتہ ہو نفس پلید — اے برادر جان اپنے کو سعید
یاد سکے ساعد کا عالم کہ جسنی دیکھا ہو وہ ہیدم
بڑی گلگشت جای غلمان خجال ہر تا ہی ان حسین کا

بڑا ہو بدبخت عاشقی کا نہ دین ہو پر یا دیون کسی
بنام تیغ قضای ہر دم لقب ہی قاتل کا آستین کا

اگر ہو پیدا پا پر سمندر یقین ہی ہو خاک مین جلکر
بنا ہی عشق تبان مین یکا نشان سجدہ مرا حسین کا

طبع انصاف دوستان سی کہ اتنا فرمایین سب ادا سے
کیا ہی ناسخ نے آسمان سے بلند تر یہ اس زمین کا

آتش

تار تار پیرہن مین بھر گئی ہے بوی دوست
مثل تصویر نہالی مین ہون ہا پہلوی دوست

چہرہ رنگین کوئی دیوان رنگین ہے مگر
حسن مطلع ہین مسین مطلع صاف ابروی دوست

ہجر کی شب ہو چکی روز قیامت سے دراز
دوش سے بچی نہین اوتری ابھی گیسوی دوست

دور کر دل کی کدورت محو ہو دیدار کا
آئینہ کو سینہ صافی نے دکھایا روی دوست

واہ ری شانہ کی قسمت کسکو یہ معلوم تھا
پنجہ شمل سے کھلین گے عقدہ ہای موی دوست

داغ دل پیر خیر گذرے تو غنیمت جانیے
دشمن جان ہین جو آنکھین دیکھتی ہین سوی دوست

دو مرتبے زخم کاری سی تو حسرت سی ہزار
چار تلوارون مین شل ہو جائیگا بازوی دوست

فرش گل بستر تھا اپنا خاک پر سوتی ہین آپ
خشت زیر سر نہین ہا پنجہ تہا زانوی دوست

یاد کر کے اپنی بربادی کو روتی ہین ہم
جب اوڑاتی ہی ہوای تند خاک کوی دوست

اوس بلای جان سے الفت ویکسی کیونکر نہ ہو
دل سوا شیشے سی نازک دلسی نازک خوی دوست

نساخ

کب بہرہ مند ثنای صولت سی ہم نہین
کب چاک اپنی ہاتھون سے دامان غم نہین

گالی مجھے جو دی تو جلی غیر رشک سے
اوس بت کی دشمنی بھی محبت سے کم نہین

ہوتا ہون قتل لطف و عنایات یار سے
مین زیر بار منت تیغ ستم نہین +

کہتے ہین غیر حال مرا دیکھہ دیکھکر
تیغ جفا سے تیرے وفا یار کم نہین +

کرتا ہے مجھکو قتل ترا وعدۂ وصال
دمبار تیغ تیز سے کم تیرا دم نہین +

آسان بہر اہل دول ہے جہان کی سیر
کم خط جام سے کبھی نقش درم نہین +

اوس بت کی ہجر مین جو ٹپکتی مین اشک صاف
سنگ چکان سے کم مرے چشمان نم نہین +

حل ہو گیا ہے مسئلہ جبر و اختیار
مین قید زلف یار اوسے میرا غم نہین +

نساخ ہے جو طائر مضمون کی فکر مین
شہباز تیز پر ہے ہمارا قلم نہین

خاتمہ الطبع

جان آفرین خدای را سپاس کہ رسالۂ نادرۂ اعجوبہ بیان بتحقیق حقائق اردو زبان موسوم بہ زبان رنجیتہ تصنیف لطیف سحر پرور جادو نگار جناب مولوی عبد الغفور خان بہادر نساخ سلمہ الغفار در مطبع نامی جناب معلی القاب منشی نول کشور در لکھنو باہ جون سنہ ۱۸۶۶ع مطابق جمادی الاول سنہ ۱۲۹۱ ہجری نجیو شتیر اسمال

زیور تمامی در برکشیدہ سرمہ کش ارباب بصر گردید

هُوَ الغفور الرحیم

تذکرۂ مقطعات اُردو مسمّے بنام تاریخی

قطعاتِ تاریخ

از نتائج افکار فیاض طبع ذکی عبد الغفور خان بہادر متخلص بہ نتاج

بحسن تصحیح و زیبا تسطیر و اوان سعادت اقتران

مطبع نامی منشی نول کشور میں بطبع مزین طبع ہوا



بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد خدا و نعت سرور انبیا محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وعلی آلہ الاطہار و اصحابہ الکبار سراپا قصور **عبد الغفور** متخلص بہ **نساخ** خدمت ارباب فن مین گذارش گر ہے کہ ایک دن بمجمع احباب مین ہر قسم کے شعر پڑہے جاتے تھے اس مین خیال آیا کہ اگر شعراے متقدمین و متاخرین زبان رنجتہ کے مقطعات عمدہ جہان تک دستیاب ہون بتقید ردیف جمع کرین جا بجا اور تخلص اور نام و نشان شاعر بھی بقید حروف تہجی ہر ردیف مین تحریر پاوین تو ایک معقول یادگار رہجاے گا کہ کسی نے آجتک ایسا تذکرہ جمع کیا نہین اسپر راقم نے کمر ہمت چست باندہی اور تہوڑے عرصہ مین بہت سے دیوان اور تذکرہ سے چن کر ترتیب پاڑہے پانسو مقطعون کے جمع کیا اور نام تاریخی اسکا **مقطعہ منتخب** رکہا نکتہ چینان زبان دخردہ بینان دوران سے امید ہے کہ اگر کہین غلطی پاوین نکتہ چینی سے باز آئین اور خردہ بینی سے ہاتہہ اوٹہائین مصرعہ کہ ہیچ نفس نیست بغیر فالی از خطا نبود

ردیف الف

اثر تخلص سید محمد میر دہلوی حضرت خواجہ میر درد قدس سرہ کے چہوٹے بہائی شعر انکے نہایت عاشقانہ و دردمندانہ ہوتے ہین دیوان اور مثنوی انکی نظر سے گذری

کیا کہیے اثر تو آہی تک دیکھیے
یون حال اپنا تباہ کرنا
ہی ابکی بجا خدا خدا کر
پھر اور تبون کی چاہ کرنا

احسن تخلص مرزا احسن علی دہلوی تلمیذ ضیا وسود انواب صف الدولہ بہادر کی سرکار مین صیغۂ شاعری مین ملازم تھے خوشنویسی اور نکوئی بیان مین مشہور تھے دیوان انکا نظر راقم سے گذرا

آشنا مطلب ہی کا دیکھا جسے دیکھا ہی یار
اس زمانے مین نہین کوئی کسیکا آشنا
آشنا ہر ایک کو سمجھا نکہ کہتا ہون مین
فہم ہے گر تجھکو ہو میرے سخن کا آشنا

اختر تخلص قاضی محمد صادق خان مرحوم ولد قاضی لعل محمد مغفور باشندۂ ہوگلی شاگرد مرزا قتیل لکھنؤ و اطراف لکھنو مین ہمیشہ عہدۂ جلیلہ پر مامور رہے محامد حیدریہ و دیوان فارسے ورسختہ وگنج نیرنج وتذکرۂ آفتاب عالمتاب ومثنوی سراپا سوز وغیرہ بہت سے تصنیفات وتالیفات ان کے مشہور ہین زبان فارسی واردو کو خوب جانتے تھے فن شعبدہ مین کمال تھا لیمیا گر مشہور تھے اور بہت سے فنون مین دخل رکھتے تھے نظم ونثر انکی نہایت مرغوب ہے انکا دیوان ومثنوی ومحامد حیدریہ نظر سے گذری ✣ ✣

کل شیخ نیکے مجتہد عصر ساقیا
دکھلا کے باغ سبز نواب وعذاب کا
کہنے لگا زراہ تخبتہ مجھے بہ طنز
معلوم ہوگا حشر مین پینا شراب کا
مینے کہا کہ مین بھی ہون یہ خوب جانتا
پر کیا کرون کہ ہے ابھی عالم شباب کا
گستاخی ہو معاف تو اک عرض مین کرون
لیکن نہ کیجیے مجھے مورد عتاب کا
می ہو اور کنج باغ ہو ساقی ہو ماہ وش
اور کوئی بھی مخل نہو باعث حجاب کا
گردن مین ہاتھ ڈال کے وہ شوخ دلربا
بہ ریش جبہ جلوہ ہے رنگ خضاب کا
کھینچ اوسکو اور اپنے ملا کر وہ منہ سے منہ
دے ڈالنہ زبان کو دہن کے لواب کا
منت سے یون کہے کہ ہمارا لہو پیے
گر پی نجائے بلکہ پیالہ شراب کا
اوسوقت مین سلام کرون قبلہ آپ کو
گر کچھ بھی خوف کیجیے روز حساب کا
اور انخان بغیر تو یہ آپ کا غلام
قائل نہین ہے قبلہ کسی شیخ وشاب کا

آزاد تخلص کپتان الگزنڈر ہیڈرلی بن مسٹر جیمس ہیڈرلی شاگرد نواب زین العابدین خان عارف سرکار الور ہین عہدۂ کپتانی پر مامور ہین دیوان انکا نظر سے گذرا +

ہنسے جو آنکھہ گاڑ کر دیکھا | حسن اوس رشک ماہ کامل کا
رخ روشن پہ جم گئی پتلی | سبکو ناحق گمان ہے تل کا

اسیر تخلص میر مظفر علی خطاب تدبیر الدولہ ولد میر مدد علی باشندہ قصبۂ امیٹھی مقیم لکھنؤ شاگرد مصحفی و امجد علی شاہ اودھ کے ملازمون مین ہین دیوان انکا نظر سے گذرا + +

کیا ذکر ہے اور ساتھیون کا | چھوڑا دل نے بھی ساتھہ اپنا
تنگ آئے ہین بخت ان تبونسے | تنہا کے تلے ہی ہاتھہ اپنا

اشفتہ تخلص حاجی عبد اللہ ولد عبد المجید باشندۂ سلمٹ شاگرد حضرت منعم راقم کے احباب مین ہین

وہی عالم اچھا تھا اشفتہ جسمین | وجود و عدم کا نہ رنج و محن تھا
نہ ہستی کا نام و نشان تھا ذرا کچھ | نہ ہم تھے نہ دل نہ غم جان و تن تھا
نہ خوف قیامت نہ تشویش دنیا | نہ مرگ اور نہ سودا ے گور و کفن تھا
نہ سر تھا نہ شور جنون کی یہ شورش | نہ دل تھا نہ اوسکا یہ دیوانہ پن تھا
کہلی آنکھہ خواب عدم سے تو دیکھا | اہل سرہ اور روبرو گور کن تھا

اصف تخلص وزیر الممالک نواب تیجے خان مرزا امانی آصف الدولہ بہادر خلف نواب وزیر شجاع الدولہ بہادر مولد انکا فیض آباد مسکن و مدفن لکھنؤ ۱۲۱۲ ہجری مین انتقال کیا تیراندازی مین خوب دخل رکھتے تھے انکے محامد و مکارم کا حال اظہر من الشمس ہے

حاجت بیان نہین دیوان انکا نظر سے گذرا

آج بیمار کو پھر دیکھا تھا مینے تیرے | وہی بیتابی تھی جی کی وہی گھبرانا تھا
کوئی ظاہر مین تو آثار نہین مینے کے | مرض عشق مین مین پہلے ہی پہچانا تھا

اظفری تخلص محمد ظہیر الدین مرزا علی بخت عرف مرزا کلان دہلوی کچھ روزون مدراس مین رہے وہان سے کلکتہ مین آکر بشاہجہان آباد کو چلے گئے

کئی دن ہین کہ یار نے مجھسے ربط بار و گر کیا پیدا
شکر للہ آہ نے میر سے اظفری کچھ اثر کیا پیدا

افسوس تخلص میر شیر علی خلف میر مظفر خان وارد فتہ توپ خانہ نواب قاسم خان عالی جاہ باشندۂ نارنول میر حیدر علی حیران اور میر سوز سے کسب سخن کرتے تھے آخر ایام مین اشرف البلاد کلکتہ مین آکر فورٹ ولیم کالج کی منشی گری مین مقرر ہوے تھے حضرت شیخ سعدی کی گلستان کو اردو مین ترجمہ کیا ہے ترجمہ مذکورہ اور دیوان انکا نظر سے گذرا

تو اوکہتا ہے جو مجھسے سخن ناحق پر مگر انصاف ہے اس دور سے ای جان اوتہا
غیر کے ملنے کی کہتا نہین ہے آپ قسم مجھسے کہتا ہے تو اسبات پہ قرآن اوتہا

وله

ملنے کہا کل اوس سے کہ افسوس ناتوان مایوس ہوکے کوچے سے تیرے چلا گیا
کہنے لگا کہ جانے سے اوسکے کسی ہے غم سودائی اسکا حکا جو یان سے گیا گیا

وله

ترے بیمار کو طبیبون نے دیکھکر غم سے سر کو دے مارا
اور کہا ایک آہ بھر کر یون کچھ خدا ہی سے اسکا ہو چارا

امانت تخلص سید آغا حسن خلف میر آغا رضوی لکھنوی شاگرد دلگیر مرثیہ گو لکھنویون کے انداز مین شعر اچھا کہتے ہین ۱۲۷۵ھ ہجری مین انتقال کیا کلیات انکا نظر سے گذرا

آنکھون مین ہے پیر تا سحر وصل کا عالم اندیشہ رقیبون کا نہ اغیار کا دھر کا
سونا کسی مہرو کا لپٹکر وہ گلے سے تھمتی ہی دوہو اصبح کی وہ نور کا تڑکا

انشا تخلص میر انشاء اللہ خان خلف حکیم ماشاء اللہ خان مصدر دہلوی نجفی الاصل تھے مولد انکا مرشد آباد مسکن لکھنؤ وزیر الممالک نواب سعادت علی خان بہادر کے مصاحبون مین تھے بہت سی زبانون سے واقف تھے اور بہت سے فنون مین دخل

رکھتے تھے مشکل قافیون مین شعر عاشقانہ خوب کہتے تھے مشہور ہے کہ کچھ روز ون
میان مصحفی سے اصلاح لیکر منحرف ہوکر اونکی ہجو لکھی تھی میان منظر نے اوسکا جواب لکھا ہے
کلیات انکا نظر سے گذرا

مستعد اوٹھنے پہ بیٹھے تھے مری گھر مین کہ رات
بوندین پڑنے لگین اور ابر سا اک چھا آیا
تب لگے کوٹ کے ماتھہ کو یہ کہنے ہے ہے
مجھے رہنا ہی پڑا تھا یہ کیا آیا
کیا برسنا تھا اسے میری ہی گھر جانے وقت
اسلیے کس گھڑی یا دل یہ نگوڑا آیا

وله

انبونا دان ہو سنا چاہو سو پیارے کہلو
پیر تمین ہو ویگا نقصان یہ گالی دینا
آخر ش ہوگے جوان پیر تو کسے بہائیگا
چند روز اور ہی مہمان یہ گالی دینا

وله

گر وقت سحر جائیے ہوتا ہے یہ ارشاد
ہے وقت ملاقات سر شام ہمارا
پھر شام کو آئے تو کہا صبح کو یون ہی
رہتا ہے سدا آپ پہ الزام ہمارا

تجلی تخلص میر حسن عرف میر جی دہلوی خلف میر محمد حسین کلیم خواہر زادہ
میر تقی بڑے ظریف تھے لیلی و مجنون کا قصہ ریختہ مین نظم کیا ہے دیوان انکا
نظر سے گذرا

وارفتگان عشق کا سن حال ہنسئین
بیرون شہر جاتا تھا کل پین چلا ہوا
توتے سے ایک قبر نظر آگئی مجھے
جانا کہ دل شکستہ ہے کوئی یان دبا ہوا
اک بیکسی سے اوسپہ برستے تھے دیکھکر
رویا مین دیر ابر بمنط وہان گھرا ہوا
ناگہ سرہانے کی جو طرف جا پڑی نگاہ
لوح مزار پر تھا یہ اوس کے کہا ہوا
اے دردمند عشق جو اید ہر سے نکلے تو
تک ٹہر ایک دل شدہ ہے یہان گڑا ہوا
دو بول لکھ رکھے ہین نصیحت کے واسطے
دیکھہ اوسکو چشم دل سے اگر ہے پڑھا ہوا
زنہار دل کے جانے کو مت سہل جانیو
دل ہائے جسکو کہتے ہین وہ ہے گیا ہوا
دیوانہ پن ہی جاننا اپنا رفیق اوسے
بیگانہ ہے وہ جب کسی سے آشنا ہوا

بیگانگی تو ایک طرف بلکہ بے وفا — دشمن ہی اپنا دوست جہان اور رکا ہوا
سمجھا تھا مہین بھی منے کا جب دیکا قصد تھا — پر چپکا بار ہی دل بھی اگر دلربا ہوا
لیکن جب اختیار مین وہ اور رکے گیا — تو رفتہ رفتہ کیا کہون احوال کیا ہوا
چلنے لگے ہر ایک طرف سے خدنگ طعن — سینہ جگر نشانۂ تیر بلا ہوا
یک عمر جنکی دوستی مین صرف کی تھی ہے — اونمین ہر ایک دشمن جانی مرا ہوا
فصل بہار ہونے لگی پر خزان کے بیچ * — سرخ اشک زرد رخسہ جو آیا بہا ہوا
گلرنگ النسو ہو پہنچ جو دامن تلک بہت — ہر تختہ تختہ ہاے چمن سے سوا ہوا
کوہون سے چشمے اوترے مری چشم کے سبب — دریا مژہ نے مدتون رکھا چڑھا ہوا
ٹپکا کیا ہون راتونکو سرخون سے مرے — دیوار و در ہے دیکھلے اب تک رنگا ہوا
القصہ دم کی دم مین اگرچہ خوشی ہوئی — تو برسون تک غمون ہی مین جی مبتلا ہوا
چھوٹونگا دل کے ہاتھ سے جانا تھا بعد مرگ — لیکن نہ اس عذاب سے اب بھی رہا ہوا
دل کہنا اوسکو لطف نہین اب بغل کے بیچ — انگارا آگ کا ہے دہرا دہکتا ہوا
بوسیدہ استخوانونکو بھی لگ اوٹھی ہے آگ — یون شعلہ بیٹھتا نہین اوس سے اوٹھا ہوا
گر تجھکو اعتبار نہین دیکھہ اب تلک — حاضر ہے جابجا سے کفن بھی جلا ہوا
شاید عذاب قبر جو کہتے تھے ہے یہی * — دنیا مین تھا سو یہان بھی وہ آیا لگا ہوا
پہلو سے میرے اسکو نکال اب وگرنہ مین — آرام پر کہان نہ جو اوس سے جدا ہوا
سووے ہی گا نہ سونے ہی دیوگا یہ رقیب — تا صبح حشر تڑپونگا یون ہی پڑا ہوا
بالفرض بعد مرگ جو جنت مین بھی گیا — دوزخ تو میرے ساتھ ہے کیا فائدہ ہوا
حاصل کلام یہ ہے تجلی کہ میر جان — پچھتائیگا جو مرتکب اس امر کا ہوا
جی دیجیو پہ دل نہ کہین دیجو زنہار — دکھہ دی ہے دو جہان مین یہ ظالم دیا ہوا

ولہ

کل تجلی کو یار نے پوچھا — اکثر آتا تھا اب نہین آتا
اوٹھگیا شہر سے کہ روٹھا ہے — ہم تلک کیا سبب نہین آتا

اک خدا ترس نے کہا تجھسکو — کچھ ترس ہے غضب نہین آتا
تو ہی غافل ہے اوسکی حال ہی یہان — ورنہ اسجا وہ کب نہین آتا

وله

مجھے کہتے ہین کیون رہے تو وہ ہی جو رو رو کہتا تھا — الٰہی اوسکی پاؤن تک پسر ہی آرزو ہو بیخبا
ہوا گستاخ اب ایسا کہ خطرہ کچھ نہین کرتا — کبھو جیبھی پکڑلی ہے کبھو بازو کبھو پہونچا

تراب تخلص شاہ تراب علی منظور باشندۂ کاکوری متعلق لکھنؤ خلف وسجادہ نشین شاہ کاظم علیہ الرحمۃ صاحب کمال تھے پنجم ماہ جمادی الاول روز یک شنبہ ۱۲۵۵ھ ہجری کو انتقال کیا دیوان انکا نظر سے گذرا ۔

بنسکے کل بلبل شوخ کہنے لگا — مین جو وان تسب اتفاق گیا
دل سے تیرے ابھی تلک اے پیر — عاشقی کا نہین مذاق گیا

جرأت تخلص شیخ قلندر بخش خلف حافظ امان دہلوی مقیم لکھنؤ شاگرد جعفر علے حسرت اونیس برس کی عمر مین چیچک کے عارضہ سے بصارت انکی زائل ہوگئی تھی نجوم اور موسیقی مین کمال رکھتے تھے ستار خوب بجاتے تھے مزار سلیمان شکوہ بہادر اور نواب محبت خان کی رفاقت مین تھے مضامین معاملات عاشق ومعشوق کے باندھنے مین بے مثل تھے اشعار انکے خوش ادا اور نہایت دلچسپ وعاشقانہ ہوتے ہین
۱۲۵۵ھ ہجری مین انتقال کیا دیوان انکا نظر سے گذرا

کسی نے میری طرف سے جو یہ لگادی بات — کہ شبکو یہ کسی محبوب سے دوچار رہا
تو کیا سنا کے مجھے وہ سبھون سے کہتا تھا — کسیکے قول وقسم کا نہ اعتبار رہا

وله

گر روبرو اوسکے کسی غمخوار کو پیچے — کچھ حال سناتا ہون مین باچشم تر اپنا
تو کیا کہون کہتا ہے عجب شکل سے مجھکو — کچھ ہونٹون ہی ہونٹون مین وہ منہ پھیر کر اپنا

وله

کہون قسمت کی کیا خوبی عجب عالم کی ساعت ہے — محبت مین مگر تا ہے یون ہی کیا کام انکا

نہ باہم نامہ و پیغام ہے نے جا سکون ہون مین
نہ آنا یہان کسی صورت سے ہو سکتا ہی جانا کا

ولہ

تماشا ہے کہ جی وزرو نہین اوسکی اقربا خوش تھے
تو ناحق بہر گیا تھا ہمسے دل اوس آفت جان کا
ہوا وہ خوش تو اب لوگون نے اوسکی یہ منادی کی
نہ وہان جاوے کوئی یہانتک نہ یہان آوے کوئی وہانکا

ولہ

کیا اس عشق کی وحشت نے کیا دیوانہ جرأت کو
عجب احوال دیکھا ہمنے کل اوس خانہ ویران کا
تر ہے تھی موے سر تا پا لباس تن تھا عریانی
بچھا یا خاک پر تھا بستر اخار مغیلان کا
کبھی اوتھہ دوڑتا تھا وہ کبھی لوٹے تھا کانٹون پر
نہ تھا کچھ ہوش اوس وحشی کو اپنے جسم عریان کا
نکلتا تھا کسی سے بات ہر گز اک مگر مقطع
یہی ورد زبان تھا اوس مریض درد ہجران کا
کچھ ایسا کر گیا بیہوش جانا مجھکو جانان کا
نہ جیکو ہوش ہے دلکا نہ دلکو ہوش ہے جان کا

ولہ

اگرچہ آمد صبح قیامت سے زمانے مین
ہر اک الودہ خواب عدم یکبار اوٹھہ بیٹھا
بشکل خفتگان نقش قالی خواب مستی سے
نہ کی جنبش نہ لی کروٹ نہ مین ہرشا راوٹھہ بیٹھا

ولہ

اب حقیقت کیا کہون تیرے مریض عشق کی
ماجرا اوسکا مفصل کب سنایا جائے گا
دیکھکر جسکو طبیبون نے کہا منہ پھیر کر
حال اس بیمار کا ہمسے نہ دیکھا جائے گا

ولہ

لوگ کہتے ہین جو وہ بیزار ہے تو بھی نہ بول
تیرے کہنے رہنے سے کچھ اک وضع پر آجائیگا
لیک سچ تو یہ ہے وہ روٹھے تو روٹھی مجھسے پر
دل مرے بیمین نہین مجھسے نہ روٹھا جائیگا

ولہ

لگتی نہین پلک سے پلک آہ کیا کرین
قسمت مین کیونکہ وصل ہو اوس رشک ماہ کا
یہ بخت سو گیے کہ برستے ہین اوسکو بھی
وہ دیکھنا جو خواب مین تھا گاہ گاہ کا

ولہ

یہ وصیت ہے اور اوینا نہ ازبہر خدا
کر کے خاکستر کو ٹھنڈا وہان اور ایجائیو
بلبل کہین گر سوز دل سے ہم گلشن لے صبا
جس زمین پر لوٹتا ہو اوسکا واسی بھیجیو

ولہ

برمین وہ شوخ تہا اور سیر شب ماہ تہی رات
پر گیا صبح سے وہ گھر تو یہی دہر کا ہے
اپنے گہر کیا کہین تہی انجمن آرائی کیا
دیکہین آج اوسکا عوض لے شب تنہائی کیا

ولہ

کل سو خرابیون سے جو مین زار و ناتوان
سو اوسکی شوخیان کہون کیا کیا کہ ہاے سے
اوتہہ اپنے گہر سے کوچۂ دلدار تک گیا
صورت دکہا دکہا کے وہ پیچہے سرک گیا

ولہ

کہون کس سے مصیبت اپنی جا کر کیا کرون یاد
یہ کل کی بات ہے اک مدعی اوسکو جتاتا تہا
تجہے جرات کی بہی با تو پنہ ہو کچہ دہیان اپنے
کہ تجہکو دیکہکر کیا کیا وہ شکل اپنی بناتا تہا
کبہی حسرت سے تک رہتا تہا منہ کو تیرے منہ کی
کبہی اوٹہنا نراور یافت کر کے تلملاتا تہا
گہے رکہتا تہا دل پر ہاتہہ گاہے سر کو زانو پر
کبہی بہرتا تہا آہین اور کبہی آنسو بہاتا تہا
کرے ہے تجہکو رسوا سب یہ باتین تیری خاطر تہی
کہ وہ تیری اور اپنی چاہ لوگون کو جتاتا تہا

ولہ

نہین کرتا وہ بات اب یا یہ باتین تہین اگر اوسکو
سیں دیوار سے آوازین اپنی سناتا تہا
تو مضطر ہو کے گاہے بام پر جاتا تہا وہ پیرو
کبہی گہبرا کے بیتابی سے دروازہ پر آتا تہا
گئی الفت تو پیروہ کون اور ہم کون اے جرات
ہمارے اور اوسکے اک محبت ہی کا ناتا تہا

ولہ

حضرت دل نہ کسی پر مریے
ورنہ دیکہو مین کہے دیتا ہون
بات یہ دہیان مین تک لایئے گا
مرتے مرتے یونہین مر جایئے گا

ولہ

گر بادل کسی مہ وش کو کسی عاشق نے — تو سنا ہے کہ اون دونون مین یارانہ ہوا
پر دیا مینے جسے دل مجھے اوس سے اب تک — آنکھہ سے آنکھہ ملانے کا بھی یارانہ ہوا

ولہ

اے فلک جس سے وہ خورشید رو ہوتا میرا — ہاے ایسا میری قسمت کا ستارا نہ ہوا
سچ کہا ہے کہ تجلی کو نہین ہے تکرار — وصل قسمت مین مرے اوسکا دوبارا نہ ہوا

ولہ

نہ جیتے جی کبھی آئے وہ اور آئے تو یون آئے — نہ پوچھو کچھ نہ پوچھو مجھسے عالم اونکے آنے کا
کہ وقت نزع آبالین یہ میرے چیونٹیان وہ — لگے کہنے کہ کچھ دیکھا نتیجہ دل لگانے کا

ولہ

گر اوس سے یہ کہتا ہون ذرا اللہ سے ڈر ظالم — مرا جاؤنگا گر یونہین ترے ظلم سہون گا
تو وہ بت بیدرد یہ چیون مین کہے ہے — کیا خوب ترے کہنے سے مین کیون نہ ڈرونگا

ولہ

تصویر مصور جو کوئی کھینچ دے اوسکی — تو کچھ نکہونگا نہ کچھ اوس سے مین سنونگا
پر سامنے ہوگی جو مرے یار کی صورت — بیٹھا ہوا ذرات بلائین تو مین لونگا

ولہ

کل اوس خونخوار کی محفل مین جو ہی — دل بیتاب مجھکو کھینچ لایا
تو اوسنے یہ سمجھکر منہ کو پھیرا — کہ پھر بدنام کرنے والا آیا

ولہ

اگر کہتا ہون رو کر مجھسے ملنا تو کیون چھوڑا — ہوا کہنا پذیر اتنا تجھکو یہ اے فتنہ گر کسکا
تو کیا جنجھلا کے کہتا ہے سمجھتا ہی نہین ہے تو — کہ ہو نہین کون اور عاشق ہوا ہون تا نکر کسکا

ولہ

بعد مردن مرے تابوت پہ سب رو تے تھے — چشم پہ آب مگر اک وہ ستمگر نہ تھا

لیک کیا منہ کو چھپاتا تھا جو کہتے تھے یہ لوگ | اسکو ظاہر مین تو مرنے کا کچھ اتنا رنج نہ تھا

وله

سورش دل کی حقیقت کہین کیا مت پوچھو | یہ وہ ہوان ہے سوزان سے ہمارے نکلا
کہ ہوا پر لگے افلاک بھی اوڑنے گویا | چھوڑتا نالہ جانسوز غبارے نکلا

وله

کیا کہون وصل کی شب لیکے بلائین اوسکی | کیا اوٹھاتا ہون مین زانو پہ تہانے کا مزا
مین تو ہیرا آپ مین رہتا نہین دل سے پوچھو | آگے پہنچ کے چھاتی سے لگانے کا مزا

وله

رک گیا ایسا ہی وہ جو پھر نہ آیا کل جو تک | ہاتھ اوسکے پاؤن پر پھولے سے میرا پڑ گیا
مین تو یہان اسبات سے اپنے پڑا للتا ہون | اور سارے شہر مین کچھ اور چرچا پڑ گیا

وله

چپکے کی کیا سیر ہمنے کل جو لیکر آئینہ | دیکھتا تھا عالم اپنے وہ مسی و پان کا
لینے پہلے دیکھہ ہر سو ہو کے پھر بے اختیار | آپ بوسہ لے لیا اپنے لب و دندان کا

حسن تخلص خواجہ حسن مرحوم خلف خواجہ ابراہیم نیرہ خواجہ بہکاری مودودی علیہ الرحمہ جعفر علی حسرت سے کسب سخن کرتے تھے صاحب کمال تھے موسیقی مین خوب دخل رکھتے تھے لکھنؤ مین بخشی نام ایک معشوقہ بازاری پر عاشق ہو کر نام اوسکا بطریق التزام مقطع مین لاتے تھے چنانچہ قلندر بخش جرات نے انکی اور بخشی کی عشق و محبت کے حال مین ایک مثنوی کہی ہے آزادانہ زندگی بسر کرتے تھے لکھنؤ مین نواب وزیر نے انکی بڑی عزت و توقیر کی تھی دیوان انکا نظر سے گذرا +

کونسی شب ہوئی تہلا تو ستمگر جو مین | پس دیوار ترے رو کے پکارا نکیا
پر نہ پوچھا کبھی احوال کو میرے تو نے | ہائے ظالم مرے فریاد کا چارا نکیا +

حیدر تخلص مفتی مصطفی حیدر خلف مولوی غلام حیدر مرحوم سررشتہ دار فورٹ ولیم کالج کلکتہ و مدرس فارسی بہرہ مدرسہ کلکتہ وطن انکا چاٹگام مولد بنارس مسکن کلکتہ

اشعار اپنے راقم کو دکھاتے تھے انکی طبیعت مین نہایت شوخی ہے صاحب دیوان ہین

فرقت مین ترے ہائے یہ نوبت مری ہوچکی | دم ناک مین احباب مرے لائی ہین کیا کیا
ہر دم یہی کہتے ہین کہ کیون پہلے نہ سمجھے | اب کہیے کہ بن آئی مرے جاتی ہین کیا کیا
کمبخت یہ پہلے نہ سمجھ آئی تھی افسوس | دل دیکے اوسے کیا کہین پچھتاتی ہین کیا کیا

حیران تخلص حافظ بقا اللہ ولد حافظ ابراہیم خط نسخ و نستعلیق خوب لکھتے تھے

بعد مرنے کے یہ خواہش ہے مری اے دوستو | کچھ نہ خواہش مند عزت کا ہون نی توقیر کا
گرد تربت کے اک آئینہ ہو اور طوطی ہو آہ | تاکہ جانے ڈبیر ہے حیران خوش تقریر کا

درد تخلص حضرت خواجہ میر دہلوی علیہ الرحمۃ خلف الرشید حضرت خواجہ محمد ناصر عندلیب قدس سرہما اشعار فارسی و ریختہ انکے نہایت پر درد ہوتے ہین موسیقی مین بہت خوب دخل رکھتے تھے کمالات صوری و معنوی انکے از حد مشہور ہین روز آدینہ بست وچہارم صفر سنہ ۱۱۹۱ ہجری قدسی مین آپ کا وصال ہوا ہے راقم نے انکے مزار مبارک کی زیارت کی ہے نالہ و درد و آہ سرد و سوز دل و شمع محفل و دیوان فارسی و اردو ان کے نظر سے گذرے

کہا مین یون تو مل جاتے ہو آکر بعد مدت کے | اگر جیا ہو تو یہ کیا تمکو اکثر ہو نہین سکتا
لگا کہنے سمجھ اسبات کو تک تو کہ جلد اتنا | ترے گھر آنے جانے مین مرا گھر ہو نہین سکتا

ولہ

میرے نالون پہ کوئی دنیا مین | بن کہے آہ کم رہا ہو گا
لیکن اوسکو اثر خدا جانے | منہوا ہو گا یا ہوا ہو گا

دل سوز تخلص خیر اتی خان باشندہ قصبہ پٹیل مقیم دہلی شاگرد نصیر دھلوے نواب مظفر یاب خان خلف مسٹر شمر و فرانسیس کی رفاقت مین رہتے تھے میکشی سے نہایت ذوق رکھتے تھے مدام مست رہتے تھے جے پور مین جاکے انتقال کیا

وہ تو کہتے ہین راز دل اپنا | نہ کسی اپنے یار سے کہنا
اور یہان دل کی بیقراری سے | روز دو تین چار سے کہنا

رقلمی انتخاب

شیخ تخلص شیخ غلام علی عظیم آبادی شاگرد مرزا بنجو فدوی میر تقی کو بھی اپنے شعر دکھلاتے تھے سنہ ۱۲ ہجری مین انتقال کیا شعر ان کے اچھے ہوتے ہین ان کے دیوان و مثنوی راز و نیاز و مثنوی حسن و عشق و مثنوی سبیل نجات نظر سے گذری ٭

علائق سے آزاد گی تھی میسر ٭ جنون جن دنون اپنا رہبر رہا تھا
تھی فکر پوشش کی دیوانگی مین اس اندیشہ کو مینے نہ کر رکھا تھا
نہ بالین کی خواہش نہ بستر کی حسرت نہ پروا کلہ کی نہ شوق قبا تھا
فقط گرد کی تھی پیراہن تن نہ کچھ اور پاس اسکے اپنے سوا تھا
کیا ہاے کیا تو نے اے ہوشیاری کیا اس اپنے تن پر وہی خوشنما تھا

سلیس تخلص سید محب علی کانپوری شاگرد مونس مرثیہ گو ٭

باہین گلیمین ڈال کے اوس نوخ نے کہا مینے کامیاب وصل جو یکبار ہو گیا
مدت سے خفتہ بختی کا شکوہ تھا آپ کو کہیے نصیب آج تو بیدار ہو گیا

سودا تخلص مرزا محمد رفیع ولد مرزا محمد تقی وطن انکا کابل مولد دہلی تلمیذ شاہ حاتم ایام شباب مین لکھنؤ مین جا کر نواب امجد الدولہ بہادر کے مقربون مین منسلک ہوے تھے سنہ ۱۹۵ ہجری مین انتقال کیا سواے مثنوی کے جمیع اصناف سخن پر قادر تھے لیکن قصیدہ گوئی مین اپنے عہد مین بے مثل تھے کلیات انکا نظر سے گذرا

سودا جو کبھی گوش سے عبرت کے سنے تو مضمون یہی ہے جرس دل کے فغان کا
ہستی سے عدم تک نفس چند کی ہے راہ دنیا سے گزرنا سفر ایسا ہی کہان ہے

وله

سودا قمار عشق مین شیریں سے کوہکن بازی اگرچہ پا نسکا سر تو کھو سکا ٭
کس منہ سے پھر تو آپکو کہتا ہے عشقباز اے روسیاہ تجھسے تو یہ بھی نہو سکا

وله

سنے یہ سودا سے کہا ایک دن غم ترے کیا سینے مین گھر کر گیا
سنکے کہا جو کوئی آیا سو یہان سیر یہ انداز دگر کر گیا

ایک جو مانند گل اس باغ مین — خرم و خندان ہو گزر کر گیا
آن کی شبنم کی روش دوسرا — تمام سے رو رو کے سحر کر گیا
کیا تجھے اب فائدہ اس ذکر سے — ہر کوئی یک طرح سب کر گیا

ولہ

سودا کی کہتے ہین کہ ہے اوس سے مصاحبت — کتنا غلط یہ حرف بھی مشہور ہو گیا
اور ونکی نسبت اندنون کچھ لگ چلا تھا وہ — دو چار جبر کیون مین بدستور ہو گیا

ولہ

گرچہ رو با مین ترے غم مین بہت سا لیکن — اپنے رونے کا مجھے رات مسلسل بہا یا
خون کے ہر قطرے سے کہتا تھا یہی لخت جگر — تو مژہ تک بھی نہ پہونچے گا کہ مین یہ آیا

ولہ

تجھین عجب معاش ہے سودا کی اندنون — تو بھی تک اوسکو جا کے ستمگار دیکھنا
نے حرف و نے حکایت و نے شعر و نے سخن — نے سیر باغ و نے گل و گلزار دیکھنا
خاموش اپنے کلبۂ احزان مین رو ز و شب — تنہا پڑے ہوے در و دیوار دیکھنا
یا جا کے اوس گلی مین جہان تھا ترا گزار — لے صبح تا شام کئی بار دیکھنا
تسکین دل نہ اس مین بھی پائے تو پھر شغل — پڑھنا یہ شعر گر کبھی اشعار دیکھنا
کہتے تھے ہم نہ دیکھ سکین روز ہجر کو — پر جو خدا دکھاے سو لاچار دیکھنا

ولہ

اک روز ایک یار نے اوس شوخ سے کہا — سودا کے دیکھنے سے تجھے عار ہی رہا
بولا کہ حق بطرف ہے اس امر مین کہ یار — جب ہی ہوا وہ خلق بد اطوار ہی رہا
اتنا تو وہ بُرا ہے کہ چہرے کا اوسکے رنگ — پھر عمر اوسکی شکل سے بیزار ہی رہا

سودا تخلص محمد میر ولد میر ضیاء الدین اولاد مین حضرت قطب عالم گجراتی کے وطن انکا بخارا مولد دھلی نواب ہفت الدولہ بہادر کے عہد مین لکھنؤ مین سکونت کی تھی خط نستعلیق و نستعلیق خوب لکھتے تھے قدر اندازی مین اچھا دخل رکھتے تھے شعر اس انداز

سے پڑھتے تھے کہ مضمون شعر کی صورت بنا کے دکھلا دیتے تھے پہلے یہ تخلص کرتے تھے جب میر تقی لکھنؤ مین گئے اونھون نے سوز تخلص کیا اشعار عاشقانہ انکے نہایت پرسوز ہوتے ہین اسّی برس کی عمر مین تلہر مین وفات پائی دیوان انکا نظر سے گذرا ٭ ٭ ٭

کہڑا نقش پر ہوکے بولا کہ ہے ہے
یہ کشتہ تو کچہ جان پہچان نکلا ٭
کہڑے رہنے والو لوگر سوز ہے یہ
بھلا اس کے دل کا تو ارمان نکلا

شاعر تخلص ناصر پرست عرف میر کلو دہلوی حضرت خواجہ میر درد سے نسبت تلمذ و ارادت رکھتے تھے صاحب دیوان گذرے

تو تنہا افسوس ظالم کیا کہین
حال شاعر ہجر مین کیسا رہا
بیقراری جانکنی بے طاقتی
غم الم وحشت جنون سودا رہا

شیفتہ تخلص مخدوم مکرم جناب نواب حاجی محمد مصطفےٰ خان بہادر رئیس دہلی خلف عظیم الدولہ سرفراز الملک نواب مرتضیٰ خان بہادر مظفر جنگ شاگرد رشید حکیم مومن خان اوصاف حمیدہ ان کے بیان ہو نہین سکتے اشعار ان کے نہایت شیرین و نمکین ہوتے ہین دہلی مین رہنے کے ہنگام مین راقم کو انکی خدمت مین بنا زحاصل ہوا تذکرہ گلشن بیخار و رہ آورد حسرتی و دیوان اردو انکا نظر سے گذرا فارسی مین حسرتی تخلص کرتے ہین

کہا کل مینے اے سرمایۂ ناز
تمکو ہے سے ہے تمکو مدعا کیا
کبھی مجھپر عتاب بے سبب کیون
کبھی بیوجہ غیرون سے وفا کیا
کبھی محفل مین رو بیبیا کیان کیون
کبھی خلوت مین پرسش وحیا کیا
کبھی تمکین صولت افترین کیون
کبھی یہ غمزہاے جانفزا کیا
کبھی شعرون سے میری نغمہ سازی
کبھی کہنا کہ یہ تنے کہا کیا
کبھی بے جرم یہ آزردہ ہونا
کہ کیا عاقت جو پوچھو نہین خطا کیا
کبھی اس دشمنی پر مہربانی
بے ہم جلوہاے دلربا کیا
یہ سب طول اونسے سنکر بتکلف
جواب اک مختصر مجھکو دیا کیا

ابھی اے شیفتہ واقف نہین تم	کہ باتین عشق مین ہوتی ہین کیا کیا	قطعہ منتخب

صبا تخلص میر فدا علی ولد میر بندہ علی لکھنوی پسر خواندہ وخواہر زادۂ میر اشرف علی نامی شاگرد آتش شعر صاف وعاشقانہ اچھا کہتے ہین ۱۲۷۸ ہجری مین انتقال کیا دیوان انکا نظر سے گزرا

عجب طرح کی حوادث ہین بحر ہستی مین		ہر اک کا حال یہان مثل نقش آب رہا
کہ لیکے دہین موج ہو گئی موجود		جہان ذرا سر اوٹھاسے ہوے حباب رہا

ضبط تخلص منشی کنہیا لال سررشتہ دار کلکٹری ضلع فتح آباد خلف موہن لال مراد آبادی

صدمے اوٹھا چکا تھا بہت عشق زلف مین		سمجھے تھے ہمتو دل کو کہ مشیار ہو گیا
رخ پر کسی کے آج کھلے بال دیکھکر		نادان پھر بلا مین گرفتار ہو گیا

طپش تخلص مرزا محمد آمیل عرف مرزا جان ولد مرزا یوسف بیگ سید جلال الدین بخاری کی اولادون مین تھے مولد ومسکن انکا دہلی وہان سے آکر لکھنؤ مین مرزا جہاندار شاہ بہادر کی رفاقت مین تھے اور اون کے حکم سے اپنے دیوان کو مرتب کرکے نام تاریخی اوسکا گلزار مضامین رکھا تھا بعد ازان بنگالہ مین آکر مدت تک شمس دہاکہ مین نواب شمس الدولہ بہادر کی رفاقت مین رہتے تھے سنسکرت مین اچھا دخل رکھتے تھے کسب سخن حضرت خواجہ میر درد سے کیا تھا شعر اچھا کہتے تھے خصوصاً مقطعات ان کے لاجواب ہوتے ہین کلیات انکا نظر سے گذرا

ہو اجازت تو بزم مین تیرے		آج رہنا ہو گوشہ گیرون کا
اب کہان جائین سر پہ آئی شام		بستر اددور ہے فقیرون کا

ولہ

خاک پر کل جو نقش پا کی طرح		اوسنے میرے تپکن گرایا یاد
خوش ہوا اتنا دیکھکر گویا		خاک پر سے ہے کچھ پڑا پایا

ولہ

جب پیش کو تمنی بوسہ تنکے اوس لب سے خیر
تب فقیر وتکی علاج شعر وہ پڑہتا یہ چلا
بیتوا ہین کسی پہ زور نہین یا محبوب
جو دی اوسکا بھی بھلا جو نہ دی اوسکا بھی بھلا

ولہ

یک چند عرف کعبہ مین ہو حق کیا کیے
یک چند رہکے دیر مین شور و فغان کیا
لیکن نہ ہر اسکو کہ پیر اختیار
میخانہ مین توسل پیر مغان کیا

ولہ

بوسہ دیتے دیتے کل کچھ سوچکر جو ہٹ گیا
تہا کسی غماز کا شاید وہ بہکایا ہوا
یہ بھی سب جہوٹ اپنی قسمت ہی بری ہے ورنہ کیون
منہ سے پہر جاسے تو لاکھ ایک بیک آیا ہوا

ولہ

کنج تنہائی مین کوئی مونس و ہمدم نہین
اب در و دیوار سے جی ہمکو بہلانا ہوا
آج کو ہوتا جو دل تو ایک سے دو تہی بہلے
آہ اس مرحوم کا کس وقت مر جانا ہوا

ولہ

کچہ بہی آثار آتے ہین دلا تیرے نفس
ہے یہی صورت تو جینا تجہکو مشکل ہوئیگا
گاہ تو وارفتہ گیسو گہے بیمار چشم
ایک جی تیرا بہلا کس کس پہ مائل ہوئیگا

ولہ

دل مین آتا ہے کہ اوس شوخ کی محفل مین کبہی
ساتہ لیجاؤن کوئی اور طرحدار لگا
یون کرون عرض کہ ہے جنس یہ دلکی حاضر
قیمت بوسہ پہ دیتا ہون مین ناچار لگا
آپ لیتے ہین تو لین ورنہ کہو دون اسکو
ساتہ پہرتا ہے کئی دن سے خریدار لگا

ولہ

کل پیش ہمنے جو دیکہا یک فرار
لوح پر اوسکے یہی مرقوم تہا
فاتحہ پڑہ جا ادہر بہی راہ رو
ہین یہی گاہے ہستی موہوم تہا

عشق تخلص حکیم عزت اللہ خان دہلوی خلف حکیم سید قدرت اللہ خان قاسم صاحب

تذکرہ حکیم ثنا ء اللہ خان فراق سے کسب سخن کرتے تھے اور اپنی والد ماجد سے بھی استفادہ کیا تھا فن طبابت مین اچھا دخل رکھتے تھے شعر اچھا کہتے تھے صاحب دیوان گذرے

اپنے مقتول کی تربت پہ جب اے رشک چمن	تو نے دونا کوئی پھولونکا چڑھایا ہو گا
تا قیامت بخدا اپنے کفن کے اندر	پھر تو پھولا نہ خوشی سے وہ سمایا ہو گا

فدوی تخلص مرزا محمد علی عرف مرزا بھچو دہلوی شاگرد شاہ گھسیٹا عشق احمد شاہ بادشاہ کے وقائع نگار تھے آخر ایام مین عظیم آباد مین سکونت اختیار کی تھی دیوان انکا نظر سے گذرا

خدا جانے فدوی سبب کچھ تو ہے	جو ایسا وہ اب ہو کے بیدل گیا
وگرنہ اوسے ایک دم چین تھا	ادہر ہمسے روٹھا ادہر مل گیا

ولہ

وقت رخصت جو مرتے مرتے بچے	اتنے دن اور رنج پانا تھا
جیسے تھے ہجر کے لیے فدوی	یون خدا کو بھی دن دکھانا تھا

ولہ

کچھ خبر تجھکو بھی ہے فدوی کی یار	کل جو گھر مین شام سے بیہوش تھا
صبحدم بالین پہ جون شمع و چراغ	کوئی روتا تھا کوئی خاموش تھا

ولہ

آتش شوق نے تمہین مارا	گر یہی وعدہ روز و شب ہو گا
بن ملے تو یہ حال ہے فدوی	وہ ملیگا تو کیا غضب ہو گا

قائم تخلص شیخ محمد قیام الدین باشندہ چاندپور توابع سنبھل مقیم دہلی شاگرد سودا سنہ ۱۲ ہجری مین انتقال کیا شعر خوب کہتے تھے دیوان انکا نظر سے گذرا

شام یا صبح یہان پہ جب قائم	یہی ٹھہری کہ مر ہی جایئے گا
بس کئی دن جو زیست ہے اسپر	کسکی نعش عبث اوٹھایئے گا

بس ہے پینے کو چند روز کی اشک | سخت دل جب تلک ہی کہانے گا

ولہ

کان تک یار کے قائم مرے اس عالم سے | رفتہ رفتہ جو گذر جانے کا ند کور گیا
سنکے اتنا تو کہا حیف کہ اس دنیا سے | تا زبرداری معشوق کا دستور گیا

قبول تخلص مرزا مہدی علی خان لکھنوی مخاطب بہ مقبول الدولہ خلف مولوی محمد مرزا شاگرد ناسخ شاہ واجد علی بادشاہ اودہ کے مصاحب تھے کلکتہ مین بادشاہ کے ہمراہ آئے تھے رستم کے دوستون مین تھے ترجمہ شمشیر خانی اور دیوان انکا نظر سے گذرا نثر صاف عاشقانہ اچھا کہتے تھے ۱۲۷۶ ہجری مین لکھنؤ مین جاکر وفات پائی

قطعہ

وعدہ آنے کا کیا تھا اور تم آئے نہ تھے | آہ میرے منہ پہ کہتے تھے اثر ہینے کیا
نالہ نل کرتا تھا حل ہینے کیا مطلب ترا | کرتے تھے ہر پل اشارہ چشم تر ہینے کیا
جذب دل کہتا تھا کہینچا ہے ادہی ہینے ادہر | عشق کہتا تھا یہ کار سخت تر ہینے کیا
اور کلیجے کی پھڑک کہتی تھی جو حق ہے وہ ہے | کر دیا بیتاب اور راہی ادہر ہینے کیا
کہتے تھے سینے کی آگ اوس بت کا دل کر سرد کم | مہربان مدت پہ تیرے حال پر ہینے کیا
الغرض شہ سندہ احسان یہ سب کرتے رہے | انتظار آمد آمد تا سحر ہینے کیا
تم نہ آئے رات بھر کیا زور تھا تیر مگر | شرمساران سبکو اے رشک قمر ہینے کیا

ولہ

بدل ہے انس سرور و الم سے گو مجکو | نفاق انمین ہے ہر اک بہم نہین رہتا
جو غم ہوا تو فراق سہ رہین رو دیا | ہوا سرور تو غم ہے کہ غم نہین رہتا

ولہ

اے پری جب سے کہ سودا ترے عاشق کو ہوا | وہیان یک سخت طبیبون کو مرا بھول گیا
نبض دیکھی جو کسی نے تو اوڑہی ایسے ہوش | نسخہ لکھنے کو جو بیٹہا تو دوا بھول گیا

کمال تخلص شاہ کمال الدین حسین باشندہ کرنا ٹکپور شاگرد جرأت

وقیام الدین قایم بزرگ ان کے ارباب مناصب تھے یہ درویشی اختیار کرنے سیاحت کرتے تھے انکا دیوان اور تذکرہ شعراے اردو نظر سے گذرا شعر اچھا کہتے تھے

آہ جو کچھ ہمسے ہوسکتا سو کہچکتا ولیک
ایک دن تمکو نہ شوق کار فرمائی ہوا
اور دکھلایا تماشا مجکو وحشت نے کمال
مین تماشائی تہا جسکا وہ تماشائی ہوا

کوکب تخلص مرزا غلام حسین خان شاگرد محمد صادق خان اختر بنتیر لکھنؤ مین تھے اور فارسی کہتے تھے

صبا اتنا پیام جان محزون اوس سے کہدینا
کہ اے بے رحم کر موقوف اب واستحان اپنا
جدائی سے ترے دم آرہا ہے اسدم آنکھو نمین
جو آنا ہو تو آہو نا ہے رخصت میہمان اپنا

مصحفی تخلص غلام ہمدانی باشندۂ قصبۂ امروہہ ضلع مراد آباد ولد ولی محمد شاگرد مانی شروع جوانی مین دہلی گئے تھے آخر الامر لکھنؤ مین جاکر اپنی زندگی بسر کی کچھ روزون مرزا سلیمان شکوہ بہادر کی رفاقت مین تھے جمیع اصناف سخن پر قادر تھے اور پر گو ایسے کہ آج تک شعراے اردو مین دوسرا نظر نہ آیا چنانچہ آٹھ دیوان اور دو تذکرے اردو مین اور ایک دیوان فارسی بجواب نظیری نیشاپوری اور ایک تذکرہ فارسی مین لکھے ہین اشعار ان کے نہایت آبدار و عاشقانہ مطبوع مطابع عالمان زمانہ ہین کئی دیوان اور تذکرے ان کے نظر سے گذرے

یوسف بھی اپنے عہد مین کچھ تجھسے کم نہا
اوسکا بھی حسن رونق بازار ہو گیا
پر تو وہ جنس نغز ہے بازار دہر مین
سودے مین جسکے محو خریدار ہو گیا

ولہ

پکڑ کر ہاتھہ اوسکا مین لیا چومم
طپانچہ اوسنے جب مجھپر اوٹھایا
وہ غافل تہا فریداری سے یعنی
فرا یون چاہ کا اوسکو جتایا

ولہ

پٹی کے نیچے ہاتھ یا تو نیند نکا دفینہ
کہتے ہین کل یہ اوسکے سہارا گھر سے نکلا

جادو کیا تھا اوسنے میرے لیے جب اولٹا | اتنی ہی بات پر بس اغیار گھر سے نکلا

وله

یک بوسہ مانگتا تھا تصور کے لب سے جان | مین جنس حسن کا تو خریدار کب نہتا
پر حیف تم سے اتنی بھی ہمت نہو سکی | اس مین زبان خوبیٔ رخسار کب نہتا

وله

اے مصحفی مین تجھسے کہون ایک ماجرا | سنتا ہے اسطرف کو ٹک اے یار دیکھنا
لیکن شرط آنکہ تجھے میرے ہی قسم | کیجو کسی سے اسکو نہ اظہار دیکھنا
کچھ اندنون مین آگے کے نسبت ترا رفیق | بے طرح ہو چلا ہے بد اطوار دیکھنا
باور نہین ہے تجھکو اگر یہ مرا سخن | تو آپ جاکے تو بہ شب تار دیکھنا
دیوار و در پہ اوسکے تئک یک کہی چشم گوش | سنتا یہ حرف اور یہ اسرار دیکھنا + +
چھیڑے ہے اوسکو غیر تو کہتا ہی اوس سے یون | کوئی کہڑا نہو پس دیوار دیکھنا +
پس اسطرح سے یکدگر اوس شمعرو کی تین | ہے ہر کسی سے گرمے بازار دیکھنا

مفتون تخلص منشی قادر بخش باشندۂ ہوگلی آخر ایام مین بصارت اونکی جاتی رہی تھی چار سال کا عرصہ گزرا کہ انتقال کیا بیشتر فارسی کہتے تھے راقم کے ملاقاتیون مین تھے

باد مین اوس گل کے رویا صبح جو گلشن مین میں | بلبلان باغ مین اک سخت ماتم ہو گیا
غنچہ نے بہاڑ گریبان گل کا دامن چاک تھا | چشم نرگس سے بہی جاری اشک شبنم ہو گیا

ممتون تخلص میر نظام الدین مخاطب بہ فخر الشعرا اوستاد محمد اکبر شاہ ثانی بادشاہ دہلی خلف میر قمر الدین منت مخاطب بہ ملک الشعرا اپنے والد سے کسب سخن کرتے تھے وطن انکا سونی پت مولد و جاے تربیت دہلی مدتون لکھنؤ مین رہے آخر عمر مین اجمیر کی کوہستان مین سکونت کی تھی شعر نہایت شیرین و نمکین کہتے تھے ۱۲۵۳ ہجری مین انتقال کیا شاعر شیرین زبان ہندان کے وفات کی تاریخ ہے

دیوان انکا نظر سے گذرا

ضعف ہے مانع تحریر ولیکن قاصد
اوسے پیغام زبانی یہ سنانا اپنا

مثل شمع سحری رہگذر شوق مین یہان
دم ہے یہان ہونٹون پہ اے ماہ یگانا اپنا

اگر آنا ہے تو آ ورنہ کوئی دم مین اب
عدم آباد کونزدیک ہے جانا اپنا

منجور تخلص منشی اسد اللہ معروف بہ علی جان ولد منشی حیدر علی حیدر مرحوم باشندہ چیچرڑہ ضلع ہوگلی بزرگوار ان کے ولندیزون کے عہد مین دہلی سے آکر وہین بسے تھے انکا مولد چیچرڑہ جاے تربیت دار الامارت کلکتہ فکر بلند وطبع ارجمند رکھتے ہین کلام اپنا رقم الحروف کو دکھلاتے ہین صاحب دیوان ہین

گاہ روتا ہون گہے ہنستا ہون اپنی دہیان مین
شکل دیوانہ کبھی بہر تا ہون گھبرایا ہوا

دیکھکر کہتا ہے کوئی ہے اسے آسیب جن
کوئی کہتا ہے پری کا ہے اسے سایا ہوا

پر نہین واقف ہے کوئی ایک سے تا ہزار
یک گل رشک چمن پر دل جو ہے آیا ہوا

منصف تخلص منصف علی خان باشندۂ عظیم آباد مقیم دہلی شاگرد نظام الدین خان منجر قوم افغان سے تھے فارسی مین مہارت تام رکھتے تھے

جی ڈہر کتا ہے ہاے قاصد نے
جب کہ نامہ اوسے دیا ہو گا

پڑہکے احوال زار منصف کے
درجواب اوسنے کیا کہا ہو گا

منظور تخلص آفرین الدین خان خلف منشی تحسین الدین خان مرحوم تحسین دارونۂ ضلع راج شاہی باشندۂ موضع جوت پرتاب متعلق مالدہ شاگرد راقم الحروف طبیعت انکی فن شعر سے نہایت مناسبت رکھتی ہے

کیا خوشی کے مثل بلبل روز و شب تھے چہچہے
جن دنون آغوش مین وہ غیرت گلزار تھا

گرم رہتا تھا سدا ہنگامۂ عیش و طرب
شمع بزم عیش اوسکا شعلۂ رخسار تھا

پیار کی باتین تھین ہر دم اور الفت کی نگاہ
میرے دلجوئی کا خواہان وہ شکر گفتار تھا

دور گردون سے تھا امین دور مین تھا جام مے
نقل مے وہ بوسۂ لبہاے شکر بار تھا

تفرقہ پرداز گردون رشک کہاتا تھا مدام
وصل شوخ مہ جبین تھا طالع بیدار تھا

رات بھر منظور اب روتا ہون کہہ کہہ کر یہی
ہاے وہ دن کیا ہوے جو مین تھا اور دلدار تھا

مومن تخلص حکیم محمد مومن خان مرحوم خلف حکیم غلام نبی خان مغفور دہلوی شاگرد شاہ نصیر دہلوی سنہ ۱۲۶۸ ہجری مین قضا کی ماتم مومن خان انکی وفات کی تاریخ ہے علم تنجیم وطب مین خوب دخل رکھتے تھے جمیع اصناف سخن پر قادر تھے اشعار انکے پر مضمون وشیرین وعاشقانہ وبیکیف ہوتے ہین کلیات انکا نظر سے گذرا

زانوی بت پہ جان دے دیکھا	مومن انجام و اختتام مرا
بندگی کام آرہی آخر	مین نہ کہتا تھا کیون سلام مرا

وله

دلکی بیقراری سے ہر طپش زمین فرسا	ہر خرمن گردون شعلہ ہر فغان اپنا
دیکھیے پس مردن حال جسم وجان کیا ہو	مدعی زمین اپنی دشمن آسمان اپنا

وله

وہ نوجوان عابد وزاہد کہ سب جسے	کہتے تھے مومن اور بہت دیندار تھا
کل ایسے حال سے نظر آیا کہ کیا کہون	جو تھا سو اوسکو دیکھکے زار و نزار تھا
غیرت کی جا ہے اون صنمون نے کیا خراب	ملنے سے جسکے معتقد ننگ وعار تھا
بیمار کر دیا شب ہجر بتان نے آہ	کیا ہو گئے وہ روز کہ پرہیزگار تھا
یا تو ہمین ذرا تھے تہ خورشید خشر سے	یا اپنے سر پہ داغ جنون شعلہ بار تھا
اختر شماری شب غم نے بھلا دیا	جتنا خیال پرسش روز شمار تھا
ہر ایک کی طرف نگہ بیکسانہ تھی	کسکی نگاہ لطف کا امیدوار تھا
ہمت سے اور ناز اور ٹھہرانیکی آرزو	باقی تھی گو کہ ضعف سے جینا بھی بار تھا
ہر دم ہوای آہ سے اوڑتی تھی منہ پہ خاک	جتنی کہ سر مین گرد تھی دلمین غبار تھا
زخمونمین بسکہ مشک بہرا تھا ہین کیا کہون	عالم بدن کا اوسکے عجب لالہ زار تھا
آنکھونسے چند جدول خونابہ بہین رواں	چہرہ جو ناخنون سے سراپا نگار تھا
نے راحت فگار نہ آسایش و شکیب	نے طاقت و توان نہ سکون و قرار تھا
نے ہوش وفی حواس آرام و اختیار	نے صبر و نے تحمل و نے اختیار تھا

کیا کشمکش نے دونوں کو بے حال کر دیا
نے زور ہاتھ مین نہ گریبان مین تار تھا

جنبش بھی تھی محال تڑپنا تو یک طرف
کاہیدہ جسم ضعف سے کوہ وقار تھا

ہو خود ہی جو اس تو احوال درد دل
کس سے کہے خبر ہی نہین کون یار تھا

گو ہاتھ سے اشارہ نہ تھا فی زبان سے بات
تو بھی تو حال دست و زبان آشکار تھا

اسواسطے کہ خاک پہ انگشت دست سے
رحمی سجال بندہ خدایا نگار تھا

اور اک نیشر شعلہ فشان و زبانہ خیز
تبخالہ ریز کام و زبان بار بار تھا

آغاز کار عشق مین انجام کار تھا
مین کیون فنای ہستی بی اعتبار تھا

میر تخلص میر محمد تقی اکبر آبادی ولد میر عبد اللہ شاگرد و ہمشیرہ زادہ سراج الدین علیخان آرزو عنفوان شباب مین دہلی مین گئے تھے وہان سے لکھنؤ مین جاکر سکونت اختیار کی تھی نواب وزیر کی سرکار سے انکا وظیفہ مقرر ہوا تھا ۱۲۵۰ ہجری مین فوت کی سوائے قصیدہ کے جمیع اصناف سخن پر قادر تھے خصوصاً مثنوی و غزل گوئی مین لاثانی تھی اشعار ان کے بنایت مرتبہ رتبہ بلند رکھتے ہین فرہ اشتہار سے حاجت بیان نہین انکے چھ دیوان ریختہ مع قصائد و مثنوی نظر سے گذرے ایک دیوان فارسی ایک تذکرۂ شعرا ایک رسالہ میر فیض بھی ان سے یادگار ہے انکی استادی سے کسیکو انکار نہین

کل پاؤن ایک کاسۂ سر پر جو پڑ گیا
یک دم وہ استخوان شکستون سے چور تھا

کہنے لگا کہ دیکھکے چل راہ بے خبر
مین بھی کبھی کسیکا سر پر غرور تھا

ولہ

اشک تر قطرۂ خون لخت جگر پارۂ دل
ایک سے ایک عدو آنکہ سے بہتر نکلا

گنج کا دی جو کسی سینے کی غم ہجران نے
اس دفینے مین سے اقسام جواہر نکلا

ولہ

آئے نظر جو گور سلیمان کے اکیدن
بالین پہ اوس مزار کے تھا یہ رقم ہوا

اے سرکشو جہان مین کینچا تھا بہت غرور
پایان کار مور کی خاک قدم ہوا

ولہ

تبون کے عشق نے بے اختیار کر ڈالا — وہ دل کہ جسکا خدائی مین اختیار رہا
وہ دل کہ شام و سحر جیسے بیکا پھوڑا تھا — وہ دل کہ جس سے ہمیشہ جگر فگار رہا
تمام عمر گئی اوسپہ ہاتھ رکھتی ہے — وہ درد ناک علی الرغم بیقرار رہا
ستم ہین غم مین سرانجام اوسکا کیا کہیے — ہزارون حسرتین تھین کسپہ جیکو مار رہا
بہا تو خون ہوا آنکھونکی راہ سے نکلا — رہا جو سینہ سوزانین داغدار رہا
سوا اوسکو ہمسے فراموش کار یون لیگئے — کہ اوس سے قطرۂ خون بھی نہ یادگار رہا
گلی مین اوسکی گیا سو گیا نہ بولا پھر — مین میر میر کر اوسکو بہت پکار رہا

ولہ

بے زری کا نکر گلہ غافل — رہ نشی کہ یون مقدر تھا
اتنے منعم جہان مین گزرے — وقت رحلت کے کس کے زر تھا
صاحب جاہ و شوکت و اقبال — ایک زان جملہ اب سکندر تھا
تھے یہ سب کائنات زیر نگین — ساتھ مور و ملخ سا لشکر تھا
لعل و یاقوت و ہم زر و گوہر — چاہیے جس قدر میسر تھا
آخر کار جب جہان سے گیا — ہاتھ خالی کفن سے باہر تھا

ولہ

یہان بلبل اور گل پہ تو عبرت سے آنکہ کھول — گلگشت سرسری نہین اس گلستان کا
گل بادگار چہرۂ خوبان ہے بے خبر — مرغ چمن نشان ہے کسی خوش زبان کا

ناسخ تخلص شیخ امام بخش لکھنوی صاحب تذکرہ سراپا سخن سید محسن علی محسن نے انکو ولد شیخ خدا بخش تاجر لاہوری کر کے لکھا ہے لیکن یہ تاجر مذکور کہ غلام مشہور تھے چنانچہ خود شیخ امام بخش ناسخ نے اس امر کی مندفع کرنیکی یہ رباعی مرقومۂ ذیل کہی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

رباعی ناسخ

کہتے رہے اعمام عداوت سے غلام — میراث پدر مین سے دیا کچھ نہ تمام

اس دعوی باطل سے ستمگار رونکو | حاصل یہ ہوا کر گئے مجکو بدنام

ولہ

مشہور ہے گرچہ افترائی اعمام | پر کرتے نہین غور خواص و عوام
وارث ہونا دلیل فرزندی ہے | میراث نہ پاسکا کبھی کوئی غلام

غرض اشعار انکے بیشتر مثالیہ اور نہایت پر مضمون ہوتے ہین اکثر اشعار شعرائے متقدمین و متاخرین فارسی گو کو نہایت فصاحت و بلاغت کے ساتھ ترجمہ کیا ہے مشہور ہے کہ کچھ روزون محمد علیے تنہا شاگرد مصحفی سے اصلاح لیکر منحرف ہوگئے تھے سوائے غزل اور رباعی کے اور کسی صنف سخن مین دخل رکھتے نہ تھے ۱۲۵۴ھ ہجری مین فوت کی کلیات انکا نظر سے گذرا

گزرنا گاہ جو میرا ہوا شہر خموشان مین | عجب نقشہ نظر آیا وہان شاہان عالم کا
کہین آئینہ زانو سکندر کا شکستہ تھا | کسی جانب پڑا تھا کاسۂ سر خاک مین جم کا

ناظم تخلص نواب یوسف علی خان بہادر والی رام پور خلف الصدق نواب محمد سعید خان بہادر شاگرد اسد اللہ خان غالب علم عربی و فارسی مین اچھی دستگاہ رکھتے ہین شعر صاف عاشقانہ خوب کہتے ہین دیوان انکا نظر سے گذرا

اغیار سے دیکھکر تو ار بط | دل میرا جو بیقرار ہو گا
جا بیٹھونگا در پہ غیر کے مین | کیا یہ بھی نہ نا گوار ہو گا

ولہ

دوست اور یہ ضد کہ جو اوس سے کہا | کھکے لو گو نہین مجھے رسوا کیا
بنے جلکر بات کرنی چھوڑ دی | اوسنے چپ رہنے کا بھی چرچا کیا

نالان تخلص میر وارث علی خلف میر ارزانی باشندۂ بہار شاگرد اشرف خان خان صاحب دیوان گذرے

نالان جو اکیدن مین کہا اپنے یار سے | ملنا بھی اب ترا مجھے دشوار ہو گیا
میرے زبان سے ہونے نہ پایا سخن تمام | بولا بھی وہ جھڑک کے بہت بار ہو گیا

ناسخ تخلص جامع اوراق مسیح میرزا عبد الغفور غفرلہ ذنوبہ

کرتے ہین اونکے تصور سے جو ہم شکوہ انجفت
کہ کسی رات مجھے وصل میسر نہوا
خواب مین آکے وہ فرماتے ہین کیجے تو سہی
وعدۂ وصل وفا آپ سے کیونکر نہوا

ولہ

سمجھے نساخ کہے کیا کہ عجب حالت تہی
جس گھڑی رانکو بیمار ترا مرتا تہا
کوئی یٰسین سناتا تہا کھڑا بالین پر
اوسکے حق مین کوئی رو رو کے دعا کرتا تہا

ولہ

بیوفائی سے رقیبون کے ہے بچتا نا کیا
معتبر آکے کبھی قول کسیکا نہوا
تم مری باتون کو مخدوب کی بڑ جانتے تہے
کیسے جو ہینے کہا تہا وہ ہوا یا نہوا

نظیر تخلص ولی محمد اکبر آبادی رونسلہ ممتاز محل عرف تاج گنج کے متصل رہتے تہے معلمی کرتے تہے بشیر مخمس و مسدس و ترجیع بند کہتے تہے کلیات انکا نظر سے گذرا

عجب سیر دیکہی نظیر اس چمن کی
ابہی وصل تہا نرگس و نسترن تہا
ابہی یکدگر جمع تہے سنبل و گل
ابہی تہا بہم جوش سرو و سمن تہا
ابہی چہچہے بلبلون کے عیان تہے
ابہی شور تہا قمرے نعرہ زن کا
گہڑی بہر کے پہر بعد دیکہا یہ عالم
کہ نام و نشان بہی نتہا وہان چمن کا

وزیر تخلص خواجہ محمد وزیر لکہنوی خلف خواجہ محمد فقیر نامی شاگرد امام بخش ناسخ سلسلہ انکے نسب کا خواجہ بہاء الدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ سے ملتا ہے شعر اچہا کہتے تہے ۲۲ ماہ ذیقعدہ ۱۲۷۸ ہجری مین فوت کی دیوان انکا نظر سے گذرا

جانے لگا جو بزم سے وہ شہسوار حسن
دریا رواں ہوا مرے چشم پر آب کا
مانند موج اسپ نے جب کی شناوری
حلقہ بنور کا بنگیا حلقہ رکاب کا

ہدایت تخلص ہدایت اللہ خان دہلوی مرید و شاگرد حضرت خواجہ میر درد قدس سرہ شعر صاف و شیرین کہتے تہے ۱۲۱۵ بارہ سو پندرہ ہجری مین انتقال کیا صاحب دیوان گذرے

کیا دن تھے وہ بھی آہ کہ جن دنون — رانو نکو اپنے پاس وہ گلفام رہگیا
مدت ہوئی ہے اب تو ملاقات بھی نہین — آنے سے بلکہ نامہ و پیغام رہگیا

ہمدم تخلص میر محفوظ علی عظیم آبادی مقیم مرشد آباد خلف میر محمد حیات حسرت تخلص شاگرد شاہ قدرت اللہ قدرت

ایکدن مانگا تھا بوسہ مینے اوس سے یار مین — سنتے ہی اس بات کے غصہ ہو فرمانے لگا
کیون جی تم کرنے لگے ہو تو مدگر تاخیان — یہ خیال اب آپ کے خاطر مین بھی آنے لگا

ہوس تخلص نواب محمد تقی خان خلف نواب مرزا علی خان بن نواب سالار جنگ باشندۂ فیض آباد مقیم لکھنؤ شاگرد مصحفی صاحب تذکرہ سراپا سخن نے جو لکھا ہے کہ لیلی و مجنون کے مضمون سے کوئی غزل انکی خالی نہین محض غلط ہے اشعار ان کے بحر متقارب و متدارک مین بہت خوب ہوتے ہین انکی مثنوی لیلی و مجنون دیوان نظر سے گذرے

کیا غضب ہے کہ کسی سے نکرون بات بھی مین — بیٹھے چپ رہنا ہی بھاتا ہے مرا تمکو کیا
تم خفا ہو گئے کیون یہ بھی ستم ہے کوئی — اپنی قسمت کا مین کرتا ہون گلا تمکو کیا

ولہ

درمیان میرے اور اونکے خفگی تھی یار — لیکن اسبات مین یاد کیا تمکو کیا
درد سر دشمنونکو اونکی ہوا رہت سو مین — جون ہی گھبرا کے یہ بولا کہ ہوا تمکو کیا
تا نکر منہ پہ دوپٹا بدم سر دکھا — تم لگے پوچھنے کیون میرا پڑا تمکو کیا

ولہ

ہر چند وہ سوئے مری چھاتی سے لپٹکر — لیکن مجھے اوس رات بھی آرام نہ آیا
ہر کے سی شب ہجر کے مضطر ہی ما مین — کچھ وصل کی لذت کا مزا مینے نہ پایا

ردیف باے موحدہ

جرأت تخلص کچھ احوال انکا بیشتر تحریر ہو چکا ہے۔

باطن مین وہی لاگ ہے اگرچہ — جاسوسون کے خطرے سے ملاقات نہین اب
اللہ پہ روشن ہے دلون کی تو حقیقت — ظاہر مین یہ کچھ حرف و حکایات نہین اب

غزلہ

اس لیے بیٹھتے اوٹھتے گئے تھے اوسکی طرف — وصل تا اوسکا کسیطرح سے ہوجاے نصیب
سو پھرے اولٹے ہی گھر طالع برگشتہ سے — دیکھین کب منزل مقصود کو پہنچاے نصیب

تمر تخلص مرزا قمر الدین خان بہادر عرف مرزا حاجی نائب مرزا غازی الدین حیدر والی لکھنؤ خلف منشی مرزا حیدر اسما دہلی صاحب ریذیڈنٹ لکھنؤ باشندہ لکھنؤ شاگرد مرزا قتیل ہر دو زبان مین شعر کہتے تھے دیوان انکا نظر سے گذرا

مجھسے کہنے وہ لگے کل کہ نہین کچھ معلوم — کسیپہ تم مرتے ہو صاحب تمہین کیا ہے مرغوب
درد دل ہمسے بھی کیجے کہ کرین کچھ تدبیر — کون سرو قد ہوش ربا ہے مرغوب
سینے رو رو یہ کہا کیا کہون اپنا حوال — ایک عیار دلآزار مرا ہے مرغوب
پر زبان تک نہین لاسکتا ہو نہین اوسکا نام — کوئی دنیا مین نہین اسکے سوا ہے مرغوب
ہنسکے کہنے لگے چپ رہیے نہ بکیے اتنا — بول جاتا ہے سدا بھی نام خدا ہی مرغوب

مصحفی تخلص غلام ہمدانی حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

دیکھو سمجھا کے نہین کہتے ہین ہم بار آؤ — ناسمجھ لوگ ہین یہان کے یہ زمانا نہین خوب
متہم ہوگے میان مصحفی ان باتون مین — کوچۂ یار مین ہر وقت کا جانا نہین خوب

مومن تخلص حکیم مومن خان دہلوی حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

کسیپہ بگڑے تھے کسیپہ غصہ تھا — رات تم کسیپہ تھے خفا صاحب
کسکو دیتے تھے گالیان لاکھون — کسکا شب ذکر خیر تھا صاحب

میر تخلص میر محمد تقی حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

شکوہ عبث ہے میر کہ کڑھتے ہیں ساری رات — یاد لکھا حال رہتا ہے درہم تمام شب
گزرا کسیے خوشی سے جہانمین تمام روز — کسکی کٹی زمانے مین بے غم تمام شب

نظام تخلص نظام شاہ باشندۂ رامپور بریلی +

سبھی دیکھا کیے قطرہ ندیا ایک کو بھی
رات پیتے رہے ہم اور بت بے پیر شراب

شمع کی رال ٹپکتی تھی کبھی جام کو دیکھہ
مانگتا تھا کبھی منہ کھول کے گلگیر شراب

ردیف باے فارسی

مسرور تخلص سید محمد علی ولد سید علی عباطبائی نواسہ میر شیر علی افسوس باشندۂ کلکتہ شعر عاشقانہ اچھا کہتے ہین کلام اپنا راقم الحروف کو دکھلاتے ہین اطراف ایران و پنجاب و ہندوستان و رنگون وغیرہ بہت سے ملکون کی اور شہرونکی سیر کی ہے ۔

راہ مین پاکے جو اوس بت سے کہون
میرے گھر بھی تو کبھی آیئے آپ

کہے منہ پھیر کے اک شوخی سے
پہلے منہ اپنا تو بنوایئے آپ

ردیف تاے فوقانی

جرأت تخلص قلندر بخش جرأت حال انکا تحریر ہو چکا ہے ۔

شب وصال مین جو کچھ ہے عیش سو وہ کہان
عجب طرح سے گزرتی ہے اب ہماری رات

کہ شغل اور تو کیا ہے مگر کیا کرنا
فغان و نالہ و فریاد و آہ و زاری رات

وله

جدا ہوے ہون جو اوس لب سے تا دم صبح
میسر ایسی بھی آئی ہے لاکھ باری رات

یہ ہاے اتبوہ صحبت نہین ہے خواب مین بھی
اسی خیال مین ہم جاگتے ہین ساری رات

وله

کہا مینے جو کل اوسکو کہ چل تک پاس جرأت کے
دم آخر غنیمت جان اوس بیمار کی صحبت

تو بولا وہ بت کافر خدا کا نام لو صاحب
غضب ہے ہین بھلا اور ایسے بد اطوار کی صحبت

ذوق تخلص خاقانی ہند شیخ محمد ابراہیم مرحوم دہلوی شاگرد نصیر دہلوی استاد جنت آرام گاہ بہادر شاہ بادشاہ دہلی جمیع اصناف سخن پر قادر تھے مضامین تازہ و عالی و عاشقانہ خوب باندھتے تھے راقم الحروف کے ذہن مین ریختہ گویون مین اس وقت تک

شاعر پیدا نہین ہوا ۱۲۷۳ھ ہجری مین راہی ملک بقا ہوے دیوان انکا نظر سے گذرا

قطعہ

کل ایک تارک دنیا سے مینے پوچھا ذوق	کہ تو اگر کے ادہر سے اودہر ہوا پیوست
گذرتی ہوگی یہ آرام زندگی تیری	کہ تجکو اب نہ غم نیست ہے نہ شادی ہست
کہا یہ اوسنے کہ قید حیات مین انسان	کبھی نہوگا دل آزودہ گو ہو بست الست
اوٹھاے ہاتھ جہان سے ولیک کیا امکان	کہ با فراغ کرے کنج عافیت مین نشست
چھٹا جو کوئی گرفتاریون سے دنیا کے	تو سلسلہ مین فقیری کے پھر ہوا پابست
رہا وہ خدمت مرشد کی قید مین برسون	کہ حق پرست ہوا وہ پہلے جو ہو پیرپرست
گر ایک عمر مین پہنچا مقام اعلے پر	کہا یہ شوق نے ہوہمت بلند نہ پست +
جو دستگاہ تصرف مین بھی ہوے اوسکو	تو یہ ارادہ ہوا اور بھی ہون بالا دست
ہمیشہ جنگ رہی بعد صلح کل کی بھی	کہ نفس دشمن سرکش ہے اسکو دیجے شکست
جو ہوشیار رہے تو ہی وہ شرع کا پابند	پھنسا ہوا ہے وہ کیفیتون مین گر ہی مست
نہین ہے دام علایق سے معلق آزادی	مجال کیا کہ نکلجاے کوئی کرکے جست
کہا ہے خوب سینے یہ شعر برجستہ	گیا زبان سے جو نکل وہ ہوا صریح تیر از شست
کہ کردہ قطع تعلق کدام شد آزاد	بریدۂ زہمہ باخدا گرفتار است

طپش تخلص مرزا جان حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

طپش مین کیا کہون احوال شب کی صحبت کا	نپوچھ گذری جو کچھ مجھپہ بیقراری رات
کہ مین ادہر تو بلائین لیا کیا اور ادہر	نہین نہین ہی مین اوسنے گزاری ساری رات

ظفر تخلص مرزا ابو ظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ بادشاہ دہلی خلف محمد اکبر شاہ گورکانی شاگرد نصیر دہلوی و محمد ابراہیم ذوق بعد غدر ۱۲۷۵ھ کی رنگون مین تشریف رکھتے ہین اکثر خطوط کو اپنی طرح سے لکھتے ہین شعر نہایت شیرین و نمکین و بامزہ کہتے ہین چار دیوان انکے نظر سے گذرے

ہنسنا اور بولنا ہے عالم حیرت مین کہان	کہلے کسطرح بھلا عاشق دلگیر کی بات

دیکھا ہستی گل قالین کو نہ آنکھو نسے کبھی | اور نہ کانون سے سنی بلبل تصویر کی بات

ولہ

جو ایک ڈھنگ پہ ہو بات تو کہا جائے | سمجھ مین آتی نہین شوخ مہ جبین کی بات
اگر زمین کی پوچھون تو آسمان کی کہے | جو آسمان کی پوچھون کہی زمین کی بات

ناظم تخلص نواب یوسف علی خان بہادر والی رامپور انکا ذکر پیشتر ہو چکا ہے ✣

گیا تھا کیون زن خسرو کی تاک مین فرہاد | کہ سنگ راہ ہوے گو ہسار کی صورت
یہ وہ مثل ہے کہ کی اختیار مزدوری | بنی نہ جب کہ کہین روزگار کی صورت

ردیف تاے ہندے

آتش تخلص خواجہ حیدر علی لکھنوی خلف خواجہ علی بخش شاگرد مصحفی اشعار انکے عاشقانہ و پرمضمون بہت خوب ہوتے ہین سوا ے غزل کے اور کسی صنف سخن پر قادر نہ تھے سنہ ۱۲۶۳ ہجری مین وفات پائی دو دیوان انکے نظر سے گذرے

کیا عجب ہو وہ گیسوے سرہنگ | لین متاع دل احبا لوٹ
جانتے ہین کہ فوج جنگی ہے | نہین سردار پھیر لیتا لوٹ

انشا تخلص انشا اللہ خان ذکر انکا پیشتر ہو چکا ہے ✣

دہم سے ہم دونون گرے فرش پہ اس کے ساتھ | رہگیا اونکا دوپٹہ بھی چپک کٹ سے لپٹ
چوٹ کہا کر لگے کہنے کہ اگر ایسا ہے | ہے کلا کھیلنا تجکو تو کسی نٹ سے لپٹ

رنگین تخلص سعادت یار خان مرحوم دہلوی ولد محکم الدولہ طہماسپ بیگ خان نورانی شاگرد شاہ حاتم مرحوم فنون سپاہ گری کو اچھی طرح سے جانتے تھے بہت سے شہرون کی سیر کی تھی کلکتہ مین بھی آئے تھے ریختی کے موجد تھے ریختہ و ہنرل بھی خوب کہتے تھے ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۲۵۱ ہجری مین اسی برس کی عمر مین انتقال کیا دیوان ریختہ و ریختی و ہنرل و فرس نامہ و حکایات رنگین و مجالس رنگین اور کئی مثنویان ان سے یادگار ہین صاحب تذکرہ گلستان سخن نے جو انشاء اللہ خان کو ریختی کا موجد قیاس

کیا ہے منظا کی ہے کیونکہ خود انشاء اللہ خان نے نسخہ دریاے لطافت مین لکھا ہے کہ اونھون نے اس زبان کو سعادت یار خان رنگین سے اخذ کیا ہے دیوان اور فرہنگ اور مجالس رنگین اور مثنوی اونکی نظر سے گذری

ریختی

شب کو لپٹی جو مین زنانی سے
منہ پہ انچل کی اوس سے کر کر اوٹ
پین باہر وہ ہوئین کہار رنگین
ہے چمٹنا ترا مری سر چوٹ

ردیف ثاے مثلثہ

محرور تخلص خواجہ بنی بخش کشمیری کلکتہ مین بشغل تجارت رہتے ہین شعر اچھا کہتے ہین کلام اپنا بر اکثر حروف کو دکھلاتے ہین

قطعہ

بیفائدہ ہین گریہ وزاری فراق مین
محرور ہین پہ نالہ وشور و فغان عبث
اوس سنگ دل پہ خاک بھی کرتے نہین اثر
رو رو کے دے رہا ہے تو کیون اپنی جان عبث

ردیف جیم عربی

تجلی تخلص میر حسن عرف میر حاجی حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

کیون مکدر ہو تم تجلی سے
ہم نہین جانتے کہ کیا ہے آج
ہو ہوئی کیا نا موافقت اوس سے
کہ مزاج آب کا خفا ہے آج

جرأت تخلص شیخ فلندر بخش حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

اے پیغمبر تجھے لینے نور رہے
شاید تر امریض ہوا ہے تمام آج
گزرا جو مین اودہر سے تو سن کیا کہون لوگ
کیا کیا بیان کرتے تھے لیکے نام آج

ولہ

گالیان تو ہین محبت کی عبارت پیارے
کب مین کہتا ہون کہ لکھکر مجھے دشنام بھیج

پر یہ ڈہر کا ہے کہ جاوے نہ کہین خط بکڑا | کر کے سرنامہ پہ تحریر مرا نام نہ بھیج

ولہ

کل تھے وہ ربط ہم سے وہ نظرین تھین پیار کی | ہر لحظہ تیری جانب دیرینہ نظر ہے آج
حیران ہون مین یہ بات ہے کیا مجکو تو بتا | دہڑکا لگا ہے کیا یہ تجھے کسکا ڈر ہے آج

رشحہ تخلص سید محمد خان ولد نواب سراج الدولہ غیاث الدین محمد خان نیشاپوری باشندہ فیض آباد مقیم لکھنؤ شاگرد خواجہ حیدر علی آتش شعر صاف و عاشقانہ خوب کہتے تھے کلیات انکا نظر سے گذرا

گور تاریک ہے اور عالم تنہائی ہے | دست و پا کانپتے ہین پرسش اعمال ہے آج
آمد آمد ہے نکیرین کی ہوتا ہے عذاب | روح تھراتی ہے دہشت سے عجب حال ہے آج
مین تڑپتا ہون لرزتی ہے زمین کہتی ہے خلق | زلزلہ آیا زمین ہلتی ہے بھونچال ہے آج

طپش تخلص مرزا جان حال انکا پہلے لکھا گیا ہے +

اک بوسہ پہلے دیجیے پھر قتل کیجیے | معلوم اس آرزو سے ہی مجھ زار کا مزاج
یعنی درنگ رکھتے نہین اوس سے وقت قتل | جس چیز پر کہ ہووے گنہگار کا مزاج

نصیر تخلص شاہ نصیر الدین دہلوی عرف میان کلو ولد شاہ غریب اللہ سجادہ نشین شاہ صدر جہان علیہ الرحمۃ شاگرد میر محمدی مائل آخر عمر مین حسب طلب دیوان چندولال حیدر آباد دکن کو گئے وہان ۱۲۵۲ھ مین وفات پائی مضامین عالی و تازہ خوب باندھتے تھے سنگلاخ اور مشکل زمینون مین ان سے بہتر لکھنے والا پیدا ہوا انہین دیوان انکا نظر سے گذرا

پوچھا جو مینے اپنے مسیحا سے وقت | کچھ بھی ہے یعنی درد دل زار کا علاج
بولا نہ درد دل نہ تپ عشق ہے تجھے | بیمار ہو تو کیجیے بیمار کا علاج
ہان ایک وہم ہے سو نہین آخر تک ہوا | لقمان سے بھی وہم کے آزار کا علاج

ردیف حبیم فارسی

جرأت تخلص بیان کیجیے مان قلندر بخش حال انکا آگے لکھا گیا ہے +

دونون طرف سے گرچہ بطیبت کا تھا لگاؤ
صحبت ہوئی پر ایسی ہی اک انجمن کے بیچ

جو کچھ نہ کہنے پائے کہ مجلس ہوئی تمام
وہان جیکی جبین رہگئی یہان سن کی من کے بیچ

ولہ

کس کس طرح سے ذلت و خواری و دھاکہ رات
جرأت گئی تھے یار کے ہم انجمن کے بیچ

تہا یہ خیال گر متوجہ ہو وہ ذرا
تو درد دل سنایئے شعر و سخن کے بیچ

پر کیا کہین کہ مصرع سودا ہے حسب حال
ایسی کی اک نگہ کہ رہی من کی من کے بیچ

طلیعۂ تخلص مرزا ہجان حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

ہے عرصۂ یک شب کے برابر یہ جوانی
بعد اوسکے تو آخر ہی ضعیفی ہین دلا کوچ

پس گلشن آفاق مسافر کی سرا ہے
جون غنچہ رہے رات کو اور صبح کیا کوچ

ردیف حاے حطی

جرأت تخلص شیخ بچے یا مان قلندر بخش پہلے انکا ذکر ہو چکا ہے +

وہ دن گیے کہ روٹھتے تھے ہم تو سب سے تم
منت سے کہتے تھے کہ منا دیکسی طرح

برسون مین اب جو آئے تو کہتے کسی سے ہو
یہان سے انہین تو ٹال بتا دیکسیطرح

ردیف خاے معجمہ

جانصاحب تخلص میر یار علی لکھنوی ولد میر امن بنا گرد نواب عاشور علی خان رنجتی اپنے طرز پر بہت خوب کہتے ہین دیوان انکا نظر سے گزرا

کہتی ہے میری صبح کنور بہتی شام پر
ہوتا شفق کا رنگ ہے جب آشکار سرخ

اس کل موئی نے مانگ مین سیندور ہی بھرا
کرتی ہے یہ کنوار بہی اپنا سنگار سرخ

ردیف دال مہملہ

رنگین تخلص سعادت یار خان دہلوی حال انکا پہلے تحریر ہو چکا ہے +

جب اوس سے کہا کہ مجکو تم سے ملنے کا ہے اشتیاق بیحد
یکبارہ وہ کھل کھلاکے رنگین بولے کہ چہ خوش چرا نباشد

وزیر تخلص خواجہ محمد وزیر لکھنوی حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

خیال قدمین ہے قد قامت اصلوٰۃ غنان غشی نماز ہے تکبیر عاشقان فریاد
رکوع الفت ابرو مین ہے خم قامت سجود سر کا ٹپکنا ہے اور اذان فریاد

ردیف دال ہندے

نور تخلص منشی صمصام حیدر ولد منشی حسن علی برادر عم زاد منشی اسد اللہ سخور باشندۂ ہوگلی مقیم ٹالی گنج کلکتہ آغاز جوانی مین انتقال کیا انکی طبیعت کو شعر گوئی سے نہایت مناسبت تہی کلام اپنا راقم الحروف کو دکھلاتی تہی

قاتل عاشق جو ہے تیغ نگاہ آپکو ہے چشم فتان پر گھمنڈ
کیون نہو زیبا ہے اے شمشیر زن تیغ زن کو تیغ بران پر گھمنڈ

ردیف ذال معجمہ

آصف تخلص نواب آصف الدولہ بہادر حال انکا بیان ہو چکا ہے +

خط جو آیا تو ہوا شوق سے آصف کا یہ حال رشک کے مارے کسیکو نہ دکھایا کاغذ
یہان تک بیخود و بیمین آنکھون پہ لیکے ملا بن پڑے ہے آنسو ونسے رو رو بہایا کاغذ

ولہ

کاغذ باد کے مانند اوڑا گلیون مین یون ہی برباد کیا یہان سے گیا جو کاغذ
قاصد اسکی زبانی بہی یہی رو رو کر کہیو اوس شوخ سے جسوقت اوسے دو کاغذ
پہینکدینا کہ جلا دینا کہ دہو ڈالنا پر اوسکے احوال کا یک مرتبہ سنلو کاغذ

ولہ

خون دل سے لکہا ہے عاشق نے بانده اے شوخ خط تو یہ

فائدہ ہوگا حسن جسکے گا | نکرے گا یہ کچھ نہ رتو یند

انشا تخلص میر انشا اللہ خان انکا حال پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

گرچہ سیانون نے بڑا افسون بہت اتوارکیا | خون ہو ہو سے مرے واسطے لکھا تو یند
جی جلا اپنا سا پھونکا کئی لونگ اور سینہ | مشک سیندور اگر مرچ فلینا تو یند
جس پری کا مجھے سایہ تھا نہ اوترا ہرگز | کام آیا نہ کسی شخص کا گنڈا تو یند
حاضرات اب نکرو اب نہ پڑیو سورۂ جن | دوست چپ رہو جانے بھی دو کسکا تو یند
شیخ جی چھو تو میان چڑھے نہ گھولا دیجے | آب نیسان مین لے کور اسکو رالتو یند
خیر انشا کی جو چاہو تو پلا دو دھو کر | اوسکے بازو کا وہ تنہا سا روپہلا تو یند

حسن تخلص سید غلام حسن دہلوی ثم لکھنوی ولد میر غلام حسین ضاحک وطن انکا ہرات مولد و جای تربیت دہلی میر ضیاء الدین ضیا سے کسب سخن کرتے تھے شروع جوانی مین فیض آباد مین جاکر نواب سردار جنگ ولد نواب سالار جنگ کے رفیقون مین داخل ہوے تھے شعر پر مزہ و شور انگیز خوب کہتے تھے مثنوی سحر البیان معروف بہ مثنوی بدر منیر لاجواب کہی ہے سنہ ۱۲۰۱ ہجری مین وفات پائی شاعر شیرین زبان انکی وفات کی تاریخ ہے کلیات انکا نظر سے گذرا ان سے یک تذکرہ بھی یادگار رہے + + + + + +

در و دیوار پہ کو چیمین حسن نے اوسکے | اپنے احوال کا لکھ لکھ کے لگایا کاغذ
تو بھی اوسنے نہ نظر کی نہ اودھر دیکھا ہاے | نہ کھڑی ہو کے کسی سے وہ پڑھایا کاغذ
کس توقع پہ بھلا اب کوئی لکھے نامہ | وہان برابر ہے لکھایا نہ لکھایا کاغذ

ردیف راے مہملہ

احسن تخلص مرزا احسن علی حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

اغیار نے شہرت یہ عبث دی ہے کہ احسن | ہے دل سے فدا جان سے قربان ہے اوسپر
یارب یہ خبر یار تلک کاش نہ پہنچے | یہ تہمت محض اور سپہ بہتان ہے اوسپر

انشا تخلص میر انشا اللہ خان حال انکا بیان ہو چکا ہے +

چھوڑتے ہین اب کوئی دو چار بوسہ بن لیے
ہم نہین ڈرتے کیے ان باتون سے پیارے شوق سے
ٹھیکیان لے گا لیون کی خواہ تو بوچھا کر
اور مل کر اور چلا اور تو بہ دھاڑ کر

ولہ

گل سے زیادہ نازک جو دلبران عزنا
ہین بیکلی مین شبنم کے پیرہن کے اندر
ہے محکبو یہ تعجب سوتے ہین کیونکر کفن کے اندر
یہ رنگ گورے گورے کیونکر کفن کے اندر

اوباش تخلص شیخ امیر الزمان پیرزادہ لکھنوی مصحفی سے کسب سخن کرتے تھے ٭

فقیرانہ جو کل جا نکلے ہم اوس بت کے کوچے مین
لگایا ہمنے تہا وہان اور ہی یک تاکیر بستر
وہ شاہ گلرخان ہمسے حسن خلق سے بولا
ہمارے گھر مین چلکر بچھیے جا ہی پاک پر بستر
کہا ہمنے میان صاحب فقیرون کو برابر ہے
سریر عرش پر بسرام ہو یا خاک پر بستر

جانصاحب تخلص میر یار علی رسخی کو حال انکا بیشتر بیان ہو چکا ہے ٭

جتجر مین باجی ایک مسلمان تہا کہا
یہ چال اوسکی گھر کی نظر آئی زور پر
دلوایا شب برات مین مرزو کا فاختہ
لوٹے گھڑے پہ بہنی پہ مٹکے مٹھور پر

جرأت تخلص شیخ قلندر بخش ان کے حال کا بیان ہو چکا ہے ٭

خدا کیواسطے کہدیجیو پیغامبر اتنا
بچارا تم کرو گھر مین کسیکو بامیر اکر
نکلوایا گیا ہے جو تمہارے گھر سے وہ مضطر
پس دیوار رہتا ہے کھڑا دو دو پہر اکر

ولہ

گھبرانے سے تمہارے یہ ظاہر ہے اب کہ آپ
بیٹھیے تو میرے پاس ہین اے مہربان پر
جانا کہین ہے اور ہی تقصیر ہو معاف
جو دل مین ہے تمہاری سو اپنی زبان پر

ولہ

تغیر رنگ رو ہے چڑہائی ہے آستین
ہے دو شیر پڑا ہوا دامان ادہر اودہر
جلوہ تجھے کس آئنہ رو کا نظر پڑا
جرأت جو دیکھتا ہے تو حیران ادہر اودہر

ولہ

چمن کی کسکو خبر ہے زلسکہ حیران ہون
پوچھہ مجھسے تو ای ہمنشین ہمالکی خبر

برنگ بلبل تصویر کیا کہون تجھسے
نہ مجکو اپنی خبر ہے نہ گلستانکی خبر

ولہ

یک آہ دل سے کھینچکے رہ جاتے ہین ہم آہ
دلکو مسوس سینے پہ ہاتھہ اپنے مار کر
کہنا کسیکا یاد جب آتا ہے یہ ہمین
اتنا نہ پہنچ پہنچ کے تو مجکو پیار کر

ولہ

ازل سے ہے یہ فلک آہ قہقہہ پرداز
رہون نکیونکہ مین اوس اپنے دلستان سے دور
بٹہاے عاشق و معشوق کو جو ایک جگہ
یقین کیجیو تم ہی یہ آسمان سے دور

ولہ

یہ زیر زمین سے سنا شور ہم نے
قدم زور سے ٹک جو مار ازمین پر
کہ غافل نہین خوب چال چلنا
کبھی اپنا بھی تھا گزار ازمین پر

ولہ

سر گوشی یہ بیوجہ نہین میری طرف سے
شاید کہ قریب اب اوسے سمجھاے ہی کچھ اور
کل تک تھا بہم ربط سلی کی تھین باتین
پر آج مرے حق مین وہ فرماے ہے کچھ اور

ولہ

ہوئی تھی سبکہ دامنگیر غیرت آنکر شبکو +
گلے سے اوسکی اوتہہ آیا تہا رنجی کی قسم کہاکر
ولی اس دل لگی باتہون رات بس آنکہون ہی مین کاٹی
سحر ہوتے ہی پہر لی راہ اوس کوچیکی گہبراکر

حسن تخلص خواجہ حسن مرحوم انکے حال کا بیان ہو چکا ہے +

آیا وہ دیکھنے کو ہمارے دم اخیر
آخر کی اک نظر پڑی اوس نازنین پر
ہم سمجھے یہ کہ اپنا اور اوسکا ازل ہی سے
موقوف تہا ملاپ دم واپسین پر

رنگین تخلص سعادت یار خان مرحوم دہلوی ان کے حال کا بیان ہو چکا ہے

پاکے تنہا جو کل دو گانا کو
سینے چہاتی ملی چمٹ کے زور
چونکتی ہی وہ بولی سسکی بھر
اوہی مین مرگئی موئی در گور

ولہ

جب کہا سنیے کہ میرے گھر چلو
تب مری گویاں نے اے رنگین بچار
گالیاں دینگی کو رکھکر یون کہا
مین ترے گھر جاؤنگی اے دور پار

سودا تخلص مرزا محمد رفیع انکے حال کا بیان ہو چکا ہے ✣

عقل نے اکدن اگر یہ کہا سودا سے
پاس یا ہمسے رہا کیجے یا ہمسے دور
لیکن اتنا ہی کہ وہ کام نکیجے جسکا
جسکا ثمرہ رکھے تمکو دل عالم سے دور

طپش تخلص مرزا محمد اسمعیل انکے حال کا بیان ہو چکا ہے ✣

کسنے رات کو پوچھا جو اوس سے محفل مین
اجی طپش کو کیا تمنے کس سبب سے دور
تو سکر اکے لگا کہنے تم نہین واقف
کچھ اک وہ باتین لگا کرنے تھا ادب سے دور

مصحفی تخلص غلام ہمدانی انکے حال کا بیان ہو چکا ہے ✣

یک کاسۂ سر نے یہ کہا راہ مین مجھکو
ناگہ جو نظر میری پڑی اوسکی جبین پر
اے مصحفی تک دیکھ تو قسمت کا لکھا ہاے
اب تک بھی مین رلتا ہوا پھرتا ہون زمین پر

ولہ

دوستو مصحفی خستہ کا کیا کیجے علاج
غم خوبان سے ہوا ہے یہ بچارا خستہ
سوچ کر بہر خدا تم بھی تو کچھ تبلا و
کار افتادہ ہاین کا رشمار اخستہ

مومن تخلص حکیم مومن خان مرحوم انکے حال کا بیان ہو چکا ہے ✣

سب ستم ہاے نہان نظر و نین تھے ناصح نبوجھ
کیا کہون مین خوش ہوا کیا سوچکر کیا دیکھکر
جو نقاب اوٹھے مرے آنکھون پہ پردا پڑ گیا
کچھ نہ سوجھا عالم اوس پردہ نشین کا دیکھکر

میر تخلص میر محمد تقی انکے حال کا بیان ہو چکا ہے ✣

از یارت کو قبر عاشق پر
اک طرفہ ہے یہان بھی جوش بہار
نکلے ہے میرے خاک سے نرگس
یعنے ابتک ہے حسرت دیدار

نساخ تخلص جامع اوراق ✣

قاصد ابتجھسے قربان جان و دل یہ کیا کہا
جلد چلیے کر رہے ہین وہ تمہارا انتظار

ہم نہ مانیں گے نہ مانیں گے نہ مانیں گے کبھی | یہ غلط کہتا ہے تو اونکو ہمارا انتظار

ردیف راے ہندی

انشا تخلص انشا اللہ خان ان کے حال کا بیان ہو چکا ہے ٭

انشا جو ہوئی ہووے سو ہو دل کہے یوں | تا چند ضبط آہ تو اوس دل ربا کو چھیڑ
لیجا کے چپکے چپکے دوشالہ کے نیچے ہاتھ | ناخن گڑو کے چٹکی لے انگشت پا کو چھیڑ

ردیف زاے معجمہ

جرأت تخلص شیخ قلندر بخش حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے ٭

شب سے ہم خاکنشین اوسکی گلی مین ہین آہ | گھر سے در تک بھی نہ آتا تھا وہ دلخواہ ہنوز
اس ندامت پہ نظر کیجیو تیر وہ شوخ | آشنا ہمکو سمجھتا نہین واللہ ہنوز

ردیف سین مہملہ

آصف تخلص نواب آصف الدولہ بہادر حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے ٭

ملاپ کے تو یہ اطوار ہی نہین پیارے | ہر ایک بات کا الٹا کر جواب دیتے ہو
کہو ہو اپنی ہر اک اولٹی بات کو سیدھی | ہماری سیدھی کو سمجھو ہو اور سنو عکس
خدا ہمارا رہین ہمسے چاہیے سیدھا | تمہارے جیمین جہانتک کہ ہو کرو عکس

ولہ

سوا ہے تیرے نہ لیے تیرا عاشق غم کش | ذرا نو فاتحہ پڑھ چلکر تا کجا وسواس
وہ قبر سے نہ نکل آئیگا مرا ذمہ | ٹک اوسکی روح تو خوش ہو نہ دلمین لا وسواس

انشا تخلص میر انشا اللہ خان انکا حال پیشتر لکھا گیا ہے ٭

مین جو شب اونسے راہ مین بیٹھا | بیم حاکم رہا نہ خوف عسس ٭
ہاتھا پائی ہوئی کچھ ایسی کہ پھر | اونکی اونگلی کی چٹ گئی جھٹ نس

لگے کہنے کہ میرے دامن کو — نہین ابتک کیا کسینے بس +
مفت جل جائیگا پری بھی سرک — ارے مین اگ اور تو ہی خس
جبکہ دیکھا کہ چھوڑتا ہی نہین — تب تو بھرے کہ دینگے بوسے دس
گن کے سولیلی گیا رہوان رہے — مجھے پٹے کرے جو اور ہوس
ایک دو تین چار پانچ چھ سات — آٹھہ نو دس ہوے بس شاباس

تراب تخلص شاہ تراب علی مرحوم حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

بس کر ستم اے بندہ خدا سے تو ذرا ڈر — یہ حرف کہے کون ستمگار سے افسوس
بس اونسے یہ اُنین نکالی ہے نرالی — غم کہنے نباوے کوئی غمخوار سے افسوس

رنگین تخلص سعادت یار خان مرحوم دہلوی حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

یاد مین اوسکے بھرے مند ہی سانس — مہی کہتی ہون کرکے مین افسوس
دیکھیے کب خدا ملاے گا — ابکی رنگین گئی ہین کالی کوس

زیرک تخلص مولوی حافظ قلندر بخش باشندہ پانی پت شاگرد و منشی کرامت علی مرحوم شہید سے

ہے اوسکے بینی کے پہلو مین یہ جو نقطہ خال — یہ ہے اشارہ کہ قتال عاشقان ہین دس
ادا و ناز و کرشمہ جفا و غمزہ و آن — نگاہ و چشمک و عشوہ سخن عیان ہین دس

ردیف شین معجمہ

آصف تخلص آصف الدولہ بہادر حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

گرچاہون زبانی کہون کچہ حال دل اوس سے — کرتا ہون اوسے دیکھکے تقریر فراموش
خیرت زدۂ عشق ہون ہر طور ہے مشکل + — لکھون تو کرون سو جگہ تحریر فراموش

رنگین تخلص سعادت یار خان مرحوم دہلوی حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

کل جو بینے کہا زنانی سے — جیمین آتا ہے جسسے کیجے عیش
تو لگے کہنے یون وہ اے رنگین — بس بس اب مجکو مت دلاؤ طیش

ردیف صاد مہملہ

احسن تخلص مرزا احسن علی حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے ✣

کہا جو اوس سے نہین جانتا تو احسن کو — تو بولا کب تمہارے اوسکے درمیان اخلاص
مجھے تو اوس سے نہا پیشتر تعارف بہی — ولے ہوا ہے کئی دن سے اوس سے ہان اخلاص

ردیف ضاد معجمہ

مخمور تخلص مولوی واحد علی مرحوم خلف مولوی عبد العلی نامی رئیس شہر ڈہاکہ اشعار اردو فارسی خوب کہتے ہین کلام اپنا راقم الحروف کو دکھلاتے ہین

قطعہ

ہے مونث وہ جسے ہوتی ہے دنیا کی طلب — اور مخنث وہ ہے جو رکہتا ہے عقبے سے غرض
ترک کر مخمور دنیا کو اوٹہا عقبے سے ہاتھ — تو اگر ہے مرد تو رکہ اپنے مولا سے غرض

ردیف طاے مہملہ

حسن تخلص سید غلام حسن دہلوی حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے ✣

پوچہا جو مین حسن سے کہ آیا ہے تیرا یار — افواہ یون اوڑی ہے یہ سچ ہے وبا غلط
ہنسکر کہا تب اوسنے کہ ایسے کہان نصیب — باندہا ہے مجھپہ یارون نے یہ توتیا غلط
وہ یار جنکی جہل ہے اکثر مزاج مین — ہنسنے کے واسطے انہون نے کہدیا غلط

حیدر تخلص منشی مصطفے حیدر حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے ✣

کیا ہمسے تم چہپاتے ہو ہم جانتے ہین سب — ہر روز آتے جاتے ہین جو جا بجا کے خط
مکر و فریب کا نام و نشان تک بتا دین ہم — کل کسکا تم وہ پڑہتے تہے ہمسے چہپا کے خط

طپش تخلص مرزا محمد اسمٰعیل عرف مرزا جان حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے ✣

ابہی نہ وصل مین مصروف بوسہ ہوا یدکی — زیادہ کرنہ لب یار شکریں سے ربط

کہ ایک دن نہ مجھے چین ہے نہ تجھے ہجر ان | نہ بھلا نہین ہے جو ہو جاے نگہین سے ربط

مصحفی تخلص غلام ہمدانی حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

شکوہ کیونکر کرون آپ کا اے مشفق من | آگیا ہاتھ جو اک دن مرے اغیار کا خط
لیکے قاصد سے بہت شاد ہوا مین جی مین | یہ سمجھکر مجھے آیا ہے مرے یار کا خط
کھول کر اوسکو جو دیکھا تو ہر اک حرف کو بیچ | تھا مرے قتل کا مضمون کہ تلوار کا خط
آپ کو اسکا جو باور نہو تو دکھلا دون | اب تلک کیسے مین موجود ہے سرکار کا خط

ردیف ظاے معجمہ

منحور تخلص منشی اسد اللہ عرف علی جان حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

بھلا زبان وہ دے کیونکہ وصل کی منحور | بیان مین آنہین سکتا ہے دلربا کا لحاظ
نگہ بھی وہ جو کرے تو غمزہ کی چلن سے | ہے چشم شوخ مین اوس شوخ کی بلا کا لحاظ

ردیف عین مہملہ

آصف تخلص آصف الدولہ بہادر حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

جب مرنے لگے بلبل شوریدہ قفس مین | آصف یہی کہتے تھے بہ تکرار دم نزع
صیاد تجھے بخش دیا خون مین اپنا | تک جاکے دکھالا مجھے گلزار دم نزع

ولہ

کل ہنسکے بولا نالۂ بلبل یہ یون پتنگ | کم ظرف دیکھہ ہم بھی تو آخر ہین زار شمع
رو رو کے یہ جواب دیا عندلیب نے | انصاف دلمین کیجیو اے دلفگار شمع
ہے شمع کے بھی دلمین محبت پتنگ کی | گر ہے پتنگ سوختہ جان بیقرار شمع
پروانہ کو جلاکے ہوئی شمع بھی تمام | جیتا نہ پا سکے ہے ننگ و عار شمع
فریاد و آہ و نالہ بہلکس لیے کرے | جیتے موئے پتنگ رہا ہمکنار شمع
گل مہربان سنا ہے کبھی عندلیب پر | تو شکر کر کہ مہر و وفا ہے شعار شمع

مین آہ آہ و نالہ نہ کہونچون تو کیا کرون | جلتے ہین غم سے میری رگین مثل تار شمع

ردیف غین معجمہ

جرأت تخلص شیخ قلندر بخش حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

مین کیا کرون جو پھولے مین گل خوب اپکی سال | اے ہمصفیر تجھسے نہ کہ ماجرائے باغ
ہے عنقریب دیدۂ خونبار یہ مرا | دیوار و در قفس کا ابھی کر دکھائے باغ

ردیف فا

تراب تخلص حضرت شاہ تراب علی مرحوم حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

چمن مین جب مین اوس گلفام کو سنا | کیا جون باد صرصر بے تکلف
کہا باری تجھے میری بدولت | ہوئی جنت میسر بے تکلف

ردیف قاف

تجلی تخلص میر حسن عرف میر جامی حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

گیے تھے قبر تجلی پہ کل زیارت کو | کہ تھا شہید جفا ہا کر بلائے فراق
عجب کہ ہمنے تو مانگی مراد وصل اوسجا | دروں سے صوت حزین نکلی اک کہ ہائے فراق

جرأت تخلص شیخ قلندر بخش حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

اوڑ گیا ہے رنگ رو کا ہو رہی ہین خشک لب | تیرے چہرے سے نمایان اب یہ ہین آثار عشق
چشم تر تیری کہے دیتی ہے درد دل ترا | کیا ہوا منہ سے جو تو کرتا نہین اقرار عشق
ہمسے بے حاصل جیسا یا ہم بھی ہین الفت روے | کیون نہین کرتا ہے جرأت ہمسے تو اظہار عشق

طپش تخلص مرزا جان حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

طپش سے کہتے تھے وہ شبکو اختلاط کر دفعت | لگا جو گرمی سے آنے ہی ایک بار عرق
خدا کے واسطے بس چھوڑ دے کہین مجکو | بدن پہ دیکھ مرے کیا ہے بیشمار عرق

نصیر تخلص شاہ نصیر الدین دہلوی عرف میان کلو حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

لیلی نے جب مرقع عالم کی سیر کی
دیکھا ہے ایک عالم دلگیر کا ورق
پہچانکر لگا لیا چھاتی سے اوسنے پھر
مجنون پارسا بستۂ زنجیر کا ورق

ردیف کاف عربی

حسرت تخلص مرزا جعفر علی ولد ابو الخیر دہلوی مقیم لکھنؤ آبا و اجداد انکے عطار تھے کچھ دنوں یہ بھی اوسی شغل مین مشغول رہے بعد ازان مرزا جہاندار شاہ ولد شاہ عالم بادشاہ کی رفاقت اختیار کی تھی آخر ایام مین ترک دنیا کرکے گوشہ نشین ہوے تھے کسب سخن سرپرستگی دیوانہ سے کیا تھا اشعار انکے نہایت خوب و مرغوب ہوتے ہین سنہ ۱۲۰۰ ہجری مین وفات پائی دیوان انکا نظر سے گذرا

حسرت نہ ار رنگ سے بولا مین جھوٹ سچ
یعنے کہ نوبت آئی سخن کی قسم تلک
لیکن سمجھ کے بات کو اوسنے اوڑا دیا
پہنچاتے وہ نہ ہاتھ ہم اوسکے قدم تلک

رنگین تخلص سعادت یار خان مرحوم حال انکا تحریر ہو چکا ہے +

تونے دہکا کے جو رنگین مجھے مل
لب کا بوسہ نہ دیا جانی ایک
یعنے اس سر کی قسم ہے اپنا
کیا رو رو کے لہو پانی ایک

صبا تخلص میر وزیر علی لکھنوی حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

تا کجا غم مرے مرنے کا کرا ے یار بتا و
حال مشاطہ رہی منتظر بانہ کب تک
چشم آئینہ رہی دور سے کب تک نگران
دانت زلفونپہ لگائی رہی شانہ کب تک

فتاح تخلص جامع اوراق +

دیکھون اوس جنگجو سے کب ہو صلح
اور زبان سے لڑے زبان کبتک
دل چکے سینہ اوسکے سینہ سے
سینے مین دل رہے تپان کبتک

وله

کب بھلاتے ہین دیکھون یاد مری
نزع مین دل خراشیان کب تک

جان کبتک نکلتی ہے تناخ | آتی ہیم ہین بچکیان کبتک

ردیف کاف فارسے

جرأت تخلص قلندر بخش حال انکا بیشتر لکھا گیا ہے ٭

زلفت کو تری دیکھکے کہتے ہین یہ خوبان | ایسا تو کہین ہمنے نہ دیکھا نہ سنا رنگ
گو اور بھی گلرو ہین مرقع مین جہان کے | لیکن تری صورت کا سبھون سے ہے عجار رنگ
جو رنگ نزاکت ہے سو نقاش ازل نے | حق یون ہے وہ تصویر مین تیری ہے ہر ار رنگ

رفعت تخلص مولوی غلام جیلانی مرحوم باشندہ رامپور شاگرد مولوی قدرت اللہ شوق حافظہ بہا درست رکھتے تھے کہ تمام قصیدہ یکبار سننے اول سے آخر تک یاد کرلیتے ہے بعضے صاحب تذکرہ نے انکو باشندہ بیلی لکھا ہے

تمہارا علم ہے روکے جو یا علی تو رکے | نہ ذوالفقار کی یا شاہ سر زنش ہے نہ تنگ
جو فرق دشمن دین پر مثال برق گری | سوار و زین سے گزر آخری برش ہے نہ تنگ

ردیف لام

احسن تخلص مرزا احسن علی حال انکا بیشتر رقم ہو چکا ہے ٭

پاس میرے ذکو ئی آوے نہ جاے | مین پڑا رہتا ہون در اوس سے نڈھال
ہان مگر دو چار بیتیے ہین انیس | درد و اندوہ و غم و رنج و ملال ؟

تنہا تخلص محمد نبی شاگرد غلام ہمدانی مصحفی مولد انکا دہلی جای تربیت و مسکن لکھنو شعر اچھا کہتے تھے صاحب دیوان گذرے

خمار بنے سے کیا حاصل ہے تنہا | نہین کہنے مین گو تیری مراد دل
کسیکا شعر یاد آیا ہے سن رکہ | نہ دل اوس سے برا ہے یا بھلا دل
دلہست این جنگ نتوان کرد با دل | شود با ہر کہ خواہد آشنا دل

جرأت تخلص شیخ قلندر بخش حال انکا بیشتر رقم ہو چکا ہے

جبین بہتری ہے یہی بات کہ جبکہ رجز ا
بیٹھیں گے نامۂ اعمال سب اے یار نکال
آکے اوسوقت ترے سامنے رکھدونگا میں
چاک کر سینے کو اپنا دل افگار نکال

ولہ

اس قدر کیون دل دیوانہ تو فرہ ہے
منہ سے وحشت ہی کی کچھ بات تو ای یار نکال
چھوڑ اس ضبط کو گھبٹ گھبٹ کے ندی جان اپنی
نکل اس قید سے زنجیر کی جھنکار نکال

حسن تخلص میر غلام حسن حال انکا پیشتر رقم ہو چکا ہے ؛

مدت سے ڈھونڈھتا تھا دل گم شدہ کو مین
ناگاہ اوس گلی مین ملا ایکبار دل
پوچھا یہ اوس سے بیٹھ کے کہہ کیا ہوا تجھے
تو تو بہت شفیق تھا اے غمگسار دل
تجھسے نہی امید کہ بھولے گا یون مجھے
ایسا گیا کہ تھا ہی نہ یہان زنہار دل
کہنے لگا پوچھ جسن تجھے کیا کہون
ہوتا ہے سبکا عشق مین بے اختیار دل

حیدر تخلص منشی مصطفے حیدر حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے ؛

کلیجہ مین کبھی تہ یہ کسی عاشق کے حال پر
کس چیز کی تہون سے وہ اجاڑے پاے دل
پوچھ پوچھے تو نالون سے وہ بھی پسیجتے
سینے مین انکے ہوتے جو تیر جاے دل

ذوق تخلص شیخ محمد ابراہیم دہلوی حال انکا پیشتر رقم ہو چکا ہے ؛

جبکو اسوقت مین اسلام کا دعوا ہے کمال
دیکھتا ہون یہ اب اے ذوق مین دنکا ہوا ہوں
جیطرح سے کہ بنسا دینے کو بیدنون کے
نقل کرتا ہو مسلمان کی کافر بنتا ہوں

رفعت تخلص مرزا قاسم علی وطن انکا مشہد مقدس مولد دہلی لکھنؤ مین جاکر شاگرد مخلص جرات کی شاگردی اختیار کی تھی شعر اچھا کہتے تھے صاحب دیوان گذرے

یہی کل بیٹھی بیٹھی آئی میرے دلمین اے رفعت
کہ دل آؤن نہین مجھسے کیا ہے آہ ملکر دل
گیا جو کوچۂ دلبر مین وہان اوربھی تڑپا تھا
پڑے تھے سیکڑون اوسجا پہ خاک و خون مین لیکر دل
لگا کرنے تجسس مین تو دیکھا ایک گوشے مین
پڑا ہیگا بصد غربت مرا بھی زار و مضطر دل
لگا حسرت سے مجکو دیکھنے وہ اور مین اوسکو
دل مین گریہ برسن کر دو مین ہم گریہ ہا بر دل

قوس تخلص مرزا محبوب علی ولد مرزا جانون بخت ابن مرزا زین العابدین شاگرد

راقم حروف ومن انکا دھلی مولد کانپور سکن کلکتہ شعر اچھا کہتے ہین پہلے شمس تخلص کرتے تھے صاحب دیوان ہین

اے قوس ہو اوصل کی شب طرفہ تماشا — منہ اوسنے کیا داغ جگر کی جو مقابل
کیا گرم کہی بات ظرافت سے یہ مینے — سورج کو نہ دکھلا و چراغ اے مہ کامل

کبیر تخلص حکیم کبیر ملی باشندہ بہیل دیوان انکا نظر سے گذرا +

کس سے جا کیجے عرض حال کبیر — اس دل بیقرار کا احوال
وہ ستمگر تو کچھ نہین سنتا — ایک سے لے ہزار کا احوال
حق بجانب ہے وہ سنے کیونکر — کسیکے حال زار کا احوال
ایک معشوق اور عاشق لاکھہ — سنے کس خاکسار کا احوال
ہو دین دس بیس تو سنے بھی کہیں — ایک دو تین چار کا احوال

محمر تخلص نواب امین الدولہ سید آغا علی خان ولد نواب معتمد الدولہ شاگرد ناسخ ورشک انکا مولد لکھنؤ سکن کانپور مدفن نجف اشرف یہ کربلا کو بھی گئے تھے دیوان انکا نظر سے گذرا

اوٹھائینگے تعمیر مرقد کی اک دن — عمارات عالی اوٹھانے سے حاصل
سوا اسکے کفن جسم مین کچھ نہوگا — لباس تکلف دکھانے سے حاصل
یہی ہے کہ نوبت بجی مقبرے پر — سوا اسکے نقار خانے سے حاصل
جنازہ اٹھیگا بصد یاس وحسرت — سواری کی دھومین مچانے سے حاصل
سلائینگے تابوت مین تجھکو اکدن — چھپر کھٹ مین آرام پانے سے حاصل
ملے گا کسے تکیہ مین فرش خاکی — سر فرش سندر اٹھانے سے حاصل
ملے خاک مین کیقباد و سکندر — سر کبر و نخوت اوٹھانے سے حاصل
نہ جم ہے نہ وہ جام عالم نما ہے — طلسم الیفلک ہاتھ آنے سے حاصل
ہوس لیگئی سا تھ شداد و قارون — عمارت سے حاصل خزانے سے حاصل
نہ کام آئے گا غیر نقد عمل کچھ — زمانے کا محصول پانے سے حاصل

نظیر تخلص ولی محمد اکبر آبادی حال انکا پیشتر رقم ہو چکا ہے +

اتو ترے جفا سے یہ مانگون ہون نہین دعا	ظالم خدا کرے کہ کہین تو لگاے دل
اور جبہ تو فدا ہو وہ ظالم ہو اس قدر	جو مطلقاً ترا نہ وہ خاطر مین لاے دل
تجھپر بھی چند روز تو یہ کشمکش رہے	دور دور اودہر کرے وہ ادہر کو ستاے دل
ناچار جیسے تجھسے چھڑاتا ہون دل کو مین	ایسا ہی تو بھی اوس سے لگا کر چھڑاے دل

ردیف میم

اسیر تخلص منشی مظفر علی حال انکا پیشتر رقم ہو چکا ہے +

ظلم تھوڑے بھی ہین بہت ہمکو	دیکھ ظالم کہ ناتوان ہین ہم
جینے سے ہمارے کیا حاصل	ای فلک مشت استخوان ہین ہم

انشا تخلص میر انشا اللہ خان حال انکا پیشتر رقم ہو چکا ہے

صدقے ہوتا ہون جس گھڑی مجھکو	یاد آتی ہے اوس پری کی قسم
ہاے کہنا وہ اوسکا چپکے سے	تجھکو انشا ہمارے جی کی قسم

بقا تخلص محمد بقا اللہ خلف حافظ لطف اللہ خوشنویس وطن انکا اکبر آباد مولد دہلی مسکن لکھنؤ رنختی مین شاہ حاتم اور میر درد قدس سرہ سے کسب سخن کیا تھا اور فارسی مین مرزا فاخر مکین سے اصلاح لیتے تھے میر و مرزا کے ہمعصر تھے شعر رنگین و شیرین کہتے تھے بعضے صاحب تذکرہ نے انکے والد کے نام کے لکھنے مین غلطی کرکے سیف اللہ لکھا ہے دیوان انکا نظر سے گذرا

گردش پہ تیری چشم کی بختی ہے ہمسے یار	دعوے ونکے گفتگو سے قدح اور قدح سے ہم
چشم اوسکی تاک و کہا دی اوسی تاکہ بار بار	اس بحث دو بدو سے قدح اور قدح سے ہم

جرات تخلص شیخ قلندر بخش حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

کل واقف کار اپنے سے کہتے تھے وہ یہ بات	جرات کے جو گھر رات کو مہمان گئے ہم
کیا جانیے کمبخت نے کیا ہم پہ کیا سحر	جو بات نہ تھی ماننے کی مان گئے ہم

ولہ

رکھا جو قدم اوسنے مرے قبر پہ آکر — اور سنگ سے تربت کی ہوے مل کف پاگرم
تو کیا کہون کس ناز سے اف کرکے وہ بولے — اللہ قیامت ہے یہ اتنک ہے مواگرم

ولہ

دل کو اوس یار ستمگر سے لگا کر حرأت — اپنے سب راحت و آرام کو کھو بیٹھے ہم
اب یہ پچھتاتے ہین اور کہتے ہین رو رو کر یا — شوخ کے ملنے ہی سے ہاتھ نہ دھو بیٹھے ہم

ولہ

تو جو کہتا ہے ہر گھڑی تیری — دیکھنے سے بہت خفا ہین ہم
کیا کرین یار تو ہی کر انصاف — تجھپہ مائل نہین ہین یا ہین ہم

ولہ

فراق یار مین کیا آنا جانا سانس کا کہیے — طبیعت پر اگر کھینچا کیا کرتے ہین ہاری ہم
یہی حالت رہی اپنی تو بس معلوم ہوتا ہے — یون ہی مر جائین گے اکرو بیتابی کی ماری ہم

ولہ

کرین کیا آہ اور کس سے کہین ہم اپنی بیتابی — کہین ہیں اب تری ہاتھون نہین ہاد ہیں ہاری ہم
قرار اک جا نظر آتا نہین ہے بیقراری مین — گل بازی کی صورت پھرتے ہین لیکر ہاری ہم

حسرت تخلص جعفر علی حال انکا پیشتر بیان ہو چکا ہے +

گل روتے ہوے جو اتفاقا — حسرت کے مزار پر گئے ہم
پڑھتا تھا یہ شعر وہ تہ خاک — سنتے ہی جسکے مر گئے ہم
وا ماندون پہ دیکھیے کہ کیا ہو — اپنا تو نباہ کر گئے ہم

درد تخلص خواجہ میر قدس سرہ حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

تہا عالم جبر کیا بتائین — کس طور سے زیست کر گئے ہم
جسطرح ہوا اوسی طرح سے — بیگانہ عمر بسر گئے ہم +

قمر تخلص مرزا قمر الدین عرف مرزا حاجی حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

نہین رہتے ہین ایک حالت پر ۔ ہین نئے رنگ ہین جہان ہین ہم
اشک ہین دیدۂ مصیبت ہین ۔ لب بیمار پر فغان ہین ہم

مصحفی تخلص غلام ہمدانی حال انکا بنثر تحریر ہو چکا ہے +

وہ کالی گھٹا اور وہ بجلی کا چمکنا ۔ وہ مینہ کی بوچھار ین وہ برسات کا عالم
دیکھا جو شب ہجر تو رو یا ہین کیا ہنوز ۔ یاد آیا شب وصل کی اوقات کا عالم

منجور تخلص منشی اسد اللہ عرف میان علیجان حال انکا بنثر تحریر ہو چکا ہے +

چشم بیمار تری جب سے کہ آئی ہے نظر ۔ بے خور و خواب ہین اور مضطرب و زار ہین ہم
اک نظر لطف کی لازم ہے ادھر بھی یارے ۔ اے مسیحا ترے بیمار کے بیمار ہین ہم

وله

کس طرح بیان کیجیے شب وصل کا احوال ۔ اور نشہ مے سے بت مینوش کا عالم
بیساختہ سینے سے وہ ہر بار لپٹنا ۔ تہا عالم مستی مین عجب جوش کا عالم

نساخ تخلص جامع اوراق +

مارتے ہین لات کاڈی کھاتے ہین ہاتہ ۔ اونکے پاؤن کی طرف جب ہاتہ و ڑاتے ہین ہم
اسپہ بہی جو بس نہین چلتا ہے اونکا وصل مین ۔ کہتے ہین لو چھوڑ دو ہمکو چلے جاتے ہین ہم

وله

ہجر کی شب کرتے رہتے ہین جو ہم اونکو ملاہم ۔ خانۂ دشمن مین اُو ازا اونکی سن پاتے ہین ہم
ڈرتے ڈرتے پہر کبہی اونسے جو کہتے ہین یہ بات ۔ کہتے ہین تیوری بدل کے کس کے گہر جاتی ہین ہم

وله

کبہی رنج و غم مین سر پایا الم تہا ۔ کبہی ہجر مین تہا مین آہ مجسم
کبہی بزم خوبان مین عیش و خوشی مین ۔ نظر باز یو نہین نگاہ مجسم
ولی چشم حق بین مین نساخ ہین تو ۔ نہین ہون مگر یک نگاہ مجسم

وله

کرتے تہے شب یہ اونکے تصور سے گفتگو ۔ کب جانتے تہے آگے تہین بیوفا ہو تم

اب کام آئین گی نہین یہ دلفریبیان — تمکو سمجھ چکے ہین بڑے پر وفا ہو تم
بھولین نہ دل سے یاد ہین سب بیوفائیان — گو تم بدل بھی جاؤ مجسم وفا ہو تم
رکھین کسیطرح کی نہ ہم تمسے آرزو — دل لے کے نکالین دلکا اگر مدعا ہو تم
پر بہتیرا وہ کرین کہ نہ آتے دین پاس تک — گو جانتے ہین درد جگر کی دوا ہو تم
مسجد کو چھوڑ کر نہ کبھی جائین دیر کو — ٹھہرے ہین سمجھ یہ جو سمجھین خدا ہو تم
یہ کہ رہا ہی تھا کہ دل اکبار بول اوٹھا — ہے یہ بھی کوئی بات کہ اونکو نہ چاہو تم
وہ بیوفا ہون ہونے دو تم بیوفا نہو + — شاخ نمسے ہو سکے جبتک نبا ہو تم

ردیف نون

احسن تخلص مرزا احسن علی حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

اپنے دانست مین کچھ جرم نہین ہمنے کیا — آہ کیا ضد تھی کہ ہمسے یہ جرائین انکہین
ملگئے خاک مین ہم تسپہ بھی اوس ظالم نے — نہلائین ہمنے نہلائین آنکہین

اختر تخلص قاضی محمد صادق خان مرحوم حال انکا پیشتر تحریر ہو اہے +

ہمنشین کیا کہون تجھسے یہ بتان مہوش — ستم و جور کا انداز نیا رکھتے ہین
کرکے کا بیدہ غم عشق سے مانند ہلال — اپنے عاشق کو یہ انگشت نما رکھتے ہین

انشا تخلص میر انشا اللہ حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

تازہ کرشمہ ایسا سج دیجے غضب پہ جس مین — اور یہ نمک یہ گرمی یہ خوش ادائیان ہون
چتونمین وہ لگاوٹ سرمہ کی وہ گھلاوٹ — پھر قہر یہ سجاوٹ یہ اچپلائیان ہون
مرجائیے نہ کیونکر اوسکی ادا پہ ظالم — جسمین اکہٹی اتنی باتین سمائیان ہون

واہ

کیا قہر ہے یہ دیکھو برسون جنہونکی خاطر — در گاہون بیچ جاجا مین جگائیان ہون
مانین ہون منتین بھی سو سو کرور ڈہب کی — وہ دو ہونر و پے اشرفی نذرین اوٹھائیان ہون
ہووے ملاپ گاہے اوسنسے نوشام ہی سے — آنکھونمین اونکی جھک جھک نیڈریان آئیان ہون

تراب تخلص حضرت شاہ تراب علی مرحوم حال انکا بیشتر تحریر ہوا ہے ٭

کوئی سنتا نہیں کہون کس سے ایک مدت سے کہ رہا ہون مین
گھر سے باہر نکل کے دیکھہ ذرا کب سے یہان منتظر کھڑا ہون مین

ثاقب تخلص نواب شہاب الدین احمد خان آنریری مجسٹریٹ شہر دھلی خلف اکبر نواب ضیاء الدین خان بہادر رئیس لہارو شاگرد مرزا نوشہ غالب اشعار صاف عاشقانہ خوب کہتے ہین راقم کے دوستون مین ہین

کل مینے کہا کہ بندہ پرور چہرے سے نقاب آپ اوٹھائین
کہتے ہین اداشناس باہم اچھا ہو جو رخ تو کیون چھپائین
بولے روداد موسے و طور سن لی ہے تو دیکھنے کو آئین
بسم اللہ ہم اوٹھائین پردہ پر اونسے کہو کہ تاب لائین

وله

غلط فہمی مین عاشقان مجازی کہ محو تماشاے محمل ہوے ہین
رہین گے گرفتار صورت پرستی اگر حسن معنی سے غافل ہوے ہین

جرأت تخلص شیخ قلندر بخش حال انکا بیشتر تحریر ہو چکا ہے ٭

اب وہ آواز نہی کانو مین نہین آتی ہاے کوئی ایسا نہین اوس در پہ جو پہنچاے ہمین
یہ دعا ہے کہ گنہگار سمجھہ حاکم شہہ پس دیوار صنم قید مین ٹہلاتے ہمین

وله

تفرقہ پردازی گردون نے ما را کیا کہین یا نہوتے تھے جدا ہم اور وہ یکدم کہین
یا پڑے پھرتے ہین اب جستجو مین روز و شب ڈھب کوئی نیجاے تو تک اوسکو دیکھین کہین

وله

ہے اسیر دام الفت جب سے یہ اے دوستو کونسے دن اسپہ یک افت نئی آتی نہین
پر کہون یک قطرۂ خون دل کیا مین حوصلہ عشق سے اب تک طبیعت اوسکی گھبراتی نہین

ولہ

گھر مین جو نہین وہ بار جرأت — گھبرائی ہے جان اپنی تن مین
ہے جی مین کہ خانہ کرکے ویران — جا بیٹھیے اک اوجار بن مین

ولہ

کیونکر جرأت لگائین ہم لگا — کہ فرشتہ کا وہان لگا نہین
اور تو اور چوری چوری سے — بات کرنے کا بھی تو داؤ نہین

ولہ

زلف کے کوچے مین ملک تو کب رسائی ہے ہمین — رہ نہین سکتے ہین ہرگز کوچۂ دلدار مین
کاش ہم موے شکستہ ہوتے اے بخت سیاہ — تو بھی رکھدیتا وہ ہمکو خندۂ دیوار مین

ولہ

جن دنون دونون طرف سے لگ رہی تھی دل لگی — دیکھ لیتا تھا وہ کیا الفت سے شرما کر ہمین
اب تو آنکھین نیلی پیلی کرتا ہے وہ شوخ — بزم مین تو چشم حسرت سے نہ دیکھا کر ہمین

ولہ

اوسکے کوچے مین ہوا کیا خاک حاصل وزن ہمین — رکھدیا قدرت نے جون سنگ رہ لاکر ہمین
پاؤن تو اوسنے کبھی بھولے سے بھی رکھا نہین — راہ رو آتے گئے لاکھون ہی ٹھکرا کر ہمین

ولہ

ہمصفیرو یہ نہ سمجھو تم کہ یہ چپکا رہا — گو کہ ہون خاموش لیکن بلبل جانی نہین
ہو کے مجبور اب کیا ہے صبر نے اختیار — ورنہ کیا میرے قفس مین طبع گھبرائی نہین

ولہ

گئے دید و ادید کے لطف اب تو — نپوچھو کہ کیا کیا ستم دیکھتے ہین
ملاقات پر دیکھی ٹھہری ہے ایسی — نہ تم دیکھتے ہو نہ ہم دیکھتے ہین

ولہ

کیا خدائی ہے کہ آ بیٹھے ہین تم پاس جو ہم — آپ جا بیٹھتے ہین آنکہ چرا اور رکھین

بیان نہ آتے تھے جو یکدم تو یہ آواز ہی تھی	بیان کا اخلاص چمٹا ربط ہوا اور کہیں

ولہ

بیمار کا تمہارے ماتم سرا بنا گھر	تمکو نہین خبر کچھ کیا آپ سے بہین
لے لے کے نام اوسکا سب مرد مان خانہ	منہ دہانپ دہانپ دتے ہر شام اور سحر تک

ولہ

تجھکو لے چلتے ہین اس شہر سے اودن نرم ہین ہم	کہ دلا کیجیو فریاد نہ وہان جاکے کہین
دیکھو مجکو بھی وہان سے نہ نکلوائیو تم	بھولے سے دست ہوس پاؤن نہ دوراکے کہین

ولہ

دیکھیو شوخی کہ جوش اشک مثل آتش	جب نہین پاتا وہ میرے دیدۂ حیران مین
تو سمجھتا ہے جسے محفل مین وہ میرا رقیب	بات کچھ ہنس ہنس کے کہتا ہے وہ اوسکے کان مین

ولہ

کیا ہوے وہ دن جو یہ پیغام آتے تھے ہمین	انبوہ درد ہجر کی ایذا اوٹھا سکتے نہین
صورت اپنی تم کسی صورت دکہا جاؤ ہمین	بین پر آتے ہین سب مین ہم لاچار اسکے نہین

ولہ

تہا یہی خوف کہ ناصح مرے پیراہن کا	کرکے تو فکر رفو ہووے نہ ہلکان کہین
اب جو ٹانکا اوسے تونے تو نظر آتا ہے	پارۂ جیب کہین پارۂ دامان کہین

ولہ

کہون کیا درد ہجران سے مری کیا شکل ہے جرات	کسی صورت نہین آرام سخت ایذا اوٹھاتا ہون
کبھی گہبرا کے سر اپنا پٹکتا ہون مین بالین سے	کبھی بستر پہ بیتابی کے مارے تلملاتا ہون
کبھی جو یاد آتا ہے وہ ہنسنا بولنا اوسکا	تو پھر رو رو کے دریا اپنی آنکھون سے بہاتا ہون
کبھی آواز اوسکی ہی جو آجاتی ہے کانون مین	تو دل پہاتہ رکہہ دہیان اوسطرف کو مین لگاتا ہون
کبھی اوسکا وہ بلوانا جو مجکو یاد آتا ہے	تو بیٹھے بیٹھے کیا جانون کدہر کو آہ جاتا ہون
پھر اس مین گر کسی کو کوئی پاس آن بیٹھی ہے	تو مطلع پڑہ کے یہ روتا ہون اور اسکو رلاتا ہون

قرار اوس شعلہ خو کی ہجر مین کیا خاک پاتا ہون — نظر آتی ہے اک آتش جدہر کو آنکھ اوٹھاتا ہون

ولہ

گر مین کہتا ہون مرے پاس ذرا بیٹھ اے شوخ — کچھ مین بد وضع نہین لوگ نہین بدنام نہین
تو کہون کیا کہ وہ جھنجلا کے کہے ہی کس شکل — گو تو اچھا ہے پہ تجھسے مجھے کچھ کام نہین

ولہ

مجھے محفل مین بلانے وہ یہ بولا ہے — بھلا بیٹھی ہین یہان کیون لوگ یہ کسکو بلاتا ہون
بچا کر آنکھ پھیر میری وہ بولون اک سے کہتا ہے — برا مت مانیو کیا جانیے کسکو سناتا ہون

حسن تخلص خواجہ حسن مرحوم مغفور حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

کہین کس سے روداد اپنی کرین کیا — اسی فکر مین ہم تو شش و پنج مین ہین
اوسے ڈھونڈتے ڈھونڈتے گم ہوے خود — حسن اب تو لینے کی دینے پڑے ہین

درد تخلص حضرت خواجہ میر درد دہلوی حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

پوچھا مین درد سے کہ بتا تو سہی مجھے — اے خانماں خراب ترا ہی گھر کہین نہین
کہنے لگا مکان معین فقیر کو — لازم ہے کیا کہ ایک ہی جا گہ ہو ہر کہین
درویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اوست — تو نے سنا نہین ہے یہ مصرع مگر کہین

ذوق تخلص شیخ محمد ابراہیم دہلوی حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

ہاے کل سب آشنا تیرے مریض عشق کے — تھی علاج ضعف دل اور ضعف تن کی فکر مین
آج گھبرائے ہوئے پھرتے ہین با چشم پر آب — گاہ تدبیر لحد ہین گہ کفن کی فکر مین

رند تخلص سید محمد خان حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

کیا سمجھکر مجھسے فرماتے ہین آپ — میرے گھر مین کیون تو اب آتا نہین
واسطہ کیا ہے کیا جب ترک عشق — تجھسے کچھ رشتہ نہین ناتا نہین

رنگین تخلص سعادت یار خان مرحوم حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

سنتے ہنستے یار سے اپنے کہی مینے یہ بات — ہاے صد افسوس مین تیرا ہون تو میرا نہین
دیکھیو خوبی دبٹائی گی کہ وہ کہتا ہے کیا — ہان نہین ہان ہان نہین بس بس نہین اچھا نہین

ولہ قطعی

کیا بری طرح سے ملتا ہے تو اے رنگین جان
ہر ملاقات مین کہ تجھسے کہا تک مین لڑون

رحم آتا نہین کچھ تجکو بدن چھلتا ہے
سخت مت ہاتھ لگا مجکو ترے پاؤن پڑون

سودا تخلص مرزا محمد رفیع حال انکا بیشتر تحریر ہوا ہے ✣

سودا سے رات مین کہا معصوم کیون ہے تو
اٹکا ہے اندو نہین ترا دل مگر کہین

کہنے لگا کہ سچ ہے پر ابکی مگر یہ جی
بچ جاے تو نہ دلکو دون بار دگر کہین

پوچھا جو مین سبب تو کہا کیا نہین سنی
قاصد مرے کی جانیکی تو نے خبر کہین

نامہ لکھا تھا یار کو مینے سمجھ کے ہے
عالم مین رسم نامہ و پیغام ہر کہین

لیکن سواے بندگی و عجز و انکسار
نکلتہ ہو اومین حرف تمنا سے گر کہین

وہان لیکے مہکو مارے ہے گردن کہ جس جگہ
پانی کے قطرے کا بھی نہو وے اثر کہین

ورنہ خدا کے واسطے انصاف تو کرو
آتا ہے ایلچی پہ زوال اس قدر کہین

اوڑتا پھرے ہے نامہ گلی مین کسیکے تو
دھڑسے جدا پڑا ہے سر نامہ پر کہین

وقتیکہ دلبران جہانکا ہو یہ سلوک
پھر دلکو دون کہو تو کس امید پر کہین

سوز تخلص محمد میر حال انکا بیشتر تحریر ہوا ہے ✣

مقبرون مین دیکھیے ہین اپنے ان انکھونسے روز
یہ برادر یہ پدر یہ خویش یہ فرزند ہین

تو بھی ٹھوکر مار کر چلتے ہین رعنائی سے یار
سو جتا اتنا نہین ہم خاک کے پیوند ہین

شہیدی تخلص منشی کرامت علی خان مرحوم خلف عبدالرسول خان عروضی باشندہ

لکھنؤ شاگرد مصحفی و نصیر دہلوی بیشتر پنجاب و گجرات و رامپور بریلی و بھوپال ناگپور و دہلی مین رہتے تھے علم عروض و حساب مین امثال و اقران سے زیادہ دخل رکھتے تھے بڑے بے تکلف اور عاشق مزاج تھے آزادانہ زندگی بسر کرتے تھے ۱۲۵۵ھ ہجری مین سفر حجاز کیا اور بعد اداے حج بیت اللہ روانہ مدینہ منورہ ہوکر اثناے راہ مین بیمار ہوئی اور چہارم ماہ صفر مظفر ۱۲۵۶ ہجری کو جس وقت مدینہ منورہ مین پہونچے اوسیوقت روضہ مبارک کو دیکھکر جوش اشتیاق سے انکی جان نکل گئی ✣

قسمت نگرانکہ کشتہ شمشیر عشق یافت + مرگے کہ زندگان بدعا آرزو کنند + دیوان انکا نظر راقم سے گذرا

طرفہ صحبت ہے ہماری شکل سے بیزار تم
اپنی یہ خواہش نہین ہم وہ صنم دیکھا کرین
کاش بہر دے کوئی وہ جادو کا کاجل مجھے
جس سے تم مجھکو نہ دیکھو تمکو ہم دیکھا کرین

ولہ

خلوت مین بار کے اوس سے کہا مینے ایک رات
کچھ صبر آج دل مین ذرا دیکھتا نہین
در بند ہمنشین کو نشہ کی ہے نیچ دی
یان کوئی میرے تیرے سوا دیکھتا نہین
انکھون مین آپ شمع کی چربی ہے چا رہی
گل خود ہے زر خرید ترا دیکھتا نہین
اسپر بھی گر ہو وہم تجھے شمع گل کرون
اے جان پھر تو کوئی بھلا دیکھتا نہین
بولا کہ اتنے روز دن سے صحبت ملی تجھے
پر حیف تو مزاج مرا دیکھتا نہین
تیرے اگر لحاظ و ادب پر پڑا نقاب
کمبخت میری شوخ وحیا دیکھتا نہین
گل شمع بزم یار سے ہے تا سحر نہین رہا
پروانہ پاے شمع پڑا دیکھتا نہین
اے بے خبر اندیشہ میری اوجالی کی کام کو
دیکھے نہ دیکھے کوئی خدا دیکھتا نہین

طبیش تخلص مرزا محمد اسمعیل عرف مرزا جان حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

پنجہ وحشت کے بین ممنون ہم
پنجہ مژگان فقر کی رہنمائیان
یعنی تا دامن گریبان چاک کر
ہمکو اکثر کفنیان پہنائیان

ولہ

جھپک سے پنجہ مژگانکے اوسکی مصحف رخ پر
قیاساً دل مین ہم اپنے یہی معلوم کرتے ہین
کہ میرے قتل سے جو مردم چشم اونکی منکر ہین
قسم کہانیکے تئین قرآن پر یہ ہاتہ دھرتے ہین

ولہ

رات ہم آغوشیونکی خواہشین
اسطرح ہمنے اوسے دکھلائیان
آمد پہ کا بہانہ کرکے ہم
روبرو لیتے رہے انگڑائیان

ولہ

جس رشک کے قطرے کو کہتا ہون ذرا تھم جا
عالم کی ملامت سے مین رنج اوٹھاتا ہون
تب سنکے وہ کہتا ہے ستا روک طپش مجکو
مین دور سے آتا ہون اور دور کو جاتا ہون

ولہ

طپش جا کر کہیئے کل جو دی تر غریب اوس گل کو
کہ مدفن سے تمہارے کشتۂ غم کی مین آتا ہون
عجب لالہ کہ اسا ہے اوسکے خون آلودہ تربت پر
اگر چلیے تو اب تمکو تماشا مین دکھاتا ہون
لگا کہنے عنایت آپ کی لیکن کہین اب تو
خدا شاہد ہے مین ہرگز نہ آتا ہون نہ جاتا ہون

ولہ

کل عرض کیا یار سے مینے کہو کیا ہو
گر مجھسے ہم آغوش مین اے ماہ جبین ہون
کہنے لگے بس بس یہ اوٹھا دیجیے دل سے
تم جبین مجھسے سمجھے ہو مین وہ نہین نہین ہون

ولہ

بدخواہ نے کل ایک جو اونسے یہ جا کہا
وارفتہ کچھ طپش فقط اک تم ہی پہ نہین
مانتا ہے ہر کسی سے ہر اک سے ہے اوسکو اُ
وہ کونسا ہے دل کہ جہان اوسکا گھر نہین
بولا کہ دیکھنے مین تو ایسا نہین ہے وہ
باقی کسیکے دل کی کسیکو خبر نہین

ولہ

طائر غم کا آشیان ہے دل
قطرۂ خون بھی اوسکے پاس کہان
نوعیت سخت دل کا جویان ہے
چیل کے گھونسلے مین ماس کہان

ظفر تخلص جنت آرامگاہ بہادر شاہ بادشاہ دہلی حال انکا بیشتر تحریر ہو چکا ہے +

وہ ہمسے وعدہ کر جاتے ہین پر اکثر شب کے آنیکا
مگر آتے نہین ہرگز کہ جاکر بھول جاتے ہین
گزر جاتی ہے ساری رات کہتے کہتے یہ ہمکو
اب آتے ہین اب آتے ہین اب آتے ہین اب آتے ہین

فدوی تخلص مرزا محمد علی عرف مرزا بھو حال انکا بیشتر لکھا گیا ہے +

پوچھتا کیا ہے مجھسے فدوی تو
مین جو بے اختیار ہنستا ہون
بے خبر ہون مین مرگ سے او نپر
مثل شمع مزار ہنستا ہون

فراق تخلص حکیم ثناء اللہ خان مرحوم دہلوی برادر زادۂ ہدایت اللہ خان ہدایت طلب میں اچھا دخل رکھتے تھے کسب سخن و کسب باطن حضرت خواجہ میر درد قدس سرہ سے کرتے تھے شعر صاف و عاشقانہ خوب کہتے تھے صاحب دیوان گذرے

صحبت فراق اوس سے میسر ہو کسطرح
اورر انکو جو کہیے تو پھر وہ بہانہ جو

دنکو تو وہ کہے ہے کہ ملنے کا ڈھب نہیں
زلفیں ہٹھا کے منہ سے یہ کہتا ہے شب نہیں

فغان تخلص اشرف علی خان دہلوی کو کہ احمد شاہ بادشاہ و مقیم عظیم آبا دشاگرد ولی قلی خان ندیم بعض صاحب تذکرہ نے غلطی سے انکو فرلباش خان امید کا شاگرد لکھا ہے بڑے ظریف تھے

انتقال انکا ۱۱۹۶ھ ہجری میں ہوا ہے دیوان انکا نظر سے گذرا

رونا جہان تلک تمہاری جہان رو چکا
باور نہیں اگر تجھے آ تو بھی دیکھ لے

مطلق نہیں ہے چشم میں نم کا اثر کہیں
آنسو کہیں ڈھلک گئی لخت جگر کہیں

قاسم تخلص حکیم میر قدرت اللہ خان دہلوی شاگرد ہدایت اللہ خان ہدایت مرید حضرت مولانا فخر الدین قدس سرہ ۱۱۷۱ھ ہجری میں انتقال کیا اشعار انکے مطبوع و مرغوب ہوتے ہیں صاحب دیوان گذرے تذکرہ شعرا انکا نظر سے گذرا

اونسے چمٹ گیا میں نہ داو گھات سے
ہر چند قاسم اوسکی رہی زیر لب نہیں

جھنجلا کے مسکرا کے یہ کہنے لگے کہ تو
پھر کیسو بے حیا مجھے ملنے کا ڈھب نہیں

قبول تخلص مرزا مہدی علی خان حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

کسکا ڈر دور دور سا نی ہے
مست رکھتی ہے مے مدام ہمیں

لڑکھڑائیں تو ہاتھ پھیلا کر
محتسب سے کہیں کہ تھام ہمیں

ولہ

عشق سے میرے ہوئی شہرت تمہارے حسن کی
حسن کا جوہر جو تم رکھتے ہو تو میں عشق کا

میرے داغوں پر نظر سے مہ لقا کچھ بھی نہیں
تم تو سب کچھ ہو گئے اور دوسرا کچھ بھی نہیں

قدرت تخلص شاہ قدرت اللہ مرحوم برادر مرزا دمیر شمس الدین فقیر غریزون میں حضرت شاہ عبد العزیز قدس سرہ کی تھی حضرت میرزا مظہر جانجاناں قدس سرہ اور مرزا

جعفر علی حسرت سے کسب سخن کیا تھا شعر گوئی مین اچھی قدرت رکھتے تھے مرشد آباد مین سکونت اختیار کی تھی وہین ۱۲۵۵ھ ہجری مین انتقال کیا دیوان انکا نظر سے گذرا

بھیج مت مرہم کافور تو قدرت کے حضور
یہ علاج اور ہے زخمون پہ اثر کرتے ہین
تیری جان سوختہ خورشید قیامت کے تئین
ہر سحر نیشۂ ناسور جگر کرتے ہین

گویا تخلص حسام الدولہ نواب فقیر محمد خان بہادر ولد بلند خان قوم افریدی شاگرد خواجہ وزیر لکھنوی کے امرائے نامی مین تھے شعر صاف وعاشقانہ اچھا کہتے تھے دیوان انکا نظر سے گذرا

نقش پہ گویا کے کہتا تھا وہ شوخ
اس طرح کا آدمی ہوتا نہین
کس خوشی سے جان دی اس شخص نے
ایسا عاشق دوسرا دیکھا نہین

محترم تخلص خواجہ محترم علی خان دہلوی مقیم عظیم آباد برادرزادۂ خواجہ محمدی خان شاگرد شاہ گھسیٹا عشق

دوستون نے مرے کہا اون سے
محترم کو کہو تو یہان لائین
لگے کہنے کہ شب کو لو تم
ہم جو مجلس مین اوسکو بلوائین
روندیوے کہ جسکے رونے سے
ساری محفل کے چھچھے جائین

مصحفی تخلص غلام ہمدانی حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

گرچہ ارباب تمنا کیطرح میری ہین
بیش وکم مشغلہ یک عمر رہا دنیا مین
لیکن آخر کو جو دیکھا کف افسوس سوا
مصحفی اپنے نہ کچھ ہاتھ لگا دنیا مین

مومن تخلص حکیم محمد مومن خان مرحوم حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

شام سے اپنے سو رہے وہ تو اور ہم اونکی کوچہ مین
ولولہ ہائے شوق سے کیا کیا پھرتے ہین گھبرائے پھرے
کرتے ہین آواز زفیری دیتے ہین دستک سو سو بار
گھر مین تو پھر پہنچتے ہین زنجیر در کھٹکھٹاتے ہین

میر تخلص میر محمد تقی حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

کچھ بچہ ہونگا روز یہ کہتا تھا دل مین
آشفتہ طبع میر کو پایا اگر کہین +

سو کل مجھے ملا وہ بیابان کے سمت کو
جاتا تھا اضطراب زدہ سا اودہر کہین

لگ چل کے مین برنگ صبا اوس سے یہ کہا
اے خانمان خراب ترا بھی ہے گھر کہین

آوارہ جابجا جو پھرے ہے تو دشت مین
جاگہ نہین ہے شہر مین تجکو مگر کہین

خون بستہ اپنی کھول ثمرہ بوجھتا ہے گر
رکہ تک تو اپنے حال کو مد نظر کہین

آسودگی سے جنس کو کرتا ہے کون سخت
جانے ہے نفع کوئی بھی جی کا ضرر کہین

موتی سے تیرے اشک ہین غلطان کسیطرف
یاقوت کے سے ٹکڑے ہین لخت جگر کہین

تا کے یہ دشت گردی و کبتک یہ خستگی
اس زندگی سے کچھ تجھے حاصل بھی مر کہین

کہنے لگا وہ ہوکے پر آشفتہ یک بیک
مسکن کرے ہے دہر مین مہما نشر کہین

آوارگونکا ننگ ہے سنتا نصیحتین
مت کہیو ایسی بات تو بارد گر کہین

تیمین مرا کو بھول گیا ہون یہ ہے یہ یاد
کہتا تھا ایک روز یہ اہل نظر کہین

بیٹھے اگرچہ نقش تر اتو بھی دل اوٹھا
کرتا ہے جاے باش کوئی رہگذر کہین

کتنے ہی آئے لیکے سر پر خیال پر
ایسی گئی کہ کچھ نہین اونکا اثر کہین

ولہ

کوہ و صحرا بھی کرنہ جاے باش
آج تک کوئی بھی رہا ہے یان

بے خبر شرط میر سنتا ہے
تجھسے آگے بھی کچھ ہوا ہے یان

موت مجنون کو بھی یہین آئی
کوہکن کل ہی مر گیا ہے یان

نازش تخلص مولوی آلہی بخش ولد مولوی محمد صالح شاگرد مظفر علی اسیر باشندہ خیرآباد غربزدون مین مولوی فضل حق مرحوم مغفور کے ہین

حصار باغ مین قمری کو سرو رعنا نی
کیا ہے وصل سے کیا کیا نہال پر پھیز

بزیر سبع فانوس شمع و پروانہ
بہت سی رہتے ہین فرخندہ حال پر پھیز

ہمارے حال پر گشتہ کیسے ہین یارب
نہ برلا ہے نہ ہمکو وصال پر دے ہین

نازنین تخلص مرزا علی بیگ ریختی گو دہلوی جلاں جانصب کی انکے ریختی ہین کچھ کچھ شاعری کا بھی لطف ہوتا ہے

نازنین اتنا بھی ہرجائی پن — یہ تمہارے آگیا کیا دھیان مین
روز اک دلگڑیکی ہین مہمانیان — روز رہتے ہو اسی سامان مین

نشاخ تخلص جامع اوراق +

نہ مسی ہون کہ لب لعل تک اوسکے پہونچون — نہ تو سرمہ ہون کہ ہو اپنا گزر آنکھون مین
کیا کہون حال مین اپنا کہ مین کیا ہون نشاخ — صورت خار ہون کیا ہو مرا گھر آنکھون مین

وله

صحبت غیر سے نہ کرین آپ — وہ صفا عارض وجبین مین نہین
نقش دندان غیر ہین لب پر — نام میرا ہے اس نگین مین نہین

نصیر تخلص شاہ نصیر الدین دہلوی حال انکا پیشتر تحریر ہو چکا ہے +

کل بت رشک پری نے چوڑی والی سے کہا — روز لاتی ہے بنا کر تو نہانی چوڑیان
دیکھ تو انکھونکی اندہی کیہ یہی ہے تجکو خبر — یہ تو میری نوجوانی اور پرانی چوڑیان

وزیر تخلص خواجہ محمد وزیر حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

کوے قاتل کا یہ قاصد ہے پتا — نامہ بر قتل ہوا کرتے ہین
پرے رہتے ہین خطون کے پر زے — پر کبوتر کے اوڑا کرتے ہین

وله

نکر عوض مرے جرم وگناہ مجید کا — الٰہی تجکو غفور الرحیم کہتے ہین
کہین کہین نہ عدو دیکھکر مجھ محتاج — یہ اونکو بندے ہین جنکو کریم کہتے ہین

ردیف واو

انسخ تخلص مولوی عصمت اللہ ولد چودہری رحمت اللہ مرحوم باشندۂ قصبۂ بندوہ ضلع ہوگلی سال تولد انکا ۱۲۵۳ ہجری ہے طبع سلیم رکھتے ہین ذہن مستقیم رکھتے ہین شعر وسخن سے بہت شوق ہے اوائل بندی سے نہایت ذوق ہے بڑے پرگو ہین شعر اچھا کہتے ہین ایام صبا سے دارالسلطنت کلکتہ مین رہتے ہین کلام اپنا راقم الحروف کو

دکھلاتے ہین کلکتہ مین انکے بہت شاگرد ہین صاحب دیوان ہین

تسبر انسان کہو کیونکر تمہین ای نور کی پتلی
فرشتہ ہو پری ہو کیا کہون تم حور جنت ہو
فریکر ہو تم زہرہ جبین ہو مہر سیما ہو
حسین ہو نازنین ہو خوبرو ہو خوبصورت ہو

انشا تخلص سید انشا اللہ خان حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے ٭

کیون مری چاک گریبان سے بھلا اوجھا تھا
ابتو بخشا تجھے پھر آگے یہ زنہار نہو
کہولے دیتا ہون ترے کان ابھی سے اگبل
ایسی تقصیر کبھی پھر یہ خبردار نہو

ولہ

میرے ہی سر کی قسم ہے نام جانے کا نہ لو
مجھکو بیٹھو آج اگر تم اپنے گھر جاؤ نہو
اب جوان فضل الٰہی ہو چکے کیا ڈر تمہین
آؤ بیٹھو کھیلو کودو لوٹو پوٹو سو رہو

بحر تخلص شیخ امداد علی خلف شیخ امام بخش باشندۂ لکھنؤ شاگرد شیخ امام بخش ناسخ عروض و قوافی مین احیا دخل رکھتے ہین راقم سے ان سے لکھنؤ مین ملاقات ہوئی تھی دیوان انکا نظر سے گذرا

ایک پوربی نے لکھکے یہ دو حرف
دوستو یار کو روانہ کرو
جلد آؤ کہ دم نکلتا ہے
مجھکو بیٹھو اگر بہانہ کرو

بقا تخلص محمد بقا اللہ مرحوم حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے ٭

گر قتل کیا بقا کو خوبو
اسبات کو منہ سے مت نکالو
پنہان ہے بھلا ہے خون عاشق
جانے دو اب اوسپہ خاک ڈالو

بیدار تخلص سید محمد علی عرف میر محمدی مرحوم دہلوی شاگرد مرتضی قلی بیگ فراق و مرید مولانا فخر الدین قدس سرہ شعر گوئی مین اچھی مشق رکھتے تھے اکبر آباد مین سکونت اختیار کی تھی وہین راہی ملک بقا ہوئے سعادت خان ناصر نے جو انکو اپنے تذکرہ مین میر محمدی متخلص بہ قربان کے دہوکے مین تنا اللہ فراق کا شاگرد لکھا ہے غلطی کی ہے صاحب دیوان گذرے

بیدار تو اس جہان مین آکر
چوچا ہے سو میرے یار کیجو

وہ پرجس سے گرے کسو کی دل سے | وہ کام نہ زنہار کیجو

تراب تخلص حضرت تراب علی شاہ حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

کہدیجیو یہ بات اور سمجھائیو اوسکو | یارون سے ہمارے جو سعید ازلی ہو
دنیا مین سدا رہنے کو آیا نہین کوئی | لاحق ہے اجل سبکو نبی ہو کہ ولی ہو

تمنا تخلص میر اسد علی خان اورنگ آبادی اور کچھ حال انکا معلوم نہوا +

بھلا سنو تو مری جان چپ رہون کبتک | کہون فراج مبارک پہ گر ملال نہو
تمہارے رخ کو جو گہیرا ہے خط کے سبزہ نے | یہ دو دو آہ کا میرے کہین وبال نہو

جرأت تخلص شیخ قلندر بخش حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

ایسے بیرحمون کی محبکو دام مین لایا ہی جو | کوئی تو کہتا ہے اسکے توڑ کر پر چھوڑ دو
اور کوئی بیدرد یہ کہتا ہے بیدردی سے آہ | گر تماشا دیکھنا ہے ذبح کر کر چھوڑ دو

وله

سنکے کوچی مین ہمین بام سے تم جھانکتے تھے | یا تو منظور تھی یون شکل دکھانی ہمکو
یا فغان سنکے بھی کچھ منہ سے نکلتی نہین بات | چھوڑی پر دیمین بھی آواز سنانی ہمکو

وله

بزم خوبان مین بھلا ہجر مین اوسکے ہمدم | بیٹھیے کس تکل دل اپنا کوئی بہلانے کو
آنکہ اوٹھاتے ہی کسی شوخ کی تصویر کی شکل | سامنے آن کہڑی ہوتی ہے دبکانے کو

وله

مت جا تو گلی مین اوسکی ہر دم | کہتا ہون یہ بار بار دل کو
پر جاے بغیر آہ جرأت | یک لحظہ نہین قرار دل کو

وله

مین کہا دیکھی ہے سینے خواب مین ہر وی یار | دوستو مجھسے کہو اس خواب کی تعبیر کو
آہ اس مذکور کو سنتا تہا وہ قاتل کہین | آن پہنچا سر پہ میرے کھینچکر شمشیر کو

ولہ

خانۂ یار کے گرد آٹھ پہر پھرتا ہون — بیقراری نے تو یہ چال سکھائی مجھکو
غیر پر کرتے ہین وان رخنہ دیوار کو بند — تا جھلک اوسکی ذرا دے نہ دکھائی مجھکو

ولہ

فائدہ کیا ہے جو تنہائی مین گزری حرمت — خضر کی طرح سے جو عمر یہ طولانی ہو
یہ غنیمت ہے کوئی دم جو خوشی سے گذری — ابر و باغ و چمن و یار و غزلخوانی ہو

حسن تخلص میر غلام حسن حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

اونکے یان رات مین خفا ہو کر — لگ کے رونے لگا جو کونے کو
مجھپہ جھنجھلا کے یون لگے کہنے — کیا کہون تیرے غصہ ہونے کو
منہ پہ آنسو ہرے ہی رہتے ہین — آگ لگجاے ایسے رونے کو

حیدر تخلص مفتی مصطفے حیدر حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

دوستو کسنے چرایا دل سوزان کو مرے — یک بیک ہو گیا سینہ مرا ٹھنڈا دیکھو
دیکھو وہ آنکھ چراتے ہین چرا کر دل کو — چور پکڑا ہے ابھی ہمنے بھی کیا دیکھو
لوگ کرنے بھی لگے مٹھی تو کہو لو صاحب — پڑ گیا ہاتھ مین کیسا یہ پھپھولا دیکھو

درد تخلص حضرت میر درد قدس سرہ حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

دل نالان کو یاد کرکے صبا — اتنا کہنا جہان وہ قاتل ہو
نیم بسمل کوئی کسیکو چھوڑ — اسطرح بیٹھتا ہے غافل ہو

ذوق تخلص شیخ محمد ابراہیم حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

رہی ہر طرح سے صیدی کی کبوتر کی طرح — ہاتھ سے اوس بت بیدرد کی ایذا ہمکو
صید ہی مین نہ فقط ذبح کا بھی قصد رہا — صلح بھی ٹھہرے تو پھر کاہے کے چھوڑا ہمکو

رند تخلص سید محمد خان حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

مجھسے خلوت کی ملاقات رہی — روز خلوت مین بلایا نہ کرو
واسطے بند کے بدنامی ہے — جان صحبت مین ٹھہایا نہ کرو

سودا تخلص مرزا رفیع حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

اے نسیم سحری مہر مروت سے تو کر
بے نہایت نظر آبا پہ گلستان محبت کو +

ایک گل تک نہ دیا مانع نہوا چلتے وقت
خار نے بھی نہ کہا کھینچ کے دامان محبت کو

سوز تخلص محمد میر حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

گالیاں تو لبوں سے سب ہی دیں
لب پہ بوسے کی بھی اجازت ہو

کیا بڑی بات تھی نہیں واللہ
جرم کرلیں اگر عنایت ہو

میر حسن تخلص مولی کرامت علی عرف حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

اٹھ دیوسون پہ جوبن تو کریک بت اوباش کا
تب جو چھو سوسو دلونکے لب سے ہو لینگے

کہکے کے دکھا رکے دوروز کے دوروز سے دو
کہکے یون یہ ابکی دو یہ جب سے دو

ہوی رہ جینجہا کے ناف کب ہو اتنا آپ کا
ہاے یہ کہان کے دوزخ کب کے دو

حزیں تخلص مرزا جان حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

اے ہی بلبل ہے بلبل کو ملا گل سے
جو تو ہو تا تصیب وسکو بھی وصل سرو بستان ہو

نہ پر انہی اپنے نیم سے ہر گز جدا ہوے
کہ پر انہی پیشہ پر مقفل مین سو ان ہو

رسا ہو ہو کے کوبی خورشید کا حاصل
یکا رنگو بھی ہر صورت سے قرب ماہ تابان ہو

دوم ہل جانب طالب وطلب ہین
اون سہل ہے مجھے بھی وصل جانان ہو

ولہ

اے اہل دوا یہ ہے نمکین دستگر +
آخر کو یہ روز مکان ہو نہ مکین ہو

مستجاب یہ دعا ہے یہ قائم پہ رکھ یا وان
تیار ہے ہر ایک کا تو خاک نشین ہو

ولہ

گفتگو پر داری کی تقریب سے یک موشگے
از سر محفل مین ہو فی کل چو سر مالی مجھکو

لیگئی تحفہ اسکے مجھے بتیا ہے دل
عقل کرتی ہو ہے جیسے ہم خیالی مجھکو

دیکھکر میرے دل زار کی بے صبری تمام
یون نگاہ کہنے بتا کر وہ کر سالی مجھکو

ہے ترے دل کے ستانے مین مرہو کا مجھکو
اگر آزار ہین سے ساری خیالی مجھکو

ولہ

ہاتہ سے میرے کسطرح اے غیر دامن اوسکا جدا کرے گا تو
فرض مینے کیا کہ یون نہی ہوا کشش دل کو کیا کرے گا تو

ولہ

پردۂ گل مین کب تلک اے دوست شکل بوکی رہا کرے گا تو
ایک دن تجھکو دیکہ لینا ہے بارکب تک چھپا کرے گا تو

ولہ

کہتے تہے ہم پیش دل اوسکو دے اور جو دے گا برا کرے گا تو
تونے کہنے پہ کچھ عمل نہ کیا ہم بھی اب دیکہین کیا کرے گا تو

ولہ

آزمایا ہمنے یارون کو سراسر رنگ مین کیا کوئی کیسے جہان مین دوستی کے نام کو
گلفشانی کی توقع کیا کہ میری قبر پر پھولون کے دن بھی نہ لائی اوس بت گلفام کو

ولہ

پیش کیا کیسے کل ناحق عوض بوسے کے ہم سہواً بہائے سہل پردے بیٹھی دل اوس یار قاتل کو
سواب جیمین ہے کیسے اوس سے پیسود انہین بنتا وہ اپنا بوسہ لے ہمسے اور اب پھیر دی دل کو

ظفر تخلص جنت آرامگاہ بہادر شاہ حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

غافلو ہو کہ نہو تمکو سفر مین کچھ سود ساعت نیک مسجم سے مگر پوچھتے ہو
لیک جب جاتے ہو دنیا سے سوی ملک عدم نہ کوئی دن نہ کوئی وقت سفر پوچھتے ہو

عشق تخلص حکیم میر عزت اللہ خان مرحوم حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

بلبل تو عبث پھولی ہے اوس گل پہ کہ جسکو گوش شنوا ہو نہ ذرا چشم حیا ہو
چل سامنے مری تجھکو دکھادون وہ طرحدار آنکھون سے نہ دیکھا ہو نہ کانون سے سنا ہو

قربان تخلص میر محمدی دہلوی عرف میر کلوش گردتنا اللہ خان فراق +

ہاتہ پکڑا جو مین کہا اے واہ کچھ دوانی ہوئی ہو تو دیکھو

چھوڑ دو تمکو مرے میر کی قسم | اُٹھ اسنتا کوئی نہو دیکھو

مرزا تخلص نواب محمد حسن خان دہلوی مقیم بنارس خلف نواب شہرت خان بہادر سودا

اگر اہے جو تمہارے ہی در اوپر مرزا | دمبدم اوسکو اوٹھاتے ہو بھلا کاہے کو
جب وہ غربت زدہ جاتا ہے تو سو کوس کی زیب | پھر اوسے آپ بلاتے ہو بھلا کاہے کو

مصحفی تخلص غلام ہمدانی حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

وہ جو عاشق ہین اپنے ہاتھون سے | پھینک دیتے ہین کاٹ کر سر کو
مصحفی قتل گاہ عشق کے بیچ | نہین تکلیف دست و خنجر کو

وله

یکایک کر گذرتی ہو وہی جان | جو کچھ تم اپنے دلمین ٹھانتے ہو
غرض ہو اشنا اپنے ہی ضد کی | کسیکی بات کو کب مانتے ہو

وله

میرے نامہ کو سرسری نہ پڑھو | اک ذرا اسکو بیٹھ کر دیکھو
مدعا بھی نکل رہے گا کہین | پڑھے جاو نہ پیشتر دیکھو
ہو چکی نامہ جب تمام تو پھر | ہے عبارت جو پشت پر دیکھو
کرکے اول سے تا بہ آخر غور | پھر جدہر جا ہو تم اودھر دیکھو

وله

ارادہ کر کرون شکو تو وہ ملتا نہین مجھسے | جو چاہون دنکو تو آتی ہے لوگون سے حیا مجکو
نہ دن کو چین نے راتو نکو نیند آوے معاذ اللہ | کیا ہے اوسکی چاہت نے گرفتار بلا مجکو

منور تخلص منشی اسد اللہ عرف میان علی جان حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

فائدہ کاک ہو نصیحت سے | عاشق خستہ حال و مضطر کو
مغز کہاتا ہے کیون عبث ناصح | جونک لگتی ہے کوئی تجھ کو

مومن تخلص حکیم مومن خان مرحوم حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

جب کہا مینے کہ تم بیداد گر نا آشنا + | بے مروت بیوفا بیگانہ نا قابل ہو

ہنسکے فرمایا کہ مین تو خیر جو کچھ ہون سو ہون — تم بھی تو بے چین ہو بے صبر ہو بیتاب ہو

نساخ تخلص اسمہ اوراق +

جسکے قبضہ مین ہے رشتۂ جہان نساخ — اوس مسیحا کا پڑا وصف جو لکھنا مجھکو
صوف ہوتا شعاع اور ہو خورشید دوات — چاہیے ہر قلم سوزن عیسے مجھکو +

ولہ

جو بیوفا ہو نہین کہتا ہون مین تو شوخی ہے — وہ کہتے ہین سنو اپنی زبان کو تھام تو لو
یہ ہوا کے کہتے ہو خیر ہے صاحب — وہ مین نہین ہون کوئی اور ہوگا نام تو لو

ولہ

ہمارے حال کو یون دیکھ دیکھ کر ہمدم — عبث خموش ہو کچھ بھی زبان سے کام تو لو
جو ہو سکے تو سنا اوسی کو حال اپنا — نہو تو بہر تسلی کسی کا نام تو لو

نصیر تخلص شاہ نصیر الدین بلوی حال انکا پیشتر رقم ہوا ہے +

تک ادہر مسہ تو کر اے آئنہ انصاف — دیکھ تو ہم مین ہے کیا جواب رخ دلدار کہ تو
درمیان سے سکندر ہے اوٹھائے رکھنے — دیکھنے کا نہین مین اوسکی روادار کہ تو

ولہ

برقع مین نہین ہے اوسکی جالی — تک دیدۂ حور سے تو جھانکو
کہنچے ہے وہ شوخ جنتری مین — تا رگ جان عاشقان کو

وزیر تخلص خواجہ محمد وزیر لکھنوی حال انکا پیشتر رقم ہو چکا ہے +

بے یار ذوق کب ہے شراب وکباب سے — پروا نہین ہے اب مجھے ساقی ہو یا نہو
خون جگر پیا نہو جسنے وہ مے پیے — کہائے وہی کباب کہ جو دل جلا نہو

ردیف ہاے ہوز

بقا تخلص محمد بقا اللہ مرحوم حال انکا پیشتر لکھا گیا ہے +

کر اسی طرح کرے کشتۂ حیرت اپنا — دمبدم مجھکو دکھا کر رخ یار آئینہ

بس یقین ہے کہ ملک نامہ اعمال کی جا | آمرے ہاتھہ مین دین روز شمار لیکنہ

جہاندار تخلص شیخ قلندر بخش حال انکا بیشتر تحریر ہوا ہے +

وائے حسرت کہ پہنچے لیکے جنازہ جو مرا | لوگ سب روتے ہوئے کوچہ دلدار کی راہ
شور و غل سنکے بھی از راہ تغافل اوسنے | نہ ذرا جھانک لیا روزن دیوار کی راہ

ولہ

آئے نظر کل ایک مرقع مین نا توان | مجنون سے بھی فزون کسی بیمار کی شبیہ
تو ہنسکے مجھکو کہنے لگے چتونون مین وہ | لو تم بھی دیکھ لو یہ ہے سرکار کی شبیہ

ولہ

شب وصال مین وحشی سا دیکھ مجھکو وہ شوخ | کہی ہے دیکھو بس آگے نہ تم بڑہاؤ ہاتھ
تمہارے ہاتھ نہ آیا ہون مین نہ آؤن گا | مری بلا سے جو تم کاٹ کاٹ کھاؤ ہاتھ

ذوق تخلص شیخ محمد ابراہیم مرحوم حال انکا بیشتر تحریر ہوا ہے +

ہے باغ جہان مین مجھے کرنیکی عالی | کر گردن تسلیم کو خم اور زیادہ
لیتے ہین ثمر شاخ ثمر ور کو جھکا کر | جھکتی ہین سخی وقت کرم اور زیادہ

رنگین تخلص سعادت یار خان مرحوم دہلوی حال انکا بیشتر رقم ہوا ہے +

قطعہ

کہا رنگین نے ہے دیوان میری | گورے پاؤن مین نیلی بیڑی دیکھیہ
پہلے پیڑ بڑہ کے ہونٹون مین | کہا مینے کہ اپنی اڑی دیکھیہ

سودا تخلص مرزا محمد رفیع حال انکا بیشتر رقم ہوا ہے +

دوستو غور مین ترقی و تنزل اپنی | کیا کہین ہم کہ زمانے سے ہوا کیا کیا کچھ
ضعف و ناطاقتی و سستی و اعضا شکنی | ایک گہٹنی مین جوانی کی پڑہا کیا کیا کچھ

شاکر تخلص منشی عبد السبحان ولد قاضی اکبر علی مرحوم باشندہ کلکتہ شاگرد مولوی عصمت اللہ انسخ صاحب شاگرد سلیم ہین

کہنے لگا وہ شوخ یہ جھنجھلا کے ناز سے | دیکھا جو بھکو اور کبھی مہ لقا کے ساتھہ

دورن ہین حال آپ کا کچھ اور ہو گیا ✣ بس خوب ہم سے پیش تم آئے وفا کے سا ئہ

طپش تخلص مرزا جان حال انکا بیشتر رقم ہوا ہے ✣

مخمور یا کے تنہا کہتے تھے کل طپش سے ✣ ڈرتا ہون ہو نہ تجھکو آزار رفتہ رفتہ
دیکھا نکر کسی کو بیخت آنکھ بھر کر ✣ کرتی ہے چشم بازی ہمیار رفتہ رفتہ

غربت تخلص حکیم غلام نبی مرحوم باشندۂ رام پور شاگرد حضرت شاہ رؤف احمد رافت رحمۃ اللہ علیہ صاحب دیوان گذرے

جب کہا سینہ سینہ ہو جیے اس طور سے ✣ جیسے رکھتے ہین ملا کر آئنہ پر آئنہ
بولے اس نازک سے چھاتی پر یہ سینہ قہر ہے ✣ چاہیے تجھسے پہ تجھسے آئنہ پر آئنہ

قوس تخلص مرزا محبوب علی حال انکا بیشتر تحریر ہوا ہے ✣

صحبت اغنیا مین رہتے رہا تو مکرین نہ آپ ✣ ذرہ ذرہ حال ہے صاحب کا مجھپر آئنہ
منہ ہے اوترا گال نیلے ہین اور نکہتین سرخ ہین ✣ ہو گئے شرمندہ جو دیکھا دون اوٹھا کر آئنہ

محسن تخلص میر محسن علی صاحب دیوان و تذکرہ سراپا سخن ولد شاہ حسین حقیقت شاگرد خواجہ وزیر و رشک منوطن خوست باشندۂ لکھنؤ تذکرہ انکا نظر سے گذرا

صاف ہے ہر شجر گل پہ عروسانہ بہار ✣ ہر چمن باغ مین عشرت کا بنا کاشانہ
دولہ گلچین ہے بنات رج چنی جاتی ہے ✣ پھول مصری ہے سر شاخ دلہن کا شانہ

مصحفی تخلص غلام ہمدانی حال انکا بیشتر رقم ہوا ہے ✣

خسرو کے سر پہ وہ زرتاج خسروی ✣ تھے رہگیا وہ چتر فلک سا ہے جم کے سا ئہ
کیسی اب اونکی دبدبہ مین جلتی ہین زمین ✣ سایہ مین یان پلے تھے جو ناز و نعم کے سا ئہ

مومن تخلص حکیم محمد مومن خان مرحوم حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے

گھر مین بیٹھے تھے کچھ اودا س سے وہ ✣ بولے سن دیکھتے ہی میرا منہ
ہم بھی غمگین سے ہین رج کہین ✣ صبح اوٹھے بھی دیکھ تیرا منہ

ولہ

شعلۂ شمع کا حریف نہو — نفع تو اک طرف ضرر کو دیکھ
اس قدر بھی بلند پرواز ی — اے پتنگ اپنے بال و پر کو دیکھ

ولہ

بیدم سا پڑا تھا کوئی اوس کوچہ مین آہ — در وانسے مین آہ بھیانک کے دیکھا جو کہین
اس رحم کے صدقے وہین گدا ئے کہا ہان — جاکر کوئی دیکھو کہین مومن تو نہین ہے

ردیف یاے تحتانی

احسن تخلص مرزا احسن علی حال انکا بیشتر تحریر ہوا ہے +

کیا ہے اونکو زمانہ نے تشکل سو نحیف — زیادہ تر جو ملک سے سیاہ رکھتی ہے
دلا تو دیکھ تو رنگ اونکی چشم عبرت سے — کدہر گئی وہ جو جم کی سی جاہ رکھتی تھی

اختر تخلص قاضی محمد صادق خان مرحوم حال انکا بیشتر تحریر ہوا ہے +

نہین ہر گز ہمین مطلوب اے خضر — مبارک تجکو ہو یہ زندگانی
کہ آب خنجر قاتل سے ہر دم — ہمین حاصل ہے عمر جاودانی

ولہ

خفا نامہ سے ہوتا ہے وہ قاصد — مرا پیغام تو کہیو زبانی
پر آنا کب ترا دل کو یقین ہے — کہ جان رفتہ ہے تو یا رجانی

ولہ

کیا ہے امتحان ہمنے جہان مین — کہ ہے بے قدر عہد زندگانی
موے جبدم تو پھر کہتے ہین سب لوگ — نہ انسیتم ما قدر فلانی

آزاد تخلص کپتان الکزنڈر ہڈرلی حال انکا بیشتر تحریر ہوا ہے +

سامان قتل میرے لیے کیا ضرور ہے — خود نقص آب مین نہ مریجان نکا لیے
ابرو نہو تو تیغ ستم ریز کھینچیے + — مژگان نہو تو خنجر بران نکا لیے

اسیر تخلص منشی مظفر علی حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

بد مزاج آپ اگر ہین تو ہمین بھی کیا کام
خوش رہو خوش رہو صاحب یہ کہانی کیسی
بے اجل جان سے کھو یا ہمین دو باتون مین
ہو مسیحا تو یہ اعجاز نمائی کیسی

وله

اتنا کھون غالم سے جو اوس بزم مین ہو چور
تقدیر کی تائید سے طالع کی مدد سے
بڑھ بڑھ کے یہ عشاق سے اچھی نہین باتین
کچھ خیر ہے صاحب کہ بڑھے جاتے ہو سے

وله

ای صنم بندۂ درگاہ ہین ہم جھوٹ نہین
تجھ کو چھوڑ ہین نہ اگر ساری خدائی چھوٹے
جا کے جنت مین بھی مانگین تری کوچہ کی دعا
سلطنت پر نہ کبھی ہوے گدائی چھوٹے

آشفتہ تخلص اعظم الدین خان عرف مہوری خان دہلوی فرزند سعادت خان ناصر مکرم خان شاگرد میر محمد حسن فرزند علی مضمون قوم افغان سے تھے آخر ایام مین شعر گوئی ترک کیے کسب باطن کی طرف مشغول ہوے تھے ان کے بیشتر مقطع مین زلف کا مضمون ہوتا ہے صاحب دیوان گذرے

کل تو بہ عمر بزم مین کر اوسکے پینے راہ
فن سے کمین ہے دام سے حیلہ سے گاہ سے
پوچھا مزاج آپ کا کس چیز سے ہے خوش
قصہ سے داستان سے حکایت سے بار سے
کہنے لگا بتائیے ہین آپ کس سے خوش
دشنام سے طپانچہ سے گھونسے لات سے
مینے کہا ادب سے کہ جو چاہیے عطا
اپنے کرم سے لطف سے اور التفات سے
پھر تو وہین وہ جبین ہو کی اوسما
اس منہ سے اس شعور سے اس واہیات سے

اصف تخلص آصف الدولہ بہادر حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

ایک دن یار سے یہ مینے کہا
ہو بہو ہم صاف ویسا ہی سے گئے
ہنسکے کہنے لگے کہ اے اصف
یہی کہہ کہہ کے لاکھون جان سے گئے

افتاب تخلص حضرت فردوس منزل ابو المظفر سراج الدین شاہ عالم بادشاہ غازی فرمان روائے دہلی وصال انکا ۱۲۲۱ ہجری مین ہوا ہے

حال انکا مانند آفتاب عالم تاب کے روشن ہے محتاج بیان نہین دیوان انکا نظر سے گذرا

صبح اوٹہ جام سے گزرتی ہے
شب دلارام سے گزرتی ہے
یا محبت کی خیر خدا جانے
اتیوار آرام سے گزرتی ہے

افسوس تخلص میر شیر علی حال انکا بپیشتر تحریر ہوا ہے +

مینے کہا جب اوس سے کہ اے یار بیوفا
مجھسے بھی تیرے دوستی دوروزہی رہی
ہنسکر کہا تب اوسنے کہ بس لگ نہ چل بہت
اسمین ترا اجارہ ہے جبتک رہی رہی

وله

مینے اوس سے یہ کہا چین رہی تک دلکو
ایک ساعت بھی جو تو میری ہم آغوش رہے
سنتے ہی ہنسکے وہ یون کہنے لگے دور بھی ہو
کیون رہون تیری بغل مین مری پاپوش رہے

وله

کون ہوتا ہے خفا کسکو برا لگتا ہے
آرزو تیری ہر اک شخص کو ای یار رہے
ہمکو کیا کام خریدار ترا عالم ہو
یا الٰہی تری نت گرمے بازار رہے

وله

عبث مینے سوچ تجکو نامہ بری شوق سے مجکو
کوئی جھڑکی کوئی گالی اگر اوسکی زبانی ہے
ادا و ناز کی رسمون سے تو واقف نہین مطلق
ارے نادان یہ تو عین اوسکی مہربانی ہے

وله

جون کہا مینے کہ اب پردہ اوٹھا و بے حجاب
طالب دیدار سے منہ کا چھپانا منع ہے
سنکے ہنسکے یون لگا کہنے کہ سچ کہتا ہے تو
ہر ہر اک کم ظرف کو جلوہ دکھانا منع ہے

الشیخ تخلص متولوے عصمت اللہ حال ان کا بپیشتر تحریر ہو چکا ہے

وہ ہے اور عیش و طرب ہے اور ہی دور شراب
قہقہا ہے رنگ ہے اک جوشش مستانہ ہے
مین ہون اور رنج و الم ہے درد ہے فریاد ہے
نالہ و شور و بکا ہے آہ بیتابانہ ہے

ولہ

اوسطرف نازواد ہے اسطرف شوق دنیاز ہے شب مہتاب نہین ہون صحبت جانا نہ ہے
باغ ہے نہر وہوا ہے اور چہائی ہے گھٹا شیشہ وجام وصراحی ہے خم وپیمانہ ہے

ولہ

جسم یون روح سے لگا کہنے تن سے جب ہوکے بیقرار چلی
چھوڑکر ساتہ ایک عمر کا آج حیف اے جان غمگسار چلی

ولہ

جدا وہ مایۂ تاب وتوان وزیست ہی جب سے نہ طاقت تن مین ہے اپنی نہ انکھو نمین بصارت ہے
جگر بے چین دل بیتاب جان بے صبر ہے تن مین نہ کہانا ہے نہ پینا ہے نہ سونا ہے نہ راحت ہے

ولہ

بغل مین تم جو بیٹہے ہو تو کیا ہی چین ہے دلکو نہ اب رونا تڑپنا ہے نہ وہ آنسو بہانا ہے
نہ وہ صدمہ نہ وہ ایذا نہ وہ رنجش نہ وہ غصہ نہ وہ فریاد و افغان ہے نہ اب وہ تلملانا ہے

انشا تخلص میر انشا اللہ خان حال انکا بتیر تحریر ہوا ہے +

مجہسے لپٹ کے اخر شب یار نے کہا کیا جانے اندنون کی یہ کیون رات گہٹ گئی
کمبخت آہو اخلل انداز خواب مین ہے ہے خروس صبح کی جہائی نہ بہٹ گئی

ولہ

کیا منہ بنا رہی ہو اللہ ری رکاوٹ گویا کہ آشنائی گاہی نہی کسی سے
لو ہاتہ جوڑتا ہون بس کیجے جرم بخشی تقصیر یہی تو یعنی ہوتی ہے آدمی سے

پروانہ تخلص کنور جسونت سنگہ عرف کاکا جی ولد راجہ بینی بہادر بہادر تخلص کہ ارکان دولت نواب شجاع الدولہ بہادر مین تہی شاگرد سرپ سنگہ دیوانہ شعر فارسی بہی کہتے تہے نہایت شکیل جوان تہی ۱۲۰۰ سنہ ہجری مین انتقال کیا بعض تذکرہ والون نے انکو میر حسن اور مصحفی کا شاگرد لکہا ہے اسپر اعتبار نہین دیوان انکا نظر سے گذرا

دلکیہ تو ہمسے رہت بازون سے تو نے اخر یہ ادائی کی

ہم سے رکھکر غبار خاطر مین — جاکر اغیار سے صفائی کی
اے دل آزار تو ہی کر انصاف — ہے یہی طرز دلربائی کی
عہد کیا کیا تھے اور قول و قرار — آہ تسپر بھی بیوفائی کی

تجلی تخلص میر محمد حسن عرف میر حاجی حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

جانب شہر عشق آمت حبا — رہ تجلی یہ راہ مشکل ہے
رو کے بولا کہ اب تو جاتا ہون — خواہ آسان خواہ مشکل ہے

تراب تخلص شاہ تراب علی رحمۃ اللہ علیہ حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

تبسم عبرت سے ہمنے دیکھا خوب — اس جہان کا عجیب عالم ہے
یکطرف شور و غل ہے عیش و خوشی — یکطرف آہ و درد و ماتم ہے
پھول ہنستا ہے اور کلی چپ ہے — منہ پہ دونو کی روئی شبنم ہے

ولہ

مر گیے ہم اسی تفکر مین — اسی حیرت مین ہم جہانسے گئے
وائے حسرت تراب بارِ دگر — پھر نہ آئے جو کوئی یان سے گئے

ولہ

عاشق کو نہین تاب جدائی کی زیادہ — کوئی گوش گزار اوس سے یہ کردے کسی ڈھب سے
دکھلاوے جھلک آج نکر وعدۂ فردا — مشتاق ترا تشنۂ دیدار ہے کب سے

جانصاحب تخلص میر یار علی ریختی گو حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

طوفان کے لگانے سے ہوگا نہ بیڑا پار — دیکھا کسیکے ساتھ تھا تالاب پر مجھے
وہ تو سڑک تھی ہاتھ پکڑ لیتے بیدھڑک — میرا تو ڈر نہ تھا پہ تمہارا تھا ڈر مجھے
تم پانی پانی شرم سے ہوتے اجی فقط — مین ڈوب مرتے اتنی تھی غیرت مگر مجھے

ولہ

حلوائی کی دکان کی پہیتی نہ کیون کہون — ذرات آسمان مٹھائی کا تھال ہے
ہے چاند اندرسا تو ستارے ہین گولیان — شاخین کرن ہین اور یہ سورج مسمال ہے

ولہ

تم ہو دانا ولایتی خانم
بولو کیا وجہ تین چار گری
نہ گلہری نہ ہے ہوا چلتی
خود بخود ٹوٹ کر انار گری

جرأت تخلص شیخ قلندر بخش حال انکا بیشتر تحریر ہوا ہے +

بہانہ کرکے بیماری کا وہ کیا کیا کراہے ہے
خدا نا کردہ اب اپنے تئین ہمیار ڈالا ہے
کہ دیکھوں سنکے اسکو کون اب جیسے گزرتا ہے
محبت آزمانے کا نیا یہ ڈھب نکالا ہے

ولہ

ہاے یہ روداد کسکے روبرو کیجے بیان
چار دن مین جو تماشا سا دکھایا آپ نے
سینے پہلے بے تکلف پاس بٹھلایا اور آہ
لگ گیا جب دل تو یک پردہ لگایا آپ نے

ولہ

اوسے تو نفرت کلی ہے اپنی صورت سے
اور اس گمان مین ہے سو رنج جسم و جان پہ ہے
کہ اپنے دل مین یہ اب بندہ گیا ہے وہم پہ وہم
خیال یار کا شاید کہ امتحان پر ہے

ولہ

یہی ہم چیکے چیکے پھر کے آہین کہتے ہین جرأت
بھبھوکا سا کبھو جو اسطرف وہ آن نکلے ہے
خدا کیواسطے تو جا گلے سے آنکر ملدی
سو سین دلکو کبتک ہاے کافر جان نکلے ہے

ولہ

چوری چھپے نہ دیکھنے پاتا تھا جو تجھے
اب دیکھ اوسکو جان مری ہاے جاے ہے
سینے کہ در تلک بھی رسائی نہین تجھے
اور وہ خوشی سے گھر مین ترے آئے جاے ہے

ولہ

حیرت زدہ تم دیکھکے کیون کہتے ہو مجکو
کیا جی لگی اوس پاس کہ جو دیکھو نہ بھالے
وہ اور ہین رکھتے ہین جو منہ دیکھی کی الفت
مرتے ہین اک بات پہ ہم چاہنے والے

ولہ

انتہ جرأت کی عجب حالت ہے
جی اوسے دیکھکے گھبراتا ہے

دمبدم کھینچی ہے ایسے دم سرد
اشک گرم آنکھو نہین بہر لاتا ہے
بستر غم پہ پڑ رہتا ہے پڑ ا
نہ تو مرتا ہے نہ چین آتا ہے
نیند اوڑ جاتی ہے ہمسایون کی
ایسا راتون کو وہ چلاتا ہے

ولہ

نصیحت مان لو میری نہو عاشق کہین یارو
اوٹھاوگے بہت خواری بہت آزار دیکھوگے
لگے گی آگ سینے مین جگر جل جائیگا غم سے
بہینگے اشک آنکھون سے شرہ خونبار دیکھوگے
مرے مانند کھو بیٹھوگے دل کو پہر نیا ؤگے
بلا مین مبتلا ذرات جان زار دیکھوگے
جو آفت جو ستم جو قہر یہ تمکو دکھائیگا
چلے گا کچہ نہ چارا اور تم ناچار دیکھوگے

ولہ

مرض عشق سے یہ حال مرا ہے کہ طبیب
اب تشفی کے لئے مجکو دوا دیتا ہے
اور صحت کی جو پوچہو تو کسے ہی ایسے
ایسے بیمار کو اللہ شفا دیتا ہے

ولہ

تہا وصل جن دنون مین تو کہتے تہے دلمین ہم
صحبت ہماری چرخ کو بہی خوش مگر لگی
سو خواب مین بہی اب نظر آتے نہین وہ عیش
افسوس ہے ہماری بہی اوسکو نظر لگی

ولہ

لوگ گر ہمسے یہ کہتے ہین کہ چلتے ہو جی وان
اپنے بیگانے سب اوس بزم مین ہین آنی ہوئے
دل مین تو سوچ کے اسبات کو رد دیتے ہین
کیا کہین اونسے کہ ہین ہم تو نکلوانی ہوئے

ولہ

گر کہین ہم لیکے دل تم جان کے خواہان ہوئے
جی جلا کر خاک مین ہمکو ملایا آپ نے
تو بدن جنبش مین لاکر کہتے ہین کس تاو سے
ہم تو ہین ایسے سے پہر کیون دل لگایا آپنے

ولہ

یک عمر سے ہمکو دیکھنے کی
جس پردہ نشین کی آرزو ہے
سو کیا ہے غضب کہ آجتک بہی
پردے ہی مین اوس سے گفتگو ہے

ولہ

روٹھنا اوسکا وہ میرا منانا اب کہان
روتے کہتا ہون یہی جب سے فراق یار ہے

ہاے وہ لڑنا ہی اوسکا تھا غنیمت وصل مین
صلح کو روتے تھے کیا اب جنگ بھی دشوار ہے

ولہ

کیا بیان کیجیے جرأت کے نہ آنیکا سبب
کوئی بیتاب یہ کیونکر ترے در تک پہونچے

ہے یہ حال اوسکا کہ بستر پہ ادہر سے اودہر
شام سے قصد کرے ہے تو سحر تک پہونچے

ولہ

دو چار قدم فرش پہ گل کے جو پھرا کل
سونا نہ کرشمہ سے وہ دامن سنبھالے

اللہ ری نزاکت کہ وہین آتش گل کے
گرمی سے پڑے پاؤنین اوسکی چھالے

ولہ

باری کچھ جی مین دل نے تو اترا اوسکو کیا
اب جو آتا ہے سو فردہ یہ سناتا ہی مجھے

منہ ترے گھر کی طرف کرکے یہ کہتا ہی وہ شوخ
اسطرف کو کوئی کھینچے لیے جاتا ہی مجھے

ولہ

سنکے جرأت کا وہ ترانۂ غم
بولا خوش کو ایسا راگ لگے

مجکو رسوا ے خلق کرتا ہے
اے ترے چاہنے کو آگ لگے

ولہ

دم ہونٹونپہ بیمار محبت کا ہے تیرے
اے مست ذرا دیکہ تو چل کے

یان بادہ کشی مین نہو مصروف نکر دیر
وان جام ہے لبریز سبو اکہین چھلکے

ولہ

ظاہر مین گو نبولے وہ شوخ لیک ہمنے
خوبونکی انجمن مین یہ آزما لیا ہے

غصہ ہوا وٹھ گیا ہے بس وہین جب کسی نے
الفت سے پاس اپنے مجکو بٹھا لیا ہے

ولہ

یار سے مین کہا کہ تیرے لیے
میری آنکھون سے خون جاری ہے

مہربانی سے ہنسکے کہنے لگا | کیون تجھے اتنا رونا بھاری ہے

ولہ

ظلم کب ہمپہ روا ہے کہ ستمگر ہم تو | آپ ہی اوٹھ گئے تھے کل تری بیزاری سے
آہ پھر وہ نسکے دل کے سبب کیا کیجے | آج پھر آلے ترے کوچے مین ناچاری سے

ولہ

اپنے کوچے مین وہ عیار سنا کر یہ مجھے | کل کسی شخص سے کہتا تھا نکل کر گھر سے
رات سنتے ہین کہ لوگون نے اوسے مار لیا | لگ رہا تھا جو کوئی شخص کسی کے در سے

ولہ

تنہا جی مین یہ کہ مجھسے مگر جاے اس لیے | مینے کہا کہ غیر سے پھر تم میان ملے
پر کیا کہون کہ اپنا سا منہ لیکے رہ گیا | آنکھین ملا کے جو یہ کہا اوسنے ہان ملے

ولہ

کہتے ہین کہ مکتوب بھی ہے نصف ملاقات | ہو چین مرے دل کو خط اوسکا اگر آوے
پر اپنے نوشتہ سے یہ خطرہ ہے کہ واان سے | تیرے نہ سنانے کہین اے نامہ بر آوے

ولہ

یہ حال ہے بیمار محبت کا ترے آہ | افسوس کبھی تونے منگائی نہ خبر بھی
سنیے کہ جو غمخوار تھے اوسکے سو وہی اب | گھبرا کے یہ کہتے ہین کہ ہے ہے کہین وہی

ولہ

خوش حال اونکا جو خمخانۂ ہستی مین کہتے ہین | برنگ شیشۂ مے کیفیت انسو بہانے کی
کہ شکل زخم ہم اُفت رسیدونکی یہ صورت ہے | نہ رونے کا مزا ہے کچھ نہ لذت مسکرانے کی

ولہ

بن اوسکے شغل گریہ سے بہلا کچھ دل بہلتا ہے | سوا ی ہمدم کہان نوبت رہی انسو بہانے کی
کہ خجرات نظر آتا نہین کچھ بستر غم پر | گئے وہ دن بھی اب علاقت جو تھی رو رو ملانے کی

ولہ

کہا جو مینے یہ اوس شوخ سے سنا ہے آج
کہ مول آپ نے خنجر کئی دو وہارے لیے
تو کیا کہون کہ وہ منہ سے تو کچھ نہ بولا پر
نگاہین بولین کہ کہتے ہو کیا ہمارے لیے

ولہ

چلو بخشو گنہ بندے کا صاحب
بٹھا و اپنی محفل مین بلا کے
اوٹھا کر آنکھ پھر دیکھون بحسرت
تو مجکو مار یو گردن ہٹا کے

ولہ

شب جو کل اپنے مقابل ہو گئی ناگاہ آہ
چاندنی مین ایک صورت چمکی چمکائی ہوئی
اونکے دھوکے سے کیا مینے لپٹ جانیکا قصد
پر وہ نکلا اجنبی تو سخت رسوائی ہوئی

ولہ

گرچہ ہے وصل یار پر یارو
بیٹھیے کس طرح بے خطر کوئی
یہی دو نو طرف ہے ڈہر کا آہ
دیکھ لیوے نہ آن کر کوئی

ولہ

وائے قسمت کیا ہین طالع ہای شامت کیا کہین
گہر مین بلوایا تہا جنکو میرے باعث یار نے
سو یکایک ہو مخالف ہمسے اور بنکر رقیب
آہ اوسکی عاشقی کا وہ لگے دم مارنے

ولہ

پھرے ہے دور دور اے وائے وہ اب کیونکر بنیگا
نہ وہ اخلاص ہے ہمسے نہ ربط آشنائی ہے
نظر یہ لگ گئی اونکی جو اونکے وصل مین ہمکو
کہا کرتی تہی لونڈا تو بوا آپہی کی بن آئی ہے

حسرت تخلص مرزا جعفر علی حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے ؎

صفا و خوبی رخسار شمس رشک کو تیری
نہ تنہا جب سے دیکہا ہے فقط آئینہ حیران ہے
ادہر خونین جگر ہے لالہ پر داغ حسرت سے
ادہر سنبل کو دیکہا زلف کا تیری پریشان ہے
غرض جتنے عروسان چمن ہین تیری والہ ہین
گل و شمشاد و بندی قمری و بلبل ثنا خوان ہے
سوا اسکے جو کوئی دیکہتا ہے تجکو کہتا ہے
فرشتہ ہے پری ہے حور ہے غلمان ہے انسان ہے

نہین آیا ہے اس نقشہ کا چہرہ دید مین اگلے
فلک سے کیا زمین کی اوپر آیا مہربان ہے
غرض جب عقل ہو جاتی ہے حیران تب یہ کہتی ہے
کہ حق کا پرتو ہے جسکا یہ جلوہ نمایان ہے

ولہ

گئے ہم اتفاقاً رات حسرت کے مزار اوپر
جو دیکھا تو شدت آتش سوزان فروزان ہے
تعجب ہمکو آیا کھول کر دیکھا جو مرقد کو
نہ جسم و پوست باقی ہے نہ نام استخوان واں ہے
مگر یک راکھ کا تودہ پڑا ہے اور اوسمین سے
پیاپے شعلے اوٹھتے ہین اور یک اخگر سا پنہان ہے

ولہ

تم جو کہتے ہو کہدو حسرت سے
آہ و فریاد یان کیا نہ کرے
آپ کا اسمین کیا بگڑتا ہے
درد دل کی کوئی دوا نکرے

حسن تخلص خواجہ حسن مرحوم حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

مدت سے ہوا تھا گم پہلو سے ہمارا دل
کوچہ مین خبر پاکر ہم اوسکے گئے لینے
سو جان بھی واں اپنی کھوئے ہم اے یارو
کیا پوچھو ہو اور اوٹھی لینے کی پڑی دینی

حسن تخلص میر غلام حسن جمال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے +

پڑی رات داد و ستد کچھ عجب
جو بوسہ کو اوس شوخ سے جا اڑے
لگاتے ہی لب سے لب جی دیا
حسن اور لینے کی دینی پڑی

ولہ

یہ جو عالم کے دلمین پیرتے ہین
رات دن مجکو وہمیان انکا ہے
پیر کہان دلولے جوانی کے
یہ تقاضا بھی اپنے سن کا ہے

حیران تخلص میر حیدر علی دہلوی شاگرد سرب سنگھ دیوانہ پیشتر اصلاح صبوبہا رین رہتے تھے شعر اچھا کہتے تھے بہا رین ماری گئے قاتل کو بھی سانہ لیگئے

کہا مینے جو میرے گھر چلیے
اسمین کچھ کم نہو گی محبوبی
تیوری کو چڑہا لگا کہنے
رہ و رسم ادب تو سب ڈوبے
مجھسے کہتا ہے میرے گھر چلیے
دیکھیو اختلاط کی خوبی

ولہ

بیٹھے حیران کو جو دیکھا روتے — بنگئے دو کہنی کی گھات مری
اونکی خدمت مین ادب سے بیٹھے — عرض کی دیکھی کہ امات مری
مین نہ کہتا تھا کہ دل آپ ندین — بندگی قبلۂ حاجات مری

درد تخلص حضرت خواجہ میر قدس سرہ حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے

یہی پیغام درد کا کہنا — گر صبا کوی بار مین گذرے
کونسی رات آن ملیے گا — دن بہت انتظار مین گذرے

ذوق تخلص شیخ محمد ابراہیم مرحوم حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے

کہون اے ذوق کیا حال شب ہجر — کہ تھی اک اک گھڑی سو سو مہینے
تھی شب وہ ال رکھا تھا بک اندھیر — مری بخت سیہ کی تیرگی نے
تب غم شمع سان ہوتی تھے کم — اور آتے تھے پسینون پر پسینے
یہی کہتا تھا گھبرا کر فلک سے — کہ او بے مہر بد اختر کمینے
کہان مین اور کہان یہ شب بگر تھی — مری جانب سے تیری دلمین کینے
سوا اس ظلمت کے پردہ مین کیے ظلم — ارے ظالم تری کینہ وری نے
عوض کس بادہ نوشی کے مجھے آج — پڑے یہ زہر کے سے گھونٹ پینے
حواس و ہوش چو مجھسے قرین تھے — قرینے سے ہوے سب بے قرینے
مری سینہ زنی کا شور سنکر — پہٹے جاتے ہین ہمسایونکے سینے
اوٹھایا گاہ اور گاہے بٹھایا — مجھے بے تابی و بے طاقتی نے
کہا جب دل نے تو کچھ کہا کی سورہ — بہت الماس کے توڑے نگینے
نہ ٹوٹا جان کا قالب سے رشتہ — بہت سی جان توڑی جانکنی نے
بہت دیکھا نہ دکھلایا ذرا بھی — طلوع صبح سے منہ روشنی نے
کہا جی نے مجھے یہ ہجر کی رات — یقین ہے صبح تک دیگی نہ جینے
لگے پانی چوانے منہ مین آنسو — پڑے ہے یاسمین سرہانے بیکسی نے

مگر دن عمر کی تھوڑی سی باقی
لگا رکھی تھی میری زندگی نے
کہ قسمت سے قریب خانہ میرے
اذان مسجد بین دی بارے کسی نے
بشارت مجھکو صبح وصل کی دی
اذان کے ساتھ یمن و فرخی نے
ہوئی ایسی خوشی اللہ اکبر
کہ خوش ہو کر کہا خود یہ خوشی نے
موذن مرحبا بر وقت بولا
تری آواز مکے اور مدینے

ولہ

ای ذوق بس نہ آپ کو صوفی بنائیے
معلوم ہے حقیقت حق جناب کی
نکلے ہو سیکدے سے ابھی منہ چھپا کے تم
دابے ہوئے بغل مین صراحی شراب کی

ولہ

تو بھلا ہے تو برا ہو نہین سکتا ای ذوق
ہے برا وہ ہے کہ جو تجکو برا جانتا ہے
اور اگر تو ہی برا ہے تو وہ سچ کہتا ہے
کیون برا کہنے سے تو اوسکی برا مانتا ہے

ولہ

مین نہ مرتا جو دم ذبح تو یہ باعث تھا
کہ رہا تا مدت عشق کا آداب مجھے
ورنہ وہ شوخ کہ جو گل سے بھی نازک ہو سوا
لیوے اسطرح سے زانو کے تلے داب مجھے

ولہ

قدم سنبھال کے رکھ راہ عشق مین ای ذوق
گزرنا اس رہ دشوار سے نہ آسان ہے
جو کوئی آبلہ پا ہے مور بھی ہے تو وہ
ترے ڈبونے کو ڈوبھی تو نوح طوفان ہے

راسخ تخلص شیخ غلام علی حال انکا بیشتر تحریر ہوا ہے ٭

راسخ کو کوئی حسرت عشقی نہین صاحب
آلائش خواہش سے دل اوسکا تو بری ہے
اب تک ہے خواہندہ اک جنبش دامن
وہ مضطرب الحال چراغ سحری ہے

ولہ

شرف میکدہ بیان کیا ہو
یہان کی رند افضل زمانہ ہوئے
غم شریف حرم کو یہ ہے کہ حیف
نہ گدائے شراب خانہ ہوئے

ولہ

وقت چلنے کے علاقون کی خلش تازہی — اس لیے جی کو ہر اک سے شے اوٹھایا ہمنے
خواہشین جمع تھین دلمین سو کیا اونکو ادا — کوچ سے آگے ہے اسباب لٹایا ہمنے

رضا تخلص حمید الدین خلف حکیم کلو چاندپوری اور حال انکا معلوم نہوا +

آہ کیا دن تھے کہ ہم سا نہ ترے اے گلرو — دو قدم چلکے خیابان کے تلے بیٹھ گئی
اب یہ حالت ہے کہین چین کے تری کو جہین — ہین گنہگار جو ایوان کے تلے بیٹھ گئے

رند تخلص لالہ کیہم نراین کتھری دہلوی نبیرہ راجہ بھی نراین مہاراجہ ٹکیت رای کے رفیق تھے طب مین اچھا دخل رکھتے تھے بیشتر فارسی کہتے تھے کلکتہ مین بھی آئے تھے آخر ایام مین ہوگلی مین سکونت کی تھی

نالۂ طنبور و چنگ اے اہل غفلت تم سنو — گوش زد ہوتی ہے ہر دم یہ نصیحت ساز سے
ہے سزا اوسکی کہ روز و شب وہ یا ہو گو شمال — راز دل بے پردہ جو کہدے بلند آواز سے

رند تخلص سید محمد خان حال انکا بیشتر تحریر ہوا ہے +

سنیو یہ سانحہ بھی ہے یار و شنیدنی — لے لیکے خط مرے جو گئے نامہ بر گئے
کہتا ہے کیا وہ شوخ کہ جیتے ہین رند کیا — مدت ہوئی کہ مینے سنا تھا وہ مر گئے

ولہ

اب تک وہ ایک ایک سے کرتے ہین تین کرو — ہر چند ترک عشق کو برسون گذر گئے
واللہ رند سے یہ توقع نتھی مجھے — کیا کیا کہا نکرتے تھے پر کچھ نکر گئے

ولہ

مہاگون کس سمت کو ٹوٹے ہوئی ہین پاے گرنیز — ہاتھ دھو کر مرے پیچھے ہین عدو پڑی
اکطرف سے ہے کیا ناز و ادا نے نرغہ — اکطرف لوٹ مین اپنے ہین یہ دو چار پڑے

ولہ

لالہ بار اوسطرف سے گزرا تو — دفن جسجا شہید الفت ہے
فاتحہ در کنار یہ نہ کہا — مر گیا کون سکی تربت ہے

ولہ

کیا کہون دل پہ کیا گذرتا ہے
جب یہ تصور یار کرتا ہے
آج فرصت نہین کل آئین گے
تو عبث انتظار کرتا ہے

ولہ

یہ ناوک افگنی ہے فقط میرے دم تلک
پچتائیگا آپ بہت مجکو مار کے
ترکش کمر سے کہول کے پہینگو گے میرے بعد
رکہدو گے تم کمان سی حیلہ اوتار کے

ولہ

نہ مانونگا ہرگز نہ مانونگا ہرگز
بس اب عذر بیجا ہین ساری تمہارے
مین سب سن چکا ہون ندو مجکو چھیڑے
جو ہین شغل دریا کنارے تمہارے

ولہ

طبیعت کا میرے کرو تم نہ دہیان
کسی اور سے اب بہل جائیگی
نہین رہنے کا بعد چندی یہ حال
سمہلتے سمہلتے سمہل جائیگی

ولہ

شب وصال کا کیا ماجرا بیان کرون
نپوچہیے یہ حقیقت عجیب حال ہوئی
سوال کرتے تو کر بیٹہا اونسی بوسیکا
مین زرد ہو گیا غصہ سے وہ جو لال ہوئی

ولہ

مرے ساتہ سوتا نہین یار اگر
اسی بات کا ہی رونا پڑا ہے
پلنگ ایک جانب کو اوندہا ہوا ہے
کسی سمت الٹا بچھونا پڑا ہے
سہری یہ ہوتا ہی تابوت کا شک
یہ مرنا پڑا ہے کہ سونا پڑا ہے

ولہ

عبث بے سبب بی جہت روٹھتی ہو
یہی تو بری خو ہے جانی تمہاری
بھلا تم ہی منصف ہو تعدی تو لو
وہ کیا بات تہی جو مانی تمہاری

ولہ

نہ چھٹا مجھسے کوچۂ قاتل — مرگیا تو بھی میری خو نہ گئی
آب و گل ہین جو تہی وفاداری — خاک بھی اوڑکے کو بکو نہ گئی

رنگین تخلص سعادت یار خان مرحوم حال انکا بیتیر تحریر ہوا ہے +

یک پردہ نشین دیکھکے دل نے کہا رنگین — کیا خوب ہو گر اس سے اشارات کی ٹھہرے
نوبت جو اشارات تلک پہونچی تو وہین — اوسنے کہا حرف و حکایات کی ٹھہرے
جب حرف و حکایات بہم ہونے لگے خوب — بولا کہ کسیطرح ملاقات کی ٹھہرے
مدت مین ملاقات میسر جو ہوئی ہے — اب دل ہی کہتا ہے کہ اوسبات کی ٹھہرے

ولہ

حورون کے عوض مجھے الٰہی — دنیا مین تو ایک نازنین دے
کب مجکو بہشت کی ہے خواہش — دنیا ہو جو کچھ سو لا یہین دے

زیرک تخلص مولوی حافظ فلندر بخش حال انکا بیتیر تحریر ہوا ہے +

زیرک کل اک طرف کو مین تسکل خستہ دل — جاتا تہا نا گہان وہ پیر دلا سجھے
فی الفور دیکھتے ہی یہ اوسکو مین عرض کی — کبتک رکھیگا رنج مین تو مبتلا مجھے
سنتے ہی درجواب یہ بولا وہ تند خو — صحبت سے تیرے رنج نہین ہے ذرا مجھے
لیکن یہ ڈر ہے اپنی محبت کے واسطے — ایسا نہو سکھائے تو مہرو وفا مجھے

سلیمان تخلص مرزا سلیمان شکوہ بہادر خلف الصدق حضرت شاہ عالم بادشاہ آفتاب شاگرد شاہ حاتم و انشا مدت تک لکھنؤ مین جلوہ افروز رہے کبھی دہلی اور کبھی اکبر آباد مین بھی رہتے تہے شعر عاشقانہ خوب کہتے تہے ۱۲۵۳ ہجری مین اکبر آباد مین رحلت کی اور وہین مدفون ہوئے راقم نے اسکے مزار کی زیارت کی ہے اسکے انتقال کی تاریخ رحمت خدا سے نکلتی ہے

دیوان انکا نظر سے گزرا

ہاتہ جب چھاتی پہ اوسکے سینے رکھکر یون کہا — بوجھ میرے ہاتہ مین یہ جنت ہے یا طاق ہے

تب کہا ہنسکر یہ اوسنے راہ شوخی سے مجھے | ایک ہی اللہ اپنے کام مین تو طاق ہے

سودا تخلص مرزا محمد رفیع حال انکا تحریر ہو چکا ہے ٭

اگر و زسیر گور غریبان کو جا مین کیا | یعنی وہان بزرگون کا اکثر مزار ہے
دیکھا تو ایک گور پہ نرگس ہے سرنگون | پوچھا مین اوس سے یہ کہ تو کیون شرمسار ہے
اوسنے کہا عزیز تو نرگس مجھے نہ جان | آنکھین مین اوسکی ہون کہ جسکا مزار ہے
جب مین کہا کہ میری طرح سرنگون ہے کیون | اور اسقدر یہ کسکا تجھے انتظار ہے
تب تو یہ اوسنے مجھسے کہا سن اے بے خبر | یہ بات تو ہر اک کے اوپر آشکار ہے
عاشق تہا ایک کافر بے پیر کا یہ شخص | اب تک وہ اسکے تئین انتظار ہے
سودا مجھے یقین ہوا تب ہستی کہ آہ | عاشق کو بعد مرگ کے بھی انتظار ہے

ولہ

ایک غماز نے اوس ترک پسر سے یہ کہا | ہے جو سودا کوئی شاعر وہ ترا مفتون ہے
سنکے بولا یہ کہو میری طرف سے اوسکو | باندہنا خونیہ کمر اپنے نیا مضمون ہے

ولہ

بولے ہی سنکے جو آتا ہے مرا کچہ مذکور | اوسکے آگے کسی تقریب سے گاہی گاہی ہے
وہی سودا ہے نہ کوچے مین ہمارے جو شخص | نظر آجاے ہے با حال تباہی گاہی ہے

ولہ

اس مین حیران ہین کیا جسمے ہوئی ہے تقصیر | قتل کرنے کے لیے پھرتے ہو تیار ہوئے
تیغ خونریز بکف خنجر تابان بہ میان | ہر گھڑی سامنے آجاتے ہو خونخوار ہوئے
گر اسی مین ہے خوشی دلکی تمہاری تو خیر | ہم بھی راضی ہین کہ اس جینے سے بیزار ہوئے
پھیر کیا ڈھیل ہے سنتی ہی تو ہو بسم اللہ | کہینچکر تیغ کو آجاؤ ستمگار ہوئے
ورنہ دل کھول کے لگجاؤ گلے سے پیارے | گو کہ ہم قتل ہی کرنے کے سزاوار ہوئے
اتنے ہی بات کے کہنے مین کہ آبوسہ دے | آہ اے وائے جو ایسے ہی گنہگار ہوئے
توبہ کرتے ہین قسم کھاتے ہین سنتے ہو تم | پھر نہین کہنے کے آگے کو خبردار ہوئے

سوز تخلص محمد میر حال انکا بیشتر تحریر ہوا ہے +

چرتری خاک در اے دوست بہ کعبہ	دل مین ہوگر ہوس عزت وجا ہے گا ہے
نہ شفاعت ہو پیمبر کی نہ تیرا دیدار	ہو جو فردوس برین پر بھی نگا ہے گا ہے

ولہ

ایک نے سوز سے پوچھا کہ صنم سے اپنے	اب بھی ملتے ہو بدستور کہ گا ہے گا ہے
دیکھکے منہ کو گھڑی ایک اور پھر کر دم سرد	یون اشارے سے بتایا سر را ہے گا ہے

سوز تخلص مولوی عبد الکریم خلف مولوی امام بخش صہبائی باشندہ تہانیسر مقیم دہلی
اشعار انکے مزیدار ہوتے ہین صاحب دیوان گزرے

دیکھا عجب تماشا طرفہ کیا نظارہ	گزرا جو صبح گاہان مین صحن گلستان سے
یعنی کہ ایک بلبل بیٹھی تہی شاخ گل پر	رنگ چمن دوبالا تہا اوسکی داستان سے
جون سوز سوز دردون اشعار میرے لب پر	گویا خبر وہ دیتی تہی سوزش نہان سے
اوسکے سخن مین ہمدم کیا کچہ بہری تہی گرمی	گویا کہ آتش دل تہی شعلہ زن زبان سے
گہ نالہ و فغان سے عالم کو پھونک دینا	گہ دل ہی دل مین جلنا آہ شرر فشان سے
گہ فصل گل سے شاداں کوتاہ بینیون سے	گہ پیش بینیون سے غمگین تھے وہ خزان سے
اوسکو سمجھ کے اپنا ہمدرد و ہم مصیبت	پوچھا یہ مینے اوس سے تو کہہ تو کچہ زبان سے
کیا حال ہے کہ تیرے وہ زمزمے نہین ہین	اندوہ گینیان ہین ظاہر تری فغان سے
کہنے لگے کہ جو پیری حقیقتین ہین	سو گفتنی نہین ہین کیا فائدہ بیان سے
لیکن نہین مناسب بالکل بہی چپکے رہنا	اب راز دل چہپاؤن اور تجھسے راز دان سے
میری یہ ہے حقیقت میرا یہ ماجرا ہے	یعنی کہ خستہ دل ہون اور تنگ اپنی جان سے
مینے بیٹھنے کی جا ہے نے رہنے کا ٹھکانا	آزردہ ہون زمین سے آشفتہ ہون زمان سے
اونکے تو جور سہتے اک عمر ہو گئی ہے	صیاد سے گلا ہے شکوہ نہ باغبان سے
اتیوا ک اور تازہ آفت ہے سر پہ نازل	یعنے بقول میر دل خستہ آسمان سے
جب کوندتی ہے بجلی تب جانب گلستان	رکہتی ہے چیر میری خاشاک آشیان سے

سوز خان

سوزان تخلص مرزا احمد علی خان شوکت جنگ ولد مرزا علی خان لکھنؤ کے معزز رئیس تھے

مری سر کی قسم انکار نا | ترا دل کیا کسی پر مبتلا ہے
کہ رہتی ہے تری اب چشم خونبار | گریبان تا بدامن پھٹ رہا ہے
اوڑا ہے رنگ رو میری طرح سے | برنگ زعفران چہرہ ہوا ہے
حیا سے گو نہیں کہتا تو مجھ سے | ولے تحقیق مجھ پر ہو گیا ہے
کسی بیدرد خود ایسے سے شاید | تمہارا بھی کہیں اب دل لگا ہے
لگا کہنے نہ کر طوفان سوزان | وہ ایسا شہر میں کہ کون سا ہے
کہا میں نے بھلا صاحب نہیں تو | تمہارا حال اب یوں کیوں ہوا ہے
الم ہے غم نصیبوں کی طرح سے | نہ وہ فرحت نہ وہ اب چہچہا ہے
زبانِ شعر ہے اردو کے میں | کبھی میں نے لبھی رونا یہ کیا ہے

شاکر تخلص محمد شاکر مرحوم شاگرد محمد علی حشمت اور کچھ حال انکا معلوم نہوا

کیا پوچھے ہے حال بلبلوں کا | جو اونپہ گذرنی ہے گذر لے
گلچین تجھے کیا ترے بلا سے | گل توڑ کے تو تو گود بھر لے

شیفتہ تخلص نواب محمد مصطفےٰ خان بہادر حال انکا پیشتر سخت پر ہو چکا ہے

ہم جو تحریک ناتوانی سے | قصہ ہائے ستم سنانے لگے
ہنسکے کہنے لگے کہ ہاں سچ ہے | تم مرے ناز کیوں اوٹھانے لگے

ولہ

شیفتہ وہ کہ جسنے ساری عمر | دین داری و پارسائی کی
آخر کار رے پرست ہوا | شان ہے اوسکی کیا بھائی کی

صابر تخلص مرزا قادر بخش خلف مرزا اکرم بخت ابن مرزا خورد بہادر نبیرہ مرزا مغل الدین جہاندار شاہ بادشاہ دہلی شاگرد عبد الرحمن خان احسان

ومولوی امام بخش صہبائی صاحب دیوان ہین تذکرہ گلستان سخن انکے نام سے مشہور ہے لیکن حقیقت مین تذکرہ مذکورہ مولوی امام بخش صہبائی کا لکھا ہوا ہے کہ عبارت اوسکی اسبات پر گواہی دیتی ہے

ہمنشین لطف شب وصل تو تنہا ہی کہ مجھے
یہ گمان تھا کہ یہی کچھ نہ تمنا باقی

پر کہون کیا دم رخصت جو مرا تھا کہ مرے
دل مین ارمان ہے اوس لطف ادا کا باقی

رات بھر جاگنی سے نیند کا آنکھون مین خمار
اور کچھ کچھ اثر نشۂ صہبا باقی

بھینی بھینی سی وہ رنگت وہ پریشان ترکیب
لب پہ بدرنگ سا کچھ پان کا لالا کہا باقی

آنکھ کے دورہ مین کم کم سی وہ سرخی کی نمود
تھوڑا تھوڑا سا اک انداز سے سرمایا باقی

ایک ایک گام پہ بل ہوئے کمر مین سو سو
کاہ شاشاق نزاکت سے وہ رستا باقی

اب نہ وہ شب کا مزا اور نہ وہ صبح کا لطف
رہگیا اک کف افسوس کا ملنا باقی

صاحبقران تخلص سید امام علی ولد میر غلام حسین بلگرامی سادات رضویہ سے تھے آصف الدولہ بہادر کے عہد مین لکھنؤ کو گئے تھے ہزل وفحش سے اشعار انکے مملو ہین

دیوان انکا نظر راقم سے گزرا

پوچھا صاحبقران نے جا دی سے
تیرے نیچے یہ غارسی کیا ہے

ہنسکے بولے کہ دیکھلو صاحب
ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے

صہبا تخلص میر ضیا کے ایک شاگرد کا ہے اور کچھ حال معلوم نہوا

تربت صہبا کی دیکھی کل رات دور سے جو
آئے نظر مجھے واں شمع وچراغ کتنے

جاکر جو آج دن کو دیکھا کیا تفحص
اک دل جلے ہے اوجہان حسرت کی داغ کتنے

صہبا تخلص میر وزیر علی لکھنوی حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے

یارالٰہی رہے ترا عالم
دیکھیہ داغ دل مین کسکا ہے

ماہر وا ورہی ہین دنیا مین
یون فلک پر دماغ کسکا ہے

صفیر تخلص سید فرزند احمد خلف سید احمد تخلص داروغۂ آبکاری ضلع مونگیر باشندۂ بلگرام مقیم آرہ ضلع شاہ آباد اردو مین محمد مہدی خبر بلگرامی دامان علی

سحر سے اور فارسی مین مرزا نوشہ غالب سے اور مرثیہ مین مرزا دبیر سے اصلاح لی ہے
صاحب دیوان اردو قصیدہ بوستان خیال و مثنوی اعجاز کلیم ہین راقم کے احباب
مین ہین شعر اچھا کہتے ہین

غیرون سے بگڑ چلے ہے اون سے — اب اونکو بھی چاہ ہے ہماری
کچھ روزون مین دیکھنا کہ ہر بات — حسب دلخواہ ہے ہماری
کہتے ہین جسکو وصل کی شب — انشاء اللہ ہے ہماری

طالب تخلص حافظ شبرانی مرحوم باشندۂ رامپور شاگرد مولوی قدرت اللہ شوق
علوم عربی و فارسی مین دخل معقول رکھتے تھے شعر بہت خوب کہتے تھے امامی
مادرزاد تھے معما کے سمجھنے مین استاد تھے صاحب تذکرۂ گلشن بیخار نے
جو انکا نام حافظ طالب لکھا ہے غلطی کی ہے صاحب دیوان گذرے ✣ ✣

تم کھیلے بندون چلے آئے مری محفل مین رات — مین بھی کہ کھیل کیلا تھا بس کچھ ہاتھا پائی ہوگئی
مین ہی کچھ بلزم نہین تقصیر یاران دونون کی ہے — بیوقوفی تمسے مجھسے بے حیائی ہوگئی

طپش تخلص مرزا محمد اسمعیل عرف مرزا جان حال انکا پیشتر سحر پر ہو چکا ہے

سنین ای ہمدم کیا تھا دیکھنے کو در پہ مین اوسکے — مرے آواز کو سنتے ہوئے وہ گھر سے کل نکلے
یہ منہ پاکر جو بولا مین کہ چلیے بندہ خانے مین — تو کیا کہتے ہین لو بس تم تو اتنی ہی مین چل نکلے

ولہ

مینے جو کہا جی مین ہے اب بوسونکی مارے — کڑوا لون تری چاہ زنخدان کے ٹکرے
تب ہنسکے لگے کہنے یہی آپ سے ہوگا — کھانا نمک اور کرنا نمک دان کے ٹکرے

ولہ

نقش پا کی تلاش کا اوسکے — جب طپش کو خیال آتا ہے
داغ دل کا چراغ ہاتھ مین لے — رات کو اوس گلی مین جاتا ہے
اسمین وہ شمع رو اگر اوسکو — روزن در سے دیکھ پاتا ہے
گھر کے لوگون سے تب وہ بولکے یون — اپنی آواز سے سناتا ہے

کوئی بلا کر اوسے چراغی دو | نقش بندی فقیر جاتا ہے

ولہ

طپش اب بچتا ہے دلکو اپنے | بہا اس جنس کی بوسہ پر ہے
ہوئے ہین خور و کتنے خریدار | شناسائی مین جن جنکو نظر ہے
کوئی دو بوسے دیتے ہین کوئی چار | ولے اپنا ارادہ بیشتر ہے
سو یہ ہے عرض خدمت مین تمہاری | کہ لینا آپ کو منظور گر ہے
تو اب اس سے بھی کچھ بڑہیے زیادہ | یہ چرخ نیلگون نیلام گھر ہے

ولہ

کہا جو دل سے چل تجھکو تماشا اک دکھا لاؤن | تہ کاکل غرق الودہ وہ گردن جھلکتی ہے
لگا کہنے طپش مین گھر سے باہر کیونکر نکلونگا | اندھیری رات ہے برسات ہے بجلی چمکتی ہے

ولہ

ہوا کچھ تو محبت کا اثر اوسکو بھی سنتے ہین | طبیعت نے جو دی تکلیف اوسے کل سیر بستانکی
نظر کر بید مجنونکی طرف حسرت سے کہتا تہا | کہ اس مین شکل کچھ کچھ ملتی ہی اوس موئے پرستانکی

ولہ

نہ آشنا ہے کسیکا طپش نہ کوئی دوست | عبث ہر ایک سے دل بستگی رہی میری
یہ حال ہجر مین ہو ہو گیا مرا لیکن | کسینے آن کے اک دن خبر نہ لی میری

ولہ

تری تلاش مین آوارگی سے لیل و نہار | نبو چہ شکل ہے جو کچھ کہ اب بنی میری
کٹی ہے وادی ریگ روان ہے طے کرتے | برنگ شیشۂ ساعت یہ ہر گھڑی میری

ولہ

مین تو ناحق یہ قصہ کہکر | تم سے کہتا ہون مدعا سمجھے
رفتہ رفتہ کبھی سمجھ لوگے | ابھی تو آپ کی بلا سمجھے

ولہ

غیر سے باتین کرتے اوسکو جو سنا تو کہا بھلا تجھے
وہین پہر بول اوٹھا دبٹھائی سے بات سے فرمائیے تو کیا سمجھے

ولہ

کہا مینے جو کل اوسکو کہ سنتے ہو میاں صاحب
تو سنتے ہی لگا کہنے چہ خوش تقلید کی خوبی
اگر ہم بھی ایسا جانتے تو بیوفا ہوتے
اجی بالفرض گر تم بیوفا ہوتے تو کیا ہوتے

ولہ

فصل بہار آئی گلشن مین چلو طپش تک سیر کریں
شاخ پہ گل کے ہے مترنم ہر اک مرغ گلستانی
لی ہے جبکی اوج ہوا پر بول یہ اوسنے جاتے ہین
تم ورنا تم ورنا ورنم دیم تستا ورتا دانی

ولہ

کل کسنے جو کہا اوس بے طپش نے پیارے
بھیجا ہے ترے پاس یہ پیغام مجھے
کہ کسی دن بہی ملے گا مجھے کام دل زار
یا کہ منظور ہے رکھنا یون ہی ناکام مجھے
تو لگا کہنے کہ صاحب تمہین معلوم نہین
اب تو فرصت ہوئی اوس بن مین کچہ کام مجھے

ولہ

کیا کہون حال طپش کو تجھسے اے نازک دماغ
سن اس مضمون کو یہ قصہ جا نکاہ ہے
صبح سے تا شام یا رونا ہے یا ہی بیکلی
شام سے پہر صبح تک یا نالہ ہے یا آہ ہے

ولہ

آہٹ قدم کی پا کے کہا شب کو کون ہے
مینے کہا کہ کوئی نہین یہ غلام ہے
سنتے ہی خشمگین ہو لگے کہنے واہ واہ
گہر جاے کیا غلام کا اسوقت کام ہے

ولہ

بوسہ لیتے ہوئے کل اوسنے جو پوچہا مجھسے
سچ کہو کچہ تمہین بہی اس مین مزا آتا ہے

لگے کہنے کہ علیش سن تو مین یہ حیران ہون | تجھے کیا اور بھی ان باتون سوا آتا ہے

ولہ

ہر طرف آج ہے بسنت کی دھوم | سیر مین ہے ہر اک تماشائی
گلشن گلرو جو مین بسنتی پوش | دل مین آجاتی ہے جنکی رعنائی
کہتے ہین آن کر مجھے ہنس ہنس | دیکھکر میری آشکیبائی
ہو مبارک تمھین جنون علیش | پیرنی راست نہی بہار آئی

ولہ

کیا بیان کیجے شرارت آہ اوس عیار کی | تھرتھراتا ہے مرا عالم ہے بلا انگیز ہے
تیزی مژگان کی تعریف اوسکے جب کرتا ہون مین | ہنس کے کہتا ہے مجھکو تو یہی کتنا تیز ہے

مظفر تخلص جنت آرامگاہ بہادر شاہ ولد انکا بیٹا تخت پر بیٹھا ہے ؛

رقعہ شوق کو مرے قاصد | کس طرح کوئی لیکے جائے
کہین ایسا نہو مرے خط کا | کوئی مضمون اور لاکے جائے

ولہ

گلی مین یار کے ہم آج شب کو اے ہمدم | بتا نہین کہان کی کدھر سے گئے کہان سے گئے
صبا کی طرح سے آنکھو نہین سے کوچہ مین | نظر بچا کے ہر اک دربان کی پاسبان سے گئے

غریب تخلص بہکاری لال دہلوی شاگرد حضرت خواجہ میر درد قدس سرہ ؛

آرام وصل و ہجر مین ممکن نہین ہمین | یون ہی ہمیشہ مضطرب اے رشک ماہ تھی
اب ہجر ہے تو حسرت دیدار لی ہے جی | جب وصل تھا تو کشتہ تیغ نگاہ تھے

غالب تخلص مخدوم اعظم نجم الدولہ دبیر الملک اسد اللہ خان بہادر نظام جنگ معروف بہ میرزا نوشہ خلف عبد اللہ بیگ خان اولاد مین افراسیاب کے ہین مولد انکا اکبر آباد مسکن دہلی طبیعت انکی نہایت دشوار پسند ہے اشعار فارسی ان کے طوری ترشیزی اور میرزا عبد القادر بیدل کے اشعار کے ہم پہلو ہوتے ہین اور اشعار اردو رتبہ بلند رکھتے ہین اوائل مین اردو غزل مین سد تخلص کرتے تھی بڑا عرصہ گذرا

کہ کلکتہ مین بہی آئے تہے راقم کو دہلی مین رہنے کے ہنگام مین انکی خدمت مین نیاز حاصل ہوتہا
کلیات انکا نظر سے گذرا

پہر کہلا ہے درعدالت ناز | گرم بازار فوجداری ہے
ہو رہا ہے جہان مین اندہیر | زلف کی پہر سرشتہ داری ہے
پہر دیا پارۂ جگر نے سوال | ایک فریاد و آہ و زاری ہے
پہر ہوئے ہین گواہ عشق طلب | اشکباری کا حکم جاری ہے
دل و مژگان کا جو مقدمہ تہا | آج پہر اوسکی روبکاری ہے

وله

اے تازہ واردان بساط ہوائے دل | زنہار اگر تمہین ہوس ناؤ نوش ہے
دیکہو مجہے جو دیدۂ عبرت نگاہ ہو | میری سنو جو گوش نصیحت نیوش ہے
ساقی بجلوہ دشمن ایمان و آگہی | مطرب بنغمہ رہزن تمکین و ہوش ہے
یا شبکو دیکہتے تہے کہ ہر گوشۂ بساط | دامان باغبان و کف گلفروش ہے
لطف خرام ساقی و ذوق صدای چنگ | یہ جنت نگاہ وہ فردوس گوش ہے
یا صبحدم جو دیکہیے آکر تو بزم مین | نے وہ سرور و سوز نہ جوش و خروش ہے
داغ فراق صحبت شب کی جلی ہوئی | اک شمع رہگئی ہے سو وہ بہی خموش ہے

وله

کلکتہ کا جو ذکر کیا تو نے ہمنشین | اک تیر میرے سینے مین مارا کہ ہائے ہائے
وہ سبزہ زار ہائے مطرا کہ ہے غضب | وہ نازنین بتان خود آرا کہ ہائے ہائے
صبر آزما وہ اونکی نگاہین کہ حف نظر | طاقت ربا وہ اونکا اشارا کہ ہائے ہائے
وہ میوہائے تازہ و شیرین کہ واہ واہ | وہ بادہائے ناب گوارا کہ ہائے ہائے

وله

ہے جو صاحب کی کف دست پہ یہ چکنی ڈلی | زیب دیتا ہے اسے جس قدر اچہا کہیے

خامہ انگشت بدندان کہ اسے کیا لکھیے
ناطقہ سر بگریبان کہ اسے کیا کہیے +

مہر بکتوب عزیزان گرامی لکھیے
حرز بازوے سکندر فان خود آرا کہیے +

مسی آلودہ سر انگشت حسینان لکھیے
داغ طرف جگر عاشق شیدا کہیے +

خاتم دست سلیمان کی مشابہ لکھیے
سر سپیدان پریزادے سے مانا کہیے +

اختر سوختہ قیس سے نسبت دیجے
ناقہ آہوے بیابان ختن کا کہیے +

وضع میں اسکو اگر سنجیدہ قرار دیجے
رنگ میں سبزۂ نوخیز مسیحا کہیے

مدعا میں اسے ٹھہرایئے گر مدعا ناز
سیکڑے میں اسے خشت خم صہبا کہیے

کیوں اسی قفل در گنج محبت لکھیے
کیوں اسی نقطہ پر کار تمنا کہیے

کیوں اسے گوہر نایاب تصور کیجے
کیوں اسے مردمک دیدۂ عنقا کہیے

کیوں اسے تکمہ پیراہن لیلےٰ لکھیے
کیوں اسے نقش پے ناقۂ سلمےٰ کہیے

بندہ پرور کی کف دست کو کیجے دل فرض
اور اس میکدی سیاری کو سویدا کہیے

غفلت تخلص اخوند غفلت بلخی شاگرد ابراہیم میر خواہرزادۂ کرم خان کرم شاگرد حافظ شیرازی صاحب انکے بیشتر اشعار میں موت کا مضمون ہوتا ہے شعر خوب کہتے تھے صاحب دیوان گذرے

سکندر آئینے میں اپنے جو مالب گور
صدا یہ کانمیں آئی دہان تربت سے

[illegible]
[illegible]

فغان تخلص [illegible] کہ حال ان کا پیشتر تحریر ہوا ہے

تنہا اگر میں بار کو پاؤں تو یوں کہوں
انصاف تو نچھوڑ مروت اگر گئی

آخر فغان وہی ہے ادا سے کیوں بدل دیا
وہ کیا ہوئی تپاک وہ الفت کدھر گئی

مجھسے جو پوچھتے تو ہو ہر حال شکر ہے
یوں بھی گذر گئی مری وون بھی گذر گئی

ولہ

کل دیکھتا ہون کیا کہ سر راہ ایک شخص — کہنے لگا فغان نہین شاکی تو یار سے
مین یہ دیا جواب کہ سنتا ہے اے عزیز — ہے دور مرتبہ مرا صبر و قرار سے
خانہ بجا نہ یار کا کرتا گلہ بہر دن — یہ تو بہت بعید ہے میرے شمار سے
مین وہ ہون عندلیب کہ گلزار دہر مین — محجوب خاطر نہ ایک سب ہے نے ہزار سے
تنہا نہ گل ہی دیکھکے دل باغ باغ ہے — آنکھین بھی لگ رہی ہین مری نوک خار سے

قائم تخلص محمد قیام الدین مرحوم حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے

رات اوس سے کہا مین کہ تری کو چہ مین بیاں — قائم کو بہت دیر ہوئی داد طلب ہے
کیا ہو جو تک اک سُنلی تو احوال کو اوسنے — بولا کہ تری فہم سے یہ بات عجب ہے
ہو ایک ستم کش تو کوئی داد دے یاں تو — لے صبح سے تا شام یہی شور و شغب ہے

قدرت تخلص شاہ قدرت اللہ مرحوم حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے

کہا مینے قاتل سے قدرت کو ظالم — تری تیغ سے ہے جگر آزمائی
لگائی نہ ایسی کہ ہو کام اوسکا — مین دیکھی تری بس ہنر آزمائی
سسکتا ہی چھوڑا اوسے خاک و خون مین — کہ تیغ ستم اور پر آزمائی
لگا کہنے مت پول تو ذوق میرا — صد ہر آزمائی او دہر آزمائی

ولہ

قدرت تلک کہول چشم عبرت — گر فکر سراغ رہروان ہے
جو نقش قدم ہے اس زمین پر — آئینۂ حال رفتگان ہے

ولہ

کل ہوس اسطرح سے ترغیب دیتی تھی مجھے — کیا ہی ملک روم ہے کیا سرزمین روس ہے
گر سیر ہو تو کوس عشرت سے کیجے زندگی — اسطرف آواز طبل اودہر صدای کوس ہے
صبح سے تا شام پھلتا ہوے گلگون کا دور — شب ہوئی تو ماہرویون سے کنار و بوس ہے
سنتی ہے عبرت یہ بولی یک تماشا مین تجھے — چل دکھاؤن کیا تو اپنے آز کا مجوس ہے

لیکنے یکبارگی گور غریبان کی طرف
جس جگہ جان تمنا سو طرح مایوس ہے
مرقدین دو تین دکھلا کر مجھے کہنے لگے
یہ سکندر ہے یہ دارا ہے یہ کیکاؤس ہے
یوجہ تو انسے کہ جاہ و حشمت دنیا سی آج
کچھ یہی انکے سوا عبرت و حسرت و افسوس ہے

کامل تخلص مرزا کامل بیگ اور کچھ حال انکا معلوم نہوا

مژگان سے گر بچے دل ابرو کرے ہی تکرے
یہ بات اوس سے کہکر جب مینے داد چاہی
کہنے لگا کہ ترکش جبوقت ہو دی خالی
تلوار پہر نہ کھینچے تو کیا کرے سپاہی

مجروح تخلص مولوی حافظ حمید النبی باشندہ رامپور خلف مولوی حافظ حبیب النبی مرحوم رفیق برادر خورد و شاگرد مولوی حافظ رشید النبی وحشت اولادین حضرت مجدد الف ثانی کے علوم فارسی و عربی مین اچھا دخل رکھتے ہین ہر دو زبان فارسی و اردو مین شعر بمضمون و آبدار کہتے ہین کلکتہ مین بھی آئے تھے کئی برس ہوئے کہ وطن کو چلے گئے راقم کے دوستون مین ہین

اوس سرمہ و گیسو و مسی سے
کوچہ ترا دشت کربلا ہے
پیاسون کے لیے ہی سرخروئی
جو ہر دم تیغ نے کیا ہے
ہے راکب ذی الجناح یہ دل
ناوک جو ترا جدا ہوا ہے
مژگان ہے تری ادہر صف آرا
گیسو سے ادہر ستم بپا ہے
حملہ یہ ہے حملہ شامیون کا
تنہا کا صفون کا سامنا ہے
نرغے مین وہ فارسی ادا کی
سید کے بقول کہ رہا ہے
اے لشکر شام گیسوے یار
سادات کا قتل کب روا ہے

مصحفی تخلص غلام ہمدانی حال انکا پیتیر تحریر ہوا ہے +

ہر چند ہے اوسکی ہر ادا شوخ
منظور جو اپنا اک صنم ہے
پر دانتون تلے زبان دبانا
بید ادبے قہر ستم ہے

ولہ

اندازمین نگاہ مین مارا ہے ایسا کوئی
گردن کسیکی تیغ تغافل سے کٹ گئی

دزات اس گلی مین یہی ماجرا رہا ۔۔۔ کب عاشقونکے درسے تری بھیڑ ہٹ گئی

ولہ

غنچہ گل کی چولی مسکی دیکھ ۔۔۔ عقل بھولی ہے عندلیبون کی
ہاے دیکھی نہین اونھون نے مگر ۔۔۔ وضع قلی کی جامہ زیبون کی

منت تخلص میر قمرالدین مخاطب بہ ملک الشعرا مرید مولانا فخرالدین قدس سرہ شاگرد میر نورالدین نوہد و میر شمس الدین فقیر وطن انکا مشہد مقدس مولد سونی پت دہلی مین تربیت پائی تھی لکھنؤ مین جاکر مذہب امامیہ اختیار کیا تھا کلکتہ مین اکر ۱۲۰۰ بارہ سو آٹھ ہجری مین فوت کی ریختہ بہت کم کہتے تھے اشعار فارسی اونکے عجب دبدبہ لکھے ہونگے

کھڑے رہیے جو اونکے بزم مین تو لگے کہنے ۔۔۔ دکھاتا ہے یہ اپنے پانون کیون ناحق کھڑا تھا
جو اتنی بات سنکر بیٹھ جائین تو لگے کہنے ۔۔۔ نہی سے کہتے ہی اکبات کے بس آ بیٹھے

منجور تخلص منشی اسد اللہ عرف میان علی جان ریختی مین دوگانا تخلص کرتے ہین حال انکا پیشتر تحریر ہوا ہے

سو بہانے تھے گر آتے تو ہزارون ڈھب تھے ۔۔۔ لاکہ صورت سے اجی بات بنائی ہوتی
اے صنم تجکو جو آنے کا ارادہ ہوتا ۔۔۔ تم نہ رکتے کبھی مانع جو خدائی ہوتی

ولہ

کل اونسے جو محفل مین کہا ہینے کہ غافل ۔۔۔ جینے کی مجھے غم سے ترے پڑ گئے لالے
سنتے ہی لگے کہنے وہ منجور سہون سے ۔۔۔ لو اور سنو یہ بھی ہوئے جانبنے والے

ولہ ریختی قطعی

راتکو اک نگوڑے نٹ کھٹ نے ۔۔۔ صحن مین پاکے بے حجاب مجھے
مچھیان لین گلے سے لپٹا کے ۔۔۔ پھر لیا زانو تلے دبا کے مجھے
منتین کین ہزارون تسکین دین ۔۔۔ کرکے چھوڑا مگر خراب مجھے

میر تخلص میر محمد نفی حال انکا بیتر تحریر ہوا ہے +

اک شخص مجھے سا تہا کہ تہا تجھسے یہ عاشق — وہ اوسکی وفا پیشگی وہ اوسکی جوانی
یہ کہکے مین رویا تو لگا کہنے نہ کہ میر — سنتا نہین ہین ظلم رسیدونکی کہانی

ولہ

ترا شکوہ مجھے نہ میرا تجھے — چاہیے یون جو فی الحقیقت ہے
تمہکو مسجد ہے مجکو میخانہ — دا عظا اپنی اپنی قسمت ہے

ولہ

مین بے نوا ترا تہا بوسے یہ اون لبون کے — ہر دم یہی صدا تہی دے گز رو ٹال کیا ہے
پر جب ہی لگ گئی جب اوسنے کہا کہ کوئی — پوچہو تو شاہ جی سے انکا سوال کیا ہے

ناسخ تخلص شیخ امام بخش حال انکا بیتر تحریر ہوا ہے +

آج گوا ے مہ جبینو شغل ہے تمکو یہی — چہرہ ہے اور آئینہ ہے زلف ہے اور شانہ ہے
جا ے آئینہ ہے کل آئینہ زانو حیدا — اور عوض شانہ کے ٹکرے استخوان شانہ ہے

ناظم تخلص نواب یوسف علی خان بہادر والی رامپور حال انکا بیتر تحریر ہوا ہے

مین سمجہتا تہا کہ وہ خوش ہونگے — میرے مرنے کی جو شہرت ہوگی
غیر سنتے ہی ہوا شادی مرگ — خاک اب اونکو مسرت ہوگی

نامی تخلص مرزا حسام الدین حیدر خان المتوفی ولد مرزا محمد غیاث شاگرد میر حسن
خلیق مرثیہ گو شعر اونکے خوب ہوتے ہین

کیا قطعہ بموقع یہ پڑہا مینے کل آپنا — منبطرا وسے دیکہ آئے سر کوے کسو کے
ہو جاؤگے صورت سے خفا یہ کہون کہکر — سوتے ہوے اوٹہ آئے پہلوسے کسو کے
دل ڈہر کے بے سنہ فق ہے لٹین کہہ رہی ہے — ایجان نکل بہاگے ہو قابو سے کسو کے

نشاط تخلص رائسم آدم +

نشان باقی رہا جرنام کسکا دار فانی مین — الہی درپے کین کس قدر یہ دور گردون ہے
پتا آئینہ اسکندری نہ جام جم کا ہے — نہ باقی طاق نوشیروان ہے نے قصر فریدون ہے

نہ عذرا نے دن ہے اور نہ شیرین ہے نہ ہی لیلے
نہ وامق ہے نہ ہے نل کوہ کن ہے اور نہ مجنون ہے

ولہ

جان کنی روز روز جان کا ہے
تاب کے یون جیا کرے کوئی
کوئی تبلا تو خدا کے لیے
مر نہ جائے تو کیا کرے کوئی

ولہ

نرم سے کسکے تم اوٹھ آئے ہو گھبرائی ہوے
دراغ مے کا کیون یہ دامن گیر سراہن مین ہے
نشہ کی بدمستیون مین ہاتھا پائی کس سے کی
چاک کیسا اوسپ بے پیرہن مین ہے

ولہ

کافرونکی ضد سے ہو جاؤن مسلمان آخرش
جانب دیر بتان ہرگز نجاؤن تو سہی
پھر غم عشق بتان مین شعلہ زن ہو وے اگر
خاک مین مین آتش دل کو دباؤن تو سہی
پھر تبونکو دل ندون مین یاد سب عیاریان
اونکو بھی اونکی طرح سے آزماؤن تو سہی
اونکی صورت ہو نہ مجھکو التفات اونکی طرف
جسقدر مجھکو ستایا ہے ستاؤن تو سہی
سانہ اونکے زلف کی صورت کرون کیا کیا پیچ
آخر اونکو دام مین اپنے پھنساؤن تو سہی
لاکہ جاہین وہ نکالین پر نہ نکلو نہین کبھی
شکل مردم اونکی آنکھو نمین سماؤن تو سہی

ولہ

اونکو چڑہاکے داو پہ جسدم شب وصال
مینے کہا ہنسی سے وہ شوخی کدھر گئی
ہاتھونکو بس ہٹک کے خفا ہوکے بول اوٹھے
چھوڑو کہین بھی ہا نہ کلائی اوتر گئی

نصیر تخلص شاہ نصیر الدین عرف میان کلو حال انکا بیشتر تحریر ہوا ہے

اوسکی تہمہ کا کس سنہرا دیکہ
شب کہا ماہ سے یہ پروین نے
بہر پرواز نکالے ہے
پہونچ بیضہ سے مرغ زرین نے

ولہ

سمجہ اوسکو نہ آہو رشک لیلے
یہ مجنون دشت مین آیا ہے گہر سے
جسے تو سینگ سمجہے ہے وہ ہین خار
لگے ہین پاون مین نکل ہین سر سے

ولہ

کہون تجھسے نصیر اب کیا بتو چہ احوال دفت کا
فلک نے مٹھی کب دی ہے اوس سے انکدم خالی
دہان وہ آئنہ دیکھی ہے یان ہم سر بزانو ہین
نہ یک دم کی اوسے فرصت نہ اک لحظہ ہین ہم خالی

ولہ

ساقی ترے بغیر گلستان دہر مین
کلتی اب اسطرح سے یہ شام وپگاہ ہے
ساغر ہے داغ شیشۂ مہیا ہے آبلہ
بارش ہے اشک ابر سیہ دود آہ ہے

ولہ

جہانی بہت سی منزل دنیا کی خاک راہ
نقش قدم بھی ایک نہ آیا نظر مجھے
کیا جانے اب کدہر وہ گئے حیف اے نصیر
یاران رفتگان کی نہین کچھ خبر مجھے

نکہت مخلص مرزا نیاز علی بیگ دہلوی شاگرد نصیر دہلوی ایک دیوان وترجمہ سکندر نامہ وفرہنگ مصطلحات زبان اردو ان سے یادگار ہین

کہکشان مانگ ہے بلال جبین
مہر طلعت ہے ماہ سیما ہے
لب سیجا ہے لب پہ رنگ ہنسی
سایۂ قامت سیجا ہے

واقف مخلص واقف شاہ غازی پوری معاصر سودا و میر مقیم دہلی کچھ روزون فیض آباد و بنارس مین بھی رہے ہین آخر عمر مین لکھنؤ مین وفات پائی

یاران ہمنشین ورفیقان دوستدار
سب اٹھتا ہین زندگی مستعار کے
جب مند گئی بہر آنکہ تو ای دوست بعد من
پہنچے ہے پاس کون کسی کے مزار کے

خاتمہ ممتہ الطبع

داور داد گر استایش کہ این زیبا گلدستہ جان نواز مجموعہ قطعات اساتذہ اردو زبان موسوم بہ **قطعہ منتخب** در مطبع نامی گرامی جناب معلی القاب منشی **نول کشور** لکھنؤ بماہ جولائی ۱۸۶۹ء مطابق شہر جمادی الاولی ۱۲۸۶ھ ہجری از قالب طبع بر آمدہ
مشام آرائے جہان گردید

هُوَ الغفور الرحیم

الشعراء تلامیذ الرحمٰن

تذکرۂ شعرای زبان اردو ی معلے موسوم بنام تاریخی



از جناب مولوی عبد الغفور خان بہادر متخلص بنساخ

بحسن تصحیح وزیبا تسطیر باوان سعادت اقتران

مطبع منشی نول کشور مین مطبع مین مزطبع ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد اوس نخلبند گلستان جہانکی رونق افروز چمنستان معانی ہے اور ثنا اوس گلچین ارائے زمین وزمان کی بہار افزائے ریاض نکتہ دانی ہے جسنے عرائس معانی کو رہا چین مبانی سے پیراستہ اور ابکار افکار کو روائح ازہار بلاغت اور فوائح گلہاے فصاحت سے آراستہ فرما اور نونہالان گلشن لطائف کو عمائل ظرائف سے مزین فرماکے حجیب بطون سے منصۂ شہود پر جلوہ نماکیا اور اپنے سحاب لطف وکرم کی آبیاری سے شورستان عدم استعداد کو روضۂ رضوان بنایا سرو قدان باغچہ احسن تقویم اوسکے بہار خلق کی تعلیم سے مالامال اور نوباوہ ہاے گلشن تکریم برگ وبار حسن تنظیم سے چمن چمن نہال ہوئے شعر

اے موج نسیم کرم الطاف تیرے ۔ دیکھا نہین اس گلشن بیخار مین کھلتا

اور گلدستۂ درود نامحدود وصلوات غیر معدود پیشکش بہار گلستان رسالت رونق بوستان نبوت آفتاب دوسرا آسمان اہتدا تاجدار لی مع اللہ خدیو انجم سپاہ ہے جسکی نکہت مرحمت سے معطر ہر دماغ اور نسیم مکرمت سے ہر غنچۂ دل باغ باغ ہے خاک پا اوسکا غرہ شان گلشن صنائع کو غازہ ہے اور چمن زار فضاے بدائع اوسکی آبیاری سے تر وتازہ در باے علوم

اوس منبع جود و احسان سے اپنی موجون مین لہراتا ہے اور محیط شرایع اوس گوہر بے بہای
اہتمان سے آب و تاب مین چشمۂ خور شید کا پہلو دباتا ہے صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ
الاتقیاء الابرار ماطمی البحر الذخار وعب العجاج التیار بعد اسکے ہیچ میرزا ابو محمد عبد الغفور
خالدی تخلص بہ نساخ ڈیپوٹی مجسٹریٹ و ڈیپوٹی کلکٹر ضلع راجشاہی معروف بدر امپور بوالیہ
ابن منشی قاضی فقیر محمد مرحوم صاحب جامع التواریخ وکیل عدالت عالیہ صدر دیوانی کلکتہ
ابن قاضی محمد رضا مغفور متوطن ضلع فرید پور باشس گرین دار الامارۃ کلکتہ تمکۃ فحان سخن سنجان
زمن کی خدمت مین عرض رسا ہے کہ یہان ہنوز باغچۂ عمر مین نسیم شعور کی آمد آمد اور فرش سبزہ
رشاد فضای سن و سال مین ممتد بھی نتھا کہ سر مین سودای گلریزیان معانی مین پیدا ہوا دل
غنچہ لبان معانی کا شیدا ہوا کلام اساتذہ کا شوق رہا غیرون کے سخن سے ذوق ۔ اسوقت
دنون مین بہت سی دواوین نظر سے گذرے عرصۂ قلیل مین تذکرہ ہاے کثیر دیکھے سبھون نے
داد سخن کی دی ہے جانفشانی و جانکاہی کی ہے ہر مضمون شیرۂ حیات ہے ہر معنی شاخ نبات
ہے ہر انداز شیرین غیرت شان انگبین ہے ہر طرز نمکین رشک لب شیرین ہر مینے بھی
چاہا کہ شربت تالیف سے کوزے بھرون اور اس قند کو مکرر کرون یعنی اس طرح کا
تذکرہ لکھون جسمین اشعار آبدار مین اطناب و اعجاز ہو اور احوال شعرا مین اختصار و ایجاز
اور حالات ابناے زمان کو بقدر طاقت بشری جامع اور حشو و زوائد کو مانع ہو بحمد اللہ
کہ یہ ناوک عزم ہدف مراد مین دوسار ہوا کہ بارہ برس کی محنت مین یہ تذکرہ شعراے
ریختہ سے بنام نامی سخن شعرا تیار ہوا وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب

ردیف الالف

آباد تخلص محمد یعقوب علی خان خلف محمد اسحاق خان باشندۂ دھلی

ان خرابا تیون کی صحبت نے	مجھکو آباد کیا خراب کیا

آباد تخلص مہدی حسن خان ولد غلام جعفر خان باشندۂ لکھنؤ شیخ سے اصلاح لیتے تھے
سال تولد انکا ۱۱۸۷ بارہ سو اٹھاسی ہجری ہے انکے تین دواوین اور ہر بحر مین
غزل کے ایک ایک دیوان ہے بعض دیوان اور دواوین نظر راقم سے گذرے

ہمیشہ تذکرہ ہے مصحفِ رخسارِ جانان کا
کتابِ عشق نے حافظ کیا ہے مجھکو قرآن کا

کوئی ثروت مین بھی ایذا غربت بسی جاتی ہے
نہ بھولا تختِ پر یوسف کو صدمہ چاہ کنعان کا

ہجر مین ای رشکِ شیرین جان شیرین تلخ ہے
کام نالے کررہے ہین تیشۂ فرہاد کا

کیا عجب شوقِ اسیری مین اگر منقار سے
بلبلین دامن پکڑلین دوڑ کر صیاد کا

روشنی پائے سخاوت سے جہان مین نام ہے
ہر درم گویا چراغ مرقدِ حاتم ہوا

پائیگا اکدن کمالِ سربلندی شکلِ بدر
ماہ نو کی طرح جو ہر تواضع خم ہوا

ہے بجا اے گل اگر کہیے تجھے رشکِ بہار
پھول مرجھاتا نہین تیرے گلے کے ہار کا

رکھ لیا پردہ مرا قاتل تری تلوار نے
جسمِ عریان پر ہے احسان زخم دامن دار کا

بجلیان روشن کرینگی قبر پر میرے چراغ
کشتہ ہون اک برق وش کی مین نگاہ ناز کا

تیرے ہر ایک سخن مین ہین بہم دو پہلو
کبھی اقرار سے ہوتا نہین انکار جدا

فورا ترتیب کے حرف سے ہر حرف ہوجدا
لکھدون جو خط مین حال کبھی اضطراب کا

گر سکندر کی طرح ہوتے میرے بخت رسا
ہفت کشور چھوڑکر مین کنج عزلت مانگتا

طور کم کرنہ مرے بعد جفا کاری کا +
حوصلہ تا کسی دشمن کو نہو یاری کا

زلف درار و ابرو رخسار و چشم و لب
مارا ہوا ہون مین تو انھین تین چار کا

واللہ کیا ہے حسن بتِ پرغرور کا
بندون کو شک ہوا ہے خدا کے ظہور کا

بگڑ گیا جو نکلتے ہی روح کے نقشا +
طلسم تھا کوئی یا اپنا خانۂ تن تھا

شعبدے دکھلائے حسن یار نے ہر دم نئے
سامنے آنکھون کے یہان کیا کیا تماشا ہوگیا

بیتاب وہ ہون چین نہ آئے لحد مین بھی
میرے جنازے کو نہو آرام دوش پر

ہاتھ کیا اونے اوٹھایا سیکڑون بسمل ہوئے
دے رہا ہے عاشقونکو موت کا پیغام رقص

خون گرفتہ نہ کوئی عشق مین مہا ہوگا
دمبدم سنتِ جلاد کیا کرتے ہین

فقط امید ہے بخشش کی تیری رحمت سے
وگرنہ عفو کے قابل مرے گناہ نہین

مثالِ قصرِ گردون جسکے لاکھون قصر عالی تھے
اب اونکی خاک اوڑتی پھرتی ہے دشت و بیابان مین

مجھے یاد آگیا سجدہ بتون کی آستانے کا
کسی مسجد مین جب دیکھا کسی مین نے نمازی کو

دل لگانے مین تو ہے جدا‌ئی اٹھانے کا مزا | لطف کیا ہے کہ جو معشوق ستمگار نہو
لطف جینے کا یہ ہے جان کسی پر نکلے | نہ جیے وہ جسے مرنے سے سروکار نہو
کہین فرقت مین جا‌ئین اشک ہین لبریز آنکھون مین | تماشا ہی لیے پھرتے ہین ہم کشتی مین طوفانکو
دور سے اونکے لڑگئی تقدیر پشت آئنہ | مہر سے الا ہوئی تو قبلہ پشت آئنہ
حیا‌ط قطع کر تو سمجھکر لیا اس یار | رشتہ مری حیات کا اوس پیرہن مین ہے

ابر تخلص تفضل حسین شاگرد اسیر

خاکساری کا اگر مرتبہ حاصل ہوجاے | ہے دلا پھر طلب نسخۂ اکسیر عبث

آبرو تخلص نجم الدین معروف بہ شاہ مبارک باشندۂ دہلی شاگرد دوغریز سراج الدین علیخان آرزو حضرت محمد غوث گوالیاری کے نبیرون مین تھے محمد شاہ جنت آرامگاہ کے عہد مین وفات پائی بیشتر صنعت ایہام مین شعر کہتے تھے

کیون مجھے یا ظلمت مین راہ سب سے ترسندہ تھا | جان کچھ پانی مرے ہے چشمۂ حیوان کا سبج
سر سے لگنے کے بادون تک دل ہوا ہو نہین | یہان تک توفق عشق مین کامل ہوا ہو نہین
دور خاموش بیٹھے رہنا ہون | اسطرح حال دل کا کہتا ہون
شور ہے اوسکی اشکباری کا | آبرو چشم تر قیامت ہے
نہ دیوے لیکے دل وہ جعد مشکین | اگر باور نہ ہو تو مانگ دیکھو

وابن رضا تخلص ونام سید ابن رضا لکھنوی کلکتہ مین آئے تھے راقم نے انکو دیکھا ہے

تجھے رقیبون کے دل مین ہزارون ہی کانٹے | گلون کے گجرے جو ہم یار کو پہنانے لگے

آتش تخلص مرزا غلام حسین ولد مرزا کریم اللہ بیگ باشندۂ ڈھاکہ شاگرد دوامادمیر ہجان طپش عدالت دیوانی ڈھاکہ مین وکالت کرتے تھے

آپ تو محو فنا تھے جس طرح کانٹے کی اوس | جنبش باد صبا کا اک بہانہ ہوگیا

الش خواجہ حیدر علی خلف خواجہ علی بخش لکھنوی شاگرد مصحفی ۱۲۶۳ھ بارہ سو ترسٹھ ہجری مین انتقال کیا دیوان اونکے نظر راقم سے گذرے سوا‌ے غزل کے اور کسی صنف سخن پر قادر نہ تھے اشعار انکے پر مضمون و بامزہ ہوتے ہین

حباب آسا مین دم بھرتا ہون تیری آشنائی کا
نہایت غم ہے اس قطرے کو دریا کی جدائی کا

وصال یار کا وعدہ ہے فردای قیامت پر
یقین مجھکو نہین ہے گور تک اپنی رسائی کا

نہین مٹتی ہے پتھر کی لکیر احباب کہتے ہین
رہے گا پاے بت پر نقش اپنی جبہہ سائی کا

نہین دیکھا ہے لیکن تجھکو پہچانا ہے آتش نے
بجا ہے اے صنم گر تجھکو دعوی ہو خدائی کا

حسن پری اک جلوۂ مستانہ ہے اوسکا
ہشیار وہی ہے کہ جو دیوانہ ہے اوسکا

وہ یاد ہے اوسکی کہ بھلا دے دو جہان کو
حالت کو کرے غیرت دہ یارانہ ہے اوسکا

لیجاے خط شوق کبوتر غریب کیا
وہان جس جگہ مقام نہین جبرئیل کا

آتش یہی دعا ہے خداے کریم سے
محتاج اے کریم نہ کیجو بخیل کا

کونسا دل ہے نہین جس مین خدا کی منزل
شکوہ کس منہ سے کرون مین بت ہرجائیکا

کیا قتل اوسنے کہنے سے رقیب تیرہ باطن کے
رکھا گردن پہ اپنی دوست نے احسان دشمن کا

عالم منطق مصور ہے تری تصویر کا
منہ کتابی قلبی ہے خط حاشیہ ہے بیر کا

کس خوشی سے دوڑ کر عاشق گلے ملتی ہین گلے
نقش حب ای ترک جوہر ہے تری شمشیر کا

حیف کی جاہے نمود وزم وجراب رکی ہان
پرورش پایا ہوا یہ آدمی ہے شیر کا

دہن اوس روے کتابی مین ہے پیدا
اسم اعظم وہی قرآن مین نہان ہے کہ جو تھا

گھڑی بھر رو کے کوی یار مین یون رنگ دل کھویا
کہ کپڑا جیسے مفلس نے کھڑے گھاٹ کا کلپایا

آئے تھے لوگ بیٹھے بھی اوٹھہ بھی کھڑے ہوئے
مین جا ہی ڈھونڈ ہتا تری محفل مین رہگیا

حال مجنون تو نہین نوع دگر دیکھا کچھہ
سارہان آج ہی کیون چہرہ لیلی اوترا

دم آخر بھی باتین پر مرے ہمراہ یار آئے
رقیبون نے محل باقی نرکھا عذر خواہی کا

سامنے ہوتی نہین اوس شمع رو کی اپنی آنکھہ
اے صبا محفل سے پروانہ کے خاکستر اوٹھا

اسقدر نازان نہواے شیخ اپنی زہد پر
بندگی کرتے سے تو شاید خدا ہو جاے گا

کسی کے محرم آب روان کی یاد آئے
حباب کر جو برابر کوئی حباب آیا

شب فراق مین مجھکو سلانے آیا تھا
جگایا مینے جو افسانہ گو کو خواب آیا

عذاب گور سے واعظ نہایت ہے ڈراتا ہے
ہمارے ساتھہ پیوند زمین کیا آسمان ہوگا

اے صنم تیری کرنجی آنکھ سے ثابت ہوا
رنگ اوڑ جاتا ہے روے مردم بیمار کا

طبل و علم ہے پاس نہ اپنے نہ ملک و مال
ہم سے خلاف ہو کے کرے گا زمانہ کیا

یار کو مین نے مجھے یار نے سونے نہ دیا
رات بھر طالع بیدار نے سونے نہ دیا

تکیہ تک پہلو مین اوس گل نے نہ رکھا آتش
غیر کو ساتھ کبھی یار نے سونے نہ دیا

سیل گریہ سے مرے نیند اوڑی مردم کی
فکر بام و در و دیوار نے سونے نہ دیا

آہ و نالہ سے سوا چرچا خموشی کا ہوا ٭
پاس رسوائی نے ہمکو اور رسوا کر دیا

چال ہے مجھ ناتوان کی مرغ بسمل کی تڑپ
ہر قدم پر ہے یقین یہان رہگیا وہان رہگیا

روز سیاہ ہجر مین میرے جلے چراغ
پروانون کو نصیب ہوا دن وصال کا

خط دیکے کیوا بکی زبانی یہ نامہ بر
تحریر کا جواب نہ تقریر کا جواب

جو کہ شاکر ہوا مقدر پر ٭
خط پیشانی کا پڑھا مطلب

خط نے غرور حسن کو کھویا ہے مہربان
مجبور ہو گئے ہین قضا و قدر سے آپ

تار تار پیرہن مین بس رہی ہے بوے دوست
مثل تصویر نہانی مین ہون یا پہلوے دوست

واہ رے شانہ کی قسمت کسکو یہ معلوم تھا
پنجۂ شل سے کھلینگے عقدہاے موے دوست

قاصدون کے پاؤن توڑے بدگمانی نے مرے
خط دیا لیکن نہ بتلایا نشان کوے دوست

دو مرینگے زخم کاری سے تو حسرت سے ہزار
چار تلوارون مین شل ہو جائینگے بازوے دوست

فرش گل بستر تھا اپنا خاک پر سوتے ہین اب
خشت زیر سر نہین یا تکیہ تھا زانوے دوست

اوس بلاے جانسے آتش دیکھیے کیونکر رہے
دل ہوا شیشے سے نازک دلسے نازک خوے دوست

اللہ ری صبح عید کی اوس حور کو خوشی
شانہ تھا اور زلف معنبر تمام رات

اے ماہ چاردہ یہ گریبان نہین ہے خوب
پہلے کیا تھا کس لیے خوگر تمام رات

گویا زبان شمع جو ہوتی تو پوچھتا ٭
کٹتی ہے ہجر یار مین کیونکر تمام رات

جو پہنے اوسکو جامۂ عریانی ٹھیک ہو
اندام پر ہر اک کے ہے یہ پیرہن درست

جانب شیشہ جو دیکھون تو مغان کہتے ہین
آنکھون مین دختر رز کو پیے جاتے ہو عبث

میرے مرنے کی دعا مانگی وہ بت پڑھکر نماز
کس طرف جا کر کرون مین سجدۂ شکرانہ آج

بوٹے سے قد کا تیرے نظارہ لگانے گا — کس کس نہ ہو شمار کو دیوانہ پن کی شاخ
پوچھتا ہے طنز سے کیا باندھی ہے کس پر کمر — باندھی ہے اس پر کمر کھولون ترا غلو ار بند
پاتا نہین ہین یار کو میل سخن ہنوز — معدوم ہے کمر کی طرح سے دہن ہنوز
کوچہ یار مین سائے کی طرح رہتا ہون — در کے نزدیک کبھی ہون کبھی دیوار کے پاس
کرتے ہین عبث یار باغ پر طاؤس — زخمی کو نہین اوسکے دماغ پر طاؤس
حرص دنیا حسن غارتگر کو کرتی ہے خراب — بہر زر کرتے ہین محبوبان سیم اندام رقص
حسرت جلوۂ دیدار عبث ہے مجھکو — چاہیے میرے لیے آئینہ خانہ شب وصل
مرتے ہین رشک کے مارے بس و بوسہ پہ قسیم — شور کرتا ہے جو پازیب کا دانہ شب وصل
لکھا ہے کس کے خنجر مژگان کا اوسنے وصف — اک زخم دیکھتے ہین قلم کی زبان مین ہم
جوش وحشت مین جو ہون مائل رفتار قدم — شہر ہستی سے ہے صحرائے عدم چار قدم
یہ سعادت لکھی ہے قسمت مین کسکی دیکھیے — خون گرفتہ ایک مین ہون اور خنجر سیکڑون
برابر جان کے رکھا ہے اوسکو مرزا مرنے تک — ہماری قبر پر رویا کریگی آرزو برسون
عطر گلاب ملکر حلقہ مین یار بیٹھا — بلبل پکارنے آ یا صیاد انجمن مین
خضر و مسیح کانپتے ہین رشک سے گلا — تو بھی تو کر شہیدون کی اپنی زیارتین
یہ کہکے گشت گلپر اون کو ابھارتے ہین — سیر چمن کو چلیے بلبل پکارتی ہین
مری ضد سے ہوا ہے مہربان دوست — مرے احسان ہین دشمن پر ہزارون
دیوانگی نے کیا کیا عالم دکھا دیے ہین — پریون نے کھڑکیون کے پردے اوٹھا دیے ہین
دیدار عام کیجے پردہ اوٹھا دیجیے — تا چند ہائے خدا آرزو کریں
رخ انور دکھا کر خاک کا پیوند کرتے ہین — حسین ہونے سے ملوفان نوح کے فرزند کرتے ہین
برہمن آنکھ نکلواتا ہے جو پاے بت پہ — رشک آتا ہے مجھے سنگ در یار کہو
سرمہ منظور نظر ٹھہرا ہے چشم یار کو — نیلگون گنڈا نپھا یا مردم بیمار کو
دست رنگین سے تری بیعت اوسے کرواتا — ہاتھ آجاتا اگر پنجہ مرجان مجھکو
تمھین دیکھے تو مجنون سے سوا لیلی نو دیوانی — تمھاری دلفریبی چھین لے خسرو سے شیرین کو

چال وہ چلتے ہو دل کچلتے ہین جسپر ہر قدم
کام وہ کرتے ہو تم جسمین کسیکا کام ہو

کہتا ہے وہ شوخ آئنہ مین ٹکس سے آکش
تم مجھسے زیادہ ہو تو ہم تم سے زیادہ

بوسۂ خال کے سودے مین ہوا ہون بیزار
تو کہی مجھسے ترازو مین تو ہو تل بھاری

شمعروئے مرے اوٹھا سر محلس جو نقاب
ایک پر ایک ہوا ساکن محفل بھاری

آدمی کے واسطے کچھ اور ہو دے یا نہو
ساقی دے سبزہ و آب روان درکار ہے

پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا ✣
زبان غیر سے کیا شرح آرزو کرتے

کوچۂ تنگ مین ملتا ہے تو کہتا ہے وہ شوخ
مرد ہے وہ کہ جو ہم کو سر میدان روکے

کرینگے یار کو عریان شب وصل
عیان ہو جائے گا راز نہانی

جلاتی ہے دل آتش طور کی طرح
کسی پردہ نشین کی التفاتی

میہمان ہون مین جگہ دین مجھے تکلیف کرین
اوسکے اصحاب لیسارا دریمین تھوڑی سی

اے عشق لوگ کہتے ہین ماہ چہاردہ
ہنکر مقرر ہوتے ہین تمھاری کمال کے

تصویر کھینچی اوسکے رخ سرخ فام کی
اک صفحہ مین قلم نے گلستان تمام کی

یہ صدا دیتی ہے خلخال اونکی ہنگام خرام
خاک مین ملجائے جسکو حسرت پابوس ہے

اکیلا پاکے نہین چھوڑنے کا مین تمکو
خیال خام ہے یہ میری پختہ کاری سے

جمال حور و پری پر ہے طعنہ زن مٹی
بلائے جان ہوئی سرخ و سفید بن مٹی

ہمیشہ جھاڑتے ہین گرد پیرہن غافل
نہین سمجھتے کہ ہے زیر پیرہن مٹی

مشتاق اس قدر ہون خدا کے حضور کا
سجدہ کرون جو بت بھی ملے کوہ طور کا

جنکر کیا ہے قتل مجھے تیغ یار نے
کشتہ ہی دل مرا شرف امتیاز کا

شب کو دم دید کے لیجاتا ہے کوے یار مین
مین تو تھا ہی مجھسے بھی مرشد مراد دل ہو گیا

چلتے ہین ناز سے جو وہ رفتار آفتاب
پاؤن کو پوجتے ہین پرستار آفتاب

کون فصل گل مین اے آتش نہین پیتا شراب
بھیڑ سے ہے بھیڑ میخانے کے در پر اندنون

کرے جسقدر شکر نعمت وہ کم ہے
مرے ٹوٹتی ہے زبان کیسے کیسے

کچھ عشق مین مجنون ہے سوا ہے نہ تو فرہاد
لیلی ہے نہ چھوٹی ہے نہ شیرین ہی بڑی ہے

نیرنگی زمانہ سے آتش عجب نہین | جھلا اوتارے دزد حنا دست یار سے

اثر تخلص میر عبد الجلیل باشندۂ دھلی شاگرد معنوی جعفر زٹلی

زلف ہے چہرے پہ یا جنجال ہے | جنبش ابرو ہے یا بھونچال ہے

اثر تخلص حسین علیخان لکھنوی خلف امیر الدولہ حیدر بیگ خان نائب آصف الدولہا ناسخ کے شاگرد ہین شعر خوب کہتے ہین صاحب دیوان و مثنوی گذری لکھنہ مین بھی آئے تھے

گر تصور مین وہ رشک مہ کنعان ہوتا | دل مرا یوسف یعقوب کا زندان ہوتا
نہین چلتا صنم پر زور اپنی سینہ زوری کا | نہ ٹوٹا وصل کی شب ایک تار انگیا کی ڈوری کا
کسیکی گوری گوری چھاتیون پر مر گیا ہوگا | پیالہ ہو مرے پہلو مین انگیا کی کٹوری کا
دلا سونے ہین قندیل کا خاطر خواہ بدلے | مثل مشہور ہے دنیا مین گرہ میٹھا ہے چوری کا
تعجب کا محل کیا ہے جو اوڑ سکتی نہین چڑیا | یہ طائر رشتہ پر یا ہے تری انگیا کی ڈوری کا
بسکہ ورد آٹھون پہر نام اوس مہ تابان کا ہے | بنگیا اختر مری تسبیح کا جو دانہ تھا
سنکے غل شب تا در زندان وہ آکر پھر گیا | شمعون زنجیر خواب بخت کو افسانہ تھا
عالم بالا پہ کس خود بین کی رہتی ہے نظر | نصب ہے جوہر کا چرخ کہن مین آئینہ
کیا دہن کو نقطۂ موہوم سے مثال | عنقا کا ذکر کیا کرین عنقا کے سامنے

اثر تخلص سید محمد میر برادر خورد حضرت خواجۂ میر درد دیوان اور مثنوی انکی نظر سے گذری اشعار انکے پر درد ہوتے ہین

بیوفا تیری کچھہ نہین تقصیر | مجھکو میری وفا ہے راس نہین
مر تو چلے کہان تلک اب در گذر کرین | یا ہم نہین اس آہ مین یا آسمان نہین
نہ لگائے گیا جہان دل کو | آہ لے جایئے کہان دل کو
صرف غم ہم نے نوجوانی کے | واہ کیا خوب زندگانی کے
دوست ہوتا جو وہ تو کیا ہوتا | دشمنی پر تو پیار آتا ہے
ہر دم فزون ہین کجرویان روزگار کی | کچھ سیکھتا چلا ہے روش میری یار کی
اور تو کوئی نہین دام و قفس و اسنگیر | تنگ آیا ہون فقط دل کی گرفتاری سے

چھپ چھپ کے دیکھنے کے فرو سب پہ آثر
معلوم ہونگے جو کبھی اوسنے نگاہ کی

ہین حیرت ہی آپہی تجھکو دیوین کیا جواب اسکا
کہ تجھہ بن اب تلک کسطرح ہمنے زندگانی کی

اثر تخلص عبد الرزاق ولد عبد الرحمن تمنا مقیم دہلی

ترا ہر ایک سے ملنا بتِ وفا دشمن
کرے گا دیکھیے کس کس سے آشنا مجھکو

گر چال کا نام آتا ہے آتی ہے قیامت
مضمون تری رفتار کا باندھا نکرین گے

کیا جانتا تھا وہ کہ ستم کیا ہے عور کیا
باتین یہ سب ہین اس دل الفت شعار کی

مین اور یار اور شب ماہتاب ہے
یارب مجھے خیال ہے یہ یا کہ خواب ہے

پامال غیر ہے مری نعش اوس گلی مین آج
مر کر بھی میری خاک پہ کیا کیا عذاب ہے

عشقِ بتان مین خاک بسر ہے تو اے اثر
دنیا خراب اور ترا دین بھی خراب ہے

ایک دن فانی ہونا تھا کسی قبر پہ وہ
حیلہ اک اور بھی باقی ہے سو مر دیکھینگے

اکم تخلص سید غلام مصطفے زمیندار موضع مصطفے آباد متعلقہ الہ آباد

کیسے تصور مین تری زلف گرہگیر نہین
مجھسے سودائی کو کچھ حاجتِ زنجیر نہین

آتم تخلص شیخ ہربرحسین ولد شیخ اللہ بلگرامی

انکار مین بوسہ کے کہین صبح نہ ہو یارب
کیا وصل کی شب آہ یہ تکرار نکالی

اجمل تخلص شاہ محمد اجمل الہ آبادی برادر غلام مطب الدین مصیبت نبیرۂ شاہ خوب اللہ
سنہ ۱۱۳۶ بارہ سو چھتیس ہجری مین انتقال کیا بیشتر فارسی کہتے تھے

ہو گیا تھا کہتے کہتے اندنون مین ہوشیار
پھر جو دیکھا کل مین اجمل کو وہی دیوانہ تھا

احسان تخلص حافظ عبد الرحمن خان خلف حافظ غلام رسول خان استاد و مختار
مرزا فرخندہ بخت بہادر ابن شاہ عالم بادشاہ باشندۂ دہلی سنہ ۱۱۷۶ بارہ سو ستہتر
ہجری مین انتقال کیا صاحب دیوان گذرے

کبھی شادی کبھی غم ہے یہی عالم ہے عالم کا
مہ عید الضحے گذرا تو چاند آیا محرم کا

سخت نادانی کی احسان جو کہا عاشق ہون
بھید کہتا ہے کسی سے کوئی دانا دل کا

کہان وہ گریہ نالہ وہ جان بلب رہنا
کسی کا کام ہمیشہ بنا نہین رہتا

موے پہ کون ہے اپنا مگر یہ سنگ مزار — برائے نام فقط اب سر مزار رہا
مجھ پر نہ پیک یار ہی کچھ خشمگین ہوا — نامہ بھی وا کیا تو وہ چین برجبین ہوا
سیاہ بختوں کے رہنے کو اہل دیر سے پوچھ — کہ مثل سرمہ رکھے ہین وہ چشم یار مین جا
گلے سے لگتے ہی جنسے گلے تھے بھول گئے — وگرنہ یاد تھین ہم کو شکایتین کیا کیا
ہماری جان پہ گرتی ہے برق غم ظالم — تجھے تو سہل سا ہے شغل مسکرانے کا
یہ شام ہجر آئی شامت زدہ کہان سے — ہو روسیاہ ایسے ناخواندہ میہمان کا
مجھکو مت ٹھکراؤ بس چلتے سمجھکر دیکھکر — چال سب چلتے ہین لیکن بندہ پرور دیکھکر
فائدہ تم جو مجھے نزع مین یار آے نظر — ہے نہ یارا ے سخن اور نہ یارا ے نظر
مین جو مے پینے پہ آؤن تو سبو پی جاؤن — گر عسس منع کرے اوسکا لہو پی جاؤن
بہت دور ہے اپنے نزدیک تو بھی — تجھے یاد کا نہ بہانے بہت ہین
اوسے پوچھے ہے جو احسان وفا پیشہ کبھی — بیوفا کون ہے کہتا ہے وہ عیار کہ تو
کچھ سانس رکا آے ہی رہ رہ کے یہ در سے — قاصد نہ کہین راہ مین کمبخت رکا ہو
مرنے کے بعد آن کے کٹوائین بٹیریان — آج آپ اپنے کشتے کی منت بڑھا چلے
کہتے ہین بلٹ گیا وہ رہ سے — تقدیر اولٹ گئی ہماری
چین تجھکو بھی نہو مجھکو ستانے والے — تو بھی ٹھنڈا نہ رہے جی کے جلانیوالے
اشنا کس کے ہین بے دید ہین یہ دیدہ دل — ہین یہی دیدہ و دانستہ ڈبونے والے
اونکے رونے پہ ہنسی آتی ہے مجھکو احسان — دوڑے پانی کو ہین کیا آگ لگانے والے

احسن تخلص مولوی محمد احسن ولد مولوی حسن بخش متوطن کاکوری مقیم مین پوری

تجھسے دشمن کو دوست سمجھا — دل نے مرے ساتھ دشمنی کی
خال ابرو نے مار ڈالا — کعبہ والون نے رہزنی کی
رونے پر آگے ہنستے تھے ہم — اب روتے ہین بات پر ہنسی کی
احسن کیون چپ ہو کس کی سہ یاد — کچھ ہمسے کہو تو اپنے جی کی

احسن تخلص شیخ فرزند حسن ولد شیخ حسین الدین ساکن قصبہ پالی

موباف جب پڑے گا تو کیا حال ہوگا
بالونکی بوجھ ہی سے وہ بل کھائے جاتے ہین
قربان جاؤن اونکے مین اللہ ری نازکی
پڑتی ہے چاندنی تو وہ کملائے جاتے ہین

احسن تخلص محمد احسن اللہ معصر آبرو کے تھے

نازک بدن پہ اپنے کرتے ہو تم جو زیور
موسی کمر نے تم کو فرعون سا بنایا
آگ سی میرے دل کو لگتی ہے
جل گیا ہون خدا کے ہاتھون سے
یہی مضمون خط ہے احسن اللہ
کہ حسن خوبرویان عارضی ہے

احسن تخلص میرزا احسن علی خوشنویس دہلوی تلمیذ سودا و ضیا نواب آصف الدولہ مرحوم کی سرکار مین صیغۂ شاعری مین ملازم تھے دیوان انکا نظر سے گذرا

حسن پر اپنے ہر اک مہ پارہ گرم لاف تھا
گھر سے وہ خورشید رو نکلا تو مطلع صاف تھا
ٹکڑے اوڑ جائینگے سینہ مین جگر کے احسن
تیرے نالون کا کوئی دن جو یہ انداز رہا
اشک گلگون کو نہین لعل و گہر سے پیوند
یہ رکھے سنگ سے نسبت وہ جگر سے پیوند
جو دل وہان گیا سو وہ مٹی مین مل گیا
تیری گلی مین خاک کردن جستجوے دل
گل جو اوس ترک ستمگر نے دکھائین آنکھین
برق نی ابر کی چادر مین چھپائین آنکھین
مل گئے خاک مین ہم پھر بھی تو اوس ظالم نے
نہ ملائین نہ ملائین نہ ملائین آنکھین
بزم مین اوسکی جو ہوتی ہے کبھی سرگوشی
دل دھڑکتا ہے کہ سیر آنکھین مذکور نہو
بوٹا سا قد اوسکا ہے اور چال مین جھل بل ہے
ہو کیون نہ بہار اوسپر اوٹھتی ہوئی کوپل ہے

احسن تخلص حسین علیخان خواجہ سرا مخاطب بہ احسن الدولہ شاگرد محمد رضا برق باشندۂ لکھنؤ

راقم نے انکو کلکتہ مین دیکھا ہے صاحب سراپا سخن نے انکا تخلص حصین لکھا ہے

صنم کی آنکھون کی ڈورون کی خلق بسمل ہے
برش مین رکھتی ہے تلوار کا اثر رگ سنگ
صنم کو دیکھ کے پتھر اگئین مری آنکھین
عجب نہین ہے جو ہو رشتۂ نظر رگ سنگ

بتون کے ہجر مین وہ سخت جان ہون عالم مین
بجا ہے رشتۂ جان کو کہون اگر رگ سنگ

احسن تخلص احسن اللہ دہلوی شاگرد قاسم صاحب مذکرہ

اوسکی گلی مین احسن شب چوری جانا | یہ چال ڈھال تیری خانہ خراب کیا ہے

احقر تخلص سید غلام نبی باشندہ دہلی بیشتر فارسی کہتے تھے

جسوقت فاتحہ کو اوٹھے دو لبا کے ہاتھ | ماتم سے شل ہوئے مرے اہل عزا کے ہاتھ
زور و باز رجنون سے پوچھتے ہو حال کیا | کر دیا شہری غزالون نے بیابانی مجھے

احقر تخلص بلدیو پرشاد ولد مہاسکھ رائے فرخ آبادی

فراق یار مین اس درجہ ضعف و ناتوانی ہے | کہ اے دل سخت مشکل ہے بدلنا ہمکو کروٹ کا

احقر تخلص مرزا جواد علی قزلباش باشندہ لکھنؤ میر حسن سے اصلاح لی تھی کربلا اور نجف اشرف کی زیارت کی تھی

بزم مین اوسکے جو شب چاند کا مذکور چلا | اوٹھ کے مجلس سے دہین وہ بت مغرور چلا
ہووے نصیب جلد کہین رصل یار کا | احوال بے طرح ہے دل بیقرار کا

احمد تخلص صمصام الدین خلف الغلام اللہ خان یقین مقیم دہلی سپاہی پیشہ تھے

تن کو جلاے یا کہ تو آنسو بہاے شمع | بنتی نہین یہان تجھے بن سر کٹاے شمع
فراق گل رخان مین کھاکے داغ آہستہ آہستہ | کیا سینے کو اپنے مین نے باغ آہستہ آہستہ

احمد تخلص حافظ میر احمد علی شاگرد سید عزت اللہ عشق مقیم دہلی

ایسی تقصیر کیا ہوئی ہم سے | وہ خفا ہم سے ہے خدایا کیون
کیا غضب ہے کہ تو نے احمد کو | اسقدر دل سے ہے بھلایا کیون

احمد تخلص احمد بیگ قزلباش باشندہ دہلی قواعد سپاہگری مین خوب دخل رکھتے تھے

غضب سے ہاتھ مین جب تو نے تیغ کین پکڑی | نہ اوٹھ سکا تری بسمل نے یہ زمین پکڑی
دل نہین وہ شے کہ جو کانچ سے اور ٹوٹ جاے | ہم نہ مانینگے خدا کا گھر بنے اور ٹوٹ جاے

احمد تخلص حافظ غلام احمد باشندہ پنجاب

گر یہی ہین دست اپنے نارسا | اون کے پاؤن تک رسائی ہوچکی
نہ مجھکو رسائی ہے نہ خواہش ہے تمھین مجھ | پھر کون سی صورت جو ملاقات کی ٹھہرے

احمد تخلص مولوی احمد خان باشندۂ شاہجہان پور

کیا پریشانی مین ڈالا دل کو آج
مین نہ جانون کسنے کی تقریر زلف
مار ڈالے چاہنے والون کو وہ
دیکھی ہم نے کچھ عجب تاثیر زلف

احمد تخلص احمد علی سررشتہ دار سرسری مقام الہ آباد باشندۂ سکندرہ

روبرو آئینہ رویون کے رہے ہے رات دن
بل بے قسمت واہ ری تقدیر روبے آئینہ

احمد تخلص شیخ غلام احمد ولد شیخ امام بخش خان برادر زادۂ کریم محمد زمان خان شاگرد الٰہی بخش خان عشقی والد انکے شیخ امام بخش ٹیپو سلطان کی فوج مین کپتان تھے انکا مولد و مسکن کانپور ہے صاحب دیوان ہین

درد دوئی سے صاف رہی کیون نہ عشق مین
پہلو مین شیشہ مے وحدت ہی جاے دل

احمد تخلص نواب احمد علیخان بہادر مرحوم مسند نشین رامپور حالات انکے مشہور ہین حاجت بیان نہین کبھی رند تخلص بھی کرتے تھے

شوق میخواری تو دیکھو کہ مین بیخود ہو کر
رات دو ڑانے لگا ساغر مہتاب پہ ہاتھ

احمد تخلص مرزا احمد شاہ دہلوی چھوٹے بھائی مرزا جمعیت شاہ ماہر کے

بھلے بلبل بیدل کا جب لہو صیاد
تو کیون نہ سامنے گل کے ہو تر خرد معیاد
بچاے جان کدھر عندلیب زار ای گل
پھرین تلاش مین جب اوسکے چار سو صیاد

احمد تخلص مرزا احمد بیگ عم زادۂ مرزا فاضل بیگ مقیم دہلی تسخیر اجنبہ مین مشہور تھے احمد بیگ قزلباش متخلص بہ احمد اور یہ ایک ہین یا نہین معلوم نہوا اسلیے انکا نام جداگانہ لکھا گیا

ہوئی جو خاک اوس کوچے مین تو یہ آبرو پائی
لگی سو بار قدمون سے لگے سو بار دامن سے

احمدی تخلص مولوی نور الدین حسین ولد مولوی نصیر الدین حیدر وطن انکا اٹیھی مسکن الہ آباد

باغ مین زلفون کو اپنے تم نے جو شانہ کیا
سنبل تر رشک غیرت سے پریشان ہو گیا

احمدی تخلص شیخ احمد باشندہ قصبۂ زمانیہ

عالم کی تیری چشم نے حالت تباہ کی
دور فلک سے کم نہین گردش نگاہ کی
حیران کر گیی آئینہ رویون کی دوستی
صورت کوئی نظر نہین آتی نباہ کی

احمدی تخلص خواجہ احمد علی مرحوم دہلوی شاگرد خیرات

جاتے ہی بزم مین جو اوسنے جھکائین آنکھین | جب تلک بیٹھے رہے ہم نہ اوٹھائین آنکھین

اختر تخلص میر الف علی خلف میر عبد اللہ سرہندی پیرزادے تھے صنعت آتشبازی مین ید بیضا رکھتے تھے جرأت سے اصلاح لیتے تھے

تماشے کی ہے جا قمر گانیہ جو بخت جگر سے نکلا | عجب یہ نخل ہے جسمین بشکل گل ثمر نکلا

خواب راحت مین دلا ر ملک زلف ہاتھ لگتا | جو نک اوٹھے گا ابھی وہ جو کبھو ہاتھ لگا

اللہ اللہ رے تری جلوہ گری کا عالم | نہ لگی گرد کو بھی جسکی پری کا عالم

بزم مین کس کے رات جاگے تھے | ہے جواب تک خمار آنکھون مین

اختر تخلص خواجہ عبد الغفار رئیس اعظم شہر ڈھاکہ خلف خواجہ عبد الغفور مرحوم شاگرد حافظ اکرام ضیغم متوطن کشمیر الکلام مولد و مسکن ڈھاکہ اشعار فارسی و اردو خوب کہتے ہین راقم کے دستون مین ہین ہوشؔ اس تذکرہ کے واسطے بھیجے تھے

حیرت ہے اوسکے آنے پہ کیا تشنگی کرون | سینے مین دل رہا ہے نہ جان ہے تن مین

پھولا ہوا خوشی سے ہر اک گل ہے اے نسیم | کس نوبہار حسن کی آمد چمن مین ہے

شمع روشن نہ سیہ خانۂ عاشق مین ہوئی | جلوہ گر وہ نہوا کلبۂ احزان مین کبھی

اختر تخلص واجد علیشاہ بادشاہ لکھنؤ دیوان اور مثنوی انکی نظر سے گذری اندنون کلکتہ کے موجی ٹولیمین تشریف رکھتے ہین

داغ دل سے رخ روشن نہ ملاؤ صاحب | مہر کو اتنی شیشہ نہ دکھاؤ صاحب

حلقۂ چشم کو پابوسی کی حسرت ہے بہت | آنکھ مین بھی مع پایوش سماؤ صاحب

طفل غنچہ کے تو یون کان مروڑ انکر د | خندہ زن ہو کے گلستان کو ہنساؤ صاحب

سیکدے مین تن لاغر مرا لیلو سا تھے | بادبان کشتی مے کا جو بناؤ صاحب

غمزہ و عشوہ و ناز و ادا سے مارا | ناتوان ایک یہ چور نگ ہوا چار کے ہاتھ

اختر تخلص قاضی محمد صادق خان بہادر مرحوم ولد قاضی محمد العل مرحوم باشندۂ ہوگلی شاگرد مرزا قتیل لکھنوی اطراف لکھنؤ مین ہمیشہ عہدۂ عمدہ پر مامور رہے تذکرہ آفتاب عالمتاب

و محمد حیدری و دیوان فارسی و ریختہ و گنج نیرنج وغیرہ بہت سی تالیفات اونکی مشہور ہین
زبان فارسی خوب جانتے تھے فن شعبدہ مین کمال تھا کیمیا گر مشہور تھے اور بہت سے
فنون مین دخل رکھتے تھے بہت سی تصنیفات انکی نظر سے گذری تھوڑا عرصہ گذرا کہ انتقال کیا

سوز دل دیوان کا اپنی باعث تنظیم تھا — صفحہ رنگین خیالی باغ ابراہیم تھا
کر لیا بند اوسنے در کو دیکھتے ہی بیدری — کھولتا تھا بند مین جسکے قبائے ناز کا
اے مے تو سرخرو ہے اس بزم مین مدام — تو نے اوٹھایا یار سے پردہ حجاب کا
لخت دل ہیہم جو آتے ہین چلے اشکون کے ساتھ — اشک کا ہر تار اک تسبیح مرجان ہو گیا
لطف بیحد سے ترے سب دشمن جان ہو گئے — ابر رحمت ہاے میرے حق مین طوفان ہو گیا

قطعہ

کل شیخ بنکے مجتہد عصر سا قیا — دکھلا کے باغ سبز تو اب و غداب کا
کہنے لگا زراہ تبختر مجھے بہ طنز — معلوم ہوگا حشر مین پینا شراب کا
مین نے کہا کہ مین بھی ہون یہ خوب جانتا — پر کیا کرون کہ ہے ابھی عالم شباب کا
گستاخی ہو معاف تو اک عرض مین کرون — لیکن نہ کیجیے مجھے مورد عتاب کا
مے ہو اور کنج باغ ہو ساقی ہو ماہ وش — اور کوئی بھی مخل نہو باعث حجاب کا
گردن مین ہاتھ ڈال کے وہ شوخ بیحجاب — یہ ریش جس پہ جلوہ ہے رنگ خضاب کا
کھینچ اسکو اور اپنے ملا کر وہ منھ سے منھ — دے ذائقہ زبان کو دہن کے لعاب کا
منت سے یہ کہے کہ ہمارا لہو پیے — گر پی نجاے جلد یہ پیالہ شراب کا
اوس وقت مین سلام کرون قبلہ آپ کو — گر کچھ بھی خوف کیجیے روز حساب کا
اور امتحان بغیر تو یہ آپ کا کلام — قائل نہین ہے قبلہ کسی شیخ و شاب کا
مستی و ہوش کسی نے کہین یکجا دیکھا — ہان تری آنکھون مین ہم پاتے ہین ہشیاری و خواب
نیند بیمار کو ہرگز نہین آتی ہے مگر — مردم چشم تری رکھتے ہین بیماری و خواب
جگر آتش دل آتش دیدہ تر شعلہ آتش — ہوا ہون سوز الفت سے سراسر شعلہ آتش
تہمت سے قبا لاکھ ہو پیراہن یوسف — ہے جامہ عصمت سے مزین تن یوسف

ہر سر مو مرا فوارۂ خون ہے اختر — نہ فقط دیدۂ پرنم ہے مرا مخزنِ اشک

ہے سوزِ دل کوہ مین بھی لب سے جو تیرے — ہر سنگ سے نکلی ہے شرارِ شفقی رنگ

کوچے مین پریزادون کے جاتا ہے تو اختر — اوس راہ مین ہم سنتے ہین اکثر خطرِ دل

دیا بوسہ دہن کا اوسنے ہمت اسکو کہتے ہین — یہ تنگی اور بخشش سخاوت اسکو کہتے ہین

وڑ رہے بیگانے نہ میرے بعد اوسکے یار ہو — ورنہ جی دے بیٹھنا کچھ عشق مین مشکل نہین

آہ آتشدم جو شمع خانۂ زنجیر ہو — اشک کا ہر قطرہ وہان پروانۂ زنجیر ہو

عمر جو گذری سو گذری فکر باقی کیجیے — ہے یہ آتش یادگار کاروانِ سوختہ

بسکہ اوسکا جلوۂ حیرت جبین آنکھون مین ہے — ہر نگہ اک مدحیرت آفرین آنکھون مین ہے

کیون نہ سوجھا حیف یہ نمرود اور فرعون کو — اوسکے بندے ہوکے عالم مین خدائی کیجیے

روز عاشق کو ترے بادیہ پیمائی ہے — شب کو بے چینی ہے بیخوابی ہے تنہائی ہے

کیا تاسف سے تڑپتے ہین اسیرانِ قفس — کچھ جو اوڑتی سی سنی ہے کہ بہار آئی ہے

ہون نالہ کش اون سرمئی آنکھون کا جو اختر — دودِ نفس سوختہ سینے مین فغان ہے

ہاتھ سے دل لے گئے جی سے قرار آنکھون نے جو — چشم جادو بھی تری کیا صاحب تسخیر ہے

عجب ڈھب کی یہ تعمیر خراب آباد بستی ہے — کہ بستی یہان بلندی ہے بلندی یہان کی پستی ہے

حصول جاہ کی تدبیر جو ہم لوگ کرتے ہین — ہماری سعی باطل دیکھکر تقدیر ہنستی ہے

دور اب وہ ہے کہ اختر جایے جس بزم مین — ہے شرابِ دشمنی سے پر ایاغ دوستی

جگر جو مایل سوز آنکھ بھی رونے ہی لگی ہے — الٰہی کیا کرون یہ سخت کار آب و آتش ہے

ہم آغوشی میسر کسکو ہو اے سیمبر تیری — ولی اس فیض پر نازان ترا ملبوس زرکش ہے

قلق ہے درد ہے کاہش ہے غم ہے ناتوانی ہے — فراقِ یار ہے یہ یا بلاے آسمانی ہے

اودھر قاصد گیا ہے اور ادھر جاتا ہے جی اپنا — جوابِ نامہ تک کسکو امیدِ زندگانی ہے

اختر تخلص مرزا وجیہ الدین دہلوی نبیرۂ مرزا سلیمان شکوہ بہادر یہ شعر اونکے ایام نابالغی کے ہین

وان اوسنے بلایا ہے کہ تو رات کو آنا — یہان ونکو نکلنا بھی میسر نہین آتا

یہ عمر اور عشق کا آزار دیکھنا — اور دل پہ پھر یہ صدمہ شب انتظار کا

اخگر تخلص حکیم اصغر حسین فرخ آبادی ولد منشی غلام غوث وکیل ملازم نواب سکندر بیگم فرمانروائے بھوپال

نہ پڑھا اونسے کبھی مثل خط پیشانی | نامۂ شوق کو تحریر مقدر جانا

اخگر تخلص شیخ محمد عسکری عرف حیدری باشندہ اٹاوہ

رفتار کی ٹھوکر سے جگر تھا تہ و بالا | بجلی جو کمر اوڑ گئی اوسان ہمارے
جان عشق نے لی ہے حیدری کی | سو گندہ ہے مرتضے علی کی +

اخگر تخلص منشی فرزند علی وکیل عدالت مرزاپور باشندہ عظیم آباد

خود نما تھا سب حسینان زمن مین آئنہ | ہے مگر حیران تیری انجمن مین آئنہ

اخگر تخلص احمد نور خان کوتوال مہوبا متعلقہ بوندیل کھنڈ ولد نور محمد خان امیوری صاحب دیوان ہین

کیا خاک ناتوانی مین خط اوسکو لکھ سکون | باقی نہین ہے قدرت تحریر ہاتھہ مین

اخگر تخلص مرزا آغا جان باشندۂ دھاکہ شاگرد احمد جان عطش

ہوا ہون ہجر مین تیرے وہ ناتوان صیاد | کہ ایکسان ہے مرا جسم اور جان صیاد

ادب تخلص سید احمد حسین خان خلف سید رمضان علی خان شاگرد اصغر علیخان نسیم

ابتدا مین نہ یہہ سمجھے تھے کہ رسوا ہونگے | آخر کار مرے قتل سے پچتاے بہت
صبح تک جوش تمنا مین رہا مین گستاخ | بیقراری سے مرے رات وہ جھنجھلاے بہت

ادراک تخلص مرزا باقر ولد مرزا انور علی اوستاد نواب محسن الدولہ بہادر باشندۂ لکھنؤ شاگرد خواجہ وزیر صاحب دیوان ہین

ہے عشق نشتر مژگان جو مشغلہ دل کا | تو پھوٹ پھوٹ کے روئے گا آبلہ دل کا

آدم تخلص جہانگیر خان فرخ آبادی تلمیذ قوت

گرمی صحبت اغیار سے کر دل ٹھنڈا | مجھکو بھاتا نہین جھوٹا یہ ترا پیار تجھے

آذر تخلص ذوالفقار علیخان ابن حیات علیخان ابن معتمد الدولہ احمد علیخان ابن نواب یعقوب علیخان قلعہ دار دہلی برادر شاہ دلی خان وزیر احمد شاہ بادشاہ شاگرد مرزا اسد اللہ خان غالب

شکر پر وہان زبان کٹتی ہے | شکوہ کرنے کی کیا مجال ہمین +
مرے ستانے نے کام اوس سے اک جہان لیا | جو مین نہون تو نہو گردش آسمان کے لیے

آرام تخلص خیر اللہ خان تبر گرباشندۂ دہلی ملازم نواب مظفر یاب خان صاحب تخلص شروع جوانی مین انتقال کیا

جی مین رکھنا تو ہمارا ہی رشک گلشن چھوڑ دے
خاک عاشق پر جھٹکنا کیون ہی دامن چھوڑ دے

آرام تخلص پریم ناتھ رائے کھتری باشندۂ دہلی تیر اندازی اور خوشنویسی مین اچھا دخل رکھتے تھے صاحب دیوان گذرے

خون آنکھون سے نکلتا ہی رہا
دل کا فوارہ اوچھلتا ہی رہا

آرام تخلص لچھمن لال کایتھ شاگرد انشاء اللہ خان باشندۂ دہلی

ہمدم مجھسے یہ کہتے ہو نہ تو یار سے مل
اوسکو سمجھاؤ ذرا یہ کہ نہ اغیار سے مل
تری سلک در دندان کے ایسی آبداری ہے
کہ جسکے سامنے پانی در خوش آب بھرتے ہین

آرزو تخلص سراج الدین علیخان اکبر آبادی شاگرد میر عبد الصمد سخن مقیم دہلی فارسی بیشتر کہتے تھے ریختہ کمتر ۱۱۶۹ھ گیارہ سو اوگنہتر ہجری مین لکھنؤ مین انتقال کیا اور دہلی مین مدفون ہوئے بہت سی تصنیفات انکی نظر سے گذری

اوس تند خو صنم سے ملنے لگا ہون جب سے
ہر کوئی مانتا ہے میری دلاوری کو
جان تجھپر کچھ اعتما دنہین ++
زندگانی کا کیا بھروسا ہے
مینخانہ بیچ جاکر شیشے تمام توڑے
زاہد نے آج اپنے دل کے پھپھولے پھوڑے
رکھے ستیارہ دل کھول آگے عندلیبونکے
چمن مین آج گویا پھول ہین تیرے شہیدونکے

آرزو تخلص مرزا محمد علی ولد مرزا ابو جعفر تحصیلدار آدریہ ضلع کانپور باشندۂ لکھنؤ شاگرد رشک صاحب دیوان ہین

زاہد مین نوجوان ہون بھلا کسطرح نہ لون
دے جام مے جو پیر خرابات ہاتھ مین

آرزو تخلص مرزا علاء الدین عرف مرزا کالی خلف مرزا منور بخت نبیرۂ شاہ عالم بادشاہ شاگرد مرزا قادر بخش صابر

پھنکے ہے آگ سے ہر دم یہ آسمان کیسا
چڑھا ہے زور پہ اب نالہ و فغان کیسا
کرے ہے پند ہمین پند گو خدا کی ہے شان
گمان کا آج ہمارا یہ غمگسار آیا

وہان بے نیازیون سے نہین کچھ خیال بھی
ہم لب کو کس امید پہ کھولین دعا کے ساتھ

محفل مین تو اعدا کو بلایا مرے آگے
اور باتین بنانے لگے کیا کیا مرے آگے

آرزو کو بھی نہ افسوس قضا نے چھوڑا
عاشقون مین ترے اک یہ ہی رہا تھا باقی

آرزو تخلص سید طالب حسین

کبھی ہے آنکھ مین یہ حسن گلبدن کی بہار
کہ دل پسند نہین ہے کسی چمن کی بہار

ارشد تخلص مفتی ارشد علی خان بہادر وکیل نواب ناظم مرشد آباد کلکتے مین رہتے تھے
تھوڑے دن ہوئے کہ انتقال کیا راقم کے دوستون مین تھے

نزدیک اپنے یار ہے اور ہے وہ دور بھی
ہے قلب مین ہمارے سیاہی بھی نور بھی

ارشد تخلص مرزا عبد الغنی دہلوی شاگرد مرزا قادر بخش صابر

صاحب ہماری جان بھی صدقے ہے دل تو کیا
بندہ کچھہ ان ہٹون سے ہٹایا نہ جائے گا

دل کیا ملائین دل مین کدورت ہو آپ کے
دل ہم سے خاک مین تو ملایا نہ جائے گا

غم ہجر اور اوس پہ رشک رقیب
مرض مین مرض دوسرا ہو گیا

ارمان تخلص شاہ علی برادر سیات جعفر علے حسرت شاگرد جرأت

کون کہتا ہے اجی تم سے نہ گھر جاؤ تم
پر کوئی بات تسلی کی تو کر جاؤ تم

تا سر بالین او سے آ قیامت شتاق ہے
یہ دل بیمار جسکا نزع مین مشتاق ہے

دلا تو بستر غم پر جو یون کراہے ہے
بتا تو چاہے ہے وہ بھی جیے تو چاہے ہے

ارمان تخلص راجہ جنم جی متر نبیرہ راجہ تیمبر متر شاگرد حافظ اکرام احمد ضیغم حوالی شہر کلکتہ
مین سونٹری مین رہتے ہین راقم سے انسے ملاقات ہے انکا ایک تذکرہ شعرا اردو نظر سے گذرا

کام اپنا نہ کبھی تجھسے مری جان نکلا
تن سے جان نکلی مگر دل کا نہ ارمان نکلا

رات بھر نالے کیا کرتا ہون گر یہ دن کو
پوچھتے کیا ہین حقیقت مری اوقات کی آج

آزاد تخلص خواجہ ضیاء الدین دہلوی

کہتے ہین نعش پر ترے آیا نہ جائے گا
لو خاک مین بھی اون سے ملایا نہ جائے گا

دعوی آب و تاب اور اوس شک پہ
منہ بھی تو آئنی سے دکھایا نہ جائے گا

شام وصال کم نہین روز وداع سے | کہتے ہین ابھی جا کے پھر آیا نہ جائے گا

آزاد تخلص غلام علیخان مرحوم المکرامی معاصر خان آرزو بیشتر فارسی و عربی کہتے تھے بہت سی تصنیفات انکی نظر سے گذری

کیا دھوان دھما اوس مسی سے اوسکی ہے تحریر لب | دل جلونکا یہ ہے دود آہ دامنگیر لب

آزاد تخلص محمد امیر الدین باشندہ بریلی شاگرد عشرت

بن ترے سیر چمن کو نہ گئے ہم ورنہ | خندۂ گل نے ہمین خوب رولایا ہوتا
غفلت مین آپ کی مین گیا اپنی جان سے | فرمائیے تو آپ کا کیا مہربان گیا
وصل دلبر نہوا سیکڑون تدبیرین کین | سچ کہا ہے کہ ہر اک کام ہے تقدیر کے ہاتھ

آزاد تخلص سید محمد امین

پھیلا کے پاؤن قبر مین آزاد سو رہین | درکار ہے سوا ہمین دو گز زمین سے کب

آزاد تخلص مرزا اعظم شاہ دہلوی ولد مرزا عادل ابن مرزا سلیمان شکوہ بہادر سلیمان تخلص

ہم یہ سمجھے تھے چھپائے گا گنہگارون کا | پر بہت تنگ ہے محشر تیرا دامان دیکھا
آزاد چکا رہنا آٹھون پہر برا ہے | ہیٹ جانیکا کلیجہ کچھ بات بھی کیا کر
وہ بن سنورکے ترا بیٹھنا وہ شرمانا | وہ دیکھ آئینہ کہنا کہ دیکھنا بھلا کو

آزاد تخلص رام سنگھ باشندۂ دہلی بعد تحصیل کے اوسکی بصارت زائل ہوگئی تھی

اندنون پیارے تری طرز تکلم اور ہے | اور جھٹک اور ہے وضع تبسم اور ہے

آزاد تخلص کپتان الگزنڈر ہیڈرلی خلف مسٹر جیمس ہیڈرلی شاگرد زین العابدین خان عارف سرکار الور مین عہدۂ کپتانی پر مامور تھے سنہ ۱۸۱۶ء اٹھارہ سو اکسٹھ عیسوی مین بتیس ۳۲ برس کی عمر مین قضا کی دیوان انکا نظر سے گذرا

سامان قتل میرے لیے کیا ضرور ہے | خود نقص آپ مین نہ مری جان لگا لیے
ابرو نہو تو تیغ ستم ریز کھینچیے | مژگان نہ ہو تو خنجر مژگان لگا لیے

آزاد تخلص میر فقیر اللہ دکھنی

سب صنعتین جہان کی آزاد ہم کو آئین | پر جس سے یار ملتا ایسا ہنر نہ آیا

آزردہ مخلص مخدوم اعظم جناب مولانا محمد صدرالدین خان بہادر دہلوی متوطن کشمیر
صدالصدور دہلی خلف مولوی لطف اللہ راقم کو دہلی مین رہنے کے ہنگام مین زکی متخلص
نیاز حاصل ہوا تھا حضرت کے علم وفضل کا حال مشہور ہے حاجت بیان نہین ۱۲۸۵ ہجری مین انتقال کیا

مرکر بھی ہمارا دل بیتاب نہ ٹھہرا
گشتہ بھی ہوا تو بھی یہ سیماب نہ ٹھہرا

پرزے پرزے نہ کرو نامہ مرا بن دیکھے
یہ بھی چھاتی سے لپٹنا ہے کہ منظور نہین

کاشکہ مقبول ہو دعاے عدو
کیا کرون وہ بھی مستجاب نہین

تیری آنکھون کے دور مین کیا کیا
سحر رہوا نہین خراب نہین

مختصر حال چشم و دل یہ ہے
اسکو آرام اوسکو خواب نہین

عنقا بازی کا منہ چڑانا ہے
اب وہ موسم نہین شباب نہین

گھر سے گھبرا کے کھلی بالون ہر اک گھٹنے پر
کیون نکل آتے ہو دھوکے مین جو بیتاب نہین

اوسی کے سے کہنے لگے اہل حشر
کہین پرسش داد خواہان نہین

فلک نے بھی سیکھے ہین تیرے سے طور
کہ اپنے کیے سے پشیمان نہین

اے بلبلان شعلہ دم اک نالہ اور بھی
گم کردہ راہ باغ ہون یا دآشیان نہین

اے دل تمام نفع ہے سودا ے عشق مین
اک جان کا زیان ہے سو ایسا زیان نہین

اچھا ہوا نکل گئی آہ حزین کے ساتھ
اک فتر تھی بلا تھی قیامت تھی جان نہین

کٹتی کسی طرح سے نہین یہ شب فراق
شاید کہ گردش آج تجھے آسمان نہین

مین اور ذوق بادہ کشی لیکن اے مجھے
یہ کم لگا ہیان تری بزم شراب مین

تحقیق ہو تو جانو کہ مین کیا ہون قیس کیا
لکھا ہوا ہے یون تو سبھی کچھ کتاب مین

یہ عمر اور عشق ہے آزردہ جاے شرم
حضرت یہ باتین بھتی ہین عہد شباب مین

تری مجروح کے سینے مین کچھ گرمی سی باقی تھی
وہین بس ہو گیا ٹھنڈا جو کھینچا تیر پیکان کو

اوجھنے کو بلا ہین آپ بھی کچھ خبر ہے صاحب
لگا یا ہاتھ کہنے آپ کی زلف پریشان کو

مصر مین آج تجھے دیکھکے بیچتے ہین
سادہ لوحی سے جو یوسف کے خریدار ہوے

عالم خراب ہے نہ نکلنے سے آپ کے
نکلو تو دیکھو خاک مین کیا گھر کے گھر ملے

دل نے ملا دین خاک مین سب وضعداریان
جون جون رکے وہ ملنے سے ہم بےنصیب ملے

باہم ملاپ تھا یہ ترے دورِ حسن مین
یہ رسم اوٹھگئی کہ بشر سے بشر ملے

ازل تخلص مرزا آغا حسن خلف مرزا عباس لکھنوی شاگرد وزیر علی صبا

او گل بغیر تیرے جو رہتا ہون باغ مین
روتی ہے میرے حال پہ شبنم تمام شب

آسان تخلص لالہ سیج رام باشندہ الہ آباد

مرنے کے بعد تا بحشر آنکھین مری جو وا رہین
مجھکو تو کچھ خبر نہین کسکا یہ انتظار تھا

اسحاق تخلص اسحاق علیخان لکھنوی ولد فدا علیخان شاگرد نواب عاشور علیخان بہادر
اولاد مین نواب سالار جنگ کی صاحب دیوان ہین

باریک بین کو آئینگی کیونکر نظر کمر
تارِ نگہ ہے او بتِ نازک کمر کمر

آبِ رواں کی ٹیکے نے طوفان اوٹھادیا
اے بحرِ حسن آگئی کیا موج پر کمر

مشتاقِ قتل سمجھے اوسے چاند عید کا
تیغِ ہلالی سے جو ہوئی جلوہ گر کمر

نہ کوئی گل ہے نہ بلبل نہ باغبان نہ صبا
خزان کے ہاتھ سے برباد ہے چمن کی بہار

اسد تخلص میر امانی باشندہ دہلی شاگرد سودا شاہ عالم بادشاہ کی عہد مین لکھنؤ کی
راہ مین رہزنون کے ہاتھ سے مارے گئے

ٹک تو نے ہی گرم کی بغل رات
ہم سرد ہوئے تھے ورنہ کل رات

بزمِ بتان ہو جام ہو خلوت ہو پھر تو بس
کافر ہون گر وہان مین خدا کا بھی ڈر کرون

مانے ہی کوئی وہ بتِ گمراہ کسو کے
گو آپ سفارش کرے اللہ کسو کی

اسد اس جفا پر بتون سے وفا کی
مرے شیر شاباش رحمت خدا کی

اسرار تخلص مرزا سپہر شکوہ دہلوی ابن مرزا لطہماسپ ابن مرزا سلیمان شکوہ بہادر
ساری عمر تلاش و صحبت اہل کمال مین بسر کی پندرہ سولہ برس کا عرصہ ہوا کہ انتقال کیا

وہ جب ہنستے ہین مین کہتا ہون یارب
یہ بجلی دیکھیے گرتی کہان ہے

پھر محوِ خیالِ رخِ جانانہ ہوا ہے
پھر شیشۂ دل اپنا پریخانہ ہوا ہے

اسرار تخلص مرزا بندہ و متوفی فخش گو ولد مرزا مغل لکھنوی شاگرد صاحبقران

صاحب دیوان گذرے

بد فنا یہ کھود یو میرے مزار پر | ان کبسیون سے کوئی نہ اپنا لگائے دل

اسعد تخلص مرزا اسعد بخت نبیرۂ شاہ عالم بادشاہ

تو اسعد نصیب ہے کہ ہاتھون سے تیرے | نہ تسبیح ٹھہری نہ زنار ٹھہرا

اسلام تخلص شیخ الاسلام باشندۂ سہارنپور

ظلم ظالم کا پس مرگ بھی رہتا ہے بجا | ہین یہ بازوے عقاب اب جو نہی تیر کے پر

اسیر تخلص تلبر از نصرانی مقیم دہلی شاگرد شاد نصیر بڑا زور آور تھا

شمع فانوس مین در پردہ جلی ہے دیکھو | شعلۂ آہ نکالی ہے جگر سے ہا ہر

ہم اوس آئینہ رو کی ہجر مین یون زیست کرتے ہین | کہ سکتے کی سی حالت ہے نہ جیتے ہین نہ مرتے ہین

اسیر تخلص خلیفہ گلزار علی خلف و شاگرد نظیر اکبر آبادی صاحب دیوان ہین —

ہم لے گئے وہ ہڈیون کی ڈھیر لحد مین | کرمان زمین بھی نہوے سیر لحد مین

خط کبوتر کو دیے لاکھ طرح کے ہین خیال | خاطر وسوسہ پرداز کا دیوانہ ہون

اک مین ہے نہین زخمی ابروے ستمگار | خورشید بھی تر خون مین نکلا ہے سحر کو

اسیر تخلص ہدایت علی وکیل عدالت دیوانی میرٹھ خلف سید امیر علی باشندۂ زیدپور
توابع لکھنؤ شاگرد مصحفی و حسین علیخان اثر فارسی مین اسیری تخلص کرتے ہین

ہرن موسے اوڑاتے ہین ترارے ہاتھ پاؤن | چار نخل آتشین ہین اب ہمارے ہاتھ پاؤن

گوہر مقصود ہاتھ آیا نہ پایا آشنا | بحر الفت مین دلا لاکھون ہی مارے ہاتھ پاؤن

اسیر تخلص منشی مظفر علی خان مخاطب بہ تدبیر الدولہ ولد میر مدد علی باشندۂ ایٹھی مقیم لکھنؤ
شاگرد مصحفی دیوان اکثر نظر سے گذرا

ازل سے سلسلہ ہے اس جنون فتنہ ساماں کا | تنگاف خامۂ کن چاک ہے میرے گریبان کا

نشان کیا پوچھتے ہو تم ہمارے جسم لاغر کا | کہ رفتہ رفتہ سایہ بنگیا قد پیمبر کا

کم شرر سے نہ تھی مری ہستی | آنکھ کھلتے ہی مین تمام ہوا

موت مشاطہ کو آئی تو ملا بوسۂ زلف | نرہا بیچ مین دلال تو سودا ٹھہرا

خوف سے بھاگتے پھرتے ہین پریرو جو تیرا — ابن آدم مین نہ ٹھہرا کوئی حوا ٹھہرا
شیشہ ہاتھ آیا نہ ہمنے کوئی ساغر پایا — ساقیا لے تری محفل سے چلے بھر پایا
بام پر چڑھتے اوترتے موہبت کیا باعث — سچ بتاؤ ہے کلیجا تہ و بالا اپنا
آپ ہی ظلم کرو آپ ہی شکوہ اولٹا — سچ ہے صاحب روش اولٹی ہو زمانہ اولٹا
عالم کو معجز بیضا دکھا دون مین + — لا بھر دے ساقیا مرے چلو مین آفتاب
کہتے ہو کیون جہان مین ہزارون ہین یار دوست — مشکل کے وقت ایک ہے پروردگار دوست
مست ایسا کر دیا مجھکو شراب شوق نے — محتسب سے پوچھتا ہون مین رہ میخانہ آج
لاجسدن وہ تنہا بوسہ لینگے ہم زبردستی — ہمارا دانت ہے مدت سے اوس سیب ذقن پر
قد ہے اگر خمیدہ تو لازم ہے تا رسا تشک — لازم ہے اس کمان پہ چلّا چڑھاؤن مین
اللہ مجھکو طائر رنگ حنا کرے — ماتم سرا مین ہاتھ کسیکے نہ آؤن مین
ترتی کچھہ جوانی مین نہین ہے بیقراری کی — ہلا کرتا تھا گہوارہ ہمارا خود لڑکپن مین
نہ سہی گر تمہین منظور ملاقات نہین — کعبہ گھر آپ کا اے قبلۂ حاجات نہین
خدجو دونون کے نمیدہ صورت شمشیر ہین — ابرو ے پیوستہ قاتل بھی کشتی گیر ہین
چاندنی مین کون آیا پانون مین ملکر حنا — جا بجا ہین سرخ بوٹے چادر مہتاب مین
الفت دندان جانان مین کٹی جاتی ہے عمر — ہے روان کشتی ہماری موتیون کے آب مین
گل تازہ ہے جو تن پر ہمارے زخم کاری ہے — مگر شمشیر قاتل موجۂ باد بہاری ہے
جسکہ آنکھون مین روشنائی ہے — خار مژگان دیا سلائی ہے
چین سے سوئے شاہد مضمون + — جو رباعی ہے چار پائی ہے +
پینگے ہم ملا کر بادہ انگور تاڑی مین — اسے تا کا ہے ہم نے ساقیا اور اوسکو تاڑی ہے

اسیر تخلص میر کرم علی ولد میر کرم علی باشندہ پرپلی مقیم دہلی شعر بہت کم کہتے ہین

یہ بھی کوئی ادا ہے کہ شوخ دیون کے ساتھ — باتین ہین ہم سے اور نظر اغیار کی طرف

اسیر تخلص سید نہال نبی برادر خورد سید آل نبی الاغر خلف غلام نبی احقر باشندہ دہلی اپنے برادر کلان سے سب سخن کرتے ہین —

ہچکیان بے وقت آتی ہین اسیر — وقت مردن یاد کسے یاد آگیا +
جواب نامہ نہ لکھنے سے یہ ہوا ثابت — ارادہ رکھتے ہین شاید وہ آپ آنے کا
خون اسی ہاتھ سے کتنون کا ہوا اسیر بعد — رنگ لائی تری ہاتھون کی حنا میرے بعد
خط غیر کا اوس شوخ کو آیا مرے آگے — آیا مری تقدیر کا لکھا مرے آگے
قاصد ڈرتا ہے مانگتے خط + — ایسا نہو وہ جواب دے دے

اسیر تخلص مولوی محمد حسن خان بہادر صدر الصدور مراد آباد ولد مفتی ابو الحسن باشندۂ بریلی

اب حبس دائمی کا گلہ کس لیے اسیر — زلفون مین کیون پھنسا تھا ہی ہے ترا دل

اشتیاق تخلص شاہ ولی اللہ ولد شاہ محمد گل باشندۂ سرہند

چھوڑ کر تجھکو ہین اور سے جو لاگ لگی — نہین مہندی یہ ترے تلوونسے ہے آگ لگی

اشراق تخلص حکیم محمد رضا خان لکھنوی ولد رضا علیخان ابن آقا یار بیگ خان رسالہ دار خواہرزادۂ امیر الدولہ حیدر بیگ خان لکھنوی شاگرد بحر صاحب دیوان ہین

صید کرنا ہے کسے بلبل دل کا منظور — تنے پھولون سے جو گلدام بنائے کیسو

اشرف تخلص شیخ اشرف علی خوش نویس ولد شیخ مظہر علی باشندۂ قصبۂ مصطفے آباد عرف کسمندی مقیم لکھنؤ شاگرد نسیم دہلوی صاحب دیوان ہین راقم نے انکو لکھنؤ مین دیکھا ہے

سودا نہ اوسکا بعد فنا سر سے جائیگا — اشرف بلای جان رکھا ہم نے نام زلف
جواب تک بھی نہین یار مہربان منہ مین — یہ خامشی ہے کہ گویا نہین زبان منہ مین
بیان آسیا گردش ہے بخت کوہر دم — پہونچے دیگانہ دانا بھی آسمان منہ مین
کچھ ایسی آپ کو بھائی ہے لذت انکار — نہین کی بھی آتا نہین ہے ہان منہ مین

اشرف تخلص اشرف حسین خان متوطن الہ آباد شاگرد مہدی حسین خان تصدیق عدالت دیوانی شہر بنارس مین عہدۂ نظارت پر مامور تھے

ہے چرخ پر کبھی تو کبھی کوہ و دشت مین — یک جا نہین مقام ہمارے غبار کا

اشرف تخلص اشرف حسین باشندۂ بنارس شاگرد ہادی علی نجو غریزون مین دم جاہین جا

اعلی صدر امین کانپور کے ہین

اوس سرو کا قامت تو بلا خیز ہے اشرف | اسواسطے ہے رنج دو بالا مرے دل کا

اشرف تخلص حافظ غلام اشرف دہلوی شاگرد میر قدرت اللہ خان قاسم موسیقی مین کمال رکھتے تھے

مطلب ہے لامکان سے نہ کچھ کائنات سے | ہے مدعا فقط مجھے تیری ہی ذات سے

اشرف تخلص محمد اشرف ولد امام الدین باشندۂ کاندھلہ

آتش دل سے ہوا ہے مجھے یہ ڈر پیدا | کہ مرے سینہ مین ہوئے نہ سمندر پیدا

اشرف تخلص میر اشرف علی خلف میر بر علی سب اسسٹنٹ سرجن اکبر آباد باشندۂ کلکتہ شاگرد حافظ ضیغم راقم کے دوستون مین ہین ۔

تو تا ہے میرا اوٹھا نامہ لیجانے کو وہان | گر موسیح تو سر خرو یہ سبز پر ہو جائے گا

آشفتہ تخلص عظیم الدین خان مرحوم عرف بھورے خان افغان باشندۂ دہلی میر محمدی مائل اور فرزند علی مضمون سے اصلاح لیتے تھے بشیر مقطع مین انکے زلف کا مضمون ہوتا ہے آخر ایام مین شعر گوئی ترک کر کے کسب باطن کی طرف مشغول ہوگئے تھے صاحب دیوان بھی ہے

ناخوانندہ مرے خط کو اولٹا سے پھر لایا | قاصد کا گلہ کیا ہے قسمت کا لکھا لایا

نجومیون پوچھو ہاتھ دکھاؤ فال کھلاؤ کوئی پر | بخت جو ہون برگشتہ اپنے کسکے پھیرے پھرتے ہین

پاؤن کو توڑ جو بیٹھے ترے در کے آگے | سر دیا یار پر اک گام نہ سر کے آگے

برگشتہ بخت ہم سے دیکھے ہین کم کسی نے | جب ہم ہوئے مقابل وہ منہ کو موڑ بیٹھے

نبی کو خاطر اصحاب کیون نہو منظور | کہ زیب و زینت مجلس ہے چار یار و نسے

آشفتہ تخلص منشی محمد علی خان راجہ بنبالہ کی سرکار مین متعلق ہین راقم نے انکو کلکتہ مین دیکھا ہے

خوب کرتے ہو عیادات ای مری رشک مسیح | آئے تب بالین پہ جب بیمار کا قل ہو گیا

آشفتہ تخلص حکیم مرزا رضا قلی ولد حکیم محمد شفیع اکبر آبادی مقیم لکھنؤ شاگرد میر سوز

جی تھا آنکھون مین یار تھا دل مین
اس قدر انتظار تھا دل مین

دم آخر جو ہچکی آتی تھی
وہ فراموش کار تھا دل مین

چلا ہے کعبہ کو آشفتہ یار سا بنکر
خدا جو بیٹھے بٹھائے اوسے خراب کرے

مر گیا اک صنم پر آشفتہ
موت ایسی خدا نصیب کرے

ہمیشہ بگ نکلتی ہے میرے بسنے سے
الٰہی موت دے گذرا مین ایسے جینے سے

آشفتہ تخلص گلاب سنگھ کھتری باشندۂ دہلی بنونامی ایک زن خانگی پر عاشق تھا جب جور فلک سے تنگ آیا خنجر آبدار سے اپنا سر کاٹکر مر گیا اس واقعہ کو چونتیس ۳۴ برس کا زمانہ گذرا

پوچھتے کیا ہو کہ شب آشفتہ کیونکر مر گیا
او سمین کیا باقی رہا تھا بندہ پرور مر گیا

جان دی عاشق نے تیری شب کو اک ناکردہ
آدمی تھا آخر خوش صد مہ اوٹھا کر مر گیا

ہے جدائی مین ز بس آشفتہ جینے سے تنگ
سن ہی لوگے اک نہ اک دن پھوٹکر سر مر گیا

ہای یہہ غیرون سے کہنا اوسکا کہ تک کر اب
مجھکو مت چھیڑو کہین آشفتہ یہان آجائیگا

زلفون سے بھی زیادہ کیا رنج نے دل پہ جو
کافر جو تھے سو تھے یہ مسلمان کو کیا کرون

اک نہ آنے سے تیرے اے ظالم
شکوے سو سو زبان پہ آتے ہین

دم کا مہمان ہے اور آشفتہ
بیخبر تجھکو کچھ خبر بھی ہے

آشفتہ تخلص امرناتھ پنڈت باشندۂ دہلی شاگرد تنویر

ابنون تم جو ہو آشفتہ پریشان خاطر
کس پہ ہوش آپ کے کھوئے ہین کہان دل آیا

آشفتہ بزم یار مین ساقی بنا ہے غیر
کیونکر پیون کہ کرتی ہے ٹکرے جگر شراب

کی ہوگی اوسنے بادہ کشی بزم غیر مین
تلخی رہی جو میری زبان پہ تمام رات

دل مین آشفتہ ہے بتون کا خیال
لب پہ باتین ہین پارسائی کی

آشفتہ تخلص حکیم سید منور علی خان سررشتہ دار ضلع میرٹھ ولد سید علی نواز رضوی شاگرد مومن خان و نواب مصطفےٰ خان شیفتہ وطن اکنگا بارہ مولد دہلی

ہم وحشیون کا گھر ہے کہ لڑکون کا کھیل ہے
دن مین ہزار بار بنا اور بگڑ گیا

پرسش حال نے پھر یاد دلائی اونکی
گور مین بھی پس مردن نہ کچھ آرام آیا

جو نامہ بر گیا وہ گیا جان سے وہان ٭ اب جی مین ہے رقیب کو ہم نامہ بر کرین
ہے وصل مین بھی فرقت کا غم ظاہر مین ہون پاس پر خدا ہون
تم غیر سے ملے مین کبھی سے ملا نہین سچ ہے کہ بیوفا ہون مین تم بیوفا نہین
نے قتل کا خیال انھین اور نہ موت کو قسمت مین کیا خدا مرے مرنا لکھا نہین
ابھی دلربائی کو کیا جانتا ہے ستم کو وہ بدخو ادا جانتا ہے
غش ہونگے ہم آشفتہ تا بروز جانان سے پوچھے گا قیامت مین ہوشون سے کیا کوئی
میرا ہی کیا تصور ہے بیتاب و بیقرار جز غیر اور کون نہین تیرے واسطے
سنا تھا ہم نے آشفتہ کو کوئی دم کا مہمان ہے کئی دن ہو گئے اوسکا نہ جیتا ہے نہ مرتا ہے

آشفتہ تخلص حاجی منشی عبداللہ باشندۂ سلہٹ خلف عبدالحمید شاگرد حافظ ضیغم فارسی واردو خوب کہتے ہین راقم کے دوستون مین ہین بسبب اس تذکرہ کے لیے بھیجے تھے

دیکھنا شوق شہادت عاشق دلگیر کا کیا تڑپ کر چوم لیتا ہے گلا شمشیر کا
قبر کی کیون بناتے لوگ ہین حیران ہون مین کیا تن بیجان کو بھی ہے حوصلہ تعمیر کا
آج کل مائل ادھر ہے دل بت بے پیر کا یہ اثر کب تھا الٰہی نالۂ شبگیر کا
وادی وحشت مین ایسا پاؤن پھیلائے مرا دیدۂ غول بیابان حلقہ ہے زنجیر کا
ہوا نہ حور مین انداز گر بشر کا سا تو رنج خلد مین ہوگا ہمین سقر کا سا
کھل گیا ہے میکشی مین جوہر انوار قدس ہے تماشا گاہ بزم قدس کی مطہر شراب
رکھے زانو پر بت بے پیر بیت آمنہ ہون مین حیران پانی یہ تو تیر بیت آئینہ

آشفتہ تخلص جزار الدولہ ضیغم الملک ہادی علیخان بہادر قائم جنگ خلف نواب حیدر علیخان بہادر برادر مختلف البطن نواب محسن الدولہ بہادر باشندۂ لکھنؤ شاگرد امانعلی بحر

خون سے میرے حنابندی کسی نظر ہے چشم ناخن سے جو کرتے ہین شکار ہاتھ پاؤن

اشک تخلص مولوی ہادی علی خلف مولوی شیخ حسین علی باشندۂ لکھنؤ شاگرد برق کلکتے بھی آئے تھے بیت اللہ شریف کی زیارت بھی کی ہے راقم کے دوستون مین ہین اشعار عربی و فارسی بھی خوب کہتے ہین

چاند سورج تیرے بالون مین نہین بالا سر
ہو گئے ہین مہر و مہ شب کو قرین بالائے سر

چلے وہ چال کہ دل سیکڑون کے پامالے
نکالے آپ نے کیا عالم شباب مین پاؤن

وہ رند ہون کہ جہان ہون وہین گر گھر ہو جائے
لگین شراب مین پر ساقیا کباب مین پاؤن

انھین یہ سوجھی فلک سیر کی ترنگ مین آج
کہ چلکے دھوئیے اب طشت آفتاب مین پاؤن

ہجر کے صدمے سے کل جان نکل ہی جاتی
گر خیال لب جان بخش نہ ہوتا دل مین

در بدر پھرتے ہی اب بنت عنب قدر نہین
پوچھتا کوئی نہین دور شہ عادل مین

جنبش لب سے تری کشتہ نے جب جان پائی
دم بخود رہ گئی شرما کے مسیحا دل مین

ہماری آہ سے ڈرتے ہی رقیب لازم ہے
نہ ہو یہ تیر ہوائی دو سار پہلو مین

دل ستمزدہ و یاس و حسرت و حرمان
انیس ہین یہی دو تین چار پہلو مین

سنی نہ ایک مری بات ہائے صد افسوس
سنایا حال دل اوسکو ہزار پہلو مین

اشک تخلص سید علی حسن ولد سید آغا میر لکھنوی شاگرد محمد بخش شہید سلسلہ انکی نسب کا حسن الاصغر بن حضرت امام زین العابدین سے ملتا ہے اولاد بن میر عماد خوشنویس کے ہین

اب کیا ہوئی وہ آپ کی آنکھون کی موجنی
باتون مین تھا جو سحر کا عالم کہان گیا

ترک چشمان سیہ مست کو ہم کیا چھیڑین
قہر ہو جائے اوٹھائین جو کبھی سر پلکین

اشکی تخلص مرزا غلام محی الدین عرف مرزا ممن خلف مرزا غلام حیدر نواسہ شاہ عالم بادشاہ شاگرد میر نظام الدین ممنون و مفتی محمد صدر الدین خان بہادر آزردہ

کیا یاس کسی کا ہے کہ مرتا ہون ولیکن
شکوہ نہین کرتا شب ہجران کی جفا کا

قسمت کو تو دیکھو کہ پھرا نامہ بر اوس دم
جسوقت مرے سر پہ تقاضا ہے قضا کا

آئے تو نہ دشمن کے خطر سے مرے گھر مین
اور مفت مین بد نام کیا نام خدا کا

کچھ وجد نہین نغمۂ مطرب ہی پہ موقوف
کافی ہے بیان نالۂ بربط دل کا

آشنا تخلص میر امیر علی ولد میر سبز دم شد آبادی شاگرد مرزا غلام حسین آتش بیں برس کا عرصہ ہوا کہ انتقال کیا

وہ حسن جلوہ گر ہے وہ رخ بے نقاب ہے
لیکن کچھ اپنی آنکھون کا پردہ حجاب ہے

مجھکو تو بات کل کی نہین یاد آشنا | کہتے ہین روز حشر کو دنیا حساب ہے

آشنا تخلص سید محمد مرحوم خلف اکبر سید حافظ وارث علی مرحوم لکھنوی شاگرد ناسخ

کیونکر نہ رگڑون آنکھین مین ہر بار پاؤن مین | اے دل لگی ہے خاکِ دریار پاؤن مین
زنجیر دے سے باندھیے دستِ گناہ گار | جو کھٹ کا کاٹ ڈال رہے دلدار پاؤن مین

آشنا تخلص میر زین العابدین عرف میر نواب متوطن گجرات باشندۂ دہلی خلف حکیم اصلح الدین خان آرزو کے معاصر تھے

ہم سے بندون پہ ظلم کرتے ہین | ان بتون کا کوئی خدا بھی ہے

آشنا تخلص مولوی عبدالکریم خان منشی فورٹ ولیم کالج باشندۂ کشن نگر مکلتے مین رہتے تھے شعر بہت کم کہتے تھے لیکن جو کہتے تھے نہایت پاکیزہ کہتے تھے سات آٹھ برس ہوئے کہ انتقال کیا راقم کے دوستون مین تھے

جو قطرہ خون کا مرے دل کے داغ سے ٹپکا | تو گویا شعلۂ تراک چراغ سے ٹپکا
چھاتی اوٹھی تری دل خلق کا خورسند ہوا | شکر للہ شجر حسن برومند ہوا
ضبط نالہ باعث چاک گریباں ہو گیا | کام یون دستِ جنون کا اپنے آسان ہو گیا

آشوب تخلص میر امداد علی فرزند میر روشن علیخان فرخ باشندۂ دہلی شاگرد میر نظام الدین ممنون

ناوک غم سے چھنا یہان تک تن بے کام کا | استخوان پر ہے گمان میری ہما کو دام کا
گنہ کے بوجھ سے محشر تلک پہونچ نہ سکے | اسی مین پردہ رہا ہم گناہ گارون کا
پوچھا جو مین نے یار سے انجام سوزِ عشق | شوخی سے شب چراغ کو اوسنے بجھا دیا
دل کو سمجھے تھے کہ اوس بزم سے آئینگے | ہاے اپنا بھی ہوا وہان سے پھرنا مشکل
عذر جفا کے کب تلک تم کرو ہم گلہ کرین | وصل کی رات کم رہی آؤ معاملہ کرین
دل کہین دیدہ کہین صبر کہین تاب کہین | ہای کتنا شب ہجران مین پریشان ہو مین

اصالت تخلص سید فضل علی ولد سید وارث علی لکھنوی شاگرد امانت

بوسہ جو مانگتا ہون تو انداز و ناز سے | مجھکو دکھاتے ہین وہ انگوٹھا ہلا کے ہاتھ

اصغر تخلص میر امجد علی مرحوم باشندۂ اکبر آباد

شاید کہ شوخ دیدے کا دیدار ہو نصیب — پٹھر کے ہے آج میری سمت بار بار چشم
ہوا ہون بسکہ خضاب تو اپنے جینے سے — لگا ہی لونگا مین تیغ اوس نگہ کے سینے سے

اصغر تخلص سید اصغر علی وطن انکا بہاولپور آبا د اجداد کی عدالت منصفی مین وکالت کرتے تھے

جوڑے پہ ہو اشک کہ یہ ہے نافۂ تاتار — مین زلف کو سمجھا کہ یہ مشک ختنی ہے

اصغر تخلص ظفر الدولہ معتبر الملک رفیع الامرا نواب علی اصغر خان بہادر نامور جنگ

وزیر ابو ظفر بہادر شاہ جنت آرامگاہ بادشاہ دہلی خلف رشید مولوی علی اکبر شاگرد خواجۂ آتش داماد نواب ظہیر الدولہ غلام یحیی خان بہادر وزیر محمد علی شاہ بادشاہ اودھ وطن انکا کشمیر مولد و مسکن لکھنؤ کلکتہ مین اکثر بہت روز رہے آخر ۱۲۷۶ھ بارہ سو چھتر ہجری کے ۱۱ گیارہوین ذیقعدہ کو انتقال کیا ہر دو زبان فارسی و اردو مین شعر بہت خوب کہتے تھے راقم کے دوستون مین تھے صاحب مثنوی دیوان گلدستۂ راقم نے انکا انتقال کی تاریخ بھی کہی ہے

قطعہ تاریخ

چون علی اصغر شد از دنیا سوی ملک عدم — شد دل نساخ محزون را زبس رنج و الم
شد بیک مصرع دو تاریخ این چنین آجان نذر — تشنۂ ذیقعدہ بے ہی آہ دردہاے غم

الصیب

قضا کی جو علی اصغر نے اے نساخ — غمین ہے یہ دل مانوس صد حیف آج
کہی ہے آہ مین نے عیسوی تاریخ — علی اصغر موے افسوس صد حیف آج

پیانہ کو چہ گیسو مین ہے نہ پہلو مین — تھمین بتا تجھے پھر کہان ہے دل میرا
منڈائے آپ نے منت کے بال جسدن سے — برنگ طائر بے آشیان ہے دل میرا
شکستگی سے ہمیشہ درست ہوتا ہے — خدا کی شان عجائب مکان ہے دل میرا
وہ رند ہون مجھے دست سبو سے بیعت ہے — مرید حضرت پیر مغان ہے دل میرا
آتا ہے جب کہ یاد ذرا اضطراب کا — سینے پہ ہاتھ مار کے کہتا ہون ہای دل
کیون جا کے زلف خم بخم یار مین پھنسا — اپنی بلا سے پیچ پہ گر پیچ کھائے دل

نہین زیر و بم سے کام ہم الفت پسند ہین — وہی کعبہ ہے اپنا آرزو دل کی جہان نکلے
جنون انگیز پھر فصل بہار عاشقی آئی — دل سودا زدہ پھر رنگ لایا وے رسوائی
یہ کس پردہ نشین نے جھانک کر شکل اپنی دکھلائی — بنی ہے روزن دیوار جو چشم تماشائی
تجرد باعث سرسبزی کونین ہوتا ہے — خضر کی دل سے پوچھے کوئی لطف فیض تنہائی
نہ کھینچا ہاتھ ترک چشم نے قتل غریبان سے — ہزارون بار بھجھائے کو پردے مین حیا آئی
دہان و چشم نے کسکے کیا خاموش و نابینا — نہ غنچہ مین ہے گویائی نہ نرگس مین ہے بینائی
بجا ہے اضطراب روح وقت نزع اے اصغر — کیا ہی یاد حاکم نے بلانے کو قضا آئی

اصغر تخلص اصغر علی صاحب دیوان گزرے فارسی بھی کہتے تھے

نری اس مانگ سے کیا معنی دلخواہ پیدا ہے — شب معراج کی اس خط سے گویا راہ پیدا ہے

آصف تخلص وزیر الممالک نواب یحیی خان مرزا امانی آصف الدولہ بہادر خلف شجاع الدولہ بہادر مولد انکا فیض آباد مدفن لکھنؤ سنہ ۱۲۱۲ بارہ سو بارہ ہجری مین انتقال کیا ہمراندازی مین کمال رکھتے تھے دیوان انکا نظر سے گذرا

یاڈر مجھے تیرا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا — یا حوصلہ میرا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا
کہتا ہے بہت کچھ وہ مجھے چھیڑ ہی چھیڑے — ظاہر مین یہ کہتا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا
جہان تیغ اوسکی علم دیکھتے ہین — وہان اپنا سر ہم قلم دیکھتے ہین
قمر کو ہوتا ہے ہر ماہ مین کمال و زوال — ترے حسن کا عالم رہے رہے نرہے

اظفری تخلص محمد ظہیر الدین مرزا علی بخت عرف مرزا کلان دہلوی کچھ روز دن مدراس مین رہے دہانسے کلکتہ مین آکر پھر دہلی کو چلے گئے

کئی دن ہین کہ یار نے مجھسے ✦ ق ربط بار دگر کیا پیدا

شکر للہ آہ نے میرے — اظفر سے کچھ اثر کیا پیدا
تیرے حسن وصفا کو جو دیکھا ✦ — آرسی اس مین لاجواب ہوئے

اظہر تخلص میر غلام علی مرحوم شاگرد شمس الدین فقیر باشندہ دہلی تمک ونیا کرکے عظیم آباد مین سکونت کی تھی وہین وفات پائی صاحب دیوان فارسی و ریختہ گذرے

نہین ہے مرو بک چشم ساتھہ آنسو کے | نکل کے داغ جگر جم رہا ہے آنکھون مین

اظہر تخلص سید علی حسین ولد مولوی ارشاد علی لکھنوی ناظم عدالت دیوانی لکھنؤ
شاگرد محمد بخش شہید صاحب دیوان ہین

خیال ہے انھین کس گل کے خار مژگان کا | کھٹک سی رہتی ہے ہمیشہ ہمارے آنکھون مین

اظہر تخلص غلام محی الدین دہلوی شاگرد غلام حسین سروری شاعر فارسی کو دفرزند علی
موزون معلمی کرتے تھے

رہتی ہے مری جان کو مضطر طپش دل | دکھلائیگی ہنگامۂ محشر طپش دل

اظہر تخلص سردار مرزا شاگرد مرزا علیجان شفق باشندۂ لکھنؤ مقیم کلکتہ اشعار مرقومۂ ذیل
اسی تذکرہ کے لیے بھیجے تھے

کونسے دل کو جدائی کا تمھاری غم نہین | کونسی وہ آنکھ ہے فرقت مین جو پرنم نہین
یہ آہ و شیون نے سراو تھا ذکر ہجر کی | کلیجہ پکڑے ہوئے خود آئے ہمارے ماتم مین
تمھارے کوچہ مین آج کی شب کٹی ہے ہمکو غریب کے | خبر بھی تم نے لی ہماری یہ کوئی تمھی سے جگہ ہے

اظہر تخلص مولوی کرامت علی ولد مولوی امانت علی باشندۂ شیخپور توابع فرخ آباد مقیم لکھنؤ
شاگرد نصیر دہلوی صاحب دیوان گذرے ہے تاریخ گوئی مین بیمثل لاثانی تھے

نہ کیونکر اشک مسلسل ہو رہنما دل کا | طریق عشق مین جاری ہے سلسلہ دل کا
بہشت پہونچے ہی زاہد کب اوسکی وسعت کو | عجب روش کا ہے یہ باغ دلکشا دل کا
لگائی کس بت مے نوش نے ہے تاک اسپر | سبو بدوش ہے ساقی جو آبلہ دل کا
کہینگے ہم یہ سراسر جو کوئی پوچھے گا | سواد ہند مین لٹتا ہے قافلہ دل کا
روشن دو چند مہ سے ہے اپنا چراغ دل | اے شمس عکس مہر نبوت ہے داغ دل
تاثیر حاضرات رکھے ہے چراغ دل | اپنا یہ از نگین سلیمان ہے داغ دل

اعجاز تخلص نواب اصغر علیخان لکھنوی خلف نواب نجابت علیخان بن نواب
شجاع الدولہ شاگرد شیخ امام بخش ناسخ صاحب دیوان ہین

شعلۂ حسن یہ دن رات نظر رہتی ہے | نوری آنکھین تھین سو اب ہو گئین ناری آنکھین

اعزاز تخلص میر باقر علی لکھنوی ولد میر اسد صبر شاگرد رشک

تری چشم سیہ کچھ کم نہ تھی مجھ تیرہ بختوں کو
جگہ سرمہ کو دی بیکار اے طناز آنکھوں میں

اعظم تخلص محمد اعظم ملازم نواب آصف الدولہ بہادر

ہے قد کے سبب عالم بالا پہ تری زلف
رکھتی ہے دماغ اپنا یہ زنجیر فلک پر

اعظم تخلص مرزا اعظم بیگ دہلوی

جھپتا ہے کوئی شمع صفت سوز دل اپنا
سر کاٹی اگر تو ہو نمودار گلی سے

اعظم تخلص مرزا اعظم شاہ رسالہ دار خلف مرزا محمد اشرف ابن خلیفہ عبد الکریم متوطن ترکستان باشندہ دہلی مقیم لکھنؤ شاگرد آتش

ترک فلک سے بھی نرکی چوٹ یار کی
کھائی وہ ہتکنی جو اوٹھائی سپر کا ہاتھ
مردون سے وقت جنگ دغا ہو بعید ہے
سر کی کبھی بتا کے نہ ماری کمر کا ہاتھ
مجھکو سلا کے ساتھ کل آزردہ وہ ہوئے
کیا جانے پڑ گیا کہان مجھ بخیر کا ہاتھ
مٹی کے مول بھی تو کوئی پوچھتا نہین
بگڑی ہوئی ہے آج کل اعظم موے دل

اعظم تخلص سید اعظم علی الہ آبادی منشی مدرسہ اکبر آباد شاگرد آتش دیوان انکا نظر سے گذرا

خنجر کا نہ بسمل ہون نہ شمشیر جفا کا
انداز کا مقتول ہون کشتہ ہون ادا کا
خرمے کا بوسہ لب شیرین مین ہے مرا
گالی مین تیرے لطف ہے کھٹی انار کا
چھوڑ کر کے مجھے روتا نہ کر وعزم سفر
جان من موسم بارش تو نکل جانے دو
کچھ مفت نہین وعدۂ دیدار کیا ہے
جب لاکھ قسم دی ہے تو اقرار کیا ہے
جلوہ ہو کوہ طور کا موسیٰ کے سامنے
مٹھی جو کھول دو دیدۂ بینا کے سامنے

اعظم تخلص مولوی عبد الصمد عرف محبوب جان برادر خورد مولوی وجیہ اللہ خان بہادر متخلص بہ داغ ولد مولانا مولوی محمد وجیہ صاحب مدرس اوّل مدرسہ عالیہ کلکتہ باشندۂ کلکتہ شاگرد راقم الحروف

ساکن ارض و فلک تک تجھ پہ شیدا ہو گیا
جسنے دیکھا تجھ کو وہ محو تماشا ہو گیا
شکوہ کس کس کے عداوت کا مین اے اعظم کرون
ایک عالم اوس جہان آرا کا شیدا ہو گیا

لاکھ صورت سے بنا تین آئینہ گر آئینہ
دل سے ہرگز ہو صفائی مین نہ بڑا حسرت سے

روی آتش رنگ کی دیکھی جھلک گر آئینہ
صورت سیماب ہو بیتاب و مضطر آئینہ

ہے دل نالان کو میرے عشق روی صاف سی
کھل گئی قلعی فدا ہے آئینہ پر آئینہ

اعظم تخلص اعظم خان افغان باشندۂ دہلی شاگرد نصیر دہلوی اس فن کو ترک کرکے کسب علوم کیطرف متوجہ ہوئے تھے

اسی مضمون سے معلوم اوسکی سیر و مہری ہے
جواد نے مجھکو نامہ کاغذ کشمیر پر لکھا

سوز دل از بس طبیبون سے نہان رکھتی ہین ہم
شمع آسا نبض زیر استخوان رکھتے ہین ہم

کیا یہ عکس دام کم ہے جوشن فولاد سے
ہے اسیری مین لڑائی صید کو صیاد سے

اعلی تخلص اعلے خلف میر ولایت اللہ خان باشندۂ دہلی ملازم شجاع الدولہ بہادر

جو ہاتھ اوسکے بند قبا کھولتے تھے
وہ مشغول ہین اب لکھا گریبان

مرے دیوانہ دل کو شور طفلان آشنا ہے
اونھونکے ہاتھ کا پتھر اسے سنگ جراحت ہے

اعلی تخلص آغا مرزا خلف مرزا ابراہیم شوکت باشندۂ کانپور

کل اوس تلک پہنچ تو گیا تھا یہ ہمدمو
کچھ مجھکو جیسے لگ گئی ایسی کہ کیا کہون

آغا تخلص آغا حسن ولد مرزا میر باشندۂ لکھنؤ شاگرد میر صبا سنہ ۱۲۱۱ بارہ سو اسی ہجری مین کلکتہ مین تجارت کرتے تھے راقم کے ملاقاتی اور صاحب دیوان ہین

وصل کی شب یہی کرتا ہون دعا ای آغا
حشر تک اب نظر آئی نہ سحر کی صورت

تپ فرقت سے ایسا بڑ گیا ہے ضعف ای آغا
کہان کروٹ بدلنا سانس بھی لیتا ہون مشکل سے

آغا تخلص سید آغا ولد سید صاحب علی جایسی مقیم لکھنؤ شاگرد نسیم دہلوی

ہو جاے ابھی زیر نگین ملک سلیمان
پردے سے جو آغا کو دکھاے وہ پری آنکھ

آفاق تخلص میر حسین علی ولد میر احسان علی مخلوق یحیی گو باشندۂ لکھنؤ شاگرد آباد

خوب بل کھاتے ہین رخ پر تری دلبر گیسو
ہے یقین ہیچ کوئی ڈالین گے ہم پر گیسو

آفاق تخلص میر فرید الدین ابن بہاء الدین دہلوی شاگرد ثناء اللہ خان فراق حضرت شاہ سلیمان کے قرابت دار تھے

اوس گل سے ملکے پیونگے جام شراب ہم
لالے کا دل جلا کے کرینگے کباب ہم

اشک تر چشم سے جبدم کہ ہمارے نکلے
مردمان کہنے لگے دن کو پیارے نکلے

افتاب تخلص حضرت فردوس منزل ابو المظفر محمد ابد الدین شاہ عالم بادشاہ غازی ماوشاہ دہلی صاحب
الجلوس ۱۲ بارہ ہو کیسن ہجری مین ہوا ہے حال انکا مانند آفتاب عالمتاب کے روشن ہی محتاج بیان نہین دیوان انکا نظر سے گذرا

خوب سا سید ھا بنے گا دیکھو اے سرو چمن
اوسکی رعنائی سے مت تو اپنی رعنائی مٹا

صبح اوٹھ جام سے گذرتی ہے
شب دل آرام سے گذرتی ہے

عاقبت کی خبر خدا جانے
ابتو آرام سے گذرتی ہے

آفرین تخلص شیخ قلندر بخش صاحب تخلص اصلی باشندہ سمانہ پدر حضرت امام ابو حنیفہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد امجد سے ہے

نہ جا چمن مین تو اب آفرین لہو جون غنچہ
لبون مین اوسکے نہان ہے بہار خندۂ گل

بہت ہین گرچہ تمہین اور ناز کرنے کو
بری قوم بھی نہین دل نیاز کرنے کو

اسیر تخلص نصرت خان مرحوم خلف فتح خان قوم افغان باشندہ لکھنؤ دکن مین جاکے انتقال کیا

بلبلو ایک ہزارون مین ہے اوس یار کی آنکھ
جس پہ پڑتی ہے سدا نرگس بیمار کی آنکھ

اسیر تخلص مولوی محمد علی فرید پوری شاگرد مولوی رشید النبی مرحوم و حشمۃ مدرسہ طاقیہ مین مدرس ہین

سلسلہ بل نے کیا زلف دوتا سے پیدا
مچھیڑ سودا مین ہوئی شام بلا سے پیدا

عشق گیسو مین اوجھتی ہے طبیعت پہرون
خاک مضمون ہو کوئی فکر رسا سے پیدا

اسیر تخلص شاہ تاج الدین ولد شاہ محمد اعلی باشندہ اکبر آباد

ہے سیب کے مانند جو خوشبو دہن اوسکا
غنچے سے نزاکت مین ہے افزون دہن اوسکا

افسر تخلص مرزا محمد دہوی شاگرد مرزا قادر بخش صابر

کل کل سے نامہ بر کے مرا نام مین ہے دم
کیا آج بھی وہ بار خدایا نہ جائے گا

محبت مین صبر و شکیب و قرار
پہر اک رفتہ رفتہ جدا ہو گیا

افسر تخلص غلام اشرف مرثیہ گوے دہلوی خلف شیخ غلام رسول شاگرد مصحفی

جب دیکھو ہے مہ داغ سیہ اپنی جبین پر
آتا ہے اوسے رشک ترے روی حسین پر

معلوم نہین کیا ہے تہ خاک تماشا
نرگس کی جو رہتی ہے بھلی آنکھ زمین پر

افسردہ تخلص مظفر علی فرید پوری شاگرد مولوی رشید البنی وحشت راقم الحروف کے ملاقاتیون مین ہین +

سرد مہری بتانِ ہند کا لکھنا ہے حال	چاہیے کاغذ دمِ فکرِ سخن کشمیر کا
نرگس فتان کبھی اوس سے جدا ہوتی نہین	جالی غرفہ کی تری ہے دم آہو گیر کا
ہوتی ہین مفلس غنی وصفِ طلائی رنگ مین	کاغذ اشعار بھی نسخہ بنا اکسیر کا

افسوس تخلص غفور بیگ وطن انکا توران سپاہی پیشہ تھے ثناء اللہ خان فراق اور قاسم دہلوی صاحب تذکرہ سے اصلاح لیتے تھے

بار در بر ہے خدا خیر کرے	خانہ بیدر ہے خدا خیر کرے
کف پا سے جو ظالم مل رہا ہے	کسی کا خون ہے یہ یا حنا ہے

افسوس تخلص میر تنیر علی خلف میر مظفر خان داروغہ توپ خانہ نواب قاسم خان عالیجاہ باشندہ نارنول شاگرد میر حیدر علی حیران و میر سوز ملازم مرزا جوان بخت بہادر امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی اولاد مین تھے آخر ایام مین کلکتہ مین فورٹ ولیم کالج کی منشی گری مین مقرر ہوئے تھے حضرت شیخ سعدی شیرازی کی گلستان کو اردو مین ترجمہ کیا ہے ترجمہ گلستان و دیوان انکا نظر سے گذرا

نزع مین زرد تھا رخ افسوس	چینیے رنگ لے اوسے مارا
بیان تلک ہے نزاکت گلون کی گجری سے	لچکنے لگتا ہے اوس گلعذار کا ہیونچا
قفس سے چھٹنے کی امید ہی نہین افسوس	حصول کیا ہے جو مژدہ بہار کا ہیونچا
پاؤن یہ گاڑے کہ جون نقش قدم پھر نہ اوٹھے	خاک مین مل گئے بیٹھے جو ترے در پر ہم
کیا لکھون اوسکو مین احوال یہ کہنا قاصد	بیجو اسی کے سبب طاقت تحریر نہین
اشک گرم اپنے سے یہ دیدہ تر جلتے ہین	دیکھلو مردم آبی کے بھی گھر جلتے ہین
ہو مرا کیونکہ گزر اوسکی گلی مین وہان تو	طائر سدرہ کے اوڑتے ہوئے پر جلتے ہین
دیکھتے ہی اوسے حاضر ہوئے مرجانے کو	وہی احباب جو یہان آئے تھے سمجھانیکو
کچھ بات تم سے کر نہین سکتے ہزار حیف	مدت مین تم ملے بھی تو غیرون کے گھر ملے

پوچھے ہی کیا لگائے اگر سر ہین درد ہے — اوس خاک پا کی آگے تو صندل بھی گرد ہے
نہین جائینگے اس مجلس سے ہم بے اوسکی لجا — قدم اب کب اوٹھاتے ہین کہ ہمنے پاؤن پھیلائے
آدمی کیا ہے فرشتہ لوٹ جائے دیکھکر — چاندسی شکل اوسکی اور چھاتی وہ گذرائی ہوئے

افسون تخلص مرزا آغا حیدر لکھنوی

آگئی جان بدن مین دل شہید اٹھرا — آکے بالین پہ جو دم پھر وہ مسیحا ٹھہرا
فرصت ملی تلاش بت مہ جبین سے کب — ٹھہرا دل اپنا گردش چرخ برین سے کب

افسون تخلص سید احسان حسین خان نبیرۂ نواب بہار الدولہ باشندۂ لکھنؤ

جلتا ہون روز ہجر مین خورشید کی طرح — ہوگا وصال دیکھئے اوس مہ جبین سے کب

افصح تخلص شاہ فصیح شاگرد مرزا بیدل سنہ ۱۲۱۹ گیارہ سو بیانوے ہجری مین انتقال کیا

شام وسحر خیال قد یار ہوگیا — پھر زلف ورخ سے مجھکو سروکار ہوگیا

افضل تخلص سید افضل علی خان عرف سید صاحب خلف الرشید سید قاسم علی خان قاسم باشندۂ لکھنؤ اپنے والد ماجد سے کسب سخن کیا ہے راقم کے دوستون مین ہین یہ شعر اس تذکرہ کے لیے دیے تھے

ہے وصف روے یار نہ نو نام ماہ کا — کیا ذکر اس مقام پہ اوس روسیاہ کا
روشن ہمارا نام زمانے مین کب ہوا — یہان گل چراغ زیست سر شام ہوگیا
اوسوقت اپنے بام پہ آیا وہ رشک ماہ — افضل جب آفتاب لب بام ہوگیا
مانی نہ ایک بات نہ ٹھہرے وہ دو گھڑی — منت کی لاکھ ہمنے خوشامد ہزار رات
اتنے خط بھیجے ہین لکھ لکھکر کہ ہین یکدست شل — نامہ بر کے پاؤن مجھ خستہ جگر کی اونگلیان
افضل مین کیونکہ زانو نہ پیٹون کہ یاد ہے — باتین وہ کرنا یار کا زانو پہ دھر کے ہاتھ
مجھانکتے ہین وہ روزن در سے — نقش دیوار ہم ہین شش در سے
دل سے شکوہ زبان تک آکر — ہنگیا شکر آپ کے ڈر سے +
ہم وہ رند بادہ کش ہین ساقیا تو دیکھ لے — مے ٹپکتی ہے ہمارے زخم کے انگور سے
کل سے بیکل ہون بھلا خاک مجھے کل آئے — کل سے وعدہ تھا نہ آج آئے نہ وہ کل آئے

کیا فرا ہو کہ وہ دربان سے اپنے کہدین
کوئی یہان آنے نہ پائے مگر افضل آئے

شوخی غضب اوس شوخ کی خلقت مین بھری ہے
بجلی ہے شرارہ ہے چھلاوا ہی پری ہے

افضل تخلص افضل بیگ حیدرآبادی

یہان نہ آنا ہی غرض ہے عذر ورد سبب
مستفق من اک نہ اک تمکو بہانہ چاہیئے

افضل تخلص منشی حسن یار خان بہادر مخاطب بہ اسد الدولہ ولد باقر علی خان بن محمد یار خان رسالہ دار باشندۂ لکھنؤ شاگرد خواجۂ آتش انسے کلکتہ مین ملاقات ہوئی تھی یہ شعر اس تذکرہ کے لیے دیے تھے دیوان انکا نظر سے گذرا

وہ دیوانہ ہون جس پر رشک فرزانوں کو آتا ہے
فسانہ ہے پرستان مین مری زنجیر کے غل کا

خنجر کا ذکر قتل مین میرے نہ کیجیے
لیتے نہین ہین نام چھری کا شکار مین

یہ بیباکی فکر مین ہے وہ دہان کے خیال مین
دیکھو جسے وہ مست ہے اپنی ہی حال مین

موسے کی طرح تاب نظارہ نہ ہو سکے
غش آگیا جمال جو دیکھا جلال مین

آخر یہ حبّ مال وبال بخیل ہے
انصاف ہو تو قصّۂ قارون دلیل ہے

کیونکر خدا کرے نہ حسینون سے دوستی
خود عاشق جمال ہے خود بھی جمیل ہے

کرتا ہے آگے یار کے اکثر ہمارا ذکر
غماز گویا اپنی طرف سے وکیل ہے

افضل تخلص منشی تفضل حسین لکھنوی

دم رکا گیا نہ ہجر کا وصلت مین ای پری
شادی مین بھی رہا یہ مجھے غم تمام شب

افضل تخلص افضل علیخان ولد داروغہ اعظم علیخان

پہلو مین بیٹھکر مرا دل شاد کیجیے +
بندہ ہون سچ سے مجھے آزاد کیجیے

افضل تخلص شاہ غلام اعظم خلف شاہ ابو المعالی عالی بن حضرت شاہ محمد اجمل صاحب رحمۃ اللہ علیہ الہ آباد شاگرد ناسخ انسے دو دیوان اور ایک مثنوی یادگار ہین +

ہے یقین نور بصارت ہو زیارت افضل
سرمۂ خاک مدینہ لگے گر آنکھون مین

پھوٹین مری آنکھین جو کسی اور کو دیکھون
ناحق نہ سنا کیجیے افواہ کسی کی +

جی جاے جگر ٹکڑے ہو پھٹ جاے کلیجا
کیا تجھکو خبر اے بت گمراہ کسی کی

افغان تخلص الف خان درویش خصلت تھے

پہلے قدم مین عشق کے میرا تو جی گیا | مجنون یہ چند روز بھلا کیونکہ جی گیا

اکبر تخلص نواب محمد اکبر خان دہلوی برادر خورد جناب نواب مصطفےٰ خان شیفتہ شاگرد مومن خان صاحب دیوان گذرے

ہوا نہ شوق سے اوس کوچے مین گذر اپنا | ہمیشہ ہم سے رہا پیچھے نامہ بر اپنا
جنون عشق کا درمان نہ ہو کسی سے کبھی | کہو علاج کرے جا کے چارہ گر اپنا
عدو کے ذکر سے وہان ہو شمن جا ہے یہان موت آئے | مزاج اون سے بھی نازک ہے کسقدر اپنا
خانۂ غیر مین گر لگنے لگا دل تیرا | مجھکو بھی اور سے آتا ہے لگانا دل کا
قتل کر لاشۂ اکبر کو چھپایا گھر مین | بارے اوسنے مجھے جانے نہ دیا او کہین

وہان رسم اختلاط سے انکار و غدر تھا | یہان جان ہی نکل گئی اپنے نہین کے ساتھ

اکبر تخلص مرزا بھجو دہلوی شاگرد حاتم بڑے ظریف تھے

چھیڑا جو تک اوسے تو بگڑ کر کہا کہ واہ | تم کون ہو کہ ہاتھ لگاتے ہو گات کو

اکبر تخلص مکرم الدولہ سید اکبر علیخان مرحوم موسیقی مین اچھا دخل رکھتے تھے

طوفان سے کم نہین ہے اکبر کا دیدۂ تر | دیکھہ اوسکو ابر بھی یہان پانی بھرا کرے ہے

اکرام تخلص محمد اکرام اللہ خان ولد حکیم ہدایت اللہ خان دہلوی

آرزو وصل کی مٹانی تھی | کیا ہوا گر مٹا دیا دل کو

اکرام تخلص منشی محمد اکرام باشندۂ لکھنؤ

اعجاز پر ہے وعدۂ لب جان بخش آگئے | مُردون کو زندہ کر کے تماشا دکھا دیا

اکرم تخلص خواجہ محمد اکرم دہلوی تاریخ خوب کہتے تھے

اکبار ترے ڈیرے مین زاہد اگر آوے | مین جانون جو مسجد کیطرف پھر نظر آوے

آگاہ تخلص سید محمد رضا معروف بہ احمد مرزا باشندۂ دہلی شاگرد اسد اللہ خان غالب

ہجر کے ہاتھون کچھ ایسا زیست سے بیزار تھا | غیر کے بدلے بھی کل مرنے پہ مین طیار تھا
اوسی کی یاد مین سب عمر ہم نے کاٹی ہائے | جسے خیال ہمارا نہ ایک بار آیا

گھر غیر کا ہو راہ مین یہ بھی مری قسمت
لایا تو اوسے جذبہ محبت کا یہین تھا

آگاہ تخلص محمد صلاح دہلوی محمد شاہ جنت آرامگاہ کی عہد مین تھے

پیری مین کردن سیر جہان کی تو بجا ہے
دن ڈھلتے ہی ہوتا ہے تماشا گزری کا

آگاہ تخلص میر حسین علی افسانہ خوان شاہی باشندہ دہلی

ہان تیغ کھینچ آئے بت نازک مزاج تو
مرنے پہ آج یہ بھی گنہگار گرم ہے

آگاہ تخلص نور خان افغان قصہ خوان شاگرد ضیا

حلقہ چشم مین کیون آج ہے دم باہر کا
ہے کہان کا ہمین در پیش سفر دیکھین تو
منہ دیکھو اپنا سیکھو ابھی رسم چاہ کی
باتین بنا بنا کے نہ کیجیے تباہ لی

آگہ تخلص نیذت جوالا ناتھ خلف دانا رام برہمن فارسی بھی کہتے ہین کلکتہ مین رہتے ہین

جان جاتی ہے تڑپتا ہون پڑا
دیکھتے کیا ہو تماشا کیا ہے
تیرا دیدار میسر ہو مجھے
اس سوا اور تمنا کیا ہے

الفت تخلص مگل سین کایتھ باشندہ عظیم آباد شاگرد جرأت دہلی کی سیر بھی کی تھی

ہر قدم پر یہان تلک آنے مین سو سو ناز ہے
کیونکر گھر جائے گے شام و سحر دو چار کے

الفت تخلص ایک شخص باشندہ مظفر نگر کا ہے اور کچھ حال معلوم نہوا

ہمیشہ کہتے تھے الفت کو لوگ زشت نصیب
سو آج کوچہ مین تیرے ہوا بہشت نصیب

الفتی تخلص راجہ پیارے لعل عظیم آبادی ولد رای سکھن جی زبان پارسی مین اچھا دخل رکھتے تھے

خاکساری سے مثال نقش پا
جس جگہ بیٹھے وہین کے ہو گئے

الم تخلص آغا مہدی ولد آغا مرزا لکھنوی شاگرد نواب عاشور علیخان بہادر صاحب دیوان مین

چوسے ہین مین نے کب لب شکر فشان یار
آگاہ اس فرے سے کہان ہے مری بساط
چکھی کبھی نہ نعمت دنیا سوائے خون
گویا الم زبان سنان ہے مری زبان

الم تخلص محمد حسین خان غازی پوری شاگرد ضیا

گالیان سنتا ہون مین تیرے ہی منہ سے ورنہ
مجھکو اک بات تو کہنا یہ دہن کسکا

الم تخلص محمد علی شاگرد محمد ابراہیم ذوق باشندۂ دہلی

نہ تھا تحمل اگر اوسکے ناز کا تو پھر	الم فریفتہ کیون ایسے نازنین کے ہوئے

الم تخلص صاحب میر دہلوی خلف خواجہ میر درد مرحوم سنہ ۱۱۹۶ گیارہ سو چورانوے ہجری مین مرشد آباد مین تھے

اب تو اوس بت کو ہمنے رام کیا	بس خدا تجھکو بھی سلام کیا

الہام تخلص شیخ شرف الدین عرف شاہ ملول باشندۂ لکھنؤ فارسی بیشتر کہتے تھے ملول بھی تخلص کرتے تھے

تری جدائی نے یہان تک ہمین ملول کیا	کہ زندگی کے عوض موت کو قبول کیا
نگہ وہ دشنہ کہ طعنہ کٹار پہ مارے	مژہ وہ تیر کہ خنجر کو دھار پہ مارے
ارے بیکسی تیرے قربان ہو ن	بُرے وقت مین ایک تو رہ گئی

الہام تخلص فضائل بیگ شاگرد غرلت سورتی

چاہتے ہی وہ کرے رخصت تری بیمار کو	اب گلے ملنے دے اے قاتل ذرا تلوار کو

امامی تخلص خواجۂ امام بخش عظیم آبادی

اے چشم تو تھام اسکو ہو اشک تو جوش اوپر	مژگان نہین رکھ سکتی اس طفل کو دوش اوپر

امامی تخلص خواجۂ امامی مرتبہ گو ولد خواجہ آتمی دہلوی سنہ ۱۱۷۶ گیارہ سو ستتر ہجری مین مرشد آباد مین شدت گریہ سے مجلس عزا مین بیہوش ہو کر راہی ملک بقا ہوئے بعض صاحب تذکرہ نے انکا تخلص امانی لکھا ہے

گھیرا ہے مجھے غم نے عجب حال ہی جی کا	اے نالۂ دل وقت ہے فریاد رسی کا
کف افسوس ملتے ہو	کہون امامی گیا نہ آخر دل

امانت تخلص سید آغا حسن خلف میر آغا رضوی لکھنوی شاگرد دلگیر مرثیہ گو لکھنؤ یعنی کی انداز مین شعر اچھا کہتے تھے سنہ ۱۱۷۲ بارہ سو بچھتر ہجری مین قضا کی انکا دیوان دواوین نظر سوختہ سے گذرا

نادان کی محبت مین ہے سو طرح کا دھڑکا	دل دون کسی نادان کو مین ایسا نہین دیتا
وہ دم حسینون کا بھرتا ہے ہو چکی مری بیت	جو خود مر لگا کسیکو جلائے گا سپھر کیا

مرگیا

مرکی بھی بار خاطر ناز کبدن رہا | تابوت میرا یار نے رکھا نہ دوش پر
نے کرم نے مہر نی دین مروت نے وفا | ای امانت دل دیا تم نے اوسے کیا دیکھکر
محشر کا کیا وعدہ یہان فیصل نہ دکھلائی | اقرار اسے کہتے ہین انکار اسے کہتے ہین
باغ مین جاتی ہوا دس گل کی سواری اندزن | دم بخرائے پھرتی ہے باد بہاری اندزن
جی چاہتا ہے صنعت صانع پہ ہون نثار | بت کو بٹھاکے سامنے باد خدا کرون
آئنہ دکھلانے مین دیکھی جو وہ خسار صاف | بنگیا حیرت سے مین تصویر پشت آئینہ
بیداد مجھے یاد ہے واللہ تمھاری | یوسف کی قسم اب نہ کرون چاہ تمھاری
رفتار کی چلن سے غضب دل لبھا لیے | چھوٹے سے سن مین یار بڑے تم ہو جالیے
گردون کے دور مین اونھین کل نہین نصیب | جو لوگ اوڑھتے تھے دوشالے نئے نئے
خط اوسکا دیکھ مجکو یا مہ بروی بیٹھا اک نکالے | کہا سینے یہ کیا بولا کہ پیغام زبانی ہے

امانت تخلص امانت رائے باشندہ دہلی

تشریف یہان لاو یہ نامہ بر تو بھیجو | مت لو خبر ہماری اپنی خبر تو بھیجو

امانت تخلص میر امانت علی خلف میر کرامت علی ناگوری مقیم دہلی حیدرآباد مین انتقال کیا

بہار بھی نہین آئی کہ جوش وحشت سے | ہمارے پاؤن کو ہے ربط خار صحرا سے
اللہ رے رسائی دست جنون کہ ابد | دامن کی راہ لی ہے گریبان کے چاک کے

امانی تخلص ایک شخص دہلوی کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

کسکے یہ خارمژگان دل مین کھٹک رہے ہین | جو چشم سے لہو کے قطرے ٹپک رہے ہین

امجد تخلص مولوی محمد امجد دہلوی ولد مولوی محمد ارشد عالمگیر ثانی کے عہد مین تھے

جس گھڑی آپ کو دیکھون ہونہین جن قطرہ اشک | اپنی نظرون سے بھی امجد مین گرا جاتا ہون

امجد تخلص امجد حسین متوطن بلدہ الچپور علاقہ صوبہ دکھن

اوس لب لعل کی صفات امجد | کیا کہے ناطقہ تو لال ہے

امداد تخلص حافظ سید امداد علی ولد حافظ سید مہدی علی باشندہ فرخ آباد

بیکسی منزل مقصود کو پہونچاتی ہے | آہ کیا بے سر و پا عرش تلک جاتی ہے

امداد تخلص مرزا امداد علی شاگرد علیخان متفق باشندۂ لکھنؤ مقیم کلکتہ بشعر اس تذکرہ کو بھیجے

فراق مین لطف او ٹھا چکے ہین کسی ہم رو کو اثر یہ نالے دکھا چلے ہین کہ دل تو نکے ملا چلے ہین
سچ تو یہ ہے گر پسند خاطر عالی نہ ہو پھیر دیکھے آپ دل امداد کا امداد کو
پڑھتے ہی نامہ مرا کہنے لگا وہ شنگ گل مجھکو بوے عاشقی آتی ہے اس تحریر سے

امراو علی نام و تخلص امراو علی خان ساکن کول مقیم اکبر آباد ہر چند حرف آشنا نہ تھا مگر بڑا ذہین اور ذکی تھا ستر برس کی عمر مین انتقال کیا

رو بھول گر کسی نے چڑھائے اوڑا دیئے بادِ صبا کو گور غریبان سے لاگ ہے

آقی تخلص روشن بیگ دہلوی برادر خورد حمید اللہ ولد شاگرد نصیر مرد جاہل تھا شروع جوانی مین انتقال کیا

دل دھڑکتا تھا کہ پہنچے مین نہ آجای کیک ہاتھ سے چھوڑ دیا مین نے ترا جا کے ہاتھ

امید تخلص مولوی فرحت علی ولد غلام شاہ نامی پوری

مت ہو نہ ای امید ہو ہرگز فراق مین آخر دو چار ہونگے ہمدم صنم سے ہم

امیر تخلص قزلباش خان محمد رضاے ہمدانی امراے محمد شاہی مین تھی ہندی موسیقی مین انکو کمال تھا ۱۱۵۱ گیارہ سو اکسٹھ ہجری مین دہلی مین وفات پائی اشعار فارسی انکے اچھے ہوتے ہین

یار بن گھر مین عجب صحبت ہے در و دیوار سے اب محبت ہے

امیر تخلص امید علی خان خلف نواب خان جہان خان ہوگلوی

معلوم نہین شیخ کا ایمان کہان ہے زاہد کی تسبیح مین زنار نہان ہے

امیر تخلص نواب حسین علیخان خلف نواب امانت علیخان لکھنوی شاگرد احمد خانخان جوش

بے تکلف کیے دیتی ہے جوانی کی امنگ سر پر آنکے نہ کسی وقت دوپٹا ٹھہرا
لگتے آنکھون ہی آنکھون مین پرے دلکو دیکھیے دیدۂ دانستہ مین اندھا ٹھہرا
بوسہ طلب کیا تو وہ چین بر جبین ہوا دل کی ہوس بر آئی بت شرمگین سے

امیر تخلص نواب امیر الدولہ ناصر جنگ عرف مرزا مینڈو فرزند وزیر الممالک نواب

نواب شجاع الدولہ بہادر صاحب دیوان فارسی و ریختہ گوری دہلی مین اپنے مکان مین محبت مشاعرہ ترتیب دیتے تھے

یاس و غم و آزرو و جمع یہ سب چیز ہے — بلبی ترا حوصلہ دل بھی عجب چیز ہے
کل جو ہم نے سبزہ کے ساتھ سیر دیر کی — لڑکھڑایا تھا ہے پالیکن خدائے خیر کی

امیر تخلص منشی امیر احمد شاگرد اسیر خلف مولوی کریم احمد لکھنوی حضرت شاہ بینا قدس سرہ کی اولاد مین ہین اور صاحب دیوان ہین

قتل عشاق سے باز آئینگی کھاتی ہین قسم — طاق ابرو کی طرف ہاتھ اوٹھا کر بلکین

امیر تخلص مرزا امیر بیگ دہلوی مقیم گوالیار

آنکھ وہ کافر کہ قتل عام جسکی اک ادا — لب وہ روح افزا جسے مردے جلانا بات ہے
کب تلک روکے کہو کوئی کہ تم کو تو امیر — زہر مرنا سہل ہے اور زہر کھانا بات ہے

امیر تخلص میر امیر علی ولد میر مومن دہلوی شاگرد حکیم عزت اللہ خان عشق

ہم کو حاصل کیونکہ ہو تیری قدر بالا کی سیر — کب میسر ہو سکی ہے عالم بالا کی سیر

امیر تخلص مولوی امیر علی ولد قاضی روشن شوطن بلگرام

گل سامنے اسی گل تری مرجھائے ہوئے ہین — کیا ہمسری عارض گلفام کریں گے

امیر تخلص مولوی امیر علی ولد شیخ محمد عاشوری باشندہ سکندرپور مقیم اٹھی۔

جو اوس غنی کے در کا دل و جان سے ہے فقیر — کیا حاجت سوال ہے اوسکو امیر سے

امیر تخلص نواب علی محمد خان قوم افغان باشندہ دہلی شاگرد قیام الدین علی قائم سابقی مین اچھا دخل رکھتے تھے بعض صاحب تذکرہ نے انکی فرزند محمد یار خان کا امیر تخلص لکھا ہے

تھرتھراتا ہے اب تلک خورشید — سامنے تیرے آگیا ہوگا
اوس شکار انداز سے لگ کر کوئی بیٹھی ہے آنکھ — کیون نہ سوئے تھا ئنہ وقت رم نخچیر گا
ہاے سرخی تری حنا کی ہنگام عتاب — جتنا بگڑی ہے تو اوتنا ہی سنور جاتا ہے
بس مین آیا جو تمھاری اوسی جا ہو سو کرو — کیا ستم آدمی سہتا نہین لاچاری سے

امیر تخلص امیر اللہ باشندہ دہلی شاگرد نصیر دہلی مین اچھی مہارت رکھتے تھے۔

اس تشنہ گلو پری پھرا دیکھو قاتل | بے آب ترا خنجر خونخوار نہ ہوا ہو

امین تخلص امین الدین خان فرزند قاضی وحید الدین خان جو نجیب الدولہ نواب نجیب خان مرحوم کے عہد مین دہلی کے قاضی تھے صاحب دیوان گذرے

سخت کاوش مین ہون ہر رنگ تکلین | ایسے نام آوری کا منہ کالا
کون آتا ہے یہ کسکے پاؤن کی آواز ہے | ہر صدا ہی پا مین جسکے سو طرح کا ناز ہے

امین تخلص خواجہ امین الدین باشندۂ عظیم آباد نواب مظفر جنگ میر محمد رضا خان کے رفیقون مین تھے صاحب دیوان گذرے

خورشید ترا دیکھ کے منہ کانپ کے نکلا | مہ جا در مہتاب مین منہ ڈھانپ کے نکلا
دُر سے ترے نالہ بھی نکلتا نہین لب سے | ظالم ہی ترے ظلم کی تاثیر ہوا ہیر
بوسہ دیا ہے جی مین جو آوے تو پھیر لو | اتنا خفا ہو کس لیے اس خاکسار پر
یہ نہین جوہر نمایان تیغ تیز یار پر | کندہ رہا ہے نام مقتولون کا اس ہلوار پر
دل خیال زلف مین بیخواب و بے آرام ہے | رات ہوتی ہے امین بھاری ہر اک ہمار پر
کس سے تشبیہ دین بھلا تجھکو | ایک یوسف سو تیرا ثانی ہے

امین تخلص محمد اسمٰعیل پہلے وحشی تخلص کرتے تھے

گلشن مین جب اوس گل کا واسنہ قبا ہوگا | کیا جانیے بلبل کی پھر جان پہ کیا ہو
اپنی تو وہی عید ہے جس روز کہ ہمدم | نکھڑا وہ نظر آئے لب بام کسی کا
کیا غضب تیری آن ہے پیارے | میری اوس مین تو کہان ہو پیارے

امین تخلص سید محمد امین باشندۂ بنارس شاگرد غلام علی آزاد بلگرامی فارسی بیشتر کہتے تھے

کیون شعلۂ رخ مجھکو جلاتے ہو کہ سینہ | رکھتا ہون مین گل خوردہ بر رنگ پر طاؤس
جی سے کہدو کہ آہ سرد کے ساتھ | ٹھنڈے ٹھنڈے چلے تو چل نکلے

امتیاز تخلص علی نقی خان دہلوی ولد علی اکبر خان نواب علی وردی خان مہابت جنگ کے عہد مین مرشد آباد مین آکر رہے تھے

جون ہی بہار گل کی قفس تک خبر گئی | سنتے ہی بلبل ایسی ہی تڑپی کہ مر گئی

انجام تخلص عمدۃ الملک نواب امیر خان دہلوی شاگرد مرزا بیدل حال اونکے خاندان کا کتب تواریخ سے مانند شمس نصف النہار کی روشن ہے حاجت بیان نہین ۱۲۵۹ھ گیارہ سو اونسٹھ ہجری مین دہلی کے دیوان عام مین کٹاری کے زخم سے وفات پائی

ساتھہ اپنے سر کے تہا انجام پاس سلطنت
شکر ہے تڑپے نہ زیر خنجر جلاد ہم

بغیر میری دیکھہ کے مقتل مین یون کہنے لگے
کچھ تو یہ صورت نظر آتی ہے بیجانی ہوئی

انجم تخلص مرزا بندہ رضا عرف جہمن مرزا شاگرد میر کلو عرش

شام سے ہجر مین مرنے کا یقین ہے انجم
نہین امید کہ دیکھون مین سحر کی صورت

انداز تخلص مرزا غلام حسین دہلوی خلف مرزا ہدایت علی مرحوم شاگرد شیخ ابراہیم ذوق موسیقی مین اچھا دخل رکھتے تھے خاندان گورکانی سے تھے

دیکھیے آگے آگے کیا ہووے
دل لگی مین تو ہے ابھی سے رنج

جور و جفا کی اوسکے شکایت کرین تو کیا
سو شوخیان نکلتی ہون جسکے حجاب مین

نیم بسمل مجھے رکھنے سے تمھین کیا حاصل
ایک ہاتھہ اور بھی خنجر کا لگائے جاتے

تیور آج اور نظر آتے ہین اونکے ہمدم
غیر کچھہ چپکے ہی چپکے ہین پڑھاتے جاتے

اندوہ تخلص علی حسین خان مرحوم خلف شمس الدولہ بارگاہ قلیخان دہلوی شاگرد مصحفی

صیاد نے رکھے گل پژمردہ قفس پر
اچھی ہوس مرغ گرفتار نکالے

بارا تھا ہمین عشق نے اک پردہ نشین کے
کیون نقش ہماری سر بازار نکالی

انس تخلص سید محمد مرزا خلف مرزا فیض آبادی مقیم لکھنؤ شاگرد ناسخ صاحب دیوان ہین

طول مین ہین جو تری قد کے برابر گیسو
کہین برپا نہ کرین فتنۂ محشر گیسو

واہ ری مہر و وفا عاشق گیسو جو ہوا
پھر نہ چھوڑی کبھی اوس شوخ نے منہ پر گیسو

انس تخلص میر مہر علی مرتبہ گو خلف و شاگرد میر مستحسن خلیق باشندہ لکھنؤ

دیکھو دکھلاؤ خفا ہو کے نہ ہرگز آنکھین
اب کبھی بزم مین روئین تو گنہگار آنکھین

انسان تخلص اسد اللہ اسد یار خان اکبر آبادی امرائے محمد شاہی مین تھے ۱۱۵۸ھ گیارہ سو اٹھاون ہجری مین دہلی مین انتقال کیا اور اکبر آباد مین مدفون ہوئے

زمین و آسمان و دہر و مہ سب تجھ مین ہی انسان | نظر کر دیکھ تہ تک خاک مین کیا کیا جھکتا ہے

انسب تخلص میر ابو طالب ولد میر اکرام علی لکھنوی شاگرد عرش

ہے فرط داغ سے انسب کا سینہ تختۂ باغ | ہر رنگ گل ہے گل زخم سے بدن کی بہار
آئی نہ مثل مرکز عالم نظر کمر | ڈھونڈھا کیا مین شام سے لے تا سحر کمر

انسخ تخلص سید ابو تراب عرف منجھو صاحب مخاطب بہ سپہر الدولہ ولد سید اکرام علی لکھنوی شاگرد عرش شاہ لکھنؤ کے ہمراہ کلکتہ مین آئے ہین راقم کے دوستون مین ہین

باغ مین عکس رخ دلدار سے یہ گل کہلا | بنگئی پتون پہ جم کر دھوپ سونے کا ورق
ہے یہ تصویر بت بے پیر آنکھہ مین | پتلی کی شکل پھرتی ہے تصویر آنکھہ مین
آئینہ رو خیال یہ انسخ کو ہے ترا | پھرتی ہے رات دن تری تصویر آنکھہ مین

انسخ تخلص مولوی عصمت اللہ ولد چودھری رحمت اللہ مرحوم باشندۂ قصبہ پنڈوہ متعلق ضلع ہوگلی سال تولد انکا ۱۲۵۳ھ بارہ سو ترپن ہجری ہے طبع سلیم رکھتے ہین ذہن مستقیم رکھتے ہین شعر و سخن سے بہت شوق ہے اوائل بندگی سے نہایت ذوق ہے شعر اچھا کہتے ہین ایام صبا سے دار السلطنت کلکتہ مین رہتے ہین کلام اپنا راقم الحروف کو دکھلاتے ہین صاحب دیوان ہین بغیر مجبور تخلص کرتے تھے

روشن ہو چراغ اپنے الر داغ جگر کا | خورشید یہ ہو جاوے گمان شمع سحر کا
ایک ہی صیاد زیرک زاہد بکار ہے | سبحہ صد دانہ گویا دام ہے تزویر کا
کیا جاوے رعب کوچہ قاتل ہے عاشقو | تھرا رہا ہے پانو قرار و ثبات کا
پاؤن تلک پہنچی لٹک کر سر سے دامن تک | عرش تک پہونچا دھوان یہان آہ آتش بار کا
پوچھہ حال تو آغاز عشق کا انسخ | یہ مبتدا وہ ہی جسکی نہین خبر پیدا
رکھے نہ کام زینت دنیا سے صاف دل | محتاج سرمہ ہووے نہ دیدہ حباب کا
کس بادہ نوش کو ہے صبوحی کی احتیاج | دست سحر مین ہے جو قدح آفتاب کا
پیدا نہین ہے اوس رخ پر نور پر عرق | دیکھو کھنچا ہے عطر گل آفتاب کا
ہاتھہ ملکر رہ گئے ہم فصل گل مین اے جنون | پاؤن جب زندان مین بند سلاسل ہو گیا

ہوگیا

ہو گیا جو مجھسے دریا نوش کو ذوق شراب
آسمان شیشہ بنا اور مہر ساغر ہو گیا

ہین جواے طفل مجوسی لاشۂ عاشق ترے
تیرا کوچہ آج دخمہ کے برابر ہو گیا

کام لے آہ دکی جنبش سے جو تیغ تیز کا
کب ہو وہ سفاک ممنون خنجر خونریز کا

نمایان سبزۂ خط کب ہے گرد عارض جانان
اثر افسونگر دہ پھیلا ہے زہر مار گیسو کا

دیکھ پائے گر ترا رخ وے متوّ آفتاب
زرد ہو جائے شہ نیلگون پر آفتاب

ہے تماشا ان روزون کس نو مجسم آئینے
صورت مشاطہ پھرتا ہے جو گھر گھر آفتاب کا

آزاد باغ دہر مین سرسبز ہین مدام
کس دن نہین ہے سرو لب جو بیا نہیں

فیض بہار عام ہے اے دل عجب نہین
دریا مین مچھلیون کے بھی ہو جائین خار سبز

کیا خطا صیاد کی ہے دام کہے کیا قصور
آب و دانہ نے کیا مجھکو گرفتار قفس

سر بلند دنکو کیا ہے کہنے عالم مین اسیر
طائر سدرہ ہوا ہے کب گرفتار قفس

روے روشن سا نہو گا بزم عالم مین چراغ
کر رہی ہے یہ زبان حال سے تقریر شمع

ایک دن یہ ہے کہ پابند سلاسل ہون مین
ایک شب وہ تھی کہ تھی زلف معنبر ہاتھ مین

موے کمر کی طرح سے معدوم ہو گئے
تیرے دہن کی طرح سے گویا کہ ہم نہین

وہ دست و رعشہ نے حد سے بڑھایا پاؤن
نقش قدم کیطرح سے اوٹھتے قدم نہین

تھی در پہ کھڑے ہونے کی جنکو نہ اجازت
اب اونکی جگہ ہے ستمگار بغل مین

گھر بار کا اب مجمع عشاق ہوا ہے
رو چار مقابل ہین تو دو چار بغل مین

بڑی ہین منت اغیار سے اہل عزیز ایدل
نہ ہو وے حاجت روغن چراغ ماہ روشن کو

نہ پہونچے فائدہ سنگین دلونسے خلق کو ہرگز
بجھاتے پیاس کب دیکھا کسی نے آب آہن کو

روی صافی کی جدائی کا بیان کیا کیجیے
آئینہ رو ہے مرا حال دل زار آئینہ

چاند تلوا ایڑیان انگاری ہین پاپوش کبک
خط ہے طوطی لب ہے شکر صاف رخسار آئینہ

ہے دل صافی کو ہر دم روے صافی کا خیال
آئینہ کے روبرو رکھا ہے اے یار آئینہ

بھڑکی ہوئی جو عشق کی آتش بدن مین ہے
مانند شمع جسم مرا پیرہن مین ہے

کہتا ہون کچھ تو کچھ ہے نکلتا زبان سے — جوشِ جنون مین اپنے طبیعت بہک گئی
مخاطب جس سے ہو قاتل شہید بے اجل وہ ہو — زبان تیز کیا چلتی ہے گویا تیغ چلتی ہے

انشا تخلص میر انشاء اللہ خان خلف حکیم ماشاء اللہ خان مصدر انکا مولد مرشدآباد مسکن لکھنؤ وزیر الممالک نواب سعادت علی خان بہادر کے مقربون مین تھے بہت سی زبانون سے واقف تھے اور بہت سی فنون مین دخل رکھتے تھے مشکل قافیون مین شعر عاشقانہ اچھا کہتے تھے مشہور ہے کہ کچھ روزون میان معصفی سے اصلاح لیکر منحرف ہوکے ہجو لکھی تھی میان مظفر نے اوسکا جواب لکھا ہے کلیات انکا نظر سے گذرا

صنما برب کریم یہان تری ہین ہر ایک بلا — کہ اگر ایست بر کم تو ابھی کہے تو کہین بلا
وہ جو محو دشت نظارہ ہین بھی آہ بھر کے کہین ہیں وہ — کہ اسی تجلی نور نے ہمین مثل طور دیا جلا
بہ محمد عربی تو دی دو شہ جام بادہ نور دہ — کہ نیو جھے سکر مین ساقیا مجھے کچھ جہان کا نہ بھلا
بروان ساقی کوثر اسر خم کو پیر مغان ملا — سبھی اہل وجد کو مے ملا کے تو شیخ و شاب کو دی بھلا
یہ جو کہتے کہتے ہین ہم فقط سو غلط ہے محض انمٹ — جدھر آنکھ اوٹھا کے نظر کرون نظر آئے مجھکو وہ ملا
تجھے انشا او تو کیا کہون دو جہان مین کوئی بھی طرح نہیں — جو خدا کے نور سے پر نہو کہ محال دہر مین ہے خلا
وہان جھوٹ جھوٹ تم نے بنا ڈٹ سو غش کیا — ہم سچ مچ ایسا روئے کہ یہان چیٹ ہی غش کیا
اوس سے خلوت کی ٹھہر جاتی تو مین اللہ سے — واسطے دو دن کے عرش کبریائی مانگتا
ٹک آنکھ ملاتے ہی کیا کام ہمارا — تس پر یہ غضب پوچھتے ہو نام ہمارا
جھڑک کے کہنے لگے لگ چلے بہت اب تم — کبھی جو بھول کے اونسے کلام مین نے کیا
ہر چند کہ تیور تو لڑ جاتے ہین آپس مین — پر اپنا مین اگلا سا کچھ پیار نہین پاتا
کیون جی کیون آپ کی خاطر مین بھلا کیا آیا — کہ خفا ہو گئے کل ذکر جو میرا آیا
اوسکی بن پونچھے جو ہونٹون کی ہنسی یاد آئی — سامنے آنکھون کے اکبار اندھیرا آیا
اوسکی سادی وضع کی تعریف تم سے کیا کرون — منکا ہی پڑتا ہے وہان جو مین وہ گدرایا ہوا
اچھا جو خفا ہم سے ہو تم اے صنم اچھا — لو ہم بھی نہ بولینگے خدا کی قسم اچھا

اس سخی ہو ہوم سے مین تنگ ہون انشا
واللہ کہ اس سے ہمرا تب عدم اچھا

کچھ اشارہ جو کیا ہم نے ملاقات کا وقت
ٹاٹو کر کہنے لگے دن ہی ابھی رات کیوقت

جو بات تجھسے چاہیے ہے میرا مزاج آج
قربان تیرے کل پہ نہ ٹال آج آج آج

جب گڈگڈاتے ہین تجھے کچھ اور ڈھب سے تب
سنتے ہین گالیان تری ناچار چار پانچ

لگ جاتو مرے سینے سے دروازے کو کر بند
دے کھول قبا اپنی کی مخوف و خطر بند

گلبرگ تر سمجھ کے لگا بیٹھے ایک چونچ
بلبل ہماری زخم جگر کے کھرنڈ پر

بولے وہ جب ہاتھ رکھا مین نے اونکی ران پر
خیر ہے تمکو اجی لعنت کرو شیطان پر

کیون سا قیانہ لال ہوا تا یہ رنگ فرش
شیشے شراب سرخ کے ہین جامی سنگ فرش

بسکہ تھا تیرے شب ہجر مین بے نور یلنگ
مین نے لین کر دیمن یہان تک ہوا پور یلنگ

کیسی ہی کیون نہ ہم مین تم مین رکھائیان ہون
جب کھکھلا کے ہنس دو دو ہین صفائیان ہون

گر یار مے پلائے تو پھر کیون نہ پیجیے ٭
زاہد نہین مین شیخ نہین کچھ ولی نہین

یا وصل مین رکھیے مجھے یا اپنی ہوس مین
جو چاہیے سو کیجیے ہون آپ کے بس مین

ادا و ناز و حجاب و غمزہ کرشمہ شوخی حیا تغافل
تمھاری چتون کے آگے آگے یہ کرتی ہین تھام آنچل

حیف ایام جوانی کے چلے جاتے ہین
ہر گھڑی دن کیطرح ہم تو ڈھلے جاتے ہین

چھیڑنے کا تو مزا تب ہے کہو اور سنو
بات مین تم تو خفا ہو گئے لو اور سنو

غصہ مین تری ہم نے بڑا لطف اوٹھایا
اب تو عدو اور بھی تقصیر کرینگے

گالی سہی ادا سہی چین جبین سہی
یہ سب سہی پر ایک نہین کی نہین سہی

دیکھا نگہا مین اوسکے گوٹ لگی
دل کو پھر تازہ ایک چوٹ لگی

آج تو کپڑے نہ بدلو تم کو میری ہی قسم
آب کا میلا کچیلا پن ہے کچھ بیداد سے

کیا منہ بنا رہے ہو اللہ رے رکاوٹ
گویا کہ آشنائی گا ہے نہ تھی کسی سے

پھبتی ترے نکھڑے پہ مجھے حور کی سوجھی
لا ہاتھ ادھر دے کہ بہت دور کی سوجھی

صاحب کے ہر زہ پن سے ہر ایک کو گلہ ہے
مین جو بنا ہتا ہون میرا ہی حوصلہ ہے

دین گالیان ہزار و ن سن مطلع اس غزل کا
کہنے لگے کہ انشا اسکا یہی صلہ ہے

دو گھڑی دن سے کہا مینے کہ کیا ارشاد ہے
سن کے بولے اب ہوا کیا بات تیری یاد ہے

دو بوسون مین راضی نہ ہوا مین تو وہ بولے
تیری تو کسیطرح سے نیت نہین بھرتی

غیر کے اک اشارے پر اٹھ گئے میری پاس سے
تس پہ یہ مجھسے پوچھنا بیٹھے ہو کیون اودھر سے

یہ پیاس اپنی بجھے برف سے نہ شوری سے
بجھے تو نرگس ساقی کے آبجورے سے

بھری وہ آتش عشق اس دل تنگ مین ہے
کہ لاکھ برق نہان جسکی ہر شرار مین ہے

عجیب لطف کچھ اپس کی چھیڑ چھاڑ مین ہے
کہان ملاپ مین وہ بات جو بگاڑ مین ہے

کہنچ گئی آنکھو نمین کل جلوہ نمائی تیری
مجھکو کیا جانیے کیا بات خوش آئی تیری

چمن ہے جام و صہبا ہے گھٹا ہے اور خلوت ہے
اگر ایسے مین آجاؤ تو صاحب وقت فرصت ہے

رنجیتی

بن بیٹھے ہین دولہ دولہن اسوقت جو ہم تم
تو لاکھ روپے کا تو بندھے مہر دوگانا

اپنا جو جتاتا ہو ہمین زور نگوڑا
صدقے اوسے کر ڈالیے در گور نگوڑا

چبھتی ہے یہ تو نگوڑی مجھے بھاری انگیا
کوئی سادی سی مرے واسطے لاری انگیا

مجھے کچھ شرم بھی ہے بیٹھ پری او کم بخت
تاڑ جاوینگے بُرے لوگ ارے او کم بخت

پھول کی ایک کلی چونچ مین اپنی لیکر
دُم یہ بلبل نے پھلائے کہ الٰہی تو ہے

گٹھ گئی مجھسے دوکا نا تی ہین جو چھٹکی
تو بس ان چاد بھرے لوگون سے مجھسے کھٹکی

رات بھر اتنا ترستا ہی - باجی باجی
اب تو نوبت بھی اٹھو اجی باجی باجی

ایلو اس کوٹھری مین میرے ڈرانیکے لیے
اک عبا اوڑھ کے بن بیٹھی ہین جا جی باجی

کیا کہین بات ہم اوس مردوے کی مستی کی
آج تو اوسنے بہت ہمسے زبردستی کی

انصاف

تخلص عبد الرحمن خان ولد سالار بخش اکبر آبادی وارونۂ اصطبل راجہ بلوان سنگھ بہادر

حسد کی آگ سے غیر و کنھا دل کباب ہوا
ہمارے ساتھ جو لی اوسنے بادہ خواری رات

کہا ہی نادم ہوئے ہین اے انصاف
بے وفاؤن سے ہم وفا کر کے

انوار

تخلص شیخ عبد اللہ قنوجی

کیون طلوع اے آفتاب حشر تو ہوتا نہین
ہم پہ اک دن مہربان وہ ماہرو ہوتا نہین

انور تخلص غلام علی باشندۂ کالپی

ہووے دہن پہ تیرے جو شرمندہ مسی کی
تیرے لبون کا بوسہ مصری ہے کالپی کی

انور تخلص میر آغا ولد میر اب علی شاگرد مہدی علیخان کوثر باشندۂ لکھنو

لکھنو کا حال اگر ضعف و ناتوانی کا
کمیت خامہ نہ قرطاس پر رواں ہوگا
بیان کرے گا نکیرین سے فراق کا حال
وہان قبر کو لاشہ مرا زبان ہوگا

انور تخلص سید محمد علی خان عرف نواب دولہ رئیس شمس آباد

یارب کبھی کسی کا بتون پر نہ آوے دل
اور آوے تو نہ ہجر کے صدمے اوٹھاوے دل

انور تخلص حاجی حسین خان لکھنوی

دل کسی زلف کے پھندے مین مقرر اوجھا
اے مری جان جو تم پھرتے ہو گھبرائے بہت

انور تخلص پنڈت بشمبھر ناتھ لکھنوی ولد کیشو ناتھ شاگرد آغا حسین مرزا عشق و معصوم علی خان

مجھپر جو کچھ گذرتی ہے روشن ہے یار پر
خود حال آینہ ہے کوئی کیا خبر کرے
کیون سر شام سے گھبراتے ہو ٹھہرو صاحب
شوق سے گھر کو چلے جائیو کچھ رات رہے

انور تخلص ولے محمد خان باشندۂ دہلی جد و آبا اونکے داروغہ عدالت شاہی تھے فارسی بھی کہتے تھے

ایسی جان بخش ہوا موسم گل کی آئی
قصد پرواز مین ہین بلبل تصویر کے پر
انتظاری مین ترے چشم ہوا گوش ہوا
مژدہ آنے کا ترے سنتے ہی بیہوش ہوا
ہوا اشک خونی بہار گریبان
رگ گل بنے تار تار گریبان
رو برو آئینہ رو کے کیون نہ ہین دلگیر ہوون
حیرت نظارہ سے جون غنچہ تصویر ہوون

انور تخلص مرزا علی حسین باشندۂ لکھنو مقیم کلکتہ شاگرد علیجان شفق یہ شعر اس تذکرہ کے لیے بھیجے تھے

وعدہ تو کر دیا یہ خیال وفا بھی ہے
وہ بے کو کہتے ہین کوئی بوسہ دیا بھی ہے
کیون مفت اپنی جان تمھارے لیے گنوائین
نقصان کے سوا ہمین کچھ فائدہ بھی ہے

کیا پوچھتے ہو قیمتِ دل کا معاملہ | تم سے بھلا کبھی کوئی سودا بنا بھی ہے

انور تخلص سید شجاع الدین عرف امراو مرزا دہلوی خلف سید جلال الدین مجنوں نیر استاد محمد بہادر شاہ شاگرد محمد ابراہیم ذوق اشعار انکے خوب ہوتے ہین راقم سے انسے دہلی مین ملاقات ہوئی تھی

مرجائینگے جو درد اوٹھایا نہ جائے گا | الفت کو مرتبہ سے گرایا نہ جائے گا
نالہ نہ آئی ضعف سے گو تا بلب نہ آئی | کیا آسمان کو بھی ہلایا نہ جائے گا
ہے روز عید تم نہ ملو کے تو کیا بیان | خنجر کو بھی گلے سے لگایا نہ جائے گا
پردہ رخ وفا سے اوٹھایا نہ جائے گا | داغ اوسنے جو دیا ہے دکھایا نہ جائیگا
وہ آنکھین نہین ہائے کیا ہوگیا | وہ کافر تو اب کچھ نیا ہوگیا
مزاجب ہے ضد کا کہ تو مجھسے مل | فلک یار اغیار کا ہو گیا
تمھین یہان تک آنا قیامت ہے | ہمین جی سے جانے مین کیا ہوگیا
مجھکو آئینہ دکھاتے ہین دم عرض وصال | جرم سے میرے ہوئی تو پشت آئینہ

انور تخلص سید مہدی حسن ولد میر احمد علی لکھنوی شاگرد مرزا مہدی کوثر

تیر نظارہ دلبر جو ہین کھٹکا دل مین | روح کی طرح اوسے مینے چھپایا دل مین
نہ ہوا ایک خیال آئے تھے کیا کیا دلمین | رہ گئی یار کے ملنے کی تمنا دل مین

انیس تخلص میر ببر علی ولد میر مستحسن متخلص بہ خلیق خلف میر حسن صاحب مثنوی بدر منیر متوطن دہلی مقیم لکھنؤ مرثیہ گویون مین ممتاز ہین اور تحت لفظ پڑہنے مین کمال رکھتے ہین سوائے مرثیہ کے اور کسی صنعت سخن مین مطلق دخل نہین رکھتے بلکہ مرثیہ بھی انکا ایسا نہین کہ عیوب شاعری سے پاک ہو

ہوا ہے ابر ہے ساقی ہے مے ہے | پر اک تو ہی نہین افسوس ہے ہے
کس سے اے شوخ ہوئی رات کو ہاتھا پائی | نور تن آج جو ڈھلکا ہے ترے بازو سے
کل تو آغوش مین شوخی نے ٹھہرنے نہ دیا | آج کی شب تو نکل جاے مرے قابو سے

انیس تخلص امیر الدولہ نوازش خان ہمشیرہ زادہ شاہ نواز خان دہلوی شاگرد میر ممنون شاہ عالم بادشاہ کے عہد مین خدمت مختاری رکھتے تھے آخر عمر مین

شعر گوئی ترک کی تھی بعض صاحب تذکرہ نے انکی والد کا نام شاہ نواز خان لکھا ہے

پر کالۂ آتش ہے وہ رخسار انیس آہ | چہرہ جو غضناک ہوا اور بھی چمکا
کشتی سے اپنے چرخ خبردار رہ کہ آج | رکھتے ہیں سر بشک دیدۂ طوفان نشان ہمین
آہ یہ کس یادگار رہی ہے | آج جو دل کو بے قراری ہے

آوارہ تخلص محمد کاظم برادر حقیقی میر زین العابدین

اے عندلیب جا کے کرا گی چمن مین کیا | باد خزان سے سب گل گلزار بھر گئے

اوباش تخلص امیر الزمان پیرزادہ لکھنؤ شاگرد میاں مصحفی

قطعہ

یار مجھسے وہ مہ جبین نہ ہوا | میری خواہش پہ آسمان نہ جھکا
ہو گئے پیر انتظار مین ہم | تو بھی او باش وہ جوان نہ رہا
دل و دیدہ اپنے جو یار تھے سو وہ رنج و غم مین ہمیں چھوڑ گئے | ہمین جنسے چشم امید تھی وہی آخر سے پیارے نکلے

اوج تخلص نواب اشرف علی خان شاگرد متبرف

زندگی ہو گئی فروت مین قضا آنے سے | ملک الموت مرے حق مین سیما ٹھہرا
بندہ ہے تیرا لاکھ چڑھے آسمان پہ چاند | مٹتا ہے یہ کلنگ کا ٹیکا جبین سے کب

اوج تخلص شیخ عبدالکریم برادر کوچک شیخ عبدالصمد فوق خلف شیخ محمد روح اللہ باشندۂ میرٹھ

قتل پر ہین نہ وصل پر راضی | رنگ بگڑا ہے کیا مقدر کا
فلک دون سے کیا مدد چاہین | اوس سے مانگین جو ہو برابر کا

اوج تخلص میر محمود خان ولد میر خوابہ شاہ رضوی باشندۂ لکھنؤ شاگرد رشک صاحب دیوان ہین

ابرو ہلال بدر جبین خال ہے زحل | کیونکر نہ ہو فلک پہ تمھارا بھلا دماغ
دو چار چیزین چاہین معشوق مین ضرور | انداز غمزہ عشوہ شرارت ادا دماغ

اوج تخلص مرزا علی حسین خلف مرزا عسکری منجم باشندۂ لکھنؤ شاگرد آتش صاحب دیوان گذرے

نرگس سے چشم سرو سے قد غنچہ سے دہن رخ رشک گل ہے غیرت ابر بہار زلف

اوج تخلص مولوی امام الدین باشندۂ قصبۂ بہانی توابع لکھنؤ شاگرد نواب عاشور علیخان

اے اوج اوسکو جان وسیلہ نجات کا | دل کو ترے لگی ہے جو خیر البشر کی لو

اوج تخلص عبد اللہ خان باشندۂ دھنا مقیم دہلی انکو عارضہ خلل دماغ کا تھا

بھاتا ہے جوش عشق شیرین وشان مین رونا | ہے آب شور گریہ آب زلال اپنا

اوج تخلص قاضی عنایت حسین خان بہادر صدر الصدور متوطن غازی پور

گنہگار محبت اوج ہین اوس چشم مے گون کے | ہمین اس جرم پر آنکھین نکالے جسکا جی چاہے

اوصاف تخلص ایک شخص کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہوا

لغزش بہت ہے پاؤن کو دے ہاتھ ساقیا | ہوتے نہین ہین مست شراب کس کے پاؤن

اولی تخلص نام میر اولاد علی

بتان ہر چند بہلاتے ہین میرے دل کو پر اولے | ادا کس طرح مجھکو اوس پری رخسار کی بھولے

اولیا تخلص میر اولیا لکھنوی مرشد آباد مین سکونت اختیار کی تھی

رخ اپنا بادہ گلگون سے تم نے لال کیا | چراغ حسن کو پانی سے آشنا کیا

ہنسی آتی ہے مجھکو اولیا کی پارسائی پر | ادھر تو ہاتھ مین تسبیح ادھر زنار پہلو مین

اویسی تخلص غلام محی الدین خان باشندۂ بریلی اشعار فارسی اوسکے نہایت مطبوع ومرغوب ہوتے ہین

لکھتی ہے گلستان کو جو باد سحر تازہ | ہے آہ سے اب میری ہر زخم جگر تازہ

آہ تخلص میر اکبر علیخان لکھنوی ولد سید ولایت علی خان بن محمد حسین خان مخاطب بہ مرصع رقم خان صاحب نوطرز مرصع صاحب دیوان ہین

اس قدر رویا ہون خون بن بن کے چشم مست مین | ہین حنائی پنجۂ مژگان ترکی اوللیان

آہی تخلص میر عبد الرحمن خلف میر حسین تسکین باشندۂ دہلی شاگرد مومن خان مومن اچھا دخل رکھتے تھے

تمھارے حسن مین گرمی نہین ہے | اگر ہووے تو ابند قبا ہو

کھل گیا دروازۂ جنت بھی اپنے گور مین
پر دل وحشی یہ کہتا ہے بیابان چاہیے

اوٹھ کہین ہے آمد آمد اوس ستمگر کی دہان
اہل محشر مجھکو یہ مژدہ سنا کر لے گئے

شکوہ کہان کا کیسا گلہ جی نکل گیا
شرما کے یار نے جو ہین نیچے نگاہ کی

ایجاد تخلص مرزا رحیم الدین دہلوی خلف شاہزادۂ حسین بخش شاگرد مولوی امام بخش صہبائی و مرزا قادر بخش صابر

بتخانے مین تھا یا کہ مین کعبہ کے قرین تھا
اے زاہد نادان تجھے کیا مین کہین تھا

دیکھو تو مری ضد کہ کسی شب وہ ستمگر
آیا بھی تصور مین تو دشمن کے قرین تھا

یہ کس خلش کا تقاضا رہا کہ تا دم صبح
کچھ آپ ہی آپ رہی دل کو بیقراری رات

یہ باتون مین بھلائی وہ دل چین کے لیجائے
کیا یاد ہین ڈھب لب کو تری اور نظر کو

لگے جسے نظر اپنی چرا نے
وہ سمجھے جس گھڑی لطف نظر کو

سبب سمجھا جو بیماری کا وہ شوخ
نہ آیا پھر کبھی میری خبر کو

ایما تخلص حکیم واحد علی باشندۂ ڈھاکہ شاگرد مولوی رشید النبی وحشت

دیدۂ گریان ہے اپنا ابر باران کیطرح
شعلہ زن ہے آہ سوزان برق خندان کیطرح

دیدۂ گریان کو ہے جو زلف پرخم کا خیال
تار اشکون کے بنے ہین مار پیچان کیطرح

ایمان تخلص سید شیر محمد خان حیدرآباد دکن کے شعرائے مشاہیر مین تھے

جو داغ ہے دل کا سو برنگ پرطاؤس
ہو کیون نہ نجل دیدۂ تنک پرطاؤس

ہے مرہم زنگار کا دشمن دل پر داغ
یہان شہپر طوطی سے ہے جنگ پرطاؤس

روا ہے کونسی مشرب مین یہ اے عشق ناانصف
دل پرویز خوش ہو خاطر فرہاد مخزون ہو

مے گلگون کا جسدم بزم مین ساغر چھلکتا ہے
ٹپک پڑتا ہے خون دل مرا ایمان آنکھ سے

قدر یاقوت نہین لخت جگر کے آگے
ابر بھی پانی بھرے دیدۂ تر کے آگے

ہے بناگوش سے شرمندہ ترے آب گہر
شمع کو تاب نہین نور سحر کے آگے

حرف باے موحدہ

باطن تخلص حکیم میر قطب الدین اکبرآبادی شاگرد گلزار علی آسیہ

گئی ہے آنکھون کی رہ تیری انتظار مین روح | رہی نہ نام کو اب جسم خاکسار مین روح

باقر تخلص میر باقر علی برادر خورد و شاگرد میر فرزند علی موزون

جو رہتا ان سے سینے مین کیا کیا خراش ہے | دل ٹکڑے ٹکڑے سب ہی جگر پاش پاش ہے

باقر تخلص باقر علی خان ناظم صوبہ حیدرآباد شاگرد شاہ کمال کمال

رونی کی سن صدا مری بولا وہ دیکھیو | خانہ خراب یہان پس دیوار کون ہے

باقر تخلص نواب محمد باقر خان خلف نواب ظہیر الدولہ غلام یحییٰ خان بہادر وزیر محمد علیشاہ بادشاہ اودھ شاگرد خواجہ وزیر وطن انکا کشمیر مسکن لکھنؤ

غیر کے کہنے سے گو اوسنے چرائین آنکھین | ہوگئی صلح جو اکبار لڑائین آنکھین

بوسۂ چشم کبھی ہم نے جو مانگا باقر | یار نے چین بہ جبین ہوکے دکھائین آنکھین

باقر تخلص باقر خان ولد اصالت خان باشندۂ الہ آباد

ہاے افسوس چھٹا موسم گل ہی مین چمن | مجھ سے ناکام کوئی باغ مین صیاد نہین

باقر تخلص میر باقر علی باشندۂ جون پور ولد میر علی حسین پیشتر پنجاب کیطرف رہتے تھے

چکھائینگے تجھے نازک مزاجیون کا مزا | اگر ذرا ہمین دل پر کچھ اختیار رہا

تجھے تو مشغلہ اعیار سے رہا تا صبح | تری بلا سے کسی کو گر انتظار رہا

باقر تخلص منشی باقر رضا ولد قاضی اکبر علی منصف پٹنہ باشندۂ عظیم آباد شاگرد مولوی عصمت اللہ انسنج مقیم کلکتہ

روز وعدہ کرتے ہو آنیکا پر آتے نہین | قول کب پورا ہو صاحب تمسے فقرہ بانکا

لکھتا ہون حال جدائی کا جو تیری اے جان | حرف از خود مرے نامہ سے جدا ہوتا ہے

کسطرح دل سے بخار اپنا نکالون باقر | میرے رونے سے مرا یار خفا ہوتا ہے

باقر تخلص سید محمد باقر علیخان مخاطب بہ اعتضاد الدولہ برادر کوچک ذوالفقار الدولہ ولد سید محمد تقی علی خان شاگرد مرزا مظفر علی ہنر باشندۂ لکھنؤ مقیم کلکتہ صاحب دیوان لور رائم کے دوستون مین ہین اشعار مرقومۂ ذیل مین تنکرہ کے لیے لکھے تھے

خاک پر دانون کی تھی بس ول لگن مین کچھ رہا — صبح کے ہوتے ہی ہونے انجمن مین کچھ نہ تھا
کسی طرح سے نہ کم ظرف ہونگے عالی ظرف — حباب لاکھ بڑھے آسمان نہین ہوتا
نہیش غم نے اسقدر رگ رگ مین میری کی خلش — مغز بنکر دردھرا کف استخوان مین رہ گیا
نزاکت سے کمر دوہری ہوئی جاتی ہے چلنے مین — وبال دوش ہے اوس نازنین کو بار کاکل کا
عرش علی تک گزر ہے نالہ شبگیر کا — دیکھ اے پیر فلک کیا توڑ ہے اس تیر کا
جبھہ سائی کے لیا تک آستان یار پر — مٹ گیا سنگ در جانان سے خط تقدیر کا
نہ مرتا ہجر مین تو عاشق دلگیر کیا کرتا — سوا اسکی وصال یار کی تدبیر کیا کرتا
بوسے یہ اونسے وصل مین کیا حجتین رہین — گذری تمام رات سوال وجواب مین

باقر تخلص باقر علی خان ولد امجد علی خان خویش سبحان علی خان کمبوہ باشندہ لکھنؤ انکا تمام کلام اسی طرز کا ہے

حادث ہو کیون نہ صورت عالم ترا دہن — لب بھی نئے نئے ہین ترے اور نیا دہن
کف لاتا ہے عدو کف مار سیاہ سا — ہے صورت دہانۂ مار قضا دہن
اے بحر حسن دانت ہین سلک گہر تری — موجین ہین گال لب ہے حباب آشنا دہن
آگے تو گالی دے کے زبان خوب صاف تھی — اب منہ چڑا کے بگڑا ہے کیا آپکا دہن
باقر ریاض شہ مین جو مدفن کی ہے طلب — واکر نماز فجر مین بھر دعا دہن

باقی - تخلص ایک شخص کا ہے جسکا اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

یہ مال کیا ہی گیا تو گیا بلا سے دل — چھپائین کا ہے کو ہم اپنی دلربا سے دل

ببر علی تخلص ونام شاہ ببر علی مرید وتلمیذ شاہ محمد ذکی مائل تخلص انکا انکی غزلون مین بہت کم آتا ہے

سیر گلشن کی کرے اب بلبل — پھر کہان آشیان کہان یہ باغ

بحر تخلص نواب علی احمد خان شاگرد ناسخ باشندۂ عظیم آباد

کشتی نوح بھی آئے تو نہ ساحل ہو نصیب — دیدۂ تر نے کیا میرے وہ طوفان پیدا

بحر تخلص شیخ امداد علی خلف شیخ امام بخش باشندۂ لکھنؤ شاگرد ناسخ عروض وقوافی مین

اچھا ہو خل رکھتے ہین دیوان انکا نظر سے گذرا راقم سے انسی لکھنو مین ملاقات ہوئی تھی شعر اپنے ازر اقتدا ہے

بتو خدا یہ نہ رکھو معاملہ دل کا
برا بھلا نہین ہو جائے فیصلہ دل کا

خدا یہ نالہ و فریاد سازوار کرے
کہ دل لگی ہے ہماری یہ مشغلہ دل کا

کچھ ریاضت سے نہین پشت خمیدہ زاہد
بار عصیان وہ اوٹھایا کہ ہوئی چور کمر

پردہ بھی روز وصل نہ اوٹھا کسیطرح
سرکا نہ سینہ پر سے دوپٹا کسی طرح

کیا کہا نہ مجھسے سنگدلی دلبرون نے کی
پتھر پڑین سمجھ پہ نہ سمجھا کسی طرح

آنکھ کھلتے ہی سیر ہوا دیدار قفس
موے مرگان مری قسمت سے ہوئی تار قفس

ہم اسیرون کی اگر تیر نظر کاری ہین
ہوگی دیوار چمن صورت دیوار قفس

کہے دیتی ہے بنائے قفس تابوتے
مرگئے پر بھی نہ چھوٹینگے گرفتار قفس

ہمصفیرو کوئی کیا جانے اسیری کا مزا
مین چمن بیچ کے ہوتا ہون خریدار قفس

پر خدا وہ تو نہ اوڑھل کہ اسی مین ہی نجات
کب ہوا بلبل تصویر گرفتار قفس

بیان ہر اک عیش کے انجام کا آغاز ہے کم
راحت باغ کو بلبل سمجھ آزار قفس

روبصحت ہوے زندان سے جو مرکر نکلے
گور مین نقل مکان کرتے ہین بیمار قفس

ایسے عمامے سے تو انگوچھا ہی خوب ہے
زاہد کے ہاتھ چھوٹے کہین برہمن کے پاؤن

مجھسے ہنستے ہین تو منہ سرخ ہوا جاتا ہے
خوش ہین نکلا ہر مین لی آگ بگولا دل مین

آج کل اونکی خریداری ہے میٹھا سا ہے
بیچتے ہین کوزۂ قند مکرر چھاتا ن

ایک دن مجھکو ہنسائینگی مقرر پلکین
آنکھین صیاد مین بیٹی ہین ستمگر پلکین

تو وہ بے درد ہے جسوقت پھری تیری نظر
تل بھر آنکھین نہ کرین رحم نہ جوبھر پلکین

جان نکلے ہجوم غم مین کیون کر
کچھ بھیڑ چھٹے تو راستا ہو

ماہ کو نقرہ مہر کو زر دو
جسکو چاہو اوسکو بھر دو

خدا کسی کو نہ روز سیاہ دکھلائے
گہن مین چاند ہے تاری شب ہجر کہین

ہوئے ہین ایسے مجھے زندگی کے دن بھاری
کسی سے لاش بھی اوٹھے یہ احتمال نہین

جو اس مقام پہ آیا ہے ہاتھ ملتا ہے
ہتیلیون مین کسی آدمی کے بال نہین

ہماری سوز درون کا نہ پوچھیے عالم
وہان دماغ سے اوٹھتا ہے سر کے بال نہین

جو منچلے ہین سپاہی کسی سے دبتے ہین
جہان مین سبزۂ شمشیر ایا ل نہین

ہوائے عیش کو سر سے نکال ہوش مین آ
سحر ہی شام جوانی سپید بال نہین

ہر ایک لاف زنی کرے اپنی گہر مین بحر
نکل گئے منہ سے جو بولے زبان مجال نہین

محفل مین بیٹھکر یہ اشارے بھلی نہین
فتنے اوٹھینگے یارہ اس آفت کی آنکھ سے

بخشی تخلص حسین بخش پارچہ فروش اکبر آبادی بعض صاحب تذکرہ نے اسکا بزاز تخلص لکھا ہے

کہون ہون جس سے مین اونکو بلا لاوہ یہ کہتا ہے
مجھے بیہودہ مت دوڑا نہ آئینگے نہ آئینگے

بدر تخلص مرزا بلاقی ابن شاہزادۂ نصیر الدین بہادر دہلوی شاگرد مرزا سلیمان رفعت

سن لینا اک دن کراوسے غم نے کہا لیا
غم کہا نیگا یونہین جو یہ مخوار آپ کا

اپنے ہی پرسش مین ہوگا ختم کوہ ہنگامہ سب
گر قیامت مین ہمارے حال کا دفتر کھلا

اک کشتی طوفان زدہ گردون کو بنایا
اللہ رے گریہ مرے اس دیدۂ تر کا

گھٹا نہ خاک ہوے پر بھی کچھ وقار اپنا
ہمیشہ دوش صبا پر رہا غبار اپنا

مین اگر جاؤن تو نکلے مطلب دل کچھ نہ کچھ
میرا جانا اور ہے قاصد کا جانا اور ہے

بدر تخلص سید آغا علی خان خلف میر عباس سوختہ ہی باشندۂ لکھنؤ شاگرد محمد بخش شہید

پروانہ شمع طور بھی ہے جنکی حسن پر
ایسی ہین گوری گوری تمہاری کلایان

بدر تخلص میر بدر الدین باشندۂ کرنال مقیم دہلی

کس مزہ کی یاد تھی ہمدم کہ شب تا صبح پھر
ہر نفس کے ساتھ دل مین خار سا کھٹکا کیا

کسکا خواہان ہے کہ دل قافلۂ اشک کے ساتھ
دمبدم سینے سے آنکھون مین چلا آتا ہے

بدر تخلص شیخ الٰہی بخش شاگرد مہدی علیخان بلیس

قفس نصیب ہوا جبکہ فصل گل آئی
نہ دیکھی بلبل ناشاد نے چمن کی بہار

برشتہ تخلص شرف الدین تلمیذ بھوری خان آتشفتہ باشندۂ دہلی

رشتہ توڑا برشتہ الفت کا
دیکھ اوسنے شکستہ حال مجھے

برستہ تخلص آغا حسین علی مرحوم لکھنوی شاگرد میر تقی صاحب دیوان فارسی و ریختہ گزرے

ہر وقت ہم سے کرتا ہے وہ نوجوان دماغ | اتنا دماغ اوٹھانے کا ہمکو کہان دماغ
بوے عنبر سے جو سارا بھر گیا میرا دماغ | کوئی زلف یار سے بادِ صبا آئی نہ ہو

برق تخلص میان شاہ جی شاگرد مصحفی

کیا دھوم سے آندی ہے گھٹا ایسی ہوا مین | افسوس کہ ساقی وے وجام نہین ہے

برق تخلص فتح الدولہ بخشی الملک مرزا محمد رضا خان بہادر خلف مرزا کاظم علی صالح شاگرد ناسخ و احد علی شاہ کے ہمراہ کلکتہ مین آئے تھے ۱۲۵۸ھ اٹھارہ سو ستاون عیسوی مین یہین وفات پائی شعر خوب کہتے تھے صاحب دیوان گذرے

یاد فرمان آشنائی بحر فرقت ہے مجھے | مغتنم دریا مین تنکے کا سہارا ہو گیا
مین تو کیا بچ سے بالون کے نکلنا ہو محال | پیر بھی آئین اگر اے مہ تابان سر پر
کچھ پستی نصیب سے اپنے عجب نہین | بدلے جبین کے ہو خطِ تقدیر پا وان مین
قیس کا نام نہ لو ذکر جنون جانے دو | دیکھ لینا مجھے تم موسم گل آنے دو
مسکنو آہ رحمت ہون غنیمت سمجھو | سال بھر روز لگاتی ہے جھڑی میری آنکھ
چشم پوشی نہ کرو مجھکو دکھاؤ صورت | آپ سے رکھتی ہے امید بڑی میری نگہ
پردہ تو پردہ اور سنو لنترانیان | آتے نہین ہین خواب مین شرما کے سامنے
کیسان ہین یا دشاہ وگدا جوش عشق مین | پست و بلند ایک ہے دریا کے سامنے
ہم تو اپنون سے بھی بیگانہ ہوے الفت مین | تم جو غیرون سے ملے تم کو نہ غیرت آئی
دیکھیے حالت دل درد سے کیا ہوتی ہے | روح نام شب فرقت سے فنا ہوتی ہے
ہین جو روتا ہون تو کہتے ہین مجھے منس منس کے | جو کرے عشق یہی اوسکی سزا ہوتی ہے
اودی کرتی لال کیون اور اودیہ سنہری ہو گئی | ابر سے نکلا جاند کا ٹکڑا برق کی دلکو چوٹ لگی

برق تخلص محمد نجم الدین باشندہ سکندر آباد مقیم اکبر آباد ولد قاضی سراج الدین شاگرد مومن

کیا کیا اوڑے ہین جیب و گریبان کے دھبے ۔ ہاتھ سے جب کہ یار کا دامن نکل گیا
کیا لگی پھرتی ہے اوس پاے نگارین ہی بہار ۔ جس جگہ اوسنے قدم رکھا گلستان ہو گیا
صورت گل چاک اپنا جگر جو برق ہیا ۔ چارہ گر کو فکر ہے ٹکڑے گریبان ہو گیا
رشک عدو و حسرت وصل آرزو و مرگ ۔ صدمہ ہے کونسا جو مری جان پر نہین
دیکھ لین ہم بھی تو دل لیتا ہے کیونکر کوئی ۔ ہان اشارہ تو کرے چشم فسون گر کوئی
ہون وہ ناکام مجھے وصل تمان تو کیسا ۔ سر کے ٹکرانے کو ملتا نہین پتھر کوئی

برق تخلص ابو علی باشندہ ڈھاکہ خلف میر محمد علی فاضل

ہے گھٹا یہ یا کہ ناگن یا کہ کالی رات ہے ۔ زلف مشکین ہے یہ یا کہ پردہ ظلمات ہے

برکت تخلص برکت اللہ خان باشندہ کوتانہ بمتیر فارسی کہتے تھے

ملا ہیا خاک تیرے غم سے دل غمناک سینے مین ۔ اگر ڈھونڈے کوئی دل کو تو پاے خاک سینے مین

برکت تخلص منشی برکت علی خان باشندہ خیر آباد در اصل بنیالہ کے مختار تھے اشعار سے نہایت شوق رکھتے تھے اور خوب کہتے تھے

پہونچے آسیب نہ اوسکو کہین دلگیر ہو ۔ نالہ شب مین الٰہی مری تاثیر نہو
دل بیتاب کسطرح سے ٹھہرائے کوئی ۔ مجھے سمجھائے کوئی یا اوسے سمجھائے کوئی
غم اوٹھانا مرے اس دل کا کٹھن کام تھا ۔ ایک دم کے لیے بھی پاس جو ٹھہرائے کوئی
تصور مین تری گر کوئی چھیڑے ہے تو کہتا ہون ۔ ذرا دم لو کوئی آیا ہوا جاتا ہے قابو سے
خط کی نمود چہرے پہ معلوم ہو گئی ۔ قاصد نے جب کہا کہ یہ خط کی رسید ہے
مجھکو رکا رکا سا جو پایا تو یہ کہا ۔ پالے ذرا نہ ڈالے کسی بدگمان کے

برہان تخلص نواب برہان الدین حیدر خان نبیرہ محمد امام الدولہ بہادر

جب آہ کھینچی پہلے مرے اس نے دی دکھا ۔ کوتہ کمند تھی یہ رگ جان سے کب

بسمل تخلص سید جبار علی نبیرہ جبار گڈہ راجہ بنارس کی سرکار مین چہ علاقہ رکھتے تھے مدت تک عظیم آباد مین رہے ہے

اگر ہر سانس ہوتی ہے نہ تنہا چشم سے ۔ ہے تماشا ستونون مین مرے گلزار کا

ہر دم مجھے نیاز اوسے ناز ہی رہا | انجام کار عشق کا آغاز ہی رہا
یاد آگئی مشت خاک اپنی | اوڑتی جو کہین غبار دیکھا
تیری ہی یاد ذکر ترا ہی ہر آن ہے | گویا کہ اسلیے مرے منہ مین زبان ہے

بسمل تخلص محمد عبد الحکیم خلف حکیم پیر بخش برادر زادہ مولوی امام بخش صہبائی متعلم دہلی

مرے بالین پہ وقت نزع کا ذکر ایک دم اوسکو | رہے گا حشر تک سینے مین میرے نہ داغ ارمان
مین کیا کہ خبر اوسکو اپنی ہی نہین ہمدم | کم بخت یہ دل اپنا آیا تو کہان آیا
وحشت سی برستی ہے آوارہ سے پھرتے ہو | دل آپ کا اے بسمل سچ کہیے کہان آیا
حضرت بسمل کی حالت دگرگون دیکھ کر | پیر و مرشد خیر تو ہے آپ کو یہ کیا ہوا
شیخ سے کوئی بڑا بتاتے ہو | اسکا تم کو مزا چکھائین گے ہم
ناصحا توبہ لے وخدا کا نام | دل لگانے سے باز آئینگے ہم
ہر ہر نگہ مین ناز فروشی ہے کس لیے | اپنا تو اب وہ دل ہے نہین وہ جگر نہین
قاصد پھرا ہے یون کہ خدا خیر ہی کرے | میری طرح سے کیا اوسی اپنی خبر نہین
کھلے گا جس گھڑی حق ہم دہین سر کو جھکا ینگے | نہ ہم کو رتبہ یہ کافر سے نے نفرت مسلمان سے

بسمل تخلص حافظ محمد حسین ولد حافظ محی بخش عرف حافظ مہو دہلوی شاگرد مرزا قادر بخش صابر

نہ آو گے یہان تک اور نہ مطلب دل کے ہوینگے | نہ ہٹے گا قیامت تک کبھی دامن حنا کا
دل تو نے ہم سے اوبت کافر اوٹھا لیا | اس ناز کی مین بوجھ یہ کیونکر اوٹھا لیا
تم سے دل کی ناز برداری نہ ہوگی دل نہ لو | جان من یہ دل بڑی نازوں کا ہے پالا ہوا

بسمل تخلص مولوی محمدی عرف میان صاحب دہلوی مولانا فخر الدین قدس سرہ کے یاران خاص مین تھے

اوس لب کی صدا یاد مین پنجہ مین مژہ کے | کب اشک سے تسبیح نہین جگری ہے

بسمل تخلص محمدی بیگ عرف مرزا آلہ یار بیگ لکھنوی خلف و شاگرد مرزا محمد مہین قلق صاحب دیوان ہین

مژگان و خال و ابرو و زلف معنبرین | اتنی بلاؤن سے کوئی کیونکر بچاے دل

غمزہ و کرشمہ شوخی و غمزہ ادا و ناز | قاتل یہ ایک ایک ہی بسمل برائے دل
گرم جوشی غیر سے کرتا ہے جو وہ بیوفا | سرد ہو جاتے ہین غیرت سے ہمارے ہاتھ پاؤن

بسمل تخلص امیر حسن خان خلف عاشق علی خان مغفور شاہ اودھ باشندۂ کاکوری کلکتہ مین رہتے تھے بیشتر فارسی کہتے تھے اوسہین انتقال کیا

ہائے کیا دیوانہ دل نے کام یہ بیجا کیا | آپ تو دیوانہ تھا ہی مجھکو بھی رسوا کیا
دریا مین رات کو جو نہانے لگا وہ شوخ | فانوس مین گرد ہو گئین روشن حباب کے

بسمل تخلص پنڈت سندر لال سررشتہ دار بریمٹ کانپور ولد بخشی ٹیکا رام شاگرد ناسخ وطن اگا کشمیر مسکن لکھنؤ صاحب دیوان گذرے

یہ نہین ناقوس اے مغبچہ برہمن ہاتھ مین | کر رہا ہے مرغ دل اپنا یہ شیون ہاتھ مین
گوری گوری اونگلیان ہین شب کو آتی ہین نظر | شمعین ہین کافور کی کوپاکہ روشن ہاتھ مین
آئنہ سے بھی کہین شفاف تیرا ہاتھ ہے | آرسی پہنے ہے کیون اے شوخ پرفن ہاتھ مین
دانتون کر لیجے دبا ہین اونگلیان اغیار نے | مین ہو چٹکانے لگا اوس سیمبر کی اونگلیان

بسمل تخلص مرزا عنایت علی ولد مرزا سعادت علی شاگرد آتش باشندۂ فیض آباد مقیم بنارس دیوان اکثر نظر سے گذرا

گناہ میری خطائین مرے قصور مرا | وہی کہین ہم انھین کو گواہ کرتے ہین
جفائین سہتے ہین جور و ستم اوٹھاتے ہین | ہمین ہین یار جو تجھسے نباہ کرتے ہین
نکرتے عشق اگر آگاہ ہوتے عادت دل سے | کہ لگ جاتا ہے آسانی سے اور چھٹنا مشکل سے
محبت ترک کرتے ہو تو پہلے ذبح کر ڈالو | مہدائی آپ کی دیکھی نہین جاتی بسمل سے

بشاش تخلص کلب عابد خان ولد کلب حسین خان نادر بن کلب علی خان بنارسی

نہین میرے در پے ایذا یہ آسمان تنہا | ہزار دشمن جان ہین اور ایک جان تنہا

بشیر تخلص بشیر اللہ باشندۂ کڑہ مانک پور

کہہ رہی ہے موت ہر دم ہر زمان بالائے سر | غافلو آتا ہے وقت ناگہان بالائے سر

بشیر تخلص میر بشارت علی دہلوی شاگرد نظام الدین ممنون لکھنؤ کی راہ مین وفات پائی

دلِ بیتاب پہ ہم ہاتھ دھرے بیٹھے ہین — دیکھتے ہین تجھے حسرت سے بھرے بیٹھے ہین
یار سب نہ کھلی زلف گرہ گیر کسی کی — وابستہ ہے وہان خاطرِ دلگیر کسی کی
شاید دلِ بیتاب کو تسکین ہوا پہنچے — کہنیوا کے رکھون سینے پہ تصویر کسی کی

بقا تخلص شیخ محمد بقاء اللہ اکبر آبادی خلف حافظ لطف اللہ خوشنویس معاصر سودا و میر وطن انکا اکبر آباد مولد دہلی مسکن لکھنؤ بعض صاحب تذکرہ نے غلطی سے انکے والد کا نام سیف اللہ لکھا ہے رنختی مین شاہ حاتم اور حضرت میر درد سے اصلاح لیتے تھے اور فارسی مین مرزا فاخر مکین سے شعر تمکین کہتے تھے دیوان انکا نظر سے گذرا

جیب ناصح جو مرے ہاتھ کو اکبار لگا — پھاڑون ایسا کہ پھر اوسمین نہ ہے تار لگا
سرسری مل کے مرے پاس سے جانا کیا تھا — راہ بس ناپنے آئی تھی یہ آنا کیا تھا
آئنہ دیکھ کے کہتا ہے جو اللہ رے مین — اوس پری زاد پہ مین غش ہون بقا واہ رے مین
اے عشق تو ہر چند مراد دشمن جان ہے — مرنے کا نہین نام کا اپنے مین بقا ہون
مجھسے کب تک اس دلِ صد چاک کا پیوند ہو — اب یہ دیوانہ الٰہی خاک کا پیوند ہو
شب گزری ہے اے سحر کے نالو — پھر عرش پہ برچھیان سنبھالو
ق
گر قتل کیا بقا کو خوبو — ق
اس بات کو منہ سے مت نکالو
پنہان ہے بھلا بے خون عاشق — بس جانے دو اوس پہ خاک ڈالو
تو نے اسطرح سے اے چرخ گرایا مجھکو — کہ موئے پر بھی کسی نے نہ اوٹھایا مجھکو
گر دو گے بقا کو تم آنے کے دم بوسہ — تو اوسکے تئین گو بانم آپ بقا دو گے
کیا خط تجھے لکھیے حرکت ہاتھ سے کم ہے — خامہ بھی مرے ہاتھ مین انگشت شکم ہے
ترے جو خال سیہ لب پہ آشکارا ہے — کسی کے بخت سیہ کا مگر ستارہ ہے
یہ رنج بار نہین زلف پریشان کے تلے — ہے نہان صبح وطن شام غریبان کے تلے
آہ کے برق جو سینے مین چمکتی دیکھی — طفل اشک آن چھپے دامن مژگان کے تلے
شیخ ڈرتا ہون کہین بیٹھ نہ جائے کنوان — مت کھڑا ہو تو عصا رکھ کے زنخدان کے تلے
یاد مین تڑپے ہے یہ کس ابرو خمدار کے — آج کچھ ناخن بدل ہے آہ اس بیمار کے

ہوتا ہے شیشہ دل جو ترا دیکھی گفتگو سے
یارب یہ پند ناصح یا سنگ محتسب ہے

عشق مین بو ہے کبریائی کی
عاشقی جس نے کی خدائی کی

ہمسری مت صبا سے کر اے آہ
تو نے بھی کچھ گرہ کشائی کی

بلند تخلص صفدر علی بیگ ولد مرزا فضل علی بیگ دہلوی شاگرد مرزا قادر بخش صابر علم حساب مین اچھا دخل رکھتے تھے

بیوفا پیمان کس دیرآشنا در دو رنج
جو تجھے ہنسے کہا اے یار زیبا ہو گیا

کچھ وصل کا سا حسرت پنہان مین ملا لطف
شب میرے تصور مین جو اک پردہ نشین تھا

روز ہے اوسکو میرے قتل کی فکر
غیر سے دہیان ہے سوا اپنا

بہادر تخلص رن بہادر سنگ ولد فتح بہادر سنگ اکبرآبادی شاگرد حاتم علی مہر

ایک دم بھی جدا نہین ہوتا
کیا محبت ہے درد کو دل سے

اے بہادر نہ چھوڑیو میدان
نہ اوٹھے لاش کوے قاتل سے

بہادر تخلص راجہ بہنی بہادر بہار کے راجون مین تھے

سیاہی موکی گئی دل کی آرزو نہ گئی
ہماری جامہ کہنہ سے مے کی بو نہ گئی

بہادر تخلص مرزا نصیر الدین

کب تلک دل کو کری عاشق دلگیر کڑا
گردن جان کا آخر ہوا زنجیر کڑا

بہار تخلص منشی ٹیکچند دہلوی مصنف لغت بہار عجم معاصر خان آرزو

وہی اک رسیان ہے جسکو ہم تم تار کہتے ہین
کہین تسبیح کا رشتہ کہین زنار کہتے ہین

اگر جلوہ نہین ہے کفر کا اسلام مین ظاہر
سلیمانی کے خط کو دیکھہ کیون زنار کہتے ہین

بہار تخلص مرزا علی مرثیہ گو خلف مرزا حاجی علی بیگ لکھنوی شاگرد رشک کربلائی
زیارت بھی کی ہے راقم نے انکو کلکتہ کے مشاعرہ مین دیکھا ہے صاحب جوان ہین

روکون حضور کو مین یا تھام لون کلیجہ
پہلو سے آپ اوٹھے اک درد اوٹھا جگر مین

نذیان جتنی چڑھی تھین وہ نظر سے اوتر ین
ڈبڈبا کر جو ہین اشکون سے بھر آئین آنکھین

یاد کرتے ہین مرے قافلہ والے مجھکو
مین جو بچھڑا ہون تو آواز در آتی ہے

ایک مین ہون سر بازار ذلیل و رسوا
ایک وہ ہین جنھین گھر بیٹھے حیا آتی ہے

بہار تخلص لالہ کالکا پرشاد ولد بہاری لال فرخ آبادی شاگرد مصفر

وہ میرے گھر آئین تو کہون حال دل اپنا	تقدیر سے نکلی کوئی صورت اگر ایسی

بہجت تخلص عبد المجید

خورشید ہے شہر مندہ ترے منہ سے قمر بھی	ہے مشک بھی گیسو سے خجل سنبل تر بھی

بھید تخلص نوازش خان خلف سید مرتضے خان سفیر ایران

بسکہ ہے انیس غم تیرے مرے سینے مین	ناوک ناز ترا دل سے بھی سوزان نکلے

بیان تخلص خواجہ احسن اللہ باشندہ دہلی شاگرد حضرت مرزا مظہر جانجانان و مرید حضرت مولانا فخر الدین حیدرآباد مین نظام الملک کی سرکار مین متعلق تھے اور وہین فوت کی کلام اونکا بہت شیرین ہے

قفس مین مین ہوائی کے لیے کیا کیا نہین کرتا	تڑپتا ہون پھڑکتا ہون کوئی پروا نہین کرتا
کہتا نہین مین عرش ہے اسکا نالہ جا پہونچ	کانون تلک تو اوسکے تو اے نارسا پہونچ
باتون مین آ کہے لگا یاد ہے بیان	رکھتا تھا کان تک مرے فریاد کی طرف
کافر ہون گر زیادہ کہون اس سے آرزو ہو	اک بے خلل مکان ہو بس مین ہون اور تو ہو
وصل کی شب کا ماجرا کیا کہون تجھ سے ہمنشین	شام سے لیکے صبح تک وہ ہی نہین نہین رہی
رخصت ہے چشم عقل یہان سے جا رہی	اے ساکنان کوے بتان ہم تو یہان رہے
بیان کون ہے اب تلک پوچھتے ہو	تغافل کی قربان تجاہل کے صدقے
مت آئیو اے وعدہ فراموش تو اب کبھی	جسطرح کٹا روز گذر جائے گی شب بھی
جادو تھی کہ سحر تھی بلا تھی کہ تھی	ظالم یہ تری نگاہ کیا تھی
ظاہر مین وصل کا نہین اسباب کچھ بیان	نومید بھی نہ ہو کہ خدا کارساز ہے

بیان تخلص سید محمد مرتضے باشندہ میرٹھ شاگرد احمد حسن فرقانی

دل مرا گم ہے ایک مدت سے	نہین ملتا نشان ترے گھر کا
مر کر بھی ہون ستم کش آزار بے سبب	دس گوجہ کی زمین بھی کم از آسمان نہین

بیباک تخلص میان بشیر احمد رام پوری کلکتہ مین بھی آئے تھے سر منڈے پیر ادے تھے

وحشت مین اگر پاؤن کا پھیلانا ہے منظور | بیباک اوٹھایا ہاتھ تو آرام سے پہلے

بیباک تخلص حکیم میر نجف علی شاگرد مصحفی وطن اکنگاعر سبز مولد قصبہ کول امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ کی اولاد مین تھے دہلی مین بھی گئے تھے

ہم کو لیل و نہار نے مارا | گردش روزگار نے مارا
ایک دن ہو تو کوئی صبر کرے | روز کے انتظار نے مارا
داد خواہون سے گھر گئے رستے | اوسکا جس کوچہ سے گزار ہوا

بیتاب تخلص شاہ حاتم کے ایک شاگرد کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

بیتاب بھی کیا جوان تھا اے وائے | ہو خانہ خراب اس اجل کا

بیتاب تخلص ایک شخص کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہ ہوا

گل رخون کی گلی مین اے بیتاب | خاک پاہے کمال کے مانند

بیتاب تخلص خدا بندی خان دہلوی برادر خورد سعادت یار خان رنگین شاگرد نظام الدین ممنون کبھی ظریف بھی تخلص کرتے تھے

آپ کا قصد ہے پھر غیر کے گھر جانے کا | فائدہ کیا ہے اجی مجھسے قسم کھانے کا
مجھسے وہ کہتا ہے ہر دم اپنا خنجر دیکھکر | قتل کیجے تجھکو جی چاہے ہے اکثر دیکھکر

بیتاب تخلص دوست محمد خان دہلوی خلف عبد الرسول خان شاگرد امراو مرزا انور

مراد سکے آستان سے اوٹھایا نہ جائیگا | تقدیر کا لکھا ہے مٹایا نہ جائے گا
بگڑا وہ بت تو ہمسے منایا نہ جائے گا | یہ فتنہ گر اوٹھا تو بٹھایا نہ جائے گا
میری شکست رنگ سے پیدا ہے رنگ عشق | کچھ درد دل نہین کہ دکھایا نہ جائے گا

بیتاب تخلص سیوک رائے شاگرد محمد تقا

صحبت کی بھی کچھ ہوتی ہین کیا اے ہمنشین راہین | کہ خوبان یون ہمین دکھ دین ہم اذکو اسطرح چاہین
ادھر نالہ کیا ادھر وہ مضطر ہو چلا آیا | عجب دن تھے کہ جن دو زونین رکھتی تھین اثر آہین

بیتاب تخلص کشن نراین کھتری باشندہ بارس

تبلیان آنکھونکی کب خالی ہین بحر اشک سے | مردم آبی کو کچھ خطرہ نہین سیلاب کا

بیتاب تخلص محمد جعفر علی باشندہ اکبر آباد گوالیار مین منشی گری مین مقرر تھے

حضرت بیتاب اور فکر سخن | دل ٹھکانے ہو تو سب کچھ ہو سکے

بیتاب تخلص عباس علی خان خلف نواب عبد العلی خان بن نواب غلام محمد خان ابن نواب فیض اللہ خان مرحوم والی رام پور شاگرد مومن خان مدت تک لکھنؤ و دہلی مین تھے

بھا گیا اپنی زبس قتل کا ایما مجھکو | بعد مردن بھی ہے مرنے کی تمنا مجھکو
داد سے روز جزا کے بھی رہونگا محروم | یہ نظر آتی ہے طول شب ہجران مجھکو
آخر فریب کھا کے کیا اونسے مجھکو قتل | مینے کہا تھا تم سے اوٹھا ینگے مرے بل تھے

بیتاب تخلص شاہ محمد اسمعیل شاگرد مصطفے خان یکرنگ

تڑپ کر مر گئے بلبل قفس مین | بڑی تھی ہائے کس ظالم کے بس مین

بیتاب تخلص محمد علیم الدین الہ آبادی برادر خورد قاضی فخر الدین شاہ عالم بادشاہ کے عہد مین تھے

رفتہ رفتہ بت خوش قدمرا آفت ہوگا | قدم آگے جو رکھیگا تو قیامت ہوگا
جی کیون کہ بچے جب کہ جلادے جگر آتش | سب بستی کو ڈر ہے ہو لگی ایک گھر آتش

بیتاب تخلص منشی ولی اللہ ولد شیخ فضل علی باشندہ قلندر آباد حال گرنال انگریزی پلٹن کے منشی تھے فارسی بھی کہتے تھے کلکتہ مین بھی آئے تھے

پڑا ہے عکس قطرون مین جو اوسکی روی تابا نکا | گمان ہوتا ہے فوارے پہ اب سرو چراغان کا
ہوئی ہین قتل میرے ساتھ لاکھون حسرتین دلکی | مرے گنج لحد پر حکم ہے گنج شہیدان کا
شاہد معرکہ عشق ہین محمود و ایاز | غالب اس جنگ مین سلطان پہ غلام آتا ہے
کبھی آنکھون سے نہ دیکھا ہے تنگ اوسکا | ہان فقط کان سے سننے مین کلام آتا ہے

بیتاب تخلص افضل الدولہ نواب احمد بخش خان مرحوم باشندہ دہلی مقیم کندورہ ضلع کالپی عماد الملک نواب غازی الدین خان بہادر کے غزیزون مین تھے صاحب دیوان گذرے

ہمارے مُنہ سے نہ نکلی گی اف کبھی قاتل | لگائی گن کے جو خنجر ہزار پہلو مین

بیجان تخلص شیوکشن سنگھ رسال باشندہ دہلی

اسمان گر پڑینگے ٹوٹ کے ٹکڑے ہوکر | جب کہین آہ ہماری مین اثر ہوئے گا

بیجان تخلص غیرت خان افغان باشندہ رام پور

ایسے نادان نہین ہم تم کو نہ بھاینگے | ہم سخن غیر سے ہوتے ہو جو آواز بدل

بیجان تخلص شیخ آلہی بخش باشندہ دانا پور شاگرد حافظ ضیغم بالفعل ڈاکٹری کرتے ہین
راقم الحروف کے ملاقاتی ہین

شاعرون کی ہمت پر آسمان بھی حیران ہے | یعنے وہ بدلتے ہین جب زمین پرانی ہو

بیخواب تخلص ایک شخص کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہ ہوا

مدعا تم کو بیان نہ آنا تھا | رو ٹھنے کا بھی اک بہانہ تھا

بیخود تخلص نراین داس باشندہ دہلی شاگرد حضرت خواجہ میر درد

می گلگون کو چشم کم سے تو مت دیکھ اے زاہد | بنایا ہے یہ اعجاز مغان نے آب آتش کا

بیخود تخلص محمد نظام الدین خلف و شاگرد محمد حیات خان اسسٹنٹ مقیم دہلی

رنگیلا پیکان جو پہلو مین ترا اچھا ہوا | دل لگی کو اور دل پیدا ہوا اچھا ہوا
تھی ہمین مدت سے اے بیخود اسیری کی ہوس | ہوگیا دل مائل زلف دوتا اچھا ہوا

بیخود تخلص ہادی علی خلف میر ناصر علی سحر زمیندار بہری برادن مقیم لکھنؤ شاگرد
خواجہ وزیر صاحب دیوان گزرے انکی ایک چھوٹی سی مثنوی نظر سے گذری

آنکھین پھوٹین جو دوبارا بھی تمھین دیکھا ہو | ہان مگر ایک نگہ کا تو گنہگار ہے دل
نہ تمھین رحم کی عادت نہ اسے صبر کی خو | تم بھی مجبور ہو بندے کا بھی لاچار ہے دل
اذن نظارہ کا کس روز ملے گا ہم کو | دیکھین کب توڑ نگی پرہنیر یہ ہمار آنکھین
ایک بوسہ پہ ہوئین مثل ثمرہ برگشتہ | آدمیت نہین رکھتین وہ پرلے درجہ کی آنکھین
آگیا سلوانے کو بھیجی تو یہ کہلا بھیجا | بھیجو اسکو کسی محرم اسرار کے ہاتھ
جدا ہو نہ پہلو سے اے درد عشق | بہلتے ہی تجھ سے طبیعت مرے

کیا مین نے شکوہ تو برہم نہ ہو
تمھین کے بگاڑی ہے عادت مری

چشم حیاتی پر ہوا آکر فدا
بیخود اپنے کام مین ہشیار ہے

بیخود تخلص میر ہدایت علی دہلوی خلف میر مہدی غریزون یمن شیخ محمد خوشنویس کے تھے

جنبش نہین ہے سایۂ دیوار سے مجھے
حلقہ بنا ہے روزن دیوار پاؤن مین

بیخود تخلص مولوی فرجام علی باشندہ میناچوک ضلع سلہٹ شاگرد مرزا جان طپش صاحب دیوان گزرے

پوچھے اگر کوئی کہ وہ بیخود کدھر گیا
تو دیجیو جواب کہ کمبخت مر گیا

کہانے کو غم ہے پینے کو ہے اشک تر مجھے
نکلا ہون گھر سے خوب ہی زاد سفر لیکر

بیخود تخلص ایک شخص کا ہے جسکا اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

کعبہ سے اور دیر سے ہم نے فراغ پایا
آ بیٹھے تیرے کوچے مین تیرا سراغ پا

بیدار تخلص میر محمد علی عرف میر محمدی دہلوی شاگرد مرتضی قلی خان فراق دھر مدحضرت مولانا فخر الدین شعر گوئی مین اچھی مشق پیدا کی تھی اکبر آباد مین جا کر راہی ملک بقا ہوے صاحب دیوان گزرے سعادت خان ناصر نے جو انکو میر محمدی تخلص بہ قربان کے دھوکے مین شاگرد اللہ خان فراق کا شاگرد لکھا ہے غلطی کی ہے

ہم خاک بھی ہو گئے ولیکن
جی ہی نہ ترے غبار نکلا

تیرے رخسار قد و چشم کے ہین عاشق زار
گل جدا سرو جدا نرگس بیمار جدا

پھرا نہ مثل نگین زخم یہ مرے دل کا
کہ تا ہمیشہ رہے نام میرے قاتل کا

ناتوانی سے مرے دیکھیو ای دست جنون
رہگیا ہو نہ کوئی تار گریبان مین چھپا

واہ وا اے قاتل کج فہم یون ہی چاہیے
ہم سے ہونا آشنا غیرون سے ہونا آشنا

دامن کو ترے نہ پہونچے اب تک
ہر چند غبار ہو گئے ہم

خرقہ رہن شراب کرتا ہون
دل زاہد کباب کرتا ہون

جانین مشتاقون کی لب پر آئین
بل بے ظالم تیری بے پروائیان

ہم ترے خاطر نازک سے خطر کرتے ہین
ورنہ یہ نالی تو پتھر مین اثر کرتے ہین

جو ہم کلام اوس لب جان بخش سے ہوئے
کس سے اونھین دماغ کہ پھر گفتگو کرین

آج لگتی ہے کچھ بغل خالی
کون سینے سے لے گیا دل کو

دیکھ اوس گیسوئے مشکین کی ادائین شانہ
دونون ہاتھون سے یہ لیتا ہے بلائین شانہ

ہے زمانے سے خدا روز و شب سوختگان
شام کہتے ہو جسے ہے سحر پروانہ

شکوہ کم نگہی آنکھون سے اوسکی نہ کرو
گفتگو خوب نہین مردم بیمار کے ساتھ

آئینہ دیکھ تو اس منہ سے مجھے ای طوطی
دعوی ہم سخنی اوس لب و گفتار کے ساتھ

ابتک مرے احوال سے وہان بیخبری ہے
اے نالۂ جانسوز یہ کیا بے اثری ہے

ربط جو چاہیے بیدار سو اوس سے معلوم
مگر اتنا کہ ملاقات چلی جاتی ہے

بیدل تخلص محمد عبدالرحیم خان خلف مولوی محمد تقی خان دہلوی شاگرد امراو مرزا انور

بوسے کے دینے مین یہ تامل ہے کیلیے
مین غیر تو نہین کہ چھپایا نہ جائے گا

عشق صنم وہ شے ہے کہ بیدل اگر کبھی
کعبہ بھی جائینگے تو چھپایا نہ جائے گا

بیدل تخلص خواجہ غلام حسین خلف خواجہ محمدی خان نبیرۂ خواجہ رحمت اللہ خان ناطق تخلص شاگرد عبدالرحمن خان احسان باشندۂ دہلی طبابت کرتے ہین راقم کی ملاقاتی ہین یہ شعر اس تذکرہ کے لیے دیے تھے

جان تو ہو کے خفا جب مرے گھر سے نکلا
ٹکڑے ہو ہو کے جگر دیدۂ تر سے نکلا

آہ اوسکو دم ناوک فگنی
گاہ دل گاہ جگر یاد آیا

دل پر غم کے رہنے کے یہی دونون نشان ہین
کبھی چاہ زنخدان مین کبھی زلف پریشان مین

نگہ کی چشم کی زلف دوتا کے
سہی اک دل جفا کس کس بلا کے

بتون سے ملتے ہو راتون کو بیدل
تمھین بھی دن لگے قدرت خدا کی

بیدل تخلص مرزا عبدالقادر وطن انکا توران مولد بخارا کم سنی مین ہندوستان مین آئے تھے اوصاف حمیدہ اونکے مشہور جہانیان ہین احیانا وقتنا شعر سنجتہ بھی

کہتے تھے ۱۱۳۳ گیارہ سو تینتیس ہجری مین انتقال کیا کلیات انکا نظر سے گزرا

اس دل کے آستان پر جب عشق آ نکلا را | پردے سے یار بولا بیدل کہان ہے ہم ہین

بیدل تخلص مستی عنایت علی ولد مشی حسن علی حسن باشندۂ ہوگلی مقیم ٹالی گنج مشغول
کلکتہ راقم کے ملاقاتی ہین

سر مین سودا زلف کا تیرے بت پر سر بسر ہے | طوق الفت ہی گلے مین پاؤن مین زنجیر ہے

بیرنگ تخلص دلاور خان دہلوی شاگرد مصطفے خان یکرنگ معاصر سودا ہی پیشہ تھے

مفلس کی خبر کب ہے اے سیم بدن مجھکو | افشان سے ترا ماتھا رہتا ہے زر آلودہ
فرہاد کو محنت کی تلخی نہ کبھی ہوتی | شیرین کا جو اک بوسہ ملتا شکر آلودہ

بے صبر تخلص بال مکند ولد لالہ کانجی مل باشندۂ سکندر آباد شاگرد ہرگوپال تفتہ
بیشتر فارسی کہتے ہین

بیخود ان عشق کو کیا حاجت ترک لباس | تن سے پیراہن جدا ہوتا نہین تصویر کا

بیقرار تخلص میر قمر دہلوی ہمشیرزادۂ سید رضا خان شاگرد شاہ نصیر

جسطرف پھر تا رہا یار وہ رشک آفتاب | جون گل خورشید دل اپنا مقابل رہگیا
رخ سے گر زلفین اوٹھین تو چھوڑی اونسے نقاب | اک نہ اک پردہ ہمارے اوسکے حائل رہگیا

بیکس تخلص مرزا محمد باشندۂ عظیم آباد ایک رباعی اوسکی کہ غالباً میر ماشاء اللہ
اور میر انشاء اللہ کی ہجو مین کہی ہو مرقوم ہوتی ہے کیونکہ اور کوئی شعر انکا ہاتھ نہین

ظاہر مین تو ایسی ہین کہ ماشاء اللہ | سب کہتے ہین زیادہ ہونگے انشاء اللہ
باطن مین جو دیکھا اونھین اتنے ہین پوچ | لاحول ولا قوۃ الا باللہ

بیکل تخلص سید عبدالوہاب دولت آبادی شاگرد میر عبدالولی عزلت مرشدآبادی
نواب سراج الدولہ کے ملازمون مین تھے

عالم کو لعل و گوہر و تاج و لوا دیا | اے آسمان بتا تو مجھے تونے کیا دیا

بیمار تخلص سید زین العابدین باشندۂ الہ آباد و عدلت الہ آباد مین سررشتہ دار تھے

تھا عشق بیمار پہ قاتل بھی گرا رو تا تھا | لب نازک کو دبائے ہوئے دندان کے تلے

بیمار تخلص شیخ الٰہی بخش شاگرد غفلت باشندۂ رام پور ملازم نواب محمد سعید خاں بہادر والی رام پور صاحب دیوان گزرے بعض صاحب تذکرہ نے انکا نام علی بخش لکھا ہے

کون پرسان ہے حال بسمل کا
خلق منہ دیکھتی ہے قاتل کا

سانس آہستہ لیجیو بیمار
ٹوٹ جائے نہ آبلہ دل کا

تیر قاتل سے سر شکوہ کہاں رکھتے ہین
بیزبان صورت سوفار دہان رکھتے ہین

موت سے بھاگنے لگے بیمار
کیا اوسے تم شکستہ پا سمجھے

ہر روز وہ پھر جاتے ہین در تک مرے آکر
کچھ جذب محبت کو لگی ہے نظر ایسی

حال دل بیمار نہین منبط کے قابل
لیکن وہ زبان مجھکو ہلانے نہین دیتے

یا تو دنیا سے الٰہی دل شیدا اوٹھ جاے
وصل معشوق کی یاد اوسے تمنا اوٹھ جاے

حرف پاے فارسی

پارسا تخلص حافظ منشی فیض پارسا مدرس مدرسۂ دہلی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد مین تھے

کوی الفت کے خاکسار اے دل
مثل آئینہ پاک طینت حسین

پارسا تخلص غلام علی دہلوی وضع رندانہ رکھتے تھے

نام کو پارسا ہون مین لیکن
مست ہون نرگس خمار ی سے

پاکباز تخلص میر صلاح الدین عرف مکھن میان خلف سید شاہ کمال شاگرد مصطفے خان یکرنگ صاحب دیوان گذرے

مجھے درد والم رہتا ہے نت گھیرے میاں صاحب
خبر لیتے نہین کیسے ہو تم میرے میاں صاحب

پذیر تخلص خلف گلزار علی اسیر اکبر آبادی نام انکا معلوم نہ ہوا

دیوانہ اپنے جامہ سے باہر ہین سب پذیر
اب فصل گل ہے چاک گریبان ضرور ہے

پیروانہ تخلص علی شاہ مراد آبادی تلمیذ قیام الدین علی قائم شاہ عالم بادشاہ کے

عہد مین تھے

آج ثابت نرہی دل نہ کوئی جان درست | اوسکے مژگان نے کیے پھر پر و پیکان درست

پروانہ تخلص محمد بیگ خیرآبادی

قتل کرمان مت کسو کی قسم | تجھے قاتل مرے لہو کی قسم

پروانہ تخلص کنور جسونت سنگھ عرف کاکا جی خلف راجہ بینی بہادر بہادر تخلص شاگرد سرپ سنگھ دیوانہ شعر فارسی بھی کہتے تھے ۱۲۳۵ بارہ سو اٹھائیس ہجری مین انتقال کیا نہایت شکیل جوان تھے بعض تذکرہ والون نے جو انکو میر حسن اور معصفی کا شاگرد لکھا ہے اس پر اعتبار نہین دیوان انکا نظر سے گزرا

کیا جانیے ہمدم کہ اوسے دیکھ کے ہم تو | ہر چند سنبھالے رہے پر دل کو غش آیا
آئینہ سان ہے صاحب جوہر کو زنگ غم | اس دور مین کہ عیب ہنر دونون ایک ہین
سدا ہے جام مے شرمندہ خم ست سی تیرے | مراحی بھی خجل ہے اس تری تصویر گردن سے
نسیم آہ نے شاید کسی کی کی تاثیر | شگفتگی سے ترے غنچہ دہان کو ہے
کہتی ہے عندلیب چمن مین پکار کے | اپنے بھی دن پھرین جو پھرین دن بہار کے
صادق نہ سمجھ اوسکو محبت مین سبے کاذب | جو صبح نمط چاک گریبان نہین ہے

پری تخلص حسین بخش گویا باشندہ دہلی شاگرد مرزا رحیم الدین حیا

اب کی تو مرد وے ہین دغا باز بیوفا | اگلے تماش مین خدا جانے کیا ہوئے
ذکوہی آنا تھا تجھے ماہ صیام مین | در گور مردوے مرے روز قضا ہوئے

پریشان تخلص محمد خان باشندہ الہ آباد

مین اوس کان ملاحت کے لیے ہر لحظہ رقصان ہون | عجب کیا لخت دل آنکھون سے میرے ریزہ ریزہ نکلے

پریشان تخلص عبدالرحیم آینہ ساز دہلوی شاگرد مرزا قادر بخش صابر

دیتے ہو بوسہ دو نہین دیتے نہ دو مگر | اتنی نہین پسند چنان اور چنین مجھے

پریشان تخلص منولال برہمن شاگرد شاہ نصیر دہلوی

خوبون کی ادا کوئی کب ناز سے خالی ہے | ہر بات پہ جھڑکی ہے ہر حرف پہ گالی ہے

ہم آئین تو اوٹھ جاؤ غیر آئے تو آ بیٹھو | یہ وضع نئی جانان کیا تمنے نکالی ہے

پریشان تخلص میر محمد واحد دانا پور کے پیرزادے ہین مولوی ذاکر علی ذاکر سے اصلاح لیتے تھے بہت دنون سے کلکتہ مین رہتے ہین شعر خوب کہتے ہین راقم کے دوستون مین ہین یہ شعر اس تذکرہ کے لیے عنایت فرمائے تھے

دل بنا ہے سنگ مقناطیس مجھ ناشاد کا | تا نہ طرف غیر جائے تیر اوس صیاد کا
خوب اے شیخ ریاکار بنا ہے تو بہ | دل مین وہ بت ہے زبان پر ہے الٰہی توبہ

پریشان تخلص واحد علی ساکن اٹاوہ

تھا شک جو اوس کمر کے عدم اور وجود مین | اک خط وہمی فرض کیا لاکے سامنے

پریشان تخلص نیاز علی باشندہ سندیلہ

جہان مین آپ کی شیرین کلامی کا ہوا شہرہ | بلاتشبیہ کہتا ہون تم اپنے دم سے عیسیٰ ہو

پناہ تخلص محمد پناہ نور باف دہلوی مرید حضرت شاہ آفاق قدس سرہ بیس برس کا عرصہ ہوا کہ انتقال کیا

موسے کو نظر طور پر آیا تھا دگرنہ | دیکھا تو ہر اک سنگ مین وہ ایک شرر تھا

پورن تخلص پورن سنگھ کایتھ دہلوی شاگرد سعادت یار خان رنگین سنسکرت اور طبابت ہندی مین اچھا دخل رکھتے تھے سترہ اٹھارہ برس کا عرصہ ہوا کہ انتقال کیا

ہم نام رہائی سے بیزار ہین ہمدم | دل چاہ زنخدان مین ہے جب سے اسیر اپنا

پیام تخلص مولوی امین الدین فیض دہلی مصنف عربی رسالہ فرضیت جہاد

جب کہ اپنی خبر نہ ہو اوس کو | اوسکو اورون کی کیا خبر ہووے
پھونکتا ہے مجھی کو نالۂ دل | یار مین بھی تو کچھ اثر ہووے

پیام تخلص مرزا حمید بیگ دہلوی

اشک آہ بے اثر نے کیا کچھ نہ کچھ اثر | کل پوچھتا تھا میری گلی کا نشان وہ شوخ
مرجائے بھی کوئی تو نا سف نہو اوسے | پالا پڑا ہے آن کے کس سنگدل کے ساتھ

پیام تخلص شرف الدین علی خان اکبرآبادی شعر فارسی خوب کہتے تھے محمد شاہ کے عہد مین تھے

بات منصور کو فضولی ہے	ورنہ عاشق کو آہ سولی ہے

پیر تخلص مہاراج بنگہ برہمن خوشنویس باشندۂ متھرا مقیم دہلی جوانی مین جان تخلص کرتے تھے

رات دن کا ہے ترا مشغلہ آرائش زلف	اس سے کیا تجھ کو ہے حال پریشان میرا

پیرا تخلص ونام ایک سقہ دہلوی کا ہے وہ اپنے کو محروم کا شاگرد کہتا تھا

شوق گریہ کو کہو روئے کس پاس کہ اب	نام کو بھی نہ رہا آنکھ مین قطرہ باقی

پیک تخلص کرم اللہ چوبدار دہلوی نامہ بری کرتا تھا

شوق سے جب کہ مین آتا ہون تری کوچہ مین	مجھ سے لیتی ہے صبا تیزی رفتار کو وا

حرف تای فوقانی

تاب تخلص میر محبت علی باشندۂ پالی پت مقیم دہلی موسیقی مین اچھا دخل رکھتے تھے

مین تو تھا عاقل زمانہ کا پر الفت کا طفیل	کوئی سودائی کہے ہے کوئی دیوانہ مجھے

تاب تخلص مرزا الطاف اشرف دہلوی خلف شاہزادۂ امداد بخت بہادر

دیا ہے ہمنے دل اے تاب کس بے مہر کو دیکھو	کہ پروانہ ہوا دسکو اور اوس پر اپنا دم نکلے

تاب تخلص مہتاب رائے وطن الکا کستمہ مولد ومنشا دہلی

خو ہوئی ہمیشہ سے تمہاری اگر ایسی	تو کاہیکو نبتی مرے اے فتنہ گر ایسی
یا تنگ کر ناصح نادان مجھے اتنا	پاچل کے دکھا دے دہن ایسا کمر ایسی

تابان تخلص میر عبدالحی دہلوی شاگرد مرزا سودا حضرت علی موسے رضا رضی اللہ عنہ کی اولاد مین تھے جمال پری تمثال پر اونکے ایک جہان دیوانہ وعاشق زار تھا شروع جوانی مین انتقال کیا صاحب دیوان گذرے

اوڑا اوے صبا خاک میری اگر تو ✣ تو کوچے مین اوس بیوفا کے لیجا
کس کس طرح کی دل مین گزرتی ہین حسرتین ہے وصل سے زیادہ مزا انتظار کا
ہاتھ مین اوسکے ہاتھ تھا ہمہمات دل مرا گم ہوا ہے ہاتھون ہات
لے دل کی خبر چشم مری یار کی کیونکر بیمار عیادت کرے بیمار کی کیونکر
دیکھ قاصد کو مرے یار نے پوچھا تا بان کیا مرے ہجر مین جیتا ہے وہ غمناک ہنوز
غم وصل مین ہے ہجر کا ہجران مین وصل کا ہرگز کسی طرح مجھے آرام ہی نہین
انجان ہو تو اوس سے کوئی درد دل کہے جو جانتا ہو اوسکو مین آگاہ کیا کرون
ملایا خاک مین گھر کو کن کا ہاے خسرو نے یہ کیا بات آگئی اوس خان دمان آباد کے دل مین
ظالم وفا کا میرے جو لیتا ہے تو حساب اپنے جفا و ظلم کا بھی کچھ شمار ہے
کس سے فریاد کرون یہ کہ وہ ہرجائی ہے آہ اس بات مین تو میری بھی رسوائی ہے
تیرے ابرو سے مرا دل نہ چھٹے گا ہرگز گوشت ناخن سے کہو کون کہ جدا ہوتا ہے

تابش تخلص محمد جعفر باشندۂ الہ آباد مقیم دہلی ترک علائق کرکے گوشہ نشینی اختیار کی تھی

کبھی بن بادہ رہ نہین سکتے توبہ کچھ ہم کو سازگار نہین ✣
دل مین خوش ہین عدو پر اے تابش وہ ستمگر کسی کا یار نہین ✣

تاثیر تخلص حافظ محمد حسین دہلوی تلمیذ خدا بخش خان تنویر

وہ ہوا اس قدر بے مہر کہ دل اپنا نہ ہوا ہاے مطلب تو ہوا حسب تمنا نہ ہوا
بیمار کیا اور بھی اس نے کہ نظر نے ظالم ہین مار اترے بیداد گری نے

تاثیر تخلص لالہ کنھیا لال ولد کھیل کشن فرخ آبادی شاگرد اسمعیل حسین منیر

کھجلال اوسکی پنجہ مرے سامنے قریب اللہ خشک ہو صفت پشت خار با تھ

تارک تخلص حاجی میر بقاء اللہ دہلوی چوتھی بار کے سفر حجاز مین انتقال کیا

مین وہ وحشی ہون کہ جون نکہت گل ای تارک جب نکلتا ہون تو کوسون ہی چلا جاتا ہون

تمیش تخلص یوسف علی دہلوی شاگرد مرزا قادر بخش صابر

ہے رشک کی خوبی کہ ترے کوچہ کی جانب
گر خضر کو بھی کہیے تو رہبر نہین ہوتا

غصہ اوٹھا اوٹھا کے یون ہی بار بار کا
اے دل مزاج تونے بگاڑا ہے یار کا

اضطراب دل سے کہتے ہین تپش نے جان دی
روز کے جھگڑون سے چھوٹا مر گیا اچھا ہوا

بے طرح پھنسگیا ہے مصیبت مین ہمدمو
آتا ہے رحم اس دل ناکردہ کار پر

دل کھینچتے ہین اور کسیکو خبر نہین
کرتے ہین کام تیری نگاہین نقاب مین

تجرد تخلص میر عبداللہ دکھنی شاگرد عبدالولی عزلت

اوس رخ مین لطف ہے سو ملک کو خبر نہین
خورشید کیا ہے اوسکی فلک کو خبر نہین

تجلی تخلص میر حسن عرف میر حاجی دہلوی خلف میر محمد حسین کلیم شاگرد و خواہرزادہ میر تقی میر

بڑے ظریف تھے لیلی مجنون کا قصہ ریختہ مین نظم کیا ہے دیوان انکا نظر سے گذرا

تر دامن آگیا مین جو روز حساب مین
کہنے لگے بٹھاؤ اسے آفتاب مین

جب رات تھی دراز ملاقات کم ہوئی
ملنے کے دن جو آئے تو اب رات کم ہوئی

تمکتے ہین در و دندان مری رونی پہ ہنسنے والے
ادھر کلی چمکتی ہے ادھر مینہ برستا ہے

ہم زیر خاک لیکے جو یہ چشم تر گئے
اندھے کنوئین بھی جتنے تھے پانی سے بھر گئے

لوگون سے بے وفا مجھکو ہے کم ملنے سے مجھ سے ملنے لگے
حال تیرا اونسے کیا کہتا تجلی مین بھلا
وہ تو تیرے نام ہی کو سن کے شرمانے لگے

تجلی تخلص لالہ جی شاگرد منشی مینڈو لال زار

مختار ہے وہ چاہے مجھے دیکھے نہ دیکھے
آنکھ اپنی تو اوس رونق محفل سے لگی ہے

تجلی تخلص شاہ تجلی حیدرآبادی

دامن کا مکس کسکے پڑا ہے کہ آج تک
پھیلا رہا ہے سرو لب جو یار ہاتھ سے

تجمل تخلص نواب شاہ مرزا لکھنوی

صیاد نے پہنایا ہے بلبل کو قید مین
چھوٹے یہ دیکھیے قفس آہنین سے کب

آئینہ رو تمام فقط دیکھنے کے ہین
امید ہے وفا کی بتان حسین سے کب

تجمل تخلص محمد عظیم شاگرد جرات

کتاب قصۂ فرہاد و دفتر مجنون | یہ دو ورق ہین مری عشق کی کہانی کے

تحمل تخلص حکیم تحمل رسول خان باشندۂ دہلی خلف نواب غلام رسول خان شاگرد آغا جان عیش

بعد فنا جنازے پر آیا نہ جائے گا | اوسے تو خاک مین بھی ملایا نہ جائے گا
سوز درون ہی ہے تو اوس نازنین کو ہے | چھاتی سے وصل مین بھی لگایا نہ جائے گا

تحسین تخلص محمد حسین خان صاحب مطبع مصطفائی دہلی

آزر ہوا اوسکو مگر عشق بتان کا | بیطور ہے نقشہ دل بے تاب و توان کا
جب بت سے نہ راضی ہون تو بتخانہ مین کیا کام | تحسین چلو کعبہ کو جھگڑا ہے کہان کا
تحسین اونکو دیکھنے جاتے تو ہو مگر | ایسا نہ ہو کہ جان کو وہی پھر عذاب ہو
ہوئے ذلیل تو عزت کی جستجو کیا ہے | کیا جو عشق تو پھر پاس آبرو کیا ہے

تحسین تخلص سید حیدر علی باشندۂ الہ آباد تو کل اختیار کیا تھا

ہم تم پہ اے بتان دل آزار زار ہین | لیکن ہزار حیف کہ اغیار یار ہین

تحسین تخلص علی مولانا خان باشندۂ شاہ جہان پور

کیا لکھین اور ذرا غور کرین آپ اسے | ڈرتے ڈرتے یہ لکھا ہے کہ پڑھین آپ اسے

تحیر تخلص غلام مصطفےٰ خلف مولانا رفیع الدین دہلوی شاگرد ثناء اللہ خان فراق
برخلاف خاندان علم رسمی سے بہرہ ور نہ تھے

فکر اطفال کو ہے سنگ اوٹھانے کی | آمد آمد ہوئی شاید ترے دیوانے کی

تحیر تخلص مرزا محمد بیگ ولد مرزا رستم بیگ خراسانی مقیم لکھنؤ شاگرد بحر کلکتہ مین بھی آئے تھے راقم نے انکو ٹالی گنج کے مشاعرہ مین دیکھا ہے صاحب دیوان ہین انکا سارا کلام اسی طرز پر ہے

شکار مرگ ہوئی ہے فراق یار مین روح | پھڑک رہی ہے بہت دام انتظار مین روح
گلون کی بو سے بسی رہتی ہے بہار مین روح | لہو کو عطر بناتی ہے جسم زار مین روح
لگا کے تیر مجھے بوئے گل نے صید کیا | رہی خزان مین سلامت گئی بہار مین روح
روان ہے آنسوؤنکے ساتھ جان بھی اک دن | سفر ترائی کا کرتی ہے ہجر یار مین روح

ہر ایک بول پہ رگ رگ کے دم نکلتا ہے
بزنگ تار کھنچی جاتی ہے ستار مین روح
کیا ہے عشق نے مجبور سر بسر مجھکو
نہ اختیار مین دل ہے نہ اختیار مین روح

تدبیر تخلص مرزا محمد سکندر قدر بہادر خلف شہزادہ محمد خورشید قدر بہادر قیصر متوطن دہلی مقیم لکھنؤ

شیرین لبی سے غیرت شیرین اگر ہو تم
فرہاد کیون نہ عشق مین ہم کو بنائے دل

تدبیر تخلص شیخ محب اللہ جون پوری

اور ہی کچھ ڈھنگ ہے اپنی گرفتاریکا ہای
یون تو زلفون مین ترے کس کس کا دل الجھا نہین

تراب تخلص حضرت شاہ تراب علی خلف وسجادہ نشین حضرت شاہ کاظم علیہ الرحمۃ باشندہ کاکوری ۱۲۷۶ھ بارہ سو پچھتر ہجری مین انتقال کیا دیوان انکا نظر سے گزرا

تراب کیا کہون اوس طفل کی جوانمردی
لیا بزور ادا جسنے ایک پیر کا دل

تراب تخلص نواب حشمت الدولہ مرزا ابو تراب خان بہادر خویش محمد علی شاہ بادشاہ لکھنؤ خلف مرزا ابو طالب خان بہادر لکھنوی صاحب دیوان ہین

دل اوسکا سینے مین جوش الم سے خون ہوجائے
سُنے صبا سے حقیقت اگر حنا دل کی

ترقی تخلص اسد الدولہ آغا محمد تقی خان بہادر خلف سید محمد امین خان شاگرد سیر سوز وطن انکا نیشاپور مسکن فیض آباد صاحب دیوان گزرے

گر ایک شب بھی وصل کی لذت نیا ہے دل
پھر کس امید پر کوئی تم سے لگائے دل
اوسکی گلی مین کوئی یہ بیدل ہوا ہے دفن
آواز مقفل یہی آتی ہے ہائے دل
ساکنان کعبہ نے کی بت پرستی اختیار
وہ صنم نام خدا کیا اندنون جوبن پہ ہے
در و دیوار سے آتا ہے نظر جلوہ دوست
آئینہ خانہ مرا گوشہ تنہائی ہے

تسخیر تخلص شاہزادہ مرزا محمد سلیمان قدر ولد مرزا محمد خورشید قدر قیصر بن مرزا آصف قدر کبود سیر مرزا جہاندار شاہ شاگرد ہادی علی بیخود انکا وطن دہلی مولد مسکن لکھنؤ

مرتا ہون جنکی یاد مین اونکو خبر نہین
کیا فائدہ جو کوئی کسی سے لگائے دل
پوچھین نہ غیرون سے مرا مافی الضمیر آپ
گر حکم ہو تو خود مین کہون مدعائے دل

تسکین تخلص میر سعادت علی مرحوم برادر زادۂ میر علی حامد دہلوی مقیم لکھنؤ شاگرد احمد علی رسالہ تاج الدین منت

دلِ بیتاب کو میرے نہ کبھی ہو تسکین
کہکے تسکین جو مجھے آپ پکارا نکرین

ہر دم کرے ہے یہ دل کا رسنان بغل مین
ہے وہ مثل مطابق دشمن کہان بغل مین

تسکین تخلص گنگا داس پنڈت

عقل و خرد و طاقت اور صبر و شکیبائی
جب سامنے وہ آیا ہم سب یہ لٹا بیٹھے

تسکین تخلص میر حسین دہلوی شاگرد شاہ نصیر و مومن خان میر حیدر قاتل وزیر فرخ سیر کی اولادون مین تھے ۱۲۶۰ بارہ سو اٹھسٹھ ہجری مین انتقال کیا اشعار انکے نمکین ہوتے ہین

ہر صبح وہ ڈھونڈھے ہے کوئی تازہ خریدار
صورت مری ہر روز بدل جائے تو اچھا

قسمت تو دیکھ جتنے کہے شکوے ہجر کے
اون کو گمان رہا گلۂ روزگار کا

خوبصورت نہ ہو کوئی تو نہ ہو بد نامی
سچ تو یہ ہے کہ بُرا ہوتا ہے اچھا ہونا

کہتے ہین رنجش ظاہر مین مزا آتا ہے
یون ہی تم مجھسے خفا ہو کے ذرا مل جانا

یہان آنے سے کسوا سطے جلتا ہی ہمارے
عاشق تو نہین ہے کہین دربان تمھارا

ہزارون مر گئے دیکھا جو عالم سوگ مین اوسکا
لباس آیا تھا وہ کافر پہنکر میرے ماتم کا

چپ لگی مجھ کو تو چرچا ہی پھر وہان ہو گا
راز اپنا نہ خموشی سے بھی پنہان ہو گا

آج جو عرش پہ ہے اپنا دماغ اے ظالم
کوئی دشمن تری نظرون سے گرا ہو گا

دیکھون تو لے ہی جان ملک الموت کسطرح
تم وقت مرگ پاس سے اوٹھنا ذرا نہین

یہان انتظار ہی مین کٹی مجھکو ساری رات
وہان وعدہ کیا کیا تھا اونھین یاد ہی نہین

یہ تو سچ ہے کہ جو تم چاہو گے کر گزرو گے
پر یہ ممکن نہین ہم پر کبھی بیداد نہ ہو

دیکھتے ہی شوق نے ایسا کیا بے اختیار
حال دل کہنے لگے ہم یار کی تصویر سے

وہ اپنے وعدہ پہ محشر مین جلوہ فرما ہین
نہین ہے ضعف سے انبوہ مین گرا مجھے

دل کے لیتے ہی چلی جان یہ جلدی کہ نہ پوچھ
صبر بھی چند قدم پیچھے رہا جاتا ہے

کر سکے دفن نہ اوس کوچے مین احباب مجھے
خاک مین دل کی کدورت نے دبا دا ب مجھے

نام تسکین اور یہ مضمون تپش ناز یبا
تھا تخلص جو سزاوار تو بیتاب مجھے

تسلی تخلص لالہ سکارام ولد بختی گوپال راے برادر خورد بھولا ناتھ بختی وزیر المالک وطن انکا اٹاوہ مولد لکھنؤ فارسی مین مرزا فاخر یکین سے اور ریختہ مین مصحفی سے اصلاح لیتے تھے

دیکھے سمان جو اس غرۂ اشکبار کا
ہو جاے شق جگر رگ ابر بہار کا

کیا منھ جو چڑھے کوئی ترے تیر کے منہ پر
یہ ہم تھے گلا رکھدیا شمشیر کے منہ پر

گو دل مین خفا ہے تو پر اسات کو نادان
کہہ بیٹھیو مت عاشق دلگیر کے منہ پر

اب بھی اس نیم جان مین کچھ ہے
فائدہ امتحان مین کچھ ہے

تسلی تخلص میر شجاعت علی دہلوی شاگرد نصیر دہلوی آخر ایام مین ترک علائق کیا تھا

مجھسے بدنام عبث لوگ اوسے کرتے ہین
ہمنشین وہ تو مرے پاس نہ آیا نہ گیا

مین نے ہاتھ اونکی جو ابرو کو لگایا تو کہا
ہے مزا تیری کہ کالون تیرے شمشیر سے ہم

تسلیم تخلص شیخ مہدی بخش ساکن سارن عرف چھپرہ شاگرد الفت حسین فریاد دیوان انکا نظر سے گزرا

نہین وہ دل ہمارا توڑتے ہین
طلسم راز اپنا توڑتے ہین

ہمارے داغ دل اور چشم گریان
چمن کی سیر کر لو ابر باران دیکھتے جاؤ

تسلیم تخلص شیخ امیر اللہ ولد مولوی عبد الصمد فیض آبادی شاگرد نسیم دہلوی شعر اچھا کہتے ہین صاحب دیوان و مثنوی نالۂ تسلیم و مثنوی دل و جان ہین مثنوی انکی نظر سے گذری

کیا چھپے اللہ سے تسلیم راز نیک و بد
ہر بشر کے ساتھ یک جاسوس ہے ہمزاد کا

نہین معلوم پگڑی آج کس سے
مزا ہے دشمنی مین دوستی کا

اجل خفا ہے فلک مدعی زمین دشمن
مرا جہان مین کوئی نظر نہین آتا

ہین عاشق اپنے مطلب کی کہین کے — تمنا کیا ہمارے مدعا کیا
ہاے کب تک نہ مین گھبراؤنگا اے دست جنون — ابتو دامن بھی نہین ہے کہ بہل جاؤنگا
اک دو سر سری مین نہ گل ہے نہ یہ چمن — پھولی ہوئی ہے کس پہ نسیم بہار تو
اتنے صدمے دیے کہ آخر کو — ہاتھ اوٹھانا پڑا دعا کے لئے
ہیہات شب فراق کا صدمہ نہ پوچھیے — وہ حال تھا کہ موت بھی بالین سے ٹل گئی

تسلیم تخلص حاتم خان باشندہ رام پور شاگرد الٰہی بخش یمار

کیہ اوسکے حق مین ہے ہونگے وہ لب شیریں — یہ بات کیا ہے کہ تسلیم بے سبب بھکا
پہلے اے غنچۂ گل منہ تو ذرا بنوا لے — کیجیو پھر دہن یار سے نسبت پیدا

تسلیم تخلص دیبی پرشاد بن سلدھو رام شاگرد اسمعیل حسین منیر

بیمار محبت کو شفا ہو نہین سکتی — اچھا یہ مرض ہے کہ دوا ہو نہین سکتی

تشنہ تخلص محمد علی دہلوی شاگرد آغا جان عیش و محمد ابراہیم ذوق دارستہ مزاج و درویش وضع ہین

الٰہی خیر کیجیو بد خبر سننے مین آتی ہے — جو آتا ہے وہ کہتا ہے تمہارا ذکر کرتی ہین
ہماری ہم کو خبر کیا کہ ایک مدت سے — یہ خبر ہین کہ اپنی خبر نہین رکھتے

تشہیر تخلص مرزا مغل بیگ دہلوی شاگرد غلام مولا عرف مولائی بخش قلق

کیا خاک نشین کوئی گلشن مین بنائے — گل نوش ہین اگر ہمسے تو صیاد عضب ہے

تصدق تخلص تصدق حسین خان ولد قاسم علی خان لکھنوی شاگرد محمد بخش شہید

بس نازکی ہے ختم مرے گلعذار پر — پہنی جو پھولی ہو گی نہین بھاری کلائیان

تصور تخلص ذکی الدولہ امیر تصور علی دارغہ خلف میر صفدر علی خان باشندہ بنارس مقیم لکھنؤ صاحب دیوان فارسی و ریختہ و ریختی ہین

آپ ہی روتے ہین میری حال پر سب چھوٹ چھوٹ — اور کرتی ہے بہت دنیا شبیخون ہم پہ نہین

تصور تخلص میر احسان حسین باشندہ قصبہ پنکوڑا خلف سید حیدر حسین شاگرد قلندر بخش جرات امام زید شہید رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد مین تھے بعض صاحبندکرہ نے

انکے والد سید حمید حسین کا تخلص تصور لکھا ہے

شب ہم جو ذکر ہجر ان وصل مین ہونے لگے — وہ ادھر رونے لگے اور ہم ادھر رونے لگے
رونا کوئی موقوف کرین ہین مری آنکھین — جب تک نہ تسلی کو دل آنے جگر آئے
تصور گرم جوشی یار کی مجھکو رولاتی ہے — بہت گرمی کا ہونا مینہ برسنی کی علامت ہے
دیکھے جو تری چشم سیہ مست کو اک بار — پھر حشر تلک وہ کبھی ہشیار نہ ہووے

تصور تخلص نبی بخش دہلوی نواسہ شاہ نصیر دہلوی عین جوانی مین انتقال کیا

اوسکے خیال زلف مین کچھ سوجھتا نہین — آنکھون مین اپنی دن شب دیجور ہو گیا
خواب کا بس کیا چلے اس دیدہ بیدر پر — چور کو آتی نہین دیکھا کبھی ہشیار پر
آبلون نے پانون کے پانی چرایا اسقدر — تشنگی سے پڑ گئے کانٹے زبان خار پر

تصویر تخلص مبین باشندہ دہلی تنگی زمانہ سے پیشہ نیچہ بندی کو اختیار کیا تھا باوجود یکہ امی تھا مگر طبیعت نہایت عالی پائی تھے

بات بھی کچھ کی تو اوسنے ذکر دشمن کا کیا — وائے قسمت وہ کھلا بھی ہم سے تو کیونکر کھلا
فدا ناآشنائی پر تو ہین لاکھون دل و جان سے — اگر وہ بت کسی کا آشنا ہوتا تو کیا ہوتا
گر آج بھی نزاکت آنے تمھین نہ دیتی — کچھ اور تھا ارادہ یہان جان ناتوان کا
صبر اوس پر اس ہمارے حسرت دیدار کا — بند جسنے کر دیا روزن تری دیوار کا
مین باز آیا تمھاری دوستی کی ان لگاہون سے — مجھے بھی یون ہی دیکھو دیکھتے ہو جیسے دشمن کو
مجھسے کیا پوچھتے ہو غل پس دیوار ہے کیا — تمنے جھانکا تھا سو یہ فتنہ وشر اوسکا ہے
رہا ہوے یہ بھی ہم تو رہے قفس ہی مین گرد — کہان وہ جائین کہ جو بال و پر نہین رکھتے
یہ بھی کوئی ہنسی ہے کہ رخصت کا لیکے نام — سو بار بیٹھے بیٹھے مجھے تم نے لا لیا
بھر آتا ہے جی تصویر سن سن کر تری باتین — لگایا تو نے اے کمبخت دل کس آفت جانسے
کیا پوچھتے ہو خاک مین کسنے ملا دیا — جو کچھ کیا سو آپ کے دل کے غبار نے
آج کی شب نہ خفا ہو ترے قربان ہمسے — کل تو ایسے ہی گی بدلا شب ہجران ہمسے
کون موسی تھا کہان طور کسے عشق آیا — ایک یہ بھی تھی مری جان شرارت تیری

تصویر تخلص شاہ جواد علی مرشد آبادی درویش تھے

قد و قامت اوس بتِ مغرور کا | ایک جھکا ہے خدا کے نور کا

عشق تخلص حکیم سید محمد دہلوی شاگرد و عزیز میر قدرت اللہ خان قاسم دہلی کی انگریزی مدرسہ کی مدرس تھے بعض صاحب تذکرہ نے انکو عزت اللہ خان عشق خلف قدرت اللہ خان قاسم کا شاگرد لکھا ہے

وعدۂ شام تو کیا ہے وے کسے | کچھ وہ آتا نظر نہیں آتا
سامنے دیکھو آتا ہے تعشق وہ کون | بارے کہ اب تو ہوا خوش دلِ مخزون تو
تو اے جہان شکن وعدہ پہ کس دن میر گزر آیا | سدا سنتے رہے یوں ہی کہ شب آیا سحر آیا
خواب مین تجھکو دیکھیے کیو نکر | تیرے بن نیند کس کو آتی ہے
ہوتے ہین ٹکڑے ٹکڑے آتا ہی یاد جسدم | کچھ چپکے چپکے کہنا اوسکا لب و دہن سے
چشم بد دور میرے اشکون مین | موتیون کی سی آبداری ہے

عشق تخلص سید مرزا ولد دشاگرد مرزا انس باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان ہین

اپنے کشتون کی لحد پر کبھی آجاتے ہین | کھینچ لاتی ہے اونھین یاس وفاداری دل

قلق تخلص محمد تقی خان ولد بہادر خان لکھنوی مقیم کانپور شاگرد محمد رضا معجز و خواجۂ وزیر

خون رونے سے سب راز نہان مین گیا ظاہر | فاش آنکھون نے آخر کیا مردہ کمر دل کا
شیشہ ٹوٹا تو برابر ہے مرا دل ٹوٹا | ٹھیس ساغر کو لگی درد ہوا آنکھون مین

قلق تخلص سید محمد تقی میر محمد عظیم کے مرید دن مین تھے معلمی کرتے تھے

عاشق کشی پہ جب سے وہ خونخوار کمر ہے | تب سے جہان مین حسن کا بازار گرم ہے

تمکین تخلص صلاح الدین دہلوی آزادانہ وضع رکھتے تھے اور اہل دنیا سے نہین ملتے تھے

عشق اور حسن کو جس روز کہ ایجاد کیا | مجھکو دیوانہ کیا تجھکو پریزاد کیا

تمکین تخلص بخت مل پنڈت شاگرد لچھمی رام پنڈت فدا تخلص

مشتاق قدمبوسی ہے ہر خار بیابان | لاتی ہے دلا یہ تری شوریدہ سری رنگ

تمکین تخلص میر سعادت علی باشندۂ عظیم آباد مقیم دہلی

نام تمکین ہوا تو کیا ہمدم | رات دن بیقرار رہتا ہوں
مہر و الفت کا ثمر ہے مہر و الفت دہر میں | پر محبت سے مری تم اور دشمن ہو گئے

تمکین تخلص مولوی غلام بتول خان صدر امین ضلع بہرہوم خلف مولوی غلام رسول خان بہادر متخلص بہ تحسین صدر الصدور ڈھاکہ باشندۂ ضلع میدنی پور بڑے ظریف اور رقم کے دوستوں میں ہیں بیشتر ریختی کہتے ہیں یہ شعر اس تذکرہ کے لیے دیے تھے

نسترانی کے سوا اوسکی زبان پر کچھ نہیں | اوس ستمگر نے سنا ہے جب سے قصۂ طور کا
کوی جاناں کم نہیں کعبہ سے عاشق کے لیے | دید حق سے کم نہیں دیدار نیکوی دوست
لاف کرتی ہے ابرو دس چشم سے بیجا مگس | کہیئے اون آنکھوں کے آگے ہی بھلا کیا بس
مہربان ہم پہ ہی وہ اور جفا کار بھی ہے | لطف اور پیار بھی ہے قصہ و تکرار بھی ہے

تمنا تخلص مرزا منعم جان مصاحب راجہ بلوان سنگھ مقیم آگرہ شاگرد حاتم علی مہر

بغل میں میکشوں کے ہیں شراب ناب کے شیشے | لیے بیٹھے ہیں پریون کو یہاں منجوا ہیلو میں
جام سفال جلوۂ مے سے دمک گئے | پرتو سے آفتاب کے ذرے چمک گئے

تمنا تخلص عباس علی خان دہلوی سپاہی پیشہ تھے

کیا بات کہوں ہمدم اوس نرگس شہلا کے | اک چشم کی گردش نے جسکی یہ خرابی کی

تمنا تخلص محمد اسحاق دہلوی متوطن گجرات مرزا حاجی کی سرکار میں مختار اور بڑے عاشق مزاج تھے اور ہمیشہ اپنی اوقات نازنینوں میں بسر کرتے تھے

جسکے غم میں ہم کبھی آرام سے واقف نہیں | کیا غضب ہے وہ ہمارے نام سے واقف نہیں
تڑپ رہا ہے کوئی خستہ جان زمین کے تلے | اٹھے ہے زلزلہ جو ہر زمان زمین کے تلے

تمنا تخلص مرزا غیاث الدین خلف شاہزادۂ شمس الدین دہلوی شاگرد قطب الدین مشیر

جو آنکھ چرانے تھے لگے کرنے اشارہ | ہو ویگی ابھی آہ کی تاثیر ہوئی کیا
تھامے ہوئے دل بیٹھے ہو کیون آج تمنا | کل دل پہ جو رکھتے تھے وہ تصویر ہوئی کیا
اے تمنا دل پہ کیون رکھے ہوئے ہو ہاتھ تم | پھر کہین کیا دل لگا عشق بتان پیدا ہوا

تمنا تخلص عاشق علی خان

کیا خاک ہو صفائی بھلا ہم مین یار مین | خط بھی لکھا جو ہم کو تو خط غبار مین

اس شعر کو بعض صاحب تذکرہ نے سعادت علی تسکین کے نام سے لکھا ہے

تمنا تخلص میر اسد علی خان اورنگ آبادی

بھلا سنو تو مری جان چپ رہون کب تک | ق | کہون مزاج مبارک پہ گر ملال نہو
تمہاری رخ کو جو گھیرا ہے خط کے سبزہ نے | یہ دود آہ کا میرے کہین وبال نہ ہو

تمنا تخلص ایک شخص مقیم مٹیا برج متعلق کلکتہ کا ہے یہ شعر انھون نے اس تذکرہ کے لیے بھیجے تھے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا شعر انکے اچھے ہین

جو اس طرف سے گزر ہوا ہے تو قہر عاشق بھی آ دکھیو | نگاہ حسرت سے گرنہ دیکھو بلا سے تیوری چڑھا کے دیکھو
صبا یہ کہنا ذرا بچالے نقط ہین آخری سنبھالے | گزرتے ہین نالہ و فغان والے جو دیکھنا ہو تو آ کے دیکھو
غنودگی بھی ہے کچھ تجلیان بھی آتی ہین | یقین ہے اجل آئیگی آج خواب کے ساتھ
کہلے ہین سب زخم خون چکیدہ ہر نگ گلہائے تازہ دیدہ | تمام اعضا ہین گویا بریدہ مگر نہ عادت گئی ہنسی کی
سفر بسرعت ہو اس جہان سے کوئی کہہ دے جرس کارواں سے | قدم اوٹھائے چلو یہان سے کہ یہ جگہ ہے روانگی کی

تمنا تخلص سید محمد باشندہ مراد نگر ضلع میرٹھ شاگرد امداد حسین ظہور

شکوہ بتون کا کرنے سے کیا ہم کو فائدہ | جب اپنا دل ہی قابو مین نہ ہے تو مہربان نہین

تمنا تخلص منشی مسیح الدین باشندہ کلکتہ تو اسہ منشی امیر مرحوم شاگرد حضرت وحشت راقم کے دوستون مین ہین انھون نے چوبیس ۲۴ پرگنہ مین نوکری کرلی ہین یہ شعر اس تذکرہ کے لیے دیے تھے

پامال ہو گیا ہے دل اوس خوش خرام کا | ہے بوسہ گاہ کبک نشان جسکے گام کا

گر لپٹنا تو کبھی خواب مین اے مصحفِ رو | تن عریان پہ مرے جامۂ قرآن ہوتا
جب وہ مہتابی پہ رخسار دکھا دیتے ہین | چرخ پر ماہ کو خورشید بنا دیتے ہین
دھوئے مہندی لبِ دریا تو اگر ہاتھون کی | جائے ماہی ہو سمندر کا مکان پانی مین
حکم قانون شفائے مرضِ غم ہے یہی | بوسۂ لب دلِ بیمار کا درمان ہووے

تمنا تخلص مرزا امداد حسین شاگرد قدیر

غیر ممکن ہے کہ ہو جوشِ جنون مین تسکین | غل مچاتے ہے مرے پاؤن کی زنجیر عبث
ہے مرے قتل کو اک جنبشِ ابرو کافی | دمبدم تولتے ہین آپ یہ شمشیر عبث

تمنا تخلص مرزا علی رضا مرحوم عظیم آبادی

آتا نہین مین آپ سے کوچہ مین یار کے | لاتا ہے کھینچکر مجھے بے اختیار دل

تمیز تخلص نواب احمد علی خان باشندۂ بہادر گڈھ مقیم دہلی بشیر مرثیہ کہا کرتے تھے

جذب دل سے لاتے ہم کسطرح اونکو کھینچکر | آہ مین تاثیر اپنے اس قدر ہوتی نہین

تمیز تخلص کالی رائے بن دیبی پرشاد عزیز باشندۂ فتح گڈھ

اچھے وہ ہین جو لمر کے تیرے خاک اڑا ہون | مٹی خراب طالبِ گور و کفن کی ہے

تنویر تخلص خدا بخش خان دہلوی شاگرد قطب الدین بشیر ابو ظفر بہادر شاہ بادشاہ کے خواصون مین تھے

سیکھ لین اوسنے بھی اوس عدو تمکین کی یہ بات | کہ ٹھہرتا ہی نہین دل کسی عنوان میرا
خدام حشر اپنے گریبان کرینگے چاک | یون ہی چلوگے وہان بھی جو دامن سنبھال کے
چہرہ سفید آج ہے تنویر خیر ہے | سچ تو کہو کہ غم مین ہو کس مہ جمال کے

تنویر تخلص میر کاظم حسین ولد میر حسین دارونۂ سرکار آصف الدولہ بہادر ابن میر اکبر علی مقبل مرثیہ گو باشندۂ فیض آباد شاگرد رشک صاحب دیوان ہین *

بوسے لون بلائین لون گلے لپٹون کہ دیکھون | کل چار پہر رات ہے ارمان ہزارون
جل جل کے میرا خرمن ہستی نہ کیون ہو خاک | بجلی گرائی تونے شرارت کی آنکھ سے

تنہا تخلص سید کفایت علی سررشتہ دار رزیڈنسی نجیب برادر خورد سررشتہ دار

رزیڈنسی باندا ولد میر الٰہی بخش رئیس میرٹھ شاگرد مرزا حاتم علی بیگ مہر

ملتا ہون اسلیے کف افسوس رات دن | بھیچتے ہین دست غیر مین دامن لرباکی ہاتھ

تخلص محمد عیسےٰ دہلوی مقیم لکھنؤ شاگرد مصحفی

افسوس کی جگہ ہے یہ تنہا کہ چھٹ گیا | ہاتھ اوسکا آکے میرے کئی بار ہاتھ مین
تھم کے بیوجہ تڑپتے نہین بسمل تیرے | آب خنجر سے یہ رہ رہ کے فرا لیتے ہین
مین جو روٹھا تو منا کر وہ مجھے یون بولا | کہیے کیا کرتے جو تم کو نہ مناتا کوئی
غیر سے شکوہ مرا بس دیکھی دانائی تری | مین ہوا رسوا تو کیا ہوگی نہ رسوائی تری

تخلص ایک شخص معروف بہ آکا باشندہ دہلی کا ہے قوم قصاب سے تھا

اب نامہ بر بنا ہے نکے ناصح کو جی مین ہے | معقول آدمی تو کوئی ہو جواب کو

تخلص عوض علی خوشنویس

تھا یہی پیغام وقت نزع تھا یار سے | اب قیامت پر ہمارا وعدۂ دیدار ہے

تخلص شاہ وحید

دست جنون سے کرتا ٹکڑے اسے بچا تھا | کیون پیرہن ہمارے ناحق گلے پڑا تھا

توانا تخلص سید اکرام علی خلف سید سبحان علی باشندۂ فتح پور ہنسوا شاگرد مونگر سنگھ عاشق و ناسخ پہلے ناتوان تخلص کرتے تھے صاحب دیوان گزرے

قرب اعلیٰ سے حصول رفعت اسفل کو نہ ہو | مل کو سب رکھتے ہین سر پر کاہ گلشن زیرپا
واسطے رتبہ کے ہم جنسی نہین ہرگز مفید | غیر بت ہر سنگ رکھتے ہین برہمن زیرپا

توفیق تخلص میر توفیق علی باشندۂ آگرہ مقیم دہلی زبان بھاکھا مین کمال رکھتے تھے بہت دوہرے اور کبت اسنے یادگار ہین

دشمنون سے آہ بے مہری کا کیا شکوہ کرے | دوست ہی نا آشنا ہی بیوفا بے دید ہے

توقیر تخلص لالہ ہرسُرابن داس ولد لالہ بھول چند فرخ آبادی شاگرد اسمٰعیل حسین منیر

غش ہوا جسنے تری مہندی کی رنگت دیکھی | شعلۂ طور بنا رنگ حنا ہاتھون مین

توقیر تخلص شیخ احسان اللہ ولد شیخ محمد رضا ابن غلام سرور بجنوری مصنف قاف نامہ

مقیم لکھنو صاحب دیوان ہین

ہو چکا جس سے فیصلہ دل کا | اب ہے اوس سے معاملہ دل کا
دیکھیے کسکی فتح ہوتی ہے + | عشق سے ہے مقابلہ دل کا

توقیر تخلص عبدالقادر پنجابی مقیم دہلی دنس گیارہ برس کم عرصہ ہوا کہ انتقال کیا

انتظار نامہ بر مین اسقدر مبہوش ہون | جان تن مین آگئی پیک قضا کو دیکھ کر
زخمی تری نگاہ کے آخر کو مر گئے | کہ کہ کے ہای ہای جگر ہای ہای دل
ہم تو خاطر سے تری غیر کی بھی تعظیم دین | رشک پر کہتا ہی بیٹھو اپنی یہ عادت نہین

تہور تخلص مرزا غلام فخرالدین برادر حقیقی مرزا قادر بخش صابر شاگرد حافظ عبدالرحمن خان احسان و مومن خان دہلوی عین شباب مین انتقال کیا

سنتے ہی نام غیر تہور بھی ہے غضب | اوس جنگجو سے لڑنے کو تیار ہو گیا
لے آئے ذرا خط کا جواب اوس سے کئی دن | افسوس کہ قاصد سے اب آنا نہین ہوتا
ناصحا پند و نصیحت تو نکر محفل مین | کہ مرے ساتھ کوئی اور بھی رسوا ہوگا
اب ہی کیا باقی جو ہو کاوش تری دست جنون | چاک دامان ہو گیا ٹکڑے گریبان ہو گیا

تیمور تخلص مرزا سعادت سلطان دہلوی خلف شاہزادہ قادر بخش ہوزون شاگرد مرزا قادر بخش صابر و حافظ عبدالرحمن خان احسان

اس سادہ فراجی پہ بھی مرتے ہین ہزارون | اللہ رے عالم ترے بے ساختہ پن کا
ضبط نالہ کیا تو جان گئے | اپنا گویا مین آپ قاتل ہون

حرف تاے مثناۃ

ثابت تخلص شجاعت اللہ خان لکھنوی شاگرد حسرت

آتے ہو تم تو دن مین کئی بار اسطرف | پر دیکھتے نہین کبھی اے یار اسطرف

ثابت تخلص اصالت خان افغان مقیم عظیم آباد شاگرد مرزا بھچو فدوی

وقت مرنے کے مرے پاس نہ موجود ہو | اپنے ہی جی کا زیان اپنے تئین سود ہو

ثابت تخلص مرزا مغرالدین بہادر خلف شاہ عالم بادشاہ شاگرد حافظ عبدالرحمن احسان

سحر ہونے کے دھڑکے سے ہمارا ہی بدن ٹھنڈا
کہ تیرا ہار موتی کا ہوا اے سیم تن ٹھنڈا

خبر دو تیری نہیں ہے کچھ فقط گفتار خوب
رسم پری کا کل دھوان بالا بالا رفتار خوب

ناتوانی سے یہ حالت ہے کہ جاتا ہوں کہیں
اور اوڑائے لیے جاتی ہے ہوا اور طرف

گرم اک بات کسی سے نہ سنی تھی ثابت
اب سنانے ہیں مجھے میرے مقدر لاکھوں

ثابت تخلص شیخ ثابت علی ولد شیخ محمد علی ملازم راجہ بھرت پور

آنے کی کسی کی کیا تسلی ہے
جان لب پہ ٹھہر گئی ہے آکر

کہتے ہیں وہ بے وفا اب آیا
کہنے ہی کی بات ہے سنا کر

ثابت کا ہے حال غیر کل سے
تم بھی اوسے دیکھ آؤ جا کر

ثاقب تخلص میر شہاب الدین مقیم دہلی شاگرد خان آرزو

ثاقب کی نعش اوپر قاتل نے آکے پوچھا
کیسا ہے یہ جنازہ یہ کون مر گیا ہے

ثاقب تخلص شاہ شمس الدین دہلوی شاگرد شاہ مبارک آبرو آزادانہ وضع رکھتے تھے

مرے ادب نے رکھا مجھکو یہاں تلک محروم
کہ بعد مرگ بھی دامن تلک لگونہ اوڑا

ثاقب تخلص مرزا مہدی ولد مرزا انور علی بیگ اوستاد نواب محسن الدولہ باشندہ لکھنؤ شاگرد ناسخ صاحب دیوان گذرے

کسنے بوسے لیے کیوں آج ہو مرجھائے ہوئے
گل افسردہ کی صورت ہے تمہارا عارض

مدح تیرے حسن کی کرتی زبان حال سے
رکھتی گویائی اگر تصویر پشت آئینہ

نہ کیونکر صاف ہوں بعد شہادت میں شمگر سے
غبار دل مرا قاتل نے دھویا آب خنجر سے

قیامت قامت دلدار کے مضمون لکھے ہیں
نہیں کم آفتابی دائرے خورشید محشر سے

ثاقب تخلص نواب شہاب الدین احمد خان آنریری مجسٹریٹ شہر دہلی خلف الرشید نواب ضیاء الدین خان بہادر رئیس لوہارو شاگرد مرزا اسد اللہ خان غالب اشعار صاف عاشقانہ خوب کہتے ہیں راقم کے دوستوں میں ہیں یہ شعر اس تذکرہ کے لیے دیے تھے

ہر شخص کا دل شہر مین کھنچتا ہے ادھر کو
پوچھے کوئی کیون اور ہے رستا ترے گھر کا

اوس عصر مین کہتے تھے اسے بیابی جوفان
بچپن کا ہے یہ نام مرے دیدۂ تر کا

کیون وعدہ کرو بے خبر آجاؤ کسی وقت
ہون وصل کا خواہان نہین مشتاق خبر کا

گھر بیابان مین بنایا نہین ہم نے لیکن
جسکو گھر سمجھے ہوئے تھے وہ بیابان نکلا

وہی جگہ دیر مین ثاقب کو سمجھکر ہم کعبہ
وہ عدوئے بت و بتخانہ مسلمان نکلا

لاتے زبان کو کام مین کرتے وہ مجھسے بات
مجبور رہ گئی کہ سرے سے وہان نہ تھا

رکھا ہے خوب ناقۂ محمل کے بیچ مین
اے چرخ پیر قیس کوئی ساربان نہ تھا

سمجھے ہوئے تھے قبر کو ہم گنج عافیت
دیکھا تو یہان بھی امن و امان کا مکان نہ تھا

گرمی مین دل کو کھول کے بند قبا کیا
شکر خدا کہ ثاقب آشفتہ یہان نہ تھا

جو اس سے پہلے تھا یہ وہی خاکدان ہے
یارب وہ خاکیون کی کرامت کہان ہے اب

کیون ویسے آدمی نہین آتے برو کار
آخر وہی زمین ہے وہی آسمان ہے اب

سیمرغ و زال و رستم و برزو کدھر گئے
کہنے کو ایک ہوش فزا داستان ہے اب

اسفندیار و نامور ارجاسپ کیا ہوئے
سننے کو ایک تذکرۂ غمفشان ہے اب

دیکھا ہے کس نے موسی و فرعون کو یہین
ہان رود نیل روئے زمین پر رواں ہے اب

نے بت گری نہ بت شکنی قصہ مختصر
صرف آذر و خلیل کا مذکور یہان ہے اب

ہین ظلم و معدلت کی حکایات اور بس
حجاج ہے جہان مین نہ نوشیروان ہے اب

ضرب المثل ہے لیلی و مجنون کا حسن و عشق
اوسکا نہ کچھ پتا ہے نہ اسکا نشان ہے اب

کیا کہ رہا ہون مین کہ یہ ہے اور وہ نہین
توحید کے خلاف ہے سب جو بیان ہے اب

نفی وجود غیر ہے ثاقب طریق حق
آثار کی نمود بھی وہم و گمان ہے اب

ہم قوت جذب دل دکھائین
اور پھر وہ ہمارے گھر نہ آئین

کیا چیر کے سینہ دل دکھائین
کچھ حال سنو تو ہم سنائین

آتے نہین یہان اگر نہ آئین
اے کاش مجھے وہین بلائین

اے بخت کہان تلک برائی
اے چرخ کہان تلک جفائین

ہم سینہ سپر کیے کھڑے ہین وہ شوق سے خنجر آزما ئین

جو کام ہین غیر کے ہوئین صرف افسوس وہ دلربا ادا ئین

شاید کہ ہے گرم نالہ تا ثیر چلتے ہین شرر فشان ہوا ئین

خبر کسکو ہو گرچہ گھائل ہوتے ہین محبت مین ہم جملہ تن دل ہوئے ہین

تمنا نہین ہمکو پروانگی کے وہ اب غیر کے شمع محفل ہوئے ہین

نہین عقل سے عشق خالی کہ ا سمین بڑے تجربے ہم کو حاصل ہوئے ہین

نہ لیٹین نہ ہون قتل انصاف یہ ہے کہ ہم خود بہ آموز قاتل ہوئے ہین

ہین ذوق صحرا نوردی ہے تا قب نہ سمجھو کہ جو یاے منزل ہوئے ہین

دل کا سودا ہے خفا ہونے کی کچھ بات نہین گفتگو رہتی ہے بائع کو خریدار کے ساتھ

دانہ پانی کی خبر لینے کی توفیق نہین کھیلنا جانتے ہین مرغ گرفتار کے ساتھ

چیر کر سینے کو دل دیکھتے ہین قتل کے بعد اک چھری تیز لگی رہتی ہے تلوار کے ساتھ

خواہش وصل مین تا قب گر کوئی دیکھے سیر کچھ دعائین بھی پڑھی جاتی ہین اشعار کے ساتھ

ڈرتے ہین وہ جہان لطف آتا ہے گرد باد سہمے ہوئے ہین کیا مرے مشت غبار سے

رنجش سے گر کہا ہو تو ایمان نہ ہو نصیب کافر بتون کو کہتے ہین عشاق پیار سے

فکر وصال و ہجر کا صدمہ اوٹھائیے اس چند روزہ زیست مین کیا کیا اوٹھائیے

بے لطف زندگی سے تو مرنا ہی خوب ہے کیا فائدہ کہ ناز مسیحا اوٹھائیے

آؤ نہ آؤ ہم بھی ہین خوگر شکیب کے جی چاہتا ہے ذوق تمنا اوٹھائیے

یہان بھی قہر کو رخصت طوفان نوح ہے ہان بزم سے اوٹھا نہ اچھا اوٹھائیے

رکھتے ہین لوگ خلوت دشمن کا اہتمام بے پردگی مین پردہ ہی پردا اوٹھائیے

بیٹھے ہین ہو تو اب دل بے آرزو لیے وہ دن گئے کہ داغ تمنا اوٹھائیے

تا قب وہ ضبط اشک کو سمجھے ہین بیخبی یہ رویئے کہ شورش دریا اوٹھائیے

ثبات تخلص مہر علی باشندہ بڑھلہ مقیم دہلی

شب کو جو مین نے زلف کو چھیڑا تو یون کہا مارسیہ کو ہاتھ لگانا نہ چاہیے

ثروت تخلص سید درویش علی مقیم دہلی انکے مزاج مین کچھ وحشت تھی

قابل نہ تھے جفا کے اوٹھانے کی ہم ذرا
ثروت بناہ ہے یہ اوس آفت پناہ کی

ثروت تخلص محمد بخش ولد شیخ احمد بخش باشندہ بریلی مقیم موضع سنہٹے شاگرد حکیم مومن خان مرحوم

بھولی صورت پر بجا ثروت بتان ہند کی
نرم گو ظاہر مین ہین لیکن دل اونکا سنگ ہے

ثروت تخلص میر محمد شاہد باشندہ نارنول مقیم دہلی

داغ ہے لالہ کے دل مین روے زیبا دیکھکر
پا بگل ہے سنرا و سکا قد رعنا دیکھکر

کیا بلا ہوتی ہے آفت رنگ کی ہمدم کہین
مرگیا اغیار سے ربط اوس پری کا دیکھکر

ثریا تخلص سید امیر علی گوپاموی

جھوٹے وعدے بھی یہان غنیمت ہین
اس مین تسکین کچھ تو ہوتی ہے

ثمر تخلص مرزا علی ولد مرزا جعفر علی لکھنوی شاگرد مصحفی صاحب دیوان گذرے

حد سے ہین گزرین یار کی وعدہ خلافیان
پوچھینگے آج اوس بت پیمان شکن سے ہم

کیا رنگ شوخ شوخ کے ہاتھون مین لائی ہے
کیا خون لکھا ہوا ہے ہمارا حنا کے ہاتھ

ثمر تخلص سید ابو تراب خلف شاہ مرزا خان لکھنوی شاگرد امانعلی سحر

مجھکو جو دیکھتے ہو عداوت آنکھ سے
غیرون کو بھی نہ دیکھو محبت کی آنکھ سے

ثمر تخلص احمد سعید خلف سعد اللہ خان دہلوی

مثال آئینہ ہمسے کھلی حقیقت حسن
کہ ہم کو دیکھ کے اپنا تجھے غرور ہوا

تھا قابل امتحان عشق کہ قابل ہے کون
بل بے ہمتی اس ضعیفی پہ گمان مجھ پہ ہوا

مگذر اس نے تو اتنا کیا غضب تھا اگر
مرے غبار کے جا دل مین آسمان ہوتا

نگاہ گرم کا تیرے ہی کچھ اثر اوٹھا
کہ غیر پہ پڑے اور دل جلا دیا میرا

ثنا تخلص مولوی ثناء اللہ خلف شیخ کریم اللہ باشندہ دہلی سفر حجاز بھی کیا تھا

خواب مین مجھ سے وہ بگڑا تھا پہ تعبیر یہ دیکھ
کہ سحر سامنے آیا تو پشیمان آیا

ثنا تخلص میر شمس الدین شاگرد شاہ مشتاق مطلب وطن انکا کشمیر مولد و مسکن عظیم آباد

چین ہے خندہ گل سے مے دیتا ہے اور توبہ	فغان ہے نالہ ہے فریاد ہے زاری ہے اور شیون

تواب تخلص سعادت علی خلف میر شہاب الدین دہلوی مقیم کرنال

کبھی ہے سردگان غم پہ احسان معجز قم کا	کبھی حق نمک ہے زخم دل پر ادس تبسم کا

حرف جیم تازی

جام تخلص کنور سین باشندہ بدہولی شاگرد شرف الدین مسرور

چڑھی ہے بادلی گھوڑی پہ گو موج ہوا ممکن	نہ دعوی کر سکے گلگون سے تیری ہم عنانی کا

جان تخلص جان عالم خان لکھنوی خلف نواب منور خان مرحوم شاگرد میر سوز خط نستعلیق اور شکستہ خوب لکھتے تھے

چھوڑ عارض دل نے گھیرا زلف عنبر فام کو	صبح کا بھولا نہ نیست ہے جو پھوپنچے شام کو
لگا خوبان نوخط سے یہ ملنے	گھسیٹا پھر مجھے کانٹون پہ دل نے

جان تخلص جان ملی باشندہ جہان آباد شاگرد میر تقی نواب میر م خان کے قرابت داروں مین تھے

ذکر اس زلف کی درازی کا	ہے سے تا بشام ہوتا

جانباز تخلص بہوخان باشندہ سرہند تلمیذ میر شمہ شاگرد امداد حسین ظہور

کس وقت کیے یہ نالہ و شور و فغان حزین	کس دم ہماری سینے سے اوٹھتا دھوان نہیں

جانصاحب تخلص میر بارعلی خلف میر امن لکھنوی شاگرد عاشور علی خان بہادر رنجی اپنے طرز پر بہت خوب کہتے ہین دیوان انکا نظر سے گذرا

شان مین اللہ کے مطلع دو ہو دیوان کا	جیسے بسم اللہ بھاٹک ہے پورا قرآن کا
ہوتا نہین ہے ایسا بھتیون کا طور	جیر بانگ دیدہ دیکھا ہے اکثر چھنال کا
سب جھوٹ ہے مین اونکے لیے ہو کبھی خراب	سچا عمل کسی کا نہ جادو نظر پڑا
جس مردوے کے پیچھے مرا گھر ہوا تباہ	ہر سو نکے بعد پھر دی الو نظر پڑا
کلدار نی پہ مرتا ہے شہ ادھمی ریش پر	قاضی کے گھر مین کیون نہ ہو چرچا شراب کا

ہلوم بنیون سے جولاہونسے جو کھیلے جوسر — چال وہ مجھ سے ننگے گز کی نہ کیونکر چلتا
کیا ہم کو پڑے کوئی زناخی کے گھر آیا — اچھا سین کرنا ہے اجی ذکر پر آیا
ساس نندون کی محبت کی مین قربان گئی — جاؤن میکے مجھے منگوا دو سواری مرا
نہ پھینکا ڈھیلا نہ کھنکارے چپ چلے آئے — کسی کے گھر مین کوئی بے حظر نہین آتا
کمر کا ہووے جو مضبوط اور دکھاے فرا — مجھے تو اتنون مین کوئی نطف نہین آتا
گرگٹ کی طرح کالا کبھی لال ہو گیا — غصّے سے مردوے کا عجب حال ہو گیا
کھلتی ہے جبھی ٹھوکرین کھانی کی حقیقت — سر پر جو کوئی چاہنے والا نہین رہتا
چھوٹا کپڑا ہے بڑے لطف کی چیز یہ ہے — ساری جوڑی مین تو بندی کو خوش آئی انگیا
خوب بھڑکایا تھا اوسکو سوت نے — مین ہوئی جب گرم ٹھنڈا ہو گیا
چھوٹے دیوار سے مرے پر دا کیا — باجی صاحب او ہی تم نے کیا کیا
ہو خیر دولہن دولہ کی ہاتھا مرا ٹھنکا — اچھا نہین یہ ٹوٹنا سہرے کی لڑی کا
نامرد ہی نہ جورو سے ابتک خبر ہوا — قربان اس حیا کی بوا سال بھر ہوا
سوکھا سا کھا گورا گورا — کملو کا گھر والا ہو گا
آتو نے مار مار کے کین چور ہڈیان — مطلب جو مین نے پوچھا عطار ریمہ کا
یہ بدگمان ہے دل دوس نگوڑی نٹ کھٹ کا — لگایا مین نے جو سرمہ موے کا دل کھٹکا
جان کی خیر ہو صدقہ اجی کچھ دے ڈالو — جان تم پر ہے کڑا آج کا دن آج کی ہے
مجھے نفرت ہے صورت سے نگوڑی جانصاحب کے — وہ اوسکی شکل کیا ہے ای بوا قربان کی صورت
کہدے مہتاب نے نہین تو ملاقات کی بات — پیٹ کی ہلکی ہے اک دن نہ بچی رات کی بات
کیا سٹرن نے چالیسوان بسنت کے روز — نکالی قیس کی لیلی نے کس بہار مین روح
سوت کی منہ کو لگی سات توونکی کا لک — میرے چولھے مین اوسی نے بو لگا لا تو نیر
نہ دیکھ دولہ کو ساس نندون کا گلا گھونٹ اٹھا اوٹھکر — نئی نویلی دولہن ہے بچی ابھی تو دو چار دن جیا کر
نکاحی سیاہی کو چھوڑ بیٹھے متاعی نڑی کو گھر مین ڈالا — بنایا صاحب امام باڑہ خدا کی مسجد کو ٹھنڈھا کر
نصیب سیدھا اگر ہے میرا لگے نکلی کھاٹ اوسکی — وہ سکھ نہ پائیگی جسنے بھیجا ہے اولٹی پٹی تمھین پڑھا کر

تھا کا تو نہ جان صاحب تم ۔ اوسکو کس رشتے سے ٹلایا یار س
تھا کچھ تو دل مین تیرے جو سو بار کی تلاش ۔ کیون مونڈے کاٹے رات کو تلوار کی تلاش
آج مجھ سے ہے تو کل اور سے مرزا اخلاص ۔ ایسے پھر جائی سے ہو نوج نگوڑا اخلاص
موتی کی طرح رکھئے خدا صب کی آبرو ۔ بیرنگ ہے محل کا جواہر نگار رنگ
رنڈی چل دور چنی مجھ پہ یہ بہتان نہ کر ۔ میری بیری میری دشمن ہون گر فتا کہین
نہ جائے کوئی بلانے کو جان صاحب کے ۔ ہم آپ کوٹھے پہ چڑھکر پکار لیتے ہین
جیسے بھاتے ہین مجھے باجی تمھارے ہاتھ پان ۔ گوری گوری ننھے ننھے پیاری پیاری ہاتھ پان
جانصاحب مجھکو تم دلکا لو بالا پوش مین ۔ مارے جاڑے کے مرے ٹھنڈے پڑے ہاتھ پان
لے قسمت سے ہے اوباش جورو اوہی نائی کو ۔ خصم کی طرح رنڈی مونڈ کھائے گی خدائی کو
سر پہ باندھے جو مرے آکے تو چلاتی ہے ۔ مینے جانا ارے چندیا ترے کھجلاتی ہے
ٹھسوے بھائیے نہ مرے آکے سامنے ۔ یہ نخرے تلے کیجیے جورو اکے سامنے
دیکھی جو اپنی چوٹی کی پہچائین رات کو ۔ رستی سمجھ کے بھاگی مین اک چیخ مار کے
دل گور تم کو اپنا ہی مطلب ہے سوجھتا ۔ اے جان مین تو مرتی ہون مارے بخار کے

جان نثار تخلص میان جی غلام فرید ساکن فرید آباد معلمی کرتے تھے

پیچ اوس زلف سیہ کا ہم سے وا ہوتا نہین ۔ لاکھ ڈالا ہین پیچ مین اوسکے اگر شانے کو ہم

جذب تخلص میر عزت اللہ عرف میر بھکاری مقیم دہلی بریلی کی معززون مین تھے بیشتر فنون مین دخل رکھتے تھے تھوڑی سی عمر مین بہت سے شہرون کی سیر کی تھی قریب بخار اکے انتقال کیا

وہان صفائی و خود نمائی ہے ۔ یہان مرے جان کی صفائی ہے
جو کہ حلقہ بگوش نتھ کے ہین ۔ ناک مین اون کے جان آئی ہے

جرأت تخلص مرزا مغل خلف عبد الباقی خان شاگرد سودا بریلی مین وفات پائی

ٹیٹ ہی حال پریشان ہے آج سنبل کا ۔ چمن پہ آہ یہ کس زلف کا زوال پڑا
کیون نہ ہو دین جان و دل سے ہم نثار آئنہ ۔ عکس ہے مکھڑے کا تیرے ہم کنار آئنہ

جرأت تخلص شیخ قلندر بخش ولد حافظ امان دہلوی مقیم لکھنؤ تاگرد جعفر علی حسرت اونیس ۱۹ برس کی عمر مین چیچک کے عارضے سے انکی بصارت زائل ہوگئی تھی نجوم اور موسیقی مین کامل تھے ستار خوب بجاتے تھے مرزا سلیمان شکوہ بہادر اور نواب محبت خان بہادر کی رفاقت مین تھے مضامین معاملات عاشق ومعشوق کے باندھنے مین بے مثل گذرے اشعار انکے نہایت دلچسپ اور عاشقانہ ہین

۱۲۲۵ بارہ سو پچیس ہجری مین انتقال کیا کلیات انکا نظر سے گزرا

کچھ ہی مزاج تیرا اے بدگمان بدلا
تیرے مریض غم نے سو جا مکان بدلا

جسنے یا بوس بھی ہونے نہ دیا وصل کی رات
اور کچھ اوسکا بھلا کیون کر گوارا ہوتا

نہ لب تک آہ پہونچی ہے نہ افغان آتی ہے
پھر اوس بیرحم کے دل مین اثر ہو کارگر کس کا

آئینہ سے بھی تو ہوتا نہین محبوب دوچار
پھر یہ حیرت ہے کہ دل کیون ہی کلندر اپنا

کیا کہین وصل ہوئی پر بھی زبان سے اپنی
حرف مطلب نہ کوئی خوف کے مارے نکلا

ہوا ظاہر نہ مردہ بھی ترے بیمار ہجران کا
زلیخا صدمہ اوٹھا کر وہ سوا تھا دیدہ حیران کا

یاد کیا آتا ہے وہ سیر اگے جانا اوٹھ
پیچھے اٹ کر اوسکا یہ کہنا کہ کوئی آجا ہے تنگا

در تک اب چھوڑ دیا گھر سے نکلکر آنا
یاد وہ راتون کو سد اچھیون بدلکر آنا

کلمہ پڑھے ترا جسے دیکھے تو بھر نظر
کافر اثر ہے یہ ترے کافر نگاہ کا

دم مارتے نہین اور اوٹھاتے ہین ظلم یار
اپنا جو اک مزاج پڑا ہے جفا کا

تیرے مریض غم کی زبان پر نہین کچھ اور
اک تار بندھ گیا ہے فقط آہ آہ کا

آشنا مجھسے نہ تھا پر مین بزور اوسنے ہم آغوش کیا
جسکو مدت کے دن عید کے دن اوسنے ہم آغوش کیا

کون دیکھے گا بھلا اسمین ہے رسوائی کیا
خواب مین آنے کی بھی تمنے قسم کھائی کیا

جنھون کا نامہ پہونچتا ہے اوس نامہ تک
اونھین کا کاشکے جرأت مین نامہ بر ہوتا

شب اوسنے توڑ کر موتی کی سمرن مجھسے گنوائی
دکھایا وصل مین عالم نیا اختر شماری کا

کچھ منہ سے دینے کو وہ بہانے سے اوٹھ گیا
حرف سخاوت آہ زمانے سے اوٹھ گیا

ہے قرب مرگ احوال اب تری رنجور کا
غم ہے ماندے مسافر کو قیامت دور کا

دیکھو قریب دید کے ہمسے تو نکلکر اک رات — چور سا کون کھڑا ہے پس دیوار لگا
دل کو تھامے ہوئے چکار سا ہی کیون کہ تو ہی — جرأت اک بات بھی کرنا تجھے دشوار ہی کیا
جس بہانے سے کبھی آن کے ملجاتی تھے — آہ کیا بھول گئے اب وہ بہانہ اپنا
خط کسکا یہ آیا ہے کہ جرأت جسے تو نے — اک دم مین اوٹھا آنکھون سے سو ملنا لگایا
کیا لڑکپن کا ہے عالم اوسے سن تو دان کا — بھولی بھولی صورت اور بس پردہ بالاکان کا
یاد آتا ہے تو بس رو رو کے زانو پیٹنا — اوسکا ہنس دینا اور اپنا گدگدانا ان کا
پھر کہو سوتے مین بوسہ کیون لیا تو نے مرا — گو ہے تہمت پر فرا کیسا ہی اس بہتان کا
تماشے کو نکل آتا ہے وہ رشک پری گہر — مزا دیکھا رہا ہے ان دنون دیوانہ پن اپنا
ناصحو آپ مین جرأت نہ رہا — اب سمجھکر اوسے سمجھایئے گا
جو کرتے بات ہمسے تو لڑاتی آنکھ غیرون سے — بھلا صاحب یہ ڈھب سیکھے تم اچھا آنکھ لڑانا
ادھر جاتے ہین ٹانکے سینکڑون خم جا بجا سب — قصور جب کہ گزرے ہے کسیکے مسکرانے کا
ہوا جب بات کرنا ترک بالکل — تو کیا اس بات کا چرچا نہ ہوگا
کہو جرأت کو اپنے ہاتھ سے جان — کہ ایسا شخص پھر پیدا نہ ہوگا
نہ آئے کی جب مین سنانے لگا — وہ آئینہ مجھکو دکھانے لگا
کسی نے جو پوچھا خفا کس سے ہو — اشارے سے مجھکو بتانے لگا
چپ ہو فریاد اب نہ کر بلبل — رنگ گل بے طرح سے لال ہوا
خاموش ہون مین شمع کے مانند تس پہ بھی — دشمن ہے آہ ہر کوئی میری زبان کا
جاؤ جاؤ کیا لگایا ہے میان بیٹھے رہو — ہون مین اپنی زیست سے آگے ہی اوکتایا ہوا
مبتلا ہون مین کسی اک بت ہرجائی کا — جا بجا کیون نہ ہو شہرہ مری رسوائی کا
میرے ہوتے غیر سے جب مختلط ہوتا ہے وہ — دیکھیے اوس دم کوئی رکنا اور گھبرانا مرا
ہاتھ ملتے ہوئے آج آتے ہین سب گلدستے — جاے حیرت ہے کہ مین کیون سبز بازار تھا
دیکھنا دشوار ہے اب اوس بت دلخواہ کا — یہ ہین در پردہ گویا عشق ہم اللہ کا
کیجیو زمین سے قبر برابر مرے کہ مین — کشتہ ہون ایک پردہ نشین کے حجاب کا

پابوس میسر نہین ہمیات نہین اب — وہ چوری چھپے کی بھی ملاقات نہین اب
ربط دو شخصون مین سنتے ہین تو اسی جرأت سے — سر کو ٹکرا کے یہی کہتے ہین ہم ہی نصیب
منفعل کیونکہ نہون اوسکی مین اس چال سے جو — بعد بوسے کے وہ منہ پوچھے ہے رومال نہ جو
عالم مستی مین میرے منہ سے کچھ نکلا جو رات — بول اوٹھا تیوری چڑہا کے وہ بت میخوار سب
بانہین ہاتھون نے میری جو لین تمہاری رات — بلائین ہاتھون کی لیتا رہا مین ساری رات
اوسکا کیا حال کہون اتبو یہ حالت ہے کہ آہ — کچھ بھی سمجھی نہین جاتی ترے بیمار کی بات
سر دیجے راہ عشق مین پر منہ نہ موڑیے — پتھر کی سی لکیر ہے یہ کوہکن کی بات
مجھ مین جرأت ہے بھلا دست درازی کی کہان — دیکھکر مجھکو چھپا لیتے ہو تم گات عبث
نہ جی کو دل کی خبر ہے نہ دل کو جی کی خبر — ترے بغیر کسی کو نہین کسیکی خبر
حیران ہون مین وہ کون ہے جو بین وصل مین — کہتے ہو تم کہ چل بے اوسی کو تو پیار کر
اس ڈھب سے کیا کیجیے ملاقات کہین اور — دن کو تو ملو ہم سے رہو رات کہین اور
آسیا سے کوئی اب سیکھے رفاقت کا طریق — ساتھ گردش مین بھی چھر کا نہ چھوڑے پتھر
سنگ بر سینہ ہون کہنا یہ کسی کا کریاد — چھوڑ بس چھوڑ پڑین تجھپہ نہ موڑے پتھر
کر سکے کیون کہ بھلا پانو وہ رنجور دراز — جسکو بستر پہ ہو جنبش سفر دور دراز
کبریائی مین مراد وہ بت دلخواہ ہے ایک — لوگ سچ کہتے ہین یہ بات کہ اللہ ہے ایک
دن ہجر کا جب دو پہر آتا ہے تو جرأت — کیا کیا دل نالان کی سنا کرتے ہین سازنگ
کافر ہون جو محرم پہ بھی ہاتھ اوسکے لگا ہو — مشہور غلط محرم اسرار ہوتے ہم
دیکھی جو پشت سو دل ہی دلمین تڑپ کر بولین — الٰہی لگ گئے کیون ایسے دیوانے کو پیار ہم
تن مسک کی درستی ہو تو زیبندہ ہو گرمی — کیا لطف ہے اے چرخ جو خورشید ہو اگرم
مثل آئینہ با صفا ہین ہم — دیکھنے ہی کے آشنا ہین ہم
ذکر کہتے ہین وہ آئین تو کہین غم جرأت — جب وہ آتا ہے تو اوسوقت نہین ہے ہم
حیران مجھے دیکھ کے بولا وہ ہنسی سے — ہے آج تو جرأت پہ بھی تصویر کا عالم
جو روٹھے ہم تو بولے میلی سے تم کہ الہجا — ادھر کو دیکھیو کیون جی منانا اسکو کہتے ہین

بیٹھے جمعہ پاس وہ کیا اسکو یہ اندیشہ ہے
بھیج کر مجھکو وہ کرنے نہ لگے پیار کہیں

لگ جا گلے سے طاقت اب اے فائز میں نہیں
ہے ہی خدا کے واسطے مت کر ستم کہیں

وید کا طالب ہوں تو سن کر کہو جرأت وہ شوخ
خاک وہ دیکھے گا تری آنکھوں میں بینائی نہیں

جو دیکھا مضطرب مجھکو تو محفل میں کسی سے وہ
یہ کہتا تھا کہ ہے الفت محبت سازداری میں

بندے کی سن سفارش بولے وہ یوں کسی سے
عاشق وہ یوں ہی صاحب ساری جہان پر ہیں

لعلاں اشک کو دیں آنکھوں میں کیوں نہ باہم
گوشہ نہیں یہ لڑکے پاس اپنے تو جگر ہیں

دیکھا آئینہ وہ اپنی ایڑی کو دیکھ بولے
حق تو یہ ہے کہ ہم ہی کیا سی ہمارے میں نہیں

دام میں مجھکو لائے ہو تم دل اٹکا ہی اور کہیں
شعر پڑھ دیا نی ہم نے اور غزلوں کہا ہی اور کہیں

نہ دیا میں نے جو ہمدم تری باتوں کا جواب
مت بلا میرے اسوقت میں تنہا اور کہیں

جی میں سو بار آئے ہے جرأت نہ ملیے یار سے
پھر بھی دل میں کچھ سوچ کر کہ اسکتے نہیں

میری بینائی سے محفل میں یہ ٹھہرا ہے آوے
اوٹھ کے ہونے نہ لا یہ میرے قربان کہیں

رات تو بند قبا کھولنے کی ہٹ میں گئے
صبح نزدیک ہے اٹھو کہاں جان کہیں

کہے ہے جب وہ محفل میں کہ اب گھر کو جاتا ہوں
تو میں ہاتھ اک کو کر کہا جانے نہیں جاتا ہوں

لی جائی اوس بت خونخوار نے جب بانہہ
چٹکیاں لیتے ہی پہنچے گئے تب باغ میں

بیٹھوں تک پاس جاوے تو یہ چتون ہے کہیں
جل کے دل ہو گیا سو ٹکڑے ہزار ہو نہیں

لگایا غم جدائی میں کیوں میاں جرأت
ابھی تو کھیل تھا شوق کے شعر ہمارے سوا

اسی ستم ایجاد کب تک یہ ستم دیکھا کریں
تو کر سے غیر وں سے ہاتھ اور ہم دیکھا کریں

روکتا کیا اوسے جرأت نہ جانا آپ میں
بیٹھے بیٹھے جو ہمیں اوسنے یہ کہا جانا ہوں

وہ کیا کیا مجھ سے جھنجھلاتا ہے کچھ سوچ کر دلمیں
بیتابی سے گھبرا اوسکو مہربان لیتا ہوں

سچ کہہ جواب نامہ تو لایا ہے وہاں سے کیا
تیرے بجا جواس اب اے نامہ بر نہیں

زلفیں وہ آپ کو بھی ہے زنانے میں
ہوا سو مشکل ہے حیران کل آئینہ خانے میں

کہیں شب کو ہوئے تھے رونق افزا کیدن کی
ابھی چھپ نہ پائے تھے ہم نشانوں کو

گئے وہ دن سناتے تھے ہر شب کے واقعے تو لو
ہم اپنے راز داں کو وہ اپنے راز دانوں کو

گر کہون بیزار کیون تم اپنی شیدائی سے ہو
تو یہ جھملا کر کہے ہے تم تو سودائی سے ہو

یہان پھونک دیا تن کو وہان بار کو بھڑکایا
نالے بھی قیامت ہین کچھ آگ لگانے کو

دل مین آتا نہین اوسکے مرے گھر آنے کو
تا یہ لوگون مین رہے بات قسم کھانے کو

رات بولا وہ مرے نالۂ جان سوز کو سن
آگ لگ جائیو جرأت ترے چلانے کو

نہین وہان سے بات سنتے کسی کی
میان جرأت اب سچ کہو تم کہان ہو

رقیب کو جو بٹھاتے ہو مین سمجھتا ہون
یہ ساری باتین ہین پیارے مری اوٹھانے کو

وصل مین جسکے نہ تھا چین سو جرأت افسوس
وہ گیا پاس سے اور موت نہ آئی مجھکو

ادھر تو دیکھو مینے کہا تھا فلک کو تم آنے دو
پھینکے ہو منہ کھلواؤ نہ میرا جانے دو بس جانے دو

پوچھون ناصح سے جو ٹک ہنکا دیکھا جاوے
مین ہون اب دام محبت مین گرفتار کہ تو

دیکھیو شوخی کہ بھیجا ہے مجھے بوسہ کو
صبر سے کہتا تھا اشارون مین تک اسکو دیکھو

نہ دیکھو نیمچہ مری آہ مت لگاؤ ہاتھ
طبیبو تم مرے سینے سے اب اوٹھاؤ ہاتھ

شرم یہانتک نہ کر کہ نہ خدا ملے وہان
کر لے ہاتھون کو نثار رخ حسین کا پردہ

گرچہ ایا نہین ہے تم نے دل
مسکراتے ہو کیون اوسے کو دیکھ

کھل گیا اپنا جو قسمت سے
دور سے شکل نامہ بر کو دیکھ

حشر تک وعدہ فردا پہ آیا والسلام
دیکھ ہم نے بھی قیامت ہجر سہار کی راہ

کچھ نہ دیکھا تو کہا تم نے کہ ہم بار بار
ورنہ تمہارا نام نہ لینگے شمار مت

پیر مغان چاک ترے در پہ جو گل کرتا تھا
آج لوگ اوسکو دیئے جاتے ہین کفنائے ہوئے

دم نہ مت کہ جرأت کوئی اوس کافر سے
اک مسلمان کو کیون مارا چاہتے ہو تڑپائے ہوئے

رکھ نہ لیوے کہ وہ ہمسر پردہ کو ذرا جاری حجاب مین ہے
یہ اوسکا بکھیڑا نہین ہے گویا خدا کی قدرت نقاب مین ہے

تیغ کو کھینچا اوسکا اور غصہ ہے ہے ابرو کی چین نظر مین
جبھی ہو چون وہ شوخی کا کافر کہ لاکھ شوخی حجاب مین ہے

یار بھی تو دکھون مین انقلاب عشق
طرفہ گر زمانہ کا کیا کہان ہے

یاد ہم نے کی تو آنے لی سن کنڈی چڑھانے لگ گئی

سوچ کر کچھ طبیعت اور بھی گھبرا گئی
تاڑ لی مجلس میں سب نے سخت رسوائی ہوئی
جو مجھے دیکھیے۔ ہے سو دیکھتے جاتا ہے اوسے
ہنس کے چھیڑے ہے کہ بس نکرو دل بھاری
کسمسا کر جس ادا سے وہ بھرے ہے سسکی
گر نہ ہمارے محبت ہوں تو موت آئے مجھے
وہ بات کہ مطلق ہو نہ تھی وہاں میں میرے
پریشان سے سر و پا خستہ آوارہ حیران ہے
صلح کو روتے تھے کیا اب جنگ ہی وشوار ہے
کیا کسی کے تئیں جلدی سے بلا لیتا ہے
نہ بیٹھے بیٹھے جب کہیں گھبرا کے وہ اوٹھ جاتی ہے
جوان کا سینہ چینی پہ ہو تحریر طلا کی
وہ سنکے میں جینے اوسکا میرا ہی گلہ کیا ہے
یہ چاند کے ٹکڑے ہیں مری جان کی ٹکڑی
وہ سنی بات کہ پھر بیٹھے نہ گھر تک پہونچے
آہ سوزان آگے آگے شمع دکھلانے لگے
کسی سے چپکی چپکی جب کوئی کچھ ذکر کرتا ہے
جب تک کہ نہ دو چار کو پاس اپنے بٹھا لے
جس محلی میں ترا سوختہ جان رہتا ہے
وہ دم جانب در کیوں نگران رہتا ہے
اوسی بھی ہو گا جدائی کا غم میں غم ہو تو بس غم ہے
جب بیٹے پکارا اوسے آواز بدل کے
وہ اوبھرے اوبھرے گات وہ بازو بھری بھری

سوچ کر کچھ طبیعت اور بھی گھبرا گئی
تاڑ لی مجلس میں سب نے سخت رسوائی ہوئی
جو مجھے دیکھیے۔ ہے سو دیکھتے جاتا ہے اوسے
ہنس کے چھیڑے ہے کہ بس نکرو دل بھاری
کسمسا کر جس ادا سے وہ بھرے ہے سسکی
گر نہ ہمارے محبت ہوں تو موت آئے مجھے
وہ بات کہ مطلق ہو نہ تھی وہاں میں میرے
پریشان سے سر و پا خستہ آوارہ حیران ہے
صلح کو روتے تھے کیا اب جنگ ہی وشوار ہے
کیا کسی کے تئیں جلدی سے بلا لیتا ہے
نہ بیٹھے بیٹھے جب کہیں گھبرا کے وہ اوٹھ جاتی ہے
جوان کا سینہ چینی پہ ہو تحریر طلا کی
وہ سنکے میں جینے اوسکا میرا ہی گلہ کیا ہے
یہ چاند کے ٹکڑے ہیں مری جان کی ٹکڑی
وہ سنی بات کہ پھر بیٹھے نہ گھر تک پہونچے
آہ سوزان آگے آگے شمع دکھلانے لگے
کسی سے چپکی چپکی جب کوئی کچھ ذکر کرتا ہے
جب تک کہ نہ دو چار کو پاس اپنے بٹھا لے
جس محلی میں ترا سوختہ جان رہتا ہے
وہ دم جانب در کیوں نگران رہتا ہے
اوسی بھی ہو گا جدائی کا غم میں غم ہو تو بس غم ہے
جب بیٹے پکارا اوسے آواز بدل کے
وہ اوبھرے اوبھرے گات وہ بازو بھری بھری

جن پہ دل مائل تھا آگے سو بحیرت کہیں وہ ہیں — اک زمانہ وہ بھی تھا جو ہم پہ یہ مرتے رہے
اوس پردہ نشین سے کوئی کس شکل پر آوے — جو خواب ہیں بھی آوے تو منہ ڈھانک کر آوے
یوں وہ آنکھوں میں کہے ہے جب کہ روتا ہے کوئی — پھوٹ پھوٹ اتنا نہ رو بدنام ہوتا ہے کوئی
جو کہا میں نے کہ دل بیمار ہے تمہارے کوئی — تو عجب ناز سے بولا کہ ہمارے کوئی
لگ چلا ہیں جو شب وصل میں تو بولا کہ — جیا نکلتا ہے روزن درسے نہ ہوسے ہے کوئی
چاہیے حضرت میں بھی دیکھ کے جرات وہ ہیں — کٹے گھبرا کے قیامت ہے یہ ہے کوئی
بال بے بے دردی کیا جانے جان کہ دل کیا ہے — زور سے وہ اوٹھی میں دبا کر لے گئے
سمجھوں کی ہے زبان پر داستان میری خموشی کی — مرے کم بولنے نے بات یہ کتنی بڑھائی ہے
بلایا خواب میں ہادی جو بام پر تو ہاتھ لے — بس آنکھ کھل گئی لگتے ہی پانوں زینے سے
یاد جب آتا ہے یہ کہنا تو اوڑ جاتی ہے نیند — اپنے رٹے تو رکہ چکے لو اب تو چپ کر سو رہے
اب دن کو کیوں وہ آوے میں ماہ صیام آیا — ٹرہے او نہیں کہ ہے ہے روزہ کہیں نہ ٹوٹے
روداد اس سے کہتے کہتے منہ پھیر مسکرا — کہتا ہے کہ شامت نصیب کی
میران ہوں میں اس کے تئیں ہی دان سے گرا — پیدا ہے یہ حرکت کہ عجیب کی
ہزار افسوس یوں اسے زندگانی — چلے تو خاک میں ہم کو ملا کے
کرے ہے کس ادا سے دل کو چوری — وہ اوسکا دیکھنا نظریں چرا کے
غضب ہے لیتی ہے آغوش میں ہوا — وہ اوسکا سانس بھرنا آسمان کے
ہوئی قصیدہ صاحب پہ روٹھنگا نہ روٹھو گے — پلٹ پڑے ہیں باز آیا محبت آزمانی سے
دم آخر نہ پوچھو وضع اوس نازنیں کی آنے کی — کہ وقت نزع آ کے لگے خوبی بہانے کی

جرات تخلص میر شیر علی معاصر سودا و ممنون میں سکونت اختیار کی تھی۔

بیخود جو ہوا اتنا تو دیکھے نہ میخانہ — حیران ہوں میں کیوں کر پیویگا تو پیمانہ

جراح تخلص غلام ناصر جراح دہلوی کشمیری الاصل تھا۔

آگ ہے نہیں ہے اوس بت خورشید رو کو پیار — پھرنے میں چاہیے کوکب سیارہ گرم ہے
جراح ٹانکے دینے میں مت کر دریغ تو — اسوسطے کہ دخم مرے یار گرم ہے

جستا تخلص میر محمد حسین باشندہ لکھنؤ۔

نالہ زار مین سے تا آسمان گیا | دیکھو تو بے ادب یہ کہان سے کہان گیا
اب نہ بیٹھنے کی توقع ہے نہ مرنے کی امید | میرے بالین پہ نہ قاتل نہ مسیحا ٹھہرا
جن تئی کیا مال فرشتون کو ہوا حکم سجود | سب سے رتبہ مین سوا خاک کا پتلا ٹھہرا
اب ملینگے نہ کبھی دس بت سفاک سے ہم | جو کھٹکنے دل مین پٹکنی جی مین جو ٹھہرا ٹھہرا

حیرت تخلص مرزا حسین بیگ شاگرد اسیر

تیری طرح سے خون کبھی میرا ہے وفا | اے ترک پونچھے گا ترے آستین سے کب

حیرتی تخلص مرزا سمیر فراز علی مرحوم ولد مرزا نوازش علی بن مرزا غفنفر بیگ زمیندار محمود نگر محلہ لکھنؤ شاگرد ضرف

کالون سے اوسکی بچتی نہین ایک دم کبھی | مثل جبی ہے عاشق روی نگار زلف

حیدر تخلص جعفر علی خان دہلوی۔

پیکان دانتہ دیکھیے یار کے مسی لگانے مین | جڑی ہین قطبیان الماس کی نیلم کے خانے مین

حیرتی تخلص میر باقر علی خلف قمر الدین منت سفر حجاز سے پھرتے وقت انتیس برس کا عزم ہوا کر انتقال کیا اپنے برادر بزرگ میر نظام الدین ممنون سے تربیت پائی تھی۔

آرام و حمایت کی شب اگر ہم کو ہوئی آیا | آیا نہ چین دلکو جب تک کہ تو نہ آیا
سب مٹے نقش خیالات جہان بعد فنا | داغ الفت ایک زیب صفحۂ دل رہ گیا
تیغ یون دل مین خیال نگہ یار نہ کھینچ | ناخدا ترس تو کعبہ مین تو تلوار نہ کھینچ

حیرتی تخلص ہندی بھنسر خوشنویس باشندہ الہ آباد مقیم احمد آباد شہر ریف۔

ہے وہ پابند مین بھلوہ حیرت ہی کہ لوگ | سر و کو کس لیے آزاد کہا کرتے ہین

حیرتی تخلص شیخ جعفر علی قاضی زادۂ دادری ملازم نواب عبد الرحمن خان والی جھجھر

الٰہی ہر گھڑی ہر زخم دل سے خون ٹپکتا ہے | شہید ناز ہون مین آہ کس رسم ستم حنائی کا
اے دل خیال لف بتان کیونکہ چھوڑ دون | وحشی ہون اور پاؤن میرا نجیر ہی نہین

جلا تخلص نواب میرزا واجد علیخان خلف نواب نجی الدین حیدر بن نواب شجاع الدولہ بہادر شاگرد نواب عاشور علیخان بہادر

مہک جائیں تیرے وصل میں ٹھوکریں ملیں جو خاک میں ملیں ۔ تیرے سوا کسی کو لگا کر جو یار ہاتھ
آتا ہے ہجر میں جو خیال و وصال دوست ۔ مگر اسکے دوڑ پڑتے ہیں بے اختیار ہاتھ

جلالی تخلص بنام علی ولد سلیم اصغر علی داستان گوئے لکھنوی شاگرد امیر علی خان

ہلال و برق

کرے پہاڑ کی چوٹی سے ہمسری جو چوٹی ۔ ۔ ۔ کیا ہے ایک ہلال نے فلک پہ سر کو سرنگوں
ابھی ہلال نہ دیکھینگے دوسری چوٹی ۔ ۔ ۔ [illegible]

ہلال تخلص بحال الدین حسین

جی میں آتا ہے کہ سب ان پہاڑ کر ۔ ۔ ۔ دشت کو اوڑھ بچھونا دامان جھاڑ کر

ہلال تخلص ایک شخص حیدرآبادی کا ہے اور حال معلوم نہ ہوا۔

تنگ احوال ہے ابتو تری شیدائی کا ۔ ۔ ۔ آ کے ٹک دیکھ تماشا تو تماشائی کا
کیا ہوا ہمنے جو تک لی ذرا ابرو دیکھا ۔ ۔ ۔ اتنی ہی بات پہ تم کھینچنے تلوار لگے

ہمایوں تخلص آلہ وردی خان برادر سعادت یار خان رنگین باشندہ دہلی۔

تیرے دہن سے ازبسکہ بچی ہے اک نزاکت ۔ ۔ ۔ غنچہ وہ کون سا ہے جو سر فرو نہ آیا

چالیسویں تخلص نواب محمد مہدی ملیحان موسوی خلف نواب صمصام الدولہ نامالملک سید علی نقی خان بہادر شوکت جنگ بارشندہ نیشاپور مقیم لکھنؤ شاگرد مہدی ملیحان کثر

جان تو جانی ہی پر نام پیدا ہو گیا ۔ ۔ ۔ جو منا قاصد کبوتر بس وہ عنقا ہو گیا
چار دن کی چاندنی ہو تیرا کرنا ہو کیوں ۔ ۔ ۔ سانولا تیرا بدن اے ماہ سیما ہو گیا
موج دریائے فنا پر کی ادا ہم نے نماز ۔ ۔ ۔ ہم شکستے تھے یہی اپنا مصلا ہو گیا
ذوق سجدہ آپ جو تشریف لے آئے گھر ۔ ۔ ۔ آگیا آج یہ اے جان جہان کیا دلمیں
کیا تجلی کا دعوی تجھے اے یار بجا ہے ۔ ۔ ۔ تجھ سا کوئی دنیا میں نہ ہوگا نہ ہوا ہے
دن رات تیری سمت سری رہتی ہیں آنکھیں ۔ ۔ ۔ ہر چشم کی پتلی صفت قبلہ نما ہے
ناسخ سچ خدا ہوں میں دل و جان سے تصدق ۔ ۔ ۔ دیکھا نہیں اوس بت کو مگر نام سنا ہے

ہمایوں تخلص مولوی فیض الحسن ولد مولوی سید مصاحب علی فرخ آبادی شاگرد مفتد

چاہیے عشق بتان سنگدل کو چھوڑ کر | اے جلیل اب تو توکل کر خدا کے نام پر

جلیل تخلص قاضی جمشید علی مراد آبادی -

آتی ہے مگر کوچۂ جانان سے یہ اے جم | دامن ہے معطر جو نسیم سحری کا
ہے نامۂ اعمال مرا سامنے میرے | کہتا ہوں جسے اے دل مضطر شب فرقت

جمال تخلص سید جمال الدین خلف میر کمال الدین باشندۂ دہلی -

ہم تمہیں آشنا سمجھتے ہیں | آپ کیا جانے کیا سمجھتے ہیں

جوشش تخلص مرزا جمشید بیگ ولد مرزا حمید بیگ اکبر آبادی شاگرد مرزا عنایت علی ماہ

نکل گئی مرے تن سے مگر انتظار میں روح | رہے گی حشر تلک جستجوئے یار میں روح

جمیل تخلص جمیل الدین خلف شیخ حفیظ الدین تھانیسری مقیم دہلی یہ شعر انکے نابالغی کے ایام کے ہیں

تو نے دیکھیں ہیں نہ میری کی آنکھیں | تیری نظروں میں کب سمائینگے ہم
ہیں ہوس کے جمیل وسکو جمع جاتے ہیں ہم کو | ہر چند کہ وہ شوخ پر زیادہ غضب ہے
مت برا مانیو جمیل اس کا | اوسکی گالی نہیں سہالی ہیں

جمیل تخلص مولوی جمیل الدین ولد شجاع الدین فرخ آبادی -

سوز درد ان سے ہے دل عاشق کی زندگی | آتش سے ہے آب خضر سمندر کے واسطے

جشت تخلص ہادی ولد محمد معروف للکھنوی شاگرد دانا -

وہ کمل ہوا ہے نہ سینہ کا ہزار کے | پیغام بھیجا چاہیے باد صبا کے ہاتھ

جنون تخلص چندا پرشاد ولد کالکا پرشاد لکھنوی شاگرد نواب عاشور علیخان بہادر

ساری رات ہی سوا کرتی ہیں ہمارو زلفیں | جان پر کھیل گئے دیکھ کے ہندو زلفیں

جنون تخلص میر مہدی برادر خورد میر رضی رہا خلف میر عباس عرف میر غلام حیدر آبادی مقیم لکھنو شاگرد رشک

گویا کہ گھٹری نور کی رکھی ہے کمر میں | ایسے ہی سونر جی اسے رشک نمر نانی

کسی نے تا ہے نہیں دیکھے چاند میں ایسا ۔ تمہارا چاند سا چہرہ ہے اور تمہاری چال
رخسارہ و زلف مہرو مہ و لال و جبین ۔ گریباں کہکشاں ہے تو ماہ جبین جبین
چوکڑی بھول گئے دیکھ کے رفتار تری ۔ کس طرح چار کریں آہو صحرا آنکھیں
گو وصل بار تمنا پہ لڑائی نہیں گئی ۔ میرے اور اوسکے خوب لڑی رات بھر زبان

جنوں تخلص مولوی عبداللہ مرحوم خلف مولوی سخاوت علی مستوفی جسر پاشندۂ بھاگل پور شاگرد مرزا جان طپش اولاد امین مولانا شہباز قدس سرہ کی ۔ انکا مولد و مسکن جسر ڈیہ کے ہیں عہدۂ صدر امینی پر مامور تھے سولہ سترہ برس ہوئے کہ انتقال کیا بیشتر فارسی کہتے تھے

رخ سے اوٹھے نظر تو پڑی جا کے زلف پر ۔ ٹھہرے ہے ہر مقام ہی کو مسافر نگاہ کا

جنوں تخلص شیخ محی الدین احمد پاشندۂ آگرہ

بیان کیجیے کس سے جنوں سے ناکوں ۔ دل حزیں پہ جو گزرے ہے بیقراری رات

جنوں تخلص سراج الدولہ علی محمد خان بہادر مہر دار جنگ

اے جنوں جو صنم سے ہے یہ دل پتھر کا ۔ آہ سینے سے نکلتی ہے شرر کی صورت

جنوں تخلص شاہ غلام مرتضی شاگرد مولوی محمد برکات مقیم الہ آباد سرامی درویش تھے آخر ایام میں نابینا ہو گئے تھے

اے فسردہ ہوں گل آمد بہاری ہے بھی ۔ جو بلا لیوے سوان آنکھوں نے دکھلائی مجھ کو
تری چشم مست کا ساقیا جنوں الٹا مست رہے ۔ اک گھڑی اتشہ طاقت رجوع ہمری تھی وہ میں بدلی ہے

جنوں تخلص مرزا نجف علی خان خلف مرزا احمد علی خان دیوانہ باشندۂ بنارس اطراف دہلی میں مہتر تھانہ داری اور تحصیلداری کرتے تھے ۔

دل کو شاید کوئی ستاتا ہے ۔ تا سر اشک تیز آتا ہے

جنوں تخلص میر نصل علی کتاب خان باشندۂ دہلی شاگرد میر امانی اسد پہلے مست تخلص کرتے تھے بعضے تذکرہ والوں نے انکو میر درد کا شاگرد لکھا ہے

ہے یہ ہمراہی سبا کو لے کر چراغ دل ۔ دلسوز ایک بھی نہ ملا غمسیر داغ دل

جنون تخلص مخدوم الاسلام شاگرد نظام الدین ممنون دہلی کے مشائخین مین تھے

اوٹھی جو شرم تو دونون ہی دل ملے نکلے	بنجر حجاب بہین کچھ نہ فاصلے نکلے

جنون تخلص مائید یال خلف منشی نوندھ رائے عمدہ کلکٹری میرٹھ شاگرد عبدالصمد فوق

پھنس گیا ہون مین سبزۂ خط مین	دیکھنا پیچ چرخ اخضر کا

جواد تخلص سید اسرار علی ولد بیدار علی باشندہ الہ آباد

دیکھا کرتا ہون مجھے دیدۂ باطن سے تم	چشم ظاہر سے جو موقع نہین بینائی کا

جوان تخلص میر جعفر علی ولد مرزا امیر باشندۂ الہ آباد

گلچین یہ کہ رہا ہے چمن مین پکار کے	فردہ ہو بلبلو کہ دن آئے بہار کے
زرد حنا سے ڈر ہے بہت دستبرد کا	مہندی لگائین آپ تو چھلے اوتار کے

جوان تخلص محب اللہ دہلوی شاگرد میر عزت اللہ عشق معلمی کرتے تھے

وہ کہتے ہین اگر تو نے لگایا ہاتھ چھاتی پر	بترب کعبہ پھر دو ہین چڑھینگے لات چھاتی پر

جوان تخلص مرزا نعیم بیگ دہلوی شاگرد صحفی ملازم مرزا سلیمان شکوہ بہادر

پہلو مین دل اپنے کو بھی غمخوار نہ پایا	یہ خوبی قسمت کہ کوئی یار نہ پایا
سیہ خال اسطرح سے بیٹھے ادسکی ناف کے اوپر	رشیدانے دیے ہون جیسے نقطے قاف کے اوپر
دیوار و در کی چھاتی سوراخ ہوگئی ہے	کیا روزنون سے اوسنے آنکھین لڑائیان ہین
جو دیکھکر درگوش اوسکا جان دے ہم	بجاہے خاک سے گر اوسکے موتیا نکلے
کسیکو اپنی سفارش کے واسطے اوس پاس	جولے کے جاؤن تو وہ اوسکا آشنا نکلے

جواہر تخلص جواہر سنگھ شاگرد میان جرأت اجاگر طوائف پر عاشق تھے

جادے سے تیرے ہے یون سارا جہان اجاگر	خورشید سے ہو جیسے سب آسمان اجاگر

جودت تخلص منشی تراب علی خلف سید محبوب علی صوبہ دار باشندۂ بارک پور عرف اجانک شاگرد مولوی عصمت اللہ انسخ

مجھکو دل سے بھلا دیا صاحب	یاد رکھیے گا یہ بھلا صاحب
تیرے ابرو کے مقابل جو ہوا عید کا چاند	ہوگیا خلق مین انگشت نما عید کا چاند

جودت تخلص ہری رام مرشد آبادی شاہ عالم بادشاہ کے عہد مین نواب علاء الدولہ کی سرکار مین توسّل رکھتے تھے وطن الحاکا کٹک ہے

واعظ کی بات دل سے تو مین کہنے کا نہین	تجھ کی چوٹ شیشۂ دل سہنے کا نہین

جوش تخلص رحیم اللہ دہلوی شاگرد میان مصحفی

مینے جو کہا تجھ بن کیا کیا نہ الم گزرا	بولا کہ ابے تیرا روتے ہی جنم گزرا
دریا مری آنکھون سے اِک جاری لہو کا ہے	بے درد تو کیا جانے کیا حال کسو کا ہے

جوش تخلص میر وارث علی ولد منشی میر حسن علی لکھنوی تلمیذ ناسخ

تیر جو تیرا لگا ہے سر پہ اے ناوک فگن	ہے دہان زخم مین گویا زبان بالائے سر

جوش تخلص نواب احمد حسن خان عرف اچھے صاحب خلف نواب مقیم خان باشندۂ لکھنؤ نبیرۂ حافظ رحمت خان مرحوم والے کمپٹر شاگرد نواب ظفر یاب خان راسخ شعر اچھا کہتے ہین ایک چھوٹا سا دیوان انکا نظر سے گزرا

سبزۂ خط سے تسلّی دلِ مضطر کی ہوئی	بوٹی اسطرح کی پائی تو یہ پار اٹھہرا
مال وقفی ہے مسلمان کے مذہب مین حرام	دولت حسن رقیبون ہی کا حصّہ ٹھہرا
چار سو کشتہ ہے عالم اوس بت بے پیر کا	نازکار رفتار کا تحریر کا تقریر کا
آنکھون مین شرم ہجر کی دھڑکی سحر قریب	باز آئین آپ دیکھیے اپنے نہین ہے کب
یہ ڈر تھا کہ تجھ پر نہ پڑے چھینٹ لہو کی	تڑپا نہ ترا عاشق مضطر تہ خنجر
ڈرتا ہون کہین راز کو افشا نہ کر و تم	اے آنکھو قسم ہے تمھین رو یا نہ کرو تم
ناز و انداز و ادا غمزہ و عشوہ تیرا	ہو گئے ہین یہ مری جان کے خواہان پانچون
یاس و حسرت غم و اندوہ و الم اے ناصح	خانۂ دل مین ہمارے ہین یہ مہمان پانچون
دل مائل زلف و رخ جانانہ ہوا ہے	سودائی ہے نادان ہے دیوانہ ہوا ہے
خندۂ دندان نما شمشیر ہے گجرات کی	خون رولایا اوسکو تم نے جس سے ہنسکے بات کی
نامہ مرے دلدار کا لایا جو کبوتر	حیران ہون کہ چلتی ہے ہوا آج کدھر کی

جوش تخلص شیخ نیاز احمد معروف اللہ دیا دہلوی شاگرد ذوق دس برس کا

عرصہ ہوا کہ انتقال کیا

حاصل نہ ہوا وصل ہین مقصود کہ مجھکو
پاس اوسکا نگاہ رہا اور اوسنہین پاس حیا کا

ہے ڈر یہی کہ تو نہ پشیمان ہو بعد قتل
ورنہ ہمین تو مرنے کا کچھ اپنے ڈر نہین

منظور ہے شفا کسے درمان درد سے
ایک شغل ساہیان مجھے دن رات چاہیے

جوشش تخلص محمد نظام الدین ولد محمد وجیہ الدین بیخابی مقیم کول

نظر آتا ہے جس جگہ چشمہ
ہے نشان میرے دیدۂ تر کا

دل لگائین گے اور سے ہم بھی
آپ سمجھین نہ دل لگی اسکو

قدم عشق پیشتر بہتر
پیچھے پاؤن اوس گلی سے کیون سر کے

جوشش تخلص شاہ خلیل الدین احمد علۂ سررشتہ رجسٹری ضلع مونگیر خلف مولوی شاہ محمد اصغر مرحوم باشندۂ منیر ضلع ٹمنہ اولاد مین حضرت مخدوم شرف الدین احمد یحیےٰ منیری قدس سرہ العزیز کے راقم کے احباب مین ہین ہر دو زبان فارسی و اردو مین شعر اچھا کہتے ہین مونگیر مین رہنے کے ہنگام مین کلام اپنا راقم الحروف کو دکھلاتے تھے

کہین دشمن سے نہ بگڑی ہوے
رات کو کس لیے وہ گھر نہ گیا

نہ گیا زیر زمین کونسا اشک
کونسا نالہ فلک پر نہ گیا

کیون سلیقے سے نہ کاٹے گردن
خون مین ہاتھ ترا بھر نہ گیا

ہاے اوسکی وہ نظر جانب در
رات بیمار ترا مر نہ گیا

ہمین رہجائین ہمین غیر سہی
آپ کیون غیر کے گھر جائیے گا

کیلیے میری نمازون پہ ہنسا کرتے ہین
نہ سہی گر نہین ملتی مجھے حور آپ کو کیا

نہ ترانی گئی نہ لین جوش سے کچھ یاد بھی ہے
اوسنے دیکھا نہین پردی مین حضور آپ کو کیا

ساری دنیا سے بے خبر پایا
جسکو عالم مین باخبر دیکھا

لوگ کہتے ہین شدت غم سے
جوشش بیچارہ آج مر ہی گیا

زہے قسمت زہے طالع زہے بخت
کہ آیا وقت پر اے یار تو آج

ہے بزم یار مین دشمن بھی ہین سے
کیے دیتا ہون قصہ ایک سو آج

سخن شعرا

مقتل مین دیکھ لے جو میری بیکسی کا حال — بھر آئے چشم جوہر شمشیر مین سرشک
دل کو بھایا آنکھون کو بے نور کر دیا — اے جوش اب ہے جان کی تدبیر مین سرشک
غم دلدار ہے یار شک عدد — اور کیا اسکے سوا ہے دل کو
عدو سے آپ سے نبھتی ہے کب تک — یہی ہم کو بھی تو اب دیکھنا ہے
یہ کہیے گا کہین جاتے نہین ہم — ذرا دیکھو تو کسکا نقش پا ہے
مراخط لاکے دے قاصد عدو کو — یہی تقدیر کا میرے لکھا ہے
عدو اور تم بھلے ہو اور برا جوش — جو کچھ فرمایئے صاحب بجا ہے
حوروں کا دلا رہا ہے پھر شوق — واعظ کچھ عجیب آدمی ہے
امید وصال یار اور رہین — ایسی تقدیر کب مری ہے
خوبون مین نہین ہے آدمیت — ہے حور کوئی کوئی پری ہے
تھا عالم جب کیا بتا نہین — کسطرح سے زیست ہم نے کی ہے
کچھ وہ ذہین کچھ کٹی ہے روتے — ناسور کی طرح زندگی کی
کرتا ہے تو ذکر یار و دشمن — ناصح یہ تو دوستی نہین ہے

جوشش تخلص محمد روشن عظیم آبادی اولاد مین جسونت راے نا کرتے عروض مین اچھا دخل رکھتے تھے شعر خوب کہتے تھے

مرجاون جی یہ دل نہ رہے آزار رہیگا — اک روز نہ اک روز مجھے مار رہے گا
نہ پھولتے ہین شگوفے نہ غنچے کھلتے ہین — چین مین شور پڑا کس کے سکرانے کا
یار کو قاصد مرے جاکے اگر دیکھے — میری طرف سے بھی تو ایک نظر دیکھنا
کل ہوا وسے دیکھکر ہم ہوے تھے خیر — سنکے وہ کہنے لگا پھر بھی ادھر دیکھنا
اوسکی رنجش سے تجھے خوف عبث ہے جوشش — ہو چکا ہے وہ اسی طرح سے موبار خفا
جز چشم بتان میکدہ دہر مین جوشش — ہمنے تو کسی مست کو ہشیار نہ پایا
قیس پھر تا جو ہوا دشت مین دیوانہ تھا — اوسکو لیلی ہے کے دروازے پہ مرجانا تھا
دیکھکر ایک ستم تیرے جفا کاری کا — کوہکن ہو تو نہ دم مارے وفاداری کا

مزا دکھا دون تجھے تیری بیوفائی کا | اگر نہ ہووے مجھے یاس آشنائی کا
روشن ہے آفتاب سے مانند داغ دل | روز خبر ملک نہ بجھے گا چراغ دل
عمر عزیز گزرے ہے رنج و ملال مین | عاشق کہان ہوے کہ پڑے اک زوال مین
راغب نہین طبیعت گر جور رو برو ہو | اپنی یہ آرزو ہے دنیا ہو اور تو ہو
بیکسی سے یہی گلہ ہے مجھے | تھام لیتی ہے دست قاتل کو
دمبدم بزم مین کا ہیدہ ہوتے جاتی ہے | لگ گئی شمع کو شاید نظر پروانہ
جی مین جسوقت کہ مضمون کمر آتا ہے | بسکہ نازک ہے مجھے باندھتے ڈر آتا ہے

جولان تخلص الف شاہ درویش باشندہ بریلی مقیم اکبر آباد

کیا تحریر فرط شوق مین جب نام احمد کا | ہو کاغذ سبز بختی سے بنا تختہ زبرجد کا
ہم وہ ہین صید وفا کہ تیغ کہ خون روتی ہین | ٹوٹ جاتا ہے تڑپنے سے اگر دام اپنا
اوٹھایا ہے گلی سے اوس پیر و کے اگر مجھکو | تو لے چل دشت دل اب جدھر چاہے اودھر بھیجکو

جولان تخلص سید قدرت علی باشندہ الہ آباد ریختی کہتے ہین

آتو کی چھوکری لو نوان اب کی سال ہے | انا جی رت جگے کا مجھے پھر خیال ہے

جولان تخلص شاہ جولان شاگرد سبحان جرأت مرزا سلیمان شکوہ بہادر کے متوسلون مین تھے

مر گئے سنکے درد فرقت کا | رہ گیا دل پہ داغ حسرت کا
دوست جو تھے وہ ہو گئے دشمن | شکوہ کیا کیجئے اپنی قسمت کا

جولان تخلص میر حسن علی خان باشندہ دکھن

اب ایسے جام مین ساقی شراب ارغوانی بھر | کہ جسکو دیکھکر زاہد کے مُنہ مین آئے پانی بھر

جولان تخلص میر بہادر علی دہلوی تیر اندازی مین ضرب المثل تھے

کنج قفس مین دیکھ کے بے بال و پر مجھے | اے ہمصفیر چھوڑ گئے تم کدھر مجھے

جوہر تخلص مرزا احمد علی قزلباش

آتش وہ چمن ہو یا برق آشیان ہو | اے مرغ نالہ کچھ ہوا کب ستم رفتان ہو

جوہر تخلص میر مشرف علی عظیم آبادی

نشتر فصاد بنا پچھکھٹ سے ۔۔۔ خون کا ہر قطرہ شرر ہوگیا
ضبط کیا آہ شرر بار کو ۔۔۔ سینۂ و دل برق کا گھر ہوگیا

جوہر تخلص جواہر سنگھ ولد بختا در سنگھ راقم باشندۂ لکھنؤ شاگرد خواجہ وزیر و مرزا ناظر فارسی گو دیوان الفنا نظر سے گزرا

ترے ہاتھوں شہادت میری سر کٹنے کی دیتا ہے ۔۔۔ دھڑکنا میرے سینے کا پھڑکنا تیرے بازو کا
رو برو آپ کے کیا یوسف مصری کی بساط ۔۔۔ سر بازار بچھاتے ہیں خریدار آنکھیں

جوہر تخلص مادھو رام ساہوکار ولد جواہر مل فرخ آبادی شاگرد منیر

نیند آنکھوں میں بھری ہے کہاں رات بسر ہے ۔۔۔ کسکے نصیب تم نے جگائے کدھر رہے
ہر دم جتائیے نہ محبت شب وصال ۔۔۔ جب یہ نگاہ آپ کی وقت سحر رہے
باہر نہیں میں حکم سے اے جان آپ کی ۔۔۔ دل سے نثار جان ہے قربان آپ کی

جوہر تخلص پنڈت دینا ناتھ ولد پنڈت دیبی پرشاد عرف سالیاسے لکھنوی شاگرد امانت

جب تلک ہوئی نہیں تقدیر اے جوہر ہم ۔۔۔ بن نہیں پڑتے کوئی تدبیر اپنے ہاتھ سے

جویا تخلص شیخ علی حسن ولد شیخ فتح علی باشندۂ عظیم آباد شاگرد رشک صاحب دیوان گزرے

ملو خواب نور سے ہے آنکھ ایاغ دل ۔۔۔ کیونکر چڑھے نہ رعشہ برین پر دماغ دل
کیا خاک بولے چالے کوئی در دہجر میں ۔۔۔ مہر خموشی لب عاشق ہے داغ دل

جویا تخلص منشی محمد علی انھوں نے مرزا ن علی خان رعنا کی ہجو کیکہ کہی ہے

تم پورے اپنی بات کے ہو ہم بھی کم نہیں ۔۔۔ باز آئے تم جفا سے نہ گزرے وفا سے ہم

جویا تخلص محمد حسین علی خان جیکلہ دار باشندۂ کولہار توابع فتح آباد

اب کی بلائے عشق سے خالق بچائے دل ۔۔۔ کافر ہو پھر کبھی جو کسی سے لگائے دل

جہاندار تخلص مرزا جہاندار شاہ عرف مرزا جوان بخت بہادر ولی عہد شاہ عالم بادشاہ دہلی سے لکھنؤ کو آئے وہاں سے بنارس جا کر سنہ بارہ سو ایک ہجری میں روانۂ ملک جاودانی ہوئے

کس کے انتظار مین یہ بے اجل گیا
آنکھین جو یون کھلی رہین اور دم نکل گیا

تھان لیتے ہین وہ پہلے ہی سر اپنا دینا
تیرے کوچے مین ہوائے شوخ قدم دھرنے مین

کونسی بات تری ہم سے اوٹھائی نہ گئی
پر جفا جو ترے ناحق کی لڑائی نہ گئی

جہانگیر تخلص جہانگیر بیگ دہلوی مدت تک لکھنؤ مین اوقات بسر کی آخر عمر مین دہلی مین جاکر مالیخولیا مین مبتلا ہو کر میر شاہ علی متخلص بہ درویش کو زخمی کرنے کے باعث محبوس ہو کر زندان مین فوت کی

وہ کافر مرا درد کیا جانتا ہے
جو گزرے ہے مجھ پر خدا جانتا ہے

جھمن تخلص جھمن ناتھ دہلوی شاگرد میر درد

دل جو سپند عشق کے آتش سے جل گیا
اک آہ کھینچتے ہی مرا دم نکل گیا

حرف جیم فارسی

جلالک تخلص میر قدرت اللہ باشندۂ دہلی

روز کے صدمے کہان تک مین اوٹھاؤن جلالک
دل کی جا کاش مرے سینے مین پتھر ہوتا

چراغ تخلص رحمان یار خان آخر ایام مین فقیری اختیار کی تھی

جو فنا اپنے تئین کر کے بقا کو پاوے
اوسکو ہر جا یہ میسّر ہے وصال مرشد

چرکین تخلص شیخ باقر علی باشندۂ قصبۂ رودولی غلیظ مضامین مین شعر نہایت پاکیزہ کہتے تھے دیوان انکا نظر سے گزرا

ایک دن بھی دل نہ اوس مہ کا پسیجا ہائے حیف
تھا مگر گوز شتر نالہ دل بیتاب کا

روبرو اعلی کے اسفل سرکشی کرتا نہین
سامنا پھسکی سے ہو سکتا نہین ہے باد کا

روتے انسان کو ہنساتا ہے
گوز مین یہ کمال ہے صاحب

خیال زلف بتان مین جو پیچ کھاتے ہین
مڑوڑے ہو ہو کے بیچش کے دست آتے ہین

آمد ہے خون حیض کی بنتی ہین گدیان
گوڑ کی لعل سے بھی زیادہ خرید ہے

افسوس آج اونکو نہین کانڈ کی خبر
کل تک خراج لیتے تھے جو روم و زنگ سے

سند گو زبھی صاحب عجب منہ زور گھوڑا ہے
پھٹی ہے نہ سہواروں کی بھی جسکی بدلگامی سے

گانڈ کھولے سوتے ہیں وہ خاک پر زیر زمین
پوتڑے سیتے تھے جنکے قاقم و سنجاب سے

عبث بدنامیوں کا ٹوکرا سر پر اوٹھاتا ہے
لگا نا دل کا بس جھک مارنا اور گو کا کھانا ہے

چمن تخلص بہاری لال ولد گنگا پرشاد شاگرد مقصود عالم سرشتہ دار سیتا پور

رہی بعد فنا بر باد مٹی جسم لاغر کی
نشان آرام کا ہمنے نہ زیر آسمان پایا

چمن تخلص قاسم علی خان لکھنوی ان دنون کلکتہ مین رہتے ہین راقم کے ملاقاتی ہین دو تین غزلین انکے پاس ہین انھین غزلون کو لوگون کے سامنے پڑھا کرتے ہین معلوم نہین کہ وہ غزلین انکی کہی ہوئی ہین یا اور کسی سے کہلوائی ہین

ہر نہال سبز نکلا خیمہ زمردی
اوترا ہوا ہے باغ مین لشکر بہار کا

رہ گیا غبار سے میرے تو کیا ہوا
اتنا نہ چشم تر سے دامان کو دیکھیے

چمن تخلص گل محمد شاگرد ہاشمی

ہمارے چاک جگر پر ہو کیا کسی کو خیال
پہنچے مین پانو کسی کے دیا نہین جاتا

ہوش جس مہ نے زلیخا کے اوڑائے خواب مین
ہم بھی اے ہمدم اوسکے دیکھنے والون مین ہین

حرف حا مہملہ

حاتم تخلص شیخ نورالدین مرحوم دہلوی عرف شاہ حاتم جوانی مین سپاہی پیشہ تھے آخر عمر مین توکل اختیار کیا تھا آزادانہ اوقات بسر کرتے تھے سو برس سے زائد کی عمر پائی تھی مرزا سودا اور میان رنگین وغیرہ بہت سے شاعرون کو انسے فیض پہونچا ہے ان سے ایک دیوان بطرز غزل دوسرا بطرز سودا موسوم بہ دیوان زادہ یادگار ہے بعض صاحب تذکرہ نے لکھا ہے کہ لفظ ظہور سے انکا سال تولد نکلتا ہے لیکن راقم کو اسکی تحقیق نہین ہے

اسقدر کی صرف تسخیر پری و یا ن عمر
رفتہ رفتہ نام اب میرا پریشان ہو گیا

خال دانہ زلف دام ابرو کمان مژگان ہی تیر
دل ہمارا سہم اب کھانا ہے ان چار دنسے آج

زلف و چشم و خال و خط چاروں ہیں دشمن دین کے | حق رکھے ایمان سلامت ایسی کفرستان کے بیچ
تھا دشمن جان بغل میں حائے تم | جانے دے بلا سے گر گیا دل

رباعی

ان سیمبروں کے ساتھ سونا معلوم | قسمت میں لکھی ہے خاک سونا معلوم
حاتم افسوس دی و امروز گذشت | فردا کی رہی امید سونا معلوم
جو تیرے چشم کے گوشے میں تل ہے ای پیارے | نظر پڑا ہے کہیں خال خال آنکھوں میں
آتا ہے اب نشہ کی طرف جی کبھو کبھو | ساقی نگاہ مست ادھر بھی کبھو کبھو
کرے ہیں تم یاں تعریف سرو اور ہم تری قد کی | جو تو آئی چمن میں تو ہمارا بول بالا ہو
تم تو بیٹھے ہوئے یہ آفت ہو | اٹھ کھڑے ہو تو کیا قیامت ہو
مفلسی اور دماغ اے حاتم | کیا قیامت کرے جو دولت ہو
دیکھ جراح تیرے مرہم کو | میرے سینے کا داغ ہنستا ہے
بخود اس دور میں ہیں سب حاتم | ان دنوں کیا شراب سستی ہے
پیری میں آج یار مرا ہمکنار ہے | ساقی شتاب آ کہ خزاں میں بہار ہے
سر کو پٹکا ہے کبھو سینہ کبھو کوٹا ہے | ہنسے شب ہجر کی دولت سے فراغت ہے
ہر صبح اوٹھ بتوں سے مجھے رام رام ہے | زاہد تری نماز کو میرا سلام ہے

حافظ تخلص حافظ ضامن شاہ رام پوری شاگرد حضرت رافت بصیر تھے

ہمرہ غیر جو جانان ترا آنا ہوگا | جان لینا کہ مری جان کا جانا ہوگا

حافظ تخلص حافظ محمد اشرف دہلوی موسیقی میں خوب دخل رکھتے تھے

ابر میں مہ کیطرح زلف کے پردے میں آہ | تو نے گر منہ کو چھپایا مجھے معلوم ہوا
مطلب ہے لامکاں سے نہ کچھ کائنات سے | مجھکو تو مدعا ہے فقط تیری ذات سے

حافظ تخلص حافظ عبداللہ ملیح آبادی

ہے مطلع انوار خدا روے محمد | چشم دو جہاں ہے نگراں سوے محمد

حالی تخلص میر محب علی مرشدآبادی

عرض میں بوسے کے دی ہے گالی سوال اگر جواب یہ وضع تو نے نئی نکالی سوال دیگر جواب دیگر

حالی تخلص مولوی الطاف حسین خلف خواجہ ایزد بخش باشندۂ پانی پت مقیم دہلی شاگرد اسد اللہ خان غالب عربی و فارسی و اردو تینوں زبانوں میں اشعار انکے نہایت شیریں و نمکین ہوتے ہیں رائم کے دوستوں میں ہیں یہ شعر اس تذکرہ کے لیے دیے تھے

تم کو ہزار شرم سہی مجھکو لاکھ ضبط
الفت وہ راز ہے کہ چھپایا نہ جائیگا

کیوں چھیڑتے ہو ذکر نہ ملنے کا رات کو
پوچھینگے ہم سبب تو بتایا نہ جائے گا

بگڑیں نہ بات بات پہ کیوں جانتے ہیں وہ
ہم وہ نہیں کہ ہم کو منایا نہ جائیگا

کچھ اپنی حقیقت کی گر تجھکو خبر ہوتی
میری ہی طرح تو بھی غیروں سے خفا ہوتا

ملتے ہی اونکی بھول گئیں کلفتیں تمام
گویا ہمارے سر پہ کبھی آسمان نہ تھا

دوزخ اگر وسیع تو رحمت وسیع تر
لاتقنطو جواب ہے ہل من مزید کا

سبب ہو نہ ہو لب پہ آنا ضرور
مرا شکرا دنکا گلا ہو گیا

نہیں بھولتا اونکی رخصت کا وقت
وہ مل مل کے رونا بلا ہو گیا

لغزش نہ ہو بلا ہے حسینوں کا التفات
اے دل سنبھل وہ دشمن جاں مہربان ہے اب

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں
اب ٹھہرتی ہے دیکھیے جا کر نظر کہاں

ہوتی نہیں قبول دعا ترک عشق کی
دل چاہتا نہ ہو تو زبان میں اثر کہاں

ہم جس پہ مر رہے ہیں وہ ہے بات اور ہے
عالم میں تم سے لاکھ سہی تم مگر کہاں

ہم نے کی سیر چمن غور سے اے بلبل زار
بات چھپتی ہوئی کوئی گل و ریحاں میں نہیں

کسطرح اوسکی لگاوٹ کو بناوٹ سمجھوں
خط میں لکھا ہے وہ القاب جو عنوان میں نہیں

خلوت خاص میں رہ رہ کے عدو سیکھ گئے
وہ اشارے کہ تری جنبش مژگان میں نہیں

بیقراری تھی سب امید ملاقات کے ساتھ
اب وہ اگلی سی درازی شب ہجراں میں نہیں

خوبی رو کے لیے زشتی خو بھی ہے ضرور
سچ تو یہ ہے کہ کوئی تم سا طرحدار نہیں

حالی انصاف کر آخر سے انسان کتب
طعن اغیار ہیں کچھ آپ کے اشعار نہیں

خوشی مین بھی نہین ہنسا خوش آتا ایک حالت پر
کہان تک جی نہ گھبرائے الٰہی در دہجرا نمین

مجھے ڈالا ہے سو وہم و گمان مین
بہت کیون آج مجھ پر مہربان ہو

سخت مشکل ہے شیوۂ تسلیم
ہم بھی آخر کو جی چرانے لگے

وفا شرط الفت ہے لیکن کہان تک
دل اپنا بھی تجھ سا ہوا چاہتا ہے

غوق بڑھتا گیا جون جون رکے اوس شوخ سے ہم
یہ سبق وہ ہے کہ بھولے سے سوا یاد رہے

ہم بھی آداب شریعت سے تمہی واقف لیکن
کبھی برتے نہ ہو جو رسم وہ کیا یاد رہے

چارہ گر کار باندازۂ تدبیر نہین
کیجیو ہمت اگر وقت دعا یاد رہے

حامد تخلص نواب حامد حسین خان لکھنوی شاگرد اسیر

پوچھو نہ مجھ سے نالۂ دل کو کہان گیا
ساتون فلک کو توڑ کے تا لامکان گیا

حامد تخلص شیخ حمید الدین خلف فرید الدین باشندۂ پالی

لیا بوسہ تو منہ کو پھیر لیا
نہ تو بولے نہ مجھ سے بات کی رات

حامد تخلص میر حامد مرید میر نصیر جانشین خواجہ باسط آزاد از وضع رکھتے تھے

رباعی

دنیاے دنی کو جو کہ فانی سمجھے
وہ قصۂ غمہ کو کہانی سمجھے

دریاے حقیقت کو وہی جا دے تہ
جو مثل حباب زندگانی سمجھے

حامد تخلص اللہ بخش مجموعہ دار ولد محمد مہدی مجموعہ دار شاگرد میان اشرف علی مست سلہٹ کے رئیسون مین ہین

مٹنے کا مین نہین کبھی ٹالے کو نی ہزار
مین ہون مری جبین ہے اور آستان دوست

شیرین ہو نیشکر کی طرح اب نے قلم
لکھتے ہین مدحت لب شکر فشان دوست

حامد تخلص گھمنڈی لعل باشندۂ مونگیر شاگرد حافظ ضیغم کلکتہ مین بھی آئے تھے

نامۂ شوق رقم کرتا ہون او سکو حامد
کیون نہ دو بول مشتاق کبوتر بنجاے

حسب تخلص میر احمد علی فرید آبادی شاگرد حکیم عزت اللہ خان عشق

چھا گیا رات اندھیرا سا نظر کے آگے | یاد وہ زلف سیہ فام جو آئی مجھکو
تو اولٹ دے جو ابھی روے حسین کا پردہ | اوٹھ گیا خلق کہی خلد برین کا پردہ

حبیب تخلص مرزا جان ولد مرزا بادل بیگ مقیم قنوج متوطن الہ آباد

خضر کیا کوچۂ دلدار کا رہبر ہوگا | ہم نے دیکھے ہین بہت راہ بتانے والے

حبیب تخلص حبیب اللہ ڈاکٹر

اوس مہ لقا کو اپنے جو پاتے بسنت مین | چھاتی سے اپنی خوب لگاتے بسنت مین

حبیب تخلص حبیب ولد احیدر آبادی شاگرد میر عبدالولی عزلت

فوائد کیا ہے کمسن رازجون میر ای کمان ابرو | کشش کے زور سے دل کھینچکر کیون چھوڑ دیجیو

حبیب تخلص حبیب اللہ بیگ دہلوی

لگا یک ہوگیا ہم سے جدا دل | نہ تھا گویا کبھی کا آشنا دل

حبیب تخلص ایک شخص مرادآبادی کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

خانہ ویرانی مری گرچہ کی اس دل نے حبیب | پر خدا حشر تک آباد رکھے خانۂ دل

حجام تخلص عنایت اللہ عرف کلو باشندۂ سہارنپور مقیم دہلی تلمیذ سودا مرید مولانا فخرالدین علیہ الرحمۃ قوم موتراش سے تھا

روز رخسار کے لیتا ہون مزے خوبون کے | بہتر اس شغل سے حجام ہنر کیا ہوگا
خط آنے سے بھی اپنی ارسائی نہین ہے دہان | حجام کسطرح سے لین کیا ہنر کرین
دیکھ عاشق کی تری رسوائیان | عشق کے لوگون نے نہین کھائیان
رقیبون پر میان پڑتے ہین تیغ سو گھڑیان | بلا حجام کو جس روز تم حجام کرتے ہو
ہے جی مین کہ اک روز مین اون آنکھون سے پوچھون | بچنے نہین کسو اسطے بیمار تمھارے
لگ چلیے جو اوس شوخ سے رستے مین تو اے دل | جھنجھلا کے یہ کہتا ہے کہ چل دور رہ اے

جہان مین دہوم ہے جور و جفا کی
بتون کا زور ہے قدرت خدا کی

پھٹی محرم دکھا کر اپنی وہ محرم سے یون بولے
کسی غیار نامحرم کی یہ چالاک دستی ہے

تمھین صورت کا غرہ ہے تو یہان دل کی محبت ہے
تمھارا حسن مہنگا ہے تو کسکی جان سستی ہے

اک بندہ کی بھی جان بخشی نہ کی
اے بتو تم سے خدائی ہو چکی

خرین تخلص ابو الخیر دہلوی

خوبی رخسار خوبان گل سے پوچھا چاہیے
اضطراب عاشقان بلبل سے پوچھا چاہیے

خرین تخلص مرزا خجستہ بخت بہادر

کردن کیا وصف مین اوس شکلرو کے قد و قامت کا
بھبوکا ہے دھوان ہے اور ٹکڑا ہے قیامت کا

خرین تخلص میر علی حسین شاگرد آتش

نہر سے بڑھ کے قد یار کا جلوہ ٹھہرا
یہ کڑی دھوپ ہوئی پاس نہ سایا ٹھہرا

سائل وصل ہوا اونسے تو بولے ہنسکر
عاشقی یہ نہ ہوئی منہ کا نوالا ٹھہرا

پیغام مبر بھی کوچے مین اونکے رہا تو کیا
اور پیس جا کے آئے ہین خلد بریں سے کب

خرین تخلص میر بہادر علی دہلوی ملازم مرزا ولی عہد بہادر دہلی شاگرد زین العابدین عارف و اسد اللہ خان غالب

سب ناز سہے مین نے بیجا و بجا اونکے
نبھتے نہ خرین اونسے گرین بھی برا ہوتا

ہے یہی رونا تو خط کا ہے کو لکھا جائیگا
جو کہ لکھتے جائینگے اشکون سے مٹتا جائیگا

اک تماشا جان کر قاتل اگر ٹھہرا رہا
ہم بھی بیٹھے جائینگے جتنا کہ تڑپا جائیگا

میرا احوال زبون اون پہ کھلے گا کیونکر
سامنے آئینگے جب وہ تو سنبھل جاؤنگا

بیگانہ وار نقش پہ آ جائے ناگہان
سمجھے نہ یہ بھی اے بت نا آشنا ہوا

تھمے آنسو تو اب تھمتا نہین دل
یہ دشمن خانگی نکلا کہان سے

بلا سے گر لگا ہون مین ہین ہلکے
سبک ہو کر تو اوٹھے ہم جہان سے

خرین کس سے توقع ہو وفا کی
نہ ہو امید جب اپنی ہی جان کی

اخر جو آہ مین پایا تو ہو گئی تسکین
وہ بیقرار ہوتے آگیا قرار مجھے

حزین تخلص نواب محمد علی خان ولد نواب زین العابدین خان باشندۂ لکھنؤ شاگرد خواجہ آتش

کسقدر دلچسپ ہے ملکِ عدم | جو وہان جاتا ہے پھر آتا نہین

حزین تخلص میر محمد باقر دہلوی مقیم عظیم آباد شاگرد حضرت مرزا مظہر جانجانان صاحب دیوان گزرے

مین تو بندہ ہون تری جور و جفا کا لیکن | سخت ڈھٹکا ہے مجھے اس دل شیدائی کا
دل دیکر اپنا کیون عبث افسوس اب کہتا ہون دل | جاتا رہا جب ہاتھ سے پھر ہاتھ کب آتا ہے دل
ویران ہوا خزان سے چمن یہان تلک کہ ہم | چاہین کہ جل مرین تو کہین خار و خس نہین
کچھ کٹی وصل مین کچھ ہجر مین گریان گزری | کیا مری عمر کی اوقات پریشان گزری

حسام تخلص نواب حسام الدولہ محمد تقی علی خان لکھنوی داماد امجد علی شاہ بادشاہ لکھنؤ نواسہ نواب غازی الدین حیدر شاگرد امان علی سحر صاحب دیوان گزرے

بھلا فراق مین کس سے کرین گلہ دل کا | شب وصال پہ ٹھہرا ہے فیصلہ دل کا
رات بھر تارے گنے چاند بھی عاشق کیطرح | تم دکھا دو جو ترا حال پریشان عارض

حسام تخلص چودھری حسام الدین ولد چودھری سعادت علی باشندۂ سیلم پور پرگنہ گوسائین گنج توابع لکھنؤ شاگرد کرامت علی خان فرخ صاحب دیوان فارسی و رنجیتہ گزرے سفر کربلا مین راہی عالم بقا ہوئے

ہے عشق نشتر مژگان جو مشغلہ دل کا | تو پھوٹ پھوٹ کے روئے گا آبلہ دل کا
وہ لال لال ہین عناب لب ترے اے گل | کہ جنکو دیکھ کے کھٹے ہوئے ہمارے دانت
بشکل آئنہ دیکھے تو منہ اسمین نظر آئے | صفا رکھتا ہے یہ وہ غیرت مہتاب ہے من پہ
شب کو دریا مین جو عکس اوسکے کف پا کا پڑے | ہون حباب بحر جون فانوس روشن آبمین

حسام تخلص مولوی حسام الحق ولد مولوی نظام الحق باشندۂ لکھنؤ شاگرد مولوی محمد حسین متین

خدا کو مانو آدر و زکی نہ مجھمین اچھی | کسی دن تو ہمارے دل کی بھی حسرت نکلے
صفای قلب رکھتا ہون کلیسا ہو کہ بتخانہ | کرون رخ جس طرف زاہد اوسی جانب حرم نکلے

حسرت تخلص حافظ عبد الرحمن نبیرہ قاضی ثناء اللہ مرحوم باشندہ پانی پت

ہم تو حسرت کو سمجھتے تھے کہ اک عارف ہے
یہ تو اے وائے نہ کافر نہ مسلمان نکلا

تم بھی رو بیٹھو گے دل کو ہمیں ہنستے کیا ہو
اگر آئینہ کہو تم نے مری جان دیکھا

گر نہیں دوست خدایا مری جان کے دشمن
کیوں شب غم مرے جینے کی دعا کرتے ہیں

کیا ہوا دیکھ تو ناصح کہ ہمارے منہ سے
یا صنم نکلے ہی جب یا رحمٰن کرتے ہیں

کیونکر کہوں کہ ہجر میں مطلق نہیں خبر
اتنی خبر تو ہے کہ مجھے کچھ خبر نہیں

حسرت تخلص مرزا جعفر علی خلف ابو الخیر عطار باشندہ دہلی مقیم لکھنؤ شاگرد سرشنگہ دیوانہ مرزا جہاندار شاہ کی رفاقت میں تھے آخر ایام میں ترک دنیا کرکے گوشہ نشین ہو گئے تھے سنہ ۱۲۱۲ بارہ سو ہجری میں فوت کی اشعار انکے نمکین ہوتے ہیں دیوان انکا نظر سے گذرا

گیا دل سو گیا رونے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا
اگر رو رو کے جی کھوویں تو پیدا دل نہیں ہوتا

زخم تیر نگہ و خنجر مژگان او ٹھہرا
پر دل زار تو مرہم کا نہ احسان او ٹھہرا

درس تھا مکتب میں مجھ کو آہ کا
یہ سبق تھا پہلی بسم اللہ کا

فرقہ کوئی بچا نہیں اوس ترک چشم سے
مارے بہت پڑے ہیں مسلمان ملی ہوئی

بوٹے سے قد میں تو ہے عجب دلبری کی شکل
اور کمخواب دیکھیے تو ہے سچ مچ پری کی شکل

رخسار دیکھیے تو وہ ہیں مہر و ماہ سے
چیچک کا داغ ہے تو وہ ہے مشتری کی شکل

جوڑے کے باندھنے میں ادا بند بند میں
زلفوں کے کھولنے میں ستم گستری کی شکل

چولی مسکی بندھن ٹوٹے سر کے بال پریشان ہیں
اس بگڑی عالم پر تیرے لاکھ بناوٹ قربان ہیں

کپڑے بدن کے ہلتے ہیں بلکہ بدن سب ہلا دلا
سب تک باہمی ہونٹوں کا عالم کس سے کہیں ہم حیران ہیں

منہ اوترا ہے گال ہے نیلا پلکیں جھکیں آنکھ نہیں خمار
نام خدا بگڑے عالم پر جمع ادائیں نہاں ہیں

سچ کہو حسرت پاس رہے تھے رات جس سے یہ بات
اوس کمبخت کی صحبت ہے بیزار جہان کے نوجوان ہیں

ہوا سے بال دن دوزلفوں کے رخساروں پہ ہلتے ہیں
دل بیمار اوٹھ بیٹھو کہ دونوں وقت ملتے ہیں

ساقی مے دے کہ اہل مجلس
پانی پانی پکارتے ہیں

جو حسن وادا چاہیے سو تجھ میں ہی سب کچھ
پر چھاتی پہ انگیا میں ہے یہ چیز عجب کچھ

گو گو کے کنارے مین تو بجلی کی چمک ہے — لیکن وہ تمامی کی کٹوری ہے غضب کچھ
کھڑے کے صفا چوڑی کی بندش سو کہون کیا — دن کچھ ہے تری آن و ادا ہے تری شب کچھ
ہے دام بلا دل کے لیے جالی کی کرتی — گوٹے لگے نیفہ نے رکھا ہوش نہ اب کچھ
وہ بند ازار اب جو جھلا جھل کا پڑا ہے — اوس عقدہ کے کھلنے کا کسے یاد ہے ڈھب کچھ
گر کہے تو رات تو دن کو کہون مین رات ہی — کفر کچھ اسمین نہین یہ دل ملے کی بات ہے
چھپکے جو بیٹھے ہو تم ملنا سبھون کا ترک کر — جانتا ہون مین کہ دل لینے کی یہ بھی گھات ہے
جگر سوزان ہے دل بیتاب ہے اور چشم گریان ہے — الٰہی دن ہے میرے مرگ کا یا شام ہجران ہے
جو ایسا ہے دل دیوانہ میرے در پی جان ہے — تو پھر اک روز میرا ہاتھ اور اوسکا گریبان ہے
اگر چشم حقیقت کو ذرا تو کھول کر دیکھے — تو اے یعقوب ہر اک مصر مین سو بار کنعان ہے
بھلا پھر کس سے الفت کیجیے اور کسکو دل دیجے — جسے ہم دوست سمجھے وہ تو اپنا دشمن جان ہے
برنگ شمع دل جلتا ہے تربت پر مری سو بھی — چراغ طبع کے مانند کوئی دم کا مہمان ہے
یہ کسکی نعش جاتی ہے کہ جسکے ساتھ اے گردون — غم و درد و الم فریاد و افغان مرثیہ خوان ہے
جو قول و قرار تھے آپس مین سو دونو طرف سو دونو — تم اور کہین مالوف ہوئے ہم اور طرف مصروف ہوئے
اب قسمین کھانیکی کیا حاصل جو تمنے ڈھنگ نکالا — سو خوب طرح سے عالم مین مشہور ہوئے معروف ہوئے
ان صاحبون کو دنیا مین جوش آتی ہے بیہودہ پنی — تب ایک ہمین سے تھے بدنام اب لاکھ صفت موصوف ہوئے
برنگ آبلے دائے یہ کیسا زندگانی ہے — کہ جسکے پاؤن پڑتا ہون اوسکو سرگرانی ہے
بزم مین بیٹھے تھے کل جتنے پری رو حور سے — دیکھکر اوسکو سب نے لینے بلائین دور سے
کیسا ہے جگر جس پہ یہ بیداد کر دیگے — لو دل تمھین ہم دیتے ہین کیا یاد کرو گے
یہ بھی اک ستم تھا کہ خواب مین مجھ سے کل آکے دکھائے — کبھی نیند بر سون مین آئی تھی سو اوسپر حسرت جگائے
مجھکو تجھسے خدا جدا نہ کرے — مین ہون تجھ سے جدا خدا نہ کرے

حسرت تخلص میر محمد حیات لقب ہیبت قلی خان باشندۂ عظیم آباد شاگرد مرزا مظہر قدس سرہ چند روز نواب شوکت جنگ کی رفاقت مین تھے بعد ازان نواب سراج الدولہ ناظم بنگالہ کی سرکار مین داروغگی کی خدمت حاصل کی تھی لطیفہ گو

اور حاضر جواب تھے صاحب دیوان گذرے

عبث ہم عشق مین روتے رہے ہائے — پسیجا بھی نہ اے ظالم ترا دل
سنا ہے آج میخانہ مین جام مے پستون نے — لٹایا دین و دنیا دو نو ہمت اسکو کہتے ہین
فریاد سے ہمسری کرے کون — سر کسکا پھرا ہے یون مرے کون

حسرت تخلص منشی صمد علی دہلوی مقیم سرہٹھہ شاگرد رحیم بیگ رحیم

سخت جانے کی آس ٹوٹ گئی — لوہا مانا تمھارے خنجر کا

حسن تخلص نواب مہدی علی خان بہادر لکھنوی خلف مرزا امام الدین بن شجاع الدولہ بہادر شاگرد سعادت خان ناصر صاحب دیوان ہین

چلے اوس پر فریب نرگس کیا — حسن نے دیکھی ہے تمھاری آنکھ
یہ آواز آئی کر روحی فداک — جو تربت پہ میرے گزرے لیجیے

حسن تخلص حسن علی خان کشمیری

آنکھون مین مرے قطرۂ خوناب نہ ٹھہرا — ہر چند کیا ضبط یہ سیماب نہ ٹھہرا

حسن تخلص حکیم احمد حسن مرشدابادی خلف مولوی فخر الزمان احمد کلکتہ مین رہتے ہین کبھی احمد بھی تخلص کرتے ہین

پڑا ہے ایسے کٹرسے معاملہ دل کا — نکل سکا نہ کبھی ایک حوصلہ دل کا
اے یار مجھے اور نہ تلوار سے دھمکا — یہ کشتہ ترے تیر کا مہمان ہے دم کا

حسن تخلص مرزا حسن خلف سید الدولہ سید رضی خان بہادر

دل کو دیکر اوس بت کافر کو مینے اے حسن — جس قدر ناحق یہ خسیس ہے ندامت کیا کرون

حسن تخلص مولوی ابو الحسن خلف مولوی آلہی بخش نشاط باشندہ قصبہ کاندھلہ مقیم سرہٹھہ

جواب لایو قاصد ستتاب نامہ کا — جواب نامہ نہ ہووے جواب نامہ کا
منفعل ہون دست و پا بھی مار نیسے وقت ذبح — کیون مین تڑپا جو ترے دامن پہ چھینٹا پڑگیا

حسن تخلص خواجہ حسن فرزند خواجہ ابراہیم نبیرۂ خواجہ بھکہاری مودودی علیہ الرحمۃ تلمیذ جعفر علی حسرت صاحب کمال تھے موسیقی مین خوب دخل تھا لکھنؤ مین بخشی ہلو الخ

عاشق ہوکر نام اوسکا بطریق التزام مقطع مین لاتے تھے آزادانہ اوقات بسر کرتے تھے
قلندر بخش جرأت نے خواجہ اور بخشی کے معاشقہ کے باب مین ایک مثنوی کہی ہے

دیوان انکا نظر سے گذرا

کیا قتل اور جان بخشی بھی کی — حسن اوسنے احسان دوبارا کیا
امنڈکے آنکھون سے اک بارہ چلے آنسو — ہنسی ہنسی مین جو ذکر وداع یار ہوا
وقت وداع یار دل بیقرار نے — یہ آہ کی کہ عرش معلا ہلا دیا
دل دلاسون سے کرے ہے بیقرار بیشتر — خانۂ ماتم مین ہو پرسے سے زاری بیشتر
جان بخشی کو بھی آیا نہ دم نزع حسن — اوسنے اسوقت مین بھی ہمسے چھپائین انکھین
آہ کس کس بیوفائی کا ترے کیجے شمار — اور تو سب اک طرف منہ بھی دکھانے سے رہے
اوسنے کس کس طرح ٹالا اپنے روسے ہمکو — دیکھ تو ہمدم حسن کس کو کہا مانے سے رہے

حسن تخلص سید غلام حسن خلف سید غلام حسین ضاحک شاگرد شمس الدین فقیر اصل وطن
انکا ہرات مولد دہلی شروع جوانی مین فیض آباد مین جاکر نواب سردار جنگ خلف
نواب سالار جنگ کی رفیقون مین داخل ہوئے تھے شعر پیزہ وشور انگیز خوب کہتے تھے
مثنوی بدر منیر لاجواب کہی ہے سنہ ۱۲۱۱ بارہ سو اکیسہ ہجری مین وفات پائی شاعر
شیرین زبان انکی فوت کی تاریخ ہی کلمات انکا نظر سے گذرا

تا اشارے کو سمجھے نہ کوئی غیر کے وہ — مین نے اس ڈر سے لبھی اوسکو اشارا نکیا
اظہار خوشی مین ہے سو طرحی فریاد — ظاہر کا یہ پردہ ہے کہ مین کچھ نہین کہتا
نے ہون چمن کا مائل نہ گل کے رنگ و بو کا — رنگ فنا ہون جسمین نبدہ ہون اوسکی خو کا
خاموش ہی رہا وہ ہرگز حسن نہ بولا — جسکو مزا الجھا کچھ اوس لب کی گفتگو کا
حسن بھی آدمی ہے کچھ خفا ہوتے ہو تم جسسے — خدا باتے جنونی بادلا سودائی آوارا
قیامت مجھ پہ شب اوسکا تظلم اور ترحم تھا — گھی تھین گالیان منہ پر گہے لب پر تبسم تھا
غیرون مین جرم ہم پہ وہ غضب تھا — کیا جانیے اسکا کیا سبب تھا
خار سے پھوٹے پھولے پاؤن کے — درد ہے آخر مرا درمان ہوا

کہا مین کہ بھرتا ہون دم آپ کا
لگا کہنے صاحب کرم آپ کا

آنکھ اوٹھا کر جسکو دیکھا اوسکے دل کو لیا
لیتے لیتے دل کے لینے کا تجھے ڈھب ہو گیا

کیسی وفا کہان کی محبت کدھر کی مہر
واقف ہے تو نہین ہے کہ ہوتا ہی پیار کیا

خط نکلا اوسنے تب بوسہ دیا مجھکو حسن
رکھہ غنچہ اسکو بھی آخر پان ہے یہ مان کا

پھر چھیڑا حسن نے اپنا قصہ
بس آج کی شب بھی سو چکے ہم

صیاد کی مرضی ہے کہ اب گل کی ہوس مین
نالے نکرین مرغ گرفتار قفس مین

وصل ہوتا ہے جنکو دنیا مین
یارب ایسے بھی لوگ ہوتے ہین

دل لگا یا جہان جفا دیکھی
کیا بلا عشق مجھکو راس نہین

ناز سے غمزہ سے عشوہ سے لگا لیتے ہین
جسکو وہ چاہتے ہین اپنا بنا لیتے ہین

دروازہ گو کہلا ہے اجابت کا اے حسن
ہم کس کس آرزو کو خدا سے طلب کرین

غیرون کی بات کیا کہون اوسکی تو یاد مین
اپنا بھی مجھکو دھیان کبھی ہے کبھی نہین

آکے دیکھا جو مجھے ابر مین روتے تو کہا
کس مزے مین تجھے کٹتے ہین یہ برسات کے دن

نوجوانی مین بتو کر لو خدائی کو مرید
ورنہ پیری مین کہان پھر یہ کرامات کے دن

شیخی تو حسن تیری بری لگتی ہے اللہ
اک تو ہے تو بے اہل وفا اور نہین تو

مجھکو باور ہے نہ آتا تھا کہ مغرور ہے تو
مین نے دیکھا تجھے اللہ بہت دور ہے تو

غیر کو تم نہ آنکھہ بھر دیکھو
کیا غضب کرتے ہو ادھر دیکھو

زلف و رخ دیکھنے سے تمکو ہے کام
شام دیکھو نہ تم سحر دیکھو

بیٹھی ہے کیا بنی یہان خسرو کے ساتھہ شیرین
بگڑی ہے بیطرح دہان تیشہ سے کوہکن ہے

جو چاہی آپ کو تو اوسے کیا نہ چاہیے
انصاف کر تو چاہیے یہ یا نہ چاہیے

دیکھنے بیٹھا جو وہ مہ اپنے گھر کی چاندنی
جب تلک بیٹھا رہا تب تک نہ سر کی چاندنی

اس مطلع کو بعض صاحب تذکرہ نے غلطی سے شاہ نصیر دہلوی کے نام مین لکھدیا ہے

سیکڑون عالم دکھاتی ہے حسن دلبر کے ساتھ
ٹھنڈی ٹھنڈی باو اور پچھلے پہر کی چاندنی

اس ڈر سے اوسکی زلف کی مینے نہ بات کی
جاتی ہے دور دور تک آواز رات کی

پھر بھر آئیے کو وہ دیکھنے لگتا ہے حسن
ایک دم آب مین وہ شوخ جو پاتا ہے مجھے

اک جان کی درپے ہین مرے اتنے ستمگر
غمزہ ہے کرشمہ ہے اشارہ ہے ادا ہے

مین نے تو بھر نظر تجھے دیکھا نہین ابھی
رکھیو حساب مین نہ ملاقات آج کی

گر بخت اپنے جاگین تو اک کام کیجیے
سایہ مین اوسکی زلف کی آرام کیجیے

کیون مین اسطرح رات دن روؤن
تو کسی سے اگر ہنسا نہ کرے

مرے نہ دیکھے کبھی ہم نے زندگانی کے
یون ہی گذر گئے افسوس دن جوانی کے

وہ دن گئے کہ دل مین رہتا تھا درد پیہم
اب دل نہین سراپا اک درد ہو گیا ہے

تعجیل نہ کر اکدن آنے کو لگا ہے وہ
مل جائیگا بوسہ بھی کیا منہ کا نوالا ہے

حسن دیتا ہے تو کیون جی بتون پر
ملا دینگے تجھے یہ کیا خدا سے

تیری یہ چھیڑ چھاڑ مرے جی کو بھا گئی
لی چٹکی اس ادا سے کہ بس جان آگئی

حسن تخلص محمد حسن ولد شیخ کلن باشندۂ پالی

لاش تڑپے گی اے حسن تہ قبر
اوسکے کوچہ مین دفن اگر نہ ہوئے

حسن تخلص محمد حسن دہلوی شاگرد سودا

قاتل اگر بنے کہ سکتا ہے چھوڑیو
خنجر تو ایکدم کے لیے منہ نہ موڑیو

حسن تخلص لالہ محمد حسن باشندۂ سلمٹ ولد مفتی محمد سالم شاگرد دست سنہ ۱۲۱۱ بارہ سو اٹھاسی ہجری مین انتقال کیا

ہاتھ اوٹھا دو تھا دو تجھسے اب کیا کام ہے تدبیر کا
ذبح کے قابل ہون مین موقع ہے اب تکبیر کا

تاثیر زہر زلف کی یہ ہے کہ بعد مرگ
جاتے نہ حشر تک مری خاک مزار سے

حسن تخلص منشی عطا حسین خان عرف حسن میان خلف منشی سخاوت حسین خان بلگرامی

نہ کیونکر رشک سے ہم پیچ کھائین
تمھاری زلف جب شانہ سنوارے

حسن تخلص سید محمد حسن ولد میر حسین لکھنوی شاگرد خواجہ وزیر صاحب دیوان مین

دست دلدار دہان ہاتھ مین فصاد کے ہے
جوش کھاتا ہے یہان خون تمنا دل مین

اودل آزار بہی کیون نہ لہو آنکھون سے
روز ہوتا ہے یہان خون تمنا دل مین

حسن تخلص نواب مرزا حسن بہادر خلف آغا حیدر نیشاپوری مقیم لکھنؤ شاگرد محمد بخش شہید

ملکے غیرت سے یہ اے یار جلایا مجکو | چڑیا آتش غیرت سے پھپھولا دل مین

حسن تخلص احمد حسن ولد سعادت علی باشندہ قصبہ موہان شاگرد رشک

واسطہ ابرو خمدار ہمارا دل ہے | کشتہ خنجر خونخوار ہمارا دل ہے

حسین تخلص نواب غلام حسین خان خلف نواب محمد تیمور خان قوم افغان رئیس شاہجہان پور شعر فارسی کہتے ہین

مین تو تیر مین نہا زخم جگر کے مصدوق | دل بھی پہلو مین طپان تھا مجھے معلوم نہ تھا
آگے ملنے کی کوی راہ نکل آئیگی | بیقراری تو مجھے اوسکی تو در تک پہونچا
تشنہ آب دم خنجر ہے بسمل اور بھی | دست نازک کو ذرا تکلیف قاتل اور بھی
مرے اعمال ہین رونے کے قابل | خدائی سا ملا مجھ پر ہنسا کی

حسین تخلص سید غلام حسین دہلوی ولد سید عبد اللہ پہلے غریب تخلص کرتے تھے میرٹھ مین انگریزون کو پڑھایا کرتے تھے کلکتہ مین بھی آئے تھے

تھا عرش سے بڑھکر جو دماغ اپنا وہی ہے | یون چرخ نے کو کر دیا مجبور کسی کا

حسینی تخلص مولوی حسین علی باشندہ کرنال

جب لکھی حق نے تری تصویر اپنے ہاتھ سے | ہاتھ ہلتا رہ گیا تقدیر اپنے ہاتھ سے

حشم تخلص حکیم باقر علی خلف حکیم سید احمد لکھنوی شاگرد ناسخ

ناحق کسی کی آنکھین نکلوایئے گا کیا | کیا بنکے آپ نے پیدا شارت کی آنکھ سے
ارمان ہی رہا کہ ادھر دیکھیے کبھی | الفت کی چتونون سے محبت کی آنکھ سے

حشم تخلص میر آغا حسین شاگرد مرزا علی جان شفق باشندہ لکھنؤ مقیم کلکتہ یہ شعر اس تذکرہ کے لیے بھیجا تھا

چمن مین لالہ دہک رہا ہر ایک غنچہ چٹک رہا | گلون سے جوبن ٹپک رہا ہے تمام گلشن مہک رہا ہے

حشمت تخلص مرزا غلام فخر الدین دہلوی بن مرزا معظم نجابت بن شاہ عالم بادشاہ شاگرد حافظ عبد الرحمن خان احسان ۱۲۵۷ھ بارہ سو ستاون ہجری مین انتقال کیا

نالون سے مرے برپا سو فتنہ محشر ہین | قامت سے ترے قائم نقشہ ہے قیامت کا

مگر وہی قدم پر تجھے ان قدموں کے صدقے	بڑھیے کوئی دو چار قدم اور زیادہ

حشمت تخلص میر حشمت علی خان خلف میر باقی وطن اصلی بدخشان مولد دہلی پارسی شعر خوب کہتے تھے ۱۲۱۵ھ بارہ سو پندرہ ہجری میں انتقال کیا صاحب دیوان فارسی گزرے

گور کے سوتے دوانوں کو جگاتی ہے بہار	شور ہے غل ہے قیامت مستاتی ہے بہار
خوب پہچانا میں نے بعد فنا	خاک کی بھی غبار تھا دل میں

حشمت تخلص میر محمد علی مرحوم معاصر سودا

خط نے ترا حسن سب گنوایا	یہ سبزہ قدم کہاں سے آیا
غم نے لیا ہے گھیر مجھے یہاں تلک کہ اب	دنیا ہے ساتھ دینے سے مجھکو جواب دل

حشمتی تخلص لالہ ماتا دین عظیم آبادی متصف معتقد پور شاگرد وزیر علی عبرتی بیشتر فارسی کہتے ہیں

دیکھیں گے حسن حور تو پھیلے گا دل ضرور	جنت میں بھی یقین ہے نہ آرام پائے دل

حضور تخلص شیخ غلام یحییٰ تاجر عظیم آبادی صاحب دیوان گزرے

پھرے گا نہ یہ دل تری بندگی سے	یہ بندہ ہے تیرا خدا جانتا ہے
تیر نگاہ یار بلا ہے اگر کہیں	تر چھا بھی لگ گیا تو کلیجے کے پار ہے

حضور تخلص محسن مرزا عرف اچھے مرزا

نالہ شب فراق میں کب رائیگاں گیا	کیوں آپ آئے اب وہ تنفر کہاں گیا
پھیرتا ہے جو چھری حلق پہ ٹھہرا ٹھہرا	رقص بسمل مرے قاتل کو تماشا ٹھہرا

حضور تخلص لالہ بال مکند کھتری دہلوی شاگرد میر درد علیہ الرحمۃ زبان عربی سے بھی واقف تھے

یہ جو چشم پر آب ہیں دونوں	ایک خانہ خراب ہیں دونوں
یہاں مجھ میں نہیں ہے جان باقی	وہاں اب بھی ہے امتحان باقی
جفا کرتم وفا سمجھے ستم کو ہم کرم سمجھے	ادھر کچھ دل میں تم سمجھے ادھر کچھ دل میں ہم سمجھے

حضور تخلص منشی محمد عبد البصیر ولد مولوی عبد الغنی بلگرامی مقیم لکھنؤ شاگرد میر صبا

کس دن سوال وصل پہ اوس سے نہ ننگے ہان
یارب وہ باز آئیگا اپنی نہین سے کب

زندگی کا لطف یہی کرتے ہون گلشن کی سیر
شیشہ مے ہو بغل مین دست دلبر ہاتھ مین

ٹپر جاے ترے شعلۂ رخ پر جو ذری آنکھ
پھر ماہ پہ ٹوالے نہ کبھی کبک دری آنکھ

حضوری تخلص مولوی مظہر علی باشندۂ دیوا جہانگیر آباد مہوتسی مین مبتلا تھے

کل جو غصہ سے مجھے اوسنے دکھائین آنکھین
روتے روتے مری آشوب کرائین آنکھین

ایک لحہ بھی کبھی آنکھ نہ لگتی دیکھے
کیا برا وقت تھا جب تم سے لگائین آنکھین

حفیظ تخلص حافظ محمد حفیظ مرثیہ گوی دہلوی شاگرد قدرت اللہ خان قاسم اسکے مرثیہ مین برخلاف مرثیہ گویون کے روایت وضعی اور کاذبہ ہوتی تھی

خاک پا ہون بندہ ہون عاشق ہون نہین پاتا رہون
کچھ تو آخر مین بھی تیرا اے مرے دلدار ہون

محبت آہ کیا کیا رنگ عاشق کو دکھاتی ہے
اگر اک دم ہنساتی ہے تو پھر پھرون رلاتی ہے

ہم تو دشمن آپ کے ہین باری یہ فرمایئے
اور کس کس سے سمجھے گی دوستداری آپکی

رو برو غیرون کے شکوہ کیا کرین ہم آپ کا
ہو رہینگی پھر کبھی باتین ہماری آپ کے

حقارت تخلص میر ممن ولد سلطان علی داروغہ

کسوت خاک پہ اتنا نہ نازان اے قیس
اسپنے تن پر بھی کبھی جامۂ عریانی تھا

حقیر تخلص منشی نبی بخش اکبر آبادی سررشتہ دار عدالت فوجداری ضلع گول ولد منشی حسین بخش فارسی مین اچھا دخل رکھتے تھے

زخم کے منہ مین بھر آیا پانی
جب کہ پیکان کا مزا یاد آیا

پھر گریبان کے اوڑینگے ٹکڑے
پھر وہی چاک قبا یاد آیا

[illegible] کے کیے اوسنے رقم
ہم کو قسمت کا لکھا یاد آیا

[illegible] جسے تھی مجھکو تسلی کی امید
تشنۂ خون ہے دل دشمن جان ہو گتین

شانہ نے بل نکال دیے زلف یار کے
سیدھا کیا ہے موزیون کو مار مار کے

حقیر تخلص میر امام الدین عرف میر کلو دہلوی

ہون ہست و نیست عالم تصویر کیطرح
گویا ہون اور خموش ہون زنجیر کیطرح

دل مین ہے بیٹھ رہین در پہ صنم کے جا کر
راہ کعبہ کی تو آتی ہے نظر دور رہین

یاد مین اوس بت کافر کے ہون ایسا مصروف
کہ خودی بھول گئے بلکہ خدائی مجھکو

سب سے گلے لگے تری شمشیر کیلیے
پر ہم سے وہ کھنچی رہی بے پیر کیلیے

گلی مین یار کے چنبٹے گھسیٹ لائے مجھے
حقیر صدقے ہو تو اپنی ناتوانی کے

حقیقت تخلص سید شاہ حسین مرحوم خلف سید عرب شاہ متوطن خوست مقیم لکھنؤ شاگرد وجرأت پنشن مدراس مین بھی گئے تھے وہین انتقال کیا دیوان رنجتہ وتحفۃ العجم وخزینۃ المثال وصنم کدۂ چین انسے یادگار ہین انکی مثنوی ہشت گلزار نظر سے گذری

کیا ترے عشق مین اے عربدہ جو ہاتھ لگا
زیست سے ہاتھ بھی دھو بیٹھے نہ تو ہاتھ لگا

ہجر مین کیون نہ کرون یاد ملاقات اوسکی
کہ بہلتا ہے ذرا وصل کی تقریر سے دل

دلا اب دونون مل کاٹینگے اوقات آہ وزاری مین
ہوے بیمار ہم بھی لے تری بیماریداری مین

کس کے ہین انتظار مین آنکھین
جو کھلی ہین مزار مین آنکھین

نزع مین پھیر ہیں یہ چہرے سے آنکھین
شاید آتا ہے وہ نکلتی ہین جو رستا آنکھین

ہوگئی ایک نگہ مین مجھے صحت حاصل
گرچہ بیمار ہین لیکن ہین مسیحا آنکھین

کس طرح طائر دل دام بلا سے نکلے
زلف پر پیچ ہے حلقون سے سراپا آنکھین

حکیم تخلص حکیم محمد حسین عرف منجھلے صاحب خلف حکیم میر امراؤ علی باشندۂ فرخ آباد

آزردہ ہوا کرتے ہو فریاد سے میری
دکھتے نہین زیور سے کبھی کان تمہارے

حکیم تخلص حکیم محمد اشرف خان خلف حکیم محمد شریف خان دہلوی اپنے والد کیطرح طبیب بے مثل تھے

مرے رونے سے مجھکو اوس نے کھویا
مجھے اس دیدۂ تر نے ڈبویا

کہون مین کیا برنگ زخم ناسور
ہنسا اکبار گر سو بار رویا

حکیم تخلص غضنفر علی خلف وشاگرد مظفر علی اسیر باشندۂ لکھنؤ

آنکھ اپنی کسی زہرہ شمائل سے لگی ہے
یہ سوت مقرر چہ بابل سے لگی ہے

حکیم تخلص حکیم احمد حسین عرف لکھی سوداگر عظیم آبادی خلف شیخ فیض بخش شاگرد غلام علی راسخ

کچھ آج اور الجھتی ہے ہوا سے مری زنجیر
کیا آئی ہوا کاکل پیچاں سے الجھ کر

آنکھیں تری وہ ترک ہیں کافر کہ جنہوں نے
دین چھین لیا گبر و مسلمان سے الجھ کر

حکیم تخلص محمد پناہ خان خلف سید محمد شریف خان تلمیذ خواجہ میر درد باشندہ دہلی پہلے نثار تخلص کرتے تھے تاریخ اور موسیقی میں کامل تھے

پوچھتے کیا ہو حکیم جگر افگار کا گھر
ایک تکیہ سا ہے اوس شوخ کی دیوار کے پاس

تیرے لیے خلق در بدر ہے
اے خانہ خراب تو کدھر ہے

ہم تو کیونکر کہیں کہ بوسہ دو
گر عنایت کرو عنایت ہے

ہم ہی صنم کے غم میں نہ ایمان سے گئے
کتنے ہی بندگان خدا جان سے گئے

حکیم تخلص میر محمد علی باشندۂ لکھنؤ شاگرد محمد رضا برق

جب سے دل کو جو تیرے گیسو میں مرا الجھا ہے
وہ بلا کون سی ہے جو نہیں آئی سر پر

حلیم تخلص حکیم نہال الدین محرر صدر اکبر آباد باشندہ کاکوری

مرے گھر بھی نہ گئی میرے گھر کی تاریکی
رہا خموش چراغ مزار ساری رات

پھنسا کے زلف میں ڈالی ہے پاؤں میں بیڑی
وگرنہ رنگ میں لاتی تھی بھاریں روح

حکیم تخلص مرزا محمد سعید الدین عرف مرزا فیاض الدین خلف مرزا ریاض الدین عرف مرزا محمد جان نبیرۂ مرزا جہاندار شاہ مقیم بنارس شاگرد میر نواب

کب حنا کی رنگ سے اوسکی کف پا سرخ ہے
لعل کی رکھتا ہے اپنے یار معدن زیر پا

حمزہ تخلص شاہ حمزہ دہلوی مقیم عظیم آباد آخر ایام میں فقیری اختیار کی تھی کبھی کبھی رند بھی تخلص کرتے تھے

ہائے کس کس کے تئیں بیٹھ کے ہم یاد کریں
غم مجنوں کریں یا ماتم فرہاد کریں

بے پر و بال ہی رہنے کا خیال اپنا ہے
مور کی طرح پر و بال و بال اپنا ہے

حمزہ تخلص حمزہ علی باشندۂ اٹاوہ معلمی کرتے تھے

پان کہاوے ہے تو جھلکے ہی گلی سی لون لب | ہے کی جون سرخی کہ شیشے سے نمایان ہووے

حمید تخلص حاجی مولوی سید عبد الحمید خلف مولوی سید محمد عثمان مرحوم باشندہ کابل مقیم کلکتہ شاگرد مولوی عصمت اللہ انصح انسے ایک چھوٹا سا دیوان یادگار ہے

پاس میرے بھی کبھی آئیے گا | تا بکے دور سے ترسائیے گا
زلف سلجھانے لگے پھر صاحب | پھر مرے سر پہ بلا لائیے گا
ہو گیا ہے عشق دل کو اوس بت طناز کا | یا الٰہی ہو بخیر انجام اس آغاز کا

حمید تخلص حاجی حمید بخت باشندہ سلہٹ خلف حاجی سعید بخت سعید تخلص شاگرد حافظ اکرام احمد ضیغم راقم کے ملاقاتی ہین

خواب مین شکل دکھائے گا وہ عیار کبھی | یہ بھروسا تجھے اے طالع بیدار نہ تھا
وہ جو شب میرے گھر آیا تو گیا ہوش حمید | اور جو وقت ہوا ہوش تو پھر یار نہ تھا

حمید تخلص سید حسین علی باشندہ آگرہ

رہا وہ غیر کے گھر کل تمام شب ظالم | مین کیا کہون جو رہے دل کو بیقراری رات

حمید تخلص حمید الدین خان سوار دہلوی

نیند آئی تھی مدت مین جگا کسنے دیا ہے | پاؤن مرے اے گردش تقدیر ہلا کر

حمید تخلص سید حمید الدین ولد کلام الدین شاہ فرخ آبادی شاگرد اسمٰعیل حسین میر

عشق ان سنگدلون کا نہین آسان اے دل | کام جو سامنے آیا مرے مشکل آیا

حنا تخلص عبد الکریم خان ولد سرور خان لکھنوی شاگرد میر صبا صاحب دیوان مین

لوگ کہتے ہین عیادت کو گھڑی کل آئین گے | اور اک شب سفر مرگ مین وقفہ ٹھہرا
گر کر موے ہین ایسے کسی کی نظر سے ہم | اوٹھتا ہے اب عنا ہمارا زمین سے کب
کیا داخل پھر کے کوچۂ قاتل سے آئے دل | کیسا رفیق چھوٹ گیا اپنا ہائے دل
وصل کی شب مجھ سے اور اوس بت سے ہو گئی تکرار | پہنے ہے وہ جنگجو جھگڑے کا چھلا ہاتھ مین
جب سے اوس یوسف لقا کو دل دیا اے حنا | سورۂ یوسف زبان پر ہے زلیخا ہاتھ مین
ہو کبھی دشمن کو بھی یارب نہ دشمن سے نصیب | سخت جو پہونچے ہین مجھکو دلربا کے ہاتھ سے

حوشم منشی دیپ چند کھتری دہلوی خط نستعلیق و شکستہ خوب لکھتے تھے زبان فارسی و انشا پردازی مین کامل تھے پیرانہ سالی مین بسبب مختل ہونے حواس کے یہ تخلص اختیار کیا اور شاعری کی طرف مائل ہوئے بارہ تیرہ برس ہوئے کہ انتقال کیا

جب کہ آنے کی سنی مین نے خبر دلدار کی | بھر گئی کانون مین بو اوس زلف عنبر بار کی

حیا تخلص مرزا رحیم الدین خلف شہزادہ کریم الدین دہلوی متخلص بہ رسا شاگرد انکے بامزہ ہوتے ہین مسطرنج بہت خوب کھیلتے ہین دیوان انکا نظر سے گزرا

دیکھنے پائے نہ دل بھر کر قیامت مین اوسے | روز محشر وصل کی شب کی برابر ہو گیا
رونا کہان ہوا مجھے دل کھولکر نصیب | دو آنسوون مین نوح کا طوفان آگیا
ممکن ہے کہ رحم اوس بت کافر کو نہ آئے | پر ہم کو حیا حال دکھانا نہین آتا
بتون کو چاہ کی ہم تو عذاب ہی مین ہے | شب فراق کٹی روز انتظار آیا
کہا صنم سے تسلی دو آنکر تو کہا | خدا نہین کہ جو ہم دل رکھین زمانے کا
سہل سمجھے تھے دم قتل گران جانی کو | ہو گیا کام تری تیغ کو دشوار اپنا
پس وصال میسر مجھے وصال ہوا | مرے جنازے پہ بیٹھے رہو وہ ساری رات
شروع شام جدائی مین نالہ و افغان | ابھی تو اے دل مضطر تری ہے ساری رات
ناصح نہ دل سے ترک محبت کا کر کلام | ایسی سنے تو مین ہی نہ سمجھا لیا کرون
آدمی ہون نہین پتھر کا کلیجہ میرا | اس قدر تو نہ ستم کر کہ اوٹھا بھی نہ سکون
آتے ہی آتے موت کی پہان عمر ہو چکی | جو ہے سو میری جان کو غفلت نثار ہے

حیات تخلص محمد حیات خان ولد احمد یار خان قوم افغان شاگرد روشن شاہ روشن تخلص و نواب الہی بخش خان معروف باشندہ رام پور میرٹھ مین پرمٹ کے سررشتہ سے متعلق تھے

تیرے بسمل کی یہ حالت ہو تہ خنجر نازہ | سر جدا ہاتھ جدا پاؤن جدا دھڑ جدا

حیات تخلص مہر الدولہ سید کی علیخان بہادر باشندہ لکھنؤ شاگرد مہدی علیخان نوشہ

اون زلفون مین اب دل کا پھنسانا نہین اچھا | ان کافرون کے بیچ مین آنا نہین اچھا

تھوڑی سی ہے رات اور وہ ہین جانی پہ تیار | اور مرغ سحر شور مچانا نہین اچھا
موت آئے جسے سایۂ دیوار صنم مین | ایسے کا تو مردہ بھی اونٹھانا نہین اچھا

حیدر تخلص حسام الدین

ملک حضال پریوش فرشتہ خو کہت | مجال تھی کہ سگ یار کو مین تو کہتا
تسخیر کو عالم کے نیا طور نکالا | کیا طوق محبت ہے ترے کان کا بالا

حیدر تخلص منشی حیدر علی مرحوم باشندۂ ہوگلی خلف منشی غلام نبی مرحوم بن مسند خان مرحوم دہلوی جو دلندیزون کے عہد مین دہلی سے ہوگلی مین آئے تھے اور وہین سکونت اختیار کی تھی بڑے ظریف تھے راقم نے انکو ہوگلی مین دیکھا ہے

کھڑا ہو کر مرے بالین پہ وہ خصمت جو ہوتا ہے | نظر آتا ہے حیدر نزع مین جلوہ قیامت کا
حال دل گر کہون تو کہتا ہے | شوق مجھکو نہین کہانی کا
سست پیری مین کیون ہوای حیدر | کیا ہوا دولہ جوانے کا
سنگ کے تھون مین لیے ہین ساتھہ طفلان حسین | مین وہ دیوانہ ہون پریون کا اکھاڑا ساتھہ ہے
ایک بوسے کے لیے اتنا بگڑتا ہے کوئی | توہی منصف ہو بلا انصاف تیرے ہاتھہ ہے

حیدر تخلص مرزا حیدر شکوہ خلف مرزا کام بخت بن مرزا سلیمان شکوہ ابن شاہ عالم بادشاہ مقیم لکھنؤ

ناز سے جب وہ چلتے ہین بازیب سے آتی ہے صدا | کافر کہیے اونکو جو وہ انکار قیامت کرتے ہین

حیدر تخلص مولوی سید ولی حیدر ولد منشی امیر حیدر فرخ آبادی

خلق کی آنکھون مین چڑھے پھر نہ ہم | تم نے نظر سے جو اتارا ہمین

حیدر تخلص منشی مصطفےٰ حیدر خلف مولوی غلام حیدر مرحوم سررشتہ دار فورٹ ولیم کالج کلکتہ و مدرس فارسی بہرۂ مدرسۂ عالیۂ کلکتہ وطن انکا چانگام مولد بنارس مسکن کلکتہ اشعار اپنے راقم کو دکھلاتے ہین انکی طبیعت مین نہایت شوخی ہے صاحب دیوان ہین

دل لیکے مرا صاف مکر جاتے ہین کیسا | جب مانگون تو جھنجھلا کے یہ فرماتے ہین کیسا

دھمکاتے ہین جھنجھلاتے ہین شرماتے ہین کیسا
قابو مین مرے آکے وہ گھبراتے ہین کیسا

رعشہ بھی ہے کچھ جسم مین کچھ لب پہ ہنسی ہے
تنہا کہین ملتے ہین تو گھبراتے ہین کیسا

دل وجان دین وایمان دی چکا ہر کیا چھپا
ذرا ایمان کھکانیسے تو رکھ او بدگمان اپنا

درد کیسا کہ حد اور دکی صورت سب ہین
اپنا ہم درد کوئی خویش و برادر نہ ہوا

میرے اشکون کی روانی دیکھکر او حسن
ایسا سٹا شرم سے دریا ہی قطرہ ہو گیا

سن لیا سرمہ لگانے مین جو حال مرگ غیر
کیا اوسے آنسو بہانے کا بہانا ہو گیا

عشق خط سبز نے پیا مجھے مثل حنا
سبز بختی رنگ لائی خون اپنا ہو گیا

اوس بت کافر کا دل مین رکھتے ہو حید خیال
قبلہ من دیکھیے کعبہ کلیسا ہو گیا

کئی دن سے ہے کیسا ہائے مضطر
خدا جانے کہ حیدر کو ہوا کیا

نہ کیجے ضد نہ کیجے ضد بس اب رہجائیے صاحب
مجھے دفنائیے گر آج کی شب جائیے صاحب

قابو مین آگئے تو چکھا ئینگے ہم مزا
اچھا سوال بوسہ پہ ہان منہ چڑائین آپ

دیجے بوسہ یا کہ گالی کیجے جو کہنا ہو صاف
زیر لب کہتے ہین کیا فرمائیے اچھی طرح

کیا بھولے بنکے کہتے ہین قربان جائیے
ہوتی ہین رنگ چار سفید و سیاہ و سرخ

ان سرخ سرخ اونگلیون مین کیا ہی زیب دین
فیروزون کے جو چھلے ہون ای یار سبز سبز

لیا بوسہ خطا کی گالیان تو دی چکے صاحب
لیے جاتے ہو میری کیلیے پھر چکیان اتنک

ہر ہر قدم پہ آہ نکلتی ہے دمبدم
اللہ رے ضعف چلتے نہین بے عصا کہ ہم

مجھکو بھاتی ہین قیامت تیری دلبر چھاتیان
اونچی اونچی گول چکنی سخت پتھر چھاتیان

وصل مین وہ سسکیان لیلیے کہنا یاد ہے
کیسی بے رحمی سے آف ملتے ہو حید چھاتیان

ذرا سینے پہ میرے ہاتھ رکھکر دیکھتے جاؤ
دھڑکتا ہے کلیجہ دل ہے مضطر دیکھتے جاؤ

مجھکو کیون آئینہ دکھاتے ہو
شب مہتاب مین بلاتے ہو

پردہ اوٹھاؤ مین نہین موسے
لنترانی کسے سناتے ہو

ہوئی کیا شمع گل بن آنی میری پوسے لیتا ہون
مزا ہے یہ بھری مجلس مین وہ جھنجھلا نہین سکتے

مثال نقش پا کوچہ مین اونکے جم کے بیٹھے ہین
مٹا دین الکھ وہ ہمکو مگر اوٹھوا نہین سکتے

ہے صبا جاروب کش چھڑکاؤ کرتا ہے سحاب
آمد فصل بہاری کی چمن مین دھوم ہے

دیکھیے جسوقت طفلان پریرو ساتھ ہین
ایک ہی ہشیار ہے حیدر عجب دیوانہ ہے

چلے ہو کیسلیے ہو کر خفا سنو تو سہی
بتا دو پہلے ہماری خطا سنو تو سہی

ادھر تو دیکھو نہ بولو ذرا سنو تو سہی
شب وصال مین کیسی حیا سنو تو سہی

تا صبح ایک بوسہ نہ ہرگز دیا مجھے
باتین تمام شب وہ بنائے چلے گئے

غنچون نے کان بھی نہ رکھا آہ و نالہ پر
بلبل کو چٹکیون مین اوڑائے چلے گئے

اوٹھے کیسلیے تم بھلا بیٹھے بیٹھے
ہوئے مجھسے شاید خفا بیٹھے بیٹھے

بس قتل عاشقان پہ نہ بیڑا اوٹھائیے
لاکھون کا خون ہوگا نہ لاکھا جائیے

در پردہ پردہ فاش کیا چاک جیب نے
پردہ نشین کے عشق کو کیون کر چھپائیے

کافر یہ سنگدل ہین بڑے سخت ہیوفا
حیدر نہ ان بتون سے کبھی دل لگائیے

حیدر تخلص نواب حیدر حسین خان خلف نواب حیدر علیخان شاگرد خوشی

کچھ تو ارشاد ہو فرمائیے کچھ تو صاحب
کیا خطا مجھ سے ہوئی آپ جو کم آتے ہین

حیدر تخلص سید ابن حیدر عرف بھولے میان خلف سید دلدار حیدر بلگرامی

یاد رکھنا تو مری بات کو اے جان جہان
مجھ سا دنیا مین نہین ہے ترا خواہان پیدا

حیدر تخلص سید حیدر علی خان لاہوری حضرت شیخ عبد القادر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی اولادون مین تھے

لے سنگ و خشت مجھ پر ہر خاص و عام نکلا
بارے جنون کی دولت اپنا یہ کام نکلا

یہان تک تو رشک ہے کہ گوارا نہین مجھے
محرم ہے بند بھی جو ترے سینہ بند کا

ارادہ ہے بنا جب کچھ اس چشم تر کا
خدا حافظ آج اپنی دیوار و در کا

حیدر تخلص میان حیدر

سنے کہان اب تو اے مسیحا دم
یاد آتا ہے وہ ترا عالم

ہجر مین تیرے مجھ پہ کیا گذری
تجھکو معلوم کچھ ہوا اے صنم

حیدر تخلص دلیر الدولہ محمد علی خان بہادر عرف آغا حیدر خلف نواب

اسد اللہ

اسد الدولہ محمد تقی خان ترقی متوطن نیشاپور باشندہ فیض آباد مقیم لکھنؤ شاگرد برق صاحب دیوان گزرے

اوس پریوش کی نظر جب سے کرائین انکھین
نہ کبھی حور نہ انسان نہ پری نے دیکھین
برق کا طرز جو حیدر کے سخن مین پایا
میری آنکھون مین کسی کی نہ سمائین انکھین
پشم بیدار رہا اوس شوخ نے پائین انکھین
اوس سے غافل ہین کسی نے نہ ملائین انکھین

حیدر تخلص حیدر شاہ خان ساکن میرٹھ شاگرد امداد حسین ظہور مصوری مین بھی دخل رکھتے تھے

کب آتش درون مرے ہوتے نہین بلند
مانند برق کب دم شعلہ فشان نہین

حیدرے تخلص حیدر بخش دہلوی ۱۲۱۱ بارہ سو سولہ ہجری مین کلکتہ مین تھے انکی آرایش محفل یعنے ہفت سیر حاتم نظر سے گزری

برابری کا ترے گل نے جب خیال کیا
صبا نے مار طمانچہ منہ اوسکا لال کیا

حیدری تخلص غلام حیدر دہلوی مقیم عظیم آباد

حیدری کے قید کرنے کی عبث تدبیر ہے
اوس پریشان کو خیال زلف ہی زنجیر ہے

حیران تخلص حافظ بقاء اللہ خلف حافظ ابراہیم خط نسخ و نستعلیق خوب لکھتے تھے

قطعہ

بعد مرنے کے یہ خواہش ہے مری اے دوستو
کچھ نہ خواہشمند ہون عزت کا نہ توقیر کا
گرد تربت کی ہو اک آئینہ اور طوطی ہو وہ
تاکہ جانے ڈھیر ہے حیران خوش تقریر کا

حیران تخلص میر حیدر علی دہلوی شاگرد سرب سنگھ دیوانہ بہار مین مارے گئے اپنے قاتل کو بھی اپنے ساتھ لے گئے

ق

کہا مین نے کہ میرے گھر چلیے
تیوری کو چڑھا لگا کہنے
مجھ سے کہتا ہے میرے گھر چلیے
دیکھ زخمی مجھے اوس کو جو قاتل دیکھے

اس مین کچھ کم نہ ہو گی محبوبی
رہ و رسم ادب تو سب ڈوبی
دیکھیو اختلاط کی خوبی
ہنسکے کہتے ہین کہ آ زخم جگر سلوا لے

حیران تخلص میر منو علیم آبادی مرثیہ مین مظلوم تخلص کرتے ہین

وہ ظالم ایک دن بھی آن کر بیٹھا نہ پہلو مین
مگر دیکھا ہے یہ حال دل دیوانہ پہلو مین

حیران تخلص میر ولایت علی دہلوی بہادر شاہ بادشاہ دہلی متخلص بہ ظفر کے عہد مین
عہدۂ کپتانی پر مامور تھے

سر ٹپکتا رہون یا پھوڑ کے سر مر جاؤن
تیری مرضی ہے بتا اے غم تنہائی کیا
شکل تصویر جو حیرت مین تو ہی حیران ہے
اوسکی تصویر کسی نے تجھے دکھلائی کیا

حیرت تخلص حافظ عبد الرحمن باشندۂ جہنجانا شاگرد مولوی امام بخش صہبائی

اک دو ہی آنسوؤن مین لگا ڈوبنے فلک
نکلے گی خاک دیدۂ خونبار کی ہوس
گر شربت وصال نہین موت ہی سہی
کوئی تو نکلے اس دل بیمار کی ہوس
حیرت کا خدا جانے ہے کیا حال کہ ہم
کچھ رات سے آتی نہین آواز فغان کی

حیرت تخلص مرزا رمضانی دہلوی خلف شہزادہ صمصام الدین شاگرد مرزا جہانگیر جہاں

وہ خار ہون کسی سے اوجھتا نہین مومین
دشمن کی آنکھ مین بھی کھٹکتا نہین ہو نمین
حیرت اب یار سے کیون ترک فاکر تی ہو
پہلے ہی تم نے محبت نہ بڑھائی ہوتی

حیرت تخلص محمد جان خان ولد باز خان باشندۂ الہ آباد

مرقد سے میرے اوٹھکے بگولا جو رہگیا
کہنے لگے وہ خاک کسی ناتوان کی ہے

حیرت تخلص میر محمد حسین ولد سید امید علی متوطن بارہ مقیم قصبۂ اکبر پور
معروف بہ بندگی تولد ۱۲۱۰ فتح پور ہنسوا شاگرد احمد علی کامل

اوٹھا جو صبح کو ملتا وہ مست خواب انکھین
لگا چورانے مسیحا سے آفتاب انکھین
خبر ہے آمد جانان کی بر لب دریا
ہین انتظار مین کھولے ہوئے حباب انکھین

حیرت تخلص میر مراد علی تاجر اد آبادی شاہ عالم بادشاہ کے
عہد مین تھے بعضے تذکرہ والون نے انکا تخلص حیدر لکھا ہے

سمجھ کے دیکھا تو بیجا تھا سب گلہ دل کا
یہ چشم تر نے ڈبویا معاملہ دل کا
شریک آہ ہے شور جنون بھی حیرت
جب جہاں سے جاتا ہے قافلہ دل کا

کہان ہے شیشہ مے محتسب خدا سے توڑ | مرے بغل مین چھلکتا ہے آبلہ دل کا

حیرت تخلص غلام فخر الدین نبیرۂ میر منو ولد اعتماد الدولہ قمر الدین خان مقیم کالپی فارسی بھی کہتے تھے

ہم اوس بزم سے یون پر ارمان نکلے | جوانی مین جسطرح سے جان نکلے
یہ ستم دیکھون کن آنکھون سے مین اہی غیرت عشق | ایک عالم اوسی کوچہ کا تماشائی ہے

حیرت تخلص پنڈت اجودھیا پرشاد کشمیری شاگرد جرأت موسیقی اور تیر اندازی مین اچھا دخل رکھتے تھے ۱۲۳۸ بارہ سو پینتیس ہجری مین انتقال کیا صاحب دیوان گزرے کبھی دہلی اور کبھی لکھنؤ مین رہا کرتے تھے

برنگ نقش پا اوسکی گلی سے اوٹھ نہین سکتا | ہوا ممنون احسان خوب اپنی ناتوانی کا

حیف تخلص میر چراغ علی لکھنوی شاگرد میر شبیر علی افسوس

جسکی ہر اک امید مبدل بہ یاس ہو | کیا اوس مریض عشق کی جینی کی اس ہو
ہے اپنے تو نزدیک وفا خوب ولیکن | ہو لطف جو تیری بھی طبیعت ادھر آوے
کہتا ہے کوئی بال اوسے کوئی رگ گل | کچھ مین بھی کہون تیری کمر جو نظر آوے
کانون مین نہین ہین اوسکے بالے | اک چاند کے دو ہوئے ہین ہالے

حیف تخلص موتی لال ولد لالا بت سنگھ شاگرد میر سوز سنہ ۱۱۹۶ گیارہ سو چھیانوے ہجری مین لکھنؤ مین تھے

گلشن دہر مین کیونکر وہ بھلا شاد پھرے | رات دن جسکے لیے گھات مین صیاد پھرے

حیف تخلص شیخ محمد حاجی مرحوم دہلوی شاگرد میر محمدی بیدار

رباعی

اب تجھ سے کہون جو کچھ ہے دل مین میرے | سب تجھ سے کہون جو کچھ ہے دل مین میرے
پہلے کہ لے کہ مین نہ کہونگا تو کا بر | تب تجھ سے کہون جو کچھ ہے دل مین میرے

حرف خا معجمہ

خادم تخلص خادم علی شاہ مقیم کلکتہ دہلی بارہ رہیس ہوئے کر انتقال کیا راقم

انسے مشاعرہ مین ملاقات ہوئی تھی

صاف آیا ہیں سے دلمین وہ یاد افسوس آج
خانۂ تاریک مین روشن ہوا فانوس آج

خادم تخلص منشی محمدی راجہ پردوان کی سرکار مین متعلق ہین فارسی بیشتر کہتے ہین

اشک کوئی دم مین اب لاتا ہے مژہ پر دلکی بات
طفل سے ممکن نہین ہے ضبط کرنا راز کا

خادم تخلص شیخ خادم علی کنہیلے شاگرد میر تقی دہلی مین تربیت پائی تھی پیشتر خطوط مین دخل رکھتے تھے صاحب دیوان گزرے

عاشق ہوا ہون اک بت بالا بلند پر
صد آفرین ہے میری بھی عالی پسند پر
اسکے ہاتھون اک جہان ویران بنے
چشم بھی میرے کوئی ملوفان سے بچے

خادم تخلص خادم علی خان باشندہ فرخ آباد استاد نواب ناصر جنگ بنگش بیشتر فارسی کہتے تھے

مجھکو کہتے ہو کہ چل باہر ہو
آپ کے کہنے سے کب باہر ہون

خادم تخلص خادم علی لاہوری مقیم دہلی

نشین جو کہ نہ کوئی تہین سوکین پردہ شوخ
نہ ملا اپنے جگر سوختہ سے پر نہ ملا

خادم تخلص ایک شخص باشندہ پانی پت کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

رات بھر ماتم پروانہ مین روتی ہے شمع
اشک سے داغ جگر اپنے کو دھوتی ہے شمع

خاص تخلص منشی پلٹن سپاہیان شاہی محمد حیدر خان خلف الٰہی بخش خان باشندہ دہلی شاگرد مرزا جمعیت شاہ ماہر

تھی جدائی گرچہ پہلو مین مرے وہ یار تھا
ناز تھا آزردگی تھی رنج تھا انکار تھا
کاوشین جھیلین نہ کیا کیا بادفرگان مین ترے
گاہ نشتر تھا جگر مین گاہ دل مین خار تھا
دیکھ لے نقشہ اگر اوس عالم تصویر کا
تو تو کیا زاہد دل آوے اوس پہ تیری پیر کا

خاکسار تخلص میر محمد یار عرف میر کلو مرحوم دہلوی شاگرد مرزا مظہر قدس سرہٗ قدم شریف مین نشریف رکھتے تھے بڑے عاشق مزاج اور صاحب دل تھے جسپر اونکی آنکھ پڑتی تھی وہ تعلقات دنیا سے آزاد ہو جاتا تھا

تیغ قاتل سے رہے محروم بے تقصیر ہم
روز محشر کو اوٹھینگے اسلیے دلگیر ہم

قیامت بھی ہوگی تو میری بلا سے
مجھے داد خواہی کی طاقت کہان ہے

تری زلف سیہ سے اے پیارے
مجھکو اک سر ہزار سودا ہے

خاکسار تخلص غلام محی الدین خان مراد آبادی شاگرد قدرت اللہ شوق

یکہ محل ہے گرچہ منعمان کے زیر سر
ہاتھ اپنا بس ہے یہان مجھ ناتوانکی زیر سر

خاکی تخلص غلام حیدر بیگ وطن اصلی بدخشان مولد دہلی دکھن مین رہتے تھے

ہم عشق بھی سیکھین اگر اوستاد ہو کوئی
دل تو ہے بتادے مجھے گر باد ہو کوئی

خالص تخلص مولوی محمد عبدالرزاق مدرس مدرسہ سرکاری کول

دیا ہے تمنے دل خالص کسی آئینہ سیما کو
نہین تو صورت آئینہ کیون بیٹھے ہو چپ

خالق تخلص خالق بخش اکبر آبادی شاگرد اسیر

فراق و رنج و الم یاس و درد و داغ و قلق
کرم سبھون نے کیا ہم پہ باری باری سے

بند باچیال جو اوسکی جبین کی افشان کا
ستارے گن ہی کے خالق نے سب گزاری رات

خان تخلص عبداللہ خان دانا پوری شاگرد حافظ صیغم کلکتہ مین وفات پائی

جس دن سے وصل ہا ہجر یارب جدا ہوے
کیا کیا فلک نے ہم پہ نہ ظلم و جفا ہوے

خان تخلص محمدی خان شاگرد سعادت یار خان رنگین باشندہ دکھن مقیم دہلی

یاد جس وقت تری آتی ہے
مجھکو ہچکی وہین لگ جاتی ہے

خان تخلص محمد اشرف خان مرحوم ولد محمد علی خان باشندہ دہلی مقیم لکھنؤ شاگرد مصحفی صاحب دیوان گزرے

بتونکی چاہ گئی ہو برا ضعیفی کا
ادہر تو پک گئے بال ادادھر سنڈری رات

اے خان غم فراق مین تم زہر کھا مرو
اسکے سوا نہین کوئی تدبیر دوسری

خانی تخلص مرزا خانی باشندہ دہلی انکے دماغ مین مالیخولیا تھا

بے عقلونکے کام ہی کرتے رہے سدا
عاشق ہوئے تو یہ بھی خلل تھا دماغ کا

خاور تخلص محمد اکبر خلف مرزا مہدی سیستانی مقیم اکبر آباد فارسی و اردو مین شاگرد

مرزا محمد حسین خراسانی اور میر وزیر صبا کے

مرتا ہون نہ جیتا ہون عجب دکھ مین پڑا ہون | کیا پوچھتے ہو حال ہے کیسا مرے دل کا

خبر تخلص سید مہدی بلگرامی ولد محمد عسکری تھوڑے روز ہوئے کہ چالیس برس کی عمر مین بھاگلپور مین قضا کی

ہم نے رونے کا بھلا کب سروساماں باندھا | تم نے ہی دیدۂ و دانستہ یہ طوفان باندھا
سد وصال رنجش دلدار ہو گئی | اتنا بڑھا غبار کہ دیوار ہو گئی

جسیر تخلص غلام محمد خان خلف غلام قادر خان فرخ آبادی شاگرد رشک

ہے ماہ پر آگے ترے مہتاب کا عالم | خورشید مین نقشہ ہے چراغ سحری کا

خدمت تخلص فرحت علی لکھنوی

دو دن ہے زندگانی مجھسے کلام کرلے | اکبار میرے گھر مین دلبر مقام کرلے

خرد تخلص نواب فخر الدین خان دہلوی خلف نواب شرف الدین خان معاصر مومن

ہمارے اونکی صحبت آہ ابر و برق کی سی ہے | ہم اونکو دیکھکر روتے ہین اور وہ ہم پہ ہنستے ہین
لبون پہ جان ہے جلدی کہین ہو نہ ظالم | یہ آرزو ہے کہ دم تیرے رو برو نکلے

خرد تخلص بالا پرشاد کھتری خوشنویس باشندۂ دہلی

یہ ہے پتھر اور وہ گلبرگ ترا ی جوہری | کیا ہے نسبت لعل کو اوسکے لب خونگ سے

خرد تخلص نیلمت رام نرائن دہلوی شاگرد حافظ غلام دستگیر مبین

ہم آپ سے نہین جاتے یہان سے گھبراکر | یہ جسکے جذبۂ دل کا اثر ہے کیا کیجے

خستہ تخلص محمد عبد اللہ عرف میر جیون دہلوی والد اسکے نواب مجد الدولہ عبد الاحد خان کے منشیون مین تھے

سایہ سا ساتھ ہو نہی تو تھے پا تو تلک گرگر کر | اوسنے دامن کو بھی پر ہاتھ لگانے نہ دیا

خستہ تخلص غلام قطب سید محمد کرمانی قدس سرہٗ کی اولادون مین اور سلطان المشائخ رحمۃ اللہ کے مزار کے خادمون مین تھے بھورے خان

آشفتہ سے اصلاح لیتے تھے

جلوہ اوس مہ نے جو ناگاہ لب بام کیا | روز خورشید درخشان کا وہین شام کیا

خرد تخلص مرزا محمد نجمہ و جلال بہادر عرف مرزا احمد جان خلف مرزا محمد خرم خجسته بن مرزا محمد جاندار شاہ مقیم بنارس مرید حضرت خلیفہ شاہ غلام قادر علیہ الرحمۃ

سنتا ہے دلا اہل جہان کی یہ ہی عادت | منہ پر تو خوشامد کرین تحقیر پس پشت

خشو تخلص ایک شخص کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہ ہوا

ہو غرق رحمت پروردگار | آج ساقی کا پیالہ ہو گیا

خضر تخلص مرزا خضر سلطان بن ابوظفر بہادر شاہ متخلص بظفر شاگرد اسد اللہ خان غالب

نہ کہ سکتے ہین کچھ اپنی نہ سن سکتے ہین کچھ میری | ہمین اسوقت مین اے بیوفا دیکھا تو کیا دیکھا

جام جمشید کو آئینہ سکندر کو ملا | خضر مین وہ ہون کہ حصہ مین مرے دل آیا

گالی سے کون خوش ہو مگر حسن اتفاق | جو تیری خو تھی وہ ہی مرا مدعا ہوا

کہتے ہو وہ بھی ہوس پیشہ ہے جسا تو ہے | مجھے اک چھیڑ ہوئی شکوہ عمدہ کا نہ ہوا

کہتے ہو کہ اک روز تجھے قتل کرینگے | پر یہ بھی تو اے شوخ ستمگر نہین ہوتا

خضر تخلص شیخ محمد یوسف شاگرد جان صاحب

جیتے جی اور بھی اس نازوادا نے مارا | ہاتھ کھینچا جو شب وصل تو شرما کے بہت

فاتحہ پڑھ کے مری قبر پہ غیرون سے کہا | یاد آئے گا یہ جانباز ہمین مانے بہت

خطا تخلص مرزا نظر علی بیگ ولد مرزا ایوب بیگ ایوب لکھنوی شاگرد خواجہ وزیر صاحب دیوان ہین

زبان لڑائے ہو کس اختلاط سے پیارے | سمٹ کے آئی ہے دیکھو مرے دہن مین دم

کرے جو مرد و شے باتین ابھی وہ زندہ ہون | مسیح وقت ہے تو ہے ترے دہن مین دم

خطیر تخلص سید امراد علی خلف امیر علی باشندہ فرخ آباد شاگرد صفیر

آج غصہ مین وہ زندان کی طرف آتا ہے | بیڑیان پاؤن کی بولیون کی بابت ہو گی

خفی تخلص مرزا محمد معروف بہ سفید دیو خلف مرزا حیدر علی لکھنوی [illegible]

ہین انھین لشکر خونخوار کے سردار ابرو	ہے کمان چشم و صف مژگان و نگاہ خونریز
مچھلیان حسن کے دریا مین ہین آبدار ابرو	نشتیان آنکھین ہین بیشک خط پیشانی موج
مژہ خنجر ہے نگہ تیر ہے تلوار ابرو	روے محبوب ہے یا کوئی سلیخانہ ہے

خفی تخلص راجہ بابو عظیم آبادی

گرم صحبت ہوگی زیب انجمن ہو جائے گا	ہے خنک از بس ہوائے بزم ساقی جلد
حاصل اس گلگشت سے آخر پریشانی ہوئی	دیکھ سنبل کو جبین مین یاد آئے اوسکے بال

خاکسار تخلص حافظ فردوس علی شاگرد دغرزہ مولوی عبد الکریم سوز

کچھ تو آزار اوسے تھا کہ وہ اچھا نہ ہوا	کیون یہ کہتے ہو خلش کو کہ وہ بیمار نہ تھا

خلق تخلص میر احسن خلف و شاگرد میر حسن دہلوی صاحب مثنوی بدر منیر باشندہ لکھنؤ

کہ آنا بھی نہ ہوش آیا کہ جو پوچھون کدھر گیا	عجب عالم مین بیہوشی کے وہ مجھکو نظر آیا
جی یہ کیا گزرے گا اور جان پہ کیا ہوویگا	دل لگانے تو لگایا پہ نہ تھا کچھ معلوم

خلیق تخلص مرزا مظہر علی ولد مرزا ہوشدار متولد ۱۱۹۵ گیارہ سو نانوے ہجری مین ناظم بنگالہ کی سرکار مین توسل رکھتے تھے

ہمنشینی مردہ دل کی ہے عذاب زندگی	صحبت زندہ دلان ہے باعث آرام جان

خلیق تخلص میر مستحسن مرثیہ گو برادر خورد میر احسن خلق باشندہ لکھنؤ شاگرد مصحفی صاحب دیوان گزرے

ہم آپ مین نہ آئے جب تک کہ تو نہ آیا	غفلت مین فرق اپنے تجھین کبھو نہ آیا
تو وہین ہنس پڑا وہ کھلکھلا کر	کہا مین نے جو اے گل کچھ وفا کر
تو تو سیماب ہے اور پارہ اخگر عاشق	بھاگنا تیرا بجا اوس سے ہے اے سیمین تن
خود بپا کرتے ہین ہنگامہ محشر عاشق	حشر کا ڈر اونہین کیا ہے کہ تیری کو چہ مین
جگر سنگ سے بھی آب روان ہے تب تک	بیستون مین اثر گریہ فرہاد کو دیکھہ
صاف ادھر سے نظر آتا ہے ادھر کا پہلو	مثل آئینہ ہے اوس رشک قمر کا پہلو

لیکے خرام ناز کا یا مال ہون خلیق | لگتی ہے چوٹ دل کو مرے ہر قدم کے ساتھ

خلیل تخلص میر دوست علی ولد سید جمال علی باشندۂ قصبہ بلرو لی متعلقہ بارہ بانکی حال رشید اکثر رفیق نادر مرزا سے نیشاپوری بیشتر لکھنؤ مین رہتے ہین ۱۲۵۹ بارہ سو اونا سی ہجری مین کلکتہ مین آئے تھے صاحب دیوان ہین اشعار انکے بہت خوب اور مرغوب ہوتے ہین راقم کے دوستون مین یہ اشعار اس تذکرہ کے لیے دیے تھے

میرے دل مین اگر آپ آئیے گا | داغ کی طرح سے رہجائیے گا
ہاتھ جوڑون بھی تو ٹھہرینگے نہ آپ | نبض کیطرح ملے جائیے گا
جلوۂ حسن رخ یار نے بیہوش کیا | وصل مین لطف شب وصل میسر ہوا
دل ہے خود مرشد کامل اسے کیا سمجھاؤن | خضر کا کوئی کبھی راہ مین رہبر نہ ہوا
غم فرقت یہ بلا ہے کہ تمام اعضا مین | پھوٹ پڑجاتی ہے جسوقت وہ دانہ پیدا ہوا
عشق نے دشمن راحت یہ بنایا ہے مجھے | نہ دیا دل اسے جو شوخ ستمگر نہ ہوا

ضعف سے کانپتے ہین چلنے مین ہر بار قدم | پڑتے ہین صورت چوب کلک بیکار قدم
پاے رنگین سے جو ہر نقش قدم ہی گل تر | چار باغ آئے نظر تم جو چلو چار قدم
سالک راہ محبت کو ہے غفلت سے ضرر | دیکھ لو سونے سے ہو جاتے ہین بیکار قدم
مرتبہ خاک نشینون کا جو سمجھے کوئی | رکھے پھر نقش قدم پر بھی نہ زنہار قدم
بے سبب دشت جنون مین نہین سر گرداں ہم | قلم آسا نہین رکھتے کبھی بیکار قدم
حشر برپا ہو کہین لوگ قیامت آئے | رنج مسکون مین ہو ہل چل جو چلو چار قدم

بتون کا سبزۂ خط خال کا نہین محتاج | بغیر مہر یہ خط اعتبار رکھتا ہے
ترقیون مین تنزل کا بھی خیال ہے شرط | گرو ہے گو تین کو نظر مین سوار رکھتا ہے
رونے پہ باندھ لے جو مری چشم تر کمر | کیسے زمین فلک پہ ہو پانی کمر کمر
جان جان عاشقون مین نام جدائی کا نہ لو | موت کا ذکر نہین کرتے ہین بیمارون مین
تم سنو یا نہ سنو نالے کیے جاؤن گا | درد دل کہنے سے مطلب ہے اثر ہو کہ نہو

گریبان حسین بند کی پہندے ہین جال کے
کھیلے گا مرغ رنگ حنا کا شکار ہاتھ

اوس بت کو دیکھتے ہی ہوا دل اسیر عشق
پنجے کے نیچے دب گیے بے اختیار ہاتھ

ہر طرح مل رہیگا پس مرگ اے خلیل
دس گز کفن گزی کا زمین تین چار ہاتھ

اچھے نہین ہین جوشش وحشت کے رنگ ڈھنگ
تیور کچھ اب کی سال بُرے ہین بہار کے

دم سے طلسم آدم خاکی کا ہے خلیل
پہرتی ہین پتلیان یہ سہارے سے نار کے

حالت صفت شمع ہے یہ سوز جگر کی
پاؤن کو جلا دیتی ہے آتش مری سر کی

ہین مرگیا وہ گھر کو گیا صبح شب وصل
نقارہ مرے کوچ کا نوبت تھی سحر کی

مر کر بھی میرا پاؤن جو تری زلف کا سودا
بتی نہ دھیوان دے مرے تربت پہ اگر کی

خلیل تخلص سید ابراہیم علی اکبرآبادی شاگرد گدا رعلی اسیر

وصف دہن تنگ نے خاموش کیا ہے
لے جاے تکلم ہے نہ موقع ہے صدا کا

کعبہ و دیر مین کسکے لیے پھرتے ہو خلیل
سچ کہو شوق ہوا کس بت ہرجائی کا

ملجائے گا موقع جو کبھی دادرسی کا
اللہ سے اے بت تری فریاد کرینگے

خلیل تخلص علی ابراہیم خان مرحوم نائب ناظم بنگالہ گورنر جنرل لارڈ ہسٹنگ بہادر نے انکو عدالت دیوانی ضلع بنارس کا حاکم مقرر کیا تھا صاحب دیوان و تذکرہ شعراے فارسی وارد و گزرے

لبور و نے سے میرے تر ہو جیب و کنار آخر
خلیل آنکھون کے ہاتھون ہو گیا گا ر سیلو مین

خلیل تخلص شیخ محمد خلیل لکھنوی شاگرد مصحفی

جب آگے ترے شمع نے سر اپنا اوٹھایا
گلگیر نے تب اوسکی وہین دور کی گردن

سو تیغ لیے نکلے ہے اک ہاتھ مین خورشید
تا کاٹے تجھے دیکھے شب دیجور کی گردن

خلیل تخلص شرف الدولہ محمد ابراہیم خان بہادر وزیر محمد علی شاہ پادشاہ لکھنؤ شاگرد نواب عاشور علی خان بہادر خلف خواجہ عبد الحکیم غدر مین مارے گئے وطن انکا کشمیر مسکن لکھنؤ شعر انکے اچھے ہوتے ہین

میرے گھر کا ہیکو آپ آئیے گا
خیر بندے ہی کو بلوا لیجیے گا

سُنکے حال شب فرقت بولے | کہیے کچھ اور بھی فرمایئے گا
ایسے ہی وعدے وفا ہوتے ہین | ہان بجا سچ ہے ضرور آیئے گا
کھیل مین جان پہ کھلوایئے گا | ہم کو شمشیر سے سر آیئے گا
نزع مین دیکھ کے فرماتے ہین | ہم ملا لین گے جو مر جایئے گا
وصل مین کہتے ہین بھولے بنکے | کسطرح ہجر مین مر جایئے گا
کس عنایت سے وہ کہتے ہین خلیل | شام کو آج ضرور آیئے گا
وصل اوس رشک چمن کا گر میسر ہو خلیل | آرزو اک عمر کی ہووے حاصل باغمین
ہاتھون پہ سر جو معرکہ امتحان مین تھا | پیچھے ہٹے نہ ایک قدم کوہکن کے پاؤن

خموش تخلص مرزا غلام رضا دہلوی ملازم راجہ رنجیت سنگھ بہادر پنجاب مین سکونت اختیار کی تھی

خموش کس سے نیا اختلاط ہے کہ ہمین | کچھ اندنون کہین تیرا پتا نہین لگتا

خندان تخلص ایک شخص کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہوا

خندان دلکو اپنے ہاتھ آپ تباہ کیجیے | کرنی ہے تم کو تم پہ جب کہ نگاہ کیجیے

خواجہ تخلص حاجی سید العرین مخاطب مولوی اظہر علی مرحوم منشی سابق فورٹ ولیم کالج کلکتہ شاگرد مولوی محمد حسن اللہ اسنج وطن انکا سلمٹ مولد و مسکن کاکا بڑے ذمین و ذکی ہین شعر اچھا کہتے ہین ۱۲۸۱ بارہ سو اٹھاسی ہجری مین انتقال کیا

دل لیکے جان مانگتے تھے وہ بھی لے چلے | اب میرے آپ کے کوئی جھگڑا نہین رہا
درد و سر گیا تو رہا درد دل اوسے | بیمار عشق ایک دن اچھا نہین رہا
بعد فنا بھی درد و الم میرے ساتھ ہین | مر کر بھی میں رہا تو مین تنہا نہین رہا
دیر و حرم مین سب سری صورت سے ہین نفور | دل دے کے آپ کو مین کہین کا نہین رہا
پیہم تحقیق سے جب سوے کلیسا دیکھا | بت مین بھی جلوہ نما تو رخدا کا دیکھا
سامنا آگے ترے دیدہ میگون کے مدام | بادہ مرغ کو پانی سے بھی پتلا دیکھا
گر جو شمع غیب سے کر کے جلایا آپ نے | اب تو صاحب آپ کا ٹھنڈا کلیجا ہو گیا

یاد گل مین ہو وے اسی خواجہ اگر گریہ کنان
موج آب رشک بلبل سے ہو طوفان بامین
تو نے پوچھا ہے پسینا جو رخ گلگون کا
دامن گل سے بھی زاید ہے معطر دامن

خواجہ تخلص خواجہ سنجف علی باشندۂ ہوگلی منشی پلیٹن انگریزی راقم کے ملاقاتی تھے دیوان انکا نظر سے گذرا

بعد مرنے کے مرے مٹی کا ملنا مجھ کو ٹھا
سر بہ رکھا ہے رکھا خاک ہوا میرے بعد

خواجہ تخلص حاجی میر آلہ داد متوطن الہ آباد مقیم دہلی

تیرے آنے کی دھوم ہے دل مین
حسرتون کا ہجوم ہے دل مین
ہر قدم پر ہین آفتین برپا
چال ہے یا کوئی قیامت ہے

خود غرض تخلص ایک شخص فرخ آبادی کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا۔

بند قبا کو کھول کے گلشن مین تو نہ جا
ہووے نہ گل کلے کا کہین ہار دیکھنا

خورشید تخلص خوشوقت علی خان ولد داؤد خان تہانہ دار باشندۂ الہ آباد کانپور مین رشک کے شاگرد ہوئے تھے لکھنؤ مین جا کے برق کے شاگرد ہوئے

بیٹھے جو سامنے وہ ڈوپٹا اوتار کے
پھولا مین اسقدر کہ انگرکھا مسک گیا
بہت پھرا نہ بتون نے سنی مری فریاد
خدا کے ہاتھ ہے خورشید فیصلہ دل کا
وہ صبح وصل کس کس ناز سے ہمکو جگاتے ہین
سدھارے رات اوٹھو صبح محشر سر پہ آئی ہے

خورشید تخلص سرا حسن علی عرف میان سابو سرشد آبادی راقم نے انکو کلکتہ کے مشاعرہ مین دیکھا ہے

ہے خیال عارض گلرنگ جانان کیا مجھے
خار آتا ہے نظر آنکھون مین گلشن آج کل

خورشید تخلص پنڈت سورج پرشاد خلف پنڈت آسا رام

پھولو نہ بلبلو چمن بے ثبات پر
غنچون کی جو چٹک ہے وہ کوس رحیل ہے

خورشید تخلص خورشید عالم خلف سید مقصود عالم مقصود باشندۂ پیہانی

قتلگہ مین یہ شہیدون کا بہایا ہے لہو
مچھلی کا کھاٹ دریا کا کنارا ہو گیا

خورشید تخلص خورشید احمد شاگرد و برادر عم زادہ شاہ رؤف احمد رافت

مومن خان اور مرزا غالب سے بھی اصلاح لی تھی ماوراء النہر اور خراسان کی سیر بھی کی تھی انکا مولد لکھنؤ و مسکن دہلی حضرت مجدد الف ثانی کی اولاد مین تھے ۔

بہار نے کوا ور کیا باقی رہا دست جنون	چاک دامن ہو گیا پیرزے گریبان ہو گیا
فوید وصل یہ مانا کہ جھوٹ ہے خورشید	کسیطرح کوئی تسکین اضطراب تو دے

خورم تخلص محمد احمد باشندۂ شاہجہان آباد

جان تن سے نکل جائے تیرے سامنے مہی	اک دم کی دم اس خستہ کے بالین سے نہ جا

خیال تخلص غلام حسن خان دہلوی برادر زادہ شاگرد برکت اللہ خان برکت اشعار فارسی انکے ایک لاکھ سے زائد ہونگے

تجھے تو غیر کو منظور منہ دکھانا تھا	نقاب کھولنا گرمی سے اک بہانہ تھا
جسلک ایسی کوئی دکھلا گیا مہ پارہ غزنی مین	کہ جو چلمن مشبک رہ گیا نظارہ غزنی مین
تیرا شگفتگی پہ دل آیا ہے اے خیال	اے غنچہ فسردہ تجھے بھی ہوا لگی

حرف دال مہملہ

داد تخلص مولا داد خان لکھنوی ۔

نہ جائے باغبین رشک چمن پر اسی داد	شہید ناز کی دیکھی اگر کفن کی بہار

دارا تخلص مرزا دارا بخت بہادر فرزند ارجمند ابو ظفر سپاہ بادشاہ دہلی شاگرد ذوق جوانی مین انتقال کیا صاحب دیوان گزرے

سحاب پارۂ دامن ہے آبدیدون کا	نمود برق طپیدہ دل طپیدون کا
کھلا کسی پہ نہ آسودگان خاک کا حال	ہجوم مہد زمین مین ہے آرمیدون کا
جا پھنسا حلقۂ زلف بت عیار مین دل	لے گئی کھینچ کے شامت دہن مار مین کو
ہم خاک ہو کے آئے ہین کوچہ مین یار کے	لیکن یہ خوف ہے کہ صبا کو خبر نہو
مجھسے کب ہوتا ہے اے دارا وہ صاف	اوسکے دل مین بدگمانی اور ہے

دارغ تخلص میر مہدی دہلوی مقیم لکھنؤ فرزند و شاگرد میر سوز بیس برس کی عمر مین

ایک نو نہال گلشن خوبی پر شیدا ہو کر کیدنون اوسکی باغ وصال سے ثمر زندگانی کا مزہ چکھا اور گل مراد سے دامن تمنا کو بھرا آخر شب خزان ہجر پہونچی اور بہار وصل ہوش بلبل کی طرح اوڑ گئی دل بیتاب نے اونکی بیقراری اور آہ وزاری یہان تک شروع کی کہ عندلیب جان نے چار دیوار عناصر مین تنگ آکر قصد پرواز کیا اوسوقت اونکی غمخوارون نے اوس مسیحای ملک الموت سیرت کو اوسکے مریض فراق کی حال پر ملال سے خبر دی کہ تو اپنے قدوم شفا لزوم سے اپنے مریض درد ہجران کو صحت بخشی چونکہ اودھر سے اوسکے آنے مین دیر ہوئی اوسنے اپنے جلد آنے کے بارے مین نامہ لکھا لیکن ادھر تاب انتظار نے ہمت ہاری حالت نزع مین اس شعر کو عنوان مکتوب پر لکھا ؎

از جان رمقے بود کہ مکتوب تو آمد	دیگر چہ نویسم خبرم خوب گرفتی

وفات کی انا للہ وانا الیہ راجعون

قطعہ

ابھی دل پاس تھا غالب ہوا ای ترکش دیکھو	ادھر دیکھو ادھر دیکھو ہمین دیکھو کہین دیکھو
اسی کے پاس ہے رہ رہ کے جو یہ مسکراتا ہو	اسے کے ہاتھ کو دیکھو جیب دیکھو آستین دیکھو
پکڑنا چور کا مشکل نہین گر کچھ سمجھ ہووے	ہوائی رنگ دیکھو ماہتابی سے جبین دیکھو

رباعی

یہ چاہ نہین بھلی بری ہوتی ہے	جی لیتے ہے دوستی بری ہوتی ہے
لگتا نہین جی کہین بھی اوسکے بن آہ	سچ کہتے ہین یہ لگی بری ہوتی ہے

داغ تخلص مولوی ولی اللہ خان بہادر ڈپوٹی مجسٹریٹ وڈپوٹی کلکٹر ضلع بیر بھوم خلف جناب مولانا محمد وجیہ صاحب مدرس اول مدرسہ عالیہ کلکتہ شاگرد مولوی رشید النبی مرحوم وحشت راقم کے دوستون مین ہین بیشتر فارسی کہتے ہین ۱۲۸۸ھ بارہ سو اٹھاسی ہجری مین انتقال کیا

عشق مین ذلت ہے عزت ناصحا	محترم ہین وہ جو ہین رسوائے یار

داغ تخلص سید لطف حسین خلف حیدر علی باشندہ فتح پور ہنسوا شاگرد ناسخ

چڑھی آنکھین ہین کیون اوترا ہوا چہرہ تمہارا ہے | ہوا معلوم شاید آتش مے کا حرارا ہے

داغ تخلص نواب مرزا دہلوی ولد چھوٹی بیگم شاگرد شیخ محمد ابراہیم ذوق ملازم نواب رام پور راقم نے اس شخص کو دلی مین دیکھا ہے اچھی طبیعت پائی ہے

گر تو کسی بہانے سے آجائے وقت نزع | ظالم کرین ہزار بہانے قضا سے ہم
گو حال دل چھپاتے ہین پر اسکو کیا کرین | آتے ہین خود بخود نظر اک مبتلا سے ہم
ہے کچھ جواب سست مگر کہ جواد ہو | اوٹھتے ہین دیر دیر مرے نامہ بر کے پاون
کیا الہا پھر تو کہو دل کی خبر کچھ بھی نہین | کیون یہ کیا ہے خم کیسو مین اگر کچھ بھی نہین
آنکھ پڑتی ہے کہین پاون کہین پڑتا ہے | ہے خبر سب کی اونھین اپنی خبر کچھ بھی نہین
دھوم ہے حشر کے سب کہتے ہین یون ہی یون ہی | فتنہ ہے اک تری ٹھوکر کا مگر کچھ بھی نہین
اونھون نے خط تو بھیجا پر سمجھ مین کچھ نہین آتا | کہ سو سو طرح کا ہر بات مین پہلو نکلتا ہے
کہنے دیتے نہین کچھ منہ سے محبت تیری | اب پہ رہجاتی ہے آآکے شکایت تیری
وہ تو ستم کرینگے کوئی مری کیون نہ جائے | ہم بھی ستم اوٹھائین گر اب سہی کیون نجائے
دل و دین کو جنے دیا ڈبوی نامراد ہوای تبو | کہین مانع تم نم کہا جو ہوا ہی وسیاہ کا نام ہی

دانا تخلص میر فضل علی دہلوی شاگرد میر شرف الدین مضمون پہلے نواب سراج الدولہ کی سرکار مین متعلق تھے بعد ازان ۱۱۹۴ گیارہ سو چورانوے ہجری مین لباس فقیری اختیار کیا تھا صاحب دیوان گزرے ۔

دلمین ہر ایک کی سودا ہے خریداری کا | یوسف مصر مگر تو ہی ہے اے یار عزیز

دانا تخلص لالہ سوہا رام عمالقہ دار کمسریٹ انگریزی راقم نے انکو ۱۸۵۲ اٹھارہ سو پچپن عیسوی مین کلکتہ کے مشاعرہ مین دیکھا تھا بشیر فارسی کہتے ہین

رات دن کی مری جینے نہ کی فریاد سے یاد | آج لیتا ہے وہ آلیش مین دشنام سے نام

دانا تخلص روشن لال ولد مہتاب رائے لکھنوی شاگرد نواب حاشور علی خان

دیکھے بغیر مین مجھے ایک دم نہین | رہتی ہے رات دن تری تصویر ہاتھ مین

داؤد تخلص ایک شاعر قدیم کا ہے شاید نام بھی انکا داؤد ہو ✤

چاندنی کی سیر کو کسطرح نکلے وہ صنم	دیکھنے مہ کا تماشا آفتاب آتا نہین

دائم تخلص دائم علی باشندہ کلکتہ

جب جدا تجھسے یار ہوتا ہے	دل مرا بے قرار ہوتا ہے
بے صبر و شکیب ہے خانہ بدوش ہے	دلخستہ اور شکستہ یہ دائم مدام ہے

دبیر تخلص مرزا سلامت علی ولد مرزا غلام حسین کاغذ فروش لکھنوی شاگرد مظفر حسین ضمیر مرثیہ اچھا کہتے ہین مگر ایسا نہین کہ عیوب شاعری سے پاک ہو راقم نے انکو خطیم آباد مین دیکھا ہے

روان کرتا تھا خنجر گاہ گاہ روک لیتا تھا	عجب نازوادا سے اوسنے کاٹا میری گردن کو
دلا ان تنگ چشمون سے نہ چشم مہر تو رکھیو	کسی بہکے مال پر روتے نہ دیکھا چشم سوزن کو

درخشان تخلص سید علی جان مخاطب بہ مہتاب الدولہ ولد میر مغل لکھنوی متوطن خراسان مقیم پٹیالہ برج متعلق کلکتہ شاگرد مظفر علی اسیر لازم بادشاہ اودھ صاحب دیوان ہین یہ شعر اس تذکرہ کے لیئے بھیجے تھے راقم نے انکو مشاعرون مین دیکھا ہے

سب مساوی ہے زر و ملک ہوا گر ہوا	آئینہ تختۂ تابوت سکندر نہ ہوا
غالب ہوئی جو نگہت گل پرشکن زلف	غنچون نے پٹکیون مین صبا کو اڑا دیا
گھٹ گئی جب عمر اوس کی سعد اوتر گیا	تھا مگر وقت زوال شمس سایا بڑھ گیا
وبال اس سر کے گنبد کا نہ بالا بالا جائیگا	دھوان اسکو نہ اسی قاتل سمجھنا شمع روشن کا
چاند دیکھی جو کئی تیری سپر مین خورشید	سیر دیکھنے خوب گریبان سحر مین خورشید
شیشہ و جام سے معمور ہے سارا بازار	آئینگی دختر رز دیکھنے مینا بازار
فاش ہمین سے نہین ہے کچھ اوس پری رو کو	ادائون سے محرم ہے تنگ سینے پر
ہے تری آرزو مجھے اے جان آرزو	کیا آرزو ہے واہ رے قربان آرزو
طواف تھا جو کبھی دل کے گرد پھرتے ہم	حباد تھا جو کبھی خون آرزو کرتے

درد تخلص حضرت خواجہ میر دہلوی خلف الرشید خواجہ ناصر عندلیب علیہما الرحمۃ انکے اشعار فارسی و ریختہ نہایت پر درد ہوتے ہین وصال انکا روز آدینہ بست و چہارم

سنہ ۱۱۹۴ھ گیارہ سنا نوے ہجری مین ہوا راقم نے انکے مزار مبارک کی زیارت کی ہے نالۂ درد و آہ سرد و سوز دل شمع محفل و دیوان انکے نظر سے گذرے

ارے مجھے بتا تو سہی کیا سبب ہوا
پھر محبہ پہ مہربان ہوا تو غضب ہوا

اے آنسو ونہ آوے کچھ بات دل کی لب پہ
لڑکے ہو تم کہین مت افشای راز کرنا

دل کسکے چشم مست کا سرشار ہوگیا
کسکی نظر لگی کہ یہ بیمار ہوگیا

نالۂ دل کا اثر دیکھ لیا درد بس
جی مین نہ رہ جاے یہ آہ بھی کر دیکھنا

مثل نگین جو ہم سے ہوا کام رہ گیا
ہم روسیاہ جاتے رہے نام رہ گیا

اوسنے قصد گا بھی میری باتون کو
نہ سنا ہوگا گر سنا ہوگا

کی تو تھی تاثیر آہ آتشین نے اوسکو بھی
جبتلک پہونچے ہی پہونچے راکھ کا ایک ڈھیر تھا

سینہ و دل حسرتون سے چھا گیا
بس ہجوم یاس جی گھبرا گیا

اون لبون نے نہ کی مسیحائی
ہم نے سو سو طرح سے مر دیکھا

کھینچے ہے دور آپ کو میری فروتنی
افتادہ ہون پہ سایۂ قد کشیدہ ہون

کرتا ہون بس مرگ بھی حل مشکل عالم
بیحس ہون پہ ناخن کی طرح عقدہ کشا ہون

مرے ہاتھون کے ہاتھون اے عزیزو
گریبان چاک ہے چاک گریبان

ہم کس ہوس کی تجھ سے فلک جستجو کرین
دل ہی نہین رہا ہے جو کچھ آرزو کرین

فلک سمجھ تو سہی ہم سے اور گلو گیری
یہ ایک جیب ہے سو تار رکھتے ہین

اوسے کیا تھا یاد کیجے بھولکر کہین
پا نہین ہون تب سے مین اپنی خبر کہین

اودھر بات کرنا ادھر دیکھ لینا
سمجھتا ہون سب ایک عیار ہین ہون

اپنے بندے پہ جو کچھ چاہا ہو سو بیداد کرو
یہ نہ آجا ہے کہین جی مین کہ آزاد کرو

نہ کہین عیش تمھارا بھی منغص ہووے
دوستو درد کو محفل مین نہ تم یاد کرو

نہین شکوہ مجھے کچھ بیوفائی کا ترے ہرگز
گلہ تب ہو اگر تو نے کسی سے بھی نباہی ہو

ہر چند تجھے صبر نہین درد ۔ لیکن
اتنا بھی نہ لیو کہ وہ بدنام کہین ہو

ہر طرح زمانے کے ہاتھون ہون ستم دیدہ
گر دل ہون تو آزردہ خاطر ہون تو رنجیدہ

کاش تا شمع نہ ہوتا گزر پروانہ | تم نے کیا قہر کیا بال و پر پروانہ
اہل فنا کو نام سے ہستی کے ننگ ہے | لوح مزار بھی مری چھاتی پہ سنگ ہے
اسطرح سے ایک لخت جو آنسو نہیں تھمتے | معلوم ہوا درد کہیں آنکھ لڑی ہے
جی کی جی ہی میں رہی بات نہ نے پائی | ایک بھی اوس سے ملاقات نہ نے پائی
تہمت چند اپنے ذمے دھر چلے | جس لیے آئے تھے ہم سو کر چلے
آہ بس مت جی جلا تب جانیے | جب کوئی افسوں ترا اوس پر چلے
ساقیا یہاں لگ رہا ہے چل چلاؤ | جب تلک بس چل سکے ساغر چلے
دل بھی تیرا ہے ڈھنگ سیکھا ہے | آن میں کچھ ہے آن میں کچھ ہے
میں ہوں فتادہ ہوں کہ بغیر از فنا مجھے | نقش قدم کی طرح نہ کوئی مٹا سکے
خلوت دل میں کر دیا اپنے حواس نے مقفل | حسن بلا نشیم ہے نغمہ و بال گوش ہے

ورد تخلص میر رحمت علی ولد سید علی شاگرد غلام مولی خلوت باشندہ میرٹھ

نہیں پڑھنے کا وہاں کوئی ہرگز | خط ہے میرا لکھا جو قدر کا

ورد تخلص کریم اللہ خان قرابت دار عمدۃ الملک فتاح عالم بادشاہ کے عہد میں علی اصغر کبیر کے ہمراہ مرہٹوں کی لڑائی میں شہید ہوئے

فلک کروں میں ظلم سے فریاد کب تلک | تاب رحم کتنی ہنر ہے بیداد کب تلک
تحمل آتش غم میں دل بیتاب کیا جانے | ٹھہرنا ایک دم بھی آگ پہ سیماب کیا جانے
کنارہ سے کنارہ کب ملے ہے بحر کا یارو | ایک لگنے کا مضمون دیدۂ پر آب کیا جانے

ورد تخلص محمد نفیہ شاگرد حضرت مرزا مظہر جانجاناں قدس سرہ بنگالہ میں بھی آئے تھے سنہ ۱۱۷۶ گیارہ سو ستتر ہجری میں مرشد آباد میں وفات پائی صاحب ساقی نامہ و دیوان فارسی گذرے

رباعی

کہسار میں جا گرا ہے ناحق کے تئیں | پرویز سے یار ہے ہے ناحق کے تئیں
لوٹی کر پہاڑ سے لیتا ہے | فرہاد کا سر پھرا ہے ناحق کے تئیں

درویش تخلص سید شاہ علی دہلوی شاگرد میر نظام الدین ممنون حضرت شاہ اللہ دیا کی اولاد مین تھے آخر ایام مین شعر گوئی ترک کی تھی +

درویش کو مجنون بھی لکھا کرتا تھا عرضی
ایک شب بیٹھے تھے جس گھر مین کبھی یار سمیت
اس مملکت عشق مین اوستاد سمجھکر
روز رہتے ہین وہانکے در و دیوار سمیت

دریا تخلص پنڈت رتن ناتھ خلف پنڈت امرناتھ شعلہ دیوان سجان علیخان بنبوہ باشندہ لکھنؤ شاگرد رشک

نادیدے ہین رقیب نہ دیکھا کرو انھین
کھینچون جو آہ سرد تو ٹھنڈی ہون دو زمین
نظر انھین نہ جاے یہ شمع قمر کی لو
دریا کے آگے پانی ہے نار سقر کی لو

دریغ تخلص سید زین العابدین باشندہ دہلی نبیرہ سیف الدولہ بہادر شاگرد نصیر دہلوی

یون وہ بولا دیدۂ تر دیکھکر دو چار کے
ڈوبتے تجھکو نظر آتے ہین گھر دو چار کے

دل تخلص مولوی شمس الدین مقیم دہلی بڑے متقی و پرہیزگار تھے

صبح ہو آتی ہے اور رات چلی جاتی ہے
تیری ابتک بھی وہی بات چلی جاتی ہے

دل تخلص زبی پرستاد مرشد آبادی

امید وصل اوس سے عبث تو رکھے ہے دل
جس سے کہ رسم نامہ و پیغام بھی نہ ہو

دل تخلص آزاد خان مذہب ہندو کو ترک کرکے مشرف بہ اسلام ہوئے تھے

یہ تماشا ہے کہ قاصد کو ملے ہے دشنام
خط کا انعام گیا نامہ و پیغام گیا +

دل تخلص زور آور خان باشندہ کول صاحب مثنوی و دیوان گزرے

مست پھرا دل مرا اے ناصح جاہل آکر
پھر بھی جاتا ہے نصیحت سی کوئی دل آکر
کیا سیے کو داغ کنے لگائی آگ گلشن مین
عیان ہے داغ حسرت لالۂ احمر کی چھاتی پر
ساقی نے جو پلایا مجھے مین نے پی لیا
زاہد تجھے خبر ہے حلال و حرام کی

دل تخلص محمد عابد مرحوم برادر محمد روشن جوشش باشندہ عظیم آباد

تیری زلفون مین پھنسا دل یہی تقصیر ہوئی
نقد جان لیجیے حاضر ہے گنہگار دل
نالے ہی سدا بھر بھر دن عمر کی بھرتے ہین
ہین نزع مین ہم تجھ بن جیتے ہین نہ مرتے ہین

جون آئنہ یہ ستم رسیدہ ۔۔۔ رہتا ہے مدام آب دیدہ
تمہارے در پہ جو در بان آستین بکڑی ۔۔۔ برنگ نقش قدم ہم نے بھی زمین پکڑی

دلخوش تخلص بہادر سنگھ کھتری نبیرہ راجہ خوشحال رائے دہلوی

ہون ترے ہجر مین جون دیدہ نرگس حیران ۔۔۔ چشم پوشی نہ کر آپنے گنہگار سے مل

دلسوز تخلص بھی نراین خلف آتمارام باشندہ فرخ آباد

دیکھنا گر جوش طوفان کا مری آنکھون مین آہ ۔۔۔ اپنی کشتی کے لیے گردون بھی لنگر مانگتا

دلسوز خیراتی خان قوم افغان باشندہ قصبہ پٹیل مقیم دہلی شاگرد نصیر نواب ظفر یابخان خلف مسٹر شمر و فرانسیس کی رفاقت مین تھے میکشی سے نہایت ذوق رکھتے تھے جے پور مین جاکے انتقال کیا

جگر فراق کے ہاتھون سے لاالزار رہا ۔۔۔ یہان خزان مین سدا موسم بہار رہا
تپ فراق کے بیمار کی جو دیکھی نبض ۔۔۔ طبیب کو بھی کئی دن تلک بخار رہا
ارادہ پائے بوسی کا تھا اے بیداد گر اپنا ۔۔۔ گرا قدمون ہی تیرے کہ جسوقت سنبھلنا
وہ شبہ زلفون سے ڈھانکی ہین یوہم سوجھتا نہین ۔۔۔ وہ دن کو رات کہتے ہین تو ہم تارے دکھاتے ہین
سب سہین گے ہم اگر لاکھ برائی ہوگی ۔۔۔ پر کہین آنکھ لڑائی تو لڑائی ہوگی
رات تم اسطرف جو آن پھرے ۔۔۔ دن مرے کچھ تو میری جان پھرے

دلگیر تخلص حمایت اللہ خان دہلوی ولد عالم خان رمل و نجوم و ہیئت مین اچھی مہارت رکھتے تھے آبا و اجداد انکے نعمت خانہ شاہی کے داروغہ تھے

دلگیر سے تم چلچلے سے گر آن کے ملتے ۔۔۔ رسوائی ہر کہ چہ و بازار نہ ہوتی
جسطرح ناک مین دم لایا ہے میرا یہ فسخ ۔۔۔ یا خدا اوسکے بھی پیچھے یونہی شیطان پڑے

دلگیر تخلص چنولال کایتھ لکھنوی شاگرد نوازش حسینخان نوازش اپنے مذہب کو ترک کرکے شرف اسلام سے مشرف ہوئے تھے بیشتر مرثیہ کہتے تھے غزل مین طرب تخلص کرتے تھے لیکن چونکہ انکا تخلص دلگیر کرکے مشہور ہے اسلیے شعرا نکا دلگیر تخلص کے تحت مین لکھا گیا

خطر اوسکے نہانے سے بسکہ آب ہوا	حباب بحر ہر اک شیشہ گلاب ہوا
باتین تری سنا کرین اور دیکھین تیری شکل	وہ مدعائے گوش ہے یہ مدعائے چشم
آئے طرب ترا جو وہ خوش چشم باغ مین	نرگس کے دستے کیجیو تو بھی فدائے چشم

دلگیر تخلص شاہ دلگیر عظیم آبادی درویش تھے

پھر بھی یارب وہ کبھی دن رات ہو	یارب ہو مین ہون گلی مین ہاتھ ہو

دوست تخلص شیخ غلام محمد عظیم آبادی مقیم مرشد آباد

کافر ہو جسکے دل مین تری آرزو نہ ہو	کس کام کی زبان کہ تری گفتگو نہ ہو
صنم جو دیکھہ مجھہ کو تو کہیے ہے دور آنکھو سے	کچھ اپنا بس نہین ظالم مین ہون مجبور آنکھو سے

دوست تخلص ایک شخص فرخ آبادی کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

روش گریہ مری چشم سے سیلاب نے لی	بیقراری دل بیتاب سے سیماب نے لی

دولہ تخلص نواب جہانگیر محمد خان عرف نواب دولہ ابن امیر محمد خان برادر وزیر احمد خان مرحوم والی بھوپال شعر فارسی بھی کہتے تھے اپنی زوجہ نواب سکندر بیگم کے مرنے سے عین جوانی مین شربت مرگ نوش کیا

پھولون مین بھی میرے وہ گل اندام نہ آیا	مرنا بھی مرا ہاے مرے کام نہ آیا
صبا خوش آوے بھلا کب مجھے چمن کی بو	بسی دماغ مین ہے میرے اوس دہن کی بو

دولہ تخلص مرزا علی نقی شاگرد اصغر علی خان نسیم مقیم لکھنؤ

عاشقونکے واسطے حال پریشان چاہیے	آئی ہے فصل جنون ٹکڑے گریبان چاہیے

دیوانہ تخلص مرزا محمد علی خان بنارسی دہلی مین بھی گئے تھے

اوسکا آخر اودھر کلام ہوا	اپنا قصہ ادھر تمام ہوا
آیا نہ بعد مرنے کے بھی وہ مزار پر	خاک اوسکے پیچھے آپ کو ہم لے گیا عبث
میری سرگشتگی کو دیوانہ	پہونچے کب آسمان کی گردش

دیوانہ تخلص رائے سروپ سنگھ ہمشیرہ زادہ راجہ مہاترا ین فن شعر سے خوب ماہر تھے فارسی بشیتر کہتے تھے انسے چار دیوان فارسی یادگار ہین

دل سدا تڑپے ہے میرا مرغِ بسمل کیطرح
جان پر آ بنی بدم مری خاموشی سے
دل ہے کہ تیری تیغ کے آگے سے ٹل نہ جائے

یا کر سیکھے مرغِ بسمل نے مری دل کی طرح
بات کچھ بن نہین آتی ہے اب اظہار بغیر
رستم کا کب جگر ہے کہ زہرہ نکھل نہ جائے

حرف ذال معجمہ

ذاکر تخلص مرزا احمد بیگ دہلوی شاگرد مرزا رستم*

چھوڑا اسلام کو اور کھینچکے قشقہ ذاکر
طالبِ کفر ہوا اوس بتِ عیار سے مل

ذاکر تخلص مولوی ذاکر علی بنارسی خلف مولوی فضل علی شاگرد مصحفی شعر خوب کہتے ہین صاحب دیوان ہین

شب جو نالان بیکسی سے یہ دلِ صد پارہ تھا
شب جو باتون مین وہ مہ بیکر بہل کر رہ گیا
لیلی کا صحب کہ نجد سے محمل نکل گیا
لالۂ صدرنگ پھولا کوہ پر تو کیا عجب
یہی ہے گر حال آہ سوزان گر رہینگے جلکر فلک پر
دل پھر گیا حرم سے اب دیر مین بسا ہے
تو دست برہمن سے مارا پڑے گا زاہد
جو اہرخانۂ زندان کو کیا ہے چشم پرخون نے
پتلیون تک خون ہو لخت جگر آنے لگے

آسمان سے خون فشان ہر دیدۂ سیارہ تھا
رنگ سو سو طرح سے گردون بدلکر رہ گیا
آرام قیس لاکھون ہی منزل نکل گیا
کوہکن کا خون کیا کیا رنگ ابھی دکھلائیگا
یہی مین نعرہ تو دیکھ لینا کہ حشر ہی حشر تک مچا دے
دل مین صنم صنم ہے لب پر خدا خدا ہے
ناقوس اے ستمگر ٹوٹا تو سنکھ ہا ہے
مری زنجیر پر سنگ جڑ دیے ہین اشک گلگون نے
لعل احمر سنگ مو سے مین نظر آنے لگے

ذاکر تخلص سید ذاکر حسین منصف ہاترس خلف علی حسین باشندۂ الہ آباد

بعد مردن بھی نہ کم گردش قسمت ہوگی
تودۂ خاک لحد اپنا بگولا ہوگا

ذاکر تخلص میر جان خلف و شاگرد فخر الدین ماہر لکھنوی تمام دیوان انکا اسی رنگ پر ہے

چھینک آکے گھس نجائے کہین نک مین تیری
اے چلبلے نہ ڈال تو قطعیر ناک مین

ذاکر مین اوسکے در پہ بیٹھا کرہ گئی | مل سکتے اب ذرا نہین مجھ خستہ تن کے پاؤن

ذبیح تخلص حکیم محمد اسمعیل خان عرف اچھے میان خلف محمد ابراہیم خان باشندہ پرگنہ کیلی

تسکین تجھسے ہو جو کسی تشنہ کام کی | اے آب تیغ یہ بھی ہے اک بات نام کی

ذبیح تخلص مرزا امان علی مقیم بہادر مذہب تشیع سے توبہ کرکے مذہب سنت جماعت اختیار کیا تھا

اسقدر تو ہو رجوع قلب عاشق سو ہی دوست | منہ جو دشمن کا نظر آوے تو سجھے روی دوست

یہ وہی سر ہے کہ اب ہی اپنے زانو پر سدا | یا اسی کو تھا میسر تکیہ زانوے دوست

ذرہ تخلص منشی اتواری لعل باشندہ کلکتہ راقم کی ملاقاتیون مین ہین

دلدار کی خاطر سے دل زار ہی چھوڑا | الفت مین سمن رویون کے گلزار ہی چھوڑا

ذرہ تخلص مرزا رام ناتھ بہادر نظارت شاہی دہلی کے بیشکار تھے

ترسے کوچہ مین روز و شب پڑا پھرتا ہے یہ ذرہ | بجا ہے ایسے دیوانی کی مطلب کو رواکرنا

ذرہ تخلص لالہ شنکر لال لکھنوی شاگرد رشک

قامت ہے سرو لالہ سے رنج نرگس آنکھین مین | نسرین کے ساعد اور گل یاسمن کے پاؤن

ذرہ تخلص لالہ جوالا پرشاد خلف لالہ دھرم نراین وکیل ضلع فرخ آباد

یہ عالم ہو گیا سوز جگر سے | نکلتی آگ ہے دیوار و در سے

ذکا تخلص پنڈت سری کشن خلف پنڈت دیارام کشمیری امین عدالت دیوانی فرخ آباد

نہایت سخت جان ہون نہایت سخت جان ہون مین | نہ ٹوٹی خنجر بران کہین یہ مجھکو خطرا ہے

ذکا تخلص ذکار اللہ خان لکھنوی حافظ رحمت اللہ خان مرحوم کی اولاد مین تھے

آہ کسطرح سے اوس پردہ نشین کو دیکھون | اوسکے گھر مین تو کوئی روزن دیوار نہین

ذکا تخلص خوب چند کایتھ دہلوی تلمیذ نصیر صاحب دیوان قدیم گزرے

آسیا سر پہ چلی جب کہ ذکا نیند کہان | ہاتھ سے چرخ کے ڈھونڈھ ہے تو آرام کہین

نقش پا خالق گیتی نے بنایا مجھ کو | جسکے قدمون سے لگا اوسنے مٹایا مجھکو

ہلی ہے ابرو دلدار دیکھیے کیا ہو | کہان کہان چلے تلوار دیکھیے کیا ہو

ہماری خاک سے گذرا جو باندھکر دامن | کچھ اپنے جی مین وہ شاید غبار رکھتا ہے

ذوقؔ تخلص شیخ مخدوم بخش نوحہ خوان ساکن لکھنؤ شاگرد مرزا خانی نوازش

یارب کسی کے بس مین کسیکا نہ آئے دل | مجھسے یہ اب کہا نہین جاتا کہ ہائے دل

ذوقؔ تخلص خاقانی ہند شیخ محمد ابراہیم دہلوی استاد حضرت آرامگاہ جنت و غفران پناہ بہادر شاہ ظفر بادشاہ دہلی شاگرد نصیر دہلوی جمیع اصناف سخن پر قادر تھے مضامین تازہ و عالی و معاشقانہ خوب باندھتے تھے راقم الحروف کے زعم مین ریختہ گویون مین اس قدرت کا شاعر پیدا نہین ہوا سنہ ۱۲۷۱ بارہ سو اکھتر ہجری مین راہی ملک بقا ہوئے دیوان انکا نظر سے گذرا ہیچمیرز نے یہ تاریخ اونکے انتقال کی کہی ہے

تاریخ

کی قضا ذوق نے افسوس ہے ہے | مرگ کا اوسکے جہان کو غم بجا ہے
سال کا ناسخ نے مصرع یہ لکھا | انتقال شاعر کامل ہوا ہے

ہوا حمد خدا مین دل جو مصروف رقم میرا | ذوق | الف الحمد کا سا بنگیا گویا قلم میرا
جہانکتے تھے وہ مجھے جس روزن دیوار سے | وای قسمت ہوا وسی روزن مین گھر نیو کا
ہم ہون اور سایہ ترے کوچہ کی دیوار تلے | کام جنت مین ہے کیا ہم سے گنہگار تلے
نالہ اس شور سے کیون میرا دوہائی دیتا | اے فلک گر تجھے اونچا نہ سنائی دیتا
ہو تو عاشق سو پھر اوس دشمن ایمان کا | دل نکر جلدی کہ جلدی کا قدم ہے شیطان کا
تو ہماری زندگی پر زندگی کی کیا امید | تو ہماری جان لیکن کیا بھروسا جان کا
خدر ہے خون سے دل پایمال کے کیسا | چلا ہے دیکھیو وہ دامن سنبھال کے کیسا
بعل سے لیگئے دل کو نکالکر وہ صریح | جو مانگا تو کہا آنکھین نکال کے کیسا
ہزار دم ہین اوسے یاد تو نے دیکھا ذوق | گیا وہ غیر کے گھر تجھکو ٹال کے کیسا
ارس سے تو اور آگ وہ بیدرد ہو گیا | اب آہ آتشین سے بھی دل سرد ہو گیا
بانی طبیب دے ہے ہمین کیا بجھا ہوا | ہے دل ہے زندگی سے ہمارا بجا ہوا

جدا ہون یار سے ہم اور نہ ہون رقیب جدا — ہے اپنا اپنا مقدر جدا نصیب جدا
نشۂ دولت کا بدا طوار کو جس آن چڑھا — سر پہ شیطان کے اک اور بھی شیطان چڑھا
موت اوسکو یاد کرتی ہے خدا جانے کہ گور — یون ترا بیمار غم جو ہچکیان لینے لگا
ذوق کے مرنے کی سنکر پہلی تو کچھ رگ گئی — پھر کہا تو یہ کہا منہ پھیر کر اچھا ہوا
عبث جان منتظر ہونٹون پہ ہے وہ شوخ کب آیا — اگر چلم کو بھی آیا تو ہم جانینگے اب آیا
آدمیت اور شے ہے علم ہے کچھ اور چیز — کتنا طوطی کو پڑھایا پھر وہ حیوان ہی رہا
کہے ہے خنجر قاتل سے یہ گلو میرا — کمی جو مجھسے کرے تو پیے لہو میرا
ترے جوڑے کے کہلنے نے مرا دل بند بند — عجب تقدیر نے عقدہ یہان کھولا واہان باندھا
گل اوس نگہ کے زخم رسیدون مین مل گیا — یہ بھی لہوگا کے شہیدون مین مل گیا
وہ کون ہے جو مجھ پہ تاسف نہین کرتا — پر میرا جگر دیکھ کہ مین اف نہین کرتا
ذکور ترے بزم مین کسکا نہین آنا — پر ذکر ہمارا نہین آتا نہین آتا
سرمہ ہے سفاک شہرہ ہے نگاہ یار کا — سچ کہا ہے بارھ کا ٹی نام ہوتا وار کا
کیا طمع مین جودت ہے چٹ دل کی اوڑا جانا — ہونٹون کا یہان ہلنا وان بات کا پا جانا
زاہد شراب پینے سے کافر ہوا مین کیون — کیا ڈیڑھ چلو پانی مین ایمان بہ گیا
یہان تک عدو زمانہ ہے مرد دلیر کا — جھلسین ہین منہ شکار کیے پر بھی شیر کا
ہے قفس سے شور اک گلشن تلک فریاد کا — خوب طوطی بولتا ہے اندنون صیاد کا
مسجد مین اوسنے ہمکو آنکھین دکھاکے مارا — کافر کی دیکھو شوخی گھر مین خدا کے مارا
بیمار عشق کا جو نہ بجھسے ہوا علاج — کہہ اے طبیب تو ہے تیرا کیا علاج
وہ مشل ہے نادیہ کسنے ڈبوئی خضر نے — لیگیا خط ذقن دل کو سوے گرداب بیچ
ریش سفید شیخ مین ہے ظلمت فریب — اس مکر چاندنی مین نہ کرنا گمان صبح
ٹھہری ہے اونکے آنیکی یہان کل پہ جا صلاح — اے جان برلب آمدہ اب تیری کیا صلاح
کیا آئے تم جو آئے گھڑی دو گھڑی کے بعد — سینے مین ہوگی سانس اڑی دو گھڑی کے بعد
جھومر کا نظر سر پہ ترے آبتو پڑا چاند — تھا وعدہ چڑھے چاند کا لا بوسہ چڑھا چاند

کہا پتنگ نے یہ دار شمع پر چڑھکر — بڑا فسرا ہے جو مرتے ہے کسی کے سر چڑھکر
مرے کہ نے کو مرے پوچھتے کیا ہو تکبیر — تم چھری پھیر بھی دو نام خدا کا لیکر
ساغر دل بیچتا آیا ہون کھومت ہاتھ سے — چوکتا ہے کیون یہ جنس دستگردان چھوکر
اہل جوہر کو وطن مین رہنے دیتا گر فلک — لعل کیون اس رنگ آتا بدخشان چھوڑکر
تونے گل کو سر پہ رکھا جب چمن مین توڑکر — مین بھی حاضر ہون کہا غنچہ نے یہ منہ پھوڑکر
وہ کہے کون ہے قربان مرے اس حسن پر — مین کہون مین تو کہے مین کی چھری گردن پر
مجھ مین کیا باقی ہے جو دیکھے ہی تو آن کر پاس — بدگمان وہم کی دارو نہین لقمان کے پاس
کیا زبان چلتی ہے اوس نرم مین بدگو یونکی — منہ مین انکے یہ زبان ہے کہ الٰہی مقراض
پھر کرا دھر اودھر نہ ہمارا گیا قلق — لفظ قلق کیطرح سے وہ ہی رہا قلق
صفحۂ دہر پہ یکدل نہ ہوا ایک سے ایک — دل کے دو حرف ہین سو وہ بھی جدا ایک سے ایک
ہوتی ہے جمع زر سے پریشانی آخرش — درہم کی شکل صورت درہم سے کم نہین
اوس حور وش کا گھر مجھے جنت سہی سوا — لیکن رقیب ہو تو جہنم سے کم نہین
ہفتاد و دو فریق حسد کے عدد سے ہین — اپنا ہے یہ طریق کہ باہر حسد سے ہین
وقت پیری شباب کی باتین — ایسی ہین جیسے خواب کی باتین
پھر اوس غرہ کی یاد کرکے دل تو دل مین نشتر چھوکے مین سر نشتر کو توڑ دون
مین وہ نہین کہ تم ہو کہین اور کہین ہو نہین — مین ہون تمھارا سایہ جہان تم وہین ہو نہین
تو کہے غنچہ کہ اوس لب پہ دھری خوب نہین — چپ کہ منہ چھوٹا سا اور بات بڑی خوب نہین
ہم اپنے جذبۂ دل کے اثر کو دیکھتے ہین — وہ پہلے بزم مین دیکھین کدھر کو دیکھتے ہین
خط پڑھکے اور بھی وہ ہوا پیچ و تاب مین — کیا جانین لکھدیا اوسے کیا اضطراب مین
نہین خضاب سے مطلب نہین ہے مومیٔ سفید — سیاہ پوش ہوئے ماتم جوانی مین
چار ٹکڑے کر دو دل کے کہ نہین ہو سکتا — لب کو دون زخم کو نہ دون لعل کو دون تل کو دون
اسیر رنج و غم مین ہون مریض جان بلب مین ہون — اور اس پر اب تلک جیتا ہون کوئی عجب مین ہون
سوال بوسہ کو ٹالا جواب چین ابرو سے — برات عاشقان برشاخ آہو اسکو کہتے ہین

عدو سے نیش زن ہر دم ہے میری در پے ایذا
یہ موذی زہر کی ہے گانٹھ بچھو اسکو کہتے ہین

مرے نالہ سے چپ ہین مرغ خوش الحان نالہ زن
صدا طوطی کی سنتا کون ہے نقار خانے مین

مر گئے پر بھی تغافل ہی رہا آنے مین
بوفا پوچھے ہے کیا دیر ہے لیجانے مین

جسجگہ بیٹھے ہین بادیدۂ نم اوٹھے ہین
آج کس شخص کا منہ دیکھ کے ہم اوٹھے ہین

کہتے تھے آنے کو خاطر سے ہماری پر سون
ہوئے پر سون نہ ہوئے پر وہ تمھاری پر سون

زاہد گمراہ کے کسطرح مین ہمراہ ہون
وہ کہے اللہ ہو اور مین کہون اللہ ہون

ہم وہ ہین گرم رو راہ وفا جون خورشید
سایہ تک بھاگ گیا چھوڑ کے تنہا ہم کو

دن کٹا جائیے اب رات کدھر کاٹنے کو
جب سے تو پاس نہین ڈھوری ہے گھر کاٹنے کو

بجا کہے جسے عالم اوسے بجا سمجھو
زبان خلق کو نقارۂ خدا سمجھو

تو مکدر نہ ہو تو عشق مین رسم
ایک آندھی ہین خاک اوڑانے کو

پتھر اڈیا جلوہ نے تری چشم ضنم کو
چکر اڈیا غمزہ نے تری طوف حرم کو

کیا پوچھتا ہے تو عمل بغض و محبت
چلتا ہوا تعویذ سمجھ نقش و رسم کو

دیکھا دم نزع دلآرام کو
عید ہوئی ذوق دلی شام کو

تم مسی مل کر نہ غرفہ سے نکلا منہ کرو
اور نہین گر مانتے تو جاؤ کالا منہ کرو

اشکباری مری مژگان کی ذرا دیکھین تو
کتنے پانی مین ہین فوارے بھلا دیکھین تو

ترے بیمار کو گر انچہ جینے کی تمنا ہو
فلک پر ہنستے ہنستے شادی مرگ عیسی ہو

عبث تم اپنا رکاوٹ سے منہ بناتے ہو
وہ آئی لب پہ ہنسی دیکھو مسکراتی ہو

دیتا ہے وہ دمبدم جو اور زیادہ
شیشے کی طرح پھولے ہین ہم اور زیادہ

ہستی تنک مایہ نے کچھ پھولکا ہے ایسا
ابھری ہے حباب لب یم اور زیادہ

اے خنجر خونخوار نہ برش مین کمی کر
ہان مجھکو مرے سر کی قسم اور زیادہ

اے ذوق وقت نالہ کی رکھ لے جگر پہ ہاتھ
ورنہ جگر کو روئے گا تو دھر کے سر پہ ہاتھ

چھوڑا نہ دل مین صبر نہ آرام نہ شکیب
تیری نگہ نے صاف کیا گھر کے گھر پہ ہاتھ

جنونکی جیب دری پر ہین خوب چلتے ہاتھ
سلوک سینہ سے بھی کچھ کو کر لے چلتے ہاتھ

رقعہ چوری سے اوسے بھیجا ہے انجان کے ہاتھ — کیسے رسوائی ہو پڑ جاے جو دربان کے ہاتھ

تو جان ہے ہماری اور جان ہے تو سب کچھ — ایمان کی کہینگے ایمان ہے تو سب کچھ

نگہ وہ ترک کہ جسکی نہین جفا کی پناہ — اور اوسکی آنکھ وہ کافر کہ بس خدا کی پناہ

زیادہ ہوگا توکل سے بہی کہین روزہ — کہ اسمین آیا تو روزی ہے اور نہین روزہ

نگہ کیا اور مژہ کیا ہم تو دونون کو بلا سمجھے — اسے تیر قضا اوسکو پر تیر قضا سمجھے

ہر اک گردش مین سو زاندار نازفتنہ رہتا ہے — فلک کو ہم کسی کافر کی چشم سرمہ سا سمجھے

عدو آیا ہے بنکر نامہ بر لکھا نصیبون کا — کرینگے لے کے خط کیا مدعی سے مدعا سمجھے

حساب اصلا نہ پوچھے میرے دل کے زخمونکا — حساب دوستان در دل اگر دہ دلربا سمجھے

سمجھ ہی مین نہین آتی ہے کوئی بات ذوق اوسکی — کوئی جانے تو کیا جانے کوئی سمجھے تو کیا سمجھے

کہان تلک کہون ساقی کہ لا شراب تو دے — نہ دے شراب ڈبو کر کوئی کباب تو دے

کب حق پرست زاہد جنت پرست ہے — حوردن پہ مر رہا ہے یہ شہوت پرست ہے

دل صاف ہو تو چاہیے معنی پرست ہو — آئینہ خاک صاف ہے صورت پرست ہے

یہ ذوق مے پرست ہے یا ہے صنم پرست — کچھ ہے بلا سے لیک محبت پرست ہے

زخم دل پر کیون مرے مرہم کا استعمال ہے — مشک گر ہوگا ہے تو کیا لون کا بھی کال ہے

موے سر مار ان سیہ کا ایک سر سر شکر ہی — مانگ جوہر اک مار سفید اوس لشکر کا سر لشکر ہی

گاہ ہجوم یاس مین ہو دل گاہ ہجوم حسرت مین — ہے یہ مرد سپاہی پیشہ پھر تا لشکر لشکر ہی

لیتے ہی دل جو عاشق دل سوز کا چلے — تم آگ لینے آئی تھے کیا آگے کیا چلے

رخصت ہے آزردان جنون رنجیر در کھڑکا ہے — شردہ خار دشت پھر تلوا مرا کھجلا ہی ہے

سر بوقت ذبح اوس قاتل کے زیر پا ہے — یہ نصیب اللہ اکبر لوٹنے کی جاے ہے

بل بے استغنا کہ وہ یہان آتی آتی رہ گئے — اف ری بیتابی کہ یہان تو دم ہی نکلا جاتا ہے

زخمی ہون مین اوس ناوک دزدیدہ نظر سے — جانے کا نہین چور مرے زخم جگر سے

اے ذوق کسی ہمدم دیرینہ کا ملنا — بہتر ہے ملاقات مسیحا و خضر سے

الٰہی کس بگینہ کو مارا سمجھ کے قاتل نے کشتی ہے — کہ آج کوچہ مین اوسکے شور یا ہی ذبح کی سی ہے

غم جدائی مین تیری ظالم کہون مین کیا مجھ پہ کیا ہی ہے
جگر گدازی ہے سینہ کاوی ہے دلخراشی ہے جانکاہی ہے

نہین ہے قانع کو خواہش زر وہ مفلسی مین بھی شہ ہے تونگر
جہان مین مانند کیمیا گر ہمیشہ محتاج دل غنی ہے

قسمت اوس بت سے جا لڑی اپنی
دیکھو احمق خدا سے لڑتے ہے

شور قلقل یہ کیون ہے دختر رز
کیا کسی آشنا سے لڑتی ہے

دیکھو اوس چشم مست کی شوخی
جب کسی پارسا سے لڑتی ہے

ہے تیری کان زلف عنبر لگی ہوئی
رکھے گی یہ نہ بال برابر لگی ہوئی

کرتی ہے زیر برقہ فانوس تاک جھانک
پروانہ سے ہے شمع مقرر لگی ہوئی

اے ذوق دیکھ دختر رز کو نہ منہ لگا
چھٹتی نہین ہے منہ سے یہ کافر لگی ہوئی

ابر و باراں کی نہ کیون لطف اوٹھائین منعم
کہ اوڑاتے ہین گنہگار ہے رحمت کی مزے

کب وہ گزرتے ہین سر لاف و گزاف سے
جنکی کہ آشنا ہے زبان لام و کاف سے

کیا غرض الا کہ خدائی مین ہون دولت و
اوسکا بندہ ہون جو بندے ہین محبت والے

گئے جنت مین اگر سوز محبت والے
تو یہ جانو رہے دوزخ ہی مین جنت والے

ہائے ری حسرت دیدار مری ہائے کو بھی
لکھتے ہین ہائے دو چشمی سے کتابت والے

نہ ستم کا کبھی شکوہ نہ کرم کی خواہش
دیکھ تو ہم بھی ہین کیا صبر و قناعت والے

کبھی افسوس ہے آتا کبھی رونا آتا
دل ہمارے ہین وہ وہی عیادت والے

ناز ہے گل کو نزاکت پہ چمن مین ای ذوق
اوسنے دیکھے ہی نہین ناز و نزاکت والے

بھولا نہ مجھے قتلگہ عام مین قاتل
اللہ ری ترا حافظہ کیا یاد غضب ہے

خط اوسکو دیا بھی دیا جو قاصد نے ذوق کو
وہ خط نہ پہچان لینگے میری عبارت نہ دیکھ لینگے

کیا مذنظر تم کو ہے بار و نسے تو کہیے
گر منہ سے نہین کہتے اشارون سے تو کہیے

یہ اقامت ہمین پیام سفر دیتی ہے
زندگی موت کے آنے کی خبر دیتی ہے

پہونچا ہے شب کمند لگا کر وہان رقیب
سچ ہے حرامزادے کی رسی دراز ہے

ساقیا عید ہے لا بادہ سے مینا بھر دے
کہ مے آشام پیا سے ہین مہینا بھر کے

نہین قمرگان پہ چون خار غم تھے دلنشین نکلے
جنون یہ نیشتر کیسے کہین ڈوبے کہین نکلے

کیون تجھنے دیا دل تجھے اے سنگدل اپنا — کم بخت ہم اوس سخت گھڑی کو نہین پہچانے
دور کربلا لوگون کو سر پر سے لیے ہے لیلی — پر نہین کان پہ مجنون کے ذرا جون چلتی
مین قربان اون آنکھون کی گردش کا بلا گردان ہون — کہ نہین تیری بھی وہان گردش گردون چلتی
نہ چھوڑ تو کسی عالم مین رستی کہ یہ شے — عصا ہے پیر کو اور سیف ہے جوان کے لیے
کیا خط مین مدعا لکھون اپنا کہ مدعی — پہلے ہی اونکو میری طرف سے پڑھا چکے
اچھا کیا وفا کے عوض تو نے کی جفا — بس اب ستم نہ کر کہ کیا اپنا پا چکے
تیغ تو ادھی پڑی تھی گر پڑے ہم آپ سے — دل کو قاتل کے بڑھانا کوئی ہمسے سیکھ جاے
جب کہا مرتا ہون وہ بولے مرا سکاٹ کہ — جھوٹ کو سچ کر دکھانا کوئی ہمسے سیکھ جاے
کیا ہوا اے ذوق ہین جوان مرد مک ہم سیاہ — لیکن آنکھون مین سمانا کوئی ہمسے سیکھ جاے
ہے بادہ کشون کے لیے اک غیب سے تائید — زاہد جو دعا مانگتا باران کے لیے ہے
چنے تو نے افشان جو اے مہ جبین ہے — ستارون مین کیا کیا چنان اور چنین ہے
کے ضبط اشک آہ پہونچی فلک پر — سوا عشق کے خرچ بالا نشین ہے
تو آنکھ مین نہ سرمہ دبالہ دار دے — مفتون چشم کو یون ہی اک تیر مار دے
اے شمع تیری عمر طبیعی ہے ایک رات — ہنس کر گزار یا اسے رو کر گزار دے
پشہ سے سیکھے شیوہ مردانگی کوئی — جب قصد خون کو آکے تو پہلے پکار دے
کچھ ہوتی آدمیت اگر ہوتے آدمی — یہ خوبرو تو حور ہوے پاپری ہوے
سر تو ہے تن پر مرے تیغ ستم کیواسطے — پر لگا رکھتے ہین وہ جھوٹی قسم کیواسطے
فعل مشکل مہ نو جب تری توسن کو لگی — چار چاند اور فلک پر مہ روشن کو لگی
رہی اسطرح بعد از ترک دنیا کی ہوسنا کی — شرابی ہو کے تائب جسطرح ہوجاے تریاکی
نگہ کا وار تھا دلپر پھڑکنے جان لگی — چلی تھی برچھی کسی پر کسی کے آن لگی
پہین مے آشکارا کسکے ہمکو ساقیا چوری — خدا کی گر نہین چوری تو پھر بندے کی کیا چوری
بدلنے پر گردون گر کوئی میری سنے — ہے یہ گنبد کی صدا جیسی کہے ویسی سنے
پھرتے ہین لکھی پڑھے سوے ہین ملک جاہ کے — طفل مکتب ہتے ہین گنبد ہین بسم اللہ کے

دل غش لب جان بخش پر جان طرۂ مشکین پہ ہے
عیسائی اپنے دین پہ ہے موسائی اپنے دین پہ ہے

کیا تاب دل جلون سے جو برق لاگ رکھے
دوزخ بھی ہو تو اسکی چلون پہ آگ رکھے

چاہیے زران بتان سیمتن کے واسطے
ہم قلندر یہان نہین کوڑی کفن کیواسطے

ہوس مین کعبہ کے کیون شیخ بتخانہ سے گمرہ ہے
یہان تو کوئی صورت بھی ہو وہان اللہ ہے اللہ ہے

مقابل اوس رخ روشن کے شمع گر ہو جاے
صبا یہ دھول لگائی کہ پھر سحر ہو جاے

ہمارے سینے مین وہ آہ آتشین ہے ذوق
جو برق دیکھے تو فی النار والسقر ہو جاے

گر رخ کا بوسہ دیتے نہین لب کا دیجیے
وہ ہے مثل ہے پھول نہین پنکھڑی سہی

کہتے ہین آج ذوق جہان سے گذر گیا
کیا خوب آدمی تھا خدا مغفرت کرے

غربزد ناقہ لیلے کی دیکھو گے شتر غمزے
اگر مجنون کو مل جائیگی خدمت ساربانی کی

ذکر کچھ چاک جگر سینے کا سن سن اپنے
کرکے مین ضبط ہنسی دیکھون ہون ناخن اپنے

خط بڑھا زلفین بڑھین کاکل بڑھی گیسو بڑھے
حسن کی سرکار مین جتنے بڑھے ہندو بڑھے

لاشہ کو دفن میرے کیجے کہ پھینک دیجے
مردہ بدست زندہ جو چاہیے سو کیجے

مری طاعت سے اب تو معصیت ہی عار کرتی ہے
مرے توبہ پہ توبہ توبہ استغفار کرتی ہے

ڈسا ہو کالے نے جسکو کافر تو وہ فسونکی اثر سے بچیلے
دہان و گیسو کا تیری مارا نہ سونگھ کر بچیلے

باقی ہے شیخ کو ابھی حسرت گناہ کی
کالا کرے گا منہ بھی جو ڈاڑھی سیاہ کی

درد دل سے لوٹتا ہون میرا کسکو درد ہے
ہون مین حرف درد جس پہلو سے اولٹو درد ہے

ساتھ تیرے ہم بھی جون سایہ مقرر جائینگے
آگے جائین پیچھے جائین جائینگے پر جائینگے

ذوقی تخلص ذوقی شاہ بنارسی درویش سر و پا برہنہ تھے

نہ بام کی ہین زیب نہ زینت کسی در کی
ہم باٹ کی روڑے ہین ادھر کی نہ اودھر کی

ذوقی تخلص ذوقی شاہ لکھنوی درویش تھے

اپنی یہ چاہ اوسکی وہ صورت
اے غریز دلکا ہ کیجیے گا

جلد آ مل جو تجھکو آنا ہے
ورنہ کوئی دم مین دم روانا ہے

ذوقی تخلص ذوقی رام عطر فروش مراد آبادی شاگرد مہدی علی زکی ہوئی

دفون مین بینواؤن کا سانگ بناکر کوچہ و بازار مین شعر پڑھا کرتا تھا

ملنے سے تصور مین کچھ کم نہ مزا دیکھا | گر وہ نہ ہوا اوسکی تصویر ہے اور مین ہون

وہین تخلص حافظ محمد اسمعیل خان دہلوی نبیرہ حافظ محمد داود خان کوم شاگرد حافظ غلام شبیر

نام اوس صنم کا دل سے بھلایا نجائے گا | ہے نقش کالحجر یہ مٹایا نہ جائے گا
طرز خرام یار نے محشر بپا کیا | فتنہ ہے کونسا کہ اوٹھایا نجائے گا

وہین تخلص میر محمد مستعد

ہوا گر کچھ یار کے تشریف فرمانے مین دیر | تو کرین کا ہے کو اس دنیا سے ہم جانے مین دیر
ہمارے دل کو مت آزار دے اے باغبان ناحق | جلامت آتش گل سے ہمارا آشیان ناحق

حرف را سے مہملہ

راجہ تخلص راجہ بہادر خلف راجہ شتاب رائے دیوان نواب ناظم صوبہ بنگالہ معاصر اشرف علی خان فغان

یہ زخم دل ہمارے مرہم تلک نہ پہونچے | ہم اون تلک نہ پہونچے وہ ہم تلک نہ پہونچے

راجہ تخلص راجہ راج کشن خلف راجہ بنکا بہادر رئیس کلکتہ شاگرد مرزا جان طپش صاحب دیوان گزرے

گر شب کو نہ تم پاس مری آؤ گے صاحب | تو مجھکو سحر تک نہ یہان پاؤ گے صاحب

راجہ تخلص دیوان سنگھ خلف راجہ جیت سنگھ بہادر راجہ بنارس مقیم اکبر آباد شاگرد مرزا حاتم علی بیگ مہر صاحب دیوان ہین

تو ہے وہ گل کہ نام ترا باغ دہر مین | دو دو پہر وظیفہ مرغ سحر ہوا
مٹ گئی مثل نقش پا کیسی | پس گئی چال پر حنا کیسی

راجہ تخلص ایک شخص کا ہے جسکا حال معلوم نہ ہوا

مہر کے وقت شب کو آنے کی یہان ہوم دہام ہے | بہتر نہار صبح سے یہ اپنے شام ہے

راحت تخلص بھگونت رائے ولد دین دیال باشندہ کاکوری شاگرد امانت

انکی مثنوی زہرہ و بہرام و ضلد من نظر سے گذری +

چاہ ہو چشمہ ہو دریا ہو تو اوسکو رو کیجے | سر و زچشم تر سے بہتا ہے سمندر زیر پا

راحت تخلص مرزا محمود بیگ ولد احمد بیگ شاگرد مومن خان وطن انکا روم مسکن دہلی

صبر و قرار و تاب و توان رفتہ رفتہ سب | آجا ینگے کہین سے دل رفتہ گر ملا
کچھ جان سے آتی ہے مری جان مین قاتل | پانی ترے خنجر مین ہے کیا آب بقا کا
یہ چاہتا ہون کہ راز نہان نہ افشا ہو | ترے دہن سے زیادہ مراد ہن بنجائے

راحت تخلص شیخ کریم الدین باشندہ اعظم پور باشٹہ

ہمیشہ گزری قفس مین اسی تمنا مین | کہ اب رہا ہونے اب موسم بہار آیا

راحت تخلص پنڈت کشن لال باشندۂ متھرا تحصیل دار ضلع فرخ آباد

دل کو سامان ہوا بی سرد سامانی سے | خوش گزرنے لگی اب جامۂ عریانی سے

راحت تخلص راحت حسین شاگرد صمد علی حسرت باشندۂ میرٹھ

دل گیا جان گئی قرار گیا | نہین جاتا یہ درد ہے سر کا

راحت تخلص مرزا راحت علی خلف مرزا رجب علی بیگ مقیم فرخ آباد

دم نہ نکلا تہ شمشیر جو آسانی سے | سخت شرمندہ ہون جلاد گرانجانی سے

راحم تخلص میر محمد علی معاصر میر دمیر زا

دیوار کے روزن مین ہی جو اوس نے ٹپری آنکھ | دو چار گھڑی اوسکے مری خوب لڑی آنکھ
ارمان مرے دل کے نکل جائینگے سارے | گر تیری رہی سامنے دو چار گھڑی آنکھ

راز تخلص مرزا یعقوب علی بیگ وطن انکا تورا ان مولد ہندوستان

شب یکلی سے دل ترے عاشق کا شق ہوا | لے نام تیرا صبح کے ہوتی ہے حق ہوا

راسخ تخلص طالب حسین

یہ ادا دیکھو مری خاک پہ برسون کے بعد | وہ جو آئے تو اوٹھائے ہوئے دامن اپنا

راسخ تخلص غلام مصطفے بن عبد الرحیم باشندۂ مکن پور ضلع کانپور

راسخ محاسبان قیامت لکھین گے کیا | دفتر بہت بڑا ہے ہمارے حساب کا

راسخ تخلص سعادت علی خان دہلوی شاگرد مومن

ہون تو آنکھون مین پر نہین یہ خبر | سرمہ ہون یا غبار ہون کیا ہون
مین بنائے جہان سہے لیکن | جب کہ نا پایدار ہون کیا ہون

راسخ تخلص شیخ غلام علی عظیم آبادی شاگرد مرزا فدوی میر تقی کو بھی اپنے شعر دکھلائے تھے ۱۲۳۸ بارہ سو اڑتیس ہجری مین انتقال کیا مثنوی راز و نیاز وحسن و عشق و سبیل نجات دیوان انکا نظر سے گزرا

خاک ہون پر تو تیا ہون چشم مہ و ماہ کا | آنکھ والا رتبہ تجھے مجھ غبار راہ کا
دشمنی در پردہ کی اہ و ای تمنے کیا کیا | آپ تو پردے مین بیٹھے اور ہمین رسوا کیا
اپنی جانب تھا کشان ہر عضو تیرے درد کو | ہائے رے لذت کہ جھگڑا اجسکا ہمدیگر رہا
کب میرا خریدار ہو موجد وہ جفا کا | بندہ تو ہون ہے حبیب ولے مجھ مین وفا کا
سونپا ہوا داغ اونکا تازہ ہے سدا رکھا | ہم نے اسے امانت کو چھپا تیسے لگا رکھا
حیا کے پردے مین مارا ہے ایک عالم کو | شہید مین تو ہون اون شرمگین نگاہون کا
ٹھنڈی سانسین بادِ سرد مین اوسکی بھاتی ہین مجھے | چاندنی مین لطف ہے چلنا ہوا ہے سرد کا
دل قیمتی ہوا جو شکست آشنا ہوا | یہ شیشہ ٹوٹنے سے جواہر بہا ہوا
گذرے جو وہ خیال مین تو نازکی سے | یہ رنگ ہو کہ پھول ہو جیسے ملا ہوا
یہ دل بیتاب و ضبط سوز عشق انجو ہے | قطرہ سیماب مین آتشکدہ پنہان ہوا

ملین حضرت راسخ سے اگر تو یہ پوچھنے اونکی جناب مین ہم
کہو قبلہ کعبہ وہ کیسا تھا تمکو تمھین کانٹا سا جسکے ہر ا نے کیا

جز داغ ہے کیا دل حزین مین | لالہ ہی اوگے ہے اس زمین مین
انکار ہے اونکا لذت آمیز | ہے زور مزا نہین نہین مین
اب اور لگا ہونے ایجاد گلستان مین | راتون کو لگا پھرنے صیاد گلستان مین
کیون بڑھاتے ہو تم اسباب خود آرائی کو | طول مت دو مری بدنامی و رسوائی کو

مجھے تحریک آہ سرد نے کیا کیا رولایا ہے
بھی ہے جبکہ ٹھنڈی باد تب منہ خوب آیا ہے

راسخ تخلص نواب ظفر یاب خان خلف ملا میان مقیم لکھنؤ شاگرد نواب منصور خان مہر اولاد مین حافظ الملک حافظ رحمت خان مغفور والی کٹھیر کے شعر خوب کہتے ہین

صاحب دیوان گزرے

دکھایا صانع قدرت نے اب تیری کف پا کو
سنا کرتے تھے ہم اعجاز روشن دست بیضا کو

کہان اب جلوہ گر ہوتی ہے سنگ طور کی آتش
ہزار آتش سے باہم جنگ ہو ہے سنگ موسی کو

سواد منزل اب راہ طلب مین تیرہ بختی ہے
خضر کی آنکھ سمجھا مین چراغ غول صحرا کو

رسائی عرش تک ہے بیان سخن کی بال شہرت سے
رہی امید میری نقش پا کی چشم عنقا کو

سبکدوشی مے بیغش ہے آزادونکی تسبیرین
فزون دی سنگ سے ہیان سرگرانی پنبہ مینا کو

تیور چڑھا کے رہ گئے تم کیون اوٹھا کے ہاتھ
چھوٹا ہے نیچہ تو لگاؤ بڑھا کے ہاتھ

دریاے حسن اور بھی دو ہاتھ بڑھ گیا
انگڑائی اوسنے نشہ مین لی جب اوٹھا کے ہاتھ

دیکھنے نکلا جو وہ خورشید منظر چاندنی
دھوپ سے بھی ہے چمک مین آج بہتر چاندنی

مارڈالا چاند سورج نے ترے تومید کے
دھوپ ہے باہر تو ہے مدفن کے اندر چاندنی

اب اندھیری اور اوجالے پھر ترے منہ پر ہین
دھوپ دکھلاتا پدر جنکو نہ مادر چاندنی

راغب تخلص مرزا سبحان قلی بیگ سعادت یار خان رنگین کے یارون مین تھے وطن انکا ایران مولد دہلی بیشتر فارسی کہتے تھے

ہوتا ہے تازہ آہ سے ہر دم جو داغ دل
روشن ہے باد گرم سے اپنا چراغ دل

اے شام غربت آہ کدھر ڈھونڈتی ہے اوسے
پایا نہ ہم نے زلف مین بھی کچھ سراغ دل

منہ ڈوپٹے مین چھپایا اوس نے
دل کو پردے مین لبھایا اوسنے

راغب تخلص احمد حسین دہلوی برادر زادہ حافظ محمد بخش عرف حافظ مو

آوے بھی وہ اگر تو نہ آوے اسے یقین
کیا حال ہو گیا دل امیدوار کا

یارب اسے تو چین دے مجھکو نہ دے نہ دے
جلتا ہے میرے حال پہ دل غمگسار کا

کیا فہم ہے وہ اپنی شکایت سمجھتے ہین
شکوہ اگر کرون روش روزگار کا

چھیٹ گئی الام سے راحت کا سامان ہوگیا	بڑھتے بڑھتے درد دل آخر کو درمان ہوگیا

راغب تخلص وزیر علی ولد سید جعفر علی باشندۂ فتحگڈہ

سمجھکر بنتے ہو نادان راغب	تغافل کا گلہ اوس بیخبر سے

رافت تخلص حضرت شاہ رؤف احمد مرحوم خلف شاہ شعور احمد منصور سرہندی شاگرد جرأت حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد مین تھے اور بڑے زبردست عالم تھے عروض وقوافی مین اپنا ثانی نہین رکھتے تھے فارسی مین ایک دیوان اور ریختہ مین چھ دیوان اور ہر فن مین اٹھسے ایک دو رسالے یادگار مین جمیع اصناف سخن پر قادر تھے

گور مین بہرتا ہے نعرہ تیرا بسمل آہ کا		پڑھ کے بخشس اوسکو ثواب ایجان بسمل کا
ہر نام پاک یہ ہے تعویذ مرے جی کا	ق	صدیق کا عمر کا عثمان کا علی کا
یہ نقش ہو مربع جسکے نگین دل پر		چار و نظر ف نہ سکے کیون کر ہو پھر اوسی کا
سایہ ہو جن پر اونکا اوسکو نہین ہے خطرا		کچھ انس کا نہ جن کا نہ دیو نہ پری کا
رافت یہ چار یار اب وابستہ رکھ دل اپنا		گر تجھ پہ کھل گیا ہے عقدہ روا روی کا
جگنو گلے مین زلف سیہ فام دوش پر		ہے صبح اوسکی چھاتی پہ اور شام دوش پر

یہ کس کی مژگان کی آہ یارب بھرے ہین برمے ہمارے برمین
کہ شکل غربال پڑ گئے ہین ہزارون روزن دل وجگر مین
ادا و انداز و ناز و عشوہ جو کچھ ہے اوس شوخ فتنہ گر مین
نہ وہ پری مین نہ حور مین ہے نہ ہے وہ غلمان و نہ بشر مین
لگا نہ جراح اسپہ مرہم کہ داغ جاوے تو جائین مرہم
یہ رکھتے ہین سوختہ جگر ہم چراغ اوجڑے ہوئے نگر مین

وصل کی شب کی ہے گھڑیان کیسی بے آئین بجیر	تب آیا وہ راحت جان جب تین پہر تین بجیر
گرمی رخسار نکی دیکھے جو وہ یار آئینہ مین	جوہر آئینہ ہو جاوے شرار آئینہ مین
رافت اچپل وہ بھلا کب مرے گھر ٹھہرے ہے	عکس کو جسکے نہ آتا ہو قرار آئینہ مین

جسنے بالون مین ترے عطر بسا دیکھا ہے
اوس پہ آئی ہے بلا ہم نے بسا دیکھا ہے

آپ بیٹھے ہوئے کرسی پہ جو کرتے ہین گھمنڈ
میرا نالہ نہین یہ عرش رسا دیکھا ہے

ترا مجنون ہون ای پیاری اگر تو رشک لیلی ہے
گیا جنگل کو تھا وہ مین نے بھی صحرا کی لیلی ہے

راقم تخلص غلام محمد دہلوی شاگرد قدرت اللہ خان قاسم متبسیر خطوط مین مشق رکھتے تھے

بس کر چکے عاشقی مری جان
غصے سے ترے جو ڈر گئے ہم

جب مین نے کہا تم نے ملاقات کو ورنہ
تو اوسنے ہنسی ہی مین مری بات اڑا دی

راقم تخلص بندرابن باشندۂ شہر متھرا شاگرد مظہر و سودا صاحب دیوان گزرے ہے

نہ ترے عشق مین بلبل ہی کو نالان دیکھا
چاک ہر گل کا گلستان مین گریبان دیکھا

کہے کیا درد دل بلبل گلون سے
اوڑا دیتی ہین اوسکی بات ہنسکر

سنتے تھے ہم جہان مین اہل کرم کی ہاتھ
آیا جو دیدہ مین تو کم از آستین نہین

مرے میکشی سے زاہد کرین توبہ میگسارا
رہے وہ عمل کہ ہووے سبب نجات یارا

یہانتک قبول خاطر کیجے تری جفا کو
تا سب کہین کہ راقم رحمت تری وفا کو

راقم تخلص شیخ مظفر علی ولد شیخ رستم علی باشندۂ چارکلیانہ مقیم دہلی ہر دو زبان مین شعر کہتے تھے

آفرین دست جنون تجھکو کہ دم کے دم مین
کر دیے خوب مرے جامۂ و دستار کے تار

اک جہان قتل کیا جنبش ابرو نے ترکی
کیا ستم دیکھیے دکھلائینگے تلوار کے وار

راوی تخلص میر مصاحب علی خلف اکرام علی نبیرۂ حافظ عبد اللطیف باشندۂ موضع ناون متعلق لکھنؤ شاگرد مرزا مہدی کوثر صاحب دیوان ہین

نالے کیے خزان مین تو آہین بہار مین
غم دوست مین رہا چمن روزگار مین

جانکر عاشق جانباز ادھر دیکھین تو
جان و دل نذر ہے وہ ایک نظر دیکھین تو

اپنی صورت کو دکھاؤ تو یہ پردہ اوٹھ جاے
لوگ کہتے ہین تمھین رشک قمر دیکھین تو

آیئے آیئے اب نزع مین ہے عاشق چشم
بات منہ سے نہ کرین آپ مگر دیکھین تو

ہجر کی رات سے بدتر ہے یہ صبح شب وصل
تم خدا کیا ہوئے پہلو سے قیامت آئی

حکم خلاق دو عالم جو ہوا روز الست | روح بنکر مرے قالب مین محبت آئی

ربط تخلص دیبی پرشاد خلف منشی موہن لال مراد آبادی شاگرد مہدی علی زکی

در بدر پھرتے ہین اب خرچ کا ہاتھو نسے بتاہ | گھر سے رکھتے تھے نہ باہر جو کسی کام مین پان

ربط تخلص شیخ احمد حسین خلف شیخ غلام علی باشندۂ جونپور شاگرد مہدی علی خان کوثر

زیر فلک اوٹھاؤ نہ منہ سے نقاب کو | دیکھو نظر لگے نہ مہ و آفتاب کی
ساقی پلا شتاب شب ماہ مین شراب | کیفیت آج دیکھینگے ہم آفتاب کی
ہم ہون محروم عیش غیر عیش کرین | کیا کرین اپنی اپنی قسمت ہے
سجدہ کرتے ہین سیکڑون تم کو | اے بتو یہ خدا کی قدرت ہے
ربط ہر وقت شکر لازم ہے | تندرستی ہزار نعمت ہے

رجب تخلص رجب علی مقیم فرخ آباد

پی پی کے خون دل ہے بسر کی ہے زندگی | ساقی جو دے شراب یہی دم ہے واہ وا

رحمت تخلص گنگا پرشاد پنڈت کشمیری ولد موتی لال لکھنوی شاگرد امانت

آنکھون سے اپنے نیچہ خورشید گر گیا | جس روز آگئے نظر اوس مہ لقا کے ہاتھ

رحمت تخلص رحمت علی مصنف نالہ بلبل و انشاے حدیقہ رحمت و مثنوی شکایت فلک قرابت دار و شاگرد مولوی امام بخش صہبائی مرحوم ہر دو زبان مین شعر کہتے ہین

اللہ ری نارسائی طالع کہ ہم صبا | بیٹھے نہ خاک ہوکے بھی دامان یار پر
طعنے ابتک ہین کہ رخ کی مری کیا قدر تھی | ہین نے اک روز کہین کھائی تھی قرآن کی قسم
رحمت یہ عمر اور ورع خیر ہے تجھے | ٹلتا تو کیون لگائے ہے عہد شباب کو
تیرا ہی کچھ یہ طور نرالا جہان سے ہے | ورنہ یہ رسم ہے کہ بشر سے بشر ملے
آرام ایک حرف تھا رونے سے مٹ گیا | خانہ خراب خاک مین یہ چشم تر ملے

رحیم تخلص مرزا رحیم بیگ ولد مرزا پیر بیگ شاگرد مولوی محمد بخش نادان باشندۂ سرداھنہ ضلع میرٹھ پہلے شرر تخلص کرتے تھے ہر دو زبان فارسی و ریختہ مین شعر کہتے ہین مخزن الشعرا انکا نظر سے گزرا

دون ہین کس کس کو اس جان کی خواہان ہین بہت
ہم جدا فکر جدا درد جدا یار جدا
طفیل ہوشری مین رنگیا ہون کوی جاتا نہین
کہ مثل بو نظر آتا نہین اور ہون گلستان مین

رسیم تخلص عبد الرحیم خان ولد دوست محمد خان رسالہ دار لکھنوی شاگرد ہادی علی نجود

جہاں کے تاکنے کا رکھتے ہین لیکا آنکھین
نہ کرین اپنی طرح سے مجھے رسوا آنکھین

رحیم تخلص رحیم بخش مرحوم ؛

غش ہین مجھکو دیکھکر بولا طبیب مہربان
ہای رے دیکھی تھی تو نے اوسکی کیون ہیا چشم

رخشان تخلص خیرات علی خان فرخ آبادی

کیونکر اوٹھائین رنگ حنا کے وہ بارکو
نازک زیادہ گل سے ہین اوس گلبدن کے پاؤن
ہے بعد مرگ بھی وہی رخشان کو بیکلی
اندر کفن کے ہاتھ ہین باہر کفن کے پاؤن

رخصت تخلص میر قدرت اللہ خلف میر سیف اللہ مقیم لکھنؤ شاگرد وحیرت وجرأت

آتا ہے میرے ملنے سے اب بیکو ننگ وعار
حاصل ہوا یہ فیض ہی ملاقات سے مجھے

رسا تخلص مولوی علیم اللہ ؛

کب حوصلہ تھا دل کو ستمگر کے چاہ کا
خانہ خراب ہونگیر رسیا کا

رسا تخلص میان محمد بخش آرایش ساز ولد شیخ محب اللہ لکھنوی شاگرد اشرف خان خان تخلص

چلنے مین تھرتھراتی ہے جو مہر سبکر
لچکا نہ کھاے او بت نازک کمر کمر
یا جامہ یہ نہین ہے تمامی کا پاؤن مین
دریاے زر مین ڈوبا ہے وہ مہ کمر کمر

رسا تخلص میر علی احمد خلف میر نجف علی مجتہد باشندہ فیض آباد مقیم لکھنؤ شاگرد رشک صاحب دیوان گزرے

آتی ہے شب مجھے قتل کر دم
سرکا لو تو جاتا ہے دھڑکا میرے دل کا
قرگان کی کٹاری مین تو ہی سینے کی کو بڑے
ابرو کی سروہی مین ہے چھالا مرے دل کا
ہفت اقلیم مین ہمسر نہین رکھتی اپنا
ہونٹ رخسار دہن ناک بھوین بال آنکھین
دیکھتے ہین کبھی تسبیح کبھی مصحف رخ
یا الٰہی رہین قائم صد وسی سال آنکھین

رسا تخلص شہزادۂ کریم الدین دہلوی شاگرد حافظ غلام رسول شوق +

بیوفاؤن سے اے رسا تم نے کیا پیدا بہا
یہان تلک اوسکے غم مین روئے رسا
سچ کہتو دل لگا کے کیا پچھتائے
کہ ہم آنکھون کو اپنی کھو بیٹھے

رسا تخلص لالہ اننہ پرشاد دلستان گو ولد چندی پرشاد خواہرزادۂ راجہ جھاؤلال باشندۂ لکھنؤ شاعری و داستان گوئی مین شاگرد ہنوس و میر قاسم علی کے تھے

جان نکلی جو مرے جسم سے جبا آنکھ لگی
اور بتلا دے مجھے ہجر مین کب آنکھ لگی

رستم تخلص نواب اشرف الدولہ رستم علی خان عرف اشرف خان خلف نواب خان دوران خان دہلوی مصاحب نواب سعادت علیخان والی لکھنؤ مقیم بنارس

اے دل دیدہ بہت تم نے ستایا مجھکو
مین ہون اب جانسے بیزار تمھارے ہاتھون

رستم تخلص میر رستم علی خان باشندۂ جائسی متعلق سہارنپور بہ نبیرۂ امیر الامرا نواب عبداللہ خان فرخ سیری

کب تلک ہجر کے دن دیکھیے ہم دیکھینگے
آستین اشک سے ہر رات کو نم دیکھینگے

رستم تخلص رستم علی باشندۂ انبالہ شاگرد حافظ ضیغم

کل جو اکر گلبدن نے شکل دکھلائی ہمین
بجلی ایسی ہوئی جو کل نہ پھر آئی ہمین

رسوا تخلص آفتاب رائے دہلوی محمد شاہ کے عہد مین شرف اسلام سے مشرف ہوئے تھے دیوانہ وار پھرتے تھے شراب بہت پیتے تھے مشہور ہی کہ ایک جوہری بچہ کے ہاتھ سے جسپر عاشق تھے مرگئے

کوئی جانہین نہین ہے کہ آنکھون سے نم نہین
رسوا ابھی اس زمانے مین مجنون سے کم نہین
وصل مین ہجو درہے اور ہجر مین بیتاب ہو
اسس دوانے دل کو رسوا کسطرح سمجھائیے

رسوخ تخلص حسن مرزا خلف مرزا بندہ محمد خان لکھنوی شاگرد آباد

پر تو فگن ہوئی جو انگوٹھی کی آرسے
چمکے ہین زور حسن سے اوسکی کلائیان

رشک تخلص میر علی اوسط باشندۂ لکھنؤ مقیم کانپور ولد میر سلیمان شاگرد ناسخ
کربلا کی بھی زیارت کی تھی دیوان انکا نظر سے گزرا

دیدہ سمندر سے سوا ہو گیا ۔ دیکھتے ہی دیکھتے کیا ہو گیا
دیکھیے اللہ کی یہ قدرتین ۔ سنگ سے بت بت سے خدا ہو گیا
محبت نجھے تب کہ ہو خانۂ دل ۔ ہمارا تمھارا تمھارا ہمارا
ہم اے رشک مرتے رہے آپر ۔ رہا نقش بر آب نقشا ہمارا
کرکورکھے نہین بیتاب تری گھر کی تلاش ۔ آدمی کیا یہ اثر قبلہ نما تک پہونچا
پوچھتے وجہ وہن کیلیے معدوم ہوا ۔ کیا کہین کچھ نہ بنی پہلی ملاقات مین بات
وہ رند ہون کہ کردن فرض کرکی میخواری ۔ جو روز جمعہ ہو ذیحجہ کی نو مین تاریخ
زنجیر اوسے چاہیے جو زور دکھائے ۔ کافی ہے تری زار کو زنجیر کی تصویر
یاد اپنی ہمین بھول گئی یاد تو کیسی ۔ کچھ دیکے جو بولا وہ پریزاد فراموش
تری وصاف ہے سوسن تری مینا نرگس ۔ وہ سراپا ہے زبانین یہ سراپا آنکھین
کیا جرم متہ مین بندی نے لی اگر زبان ۔ صاحب بھی تو پکڑتی ہین آنھون پہ زبان
عقل و یاقوت ہین مہندی سے سراسر ناخن ۔ پہلے تھا غیرت الماس وگہر ہر ناخن
کیون نہو کان جواہر سینۂ شفاف یار ۔ پھٹنیان قیم کی تو ہیرے کی پائین چھاتیان
دست بوسی کرتی ہے تصویر پشت آئینہ ۔ اے بتو اللہ ری تقدیر پشت آئینہ
آیا جو سفر سے لیے آیا نئے عاشق ۔ سوغات نکالی تو یہ سوغات نکالی
کہان یہ لطف چیتے نے کمر پائی اگر پتلی ۔ تمھارے ہونٹھ پتلے اونگلیان پتلی کمر پتلی
فقط تجھ مین عناصر نے عجب ترکیب پائی ہے ۔ بدن شفاف شاخ گول قد موزون کمر پتلی
یار من من کے بگڑ جاتا ہے ۔ کام بن بن کے بگڑ جاتا ہے

رشکی تخلص نواب محمد علی خان خلف الرشید نواب حاجی محمد مصطفے خان بہادر شیفتہ رئیس اعظم دہلی شاگرد مرزا اسد اللہ خان غالب اشعار فارسی وارد و انکے نہایت شیرین ہوتے ہین راقم کے دوستون مین ہین یہ شعر اس تذکرہ کے لیے بھیجے تھے

آنکھین ملانے مین ہی عبث تمکو احتراز ۔ آنکھین ہین دل نہین کہ ملا یا نہ جائیگا

گر ایک بار رخ سے نقاب اوسکی اوٹھ گیا
پھر راز دل کسی سے چھپایا نہ جاے گا

نبضین چھٹین ہین آنکھون مین دم ہے لبون پہ جان
آؤ کہ کوئی دم مین بلایا نہ جاے گا

وہ آئے تھے میری بھی چوری سے رات
مرا چونک پڑنا بلا ہو گیا

مرا عقدۂ بخت کہتا نہین
ترا یہ بھی بند قبا ہو گیا

رنجش کا گرچہ کوئی سبب درمیان نہ تھا
لیکن وہ آپ صلح کرین یہ گمان نہ تھا

مانگی جو اوسنے جان تو غیرون پہ بنی
حالانکہ اک ہنسی تھی فقط امتحان نہ تھا

اک محشر خیال دل تنگ تھا کہ کیون
در پر تمھارے رات کوئی پاسبان نہ تھا

کیا کیا بنا کے ہم نے سنایا رقیب کو
مضمون تیرے نامۂ الفت طراز کا

اس قدر خوف ہوا تم کو مری جان کسکا
یہ نہ سوچے کہ ہے نالہ شرر افشان کسکا

قیس کی دھوم مچ رہی ہے مگر
عشق اس سے سوا نہین ہوتا

ہم وہ گم کردہ راہ ہین کہ کبھی
خضر بھی رہ نما نہین ہوتا

ہے دگرگون ابتداے عشق مین رشکی کا حال
رحم آتا ہے مجھے اوسکی جوانی دیکھکر

اس عنایت کی بھی قابل یہ گنہگار نہین
سیکڑون خون کیا کرتے ہو دو چار نہین

رات کو بات نہ کی اوسنے سحر تک مجھسے
اور جو کچھ کہ ہوا قابل اظہار نہین

نہ سلجھے گی تمھاری اور دشمن کی قیامت تک
اگر الجھا ہمارا دل تمھاری زلف پیچان مین

یہ منصب بلند ملا جس کو مل گیا
ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہان

مرا احوال سنکر بے تکلف
کہا کیا سچ یہ ساری داستان ہے

وہ وہ کیے ہین جرم کہ کم ہونگے اور سے
کیا کیا امید واری تقصیر کر چکے

تدبیر کب بنانے کو احباب آئے ہین
جب کام ہم حوالۂ تقدیر کر چکے

آیا خیال بیکسی کا اوسنھین تو کب
جسوقت وہ مجھے تہ شمشیر کر چکے

وقت وفاے وعدۂ دشمن نہین اگر
پھر تیری بات بات مین کیون اضطراب ہے

وہ باتین جو کہ اوسنے تہین چھپا تی
غضب ہے کر رہا ہون مین اونھین سے

وہ پھرنا کوچہ کو رشکی کہان ہے
ہوئے ہین آپ بھی ابتو ہمین سے

رشید تخلص پنڈت کنور بہادر بن گنیش پرشاد فرخ آبادی شاگرد امداد حسین صفیر

سنتے ہین آج وہ بت تیغ بکف آتا ہے | کون روکے گا جو قسمت مین شہادت ہوگی

رشید تخلص سید بہادر علی محرر محبس اکبر آباد

وہ ترک شوخ جو غیرون سے ہمکنار ہوا | رشید گور سے تھی ہمکو ہمکناری رات

رشید مرزا محمد زکی لکھنوی ولد مرزا مہدی برادر زادہ مرزا حاجی قمر شاگرد محمد بخش شہید

ساقط نہ کسطرح مری نظرین ہون بیچ سے | غیرون کے ہاتھ مین ہین تمھاری کلائیان

رضا تخلص میر رضا علی طغرا نویس لکھنوی شاگرد جرأت

مت پوچھو رضا کا کچھ حال غم تنہائی | اک دل تھا سو کھو بیٹھا اک سر ہے سو سودائی

رضا تخلص حمید الدین خلف حکیم کلو جاند پوری

آہ کیا دن تھے کہ ہم ساتھ ترے اے گلرو | دو قدم چل کے خیابان کے تلے بیٹھ گئے
اب یہ حالت ہے کہین چپکے تری کوچہ مین | ہین گنہگار خوابان کے تلے بیٹھ گئے

رضا تخلص محمد رضا مقیم اکبر آباد شاگرد خاور

شب فراق بھی مقتل ہے عاشقون کے لیے | تڑپ تڑپ کے کٹی آج اپنی ساری رات

رضا تخلص مرزا جیون دہلوی خلف مرزا جان شاگرد میر نظام الدین ممنون صاحب دیوان گزرے

غیر سے گرم اختلاط ہے وہ | ہم بھی سنتے ہین اور جلتے ہین
ہاتھ مین اپنے خنجر جو ملا چاہتے ہو | آج دو چار کا کیا خون کیا چاہتے ہو
سبزے ہین اوسکے کانون مین اس آب دار کے | جیسے کہ برگ سبز ہون نیچے گلاب کے

رضا تخلص میر محمد رضا لکھنوی شاگرد میر ضیا فن کشتی اور تیغ بازی اور عروض و قوافی مین اچھا دخل رکھتے تھے

نقش شیرین کا مٹی تیشہ سے یار سکا خیال | یہ نہین ممکن کہ جائے خاطر فرہاد سے

رضا تخلص میر محمد رضا عظیم آبادی شاگرد ضیا بڑے متقی تھے

اسکا کچھ انجام بھی سمجھا کہ تو نے ای فلک | حسن روز افزون وہان یہان عشق شور افزا ہوا

رضا تخلص سید غلام رضا خان طباطبائی خلف نواب نصر اللہ خان باشندۂ بنارس شاگرد ذاکر علی ذاکر

خاکسارون کو ہے ایذا سر کشونکو چین ہے | ہے زمین پاؤن کے نیچے آسمان بالائے سر

رضا تخلص غلام رضا خوشنویس ولد انبہ پرشاد داستان گوی لکھنوی یہ بھی داستان خوب کہتے تھے

رکھو نہ سر عاشق مضطر کے تلے ہاتھ | ہر شب مرے اے مہ ہون تیرے سر کے تلے ہاتھ

رضا تخلص ایک شخص رام پوری کا ہے جسکا حال معلوم نہ ہوا

اب کوئی لحظہ مین مجنون یہ بلا آتی ہے | جرس ناقۂ لیلے کی صدا آتی ہے

رضوان تخلص نواب واحد علی خان ولد نواب نجابت علی خان بہادر نواسۂ نواب مظفر جنگ سندآرای فرخ آباد شاگرد اسمعیل حسین سنیر

اے نیند کہان رہتی ہے کچھ مجھکو بتا دے | آنکھونکو تری شکل دکھائی نہین دیتی
بے جان لیے چھوڑ چلے شام جدائی | کٹتی ہوئی یہ رات دکھائی نہین دیتی

رضوی تخلص حکیم جعفر علی خلف حکیم شجاعت علی باشندۂ قصبۂ جے پور

وقت رخصت کیا کہون کس بیکسی سے رو دیا | دل تو مجھکو دیکھکر مین دلربا کو دیکھکر
پنجۂ بیداد سے رضوی نہ چھوٹا مرغ دل | اونگلیان صیاد کی ہون یا قفس کی تیلیان

رضی تخلص سیف الدولہ سید رضی خان بہادر صلابت جنگ باشندۂ شاہجہان آباد

مرے قتل کرنے مین دو فائدے ہین | ترا نام ہوگا مرا کام ہوگا
دیکھ لینا شمع کو عاشق کے ستانیوالے | کسطرح جلتے ہین اور دنکے جلانے والے
رضی سے صنم کیون بُرا مانتا ہے | یہ تیرا ہے بندہ خدا جانتا ہے

رضی تخلص مرزا رضی خان لکھنوی نواب وزیر الممالک کے قرابت دار تھے نجوم مین اچھی مہارت رکھتے تھے قصۂ لیلی و مجنون رنجتہ مین نظم کیا ہے

دل کی طلب ہے اور تمنا ہے جان کی | یہ ہم پہ مہربانی ہے اوس مہربان کی

رعایت تخلص میر رعایت علی ولد امانت علی باشندۂ لکھنؤ

یارب کمر ہنون کی بجا نا دم خرام
ہر ہر قدم پہ ناز سے بل کھائے جاتی ہین

بنتی ہین بیربان تری دیوانون کے لیے
حدا ڈھونڈھ ڈھونڈھ کے بلوائے جاتی ہین

رعد تخلص میرزا اکبر علی

حشر کے روز بنا خون کا محضر اپنا
خط باطل نہ وہ سیندور کا فتقا ٹھہرا

رعنا تخلص عبد الرحیم مرحوم لکھنوی ولد خواجہ سخی تاجر پتینیہ مقیم کانپور شاگرد مصحفی

دے بوسہ گر اوس طفل پر نیاز کے منہ پر
تو رنگ کچھ آئے دل ناشاد کے منہ پر

رعنا تخلص مردان علی خان ملازم راجہ کپور تہلہ راقم نے انکو کلکتہ مین دیکھا ہے

غنچہ پر راگ الگا نظر سے گزرا

گزرا ہے مرا نالۂ دل چرخ کہن سے
تہا روح کا ہمدم نہ پھرا جا کے وطن سے

رغبت تخلص ایک شخص مراد آبادی کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہوا

جسکو اپنی نہین پروائے جگر سوزی کچھ
اوسکی ہر بات پہ کیون جی کو جلاتے پھرئے

رغبت تخلص میر ابو المعانی لکھنوی

یاد ہے راتون کو چھپ چھپ کے وہ آنا تیرا
چٹکیان میری وہ لے لے کے جگانا تیرا

رفاقت تخلص مرزا لکھنو تلمیذ جرات

خوف سے تیرے نہین بولتے اغیار ہم
ورنہ بھڑ جانے کو تیار ہین دو چار سے ہم

وہان کیونکہ رویئے کہ منادی جہان ہو یہ
زانو پہ سر کو دھر کے نہ بیٹھا کرے کوئی

رفعت تخلص شیخ محمد رفیع الہ آبادی مقیم عظیم آباد

کیا جگر ہے کہ تری در پہ فغان کرتے ہین
ہم تو آہستہ قدم رکھتے ہوئے ڈرتی ہین

کیا کرتا ہے اکثر نالۂ جانکاہ پہلو مین
الٰہی دل ہے میرا یا کوئی بدخواہ پہلو مین

رفعت تخلص مولوی غلام جلانی مرحوم باشندۂ بلی بہیت شاگرد قدرت اللہ شوق پہلے بیدم تخلص کرتے تھے انکا حافظہ ایسا تھا کہ کل قصیدہ ایکبار سننے سے یاد ہوجاتا تھا بعض تذکرہ والون نے انکو باشندۂ رام پور لکھا ہے

لباس صبر مری دل پہ اس روش ہے تنگ
کہ جیسے تیری قبا میرزا فش ہے تنگ

بہتی ہے زور شور سے اپنی مدام چشم
اک بحر ہے عظیم کہ جسکا ہے نام چشم

رفعت تخلص مرزا پیاری دہلوی شاگرد عبدالرحمن خان احسان و مولوی امام بخش صہبائی امیر طہمورث گورکانی کی اولاد مین ہین

ہم خوش تھے کہ محشر مین تو دیکھینگے وہ دیدار
لیکن یہ قیامت ہے کہ محشر نہین ہوتا

کس منہ سے کرون دل کی شکایت کہ برا ہے
تجھسے تو جدا وہ کبھی دم بھر نہین ہوتا

ہو برا بیتابی دل کا کہ اسکے ہاتھ سے
راز پنہان ایک عالم پر نمایان ہو گیا

یا الٰہی درد کس پردہ نشین کا تھا کہ شب
دل مین اوٹھ اوٹھکے مرے دل ہی مین پنہان ہو گیا

مژہ کو چھیڑے تو مدت ہوئی پہ یہ اب تک
چبھی ہے خار سا سینے کے درمیان کیسا

خدا نکرے وہ کرے نالہ گر تر اعاشق
تو پھر زمین یہ کیسی یہ آسمان کیسا

کچھ آنکھ کا کیا نہ گیا کچھ خیال کا
مارا گیا دل اور یہی بے قصور تھا

کچھ پاس غیر کچھ وہ تغافل شعاریان
گویا کہ سامنے ہی نہین نظرون سے دور تھا

رحم اوسکا ہو کہ نالہ کا اثر ہو کچھ ہو
نزع مین بارے وہ لینے کو خبر آہی گیا

تھا ہدف غیر پر اپنا جو مقدر تھا درست
غلط انداز سے وہ تیر ادھر آہی گیا

آج کچھ رفعت دل خستہ کا احوال ہے غیر
جو کہ دھڑکا تھا ہو وہ پیش نظر آہی گیا

شب وصال مین دیتا ہے لطف کیا کیا کچھ
ہر ایک بات پہ عالم یہ منہ بنانے کا

نہ اوٹھکو ناز سے فرصت کہ ہم سے ہو کچھ چھیڑ
نہ ہم کو ضعف سے یارا ستم اوٹھانے کا

تری گلی مین ہوئے خاک بھی تو کیا حاصل
ترا ہے ڈھب وہی دامن اوٹھا کے آنے کا

ہین ایک وہ بھی کہ اونکو ہے قصے راز و نیاز
اور ایک ہم ہین کہ منہ تکتے ہین زمانے کا

گم ہو گئی شاید بت و تنہا نہ کی الفت
کچھ اندنون آتا ہے جو رہ رہ کے خدا یاد

ہائے پانی بھی جو لے کر نہ آیا دم مرگ
کوئی خبر گیر حسرت ترے بیمار کے پاس

لب ہین جان بخش یہ کیسی کہ مین اوٹکی خاطر
اپنی جینے ہی سے مایوس ہوا جاتا ہون

پونچھے اشک اوسنے گمان غیر مین
مر گئے ہم اسی گمان ہی مین

جان اجل کو دینگے اِک جھگڑے کے ساتھ | تو ہے جو دے دین تجھے اِک آن مین

رفیع تخلص حاجی رفیع الدین خان لکھنوی

ناتوانون کے ستانے سے ڈر کر ظالم | عرش بھی آہ سے مظلومونکے ہلجاتا ہے

رفیع تخلص منشی فرزند علی بن روشن علی بلگرامی اٹاوہ کی فوجداری عدالت کے سررشتہ دار تھے

اپنی آنکھون سے مجھے کھٹکا ہی ہر عنوان کا | دم مین دکھلاتی ہین نقشہ نوح کی طوفان کا

رفیق تخلص رفیق علی سوار رسالہ انگریزی

تبھی بجھی نہ برہمن تیغ نگہ یار رفیق | گہ لگا یا رحم جو دل پر سو وہ ناسور ہوا

رفیق تخلص مرزا اسد بیگ دہلوی شاگرد تنا ء اللہ خان فراق

روشن رہے گا داغ دل عاشقان ہم | ہوگا نہ حشر تک یہ چراغ مزار گل

بہ رہی ہے ہجر مین تیری سدا خونبار چشم | اور تو ہم سے خفا ہے حیف ہو کر جا چشم

رفیق تخلص امین اللہ

رہ عشق کے کج و پیچ مین جو رفیق تھے سو جدا ہوئے | مگر ایک نالہ و آہ کو مرے دلسے ہمسفری رہی

رقت تخلص مرزا قاسم علی شاگرد جرأت وطن الکھنؤ متہد مقدس مولد دہلی مسکن لکھنؤ صاحب دیوان گزرے

گھر مجھکو کاٹنے کھاے تھا شب کو یہ رنگ تھا | اوس بن پلنگ خواب بھی سکل پلنگ تھا

خط وہ بھیجے رقیب کا لکھا | یہ بھی اپنے نصیب کا لکھا

اوسطرف وہ ہاتھ سے دامن چھڑا جانے لگا | اِسطرف چاک گریبان پاون پھیلانے لگا

ہمارے سامنے مت ابر بار بار برس | جو ہم سے ہو سکے تجھ سے نہ ہو ہزار برس

دیا اک بوسہ پنہان اوسنے ہمکو رات دل لیکر | سو ہم بھی یہ سمجھتے ہین حساب دوستان دل

تجھے پہلو مین پالا تھا اسی خاطر اسی خاطر | کیا رسوا مجھے تو نے ستمگر دل ستمگر دل

جسمین جو بات سمائی وہ بھلا جگ کہان | حسن آخر ہوا اوسکا یہ ادا جاے کہان

چھٹ جاے کسی سے نہ ملاقات کسیکی | اللہ بگاڑے نہ بنی بات کسی کی

رفعت تخلص مولوی حبیب النبی مرحوم معاون مدرسۂ عالیہ کلکتہ ولد مولوی ضیاء النبی مغفور سرہندی باشندۂ رام پور حضرت مجدد الف ثانی کی اولاد مین تھے اشعار عربی و فارسی بھی خوب کہتے تھے

دوسری کا سوگ کیجے ایک کا غم ہو چکا — اب جگر کو روئیے دل کا تو ماتم ہو چکا
ہم تو گل کھا کے موئے اور وہان غیر کو — جاتے ہین اب تلک اپنے ادسی معمول پہ پھول
اپنی تربت پہ نہین مارتا پتھر کوئی — چڑھیے ہونگے کسی اللہ کی مقبول پہ پھول
زندگی کر عذاب ہے تجھ بن — موت بھی تو خراب ہے تجھ بن

رقم تخلص حکیم سکھانند باشندۂ دہلی شاگرد شاہ نصیر

وفور شوق مین رخ کے لیے دہان کے لیے — نہین نمیرکہ بوسے کہان کہان کے لیے

رقم تخلص مولوی احمد حسین خلف مولوی احسان اللہ باشندۂ کڑا ضلع الہ آباد

نہ دیتا ہو نہ دو بوسے لبون کے — زبان کو پر کرو دشنام سے بند

رقم تخلص مرزا فتح الملک بہادر ولی عہد ابو ظفر محمد سراج الدین بہادر شاہ بادشاہ دہلی شاگرد محمد ابراہیم ذوق شعر انکے اچھے ہوتے ہین

آنکھین تو اوسکو دیکھ کے ہوتی ہین بیقرار — بن دیکھے دل تڑپنے لگا اسکو کیا ہوا
کیا قتل ظالم نے کس کس ادا سے — مجھکو قسمت سے جلاد اچھا
سب کچھ آسان ہے تجھے گردش دوران کرنا — ایک مشکل مری مشکل کا ہی آسان کرنا
مانا کہ نہ دل لے کے تو مجھسے وفا کرتا — پر دل کی تسلی کو وعدہ تو کیا کرتا
طرز رفتار نے تری ظالم — رفتہ رفتہ مجھے تمام کیا
وہ لیگئے ہین خدا جانے کسطرح دل کو — دیا ہے مینے اونھین اپنے اختیار کے بعد
تم رہو اور مجمع اغیار — میرا کیا ہی ہوا ہوا نہ ہوا
دل بیتاب ہو کیا تجھسے رفاقت کی امید — کون ہوتا ہے ترے وقت مین تو ہوگا
سب سر سینہ کہ یارب کوئی دار نصرت سے — داغ جو پیدا ہوا شکل درم پیدا ہوا
اوس شوخ کو مین نامہ بر لقاب کیا لکھون — مشفق نہین فیضی نہین مہربان نہین

درد فراق فکر عدو طعن دوستان
اس ایک جان پر مری کیا کیا نہین

وصل کی شب حشر کا دن ہو تو شاید کچھ کہین
اسقدر شکوے ہین دل مین اوس سے کیا کیا کہین

ہم کو کیا غیر کے آنے کی خبر
چغلیان نقش قدم کھاتے ہین

نہ حرم مین جگہ نہ دیر مین جا
ہم گنے جائین اے خدا کسمین

رمز الفت مین جو چاہو آرام
تو یہ راحت طلبی جانے دو

ہوئی صورت نہ کچھ اپنے شفا کی
دوا کی مدتون پر سون دعا کی

بادہ بت مین عمر گذرنی یان تو رمز
کیا کہو گے وہان خدا کے سامنے

دل لے تو گئے ہین وہ ہمارا
پر دیکھیے اوسکو کیا کرین گے

الٰہی موت تو ہوگی مگر یون ہو تو بہتر ہے
کہ سر ہو پاؤن پر قاتل کے اور سجدے مین دم نکلے

نسو جب ضعف سے طاقت کو آئی جان ہی لب تک
تو ہم سے ناتوانون کا کہو کسطرح دم نکلے

رمز تخلص مولوی ظہور اللہ خلف چودھری انوار اللہ نامے زمیندار چاٹگام
شاگرد مولوی رشید النبی مرحوم وحشت رائم کے دوستون مین ہین بیشتر
فارسی کہتے ہین ٭

حکم ہے باد بہاری کا کہ ہر طفل کو آج
بوستان حفظ ہو اور یاد گلستان ہووے

سنج تخلص میر محمد نصیر محمدی مرحوم خلف میر کلو متوطن اکبر آباد مقیم دہلی خواجہ میر
درد علیہ الرحمۃ کے سجادہ نشین ولد اسہ تھے سنہ ۱۲۶۱ بارہ سو ایکسٹھ ہجری مین
انتقال کیا علم ریاضی و علم موسیقی مین بہت خوب دخل رکھتے تھے

خط دیکھکر ادھر تو مرا دم اولٹ گیا
قاصد ادھر بدیدہ پر نم اولٹ گیا

یقین ہوگیا دیکھکر اوسکا قامت
کہ بیشک قیامت مین دیدار ہوگا

کھڑکی نکال جانب دشمن نہ بام پر
کوٹھی چڑھی جو بات کھلی خاص و عام پر

یاد دلوا کے جو ہم بستری یار دلائے
سو وہ تصویر نہالی ہے بغل کا دشمن

دیکھی نہین حالت یہ خدائی مین کسی کی
ہے طور جدا اپنا جدائی مین کسیکی

سنج تخلص حکیم محمد فصیح الدین قوم بنی اسرائیل مؤلف تذکرہ بہارستان ناز

باشندۂ میرٹھ شاگرد غالب دہلوی تذکرہ انکا نظر سے گزرا

نامہ مجھ سے وہ غیر کو لکھوائین — یہ بھی لکھا مرے مقدر کا
اک بار اور میری عیادت کو آئیے — اچھی طرح سے مین ابھی اچھا ہوا نہین
مین خوب جانتا ہون لگاوٹ کو آپ کی — آنکھین تو مل رہے ہین مگر دل ملا نہین

رند تخلص لالہ کیہم نراین کھتری دہلوی نبیرۂ لالہ لچھمی نراین طب مین اچھا دخل رکھتے تھے مہاراجہ بلکیت راے کے رفیقون مین تھے کلکتہ مین بھی آتے تھے ہوگلی مین رہتے تھے بیشتر فارسی کہتے تھے

نالۂ طنبور و چنگ اے اہل غفلت ہم سنو — گوش زد ہوتی ہے ہر دم یہ نصیحت ساز سے
ہے سزا اوسکی کہ روز و شب وہ ہائے گوشمال — راز دل بے پردہ جو کہدے بلند آواز سے

رند تخلص گلگار پرشاد لکھنوی کشمیری شاگرد جرأت

رونا ہون چپکے چپکے آتا ہے بادجبدم — وہ دیکھنا کسی کا نظرین چرا چرا کر
مانتے ہو گر برا معشوق کہنے سے تو جان — ہم تمھین منھ پر اپنا چاہنے والا کرین
وہی فغان ہے وہی آہ ہے وہی نالہ — خدا کے فضل سے اپنا جو حال ہے سو ہے

رند تخلص مہربان خان پسر خواندۂ نواب احمد خان بخشش تاظم فرخ آباد موسیقی مین اچھا دخل رکھتے تھے

جسکا تجھ سا حبیب ہووے گا — اوسکا عالم رقیب ہووے گا
دل کا گھبرانا کہون باکہ نفس کی تنگی — دیکھیے کیا کرے صیاد قفس کی تنگی
مری چھاتی پہ رکھ کے سر چھری کو — سنا اوٹھا دل کے پار ہونے دے

رند تخلص اکرام الدین ماموزادۂ و شاگرد مولوی عبد الکریم سورٹ

تری زلف بکھری بکھری جو نہ دیکھتے کبھی ہم — تو نہ ہوتے یون پریشان نہ یہ حال زار ہوتا
نہ وصال اوس سے ہوتا نہ اوٹھاتی رنج فرقت — جو شراب ہم نہ پیتے تو یہ کیون خمار ہوتا
تو نے ہماری یاد کو خاطر سے اپنی ہائے — حرف غلط کی طرح سے ظالم مٹا دیا
ہم پر تو التفات نہ تھی لیک بزم مین — ساقی نے رند جان کے ساغر پلا دیا

دل مین آنا ترے نہین مشکل | ہو گئے جب غبار آ بیٹھے

رشحہ تخلص سید محمد خان خلف نواب سراج الدولہ غیاث الدین محمد خان نیشاپوری باشندۂ فیض آباد مقیم لکھنؤ شاگرد خواجہ حیدر علی آتش شعر صاف و عاشقانہ اچھا کہتے تھے کلیات الخانظر سے گزرا

ٹوٹی بت مسجد بنی مسمار بتخانہ ہوا | جب تو اک صورت بھی تھی اب صاف ویرانہ ہوا
دونون زلفین یار کی ہلتی ہین نالون پر مرے | وجد کرتا ہے صدائے نے پہ جوڑا سانپ کا
خط پہ آتے ہین بہت لہراکے گیسو یار کے | سبزۂ نوخیز پر غش ہے یہ جوڑا سانپ کا
کب مٹا عشق کا نشان دل سے | زخم اچھا ہوا تو داغ رہا
کھلی ہے کنج قفس مین مری زبان صیاد | مین ماجرائے حزین کیا کرون بیان صیاد
دکھایا کنج قفس مجھکو آب و دانے نے | وگرنہ دام کہان مین کہان کہان صیاد
دل کو لے لیتا ہے محبوب جوان ایک تبسم ایک | رہ ہی رہتا ہے مجھے آفت جان ایک تبسم ایک
رخ کو پوشیدہ عبث ماہ لقا کرتے ہین | اچھی صورت کو چھپاتے ہین برا کرتے ہین
گلے لگائین بلائین لین تمکو پیار کرین | جو بات مانو تو منت ہزار بار کرین
غیر نے لاکھ جوڑ مارے ہین | پر ہم اون کے ہین وہ ہمارے ہین
تمھارے ہاتھ سے تنگ آئی ہین جو ناپا کرتی ہین | بہ مجبوری گلے کو کاٹتے ہین تم پہ مرتی ہین
نہین معلوم اونھین کیا حال میری بیقراری کا | غلط کہتے ہین دم دیتے ہین جو غمخوار ہین
ہو کے بیزار عبث گھر کو نہ جاؤ آؤ | تھوڑے سے رنج کو اتنا نہ بڑھاؤ آؤ
دل نہین دیتا مین اسواسطے آزردہ ہو | روٹھے جاتے ہو اسی بات پر آؤ آؤ
نگہ یاس سے دیکھون تو یہ کہتا ہے وہ شوخ | پھر بری آنکھ سے اسنے مجھے دیکھا دیکھو
دیکھکر اپنی گلی مین کئی پتھر مارے | مجھکو دیوانہ بنایا ہے پری نے دیکھو
بت کرین آرزو خدائی کی | شان ہے تیری کبریائی کی
پاس دین کفر مین بھی تھا لحاظ | بت کو پوجا خدا خدا کر کے
خیال اور کچھ ہے رشک حور ہوتا ہے | خطا معاف ہو مجھسے قصور ہوتا ہے

چنپئی اور مہروش تجھکو نہ دھانی چاہیئے | چاند کھڑا ہے ٹوپتا آسمانی چاہیئے
آزردہ ہو کہ خوش ہو مین کہتا ہون صاف صاف | ہان ہان نہین پسند تمھاری نہین مجھے

رنگین تخلص میر اکبر علی عرف میر سنگی لکھنوی شاگرد سودا صاحب دیوان گزرے

دیکھا جا آن کر صورت خدا کیواسطے اپنی | ترے عاشق کا دم آیا بت بے پیر انگیز

رنگین تخلص پورن لال کاستھ دہلوی

رنگین نہین ہین فطرہ شبنم یہ باغ مین | باد صبا نے مے سے بھرا ہے ایاغ گل

رنگین تخلص سعادت یار خان مرحوم دہلوی تورانی الاصل ولد محکم الدولہ طاہر سپہ سالار خان شاگرد شاہ حاتم مرحوم فنون سپاہگری کو اچھی طرح سے جانتے تھے بہت سے شہرون کی سیر کی تھی کلکتہ مین بھی آئے تھے ریختی کے موجد تھے صاحب تذکرہ گلستان سخن نے جو انشاء اللہ خان کو ریختی کا موجد قیاس کیا ہے خطا کی ہے کیونکہ خود انشاء اللہ خان نے نسخہ دریاے لطافت مین لکھا ہے کہ اونھون نے اس زبان کو سعادت یار خان رنگین سے اخذ کیا تھا ریختہ و ہزل بھی خوب کہتے تھے ماہ جمادی الثانی مین ۱۲۵۱ھ بارہ سو اکیاون ہجری مین اسی برس کی عمر مین انتقال کیا دیوان ریختہ و ریختی و ہزل و فرسنامہ و حکایت رنگین اور کئی مثنویان اسسے یادگار ہین فرسنامہ اور دیوان و مثنوی انکی نظر سے گذری

رباعی

اے وجد عیش و شادمانی پھر آ | وے باعث لطف زندگانی پھر آ
مین ہون بن تیرے چشم خوبان مین ذلیل | پھر آ تو اب اے مری جوانی پھر آ
جو نالہ رات کو لب سے نہ ہٹ گیا ہوتا | تو ساتہ آہ کے سینہ بھی پھٹ گیا ہوتا
کھینچ لائی ہے او سودائی کشش دل یہان تک | بارے صد شکر کہ تجھ کو بھی یہ مقدور ہوا
تھی شعلہ یا وہ برق کہ جی میرا جل گیا | ایسے ہی کی نگاہ کہ بس دم نکل گیا
ربط ہمسے آپ نے جو اب بہت کم کر دیا | سچ بتاؤ تم کو صاحب کسنے برہم کر دیا
کیا کہتے ہو تم ناصح نصیحت راندن مجھکو | اوسے بھی ایک دن کہیے جا کی سمجھاتے تو کیا ہوتا

پر نہ دے کا نہین مقدور جو وہان جا کے بار ہی — کبوتر گر ہمارا نامہ بر ہوگا تو کیا ہوگا
ستم ہے ایک عالم کو رولا دیتا ہی اے رنگین — وہ اوسکی جھڑکیان کھا کر ترا مجبور ہو جانا
بار گشتی تیر ہے پھر کر یہ تیرا دیکھنا — صدمے تیرے اس ادا پر سے مجھے ترا نکر
زاہد بتا تو کعبہ مین کیا دیکھتا ہے تو — جاتے ہین دیر مین تو صنم دیکھتے ہین ہم
ہر سخن مین تم نہین کرتے ہو یہ کیا طور ہے — ناز بھی معشوق کو لازم ہے پر اتنا نہین
جی چلا کر ایک بوسہ مانگتے ہین یار سے — آگے با قسمت وہ دیکھین ہان کرے یا نہین
گھر سے تیرے اوٹھکے مین جاتا ہون رونا اسطرح — جیسے تو مکتب کو جاتا تھا کسی ہنگام مین
تیری گل گیون کے خاطر ہی لازم ہی کہ ہو — ایک تو تمس کا اور ایک قمر کا تکیہ
پیار کے الطاف کے بوسے کے ہم خواہان نہین — وہ سمجھتے ہین ہماری آرزو کچھ اور ہے
وہ نہ آئے تو تو ہی چل رنگین — اس مین کیا تیری شان جاتی ہے
میری چھاتی سے لپٹ جائیے اور سوئیے — آئیے آئیے بس آئیے اور سوئیے
کس رات ہوئے آپ ہین مہمان ہمارے — کب تم نے نکالے کہو ارمان ہمارے
دم آبا ناک مین اس آہ اور زاری کو جینے سے — طبیبو موت ہے بہتر ہے بیماری کے جینے سے
روح نے جسم پر گرانی کی — اب یہ حالت ہے ناتوانی کی
دمبدم بسکہ ترا حسن فزون ہے ظالم — روز جی مین ہے کہ کھنچوائیے تصویر نئی
دل کو کوئی کسطرح سنبھالے — یہان جان کے پڑ رہے ہین لالے
اس اپنے بانہ کی گل کی کہون کیا اک کہانی ہے — نشانی اونکی چھلا تھا سو اوسکی یہ نشانی ہے

سیختی

دل تڑپتے ہے تجھ بن مرا ای جان دوگانا — رہا مرے گھر آج تو مہمان دوگانا
میرے گھر مین زنا خی آئی کب — مین نگوڑی بھلا نہائی کب
کرون مین کہان تک مدارات روز — تمھین چاہیے جی وہی بات روز
تو دوا ایک ہے اللہ رہی او حرفت باز — فادری مانگی تہی تو دوڑ کے لائی پشواز
ایک مدت سے ترستی تہی ملاقات کو مین — شکر صد شکر کہ وصل اوس سے ہوئی رنگین

چل دو گانا چاتیون سے چھاتیان مل مل گھسیو — چل بدن پر ہم بدن کو رگڑین اور صندل گھسین
آج فرصت نہین کل رات کی ٹھہرا کر اوٹھو — بات بندی سے ملاقات کی ٹھہرا کے اوٹھو
ابکی یہ عید ہے کہ جو بارہ دفات ہو — تو میرے اور تیرے زناخی وہ بات ہو
صبح کو اوٹھ کے جو تم گھر کو اجی جاؤ گے — یہ تو فرماؤ بھلا پھر بھی کبھی آؤ گے
مین وہ تو اوڑھنی کی نہین کل کی اوڑھنی — باجی مجھے اوڑھا دے جھلا جھل کی اوڑھنی
برسات اوسکو کہتے ہین جی جس بہار مین — سر پر ہوا کے ہوتی ہے بادل کی اوڑھنی
پھونچی لچک کمر کو اری لوگو دوڑیو — کولے تلک جو سر سے مری ڈھلکی اوڑھنی
بھاری بنت مگا دی کہ رنگین لگاؤن مین — سر پر مرے ٹھہرتی نہین ہلکی اوڑھنی
ٹیس پیر و مین اوٹھی اوہی مری جان گئی — مت ستا مجھکو دوگانا تری قربان گئی

روان تخلص سید جعفر علی لکھنوی شاگرد کاظم علی جوان مقیم کلکتہ

عشق مین لیلی و شیون کے نہ لٹایا چاہیے — وادی مجنون مین اک تکیہ بنایا چاہیے
بائی جس گلبدن مین بر الفت اک ذرا — گلشن ہستی مین دل اوس سے لگایا چاہیے

روشن تخلص میر علی حسین دارو غہ سرکار نظام الدولہ خلف میر خلیل باشندۂ فیض آباد مقیم لکھنؤ شاگرد محمد بخش شہید صاحب دیوان ہین

اوسکی آنکھون سے بھلا کرنی ہے کیا چشمی — جا کے بنوائے کہین نرگس بیمار آنکھین
بغل مین غیرونکے جب بیٹھتا ہے وہ دلبر — تو درد اوٹھتا ہے بے اختیار پہلو مین

روشن تخلص روشن شاہ باشندۂ بریلی مقیم سیرٹھ

دیکھ کے مجھکو نہ کہ چھپایا اور حیا کا نام کیا — واہ ری تیری دانشمندی ہمین بھی اکہ کام کیا
آپ کرتے ہین بار بار نہین — ہم کو ہان کا بھی اعتبار نہین
کونسی جا ہے کہ جس جا نہ گذر اوسکا ہے — مثل خورشید جہان دیکھیئے گھر اوسکا ہے
دل کی طپش سے گرمی خورشید سرد ہے — سینہ اگر یہی ہے تو دوزخ بھی گرد ہے
کوچہ مین تیرے بیٹھ گئے جب کہ ہم اے بت — جو نقش قدم ہے نہین اوٹھنے کی زمین سے

روشن تخلص ایک شخص کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہ ہوا

جی مین یہ تھا کہ جان کیجیے نثار | ایک دم بھی وہ بے وفا نہ رہا

رونق تخلص میر غلام حیدر خان عظیم آبادی

رحم کر اے دوست گاہے خاکساری ہی | نقش پا کی طرح تیری راہ مین افتادہ ہون

رونق تخلص سیٹھ بابوجی پارسی باشندۂ بمبئی مقیم کلکتہ شاگرد حافظ ضیغم

نہین ملتی دل وحشی کو اپنے ایکدم راحت | کبھی پیرتا ہون صحرا مین کبھی جاتا ہون گلشن مین
اب بنایا گھر کونہ کا کھاڑا چاہیے | جو پری پیکر کہ آجائے پچھاڑا چاہیے

رونق تخلص رائے گنگا پرشاد بہادر ڈپٹی کلکٹر ولد بھوانی پرشاد باشندۂ بریلی

آغاز مین نہ فکر کی انجام کے لیے | چھوڑا خدا کو الفت اصنام کے لیے

رونق تخلص لالہ رام سہائے ولد حکیم منا لال باشندۂ لکھنؤ شاگرد ناسخ راجہ جھاؤ لال کے غریبون مین تھے

صد چاک ہون شانہ کیطرح زلف کے غم مین | قاصد یہ اوسے کہیو زبانی مری دل کی

رونیت تخلص مولوی حبیب احمد خلف وشاگرد حضرت شاہ رؤف احمد رافت تال بھوپال مین رہتے تھے شعر انکے شیرین ونمکین ہوتے ہین اشعار عربی وفارسی بھی خوب کہتے تھے عرض وقوافی مین کمال تھا شروع جوانی مین انتقال کیا

کسی پری کی ہے زلف دوتا سی جا اوجھا | یہ دل بلا ہے کہ ایسی بلا سے جا اوجھا
سحر کہتے ہین جسکو چاک ہے اپنی گریبان کا | جسے کہتے ہین بجلی لمعہ ہے اک آہ سوزان کا
تصور یہ بندھا ہے مجھکو اوس شکل گلستان کا | نظر آتا ہے دنیا ہی مین عالم باغ رضوان کا
مزار ایسی جگہ کیجو نہ ظاہر تا کسی پر ہو | کہ مین کشتہ ہون ای یار دکسیکے ناز پنہان کا
کیا غضب ہے مل کے مٹھون تو کہے وہ دور ہو | اور اگر ہون دور تو کہتا ہے کیون مغرور ہو

رہا تخلص میر رضی ولد میر عباس عرف میر مغل باشندۂ فیض آباد مقیم کانپور شاگرد رشک

آرزو ہے کہ رہا دی ایمن دیکھے | عاریت اوسا وعنایت کرد موسیٰ انکھین

رہا تخلص غلام محمد خان قوم افغان باشندۂ اکبر آباد شاگرد گلزار علی اسیر ملازم راجہ بھوپال

اللہ رے بناوٹ کہ بگڑنے لگے سنکر | کچھ وصف کیا مین نے جو بے ساختہ پن کا

دل لگ چلا ہے اوسکا بھی شاید کسیطرف — آنے لگا جو کچھ مرے غم کا بیان پسند
کہنا ترا ہمارے سر آنکھوں پہ ناصحا — پر کیا کریں جو دل ہی نہ ہو اختیار میں

رہائی تخلص شیخ عبد اللہ متخلص بہ رہائی اکثر تلامذہ شیخ محمد باشندہ موضع راگھوپور پرگنہ منیر ضلع عظیم آباد مقیم کلکتہ شاگرد حافظ شیخ مرحوم و عبد اللہ خان مہر راقم کے ملاقاتی ہین

مجھ باشکستہ کے لیے کیا احتیاج قید — قابل ہے بیڑیونکے نہ لایق رسن کے ہاتھ
کیا ہوگئے وہ لوگ رہائی جو زیر چرخ — بیخون کے بل سے چلتے تھے رکھتے تھے تن کو تان

ریاض تخلص شیخ ریاض الدین امجد خلف شیخ غیاث الدین اشرف باشندہ سنیلہ شاگرد خواجہ وزیر

تو وہ آہو چشم ہے جائے اگر گلزار میں — گل وہین شاخین لگا لین نرگس بیمار مین

ریاضت تخلص اسلام علی ولد عبد اللہ شاگرد خانہ زاد امانت

حسرت سے پس کے ہو گیا دل میرا پارہ پارہ — وہ سرخ شوخ نے دکھائی جو مہندی لگا کے ہاتھ

حرف زا معجمہ

زار تخلص مغل بیگ معاصر میر تقی

مشہور تھے جو نالے میری گلی مین او سکی — جب اور کوئی روتا سمجھا کرے زار ہوگا

زار تخلص برہان الدین خان دہلوی ملازم درگاہ شاہی خط شکست مین دست تھا رکھتے تھے فارسی بھی کہتے تھے

کیونکر اوس بت کو یہ حال دل ناکام لکھون — کب وہ دیکھے ہے خدا کا ہی اگر نام لکھون
چشم طوفان خیز بھرا اب گریہ پر تیار ہے — جسکے آگے اے سیہ رو ابر تو بیکار ہے
چرخ کے کیسے انقلاب ہوئے — پر کبھی ہم نہ کامیاب ہوئے

زار تخلص میر مظہر علی لکھنوی رفیق نواب احمد علی خان شوکت جنگ

چھوٹ جاوین غم کے ہاتھ سے جو کبھی دم بھر — خاک ایسی زندگی پر ہم کہین اور ہم کہین
اب رہائی نے کیا اور پریشان مجھکو — خوب تھا اس سے وہی گوشہ زندان مجھکو

تیری ہی قسم تجھ بن کچھ اور جو بھاتا ہو | کافر ہوا گر اسمین کچھ بات بناتا ہو
اگر کچھ بس چلے اپنا تو کاہے کو یہ خواری ہو | نہ چاہین اوسکو اے ناصح جو الفت اختیاری ہو
فصلِ گل و بہار مبارک ہو عندلیب | مین یار ایک سی ہے بہار و خزان مجھے

زار تخلص حافظ امام بخش نابینا باشندۂ تھانیسر مقیم دہلی علم فارسی و علم موسیقی و علم دعوت مین خوب دخل رکھتے تھے

دکھلاؤن چارہ گر کو جو زخم جگر تو وہ | رو رو کے یون کہے ہے کہ اسکا نہین علاج
زاریون دیتا ہون تسکین اس دل غمناک کو | اب کوئی لاتا ہے اوس ناآشنا بیباک کو

زار تخلص شیخ امیر الدولہ ولد شیخ محمد بخش متوطن بجنور منشی محکمہ صاحب ایجنٹ صاحب

غیر کے پاس شب و روز رہا کرتا ہے | ایک شب بھی نہ مرے گھر وہ ستمگار گیا

زار تخلص میر جیون شاگرد محمد امان نثار وطن اگا کشمیر مولد دہلی

لیجاؤ گے تم اوسکی گلی سے جہان مجھے | آرام جو یہان ہے نہوگا وہان مجھے
کس سے ہولی کھیل کے آتا ہے وہ شکار | رنگ مین کپڑے ہین ساری تر بتر بھیگے ہوئے

زار تخلص لالہ دھنپت رائے خلف لالہ شنکر لال مامون زادہ لالہ لالہ کندن لال عابد باشندۂ بریلی مقیم لکھنؤ شاگرد خواجہ وزیر

میری طرح کسی پہ تمھارا جو آئے دل | سینے پہ ہاتھ رکھکے کہو ہای ہای دل
مین گریبان کردن جو بھر بن آپ آہ سرد | کیا خوش ہون مین کسی پہ تمھارا بھی آئے دل

زار تخلص منشی مینڈو لال خلف میدنی لال لکھنؤ شاگرد طوطا رام عاصی صاحب دیوان ہندی و فارسی ہین

لیلی رگِ جان قیس کی کھینچ آئی ہے شاید | ڈوری یہ نہین پردۂ محمل سے لگی ہے

زاہد تخلص عادل شاہ خان بن گلداد خان باشندۂ رائے پور ضلع فرخ آباد

تشریف وہ نہ لائے نہ بھیجی خبر کبھی | اے آہ کچھ کیا بھی نہ تو نے اثر کبھی

زاہد تخلص سید علی محمد شاگرد صبا

کچھ فرشتہ نہین مین بھی تو بشر ہون زاہد | اوسسے کہدے کوئی اچھی نہین تصویر

زاہد تخلص مذاز اہد الدین خلف مرزا کام بخش ابن مرزا سلیمان شکوہ بہادر مقیم لکھنؤ شاگرد آتش

طرزین بناو کی یہ فقط ہین برائے دل
کیونکر نہ اوس پری پہ بھلا اپنا آئے دل

جب ہم بغل رہے وہ گل گلشن مراد
ہیلو مین کسطرح سے نہ پھولا سمائے دل

زاہد تخلص خواجہ ولایت حسین اکبرآبادی شاگرد اعظم

خدا کے واسطے فرقت زدونکو مت چھیڑو
نہ پوچھو یہ کٹی کسطرح ہماری رات

قضا پکار رہی ہے یہ نعش زاہد پر
وہ لب ہلائے تو آجائے جسم زار مین روح

زائر تخلص مرزا علی حسین ولد مرزا خلیل اللہ بیگ شاگرد حسن یار خان افضل متوطن مشہد باشندۂ لکھنؤ مقیم موجی کھولا متعلقۂ کلکتہ یہ شعر اس تذکرہ کے لیے بھیجے تھے

زلف شبگوں سے عیان چہرۂ زیبا ہوگا
آب حیوان اسی ظلمات سے پیدا ہوگا

رولاتا ہے تصور جب گلوئے یار مہرو کا
صراحی دار موتی بنتا ہے ہر قطرۂ آنسو کا

مانند شمع کمیر دنیا مین تھی زبان ہم
خاموش ہو کے لیکن اس انجمن سے نکلے

فلک حسن خوبان سے روی زمین ہے
کوئی مہر وش ہے کوئی مہ جبین ہے

زرگر تخلص شیخ بلاقی ولد شیخ سعد اللہ سادہ کار لاہوری مقیم اکبرآباد شاگرد مرزا حاتم علی مہر و مرزا عنایت علی ماہ

کبک و طوطی مین کچھ کمال نہین
اون مین تیری سی بول چال نہین

مجھسے کہتے ہو مرے گھر سے نکل جاؤ ابھی
کب مین باہر ہون بھلا آپ کے فرمانے سے

زرکی تخلص میر محمد زکی ولد میر غلام رضا عرف غلام پیر باشندۂ بلگرام

تصور بندھگیا رونے مین کس قتال دور کا
رگین گردن کی دم بھرتی لگین شمشیر براں کا

زرکی تخلص محمد زکی خلف قاری محمد تقی شاگرد عبد الرحمن خان احسان مقیم دہلی

میرا دل سودا زدہ اسمین سے نہ گرجائے
کر زلفون کو شانہ تو مری جان سمجھ کر

زرکی تخلص مرزا محمد علی لکھنوی راقم نے انکو کلکتہ کے مشاعرہ مین دیکھا ہے خمسہ خوب کہتے ہین

مسیحا کے ہمنے زبانی سنا ہے — کہ بیمار الفت سنبھلتا نہین ہے
نکلتا ہے دم ایسے پردہ نشین پر — جو گھر سے بھی باہر نکلتا نہین ہے

زکی تخلص جعفر علیخان مرحوم دہلوی امرائے شاہ عالم بادشاہ مین تھے

سنکے احوال مرا ناصح مشفق نے زکی — ہاتھ سے ہاتھ ملے حیف سے سینہ کوٹا
عشق مین نسبت نہین بلبل کو پروانہ کی ساتھ — وصل مین وہ جان دی یہ ہجر مین جیتی رہی

زکی تخلص شیخ مہدی علی مراد آبادی خلف شیخ کرامت علی واجد علی شاہ بادشاہ لکھنؤ نے انکو ملک الشعرا خطاب دیا تھا صاحب دیوان ہین شعر اچھا کہتے ہین

بوسہ لیتے ہی جو پاپوش نگارین پاؤنگا — رشک سے کہتا ہے دل پانا کہ دشمن زیر پا
جمال یار پہ ہمنے یہ ٹکٹکی باندھی — کہ اپنی آنکھ کا تل اوسکے مُنہ کا خال ہوا
دھوم دیوانے اوڑاتے ہین پریزادون کی — شمع محفل کو لگا دیتی ہین پروانے پر
بُو ہے نخچہ مین عیان یا تری موٹھون مین نسی — قید شیشے مین پری ہے کہ ضیا آنکھون مین
اب سبب کیا ہے جو کانٹا سا کھٹکتا ہے زکی — یہ وہی دل ہے کہ رہتا تھا سدا آنکھون مین
شورش وحشت ہو اور دامان دلیرا ہاتھ مین — پاؤن مین بیڑی ہو اور زلف معنبر ہاتھ مین
شرما کے طپش کھا کے خفا ہو کے ہنس پڑے — پاؤن پہ مین گرا جو بدن کو لگا کے ہاتھ
گاہے غم فراق گہے آرزوے وصل — کیا کیا ہو دل لگی جو کہین دل لگا رہے
حسرت اے تازہ اسیران قفس آتی ہے — دھوم سے فصل بہار اب کی برس آتی ہے
جب یہ سنا کہ پاؤنکو مہندی لگی ہے واہ — شعلہ بھڑک اوٹھا نگہ انتظار سے
ماہتابی پر جو وہ خورشید رو ہے بیحجاب — اپنے جامہ سے ہوئی جاتی ہے باہر چاندنی
دل ہم سے جدا رہا ہمیشہ — گویا وہ ضمیر منفصل ہے
جوہر تھے مجھ مین سب ملکوتی خصال کے — انسان بنا کے کیون مری مٹی خراب کی

زکی تخلص نواب محمد زکی خان عرف نواب بہادر خلف نواب وزیر الدولہ آغا حیدر حیدر رنیشاپوری باشندہ لکھنؤ شاگرد اشرف علی قادر و علی اوسط رشک

زنجیر ہو گلے سے تیرے میرے موج مے — میخواری مین اگر وہ مجھے یاد آ گئے

نمن شعلہ تخلص سید دوست علی خوشنویس خلف میر محمد پناہ باشندۂ اٰلہ آباد شاگرد صحفی و محمد یحیی تنہا پہلے دوست تخلص کرتے تھے

کسی کاتب نے گر نامہ لکھا تھا اوسکو — آج کل روز قلم ہوتے ہین دو چار کہ ہاتھ

نومان تخلص سید محمد زمان باشندۂ امروہہ تعلقات دنیوی کو چھوڑ کر فقیری اختیار کی تھی

عارض ہے گل کا صاف ولیکن جھلک نہین — نرگس کی چشم ہی پہ یہ پلک پلک نہین

نور تخلص داؤد بیگ برادر خورد شاگرد محمود بیگ

ہوتے ہین اب سیاہ خانۂ خلق — سرمہ آنکھون مین مت لگایا کرو

نسیب تخلص مرزا جمال الدین معروف بہ مرزا کلن بن مرزا ابہادر بن مرزا بخت نبیرۂ عالمگیر ثانی بادشاہ دہلی شاگرد ذوق

لہو مین بھر کے جو دامن کو اپنے یار آیا — یقین ہے آج کسی بیگنہ کو مار آیا

بعد اک عمر لگی آنکھ ذرا سونے دے — نہ کر اے شور قیامت ابھی بیدار مجھے

نسیب تخلص مرزا محمد علی خان

تپ فرقت سے ہے یہ داغ جگر کی صورت — پھپھولا اوڑ جاتا ہے رکھتے ہی سر کی صورت

نسیب تخلص میر آغا خلف میر الہی بخش باشندۂ فیض آباد شاگرد وزیر علی صبا

پیش آئی ہے وہی جو ہے تقدیر مین لکھا — مٹتی ہے سر نوشت بیاض جبین سے کب

نسیم تخلص مولوی حافظ قلندر بخش باشندۂ پانی پت شاگرد منشی کرامت علی شہیدی فرزند امید علی مین عالم تخلص کرتے ہین

نسیم کل ایک طرف کو مین سکل خستہ دل — قی جاتا تھا نا گہان وہ پیر دلا مجھے

فی الفور دیکھتے ہی یہ اوسکو مین عرض کی — کب تک رکھے گا رنج مین تو مبتلا مجھے

سنتے ہی درجواب یہ بولا وہ تند خو — محبت سے تیری رنج نہین ہے ذرا مجھے

لیکن یہ ڈر ہے اپنی محبت کے واسطے — ایسا نہو سکھائے تو مہر و وفا مجھے

نسیم شباب ہی مین ہے کچھ لطف زندگی — یہ عیش پھر کہان جو جوانی گذر گئی

حرف سین مہملہ

ساجد تخلص محمد ساجد علی خان ولد نواب سید علی محمد خان بہادر شاگرد مولوی شہید

یاد آتی ہے جو اوس رشک قمر کی صورت | دل بھی پہلو مین بھڑکتا ہے جگر کی صورت

ساحل تخلص مرزا اکبر علی ولد میرزا باقر علی دہلوی مقیم کانپور شاگرد رشک

چکون سے محو زلف کو نوکر وہ رہتے ہین | اکثون مین آج ہوتا ہے بھرتی غلام زلف
مہدی یار سے گلشن مین کیا کرتی ہے | کور ہو جائین تری نرگس شہلا آنکھین

ساقی تخلص منشی میر محسن علی ساکن نگینہ

دم ناکی مین ہے گبر و مسلمان کے بحث سے | یارب چھٹینگے مخمصہ کفر و دین سے کب

ساقی تخلص میر غلام حسین متوطن بخارا شاگرد میر شمس الدین

آج کی رات میری جان نہ جا | راہ مین ڈر ہے بات مان نہ جا

سالک تخلص ارشاد علی شاہ خلف محمد علی مرید شاہ فضل حسین عظیم آبادی شاگرد ہادی دہلی
بیخود باشندہ بھوپال تا ل لکھنؤ مین بہت روز رہے سیاح وارفتہ مزاج تھے

نہ رہون مین کبھی نظرون مین حسینون کے ذلیل | چھوڑ دین حسن پرستی کا جو پکا آنکھین
واہ کیا رنگ طلائی ہے کہ کندن گر دے | ہو گیا ہے نقرہ چھلا سنہرا پاؤن مین
گر یہی ہے اشتعال آتش رنگ حنا | شعلہ جوالہ نجائے گا چھلا پاؤن مین
اس ادا سے بزم مین رقصان ہوا وہ شوخ گل | بنگیا گھنگرو ہر اک چشم تماشا پاؤن مین

سالک تخلص مرزا انجمۃ بخت ابن شاہ عالم بادشاہ مرید میر محمدی قدس سرہ شاگرد
حافظ عبد الرحمن خان احسان

مت دیکھ حقارت سے مرے گریہ کو ظالم | یہ اشک مسلسل نہین موتی کی لڑی ہے

سالک تخلص مرزا قربان علی بیگ وکیل راجہ الور خلف نواب مرزا اعلم بیگ خان
مرحوم شاگرد مومن خان و اسد اللہ خان غالب مولد انکا حیدر آباد مسکن دہلی
راقم کے دوستون مین ہین اشعار اسکے نہایت بامزہ ہوتے ہین دیوان انکا نظر سے گزرا

وہان دخل وہم کو نہ گزرے ہے خیال کا
اچھی جگہ ہے دل کو بھروسا وصال کا

کچھ ہو پر اونکو جانب اغیار دیکھنا
اکبار منع کیجے تو سو بار دیکھنا

خلق خدا یہ رحم بھی کرنا ضرور ہے
مت دیکھنا کسی کو خبردار دیکھنا

کیسلیے حال دل گم شدہ یار سب نہ کھلا
غیر کا راز تھا کیا یہ بھی کہ افشا نہ ہوا

یون عمر گزاری تری فرقت مین کہ ہر دم
جینے کا گمان تھا مجھے مرنے کا یقین تھا

دل وہ کافر ہے کہ مجھکو نہ دیا چین کبھو
بیوفا تو بھی اسے لیکے پشیمان ہو گا

کچھ بھی جور و ظلم حشر بڑھایا نہ جائے گا
قصہ تمام ہمسے سنایا نہ جائے گا

وہ اضطراب شوق کے طعنے وصال مین
کیا رنج ہجر ہے کہ اوٹھایا نہ جائے گا

سمجھتے ہین وہ فرض اسکی شکست
مرا دل بھی عہد وفا ہو گیا

خوبان ظلم دوست کو مین نے بُرا کہا
تم کیون خفا ہوئے تمھین اللہ کیا کہا

کیونکر ہو جرائیں ستم عشق کی سیری
غم رزق مقدر ہے سوا ہو نہین سکتا

خراب کوے بتان ہے خلقت یہین سے باقی ہے رنج و
سپہر گردش مین کر نہ جرأت کہ دور آیا ہے اب مین کا

تیری تصویر کیون نہ بول اوٹھے
اسمین عاشق کی جان ہے گویا

خلقت کو یہ گمان ہے کہ خلوت عدو سے ہے
پردہ کو تم اوٹھاؤ کہ یہ پردہ در ہوا

اوس سے اور بوسہ کی خواہش اپنی حد سے بات کر
وہ اگر دی بھی تو سالک کب تری منہ پر کہا

گمان مجھیر ہے اوسکو داد خواہی سے شکایت کا
قیامت ہو گیا حق مین مرے آنا قیامت کا

پسند اللہ کو کیا جانے کیا آجائے انکو اہ
مجھے شرم گنہ تجھکو تکبر ہے عبادت کا

نیند اوڑنے سے بڑھا لطف شب وصل عدو
ہائے پہونچا ہے کہان شور سلاسل مجھ

تیز چلتی ہے سخت جانون پر
دم نہ چڑھ جائے تیغ قاتل کا

مرے کوچے سے گزر جائے عدو دیکھون تو
یہ بھی سمجھا ہے مگر دل مین ترے گھر ہونا

خوشی ہے اونکو یہ جانتا ہون مگر مین کہنے کو اپنی
کہون یہ اونسے کہ بعد مردن تم آکے ماتم مرا کرنا

نہین اکبار بھی اب سننے کی طاقت دل مین
پہلے سو بار ترا نام لیا کرتا تھا

گرے ہین چشم خلائق سے خاک ہو کر ہم
ستم سے تم نے کیا کسطرح جہان اپنا

اپنی ستم کشی کا مجھے امتحان ہے اب
درکار ایک اور نیا آسمان ہے اب

اقرار وصل اور وہ مست غرور نامہ
آیا ہے پی کے تو کہیں اے نامہ بر شتاب

میری قسمت میں ہے وہاں آوارہ ہونا چارہ
میری پیشانی پہ لکھا ہے نشان کوئے دوست

سنی جو وصل میں ہجران کی بیقراری رات
تو غیر کے لیے روتا رہا وہ ساری رات

رفتار میں سپہر کی سرعت ہے شام سے
اے دل وہ اپنے وعدہ پہ آئیں یقین ہے آج

یہ تازہ رشک کسکا ہے دل میں بخبر عدو
شاید ملے ہیں وہ مرے پیغامبر سے آج

دیکھ لیتے ہیں جو دروازہ کے اکثر باہر
تو مجھے ہاتھ سے کہدیتے ہیں باہر باہر

یہ صفت تجھ میں نئی ہوگئی بدخو ہو کر
آپ بھی منہ سے نکلتا ہے تری تو ہو کر

ابتک بھی ہوش میرے ٹھکانے نہیں ہوئے
سالک کا حال رات کو ایسا سنا کہ بس

تم بھی وہی کہو تو کہے اک جہان بجا
میں بھی وہی کہوں تو کہے اک جہان غلط

کیونکہ ممنون نہ ہوں میں اپنی گرانجانی کا
اذکو نظروں سے ہوا میرا گرانا مشکل

یہ بھی ہوگا اے ستم ایجاد تجھ سا ہے کبھی
شوخیان ابتک جوانی کی ہیں چرخ پیر میں

ہوتی ہے رحم و مزاکت میں لڑائی کیا کیا
سر چارجو زانو پہ وہ دھر لیتے ہیں

یہ بھی قسمت کہ ہوا نام ہمارا سالک
بے غلط ہے وہ سناتے ہیں اگر لیتے ہیں

پوچھتے ہو کہ مجھے غیر کے گھر دیکھا تھا
جان کے خوف سے کہدیتے ہیں مجبور نہیں

دیکھنا صبح شب وصل بھی ہے کیا ہی بلا
میں تو بس شمع کے بھی منہ پہ ذرا نور نہیں

نہ وہ آئی نہ نیند آئی شب وعدہ مگر یارب
ہماری نیند لیکر سو گئے وہاں پاؤں والے ہیں

بستے طالع نے اس عالم کو اب پہنچا دیا
چاہیے تحت الثری کو عالم بالا کہوں

جھکتا نہیں سر آج ترے در پہ ہمارا
ظالم نہ کہیں غیر نے یہاں پاؤں دھرے ہوں

دل بھی کیا چیز ہے کھنچتا ہے جو خوددار کو ساتھ
یہ دکاں وہ ہے کہ چلتی ہے خریدار کے ساتھ

ہاتھ میں آئینہ لیکر تم دکھاؤ غیر کو
وائے بخت رفتہ ہے تقدیر پشت آئینہ

لو اور گرم ہوگئی محفل رقیب کی
کیا کیا جلا ہوں میں نفس شعلہ بار سے

اے خضر اتنے دن تری کیونکر بسر ہوئی
ہم سے تو رات کٹ نہ سکی انتظار کی

داور روز جزا گھبرا گیا — مین نے اتنی حشر مین فریاد کی
فلک کا حال کہین یا عدو کا یا تیرا — نہ پوچھے کاش قیامت مین کچھ خدا ہمسے
میکدہ کی نہین ملتی گر [illegible] — آو مسجد کی زیارت ہی سہی
وصل اوس بت کا نہ ہو گر سالک — آج کی رات عبادت ہی سہی
صیاد اور بند قفس سے کرے رہا — جھوٹی خبر کسی کی اوڑا ئی ہوئی ہی ہے
وائے اے ضعف کہ سنتے ہے فرشتے اسکو — یا سنائی نہین دیتی مری فریاد مجھے
ہون وہ خود رفتہ کہ کب جانے کہان دل کیا — یاد آتا ہے تو اتنا کہ نہین یاد مجھے
روے سخن کدھر ہے نہ سمجھا ہزار حیف — ہم یار سے شکایت تقدیر کر چکے
ہے رشک کہ نالہ مرا اور غیر کے گھر جاے — ورنہ تمھین آرام سے ہون رات گزر جاے
ہان سچ ہے کہ تم کیونکہ اوسے قتل کروگے — دشمن کا مسلمان نہین ہے کہ اوتر جاے
کنج مزار مین بھی وہی اضطراب ہے — دل ہے کہ اک فرشتہ قہر عذاب ہے
پہونچے عدو کے گھر مین تو دہن جھٹک دیا — ہم خاک بھی ہوے ہین تو مٹی خراب ہے
جتنے گئے ہین سب ترے غم مین ہین مبتلا — ملک عدم یہان سے زیادہ خراب ہے
ہنسو بولو کہلے خوبی زبان کی — خموشی بات کھوتی ہے دہان کی
نزاکت سے بڑھا لطف شب وصل — نہین ہے تاب اونھین خواب گران کی
وصل صنم کی مانگ نہ یون دمبدم دعا — سالک خدا سے اتنا تقاضا نہ چاہیے
جانے دے اے تصور جانان مرا کہا — ایسا نہ ہو کہ وہ کہین دشمن کے گھر ملے
بات کرتے ہین وہ گھڑیون ہین چبا کر سالک — وعدہ وصل مین اونکو بھی مزا آتا ہے

سامان تخلص میر محمد ناصر جونپوری مقیم دہلی شاگرد حضرت مرزا مظہر جانجانان

رقیب اسطرح ملتے ہین ہمین دیکھ — مگر رشتہ مین ہین اوس شمع رو کے

سامی تخلص مرزا امجد جان بیگ کشمیری مرید حضرت خواجہ میر درد قدس سرہ وطن انکا دشت قبچاق اشعار پارسی بہت خوب کہتے تھے کئی غزلین حسب فرمایش احباب ریختہ مین کہین تھین شاہ عالم بادشاہ کے عہد مین وفات پائی

افسوس کہ اغیار بنے یار تمہارے | غماز بنے محرم اسرار تمہارے
ہم گھر مین تمہارے کہو کس راہ سے پہنچین | دشمن ہین ہمارے در و دیوار تمہارے

سامی تخلص مولوی وجہ اللہ خان بہادر صدر الصدور ضلع مین پوری ولد مولوی عبد الحکیم چاٹگامی شاگرد مولوی رشید النبی مرحوم وحشت راقم کے دوستون مین ہین بیشتر فارسی کہتے ہین

استحان تیر ستم کا سینہ سامی پہ ہو | سنتے ہین دعوا ہے اوسکو لذت آزار کا

سائل تخلص محمد یار بیگ دہلوی قوم اوزبک شاگرد شاہ حاتم سودا

نہ دیکھا زندگی مین اوسکو سائل | بہروسا کیا نگاہ واپسین کا
وہ حمائل ہو گیا دست شکستہ کیطرح | آہ اپنا جبکو مین نے قوت بازو کہا
شاخ کو کوئی ہلا دے تو ثمر جھڑتے ہین | اپنے ہر جنبش مژگان سے گہر جھڑتے ہین

سائل تخلص حکیم عبد الحق ولد شاہ ابو الحسن قادری باشندہ موضع بختہ ضلع منگیر شاگرد خواجہ وزیر و امیر احمد امیر

شوق سے اپنے گنہگارونکو چونکتے ہین | بھیجے بار کے ابرو ہین تو خنجر پلکین
کھیل مرغ دل وحشی کا شکار اوصیاد | دونون آنکھین تری شہباز مین شہپر پلکین
سوزش عشق سے جلتی ہین یہ آنکھین اپنی | پنجشانے کی طرح سینکتی ہین شب بھر پلکین

سبحان تخلص عبد السبحان شاگرد ابرو مقیم دہلی

جان و دل ہے قبول سب جانا | پر گلی مین ترے ہمین آنا

سبقت تخلص مرزا نثل خلف مرزا علی اکبر اخوند شاگرد جرأت وطن اجداد ایران مولد دہلی مسکن لکھنؤ ۱۲۳۵ بارہ سو پینتیس ہجری مین رحلت کی +

تا بہ کجا یہ اضطراب دل نہ ہوا ستم ہوا | جان لبون پہ آگئی تو بھی ستم نہ کم ہوا
جب سے ترے فراق مین ہون گرم گریہ مین | ہنگامہ تب سے سرد ہے ابر بہار کا
کس کسطرح سے اپنے تئین کرتے پایمال | افسوس اوسکو شوق نہین ترک تاز کا
ٹھنی ہے اب ہی دل پر کہ کم کسی سے ملین | نہ کوئی ہم سے ملے اور نہ ہم کسی سے ملین

سپاہی تخلص امام بخش معلم نستعلیق خوب لکھتے تھے

سپاہی یہ تن سوزان ہے میرا سطح آب کی — لگی ہے جسطرح سے آہن شمشیر آتش مین

سپہر تخلص شتاب خان دہلوی شاگرد مرزا قادر بخش صابر صاحب دیوان ہین

اوسکو ظالم جو کہا مین نے تو ہنسکر یہ کہا — سمجھو ظالم بھی میسر کوئی سمجھا نہ ہوا
رکھا یاد تمنے مرے جھولنے کو — عجب لطف کا ہے یہ نسیان تمہارا
بے حوصلہ سمجھ کے وہ ہنستا ہے اے سپہر — رو نا ہون جسکے سامنے کہہ کر ہنا ہون دل
کچھ آج کل مرے دلمین گزرتے ہین غنیم — کملا نہ آنے کا بیان اوسکے مدعا مجھکو

سپہر تخلص میر محمدی خلف میر مہدی عرف میر شاہ علی لکھنوی خواہرزادہ محسن صاحب

سراپا سخن شاگرد خواجہ وزیر صاحب دیوان گزرے

خال کا گشتہ ہون کیا ذکر اسرو سے خدا رکھا — کام لیتا ہے وہ قاتل ڈھال سے تلوار کا
کہا یہ اوس بت گلرو نے دیکھکر زن زار — خدا کی شان ہے دیکھو پری ہے خانہ مین روح
نہین مسی ملی ہے یہ لب جانبخش جانان پر — خضر اودی گھٹا چھائی ہوئی ہے آب حیوان پر
ملا کر لب سے لب بوسہ دیا اوسنے نہ مونگا تھا — سکندر رہ گیا پیاسا ہو بکر آبحیوان پر
مستی مین دعا روز ازل سے ہے یہ ساقی — دل نشئہ وحدت سے رہے چور بغل مین
فردوس مین بھی بادہ کشی اپنی رہا کی — اک جام رہا ہاتھ مین اک حور بغل مین
اونکے زانو پہ جب رکھا سر کو — ہنسکے بولے اجی ذرا سر کو
وصل ہے یا وصال ہے صاحب — کیون بڑھاتے ہین آپ زیور کو
کمر ٹوٹی جو دیکھی خط سے قاصد کی کمر خالی — ملے دست ہوس دیکھے جو دست نامہ بر خالی
سرد آہین کر رہا ہون کچھ آنسو ہین رواں — ابتدا جاڑے کی ہے اور انتہا برسات کی
آہ سوزان کے شرارے ہین دم گریہ بلند — اوڑتے ہین جگنو برستی ہے گھٹا برسات کی
ہے کدر میری آہ و گریہ سے وہ سخت دل — رنگ لوہے مین لگاتی ہے ہوا برسات کی

سجاد تخلص سید محمد سجاد مخاطب بہ ذوالفقار الدولہ برادر زن واجد علی شاہ بادشاہ لکھنؤ خلف محمد تقی علی خان نواسہ انشاء اللہ خان باشندہ لکھنؤ مقیم کلکتہ شاگرد مرزا علی لطف

شفق یہ شعر اس تذکرہ کے لیے بھیجے تھے

رہا بعد فنا بھی یہ اثر سودائے الفت کا
کہ مقتل مین سیاہی چھا گئی خون شہیدان پر

زخم شمشیر نگہ کا ری ہے
دونون آنکھون سے لہو جاری ہے

جو ترے عشق کا آزاری ہے
تندرستی اوسے بیماری ہے

سیہ پوشی پہ مائل کیون خط رخسار رہتا ہے
مگر حسن رخ سادہ کا ماتم دار رہتا ہے

یہ کس عارض کا محو جلوہ دیدار رہتا ہے
کہ آئینہ ہمیشہ پشت بر دیوار رہتا ہے

سجاد تخلص حکیم میر سجاد اکبرآبادی ولد میر محمد اعظم شاگرد ابرو جد اعلی انکے میر منشی دارالانشائے شاہی تھے صاحب دیوان گزرے

دل کی جمعیت نہ کہو لب کھول کر
ہو وے ہے غنچہ پریشان بول کر

مر گئے پر اگر نہین آسیب
کیون یہ رکھتے ہین قبر پر تعویذ

میرے تمام حال کی تقریر ہے وہ زلف
روز سیاہ و نالہ شبگیر ہے وہ زلف

ایک دل رکھتا ہون جو چاہے سو بیجا دے آوے
خواہ کاکل خواہ ابرو خواہ مژگان خواہ چشم

لب شیرین پہ اوسکے مرتا ہون
زندگی اپنی تلخ کرتا ہون

جب ہم آغوش یار ہوتے ہین
سب مزے در کنار ہوتے ہین

یار کا جامہ ہین تو ہے عزیز
یوسف اپنا پیرہن نہ کرے کبھے

بتون کے نین کس قدر مانتا ہے
یہ کافر مراد دل خدا جانتا ہے

رات اور زلف کا یہ افسانہ
قصہ کوتہ بڑی کہانی ہے

سجاد تخلص میر علی سجاد محافظ دفتر کلکٹری ضلع الہ آباد خلف میر حید رعلی باشندہ موضع کڑا پرگنہ ملیہ توابع ضلع مذکور شاگرد رشک صاحب دیوان ہین

صدقے ترے قد پہ لاکھون خوش قد
آنکھون پہ فدا ہزار آنکھین

گلرنگ ہین آستین و دامن
دکھلاتی ہین کیا بہار آنکھین

سحاب تخلص محمد الہ یار خان خلف محمد ہارون خان رسالہ دار خیرآبادی مقیم لکھنؤ شاگرد برق

ہر قدم پر مرے زندے کرتے ہین انداز ادا | اے بتو معجز نما گویا تمہارا پاؤن ہے

سحاب تخلص کنور گوپال سنگھ دلدر اجہ سالکرام شاگرد مولوی بخش قلق

شمع رو رو کے مہ زم یہ کہتی تہی کہ ہای | خاک کرتی ہے مری گرمی بازار مجھے
اے دل رفتہ مگر جان یہ کچہ آن بنی | چارہ گر اب نظر آتے ہین عزادار مجھے

سحر تخلص محمد خلیل خان حیدر آبادی

بو تری پاتی ہے اے رشک بہار | اشک کا ہر قطرہ سمن بن گیا
اے سحر یار مزیدار کسکو ملتا ہے | برا بہلا تو ملے در کنار خاطر خواہ

سحر تخلص بیمرزا ناصر علی مرحوم زمیندار بری براون خلف میر محمد علی متوطن کویل مقیم لکھنؤ شاگرد ناسخ سنہ ۱۲۵۹ بارہ سو اونچاس ہجری مین نوبت کی صاحب دیوان گذرے

آنکھین مری فرقت مین ہین ناسور سے افزون | پھوڑے سے زیادہ ہے دل زار بغل مین
کچہ سخت نکما کسی بدمست کو ساقی | شیشے سے فزون ہے دل سیخوار بغل مین
نکلا ہے جو دم حسرت آغوش مین آکر | کس پیار سے لیتی ہے مجھے گور بغل مین
اسمین شیرین تری کچہ شان نہ کم ہو جاتی | چوم لیتی لب شیرین سے جو فرہاد کی ماتھہ

سحر تخلص مرزا فضل علی باشندہ لکھنؤ مقیم موجی کمولا متعلق کلکتہ شاگرد مرزا علی جان شفق یہ شعر اس تذکرہ کے لیے بھیجے تھے

پریون سے مشابہ جو ہے پرواز پر تیر | انداز پری رکھتا ہے انداز پر تیر
نکالین صلح مین الجھن کی باتین | دیا بوسہ تو پیچ و تاب کھا کر
گھٹا دو چشم افسون گر مین سرمہ | دکھاؤ سحر کو جادو جگا کر
مردم دیدہ یہ کوئی زلف مین پھرتے نہین | پتلیون کا ہے تماشا خانہ زنجیر مین

سحر تخلص منشی عبد المجید ولد غلام مینا ساحر باشندہ کاکوری

نام کو مجھسے نہ الفت نہ ملاقات رہی | دن کو بہی آپ دہین رہیے جہان رات رہی
یہ شب وصل مین گردون کی عداوت دیکھو | صبح ہوتی ہے مرے گہر مین پہر رات رہی

سحر تخلص شیخ امان علی ولد محمد امین لکھنوی شاگرد برق صاحب دیوان گذرے

جو کچھ ہوا سو ہوا بس گذشتہ را صلوا ۃ
کہان تلک کوئی رویا کرے گلا دل کا

برق کے ہم ہین دیکھنے والے
ابر تر کے ہین یادگار آنکھین

چشم بیمار کی بیمار مرے جاتے ہین
لب جان بخش سے ہوتا نہین اچھا کوئی

منہ کو آئینہ مین دیکھا دیکھ کے خوش ہوتے ہو
پہلے پیدا تو کرو چاہنے والا کوئی

وصل کی بعد مرگ ٹھہری ہے
اسلیے گور پر مسہری ہے

سخن تخلص احمد علی خان خلف کرم علی خان مقیم دہلی

ہوی زخمی مژہ کی اور نگاہ چشم دلبر کے
نہین محتاج ہم نوک سنان و آب خنجر کے

سخن تخلص مولوی ظہور علی

عبث دار فنا مین گھر سکونت کا بناتا ہے
کہ آخر ایک دن دار بقا کو یہان سے جاتا ہے

بعد مردن بھی مجھے رنج فراق یار ہے
گور کی ظلمت نہین ہے کم شب دیجور سے

سخن تخلص راجہ نواب علی خان ولد امیر علی خان باشندہ حیدرآباد

حوروں مین کہان ناز و ادا صورت انسان
جنت مین بھی دنیا کے مزے یاد کرینگے

ہم خاک نشینون کا ستانا نہین اچھا
لجائینگے افلاک جو فریاد کرین گے

لکھینگے سراپا سحر اوس لعبت چین کا
کار قلم مانی و بہزاد کرین گے

سخن تخلص اجودہیا پرشاد پسر رام دیال دیوان اعتماد الدولہ افضل علی خان شاگرد مہدی علی خان قبول

تصویر کربار مین ہین اشک روان
کہٹک ہو کیون نہ جو پڑ جاے بال آنکھون مین

اسیر دیدۂ جانان ہین سب کی طائر دل
نہین یہ نشہ کے ڈورے ہین جال آنکھون مین

سخا تخلص شیخ سخاوت حسین ولد گل محمد باشندہ دیباے نواح بلند شہر شاگرد فدا حسین فدا

بھجوا دون سر کو کاٹ کی پیغامبر کے ہاتھ
ایذا نہ پاین قتل مین تا قتلہ گر کے ہاتھ

یہ جان لے کہ جان بھی جائیگی ہاتھ سے
دم بھر بھی تیر مرے گر مرے سینہ سے سر کے ہاتھ

سخن تخلص رام دیال گھڑی ساز ولد پرم سکھ لکھنوی شاگرد آتش صاحب دیوان گزرے

خدا کے واسطے سن اے صنم گلہ دل کا
کہ تیری آنکھون نے لوٹا ہے قافلہ دل کا

سخن تخلص حکیم مرزا محمد حسین وطن انکا کشمیر مولد دہلی شعر فارسی بھی کہتے ہین

جو ہین جان نکلی دہن آن نکلا | بھلا مرتے مرتے یہ ارمان نکلا

سخن تخلص خواجہ فخر الدین حسین خلف خواجہ جلال الدین حسین المعروف بہ حضرت صاحب متوطن دہلی باشندۂ لکھنؤ وکیل عدالت دیوانی ضلع شاہ آباد عرف آرہ شاگرد مرزا نوشہ غالب سید فرزند احمد صفیر بلگرامی انکو اپنا شاگرد بتلاتے ہین کلام ان کا لکھنویون کے انداز کا ہے کوئی شعر یا کوئی فقرہ شرد ہلویون کے انداز کا انکے کلام مین نظر نہین آتا انکو آرہ مین دیکھا تھا انکا فسانہ سروش سخن نظر سے گزرا

یہ جان ہے یہ جگر ہے یہ دل تیری نذر ہے | اسمین سے کوئی بھی تو کرائے دلستان پسند
بناوٹ سے بگڑ کر عین گرمی مین لگے کہنے | خدا کی واسطے چھوڑ دو نہ ڈالو ہاتھ گردن مین
کبھی چھونے نہ پائین پانون تک حسین کا ہم ہرگز | زہے تقدیر اوسکا ہاتھ ہو دست برہمن مین
پڑھے ہے جن کو اوتار اسانی مہوش نے شیشے مین | کیا واعظ کو محو دختر رز ایک ساغر مین
دفن ہے اسمین سخن لاشۂ لیلی شاید | ہائے مجنون کے جو مرقد سے صدا آتی ہے

سخنور تخلص دیوالی سنگھ کایتھ خلف رائے جی سنگھ دہلوی منشی دفتر شاہی

گریبان رکھے ہے بن ترے یہ چشم تر مجھے | طوفان نوح آگے ہے اب پھر نظر مجھے

سخنور تخلص مولوی احمد علی لکھنوی مقیم مرشد آباد شاگرد مصحفی

آب گو ہے سخن غیر مین لیکن صاحب | کان مین گرتے ہی کر دیتا ہے بہرا پانی
لب شکر شکن اوس غیرت گل کا دکھانا ہے | چمن مین طوطی و بلبل کو آپس مین لڑانا ہے
اثبات جز لا تجزے مین تھا کلام | ساکت رہا وہ غنچہ دہن انفصال سے

سخی تخلص سید پرورش علی ولد بیدار علی باشندۂ کڑا ضلع الہ آباد

دل کھلونا نہین جو کہتے ہو | ہم یہی لینگے ہم یہی لین گے

سراج تخلص مولوی سراج الدین باشندۂ ضلع فرید پور مقیم ضلع مرشد آباد راقم سے اسنے ضلع راج شاہی عرف رام پور بوالیہ مین ملاقات ہوئی تھی انکے بہت سے اشعار عربی و فارسی بھی نظر سے گزرے

سخی

حسن ہے خوبون مین لیکن کیجے وفاداری نہین | جون گل کاغذ کہ جسمین بو نہین ہے رنگ ہے

سراج تخلص سراج الدین علی خان آرزو لکھنوی صاحب تذکرہ والون نے الکنا نام تمر علی لکھا ہے

نہین ہے تاب مجھے تیرے سامنے جانا | کہان سراج کہان آفتاب عالم تاب
پتھر بھی نہین ہے شرر شوق سے خالی | بتیابی نبض رگ خارا کی خبر لو

سراج تخلص سراج الدین علی شاہ اورنگ آبادی درویش تھے

نوگر کو کمان طاقت نہ زخم عشق کو تلوار | اگر دیکھیے مرا سینہ رفو چکر مین آجائے
چلی سمت غیب سے اک ہوا کہ چمن سرور کا جل گیا | مگر ایک شاخ نہال غم جسے دل کہتے ہین سو ہری رہی
وہ عجب گھڑی تھی کہ جس گھڑی لیا درس نسخہ عشق کا | کہ کتاب عقل کے طاق پر جو دھری تھی وہین ہری رہی

سردار تخلص سردار مرزا خلف سید محمد لکھنوی شاگرد وزیر

قمریان ای جوش جنون دشت مین آئی ہے بہار | پھر کھجاتے ہین کئی دن سے برابر تلوے
گرم رفتاری عشاق کا اعجاز یہ ہے | تر نہین ہوتے ہین بالائے سمندر تلوے

سرسبز تخلص مرزا زین العابدین خان خلف نواب سالار جنگ شاگرد مصحفی صاحب دیوان گزرے

بے تکلف بھی دل کے لینے تک | ہم سے اب آپ منہ چھپاتے ہین
ترے ہاتھ سے بوے مشک آئی شانہ | مگر تو نے کاکل سنوارے کسی کے
اوسکے کوچہ کیطرف مین تو نہ جاؤن سرسبز | کشش دل ہے کہ کھینچے لیے جاتی ہے مجھے

سرشار تخلص لالہ ملوک چند لکھنوی

اس سج سے وہ دلبر چلے خوبون مین اکڑکے | جون ماہ ستارون مین چلے رات کو اڑکے

سرور تخلص مرزا رجب علی بیگ ولد مرزا اصغر علی لکھنوی شاگرد انشا حسین خان نوازش صاحب دیوان و سرور سلطانی ترجمہ تمثیر خانی و شگوفہ محبت و گلزار سرور و فسانۂ عجائب ہین اردو نثر بہت خوب لکھتے ہین اوائل ۱۲۱۱ھ سے اکثر ہجری مین کلکتہ مین آئے تھے راجہ بنارس کی سرکار مین متعلق تھے بہت سی تصنیفات انکی نظر سے گزری

ہزار صدمہ پہ دل نے ہماری اف بھی نہ کی — جو اک رفیق ملا وہ بھی بے زبان ملا
بہ مہکناری جانان سے تازہ لطف اوٹھا — گلی سے مل گئے سب رنج در کنار ہوا
رشک زلف یار سب عقدے ہین سیر ای سرور — اور اولجھ اوٹھتے ہین بیٹھے جب کہ سلجھانے کو ہم
نہین اوٹھتی پلک نزاکت سے — سرمہ ہوتا ہے بار آنکھون مین
اتنی چھانی ہے خاک تیرے لیے — چھا رہا ہے غبار آنکھون مین
جب سے اپنا لقب ہوا ہے سرور — روز و شب ہے خمار آنکھون مین
سرور مشرق و مغرب کی سیر کی ہم نے — نہین ہے حسن خداداد کا جواب کہین
کوچہ قاتل مین جا کر اپنے ہاتھون جان دی — مرتے مرتے کام آئے یہ ہمارے ہاتھ پاؤن
پیری و صد عیب یہ بھی مثل ہے ای سرور — ڈھونڈھتے ہین اب تو لاٹھی کی سہارے ہاتھ پاؤن
تنی رہتی ہے اکثر چادر مہتاب تربت پر — کہ نا معلوم ہو سب کو قتیل مہ جبینان ہون
اللہ ری بیحسی کہ جو دریا مین غرق ہون — تالاب کی طرح کبھی پانی روان نہ ہو
پھیرنہ منہ اوسنے کیا میری طرف ہی ظالم — سخت تم بھی مرے نالو ہوا ثر سے خالی

سرور تخلص مرزا فضل علی بیگ برادر حقیقی مرزا نیاز علی بیگ نکہت شاگرد شاہ نصیر دہلوی

آج آتی نہین ہے بانگ درا — ہمرہون نے کہین قیام کیا

سرور تخلص لالہ نیک رام نائب سررشتہ داربندوبست ضلع فرخ آباد ولد لالہ جے کشن لال مقیم فتح گڈھ

مطلب کی میری ایک نفرمائی آپ نے — باتین شب وصال مین کین اپنے کام کی

سرور تخلص سید کاظم حسین شاگرد آباد ولد سید ظفر علی باشندہ لکھنؤ

دل مین جو مار گیسوی پیچان کا تھا خیال — ڈر ڈر کے چونک چونک اوٹھے ہم تمام شب
مر مر کے کاٹتا ہون شب انتظار یار — اوٹھتا ہے بار ہجر بھلا مجھ حزین سے کب
یہ غور کیا ہین حسن سے ساری کلائیان — ہین شاخ نخل طور تمھاری کلائیان

سرور تخلص حمایت اللہ خان دہلوی شاگرد نصیر

زنجیر کی جو کانون مین آتی صدا نہین | مجنون کے سلسلہ مین کوئی کیا رہا نہین

سرور تخلص غلام مرتضی خان ولد نصیر اللہ خان عرب ہاشمی شاگرد خواجہ آتش وطن اکنا مدینۂ منورہ مولد و مسکن لکھنؤ

مجھسے جو پوچھتا ہے کوئی ماجرائے دل | یہ کہکے لوٹ جاتا ہون مین ہای ہای دل

سرور تخلص ولایت علی کشمیری لکھنوی حلف و شاگرد محمد جعفر مخمور و آتش اسسے کلکتہ مین ملاقات ہوئی تھی

آتی نہین کسیکو بھی اصلا نظر کمر | عنقا کی طرح گم ہے تمہاری مگر کمر
صدا ہوئے ہین کسی برق وش سے یہ شاید | بسان ابر جو روتی ہین زار زار آنکھین

سرور تخلص مرزا عزیز الدین دہلوی داماد سراج الدین بہادر شاہ تخلص بہ ظفر شاگرد ذوق

ہوتے ہین آب چین بہ جبین بات بات پر | یہ ڈھنگ ہے تو ہو چکی صورت نباہ کی
یہ بھی سرور ترک کیا چاہتے ہین وہ | صحبت جو ہم سے اونسے ہے یہ گاہ گاہ کی

سرور تخلص احمد حسین شاگرد و برادر خورد امداد حسین ظہور باشندۂ میرٹھ

الامان العذر کا منظور ہوئے | جوش ہووے جو دیدۂ تر کا

سرور تخلص اعظم الدولہ نواب میر محمد خان خلف نواب ابو القاسم خان شاگرد محمد جان بیگ سامی امراے دہلی مین تھے شعر اچھا کہتے تھے ایک تذکرۂ شعرا اور ایک دیوان انسے یادگار ہے ۱۲۵۰ بارہ سو پچاس ہجری مین وفات پائی فارسی بھی اچھا کہتے تھے

مانع امید وصل ہوئی ورنہ ہجر مین | قصہ ہے زندگی کا یہ سب انفصال تھا
سبزۂ خط گرد لب شاید ہوا اوسکے نمود | خود بخود ہمدم جو میرا رنگ کاہے ہو گیا
نامہ کس سوختہ جان کا یہ لیے جاتا ہے | بازوؤن سے جو اڑاتا ہے کبوتر پنکھا
ہاتھ اپنے رہی زیر بغل بعد فنا بھی | تھی بسکہ ہم آغوشی دلدار کی حسرت
ترے کھو لینگے جب بند قبا ہم | گرہ دل کی کرینگے اپنے وا ہم
دیوانے ہم نہین ہین جو فصل بہار مین | کہنے سے ناصحون کے گریبان رفو کرین

غیر لایا اوسے یہان بہر تماشا دم نزع
دوستون سے نہ ہوا وہ جو ہوا دشمن سے

گھبرا کے نہ لے یار کی سرور تو بلائین
آسیب کہین اوس رخ روشن پہ نہ آئے

سروش تخلص امداد علی خان ولد منو خان نرخ آبادی

روے روشن کا تصور ہے مگر دل مین سروش
دل خون گشتہ بہا اشک کے شامل ہو کر

سریع تخلص سید محمد علی ولد داروغہ باسط علی شاگرد صفیر

غنچے سر اپنا جھکا لیتے ہین شرماتے ہین
مسکراتے ہوئے گلشن مین جو وہ آتے ہین

سعادت تخلص میر سعادت علی باشندہ امروہہ سامر سودا

ہوش کھو دیتے ہین میرے اوکی انکھین مے پرست
بسکہ ہون کم ظرف ہو جاتا ہون دو پیالو مین مست

یار سے جو رقیب لڑتے ہین
تو بھی اپنے نصیب لڑتے ہین

سعادت تخلص سعادت خان ولد جہان خان ساکن اغطمگڈہ مقیم کانپور تہانہ دار کرنیل گنج ضلع کانپور شاگرد رشک

چمکیگے صبح وطن زلف جو کھولی تم نے
سیہ غضب آئے تہ شام غریبان عالم پر

وہ جبین ماہ دو ہفتہ ہے وہ رخ غیرت مہر
دانت موتی کی لڑی لعل بدخشان عارض

سعید تخلص مرزا آغا نجف ولد مرزا امیر بیگ پسر کیکیت باشندہ لکھنو مقیم کلکتہ شاگرد مرزا مہدی مقتول صاحب دیوان ہین یہ شعر اس تذکرہ کے لیے بھیجے تھے

کی ہم نے خوب سیر حسینان دہر کی
اسے بت نہین ہو اب تجھے کسی قسم ترا

دل اوسنے لیکے جسم کی مٹی خراب کی
ہو جاتا ہے بغیر مکین کے مکان خراب

سحر کا تو نے فسون ساز ہے باندھا تعویذ
سر اوٹھانے نہین دیتا تری سر کا تعویذ

صاف معلوم ہوا شب کو ستارا ٹوٹا
مند بھرانے مین جو سر کا ترے چمکا تعویذ

کہکشان ہالہ ہے رخ ماہ ہے پیشانی بدر
بال سمکے شب دیجور ستارا تعویذ

گر دکھینی ہو شکل بت لاجواب کی
مینک لگائے چہرہ مہ و آفتاب کی

وہ بیکس آج آنے کو ہے شغل بیکسی ہوگا
کرم تو بھی کرا اپنا ابر باران مجھکو حمت ہے

ہم دعا دینگے رہا کر دی قفس سے صیاد
تو پہلے ہولے گا ہم سیر چمن دیکھین گے

مجھ خاکسار کو نہین حاجت سریر کی | ہے بوریائے فقیر بعزت فقیر کی

سعید تخلص مرزا سید حسین ولد مرزا علی اصغر

عجب کیا ہے اگر مین بھی اسیر چاہ بابل ہون | کسی زہرہ شمائل کے ذقن پر دل سے مائل ہون

سعید تخلص لالہ کنور بہادر ولد گنگا پرشاد فرخ آبادی

جوش وحشت کبھی زندان مین نہ رہنے دیگا | بیڑیان لاکھ بنجائی کوئی حداد مجھے

سعید تخلص محمد سعید الدین بن مولوی محمد اساس الدین باشندۂ بدایون مقیم دہلی
تلمیذ نواب زین العابدین خان عارف

سینے پر برق کا خواص شب وصل یار مین | یعنی ادھر سے لحظہ مین گئی ادھر نہین
گو لامکان تلک تو رسائی ہے آہ کی | پر کیا ہی گر بتون ہی کے دل مین نہ راہ کی

سعید تخلص قاضی سعید الدین خان خلف قاضی القضات نجم الدین علی خان باشندۂ
کاکوری آخر ایام مین انکی بصارت زائل ہوگئی تھی

بید مجنوں اوسے لگنے سے نہ ہو کیونکہ مری | کہ پری کو نہین خوش آتی ہے انسان کی بو

سعید تخلص قاضی میر سعادت علی باشندۂ اکبر آباد

یار بن آنکھون مین اپنے ہار ہی گل ہار ہے مین | ہے نمک پاش جراحت شور بلبل باغ مین

سعید تخلص حاجی سعید بخت ولد حاجی بخت کوہ دار شاگرد حضرت مسلم باشندۂ سلہٹ
رقم کے لاقاتیون مین ہین تاریخ گوئی سے بہت شوق رکھتے ہین فارسی بھی کہتے ہین
اجداد انکے ہندو تھے کئی پشت سے مشرف باسلام ہوئے ہین

کر اس سے محرم صنم خدارا کہ تیری انکیا کی تہ تو | یہ اوبھرا اوبھرا یہ اوٹھارا اوٹھا یہ مکمل موزون حباب کا سا
تہ نہین ہے سرشک کا ہرگز قرار رنگ | ہر آن مین بدلتی ہین آنکھین ہزار رنگ

سفیر تخلص خواجہ بادشاہ ولد وشاگرد خواجہ دریر لکھنوی

دیوانہ مجھکو آپ نے اچھا کیا کیا | لے لو لگا اب تو زلف گرہگیر ہاتھ مین
وہ سحر کر کہ طائر رنگ حنا ترا | طوطی کی طرح سے کرے تقریر ہاتھ مین

سفیر تخلص حاجی جلال بخش خلف حاجی حسین بخش باشندۂ سلہٹ شاگرد منشی [illegible]

مست راقم کے ملاقاتی ہین

سحر آفرین یہ سایۂ زلف سیاہ ہے | بنجائے کیا عجب ترے پھولون کا ہار سیاہ

سکندر تخلص خلیفہ محمد علی مرثیہ گو باشندۂ پنجابی شاگرد محمد شاکر جی شراب بہت پیتے تھے وطن سے دہلی گئے وہان سے حیدر آباد مین جاکر انتقال کیا وہان کے باشندون نے اونکی ہڈیون کو کربلا مین بھیجدیا

قیس صحرا مین رہا کوہ مین فرہاد رہا | مین بگولے کی طرح دشت مین برباد رہا
نہ دکھایا ہو جو کسی نے حباب مین دریا | وہ دکھا لے مری چشم پر آب مین دریا

گر اے ہے مانگ مین دل میرا آہ ڈھونڈھون کدھر | کہ آدھی رات ادھر ہے اور آدھی رات ادھر
سحر گزرا چمن مین کونسا خورشید رو بارب | کہ شبنم گل کے منہ پر اب تلک پانی چھڑکتی ہے

سکندر تخلص سکندر خان باشندۂ شاہجہان پور مومن خان سے کسب سخن کرتے تھے ایک دن ایک شعر کی اصلاح پر بہت مباحثہ کرکے ترک مشورہ کیا

کسکا نام اوسکے لبون پر تھا کہ اس نفرت سے | حرف ناصح سے دماغ اپنا پریشان نہ ہوا

سلام تخلص نجم الدین علی خان اکبر آبادی خلف شرف الدین علیخان

حدیث زلف چشم یار سے پوچھ | درازی رات کی بیمار سے پوچھ

سلطان تخلص شہزادۂ انیر دبخش بہادر عرف مرزا نبلی خلف شاہ عالم بادشاہ

دور رکھ دوران سر سے گردش دور زمان مجھ | مت رکھ اے دیر خراب آباد سر گردان مجھ

سلطان تخلص نواب نصر اللہ خان مرحوم والی رام پور

اوس لب سے کیا لعل کا جب رنگ برابر | دیکھا تو نہین اوسکے یہ پاسنگ برابر

سلطان تخلص سلطان شاہ خلف شاہزادۂ جمعیت شاہ ماہر دہلوی

بن جلائے دل وجگر جل جائے | کیا بری آگ ہے محبت کی
آتے آتے وہ پھر گئے گھر کو | یہ بھی خوبی ہے اپنے قسمت کی

سلطان تخلص صاحبزادۂ اعظم الدین نواسے ٹیپو سلطان مرحوم مقیم ٹالی گنج متعلق کلکتہ صاحب دیوان فارسی اور راقم کے دوستون مین ہین

داغون سے غم کے رشک چمن ہے فضاے دل	ہے جاے سیر یہ چمن دلکشاے دل

سلطان تخلص خواجہ طالب علی خان عرف خواجہ سلطان جان مرحوم خلف خواجہ حسین علیخان مرحوم رئیس عظیم آباد مقیم گیا اولاد مین خواجہ عبید اللہ احرار رضی اللہ عنہ کی تھی سلسلہ انکے ننہال کا حضرت خواجہ میر درد قدس سرہٗ سے ملتا ہے موسیقی مین اچھا دخل رکھتے تھے بہت دنون تک کلکتہ مین آکر رہے تھے لکھنو کی بھی سیر کی تھی تین دیوان انکے نظر سے گزرے اشعار فارسی وار دو خوب کہتے تھے ۱۲۱۵ بارہ سو بہتر ہجری مین کلکتہ سے گیا جی مین جاکر انتقال کیا راقم کے دوستون مین تھے راقم نے یہ تاریخ اونکے وفات کی لکھی ہے

قطعہ تاریخ

خواجہ سلطان جان کہ رحلت کرد واے	دوستان را کرد با اندوہ جفت
سال مرگ او چو جستم از سروش	خواجہ سلطان جان بمرد افسوس گفت ۱۲

اشعار سلطان

اک نئی طرح کا حلقہ نے پہنا مارا	تو نے اے زلف مسلسل مجھے اولجھا مارا
وار کیا معلوم ہو تیغ نگاہ یار کا	ساحل بحر فنا ہے گھاٹ اس تلوار کا
موجۂ آب زمرد سے مری زنجیر ہو	ہون مین دیوانہ کسی کے سبزۂ رخسار کا
اے بتو ہر مؤمن و کافر کی لگتی ہے نظر	ہے خدا حافظ تمہاری مصحف رخسار کا
بوے عطر خس تھی سلطان یار کے رومال مین	اوسنے جو پوچھا پسینا سبزۂ رخسار کا
دل کی جا سینے مین میرے اوسکا پیکان رہگیا	میزبان جاتا رہا اور گھر مین مہمان رہ گیا
کمر لچکی تو وہ گل ہنسکے بولا	بھرا ہے پھولون سے دامن ہمارا
دیکھی جو تری چاند کی ٹکڑون سے یہ دوگال	انکار نہ کافر کو رہے شق قمر کا
مثل مشہور ہے دیوانہ راہوئی بس ست اے دل	بہین آنکھون سے دریا نامے اگر کوئی آنسو کا
لگائی تیغ اگر قاتل تو شادی مرگ ہو جاؤن	دہان زخم مین ہو جاے عالم وے خندان کا
مانی مینگے خاک مین سب مؤنسگا فیان	اوسکی کمر مین فرق اگر بال بھر رہا

اندنون حسن یہ آپ اپنے ہین مغرور بہت — اور سب باتین تو موقوف ہین حل دور بہت
اس دم کسی کا ڈر نہین شہر علی گھر اپنے یار — لیجاؤنگا تجھے مین اگر اور مگر تمیت
رندون نے آج نشہ مین کیا دھج نکالی ہے — مینا بغل مین سر پہ سبو جام دوش پر
افتادگی پسند تھی طفلی ہی سے مجھے — آیا نہ ایک دم کبھی آرام دوش پر

بات کہتے نہین ہین موتی برستے ہین ہم — ہے بجا کہیے زبان کو جو زبان الماس
مرنے کے بعد بھی نہ گئین بیقرار یان — عالم ہے برق کا مرے سنگ مزار مین
لڑاتا ہے وہ اپنی عکس سے آئینہ مین آنکھین — مری نظر نہین ای سلطان ہرن گویا کہ لڑتا ہین
جب آتا ہون ہو جاتا ہے سورخ جگر مین — کا ہیکو کوئی آئیگا اب آپ کے گھر مین
چاہیے عاشق و معشوق مین گرمی — وصل کی رات نہین خوب یہ شرماشرمی
دام بلاے عشق مین ہم بے سبب پڑے — کم بخت دل پہ ہاے خدا کا غضب پڑے
تاب گستاخی جو کرے رات اوس بت مغرور سے — حور بھی دیکھے تو لے اوسکی بلائین دور سے
معشوق کو جو وصل کی شب مین حجاب ہے — دامن مین صاعقہ کے گل آفتاب ہے
پڑھی جو بادہ کشون نے نماز استسقا — تو جھوم کر طرف قبلہ سے گھٹا آئی
تمکو پردیسی فقط بات بنا آتی ہے — یا کبھی چاند ہی مہورت بھی دکھا آتی ہے
دفن جس کوچے مین ہم عاشق ناشاد ہوے — جتنے پیر حرم تھے وہان غیرت فرہاد ہوے

سلیس تخلص سید محب علی متوطن کانپور شاگرد مونس مرثیہ گو

بے اذن بوسہ لے کے گنہگار ہو گیا — اب تو قصور وار مین سرکار ہو گیا

سلیم تخلص میرزا سلیم بہادر خلف اکبر شاہ ثانی بادشاہ دہلی مرید میر محمدی مرحوم

جھگڑے سے سیف کی کرو غیبت ہوئی مجھے — کثرت مین سیر عالم وحدت ہوئی مجھے
ہے کوئی اپنا ناخدا دل بھی عجیب مکان — حسین نصیب یار کے صحبت ہوئی مجھے

سلیم تخلص سید سلیم ولد سید علم علی اکبنوی شاگرد آتش صاحب دیوان گزرے

کیا کرینگے ہم جو موثر نہ ہو نالا دل مین — جان جان دل نہین جاتا کوئی ڈالا دل مین

یار آیا ہے نظر خواب مین بعد مدت | کھولیو چونک کے غافل نہ خبردار آنکھین

سلیم تخلص میر سلامت علی بنارسی

کہتے ہو لعل سے بہتر لب معشوق ہوا | سخت نادان ہو پتھر لب معشوق ہوا

سلیمان تخلص مرزا محمد سلیمان شکوہ بہادر خلف حضرت شاہ عالم بادشاہ شاگرد شاہ حاتم دانشا مدت تک لکھنؤ مین جلوہ افروز رہے شعر عاشقانہ اچھا کہتے تھے ۱۲۵۵ ہجری مین اکبرآباد مین قضا کی اور وہین مدفون ہوے راقم نے انکے مزار کی زیارت کی ہے انکے انتقال کی تاریخ رحمت خدا سے نکلتی ہے دیوان نکا نظر سے گزرا

کرے یہ کاش فلک میرے بند بند جدا | یہ مجھ سے ہو نہ مرا شوخ خود پسند جدا
جنازہ تیرے دیوانے کا اس تو قیر سے اوٹھا | کہ شور نالہ ہر اک خانۂ زنجیر سے اوٹھا
ناز سے کر کے وہ ایسا ہی اشارہ چمکا | کہ نئے سر سے یہ پھر داغ ہمارا چمکا
لبون پہ آکے جو نالہ نہ ہٹ گیا ہوتا | تو آسمان و زمین سب اولٹ گیا ہوتا
رہگئے ہوش و حواس و خرد و طاقت سب | یون ترے کوچہ سے مین بے سر و سامان نکلا
جان دی راہ محبت مین الٰہی صد شکر | بات جو ہم نے کہی تھی سو بنا ہے صد شکر
بات کہنے مین جواب نامہ لایا سچ بتا | کیا نکالی تو نے اب ای قاصد چالاک پر
زخم کھا کر جو گرا مین تو وہ یہ کہنے لگا | اچھا اچھا تو مڑپ کر مری تلوار کو تو ڑ
ہزار طرح سے وہ چھپے کرے لیکن | نہ پہونچے نالہ کو میرے ترا نہ بلبل
غیر کا نام جو تم پیار سے لیتے ہو تو بس | اک برچھی ہے کہ پہلو مین چبھو دیتے ہو
شیخ کی تسبیح اور عمامہ کس گنتی مین ہے | وہ کمند زور ہے یہ گنبد تلبیس ہے
دل اگر فولاد ہو تو بھی کھنچا جاتا ہے آہ | اوس صنم کا جذب الفت سنگ مقناطیس ہے
کیا اجابت کی ہوا اور کو خدا و ندا آہ | مارے مارے جو دعاے سحری پھرتی ہے
جبہہ سائی کا نشان جاے جبین سے کیونکر | کوئی تقدیر کے لکھے کو مٹا سکتا ہے

سلیمان تخلص سلیمان خان دہلوی مقیم عظیم آباد شاگرد اشرف علیخان غفان

نظر آئی حنابندی مجھے کس گل کے ہاتھون کی | کہ اشک سرخ سے کاسہ ہوا معمور آنکھون کا

سلیمان تخلص ایک شخص کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہ ہوا

تجھ سے ظالم سے ملا دیکھیو طرا ری دل | کچھ بھی دھڑکا نہ کیا بل بے جگر داری دل

سودا تخلص مرزا محمد رفیع ولد مرزا محمد شفیع شاگرد شاہ حاتم وطن اکثر کابل مولد دہلی ایام شباب مین لکھنؤ مین جاکر نواب آصف الدولہ بہادر کے مقربون مین منسلک ہوکر ملک الشعرا کا خطاب پایا تھا ۱۱۹۵ گیارہ سو پچانوے ہجری مین انتقال کیا سوا سے قصیدہ کے جمیع اصناف سخن پر قادر تھے لیکن ہجو و قصیدہ گوئی مین اپنے عہد مین بیمثل تھے

کلیات انظر سے گزرا

مقدور نہین اوسکی تجلی کے بیان کا | جون شمع سراپا ہو اگر صرف زبان کا
صحبتون کا نہ کر و غیر کے مجھسے اخفا | کونسی شب تھی کہ مین وہان پس دیوار نہ تھا
بدنام تو عبث مجھے کرتا ہے ناصحا | مدت ہوئی بتون سے سر و کار اوٹھ گیا
دوزخ مجھے قبول ہے اے منکر و نکیر | لیکن نہین دماغ سوال و جواب کا
گلہ لکھون مین اگر تیری بیوفائی کا | لہو مین غرق سفینہ ہو آشنائی کا
طلب نہ چرخ سے کر زینہار رحمت ای سودا | پھرے ہے آپ بکاسہ لیے گدائی کا
لطف ای اشک کہ جون شمع گھلا جاتا ہون | رحم اے آہ شرر بار کہ جل جاؤن گا
پھیلیو اے ابر بہاری کہ مین جون نکہت گل | پھاڑکر کپڑے ابھی گھر سے نکل جاؤنگا
دل مت ٹپک نظر سے کہ پایا نہ جائیگا | جون اشک پھر زمین سے اوٹھایا نہ جائیگا
بہلی پھر رہے ہے کب سے خدایا مری دعا | در وازہ کیا قبول کا وا ہو گیا
آدم کا جسم جب کہ عناصر سے مل بنا | کچھ آگ بچ رہی تھی سو عاشق کا دل بنا
سینے سے میرے دعا کو لایا جو شب لبون تک | کہنے لگی اجابت کیدھر خیال آیا
کونین تک سے تھی جو دل کی مجھکو قیمت | قسمت کہ اک نگہ پر جاوسکو ڈال آیا
پر تنگ آئینہ ہم اور سینہ صاف ہوے | جو اپنے دل پہ کسی شکل سے غبار آیا
حکاک کا پسر ہی نسیحا سے کم نہین | فیروزہ ہووے مردہ تو دیتا ہے وہ جلا
نگاہ مست نے ساقی کے عالم کو چکا ڈالا | کہین بیہوش ہے شیشہ کہین ساغر ہے متوالا

سو بھی تدبیر نہ تقدیر کو بہلانے کی
جب تجھے قتل پہ عاشق کی مچلتے دیکھا

کمال کفر ہے اے شیخ ایسا کہنا کہ اوس بت نے
پرستش سے مرے پیدا کیا جلوہ خدائی کا

ہے رنگ تماشا ہے جہان صورت خورشید
جو صبح کو دیکھا وہ نظر شام نہ آیا

نور افگن ہنر کرنے مین دل کا مین گنوایا
جون آئنہ جوہر نے مجھے عیب لگایا

انتہا عیش جہان کی جو تو دیکھا چاہے
برم مستان پہ نگہ غور سے کر آخر شب

ہندو ہین بت پرست مسلمان خدا پرست
پو جون ہون مین اوسی کو جو ہے آشنا پرست

ڈرتے ڈرتے جو کہا مین کہ ترا عاشق ہون
قہقہہ مار لگا کہنے وہ طنز آور ست

سود امین اپنے بارے سے چاہا کہ کچھ کہون
ایسی کی اک نگہ کہ رہی من کے من کے بیچ

گالی نہین بے بوسہ مرے دل پہ گوارا
جھوٹا کوئی کہتا ہے تو بیٹھے ہی کے لاکھ

یا تبسم یا نگہ یا وعدہ یا گالی ہے پیام
کچھ بھی اے خانہ خراب اس دل کے بہلانے کو سہی

گذری جس غم سے ہمین زندگی وہ روزہ
رکھے اوس غم کو خدا ماہ محرم سے دور

غور سنکر مرے نالون کا اوبلتا ہے یہ دل
رخصت اک نالہ اے صیاد جاتی ہے بہار

ہون وہ آوارہ کہ طفلی ہی مین جون اشک مجھے
کر دیا مادر ایام نے گھر سے باہر

کام آیا نہ کچھ اپنا تن زار آخر کار
بھیجے اکسیر مجھے نکلا یہ غبار آخر کار

کسکے ہین زیر زمین دیدۂ نمناک ہنوز
جا بجا سوت ہے پانی کی تہ خاک ہنوز

ایک دن گھیر مین دامن کا ترے دیکھا تھا
گرد پھرتے ہین گریبان کے مرے چاک ہنوز

اشک آتش و خون آتش و مہر لخت دل آتش
آتش پہ برستی ہے پڑی متصل آتش

اے لالہ گو نمک نے دیے تجھکو چار داغ
چھاتی مری سراہ کہ اک دل ہزار داغ

غیرون کی بات پر نہ کہون کان ست کرو
لیکن کبھو تو میری بھی فریاد کی طرف

ناصح نہ اونسے بک جو ہین آگاہ راز عشق
وہ کر چکے ہین دین و دل و جان نیاز عشق

لے مرے دل کو دے کے اپنا دل
سنگ کے مول یہ بکے ہے لعل

قاتل کے دل سے کاش نکلی ہو میں تمام
ذرہ بھی ہم مٹنے نپائے کہ بس تمام

نہ زر نہ زور نہ طالع نہ تیرے دل مین رحم
جو چاہے تجھسے یہ دل کامیاب ہو سو تو

بلبل چمن مین کسکی ہین یہ بدشرابیان ۔۔۔ ٹوٹی پڑی ہین غنچون کی ساری گلابیان
جگر اونکا ہے جو بچہ کو ضم گمہ یاد کرتے ہین ۔۔۔ میان ہم تو مسلمان ہین خدا کہتے بھی ڈرتے ہین
کسی کے مرگ پر ای دل نہ کیجے چشم تر ہرگز ۔۔۔ بہت سا رو دیئے اونپر جو اس جینے پہ رونا ہے
بوسہ مہنگا نہ دیا اون نے سوائے دشنام ۔۔۔ سو بھی یہ جب نہ ملا کوئی تو مجبور رہین
گرم جوشی نہ کرو مجھسے کہ مانند چنار ۔۔۔ اپنے ہی آگ مین مین آپ جلا جاتا ہون
صفحہ ہستی پہ اک حرف غلط ہون سودا ۔۔۔ جب تجھے دیکھنے بیٹھو تو اوبھا جاتا ہون
ناوک فگن تیرے صید نہ چھوڑا زمانے مین ۔۔۔ تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیانے مین
پیارے زبر امانے تو اک بات کہون مین ۔۔۔ کس لطف کی امید پہ یہ جور سہون مین
یہ تو نہین کہتا ہون کہ سچ مچ کرو الطاف ۔۔۔ جھوٹی بھی تسلی ہو تو جیتا ہی رہون مین
یاس ناموس مجھے عشق کا ہے ای بلبل ۔۔۔ ورنہ سہان کونسا انداز خزان ہے کہ نہین
جی تک تو دیکھ لون کہ جو ہو کار گر کہین ۔۔۔ اے آہ کیا کرون نہین بکتا اثر کہین
نے بلبل چمن نہ گل نو دمیدہ ہون ۔۔۔ مین موسم بہار مین شاخ بریدہ ہون
مگر تجھہ سے رنجیدہ خاطر ہے سودا ۔۔۔ اوسے میرے کوچے مین کم دیکھتے ہین
ہاتھہ کسکا ہے تری زلف کا شانہ سچ کہہ ۔۔۔ رات آتی ہین نظر خواب پریشان مجھکو
کسکی ملت مین گنون آپ کو بتلا ای شیخ ۔۔۔ تو مجھے گبر کہے گبر مسلمان مجھہ کو
مطلب کی میری عرض پہ اکبار بھی سودا ۔۔۔ اون نے نہ چھڑایا کبھو اوس لب سے نہین کو
اسرار خرابات سے واقف جو ہوزاہد ۔۔۔ کہیے سے کم سمجھے در پیر مغان کو
دل لیکے مجھسے پھر تے کہ شعلہ کو دیجیے ۔۔۔ پر ہے یہ ڈر کہ اوسکی بھی ایسی ہے خو نہ ہو
سن کے یہ کہتا ہے میرے نالہ جانکاہ کو ۔۔۔ کیون مجھ ایسا بنایا کیا کہون اللہ کو
بہار باغ ہو یا ہو ہو مجھسا ہو
زخم کی طرح زمانے ہین تو کاٹ اپنی عمر ۔۔۔ خندہ اگر یہ جو کچھ ہووے سو تک در کے دستا
غیرت آبرد حرمت دین و ایمان ۔۔۔ روؤن کس کسکو مین یارو کہ گیا کیا کیا کچھ
سنے ہی چلے ہو دل کو تو خاطر مین یہ رہے ۔۔۔ اک وقت مین پلا تھا یہ ناز و نعم کے ساتھ

اجوان

ہو دل اوسکے تو نہو بات نہ کرنیسے ملول
وہ دہن تنگ ہے اتنا کہ نہین بات کی راہ

ہمارے گھر کے پہلو سے دین کی راہ یاد آوے
صنم رکھتے ہین جسکو دیکھکر اللہ یاد آوے

غنچہ سے مسکراکے اوسے نثار کر چلے
نرگس کو آنکھ مارکے بیمار کر چلے

اب تو ہین چھوڑنے کا نہین اوسکو ناصحا
ہونے جو کچھ تھی قبلۂ حاجات ہو گئی

مستی سے اوس نگاہ کی لی محتسب خبر
دنیا تمام بزم خرابات ہو گئی

یار دہ شرم سے جو نہ بولا تو کیا ہوا
نظرون مین سو طرح کی حکایات ہو گئی

کیا چیز ہے وہ دل جسے کہتے ہین الٰہی
یک قطرۂ خون سینے مین آفات طلب ہے

دشنام تو دینے کی قسم کھائی ہے لیکن
جب دیکھیے ہے وہ مجھکو تو اک جنبش لب ہے

مے پرستی ہے مری باعث آمرزش خلق
توبہ صد قوم نے کی ہے مری میخواری سے

اے دل یہ کس سے بگڑی کہ آتی ہی فوج اشک
لخت جگر کی نعش کو آگے دھرے ہوئے

انصاف کسکو سونپیے اپنا بجز خدا
منصف جو بولتے ہین سو تجھ سے ڈری ہوئے

جو طبیب اپنا تھا دل اوسکا کسی پر زار ہے
مردہ باد اے مرگ عیسیٰ آپ ہی بیمار ہے

دہن غنچے کا جب دیکھون ہون گوش گل پہ گلشن مین
تو اپنا درد دل کہنا کسی سے یاد آتا ہے

منت تو لاکھ کیجیے پر جو غرور ہے وہان
منت غریب اوسکے عدی سی کب برے

تھی سرد مہری اوسکی آب حیات دل کو
جھوٹی تپاک نے تو کچھ آگ ہی لگا ئی

سودا کو جرم عشق سے کرتے ہین آج قتل
بیچا نتا ہے تو یہ گنہگار کون ہے

دل لیکے ہمارا جو کوئی طالب جان ہے
ہم بھی یہ سمجھتے ہین کہ جی ہی تو جہان ہے

خواہ کہے مین تجھے خواہ مین تجھانے مین
اتنا سمجھون ہون مرے یار کہین دیکھا ہے

مری آنکھون مین بستا ہے مجھے تو کیون رولاتا ہے
سمجھکر دیکھ تو اپنا کوئی بھی گھر ڈباتا ہے

ترا غرور مرا عجز تا کجا ظالم
ہر اک بات کی آخر کچھ انتہا بھی ہے

سمجھ کے رکھیو قدم دشت خار مین مجنون
کہ اس نواح مین سودا برہنہ پا بھی ہے

گردش سے آسمان کے نزدیک ہی سبھی کچھ
ہم سے تجھے ملانا اک دور ہے تو یہ ہے

گزرا ہے کیسی خاک سے ظالم تو بیخبر
داغ اس کے ساتھ ساتھ ہے گرد سر ہے

کچھ تازہ تعلق نہین اس دل کو الم سے — تھا طفلی مین گہوارا مرا دامن غم سے
یہ رنگ مین تصویر کی تیرے ہے تراکت — جسکو نہ کوئی دیکھ سکا دیدۂ نم سے
اثر ہے آہ مین ہر چند نے تاثیر نالے مین — پر آتا ہے کہ ان دونون سے میرا جی بلتا ہے
کہا مین کہ لازم ہے کیا قتل میرا — لگا کہنے ہنسکر کہ خواہی نخواہی
رہا کرنا ہمین صیاد اب بامال کرنا ہے — پھڑکنا بھی جسے بھولا ہو سو پرواز کیا سمجھے
جس روز کسی اور پہ بیداد کرو گے — یہ یاد رہے ہم کو بہت یاد کرو گے
نہین ہے رشتۂ تسبیح صورت زنار — قسم ہے شیخ تجھے اپنے دین و مذہب کی
نے ضرر کفر کو نے دین کو نقصان مجھ سے — باعث دشمنی اے گبر و مسلمان مجھسے
آہ و زاری سے مرے شب نہین سوتا کوئی — تجھسے نالان ہون مین اک خلق ہے نالان مجھسے
گل پھینکے ہے اوروں کی طرف بلکہ ثمر بھی — اے خانہ برانداز چمن کچھ تو ادھر بھی
کیا ضد ہے خدا جانیے مجھ سا تھ و گرنہ — کافی ہے تسلی کو مرے ایک نظر بھی
تنہا مرے ماتم مین نہین شام سیہ پوش — رہتا ہے سدا چاک گریبان سحر بھی
سودا تری فریاد سے آنکھون مین کٹی رات — آئی ہے سحر ہونے کو ظالم کہین مر بھی
جہان سے کندن دل کا سخت ہے فرہاد — دگنہ کو کہنی زور آزمائی ہے
نامہ کا جواب آنا تو معلوم ہے اے کاش — قاصد کے بدلے نیک کی مجھ تک خبر آوے
تجھ تیغ تلے کہہ تو رستم سے کہ سر دھر دے — پیارے یہ مہین سے ہو ہر کارے دھر مرے
مجرم ہون مین تو کہد و لکھا فات کے لیے — منہ مین خدا نے دی ہے زبان بات کے لیے
سفان مین کیا کون زاہد پسر کی کیفیت — کہ جسکو دختر رز دیکھ کر اودھل جاوے
ہو گئے صاحب جوہر تیرا منہ دیکھ فقیر — ہے خدپوش سدا آئینۂ فولادی
بھر نظر تجھکو نہ دیکھا کبھو ڈرتے ڈرتے — حسرتین جی کی رہین جی ہی مین مرتے مرتے
کھینچتے کیا ہو میان تیغ کرپان رشتۂ عمر — صرف سینے کا ہوا ٹانکے ہے بھرتے بھرتے
بدلا ترے ستم کا کرے کیا تجھسے کیا کرے — اپنا ہے تو فریفتہ ہووے خدا کرے
قاتل ہماری لاش کو تشہیر ہے ضرور — آئندہ تا نہ کوئی کسی سے وفا کرے

فکر معاش و عشق بتان یاد رفتگان
اس زندگی مین اب کوئی کیا کیا کیا کرے

گر ہو شراب و خلوت و محبوب خوبرو
زاہد تجھے قسم ہے کہ تو ہو تو کیا کرے

سوز تخلص مولوی عبدالکریم خلف مولوی امام بخش صہبائی مقیم دہلی صاحب دیوان ہیں
شعر انکے بامزہ ہوتے ہین

ہوتی ہے ہوگا اثر اس نالۂ شبگیر کا
راہ پر آنا کوئی آسان ہے چرخ پیر کا

فکر مین تھے انتہاے عشق کی مدت سے ہم
بارے یہ عقدہ ہمین آکر ترے خنجر کھلا

صبا رقیب سے رکھتی تھی راہ کچھ ورنہ
ستم یہ کیون مرے مشت غبار پر ہوتا

کچھ ترا شہرہ ہوا کچھ میری رسوائی ہوئی
رفتہ رفتہ یون ہی ظاہر راز پنہان ہو گیا

ابھی دل مین ابھی آنکھون مین ابھی دامن پر
اشک مین بھی تری شوخی کا اثر آہی گیا

سوز کو بیگانہ سے ہے بزم مین رہنے تو دے
رفتہ رفتہ یہ بھی ظالم آشنا ہو جاے گا

پاس آنے مین نہ کشتون کے لگے دیر کہین
لے لیا موت نے گھڑی تری بیمار کے پاس

جتنا جتنا روکا اوذکو اوتنی اوتنی بپھرے اور
طفل تو ہین یہ اشک ابھی پر کتنی شرارت کھڑی ہے

مجھکو ہر کھٹکے پہ گزرا ترے آنے کا خیال
اور شب وعدہ مین ہوتی رہے کیتے لاکھون

جان سینے مین نظر آنکھون مین دم ہونٹون پہ
اک نہ آنے سے تری کام مین انکی لاکھون

آج یہان رسوا ہوا کل وہان خرابی مین پڑا
یون ہی گھٹ گھٹ کر مری تو قبر آدھی ہو گئی

اوسکو ہے شوق ستم مجھکو ستم کی خواہش
مین ستمگار کو درکار ستمگار مجھے

سوز ہے کچھ تو تمنا کہ پڑے پھرتے ہو
کیون یہ کہتے ہو نہین اوس سے سروکار مجھے

سوز تخلص محمد میر ولد میر ضیاء الدین اولاد مین حضرت قطب عالم گجراتی کے تھے وطن انکا بخارا مولد دہلی نواب صفدر الدولہ بہادر کے عہد مین لکھنؤ مین گئے تھے خط نستعلیق خوب لکھتے تھے تیر اندازی مین کمال تھا شعر اس انداز سے پڑھتے تھے کہ مضمون شعر کی صورت بنا کے دکھا دیتے تھے پہلے میر تخلص کرتے تھے جب میر تقی لکھنؤ مین گئے اونھون نے سوز تخلص کیا اشعار عاشقانہ انکے غایت پرسوز ہوتے ہین
اسّی برس کی عمر مین ۱۱۹۵ مین وفات پائی دیوان انکا نظر سے گزرا

اہل ایمان سوز کو کہتے ہین کافر ہو گیا
آہ یا رب راز دل اوپر بھی ظاہر ہو گیا

تن چاک سینہ سوزان دل داغ چشم گریان
تو دیکھتا نہین ہے تجھکو دکھائین کیا کیا

کیون طفل اشک تجھکو آنکھون مین مین نے پالا
اسپر بھی میرے منہ پر تو گرم ہو کے آیا

ایک تو تھا دل عذیدہ اسپر یہ زلف
پاؤن زنجیر مین اور ہاتھ گریبان مین پھنسا

جنکے نامے پہونچتے ہین تجھ تک
کاش مین اونکا نامہ بر ہوتا

بہت چاہا کہ تو بھی مجھکو چاہے
ولے تو نے نہ چاہا پر نہ چاہا

رقیبون کے ڈر سے مبادا نہ کہدین
کبھو کھولکر دل مین رونے نہ پایا

کہے ہی کا اب قصد یہ گمراہ کرے گا
جو تم سے بتو ہو گا سوا لتد کرے گا

ہم اوس سے شب جو بگڑی تو خفا ہو مجھکو رولا دیا
ولے مین بھی کیا ہون کہ روتی مین بنا ئی منہ کہ ہنسیا

کی فرشتون کی راہ ابر نے بند
جو گنہ کیجیے ثواب ہے آج

نہ بھولا ی دل تو اس نیرنگی میناے دوران پر
یہ شیشہ ہے اسی قابل رہی ہو طاق نسیان پر

چوری چوری تیرے منہ شاید لگا
ہونٹھ جو ہین آج پیمانے کے خشک

برق طپیدہ یا شرر جہیدہ ہون
جس رنگ مین ہون مین غرض از خود رمیدہ ہون

منت کش خزان ہون نہ حسرت کش بہار
ہون سرو باغ دہر مین دامن کشیدہ ہون

بس جی کہا ؤن نہ قسم جانتے ہین
جیسے تم ہو تمھین ہم جانتے ہین

بند مین اپنے گرہ دے کہ تجھے یاد رہے
مین یہ ڈرتا ہون نہ ہو جاؤن فراموش کہین

ہان اہل بزم آؤن مین یہی پر ایک سن لو
تنہا نہین ہون ہمائی بانالہ و فغان ہون

قاتل پکارتا ہے ہان کون کشتنی ہے
کیون سوز چپ ہی بیٹھا کچھ بول اوٹھ نہ ہان ہو

کیا خفا کر دیا جوانی کو
کوسون کس منہ سے ناتوانی کو

خدا ہی کی قسم ناصح نہ مانو گا کہا اب تو
نہ چھوٹے گا ترے کہنے سے میرا دل لگا اب تو

کہیو ای باد صبا بچھڑے ہوئے یارون کو
راہ ملتی ہے نہین دشت کی آوارون کو

کھول نہ دیجیو لاڈلے اس دل نا صبور کو
ہاتھ لگی ہے چلبلے جانکیو مست تنور کو

دامن تلک تو تیرے کہان دسترس مجھے
تیری گلی کی خاک بھی ہو تو ہو بس مجھے

جو سر کوشی مین بوسہ لے لیا احسان کیا اسکا
تکلف بر طرف یہ جفتعالی کی ہے رزاقی

منہ دیکھو آئینہ کا تری تاب لا سکے
خورشید پہلے آنکھ تو مجھ سے ملا سکے

تصویر تیری کھینچے مصور تو کیا مجال
دست قضا تو پھر کوئی تجھسا بنا سکے

اشک خون آنکھون مین آکر جم گئے
دور کے بھی دیکھتے سے ہم گئے

مثل نے ہر استخوان مین درد کی آواز ہے
کچھ نہین معلوم یارب سوز ہے یا ساز ہے

گفتار مین اب ضعف سے آواز نہین ہے
سمجھے نہ مری بات جو ہمراز نہین ہے

مر جانے کا قاتل نے نرالا ڈھب نکالا ہے
سبھون سے پوچھتا ہے کس نے اسکو مار ڈالا ہے

مانند جرس پھیٹ گئی چھاتی تو فغان سے
فریاد کو پہونچا نہ کوئی راہ روان سے

فرض کیا مین کہ وہ ہے سنگدل
آہ مین اپنے بھی اثر چاہیئے

سوزان تخلص شہزادۂ امام بخش دہلوی معروف بہ مولوی کلو شاگرد عبدالرحمن خاجی

پھر دام سے زلفون کے تا حشر نہ چھوٹیگا
اے دل تو کہین اوسکے پھندے مین نہ آجانا

مین خون دل پیون اور ہنگام بادہ نوشی
بوسہ یہ جام لیوے اوسکے لب دہان کا

سوزان تخلص مرزا احمد علی خان شوکت جنگ فرزند مرزا علی جان لکھنوی

اوس بیوفا کو غم ہے مرے سے کیا کسی کے
دل مت لگا کسی سے کہنے یہ جا کسی کے

فرقت مین اوسکے سوزان اپنا ہے تو جان دیدے
ہرگز نہین نہ ہونگے یہ آشنا کسیکے

سوزان تخلص مولوی غلام مرتضی مرحوم رامپوری مدرس مدرسۂ عالیہ کلکتہ عربی و فارسی بھی خوب کہتے تھے حضرت مجدد الف ثانی کی اولاد مین تھے یہین وفات پائی

سینے پہ ہمنے کھائے داغ ایک دو تین چار پانچ
تمنے جلائے کیا چراغ ایک دو تین چار پانچ

شکے کے شکے خم کے خم پی گئے غیر ساقیا
بھر کے ہمین بھی دی اباغ ایک دو تین چار پانچ

سوزان تخلص شیخ شمس الدین دہلوی مقیم فرخ آباد

ہر دم مجھے دھمکاتے ہو تلوار پکڑ کے
میان جاؤ کہین گھر سے تو آئے نہین لڑکے

سوزش تخلص حافظ عبدالرحمن شاگرد شیخ محمد ابراہیم ذوق دہلی مین ملا بسبب علمی کرتے تھے

اس قدر ضعف ہے مجنون ہون تو اوٹھنا ہے محال
ناتوانی سے اوٹھا بھی تو گرا جاتا ہون

ہوا منظور میرا رشک جو اوس شوخ پر فن کو | تصور مین بھی سادا اپنے لیے آیا وہ دشمن کو

سہراب تخلص سہراب بیگ دہلوی شاگرد نصیر خوشنویسی و فن رمل مین کامل تھے فارسی بھی کہتے تھے

ہم آئے بہ تنگ زیست سے پر | اے خانہ خراب تو نہ آیا
نہ ہوئی کوئی شب وصل میسر ورنہ | دیکھتے شوق محبت سے مین کیا کیا کرتا
کس دن نہین خیال دہان و کمر مجھے | وہ کونسا ہے روز کہ سیر عدم نہین
یہ عجب ہے کہ نہ تو بہر تماشا نکلے | ایک عالم ترے شیدا کا تماشائی ہے

سہیل تخلص مرزا حسن جان لکھنوی مقیم موجی کھولا متعلق کلکتہ شاگرد علیجان شفوح یہ شعر اس تذکرہ کے لیے بھیجے تھے

غش پہ غش آتے ہین اوس زلف کی بیمار کو | تحفہ بھیجے گیسو کا سونگھانے کے لیے
کہہ کے یہ خواب عدم سے ہمین چونکاتے ہین | آنکھین کھولو ہم کہ آئے ہین منانے کے لیے

سہیل تخلص مرزا محمد عباس

ماہ رویون کو دل اپنا نہ کبھی دیجیے سہیل | وصل اک دن نہ ہوا داغ الم کھائے بہت

سہیل تخلص ارتضے علی خان ولد مولوی احمد علی خان فرخ آبادی

کسواسطے ازردہ طبیعت ہے سہیل آج | کیا حال ہے کچھ تو کہو رنج و محن اپنا

سیاح تخلص میاندوخان اورنگ آبادی ولد عبداللہ خان شاگرد غالب اطراف تقرب و عجم و ہند و ستان کی سیر کی تھی ۱۲۶۸ھ اٹھارہ سو باسٹھ عیسوی مین کلکتہ مین آئے تھے اندنون سورت مین رہتے ہین شعر اچھا کہتے ہین یا تم کو احباب مین ہر پیشہ اتش کدہ کہ لیہ دیتے تھے

آیا نہ یار وعدے پہ سیاح صبح تک | کیا کیا شب فراق مین تڑپی بدن مین روح
عبث جاتا ہے کعبے کو خدا تو دیکھ ہو لیسے | تو کیا نادان ہے زاہد فائدہ تحصیل حاصل سے
نہ رکھینگے قدم دہشت کی ماری غیر واہان ہرگز | نہ گر موئین اوٹھا کر لاش میری کوی قاتل سے
ل جنبی کا بھی کیا کارخانہ لاابالی ہے | نہ رداغ جنون کا جرح ہے سرکار عالی سے
کہون گر جان تو سمجھے کہ ہمکو ہو فا سمجھا | سمجھ اوس بدگمان کی ساری دنیا سونا لگتا ہے
پھرا کرتا ہون گرداوسکے نہین اب ہم آغوشی | مین ہون تصویر یا دروہ شمع فانوس خیالی ہے

ہوتے ضرور تیری ثنا خوان پہ کیا کرین
قاتل وہان زخم کی گویا زبان نہ تھی

پڑ گیا ہے اوسکو چسکا چاٹ کر کسکا لہو
اوگلی ہی پڑتی ہے جو تلوار اوس خونخوار کی

آتش قدم ایسا ہون جو بیٹھون تو زیادہ
ہو دھوپ سے بھی سایۂ دیوار مین گرمی

مشتعل ہے بزم مین شعلہ جو اوسکے حسن کا
شمع پروانون سی جو پائی پر پرواز ہے

بارے اتنا تو اثر نالۂ بلبل نے کیا
نظر آتا ہے ہر اک گل ہمہ تن گوش مجھے

بچھاتا خار غم ہے وہان جہان بستر لگاتا ہون
کھٹکتے میرے دودن کی فلک کو زندگانی ہے

عدم کا کیون کیا ثابت وجود اہل سخن بھولے
ندینی تھی عدم کے ساتھ تشبیہ دہن بھولے

سیادت تخلص میر مجاہد الدین دہلوی شاگرد نظام الدین ممنون

مثل نسیم صبح پھرا مین تو ہر کہین
پروہ گل شگفتہ نہ آیا نظر کہین

سیارہ تخلص مرزا فخر الدین بن مرزا مغر الدین ثابت بن شاہ عالم بادشاہ شاگرد عبد الرحمن خان احسان ستارا اچھا بجاتے تھے

خدا کے واسطے جا کر کہو اوس آفت جان سے
کہ وقت نزع ہے رخصت ہو تو بیمار ہجران سے

سید تخلص سید غلام رسول ولد سید احمد رامپوری

مژگان پہ دم گریہ ہے تخت جگر آیا
یا ہے تجر عشق صنم مین ثمر آیا

سید تخلص میر غلام رسول اکبر آبادی بعض صاحب تذکرہ نے انکو مراد آبادی لکھا ہے

خوبرویون کے تو ملنے سے نہ باز آئینگے
یہ تو بد خو نہین جانے کی مگر جان کے ساتھ

سید تخلص میر علی نقی برادر خورد میر ابو القاسم محب دہلوی برادر زادہ میر نظام الدین ممنون

زبان سادگی کے لگا کہنے غیر سے
کیا جانے آج کیا تھا کہ سید خفا گیا

کھلے بال شاید کوئی خوبرو ہے
صبا کے لپٹ مین جو عنبر کی بو ہے

سید تخلص میر بہادر علی ولد سید مرد انعلی باشندۂ فرخ آباد

کرے کیا اثر خاک ہمکو دوا کچھ
تری چشم فتان کے بیمار ہین ہم

سید تخلص حکیم میر قطب علی عرف قطب عالم باشندۂ سکندر آباد

جادو کرے ہے شہر مین سید کا رختہ | دیکھو سکندرہ سبھی مبگالہ ہو گیا

سید تخلص میر غالب علی خان دہلوی مخاطب بہ سید الشعرا دفتر شاہی کی نشاندار تھے ۱۲۱۵ بارہ سو اٹھارہ ہجری مین انتقال کیا پہلے غریب اور آشنا تخلص کرتے تھے

نہ غازہ نہ گلگونہ ہے نہ رنگ حنا تو | اے خون شدہ دل تو تو کسی کام نہ آیا
سید سے یہ عداوت اللہ رے کفر ای بت | پڑھنے جنازہ اوسکا سب آئے تو نہ آیا
سماوے گا پھولا قبا مین نہ سید | ہم آغوش جب وہ گل اندام ہو گا
نہ ہین گردون نہ مثل آسیا ہم | ولے گردش مین رہتے ہین سدا ہم
مین اور ترک عشق یہ امکان ہے نہین | ناصح کے پند سنے کو یہان کان ہی نہین
جو آنکھ اور سے وہ لڑا جانتے ہین | تو ہم بھی کہین دل لگا جانتے ہین
یار و مرے بالین سے نہ اٹھو نہ جاؤ ہو | حالت مری اچھی نہین کیا جانیے کیا ہو
بنائے کفر و دین اک تار سے ہے | کہ سبحہ منعقد زنار سے ہے

سید تخلص امام الدین

ہماری حسن کے کوچے مین بینوائی ہے | یہ آنکھین دیکھتے ہو کاسہ گدائی ہے

سید تخلص میر بادگار علی باشندہ بارہ معاصر شاہ عالم بادشاہ

شور شین باقی ہین دل مین تس پہ آتی ہے بہار | دیکھیے کیا کیا تنگوفے اب کی لاتی ہے بہار

سید تخلص سید حسین عظیم آبادی خلف شاہ فیض الدین احمد شاگرد میر محمد واضح پریشان تخلص اسنے کلکتے مین ملاقات ہوئی تھی

گرچہ ظاہر مین نظر ہمکو نہ آئے گا ہے | پر تصور مین میان تیری کمر دیکھ چکے

سید تخلص میر امداد علی ولد سید حسین باشندہ بارہہ مقیم لکھنؤ شاگرد نواب منصور خان مہر

حسن کی ہے اب سراپا مین سمائی پیٹ پر | خط نے رخ گھیرا نظر اپنی اب آئی پیٹ پر

سید تخلص نظام الدولہ سید علی خان بہادر خلف معتمد الدولہ باشندہ لکھنؤ مقیم [illegible]

صاحب دیوان ہین

بازار کسقدر مرے یوسف کا گرم ہے
لاتے ہین نقد عمر خریدار ہاتھہ مین
شانہ نہ کھینچ زلف مین مشاطہ بار بار
اک روز کاٹ کھاے گا یہ مار ہاتھہ مین

سید تخلص آغا سید مولوی میر محمد لکھنوی صاحب دیوان ہین

فرق ہے ظاہر و باطن مین حق و باطل کا
لب پہ ہے ذکر خدا عشق بتونکا دل مین
ہر گھڑی گرد کدورت سے تہ و بالا ہے
اے صنم شیشۂ ساعت کا ہی نقشا دل مین

سید تخلص مرزا عباس علی خلف مرزا بندہ حسن باشندۂ لکھنؤ شاگرد مہدی حسنخان آباد - تجمل حسین خان کے غزلون مین ہین

گجری نہ پہنو ہاتھون مین پھولون کی اے صنم
مچکین نہ بار گل سے تمھاری کلائیان

سیف تخلص مرزا محمد حسن مرحوم ولد مرزا علی خان اعظم فارسی گو بن مرزا محمد فاخر مکین باشندۂ دہلی مقیم لکھنؤ صاحب دیوان ہین

وہ دن رہے نہ وہ سن اور نہ وہ شباب رہا
دل خراب یہ اتنا مگر خراب رہا
جدا جو شب کو تو اے رشک ماہتاب رہا
ہر ایک داغ جگر مثل آفتاب رہا
مثل ہے جل گئی رسی مگر نہ نکلا بل
جو مچکا شیب مین شوق شراب ناب رہا
اسقدر سوزش ہوئی دل کو تپ فرقت مین آہ
اشک گرم اپنا زمین پر گر کے چھالا ہو گیا
خاک جل جل کے ہوا آہ تن زار اپنا
سیف ہے شعلہ فشان داغ دل زار کہ آنچ
کاذب عشق ہین اسلام سے کچھ کام نہین
ہے زیادہ ہمین تسبیح سے زنار پسند
پھول کانٹے مرے آنکھون مین نظر آتے ہین
دشت وحشت کے سوا خاک ہو گلزار پسند
خم کے خم صرف ہون تو بھی نہ چھلکین اے ساقی
مین وہ کمظرف نہین آبون جو مالا مال ہو کر
قسم لون غیر کے اس سلسلہ سے اوس بت سے
خدا کرے کہین لٹکاے آسمان تکیہ
مقصد مے جب کیا ساقی نے مری جانب کو
بند شیشہ کا گلا ہو گیا اچھو ہو کر
کان تک اوسکی رسائی کی ہوئی ہی صورت
آہ پہونچی ہے مرے حلقۂ گیسو ہو کر
قمر تیر نگہ اوس تاتل سفاک کی ہے
رہگیا مرغ دل زار ترازو ہو کر

قتل کے ساتھ ہے منظور ادب عاشق بھی
آج محفل مین وہ بیٹھا ہے دولہا ہو کر

کہتا ہے شب کے پردے مین گھر جانیکو وہ مہ
یارب نہ شام ہووے نہو یہ تمام روز

اب زندگی فراق مین مثل حباب ہے
رہتا ہے اپنی عمر کا لبریز جام روز

انکار بوسہ کرتے ہو اقرار وصل مین
دیکھا نیا ہے ہمنے یہ اقرار کا طریق

جھڑکی ہے لاکھ بار تو گالی ہزار بار
بدلا ہے صاف یار کے گفتار کا طریق

پہلے ہین لطف بعد بہت ہین جفا بیان
یہ ابتداے عشق ہے وہ انتہاے عشق

اے پاؤن وقت طاقت و امداد ہی سہی
بھاگین ہم اسطرح کہ نہ پھر ہمکو پاے عشق

جنہین بہائی ہے بوے خاکساری گودہ منہم مین
کسی دن عطر بھی ملتے ہین تو مٹی کا ملتے ہین

شتابی کر گنج حسن تبان ہاتھ آئے گا
کنجلاتی ہین جو آج ہماری ہتیلیان

مجھے ہے خوف تم رکھنا نگہبانی یہ اے مردم
ہے طفل اشک تنہا لیکون کی کاٹو نکا جنگل سے

یہ گل چہلے کے کہاے ہین کسکی یاد گیسو مین
کہ سر سے تا قدم اپنا تن لاغر مسلسل ہے

بری ہے صاف آرایش سے حسن اوس مہ انور کا
نہ مہندی ہے نہ افشان ہے نہ مسی ہے نہ کاجل ہے

سیف تخلص خواجہ سیف اللہ فرخ آبادی ولد خواجہ احمد اللہ شاگرد صفیر

ہوا در آب کا کچھہ کہ نہین باد بہاری سے
پیر پیر و اوس پہ پھبتی کہتے ہین تخت سلیمان کی

سیف تخلص سیف اللہ مرحوم ولد حاجی لعل محمد باشندۂ کلکتہ

مصحف رخسار بیضا دی پہ کشف حال سخ
وقف ہے اک سورہ والشمس کے نفسیر کا

سیف کا دل مین کبھی ہے جب سے وہ ترچھی نگاہ
سانس ہر دم کام کرتی ہے دم شمشیر کا

سیفی تخلص میر وارث علی خوشنویس ولد میر بشارت علی باشندۂ نواب گنج توابع فرخ آباد مقیم کانپور شاگرد ناسخ

دل جو روشن ہے اثر ہے چہرۂ پر نور کا
رات جو تاریک ہی ہوتی ہے یہ تاثیر لیف

سیل تخلص سید محمد ولد سید علی جان باشندۂ فیض آباد مقیم موچی کھولا متعلق کلکتہ
یہ شعر اس تذکرہ کے لیے بھیجے تھے

کار گر کچھ بھی نہ زنگار کا چھاپا ہوگا
خم تیغ تنگہ یار نہ اچھا ہوگا

درد فرقت سے شب و روز ہین گریان آنکھین
اس سے بڑھکر غم و اندوہ بھلا کیا ہو گا
ابھی آئے ہو ابھی مجھسے ہے رخصت کا سوال
ہان یہ کہیے کہ کسی اور سے وعدہ ہو گا

حرف شین معجمہ

شاباش تخلص کلب سجاد خان عرف مبارک میرزا وزیر ضلع اٹاوہ ولد کلب حسینخان بہادر نادر تخلص

عاشق شہید خنجر ناز و ادا ہوا
سردی کے آج حق محبت ادا ہوا

شاد تخلص منشی فضل حسین خلف سید قمرالدین احمد باشندۂ میرٹھ مقیم فرخ آباد

یون خوشقدون مین قامت جانان بلند ہے
جیسے نشان قلب مین ہووے سپاہ کی

شاد تخلص میر یار خان منشی پلٹن انگریزی باشندۂ میرٹھ

زلف مہنم ہے مشکبو ساری جہان مین قاصدا
آہوئے چین جہان ملی جانو یار کی گلی

شاد تخلص شیو پرشاد شاگرد میر حسین مسکین باشندۂ دہلی

جاکے قاصد بھی وہان غیرون مین شامل ہو گیا
اور اک کانٹا نکل آیا مری تقدیر کا

شاد تخلص رجب بیگ خان شاگرد جرأت

الفت نہین جانے کی صنم تیری قسم ہے
جب تک تن فرسودہ عاشق مین یہ دم ہے
وحشت مین گریبان ہے اور پنجۂ غم ہے
جو خار بیابان ہے سو اب زیر قدم ہے

شاد تخلص محمد ایار خان رامپوری شاگرد حافظ ضیغم

اوسکو تو کہتے خلق نے میرا گلا سنا
میرے بھی مُنہ سے گاہ بُرا یا بھلا سُنا

شاد تخلص الہ یار بیگ شاگرد مصحفی کیانی نسب تھی

اگر چاک سینے کا ہم وا کرین
تو ہنگامۂ حشر برپا کرین

شاد تخلص سکندر آباد کے ایک برہمن کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

اوس رنگ چینی کا پڑا جس زمین پہ عکس
چنپا کے پھول اوگتے ہین وان ہی بہار مین

شاد تخلص بڑھانہ کی ایک شخص کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہ ہوا

خون ٹپکے تہا آنکھون سے لگے جھڑنے شرر بہی | کامل ہوئے فن اپنے مین یہ دیدۂ تر بھی

شاد تخلص شیخ محمد جان خلف وارث علی لکھنوی فارسی مین شاگرد مرزا علی اکبر شیرازی کے اور اردو مین شاگرد میر کلو عرش کے

کہیں ہو فن نکلتا ہے کوے جانان مین | زمین مین بھی نہین لیتا قرار دل میرا
جو روکے کہتا ہون سننے سے غیر کے حاصل | تو ہنس کے صاف یہ کہتا ہے یار دل میرا
پوچھے ہی جی نہ پوچھا پوچھینگے کیا مری پر | مردے کی روح کو بہی گھر سے نکالتے ہین

شاد تخلص فضل علی مرحوم شاگرد مصحفی صاحب دیوان گزرے

نہین سنتا کبہی وہ درد دل کا | عجب بیدرد کے پالے پڑا دل
عجب کم بخت وہ ساعت تہی اے شاد | لگا تہا جس گھڑی اوس سے مرا دل

شاداب تخلص خوشوقت رائے باشندۂ چاندپور شاگرد قایم و میان مصحفی

جب تلک ہو کام مژگان سے تو ابرو دست چڑہا | تیر کے ہوتے کوئی کھینچے بھی ہے تلوار کو

شادان تخلص میر رجب علی دہلوی شاگرد بہوری خان آشفتہ درویش تھے

دل نہ تجہے آہ نادان طفل ابتر کو کبہی | یاد ہے نکتہ مجہے حضرت اوستاد سے

شادان تخلص لالہ بسادلال کایتھ

یون داغ دل ہین اس مری سینے کے آس پاس | جیسے جڑے ہو جیسے نگینے کے آس پاس

شادان تخلص مرزا حسین علی خان دہلوی خلف مرزا زین العابدین خان عارف مرحوم شاگرد مرزا نوشہ غالب ان سے دہلی مین ملاقات ہوئی تہی

غیرون پہ ہین وہ لطف کہ بڑہتی ہین ہمیشہ | ہم پر یہ ستم ہے کہ سوا ہو نہین سکتا
ذوق نظارہ سے نہین باقی ادب کا نام | سر کجہ سے زیر تیغ جہکایا نہ جائے گا
شادان نے دل لگا کے بتون سے برا کیا | اوس سے یہ راز عشق چہپایا نہ جائیگا

شادان تخلص میان رحمن بخش خلف منشی فیض بخش تاجر شاگرد راقم وطن اصلی فرید پور مولد و منشا و مسکن کلکتہ بہت اچہی طبیعت پائی ہے

شاد کیسے ہوتے ہین ہنستے لوٹے جاتے ہین | دست طفلان مین دل شادان کہلونا ہو گیا

کھاؤنگا تلوار کا پھل جب تمھارے ہاتھ سے
تب مرا نخل تمنا بار ور ہو جاے گا

جو کہتا ہون نہ مل اغیار سے فرمائے ہین ہنسکر
بھلا کہیئے تو میرے آپ کیا مختار بیٹھے ہین

ذکر وفا پہ دیتے ہین کیون آپ گالیان
گر جی نہ چاہے آپ کا اچھا نہ کیجئے

شادان تخلص راجہ چندو لال نائب والی حیدرآباد دکھن ولد نرائن داس کھتری باشندۂ راے بریلی شاگرد شیخ حفیظ الدین و شاہ نصیر دہلوی حالات انکے نہایت مشہور ہین دیوان انکا نظر سے گزرا

معشوق کے آنے کی شتابی خبر آوے
اللہ کرے دل کی یہ امید بر آوے

شاذ تخلص محمد عباس خلف مرزا غلام علی بیگ ولد مرزا عظیم بیگ صوبہ دار تو بخانہ فرحت بخش باشندۂ لکھنؤ مقیم مٹیا برج متعلق شہر کلکتہ شاگرد امداد علی بحر راقم نے انکو مٹیا برج کے مشاعرے مین دیکھا ہے یہ شعر اس تذکرے لیے بھیجے تھے

روشن ہوا یہ تار شعاعی سے سر بسر
بکھری ہوئی ہے زلف پریشان آفتاب

سچ ہے کہ آگ ہوتا ہے غصہ شباب کا
مشہور ہے جہان مین کڑی دوپہر کی دوپہر

فریاد کہ اودس زلف سیہ فام نے مارا
کی مشک نے تاثیر مرے زخم جگر پر

یا یا نہ کبھی آگ پہ سیماب کو قایم
پھاہا کبھی ٹھہرا نہ مرے زخم جگر پر

تیر نگہ یار کسی سے نہین رکتا
آئینۂ فولاد ہو یا ہو سپر سنگ

ہوائے تند کے جھونکے نہ دو برد قت آئی ہو
بھڑک اوٹھین نہ میرے شعلۂ داغ جگر دیکھو

شاذ تخلص میر احمد حسین مقیم شکوہ آباد بزرگ انکے سلطان شمس الدین التمش کے عہد مین حجاز سے ہند مین آئے تھے

لب ہلاؤ کبھی بس ایسی ہے رعنائی کیا
کام آئے گی قیامت مین مسیحائی کیا

شاعر تخلص میر بسم اللہ لکھنوی خلف میر نوروز علی ملازم راجہ نواب علی خان شاگرد کرامت علیخان فرخ صاحب دیوان ہین

نہین سوگا لیان اک بوسہ لیکر اسی پر ہی پیکر
پھر اب آزردہ کیون ہے تو حساب دے ستان دل

جسے نہین ہے مروت وہ آدمی ہی نہین
بشر کو چاہیے شاعر حجاب آنکھون مین

ہاتھ خالی آئے تھے سب ہاتھ خالی جائینگے	لائے تھے کیا ہاتھ مین لیجائینگے کیا ہاتھ مین

شاعر تخلص میرزا مہر پرست عرف میر کلو دہلوی حضرت خواجہ میر درد سے نسبت تلمذ وقرابت رکھتے تھے صاحب دیوان گزرے ہین یہ صاحب تذکرہ نے انکا تخلص کلو لکھا ہے

اپنے مطلب کی کہے جائینگے ہمسہ	گر یہ ہوا رنہین ستیجیے گا

قطعہ

تو نہ تھا افسوس ظالم کیا کہین	حال شاعر ہجر مین کیسا رہا
بیقراری جانکنی بے طاقتی	غم الم وحشت جنون سودا رہا

شاعر تخلص شیخ خدا بخش باشندہ گوالیار لشکر

یہ کیا انصاف ہے اے چرخ نا انصاف ہے	زلیخا خوش ہو عشرت گہ مین اور یوسف ہو زندان مین
اوٹھایا لطف دنیا مین سبھون نے عشق کا	رہا شاعر ہے لیکن حسرت و افسوس و حرمان مین

شاغل تخلص اشرف حسین لکھنوی خلف و شاگرد کاشف علی کاشف متخلص بانور

محرم گلابی ساقی مبکش کی دیکھیہ کر	کیا دوڑنے لگا مرا وقت خمار ہاتھ

شاغل تخلص شیخ امیر الدین معروف بمولوی امیر اللہ باشندہ کڑا شاگرد مصطفی الہ آبادین وکالت کرتے تھے

بیقراری سے مری آہ وہ آگاہ نہین	جسکا مین چاہنے والا ہون وہی چاہتا نہین

شافی تخلص امین الدین دہلوی معاصر سودا مقیم عظیم آباد

بہت زخم دل مرے کو کوئی انتیام دو	ظالم کو بلکہ زخم دگر کا پیام دو

شاکر تخلص شاہ شاکر علی دہلوی درویش صاحب دل تھے

اوسکی آنکھون نے نہ اک خلق کو بیمار کیا	زلف نے بھی دل عالم کو گرفتار کیا
ہم تمہارے ہین تمہین ہمسے ہے شرمانا کیا	دور سے شکل دکھا کر ہمین ترسانا کیا

شاکر تخلص محمد شاکر شاگرد محمد علی حشمت

قطعہ

گلچین تجھے کیا تری بلا سے	گل توڑ کے تو تو گود بھر لے

کیا پوچھے ہے حال بلبلون کا | جو اون پہ گزرتی ہے گزرے

شاکر تخلص منشی عبدالسبحان ولد قاضی اکبر علی مرحوم باشندہ کلکتہ شاگرد مولوی عصمت اللہ صاحب

تڑپتے ہین ترے کوچے مین قاتل نیم جان کیا کیا | تماشے مرغ بسمل کے دکھاتے ہین جوان کیا کیا

وابستہ ہو گیا تری زلف دوتا کے ساتھ | دل لے ملا یا لا کے مجھے کس بلا کے ساتھ

کاہیدگی جسم کا مضمون کیون نہ ہو بیان | پہونچا ہین کوے یار مین باد صبا کے ساتھ

جو تیرے حسن کا مشہور عالم مین فسانا ہے | مرے بھی عشق سے آگاہ ایجان اک زمانا ہے

نہین معلوم کس منزل پہ یہ جا کر اوترتے ہین | بہا نسے قافلہ ہر روز یارون کا روانا ہے

سوی کاکل گیا ہے جی سے اپنی آنکھ کیون شاکر | خم گیسو مین کیا مرغ نظر کا آشیانا ہے

ڈر موت کا جینے کی تمنا نہین رکھتے | ہم دل مین کسیطرح کا کھٹکا نہین رکھتے

شاکی تخلص سراج الدولہ شاہزادہ خلف ابوظفر سراج الدین بہادر شاہ بادشاہ دہلی شاگرد حافظ قطب الدین بشیر

لائے اے آہ جگر تو اوسے یا لائے دل | کون دونون مین کرے جلد اثر دیکھین تو

ایک پیکان ایک پر ہے داغ | دل تو وہ کچھ ہے اور جگر پہ کچھ

شان تخلص اکبر حسین خان بن حسن علیخان بن بجل حسین خان لکھنوی شاگرد محمد بخش شہید

دل مین کبھی ہے ذکر خدا گاہ یاد بت | خالی رہا مکان یہ اک دم مکین سے کب

ہمالا کیے دیا کیے وہ دم تمام شب | امیدوار وصل رہے ہم تمام شب

شاہ تخلص شاہ سعد اللہ دہلوی درویش صاحب کمال تھے

وابستہ ہے تجھسے اپنی یہان زیست | جب تو ہی نہین تو پھر کہان زیست

شاہ تخلص درویش خدا آگاہ محمد شاہ مقیم دہلی

کیا بھروسا خوبرویان چمن اندام کا | ان پہ مرنا ہاتھ سے کھونا ہے ننگ و نام کا

شاہ علیخان دہلوی معاصر سودا ملازم نواب سراج الدولہ و نواب عالیجاہ محمد قاسم خان دکھن مین انتقال کیا

کیا مری آہ کیا صنم کی نگاہ | ایک ترکش کے تیر ہین با للہ

شاہی تخلص شاہ قلی خان باشندۂ حیدرآباد دکھن ملازم تاناشاہ

ملنا تمہارا غیر سے کوئی جھوٹ کوئی سچ مچ کہو | کس کس کا منہ موندو ن صنم کوئی کچھ کہی کوئی کچھ کہے

شاہی تخلص مرزا نورالدین کہین برادر مرزا احیدر شکوہ حیدر تخلص مقیم لکھنؤ شاگرد آتش ونواب عاشور علیخان صاحب دلیر ان گزرے

ملو گلے سے تو جاتا رہے گلہ دل کا | تمہارے وصل پہ ٹھہرا ہے فیصلہ دل کا
فردہ باد اے مے پرستو سکیدہ کا در کھلا | خم سر شیشہ کھلا شیشہ سر ساغر کھلا

شاہی تخلص مرزا مجاہد الدین دہلوی شاگرد مرزا قادر بخش صابر

مین اور کس سے راز نہان آپ کا کہون | کیا مین بھی غیر ہون کہ چھپایا نہ جاے گا
شب کو گیا وہ ماہ لقا بزم غیر مین | یہ داغ دل سے اپنے مٹایا نہ جایگا

شایان تخلص پنڈت یم نراین خلف پنڈت رام نراین منصف مہوبا باشندۂ بریلی

قایل نہین مین دیدۂ پرنم کے سامنے | طوفان نوح اگلے زمانے کی بات ہے

شائق محمد ہاشم خیاط دہلوی شاگرد میر عزت اللہ خان عشق

دل مرا تم نے چرایا نہین سچ کہتے ہو | اک ذرا میری طرف رشک پری دیکھو تو
سراپا اوس پری رو مین لطافت ہی صفائی ہے | تصدق ہم ہین اوسکے جسنے یہ صورت بنائی ہے

شائق تخلص میر حاجی شاگرد میر ہدایت علی لیفی مہوی مین کامل عیار تھے بیشتر فارسی کہتے تھے

اوس سنگدل کے دل مین ذرا بھی نہ راہ کی | تاثیر ہم نے دیکھ لی بس اپنے آہ کی

شائق تخلص منشی محمد بخش ساکن حال عظیم آباد

میرا جو رفلک سے یہ حال ہوا میرا جینا بھی مجھ پہ وبال ہوا
نہ تو ہوش و حواس بجا ہی رہا نہ تو اب شفیق و بگانہ رہا

اب اونکا کاسہ سر پایمال عالم ہے | کہ جنکا تھا نہ کوئی ہمسر آسمان کے تلے

شائق تخلص سید محمد حسین عرف میان جان بن سید سرفراز علی باشندۂ بریلی مقیم فرخ آباد

ترک الفت اغیار بدل تم سے ہوا ایمان | باور نہین آتا مجھے باور نہین آتا

شائق تخلص عبد اللہ باشندہ سہارن پور

لگائے اوڑ سے پروانہ لو پروا نہیں اسکو | جلادے گی محبت جو کہ ہے شمع شبستان ہین

شائق تخلص شیخ محمد پیر بخش اکبر آبادی شاگرد ہاشمی وجرات

تماشا دیکھکر جراح کے مرہم لگانے کا | ہمارے زخم ٹانکے توڑ کر کھل کھل کے ہنستے ہین
بزیر دور فلک جب تلک زمانہ رہے | ہمارے سجدے کو یارب وہ آستانہ رہے

شائق تخلص شیخ محمد نذیر الدین حسن فرزند شاہ غلام محی الدین رومی سرہندی باشندہ قبر

حین اس دل کو نہ اک آن ترے بن آیا | دن گیا رات گئی رات گئی دن آیا

شائق تخلص خواجہ فیض الدین عرف خواجہ حیدر جان باشندہ ڈھاکہ ولد خواجہ خلیل اللہ مرحوم شاگرد مرزا نوشہ غالب شعر فارسی دارد دانکے پر درد ہوتے ہین ایک چھوٹا سا دیوان انکا نظر سے گزرا بارہ تیرہ برس ہوئے کہ فوت کی کلکتہ مین ہی آئی تھے

اوسی نے کیا مجھکو رسوائے عالم | کہ جس نے مجھے عالم آرا بنایا

گئے کل سوئے مرقد منفشان کہ وہ سوتے تھے راحت وچین سے وہان
غم دل سے پکارا یہ آہ وفغان دلے آئی وہان سے صدا ہی نہین
کوئی رفتہ ملک عدم نہ پھرا کہ جو پوچھون وہان کا مین حال ذرا
ہے مقام عجب کہ وہ کیسی ہے جا جو گیا سو وہان سے پھرا ہی نہین

شیشہ گر کیا ہے بنا تجھ سے جو تیر شیشہ | اشک کا اس سے بناتا ہون مین ہنر شیشہ

شائق تخلص منشی سرفراز علیخان ناظر محکمہ ڈپوٹی کلکٹری وڈپوٹی مجسٹریٹی بانکا ضلع بھاگلپور بھاگلپور مین رہنے کے ہنگام مین راقم سے اصلاح لیتے تھے

موت بھی سر پٹنی ہے ادسکے بالین پر کھڑی | حال ابتر ہے تمہارے عاشق بیمار کا

شائق تخلص لالہ فتح چند ولد لالہ بستی رام لکھنوی شاگرد ناسخ صاحب دیوان ہین

دل اپنے قبضے سے باہر ہے اذن پا ہین نہ زور دل پہ ہمارا نہ اختیار مین روح

شباب تخلص سید ولدار حیدر خلف سید ولی حیدر شاگرد صفدر باشندہ سانڈی مقیم فرخ آباد

جاہت وہ رنگ ہے کہ کسی بت پر جو آئی دل	تم بھی کمو پکڑ کے کلیجہ کہ ہائے دل

شتاب تخلص مرزا غلام عباس خلف مرزا آغا جان منظور نبیرۂ شاہ عالم بادشاہ شاگرد مرزا رحیم الدین حیا

دست بردار ہوئے تم کسے لکھوں کاغذ	آرزو کسکی کروں اور کسے بھیجوں کاغذ

شجاع تخلص مرزا کریم الشجاع بن مرزا دارا بخت بن ابوظفر بہادر شاہ بادشاہ دہلی شاگرد قطب الدین مشیر

کب سے شجاع منتظر نالے بھرے ہوا کئے	کوچے میں اوسکے گھر گھر ندکور ہے تو یہ ہے

شجاعت تخلص شیخ بہادر علی ولد شیخ فتح علی عرف شیخ مداری باشندۂ لکھنو شاگرد امام بخش ناسخ صاحب دیوان ہیں

بام پر بیٹھ کے آنکھیں جو دکھائے ہو تم	پتلیوں کا سر بازار تماشا ٹھہرا
ہرن کی آنکھ نہ ایسی نہ اسی حور کی آنکھ	ہر ایک آنکھ تمہاری ہزار آنکھوں میں

شرافت تخلص مرزا اشرف علی لکھنوی نبیرۂ میر مشرف شاگرد میر نظام الدین ممنون

چمک کے برق نے کی دل پہ شعلہ باری رات	نظر میں پھر گئی دامن کی وہ کناری رات

شریر تخلص سید علی حسن دہلوی ولد سید قدرت علی طپاں نبیرۂ میر سوز متولد ۱۲۱۰ بارہ سو اسی ہجری میں کلکتہ میں آئے تھے راقم کے ملاقاتی ہیں یہ شعر اس تذکرہ کے لیے دیے تھے

نکل ہر گز نہ چشم تر سے لخت دل شریں لڑکا	ادھر شدت ہے سینہ کی خوف ہے رستہ میں کیچڑ کا
جواہل سوز ہیں نیرنگی عالم سے کیا اونکو	بہار نخل شمع بزم کو کیا ڈر ہے پتجھڑ کا

شریر تخلص مرزا جعفر دہلوی برادر خورد حکیم مرزا محمد عشق تخلص حیدرآباد میں جاکر انتقال کیا

اے عشق جگر سوز شریر کی تجھے سوگند	اک شعلۂ جانسوز کہ مشتاق فنا ہوں

شریر تخلص حافظ پیر حافظ نواسہ حافظ اشرف مرحوم حافظ تخلص باشندۂ دہلی

یہ بیخودی ہے شریر کو کہ جانتا ہی نہیں	زمین ہوتی ہے کیسی اور آسمان کیسا

تم جانتے تو تھے کہ مروت نہیں ذرا
مرنا تمھیں پڑیگا یہ شرر کیا ضرور تھا

اللہ اللہ ری سجدے کی تمنا مجھکو
اوسکے ہر نقش کف پا پہ جھکا جاتا ہون

تری تقدیر مین ہوتی تھی اسیری ورنہ
ساتھ لیکر تجھے ہم اے دل مضطر آتے

شرر تخلص مرزا غیاث الدین دہلوی خلف مرزا قمر الدین شید المخلص نسیرہ شاہ عالم بادشاہ شاگرد شیخ محمد ابراہیم ذوق

شرر خدا سے ڈر وکل تھے سجدہ بت مین
اور آج تم کو یہ دعوے ہے پارسائی کا

روز کے ظلم وستم اوٹھ نہ سکے اے ظالم
تنگ آخر ترے ہاتھون سے شرر آہی گیا

ہر جفا کو ترے وفا کہیے
یہ نہ کہیئے تو اور کیا کہیے

شرر تخلص مولوی علی بخش خان بہادر صدر الصدور بن مولوی حمد بخش باشندہ بدایون

برائے نام بھی ہے اوسکو وصل سے نفرت
وصال کا بھی مرے وہ ملال کرتے ہین

لبون پہ جان ہے آنکھون مین دم رکا ہے شرر
یہ کیسکے آنے کا ہم احتمال کرتے ہین

شرر تخلص سید فضل حق ولد سید عظیم الدین باشندہ میرٹھ شاگرد عبد الصمد ذوق

مانا کہ حال غیر پہ تو مہربان نہین
پر مجھسے بھی تو پہلی سی وہ گرمیان نہین

شرر تخلص مرزا صادق علی مرحوم برادر مرزا جعفر علی فصیح ترک دنیا کیا تھا

بسکے دونون جہان کا کام ہم نہ اوسے ہی نہ اوسکے ہوئے
نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم نہ ادھر کے ہوئے نہ اودھر کے ہوئے

شرر تخلص مرزا ابراہیم بیگ شاگرد نوازش حسینخان نوازش بیشتر فارسی لکھتے تھے

جھوٹی ہے محبت میان تم کسکو بناتے ہو
تقریر مین لکنت ہے کیون باتین بناتے ہو

سامعین کا نہ فقط سننے سے دم رکتا ہے
سرگذشت اپنی جو لکھین تو قلم رکتا ہے

شرر تخلص عبد الغفور خان تھانہ دار ضلع بوندیکھنڈ خلف نور محمد خان ابن شاہ محمد خان کابلی باشندہ رامپور بریلی

ہاتھا پائی جب سے کرتا ہے وہ کافر چھیڑ سے
ٹوٹتے ہین رشک کی ماری ہماری ہاتھ پاؤن

کس ستم پر ان روزون بڑی آنکھ
سونے نہین دیتی ہے مجھے ایک گھڑی آنکھ

شرر تخلص مرزا آغا حسن ولد آغا محمد فیض آبادی مقیم لکھنؤ شاگرد آتش صاحب بیان مین

پاپوش اوسکی مہندی لگاتی ہے اے شرر | یون ہی ہین سرخ اوس گل رعنا کے پاؤن
مین غم کو دیکھتا ہون محبت کی آنکھ سے | تم مجھکو گھورتے ہو عداوت کی آنکھ سے

شرف تخلص سر فراز الدولہ مرزا ابو طالب خان خلف نواب منیر الدولہ ولد میرزا ابو الحسن خان نواسۂ محمد علی شاہ بادشاہ لکھنؤ صاحب دیوان ہین

جب تپ غم کا نہ اے خورشید رو چارہ ہوا | نبض میری چھوڑ کر بھاگا مسیحا ہاتھ سے
یار خود رنگین ادائی سے ہوا بیہوش رات | لے لیا وزد حنائے صاف چھلا ہاتھ سے

شرف تخلص میر امام علی خلف میر قادر علی باشندۂ فرخ آباد

منہ سے بوسہ تو نہ مانگینگے جبین یا مہ جبین | جان جائے تو نہین غم ہے مگر ارمان رہے
وصل مین ہوکے ہم آغوش وہ بولے یہ شرف | اب تو فرمائیے کچھ اور بھی ارمان رہے

شرف تخلص شرف الدین حسین تھا نہ دار ضلع کانپور ولد شہاب الدین باشندۂ علیگڈھ شاگرد رشک صاحب دیوان ہین

ایسی کسی حسین نے بھی بالی نہین جبین | دن کو ہے مہر رات کو ماہ مبین جبین
گیسو ہی رات تاری مین تل مانگ کہکشان | ابرو اگر ہلال ہین ماہ مبین جبین
دعوے کوئی شاید نکرے خون کا اپنے | اسوا سطے ابرو کی طرفدار ہین پلکین

شرف تخلص مرزا شرف الدین بیگ لکھنوی

مژگان اوسکی برچھی ہین با خنجر ہین ابھوا ہین | سینہ سپر یہان ہم بھی ہین سب آپ دیکھیے بھائی آپ

شرف تخلص سئید سادات حسین خان عرف آغا جو خلف سئید محمد میر عرف میر نقاب باشندۂ لکھنؤ شاگرد خواجہ حیدر علی آتش سنہ ۱۲ بارہ سو اسی ہجری مین کلکتہ مین آئے تھے راقم سے اِنسے بزم مشاعرہ مین ملاقات ہوئی تھی

ہوا نہ ضبط تو بیتاب ہوکے کہہ بیٹھا | خبر بھی ہے تمھین کرتا ہے پیار دل میرا
شب فراق مین تڑپا کے مار ڈالیگا | قرار واقعی ہے بیقرار دل میرا
داغ دل بت مجنون پہ چڑھا آؤن گا | فصل گل مین جو ذرا بھی میرا سودا ٹھہرا
یاد کرتا ہے مرے سوء تنفس کا علاج | ہون وہ بیمار کہ دمساز مسیحا ٹھہرا

بیتاب ہون سنو نگانہ مین لشتر انیسان | گستاخ ہون ڈرو نگاہی اس نہین ہی کب
گھستے گھستے پاؤن کی زنجیر آدہی رہ گئی | آدھی چھٹنے کی ہوئی تدبیر آدہی رہ گئی
آدھے دھڑکا دم نکلتا تھا کہ آیا خط یار | پڑھتے پڑھتے مر گئے تحریر آدھی رہ گئی

شرف تخلص شیخ شرف الدین حسین دہلوی شاگرد سودا بیشتر مرثیہ اور منقبت کہتے تھے

اب دن پھرے ہمارے یہ ہم پر عیان ہوا | وہ مہ جبین جو رات کو پھر میہمان ہوا
لوٹے چمن مین گل کے خزان یون بہار حیف | اور عندلیب جیتی رہے تو ہزار حیف
مانند مرغ قبلہ نما گرچہ مضطرب | پھرتا ہون اپنے گھر مین بغربت گزیدہ ہون

شرف تخلص میر محمدی خلف سید جعفر خان صوبہ دار مرشد آباد برادر زادہ نواب خان دوران خان

رباعی

فراق نہین کہ لوٹ لاتے ہین ہم | نوکر بھی نہین کہ روز پاتے ہین ہم
کیا پوچھتے ہو یاد و حقیقت اپنی | اللہ دیتا ہے بیٹھے کھاتے ہین ہم
اک صفائے قلب بس ہے بہر تسخیر جہان | خاتم دست سلیمان ہے نگین آئینہ
خاکساری مین تردد سخت بے تاثیر ہے | پاؤن مین رگ رواں کے موج کی زنجیر ہے
تو بتائے چشم مردم خاکساری کیون نہ ہو | فی الحقیقت خاکساری نسخۂ اکسیر ہے

شرف تخلص میر غلام عباس خلف سید غلام رضا لکھنوی شاگرد میر وزیر صبا صاحب دیوان ہین

فکر عقبیٰ کی نہ کچھ خواہش دنیا دل مین | ہے فقط یار کے ملنے کی تمنا دل مین
مین وہ بیمار ہون احسان نہ لون مرتے دم | خوب سمجھے ہوئے ہین مجھکو مسیحا دل مین
یاس و حرمان و غم و رنج فراق جانان | آیا پیغام اجل کا انہین دو چار کے ہاتھ
ذبح کر ڈال تو چھوٹون مین غم فرقت سے | فیصلہ ہے مرا قاتل تری تلوار کے ہاتھ
کیون لوٹ پڑا گیسوئے شبگون یہ تمہاری | لو اور سنو آئی ہے شامت مرے دل کی

شرم تخلص تورہبگ باشندۂ دہلی شاگرد حافظ اشرف حافظ وشاہ نصیر دہلوی

ظاہرا انکے شرم تخلص کرنے کی کوئی وجہ معلوم نہین ہوتی

تری محفل مین جانے کی مجھے رخصت اگر ہوتی | برنگ شمع قوت پاؤن کی بھی صرف سحر ہوتی

شریر تخلص احمد خان دہلوی فیروزپور مین رہتے ہین

خاک اپنی زندگی ہواے غریز وجب کہ دہان | صورت امید مرمر کر بنے اور ٹوٹ جائے

شریر تخلص منشی کریم الدین سودا گر پنجابی کٹرہ دلی

ہم کو خالق نے کیا بے سر و سامان پیدا | نہ تو دامن ہے میسر نہ گریبان پیدا

شریف تخلص مولوی شریف الحسن بن مولوی نظام الدین باشندہ فرخ آباد

مرے سواد مین پنہان ہین معنی روشن | نگاہ غور طلب ہون خط غبار ہون تین

شریف تخلص مرزا شریف بیگ مرثیہ خوان دہلوی

شریف رونے پہ آجائین گر یہ دیدہ تر | تو ابر و نہ رہے کچھ گھٹا برسنے کی

شریف تخلص مرزا محمد شریف خلف مرزا فیض شاگرد ولی اللہ محب

ضعف سے جب تری دیوار تلے بیٹھ گئے | تو نے سو طرح سے ٹالا نہ ٹلے بیٹھ گئے

شیدا تخلص مرزا حاجی قادر بخش بن مرزا بلند بخت نبیرہ شاہ عالم بادشاہ شاگرد و مرید عبیدہ شاہ

پھر فصل بہار آئی شاید کہ گلستان مین | آباد جو دو دن سے زندان نظر آتے ہین

شیدا تخلص مرزا روشن الدولہ خلف مرزا آغا جان قطر بن مرزا سلیمان شکوہ شاگرد مرزا رحیم الدین حیا داستان طرازی و افسانہ گوئی مین کمال رکھتے تھے

کام تو کچھ بھی نہین ہے حشر مین اپنا مگر | آن نکلینگے ترے خاطر اگر آنا ہوا

ناتوانی کا برا ہو کہ اوٹھانے نہ دیا | ایسا کیا بوجھ بہت طوق گلوگیر مین تھا

ستم کا یہ مزہ ہے دل کو الفت مین کہ الٰہی | لیے پھرتے ہین ہم سر پر سدا گردون سے دشمن کو

شجاع تخلص محمد اکبر شاہ بادشاہ دہلی خلف الصدق جنت آرامگاہ حضرت شاہ عالم بادشاہ آفتاب تخلص ۱۲۵۳ بارہ سو ترپن ہجری مین ۸۰ برس کی عمر مین انتقال فرمایا راقم نے دہلی مین انکے مزار کی زیارت کی ہے

تجھ زلف کے سودے سے یہ دل کیونکہ بر آوے | تا حشر نہ چھوٹے یہ بلا جسکے سر آوے

شعلہ تخلص امرناتھ وطن اصلی کشمیر مولد لکھنؤ

دہان زخمی شعلہ نے حسن سبز سے پرہیز کر | حق میں اس بیمار کے پرہیز کرنا سم ہوا
غبار راہ ہیں پر اے ہوائے عالم بالا | فلک پر ایک دن پہونچینگے ہم اس خاکساری سے

شعور تخلص میاں شعور احمد سرہندی پیرزادے تھے

عشق نے کیا کیا دبے آزار اوٹھتے بیٹھتے | دم ہوا لینا ہمیں دشوار اوٹھتے بیٹھتے

شعور تخلص شیخ عبدالرؤف ولد شیخ حسن رضا باشندہ بلگرام مقیم لکھنؤ شاگرد مصحفی صاحب دیوان گزرے

گلے سے اپنے لگائے وہ جان جان مجھے | بدن سے رشک کرے کیوں وصال یہ روح
آسمان سے کون لے احسان تاج خسروی | اوٹھ سکیگا کس سے یہ بار گران بالای سر

شعوری تخلص ایک شخص باشندہ جوالاپور کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

پھر تا رہے ہے چار پہر مضطر آفتاب | روشن ہے یہ کہ محو ہوا تجھ پہ آفتاب

شفا تخلص حکیم یار علی دہلوی قوم بنی اسرائیل معاصر محمد علی حشمت یا ولی دکھنی

جون ڈانک دیتے سیتی دونا کھلے ہے جوہر | چمکا ہے رنگ یاں سے شہرہ ترے لبا کا

شفا تخلص مرزا کریم بیگ خلف مرزا انور علی بیگ لکھنوی شاگرد برق صاحب دیوان ہیں

خیال حور گیا دھیان اوس پری کا ہے | نخل کے نور سے رہنوگی ہے نارین روح
وہان پھپھولا آگ کا تھا خال یہاں اختر ہوا | وہان یہ بیضا تھا یہاں نکلا ہے تارا ہاتھ میں

شفا تخلص خواجہ محمد کاظم کشمیری

تیرے خنجر کے وہ احسان ہیں کہ ہر زخم جگر | خود ادا اے تشنگر کو قاتل دہن ہو جائیگا

شفق تخلص مرزا علی جان خلف مرزا جان لکھنوی شاگرد بحر غلام لے انکا دیوان بنسا ری کے نذر کیا کہ بڑیون میں صرف ہوا ۱۲ راقم کے دوستون میں ہیں ۱۲ اندنون سوجی کھولے میں رہتے ہیں شعر اچھا کہتے ہیں یہ شعر اس تذکرہ کے لیئے دیے تھے

سوا تیرے نہیں پاتے کسی کو دوست ہم اپنا | نظر آتا نہیں کوئی یہاں سے تا عدم اپنا

جو قصد فصد ہے تو خون کر لین پہلے ہم اپنا
اگر تیر الہو دیکھا نکل جائے گا دم اپنا

سر شوریدہ اپنا وقف تیغ جور خوبان ہے
نکالین حوصلہ جی بھر کے اب اہل ستم اپنا

طمع دو آنسوؤن کی بھی نہ رکھو اہل دنیا سے
شفق جی بھر کے رو لو جیتے جی کر جاؤ غم اپنا

چھڑایا اسنے مجھکو کیسے کیسے نوجوانون سے
مرے ہاتھونسے اک دن خون ہوگا پیر گردن کا

وہ دوست مل گئے غیرونسے جن پہ دعوی تھا
کسی کا اب زمانے مین اعتبار رہا

ملو تو صورت آئینہ صاف ہو کے ملو
مزا نہین ہے دلون مین اگر غبار رہا

کرے مین کوئی کسی کا شریک حال نہین
چلے ہے چھوڑ کے تنہا مجھے مزار مین روح

جو بات کی اونھون نے خبر ہو گئی ہمین
حاصل ہوئی ہے عشق سے ہمکو صفای دل

کیون ٹھنڈی سانسین بھرتے ہو غیرونکو وسطے
محفل مین شمع سان نہ جلاؤ پیارے دل

رخ کا یہ قول ہے رشک کرہ نار ہون مین
زلف بڑھ بڑھ کے یہ کہتی ہے دھوان دھار ہون مین

اودھر خدا بندگی کا طالب ادھر ہوس حرص غالب
یہ روح اگر میان قالب عجب مصیبت کی درمیان ہے

شفق تخلص دولت رام گلفروش باشندہ دہلی

پس از مردن بھی گردش ہے بس اپنے مقدر مین
بگولے کیطرح رہتی ہے میری خاک چکر مین

شفق تخلص محمد علی خان بن مولوی احمد علی خان باشندہ فرخ آباد

بوسہ ہوا نصیب جو خال حبیب کا
چمکا ہے مدتون مین ستارا نصیب کا

ہاتھا گڑ رہا ہون ترے آستان سے
لکھا مٹا رہا ہون مین اپنے نصیب کا

شفق تخلص انور الدولہ محمد سعید الدین خان بہادر عرف منجھلے صاحب خلف نواب احمد بخش خان مبتاب ۔ شاگرد امجد علی قلق ۔ باشندہ موضع کدورا ضلع کالپی ۔ صاحب دیوان ہین ۔ انکی ایک چھوٹی سی مثنوی نظر سے گذری

ہوا ہے کس سے الٰہی مقابلہ دل کا
کہ رشک ساغر جم ہے ہر آبلہ دل کا

ٹھوکرین کھاتا ہے میرا کاسۂ سر خاک مین
بعد سر کٹنے کے بھی اک درد سر پیدا ہوا

دہن سے اوس گل تر کے جو آب آب ہوا
ہر ایک غنچہ گل شیشۂ گلاب ہوا

مقام عشق مین غفلت ہے عین ہشیاری
کہ رہنمانے زلیخای زار خواب ہوا

ہاتھ دکھلا کر مجھے دیوانہ و مفتون کیا
ہین لکیرین یا کہ ہین نقش محبت ہاتھ مین

بگولے لیتے ہین تعلیم مجھ سے ہرزہ گردی کی
کہ آندھی ہو ن مین صحرائے جنون کے خاک اوڑانے مین

سر بگین فرگان کی یہ فوج صفت آرا دیکھیے
اس سیہ کرتی کی پلٹن کا تماشا دیکھیے

حوصلے دل مین تڑپنے کے ہین کیا کیا دیکھیے
ذبح کر کے رقص بسمل کا تماشا دیکھیے

چتون ہے سحر اوس پری کی
آنکھین استاد سامری کی

ایسا تھا شوق وادی وحشت کہ دوڑ کر
بوسے ہمارے آبلون نے خار کے لیے

یہ ضعف ہے کہ سانس کا لینا محال ہے
بار گران ہے روح تن زار کے لیے

گھر سے وحشت مین نکلتے ہی وطن بھول گئے
یہ فضا دشت کی دیکھی کہ چمن بھول گئے

شفقت تخلص میر بشارت علی باشندۂ دہلی مقیم حیدرآباد دکھن

دل مین بستا ہے حسینان پریرو کا خیال
بند کی ہم نے ہے افسون ہو پری شیشے مین

شفقت تخلص شکر اللہ بنارسی شاگرد مرزا طپان

اوس گل نو سے سوم مین مرے آیا نہ گیا
پھول بھی مارے نزاکت کے اوٹھایا گیا

شب جو تھی لے نور پر تو روے دلبر چاندنی
لوٹتی تھی خاک پر حسرت سے شب بھر چاندنی

شب کو بیٹھے تھے بچھا کر تم جو اپنے بام پر
رشک کرتی تھی تمھاری چاندنی پر چاندنی

شفقت تخلص عبد الرحیم ۱۸۵۱ء اٹھارہ سو ستاون عیسوی مین کلکتہ کے میڈیکل کالج مین ڈاکٹری سیکھتے تھے

رسم الفت دہر مین مطلق نہین شفقت رہی
بیوفاؤن سے بس اب دل کا لگانا چھوڑ دے

شفقت تخلص سید محمد حسین باشندۂ موضع کلاوٹھی مقیم دہلی شاگرد مولوی صہبائی فارسی ہی کہتے تھے

وہ چشم مست ہے ساقی کہ جسکی گردن پر
بغیر جرم ہے خون لاکھ شیشۂ مل کا

جاتی ہے اپنی جان سحر کی امید مین
آفت ہے کوئی طول شب انتظار کا

چلتی ہے جب تو میرے ہی جانب ہوا لقا
کیا دشمنی صبا کو ہے میرے غبار سے

کس کس سے مین بچاؤن دل ناتوان کو آہ
اوس فتنہ گر سے یا فلک بد شعار سے

شفیع تخلص محمد شفیع مقیم لکھنؤ معاصر سودا و میر

شام کو جب یاد تیری بات آتی ہے ہمین | نیند کافر ہون جو ساری رات آتی ہے ہمین

شفیق تخلص مظہر علیخان شاگرد ثناء اللہ خان فراق

یا نہین جین مین مرا گلعذار حیف | جاتی چلی بہار ہے یونہین ہزار حیف

شفیق تخلص خواجہ نورالدین خان عرف سانولے صاحب برادر سعیدالدین خان شفق شاگرد امجد علی قلق

کندن سا دمکنے لگا وہ پھول سا چہرہ | کی مے نے اوترتے ہی یہ تاثیر گلے مین
واہ کیا ہو نوبہ اے مہر طلعت ہاتھ مین | ہے یہ بیضا نہین مہندی کی رنگت ہاتھ مین

شفیق تخلص شیخ ناصر علی خلف شیخ مدد علی باشندہ فرخ آباد

انکار بات بات مین ہر دم شب وصال | اوٹھتے نہین شفق سے غم مے جناب کے

شفیق تخلص تلسی رام شاگرد کیول رام ہوشیار

مرے سینے کی سوزش کا بیان کیا | فلک آہون کا میرے اک دہوان ہے

شکر تخلص رادھا کشن کائتھ مراد آبادی

دیکھ تو اے چشم سیل اشک طغیانی مین ہے | گھر سنبھال اپنا کہ دیوار مژہ پانی مین ہے

شکوہ تخلص مرزا محمد رضا لکھنوی شاگرد مرزا قتیل

تجھکو دلدار نہین سمجھتا ہون | کیا غلط یار نہین سمجھتا ہون
نہ اوسکا وصل ہے ممکن نہ تاب ہی دل کو | عجب طرحکا الٰہی عذاب ہے دل کو
تھوڑے ہی نیک و بد کی گروہ تمیز رکھے | کافر ہو پھر جو اوس سے دل کو عزیز رکھے

شکوہ تخلص آغا محمد حسین خلف احمد حسین احمد بن مرزا امیر فارسی گو۔ صاحب تذکرہ حدائق الشعراء۔ باشندہ لکھنؤ۔ مقیم ٹیابرج متعلق کلکتہ شاگرد اصغر علی خان نسیم

یہ شعر اس تذکرہ کے لیے بھیجے تھے

ہان وہمات اور ہے گر آپ بتا ہی دیجئے | ناز قرآن تو نہین ہے کہ اوٹھا ہی نہ دیجئے
اسمین کچھ راز نہین ہے تو چھپاتے کیون ہین | رخ خط غیر نہین ہے کہ دکھا ہی نہ دیجئے
دیکھنا جب وہ عنایت کی نظر کرلین گے | ہم بھی سرمے کی طرح آنکھ مین گھر کرلین گے

شکوہ تخلص میر شکوہ علی ساکن رادہ

نہ دم مین دم ہے نہ اب نم رہا ہے آنکھون مین
کبھی جو روئے تھے خون جم رہا ہے آنکھون مین

شکیبا تخلص غلام حسین دہلوی شاگرد میر تقی شعرا ے پاے تخت معین الدین اکبر شاہ بادشاہ دہلی مین تھے

نیم بسمل اوس نے گر چھوڑا شکیبا غم نہین
پر یہ غم ہے اعتبار دست قاتل اوٹھ گیا

سہین فتنہ تم نے کیا کیا نہین کہتے ہم کہ بر آیا
یہ بھلا کیا یہ کہو گے کیا جو کوئی کہے کہ یہ کیا کیا

تری چین جبین ہے موج طوفان
اسی سے ہم کنارے ہو رہے ہین

چپکا ہون مین طبیب یہ امکان ہی نہین
تو نبض دیکھتا ہے یہان جان ہی نہین

یاد اوس ساق بلورین کی دلائی مجھکو
شمع نے آگ نے سر سے لگائی مجھکو

اوس چشم سرمہ سا کی نظر کیون نہ گرم ہو
او تری ابھی ہے سان پہ تلوار گرم ہے

نہ پوچھو ماجرا ہجران کی شب کا سخت آفت ہے
مہ تابان بھی میرے سر پہ خورشید قیامت ہے

شگفتہ تخلص مرزا شگفتہ بخت عرف مرزا حاجی خلف مرزا جوان بخت جاندار شاہ مرحوم ابن شاہ عالم بادشاہ مقیم بنارس

ساقی ہے مے ہے باغ ہے ابر بہار ہے
تیرا ہی رخنک گل فقط اب انتظار ہے

مشکل ہے میرے اوسکے ہو صحبت برابر آہ
مین جلد باز ہون وہ تغافل شعار ہے

شگفتہ تخلص بدھ سنگھ آہنگر دہلوی شاگرد بھورے خان آشفتہ

پروانہ وار جلکر گو خاک ہو گئے ہم
پر شمع رو نہ چوکا اپنی شرارتون سے

شگفتہ تخلص سیف الدولہ سیف علی خان خلف نواب شجاع الدولہ بہادر شاگرد کاظم علی جوان صاحب دیوان گزرے

خرام ناز تراب مری نظر مین رہا
تمام عمر ہی بیٹھا مین رہگذر مین رہا

آنکھین چرا کے شب وہ بہانے سے اوٹھگیا
حرف دروغ آہ زمانے سے اوٹھگیا

بوسہ لیتے ہوے ہم دیکھا ادب کرتے ہین
گالیان دیتے ہین یہ آپ غضب کرتے ہین

غم نہ کھا اے دل اگر شب زلف کی تاریکی ہے
پاس ہے زخ اوسکا یعنی صبح بھی نزدیک ہے

شمس تخلص میر شمس الدین عرف مرزا حسین

یہ وہی کم بخت شاید یہاں پس دیوار ہے | ہنسنے رونے کی مری آواز کہتا ہے وہ شوخ

شمس تخلص شمس الدین منشی کتب خانہ مہاراجۂ بردوان

کہ ہاتھوں میں صراحی ہے لیے ہر نخل تنبو کا | گلستان میں گزر ہے آج کس ساقی گلرو کا

شمس تخلص شریف احمد خان عظیم آبادی شاگرد مرزا غلام حسین قمر

تو تھرتھرانے لگے آفتاب دریا میں | اگر بنائے وہ مہ بے حجاب دریا میں

شمس تخلص شیخ علی محمد مرحوم باشندۂ بریلی

سینے کی نظر آتی ہے زنجیر پس پشت | اللہ رے صفائی بدن نازک جانان

شمس تخلص میر آغا علی لکھنوی شاگرد قاضی محمد صادق خان خیر کلکتہ میں بھی آئے تھے

راقم کے ملاقاتی ہیں

تو خوشی آپ کی رخصت ہی سہی | یہ تو فرمائیے کب آئیے گا

نہیں الفت تو مروت ہی سہی | نہ کرو بات ادھر دیکھ تو لو

سحر تک زلف بگڑا کی بنا کی | کٹی شب یار کی آرایشوں میں

بندھی مٹھی کھلی قسمت حنا کی | متاع حسن ہاتھوں ہاتھ لوٹی

شمس تخلص مرزا اکبر علی شاگرد حیدر علی آتش

خانہ بردوش ہمیشہ ہوں سیر کی صورت | تیرہ بختی سے نہ دیکھی کبھی گھر کی صورت

شمس تخلص میر آغا شاگرد ثاقب باشندۂ لکھنؤ

دیکھ کر دیکھی نہ ہو زنجیر پشت آئینہ | ہنس کے وہ بولے جو بھری پیٹ پر چوٹی کر کا

شمسی تخلص لالہ سورج پرشاد ولد لالہ جنی لال باشندۂ فرخ آباد شاگرد نجد وب

قاتل اگر کیا تو تمھاری ہی چال نے | واللہ منکران قیامت کو اے صنم

شمشاد تخلص میر احمد علی لکھنوی نواسۂ اقبال الدولہ شاگرد مرزا علی حسین اوج

کہیں بلبل کی جھپکتی ہے بھلا خار سے آنکھ | خوف کیا ہم کو اگر ساتھ ہے اوس گلکے قریب

شیدم تخلص عباس مرزا عرف امراؤ مرزا خلف مرزا امداد علی لکھنوی شاگرد وزیر علی صبا

بغیر یار کے کیا سیر باغ کو جائین | ہماری آنکھون کو ہے خار ہر چمن کی بہار
بہر وقت ہجر یار مین ہے یہ صدای دل | بھولے سے بھی کسی سے نہ کوئی لگائے دل

سمیم تخلص سید غالب علی ولد سید حیدر بخش بنارسی شاگرد مرزا الطاف حسین

رہبر اہل جنون ہوتے ہین اسباب جنون | پیچھے پیچھے ہم ہین آگے نالۂ زنجیر پا

شناور تخلص صاحب مرزا خلف شاہ میر خان ابن آغا نصیر نیشاپوری باشندہ فیض آباد مقیم لکھنؤ شاگرد خواجہ حیدر علی آتش صاحب دیوان گزرے

باد ہین مجھکو بھی عیار کے دستور بہت | آپ گرد و رتو بندہ بھی ہے پھر دور بہت
کیسکو تیغ ملتی ہے کیسکو خنجر برّان | ہمارے قتل کا ساماں ہے وہان ہر بار بنتے ہین
لحاظ اپنا وہی رہتا ہے ہم بستر بھی ہونے مین | اگر وہ پھیل کر سوتے ہین تو ہم خود سمٹتے ہین
پھر شب عیش و طرب ہو وہی چرچا پھر ہو | وہی ساقی وہی ساغر وہی مینا پھر ہو
اے آئینہ رو ایک مجھی کو نہین حیرت | بت بن گیا جسکو تری صورت نظر آئی
دنیا بھر اخط اوسے غیر و نسے چھپا کر | اتنی بھی تجھے عقل نہ اے نامہ بر آئی

شنکر تخلص دباشنکر دہلوی حیدر آباد مین فوت کی

ان طبیبون سے کچھ ہوا نہ علاج | عشق کا درد لادوا دیکھا
دیکھ گریان مجھے وہ ہنستا ہے | خندۂ گل ہے ابر کا رونا
اثر سے خالی اگر ہے فغان بلبل کا | ہوا ہے چاک گریبان کس لیے گل کا

شعور تخلص مرزا محمود بیگ شاگرد سعادت یار خان رنگین وطن انکا ایران مولد دہلی سپاہی پیشہ تھے لڑائی مین مارے گئے

وہ قتل کو ہمارے ارشاد کر رہے ہین | یہان کلمۂ شہادت ہم یاد کر رہے ہین
غضب آنکھین ستم ابرو عجب منہ کی صفائی | خدا نے اپنے ہاتھون سے تری صورت بنائی ہے

شعور تخلص مغل جان ولد مسماۃ نصیبن باشندۂ کلکتہ شاگرد حافظ منیم و فرزند علی مسلم جوانی مین فوت کی

لڑکے کشتی دو بہ مضمون کو پچھاڑا چاہیے | جھنڈا میدان سخن مین آج گاڑا چاہیے

شور تخلص بابو مدن موہن لعل بن چھدامی لال مقیم فتح گڈھ

ہم کو آبادی سے مطلب ہے نہ ویرانی سے | رات دن غم مین بھرا کرتے ہین دیوانے سے

شورش تخلص غلام احمد دہلوی خلف محمد اکبر قبالہ نویس شاگرد مومن خان

کھورکھے گا مجھکو میرا دیدۂ تر ایک دن | شمع سان کھل جائیگا یہ جسم لاغر ایک دن
ناخواب مین بھی جلوہ فروز اونکے نہو تو | ہم کوچۂ اغیار مین فریاد کرین گے

شورش تخلص منشی زین العابدین خان ولد میر محمد عطا حسین خان مصنف نوطرز مرصع مقیم لکھنو صاحب دیوان ہین

شکایت درد ہجران کی جبکی اونسے تو فرمایا | بس اب موقوف کیجے گفتگو مین مدعا سمجھا

شورش تخلص میر غلام حسین عظیم آبادی خواہرزادۂ ملا وحید شاگرد میر باقر حزین سنہ ۱۱۹۵ گیارہ سو پچانوے ہجری مین وفات پائی انسے ایک دیوان اور ایک تذکرہ شعرائے اردو یادگار ہین

رقیب گرچہ بہت برخلاف ہے شورش | ہوا کرے ہمین ہے یار اپنے کام سے کام
ابر رو تا ہے تو بھی رو اے چشم | اسمین جو ہونی ہو سو ہو اے چشم

شورش تخلص حافظ ناصر حسین شاگرد ثناء اللہ خان فراق

تجھ مین انداز و ادا و دلربائی قہر ہے | ساری باتین خوب پر شب کی لڑائی قہر ہے

شوق تخلص شیخ الٰہی بخش اکبر آبادی ملازم مرزا مظفر بخت خلف مرزا جوان بخت جہاندار شاہ مرحوم فارسی اور ریختہ مین صاحب دیوان گزرے سنہ ۱۲۴۱ بارہ سو یکتالیس ہجری مین انتقال کیا

دیکھیے جو رنگ اس قرۂ اشکبار کا | دل جھلتون سے آب ہوا ابر بہار کا
اس خاکسار کو کوئی کیونکر اوٹھا سکے | جون نقش پا جہان کہ یہ بیٹھا وہین رہا

شوق تخلص جوہر بیگ لکھنوی شاگرد مصحفی فن نغز و معما مین اچھا دخل رکھتے تھے آخر ایام مین مشہد مقدس کو چلے گئے تھے

تجھ بن قلق ہے بستر غم پر تمام رات | تڑپا کیا مرا دل مضطر تمام رات

شوق تخلص مولوی قدرت اللہ باشندہ موضع موی ضلع سنبھل مرادآباد مقیم رامپور

بڑے عالم تھے انسے دیوان وتذکرہ شعرا یادگار ہین

دلسی کرتا ہے تو گو یار مرا پیار مجھے
مارے ڈالے ہے یہ یہ الفت غیار مجھے

اے خدا یون بھی کبھی تیری خدائی ہوگی
کہ مجھے اوسکی جدائی سے جدائی ہوگی

شوق تخلص روشن لال علم موسیقی اور ستار نوازی مین کمال حاصل کیا تھا

گردش چشم دکھانا نہ گل اندام کہین
ورنہ لو پینگے صراحی کہین اور جام کہین

شوق تخلص بہوگی لال

کہین وہ شوخ بھی آجاے لڑکون مین تماشے کو
مبارک جب مجھے اے شوق ہو دیوانہ پن اپنا

شوق تخلص حسن علی خان دہلوی شاگرد خان آرزو نواب عماد الملک غازی الدین خان کے متعلقون مین تھے صاحب دیوان گزرے

دکھا دیدار اے پیارے کہ مین فرقت سے دندا
مجھے فردا ے محشر آج ہے مین کل ہی در گزرا

عبور بحر دنیا مین سبکساری سے کرتا ہون
حباب آسا شمار دم سے بے کشتی گزرتا ہون

مدت سے یہ بحث درمیان ہے
پر علم نہین کمر کہان ہے

رباعی

اس دور مین بد قماش اکثر دیکھے
تھے وہ جو غلام تاج بر سر رکھے
اے گنبد باز چرخ تیرے ہاتھون
اوراق جہان تمام ابتر دیکھے

شوق تخلص ایک شخص باشندہ دہلی شاگرد سودا کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

دامن کو تیرے خون نہ ہے بن بھرے ہوے
چھوٹے نہ اپنا عشق تو قاتل مرے ہوے

شوق تخلص حافظ غلام رسول دہلوی شاگرد نصیر امامت مسجد وتعلیم اطفال کرتے تھے

لکھا ہوا تھا یہ اوس مہ جبین کے پردے پر
نہین ہے کوئی اب ایسا زمین کے پردے پر

رونگٹے پاؤن مین چبھتے ہین نزاکت کا سبب
فرش مخمل پہ وہ گلرو جو قدم رکھتا ہے

شوق تخلص محمد بخش دہلوی شاگرد برکت اللہ خان

ساقی یہ کونسی تھی مئی تند جسنے آہ
غربال کردیا ہے ہمارا ایاغ دل

سورۂ والشمس کی تفسیر ہے مکھڑا ترا | شوق سے لینگے اوٹھا اس بات پر قرآن ہم
اے شوق اوجھالے ہی وہ شیشے کو نشے مین | منظور کسی کی تو ادسے دلشکنی ہے

شوق تخلص محمد جہانگیر خان باشندۂ فتح گڈھ

آواز ہے اذان کی نہ گھڑیال کی صدا | ہے ہے شب فراق یہ کیسی بلا کی ہے

شوق تخلص عنایت اللہ متوطن فریدآباد شاگرد مولوی امام بخش صہبائی بسبیل روزگار پنجاب مین رہتے تھے

کرون مین شکوۂ اغیار کسطرح حبب شوق | ملا ہو یار ہے قسمت سے بیوفا مجھکو
ایک عالم کو ہے آرام کی خواہش پر دل | نہین معلوم غم و درد کا خواہان کیون ہے

شوق تخلص حکیم تصدق حسین خان عرف نواب مرزا ولد حکیم آغا علی خان لکھنوی شاگرد خواجہ آتش انکی کئی مثنویان نظر سے گزرین

دیکھ لیتے ہین جو ہم اوس گل کے پیاری ہاتھہ باون | بیخودی سے بھول جاتے ہین ہماری ہاتھہ باون
شوخیان کرنے مین چل نکلے ہو تم حد سے سوا | باندھینگے مہندی لگا کر ہم تمھاری ہاتھہ باون
دیکھا نہ کر دوسری طرف آنکھ دبا کر | ناقص ہوا چہرہ جو ہوئی چھوٹی بڑی آنکھ
ایک ایک سے دلچسپ ہے جو عضو بدن کے | رہ رہگئی پہرون وہین جس جا یہ پڑی آنکھ
کہنے مین نہین ہین وہ ہمارے کئی دن سے | پھرتے ہین اونھین غیر اوبھارے کئی دن سے
اک شب مرے گھر آن کے مہمان رہے تھے | آتے نہین اس شرم کے مارے کئی دن سے
مہندی بھی ہے سستی بھی ہے لاکھا بھی ہی لب پر | کچھ رنگ ہین بیرنگ تمھارے کئی دن سے
ڈر سے ترے کاکل کے نہین چلتے ہین رستے | دم بند ہے اس سانپ کو مارے کئی دن سے
آخر مری آہون نے اثر اپنا دکھایا | گھبرائے ہوئے پھرتے ہو یارے کئی دن سے
پھر شوق سے کیا اوس بت عیار سے بگڑی | ہوتے نہین باہم جو اشارے کئی دن سے

شوق تخلص حکیم سید علی ضامن خلف وشاگرد رشک انکی ہر غزل کا مقطع تاریخی ہوتا ہے صاحب دیوان ہین

مارا کبھی ہمین تو ڈرایا کبھی ہمین ٭ | کس سے بیان کیجیے جور و جفا ترے لف

شوق تخلص

مین نے کیا ہے اپنی پریشانیون کا ذکر | ایسا نہو کہ تمنہ پہ کوئی بات لائے رلف

شوق تخلص رائے دولت رائے ولد شیو سنگھ لکھنوی شاگرد مشی نیڈو الال زار

نہین معلوم ترے طالب دیدار کو آہ | خواب کیا چیز ہے لگ جاتی ہین کیونکر آنکھین

شوکت تخلص نیف علی ولد میر رستم علی بجنوری شاگرد غلام علی عشرت مشہور ہے کہ بنارس مین بہ سبب طمع وحرص کے دین اسلام کو چھوڑ کر نصرانی ہوگیا تھا اور نیف مسیح اپنا نام رکھا، میر ٹھہ مین فیسیون کو اکثر کلمہ پڑھایا کرتا تھا

مجھ مین اور ابر مین ہے معرکہ آرائی آج | سرخ رو رکھیو تو اے دیدۂ خونبار مجھے

شوکت تخلص میر حسین علی دہلوی ناظر عدالت دہلی

داد لین کس سے ترے حسن کی اے غیرت ماہ | عذر ہے دیدۂ یعقوب کو بینائی کا
دور چشم یار مین سب ہوگئے باہم رقیب | ایک ادنی یہ فریب نرگس مستانہ تھا
ہے تصور دل مین میرے اوس بت مغرور کا | جسکا تلوا دیکھ کے پھر منہ نہ دیکھین حور کا
وعدۂ امروز کو فردا پہ پھیکا ہنفس | یار کا آنا قیامت کا کچھ آنا ہوگیا
جی لگ گیا قفس ہی مین اب تو نہین ہے دہیان | موسم بہار کا کدھر آیا کدھر گیا
ساقی ترے طفیل سے مجکو مہر صیام | معلوم ہی نہین کدھر آیا کدھر گیا
شوکت نے جان دی تری دزدیدہ نہر اشکر | وہ مرنے مرنے آہ بڑا کام کر گیا
جب کہ ابرو کا اشارہ ہی کرے عالم کو قتل | اوس ستمگر کی بلا لیتی ہے خنجر کا تھا مین
وصل کا وعدہ نہین تو قتل کا وعدہ سہی | دل کے بہلانے کو میرے کوئی صورت چاہیے

شوکت تخلص مرزا تصدق علی خلف قلندر بخش جرأت باشندۂ لکھنؤ

ہر سو صدا اے الحذر آتی ہے کوہ سے | نکلی ہے فوج نالۂ دل کس شکوہ سے

شوکت تخلص میر قاسم علی بنارسی کلکتہ مین بھی آگئے تھے، اقوال انکو مذہم شاعرہ مین لکھا ہے

کس نے دکھلایا ہے یہ چاند سا تلوا مجھکو | اڑیان لگتے ہی گزرا یہ مہینا مجھکو

شوکت تخلص میر امداد علی متوطن میرٹھ شاگرد امداد حسین ظہور

لاکھ صورت سے کیجیے تدبیر | ہوگا لکھا ہے جو مقدر کا

شوکت تخلص مولوی باسط علی لکھنوی شاگرد نسیم دہلوی

شوکت ظلم رسیدہ نے نکالی آخر	تیری ہر بات مین لاکھون ہین ستمگر پہلو

شہامت تخلص شاہ شہامت علی درویش تھے

یاد حق گر ہو نہ دلمین تو ہو غالب نفس شوم	بوم ہو جاتا ہے وارث خانہ ویران کا

شہرت تخلص امیر بخش دہلوی خلف عیسی خان شاگرد ثناء اللہ خان فراق دکھن مین جاکر بذریعہ شاعری دیوان چند و لال کے ملازمون مین داخل ہوئے تھے نوجوانی مین انتقال کیا

ہزار افسوس اب یون خاک مین ملتا ہی شہرت	یہ طفل اشک وہ ہے اپنی جو آنکھون مین پلتا تھا
ہو کے ہر اک پہ مبتلا سہتا ہے جو اور جفا	اسمین ہے اوسکو کیا مزا یہ تو مین بتا ہی دل
دم دلاسے جانتے ہین سب ترے ای جان ہم	دل جو دے بیٹھین تجھے ایسے نہین نادان ہم
وہ تو کہتا ہے قسم تجھے ہم اودھر دیکھین تو	چل تو اے آہ رسا تیرا اثر دیکھین تو
کہتے ہین مہر کو نسبت ہے ترے عارض سے	ٹک تو برقع کو اوٹھا رشک قمر دیکھین تو
حیرت پڑی ٹپکتی ہے شمع مزار سے	آئینہ کو جلا دو ہمارے غبار سے

شہرت تخلص افتخار الدین علی خان برادر نواب واقع علی خان

غیر دن سے خوش رہو اور یار دن سے بیزار نہ ہو	یار ناخوش رہین اور خوش رہین اغیار نہ ہو
حالبستہ نظر آوین جو تیری اوانگلیان پانچون	ہو اس پنے گنوا بیٹھون نہ کیونکر مین یہان پانچون
دل کو جگر کو داغدار کسنے کیا ہے یارتے	سینے کو رشک لالہ زار کسنے کیا ہے یارتے

شہرت تخلص مولوی سعید البنی مرحوم سرہندی پیرزادے تھے کلکتہ مین آکر وفات پائی

نہین دل ہے بلکہ وہ ہر حجرہ موعشق کا جسمین کہ کچھ اثر	نجدا وہ چشم ہے بے بصر جسے شوق دید بتان نہین

شہرت تخلص احمد علی خان شاگرد جرأت

بلا ہے آفت جان ہر پوش ہے کہ انسان ہے	دلا وہ کیا ہے تو جسکے لیئے دن رات نالان ہے

شہرت تخلص جرأت کے ایک شاگرد کا ہے اور حال معلوم نہ ہوا

دل ڈھونڈھتے ہو جاسے مرے دل تو کہان ہے	آاک شعلۂ آتش ہے کہ پہلو مین نہان ہے

شہرت تخلص حیدر بیگ حیدر ابادی

کل خرابات مین وارد جو ہوئے زاہد خشک
دیا رندون نے اونھین آتش ترین مجوسہ

شہرت تخلص محمد شاہ ولد خواجہ عبدالوہاب متوطن کشمیر باشندۂ عظیم آباد شاگرد مہدی بخش تسلیم محرر عدالت منصف وصدر امین ضلع بھاگلپور راقم کے ملاقاتی ہین

کرتے ہین تعریف ابروی بت بے پیر کی
دیکھنا تیری ہماری بریش شمشیر کی

آگئی اوس جنگجو کی یاد جو ہنگام غسل
موج دریا مین روانی ہوگئی شمشیر کی

شہرت تخلص مرزا حاجی خلف مرزا قیام الدین نبیرۂ شاہ عالم بادشاہ شاگرد عبدالرحمن خان احسان ونظام الدین ممنون ومفتی صدر الدین خان آزردہ

ہم بڑی چیز سمجھتے تھے یہ مینا لنے مین
نکلا اک جام کی قیمت بھی نہ ایمان اپنا

غبار اوٹھا نہ ترے دل سے درپے اظلم
ہماری جان کو اک وہ بھی آسمان ہوتا

تیرے نالے وہ اب ہوتے نہین سینے کے پار
ہے کہین یار مرگیا ناکام شہرت کیا ہوا

کچھ نشان مجھ بے نشان کا بعد مردن بن گیا
حسرتین ہو ہو کے اک جا جمع مدفن بن گیا

کفر دین مین تھا نہ کچھ عقدہ بجز بند نقاب
اوسکے کھلتے ہی یہ کار مشکل آسان ہوگیا

ہاے جی بھر کے وہ دیدار میسر نہ ہوا
حشر کا دن شب غم کے بھی برابر نہ ہوا

یون بیٹھے ہو میسے کسی سے کیسو کھیہ
مطلب نہین مراد نہین مدعا نہین

لبون پہ آلے نہ پایا تھا اپنے حرف امید
کہ اتنی دیر مین وہ ہوگئے خفا ہم سے

شہرت تخلص محمود عظیم آبادی

تصور جب سے ہے برق رخ محبوب پر فن کا
چراغ طور پر وانہ ہے اسکے داغ روشن کا

حباب آسا مجھے خانہ بدوشی اپنی خوش آئی
خیال اس بحر فانی مین ہوا مجھکو نہ مسکن کا

ہمارے اشک خونی سے فروغ روی جانان ہے
چراغ ماہ لیتا ہے شفق سے کام روغن کا

دیکھتے ہین اوسکی بسمل آنکھ سے روی اجل
صید گہ مین صاف ہے شمشیر قاتل آئینہ

خود نما کب آسکین روشن دلونکے سامنے
ہو سکا کب مہربان کے مقابل آئینہ

ہون جو دیوانہ خود آرائی کا تیرے اے صنم
جاے مصحف ہے گلے مین یہان حائل آئینہ

عکس پڑ جائے جو تیغ ابرو دلدار کا | خاک پر تڑپے ہے رنگ مرغ بسمل آئنہ

شہید تخلص مرزا نصیر الدین حیدر خلف مرزا آغا جان مضطر نبیرۂ شاہ عالم بادشاہ شاگرد حافظ عبد الرحمن خان احسان

نہ ایک وعدے پہ وہ یار بے وفا ٹھہرا | سحر تو ہو چکی اب وقت شام کا ٹھہرا

شہید تخلص مولوی حاجی فخر الدین حسن خان مرحوم باشندۂ شاہجہان پور مقیم دہلی منشی دار الانشاء شاہی تھے گیارہ برس کا عرصہ ہوا کہ انتقال کیا

وہ طپش ہے میرے نامے میں کہ بس تڑپا کیا | جب تلک بال کبوتر سے نہ اوسکو دا کیا
زیب و شان فتیلہ ہے مرے ہر داغ سوز نہاں | رہا کنج لحد میں بھی مرے عالم چراغان کا
رخ دلدار ہے بوسے کے تصور سے کبود | میں سمن زار میں پھولا گل سوسن سمجھا

شہید تخلص مولوی غلام حسین غازی پوری مدت تک نواب فضل حسین خان کی رفاقت میں تھے ۱۲۹۶ھ اگیارہ سو چھیانوے ہجری میں عدالت بنارس میں معمور تھے

ٹپکے جو مرا اشک شرر بار زمیں پر | سبزہ نہ اوگے خاک سے زنہار زمیں پر
اے آبلہ یاں مجھے یہ چشم ہے تجھ سے | پیاسا نہ رہے دیکھیو کوئی خار زمیں پر

شہید تخلص مولوی یوسف علی شاگرد نجم باشندۂ بہار انسے ۱۲۱۱ بارہ سو اسی ہجری میں کلکتہ میں ملاقات ہوئی تھی اپنی شاعری کا بڑا غرور رکھتے تھے

ہے تماشا گلفشاں اپنا چراغ خانہ ہے | دید کے قابل یہ جناب بلبل و پروانہ ہے

شہید تخلص مولوی حفیظ الدین مرحوم سابق ڈکری نویس عدالت صدر دیوانی کلکتہ خلف منشی نجم الدین مرحوم منصف بردوان شاگرد لالہ لچھمی نراین رند باشندۂ ضلع فرید پور متعلق ڈھاکہ راقم کے پھوپھی زاد بھائی تھے اشعار فارسی انکے نہایت نمکین و شیریں ہوتے ہیں چوبیس برس کا عرصہ ہوا کہ انتقال کیا

تہی مرنے کی خواہش تو شب وصل میں آسو | نکلا نہ شب ہجر بھی ارمان ہمارا

شہید تخلص ایک شخص معاصر میر و سودا کا ہے اور حال معلوم نہ ہوا

گئے برباد اپنے نالہ و فریاد سے شہید | بہار آخر ہوئی تب ہم ہوئے آزاد قفس سے

شہید آخر مقدر تھا ہمیں حسرت میں جی دینا | ہمارے سر پہ آکر پھر کیا جلاّد نے تسمت

شہید تخلص مولوی محمد بخش ولد شیخ خدا بخش خوشنویس باشندۂ سندیلہ مقیم لکھنؤ شاگرد شیخ محمد بن ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہما کی اولاد میں تھے صاحب دیوان گزرے

کہاں ہے محفل رندان میں دور ساغر مے | کہ پھر رہی ہے یہ بزم شراب خوار میں روح
بیدل وہ ہوں کہ یاد نہیں کچھ سوا ے دل | ہر دم پکارتا ہوں یہی کھٹکے ہائے دل
نہ آئے گی مجھے فرقت میں فرش گل پسند | کہ چبھتی ہے رگ گل مثل خار پہلو میں
بوسے کے دھیان میں جو مجھے یاد آئے ہونٹھ | بے اختیار منہ سے یہ نکلا کہ ہائے ہونٹھ
کس درجہ دلکش اوس بت کافر کی آنکھ ہے | ہے سحر سامری کہ فسونگر کی آنکھ ہے
دست رنگین جب کہ دکھلائی دیا ہنگام رقص | شمع محفل بنگئے اوس خوش ادا کی ہاتھ سے

شہیدی تخلص منشی کرامت علی خان مرحوم ولد عبد الرسول خان عرضی باشندۂ لکھنؤ شاگرد مصحفی و نصیر دہلوی بیشتر پنجاب و گجرات و رامپور بریلی و بھوپال و دہلی میں رہتے تھے علم عروض و حساب میں امثال و اقران سے زیادہ دخل رکھتے تھے بڑے بے تکلف اور عاشق مزاج تھے آزادانہ زندگی بسر کرتے تھے ۱۲۵۵ھ بارہ سو پچپن ہجری میں سفر حجاز کیا اور بعد ادائے حج بیت اللہ روانہ مدینہ منورہ ہو کر اثنائے راہ میں بیمار ہو گئے لیکن چہارم ماہ صفر ۱۲۵۶ھ بارہ سو چھپن ہجری میں جسوقت مدینہ منورہ میں پہونچے اوسی وقت روضۂ مبارک کو دیکھکر جوش اشتیاق سے انکی جان نکل گئی

قسمت نگر کہ کشتۂ شمشیر عشق یافت | مرگے کہ زندگان بدعا آرزو کنند

اشعار انکے بہت خوب ہوتے ہیں دیوان انکا نظر سے گذرا

ید قدرت لقب ہے میرے کالک کو ہر فشاں کا | بیاض صنع اک سادہ ورق ہے اپنے دیوان کا
خدا نہ چوم لیتا ہے شہیدی کس محبت سے | زبان پر میری جبدم نام آتا ہے محمد کا
نام منت کا سنتے ہی جسے غش آتا ہو | وہ جنازے پہ شہیدی کے مقرر آیا
وعدۂ شام پہ کی ہم نے عبث جاگ کے صبح | وہ اوسی وقت نہ آتے اگر آنا ہوتا

قدر سب چاہنے والونکی ترے دیکھ چکے
خوار رہتا ہے پڑا نا تو پشیمان نیا

عام ہین اوسکے تو الطاف شہیدی سب پر
تجھسے کیا ضد تھی اگر تو کسی قابل ہوتا

ہزار مرتبہ دیکھا ستم جدائی کا
ہنوز حوصلہ باقی ہے آشنائی کا

فضاے باغ سے ہے گوشۂ قفس خوشتر
گر اپنے دل مین نہو وغدغہ رہائی کا

مجھے عذاب جہنم کہ بت پرست ہون مین
وہ بت بہشت مین دعوا جسے خدائی کا

شہیدی حشر کے دن بھی ہمارا ہو بیڑا اوٹھنا
یہی عالم رہا بعد فنا گر ناتوانی کا

خلوت مین کوئی لحظہ ٹھہرتا وہ شمع رو
بیصبر پوچھتی آپ شہیدی خجل ہوا

شاد ہو ہو کے جلاتا نہ مجھے یون ہر دم
گر وہ بے رحم مرے حال سے غافل ہوتا

نئی باتین نئی گھاتین نئی چاہت نیا پیار
کیا قیامت ہے نئے شخص پہ آنا دل کا

تیغ رکھنا دوش پر باعث ہوا سوناز کا
ایک پر سے اوس پری کو قصد ہے پرواز کا

شرم آتی ہے دگر نہ ان بتونکے ضد سے مین
جیتے جی آنند سے لب خورجنت مانگتا

جسکو سینے سے نکالا تو نے پیکان جانکر
دل ہے اے قاتل یہ تیرے عاشق دلگیر کا

ہو چلا خنجر بیداد کا بسمل ٹھنڈا
لے ہوا جو کلیجہ ترا قاتل ٹھنڈا

ماتوی رہجاے گا خلق خدا کا سب حساب
گر مرے اعمال بد کا حشر کو دفتر کھلا

اسقدر لطف نہ فرما و شب وصل مین تم
روز ہجران مجھے اندوہ فراوان ہوگا

دوست نے خاطر دشمن سے کیا مجھکو ہلاک
موت یہ ہے کہ وہ کم حوصلہ نازان ہوگا

رت جگے ہوتے رہے ہین کہ بڑی ہے غم کی عم
ایک شب درد دل زار نے سونے نہ دیا

شب وصل ایک نہین کہنے مین اوس فن نے
حوصلہ دیکھ لیا میری شکیبائی کا

بیمار محبت کو اب اللہ شفا دے
سنتے ہین کہ ہاتھہ اوس سے مسیحا نے اوٹھایا

وصل کے تدبیر کا خواہان رقیبون سے ہوا
تیری فرقت مین مرا ہوش اسقدر جاتا رہا

دن رہائی کے قریب آئے شہیدی شاید
خود بخود آج مرا طوق گلو ٹوٹ پڑا

دعائین مانگتا ہی رہ کسی عاشق کا خط آئے
نا شوق اندفون پیدا ہوا اوسکو کبوتر کا

پاکباز ایسا ہون گر مر جاؤن میری قبر پر
لائے پروانہ چراغ اور گل چڑھائے عندلیب

لطف

لطف سو دیجیے پلا کر اوسے ایک جام شراب
وصل کی رات مین کیا آئے مرے کام شراب

گو مین تائب ہون پر انکار کا موقع ہی کوئی
خود بھری بزم مین دے جب وہ گلفام شراب

یار نے بے تیغ کر ڈالا شہید ہی کو شہید
کسکی باندھی جب وہ پتلی سی کمر خدمت کو قبت

ہوئے عشاق نوازی کے وہ دن مصروف
ہاے مقبول ہوئی میری دعا میرے بعد

کافور میرے داغ کا بالخاصیت ہوشک
مرہم ہو میرے زخم کے تاثیر سے نمک

بیقراری دلکی مین کیونکر جتاؤن یار کو
سینے پر جب ہاتھ رکھتا ہے ٹھہر جاتا ہے دل

دیکھا کبھی نہ خار کے دامن کشی کا لطف
صحرا کے سیر کو گئے عریانیون مین ہم

ہر وضع کے انسان سے ملاقات ہے اوسکو
سب خلق مدارات کے قابل ہے گاہم

گھر ہمارے آج وہ خورشید پیکر آئے گا
دیکھتے ہین شام مین کچھ صبح کے آثار ہم

اے روز قیامت ادب اسکا ہی تجھے ڈر ہے
تجھسے بڑی میری شب تاریکی دن

شہیدی مین تو کیا ہون لیکے بوسہ سنگ آستونکا
کیا خوشنود اوس بت نے خدا کو ایک یو ہی مین

گو ایک بھی نہ رشک ندامت ہوا قبول
رونے مین کچھ مین حضرت آدم سے کم نہین

نزع کے وقت شہیدی سے جو خواہش پوچھی
کیا ہی حسرت سے کہا کچھ مجھے مرغوب نہین

سوند و تم دو ہی دو بوسے ولے اک ہیچ کے دو
ہے مثل مشہور بن مطلب کے سو مطلب کے دو

کیون تو بس بس ابھی سے دیکو بوسے دس کے دو
تو سہی اب بون مین بارہ دس تو وہ بس بس کے دو

آپ نے جو چار بوسون کی قسم کھائی ہی کل
آج لونگا مین مقرر دو کے دو یا ہنس کے دو

ایام مصیبت کے تو کاٹے نہین کٹتے
دن عیش کے گھڑیون مین گذر جاتے ہین کیسے

وہ وقت تو آئے دے بتا دینگے شہیدے
بن آئے کسی شخص پہ مر جاتے ہین کیسے

بڑا ہو دست تہی کا کلال کے در پر
کھڑے تھے آج شہیدی لیے سبو خالی

ہاے وہ اونکا زستان مین یہ کہنا شب وصل
نہ اوترتے نہ میرے ہوتی حائل ٹھنڈی

پاس دیدے کے پڑی رہتی ہے پر دن خاک پر
عاشق اوس پردہ نشین کے ہے مقرر جانی

میرے زخمون پر نمک سی مشک بہتر مشک سے
سودہ الماس بہتر سب سے بہتر چاندنی

ہر جگہہ مین سو تغافل ہے نہان
سادگی نازان ہے اوس عیار سے

صورت دلکش جہان آئے نظر مین مرگیا — اور دلکا انجام میرے عشق کا آغاز ہے
قیامت تک نہ بھولونگا یہ احسان تنگی جا کا — مرے زانو پہ زانو بے تکلف رات دھر بیٹھے
گا لیان ہین مقبرے پر دیکھکر پر پونگا رقص — کسقدر بدظن ہے اپنے عاشق مغفور سے
ناکامی جاوید کی ہم سنتے منت — افسوس شہیدی تری تربت نہین ملتی

شہید تخلص منشی غلام علی باشندۂ اٹالی ضلع بست وچہار پرگنہ شاگرد قاضی سراج الدین علیخان بیشتر فارسی کہتے ہین راقم کے ملاقاتی ہین

مرگیا ہون بتون کی فرقت مین — ہو مزا رہا سنگ مرمر کا
داغ دل اپنا بمشکل مہرتابان ہے شہید — کیا ہوا گر یہان چراغ زندگی گل ہو گیا

شہید تخلص میر فتح علی شمس آبادی تبنائے میر سوز شاگرد سودا

وہ صورتین الٰہی کس ملک بستیان ہین — اب دیکھنے کو جنکے آنکھین ترستیان ہین

شہید تخلص حکیم اسلام بیگ نواسۂ حکیم نصر اللہ خان وصال باشندۂ دہلی

میری امید وحسرت وارمان کیطرح — پایان نہین ترے ستم بے شمار کا
سر بہت فتنۂ محشر نے فلک پر کھینچا — پر ترے قامت دلکش کے برابر نہ ہوا
پھر اب کی دھوم دھام ہے ابر بہار کی — رہ جاے آبرو مزۂ استکبار کی

شہید تخلص میر جھنو جان باشندۂ دہلی شاگرد مومن خان گیارہ برس ہوے کہ رحلت کی

مگر عدو سے ہے وعدہ کہ خود بخود شہید — کچھ اضطراب ہین ہین دل کے اضطراب سے ہم
ناشکیبم نہین ہین ادھر کو نگاہ سے — پردہ لگاہ جس سے عنایت عیان نہین
دریا ہین کہین کہین فرگان ہی تر نہ ہو — مرجاے کوئی اور کسی کو خبر نہ ہو
کہتے ہین اوسکے کوچے مین مارا گیا کوئی — مجھکو یہ خوف ہے کہ مرا نامہ بر نہ ہو

شہید تخلص ایک شخص مراد آبادی کا ہے اور حال معلوم نہ ہوا

کرتے ہو کیون سبک تم در سے مجھے اوٹھاکر — کیا میرے بیٹھنے کا خاطر پہ بار گزرا

شہید تخلص حامد علی خان خلف مولوی احمد علی خان شاگرد فرزند حیدر

رونے سے میرے کیون نہ ہنسے وہ گل مراد
تاثیر آہ سرد مین ٹھنڈی ہوا کی ہے

اب مجھ پہ مہربان ہین شیدا بتان دہر
بندے کے حال پر یہ عنایت خدا کی ہے

شیدا تخلص میر ہنگا شاگرد میر محمدی بیدار وطن اٹکا کشمیر مولد و مسکن دلی

لیکے دل اے دلربا دیکیون قسم کھاتے ہو تم
ہم نظربازون کے ہاتھون سے کہان جاتے ہو تم

جا کان مین باتون کے بہانے لیا بوسہ
دیوانہ ہون شیدا پہ بڑا کام کیا ہے

شیدا تخلص نواب معین الدین خان نبیرہ نواب غازی الدین خان متخلص بہ نظام مقیم کالپی

آتا نازک ہے مزاج اے بت قاتل تیرا
کہ تڑپتا نہین دل کھول کے بسمل تیرا

شمع تک ٹھنڈی اوٹھی بزم سے اوسکی پرہم
اوٹھے تو جلکے اوٹھے بیٹھے تو جلکے بیٹھے

شیدا تخلص نسبتی تفضل حسین خان باشندۂ کاکوری برادر خورد فدا حسین خان انکو کلکتہ مین دیکھا ہے

بدن پر بدھیان پڑجائینگی پھولون کی چادر سے
اوٹھالے جلد کوئی پھول میرے گل کے بستر سے

ہوئی فصاد کی حاجت نہ مجھکو دشت وحشت مین
کیا خار مغیلان نے زیادہ کام نشتر سے

شیدا تخلص نواب محمد حسن خان ولد رمضان علی خان لکھنوی شاگرد آتش صاحب دیوان ہین

جاتے ہو اک گھڑی کو جو گلگشت باغ کو
کرتی ہے درد آپ کی دو دو پہر کمر

ہنگام نزع وصل بت سیمبر ہوا
نسخہ یہ کیمیا کا لگا ہمکو مر کے ہاتھ

شیدا تخلص مرزا قمر الدین عرف مرزا کلو نبیرہ حضرت شاہ عالم بادشاہ دہلی شاگرد ذوق

عدم سے آئی نہ یاران رفتگان کی خبر
خبر نہین وہ کہان جاکے قافلہ ٹھہرا

کہتے نہ تھے ہم اے دل مت نام لے وفا کا
تونے وفا کا ثمرہ خانہ خراب دیکھا

مار آگیا مقرر شیدا کہ اوس گلی مین
لاشہ پڑا ہوا ہے آج ایک نوجوان کا

ایک مدت سے سہے تھی پہلو
نہین معلوم کیا ہوا دل کو

شہید تخلص مرزا اعالی جاہ بادر عرف شجیہ صاحب موسوی خلف رکیر الدولہ محمد علیخان عرف آغا حیدر نیشاپوری مقیم آبادی مقیم لکھنؤ شاگرد مرزا سرفراز علی قادر انکو لکھنؤ مین دیکھا ہے صاحب دیوان ہین

سینے کو کرے شق نہ تڑپنا مرے دل کا — ہوجائے کہین فاش نہ پردا مرے دل کا
آوین ہمارے قتل پہ وہ باندھکر کمر — تو ہم بھی جان دینے پہ باندھین ادھر کمر
عاشقونکی نہ کھوسکین اور الجھن — پھر یہ کس درد کے دوا ہینگے بال
لبونسے پھر کیا زندہ جسے مارا لگاوٹ سے — نئی ہے بات ہونٹھونمین نیا انداز آنکھونمین
ہو گرم مجھ پہ چاہو بلا لو مکان مین — ہے دوزخ و بہشت تمھاری زبان مین
اوس نوجوان کے عشق مین سر پٹکین کب تلک — طاقت نہین ہے اے فلک پیر ہاتھ مین
کیون کعبہ و کنشت مین ہوتا ہی تو خراب — جسکی تجھے تلاش ہے غافل نہین نہ ہو

شیفتہ تخلص حافظ عبد الصمد دہلوی شاگرد بھورے خان شیفتہ سپاہی وضع تھے

بے سبب کا کل مشکین مین یہ تانا کیا تھا — تہ چھپانا تھا اگر تو یہ بہانا کیا تھا

شیفتہ تخلص اعظم بیگ خان لکھنوی برادر زادہ حیدر بیگ خان شاگرد جرأت

جو شب کو وہ نرہا پاس اپنے تا دم صبح — تو سو طرح کا ہمین سوچ بار بار رہا
چھکایا بادہ الفت نے اسقدر مجھکو — کہ جسکا صبح قیامت تلک خمار رہا
وقت خلوت نہین کہہ سکتے جو کچھ یار سے ہم — بیٹھے منہ تکتے ہین حیرت زدہ لاچار سے ہم
کھلی نہ کیونکہ رہی آنکھ اوسکی بعد از مرگ — کہ جسکی موت دلا وقت انتظار آئے
ہزارون وسوسے خاطر مین کیون گذرتے ہین — جو اوس گلی مین نظر کوئی بیقرار آوے

شیفتہ تخلص ایک شخص کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہ ہوا

عید کے دن ہی نہ دیکھا اوس ہلال آبرو کو — چاند دیکھا ہم نے لیکن منہ نہ دیکھا چاند سا

شیفتہ تخلص سید محمد حسن خان بہادر ڈیوٹی کلکٹر ضلع مین پوری بن سید تیغ علی متوطن سندیلہ

ہے کسے حسرت قفس مین گلشن ایجاد دل — ہنستین کی ہین اسیری کے لیے صیاد کی

پھر چلا جاؤنگا گر رہنے نہ دیگا باغبان | راہ مین بھولا نہین ہون خانہ صیاد کی
میرے دل مین کیسکے ابرو کا تصور ہی بندھا | جھولتی ہے عرش پہ تلوار کس جلاد کی

شیفتہ تخلص مخدوم مکرم جناب نواب حاجی محمد مصطفےٰ خان بہادر دہلوی خلف عظیم الدولہ سرفراز الملک نواب مرتضیٰ خان بہادر مظفر جنگ شاگرد رشید مومن خان اوصاف حمیدہ انکے بیان ہو نہین سکتے ہر دو زبان فارسی و اردو مین اشعار انکے نہایت شیرین و نمکین ہوتے ہین ۔ دہلی مین رہنے کے ہنگام مین راقم کو اونکی خدمت مین نیاز حاصل ہوا تھا ۔ تذکرہ گلشن بیخار و رہ آورد حسرتی و دیوان اردو انکا نظر سے گذرا فارسی مین حسرتی تخلص کرتے ہین اور صاحب دیوان ہین ۱۲۸۰ ہجری مین انتقال کیا

ہاے اوس برق جمال پہ نظر آنا دل کا | سخت مشکل ہے شکیب خاطر ناشاد دل کا
کل کے مانند پری اور ہے افسون وفا | آدمی کا نہین مقدور بھروسا دل کا
شیفتہ بیٹھکر و ایسی بھی کہیں جنتا دلی | جو کوئی ہو تمھین احوال سنانا دل کا
اوس شوخ کج ادا سے نہ ہوئی موافقت | کیونکر گلہ نہ ہو مجھے طبع سلیم کا
شیشہ اور آسمان شکوے کو بالاے طاق رکھ | کیا اعتبار زندگی بے ثبات کا
اے مرگ آ کہ میری بھی رہجاے آبرو | رکھا ہے اوسنے سوگ عدو کے وفات کا
گھبرا کے اور غیر کے پہلو سے لگ گئے | دیکھا اثر یہ نالہ بے اختیار کا
خوبی بخت کہ پیمان عدو | اونکو ہنگام قسم یاد آیا
کس لیے لطف کی باتین ہین پھر | کیا کوئی تازہ ستم یاد آیا
اوس سے مین شکوہ کی جا شکر ستم کر آیا | کیا کروں تھا مرے دل مین سخن یاد آیا
آپ مرتے تو ہین پر جیتے ہی بن آئیگی | شیفتہ ضد پہ جو اوسنے وہ ستمگر آیا
مین نے کیا جانیے کس ذوق و دلجمعی سے قتل | کہ ہمت اوس سے ستمگر کو پشیمان دیکھا
کون کہتا ہے کہ ظلمت مین کم آتا ہے نظر | جو نہ دیکھا تھا سو ہم نے شب ہجران دیکھا
جفا و جور کا اوس سے گلا کیا | جو پوچھے مہربانی کیا وفا کیا
یہ کون محرم و ہم تماشا کیا | مرگ مفاجات نے یہ کیا کیا

غیر ہی کو چاہیں گے اب شفیقہ — کچھ تو ہے جو یار نے ایسا کیا
کب طلاع خفتہ نے دیا خواب میں آنے — وعدہ بھی کیا وہ کہ وفا ہو نہیں سکتا
یاس سے آنکھ بھی جھپکی تو توقع سے کھلی — صبح تک وعدۂ دیدار نے سونے نہ دیا
شب ہجران نے کہا قصہ گیسوے دراز — شفیقہ تو بھی دل زار نے سونے نہ دیا
لیکہ آغاز محبت میں ہوا کام اپنا — پوچھتے ہیں ملک الموت سے انجام اپنا
ذکر عشاق سے آتی ہے جو غیرت اوسکو — آپ عاشق ہے مگر وہ بت خود کام اپنا
تاب بوسے کی کسے شفیقہ وہ دہن بھی اگر — کر چکی کام بیان لذت دشنام اپنا
جی داغ غم رشک سے جل جاے تو اچھا — ارمان عدو کا بھی نکل جاے تو اچھا
پروانہ بنا میرے جلانے کو وفادار — محفل میں کوئی شمع بدل جاے تو اچھا
سب باتیں اونھیں کی ہیں بیچ بولیو قاصد — کچھ اپنی طرف سے تو تصرف نہیں کرتا
کیا حال تمھارا ہے ہمیں بھی تو بتاؤ — بیوجہ کوئی شفیقہ اف اف نہیں کرتا
تم لوگ بھی غضب ہو کہ دل پر یہ اختیار — شب موم کر لیا سحر آہن بنا دیا
شرماتے اسقدر رہے کیوں آپ رات کو — مدت میں گو ملے تھے مگر میں نیا نہ تھا
کل شفیقہ سحر کو عجب حال خوش میں تھے — آنکھوں میں نشہ اور لبوں پر ترانہ تھا
تھا غیر کا جو رنج جدائی تمام شب — نیند اونکو میرے ساتھ نہ آئی تمام شب
یہ ڈر رہا کہ سوتے نہ پائیں کہیں مجھے — وعدے کی رات نیند نہ آئی تمام شب
تھوڑا سا میرے حال پہ فرما کر التفات — کرتے رہے وہ اپنی بڑائی تمام شب
خیر جو گزری سو گزری پر یہی اچھا ہوا — خط دیا تھا نامہ بر نے اونکو تھا دیکھ کر
ہیں تو دونوں سخت لیکن کونسا ہے سخت تر — اپنے دل کو دیکھیے میرا کلیجا دیکھکر
التماس وصل پر بگڑی تھی بیڈھب رات کو — کچھ نہ بن آئی مگر جوش تمنا دیکھکر
مجھکو سنا کے کہتے ہیں ہمدم سے بار بار — اک آدمی کو چاہتے تھے ہم بھی اب سے دور
کہتے ہیں بیوفا مجھے میں نے جو یہ کہا — مرتے رہیں گے آپ پہ جیتے ہیں جب تلک
یاں بوس لطف سے نہ کرا اے دشمنی شعار — امید سے اوٹھاتے ہیں ہم جو رات تک

خواہش کام دل اتنی نہ کر اے شوق کہ وہ
ڈھونڈھتے ہین چلے جانیکو بہانا شب وصل

گہر ہم سے خفا وہ ہین گئے اونسے خفا ہم
مدت سے اسیطرح بنھی جاتی ہے باہم

نے طبع پریشان تھی نہ خاطر متفرق
وہ دن بھی عجب تھے کہ ہم اور آپ تھے باہم

کیا کرتے ہین کیا سنتے ہین کیا دیکھتے ہین ہے
اوس شوخ کے جب کھولتے ہین بند قبا ہم

ہے آرزوے شربت مرگ اب تو شفیقتہ
لگتی ہے زہر ہم کو شفا اور شفا کو ہم

آنکھون سے یون اشارۂ دشمن نہ دیکھتے
ہوتے نہ اسقدر جو نگہبانیون مین ہم

شکوہ کردن جفا کا تو کہتے ہین کیا کردن
تم سے وفا کردن کہ عدو سے وفا کردن

طوفان نوح لانے سے اے حتم فائدہ
دو اشک بھی بہت ہین اگر کچھ اثر کرین

یہ کیا کہا کہ بکتے ہو کیون آپ ہی آپ تم
اے ہمنشین مگر وہ مرے روبرو نہین

گر محو شی ہے مگر فرق شرارت مین نہین
چھیڑ کس بات مین طعنہ کس اشارت مین نہین

عذر اک ہاتھ لگا ہے اونھین یہان آنے مین
کیون کہا مین نے کہ چلیے مرے غمخانے مین

کیونکر اوٹھتا ہے خدا رنج قفس
مر گئے ہم تو کف صیاد مین ؟

ممکن نہین بن ملے بنا ہون
بیگانۂ آشنا نما ہون

لیلی کہے سے بگڑ گئے تھے
دیوانہ مین جا نکر بنا ہون

کہتا ہون جو غیر سے نہ ملیے
کہتا ہے کہ کیا مین بیوفا ہون

ہمدم نہ سہی محبت اوسکو
اس بات پہ کیا اوسے نہ چاہون

کرم ہے مصلحت ظالم کہ شادی مرگ ہو جاؤن
ستم سے فائدہ جب کام نکلے مہربانی مین

قلق سے نالہ موزون نکل آئے تو کہتے ہین
تمھین کیا غم گزرتی ہے تمھاری شعر خوانی مین

ہاے وہ شوق ملاقات عدو مین جاگے
جبکی آنکھون کی تصور مین مجھے خواب نہین

ہم بھی دکھاتے غیر سے اخلاص کا مزا
آفت تو یہ پڑی ہے کہ تم بدگمان نہین

بوسے کئے قبول تو گنتی بھی چھوڑ دو
ایسا نہ ہو بڑے کہین جھگڑا حساب مین

افسردہ خاطری وہ بلا ہے کہ شیفتہ
طاعت مین کچھ مزا ہے نہ لذت گناہ مین

ہم سے جو ہو عبادت تو دشمن سے صاف ہو
تقصیر ہو کسی سے کسی کی معاف ہو

غیر سے حرف تمنا سے جفا کہتے ہو
کس سے کہتے ہو تمہین خیر ہے کیا کہتے ہو

کہتے ہین لاف وفا سیرت سے پہلے کیسی
ہم نہین جانتے تم کسکو وفا کہتے ہو

شفیفتہ شکوۂ دشمن سے بس آگے نہ بڑھو
دیکھو وہ دوست ہے تم کسکو بُرا کہتے ہو

ہاے وہ شفیفتہ کی بیتابی
تھام لینا وہ تیری محفل کو

زنجیر آدھی رات کو کھڑکائی اور کون
اے جذب اشتیاق وہ یہان ہو کہ دل نہو

دشمن کے اقتراسے رہائی محال ہے
گھر یار کا جو گھر کے مرے متصل نہ ہو

پھر دل وہی مین گرم ہے دلدار شفیفتہ
ڈرتا ہون مین کہ پھر کہین خواہان دل نہو

کیا مانگتے ہو جان بہت لوگ دے چکے
وہ بات ہمسے کہیے کہ حد بشر نہ ہو

اوٹھا لگاؤ اور بھی کرتا ہے بیقرار
وہان کچھ نہ ہو تو جوش یہان اسقدر ہو

اجل نے کی ہے کسقدر مہربانی
کہ جب پہلو مین وہ نامہربان ہے

سحر اونکو ارادہ ہے سفر کا
قیامت آنے مین شب درمیان ہے

اور الفت بڑھ گئی اب اوس ستم ایجاد سے
اک نئی لذت جو پائی دل نے پھر بیداد سے

دن سے یہان آنے کی تدبیر ہے
کیا اثر نالۂ شبگیر ہے

خوار باتین بناؤ ملے ہو غیر سے تم
نشان ہم کو بلاگم ہوئی نشانی سے

یہ ہے نصیحت پیران کار افتادہ
کہ بلا ہے جوانی ڈر و جوانی سے

جس لب کے غیر بوسے لین اوس لب سے شفیفتہ
کم بخت گالیان بھی نہین تیرے واسطے

نہ لکھو نامہ نہ بھیجو پیغام
عشق کی آپ سے نسبت ہی سہی

کیجے اغیار سے ملنا موقوف
مجھکو الفت نہین غیرت ہی سہی

رشک سے رنگ مین تغیر جو پائی تو کہا
تجھسے ڈرتا ہون کہ تو دم مین بدل جاتا ہے

صدقے اس غیرت حرکائی کے سحر چھڑنے کو
شب کو سوتے مین مجھے عطر وہ ملجاتا ہے

یہ اچھا ہے تو اچھا غیر کو بھی
سناؤ اور پوچھو کیون نہین سے

نہ پوچھو شفیفتہ کا حال صاحب
یہ حالت ہے کہ اپنے مین نہین ہے

کی تمنائے کرم مین نے تو فرمانے لگے
شفیفتہ تیرے لیے جور و ستم بھی بس ہے

ہر چند کہ ہے آپ سے ملنے کی تمنا — پر آپ سے ملنے کی تمنا نہین رکھتے
ہندہ تو دکھیو تشنہ کام شوق مجھکو جان کر — قتل کرتا ہے ستمگر خنجر بے آب سے
کسکی زلف خم بخم پھرلے گئی تاب و قرار — شیفتہ پھر کچھ نظر آتے ہو تم بیتاب سے

گر نہین یہ کہ برتتا ہے وہ ظاہر داری — کیون نگاہ غلط انداز ادھر کرتا ہے
دیکھیے آہ ہماری بھی اثر کرتی ہے — سخن درد سنا ہے کہ اثر کرتا ہے
ایک دن شام ہماری بھی سحر کر دے گا — وہی جو شام کو ہر روز سحر کرتا ہے

بدگمان آپ غلط محرم اسرار سے ہین — دل ہمین راز نہانی کی خبر کرتا ہے
ملنے کا مرے اور ترے چرچا نہ کرینگے — گر دوست ہین اغیار تو رسوا نہ کرینگے
بے عذر وہ کر لیتے ہین وعدہ یہ سمجھکر — یہ اہل مروت ہین تقاضا نہ کرینگے

مر رہا ہون درد فرقت مین نہین دیتا کوئی — سچ اگر پوچھو تو ہمدم بھی کم نہین آسیر سے
وعدہ وعدہ کا آپ کی تکرار سے کھلا — میں نے یون ہی کہا تھا کہ کیا آتے کیا چلے
وہ شیفتہ کہ دھوم ہے حضرت کے زہد کی — مین کیا کہون کہ رات مجھے کسکے گھر ملے

گردن غیر پہ چلتے نہین دیکھا ہرگز — پیار رکھتے ہین مگر دشنہ و خنجر ہم سے
ایک حالت پر نہین رہتا کوئی — اب وفا ہو بوفائی ہو چکی*
پھر بلا سے کوئی بیٹھے شیفتہ — اوٹھ گئے جب آپ کوئے یار سے

میری خوشی کا اونکو نہایت خیال ہے — کچھ اندنون مین غیر سے شاید ملال ہے
تری زبان غیر کیا جانتا ہے — تو جیسا ہے بس جی مرا جانتا ہے
ہوا انس کیون دل کو اول نظر مین — کہ وہ مجھکو زود آشنا جانتا ہے

خجل ہون آپ مین بیوقت آنے سے — تم اور کرتے ہو ہنس ہنس کے شرمسار مجھے
جفا کو ترک کرو تم وفا کو مین چھوڑون — کچھ اختیار تمھین ہو کچھ اختیار مجھے
بڑے فساد اوٹھین شیفتہ خدا نکرے — کہ اونکے بزم مین ہو دخل اختیار مجھے

حرف صاد مہملہ

صابر تخلص مرزا فادر بخش خلف مرزا اکرم بخت بہادر ابن مرزا خورد بہادر نبیرہ

مرزا ظہیر الدین جہاندار شاہ پادشاہ دہلی شاگرد عبد الرحمن خان احسان و مولوی امام بخش صہبائی صاحب دیوان ہین تذکرہ گلستان سخن انکے نام سے مشہور ہے لیکن حقیقت مین تذکرہ مذکورہ مولوی امام بخش صہبائی مرحوم کا لکھا ہوا ہے

عصیان کے دولت اب تم خجلت سے لب بمرگ
اوٹھنا مرے غبار کو دشوار ہو گیا

محفل مین مین تو اوس لب میگو نکے سامنے
نام شراب لیکے گنہگار ہو گیا

اونکی گلی مین آن کے کیا کیا اوٹھای رنج
خاک شفا ملی تو مین بیمار ہو گیا

مثل زر تیری کدورت سے مری رنگت ہی زرد
حکم رکھتا ہے ترے دل کا غبار اکسیر کا

ظالمونکے واسطے کج طینتی بھی حسن ہے
خوبی ترکیب مین داخل ہے خم شمشیر کا

ہماری خاک مین اتنی کہان رسائی ہے
نہ جانین دلمین ترے کسطرح غبار آیا

مرتا ہون قبر مین بھی اسی خوف سے کہ ہاے
پوشیدہ زیر خاک کہین آسمان نہ ہو

مجھسے ہی چاہتا ہے وہ ہر ہر ستم کی داد
سمجھا ہے اپنے ظلم کا اک قدر داں مجھے

مرگ شب وصال کی خوبی ہے ورنہ یار
رکھتا نہ گھر مین تا بسحر میہمان مجھے

ہون مین بھی اپنے شیشۂ دل کی صفا سے تنگ
مشکل ہوا ہے راز کا رکھنا نہان مجھے

تیغ کھینچے ہوئے ابرو ہے مرے سر پہ ولے
ہے فقط چشم تغافل کا اشارہ باقی

صابر تخلص صابر شاہ دہلوی محمد شاہ کے عہد مین تھے

جو ہم بستر نہ ہو ہم سے تو اوسکی کیا شکایت ہے
نظر بھر کے ہمین اک دیکھنا اوسکا کفایت ہے

صابر تخلص احمد مرزا خلف دشاگرد مرزا انس باشندۂ لکھنؤ صاحب دیوان ہین

نزع کا وقت ہے پہلو مین وہ آ بیٹھے ہین
بے خبر ہم ہین وہ کرتے ہین خبرداری دل

صاحب تخلص نواب ظفر یاب خان خلف مسٹر شمرو فرانسیس باشندۂ دہلی شاگرد خیراتی خان دلسوز علم موسیقی اور مصوری مین اچھا دخل رکھتے تھے شروع جوانی مین رحلت کی

نظر آیا مجھے شب بام پہ یار اپنا
بارے اب کچھ ہے بلندی پہ ستارا اپنا

ہے زلف حلقہ زن رخ دلبر کے آس پاس
یا اژدہا ہے فوج سکندر کے آس پاس

صاحب تخلص صاحب علی خان باشندۂ الہ آباد

خار اور خس چھوڑتا ہے اب نہین دامن مرا | اور جنون کو ہے مرے چاک گریبان کی ہوس

صاحب تخلص شیر زمان خان دہلوی نبیرۂ حافظ عبد الرحمن خان احسان شاگرد عبد الرحمن خان احسان و محمد بیدار سیم غروق

شرمندہ ہے ناکامی فرہاد سے اتنا | ہرگز کبھی تیشہ کا سراہ پہ نہین ہوتا
کس کس کو مین بتاون کہ بار غم فراق | دل پر نہین جگر پہ نہین جان پر نہین
ذرہ آنکھون مین رکھنا اسکو صاحب | کہین یہ طفل اشک ابتر نہ ہووے

صاحب تخلص مولوی صاحبعالم خلف پیارے صاحب سجادہ نشین بارہہ ضلع علیگڑہ

ضعف سے حال یہ پہونچا ہے اسیر دلکا کہ | قوت نالہ نہین طاقت فریاد نہین

صاحب تخلص ایک شاعر قدیم صاحب دیوان کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہوا

زور کیفیت مے سے کہ کبھی جھکتے نہین | جام پر شیشہ جھکا شیشہ پہ میخوار جھکا

صاحب تخلص سرجو باانس نصرانی شاگرد میر وزیر علی صبا

دیکھنا توڑکے وحشت مین نکل جاؤن کا | مجھکو پہنا تے ہو زنجیر پہ زنجیر عبث

صاحبقران تخلص سید امام علی ولد غلام حسین رضوی بلگرامی معاصر جرأت وانشا

ہزل اور فحش سے اشعار انکے مملو ہین دیوان انکا نظر سے گزرا

اوسکی بھٹنی کو پکڑ مین نہ ٹلا بیٹھہ گیا | چیخی اسطرح وہ چمخ کہ گلا بیٹھہ گیا
نخل موسی کیطرح تھا مین کھڑا گلشن مین | گرمی عشق سے پھولا نہ پھلا بیٹھہ گیا
مجھکو شہوت ہوئی تیمم سے | تھی مقرر کسی چھنال کی خاک
چتون غضب ہے بنکی کی ہے بے مثال آنکھ | چھوٹے سے سن مین اسکی بڑی ہی چھنال آنکھ

صادق تخلص مرزا صادق بیگ رامپوری

عشق دلبر مین کہون کیا دوستو کیا کیا گیا | دل گیا ایمان گیا راحت گئی ہنسنا گیا

صادق تخلص مرزا محمد امیر تیموری اولادون مین سے

تیرے ہی سر کی قسم مین اپنے سر کو کاٹ دون | گر کوئی دیوے تجھے سر کی قسم میرے سوا

صادق تخلص میر محمد صادق خلف میر سید محمد باشندہ لکھنؤ مقیم مٹیا برج متعلق گلکہ شاگرد مظفر علی ہنر یہ غزل اس تذکرے کے لیے بھیجے تھے

خزانے مقدر کے نہ تھا آہ کوئی ساتھ
ہمراہ کسی دوست کو مشکل مین نہ دیکھا

بھلا دل کو چھ گئیو مین سرگردان ہو کیونکر
یہ مہ راہین ہین جنکین خضر بھی اکثر بھٹکتے ہین

اودھر نرم مین جام چلتی رہے
ادھر اشک آنکھون سے ڈھلتے رہے

صادق تخلص پنڈت دیبی پرشاد متوطن بریلی

کیون نہ برسات مین ہو سبز ڈوبنے کی بہار
رنگ سبز نہین دنیا مین کوئی دہانی سے

صادق تخلص دوارکا پرشاد خلف لالہ کنور بہادر وکیل عدالت فرخ آباد

چشم کوکب کھلی ہے کیون یارب
آسمان کسکی راہ تکتا ہے

صادق تخلص محمد غریز الدین برادر محمد سعید الدین سعید تخلص خلف مولوی اساس الدین متوطن بدایون باشندۂ دہلی شاگرد مرزا نوشہ غالب پہلے عزیز تخلص کرتے تھے

رہی تا بعد مردن بھی علامت جذب کی باقی
بنا ناسنگ مقناطیس سے صادق کی مدفن کو

ہم وم ذبح تجھے بھر کے نظر دیکھ تو لین
کاشکے تیز تر اخنجر خونخوار نہ ہو

لیگئی دل اک نگہ مین اوسکی چشم نیمخواب
مست ہم سمجھے تھے اوسکو پر بہت ہشیار ہے

صادق تخلص ٹھور بیگ متوطن شمس آباد باشندہ دہلی

آوارگان عشق کو ہانند گرد باد
ایجا قرار ہو تو کوئی جستجو کرے

صادق تخلص شیخ محمد صادق قریشی باشندۂ دہلی شاگرد نظام الدین ممنون

نے جنگ ہے کا طور نہ کچھ صلح کا ہے ڈھنگ
سامان نہ سود کا ہین حاصل نہ ساز کا

صادق تخلص میر جعفر علی خان دہلوی مصنف بہارستان جعفری

یون بین غیر شراب اور مثال نرگس
ہم رہین دیکھتے ہی ہاتھ مین پیمانہ لیے

شرم سے نام وہ نہین لیتا
پھر ہمارا خطاب ہے کوئی

صادق تخلص صادق علی خان فیلبان مرزا سلیمان شکوہ بہادر عزیز فوجدار خان فیلبان شاہ عالم بادشاہ باشندۂ دہلی مقیم لکھنؤ شاگرد انشاء اللہ خان

صادق

صادق اب اور سر و کار نہیں اوس سے مگر ۔۔۔ اک بوسے کی رکھی ہے دل غمناک ہوس
جسنے دیکھا ہے تری جلوہ گری کا نقشہ ۔۔۔ اوسکو بھاتا ہے کب اے پاپری کا نقشہ
تھی اک تو کرتی ہے لاہی کی غضب تیسر ۔۔۔ ہے آفتِ جان کافر انگیا کی یہ سکھڑائی
کچھ اوس سے اشارے مین کہا ہون تو کہا ہے ۔۔۔ دانتون مین دبا دنگلی امو واے یہ ڈھٹائی

صادق تخلص صادق علی خان عظیم آبادی

وہ ہے عرق سے یار کے چاہ ذقن مین آب ۔۔۔ دیکھے تو خضر کے بھی بھر آئے دہن مین آب
کیا دخل ہم وفا سے پھیرین اور جفا سے یار ۔۔۔ سو مرتبہ زمانے مین گر انقلاب ہو

صادق تخلص صادق حسین خان ولد نثار علی خان خواہرزادۂ راجہ تاج الدین حسینخان کمبوہ باشندۂ لکھنؤ شاگرد رشک

آتش رنگ حنا ہے یا عذاب نار ہے ۔۔۔ خاک کبکان دری کرتی ہے تیون زیر پا

صادق تخلص حکیم سید محمد صادق عرف صادق مرزا ولد حکیم سید محمد حسن خان نبیرۂ روشن علی خان برادر معتمد الدولہ باشندۂ لکھنؤ مقیم کانپور شاگرد ہادی علی بیجو د

بگڑے بد سے جو اوس گل کی طرف تو دیکھے ۔۔۔ پھوٹ جائین تری اونرگس تنہا آنکھین
کثرتِ آب یم اشک سے مانند حباب ۔۔۔ دیکھ لو رکھتی ہین آغوش مین دریا آنکھین

صادق تخلص صادق علی خان عرف میان سیتا بیگ لکھنوی شاگرد جرأت

رباعی

کس سے کہون آہ جا کے حالت دل کی ۔۔۔ کہتی باقی ہے نہ طاقت دل کی
وہ جان جہان نہ آیا اور جان چلی ۔۔۔ افسوس رہی دل ہی مین حسرت دل کی

صالح تخلص مرزا مصلح الدین نوابہ ابوظفر بہادر شاہ بادشاہ دہلی شاگرد مرزا یار محمد

ہاں ایون بھی ہے آپ نے مجھسے جو کچھ کہا ۔۔۔ لیکن زبان خلق کی تدبیر کیا کرون
ہمکو تو مل گئی مین اوٹھین مین حلاوتین ۔۔۔ سو دل خدا جو دیوے تو سو جا لگا ہے

صالح تخلص نظام الدین احمد بلگرامی فارسی شعر نہایت شیرین و ممکین کہتے تھے شاہ عالم بادشاہ کے عہد مین کلکتہ اور مرشد آباد مین آئے تھے دیوان فارسی الخانظر سے گزرا

منہ کی اوس محبت پر دیا تھا جان و دل صابر	نہ تھا معلوم یون ہوجائیگا نامہربان اپنا

صبا تخلص صبا شاہ مغلیہ آخر ایام مین فقیر ہوکر امام شاہی فقیرون کے سرگروہ ہوے تھے اور خورجہ شکارپور مین اپنے مرشد کے مزار پر چار برس کی صفائی کرکے یاد اللہ مین مشغول تھے

چھوڑ بیٹھا جو تعلق عالم ایجاد کا	سرو چلا ہوگیا ہے کیا کسی آزاد کا

صبا تخلص احمد حسین خان خلف محمد کاظم خان باشندہ حسین آباد ضلع مونگیر شاگرد مولوی اولاد علی کا ہے

سکندر کو مبارک آینہ خاتم سلیمان کو	خدا اس دل کو رکھے اور دل پر داغ ہجران کو
لب غنچہ دہن جسدم تکلم مین گل افشان ہو	ہنسی بھولے چمن مین باغبان گلہاے خندان کو
کان چھدوائے جاوس نے تو غش آیا مجھکو	بالے پن ہی مین کیا بس تہ و بالا مجھکو

صبا تخلص لالہ کالنجی مل متوطن فیروزآباد مقیم لکھنؤ شاگرد مصحفی جوانی مین انتقال کیا صاحب دیوان گزرے ہے

مجھے آتا ہے تجھ پر رحم اوس قاتل کے کوچہ مین	لیے جاتا ہے نامہ آج تو اے نامہ بر کس کا
صبا ہم نے تو ہرگز کچھ نہ دیکھا جذب الفت مین	غلط یہ بات کہتے ہین کہ دل کو راہ ہے دل سے

صبا تخلص میر ضیا کے ایک شاگرد کا ہے اور حال معلوم نہ ہوا

تربت صبا کی دیکھی کل رات دور سے جو	آئے نظر مجھے دہان شمع و چراغ کتنے
جاکر جو آج دن کو دیکھا کیا تفحص	اک دل جلے ہے اوسمین حسرت کدہ کتنے

صبا تخلص میرزا راجہ ستگر ناتھ بہادر پیشکار نظارت شاہی دہلی ولد راجہ رام ناتھ بہادر شاگرد سعادت یار خان رنگین

دل جب اوسکی نگہ مست کا مخمور ہوا	سر خوشی کیفیت بادۂ انگور ہوا
ہونمین صدقے ترے بہانے کے	زور و ذہب یاد ہین نہ آنے کے

صبا تخلص میر وزیر علی ولد میر بندہ علی لکھنوی خواہرزادۂ میر اشرف علی نامی شاگرد آتش سنہ ۱۲۱۱ بارہ سو اکہتر ہجری مین گھوڑے سے گرکے انتقال کیا شعر عاشقانہ بہم طرز پر اچھا کہتے تھے دیوان انکا نظر سے گذرا ۔

ذکیون کیفیتِ اشراق ہم مستون کو حاصل ہو
ہر اک خم اپنے میخانے مین سینہ ہے فلاطون کا

بلند و پست عالم ایک ہے چشمِ حقیقت مین
حصیر فقر ہمپایہ بنا تخت فریدون کا

بنگیا خال جبین کو کتب بختِ خورشید
کس ترقی پہ ترا حسن خدا داد آیا

دکھلائینگے تجھے ہم داغ جگر کا عالم
منہ اسطرف کبھی تو اے آفتاب ہوگا

اللہ رے اونکا غصہ اتنا نہین سمجھتے
کیونکر کوئی جیے گا جب یون عتاب ہوگا

آسمان نے مجھے محروم شہادت رکھا
تیغ قاتل کے لیے بخت سیہ ڈھال ہوا

جمشید اپنے وقت کا ہون مین فقیر ست
جامِ جہان نما ہے پیالہ سفال کا

کوٹھون مین گردشِ نگہ یار سے پسا
تل تیل ہوکے بہگیا چشم غزال کا

روتے روتے چشم نابینا ہوئی
یہ کنوان ٹوٹا تو اندھا ہوگیا

کیا بتایا ہے بتون نے مجھ کو
نام رکھا ہے مسلمان میرا

اب تو صاحب کی ہوئی خاطر جمع
سن چکے حال پریشان میرا

عرد سن گل پرستی کا گمان ہوتا ہے
فراق یار مین سنبل دہوان ہے مرگھٹ کا

ہوگیا مین قتیل اونکا نام لیکر پیارے
مجھکو سیفی یار کا اسم جمالی ہوگیا

لیگیا چھین کے دل وہ بت پرفن کیسا
رہگئے دیکھ کے منہ شیخ و برہمن کیسا

اوس بادشاہِ حسن کا سایہ جو پڑ گیا
ہر سرو لنگ باغ مین تیمور ہوگیا

جو رگلچین عشق گل خوف خزان ابتدائے خار
لاکھ آفت مین پھنسی ہے ایک جان عندلیب

دل ہے غذائے رنج جگر ہے غذائے رنج
پیدا کیا ہے مجھکو خدا نے برائے رنج

آدم سے باغ خلد چھٹا مجھسے کوے یار
وہ ابتدائے رنج تھی یہ انتہائے رنج

کسی کے وعدے کا رہ رہ کے دھیان آتا ہے
اٹک اٹک کے نکلتی ہے انتظار مین روح

کھا ئینگے زہر اونکے خط سبز فام پر
سرسبز ہونگے حضر علیہ السلام پر

مرے پڑے ہین ہجر کے مارے پلنگ پر
تابوت کا گمان ہے ہمارے پلنگ پر

کروٹ بدل کے آپ جو سوئے ہین وصل مین
ہم لگ گئے ہین گور کنارے پلنگ پر

مسافر ہون سراسیمہ ہون مضطر ہون پریشان ہون
یہ سب کچھ ہوئے مجھ خیال رو ہی جانان ہون

مجھے بھی اور اوسے بھی امتحان کا اک بہانا ہے — اوسے تیغ آزمائی ہے مجھے دل آزمانا ہے
بادشاہون کے لب گور سے آتی ہے صدا — مور کو بھی نہ ستائے جو سلیمان ہو جائے
تجربہ دونون کی جانبازیون کا کردم قتل — امتحان غیر کا میرا اسیر میدان ہو جائے

صبا تخلص خواجہ عبدالرحیم خلف الرشید خواجہ سلیم اللہ داماد برادر زادہ خواجہ علیم اللہ مرحوم رئیس اعظم ڈھاکہ ہر دو زبان مین شعر خوب کہتے ہین اقلم کردہ دستون مین ہین یہ شعر اس تذکرے کے لیے دیے ۱۲۸۱ھ بارہ سو اٹھاسی ہجری مین انتقال کیا

جائیے آپ اوس گلی مین صبا — ہم یہین سے سلام کرتے ہین
طوفان نوح بھر ہو جہان مین ہو باندہ دون — دامان ابر سے مین گریبان کے تار کو
ذرہ دیدہ اون نگاہون کے مضمون کا مفیض ہے — سب کو گمان جوہر آئینہ کا میرے سخن مین ہے
جو کہ دیکھا خواب ہے اور جو سنا افسانہ ہے — اس سے یہ ثابت ہوا دنیا تو ہم خانہ ہے
وہان ہے عذر رقص مستانہ آنے مین اگر — اور یہان لبریز اپنی عجز کا پیمانہ ہے
دیکھکر کثرت دلونکی تار تار زلف ہین — آئنہ حیرت مین ہے اور گنگلش مین شانہ ہے
یہ تو ہو معشوق وہ عاشق زہے نیرنگ عشق — ایک ہی آتش سے جلتی شمع اور پروانہ ہے

صبا تخلص کریم بخش باشندہ میرٹھ شاگرد امداد حسین ظہور

عاشق کی بعد مرگ بھی مٹی خراب ہے — خاکہ مزار کا بھی تو ملتا نشان نہین

صبر تخلص میر محمد علی مرثیہ گو فیض آبادی

غم ہجر صنم مین رات دن کی بیقراری سے — نہ بھی موت مجھے دقت سمجھ تک وہ دے

صبر تخلص مرزا غلام حسین خان خلف حکیم ابو علی خان شاگرد عزت اللہ خان عشق دہلوی الکا کشمیر مولد و مسکن دہلی

گئے مقصد حرم کا ہے سر میخانہ رکھتے ہین — غرض ہم بھی عجب ہی مشرب رندانہ رکھتے ہین

صبر تخلص میر علی حسین شاگرد کیف

لگائے دل کو نہ دنیا مین جو کہ ہو ہشیار — کہ پایدار نہین آہ اس چمن کی بہار

صبر تخلص شیخ محمد رضا شاگرد عبدالرؤف شعور

کام آتی ہے بیٹھتے اوٹھتے — ضعف مین آہ خوب دستی ہے
خیر ہے کس سے خفا ہو آج کیسا ہے مزاج — زلف کیون بکھری ہے کیون بگڑی ہین تیور کیا ہین
خط اگر پھاڑا تو پھاڑا قتل کیون اوسکو کیا — جرم کیا قاصد کا تھا جسپر تو بے پوچھے

صبیر تخلص اجودھیا پرشاد قوم کایتھ مقیم شاہجہان آباد شاگرد منشی بسنت سنگھ شاط
وشاہ نصیر دہلوی حکیم مومن خان

ہین گمان کہ وہ آئے ہمارے قابو مین — اونھین یقین کہ مرے ہاتھ اک شکار آیا
دل لگانے کو بتاتا ہے تو مشکل ناصح — ترے نزدیک چھڑانا مگر آسان ہوگا
زیست کم حسرت بہت کس کس کا شکوہ کیجیے — طالع خوابیدہ کا یا دیدۂ بیدار کا
بدنامیان ہین باعث نام آوری یہان — ہم جانتے تھے عشق مین کچھ فروشان نہین

صبیر تخلص اجودھیا پرشاد قوم کایتھ خلف خیراتی لال باشندۂ سکندرہ شاگرد حافظ قیم
سررشتۂ کمسریٹ سے متعلق تھے شعر بہت جلد کہتے ہین انسے ۱۸۵۳ء اٹھارہ سو ترپن
عیسوی مین کلکتہ مین ملاقات ہوئی تھی صاحب دیوان ہین

مارتا ہے مار سر کھاتا ہے سنبل پیچ و تاب — مشک چین نے چین مانگی ہے یہ وہ کیسوی دوست
گرد کدورت کہین دل سے تری دور ہو — پس کے مین سرمہ بنون جو تجھے منظور ہو
گر بہار رنگت پیراہن یوسف نہ اسے — کب نہال آرزوے پیرکنعان سبز ہو
دل مرا فانوس شمع عارض جانانہ ہے — طائر فکر و تصور صورت پروانہ ہے
کسا ہے اوسکی چھاتی پر یہ سینہ بند زرتار سے — ویا چاندی کی ڈبیا پر کھنچی تحریر سونے کی

صبر تخلص میر اسد خلف میر مہدی باشندۂ لکھنؤ شاگرد ناسخ صاحب دیوان گزرے

میرے سر پر ہین شگفتہ مثل گل داغ جنون — کیا عجب گر ہو ہجوم بلبلان بالاے سر

صبیح تخلص میر وارث علی لکھنوی

سیر مطلوب ہے میرے تڑپنے کی اونھین — پوچھتے ہین دل بیتاب تمہارا ٹھہرا
فرقت یار مین کب اشک تھمے اپنے صبیح — کس نے دیکھا ہے کہ بہتا ہوا دریا ٹھہرا

صحبت تخلص مرزا بخشش علیخان خلف نوروز علی خان بن امیر الدولہ حیدر بیگیخان

باشندۂ لکھنؤ شاگرد ناسخ صاحب دیوان ہین

ہوگیا ہم کو جنون ٹکڑے گریبان کو کیا — رکھ لیا اوسنے دم رقص جو دامان سر پر
اون غزالی انکھڑیون کا جو تصور ہے مدام — دیدہ ہاے زخم کے مانند ہے خونبار آنکھ
جنسے آنکھین لڑائی تھین جھپک انھین سے جا کر — ہم سے او بیدیدہ اب ہرگز نہ انی ار آنکھ

صحت تخلص محمد حسنخان ولد حکیم غلام عباس منسبہ محمد یار خان وکیل باشندۂ لکھنؤ شاگرد ناسخ

محفل مین رہ گئے کف افسوس ملکے ہم — پردے مین یار نے جو چھپائے دکھا کے ہاتھ

صدر تخلص میر صدر الدین مرحوم ولد میر بدر الدین منسبہ خواجۂ باسط باشندۂ لکھنؤ شاگرد آتش صاحب دیوان گزرے

آندھیان آتے ہین آہونسے ہمارے اکثر — اوٹھا طوفان اگر رونے پہ آئین آنکھین

صدر تخلص محمد صدر الدین علوی شناوری و شکار سے بہت شوق رکھتے تھے

کرتا نہین ہے تو جواد ہر منہ تو زلف سے — کیا جانیئے کہ کان مین کیا کہد یا ترے

صدق تخلص شیخ محمد اشارت علی بن شیخ نوازش علی منسبہ نواب ابو محمد خان کمبوہ باشندۂ میرٹھ شاگرد مظفر خان گرم تاریخ گوئی مین اچھا دخل رکھتے تھے

اے صدق ضعف سے مری آواز بند ہے — اوس بدگمان کو وہم کہ مسرور ہو گیا
بہانتک شمع رویون کو مری قربت سے نفرت ہے — کہ گل ہووے چراغ دلمع گر آدی مری گھر مین

صدق تخلص ایک شاعر حیدرآبادی کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

بدقت اشک اب نکلے ہے شاید — ہوا آنکھون مین اب لخت جگر بند
کمان نکلے ہے تار زلف سے دل — کرے پرواز کیونکر مرغ پر بند

صرر تخلص محمد نظیر باشندۂ بلگرام شاگرد شرف

بارے آگے شب وصل مین مرجاؤنمین — نہ دکھائے مجھے اللہ سحر کی صورت

صرر تخلص محمد میر خان شاگرد امداد حسین صفیر

اپنے ہاتھون سے رقیب اپنا بنایا ہمنے — آئنہ اوس بت خود بین کے مقابل کرکے
وعدۂ وصل تو ہر روز ہوا کرتا ہے — آج دے ڈالیے اک بوسہ کرا دل کرکے

صفیر تخلص بیان نجم الدین خلف شاہ نصیر دہلوی

گریہ اے پردہ نشین چھپکے کیا کرتے ہین — غم دوری مین بھی ہم پاس وفا کرتے ہین
آہ صحبت ہوئی کیا خنجر و گل کے باہم — جنکا رونا ہون وہ اوتنا ہی ہنسا کرتے ہین
صفیر دیکھ تو دریا یہ بھی نصیب ہے شرط — پیاس سے لب ساحل کے تڑپ مرتے ہین

صفیر تخلص شیخ حیدر علی ولد شیخ دہومن لکھنوی شاگرد رشک صاحب دیوان ہین

سیاہی تیلیون کی یہ بھی اک پردہ ہے ظاہر کا — پھرا کرتی ہے تیری سرمئی انچوان آنکھ مین
مسیحائی ملی ہونٹون کو یا سحر یا تون نے — کرشمہ ہے بھوؤن مین اور ہے اعجاز آنکھون مین

صفا تخلص بیرن شاہ دہلوی خلف رتن شاہ مرحوم شاگرد ذوق

مین نے بوسہ طلب کیا تو کہا — یہ خرابی ہے منہ لگانے مین
شب رہیے خدا کے لیے اے حضرت ناصح — اسوقت خدا جانے مراد یہان کہان ہے

صفا تخلص ایک شخص کا ہے جسکا حال معلوم نہ ہوا

محتسب جھوٹ ہے مے کسنے بھری شیشے مین — رہگئی ہے مرے آنسو کی تری شیشے مین

صفا تخلص لالہ منو لال لکھنوی قوم کایتھ ولد رائے پورن چند اخبار نویس شاگرد میر تقی صاحب دیوان گزرے بعض صاحب تذکرہ نے انکو غلطی کا شاگرد لکھا ہے

خوبصورت جو بہت جور کو سمجھا ہے صفا — تونے دیکھا نہین اوس شوخ کی کافر ادا
چرخ کو کب یہ سلیقہ تھا ستمگاری مین — کوئی معشوق ہے اس پردہ زنگاری مین

اس شعر کو بعض صاحب تذکرہ نے حسرت کے نام مین لکھا ہے

مرے منہ مین تو اوسکے نام سے پانی بھر آتا ہے — مزا ایسا ہے کیا اوس بوسہ جاں بخش مین
مرے رونے سے دل اوسکا تو کچھ مائل بہ رحمت ہو — مرے حق مین مرا رونا تو یہ باران رحمت ہے

صفا تخلص حافظ محمد حسین باشندہ میرٹھ شاگرد غلام مولی قلق

تونے کبوکہ چونک اوٹھا گر اثر نہ تھا — واعظ یہ میرا نالہ ہے شور اذان نہین

صفا تخلص مرزا سعید الدین دہلوی عرف مرزا منے برادر دشاگرد مرزا رحیم الدین حیا

گھر مین بیٹھے ہین اور اتنا نہین کہتے مدعا سے — کون ٹکرائے ہے دیوار سے سر دیکھو تو

صفدر تخلص مغل جان نظام الملک آصف جاہ کے قرابت متوسلون مین تھے بعضے صاحب تذکرہ نے انکا صنعت تخلص لکھا ہے

سینے مین آہ دل مین تپش اشک چشم مین
شعلہ ہے عاشقی کا مرے جا بجا ہوا

صفدر تخلص میر صفدر علی باشندہ سونی پت

نخجر سوختہ شمع سے جب گل نکلے
جا ہے بیضۂ فولاد سے بلبل نکلے

صفدر تخلص میر فرزند حیدر خلف میر اسیر حیدر فرخ آبادی شاگرد آغا علی حسین میر

دنیا کے دن پھرین جو وہ یوسف سوار ہو
ہو جاے صاف اہل ایام چار دانگ
وہان رنگ پان سے در و دندان ہین لال لال
یہان خون لب سے سرخ ہین صفدر کی یار دانت
ہوتے ٹھوکر سے ہزارون گل و بلبل پامال
تیرا گلگون چمنستان مین جو لیتا ناخن
تہ دیکھے کی ایجان محبت نہین اچھی
رہنے دو تم اپنی یہ عنایت نہین اچھی
دیوانے بنے ملکے ہم اوس شوخ سے صفدر
سچ کہتے ہین ناجنس کی صحبت نہین اچھی

صفدر تخلص صفدر بیگ خلف حیدر بیگ باشندہ کرنال مقیم دہلی

بوسہ مانگا تو وہ کہنے لگے صفدر ہوس
اب تمک تو مری عادت سی خبر دار نہین
آرام تھا گلی مین ترے نقش پا کی طرح
ظالم اوٹھا کے کیون مری مٹی خراب کی
اسطرح سمجھا مجھے ناصح کہ دل سمجھے مرا
پند کرنا اور ہے اور سمجھانا اور ہے

صفدری تخلص میر صادق علی دہلوی کمین برادر و شاگرد میر نظام الدین ممنون جوانی مین ایک کافر بے پیر کے ہاتھ سے مارے گئے

نہین معلوم ٹپا پاے لگا رہن کس کا
چھپا ہٹ سے ہے خاکی سی گل قالین پر
نہین معلوم دل مین صفدری کی درد کیسا ہے
کہ ہر دم ہاتھ سینے پر وہ بے تابانہ رکھتے ہین
صفدری قد کو کہین اور سکے کہا تھا گل سرو
سیدھی اوس شوخ نے کیا کیا نہ سنائی مجھکو
چیک کا سنگر ترے ابرو پہ ہے داغ
یا قبضۂ شمشیر مین چھپی یہ جڑی ہے

صفی تخلص محمد صفی اللہ باشندہ دہلی

اللہ ہر اک دل کے ہے احوال سے آگاہ
گر نالہ فلک رس نہین اپنا تو نہ ہووے

صفیر تخلص بور خان شاگرد میر حسین تسکین و غلام مولی قلق باشندۂ میرٹھ

ترے جا لوکن سے فتنۂ عالم — روز رہتا ہے روز محشر کا
اپنا خنجر ذرا بچا لیجے گا — دھیان سودائی کو نہیں سر کا
سرگشتہ روز و شب نہ رہے کسطرح مدام — اپنا ہی دودآہ ہے یہ آسمان نہیں
کچھ صبح ہجر صبح قیامت سے کم نہیں — کم صور کے نفخ سے صدائے اذان نہیں

صفیر تخلص میانخان باشندۂ دہلی شاگرد مومن

لب شیریں کے جو بوسے سے ہو لب بند — ہمیں ہرگز بھی ترا راز نہ پنہان ہوتا
نہ تم سے ترک جفا اور نہ ہم سے ترک وفا — نہ اختیار تمہارا نہ اختیار اپنا
کہتے ہو جان جاے تری اور تمہیں مہجان — ہے ہے خدا نخواستہ یہ تنے کیا کیا
ہوا ہو سنو تو پھر خوب یاد کر لیجے — کہ رہ نہ جاے کوئی حور امتحان کے لیے

صفیر تخلص شیخ امداد حسین خلف شیخ واحد بخش فرخ آبادی شاگرد امداد علی بحر

دشمن کو بھی نصیب نہ ہو یہ برا گمان — رسوا ہوئے ذلیل ہوے دل لگا کے ہم
ہاتھوں سے اوسکے رنگ اوڑا یا غضب کیا — قاتل ہیں سحر سازی وزد و حنا کے ہم

صفیر تخلص سید فرزند احمد خلف سید احمد احمد تخلص داروغہ انجکاری ضلع مونگیر باشندہ بلگرام مقیم ضلع شاہ آباد اردو میں محمد مہدی خبر بلگرامی و امان علی سحر سے اور فارسی میں مرزا نوشہ غالب سے اور مرثیہ میں مرزا دبیر سے اصلاح لیتے تھے صاحب دیوان دار و دفعہ نوستان خیال و مثنوی اعجاز کلیم ہیں شعرا جھا کہتے ہیں راقم کے احباب میں ہیں راقم نے اس تذکرہ کے لیے آثار نسخے کو استعار طلب کیے تھے اوسکے جواب میں اونھوں نے نامۂ منظوم و اشعار مندرجہ ذیل بھیجے تھے

بس اے سرشک جوش ترا ہی یہ ناگوار — ایک ایک قطرے سے ترے پیدا ہو نگار
اک شور ہے جہاں میں تیرے چرچا دن کا — نکلا بساط سے ہے ترا یا دن ایک بار
عالم کو تو نے عالم آب ایسا کر دیا — موقوف رہگیا ہے زمانے کا کاروبار
ہر چند تیرا جوش ہے صد موسے ہجر کے — مجھ پر یہی رحم کر کہ ہو ئی آنکھ اشک بار

چھپرہ کے واسطے جو ہوا دل مرا نڈھال — آنکھون کو میرے حال پہ جوش آیا اکبار
اتنا بھی جا نہ تھا اے کشک مہربان — جس سے زیادہ طول ہو فرقت کا کاروبار
تو جانتا ہے مجھکو ہے چھپرہ کا اشتیاق — عبد الغفور خان کے کیا ہے وہان قرار
کچھ بے طرح ہے شوق مجھے اونکی دید کا — ہوتا نہ جوش آب تو بیڑا نہ ہوتا پار
مانند موج آب ہے اب دل کو پیچ و تاب — تو ہے مری مدد کو پہونچ اے وفا شعار
اک موج بھیج چھپرہ کی جانب بصد شتاب — جاکر وہ زیر قصر سلمی کرے قرار
جسوقت سیر آب کو آئے وہ نا مجو — میری زبان سے بولے لب موج اکبار
اے بحر فیض ابر کرم منبع وفا — اے کان علم و حلم و سخن فہم روزگار
دانندۂ رموز سخن واقف عروض — کشاف سر شعر و دقیق دنکو شعار
بعد از نیاز و عرض سلام اپنا اشتیاق — کیونکر کروں بیان کہ نہین اسکا انحصار
ہر دم تڑپ رہا ہے دل اشتیاق مند — لیکن وفور آب نے روکا بحال زار
ہفتہ ہوا کہ آرہ سے اک نامہ نظم مین — بھیجا ہے ڈاک پر جو بڑھا دل کا اضطرار
پٹنہ مین اتفاق سے پہنچا ہون آج کل — دو چار روز اور مگر ہے یہان قرار
مسکن مرا ہے آرہ یہ امید ہے مجھے — جب تک ہون آنکھین دید کے قابل بصد وقار
محروم مین نہ نامہ و پیغام سے رہون — بھیجا کرین حضور بھی خط مجھکو بار بار
محظوظ دل کیا کرین اپنے کلام سے — مضمون نغز دل کو مرے لطف دے نہار
اس نامہ کا جواب جو آئے تو آرہ مین — حامل کو بھی ملے تو نہین کچھ برا یہ کار
پھر بھیجونگا میں اس سے بہر حال جو مجھے — در اصل میرا قصبۂ آرہ مین ہے قرار
اپنا کلام تختہ مین کیا بھیجون آپ کو — کیا بانع کو بسا ہے گا اک موتیا کا ہار
لیکن نہین پسند کہ خالی ہی جائے خط — جاتی ہے اک عنبر سارا ہی کہ دہان پہ اعتبار
نامہ دعا پہ کرتا ہون ختم اور یہ دعا — جب تک نہ پہنچون وروز بان یہان ہو بار بار

یارب مقیم چھپرہ ہون عبد الغفور خان
صحبت مین اونکی ہو یہ صفیر وفا شعار

اشعار

تاثیر محبت کا اوسوقت مزا ہوتا — وہ آپ منا لیتے مین جب کہ خفا ہوتا
جو دیکھ لیگا سگ یار پھاڑ کھائے گا — ہما چبا تو مرے استخوان بہت اچھا
مزرع فکر نہ پامال ہو کیونکر اے شوخ — تری رفتار کا مضمون ہے چلتا پھرتا
بے سبب میری بغل مین یہ مچلنا کیا تھا — خواب مین غیر کے پہلو مین تو سونا کیا تھا
پاس اوسکی نزاکت نے کیا خوب ہمارا — پھٹتا نہین اوس شوخ سے مکتوب ہمارا
قتل تیغ الفت کی پریشانی نہین جاتی — بگولا جنگلون مین ہے تن بے سر لیے پھرتا
بس کرو کثرت افشان سے چھپاؤ نہ اسے — اک یہی خال تو اے جان ہے جان عارض
سب دیکھتے ہین ادھر کہین جاتے نہین ہم — ہین مردم دیدہ کیطرح خانہ نشین ہم
تجھسے بھی شب ہجر مین کچھ کام نہ نکلا — اے موت مگر مرنے کے قابل بھی نہین ہم
یہ زائقہ پاؤگے نہ اغیار کے منہ مین — دیکھو تو زبان دے کے نمکخوار کے منہ مین
کیا کیا لب شیرین پہ ٹپکتی ہے مری رال — جی چاہتا ہے دے دون زبان یار کے منہ مین
کھلتا نہین کہ کھلتے ہین کیا اوس پہ غیب سے — جوہر اشق دہن ہوا کچھ بولتا نہین
جرم نظارہ پہ دربان نہین رسوا کرین — فہر ہے وہ آپ دیکھین روزن در سے ہمین
ہم بغل غیر سے تو وہ گل شاداب نہین — آج آنکھون مین ہماری اثر خواب نہین
دے دو اک بوسہ خوشی سے اپنی — اچھا تم میری خوشی جائے دو
اے پریخوان وہ پری شیشے مین اونرا ہی قوی کا — جانتا ہے بند محرم کی کشش تسخیر کو
مین کڑھتا ہون مین وہ ہون مین دیتا ہو جی کو — کیا کام مرے حال پریشان سے کسیکو
یون مین کسطرح بھلا حال سناؤن اونکو — دل بیتاب وہ محفل مین ادھر دیکھین تو
تجھمین تیرے ہونٹون کا جو سمجھین مطلب — اشارہ تیری آنکھون کا اگر جانے ہرن بنکے
بس دیکھ چکے ہین دلبرون کو — اب دل پہ نگاہ ہے ہماری
شرکان کے تلے ہین لخت دل گرم — آتش تر کاہ ہے ہماری
منہ مین اونکے وصل مین دیکر زبان — ان ہونٹون کو بے دھرم کہا کیجئے

گھر کیا دل مین جو اونکے تیر نے | وہ لگے میرا کلیجا چیر نے
کیسے کیسے غیر سے اسوقت کیا مذکور تھا | کھیکر مجھکو زبان اپنی لگی کیون دانتون تلے
باتون نے ترے کیا ہے بیمار | کیا ہو نٹھ مری دوا کرین گے
وہ وہان سے چلے ہین ہم یہان سے | مضمون کیا صلح کا لڑا ہے
دیسے گزرتے ہی نظر اوس رشک ماہ کی | بوتل ترا شتی ہے سر وہی نگاہ کی
ساقی دعا مین مانگ تو زلفون کو کھول کر | رندون کو احتیاج ہے ابر سیاہ کی
کل جو اوٹھے تھے بٹھانے کے لیے | آج بیٹھے ہین اوٹھانے کے لیے

صمیم تخلص تلشی داس دہلوی طلب ہندی دستار نوازی مین کمال رکھتے تھے

بھولی بھالی تری صورت سے بڑی ہے مورت | تو تو عیارون کا عیار ستمگر نکلا

صنعت تخلص کریم الدین زرگر مرادآبادی بیشتر اپنی اوقات عزیز کو عبادت مین صرف کرتا تھا اور وضع آزادانہ رکھتا تھا

یہ مانا کہ ہین آپ دلبر و لیکن | ہمارا بھی دل لے کے دلدار ٹھہرے

صولت تخلص نواب محمد تقی خان لکھنوی حلف نواب حسین علی خان اثر شاگرد ناسخ شعر خوب کہتے ہین انسے کلکتہ مین ملاقات ہوئی تھی صاحب دیوان ہین

کھل گیا بیری مین فرط غم سے ایسا جسم زار | درست ڈھیلا ہوکے آخر جامۂ تن ہو گیا
جو دیکھی فال مین نے بہر دیدار | تو قرآن مین بھی نکلا لنترانی

صولت تخلص قاسم علی خان بن کاظم علی خان حیران برہ قائم خان مداری باشندہ بنارس

مرتبت مین اگمین بعد فنا بھی جھلی رہین | تھا زیست مین مزہ جو تجھے انتظار کا
ملتے ہو رقیبون سے مری گھر نہین آتی | اللہ تمھین اتنی بھی فرصت نہین ملتی

صید تخلص اخوی راقم مولوی عبدالباری مرحوم شاگرد مولوی رشید البنی مرحوم وحشت مدرسۂ عالیہ کلکتہ مین زبان انگریزی کے مدرس تھے بھی ہر دو زبان مین شعر اچھا کہتے تھے مگر کلام انکا ضائع ہو گیا سنہ ۱۲۹۰ ہجری مین عین شباب مین وطن یعنی فریدپور مین جاکر انتقال کیا راقم نے اوسکا رحلت کی یہ تاریخ کہی ہے *

چون مرد برادر من عبد الباری	در دیدهٔ من تیره جهان غدنا گا ہ
بنوشت خرد سال وصال او ہاے	صد حیف شکست باز وے مجھ پر آہ

ولہ

ہے غم سخت موے مولوی عبد الباری	تنگ سماج ہونین جرخ کے بس ہاتھون سے
ایسی حالت مین ہوئی مجھکو جو تاریخ کی فکر	دل یہ بولا کہ قضا کی ہے مرے بھائی نے
موجۂ صرصر بنا ہے خنجر شمر لعین	صحن گلشن ہے خزان مین کربلاے خندلیب

حرف ضاد معجمہ

ضا بط تخلص مہر علی متوطن دہلی

نام کی تو شرم کر ضابط خدا کے واسطے	یہ ترا گریہ تجھے آخر بھا لیجاے گا

ضاحک تخلص درویش صاف باطن شیخ مراد بخش خیاط باشندۂ دہلی

چاکو جگر کے سینے مین لوٹا ہزار بار	ضاحک یہ رشتہ بھی کہین یہان بار ہے

ضاحک تخلص میر غلام حسین ولد میر غرثا ئد دہلوی مزا رفیع سودا کی ہجو خوب کہی ہے اور سبب یہ کہو گئے میر حسن اونکے بیٹے نے اپنے تذکرہ مین لکھا ہے کہ ایسے ظریف تھے کہ کوئی غزل انکی ہزل سے خالی نہین

کیا دیجیے اصلاح خدائی کو ولیکن	کافی تھا ترا حسن اگر ماہ نہ ہوتا
جب سے اوس لفل پر پوش نے چھپائین انکھین	بس مرا لچہ نہ حلاوے کے سجائین گھر مین

ضامن تخلص شیخ ضامن علی لکھنوی خلف شیخ اوتراب شاگرد اسیر

مردے کو پھینک دیگی لحد سے اوچھا لکر	میرے گنہ کا بوجھ اوٹھے گا زمین سب
شاید وہ نکلین گھر سے بس اتنی امید پر	کوچے مین اونکے میٹھ رہے ہم تمام شب

ضامن تخلص حکیم محمد ضامن باشندۂ اکبر آباد مقیم حیدر آباد شاگرد شاہ نصیر دہلوی

خاطر مین دونون چاہوے سے چاہو اوسکو کو	جب ان آپ کی غزل بھی مرے جان ہے آپ کا
تم کو کیا کیا وفا کے دعوے ہین	میر کہیے تجھے یقین آیا

صانع تخلص میر خیر الدین باشندۂ ناگور مقیم دہلی

صانع کا اے غزالہ دکھا ڈھنگ ہی نرالا | تا صبح روتے رہنا تا شام خوار پھرنا

ضبط تخلص کنھیا لال سررشتہ دار کلکٹری فرخ آباد خلف موہن لال مراد آبادی

وہ کوٹھے پر چڑھے ہے جو چشم بد دور | اوتارا چاند کو سب کی نظر سے

ضبط تخلص نوازش علی خان خلف مقصود علی خان دوسپلے باز باشندۂ دہلی مقیم لکھنؤ شاگرد ناسخ صاحب دیوان ہین

شرمندہ لعل لب سے ہو یاقوت و برگ گل | صاف آئینہ خجل ہو جو دیکھے صفائی رخ

ضبط تخلص سید حسن شاہ برادر سید شاہ حسین حقیقت شاگرد جرأت مرآت حیدری اور کئی رسالے منظوم جفر اور رمل مین انسے یادگار ہین

نقد دل و خشت ہین کھو کر اک جنون پیدا کیا | ہم نے بازار محبت مین یہ کیا سودا کیا

ایسا نہ ہو کہ پاؤن تلک آ رہے کہین | آئی ہے اشک کے زلف گرہگیر دوش پر

طفلی مین بھی خیال یہ آتا تھا مجھکو ضبط | رہنے نہ دیگا یہ فلک پیر دوش پر

ضبط تخلص سید آغا جان ولد سید علی خان برادر نواب معتمد الدولہ باشندۂ لکھنؤ شاگرد ہادی علی مجنوں

تو سراپا چمن حسن ہے اے رشک بہار | رخ ہے گل سرو ہے قد نرگس تہ لا آنچین

صحا تخلص مولوی غلام رسول خلف شیخ محمد بناہ ساکن قصبۂ ملانوان پرگنہ سندیلہ شاگرد نواب عاشور علی خان

مد نظر ہو مین ہین نیلی وہ انکھڑیان | مانند رند مست نہ کیون لڑکھڑائے دل

ڈر ہے صنما نہ گل کہین شمع حیات ہو | ان روزون بڑھ چلی ہے نہایت ہوائے دل

کوچے سے یار کے انھین الفت کمال ہے | کیونکر لحد مین ٹھہر سکینگے مجھ خستہ تن کے پاؤن

غیرت مہر وہ عارض جو نمایان ہو جائے | داغ دل اپنا یقین ہے مہ تابان ہو جائے

ضرغام تخلص مرزا ابادر بیگ دہلوی

اے ستمگر سبب خاطر ناشاد نہ پوچھ | ہم سے مغموم مزاجون کو نہ کر یاد نہ پوچھ

خاک ضرغام کا کوسون نہین لگتا ہے پتا | تیری شوخی نے کیا کیا اوسے برباد نہ پوچھ

ضرورت تخلص محمد جمیل باشندۂ پانی پت دہلی مین معلمی کرتے تھے

تاثیر آہ و نالہ معلوم ہے جو کچھ ہے | کیا لوگے اے ضرورت گر پھر لگا کروگے

ضعف تخلص عابد حسین باشندۂ دہلی

ایسا نہ ہو کہ دست نگارین سے گم ہو دل | اے شوخ خوفناک ہین دزدحنا سے ہم
افتادہ رہگزار مین ہین اسلیے کہ گاہ | کچھ رہزون کا راز ہین نقش پا سے ہم

ضعف تخلص شیخ غلام عباس آئینہ ساز ولد شیخ غلام محی الدین لکھنوی شاگرد امجد

کیون نہ کھنکین دل عاشق مین ستمگر بالکین | ہین رگ جان کے لیے صورت نشتر بالکین

ضعیف تخلص شجاعت علی باشندۂ دہلی اپنے آخر وقت مین آزادانہ زیست کرتے تھے

ہم بھی گو پا بنقش پا ہین ضعیف + | جس جگہہ بیٹھے پھر وہین کے ہوئے

ضمان تخلص میر محمد کامل باشندہ دہلی

جلا دیا ہے ضعف نے گو جسم زار کو | پر پھرنی ہے لیے مری وحشت غبار کو
نہ پہونچی اوسکی دامن تک مری خاک | مجھے شکوہ رہا باد صبا سے

ضمیر تخلص سید ہدایت علی خان دہلوی صوبہ دار اعظم آباد قرابت دار علی وردی خان
مہابت جنگ حسین آباد مین نوکر تھے

نہین صہبا کی یہ ہے جلوہ گری شیشے مین | کی ہے ساقی نے فسون پڑھ کے پری شیشے مین

ضمیر تخلص گنگا داس رمال شاگرد شاہ نصیر باشندۂ دہلی

رشک ابر بہاری کیا یہ چشم زار ہے | خندہ زن گل پر بھی زخم سینۂ افگار ہے
مین بتاتا ہون ضمیر اب کچھ تجھے کمی ہے خیال | چشم خواب آلود اوسکی فتنۂ بیدار ہے

ضمیر تخلص شیخ مداری اکبر ابادی شاگرد نظیر اکبر آبادی

وہ ابھی ہے نو گل آرزو وہ ہنوز تازہ بہاری | نہ کچھ آئینہ سے اوسے خبر نہ حیا سے کچھ سروکار

ضمیر تخلص میر مظفر حسین مرثیہ گو خلف میر قادر علی باشندۂ لکھنؤ شاگرد مصحفی
صاحب دیوان گزرے

نگاہ و پہلو مین کاہ یار کے پاس | دیکھیو تو کہان کہان ہے دل
نہ کھنا عاشقون کی ارزانی | ایک بوسے پہ بھی گران ہے دل

ضمیر تخلص راے بلونت سنگھ باشندۂ میرٹھ شاگرد امداد حسین ظہور

ہوگا ہمارا ضبط کسی کو کہان نصیب | جلتے ہین مثل شمع زبان پر فغان نہین

ضمیری تخلص مرزا مظہر آجدا باشندۂ بنارس درویش وارستہ مزاج تھے روم و شام تک کی سیاحت کی تھی دلی مین انتقال کیا بیشتر فارسی کہتے تھے

یون عادتون لو تیری کیا کیا نہ جانتے تھے | لیکن تجھے ستمگر ایسا نہ جانتے تھے

ضو تخلص ہنتی کمال الدین باشندۂ الہ آباد مقیم دہلی

دیکھنا ہے تو دیکھلو ضو کو | آگے کیا جانیے کہ کیا ہو جاے
عشاق تفتہ جان پہ کبھی اک نگاہ ہے | اے برق منتظر ہے تو مشت گیاہ بھی
مشکل نہین ہے ربط کسی کا کسی کے ساتھ | پر اوسکے ساتھ شرط ہے کچھ اک نباہ بھی

ضیا تخلص میر ضیاء الدین دہلوی عظیم آباد مین سکونت اختیار کی تھی سنہ ۱۱۹۶ گیارہ سو چورانوے ہجری مین فوت کی اور بعض صاحب تذکرہ نے لکھا ہے کہ وہ سنہ ۱۱۹۶ گیارہ سو چھیانوے ہجری مین عظیم آباد مین بقید حیات تھے

صاف تھا جنبش لب ہمکو بھی جواب صاف تھا | اب جو خط آنے لگا شاید کہ خط آنے لگا
کل کی رسوائی تجھے اے نالہ بھی ہے ننگ خلق | اوسکے کوچے مین ضیا تو آج پھر جانے لگا
پلا دے آب خنجر ہم کو قاتل تشنہ جاتے ہین | جو کوئی مرتا ہے اوسکے حلق مین پانی چواتے ہین
نے دل جلا ہون آہ نہ مین سینہ تفتہ ہون | مین داغ یاس و حسرت یاران رفتہ ہون
کسی دشمن کی بھی یارب نہ گزری شب جدائی کی | کہ جیسا اوس سے میرے وصل کا یہ دن گزرتا ہے

ضیا تخلص مرزا ضیاء بخت دہلوی فرزند مرزا فرخندہ بخت خاندان تیموریہ سے ہین

نہ شب کو خواب نہ دن کو قرار رہتا ہے | مجھے کسی کا مگر انتظار رہتا ہے
چھڑا کے کون گیا ہاتھ سے ضیا دامن | بندھا جو اشک کا تا جیب تار رہتا ہے

ضیا تخلص ضیاء الدین مدام نشۂ شراب مین سرمست رہتے تھے

جون چنار اسجانہ پھولے ہین نہ پھل لاتے ہین ہم
جب مراد اپنی کو پہنچے ہین تو جل جاتے ہین ہم

ضیا تخلص مرزا سخاوت علی خلف مرزا حاتم علی مہر مقیم اکبر آباد

مرا قتد مکرر کا ہے لب مین +
نہ ہو بوسون مین پھر تکرار کیونکر

ضیا تخلص غلام جیلانی باشندۂ دہلی شاگرد امراو مرزا انور

وہان نازوہ کہ در تلک آیا نہ جائے گا
یہان ضعف یہ کہ جان سے جایا نجائیگا
مرجائینگے پر اونکو بلایا نہ جائے گا
احسان دو ستون کا اوٹھایا نہ جائیگا

ضیا تخلص سید محمد میر خلف میر محمد تقی لکھنوی شاگرد نذنب مرثیہ گو

پڑا ہے عرصہ جو سے معاملہ دل کا
بھڑا ہے جا کے کہان بل بے حوصلہ دل کا

ضیا تخلص شیخ ولی اللہ اکبر آبادی

رہیگی یون ہی اگر دل کو بیقراری رات
خدا ہی جانے کہ کیونکر کٹے ہماری رات
نہین امید کہ تا صبح اپنی جان بچے
یون ہی رہا جو رگ و پی مین دو سواری رات

ضیا تخلص حسن جان شاگرد و خلف سید علی جان درخشان باشندۂ لکھنؤ مقیم مٹیا برج متعلق کلکتہ یہ شعر اس تذکرے کے لیے بھیجے تھے

خبر کیا ہے بتان شمع رو کو
خدا پر حال ہے روشن ہمارا
دل مرا داغ مرا سینہ مرا اشک مرا
گل ہوا غنچہ ہوا باغ ہوا تال ہوا
صنم بے دہن ہنسے ہم کو
یہ بھی گویا خدا کی قدرت ہے

ضیا متخلص منشی وارث علی باشندۂ ڈھاکہ معلمی کرتے ہین تھوڑی سی غزلین اور ایک مثنوی کے بعض بعض داستان راقم کو دکھلائے تھے طبیعت انکی علم شعر سے نہایت مناسبت رکھتی ہے صاحب لوان ہین

بات میری بھی نہین سنتا ہے صحبت کا اثر
دل مرا عشق بتان مین سخت بدخو ہو گیا
شکر اوس قاتل کا کرتا ہے اشاری ہی ادا
ہر دہان زخم اک چشم سخنگو ہو گیا
لکھتے ہین آج وصف دوابرو ی یار ہم
حاسد کے سر پہ کھینچتے ہین ذوالفقار ہم

ضیائی تخلص سید ضیاء الدین دہلوی علم فارسی مین اچھا دخل رکھتے تھے

ضبط آہ و نالہ مدت سے کیا کرتے تھے ایک
اب وہ راز دل ہمارا آشکارا ہو گیا

پاس اپنے کیا دھرا تھا ای فلک جز نقد دل
وہ بھی اے ظالم نیاز ناز خوبان ہو گیا

ضیغم تخلص جناب حافظ اکرام احمد خلف حافظ قطب الدین مرحوم باشندۂ رامپور
و امارد نگاگرد شاہ رؤف احمد رافت سرہندی ہیں زادے ہیں پہلے حشمت تخلص
کرتے تھے۔ عروض و قوافی و صنائع و بدائع شعری میں فی زمانتا بی مثل ہیں۔ جمیع
اصناف سخن پر قادر ہیں۔ شعر پر مضمون اور عاشقانہ فرماتے ہیں۔ غزل اور ریختی
اور مرثیہ میں مہان تخلص کرتے ہیں۔ بہت سے ملکوں کی سیر کی ہے۔ بہت سی
زبانوں سے واقف ہیں۔ طب یونانی اور ہندی و ڈاکٹری اور بشیتر فنون و ہنر
میں کامل ہیں۔ چودہ پندرہ برس تک کلکتہ میں تھے سات آٹھ برس سے ڈھاکہ
میں تشریف فرما تھے کہ یا گرمشہور ہیں ۱۲۸۶ھ بارہ سو چھیاسی میں انتقال کیا

ہوں شاہ کشور سخن و دلپذیر کا
کرسی عرش پایہ ہے اپنی سریر کا

دیتا ہے قلب کاخ کو ترجیح کاخ پر
سمجھا جو مدعا ہے نقوش حصیر کا

یہ ذکر سلسلے میں ہمارے مدام ہے
اوس زلف سے خیال بندھا ہے اسیر کا

کھینچا ہے دل کو زلف سے مچھلی نے کان کی
ماہی کو سحر یاد ہے کیا مار گیر کا

ہو جن بتان میں متعکس جلوہ خدائی کا
نمایان کفر سے ہے استفادہ رہنمائی کا

قفس میں بند ہو کر طوطی جان شاد ہے ایسی
کسی کو قید ہونے کا ہے غم اسکو رہائی کا

مرغ جان کیوں قفس تن سے نہ پرواز کرے
ہر پر تیر ستمگار ہے مچھپرا اپنا

کسی عنوان نہیں جاتا جو خیال خط غیر
ہوش اوڑا دیتا ہے ہر ایک کبوتر اپنا

روف کا وصل وہی سے مجھے دینا ہی ضرور
شب مہتاب ہے اور آیا ہے دلبر اپنا

اپنے سینے میں وہی عشق نہاں ہے کہ جو تھا
کعبۂ دل میں وہی ذکر بتان ہے کہ جو تھا

تیر انداز وہی آفت جان ہے کہ جو تھا
کشتۂ ناز و ادا پیر و جوان ہے کہ جو تھا

آپ تشریف جو یاں لائیے ای بندہ نواز
دیدۂ و دل وہی صاحب کا مکاں ہے کہ جو تھا

آہ و نالہ ہے وہی اور وہی رونا ضیغم
پر اثر نالہ و افغان میں کہاں ہے کہ جو تھا

ہو گیا افشاے راز عشق آہ سرد سے
آنا جانا مد کب ہمسے ہوا جاسوس کا

جو گیا ہدہد کبوتر بلبل اوس گل کا بنا
دل نہ کیون ہو آشیانہ طائر افسوس کا

اونکے جوڑے مین رہا کرتا ہی جوڑا سانپ کا
اور یہان ہر پیچ مین جی کے توڑا سانپ کا

زلف جانا کا دم تحریر لازم ہے خیال
نامہ طبع کے ناظر ہو کوڑا سانپ کا

نظم کو جادو بنایا یاد نرگس نے تمام
فکر سنبل نے ذرا مضمون نہ چھوڑا سانپ کا

زلفین آپس مین سدا ہوا کرتے ہین برو زبر
سانپ کے ہے واسطے موضوع گھوڑا سانپ کا

شانۂ مشاطہ نے سلجھا کے کب کو ندھی ہی جعد
توڑ کر نیولے نے ہر اک جوڑ جوڑا سانپ کا

مدتون دل مین رہا جو مار کاکل کا خیال
رفتہ رفتہ ہو گیا آخر وہ پھوڑا سانپ کا

تیری آنکھون مین نہین ہے سرمۂ دنبالہ دار
سر نکالے ہے پٹاری سے یہ جوڑا سانپ کا

دھکدھکی کے در مین اوجھے دونون لڑتے ہین
ایک من پر لڑ رہا ہے آج جوڑا سانپ کا

مانگ پر اونکی بندھی تعویذ سونے کے نہین
شیر گردون کی سواری مین ہے گھوڑا سانپ کا

عشق گیسو مین سبق گر نہ ہے تو یاجی کا ہے
آج کل منتر کیا ہے یاد تھوڑا سانپ کا

دہیان رہتا ہے جو ابرو بچ بت بے پیر کا
اور طے کہتے ہین جسکو میان ہے شمشیر کا

جذبۂ الفت نے کھینچا دل بت بے پیر کا
آج قائل ہون مین مقناطیس کی تاثیر کا

رخ مین ہر گرمی غضب ہی قہر اوسکی ہر ادا
دیکھیے گر نقشہ تو ہووے رنگ فق تصویر کا

جھوٹ مین کہتا نہین ہر بات مین اعجاز ہے
دل نہ کیونکر چھین لے وہ عاشق دلگیر کا

حسن ہے جلوہ نما زلف چلیپا ہے بلا
ابرو دون مین اوسکے عالم صاف ہے شمشیر کا

خط ابھی نکلا نہین رخ کا عجب انداز ہے
دم ہے آنکھون پر نکلنا لعبت کشمیر کا

ہجر مین تیرے صنم ہر دم ہون پیتا اپنا خون
کٹ گیا ہر ایک بازو طائر تدبیر کا

تا بلب آیا ہی دم جینا ہی اب مجھ پر زبون
غم سے قاتل ہون رہا گر لطف ہو شمشیر کا

رہتا ہے در والم احوال دل کس سے کہون
خلق در بان بھی نہین رکھتا بت بے پیر کا

جب سے تو آتا نہین غم مونس و ساز ہے
حال ہے ابتر بہت اپنے دل دلگیر کا

آٹھ شعر مرقومۂ بالا صنعت توشیح مین ہین کہ دو دو مصرع ثانی کو سلسلے کے ساتھ

ملائے سے ایک ایک مطلع نکلتا ہی یعنی

دیکھے گر نقشہ تو ہووے رنگ فق تصویر کا — دل نہ کیونکر چھین لے وہ عاشق دلگیر کا
ابروون مین اوسکے عالم صاف ہی شمشیر کا — دم ہے آنکھون پر نکلتا بعت کشمیر کا
کٹ گیا ہر ایک بازو طائر تدبیر کا — غم سے قاتل ہون رہا گر لطف ہو شمشیر کا
خلق در بان بھی نہین رکھتا بت بے پیر کا — حال ہے ابتر بہت اپنے دل دلگیر کا

دوسری صنعت یہ ہے کہ اول مصرعون سے دو شعر مرقومۂ ذیل ذو بحرین یعنی بحر رمل
ثمن مقصور و محذوف اور بحر نسرح ثمن مطوی موقوف یا مکفوف مین نکلتے ہین

رخ مین ہے گرمی غضب جھوٹ مین کہتا نہین — حسن ہے جلوہ نما خط ابھی نکلا نہین
ہجر مین تیرے صنم تا لب آیا ہے دم — رہتا ہے درد و الم جب سے تو آتا نہین

اور دو شعر مرقومۂ ذیل بحر جز ثمن سالم مین بھی نکلتے ہین یعنی

ہی قہر اوسکی ہر ادا ہر بات مین اعجاز ہے — زلف چلیپا ہے بلا رخ کا عجب انداز ہے
ہر دم ہون پیتا اپنا خون جینا ہی اب مجھ پر زبون — احوال دل کس سے کہون غم مونس و دمساز ہے

اور پانچ شعر مرقومۂ ذیل بھی بحر رمل ثمن مقصور و محذوف مین نکلتے ہین یعنی

رخ مین ہے گرمی غضب ہر بات مین اعجاز ہے — حسن ہے جلوہ نما رخ کا عجب انداز ہے
ہجر مین تیرے صنم جینا ہے اب مجھ پر زبون — رہتا ہے درد و الم غم مونس و دمساز ہے
جھوٹ مین کہتا نہین ہے قہر اوسکی ہر ادا — خط ابھی نکلا نہین زلف چلیپا ہے بلا
ہجر مین تیرے صنم ہر دم ہون پیتا اپنا خون — تا لب آیا ہے دم جینا ہے اب مجھ پر زبون
جب سے تو آتا نہین غم مونس و دمساز ہے — رہتا ہے درد و الم احوال دل کس سے کہون

اشعار مرقومۂ بالا کو قلب کرنے سے اور بھی کئی شعر نکلتے ہین اصحاب طبع پر چھپا رہیگا

جلد ہر صحبت کا ہو جاتا ہے اے غمبغم اثر — آج کل رتبہ بڑا ابر جیس سے ہے قیر کا
رونق بزم طرب ہے آج شمع روی دوست — آتی ہے گلہا مے نخل آرزو سے بوی دوست
سرد آہین بھرتے بھرتے مین یہان ٹھنڈا ہوا — گرمی دشمن سے وہان خالی نہین پہلوی دوست
چشم ہی ناصح کی اب پتلی سکندر کی بنی — مین نے کیون اوس دشمن جان کو دکھایا روی دوست

لوٹتا ہے کون اِن روزون بہار رے دوست
کسکے ناخن ہین کلید قفل عقدِ موئے دوست

خندہ زن اوس دست مین شانہ مدبیضا پہ ہے
غیرت نعبان موسی کیون نہو گیسوی دوست

شب کو اونکے بام پر ہمنے لگائی جو کمند
گر پڑے چڑھ چڑھکے مثل شانۂ گیسوی دوست

آتی جاتی دمبدم مثل نفس ہے مرگ و زیست
کھیل مین مصروف ہین جب سے لب ابروی دوست

دنبالہ دار سرمہ نہین چشم یار مین
نکلے ہے عین مستی مین ضیغم ہرن کی شاخ

زنجیر کی سنکر ترے محبوس کی جھنکار
مجنون نے کہا ہے عجب افسوس کی جھنکار

ہین چوڑیان اوس ساعد نازک مین قیامت
کیون جان نہ لے عاشق مایوس کی جھنکار

کھوئی تمھاری ساق نے توقیر پاے شمع
اس غم سے موج اشک ہے زنجیر پاے شمع

ہر شئی کی عمر گھٹتی ہے دنیا مین دمبدم
یہ ہے زبان حال سے تقریر پاے شمع

تعریف ساق یار مرے دلسے پوچھیے
پروانے کچھ سمجھتے ہین توقیر پاے شمع

آنکھون مین کیا تپنگ کی چربی ہی چھا گئی
لیتا ہے بوسے شمع کی گلگیر پاے شمع

گالیان غیر دنکو اے غیرت شیرین نہ سنا
تلخ ہو جاے نہ شیر اکہین دشنام سے کام

چھاتی گدرائی ہوئی چھوتے ہی آفت آئی
ہو گیا سخت خراب اس طمع خام سے کام

مہر و مہ خدمت عالی مین سدا رہتے ہین
صبح سے آپکے کیا کرتا ہے اک شام سے کام

حور کے غم سے غلمان کے صدمے ضیغم
بعد مردن بھی رہا ہمکو نہ آرام سے کام

یار کی باتون مین کچھ آجاتی ہے بوے وفا
کیا عجب ہے گر پلٹ کر کان پہونچے ناک مین

آئی سحر نشان شب اصلا کہین نہین ✤
پر آپ کی گئی نہین اب تک نہین نہین

عریانی آئی جب سے یہ جھگڑا ہے مٹگیا
کل جیب تھی گلی نہ تھی آج آستین نہین

جان تیرے غم مین ہی دی اب تو جو کچھ ہو سو ہو
شوخی یہ ہم نے بھی کی اب تو جو کچھ ہو سو ہو

غیرون سے ڈرتا ہے کیا کوچے مین اوسکے تو جا
کہتا ہے مجھسے یہ جی اب تو جو کچھ ہو سو ہو

روٹھے گا ہمسے تو گر تیشے سے پھوڑینگے سر
ٹھانی ہے دلمین یہی اب تو جو کچھ ہو سو ہو

شکوہ ہے لب پر تیرے روز و شب اے میرے دل
ہونٹھون کو اپنے تو سی اب تو جو کچھ ہو سو ہو

وہان ہے تو خوش میری جان دم میرا لب پر ہی یہان
کہدے یہ اوس سے کوئی اب تو جو کچھ ہو سو ہو

ساقی ہے بلتا ہے اور گل کی بھی آئی ہے فصل | بادہ بھی تھوڑا سا پی اب تو جو کچھ ہو سو ہو
غیر و نسے ملتا ہے تو کوئی بت اہی میری جان | لائینگے ضد سے تیری اب تو جو کچھ ہو سو ہو
جیسے یہ جامہ ہے شق ویسے ہی دل ہو میرا | چیر نگے سینے کو بھی اب تو جو کچھ ہو سو ہو
ملنے مین خوبونکے ضیغم کوئی بچتا ہے جی | سر یہ جو کہون ہے لی اب تو جو کچھ ہو سو ہو

غزل مرقومہ بالا بہت سے بحور و اوزان مختلفہ مین موزون ہے اور پڑھی جاتی ہے اور یہ بہت بڑی اور مشکل صنعت ہے کہ آج تک کسی شاعر عرب و عجم کا کوئی شعر جو چھ سات بحر سے زاید بحرون مین موزون ہو نظر آیا نہین اسلیے غزل مذکور کے ایک ایک مصرع کو چند بحور جدا گانہ مین تقطیع کرکے لکھا جاتا ہے

بحر مدید مثمن سالم ارکان فاعلاتن فاعلن فاعلاتن فاعلن
تقطیع جان تری غم فاعلاتن مین ہے دی فاعلن اب تو جو کچھ فاعلاتن ہو سو ہو فاعلن

بحر مدید مثمن مخبون ۔ ارکان فاعلاتن فعِلن فاعلاتن فعِلن
تقطیع شوخی یہ ہم فاعلاتن نے بھی کی فعِلن ابتو جو کچھ فاعلاتن ہو سو ہو فعِلن

بحر بسیط مثمن سالم ارکان مستفعلن فاعلن مستفعلن فاعلن
تقطیع غیرون سے ڈر مستفعلن تا ہے کیا فاعلن کوچے من اوس مستفعلن کی تو جا فاعلن

بحر بسیط مثمن مخبون ارکان مستفعلن فعِلن مستفعلن فعِلن
تقطیع کہتا ہے مجھ مستفعلن سے یہ جی فعلن ابتو جو کچھ مستفعلن ہو سو ہو فعلن

بحر بسیط مثمن مطوی ۔ ارکان مفتعلن فاعلن مفتعلن فاعلن
تقطیع رو ٹھے گا ہم مفتعلن سے تو گر فاعلن تیشے سے پھو مفتعلن ڑینگے سر فاعلن

بحر کامل مسدس مضمر مقطوع مرفل یا مذال ارکان مستفعلن فعلاتن متفا علاتن تقطیع
شکوہ ہے لب مستفعلن پہ ترے رو فعلاتن زو شب اے مرے دل متفا علاتن
بحر مضارع مثمن اخرب ارکان مفعول فاعلاتن مفعول فاعلاتن تقطیع ہونٹھون کو مفعول
اپنے توسی فاعلاتن اب تو جو مفعول کچھ ہو سو ہو فاعلاتن
بحر رجز مثمن مقطوع منحون ارکان مستفعلن فعولن مستفعلن فعولن تقطیع وہان ہے
تو خوش مستفعلن مری جان فعولن دم میرے لب مستفعلن پہ ہے بیان فعولن
بحر رمل مثمن منحون مقطوع ارکان فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن تقطیع کہدے یہ اوس
فاعلاتن سے کوئی اب فعلاتن تو جو کچھ ہو فعلاتن سو ہو فعلن
بحر منسرح مثمن مطوی موقوف یا مکشوف ارکان مفتعلن فاعلن یا فاعلات مفتعلن
فاعلن یا فاعلات تقطیع ساقی ہے مے مفتعلن نا ہے اور فاعلات گل کی بھی
مفتعلن ئی ہے فصل فاعلات
بحر متقارب اثرم ابتر شاذ نزدہ رکنی ارکان فعلن فعلن فعلن فع فعلن فعلن فعلن
فع تقطیع بادہ فعلن بھی تھو فعلن ڑا سا فعلن پی فع اب تو فعلن جو کچھ فعلن ہو سو
فعلن ہو فع
بحر مشاکل مثمن محبوب ارکان فاعلاتن مفاعیلن فاعلاتن فعل تقطیع غیرون سے
مل فاعلاتن تا ہے تو کو مفاعیلن ئی بت اے مرے فاعلاتن رہی جان فعل
بحر مقتضب مطوی مکشوف ارکان فاعلن مفتعلن فاعلن مفتعلن تقطیع لائینگے فاعلن
صندسے ترے مفتعلن ابتو جو فاعلن کچھ ہو سو ہو مفتعلن
بحر وافر مثمن اغصب معصوب ارکان مفتعلن مفعولن مفتعلن مفعولن تقطیع جیسے یہ جا
مفتعلن مہ ہے شق مفعولن ویسے ہے دل مفتعلن ہے میرا مفعولن
بحر محدث مثمن مقطوع ارکان مفعولن فاعلاتن مفعولن فاعلاتن تقطیع چیرینگے مفعولن سینے
کو بھی فاعلاتن ابتو جو مفعولن کچھ ہو سو ہو فاعلاتن
بحر منسرح مثمن مطوی منحون مکشوف ارکان مفتعلن فعولن مفتعلن فعولن

تقطیع ملنے مین خومفتعلن بونکے ضی فعولن غم کو ئی بح مفتعلن تاہے جی فعولن
بحر مقتضب مثمن مکشوف ارکان مفعولن مستفعلن مفعولن مستفعلن تقطیع سر بسر بہ
مفعولن جو کہون ہے لی مستفعلن اب تو جو مفعولن کچہ ہو سو ہو مستفعلن
بحر خفیف مثمن مخبون مقصور ارکان فاعلاتن فعولن فاعلاتن فعولن تقطیع جان
ترے غم فاعلاتن مین ہے دی فعولن ابتو جو کچہ فاعلاتن ہو سو ہو فعولن
بحر عمیق مثمن سالم یا مسبغ ارکان فاعلن فاعلاتن فاعلن فاعلاتن یا فاعلیان
تقطیع جان ترے فاعلن غم مین ہے دی فاعلاتن ابتو جو فاعلن کچہ ہو سو ہو فاعلاتن
اس غزل کے شعر سوائے بحور مذکورۂ بالا کے اور اور بحر مین بھی موزون ہوتے
ہین عروض دانون پر چھپا نر ہے گا

ہمنے کب پہونچا کر بانہ اوس لفنگی لٹ چھوڑ دی	ہان جو دیکھی اک ہے کالی ناگنی جھٹ چھوڑ دی
تو جو مژگان کو جھپک لیتا ہے عیاری سے	چیرتا دل کو ہے اے جان کوی آری سے
اسقدر بوسے لیئے ہم نے ہجوم شوق مین	مٹتے مٹتے یار کی تصویر آدھی رہ گئی
ہیون خاک ہوکے بھی جنبش بدن مین ہے	کیا رشتۂ حیات ہماری کفن مین ہے
بنکے جوانی گھٹا جھوم پڑی اور بھی	بھیگ کے اونکی مسین ہونگی کڑی اور بھی
ساقی شفق کو دیکھ کے کہتا ہے ناز سے	صہبای سرخ شیشۂ چرخ کہن مین ہے
پھاہا ہٹے تو گرمی داغ جگر دکھاؤن	اے مہربان ابھی تو یہ سورج گہن مین ہے

صیغہ تخلص نواب حیدر حسین خان عرف اچھے صاحب خلف نواب مداد حسین خان

اوس جان کی کبھی الفت کو نہ مین چھوڑ و نگا	مجھ پہ کرتا ہے ستم اسی فلک پیر عبث

صیغہ تخلص مولوی محمد غضنفر مرحوم شاگرد محمد رضا برق

جب سے پیش نظر وہ صورت ہے	آئینہ کو کمال حیرت ہے
کسکے رخ پر پڑی ہے اوسکی نگاہ	جو سفید آینہ گی رنگت ہے

حرف طاء مہملہ

طالب تخلص طالب حسین بن محمد عسکری نالان شاگرد انشا وطن اصلی کشمیر مولد دہلی

دشت مین آہ شرر بار جو طالب نے بھری | ایک شعلہ گیا خاشاک بیابان سے لپٹ
مجھ سے جب آنکھ وہ ملاتا ہے | دل ہی سینے مین لوٹ جاتا ہے
فردہ اے قیس میری وادی مین | ناقہ لیلے کا آج آتا ہے

طالب تخلص میر طالب علی خلف سید المشعرا میر غالب علیخان سید تخلص

مضطر ہو کب مین شب اوٹھ اے ماہر و نہ آیا | گھر سے تری گلی مین تا بام تو نہ آیا

طالب تخلص عاشور بیگ خلف دولت بیگ خان شاگرد میر تقی و ثنا اللہ خان فراق وطن انکا توران مولد ہندوستان

رقص بسمل ہے تمنائے دل | تو بھی آ دیکھ تماشائے دل

طالب تخلص امام الدین دہلوی مقیم لکھنؤ شاگرد نصیر دہلوی مرید شاہ مولانا عبدالغنی قدس سرہ انکا رسالہ تقویت الشعر انظر سے گزرا

نہ کہا تھا تجھے اے دل نہ لگانا دل کو | اپنی چھاتی پہ نہ رکھ لینا کبھی اس سل کو

طالب تخلص طالب علی خان نقشہ نویس عدالت فرخ آباد ولد دلاور علی خان باشندہ آنولہ ضلع بانس بریلی صاحب دیوان ہے

بوسہ لیا جو رخ کا وہ طالب خفا ہوئے | مصحف کو چوم کر مین گنہگار ہو گیا
میرے اوسکے نہ ہوا وصل مین بھی رفع حجاب | دل مین تھا شوق ملاقات حیا آنکھون مین
جلائے وصل سے یا ہجر سے کریں مجھے قتل | حیات و موت مری اوسکے اختیار مین ہے

طالب تخلص محمد عباس ولد داروغہ عدالت نظام احمد خان لکھنوی شاگرد مظفر علی اسیر

رونے نے مری مجھکو کیا عشق مین بدنام | اوٹھتی ہے مرے آنسوون کے جوش پر اگشت

طالب تخلص حافظ شبراتی نامبنار امیوری شاگرد مولوی قدرت اللہ شوق علوم عربی و فارسی مین اچھا دخل رکھتے تھے علم معما مین لاثانی تھے صاحب دیوان گزرے، صاحب تذکرہ گلشن بیخار و گلستان سخن نے جو انکا نام حافظ طالب لکھا ہے غلطی کی ہے

گریہ میں چشم تر سے دن رات جا ہتا ہوں
بویا ہے تخم الفت برسات جا ہتا ہوں

چیرے ہے سینے کو شوق کیجے دل دلگیر کو
ہیں یہی دو جاے اور کیا کھا گیا میں تیر کو

کبھی آنسو سے کبھی لخت جگر سے برسے
میری آنکھوں سے تو کچھ لعل و گہر سے برسے

رات بھر نالے کیے ہم نے تو دن بھر روے
جسقدر شام سے گرجے تھے سحر سے برسے

اشک امڈا ہے مرا ابر سے کہہ دو جا کر
آبرو چاہے تو ہٹ کر مرے گھر سے برسے

طالب تخلص شیر محمد خان دہلوی شاگرد عبدالرحمن خان احسان

مجھ سے تمہارے بزم میں جایا نہ جائیگا
جب تک رقیب وہاں سے اوٹھایا نہ جائیگا

بہر عیادت آئیں تو اوسوقت آئینگے
جسوقت مجھسے لب بھی ہلایا نہ جاے گا

طالب تخلص الایجی رام باشندۂ جلال آباد ضلع امرت سر ولد سوہی رام برہمن سارست کچھ دنوں تلنڈہ اٹھارہ سو اکسٹھ عیسوی میں باقر گنج عرف بریسال میں وارد ہو کر راقم سے اصلاح لی تھی طبع سلیم رکھتے ہیں

مجھ پر وہ ظلم یار نہ اغیار نے کیا
جو کچھ کہ بخت و چرخ ستمگار نے کیا

آیا نہ رحم پر دل صیاد دام میں
نالہ ہزار مرغ گرفتار نے کیا

وزرا دہر کو بھی تشریف لاؤگے کہ نہیں
مرا بھی خانۂ ویران بساؤگے کہ نہیں

سخی ہے سوم بھلا ہے کہ دی جواب شتاب
اجی تم اتنا تو فرماؤگے کہ نہیں

بیگنا ہوں کو قتل کر تا ہے
روز محشر کا تجھکو ڈر ہی نہیں

ہم تو مرتے ہیں ایک مدت سے
واہ جی تم کو کچھ خبر ہی نہیں

طالب تخلص مرزا سعید الدین خان دہلوی برادر خورد نواب شہاب الدین احمد خان ثاقب شاگرد مرزا غالب راقم کے دوستوں میں ہیں یہ شعر اس تذکرے کے لیے دیے تھے

طالب کی خبر لو کہ وہ بیمار نا توان
دنیا میں کوئی دم کے لیے میہمان ہے اب

قفس صیاد نے گلشن میں رکھا ہے زہے قسمت
اگرچہ ہم ہیں زندان میں پہ رہتے ہیں گلستاں میں

رساوں سے نکلتے ہیں اب آنسو کیا سبب اسکا
مگر اٹکے ہیں لخت دل ہماری چشم گریاں میں

وہ جب کرتے ہین طالب وعدہ رہتا ہی یہان جھگڑا
ہمیشہ آس مین اور یاس مین اور شوق وحرمان مین
درسے اوسکے اوٹھوا اوٹھائے ہوئے
ناتوانی ذرا سنبھالی ہمین

طالب تخلص پنڈت کشن لال کشمیری باشندۂ دہلی اکونٹنٹ محکمۂ نہر جمن دہلی شاگرد مولوی محمد حسین آزاد و نواب مرزا ظہیر انسے دہلی مین ملاقات ہوتی تہی۔

محفل سے گر عدو کو اوٹھایا نہ جاے گا
تو ہم سے گھر مین دوست کے جایا نجائیگا
مین جاؤن اس جہان سے دیا جان تن سے جاے
پر ہاے کوے یار سے جایا نہ جاے گا

طالب تخلص قاضی محمد یعقوب خلف قاضی فیض اللہ مقیم دہلی شاگرد قطب الدین مشیر

گھبراکے مرے گھر وہ گل اندام نہ آیا
یہ جذبۂ الفت بھی کسی کام نہ آیا
دل لیتے ہی وہ بات رہی اوسکی نہ طالب
ہے اور مزاج اوس بت عیار کا ابتو

طالع تخلص شمس الدین لکھنوی معاصر سودا

ناز و کرشمہ غمزہ ادا غشوہ و خرام
یہ سب ہے ان بتون مین پہ اک دلبری نہین
زلبس معمور ہے سینہ مرا الفت کے داغون سے
شگاف سینہ کو اپنے در گلزار کہتے ہین

طاہر تخلص مرزا بندہ حسین باشندۂ فتحپور ہنسوا شاگرد نواب عاشور علیخان

سالہا سال رہے بادیہ پیما طاہر
ایک مدت سے نہین دیکھی ہے گھر کی صورت
نہ دیکھا اوسکو تو رویا مثال ابر بہار
کھلین جو عالم رویا مین ایک بار آنکھین

طاہر تخلص طاہر علی خلف سید اطہر علی فرخ آبادی شاگرد امداد حسین صغیر

دل آب کے مانند مکدر نہین اپنا
اس آینہ مین دیکھیے زنگار کہان ہے

طاہر تخلص محمد طاہر قندہاری مقیم دہلی ہندیون کی صحبت مین زبان اردو کو اچھی طرح سے سیکھا تھا

ناز کرتی ہوئی ہم پر جو صبا آتی ہے
کوچۂ زلف سے اوس شوخ کی کیا آتی ہے

طائر تخلص شیخ اکبر آبادی شاگرد نظیر

اسطرح پاتے ہین پیارے ترے اقرار مین کچ
جیسے رہتا ہے عیان کا کمل بلدار مین کچ

طبیب تخلص حکیم محمد حسن خان ولد فتح خان فرخ آبادی شاگرد اسمعیل حسین منیر

بیدلی کا درد جانے وہ صنم — اے خدا اوسکا کسی پر آئے دل
روز تیروں کا نشانہ کیون بنے — اسقدر چھاتی کہان سے لائے دل
فتنہ حشر بھی جھک جھک کے قدم لیتا ہی — تم تو دو ہاتھ قیامت سے بھی بڑھکر نکلے

طپان تخلص مرزا احمد بیگ خان مرحوم ولد نواب عطاء اللہ خان باشندہ دہلی مقیم کلکتہ مختار صدر دیوانی کلکتہ شاگرد مرزا جان طپش اولاد مین تعشق خان والی دشت قبچاقی کے تھے دیوان انکا نظر سے گزرا ۱۲۳۴ اٹھارہ سو چونتیس عیسوی مین فوت کی مرزا احمد بیگ اپنا تخلص حرف طا مہملہ سے لکھتے تھے

رات کو چرخ سے ٹوٹا نہ ستارا ہوگا — آہ سوزان کا مرے کوئی شرارا ہوگا
کیون نہ جھولوگے ہنڈولے مین تم اغیار کے ساتھ — میری قسمت کا جو گردش مین ستارا ہوگا
پابند نہین اپنے وہ رتبۂ عالی کا — پڑجاے جسے چسکا اوس پیار کی گالی کا
طرفین کی الفت سے تکمیل محبت ہو — امکان نہین بجا اک ہاتھ سے تالی کا
پڑگئے داغون سے کیا کیا نہ جگر مین سوراخ — پھول جڑ جڑکے گئے ہم نے سپر مین سوراخ
وہ بولے دیکھکے اس دل کے داغ تازہ و خشک — کہ اس فضا پہ نہین کوئی باغ تازہ و خشک
کیجو دل شوریدہ کو ہرگز نہ میرے ساتھ دفن — کھوئیگا زیر خاک بھی ورنہ مرے آرام کو
کون آئینہ رو آج گیا ہے مرے گھر سے — پیدا ہے جو حیرت مرے ہر حلقہ در سے
دریا سے نکلتے نہین جو مردم آبے — پنہان ہین مری آہ شرر بار کے ڈر سے
تقصیر وعدۂ جانان مین سو سو بار ہوتا ہے — کبھی اقرار ہوتا ہے کبھی انکار ہوتا ہے

طپان تخلص سید قدرت علی دہلوی خلف میر سوز

داغ الفت سے جو مانوس نظر آتا ہے — مرغ دل سینے مین طاؤس نظر آتا ہے
جان کھوئی ہو کے عاشق ابروی خمدار کی — کشتی عمر آکے ڈوبی گھاٹ پر تلوار کے

طپش تخلص مرزا محمد اسمعیل عرف مرزا جان ولد مرزا یوسف بیگ سید جلال الدین بخاری کی اولادون مین سے مولد و مسکن انکا دہلی دہان سے آکر لکھنؤ مین مرزا جہاندار شاہ بہادر کی رفاقت مین رہے بعد ازان بنگالہ مین آکر مدت تک شہر ڈھاکہ مین نواب

شمس الدولہ بہادر کی رفاقت مین رہے سنسکرت مین اچھا دخل رکھتے تھے کسب سخن حضرت خواجہ میر درد سے کیا تھا شعر اچھا کہتے تھے خصوصاً مقطعات انکے بہت خوب ہوتے ہین کلیات انکا نظر سے گزرا مرزا جان طپش کے ہاتھ کی لکھی ہوئی غزلون مین تخلص اونکا طاہر مہلہ سے لکھا تھا اسلیئے مین نے بھی تا ے فوقانی سے نہین لکھا

کیون وصل کی دل سے جاے امید
آخر دنیا ہے جاے امید

ایسی کیا کی ہے دلا ہم نے بتونکی چوری
دیکھکر ہم کو جو یہ آنکھ چرا لیتے ہین

جب کہین غنچۂ پژمردہ نظر آتا ہے
دل سمجھکر اوسے چھاتی سے لگا لیتے ہین

نہین نخچیر ہائی قید سے اوس لف مشکین کے
قلندر ہوکے مین بھی اوسکی پیچھے سر مُنڈاتا ہون

کیا جو دل سے چل نجھکو تماشا اک دکھالاؤن
ق تہ کا کل عرق آلودہ وہ گردن جھلکتی ہے

لگا کہنے طپش مین گھر سے باہر کسطرح نکلون
اندھیری رات ہے برسات ہے بجلی چمکتی ہے

طپش اب پیچتا ہے دل کو اپنے
ق بہا اس جنس کی کئی بوسے پر ہے

ہوے ہین خوبرو کتنے خریدار
تمنا سائی مین جن جن کو نظر ہے

کوئی دو بوسے دیتے ہین کوئی چار
ولے اوسکا ارادہ بیشتر ہے

سو یہ ہے عرض خدمت مین تمہاری
کہ لینا آپ کو منظور گر ہے

تو اب اس سے بھی کچھ بڑھیے زیادہ
یہ چرخ نیلگون نیلام گھر ہے

کسکی طرف سے آج طپش تجھکو یاس ہے
سچ کہہ ہمارے سر کی قسم کیون اداس ہے

ناز سے وہ منہ پھراکر اسطرف سونے لگے
چپکے چپکے لیکے کروٹ ہم ادہر رونے لگے

نے پیروی قیس نہ فرہاد کرین گے
ہم طرز جنون اور ہی ایجاد کرینگے

ہم خوش ہوئے سو راغونکے پیر نیسے جگر مین
اب نے کی طرح شوق سے فریاد کرینگے

کبھی تو یا نو کے ٹھوکر سے تیرے آشنا ہوتے
اگر خوابیدہ کوچے مین ترے جون نقش پا ہوتے

سرخ اپنے لہو سے ترے سر تار کرینگے
آخر کو ہم اک دن ترے سر چڑھکے مرینگے

دیکھینگے جنازے کو رو کے گا کوئی کیونکر
اب باندھکے ہم بھی تو یہان سر سے کفن نکلے

طرب تخلص ولایت حسین خان قوم کمبوہ باشندۂ میرٹھ شاگرد امداد حسین ظہور

آبرو والے ہون نہ تردامن | دیکھو روشن ہے حال گوہر کا

طرب تخلص منشی گوپال سہاے بن پنڈت برج لال باشندہ مین پوری مقیم فتحگڈھ

سوے نصیب کو نہ جگایا حضور نے | آئے نہ ایک رات مری خوابگاہ مین

طرب تخلص موتی لال کھتری شاگرد شاہ نصیر دہلوی

نہین گوندہی ہے عنبریں دست مشاطۂ جانان کی | یہ مشکین باندھی ہین اوسنے زردین ایمانکی

طرب تخلص دھومی لال برادرزادۂ راجہ کنول نین قوم کایتھ باشندۂ دہلی شاگرد شاہ نصیر صاحب دیوان گزرے

مین ہی کیا تنہا ترے کوچے سے سر دیکر اوٹھا | جو مثل نقش پا بیٹھا ہو وہ مشکل اوٹھا

ابرو مینائے دمی ساقی و مطرب ہو طرب | کیا مزا تھا جو مرے پاس وہ دلبر ہوتا

تیرے مجنون کے گلے مین نالۂ آہن گداز | آن کر الکا تو پانی طوق گردن ہو گیا

طرب تخلص مولوی رحیم بخش نواسۂ شیخ نور محمد قادری تھانیسری مقیم دہلی شاگرد عبد الکریم سوز

آتش مزاجیون کا نتیجہ ہے مفلسی | خالی رہے ہے پنجہ ہمیشہ چنار کا

قتل تو کرتا ہے مجھکو پر مین ہون برگشتہ بخت | خوف یہ ہے منہ نہ پھیر جاے تری تلوار کا

بہت ہی ملتی ہے اوسکی طرز سے کچھ صورت | ہوا پڑا ہے ترے در پہ اک جوان کیسا

ہوا ہے شوق سے اوڑ کر چمن مین ہو بچینگے | نہین سہی ہم اگر بال و پر نہین رکھتے

طرز تخلص گردھاری لال باشندۂ امروہہ شاگرد قایم صاحب سراپا سخن نے جو انکا تخلص طرار لکھا ہے غلطی کی ہے

نہ سلجھا شانے کے ہاتھون بھی زلف سی تیری | نپٹ کوچ بڑا ہے معاملہ دل کا

آہ اوس شوخ نے احوال نہ پوچھا ہرگز | لڑکھا رو تھ چکا بیٹھ رہا مل دیکھا

طرز تخلص احمد حسین باشندۂ دہلی شاگرد مرزا خدا بخش قیصر

دل کو ترے ستانا چاہا نہ ہم نے ورنہ | نے گریہ بے اثر تھا نالہ نارسا تھا

اتنا تو صبر دے ہمین یارب کہ بہر وصل | جلدی کرین نہ اوس بت دیرآشنا سے ہم

اب کی بلجائے وہ تو کام نہیں | اگلی پچھلی حکایتوں سے ہمیں

طرز تخلص میر علی حسین لکھنوی شاگرد مرزا وزیر علی صبا رقم کے ملاقاتیوں میں ہیں

ہم سے چشمک رلی نہ کرنے عبث | یار تم نے ضرور ماری آنکھ
ہو چکی فرقت جدائی ہو چکی | آؤ ملجاؤ لڑائی ہو چکی

طرہ تخلص طرہ باز خان بنارسی:

مصور کھینچے گر اوس شوخ کی تصویر کا نقشہ | مری صورت بھی ہو زیر قدم تحریر کاغذ پر

طفل تخلص مرزا عبد المقتدر بہادر عرف مرزا طفل خلف مرزا بابر مرحوم ذوقیش
شاہ عالم بادشاہ زہد و ورع میں اوقات گزارتے تھے
صاحب دیوان گزرے

رات دن مونس جان وحشت تنہائی ہے | دل ہے میرا کوئی وحشی صحرائی ہے

طوبی تخلص راجہ نہال سنگھ راجہ کپورتھلہ شاگرد غلام محی الدین غلامی

میں صدقے اس نزاکت کے کمر کیا نہ کھائے | چھری باندھی تو باندھی تم نے کیوں تلوار باندھا

طوبی تخلص سید علی حسین ولد امان علی لکھنوی مقیم حیدرآباد دکھن

چہرہ یار پہ بکھری ہوئی کیا خوب ہے زلف | دستہ بنبل گلشن سے ہے منسوب ہے زلف

طور تخلص محمد ضا خلف مرزا اعظم بیگ قوم افشار باشندہ لکھنو شاگرد برق
صاحب دیوان گزرے

جب تلک بیٹھا رہا وہ پاس میں مجبور رہا | لو گیا یار کی دیکھی تھی صورت خواب میں
میں جی جاؤں اجل سے آپ جائیں اگر پہلے | یہ پیغام زبانی خط سے کہنا نامہ بر پہلے
عوض بوسے کے ہم نے گالیاں دیں یا کہ صاحب جی | ذرا انصاف تو کیجے بھلا کہتے شکر پہلے
مرے جنت میں بھی نہ جائیں گے | رہنے والے ہیں کوے دلبر کے
آسیا کہتی ہے ہر صبح بآواز بلند | زرق سے بھرتا ہے رزاق دہن تھرکے
ہر انگوٹھی پہ عقیق شجری کی ہے بہار | تمنے ہاتھوں پہ دکھائے ہیں چمن تھرکے
چراغ طور مرے گھر میں طور جلتا ہے | خیال عارض روشن ہے روشنی کا

طوفان تخلص میر نوازش علی خلف میر نظر علی باشندۂ قصبۂ اسیون توابع لکھنؤ شاگرد رشک

ابر برسات مین ایسا نہ برستا ہو گا | ایسی روتی مین بہا دیتی ہین دریا آنکھین

طوفان تخلص میر حسین ولد میر عبداللہ عرف میر عبو لکھنوی شاگرد برق صاحب دیوان ہین

دیکھکر چاند کو حیران سا رہجاتا ہے | شیفتہ ہے یہ ترے چاند سی رخسار کا دل

طوماس تخلص ایک فرنگی زادہ مشہور بجانصاحب باشندۂ دہلی شاگرد نصیر دہلوی کا ہے

سودا ہے زلف یوسف ثانی کا اسقدر | روتے ہین ہم کھڑے سر بازار زار زار

طیش تخلص رحمن علی خلف منشی سبحان علی صاحب باشندۂ دہا کہ شاگرد احمد جان عیش آئہ نوبرس ہوئے کلکتے مین گرحافظ اکرام احمد صاحب کے شاگرد ہوئے تھے راقم کے ملاقاتیون مین ہین

انکھین غماز ہوگئین ہین طیش | راز افشا ہوا ہے محرم سے

حرف ظا معجمہ

ظالم تخلص ظالم سنگھ برہمن باشندۂ دہلی فارسی بھی کہتے تھے معلمی کرتے تھے

دن کو رو پیٹ کے کٹے لیکن | ہجر کی شب پہاڑ آتی ہے

ظاہر تخلص رام پرشاد کھتری شاگرد مرزا رحیم الدین ایجاد باشندۂ دہلی

مین خاک ہون ہوئی شاید مجھے کو راہ دہان | یہ لوگ کہتے ہین دل مین ترے غبار آیا

بچے دل اوس بت بیداد گر سے کیا ظاہر | کہ سادگی پہ وہ عیار ہے زمانے کا

صیاد تیرے ڈر سے ہون خاموش ورنہ یہان | ہین اور چین دیوے گھڑی بھر فغان مجھے

ظاہر تخلص حکیم میر محمدی دہلوی مقیم اکبرآباد

یہ تو سب جور و جفا ہو گئے خوگر ہم کو | چاہیئے اب ستم نو کوئی ایجاد کرو

ظاہر تخلص خواجہ محمد جان دہلوی شاگرد مرزا مظہر محمد شاہ بادشاہ کے عہد مین قضا کی

اے آہ اس قدر تو گرے اثر نہ ہوتی | ممکن نہ تھا کہ اوسکے دل کو خبر ہوتی

ظریف تخلص لالہ بینی پرشاد ولد روشن لال برادر خورد جنی لال حریف باشندۂ

لکھنؤ شاگرد مصحفی صاحب دیوان ہین

ترے عشق مین ای بت ماہ لقا گئی مفت مین یہ میری شیفتہ کار
دل مور و در و دوالم ہی ہوئی شاد کبھی نہ بھیبت دل

ظریف تخلص میر امان اللہ لاہوری آخر ایام مین لکھنؤ مین سکونت کی تھی

وعدۂ وصل تلک کیون نہ جیے مدعی افسوس
مرکے ہم ایسے پشیمان ہین کہ جی جاوے ہے

ظفر تخلص شیخ فتح علی باشندۂ الہ آباد مختاری کرتے تھے

دے دے نے کھینچا تھا مرا زائچہ حال سیاہ
اے خدا کیون نہ ہوا قرعۂ رمال سیاہ

ظفر تخلص میر ظفر خان

شب نظر آیا لب بام پہ پیارا اپنا
بارے اب کچھ ہے بلندی پہ ستارا اپنا

ظفر تخلص میان ظفر علی ولد مولوی کرامت علی تاجر لکھنوی شاگرد مظفر علی اسیر

نام کیا جوش مے ناب نے ساقی
اوٹھنے لگی رندان قدح نوش پہ انگشت
ہم اک صنم کے روز ازل سے مرید ہین
اپنا تو سلسلہ نہین کوئی سوائے زلف
کشتہ ہون ابرؤن کا جو باور نہ ہو تمھین
کہہ دون مین رکھکے تیغ کے قبضے پہ ہاتھ

ظفر تخلص نواب نصیر الدولہ تجمل حسین خان بہادر ولد نواب ناصر جنگ مدار المہام فرخ آباد

اچھا نہین ہے دامن صحرا کا پھیلنا
چھوڑو نہ پایچے دم رفتار ہاتھ سے

ظفر تخلص ابو ظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ پادشاہ دہلی شاگرد شیر دہلوی و محمد ابراہیم ذوق بعد غدر تونسے برس کی عمر مین ۱۲۷۹ھ بارہ سو انا سی ہجری مین رنگون مین انتقال کیا اکثر خطوط کو اچھی طرح سے لکھتے تھے شعر نہایت شیرین و نمکین کہتے تھے چار دیوان انکے نظر سے گزرے

ہے تلک دست ستم جون ہی ترا قاتل بڑھا
خون بسمل ناتوان تل تل گھٹا تل تل بڑھا
تن گل خوردۂ عاشق کو جو کفنا ئیے گا
تھان اچھا کوئی پھلکاری کا منگوائیگا
بوسہ جو طلب کیا شب اوس سے
بولا وہ رشک ماہ کیا خوب
کھائے بچہ مین نہ کیون عقل رفوگر چکر
چاک دل دیکھ رفو بھی ہے رفو در چکر
ہم ہوئے شب کو پہ نالان بس دیوانہ بس
کھولکر غرفہ لگے کہنے وہ نا چار کہ بس

ہاتھا پائی مین جو کل ٹوٹ گیا ہار اوسکا — اسقدر میرے گلے کے وہ ہوئی ہار کہ بس
ہمیشہ باندھے ہین شاعر شراب کو آتش — بڑے ہی جھوٹے ہین کہتے ہین آب کو آتش
جگر بریشتہ و جان خستہ و لنگار در یغ — ہزار حسرت و صد حیف و صد ہزار دریغ
ہمیشہ وعدہ خلافی شعار یار افسوس — ہمیشہ جانب در چشم انتظار در یغ
غم محبت و درد فراق و رشک رقیب — ہجوم آفت و اک جان بیقرار دریغ
صد آرزوے وصال و حیات نیم نفس — نفس شماری و اندوہ بے شمار دریغ
ہزار خنجر الماس دیک دل صد چاک — ظفر دریغ و دریغ آہ صد ہزار در یغ

یون تو مدت سے ہی الطاف و عنایات مین فرق — لیکن ایسا نہ ہوا آج ملاقات مین فرق
جو کچھ وہ پوچھے تو رک جائیو نہ اے فاصد — مجھے خدا کی قسم کہیو تو تڑاق پڑا تھا
کبھی تو آو ہمارے گھر مین سنو ہماری بھی یار تین — عجب ہے شکوہ رقیب کا یہان ہزار نہین ہزار نہین
لیتے بوسہ خال لب جو پاس ہم اوکی جانتے ہین — بوسے تو وہ دیتے نہین پر کاٹ کھل جاتی ہین
کیا بوسہ طلب جسدم تو وہ جھنجلا کے یہ بولے — نہ بھیوہ بکو تم یہانسے بس جاؤ ہوا کھاؤ
ہم بتون کے دل کو جذب دل سے کھینچے جائینگے — پر بڑے پتھر ہین یہ مشکل سے کھینچے جائینگے
نہین ستارہ نسے پر چرخ پیر کے جھوٹے — بھری ہو کوڑیون سے اس فقیر کی جھولی
نہ بھیجا کوئی اپنے پاس بھیجا جبکہ وقت اپنا — اجل کو آفرین ہے وقت پر پہنچی تو یہ پہنچی
بدن پہ بال نہین یون اس ملول کو کانٹے — کہ ہون درخت مین جیسے ببول کے کانٹے
تم اوکہ کر دو حضرت دل نالہ و فریاد — چاہو کہ ہو کچھ اوسکو اثر ہو نہین سکتا
کیا کان بھر دیئے ہین خدا جانے غیر نے — غصہ مین جو پھرے ہے وہ کافر پھرا پھرا
ظالم ترے جیب رہنے کا عقدہ نہین کھلتا — کیا جانے کہ ہے دل مین ترے کیا نہین کھلتا
لپکا مجھے بوسے کا اوبھین عادت دشنام — کیا سخت ہے مشکل کہ نہ یہان ضبط نہ واان ضبط
دوستو جی کیونکر اپنا اوسکے جی مین ڈالدون — جو عداوت دشمنون کی دوستی مین ڈالدون
ہمیشہ رہتے ہین اوکی مصاحبت مین وہی — ظفر لاتے ہین جو جان سے ان نہین سے نہین
کسیکے دل کے پرزے کر رہے ہو مجھ پہ وہ مین — نہین یہ چھالیا چلن کی تم اندر کترتے ہو

ہاتھ اوٹھانے کی نہین زلف دوتا سی کچھ ہو
ہو چکے ہم تو سیہ بخت بلا سے کچھ ہو

خط اوسے جلدی مین لکھتا ہون قلم برداشتہ
جائیو اے نامہ بر تو بھی قدم برداشتہ

مجکو کیا کام ہے ہم کون نکایت والے
کچھ کہین یا نہ کہین آپ کی صحبت والے

قیمت جنس دل اپنی مین کہون کیا تم سے
پوچھو کیا دیتے ہین بازار محبت والے

تھے تو ہم موفیونکے یار پہ اب ہین مشہور
اے شرابی تری صحبت مین شرابی والے

اشک کے قطرے لیے جاتے ہین بھر بھر کر سہر
جوش گریہ نے مرے آنکھونکو سنگھٹ کر دیا

وہ کھا گئے سو بار مرے آگے قسم جھوٹ
اور پھر ہے یہ دعوی کہ نہین بولتے ہم جھوٹ

ہون جو ٹیڑھے ترچھے دکھلاؤنگا اوکو اپنا بانکپن
ہم ہین سیدھے سادھے ہمسے بات کر سیدھی طرح

محفل سے اوٹھا غیر کو اور اوسکے عوض تو
رکھدے مری چھاتی پہ کوئی سنگ گران اور

سب اونکے ناپسند مضا مین دوستی
اور اوس مین دشمنونکی شکایت علی الخصوص

نہ کیونکہ مجکو ہو خوبان پر جفا کا خوف
یہ کافر ایسے ہین انکو نہین خدا کا خوف

دل و جان بوسہ بغیر ای بت بیباک نہ دون
دون ملا خاک مین لیکن تجھے مین خاک نہ دون

بل بے نفرت کہ ہمین دیکھ کے خوبان فرنگ
جلد جلد اور بھی مجھے کو سوا بانکتے ہین

ناصح مجھے کیون عشق سے مانع ہے اوسی کیا
ہون رنج و مصیبت مین گرفتار تو مین ہون

نہ آیا خواب رہا رات بھر یہی کھٹکا ✦
کہ در پہ یار کے زنجیر ہل گئی تھی کیون

زبان شمع کو کاٹا جو تونے خوب کیا
پیشبکو بزم مین گلگیر ہل گئی تھی کیون

گا لیان دے چکے اب نالہ و زاری تو سنو
اپنی سب کہہ چکے تھوڑی سی ہماری تو سنو

لے دونگا اپنی جان تلک بیچکر تمھین
اے نالو ہاتھ آئے بقیمت اثر تو لو

ہو گیا اور زیادہ وہ کشیدہ ہم سے
دوستو کیا کشش دل کا اثر پوچھتے ہو

ساغر مین حباب مے گلرنگ ہے ساقی
یا دختر رز کے ہے یہ محرم کا نمونہ

نہ پوچھو آج گر ہے کیا ارادہ ہاتھا پائی کا
کہ اوسنے دست و پا مین آج حنا بندی لگائی ہے

مل دماغ مین چمک گئے جو اوسنے بنایا ہے
معلوم کیا ہمنے کہ دال مین کالا ہے

کعبہ کی سمت ہمنے کیا منہ پھیے نماز
برگشتہ نیت اپنی سوی دیر ہو گئی

خدا بچاے ظفر دوستی سے اس دل کی — جو ہو یہ دوست تو حاجت نہیں عدو کی مجھے
واہ تم صبح کو بھلے آئے — دن چڑھے کہہ کے دن ڈھلے آئے
پاس اونکے رقیب آ پہنچا — ہاے دشمن قریب آ پہونچا
دل ہوا ناوک مژگان کا نشانا سچ مچ — آگیا تم کو تو ہان تیر لگانا سچ مچ
تیر امریض مرے گیا تین دن کے بعد — اچھا اثر دوا نے کیا تین دن کے بعد
چن چن آپس ہین کیون ہو نامہ بر دو نو طرف — لوگ کچھ کچھ ہین لگاتے آن کر دو نو طرف
اب تو خط مین نے لکھا تمکو ہوئی مجھسے خطا — پھر نہین لکھنے کا کہیئے تو مچلکا لکھدون
سکھائی کسنے چوری ستم تراشونکے لڑکونکے — ہوئے یہ چور ایسے آنکھ کا کاجل چراتے ہین
مرے مژگان سے آنسو اسطرح برسون برستے ہین — کہ جون برسات کے موسم مین منہ چھاجون برستے ہین
قتل عالم کو کرو تم اور قضا کا نام لو — اے بتو تہمت نہ لو دیکھو خدا کا نام لو
تیری ستم کیست کو جو دیکھے ہو جاہی خراب — خواہ صوفی خواہ ہو مے خوار اسمین کوئی ہو
نہ یہان تک آپ آتے ہو نہ تم ہمکو بلاتے ہو — کہینگے بے مروت ہم بھلا مانو برا مانو
بتون پر زاہد گر ہم فدا ہونگے تو ہونے دو — نہین پھر کیا گنہگار خدا ہونگے تو ہونے دو
مین کر دن توبہ لے سے جھوٹ نہ بول — توبہ کر زاہد اعاذ اللہ
نہ دیا بوسہ نہ منہ تم نے لگایا منہ سے — آپ کہتے رہے بون ہی ہین کیا کیا منہ سے
ہاتھون سے ترے نرگس بیمار کے نالان — مین آگے مسیحا کے مسیحا مرے آگے
خدا کے واسطے زاہد اوٹھا پردہ نہ کعبہ کا — کہین ایسا نہ ہو یہان بھی وہی کافر صنم نکلے
نمود بادہ ہوتے ہین گھر مین جھوٹ موٹ شیشے — الٰہی جان پہ جھوٹون کے قہر ٹوٹ پڑے
سوئین تجھ بن مین کیا زیر سر ہم رکھکے بانہہ — تار بخیہ آستین مین آستین کا سانپ ہے
ناز و غمزہ جو ہے اوس کا فراد اکا چور ہے — دل چرا لینے کو یہ اک اک بلا کا چور ہے
مصور نے ترا سب چہرہ مقبول کھینچا ہے — مگر اک زلف ہی کے کھینچنے مین اک طول کھینچا ہے
کبھی آگئے وہ جو یہان چلتے پھرتے — تو دے کر ہوئے گا لیان چلتے پھرتے
اوسیکو دوست سمجھتے ہین دو جو کچھ کہے — کرے جواب سے جواب و سوال دشمن ہے

بوسہ لیا جو منہ سے بھڑا منہ چٹاق سے | تھے چپ حیا سے بول اوٹھے وہ پٹاق سے

اوس مصحف رخ کا تو ہم دھیان نہ چھوڑینگے | ایمان ہے وہ اپنا ایمان نہ چھوڑینگے

ہین جو کہتا ہون بیوفا ہے رقیب | وہ مجھے کہتے ہین کہ تو کیا ہے

دین کے ستون ہین پنجتن وچار یار پاک | قربان ہین ہم تو دل سے ظفر چار یار پنج کے

ظہور تخلص مولوی ظہور علی خلف مولوی فتح علی باشندۂ ہریانہ مقیم دہلی شاگرد عبد الرحمن خان احسان وشاہ نصیر ومومن خان اولاد مین محمد بن ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہما کے تھے

قصد تم سے پہلے ہی یہان دم نکل گیا | نکلی نہ ہاے اوس تم ایجاد کی موس

گردش ہے مجھے چشم کے مانند ہمیشہ | آوارہ ہین گھر مین ہون مسافر ہون وطن مین

سامنے اوسکے نکلنے کی نہین بات ظہور | گھر مین تم بیٹھ کے باتین ہی بنا جانتے ہو

ظہور تخلص احمد جان باشندۂ مرشد آباد دہلی مین تحصیل علم مین مصروف تھے

ہم خاک ہوکے اوسکی گلی مین رہے تو کیا | بادِ صبا کو ضد ہے ہمارے غبار سے

ظہور تخلص لالہ شیو سنگھ دہلوی شاگرد انعام اللہ خان یقین

بہا اس بے بہا کا کیا بھلا ہو | سر قاتل پہ جسکا خون بہا ہو

چشم گریان حسن سے معمور ہے | چاندنی برسات کی مشہور ہے

ظہور تخلص حافظ ظہور اللہ بیگ دہلی انکا تورا ن مولد ومسکن دہلی

باتون پہ تیری بھولے ہوئے تھے پر اب یہ کھلا | حالت کو میری دیکھ کے ہشیار ہوگئے

ایسا نہ ہو قاصد کہ مرا کام نہ ہووے | گم نامۂ حال دل گم نام نہ ہووے

ظہور تخلص حافظ امداد حسین نبیرۂ غلام محی الدین متخلص بہ عشق وببلا شاگرد مرزا رحیم بیگ رحیم باشندۂ میرٹھ

جبہ ساغر ہون ترے در پر | لکھا ہے یہ مرے مقدر کا

کر آرزو نہ تنگ دہانون سے بات کی | سب جانتے ہین غنچہ کے منہ مین زبان نہین

ظہور تخلص منشی شیخ ظہور محمد ولد منشی اسمعیل عرف منشی نہال بن حافظ محمد صالح

شاگرد مصحفی تاریخ تولد انکے نام سے نکلتی ہے انکے دیوان اور مثنوی ظہور عشق یادگار ہیں

مزا ایسا ملا بوسے کا مجھکو +	رہا مین مرتے دم تک چاٹتا لب

ظہیر تخلص سید ظہیر الدین حسین عرف نواب مرزا دہلوی خلف میر جلال الدین خوشنویس استاد محمد بہادر شاہ شاگرد شیخ ابراہیم ذوق راقم نے انکو دہلی کے مشاعرہ مین دیکھا ہے

مانا کہ تم سے دل نہین ملتا نہین ملے	کیا مجھ سے خاک مین بھی ملایا نہ جاے گا
یہان یہ نیاز ہے کہ سراپا نیاز ہون	وہان ناز وہ کہ ناز اوٹھایا نہ جاے گا
ہے میری خستگی مری صورت سے آشکار	کچھ داغ دل نہین کہ دکھایا نہ جاے گا
جانے کو خیر جایئے اوس بزم مین ظہیر	حضرت سلامت آپ سے آیا نہ جائیگا
کوے دشمن سے گزرنا کیا تھا	اے وہ رفتار قیامت ہی سہی

ظہیر تخلص سید محمد جان خلف و شاگرد میر یحیی ناظم باشندہ دہلی

بیان حرف بیوفاؤن کا تھا بر سبیل ذکر	ہمنے خدا نخواستہ تم کو کہا نہین +
اک ولولے کے کہنے پہ اتنا خفا ہوئے	کچھ جنگجو کہا نہین بد خو کہا نہین
وہ بھی کیا ملک عدم ہے اے ظہیر	اوس گلی مین جو گیا آیا نہین

ظہیر تخلص منشی ظہیر الدین بلگرامی خلف محمد مسعود صاحب دیوان و اسیر کربلا ہین

عادت یہی ہے تیری کیا کرینگے تجھ	رکھتے ہین یار لوگ تری اس نہین سے کب

ظہیر تخلص شیخ علی بخش خلف شیخ عباد اللہ بلگرامی

بوسہ لیا ہے ورہ گیسو لگا ہے	مون جرم کا مقر نہین حاجت گواہ کی

ظہیر تخلص حافظ مولی بخش نابینا باشندہ میرٹھ شاگرد امداد حسین ظہور

کیا گلہ چرخ سفلہ پرور کا	بخت واژون ہے اہل جوہر کا

حرف عین مہملہ

عابد تخلص میر عابد علی کمیدان پلٹن ذوالفقار حیدری ولد میر مہدی باشندہ

لکھنؤ شیخ امان علی سحر اور میر انیس مرثیہ گو دونوں انکو اپنا شاگرد بتلاتے تھے ۔

معلوم تم کو بھی ہو کسی پر جو آئے دل
تا حق ستایا کرتے ہو صاحب پر آئے دل
مٹی ہوا ہوا ہوا پامال ہو گیا
کیا پوچھتے ہو خاک کہوں ماجرای دل

عابد تخلص مرزا زین العابدین ولد مرزا غلام علی بیگ اکبر آبادی

اے صبح شب وصل یہ اندھیر کیا کیا
تو آئی اور اوس مہ سے جدا کر دیا ہمکو

عاجز تخلص سید کاظم علی شاگرد شوق

جان لیکر غم و اندوہ والے نے چھوڑا
مر کے عاجز نظر آئی ہے مفر کی صورت

عاجز تخلص سید اکرام علی تحصیلدار فیروز آباد بن سبحان علی باشندۂ فتحپور ہنسوا

تخت دل سینے سے آنکھوں تک ہو تکیہ رہ گیا
تخل مژگان کے تلے ٹھہرا مسافر دور کا

عاجز تخلص پیر جی شرف الحق کوتوال دہلی

ترے ہجر کا اب علاج اے مسیحا
مدت سے چھوڑ بیٹھا اس جسم ناتوان کو

اگر دیکھتے ہین تو سم دیکھتے ہین
دم تیرے دیکھنے کو آنکھون مین آرہا ہے

عاجز تخلص مرزا عبد اللہ بیگ دہلوی خلف مرزا امجد بیگ شاگرد قادر بخش صابر

اللہ اللہ رے نزاکت تری رخ کی ظالم
روتا ہون تو ہنستے ہین وہ کم ظرف سمجھکر

کسنے دیکھا کہ نشان اوس پہ نظر کا نہ ہوا
کرتے ہین خجل مجھکو مرے دیدۂ تر اور

لخت دل صد پارہ ہے ہر نوک مژہ پر
ہے آج تو کچھ رنگ ہے اے دیدۂ تر اور

عاجز تخلص لالہ موہن رام دہلوی

عاجز کچھ احتیاج نہین ہے شراب کی
پر ہے ہمارا خون جگر سے ایاغ دل

عاجز تخلص عارف علی خان اکبر آبادی صاحب دیوان گزرے

ترے برگشتہ مژگان کا خیال آتا ہے یون کیکر
کہ دکھنی فوج جون بھالے لیے میدان مین آئے

عاجز تخلص الف خان افغان باشندۂ خورجہ

کیا ہوا گر جیم ترے خون ٹپک کر رہ گیا
بادۂ گلگون کا ساغر تھا چھلک کر رہ گیا

عاجز تخلص میر غلام حیدر دہلوی شاگرد شاہ قدرت اللہ قدرت مقیم عظیم آباد

سوزشِ داغ کی میرے جو خبر گرم ہوئی | مہر سر کھولے ہوئے مارے جلن کے نکلا

عاجز زور آور سنگھ کھتری باشندہ دہلی نبیرۂ نند رام مخلص شاگرد نصیر الدین غریب

عاشقون کو ترے اک جا نہین آرام کہین | دن کہین رات کہین صبح کہین شام کہین
شب مہتاب کسی کم بخت کو ہجران کی بھاتی ہے | کہ اس سے گرمیٔ روزِ قیامت یاد آتی ہے

عادل تخلص میر عنایت حسین ولد میر نور وز علی لکھنوی مقیم کلکتہ برادر جمشید محل زوجۂ واجد علی بادشاہ شاگرد مرزا محب علی لوبی یہ شعر اس نے ذکر کرکے لیے بھیجے تھے

زہے شوقِ شہادت قلب مشتاقانہ تکتا ہے | کمان کو تیر کو سوفار کو چلے کو پیکان کو
الٰہی شکر اتنی تو ہوئی تاثیر آہون مین | کلیجہ تھام لیتے ہین وہ سُنکر شور و افغان کو
ہمارا آفتابِ داغِ سوزش پر جو آجائے | بنا دے رشکِ تابستان ابھی فصلِ نیستان کو

عارف تخلص محمد عارف رفوگر کشمیری دہلوی شاگرد نجم الدین ابر و صاحب دیوان گزرا

اس ابر مین بے ساقی و مے جی یہ بنی ہے | ہر بوند کا کھانا مجھے ہیرے کی کنی ہے
دخت رز سے کہو کہ جا کے ملے | ورنہ عارف افیم کھاتا ہے
ہمیشہ دل پہ خیالِ نگار گزرے ہے | اسی خیال مین لیل و نہار گزرے ہے

عارف تخلص محمد عارف لکھنوی

اوس نور کی مجھکو جستجو ہے | جسکا جلوہ یہ چار سو ہے

عارف تخلص میر عارف علی باشندہ امروہہ شاگرد مصحفی عروض و قوافی مین اچھا دخل رکھتے تھے آخر ایام مین مراد آباد مین سکونت اختیار کی تھی اور شعر گوئی ترک کرکے وعظ و نصائح سے خلق اللہ کو ہدایت کرتے تھے

رات ساری مجھے دونون کی تسلی مین کٹی | ہاتھ دل پر سے اوٹھایا تو جگر پر رکھا
وہ ہوا گرد سے جب وقت شکار آلودہ | تیر خاکی بنے مژگانِ غبار آلودہ

عارف تخلص نواب زین العابدین خان دہلوی خلف نواب غلام حسین خان متخلص بہ جسور شاگرد شاہ نصیر و اسد اللہ خان غالب ۱۲۶۵ھ بارہ سو اٹھسٹھ ہجری مین انتقال کیا شعر انکے اچھے ہوتے ہین دیوان انکا نظر سے گذرا

کیون نہ غیرت سے مرون مین کہ مجھ پر وہ نہین — عالم الغیب سے ممکن نہین پنہان کرنا
نہ خداوند کو گر پاک منزہ سمجھون — کب گوارا ہو مجھے تجھ پہ نگہبان کرنا
ہماری خاک سے اوسکو کدورت کب تھی — سکھایا ہے اوسے چلنا اوٹھا کر جنسے دامانکا
کمان سے آگئی اسمین تری رفتار کی تیزی — کہ چلنا قتل کرتا ہے ہمیں شمشیر بران کا
رسوا ہوا تو اہل وفا مین ہوا عزیز — اچھا ہوا وہ حق مین مرے جو بُرا ہوا
شوخی وہ بھری ہے کہ ذرا جا نہین پاتی — دشوار ہے آنا تری آنکھون مین حیا کا
بیٹھا کس فکر مین تم نے مڑوڑا دیر تک — جا بجا جو آپ کے بند قبا مین بل پڑا
سخت شرمائی مین آنا نہ سمجھتا تھا انھین — چھیڑنا تھا تو کوئی شکوہ بیجا کرنا
دیوانگی مین غیر کو دون خاک گالیان — اب مانتا ہے کون بڑا میری بات کا
مفلسون کو تو ہے مرنا بھی جدائی مین محال — کھائینگے کیا نہ اگر زہر میسّر ہوگا
اسی انداز پہ ٹھہری جو قیامت آنی — ہے خدا کو بھی کہین کیا تری رفتار پسند
اے پری تیری زبان کی نہین فہمید ہمین — اس سبب اوٹھتی ذرا لذت دشنام نہین
امتحاناً وہ مرض کامرے کرتے ہین علاج — یہ بھی ہے فضل خدا جو مجھے آرام نہین
دے چکا ہے ترے بیمار کو عیسیٰ تو جواب — لب جان بخش ترے دیکھنے کیا کہتے ہین
غصے مین اونکو کچھ نہ رہا تن بدن کا ہوش — کیا لطف رہے شب کو اوٹھائے عتاب مین
مجھ کو اور آپ کو عالم مین نہ رسوا کیجے — آپ ہو رہیے مرے یا مجھے اپنا کیجے
اے غم عشق وہ دل جسکو بغل مین پالا — پیوین اوسکا یہ لہو کیون کہ گوارا کیجے
ہم تو دیوانے ہین مجنونکے کہے جائینگے — ہین حسین آپ طرفداری لیلی کیجے
نہ تو روزن کوئی سینے مین نہ پہلو مین شگاف — دل سے ارمان مرے نکلے تو کیونکر نکلے
آج کچھ شکل ہے کل اور ہے صورت اپنی — عاجز آجائے نہ کیونکر ترا درباں ہم سے
جمع جب تک نہ کیے حرف مقطع ہم نے — خط مین لکھا نہ گیا حال پریشان ہم سے
بیکسی مین مجھے ہوتی ہے غنیمت وہ بھی — کوئی جبو قت مرے سر پہ بلا آتی ہے
کس تعجب سے اوسے غور سے ہم سنتے ہین — کہین آپس مین اگر ذکر وفا آتا ہے

عارف تخلص سید محمد علی ولد سید محمد مجتہد لکھنوی مقیم کلکتہ شاگرد میر نواب مونس یہ شعر اس تذکرہ کے واسطے بھیجے تھے

شوخیٔ دیدۂ محبوب پہ مین مرتا ہون — سبزہ گور چراگاہ غزالان ہو گا
عرق ٹپکا جو دمِ قتل اونکے روی روتن سے — ہوا دینے لگا ہر زخم تن قاتل کو دامن سے
کبھی اک دم نہ اسنے روشنی تربت پہ اہنی دی — ہوا کو کس قدر ہے لاگ میری شمع مدفن سے

عارف تخلص میر جمال الدین خلف میر بدر الدین نواسہ خواجہ باسط شاگرد خواجہ حیدر علی آتش صاحب دیوان گزرے

بہار آئی گلستان مین ہوا پیدا جنون میرا — چلو صحرا کو دیوانو دم اکتاتا ہے اب گھر مین
مری وحشت کا باعث ان حسینون کی ہے ابرو کا — وہان زلفین سنورتی ہین جنون بڑھتا ہے یہان سر مین

عاشق تخلص مولوی جلال الدین شعرائے قدیم سے ہین

یہ کس کے نوک مژگان سے پڑا ناسور سینے مین — کہ بندھنے بھی نہ پایا زخم کا انگور سینے مین

عاشق تخلص سید محمود حیدر آبادی

مردک کھائے ہے نت خون جگر مین غوطہ — آہ مارے نہ کبھی بحر اثر مین غوطہ
اوسکے دانتون کی صفا سے نہ مقابل ہووے — مارے الماس اگر آب گہر مین غوطہ

عاشق تخلص مرزا محمد رضا خان عرف مرزا بھچو خلف نوازش علی خان باشندۂ لکھنؤ شاگرد مہدی علی خان گوہر

وصل کی شب ہو میسر ہین سبھی سامان عیش — آج ساقی بادۂ گلگون بھی ہونا چاہیے
نرگسی آنکھین ہین معشوقون کی اور جادو نگاہ — جنبش لب مین مگر افسون بھی ہونا چاہیے
ناز شوخانہ سے ہنستا ہے گرای شوخ تو — غمزدون کے حال پر محزون بھی ہونا چاہیے

عاشق تخلص عاشق بہار ساکن سیالکوٹ

کچھ یاد ہے تمھین کہ وہ سب بھول ہی گئے — جو جو سوئے تھے میرے تمھارے کلام شب
محفل مین آپ ہنستے رہے دشمنون کے ساتھ — گریان برنگ شمع رہے ہم تمام شب

عاشق تخلص بخشی بھولا ناتھ پنڈت فرزند راجہ گوپی ناتھ دیوان سرکار مجد الدولہ

قیس ناداں سراسر نظر آیا مجھکو ۔ جائیے دشت مین کیون کوچۂ دلدار کو چھوڑ
غیرون کی بغل مین تو مری جان رہا گرم ۔ اس رشک سے آنکھون سے مری خون بہا گرم

عاشق تخلص رام سکھ کھتری شاگرد غلام حسن تجلی و نصیر دہلوی باشندۂ دہلی

حیرت زدہ مین دیکھون ہون یون و سکون بیدل ۔ تصویر جیسے دیکھے ہے تصویر کی طرف

عاشق تخلص مہدی علی خان دہلوی نبیرۂ نواب علی مردان خان مرحوم انسے تین دیوان ریختہ مین اور دو دیوان فارسی مین اور چند مثنویان یادگار ہین اشعار اونکے قریب دو لکھے کے ہونگے

ابر آتا ہے آفتاب چھپا ۔ ساقیا مت شراب ناب چھپا
گو آہ مین اپنی نہین تاثیر سرد ۔ پر ہے یہ بساط اپنی مین اک تیر سرد
دن تو جون تون کے کٹا رات پھر آئی سر پر ۔ آفت تازہ خدائی تری لائی سر پر

عاشق تخلص شیخ نبی بخش ولد محمد صالح اکبرآبادی شاگرد نظیر

دام مین لاکر ہمین صیاد پچھتایا بہت ۔ استخوان آیا نظر جب بال اور پر کے تلے
اب یاد کیسے چھپتے ہین سو خار مذمت سینے مین ۔ اوس گل کو جو وقت رخصت چھاتی سے لگانا بھول گئے

عاشق تخلص منشی عجائب رائے

جسکی غیرون سے لڑ رہی ہے نگاہ ۔ ہمین اوسکی کٹار نے مارا

عاشق تخلص علی اعظم خان خلف خواجہ محمدی خان مرید شاہ گھسیٹا عشق آخر ایام مین ترک دنیا کرکے فقیر ہو گئے تھے

روز و شب یار سے ملا کیجے ۔ چین اسپر نہ ہو تو کیا کیجے

عاشق تخلص میر یحییٰ عرف عاشق علی خان دکھنی

آگ کیون تو نے بھلا ہمسے لگائی پیارے ۔ بجھ گئی تھی سو پھر اب آگ لگائی پیارے

عاشق تخلص میر برہان الدین شاگرد حسن

پہونچے نہ پاس ہم کبھو اوس گلعذار کے ۔ دام وقفس مین جاتے رہے دن بہار کے

عاشق تخلص مشیر الدولہ محمد علی خان ولد رحمت اللہ خان باشندۂ فیض آباد مقیم لکھنؤ

شاگرد میر حیدری مرثیہ گو صاحب دیوان ہین

سر کے تعویذون پہ تیرے مین کہون پہنتی نہین | خوشۂ پروین ہے یہ اے مہربان بالائے سر

عاشق تخلص سید ہدایت علی خان دہلوی احمد شاہ درانی کے سبب جب دہلی مین انقلاب ہوا یہ مرشد آباد مین مقیم ہوئے تھے صاحب دیوان ریختہ و فارسی گزرے

بے دیکھے ترے ایسی بہین متصل آنکھین | بے نور ہوئین نور نظر تجھسے مل آنکھین

عاشق تخلص سدا سکھ

شام سے تا صبح عاشق بس بقول میر کا | تجھکو بالین پر نہ دیکھا کھولی سو سو بار چشم

عاشق تخلص سید عاشق علی ولد بخشش علی باشندۂ اٹاوہ

کون سلجھائیگا وہ زلف دوتا میرے بعد | کسکو اوجھائیگی یہ کالی بلا میرے بعد

عاشق تخلص محمد عاشق حسین خان بن محمد مشتاق حسین خان باشندۂ اگرہ شاگرد غالب

شور سنکر وہ دریچی سے نظر کرتے ہین | آج نالے مرے ممنون اثر کرتے ہین

عاشق تخلص پنڈت دیارام سابق صدر الصدور بنارس خلف پنڈت رتو چند متوطن دہلی

عاشق اگرچہ یار نہین تجھسے بولتا | بول اوس سے جسطرح سے بنی چھیڑ چھاڑ کر

عاشق تخلص پنڈت شام نراین بن پنڈت رام نراین متوطن دہلی

جو بات بات پہ روٹھے علاج کیا اوسکا | کہان تلک اوسے ہر روز ہم منائینگے

عاشق تخلص منشی بانکے سنگھ مقیم فرخ آباد شاگرد مولوی غیاث الدین رامپوری

لگی ہے جب سے کہ تاک اپنی دختر رز پر | مدام میکدہ کا ہم خیال کرتے ہین

عاشق تخلص عاشق علی

آتے ہین تو کچھ باتین کیا کیا وہ بناتے ہین | پر غور سے جب دیکھو اوپر ہی کی باتین ہین

عاشق تخلص مرزا نظام الدین بن مرزا ولی الدین نبیرۂ شاہ عالم بادشاہ شاگرد مرزا عالی بخت عالی تخلص

روز فراق و جور یتان نالہائے شب | کن کن مصیبتون مین خدایا نہین ہون مین

ادس گل کے گریباغ مین آنے کی خبر ہے	ہر غنچہ یہے ہاتھ مین اک مشت جوزر ہے

عاشق تخلص شیخ محمد جان شاگرد احمد علی کامل وطن اصلی فیض آباد مسکن دیومی پرگنہ کوڑا ضلع فتح پور منہوا

ہر عضو بدن یار کا ہے کان ملاحت	ہیرے کی کلائی ہے تو بلور کی گردن

عاشق تخلص مرزا رحمت بخش عرف منجھلے مرزا نبیرہ شاہ عالم بادشاہ شاگرد مرزا رحیم الدین حیا

پگھلے نہ دل بتون کا نہ دل غیر کا جلے	نالون کی اب اثر وہ خدا جانے کیا ہوئے

عاشق تخلص اقبال حسین خلف منشی نور الدین باشندہ دہلی شاگرد مرزا غالب

مرکے پردہ رہگیا عاشق کا یہ اچھا ہوا	دربدر کوچہ بکوچہ مدتون سے خوار تھا
توبہ توکر چکا ہون مگر کچہ کچہ اندنون	دیتی ہے دم بہار کی آب وہوا مجھے
گر ہماری بندگی ہے ناقبول	توبتون کی بھی خدائی ہو چکی

عاشق تخلص راجہ کلیان سنگہ ولد راجہ شتاب رائے ناظم عظیم آباد صاحب دیوان گزرے

مچا یا ہے جگر نے حشر کا سا شور پہلو مین	مگر دیکھا ہے یہ حال دل رنجور پہلو مین

عاشق تخلص نواب والاجاہ عرف چھوٹے صاحب خلف دلیر الدولہ مرزا محمد علیخان عرف آغا حیدر نشا پوری فیض آبادی مقیم لکھنؤ شاگرد سرفراز علی قادر

گل مراد کھلا ہے خزان کے جانے سے	چمن چمن ہے شگفتہ مری بہار مین روح
جلد آئیو جواب کا یہان انتظار ہے	اگر یہین یہ کھولیو اے نامہ بر کمر
بلا چاہ ذقن مین زہر خط مین سحر باتون مین	صفا رخسار مین اعجاز لب مین ناز آنکھون مین
یار در خانہ و ما گرد جہان مے گردیم	عرش و کرسی مین نہ پایا اد سے پایا دل مین
گرم رو ایسا ہون مین دیوانہ آتش قدم	بنگیا ہر دانہ زنجیر اخگر پاون مین

عاشقی تخلص آغا حسین قلی خان خلف آغا علی خان مقیم لکھنؤ وطن اصلی خراسان مولد عظیم آباد سکندرآباد مین تحصیلدار تھے

جس سے کہ مین پوچھون ہون مزا عشق کا لیکن | رو رو کے یہ کہتا ہے کہ کچھ کہہ نہین سکتا

عاشور علی خان بہادر لکھنوی بن نواب محمد علی خان بن شجاع الدولہ بہادر انکا کوئی شعر سوائے ایک غزل کے جو سراپا سخن مین مندرج ہے سنا نہین گیا اور لکھنؤ کے بہت سے معتمد شاعرون سے سنا کہ یہ خود شعر کہتے نہ تھے صرف اپنے شاگردون کے غزلین بنا دیتے تھے

کعبۂ صدق و صفا مشرقِ انوارِ دل | عالمِ علمِ خفی مخزنِ اسرارِ دل
خضرِ طریقِ وفا عیسیِ معجز نما | برقِ تجلی طورِ طالبِ دیدارِ دل
خاکی و قدسی سرشت نوگلِ باغِ بہشت | آئینۂ حق نما شمعِ شبِ تارِ دل
نالۂ قلبِ سقیم گوہرِ اشکِ یتیم | گشتۂ گلگون قبا بزمِ عزا دارِ دل

عاصم تخلص صمصام الدولہ خان دوران خان خواجۂ عاصم خلف خواجۂ قاسم ساکن اکبرآباد امرائے فرخ سیر بادشاہ مین تھے نشلہ گیارہ سو اسی ہجری مین انتقال کیا

نہ دیکھ ہے خزان کا ہووے گزر چمن مین | تو شور کرے بلبل آوے جو تیرے مین مین

عاصمی تخلص خواجۂ برہان الدین دہلوی خواجۂ عبید اللہ احرار کی اولاد مین سے تھے

چمن کی تخت پر جب دم شہِ گل کا مجلل تھا | ہزارون بلبلون کا شور تھا فریاد بھی غل تھا
خزان کے دن گئے تو کچھ نہ تھا جز خارِ گلشن مین | بتاتا باغبان رو رو یہان غنچہ دہان گل تھا
صاف دل ہو بہت دشوار ہے | آئینہ بھی عکس سے خالی نہین

عاصی تخلص منشی امداد حسین خلف بہمان علی خان شاگرد ناسخ

اے عاصی کوچۂ گردو ہے | دیوانون مین انتخاب نکلا
مین کس کس شعلہ رو کو سینہ صد چاک دکھلاؤن | رہا تھا ایک دل سو جل گیا کیا خاک دکھلاؤن

عاصی تخلص ایک شخص رامپوری کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہ ہوا

کملائے ہے گرمی سے نگہ کی وہ گلبدن | اللہ یہ کیا لطف کی نازک بدنی ہے

عاصی تخلص شیخ بنگالی باشندۂ ڈھاکہ

بھلا مین تو برا ہون پر تجھے کچھ پاس ہے ظالم | قسم کا قول کا اقرار کا وعدہ کا پیمان کا

عاصی تخلص نور محمد باشندۂ برہان پور دکھن

سمجھے ہین ہم کہ اب کہین تم نے بھی دل دیا | سمجھے کہین ہو بات کہین اور نظر کہین

عاصی تخلص منشی صدر الدین اکبر آبادی

مین ترک عشق کرون دے کے جان کو کیونکر | نہ بس مین دل ہے مرا اور نہ اختیار مین روح
جہان مین یہ ملی کیمیا ہمین عاصی | کہ خاک بن کے رہی اپنی کوی یار مین روح

عاصی تخلص لالہ سالگرام ناظر عدالت فوجداری لکھنؤ

ہنسا کیے وہ رقیبون سے اور مین شب بھر | لبان تسمع رہا اشکبار صحبت مین

عاصی تخلص منشی جمعیت رائے نائب سررشتہ دار عدالت فوجداری فرخ آباد خلف لالہ کمسیری داس باشندۂ اوگرپور

باندز رنج رشک نہ کیونکر ہو دل مرا | کھلوائے بند غیر سے تم نے نقاب کے

عاصی تخلص گھنشام رائے کایتھ مقیم دہلی شاگرد نصیر صاحب دیوان گزرے

آپ ہی ٹک اپنے ابرو سے پرچم کو دیکھیے | تیغ دو دم کو دیکھیے اور ہم کو دیکھیے
فوارہ کا سا حوصلہ اتنا نہ کیجیے تنگ | چلو بھرے ہی پانی مین گز بھر اوچھل پڑے

عاقل تخلص لالہ مکھن لال عملہ عدالت کلکٹری ضلع الہ آباد

بے نشانی اس چمن مین ہے نشان عندلیب | شہپر عنقا ہے چوب آستان عندلیب
ہے گلستان جہان مین عاقل شیرین سخن | ہمصفیر و ہمنوا ہم داستان عندلیب

عاقل تخلص عاقل شاہ دہلوی آزادانہ وضع رکھتے تھے

قید بھی یہان کچھ نہین اور چھوٹ بھی سکتے نہین | واہ وا اس دام کو اور آفرین صیاد کو

عالم تخلص صاحبزادہ محمد شاہ عالم خلف شاہزادۂ غلام محمد ابن ٹیپو سلطان باشندۂ ٹالی گنج متعلق کلکتہ شاگرد مولوی نجم الدین حسین نادر

یار کے گویا دہان تنگ مین دندان ہیں یہ | غنچۂ گل مین مسلسل دانۂ شبنم نہین
کیا عجب گلزار آتش بار شاخ گل کی طرح | ہاتھ مین تیرے جو اے رشک بہاران سیم

عالی تخلص خواجہ عبداللہ عرف عبوجی خلف عبدالشکور شاگرد خواجہ آتش وطن لکھنؤ

کشمیر مولد و مسکن لکھنؤ

واہ رے پاس ادب کو سون پھر اہون دور رہو
تا نہ آئے سایۂ دیوار دلبر زیر پا
رزق اپنا آپ سا سنھر گروش مین ہے
ہے لکھا شاید مرا خط مقدر زیر پا

عالی تخلص مرزا عالی بخت بہادر نبیرۂ شاہ عالم بادشاہ شاگرد مرزا مغرالدین ثابت و عبدالرحمن خان احسان

حاضر ہوا جو یار تو قسمت کا پھیر دیکھ
معدوم وہ کمر ہوئی غائب دہن ہوا
آب دم شمشیر کا کسکے ہے بیان ذکر
پانی جو بھر آیا ہے لب زخم خنجر مین

عالی تخلص شاہ ابوالمعالی مغفور خلف حضرت شاہ اجمل اہل صاحب دائرہ الہ آباد ہر دو زبان فارسی و ریختہ مین شعر کہتے تھے

نور تجلی یہ نہین موسی طور پہ ایسا جلوہ کہان ہے
آکے ہمارے نور نظر نے سر پہ دیا مین دیکھا مین دیکھا
خانہ خراب ہوا اس حاجبہ کا دن کو نہ چین خواب ہے شب کو
آنکھ لگی اک پل نہ ہماری جب سے تنے مگا مین تھا مین تھا

عالی جاہ خلف الرشید نظام الملک کا تخلص ہے نام انکا معلوم نہ ہوا

رات دن اشک سے آنکھون مین تری بہتی ہے
شاخ نرگس اسی پانی سے ہری رہتی ہے

عبادت تخلص مرزا عابد علی بیگ ولد مرزا بخت اللہ بیگ لکھنوی شاگرد دامانت

کرتے ہین خون مرا وہ خفا کیون دکھا کے ہاتھ
ہین قہر کے ستم کے غضب کے بلا کے ہاتھ
مشک ختن کہان تری زلفون کو کر معاف
پڑتا ہون پانون باندھ نہ مجھ پہ بلا کے ہاتھ

عباس تخلص سید عباس تھانہ دار لکھنؤ ولد میر امام الدین لکھنوی شاگرد وزیر صاحب دیوان گزرے

او تارے قبر مین مجھکو اگر وہ رشک چمن
خوشی سے پھولی سمائی نہ پھر مزار مین روح
محتاج ہین غنی بھی فقیرون کی طرح سے
پھیلے ہین تیرے سامنے شاہ و گدا کے ہاتھ
تصویر نے جو میری کیا چاک پیرہن
ہزار شرمسار ہوا کیا بنا کے ہاتھ

عجز تخلص عبداللہ دکھنی مصنف مثنوی در المجالس معاصر میر و مرزا

کہون مین کس سے یہ دکھ یار کی جدائی کا
دوا ہے پر نہین درد آشنائی کا

عبد تخلص غلام ربانی ہوگلوی اندنون کلکتے مین سکونت اختیار کی ہے راقم کو ملاقاتی ہین

شوخی رنگ حنا مین یہ اثر ہوتا نہین
خون عاشق سے وہ پنجہ رنگ مان گیا

خنجر خونخوار قاتل سے ہم آغوشی ہوئی
کیا مبارک ہمکو ماہ عید قربان ہو گیا

عبرت تخلص میر ضیاء الدین باشندہ دہلی مقیم رام پور شاگرد نواب محبت خان پدماوت کی مثنوی قریب نصف کے انکی تالیف سے نظر آئی صاحب دیوان گزرے

بیتاب کوئی شے نہین سیماب کے مانند
یہ وہ بھی نہین اس دل بیتاب کے مانند

مین مثل گتان چاک کردون جامۂ تن کو
آئے جو سر بام تو مہتاب کے مانند

عبرت تخلص نواب حسن علی خان لکھنوی عرف بڑے مرزا خلف نواب محمد علی خان بن شجاع الدولہ شاگرد مصحفی صاحب دیوان گزرے

کیجئے مین دفن مین ہون وہ ہے کوئی یار مین
میرا الگ مزار خدا ہے مزار دل

گرد کدورت آینہ رو کی مٹی نہ ہاے
ہر چند آب گریہ سے دھویا غبار دل

عبرت تخلص دولت رام خلف راے ہیرالال کاتھ باشندہ دہلی شاگرد شیخ ابراہیم ذوق

روسیاہی گواہ ٹھہائی عشق مین ہم نے بہت
لیک مانند نگین نام اپنا روشن ہو گیا

ہر دم صبا سے ہے طلب بوی زلف یار
لڑتے ہین بات بات مین اجو ہوا سے ہم

عبری تخلص اسحاق یہودی کلکتہ مین رہتے ہین راقم کے ملاقاتیون مین ہین

اشک نے شیشہ جگر چشم ہے پیمانہ بنے
دیکھیے اب ہہ تن غیرت میخانہ ہو ا

عرش تخلص میر حسن عسکری عرف میر کلو ولد میر محمد تقی میر باشندہ لکھنو پہلے زار تخلص کرتے تھے مشہور ہے کہ انھون نے سرقہ کے بہت سے مضامین ناسخ کے دیوان سے نکالے ہین صاحب دیوان ہین صاحب سراپا سخن محسن علی محسن شاگرد خواجہ وزیر شاگرد ناسخ نے انکو ناسخ کا شاگرد لکھا ہے حالانکہ انکو ناسخ کی شاگردی سے انکار ہے

ٹکڑے ہوتا ہے سر شوریدہ اپنا سنگ سے
بندھی ہین دستار کی جا پٹیان بالاے سر

حیران ہے چشم جوہر شمشیر دوش پر
تلوار ہے کھنچی ہوئی تصویر دوش پر

کیا وصف فرہ کرتے ہین تاثیر گلے مین
پڑجاتے ہین کانٹے دم تقریر گلے مین

گلگیر نے کاٹ کر سر شمع
پروانے سے شب جلی کٹی کی

دنیا مین فکر نان ہے عدم مین عذاب ہے
ہر طرح سے غریب کی مٹی خراب ہے

عرشی تخلص منشی عبد الحی ولد منشی رسول بخش مرحوم باشندۂ کاکوری اشعار اردو فارسی انکے نہایت مرغوب ومطبوع ہوتے ہین راقم کے دوستون مین ہین یہ شعر اس تذکرے کے واسطے دیے تھے

عذر قتل بیگانہ فرمائین کیا
شرم آتی ہے اونھین شرمائین کیا

زخم خندان کا تو رونا ہی کیا
چارہ گر مرہم کو ہم منسوائین کیا

ایک عکس روے رنگین سو بہار
پھول تیرے ہاتھ مین کملائین کیا

قبر عاشق محفل دشمن نہین
بیجا مانہ لحد پر آئین کیا

شکایت یون تو لاکھون ہین جفا کی
دوا کیا ہے ستمگر تیری کیا کی

مجھے یاد آگئی شب وصل
بہت کچھ دھوم سے روز جزا کی

مرے ناخن کو زخم دل سے ہے ربط
عدو کھولین گرہ بند قبا کی

نگاہ ناز دشمن وار اے قسمت
غضب اولٹی چھری ہم پر چلا کی

تبسم سے تمھارے بلبلون مین
ہنسی ہونے لگی آخر چمن کی

فراست طبعی ہے سودا یون کی
مجھے کیسی وحشت رہی عاقلون سے

عرفان تخلص مولوی سید عرفان علی خلف سید قربان علی متوطن بریلی مقیم شمس آباد

نہ کیون سرسبز مودل ہین ہمارے تخم الفت کا
نہال عشق سینچا ہے مے آب چشم گریان سے

عرفان تخلص میر عباس دہلوی بڑے تواریخ دان تھے

تیر برسائے جو وہ ابرو کمان بالا سے
ہو سپر وار جنون شانہ یہان بالا سے

یہ خال نہین ابر و خم ارسے نیچے
زنگی کو قضا لائی ہے تلوار کے نیچے

لب جانان کی جنبش صاف اعجاز مسیحا ہے
دہان تنگ اوسکا غنچۂ تصویر گویا ہے

صفائے تن سے یہ عالم ہے شبنمی ڈوپٹے کا
کہ جسکے رنگ سے یہ چادر مہتاب میلی ہے

عروج تخلص احمد حسن خان خلف منشی محمد حسنخان شاگرد رشک وطن انکا قصبہ اسیون مسکن کانپور

لپٹا جو شب وصل مین سینے سے تمھارے — کیا چوٹ کے رویا یہ پھپھولا مرے دل کا
کیون تو لتے ہو تم خلش داغ محبت — اتنا بھی تو چھوٹا نہین کانٹا مرے دل کا
لو نام خدا شعر بھی کرنے لگے موزون — اب اور بھی پہلو نہ بچے گا مرے دل کا
راز اشارون مین ہی سمجھاتی ہین کیا کیا آنکھین — لب تقریر مین ہین بس شوخ کی گویا آنکھین

عزت تخلص نواب نیاز علی خان باشندۂ دھن شاگرد حافظ ضیغم کلکتہ مین رہتے ہین راقم کے دوستون مین ہین

حسن دو روزہ پہ نازان ہی عبث اے گلرو — ایک دن ہوگی خزان تیری بہار آئے سے آپ

غزلت تخلص سید عبدالولی خلف شاہ سعد اللہ سورتی بڑے فاضل تھے دہلی ولکھنؤ کی سیر کی تھی عالمگیر بادشاہ انسے بہت اعتقاد رکھتا تھا اور علی وردی خان مہابت جنگ کے مرنے کے بعد یہ حیدرآباد کو گئے تھے صاحب لوان گزرے

بجز رفاقت تنہائی آشنا نہ رہا — سوائے بیکسی کوئی بھی اب مرا نہ رہا
بہار آئی چمن مین غل ہے بلبل کے صفیر و نکا — جدا ہے ہر گلی مین شور زنجیر اب اسیر و نکا
پھر آئی فصل گل اے یار دیکھیے کیا ہو — جنون کا دل مین چبھا خار دیکھیے کیا ہو
شانہ اوس لف مین پھرتے یہ بجا کہتا تھا — بات کہتے ہی شب وصل چلی جاتی ہے
تجھ پر فدا ہین سارے حسن و جمال والے — کیا خط و خال والے کیا صاف گال والے
تنہا جو مین چلا طرف وادیٔ جنون — زنجیر پاؤن پڑ کے مرے ساتھ ہو گئی

عزیز تخلص بھکھاری لال دہلوی شاگرد خواجہ سیر درد سنہ ۱۱۹۶ گیارہ سو چھیانوے ہجری مین الہ آباد مین تھے

ایسا ہے لعل لب کا ترے یار رنگ سرخ — یاقوت جسکے آگے لگے ایک سنگ سرخ
کرے نہ یار اگر دل کو صاف کینے سے — عزیز موت بھلی پھر تو ایسے جینے سے
ملین کیونکر بھلا اوس شوخ طفل لاوبالی سے — کہ سوتے سوتے جو چونکے ہے تصویر بنالی سے

جو دم کا دلتا ہے وہ ہے تیر ہوائی	جو سانس کہ پلٹے ہے سو برچھی کی انی ہے

غریبؔ تخلص غریب اللہ دکھنی شعرائے قدیم سے ہین

ایسے بیدرد سے کیون دل کو لگایا ہمنے	عشق مین جسکے کبھو چین نہ پایا ہمنے

غریبؔ تخلص شیونا تھہ مہاجن دہلوی

لیا دل اک نگہ مین دلربائی اسکو کہتے ہین	کیا بیگانہ سب سے آشنائی اسکو کہتے ہین

غریبؔ تخلص نواب عبدالعزیز خان خلف نواب محمد سعادت یار خان نبیرۂ حافظ الملک حافظ رحمت خان بہادر والیِ روہیلکھنڈ عدالت دیوانی فرخ آباد مین وکالت کرتے ہین شعر خوب کہتے ہین راقم کے دوستون مین ہین یہ شعر اس تذکرے کے لیے بھیجے تھے

نظارۂ جمال سے سرشار ہو گیا	مجھکو شراب شربتِ دیدار ہو گیا
فرقت مین جان بھی نہ بدن سے نکل سکی	یہ سہل کام ضعف سے دشوار ہو گیا
نام رکھینگے وہ ہم لینگے اگر نام جفا	بات شکوہ کی کھینگے تو شکایت ہو گی
آمد یار سے خوش ہے دلِ ناتجربہ کار	نہین واقف کہ قیامت دمِ رخصت ہو گی
کرین سوال نکیرین کس سے بعد فنا	بدن مزار مین ہے روح کو ہی یار مین ہے
عجب فرے سے گذرتی ہے میکشون کی غریبؔ	پیالہ ہاتھ مین مینا ہے کنار مین ہے

غریبؔ تخلص لالہ دیبی پرشاد بن لالہ مکھن لال باشندۂ شاہجہان پور مقیم فتحگڈھ

آتا ہے یہ بھی شام جدائی مین اپنے کام	ہر داغ دل چراغ ہے شبہائے تار کا

غریبؔ تخلص راجہ یوسف علی خان رسالہ دار مخاطب بہ اعتماد الدولہ ولد غلام رضا خان ہمشیرہ زادہ سعید الدولہ علی محمد خان شاہ اودھ کے ہمراہ کلکتہ مین آئے تھے وطن اجداد دہلی مولد و مسکن لکھنؤ صاحب سراپا سخن نے انکو مولوی محمد بخش شہید کا شاگرد لکھا ہے لیکن انھون نے راقم سے آتش کا شاگرد رہنا بیان کیا تھا واللہ اعلم بالصدق والصواب

بدر سوائیون کے یار نے پوچھا تو کیا	ساری دنیا سے بڑا ہو کے مین اچھا ٹھہرا

کیسلی وضعون کا پھر دم بھرے مگر پہلے
کرے ہمارا سا پیدا دل وجگر کوئی سنگ

جوانی سخت دلونکے مزے سے خالی ہے
بہار مین بھی نہ ہو زیر نیشتر رگ سنگ

شرگانون پہ بن جاتے ہین گل لخت دل اکثر
بلکون کو بنا دیتی ہے پھولون کی چھری آنکھ

باغ مین فصل بہار آئی خوشی ہے تو یہ ہے
عاشق گل ہون تمنا جو مری ہے تو یہ ہے

دن مین سو مرتبہ بے وجہ رولا دیتے ہین
اور تو کچھ نہین بس انکو ہنسی ہے تو یہ ہے

سیر گردون تجھے دکھلائے وہ ملکی مستی
آرزوے فلک پیر مری ہے تو یہ ہے

مرتے ہین تنگ دہانی پہ کسی گلرو کے
کیا بتائین سبب کم سخنی ہے تو یہ ہے

کاندھا دینا ہے پڑا الشہ عاشق کو ضرور
پہلی آفت مرے نادان پہ پڑی ہو تو یہ ہے

حشر ہو جاے پلٹ جاے بلا سے دنیا
تم کسی طرح سے آجاؤ اجی ہو تو یہ ہے

عزیز تخلص منشی عبد العزیز رائیطر بلہتہ آفیس شہر کلکتہ ولد منشی کرامت اللہ شاگرد مولوی عصمت اللہ انصاری وطن اصلی جسر مولد ومسکن وجاے تربیت کلکتہ طبیعت انکی شعر گوئی سے سنایت مناسب ہے شعر اچھا کہتے ہین عرصہ قلیل سے شعر گوئی شروع کی ہے صاحب دیوان ہین

پیا ہے جسنے پانی یار کے چاہ زنخدان کا
خضر ہوئے وہ کب محتاج تیرے آب حیوان کا

نہین ہے خط عذار آتشین رشمع رویون کی
سمندر اب ہے پروانہ چراغ مہربانون کا

گمان شمع میرے خون کے فوارے پہ ہوتا ہے
ہے پروانہ ہر جو ہر تری شمشیر برّان کا

دل مقید ہو گیا زنجیر زلف یار کا
طوق گردون مین پڑا ہے ابرو خمدار کا

دونون رخسارون کا تیرے نور چین اے ماہ وش
ماہ کامل ایک ہے مہر منور دوسرا

اونس شوخ پر جفا یہ کسی کا جو آے دل
صدمے ہزار لاکھ جفائین اوٹھاے دل

چاہ غم مین دل ڈبو بیٹھے ہین ہم
زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے ہین ہم

یارب کٹیگی ہجر کی راتین یہ کس طرح
پہلو مین جلوہ گر جو وہ رشک قمر نہین

ذرہ افشان نہین ہین زلف عنبر فام مین
تارے چھٹکے ہین مقرر یہ سواد شام مین

وہ شوخ فتنہ خو اولٹے چہرے سے نقاب اپنی
ستم ہو قہر ہو محشر بپا ہو اور قیامت ہو

رہون مین سایۂ دامان پاک لطف احمد مین
سوا نیزے پہ چمکن یا خدا مہر قیامت ہو

زلف سیہ نہ روے مصفا پہ چھوڑیے
شام خزان نہ کیجیے صبح بہار کو

کرتے ہین یون مریض محبت کا وہ علاج
دیتے ہین زہر گھول کے مجھکو دوا کے ساتھ

مثل پروانہ نہ کیونکر رشک سے ہم جل بجھین
حیف وہ مہر وچراغ خانۂ بیگانہ ہے

خواب مین ہمکنار دلبر تھا
مجھکو ہے بخت بیدار کیا کہنے

تعجب سب کو ہے اس فکر مین ہمارا زمانہ ہے
مہ نو ابر مین ہے یا کہ اون زلفون مین تانا ہے

وہ گنج حسن آیا ہے غرنیز اب اپنے قبضے مین
مرے پیش نظر کیا مال قارون کا خزانا ہے

آج سر خنجر بران سے جدا ہوتا ہے
مجھیہ قاتل کا جو حق تھا وہ ادا ہوتا ہے

غرنیز تخلص مولوی محمد عبدالغرنیز خلف مولوی امام بخش صہبائی مرحوم مقیم دہلی

نہین ہے رحم ومروت جو تجھ مین خیر نہ ہو
ذرا خدا ہی کا کچھ تیرے دل مین ڈر ہوتا

خدا نخواستہ کیا اوس سے ہمکو تھا انکار
غرنیز کعبہ اگر کوچۂ بتان ہوتا

یک قلم کیونکہ تمنا کو مٹا دون ظالم
اک خدا ٹھہر گیا مین کوئی بندا نہ ہوا

کج منہیون سے خلق کے دیکھا کیا ہوا
منصور کو حریف نہ ہونا تھا راز کا

ہم عاصیون کا بار گنہ سے جھکے ہے سر
اور خلق کو گمان ہے ہم پر نماز کا

وہ نہین لطف وہ وفا ہی نہین
تو تو گویا کہ آشنا ہی نہین

تیر ہی اس شوخی رفتار سے نکلی بارہی
خاک ہوکر جو تہی اک دل مین تمنا باقی

غرنیز تخلص مرزا غرنیز الدین شاگرد عبدالرحمن خان احسان شاہ عالم بادشاہ کی اولاد مین تھے

تو جو تیغہ کو اودہر قاتل اوٹھا کر رہگیا
مین ادہر حسرت سے سر اپنا جھکا کر رہگیا

مین یہ حیران ہون غرنیز واہ یہ کیا ہو گیا
بیٹھے بیٹھے عشق کا آزار کیسا ہو گیا

غرنیز تخلص مولوی غرنیز الدین باشندۂ فرید آباد دہلی مین نشو نما پائی تھی

یاد سمجھتے تھے کبھی گھر کو ترے گھر اپنا
یاد گزرا نہین ہوتا ترے در پر اپنا

عالم مین اے غرنیز نسیم وصبا کے ہاتھ
کیا کیا اوڑی نہ خاک ہمارے غبار کی

غریب تخلص نواب یوسف علی خان

اب خاک گلرخون سے کردن رنباط و عشق
وہ دل نہین دماغ نہین وہ جگر نہین
نے تو رفو کی جا ہے نہ مرہم کا ہے مقام
کوئی علاج زخم دل اے بخیہ گر نہین

غریب تخلص مہاراج سنگھ قوم کائتھہ باشندۂ دہلی شاگرد شاہ نصیر دہلوی انھون نے دیوان نصیر دہلوی کو جمع کیا ہے

جام مے گلرنگ سے واقف نہین ساقی
غنچہ کی طرح پیتے ہین خون جگر اپنا
پہلے ہی کشتہ تھے ہم اوس نرگس مخمور کے
قس یہ کافر اور یہ سرمہ کا دبالہ بنا
لیکے نقد دل کبھی جو ایک بوسے بھی نہ دے
اے غریب اوس مفت بر سے کیا طمع سود اہے

غریب تخلص مرزا یوسف علی خان باشندۂ بنارس شاگرد مرزا نوشہ غالب دہلی کے اسکول مین معلم ہین انسے دہلی مین ملاقات ہوئی تھی انیس و دبیر کے مرثیون مین بہت سی غلطیان نکالی ہین اور اونکے بہت سے مرثیون کا جواب لکھا ہے

بدطالعی سے نیک نہو گا مآل کار
بگڑے مین کوئی کام بنایا نہ جائے گا
ناصح کی ناتوانی مین ہم سنکے کیا کرین
سر اونکے آستان سے اوٹھایا نہ جائیگا
ہم یہ کہ اپنی مرگ کو تم سے طلب کرین
تم وہ کہ ہمکو تم سے بلایا نہ جائے گا

غریب تخلص شیخ محمد علی ولد شیخ عاشور علی حضرت سلیم چشتی کی اولاد مین تھے

گردش نے جام چشم کے بدمست کردیا
ساقی ہمارے پاس سے مینا اوٹھائیو

غمس تخلص بدرالدین دہلوی انکا سارا کلام اسی انداز کا ہے

کیون بے اوقفے چلا تھا کیا یہ جھگڑا رات کو
کسلیے آیا تھا تیرے گھر وہ مکر رات کو

عسکر تخلص عسکر علی خان بنگالی

روتے روتے نرہا نام کو نم چشمون مین
آبرو کیونکہ رہے گی مری ہم چشمون مین

عسکری محمد حسن کیمین برادر و شاگرد نادر حسین ہاشمی مقیم کالپی

چھوٹا نہ عسکری کبھی دل اوسکے دام سے
زلف اوسکی اک نمونہ ہے قید فرنگ کا
بیٹھے ہین چپ کہ آپ کا اسمین ضرر نہین
نالہ نہین فغان نہین کچھ شور و شر نہین

عسکری نے لی جنون مین جانہ و بر کی راہ
ایسے مطلب کی نہ سوجھے گی کسی ہشیار کو

آمد گل ہے طرب ساز صبا پھرتی ہے
بلبلو مژدہ کہ گلشن کی ہوا پھرتی ہے

عشاق تخلص ایک ہندو شاعر قدیم کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

سبز خط سے اور ہوا حسن یار کا
آخر خزانے کچھ نہ اوکھاڑا بہار کا

عشرت تخلص میر غلام علی باشندۂ بریلی شاگرد مرزا علی لطف انھون نے پدماوت کی مثنوی کو جو عبرت سے رہگئی تھی ۱۱۷۲ بارہ سو گیارہ ہجری مین باتمام پہونچایا صاحب دیوان گزرے

بسان جام خالی پھوڑ ڈالون چشم پر خون کو
نہ دیکھون گر صراحی دار اوس مخمور کی گردن

غیرون سے ہنسا وہ جو مرے سامنے عشرت
کچھ بس نہ چلا دیکھ کے آنسو نکل آئے

شب وصال مین دل پر قلق ابھی سا ہے
سحر ہے دور مرا رنگ فق ابھی سا ہے

ہنوز دفن ہوا بھی نہین ترا بسمل
کہ زلزلہ مین زمین کا طبق ابھی سے ہے

عشرت تخلص مرزا اکبر علی لکھنوی صاحب دیوان ہین

لخت دل کو ملکے تو وہ کہا قاتل نے یون
لعل کا پیدا ہوا ہے اپنے معدن زیر پا

عشرت تخلص مرزا کلن دہلوی خلف مرزا حیدر شکوہ داماد و شاگرد مرزا یار علی نشاط

خاک ہونا بھی ہوا حق مین ہمارے کیمیا
ورنہ دامن تک پہونچنا اے فلک دشوار تھا

کر دیا آسان بس تیری نگاہ قہر نے
ورنہ مرنا سخت جانی سے بہت دشوار تھا

تن سے بھی اوتر کرنہ گراؤن پر اوسکے
کیا کیجیے قسمت ہی بری ہے مرے سر کی

عشق تخلص حضرت شاہ رکن الدین دہلوی عرف شاہ گھسیٹا نبیرۂ شاہ فرہاد معاصر سودا عظیم آباد مین سکونت اختیار کی تھی صاحب کمال تھے صاحب دیوان گزرے

تیر کے نام پر تڑپتا ہے
اسطرح کا کہین جگر دیکھا

دیدۂ دل جو کر کے وا دیکھا
حرم و دیر مین خدا دیکھا

اوسکے دامن تلک نہ پہونچے ہم
خاک مین آپ کو ملا دیکھا

دشت تجھکو قسم ہے مجنون کی
عشق سا بھی برہنہ پا دیکھا

خانمان کر چکا ہون مین برباد ۔ تو بھی وہ میرے گھر نہین آیا
مہربانی کرو تو عیب نہین ۔ کام تو اب پیام سے گزرا
ہمنے تو خاک بھی دیکھا نہ اتر روے مین ۔ عمر کیون کھوئے ہوا سے دیدۂ تر روے مین
کیا کہا بیوفا مین ظالم ہم نے تری سہی ہین ۔ لیکن ہکایتون سے لب تشنا نہین ہے

عشق تخلص شاہ غلام علی خلف شاہ لخان متوطن مؤ مقیم فرخ آباد

عشق تم نے تو سبت عشق مین غوطہ کہائے ۔ کہین ڈوبے کہین اوچھلے کہین جاکر نکلے

عشق تخلص میر محمد علی حیدر آبادی

بسان مردمک چشم جو ہین اہل نظر ۔ قدم کو رکھتے ہین کب اپنے گھر سے باہر
جو صاف طبع ہین وہ ہر زہ گرد کب ہوتے ہین ۔ کہین جگہ سے بھی جنبش کرے ہے آب گہر

عشق تخلص حکیم عزت اللہ خان دہلوی خلف حکیم میر قدرت اللہ خان قاسم شاگرد حکیم ثنا اللہ خان فراق صاحب دیوان گزرے

نہ پوچھو ضعف سے تار نگہ مین اے صنم ۔ ہر ایک اشک کا منکا ہے ہم کو سو من کا
ترا اے صانع تقدیر ہم نے کیا بگاڑا تھا ۔ کہ اوس نازک بدن کا دل بنایا سنگ خارا سا
لیا جو ایک مین بوسہ تو کیا اے یار ہوا ۔ خفا نہ ہو ترے صدقے گیا نثار ہوا
ترنجیر پہ دست بسر داغ بدل ہاے ۔ اے شوخ یہ ہے تیرے گنہگار کی صورت
کیونکر آوے نہ مجھے اب کمر یار پسند ۔ فکر ہا رہ یک سبحہ او رہبتی و شوار پسند
چشم پر خون مین ہے لخت دل بیتاب ہنوز ۔ ایک جا جمع ہین یہان آتش و سیماب ہنوز
دل بیقرار تو نے چرائے ہین زلف یار ۔ لیو تینگے بال بال کا تجھسے حساب ہم
سبز خط کی دل سے الفت ہم اوٹھا سکتے نہین ۔ جو خدا نے لکھدیا اوسکو مٹا سکتے نہین
تم غیر کے گھر بیٹھ کے دل شاد کروگے ۔ ہم کون ہین صاحب کہ ہمین یاد کروگے

عشق تخلص شیخ غلام محی الدین ساکن میرٹھ مبتلا بھی تخلص کرتے تھے صاحب دیوان گزرے

پتھر اگنین بھین اپنی تو آئینہ وار چشم ۔ قسمت مین کسکی ہے ترا دیدار دیکھنا
وان بہر فساد ہین رندان بادہ نوش ۔ اے محتسب نہ جائیو میخانہ کی طرف

تجھے اے کافر بیکس ظالم کچھ نہ رحم آیا | ستمگر نامسلمان سنکدل سب کچھ کہا تجھنے
دل کا تختہ ہے مراجون گل کاغذ کا چمن | یہان بہار ایک ہی چھینٹے مین خزان ہوتی ہے

عشق تخلص سید حسین مرزا مرثیہ گو عرف آغا سید خلف و شاگرد محمد مرزا انس باشندہ لکھنو صاحب دیوان ہین

آرزو ہے کہ ترے تیغ کا چلنا دیکھین | داغ سودا ہوئے ہین چشم تمنا سر پر
تڑپ رہا ہے دل بیقرار پہلو مین | کہ برق کوندتی ہے بار بار پہلو مین

عشق تخلص آغا رضا ولد مرزا مہر علی لکھنوی شاگرد آتش

آنکھوں سے یون لگا ہون اوس گلبدن کے پاؤن | جسطرح گبر پوجتے ہین برہمن کے پاؤن

عشقی تخلص ایک شخص مراد آبادی کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

کوئی پوچھے گلچہرہ کوئی سرو روان ہے | دیکھا تو یہان ایک نہ ایک آفت جان ہے

عشقی تخلص شیخ الہی بخش ولد شیخ محمد بخش باشندہ کانپور شاگرد رشک

بال بھورے نہین اے جان تمہارے سر پر | آتش حسن جبین سے ہین شرارے سر پر
جنکی چشم سیہ جانیکے صحرا کو اگر | ہرن آنکھون پہ جگہ دینگے چکارے سر پر
عشقی کی نظر ہے اسپہ اسمین برائی کیا | اچھا نہین دماغ یہ اچھا نہین دماغ
جس نے دیکھا صورت سنبل پریشان ہوگیا | اوڑ گئی جمعیت دل واہ رے تاثیر بلف

عصمت تخلص امجد علی خان زخمی گو خلف حسین علی خان باشندہ لکھنو شاگرد مہر علیخان

للہ الحمد ہوا مرکے عزیز دلہا | دوش احباب پہ جاتا ہے جنازہ میرا

عطا تخلص محمد عطا حسین محاصہ شہیدی ایک مثنوی اسنے یادگار رہے

لب سے نکلے نہ کبھون سخن شیرین | منہ مین اوسکے زبان سرہا کی ہے
ہنس رہے ہین کہ ترے جو ترمت پر | اونھین پر ہنسنے جان فدا کی ہے

عطش تخلص شیخ احمد جان ولد شیخ محمد بخش باشندہ ڈہاکہ شاگرد میر امیر علی انشا وغلام حیدر مجیب راقم کے ملاقاتی ہین

فریب وضع کی آرائش یہان پستی دکھاتی ہے | رہا زیر فلک جو کوئی بالائے زمین آیا

پھونک دی ہے ٹھنڈی آہون نے سراپا تن مین آگ
لگ گئی دود چراغ کشتہ سے دامن مین آگ

بڑھاتا ہے فلک ادنی کو اعلی کو گھٹاتا ہے
ترقی ہے مہ نو کو تنزل ماہ کامل کو

کہان آسودگی دل کو ہوئی دیدار قاتل سے
دہان زخم مرنے پر بھی وا ہین چشم بسمل سے

جھک گیا ہون ضعف سے آوارہ پیکان ہے
اے عطش بے پر ہے جو اپنی کمان کا تیر ہے

کہتے ہے موج بحر عطش زور شور سے
پنہان ہر اک حباب کے دریا بغل مین ہے

عریان ہے تیغ دیکھیے کسکی کھلین نصیب
وہ کہنیون تک آستین اپنی چڑھا چلے

عظمت تخلص میر عظمت اللہ باشندۂ بریلی خلف میر عزت اللہ جذب شاگرد مومن خان
اپنے والد ماجد کے ساتھ مدت سے ملکون کی سیاحت کرکے دہلی مین سکونت اختیار کی تھی

نام عظمت ہے نہ شوکت نہ شکوہ
کیا ہی اس نام سے گھبراتا ہون

عظیم تخلص مرزا عظیم بیگ متوطن توران باشندۂ دہلی شاگرد حاتم و سودا سنہ ۱۲۲۱
بارہ سو اکیس ہجری مین رحلت کی صاحب دیوان گزرے

کل چشم خونفشان سے گلزار پیرہن تھا
دامن کا تھا جو تختہ اک تختۂ چمن تھا

شب جو بزم خوبرویان مین ہوا اوس کا گزر
جون چراغ خانۂ مفلس ہر اک خاموش تھا

تقریر سرگذشت نہ پوچھو کہ خامہ وار
آتا ہے گریہ ہر سر حرف بیان پر

فوارسان بلند ہے جنکا کہ حوصلہ
دریا دلون کو مارے ہین تنگی مین دھار پر

بھڑکا ہے دیا آہ نے دامان شفق کو
اے چرخ سنبھلنا کہ لگی متصل آتش

روشن دلون کو گور سواد دوست ہو نہ ربط
کیا آئینہ کو دیدۂ تصویر سے غرض

حاجت شرح و بیان رکھتے نہین رموز ضمیر
واقف ہر نیک و بد ہے گو ہے خاموش آئینہ

ہین کیونکہ تجھسے کہون حال دل کہ مثل تفنگ
صدا نکلنے کے آگے دہن مین آگ لگی

سرخ یہ نکلہ ہے یا رب یا ستارۂ آتشین
یا کسی عاشق کا خون اوسکے گریبان گیر ہے

کس نگاہ مست کا زخمی ہون یارب مین کہ اب
جاے خون ہر زخم سے جاری شراب ناب ہے

جلتی ہے مثرح سوز سے میرے زبان کلک
ہر دم ملی ہے لی جو سیاہی دوات سے

عظیم تخلص مرزا علی

تجھسا کوئی دنیا مین جفا کار نہین ہے | بیرحم وجفا پیشہ وخونخوار نہین ہے

عظیم تخلص ایک شخص کا ہے جسکا حال معلوم نہ ہوا

کچھ تنگ یہ دل کی نہین آتا ہے بجز جلوۂ یار | جب کہ ہم دل مین عظیم اپنے نظر کرتے ہین

عقیل تخلص مرزا وزیر حیدر عرف آغا مرزا ابن مرزا احمد علی بیگ باشندۂ فرخ آباد

غصہ ایسا اوسے سنکر مرے فریاد آیا | کہ چھری لیکے دہن ذبح کو جلاد آیا

علوی تخلص مولوی عبد اللہ خان مرحوم دہلوی مصنف انشاے صفیر بلبل وصحت نامہ علوی وغیرہ کتب کثیرہ نظم ونثر شمس آباد مین ۱۲۶۳ بارہ سو ترسٹھ ہجری مین انتقال کیا زبان فارسی مین کمال رکھتے تھے احیاناً کبھی اردو شعر کہتے تھے

مضمون کا فکر کیا کرین اوسکے سخن مین ہم | گم ہین خیال تنگی کنج دہن مین ہم
کیا دم تھا کل جو دے گئی یارب نسیم صبح | غنچہ کی طرح پھول گئے پیرہن مین ہم
دل غم سے تنگ سینہ سراپا الم سے خون | لائے ہین نخت غنچہ مگر اس چمن مین ہم

علی تخلص مرزا علی قلی دہلوی شاگرد سرب سنگھ دیوانہ صاحب دیوان گزرے

جدائی مین تری ہم کیا کہین کسطرح جلتے ہین | بجاے موبدن سے آگ کے شعلے نکلتے ہین

علی تخلص علی محمد خان وطن الکا افغانستان مولد ومسکن مراد آباد

دہیان مین لاتے ہین جب اوبھری کسیکی گات ہم | مارتے ہین تب دہین چھاتی پہ دونون ہات ہم

علی تخلص مرزا محمد علی خان ولد مرزا احمد بیگ معروف مرزا جان طپان دہلوی انکا مولد وجاے تربیت کلکتہ اپنے والد ماجد سے کسب سخن کیا تھا لیکن لکھنؤ مین جاکر خواجہ وزیر وزیر سے بھی دوچار غزلون مین اصلاح لی تھی راقم کی دستون مین ہین ۱۲۷۶ بارہ سو چھہتر ہجری مین مدینۂ منورہ کو ہجرت کر گئے شعر اچھا کہتے ہین صاحب دیوان ہین یہ شعر اس تذکرہ کے لیے دیے تھے

ناکامی ہی باعث ہے مری ناموری کا | پیدا وہ ہنر مین نے کیا بے ہنری کا
شدت نہ ہو وحشت کی اگر دیکھ لین تجھ کو | پردہ ترا باعث ہے صنم پردہ دری کا
شیوۂ مہر کبھی عادت ایام نہین | اس سے امید وفا جز طمع خام نہین

حرکت گر نہین اللہ کو عاشق کی پسند — جاری دیوانون پہ کیون شرع کے احکام نہین
سمجھے غنیمت علی آدمی موجود کو — دل سے کرے درگزر رفت کو اور بود کو
تو مجھ سے صاف ہے تو مرا دل ہے آئینہ — لے دیکھ آئینہ کے مقابل ہے آئینہ
کیونکر نہ اکتساب سے ہو قلب ماہیت — دیکھو جلا سے ہوتی یہی سہل ہے آئینہ
خاک پائے بتان سیمین تن — کم نہین ہے الوپ الجن سے
طلاطم مین ہمیشہ کشتی عمر روان دیکھی — حبان ہے قلزم طوفان کنار گور ساحل ہے
زمانہ وہ گیا گزرا نہ وہ تم ہو نہ وہ ہم ہین — نہ وہ سن ہے نہ وہ دن ہے نہ وہ طاقت نہ دل ہے
اے علی کیون نہ ہو امید قوی بخشش کی — کہ نبی اپنا کریم اور خدا عادل ہے

علی تخلص حکیم حیدر علی ولد حکیم میر قربان علی باشندۂ ڈھاکہ شاگرد راقم بڑے ذہین تھے انسے ایک چھوٹا سا رسالہ مونثات سماعی کے بیان مین یادگار ہے

دم توڑتے ہین اپنا شب ہجر مین ہمدم — رہ رہ کے جو دہیان آتا ہے اوس عندلیب کا
کر لیتے ہین تکلیف بھی غربت کی گوارا — یاد آتا ہے جو ظلم ہمین اہل وطن کا
کیونکر نہ علی طفل کو ہو پاس مین تسکین — شیرین ہے عسل سے بھی لعاب اوسکے دہن کا

علی تخلص میر ولایت علی مرثیہ گو بن میر قربان باشندۂ فرخ آباد

زلف پیچان اون کی دل کھاتی رہی — عاشقون پر اک بلا لاتی رہی

علی تخلص مولوی امانت علی بشیر فارسی کہتے تھے مدتون سیاحت کی تھی

یون تو سب کچھ کہا بڑا ہاتھا دے لے — ہم سے عشق مین بھلا نہ سکے

علی تخلص میر قطب علی بن میر امیر علی باشندۂ دہلی شاگرد عبدالکریم سوز

آخر آخر ترے رونے سے اوٹھینگے طوفان — اسکا انجام نہین دیدہ پرنم اچھا
کل تو علی کا حال بہت ہی تباہ تھا — کیا گذری آج اوسپہ خدا جانے کیا ہوا
دل تنگ کیے دیتی ہے اول تو اسیری — اور اوس پہ قفس تنگ ہی صیاد غضب ہے

علی تخلص حکیم محمد علی تاجر ولد حکیم غلام حیدر لکھنوی شاگرد جرأت زادہ مدینہ منورہ مین راہی ملک عدم ہوئے

آمد آمد جو سنی تیرے نظر باد و نے | شوق مین دید کے باہر نکل آئین آنکھین

علی تخلص حافظ نواب علی بہادر رئیس بانده اولد نواب ذوالفقار الدولہ شاگرد اسمٰعیل حسین میر صاحب دیوان و مثنوی مہر و ماہ مین

خیال زلف مین ہے رنج بیحساب مین روح | بلا مین ہے دل آشفتہ پیچ و تاب مین روح
ہمین سمجھتے ہین اس رنگ سبز کے مو کو | عتاب چہرے سے ظاہر ہے یار ہے دل مین
بغیر ابر کے برسے نہ جائیگی گرمی | رولاؤ شوق سے مجھکو بخار ہے دل مین

علی احمد تخلص مولوی محمد علی احمد خان خلف مولوی غوث علی خان مرحوم نامی مبندر و تاجر فیل ضلع سلہٹ راقم کے دوستون مین ہین احیانا فکر شعر کرتے ہین اور کلام اپنا راقم الحروف کو دکھلاتے ہین

پھرون ہوتا نہین زانو سے جدا سر اپنا | دھیان آتا ہے جو ایجان ترے زانو کا
چین آتا نہین جو تجھکو علی احمد آج | یاد مژگان ہے کہ کانٹا ہے ترے پہلو کا
ہووے جبتک کہ نہ برباد غبار عاشق | دامن پاک صنم تک ہے رسائی مشکل

علیل تخلص شیخ نصیر الدین دہلوی

اکی اچھے نہین ہونے کے علیل | سخت بیمار ہو ہم جانتے ہین

علیم تخلص میر فضل حسین ولد میر جعفر علی باشندۂ لکھنؤ مقیم مٹیا برج شاگرد مظفر علی ہنر یہ شعر اس تذکرے کے لیے بھیجے تھے

اے مسیحا مجھے اب کون بھلا پوچھے گا | موت کو جس سے ہو پہنچے وہ بیمار مونمین
بار عصیان سے اوٹھے گا نہ مرا سر اصلا | مجھسے تقصیر بھلا پیش خدا کیا ہو گی
بیٹھے بٹھلائے لیا زلف کا سودا سر پر | اب کوئی اور بلا اسکے سوا کیا ہوگی
جان دینے کو ہون تیار تری الفت مین | اس سے ایجان جہان بڑھکے وفا کیا ہوگی

علیم تخلص شیخ علیم الدین بن امام الدین باشندۂ راجگیر ضلع فرخ آباد

عمر عصیان مین کاٹی اپنی علیم | عاقبت کی ہمین خبر نہ ہو ئی

عمدہ تخلص لالہ جیتارام کشمیری برادر راجہ دیارام پنڈت مقیم دہلی شاگرد

انعام اللہ خان یقین

مرے تابوت پر حاجت نہین پھولونکی چادر کی | کہ میری نعش پر وہ سرو گل اندام پہنچے گا
خراب مجھکو نہ کر جان آشنا کہکر | برا کرے ہو کسوسے کوئی بھلا کہنا

عمر تخلص معتبر خان دکھنی شاگرد ولی منصب داران شاہی مین تھے

قطعہ

بس کرو زلف کو لپیٹ رکھو | کیا اسیرون کو مار ڈالو گے
ایک رسوا بہت ہے شہرت کو | جمع کر کیا اچار ڈالو گے

عمر تخلص منشی پلٹن انگریزی محمد عمر خان باشندۂ جالندھر مقیم میرٹھ بیشتر فارسی کہتے ہین

ہو رشکین دلان سے ہون مین شہید | میرا مرقد ہو سنگ مرمر کا

عنایت تخلص عنایت علی خان برادر خورد عباس علی خان بیتاب تخلص اپنے فارسی شعر امام بخش صہبائی کو اور اردو اشعار میر حسین تسکین کو دکھلاتے تھے

مین اوسکے دوش سے محفل مین لاش لیکر اٹھا | تو یہ بھی دیکھ کے اغیار بے حیا نہ اوٹھے

عندلیب تخلص لالہ گوبند سنگھ دہلوی مصنف قصۂ نغمۂ عندلیب شاگرد امیر حسن خان بسمل اندنون کلکتہ مین رہتے ہین نسخہ نغمۂ عندلیب نظر سے گزرا

عرش سے فرش تلک فرش سے افلاک تلک | جسطرف جاے نظر جلوہ ہے اوسکا پیدا

عیار تخلص سید تراب علی باشندۂ پرگنہ مہ الہ آباد مین منصفی کرتے تھے

سر کون ہے کہ تیغ ستم سے قلم نہین | وہ دل ہے کونسا کہ ترا جسمین غم نہین

عیاش تخلص میر یعقوب علی لکھنوی بیشتر مرثیہ کہتے تھے

خنجر بیداد کو سنگ فسان پر تیز کر | وقت قتل اتنا ترحم مجھ پہ اے خونریز کر
پیر میخانہ یہی کہتا ہے ہر اک رند کو | صحبت زاہد سے جتنا ہو سکے پرہیز کر

عیاش تخلص خیالی رام کائتھ دہلوی شاگرد نصیر

جام ہے ہاتھ مین اور شیشۂ مے زیر بغل | نہین عیاش کو اب بزم خرابات سے چھوٹ

عیاش تخلص غلام جیلانی خان فرزند غازی الدین خان بہادر شاگرد جرأت

امڈا ہے ابر زور زمین سبزہ زار ہے | ساقی جو تو بھی آئے تو کیا ہی بہار ہے
گنتا ہون دم فراق مین تیری مری لیے | ہر رات تیرے ہجر کی روز شمار ہے

عیاش تخلص سید محمد جعفر شاگرد خلیل

جل گئے خاک ہوئے اپنا یہ نقشا ٹھہرا | شعلہ طور جوادن کا رخ زیبا ٹھہرا
زہر کھاؤ گے شب ہجر کہ کاٹو گے گلا | ہمسے کہدو جو ہو عیاش ارادہ ٹھہرا
کسدن ہوا نہ آگ پیام و صال پر | چنگاریان چھڑین نہ رخ آتشین سے کب

عیاش تخلص شیخ مدار بخش زمیندار موضع سناح پور ضلع الہ آباد

دن کو آتا ہے نظر وہ مہ خوبی عیاش | کہون کیونکر اثر نالہ شبگیر نہین

عیاش تخلص نواب شہریار مرزا خلف نواب سلطان مرزا عرف مرزا سنڈیلیتا پوری مقیم لکھنؤ شاگرد میر وزیر بیسوا

کے چلے ہم ہوس عشرت دنیا دل مین | رہ گئی یار کے ملنے کی تمنا دل مین
کعبہ دل کو نہ ڈھاؤ نہ یہ آفت توڑو | اے بتو کچھ تو کرو خوف خدا کا دل مین

عیاش تخلص مرزا کلب علی خان بہادر ڈپوٹی کلکٹر ضلع پرتاب گڑھ بن مرزا کلب حسین خان بہادر نادر تخلص اسسے لکھنؤ مین ملاقات ہوئی تھی

مردہ بنا کیا مجھے ناحق جلا کے آپ | کیا کرگئے یہ قبر کو ٹھوکر لگا کے آپ
دل لیگئے مرا رخ روشن دکھا کے آپ | ہے ظلم چوری کرتے ہین مشعل جلا کے اب

عیان تخلص غالب علی خان فارسی بیشتر کہتے تھے

چمن مین جب کبھو مین نالہ و فریاد کرتا تھا | مری کس طرح سے دلبری صیاد کرتا تھا

عیان تخلص مرزا ہاشم علی ولد مرزا کاظم علی جوان مقیم کلکتہ

خوش اداؤن کے ہمیشہ ناز اوٹھایا چاہیے | جب وہ روٹھین پاؤن پڑ پڑ کے منایا چاہیے

عیش تخلص مرزا محمد عسکری خلف مرزا علی نقی شہر امین جہانگیر نگر عرف ڈھاکہ باشندہ دہلی مقیم مرشد آباد شاگرد قدرت اللہ قدرت جس صاحب تذکرہ نے انکا تخلص عسکری لکھا ہے غلطی کی ہے

جو خوش طالع کہ شادی مرگ تیرے وصل مین ہووے | نہین وہ روز محشر کو بھی تا مقدور او ٹھیگا

عیش تخلص خدا بخش

جب سے دیکھا ہے تمہارے چہرۂ پر نور کو
کر مکِ شب تاب سمجھا ہون چراغ طور کو

عیش تخلص مرزا حسین رضا لکھنوی شاگرد میر سوز

وہ اگر آئے بپشت بام کہین
مین بھی کر لون اوسے سلام کہین

کیا ہے یہ قطرہ قطرہ دے ساقی
ایک باری تو بھر کے جام کہین

عیش تخلص میر علی حسین لکھنوی خلف میر محمد علی سید تخلص شاگرد دداماد خواجۂ وزیر

فرہاد و قیس لیلی و شیرین کو بھول جائیں
دے دون اگر مین یار کی تصویر ہاتھ مین

تیغ نگاہِ ناز سے کیجے مجھے شہید
کیون آپ لے کے آئے ہین شمشیر ہاتھ مین

عیش تخلص حکیم آغا جان باشندۂ دہلی

مانا کہ ستم کرتے ہین معشوق مگر آپ
جو مجھ پہ روا رکھتے ہین ایسا نہین ہوتا

کہتا ہے کوئی شعلۂ جوالہ کوی برق
اس دل پہ گمان لوگو کیا کیا نہین ہوتا

اک زلف کا بل ہو تو کہون سیکڑون بل ہین
پیشانی سے ابرو تلک ابرو سے کمر تک

افشاے رازِ عشق کے باعث تمہین تو ہو
سو بیحجابیان ہین تمہارے حجاب مین

عیش تخلص رائے عزت سنگھ منشی دفتر خانہ خالصہ شریفہ باشندۂ دہلی شاگرد مولوی امام بخش صہبائی و شاہ نصیر دہلوی

رہے جب تک کہ نیچے تھا زمین پر شور محشر کا
بنی گی کیا فلک پر اب نگاہِ یار اونچی ہے

نہ ہو پست و بلند دہر سے نافل تو اے منعم
کہین نیچے کہین یہ راہ ناہموار اونچی ہے

عیش تخلص نواب محمد مرزا خلف شوکۃ الدولہ علی مرزا بہادر نیشاپوری باشندۂ لکھنؤ شاگرد میر دوست علی خلیل

ساتھ سونے کی ہے مدت سے تمنا دل مین
کہہ دیا ہمنے مری جان جو کچھ تھا دل مین

مشک نافہ مین بھلا تل کو ترے کیا کہتا
بات پہلے ہی سمجھ لیتے ہین دانا دل مین

عیش تخلص شیخ ابو محمد فاروقی ولد شیخ نور اللہ اقرابت دار قاضی امین اللہ جاجموی شاگرد رشک صاحب دیوان گزرے

ہرگز نہین ہے یاس سخن اوسکو آج کل
کیا فائدہ ہے دیوین جو ہم ہاتھ ہاتھ مین

ڈوبے ہین سانچے مین صانع نے تمھارے ہاتھ پاؤن
ہین خوش اسلوب اوزانک واہ وا رہا تھ دوان

عیش تخلص حافظ الٰہی بخش خلف سیف اللہ دہلوی مقیم میرٹھ شاگرد امداد حسین ظہور

خود بخود دل ہے چاک چاک اپنا
عشق ہے اوسکو کسکے خنجر کا

شب فرقت شب مصیبت ہے
روز ہجران ہے روز محشر کا

عیش تخلص مرزا مسیتا خلف مرزا امداد حسین باشندہ گڑھی میر نعیم خان متعلق لکھنؤ مقیم مٹیا برج متعلق کلکتہ یہ شعر اس تذکرہ کے لیے بھیجے تھے راقم نے انکو کلکتہ کے مشاعرہ مین دیکھا ہے شعر اچھا کہتے ہین

شمع سان رکھتے ہین ہم عشق مین ای یار قدم
سر بھی کٹجاے تو ہٹتے نہین زنہار قدم

وہم عارض سے گلون کو ہین بچا کر چلتے
باغ مین رکھتے ہین ہم پھونک کے ہر بار قدم

یون ترا زار ہے ہر گام پہ آہین بھرتا
رکھتے ہین جیسے عصا ٹیک کے بیمار قدم

کشاکش یاد گیسو مین عیان تھی ہر رگ تن سے
بتاؤن کیا شب ہجران کٹی ہے کیسی الجھن سے

نظر آتے ہین صحرائے جنون کے رنگ گلشن سے
عجب وحشت نمایان ہے گلون کی چاک دامن سے

اثر سوز جنون کا کوئی مانی سے ذرا پوچھے
چراغ آسا مری تصویر جل اٹھتی ہے روغن سے

دکھا دو تم جو حسن کعبہ رخ دیر مین جاکر
صدا تکبیر کی پیدا ہو نا قوس برہمن سے

عیان ظلم خزان ہے بولتا ہے خون بلبل کا
صدا ئین ہاے گل کی آرہی ہین صحن گلشن سے

عیش تخلص جوالا پرشاد عملہ پولیس فرخ آباد بن لالہ کملا پرشاد

کچھ دور نہین غیر سے چھپکر جو وہ آئین
بیباک ہین چالاک ہین کیا کر نہین آتا

کسکی قسمت کا خدا جانے ستارا چمکا
ماہرو آپ کہان رات کو مہمان رہے

سلسلہ گیسوے جانان کا جنون مین چھٹا
ہتکڑی ہاتھ مین ہے پاؤن مین زنجیر بھی ہے

عیشی تخلص طالب علی خان ولد علی بخش خان لکھنوی شاگرد مرزا قتیل بعضے تذکرہ والون نے انکو مصحفی کا شاگرد بھی لکھا ہے انسے دیوان فارسی و ریختہ و مجموعہ نثر و سرود چرانمان یادگار ہین شعر انکے اچھے ہوتے ہین

کون پابند جنون فصل بہاراں مین نہ تھا
اس برس تنگ جوانی تھا جو زنداں مین نہ تھا

دل گرفتہ ہون کرونگا ہو کے مین آزاد کیا
مجھ کو یکسان ہے چمن کیا خانۂ صیاد کیا

زخم کاری جسم پر کشتون کے جان تازہ ہے
آب حیوان مین بجھا ہے خنجر جلاد کیا

کیا کہون آتش عنانی اوسکے گھوڑے کی مگر
برق جای نعل رکھتا ہے وہ توسن زیر پا

ڈبوئین اوسکی انگلیان کس نگینہ کے خون مین نہ تھے
کہ جسکا رنگ ہے رشک گل شاداب ناخن پر

سخن اوسکے عجائب لطف لکنت مین کھاتے ہین
نزاکت سے زبان پر حرف کیا کیا لڑکھڑاتے ہین

تن تنہا بیاد استرل ہستی مین رہ جاؤ
اوٹھو عیشی عدم کو قافلے یارون کے جاتے ہین

مین نے عیشی سے جو پوچھا دل پر خون کا حال
اک صراحی مئی گلگون کی بھری دکھلا ئی

حرف غین معجمہ

غازی تخلص ایک شخص دکھنی کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

تمہین مژدہ ہے دیوانو مقرر سیر بہار آئی
کہ بوئے گل سحر دوش ہوا پر ہو سوار آئی

غافل تخلص میر سید محمد خوشنویس صاحب مفتاح اللغات و ترجمہ لیلاوتی مدرسہ دہلی میں اردو اور ناگری کے مدرس تھے

کھانے کو غم جہان مین باقی نہین رہا
پینے کو ایک قطرۂ خون جگر نہین

غافل تخلص میر محمد علی دکھنی شاگرد قدرت اللہ قدرت

جیسے کو تجھ بن عجب کچھ رات بیحوالی رہی
اک فلق جی کو رہا اور دل کو بیتابی رہی

جب تلک جیتے رہے جاری رہے آنکھون سے اشک
بعد مرنیکے بھی مدت تک یہ سیلابی رہی

غافل تخلص مولوی عبد الرحیم ولد نور محمد باشندۂ بیرد دال ضلع امرت سر

مضطر نکو کوئی شی نہین بسمل کے برابر
پیراہن تیرا ہے کب مرے دل کے برابر

غافل تخلص مرزا غلل لکھنوی

یہان مرگ ہے جینا ہے یہان درد ہی درمان ہے
عاشق ترا منت کش کب ہو دے مسیحا کا

بلبل چمن مین کہتی ہے سر اپنا مار کے
پل مارنے مین جاتے رہے دن بہار کے

غافل تخلص رائے سنگھ باشندۂ دہلی حساب مین اچھی مہارت رکھتے تھے

وصف کرتا ہے اون لبون کا جب	غافل اوسوقت لعل اوگلتا ہے

غافل تخلص نجناور سنگھ مرادآبادی

بیمارِ عشق کی نہ دوا ہو طبیب سے	مرجائے یا جیئے کوئی اپنے نصیب سے

غافل تخلص منور خان مرحوم باشندۂ لکھنؤ ولد صلابت خان رفیق فقیر محمد خان گویا شاگرد غلام ہمدانی مصحفی صاحب دیوان گزرے

کام آیا نہ ترے وقت کوئی اے غافل	نہین معلوم یہ اپنے ہین کہ بیگانے ہین
نواسنجِ چمن دیتے نہ تکلیف فغان مجھکو	برنگِ شعلہ گر وہ جانتے آتش زبان مجھکو
یادگیسو مین اوبجھتا ہے سرشام سے دل	رات کیا آتی ہے اک سر پہ بلا آتی ہے
دیدنی کارگاہ صنعت ہے	بت ہے جو یہان خدا کی قدرت ہے

غالب تخلص مخدوم اعظم نجم الدولہ دبیر الملک اسد اللہ خان بہادر نظام جنگ معروف بہ میرزا نوشہ خلف عبد اللہ بیگ خان اولاد مین افراسیاب کے ہین مولد انکا اکبرآباد مسکن دہلی طبیعت انکی بہت دشوار پسند ہے اشعار فارسی انکے اشعار طوری ترشیزی و میرزا عبد القادر بیدل کے ہم پہلو ہوتے ہین اشعار اردو مین بھی یہی انداز ہے اوائل مین اردو غزلون مین اسد تخلص کرتے تھے بڑا عرصہ گزرا کہ کلکتہ مین بھی آئے تھے راقم کو دہلی مین رہنے کے ہنگام مین انکی خدمت مین نیاز حاصل ہوا تھا کلیات انکا نظر سے گزرا ۱۲۵۰ بارہ سو پچاسی ہجری مین انتقال کیا

کہتے ہو نہ دینگے ہم دل اگر پڑا پایا	دل کہان کہ گم کیجے ہم نے مدعا پایا
شورِ پندِ ناصح نے زخم پر نمک چھڑکا	آپ سے کوئی تمنے پوچھے کیا فرمایا
بوے گل نالۂ دل دودِ چراغِ محفل	جو ترے بزم سے نکلا سو پریشان نکلا
مین نے چاہا تھا کہ اندوہ وفا سے چھوٹون	وہ ستمگر مرے مرنے پہ بھی راضی نہ ہوا
مرگیا صدمۂ یک جنبشِ لب سے غالب	ناتوانی سے حریف دمِ عیسیٰ نہ ہوا
گو نہ سمجھون اوسکی باتین گو نہ پاؤن اوسکا بھید	پر یہ کیا کم ہے کہ مجھ سے وہ پری پیکر کھلا

منہ نہ کھلنے پر ہے وہ عالم کہ دیکھا ہی نہین
زلف سے بڑھکر نقاب اوس شوخ کی منہ پر کھلا

در پہ رہنے کو کہا اور کہکے کیسا پھر گیا
جتنے عرصہ مین مرا لپٹا ہوا بستر کھلا

کی مرے قتل کے بعد اوسنے جفا سے توبہ
ہائے اوس زود پشیمان کا پشیمان ہونا

حیف اوس چار گرہ کپڑے کی قسمت غالب
جسکی قسمت مین ہو عاشق کا گریبان ہونا

تیرے وعدے پہ جیئے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا
کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا

یہ مسائل تصوف یہ ترا بیان غالب
تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا

تجاہل پیشگی سے مدعا کیا
کہان تک اے سراپا ناز کیا کیا

تھی خبر گرم کہ غالب کے اڑینگے پرزے
دیکھنے ہم بھی گئے تھے پہ تماشا نہ ہوا

لے تو لون سوتے مین اوسکے پاؤن بوسہ
ایسی باتون سے وہ کافر بدگمان ہوجائیگا

واے گر میرا ترا انصاف محشر مین نہ ہو
اب تلک تو یہ توقع ہے کہ وہان ہوجائیگا

جمع کرتے ہو کیون رقیبون کو
اک تماشا ہوا گلا نہ ہوا

ہے خبر گرم اونکے آنے کی
آج ہی گھر مین بوریا نہ ہوا

مین اور بزم مے سے یون تشنہ کام آؤن
گر مین نے کی تھی توبہ ساقی کو کیا ہوا تھا

ہوا جب غم سے یون بیحس تو غم کیا سر کے کٹنے کا
نہ ہوتا گر جدا تن سے تو زانو پر دھرا ہوتا

ہوئی مدت کہ غالب مر گیا پر یاد آتا ہے
وہ ہر اک بات پر کہنا کہ یون ہوتا تو کیا ہوتا

دل دیا جانکے کیون اوسکو وفادار اسد
غلطی کی کہ جو کافر کو مسلمان سمجھا

ہوئی تاخیر تو کچھ باعث تاخیر بھی تھا
آپ آتے تھے مگر کوئی عنان گیر بھی تھا

بکڑے جاتے ہین فرشتونکے لکھے پر ناحق
آدمی کوئی ہمارا دم تحریر بھی تھا

رشک کہتا ہے کہ اوسکا غیر سے اخلاص حیف
عقل کہتی ہے کہ وہ بے مہر کسکا آشنا

ذکر اوس پریوش کا اور پھر بیان اپنا
بن گیا رقیب آخر تھا جو راز دان اپنا

مے وہ کیون بہت پیتے بزم غیر مین یارب
آج ہی ہوا منظور اونکو امتحان اپنا

تا کرے نہ غمازی کر لیا ہے دشمن کو
دوست کی شکایت مین ہمنے ہمزبان اپنا

ہم کہان کے دانا تھے کس ہنر مین یکتا تھے
بے سبب ہوا غالب دشمن آسمان اپنا

جور سے باز آئے پر باز آئین کیا
کہتے ہین ہم تجھکو منھہ دکھلائین کیا

لاگ ہو تو اوسکو ہم سمجھین لگاؤ
جب نہ ہو کچھ بھی تو دھوکا کھائین کیا

پوچھتے ہین وہ کہ غالب کون ہے
کوئی بتلاؤ کہ ہم بتلائین کیا

تو ہم مریض عشق کے بیمار دار ہین
اچھا اگر نہ ہو تو مسیحا کا کیا علاج

غم سے مرتا ہون کہ اتنا نہین دنیا مین کوئی
کہ کرے تعزیت مہر و وفا میرے بعد

وہ آرہا مرے ہمسایہ مین تو سایہ سے
فدا ہوئے در و دیوار پر در و دیوار

یارب وہ سمجھے ہین نہ سمجھین گے مری بات
دے اور دل انکو جو نہ دے مجھکو زبان اور

مرتا ہون اس آوازپہ ہر چند سر اوڑ جائے
جلاد کو لیکن وہ کہے جائین کہ ہان اور

اسد بسمل ہے کس انداز کا قاتل سے کہتا ہے
کہ مشق ناز کر خون دو عالم میری گردن پر

جاتے ہوئے کہتے ہو قیامت کو ملینگے
کیا خوب قیامت کا ہے گویا کوئی دن اور

دل سے نکلا پہ نہ نکلا دل سے
ہے ترے تیر کا پیکان غزیز

مر گیا پھوڑ کے سر غالب وحشی ہے
بیٹھنا اوسکا وہ آکر تری دیوار کے پاس

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کروگے لیکن
خاک ہو جائینگے ہم تم کو خبر ہونے تک

لون دام بخت خفتہ سے اک خواب خوش ولے
غالب یہ خوف ہے کہ کہا سے ادا کرون

کی وفا ہم سے تو غیر اوسکو جفا کہتے ہین
ہوتی آئی ہے کہ اچھون کو برا کہتے ہین

اگلے وقتون کے ہین یہ لوگ انھین کچھ نہ کہو
جو مے و نغمہ کو اندوہ ربا کہتے ہین

مہربان ہوکے بلا لو مجھے چاہو جسوقت
مین گیا وقت نہین ہون کہ پھر آبھی نہ سکون

ضعف مین طعنۂ اغیار کا شکوہ کیا ہے
بات کچھ سر تو نہین ہے کہ اوٹھا بھی نہ سکون

زہر ملتا ہی نہین مجھ کو ستمگر ورنہ
کیا قسم ہے ترے ملنے کی کہ کھا بھی نہ سکون

ڈھول دھمکا اوس سراپا ناز کا شیوہ نہین
ہم ہی کر بیٹھے تھے غالب پیشدستی ایکدن

ہم کو ستم عزیز ستمگر کو ہم عزیز
نا مہربان نہین ہے اگر مہربان نہین

مست مے ساقی دیدہ مین سمجھو یہ لگا ہین
ہین جمع سویدا ے دل چشم مین آہین

راز معشوق نہ رسوا ہو جاے
ورنہ مر جانے مین کچھ بھید نہین

کہتے ہین جیتے ہین امید پہ لوگ ٭ ہمکو جینے کی بھی امید نہین

مجہ تک کب اونکے بزم مین آتا تھا دور جام ساقی نے کچہ ملا نہ دیا ہو شراب مین

لاکھون لگاؤ ایک چرانا نگاہ کا لاکھون بناؤ ایک بگڑنا عتاب مین

غالب چھٹی شراب پر اب بھی کبھی کبھی پیتا ہون روز ابر و شب ماہتاب مین

جانا پڑا رقیب کے در پر ہزار بار اے کاش جانتا نہ تری رہگذر کو مین

ہے کیا جو کسکے باندہیے میری بلا ڈرے کیا جانتا نہین ہون تمہاری کمر کو مین

ذکر میرا بہ بدی بھی اوسے منظور نہین غیر کی بات بگڑ جاے تو کچہ دور نہین

مین جو کہتا ہون کہ ہم لینگے قیامت مین تمہین کس رعونت سے وہ کہتے ہین کہ ہم حور نہین

عشق و مزدوری عشرت گہ خسرو کیا خوب ہم کو تسلیم نکو نامی فرہاد نہین

کیون گردش مدام سے گھبرا نہ جاے دل انسان ہون پیالہ و ساغر نہین ہون مین

یارب زمانہ مجہکو مٹاتا ہے کس لیے لوح جہان پہ حرف مکرر نہین ہون مین

نیند اوسکی ہے دماغ اوسکا ہے راتین اوسکی ہین تیری زلفین جسکے بازو پریشان ہوگئین

رنج سے خوگر ہوا انسان تو مٹ جاتا ہے رنج مشکلین مجہ پر پڑین اتنی کہ آسان ہوگئین

مانا ترا اگر نہین آسان تو سہل ہے دشوار تو یہی ہے کہ دشوار بھی نہین

شوریدگی کے ہاتہ سے ہے سر وبال دوش صحرا مین یا خدا کوئی دیوار بھی نہین

اس سادگی پہ کون نہ مرجاے اے خدا لڑتے ہین اور ہاتہ مین تلوار بھی نہین

دل ہے تو ہے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آے کیون روئینگے ہم ہزار بار کوئی ہمین ستاے کیون

حسن اور اوسپہ حسن ظن رہگئی بوالہوس کی شرم اپنے پہ اعتماد ہے غیر کو آزماے کیون

ہان وہ نہین خدا پرست جاؤ وہ بیوفا سہی جسکو ہو دین و دل عزیز اوسکی گلی مین جاے کیون

مین نے کہا کہ بزم ناز چاہیے غیر سے تہی سنکے ستم ظریف نے مجہکو اوٹھا دیا کہ یون

شب کو کسیکے خواب مین آیا نہ ہو کہین دکھتے ہین آج اوس بت نازک بدن کے پاؤن

دہان اوسکا جو دل ہے تو یہان ہین ہون ہمسایہ جانکر کیجے تغافل کہ کچہ امید بہی ہو یعنی یہ میری آہ کی تاثیر سے نہ ہو

یہ لگاؤ غلط اندازہ تو سم ہے ہم کو

جب میکدہ چھٹا تو پھر اب کیا جگہ کی قید
مسجد ہو مدرسہ ہو کوئی خانقاہ ہو

کہا تم نے کہ کیوں ہو غیر کے ملنے میں رسوائی
بجا کہتے ہو سچ کہتے پھر کہیو کہ ہاں کیوں ہو

غلط ہے جذب دل کا شکوہ دیکھو جرم کس کا ہے
نہ کھینچو گر تم اپنے کو کشاکش درمیاں کیوں ہو

مے سے غرض نشاط ہے کس روسیاہ کو
ایک گونہ بیخودی مجھے دن رات چاہیئے

مرے دل میں ہے غالب شوق وصل و شکوۂ ہجراں
خدا وہ دن کرے جو اوس سے میں بھی کہوں وہ بھی

غالب ترا احوال سنا دینگے ہم اون کو
وہ سنکے بلا لیں یہ اجارا نہیں کرتے

کیا خوب تم نے غیر کو بوسہ نہیں دیا
بس چپ رہو ہمارے بھی منہ میں زبان ہے

لیتا نہیں مرے دل آوارہ کی خبر
اب تک وہ جانتا ہے کہ میرے ہی پاس ہے

قطع کیجے نہ تعلق ہم سے
کچھ نہیں ہے تو عداوت ہی سہی

ہم بھی تسلیم کی خو ڈالیں گے
بے نیازی تری عادت ہی سہی

صحبت میں غیر کے نہ پڑی ہو کہیں یہ خو
دینے لگا ہے بوسہ بغیر التجا کیے

مند کی ہے اور بات مگر خوبری نہیں
بھولے سے اوسنے سیکڑوں وعدے وفا کیے

غیر کو یارب وہ کیونکر منع گستاخی کرے
گر حیا بھی اوسکو آتی ہے تو شرما جائے ہے

نقش کو اوسکے مصور پر بھی کیا کیا ناز ہے
کھینچتا ہے جسقدر اوتنا ہی کھنچتا جائے ہے

گرچہ ہے کس کس برائی سے ولے باایں ہمہ
ذکر میرا مجھ سے بہتر ہے کہ اوس محفل میں ہے

یار زندہ صحبت باقی
وہ دلوں کہاں وہ جوانی کدھر گئی

ہو چکیں غالب بلائیں سب تمام
ایک مرگ ناگہانی اور ہے

کعبہ کس منہ سے جاؤگے غالب
شرم تم کو مگر نہیں آتی

ہمکو اونسے وفا کی ہے امید
جو نہیں جانتے وفا کیا ہے

میں نے مانا کہ کچھ نہیں غالب
مفت ہاتھ آئے تو برا کیا ہے

اپنا نہیں وہ شیوہ کہ آرام سے بیٹھیں
اوس در پہ نہیں بار تو کعبہ ہی کو ہو آئے

کی ہمنفسوں نے اثر گریہ میں تقریر
اچھے رہے آپ اوس سے مگر مجھکو ڈبو آئے

اوس انجمن ناز کی کیا بات ہے غالب
ہم بھی گئے وہاں اور تری تقدیر کو رو آئے

یون ہی وکم کسی کو دینا نہین خوب جانتا
کہ مرے عدو کو یارب ملے میری زندگانی

بوسہ دیتے نہین اور دل پہ ہے ہر لحظہ نگاہ
جی مین کہتے ہین کہ مفت آئی تو مال اچھا ہے

ہمکو معلوم ہے جنت کی حقیقت لیکن
دل کے خوش رکھنے کو غالب یہ خیال اچھا ہے

ایک ہنگامہ پہ موقوف ہے گھر کی رونق
نوحۂ غم ہی سہی نغمۂ شادی نہ سہی

ہر ایک بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے
تمھین کہو کہ یہ انداز گفتگو کیا ہے

ہوا ہے شہ کا مصاحب پھرے ہے اتراتا
وگرنہ شہر مین غالب کی آبرو کیا ہے

قہر ہو یا بلا ہو جو کچھ ہو
کاش کے تم مرے لیئے ہوتے

عشق نے غالب نکما کر دیا
ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے

کب وہ سنتا ہے کہانی میری
اور پھر وہ بھی زبانی میری

قدر سنگ سرراہ رکھتا ہون
سخت ارزان ہے گرانی میری

دہن اوسکا جو نہ معلوم ہوا
کھل گئی ہیچمدانی میری

کر دیا ضعف نے عاجز غالب
ننگ پیری ہے جوانی میری

اچھا ہے سر انگشت حنائی کا تصور
دل مین نظر آتی تو ہے اک بوند لہو کے

اوس لب سے مل ہی جائیگا بوسہ کبھی تو ہان
شوق فضول و جرأت رندانہ چاہیئے

چاہیے اچھون کو جتنا چاہیئے
یہ اگر چاہین تو پھر کیا چاہیئے

منحصر مرنے پہ ہو جسکی امید
ناامیدی اوسکی دیکھا چاہیئے

چاہتے ہین خوبرویون کو اسد
آپکی صورت تو دیکھا چاہیئے

غیر پھرتا ہے لیے یون ترے خط کو کہ اگر
کوئی پوچھے کہ یہ کیا ہے تو چھپانے نہ بنے

اسِ نزاکت کا برا ہو وہ بھلے ہین تو کیا
ہاتھ آوین تو اونھین ہاتھ لگانے نہ بنے

بوجھ وہ سر سے گرا ہے کہ اوٹھائے نہ اوٹھے
کام وہ آن پڑا ہے کہ بنائے نہ بنے

پلا دے اوک سے ساقی جو ہم سے نفرت ہے
پیالہ گر نہین دیتا نہ دے شراب تو دے

اسد خوشی سے مرے ہاتھ پاؤن پھول گئے
کہا جو اوسنے ذرا میرے پاؤن داب تو دے

در پردہ اونھین غیر سے ہے ربط نہانی
ظاہر کا یہ پردہ ہے کہ پردہ نہین کرتے

دیا ہے دل اگر اوسکو بشر ہے کیا کہیے
ہوا رقیب تو ہو نامہ بر ہے کیا کہیے

یہ ضد کہ آج نہ آئے اور آئے بن نہ رہے
قضا سے شکوہ ہمیں کسقدر ہے کیا کیجئے

سمجھ کے کرتے ہیں بازار میں وہ پرسش حال
کہ یہ کہے کہ سر رہگذر ہے کیا کہیے

خدایا جذبۂ دل کی مگر تاثیر الٹی ہے
کہ جتنا کھینچتا ہوں اور کھنچتا جاے ہے مجھسے

قیامت ہے کہ ہووے مدعی کا ہمسفر غالب
وہ کافر جو خدا کو بھی نہ سونپا جاے ہے مجھسے

کیا تعجب ہے کہ اوسکو دیکھکر آجاے رحم
واں تلک کوئی کسی حیلے سے پہنچا دے مجھے

گو ہاتھ کو جنبش نہیں آنکھوں میں تو دم ہے
رہنے دو ابھی ساغر و مینا مرے آگے

نہ کہو طعن سے پھر تم کہ ہم ستمگر ہیں
مجھے تو خو ہے کہ جو کچھ کہو بجا کہیے

رونے سے اور عشق میں بیباک ہو گئے
دھوئے گئے ہم اتنے کہ بس پاک ہو گئے

اس رنگ سے اوٹھائی کل اوسنے اسدکی نعش
دشمن بھی جسکو دیکھ کے غمناک ہو گئے

بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ
کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

تمھاری طرز و روش جانتے ہیں ہم کیا ہے
رقیب پر ہے اگر لطف تو ستم کیا ہے

کہاں میخانہ کا دروازہ غالب اور کہاں واعظ
پر اتنا جانتے ہیں کل وہ جاتا تھا کہ ہم نکلے

ناکردہ گناہوں کی بھی حسرت کی ملی داد
یارب اگر ان کردہ گناہوں کی سزا ہے

بیگانگی خلق سے بیدل نہ ہو غالب
کوئی نہیں تیرا تو مری جان خدا ہے

اک خون چکاں کفن میں کروڑوں بناؤ ہیں
پڑتی ہے آنکھ تیرے شہیدوں پہ حور کی

واعظ نہ تم پیو نہ کسیکو پلا سکو
کیا بات ہے تمھارے شراب طہور کی

کیا فرض ہے کہ سبکو ملے ایک سا جواب
آؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہ طور کی

ہوگا کوئی ایسا بھی کہ غالب کو نہ جانے
شاعر تو وہ اچھا ہے پہ بدنام بہت ہے

وہ زندہ ہم ہیں کہ ہیں روشناس خلق اے خضر
نہ تم کہ چور بنے عمر جاودان کے لیے

گدا سمجھکے وہ چپ تھا مری جو شامت ہے
اوٹھا اور اوٹھکے قدم میں نے پاسبان کے لیے

ہے ہے خدا نخواستہ وہ اور دشمنی
اے شوق منفعل یہ تجھے کیا خیال ہے

تم اپنے شکوہ کی باتیں نہ کھود کھود کے پوچھو
حذر کرو مرے دل سے کہ اسمیں آگ دبی ہے

رحم کر ظالم کہ کیا بود چراغ کشتہ ہے
نبض بیمار وفا دود چراغ کشتہ ہے

دی مجکو شکایت کی اجازت کہ ستمگر
کچھ تجہ کو فراہمی مرے آزار مین آوے

زندگی مین تو وہ محفل سے اوٹھا دیتے تھے
دیکھون اب مر گئے پر کون اوٹھاتا ہی مجھ

غالب تخلص نواب اسد اللہ خان دہلوی صابت جنگ کے عہد مین مرشد آباد مین سکونت کی تھی

محب کیا ہے اگر اخگر گرے اب میری آنکھون سے
کہ روتا ہے دل پر سوز آتش بار بیلون مین

غالب تخلص انور علی ملازم نواب فیض محمد خان والی جھجھر

کام تو سو طرح نکل آتے
کوئی جانے جو مدعائے دل

غالب تخلص مکرم الدولہ بہادر بیگ خان خلف نیاز بیگ خان متوطن تورانی باشندہ دہلی شاگرد ہدایت اللہ خان ہدایت شعر فارسی بھی کہتے تھے ۱۲۱۸ھ بارہ سو اٹھارہ ہجری مین انتقال کیا

رہتے ہین آینہ سے ہمیشہ دو چار آپ
تھا ہی لوٹتے ہین یہ ساری بہار آپ

اے آہ ذرا خدا سے ڈر کر
دل مین تو ہتون کے ٹک اثر کر

بجلی کے چمکنے سے ہے احسان
شب چھاتی سنے لگ گئے وہ ڈر کر

نیمہ کے بند وا کر ساغر کو تو پا کر
عالم شباب کا ہے اور بے حجابیان ہین

قصۂ درد و غم اپنا جو سنایا ہم نے
یہان تلک روئے کہ اوسکو بھی رلایا ہم نے

غالب تخلص غالب علی خان نبیرۂ دوندی خان باشندۂ دہلی بڑے زور آور تھے

جان بلب ہین تری اس جسیم کے بیمار
تیر مژگان سے ہوئے ہین جگر افگار بہت

غالب تخلص مرزا امان علی خان عظیم آبادی مؤلف اردو قصۂ امیر حمزہ شاگرد قتیل مدت تک ڈیپوٹی کلکٹر تھے بہت دنون سے کلکتہ مین سکونت اختیار کی ہے شعر فارسی بھی کہتے ہین پہلے قوم ہنود سے تھے پھر مشرف باسلام ہوے انسے چندر نگر عرف فرانسیڈانگا مین ملاقات ہوئی تھی انکا قصۂ امیر حمزہ نظر سے گزرا

آینہ مین آپ نے دیکھا جو رو آتشین
پڑ گئین چنگاریان گویا سراسر آپ مین

بن گئے لعل و گہر اشک دل افگار و نکے | دیدۂ زار خزانے ہوئے فوارون کے
خنجر مژگان کی دکھلا آج برانی مجھے | آینہ تجھکو مبارک جنم حیرانی مجھے
سلطنت سے ہے کہین غالب سیہ رو اگر | آستان سرور عالم کی دربانی مجھے

غبار تخلص سید علی نقی بن سید نیاز علی ڈیبوٹی کلکٹر مراد آباد شاگرد محمد عسکری فگار

وہ گر رہے تھے شکایت یہ کل رقیبون سے | کیا زمانے مین رسوا غبار نے ہم کو

غبار تخلص منشی کنہیا لال ابن منشی مشتاق راے باشندۂ ضلع بلند شہر

دیکھیے کیا آفت تازہ ہمارے سر پہ آے | رات بھر عشق و جنون مین مشورہ باہم ہوا

غربت تخلص حکیم غلام نبی رامپوری شاگرد حضرت رافت صاحب دیوان گزرے

پس از پیام اجل یار کا پیام آیا | سلامتی گئی اپنی تو جب سلام آیا
عکس رخ اوسکا سمجھ کر آینہ پر آینہ | توڑتا ہے آینہ گر آینہ پر آینہ
عہد مین تیرے اگر ہوتا تو اے قمر ثانی | بھیجتا تجھکو سکندر آینہ پر آینہ

غربت تخلص ایک شخص مراد آبادی کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

گھر چھپا شہر چھٹا لیک نہ چھوٹا غم عشق | ہم تو غربت کے اسی بات کے دیوانے ہوے

غریب تخلص شیخ نصیر الدین احمد وطن اصلی کشمیر مولد دہلی فارسی بیشتر کہتے تھے

حال دل شورید کہون کس سے غریب آہ | وہ درد نہین جسکے طبیب نسے دوا ہو

غریب تخلص میر محمد تقی دہلوی ملازم نواب میر محمد قاسم خان

الٰہی مت کسیکو پیش درد انتظار آوے | ہمارا دیکھیے کیا حال ہو جبتک کہ یار آوے

غریب تخلص محمد زمان

تیرے بغل مین دل یہ جو یہ داغ ہے غریب | حسرت چمن کی کا ہے کو یہ باغ ہے غریب

غریب تخلص غریب اللہ باشندۂ شاہ آباد شاگرد مومن خان انگریزی پلٹن کے منشی تھے

انکو دل دیکے کوئی کیا خوش ہو | دلربا دلبری نہین کرتے
خضر و عیسے و جام آب حیات | لب سے کچھ ہمسری نہین کرتے

غضنفر تخلص سعید ابن حید رخلف مولوی ولی حیدر باشندۂ فرخ آباد

وصل کی رات لبون تک جو مری جام آئے | میرے دل کو بھی سرور ای بت خود کام آئے

غضنفر تخلص غضنفر علی خان لکھنوی ولد غلام حسین خان کڑوڑا شاگرد جرأت

شعر انکے اچھے ہوتے ہین

کہتا تھا اس مریض کو کل وہ سنا سنا | کردے معاف کوئی کسی کا کہا سنا
تھی زبان بیمار کی تیرے جو وقت نزع بند | تو دم مردن کچھ آنکھون مین اشارا کر گیا
تا دم زیست نہ اوس شوخ کا در چھوڑونگا | آخر اک روز مرین اپنا اوسے کر چھوڑونگا
جھانکا کسی نے در سے جو گردن نکال کر | ششدر سا رہگیا مین کلیجا سنبھال کر
تصور مین ہو اوس سے دو بدو ہم | کیا کرتے ہین پہرون گفتگو ہم
کھینچی دیکھی جو کل تصویر محبوبان | تو گویا بیٹھے ہین بس ہو بہو ہم
دن کو فرصت نہین تو آئے پیارے شب کو | ہم تو آسکتے نہین غیر کے مارے شب کو
لایا یوسف کا مصور جو دکھانے نقشہ | لگے اوس نقشہ سے اپنا وہ ملانے نقشہ
وائے اے بلبل نالان کہ چمن چھوٹا ہے | ہائے اے مرغ گلستان کہ وطن چھوٹا ہے
جان تجھکو بھی جدائی مری آسان نہین | جی کو سختی ہے کہ جسوقت وطن چھوٹا ہے

غفلت تخلص دنام اخوند غفلت رام پوری شاگرد حافظ شبراتی طالب وخواہرزادۂ کرم خان شعر اچھا کہتے تھے صاحب دیوان گزرے انکے مو بیشتر اشعار مین مرنے کا مضمون ہوتا ہے

کرتا تھا بیہی تیشہ فرہاد کئی دن سے | لو سور ہو جاگے ہو فرہاد کئی دن سے
سکندر آئے زمین ناپنے جو تا لب گور | صدا یہ کان مین آئی دہان تربت سے
بس اب نہ کیجئے گام درسن سے پیمایش | بیان کی ہوگی مساحت جریب قامت سے

غفور تخلص محمد غفور کشمیری کبھی دہلی اور کبھی لکھنؤ مین رہتے تھے

آجاے غفور کچھ نہ آفت | تم خیر سے جلد گھر سدھارو

غلام تخلص راجۂ گوپال ناتھ خلف مرزا راجہ رام ناتھ دہلوی متخلص بہ ذرہ

شاہ عالم بادشاہ کے مقربون مین تھے

جو ہمبستر کبھو ہم ہون غلام اوس خوبصورت کے | نہ لین و اللہ تا روز قیامت دوسرے کروٹ
خط دے کہ نہ دے گوش بر آواز ہین ہم | مژدہ تو ہمین یار کے آنے کا سنا دے

غلامی تخلص شاہ غلام محمد معاصر حاتم باشندۂ دہلی

کل جسکی نظر تیر سی گزری مرے دل سے | پھر آج وہی در سے قاتل نظر آیا

غلامی تخلص غلام محی الدین دہلوی استاد راجہ کپور تہلہ راجہ نہال سنگھ طوبی تخلص

گورا غلامی کھڑا نہ دیکھا جو مین نے آج | سن لیجیے گا گور مین یہ اجل گیا

غلطان تخلص کریم بخش باشندۂ موضع کرانہ شاگرد محمد ابراہیم ذوق

جب مچلتے ہین طفل اشک تو پھر | سر پہ رو رو لے گھر اوٹھاتے ہین
آج تک مجھکو رہی آنے کی کل پر ہی امید | اک قیامت ہے ترا وعدۂ فردا کیا ہے

غم تخلص الف خان خلف محمد بخش خان رسالہ دار باشندۂ عرب سرائے مقیم علیگڈھ کول بعض تذکرہ والے نے انکے والد کا نام اصالت خان رسالدار لکھا ہے

زلف سے لاکھ پریشانی ہو پیدا کیا ہے | سر سلامت ہے تو اندیشۂ سودا کیا ہے
غم ترے اتنے قتالون سے نوا جانا ہے | تو اگر آئے تو اسمین ترا جانا کیا ہے

غم تخلص میر محمد اسمٰعیل مرشد آبادی

مین ہون اور نالۂ شبگیر ہے اللہ اللہ | سنگدل کافر بے پیر ہے اللہ اللہ

غم تخلص علی خان ترک سوار ولد عبد اللہ خان باشندۂ کانپور شاگرد مولوی وحید الدین خان فرد

جوش مے گلرنگ سے معمور ہین آنکھین | اے نرگس شہلا تری مخمور ہین آنکھین

غم تخلص مہتاب سنگھ کایتھ شاگرد شاہ نصیر باشندۂ دہلی پنجاب مین فوت کی

اک قطرہ مے مین ہم سے ساقی ہو درگذر | ورنہ ہر اک کو تو نے سبو کے سبو دیے
صیاد بیخبر ہی رہا اور قفس مین ہائے | ٹکرا کے سر کو بلبل ناشاد مر گئی

غمخوار تخلص مرزا محمد علی بیگ لکھنوی

رسوا ہوا ہون جیسے مین اوس بجلاہ کا
لیتا نہین ہے نام کوئی اوسکی چاہ کا

وصل کی شب گزر گئی پل مین
رنگ فق ہو گیا سحر کو دیکھہ

غمگین تخلص میر سید علی خلف سید محمد دہلوی برادر شاہ نظام الدین احمد قادری ناظم صوبہ دہلی شاگرد سعادت یار خان رنگین

مضطرب تھا دل اپنا جون پارا
آخر اوس شوخ نے جلا مارا

تونے صیاد نیا ظلم یہ ایجاد کیا
بال و پر توڑ قفس سے مجھے آزاد کیا

مہربان کوئی مرا جز غم دلدار نہین
خس کا شعلہ کے سوا کوئی خریدار نہین

یہ داغ عشق نہ ہو دور اپنے سینے سے
کہین مٹتا ہے کھدا حرف بھی نگینے سے

گو سیہ بخت ہون پر سرمہ بینائی ہون
جو کہ دیکھے ہے سو آنکھون سے لگاتا ہی مجھے

غمگین تخلص مولوی عبد القادر خان بہادر متوطن رام پور صدر الصدور مراد آباد فاضل بے بدل تھے گاہ گاہ فکر شعر کرتے تھے بعض تذکرہ والون نے الکا قادر تخلص لکھا ہے

جو مے رہنے تو شیشہ جھکا کے ساقی نے
کہا یہ رندون سے لہجے سلام شیشے کا

بندے کو طلب ہو مے تو سرکار مین آوے
خلوت مین نہ ہو حکم تو دربار مین آوے

غمگین تخلص میر عبد اللہ دہلوی خلف میر حسین تسکین رام پور مین انتقال کیا

وہ خبر ہی جانگزا تھی جسکو سنکر مر گیا
ورنہ اک تیشہ سے ہوتا کام کیا فرہاد کا

آتے ذرا نہ اور تو مری چلے تھے ہم
تمنے تو کہہ دیا کہ ہمین کچھ خبر نہین

کمی کرین جگر و دل تو کیا کرون یارب
کچھ اور دے مجھے مژگان خونفشان کے لیے

غنا تخلص غلام محمد خان ابن بہادر خان متوطن اورنگ آباد ضلع بلند شہر

بسی مالیدہ لب غنا اوس کا
برگ سوسن نہین تو پھر کیا ہے

غنی تخلص شیخ عبد الغنی سہارنپوری

پڑتی ہے نظر خس پہ دم چشم بریدن
پیمان ہمنے پر کاہ بھی بیکار نہ پایا

غنی تخلص عبد الغنی ولد شیخ عبد الصمد کانپوری شاگرد مولوی ہادی ملی است

جنت مین نہین ایسے کسی حور کے تلوے
اللہ نے بنائے ہین ترے نور کے تلوے
مین ایڑیان اوسوقت رگڑتا ہون زمین پر
یاد آتے ہین جب خواب مین اک حور کے تلوے

غنی تخلص مرزا عباس ولد مرزا احسن لکھنوی شاگرد مرزا محمد حسن شیدا

لیگیا رنج بڑا عاشق شیدا دل مین
رہ گئی یار کے ملنے کی تمنا دل مین
کوچۂ یار مین تاراج ہوئی دولت دل
لٹ گیا مین عمل بادشہ عادل مین
کشتی مے سے مرا یار لگا دے بیڑا
آئے یارب یہ دل ساقی دریا دل مین

غنی تخلص غنی احمد جاجوئی باشندۂ کانپور ولد ابو محمد عیش خویش مولوی عباس علی عاشق شاگرد میر علی اوسط رشک و شوکت

شوکت کے فیض سے ہوئی فکر غنی رسا
موزون کیے ہین شعر بہت سے خیال اب
چھوٹے ہی گالیون پہ تری کسقدر زبان
چھوٹے سے منہ مین ہے یہ بڑی فتنہ گر زبان
پریون کو بھی ملی نہین یہ نازنین جبین
ابرو ترے ہلال ہین ماہ مبین جبین

غنی تخلص ایک شخص باشندۂ شکوہ آباد کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

اگر کچھ زندگانی مین مزا ہے
تو ایام جوانی مین مزا ہے

غواص تخلص ایک شخص دکھنی کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

ترا منہ دیکھ بلبل پھول سے بیزار ہوجائے
اگر گل تجھ تلک پہونچے گلے کا ہار ہوجائے

حرف فا

فاخر تخلص مرزا جہانگیر قوم مغل باشندۂ دہلی

دشت الفت مین خضر کا کیا کام
کوئی دیوانہ رہنما ہوتا
اب شکایت سے فائدہ فاخر
دیکھکر تم نے دل دیا ہوتا
تھا دلمین بوسہ سوتے مین لیجے یہ کیا کہین
سوئے نصیب یہ کہ وہ بیدار ہوگیا
آجاؤ تم دگر نہ تھمیگا نہ مجھسے دل
جاتی رہی ہے بات مرے اختیار سے
نہ کھلا غنچۂ دل باغ جہان مین فاخر
رہگیا ایک صبا سے بھی یہ عقدا باقی

فارغ تخلص میر احمد خان دہلوی شاگرد و خلف اعظم الدولہ میر محمد خان سرور

خط لیکے نہ اوس سے جو مرے نامہ بر گئے
یہان شرم سے آئے نہین اور اپنے گھر گئے

کیا چین سے جا قبر مین آرام کر دنگا
دم بھر بھی اگر موت سے وہ پیشتر آئے

اپنے دیوانے کا تو شوق گرفتاری تا دیکھ
پاؤن مرکر بھی نہ نکلے حلقۂ زنجیر سے

فارغ تخلص شاہ فارغ باشندۂ بریلی مقیم خوزہ صاحب کمال تھے

ممکن نہین کہ حرف قضا ہو جبین سے دور
جب نقش ہو چکا نہین ہوتا نگین سے دور

فارغ تخلص مکند لال دہلوی شاگرد شاہ حاتم دین اسلام کو قبول کیا تھا بریلی مین رہتے تھے صاحب دیوان گزرے

جلا ہے سینے مین دل شمع وار ساری رات
بہا ہے آنکھون سے اشکون کا نار ساری رات

دور سے دیکھ مجھے چین سے جبین ہوتا ہے
تا کہ کچھ کہہ سکون بل بے رکھائی تیری

فارغ تخلص میر علی حسین ولد میر نور وز علی باشندۂ لکھنؤ مقیم موجی کھولا شاگرد محب علی طوبے برادر عینی جمشید بیگم ممتوعۂ واجد علی بادشاہ یہ شعر اس تذکرے کے لیے بھیجے تھے

بلبل نہ پھول اتنا گلہاے بوستان پر
دو دن کے بعد ہونگے نالے ترے بازیچہ

آزاد کر قفس سے بلبل کو فصل گل ہے
کیون ظلم کر رہا ہے صیاد بے زبان پر

کہتے ہے مجھکو عشق ای بت خوبرو تو کیسے
مچل جانا تھا اچھی دیکھکر تصویر مٹی کی

فارغ تخلص ایک شخص کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہ ہوا

قطرۂ اشک جو نکلا سو وہ گوہر نکلا
بعد مدت کے مری چشم کا جوہر نکلا

فاطر تخلص پیر بخش لکھنوی مخاطب بہ حمید الدولہ کوکہ محمد علی شاہ بادشاہ لکھنؤ شاگرد محمد حسن مرثیہ گو مذنب تخلص

ہم سمجھے تھے محبت مین بہل جائیگا دل
یہ نہ معلوم تھا رنگ اور ہی کچھ لائیگا دل

فائز تخلص کریم بخش محرر عدالت دیوانی میرٹھ ولد شیخ فتح علی ساکن انزولی توابع علیگڑھ شاگرد ہدایت علی اسیر

دیکھے جب نہرادنے وہ دست و پا کا شبیہہ | تھرتھرائے اوسکے چارون ارکے ہاتھ پاؤن

فائز تخلص منشی نتھا ورسنگھ خلف دھرم داس متوطن دہلی سررشتہ دار فوجداری فتح آباد

کیون نہ اے فائز ہو قسمت کا ستارا اوج پر | وصل کا اوس مہ لقا نے رات کو وعدہ کیا
نہرا قامتِ رعنا کی پائی شکل اوسنے | اگر یہ چال کہان سرو جو یار مین ہے

فائز تخلص محمد عابد خان باشندۂ لکھنؤ مقیم مٹیا برج متعلق کلکتہ یہ شعر اس تذکرے کے لیے بھیجے تھے

کس غضب کی چال ہے آمد کا عالم دیکھنا | کیا قیامت ہے لپا جاتا ہے عالم دیکھنا
قاصدا نازک فراجی کار ہے اوسکی جنال | دے ندینا خط مرا جبوقت برہم دیکھنا

فائز تخلص ایک بزرگ ساکن کول خلف نظام الدین متوطن سنبھل کا ہے نام انکا معلوم نہ ہوا

کیا خطر ہے تابش خورشید محشر سے تجھے | آہ سوزان کا دھوان اک سائبان ہو جائیگا
خیر ہے فائز کہو تو کیا ہوا کیا حال ہے | کو بکو کسواسطے پھرتے ہو دیوانے سے کچ

فائز تخلص ایک شخص کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہ ہوا

کل بلیگا وہ گلے غیرون کے یہ آیا جو دھیان | بس ہلال عید ہم کو بیش عقرب ہو گیا

فائق تخلص مرزا عبد القادر بیگ دہلوی خلف مرزا احمد بیگ قوم مغل اصفہانی ملازم نواب بہادر جنگ والی بہادر گڈھ

بیٹھے ہے جو محفل زندان مین تو کیا | ہم بن اگر ہے تو ہمارا لو بیٹھے

فخر تخلص محمد فخر الدین باشندۂ شاہجہان پور

بیخودی سے غرض کون ہے مے کا طالب | چشم ساقی تو ہے گو ساغر صہبا نہ ہوا

فخر تخلص محمد فخر الدین کہین برادر و شاگرد محمد احسان اللہ مخیر باشندۂ دہلی مقیم میرٹھ

کفر و دین کو تہ و بالا رخ کاکل نے کیا | بچ سے اونکے نہ کافر نہ مسلمان نکلا

فخر تخلص میر فخر الدین ولد اشرف علیخان تذکرہ نویس شاگرد میرزا سودا ۱۱۹۶ھ گیارہ سو چھیانوے ہجری مین لکھنؤ مین تھے

گزرینگے دن جو یون ہی دو چار رو رو کے
اگر گر پڑینگے سقف و دیوار رو رو کے

بات کیجے غیر سے اور ہم سے منہ کو موڑئے
تک خدا سے ڈرتے ان وضعون کی عادت چھوڑئے

فخر تخلص میر فخر الدین لکھنوی خلف میر محمد علی سعید تخلص شاگرد خواجہ وزیر

یہ ضعف ہے نہ سخن اتنا گوش تک پہونچے
کوئی شفیق اگر رکھدے کان ہونٹھون پہ

ہمارے سوز جگر کی کہی کہانی کیا
پڑے ہین چھالے جو اے قصہ خوان ہونٹھون پہ

فدا تخلص مرزا بلند بخت دہلوی خلف شہزادہ مکرم سخت بہادر شاگرد مولوی صہبائی

حشر مین پرسش مری پہلے ہو یارب زین
جب تلک چپکا رہو گنگا جی مرا گھبرائے گا

مجھسے ملجائے جو وہ غنچہ دہن آکے فدا
اپنے جامے مین وہ پھولون کہ سماتھی نہ شگوفہ

فدا تخلص مرزا اسکندر بخت خلف مرزا منور بخت نبیرہ شاہ عالم بادشاہ شاگرد مرزا سمیع رفعت

مجھ نا توان کو سانس بھی لینا محال ہے
چھپکی خاک میری دعا آسمان تلک

تمھین آؤ تو آؤ ورنہ ہم تو
اوٹھا سکتے نہین بالین سے سر کو

فدا تخلص خواجہ نجم الدین لکھنوی

عقدہ کھلا نہ ہم پہ فدا زلف یار کا
کیا کیا الجھ الجھ کے رکا دم تمام شب

فدا تخلص سید محمد علی عرف فدا شاہ سہارنپوری آخر ایام مین طبیعت انکی ہزل کی طرف مائل ہوگئی تھی

اوس سے مین اور مجھسے وہ باہم رہا
ایک مدت تک یہی عالم رہا

فدا تخلص میر عبد الصمد دہلوی فرید آباد مین معلمی کرتے تھے صاحب دیوان کثیر فارسی بھی کہتے تھے

جو درد دل کا لکھون یار کو مین لے کاغذ
تو اشک بہان تلک امڈے کہ بہہ چلے کاغذ

فدا تخلص فدا حسین خان خلف ضیاء الدین حسین خان عرف آغا مرزا قوم مغل شاگرد ممنون مصحفی باشندہ لکھنو

غیر کی تمنے کی خوشی اور ہمین خفا کیا
خوب کیا بھلا کیا خیر بہت بجا کیا

تیری جو نگاہ مین سبک ہین
ہر ایک کے جی پہ بار ہین ہم

کوئی کیا سر جھکا کے ہووے ذلیل | ہاتھ تیرا کبھی اوٹھا ہی نہین
نہین کھاتا وہ قسم غیر کے گھر جانے کی | سچ جو پوچھو تو یہی بات ہے مرجانے کی
وہان ہمکنار غیر سے وہ رشک ماہ ہے | یہان گنج غم مین شکوۂ بخت سیاہ ہے
خفا ہم آپ ہین اس سے کہ دم بھر نہ رہے | ترے فراق مین اے یار ہم رہے نہ رہے

فدا تخلص فدا حسین باشندۂ مرشد آباد شاگرد فصیح العالم فصیح

چشم آہوے چین خال جبین مشک خطا | رو صبیح طرف زلف سیہ شام بلا
گل ایسا بدن باغ و بہار ایسی ادا | خنجر نگہ چشم ہے لب آب لقا

فدا تخلص امام الدین فرید آبادی شاگرد مرتضی قلی خان فراق علی وردی خان کے عہد مین بنگالہ مین آکر سکونت اختیار کی تھی

آپ جائین کہان تری گلی سے | چون نقش قدم نہین رہے ہم
تو بات بات مین ہوتا ہے مجھسے آزردہ | یہی تو کچھ نہین اے دلربا تری ادا مین
مین ہون قربان اوسکے کہنے کے | تو نہ بولا کر اسے فدا ہم سے

فدا تخلص مرزا محمد خلف مرزا اسمعیل بیگ الہ آباد مین تحصیلداری کرتے تھے

ہے رنگ نرالا گل و گلزار مین یارب | اک نوک نکلتی ہے ہر اک خار مین یہان سے

فدا تخلص لچھمی رام دہلوی شاگرد سودا

کہا جو اوسسے کہ مین دل تو کرچکا ہون فدا | تو ہنسکے بولے ابھی تیری جان باقی ہے

فدا تخلص عاقبت محمود خان بہادر دہلوی صدر الصدور تھے بعض صاحب تذکرہ نے انکا نام محمد اسمعیل لکھا ہے

جون شمع ضبط نالہ تو مین نے کیا فدا | پر بس چلا نہ گریۂ بے اختیار سے

فدا تخلص شیخ فدا حسین خان خلف شیخ کریم اللہ باشندہ قصبہ دیبائی ضلع بلندشہر شاگرد نواب مصطفی خان شیفتہ صاحب دیوان ہین

ہے یقین ہوگا ہجوم بلبلان بالاے سر | تو نہ کھنا پھول او غنچہ دہان بالاے سر
کیون نہ ہو عنبر صفت تیرا بروے بحر حسن | ہین اگر تاروے صدف تو ہین گہر کی ایر یان

ایڑیان ہم نے رگڑ کر زیست اپنی کی بسر | جب سے دیکھین اہی فدا اوس غنچہ گر کی ایڑیان

فدا تخلص میر فدا حسین باشندۂ میرٹھ شاگرد امداد حسین ظہور

قتل پر مستعد ہے وہ قاتل | آج جوہر کھلے گا خنجر کا

فدائی تخلص مرزا عظیم بیگ تاجر دہلوی

یار گوشے مین ہے اور عیش سے مایوسی ہے | نقش بانک بھی مرے در پہ جا سوسی ہے

فدوی تخلص مکند لال لاہوری مقیم دہلی ملازم نواب ضابطہ خان شاگرد صابر علی صابر اپنے مذہب کو ترک کر کے دین اسلام کو قبول کیا تھا باپ اسکا بقال تھا سودا نے اوسکی ہجو رکیک کہی ہے اور بعض صاحب تذکرہ نے لکھا ہے کہ وہ قوم مغل سے تھا فدائی بیگ نام غرض اشعار اوسکے اچھے ہوتے ہین مراد آباد مین فوت کی

گر تیغ نگہ سے تو کرے وار فلک پر | چل جاے فرشتون مین بھی تلوار فلک پر
بعد مرنے کے بھٹکتا ہون تہ خاک ہنوز | ساتھ پھرتی ہے مرے گردش افلاک ہنوز
آوارہ و سرگشتہ نہ دیوار نہ در کے | سایہ کی طرح ہم نہ ادھر کے نہ ادھر کے
آنسو نہین ہین دیدۂ تر مین بھرے ہوئے | موتی ہین آبدار صدف مین بھرے ہوئے
ابرو کے تیغ سے ترے سوج ڈری ہوئے | پھرتا ہے اپنے منہ پہ سپر کو دھری ہوئے
چشم پر آب ہے اور نفس پہ جگر جلتا ہے | کیا قیامت ہے کہ برسات مین گھر جلتا ہے
یہ سرو نہین باغ مین ہے آہ کسو کے | نرگس نہین نکتا ہے جین راہ کسو کی

فدوی تخلص محمد حسن لاہوری مقیم دہلی شاگرد شاہ مبارک آبرو ستارہ خوب بجانے تھے آزادانہ زندگی کرتے تھے صاحب دیوان گزرے ہے

واہ اور مجھکو یاد کرین مین نہ مانونگا | اس نام کے بہت ہین کوئی اور ہوویگا
یار ہم سے جو سدا جین بہ جبین رہتا ہے | نہین معلوم بلا کونسی پیش آنی ہے

فدوی تخلص مرزا محمد علی عرف مرزا بھچو مقیم عظیم آباد شاگرد شاہ گھسیٹا عشق احمد شاہ بادشاہ کے وقائع نگار تھے دیوان انکا نظر سے گزرا

تجھ سے ہوتے ہین درد مند جدا | گو کرے کوئی بند بند جدا
ہر طرح ہم اوسکے ہین دل جانسے فدا | وہ خواہ ہمین یاد کرے خواہ فراموش
عاشق کی کچھ نہین ہے دل و جان سوا بساط | اے دوست امتحان نہ کر اسکی کیا بساط
گیا وہ زمانہ ہوا اور عالم | نہ وہ دن نہ وہ دل نہ وہ تو نہ وہ ہم
غلط ہے دیدۂ تر سے جو ہم چشمی کرے شبنم | مرا رونا اگر دیکھے ابھی پانی بھرے شبنم
چشم بد دور عجب آنکھین ہین | قتل کرتے ہین غضب آنکھین ہین
وہ دن گئے تپاک کے مہمات اب کہان | وہ بات اب کہان وہ ملاقات اب کہان
کچھ خوش آتا نہین بغیر ترے | زندگانی عذاب ہے تجھ بن
حیران سحر سامری ہے اوسکے روبرو | جادو وہ یاد ہے تری کافر نگاہ کی
یار ہو غیر ونکے گھر مین اپنے گھر سیلاب ہو | تو نے بھی بدلی نظر اے ابر رحمت واہ وا
اپنے فدوی کو ستانا اے سبب کچھ خوب ہے | کیا اسی کا نام ہے پیارے محبت واہ وا

ٹک ساتھ ہو حسرت دل مغموم سے نکلے | عاشق کا جنازہ ہے ذرا دھوم سے نکلے
ذرہ دیدہ منگنے نے تری بندہ کیا مجھ کو | اس آن کے اس ڈھب کی اس انداز کی صدقے
دل ہے ازل سے تختۂ مشق ستمگران | تقدیر کے لکھے کو کوئی کب مٹا سکے

فدوی تخلص لالہ سیوک رام وکیل عدالت دیوانی شہر پٹنہ

جی کو نہ چین ہو دے نہ آرام بامید دل | پھر کس امید پر کوئی تم سے لگائے دل
اوڑھکر دھانی ڈوپٹہ بھی اجی آؤ کبھی | ایک دن تو کشت امید غریبان سبز ہو

فدوی تخلص میر فضل علی دہلوی مرشد آباد مین آکر انتقال کیا

ابر مین روتے بہا تنک جام کو | تم نہین آنکھون مین ساقی نام کو

فراسو تخلص فراسو صاحب قوم انگریز شاگرد بیگم ثمرو مقیم دہلی شاگرد خیراتی خان دلسوز

قمری کے مانند وہ سینے محبت کا طوق | باغ مین گر قد ترا سرو کو دکھلائی

فراغ تخلص محمد فراغ دہلوی تعلی کرتے تھے

آتی ہے مرے اشک سے بوے عرق گل
ہے بسکہ نظر مین گل رخسار کسی کا

رونا ہے فراغ آج ترے کوچے مین یارب
دل توڑیے اسطرح نہ زنہار کسی کا

فراغ تخلص میر مہدی حسن ولد میر طالب علی لکھنوی استاد مرزا رفیع الدین حیدر عرف مناجان

محو نظارہ ہے اے گل کیا فقط نرگس کی آنکھ
چشم بد دور آپ پر پڑتی نہین کس کسکی آنکھ

فراغ تخلص یسین بیگ باشندۂ میرٹھ شاگرد شیخ ابراہیم ذوق و نواب مرزا داغ و غلام مولی قلق

دم مین کیون اوسکے آگیا قاصد
ہے سراپا کا کسکے ہمکو خیال

یہان بھروسا نہین ہے دم بھر کا
پاؤن کا دھیان ہے نہ کچھ سر کا

فراق تخلص کیقباد جنگ دکھنی امیرون مین تھے

اوسکی شوخ رنگیلے کی کمان قوس قزح ہے
ہو بوقلمون تیر برنگ پر طاؤس

فراق تخلص اکرام الدولہ مرزا حسین علی خان لکھنوی

آج بھی ہاے غضب مجھسے نہ ملنا ٹھہرا
عید کا چاند محرم کا مہینا ٹھہرا

فراق تخلص میر مرتضی قلی خان دہلوی معاصر سودا محمد شاہ کے عہد مین توپخانہ شاہی سے تعلق رکھتے تھے علی وردی خان مہابت جنگ کے عہد مین مرشد آباد مین سکونت اختیار کی تھی آخر بسبب باقی رہنے خراج سرکاری کے راجہ شتاب رائے کی قید مین انتقال کیا

گو در و سرا ے ناصح ہے گردش پیمانہ
پر ہم کو تو صندل ہے خاک در میخانہ

اسیرونکی قسم تجھکو صبا سچ کہہ کہ گلشن مین
کوئی اون ہمنواؤن سے مجھے بھی یاد کرتا ہے

فراق تخلص حکیم نثار اللہ خان مرحوم دہلوی برادر زادۂ ہدایت اللہ خان ہدایت کسب سخن و کسب باطن حضرت خواجہ میر درد قدس سرہ سے کرتے تھے شعر عاشقانہ خوب کہتے تھے صاحب دیوان گزرے

خبر دیتا تھا کسکے وصل سے شوق ہم آغوشی
کہ میرا رات کو کچھ خود بخود بازو پھڑکتا تھا

جون ریگ روان خانہ نشین ہون مین ازل سے
نہ قصد وطن کا نہ ارادہ ہے سفر کا

دل تھا متاکہ چشم پہ کرتا تری نگاہ
ساغر کو دیکھتا کہ مین شیشہ سنبھالتا

صاف دل کو کیا اور داغ جگر کو دھویا
کام کیا کیا نہ مرے دیدۂ تر سے نکلا

یہ غم ہے ساغر و مینا مجھے کہ میرے بعد
ذرا بھی تمکو کوئی مُنہ نہین لگانے کا

یہان تلک ہون سبک روزہ عدم مین فراق
قدم جو رکھون تو نقش قدم نہین ہوتا

ترسین ہم اور ہاے آئینہ تری لوئی بہار
حیف بخت افسوس قسمت وے طالع یا نصیب

خوش آتی ہین پاؤن کی تری ٹھوکرین ظالم
سر کو کبھو قدمون سے اوٹھانے کی نہین ہم

آنا یہ ہچکیون کا مجھے بے سبب نہین
بھولے سے اونسے یاد کیا ہو عجب نہین

تیرے گل ہچکیونکے خاطر تواے حیات جان
یہ مناسب ہے کہ ہو شمس و قمر کا تکیہ

رہتا ہے عاشقون کا ازبس ہجوم درپر
ہو جائیگا گھر اوسکا بازار رفتہ رفتہ

سن مرا حال یہ کہتا ہے نہ بک سونکے دیر
نیند تو اوڑ گئی کم بخت سرک سونکے دیر

دامن تلک گیا تھا کہین اوسکا دست ہم
اللہ ری نازکی وہین چولی مسک گئی

تم گالیان جو دو تو مین چپکی بھی کیا نہ لون
پیارے کسیکا ہاتھ کیسکی زبان چلے

آنکھون مین پھر رہا ہے اے سرو ناز تا تک
دامن اوٹھاکے چلنا تیرا نزاکتون سے

فراق تخلص میر حیات اللہ باشندۂ کولاوٹھی دہلی مین تحصیل علم مین مصروف تھے

جان بھی باقی نہین کیا کیجئے اب دینر بتا
مرنے دم آگے کیا اور پشیمان مجھکو

فراق تخلص خواجہ بہادر حسین خلف مرزا جان اٹکی باشندۂ لکھنؤ شاگرد ناسخ صاحب دیوان گزرے

جس روز سے کہ تو مرے آغوش مین نہین
رکھتا ہون اے صنم تری تصویر دوش پر

محشر کو اسطرح سے اوٹھینگے فراق ہم
تصویر یار ہاتھ مین زنجیر دوش پر

فراقی تخلص پریم کشور نبیرۂ راجہ جوگل کشور باد فروش ترک علاق کرکے سیاحت کرتے تھے

ہوئین آنکھین گلابی روتے روتے
گلابی کی نہ کبھی شکل افسوس

فرحت تخلص خواجہ فیض اللہ عظیم آبادی شاگرد غلام علی راسخ

جب کوئی منظور نظر ہو گیا | دیدہ و دل اپنا فرودھر ہو گیا

فرحت تخلص اسید علی دہلوی شاگرد میر عزت اللہ خان عشق مقیم لکھنؤ

نہ تنہا کان کا بالا بلا ہے | قیامت ہے ترے قامت سے بالا ہے
ملا جسکو تو اون سے نرگس سمجھکر | سنا تم نے وہ چشم ترتھی کسو کی

فرحت تخلص لالہ نتانند وکیل عدالت منصفی الہ آباد

بھولا ہے لالہ گلشن سینہ مین داغ ہے | افسوس اس بہار مین وہ مہ جبین نہین

فرحت تخلص شیخ فرحت اللہ رفیق بہادر علی خان دارونہ نواب ناظم بنگالہ شاگرد سراج الدین علی خان آرزو وطن انکا ماوراء النہر مولد فرخ آباد سنہ ۱۱۷۱ گیارہ سو اکانوے ہجری مین مرشد آباد مین فوت کی صاحب دیوان گزرے

تری مژگان کو کب ہوتا ہے غم عشاق کا کھٹکا | نہین ہے خنجر قصاب کو کچھ درد بسمل کا
جو سبز خط ہے گلشن مین وہ خدا جانے | دہان یار مے غنچے سے کیا سوال کیا
زندگی مین تو رہے صدمے دل غمناک پر | بعد میرے دیکھیے کیا ہو قیامت خاک پر
خط کے آتے ہی ہوئی گم خال کی خوبی تمام | آگے طوطی کے کہان سرسبز ہو سکتا ہی رزق
سینے پہ ترے ہر دم کسر حسے بوسے ہے | ہو وصل ترا اب کی یہ ہار ہے اور مین ہو
رفتہ رفتہ مین ہوا عشق مین جانکا دشمن | دل ہے پہلو مین مرے ہائے کہا کا ہمدم
مرنے کے بعد مجھ پر کیا کیا ستم نہ ہونگے | دیکھینگے غیر مجھکو اور ہائے ہم نہ ہونگے

فرحت تخلص پنڈت کدارناتھ عرف ناتھن پرشاد ولد بستی رام دھنی باشندہ لکھنؤ شاگرد امانت

لوٹے مزے وصال مین پستان یار کے | پھونچا دلا کہان سے کہان مین دبا کے ہاتھ

فرحت تخلص محمود علی خان دہلوی خلف حکیم نصر اللہ خان وصال تخلص

او سنے تو نامہ بر کو کیا قتل اور مجھے | ہر لحظہ انتظار ہے خط کے جواب کا
لے جلد تو خبر کہ کچھ اب شام ہی سے آج | ہے حال بیطرح ترے خانہ خراب کا

عاشق تو سبھی ہوتے ہین دنیا مین غریزو | پر میری طرحسے کوئی رسوا نہین ہوتا

فرحت تخلص بشن پرشاد کایتھ خلف گوبند پرشاد نبیرہ راجہ کنول نین باشندہ دہلی شاگرد حافظ قطب الدین مشیر

یار وجب تک جواب خط آوے | اور دو چار خط لکھو بیٹھے

فرحت تخلص شیخ حسین علی شاگرد مرزا نیاز علی بیگ نکہت تخلص

جب سے دیکھا ہے قد بالاے یار | سرو کو خاطر مین کب لاتے ہین ہم

فرخ تخلص جو بے پدری واسی خلف جو بے گنج لال شاگرد اندرمن فقیر

گوشہ گیری نے زمانہ مین مرا نام کیا | باعث شہرت عالم ہوا عنقا ہو کر

فرخ تخلص کرامت اللہ خان ولد حفیظ اللہ خان باشندہ لکھنو شاگرد ناسخ

ناز و ادا و زلف و رخ و چشم ہین ستم | اتنی بلاؤن سے کوئی کہو کیونکر بچاے دل
قتل عالم کرتے ہین پیرہم کیونکر بہر زر | ہم تو پارا بھی نہ مارین کیمیا کے واسطے

فرخ تخلص میر فرخ علی دہلوی

اس قدر مجھ سے ہو کیون اے مہوشان بیگانہ | مین بھی تو آخر کسی دن تھا تمھارا آشنا
چشم سے نور گیا تن سے توان دل سے صبر | ہجر مین تیرے جدا مجھسے ہوا کیا کیا کچھ

فرد تخلص شاہ ابوالحسن نعمتی سجادہ نشین پھلواری صاحب باطن تھے بیشتر فارسی کہتے تھے دیوان فارسی انکا نظر سے گزرا

نگاہ مست تیری کسقدر خونریز عالم ہے | عبث آنکھون کو تیری نرگس بیمار کہتے ہین
عشق نے رسوا کیا یہان تک مجھے | نام سے میرے حیا کو ننگ ہے

فرد تخلص مولوی وحید الدین خان عرف خدا بخش خان ولد محسن خان قوم یوسف زئی باشندہ دربھنگا ضلع مظفر پور مقیم کانپور شاگرد مصحفی صاحب دیوان ہین شعر اچھا کہتے ہین

نبد انگیا کے نہ بندھوائے کبھی | عمر بھر بندہ تو نامحرم رہا
سطح سینہ پر ترے اے بت نوخیز یہ کیا | ادھر ادھر نظر آتا ہے کچھ اوٹھا اوٹھا
کبھی کعبہ کبھی بتخانہ ہے مسکن اپنا | دین و مذہب کہون کیا شیخ و برہمن اپنا

دل ٹکڑے ٹکڑے یار کے رخسار نے کیا
اوس گل نے جو کیا نہ کسی خار نے کیا

وہان چھاتی ہے گدرائی نہ ہو کیونکر یہان کھٹکا
درخت بار ور مین باندھتا ہی باغبان کھٹکا

کیون عشق مین ہو نام نہ موسی مرے دل کا
ہر داغ نیا ہے ید بیضا مرے دل کا

اے نوک مژہ تجھسے اخجل نشتر و سوزن
لیکن نہ نکالا کبھی کانٹا مرے دل کا

ان گلرخون کا مجھکو تو باور نہین نہین
ہان ہان بھرے ہین دلمین اور لب پر نہین نہین

بیتاب ہون مین تشنگی نزع سے قاتل
ٹپکا دے تو آب دم شمشیر گلے مین

آسیب پری ہوتا ہے جب سیمبرون کو
تعویذ ہین کرتے تری تصویر گلے مین

ہر عاشق و معشوق اسیر آئے نظر فرد
یہان پاؤن مین بیڑی وہان زنجیر گلے مین

فیض کیا وصف لب سرخ بتان کا مین لکھون
لعل ہو جاتے ہین جو لیتا ہون پتھر ہاتھ مین

فرصت تخلص مرزا الف بیگ لکھنؤ مین وفات پائی

اک عمر خاک کوے بتان سجدہ گاہ کی
تب رفتہ رفتہ اوس بت کافر سے راہ کی

کمان سے بھی پری یہ آہ پر تاثیر پہنچی ہے
پرندہ پر نہ مارے اوس جگہ یہ تیر پہنچی ہے

اوسکو طرز جفا خوش آتی ہے
مفت مین اپنی جان جاتی ہے

فرقت تخلص عطاء اللہ خان دہلوی

شعلہ آہ کا کسکے ہے اثر پتھر مین
کہ ہے اسطرح سے پوشیدہ شرر پتھر مین

ایک دل اوسکا ہے یارو کہ نہین اوسکو اثر
ورنہ آہ اپنی کا ہوتا ہے اثر پتھر مین

فرقت تخلص دیبی پرشاد ولد ٹھاکر پرشاد عرف خشادہ پرشاد پنڈت کشمیری باشندہ لکھنؤ شاگرد امانت۔

مہندی سے چھلے نقرئی سونے کے ہوگئے
اے سیمتن عجب ہین ترے کیمیا کے ہاتھ

فرقتی تخلص وزیر علی عظیم آبادی شاگرد امیر جان عبرتی راقم نے انکو کلکتہ کے مشاعرہ مین دیکھا ہے فارسی ہی کہتے ہین

کیا پوچھتے ہو نمنفسو ماجرائے دل
کانٹا سا کچھ کھٹکتا ہے پہلو مین جای دل

سیکھی ہے جب سے یار نے اٹکھیلیان کی چال
آتی ہے ہر قدم پہ صدا ہای ہای دل

فروغ تخلص میر روشن علیخان خلف اکبر علیخان شاگرد ممنون باشندۂ دہلی

تاریک کلبہ اپنا کیا ہو فروغ روشن — گھر مین کبھی ہمارے وہ شمع رو نہ آیا

فروغ تخلص میر اکبر علی شاگرد شمس الدین فقیر طب اور نجوم مین اچھا دخل رکھتے تھے بیشتر فارسی کہتے تھے

ایسا نالان ہوا شب کو دل بیمار کہ بس — سنکے ہمسائے پکارے پس دیوار کہ بس
گرچہ مخمور سیہ مست ہین تیری آنکھین — لیکن ایسی ہین وہ دل لینے مین ہشیار کہ بس

فروغ تخلص خواجہ غلام مصطفےٰ ولد خواجہ محمد تجے باشندۂ لکھنؤ شاگرد میر وزیر صبا صاحب دیوان ہین

خیال ہے ترے آب رواں کی محرم کا — نہین ہے تن مین ہمارے یہ ہی حباب مین دم
اوس پری کا میرے پہلو سے جو سرکا پہلو — تیغ غم سے ہوا مجروح جگر کا پہلو
تجھہ پہ پڑتی ہے یار سب کی آنکھ — چشم بد دور رہے غضب کی آنکھ
لاغر ہوا ہون ہاے مین اوس درجہ ہجر مین — ملنے کی بھی دلا مجھے طاقت نہین رہی
کیسا ملال وصل ہوا شب کو یار سے — دل صاف ہو گیا وہ کدورت نہین رہی
الفت کا حرف صفحۂ ہستی سے مٹ گیا — بھائی کو بھائی سے بھی محبت نہین رہی

فروغ تخلص محمد عمر سلطان دہلوی خلف مرزا قادر بخش صابر تخلص

دیا ہو جھوٹ ہی گو نامہ بر نے مژدۂ وصل — پر اوسکے کہنے سے دل کو تو یک قرار آیا
کیا ہو آپ نے گو سچ ہی وعدہ آنیکا — یہ سوچیے تو کہ مجھ کو کب اعتبار آیا
لیکے آتے ہو ساتھ غیرون کو — باز آیا مین اس عنایت سے

فروغ تخلص خواجہ نور الدین خان بہادر معروف بہ سانولے صاحب اور خورد نواب انور الدولہ شفق تخلص باشندۂ کالپی

قید ہستی مین پھنسے یاد وطن بھول گئے — دام ہمکو یہ خوش آیا کہ چمن بھول گئے
خیال غیر ہے ہمراہ جا تمان — تصور مین بھی تنہائی گمان ہے

فروغ تخلص عنایت علی خان ولد قادر علی خان عظیم آبادی مقیم کانپور شاگرد

احمد علی کامل تخلص

مجھ سے شب وصال بھی انکار ہے اسے | کہتا ہے میرے پانون سے تو کر کنارہ ہاتھ

فروغ تخلص حافظ خدا بخش ساکن میرٹھ شاگرد امداد حسین ظہور تخلص

خیر ذکر حسن و عشق دل حسن دوست کو | طفلی سے دلپسند کوئی داستان نہین

فرہاد تخلص میر علی فیض آبادی شاگرد میر حسن دہلوی

مرے چاہے سے وہ بت رام کیا ہو | خدا کا گر نہو فرہاد جیا ہا

فریاد تخلص شاہ الفت حسین موسوی باشندۂ عظیم آباد شاگرد راجہ بیارے لال

الفتی مدتون سے کلکتہ مین رہتے ہین بمشیر فارسی کہتے ہین اپنی شاعری کا بہت غرور رکھتے ہین یہ شعر راقم کے سامنے پڑھے تھے انکی بعض بعض تصنیفات نظر سے گذری

اے وای جذب عشق مرے دل مین رہ گیا | نالہ ادلجہ کے پردۂ محمل مین رہ گیا
نفس کو نالہ بول سے اسیر درد کرتے ہین | صبا کے پاؤن مین زنجیر ہو گل سے بھر آئی ہے

فریاد تخلص مرزا مغل بیگ مرحوم ولد مرزا لقی بیگ لکھنوی مرثیہ مین شاگرد افسردہ اور غزل مین شاگرد مصحفی و ناسخ کے آلہ آباد مین رجسٹری کے سررشتہ دار تھے صاحب دیوان گزرے

خال اوس رخ کے کتابی پہ نمایان دیکھا | بچہ زاغ سیہ حافظ قرآن دیکھا
میکشو مین رند ایسا ہون کہ میرے واسطے | خم اوٹھا کر لائے خود پیر مغان بالا سے

فریاد تخلص لالہ صاحب رائے ولد لالہ سندر رائے کایتھ لکھنوی شاگرد میر سوز

چین پایا وہ بس مردن دل بیتاب نے | گوشۂ مرقد ہمین آغوش مادر ہو گیا
غم جب سے ہوا ہے یار دل کا | کوئی نہین غمگسار دل کا

فریاد تخلص قاضی محمد احتشام الدین ولد قاضی عظیم الدین باشندۂ مراد آباد

ہے کم سنی مین مرادون پہ یار کا جوبن | قدم قدم پہ قیامت بپا ابھی سے ہے

فسون تخلص مرزا منجھلے خلف مرزا اکرم بخش ولد سوم ابو ظفر بہادر شاہ بادشاہ دہلی

رولاتے نہ تم گھر عدو کا نہ بہتا | اوٹھایا ہوا ہے یہ طوفان تمہارا

لیوان دوست اوٹھا لائے تجھے کو چرہ اوسکی	گو جان بہ ستم تھا مگر آرام وہین تھا
اچھا ہوا کہ حشر کے ہنگامے سے بچے	ہونا جو تھا یہین دم رفتار ہو گیا

فصاؔ تخلص بوجہام باشندۂ دہلی شاگرد شاہ نصیر دہلوی

بادہ کے ہین پینے سے کیا کام ہمارا	مے خون جگر آبلہ ہے جام ہمارا

فصیحؔ تخلص پنڈت سکھن لال خلف بیچے لال فرخ آبادی شاگرد امراو حسین صفیرؔ تخلص

سمجھے نہ یار عاشق زلف دوتا مجھے	دنیا مین اس بلا سے بجائے خدا مجھے

فصیحؔ تخلص مرزا جعفر علی مرثیہ گو ولد مرزا ہادی لکھنوی شاگرد ناسخ بیت اللہ کو ہجرت کر گئے ہین

یہ تو قسمت مین کہان تھا کہ کرون کسب کمال	بے کمالی مین بھی افسوس کہ کامل نہ ہوا
دیکھیے گا پھنس کے زلف مین جب بیچ رہا دل	پچتایگا بہت ہی یہ خانہ خراب دل
سچ ہے یہ اک عیب بڑا ہے کہ وفادار ہنون مین	تم مین دو وصف ہین بدخو بھی ہو مغرور بھی ہو

فصیحؔ تخلص حکیم فصیح العالم خلف و شاگرد مولوی صبیح العالم خان دہلوی مرشد آباد مین نشو و نما پائی تھی وہین انتقال کیا

تحفہ تشنہ لب ہجران کے لیے رو و دہن	قرص گل یہ ہے تو دہ شربت عناب بنا
کم جنبی ہی مین چشم کی کھینچا گیا کاتار	اوس شوخ کا نظارہ عجب سادہ کار ہے

فضاؔ تخلص گوبند پرشاد ولد دیبی پرشاد لکھنوی شاگرد منشی مینڈو لال زارؔ

گر یون فضاؔ کو آپ لگانے نہ دینگے ہاتھ	چھو لیگا ایک روز وہ دیوانہ بن کے دامان

فضاؔ تخلص میرزا محمد جعفر عرف مجھے مرزا ولد مرزا بندہ حسین لکھنوی شاگرد محمد بخش عمید

اللہ اللہ یہ دیدار کا تھا شوق مجھے	تکتے تکتے رہ بت بن گئین تیھر آنکھین

فضلؔ تخلص فضل علی خان لکھنوی نواب مرشد آباد کی مصاحبت مین تھے جوانی مین نوعت کی انمین ایک بڑا عیب تھا کہ دوسرون کے شعرون کو اپنے نام سے پڑھتے تھے دہلی کو بھی گئے تھے کلکتے مین بھی آئے تھے

دل خیال زلف سے از بس مرا معمور ہے	صبح محشر بھی مجھے شام شب دیجور ہے

اودی مستی وہ اوسکے کہ سینے پہ حرف ہی | لب وہ کہ لعل کے بھی نگینے پہ حرف ہے

فضل تخلص فضل الرحمن خلف شیخ حامد علی ابن قاضی احمد متوطن یمن باشندۂ قصبۂ مہم ضلع رہتک شاگرد محمد رفیع الدین و محمد حیات خان حیات

حاجت دام نہین عاشق بیدل کو کبھو | گیسوئے یار ہے کافی سلاسل کے لیے

فضلی تخلص و نام شاہ فضل علی دکھنی معاصر شاہ نجم الدین آبرو

ذوق کے سلسلے کے طالب کو | بیچ دیکر مرید کرتے ہین

فطرت تخلص ایک شخص کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

کیونکر نہ آسمان پہ ہو اوسکا دماغ دل | روشن ہو جسکے سینے کے اندر چراغ دل

فغان تخلص اشرف علیخان دہلوی کو کہ احمد شاہ بادشاہ غازی ابن مرزا علیخان مقیم عظیم آباد شاگرد علی قلی خان ندیم سنہ ۱۱۸۶ گیارہ سو چھیاسی ہجری مین انتقال کیا بڑے ظریف تھے بعضے صاحب تذکرہ نے جو انکو قزلباش خان امید کا شاگرد لکھا ہے غلطی کی ہے دیوان انکا نظر سے گذرا

دل بستگی قفس کی یہان تک ہوئی مجھے | گویا مرا چمن مین کبھی آشیان نہ تھا

سر کو فدا ہے خنجر بیداد کر چکا | پہونچا مین اپنی داد کو فریاد کر چکا

ابھی مٹا نہین دعوے ستم رسیدون کا | کفن ہوا نہین میلا ترے شہیدون کا

کیا تو شب فراق مین جیتا رہا فغان | یہان تک گمان نہ تھا تری صبر و قرار کا

بے سبب شمع کب جلے ہے فغان | لطف سوز و گداز مین پایا

ممکن نہین کہ غیر نہ ہووے رکاب مین | مجھکو خدا نہ لائے ہمارے مزار پہ

پانون چلتے ہوئے دیکھے تو بیابان کیطرف | ہاتھ اوٹھتے نظر آئے تو گریبان کیطرف

کہتا ہے یہ بہشت مین مستون کی جا نہین | زاہد کا کیا خدا ہے ہمارا خدا نہین

خط دیجیو چھپا کے ملے وہ اگر کہین | لینا نہ میرے نام کو اے نامہبر کہین

مجھ مبتلا کی چشم کہان تک پر آب ہو | اے دل خدا کرے ترا خانہ خراب ہو

بک گیا اب تو یہ دل کا فروشخوار کے ہاتھ | بند ہوگئے رشتۂ الفت سے گنہگار کے ہاتھ

قاصد جو نا امید پھرا کوے یار سے | خفت مجھے ہوئی دل امیدوار سے
ضعیف ہے دل بیمار اس قرینے سے | اک کے آہ نکلتی ہے میرے سینے سے
ذکر کہون غیر کا کرتے ہو فغان کے آگے | انھین باتون سے یہ کم بخت خفا ہوتا ہے
دیکھکر دل کو مڑ گئے مژگان | تیر خالی پڑا نشانے سے
دل مین اوس شوخ کے ہو یاس وفا سو معلوم | کہنے سننے کے لیئے بات بنا رکھا ہے

فغان تخلص میر شمس الدین دہلوی

پردۂ غفلت مین میری یاس گر آتا ہی خواب | دیکھ میری چشم تر کو رو کے پھر جاتا ہے خواب

فغان تخلص ظریف خان رامپوری شاگرد حافظ ضیغم

ہے شکن مین جبین سے ابروئے خمدار مین | آگیا بل اندنون قاتل تری تلوار مین

فغان تخلص سید عباس علی خان

اگر زبان کہے نہ سوال وصال پر | مہلت ملی زبان کو تیری نہین سے کب
نقش قدم کی شکل نہین پایمال مین | یہ ناز تیری چال کی اوٹھی زمین سے کب

فغفور تخلص منشی قادر بخش ولد منشی رحمن بخش تاجر باشندۂ کلکتہ شاگرد مولوی عصمت اللہ صاحب

ہون مین دیوانہ کسی رشک قمر کا ہرگز | طوق گردن چاہیے بن جاہی ہالہ ماہ کا
یار ساقی ہے باغ ہے گل ہے | خم ہے شیشہ ہے جام ہے مل ہے

فقیر تخلص علاء الدولہ یمین الملک سید محی الدین خان دہلوی خلف نواب اعظم الدولہ دیوان الخاطر سے گزرا

ہو آج کے دن آن کے مہمان ہمارا | اتنا کہا مہمان نے اے جان ہمارا
ایک بوسہ فقیر کو دیجیئے | رد نہ کیجیے سوال سائل کا
گنج جو جانتے ہین کنج قناعت کو فقیر | سامنے اونکے ہین کیا مال یہ دولت والے

فقیر تخلص میر فخر اللہ دہلوی شعرائے تاجدار شاہ عالم بادشاہ مین تھے کبت و دوہرہ سے بھی واقف تھے احیانًا شعر اردو کہتے تھے

میرے سحاب چشم کو نیسان پہ ہے شرف | ہے کونسی گھڑی کہ یہ گوہر فشان نہین

صافی دلون کی دید کو مانع نہین حجاب | عینک سے ہے دوچند ضیاے بصر مجھے

فقیر تخلص میر شمس الدین دہلوی فارسی گو عروض و قوافی و زبان دری مین خوب دخل رکھتے تھے چنانچہ چند رسالے اسی باب مین لکھے ہین سنہ ۱۱۷۱ گیارہ سو ستر ہجری مین بعد حصول زیارت حرم شریف وقت مراجعت انتقال کیا بہت سی تصنیفات انکی نظر سے گزرین

خال تیرے بیاض گردن پر | نقطۂ انتخاب ہے گویا
گم ہے آواز ترے کوچے کے باشندونکی | نالہ کرنے سے گداونکے گلے بیٹھ گئے
ہے غرض دید سے بیان کام تکلف سے نہین | خواہ ادھر بیٹھ گئے خواہ ادھر بیٹھ گئے

فقیر تخلص عنایت اللہ ولد نور اللہ ساکن کرنارپور ضلع جلندر

مہندی کے باندھنے کی کتا کش یہ کون اٹھے | فرمایا میرے خون سے آلودہ کرکے ہاتھ

فقیر تخلص مولوی فتح علی خان خلف خیرات علی خان فرخ آبادی اولاد مین نواب ہادی داد خان بہادر کی

اے عشق کس مکان مین وہ جان جہان نہ تھا | چشم و دل و دماغ جگر مین کہان نہ تھا
مسجد مین میکدہ مین حرم مین کنشت مین | وہ خود نما جہان مین کہیے کہان نہ تھا

فقیر تخلص حکیم علی محمد عظیم آبادی خلف حکیم احمد حسین حکیم تخلص مقیم کلکتہ راقم کے ملاقاتیون مین ہین

دیر و مسجد کو کرین گبر و مسلمان آباد | مین نہ کرنے کا بجز کوچۂ جانان آباد
ایسی آنکھین نہ دید ہین نہ شنید | منتخب ہین ہزار آنکھون مین

فکری تخلص مرزا مومن بیرۂ شاہ عالم بادشاہ

جون نکہت گل گردش تقدیر سے فکری | ہم خانہ بدوش آہ رہے اپنے وطن مین
ہم گنہگارون کی قسمت مین کہان ہے ہرچند | کوچۂ یار مین جنت کی ہوا آتی ہے

فگار تخلص مرزا قطب علی بیگ دہلوی

مت پوچھو فگار اب تو مرا مسکن و ماوا | مانند بگولے کے سدا بیوطنی ہے

فگار تخلص میر حسین دہلوی نبیرۂ میر فقیر اللہ فقیر شاگرد میر نظام الدین ممنون بعض صاحب تذکرہ نے انکو مرزا غالب کا شاگرد لکھا ہے

دیکھ آئینہ کو او سنے کیا اسلیے ٹکڑے — یعنی مجھے کسوا سطے مجھسا نظر آیا
کرتا ہے غنچہ تیرے دہن کی برابری — شاید یہ اپنے بھول گیا ہے دہن کی بو

فلک تخلص میر بہادر علی عرف میر نصاحب خلف میر اکبر علی لکھنوی شاگرد برق

صورت برگ خزان خشک ہوا جاتا ہون — دیکھتا جاکے نہ مین کاش بہار عارض

فنا تخلص شیخ باقر باشندۂ کالپی حافظ ضیغم و مولوی عبد الکریم خان آشنا و مولوی محمد مظہر وصل وغیرہ بہت سے شاعرون سے اصلاح لی تھی کلکتہ مین تجارت کرتے ہین ریختی بھی کہتے ہین راقم کے ملاقاتیون مین ہین *

ریختی

بار گوہر سے لچکتی ہے کلائی بار بار — وہ دُرِ نایاب پہنے ہے جو سمرن آج کل
کل روپئے سونا کو منگوا کر دیے تکسال سے — اشرفی خانم کہونگی جاکے کندن لال سے

فنا تخلص شیخ بیر مرحوم بھکیت خلف شیخ طاہر لکھنوی

ہو مخجل شام اودھ اور بنارس کی سحر — کبھی دیکھے جو وہ گیسو وہ بہار عارض

فوق تخلص میر ولد حسن خلف میر مولود علی فرخ آبادی مقیم لکھنؤ شاگرد میر وزیر صبا صاحب دیوان ہین

سنتا نہین ہزار کی فصل بہار مین — پہونچا ہے عرش پر ترا اے باغبان دماغ
وہ صفا اب مجھے حاصل ہے کہ یہ صورت ہے — دیکھ لیتا ہون رخ یار کا جلوا دل مین
در و دیوار سے زندان کی سر ٹپکتے ہیں — خیال اے فوق آتا ہے جو صحرا کا کبھی ہمکو
بے یار میکدے مین نہ بستر لگائیے — ٹھوکر سبو کو جام کو پتھر لگائیے

فوق تخلص شیخ عبد الصمد باشندۂ میرٹھ شاگرد مظفر خان گرم تخلص

دل مضطر نہین ہے قابو مین — ڈھنگ سیکھا ہے اوس ستمگر کا
شور محشر سے بھی نہ اٹھتے ہم — کام تھا یہ تمہارے ٹھوکر کا

دھوکے مین آکے کرتا ہون ناحق شکایتین — میری ہی آہ کا ہے وہان آسمان نہین
نالے اگر یہی ہین ہمارے تو دیکھنا — یا ایک روز ہم نہین یا آسمان نہین

فوق تخلص نظیر احمد مرشد آبادی شاگرد حیرت

ضبط کا ڈھنگ کچھ ایسا دل ناشاد رہے — آنکھ مین اشک نہ لب پر کبھی فریاد رہے

فوق تخلص میر بادشاہ باشندۂ دہلی شاگرد و قرابت دار مولوی سید احمد خان صدر الصدور علیگڑھ متخلص بہ آسی

مین تو رہتا ہون گریزان ہی سدا اوس سے مگر — چھوڑتا کب ہے ترا طرۂ طرار مجھے

فہمی تخلص وارث علیخان

دوری مین اوس مسیح کی اولٹی ہوی ہے سانس — مہلت ملی ہے ہمکو دم واپسین سے کب
اوس حور کے جو وصل سے ٹھنڈا ہوا دل — خمخانہ ہو گیا ہے جہنم تمام شب

فہمی تخلص پنڈت سندر لال ولد پنڈت بدری ناتھ لکھنوی مقیم کانپور شاگرد محمد اسمعیل حسین منیر تخلص

زنجیر توڑی پنجۂ شل نے غضب کیا — شانے سے اوس پری کے ہوی تا ترا لگ

فہمی تخلص شیخ دیانت حسین مدرس زبان فارسی و اردو ماڈل اسکول موضع بڑھیا ضلع مونگیر خلف شیخ ہدایت علی باشندۂ بہار مونگیر مین رہنے کے ہنگام مین کلام اپنا راقم الحروف کو دکھلاتے تھے ہر دو زبان فارسی و اردو مین شعر اچھا کہتے ہین

ستم سے کم نہین الطاف یار اے فہمی — ہے برق جان حزین طور مسکرانے کا
آئینہ کو نہ مقابل رکھین — بہرون حیران رہا کیجیے گا
تابکے نالۂ و افغان فہمی — کیا کہین حشر بپا کیجیے گا
نہ وہ مین ہون نہ وہ زمانہ رہا — دل لگانے کا اب مزا نہ رہا
مدعی سے بگڑ گئی وہ نہ — دل مین کیون کچھ بھی مدعا نہ رہا
کی یہ اشک حیا نے پردہ دری — راز میرا ترا چھپا نہ رہا

تیون کے جور وجفا نے کیا ہین گمراہ
چلے ہین دیر سے گھبرا کے خانقاہ کو ہم

ادہر ہو عل کے جگر خاک ادہر نہ ہوتا شیر
ملائین خاک مین فہمی بس ایسی آہ کو ہم

کہتے ہین مجکو دیکھ کے اللہ رے فریب
گر تم نہین صحیح تو بیمار بہی نہین

چشمان نیم واتری اے مست خوب ناز
گر خواب مین نہین ہین تو ہشیار بہی نہین

تمام عمر تو کسب کمال مین کاٹی
کیا کمال جو حاصل تو دل لگانے مین

آپ کے غم مین مرگیا ہون مین
اور کسطرح سے بنا ہون مین

عشق مین عقل و فہم کو کھو کر
فہمی اب نام کو رہا ہون مین

بے فائدہ گر عرش پہ پہنچے بہی تو حاصل
اے نالو ذرا کان تک اوس یار کی پہنچو

ہرگز نہ دم بار جفا کوش مین آؤ
اے حضرت دل خیر ہے کچہ ہوش مین آؤ

جو اونسے پوچہے غیرون پہ کیون ہے لطف و کرم
تو ہنسکے کہتے ہین بس تیرے ہی جلانے کو

ہوش کی اپنے دوا کیجیے کہ خیر ہی ہے
آتے ہین حضرت ناصح مجہے سمجہانے کو

مرون ہی سے لگائینگے دل کو کسیطرح
کوچہ تمہارا اگر نہین خلد برین تو ہے

مجکو سوال بوسہ سے مطلب جواب ہے
گر ہان نہین زبان پر اونکے نہین تو ہے

وہ بگڑی ہے ہوا اے شہر الفت
جسے دیکہہ وہ غم مین مبتلا ہے

وہ شکوہ اپنا میرے منہ سے سنکر
لگے کہنے کہ ہان کہیے بجا ہے

جنازہ دیکہکر میرا کہا حیف
رہی دل ہی مین سب حسرت جفا کی

اللہ یہ اپنی بیکسی ہے
رونے کو وہ سمجہے ہین ہنسی ہے

چہرے کی بلائین لے رہی ہے
کاکل تری میری مدعی ہے

سر پر ہے کہڑی قضا بہی وہ بہی
جان ایک عذاب مین پڑی ہے

مرتا ہے دراز کا کلون پر
فہمی کی حیات بڑہگئی ہے

فیاض تخلص حکیم سعید الدین علیخان سررشتہ دار کچہری راجہ راج سمتہر
بن حکیم ابوسعید خان مقیم اٹاوہ

فتنۂ خوابیدہ چونک اوٹھینگے یار
ساتہہ غیرون کو سلانا چہوڑدینے

فیاض تخلص شیخ فیض الحسن خلف شیخ نظام الدین نظام باشندۂ قصبۂ دیبائی ضلع بلند شہر

افسوں کا ہو عمل دعمل کا ہو کچھ اثر	میرا رقیب یار کا ہمزاد ہو گیا

فیض تخلص حکیم منور حسین صاحب مثنوی نہر لبن و مثنوی عدۃ الاعجاز و جواہر الحکمت و صحیفۃ الاسرار وکیل عدالت دیوانی ضلع مونگیر خلف سید فضل حسین شاگرد مہدی علی زکی باشندۂ امروہہ کبھی حکیم بھی تخلص کرتے ہین اشعار عربی و فارسی وارد و انکے اچھے ہوتے ہین راقم کے احباب مین ہین انکی مثنوی سلسبیل و مثنوی صاعقہ و کنایات منوری نظر سے گزری

فرقت قاتل مین گو تڑپا کرون بسمل نمط	تا قیامت بھی نہ نکلے دم بآسانی مرا
بخدا تک مجنون نے ڈھونڈا کوہ تک فرہاد نے	اے جنون لیکن نہ ہاتھ آیا کوئی ثانی مرا
کیونکہ چھوڑون و اعظا دسکو کہ ہے وہ گلبدن	دل مرا دلبر مرا جانان مرا جانی مرا
دولت کی طلب زر کی تمنّا نہین کرتے	دیندار کبھی خواہش دنیا نہین کرتے
سُنتا ہون کہ غیرون سے اونھین رہتی ہے صحبت	کہدو کوئی جاکر کہ یہ اچھا نہین کرتے
کیون کہتے ہین سب لوگ تمھین رشک مسیحا	ہم مرتے ہین مدت سے تم اچھا نہین کرتے
چہرے سے ذرا برقع زرین کو اوٹھا دو	ایجان شب وصل مین پردہ نہین کرتے
جب کہتے ہین آجاتی ہین گھر فیض خزین کے	سچے ہین وہ جھوٹا کبھی وعدہ نہین کرتے

فیض تخلص مولوی فیض الحسن باشندۂ سہارن پور مقیم دہلی صاحب شواہد تفسیر و شواہد خمسہ و تذکرۂ صحابہ و مثنوی روضۂ فیض و مثنوی چشمۂ فیض وغیرہ کتب کثیرہ عربی و فارسی

عجب کچھ طور تھا شب فیض کا کیا جانیے کیا تھا	کوئی وحشت سی وحشت تھی کوئی سودا سا سودا تھا
غنیمت ہے کہ بعد از مرگ عاشق اتنا کہتے ہین	بُرا تھا یا بھلا تھا خیر جیسا تھا وہ اپنا تھا

فیض تخلص علی بخش شاگرد وحید الدین فرد

پاس اوس گلرو کے جب جاتے ہین ہم	داغ دل پر تازہ لے آتے ہین ہم

فیض تخلص پنڈت کرپا کشن کشمیری معتم لکھنؤ

پر مرتے خون مین نہ خاک سے بسمل آکر	دیکھتا میرے تڑپنے کو جو قاتل آکر

فیض تخلص میر فیض علی خلف میر تقی میر مقیم لکھنؤ

کہہ دیا سب سے جو کہ تھا معلوم	دل ترا حوصلہ ہوا معلوم
شوق مین تیرے کنار و بوس کے اے حجن	موج کے مانند ہو جاتے ہین سب آغوش ہم
یہ ترک چشم تری مست ہین جوان دونون	کہ سور ہے ہین تلے سر کے رکھ گمان دونون

فیض تخلص نواب جعفر حسن خان خلف نواب محمد علی خان رئیس عظیم آباد شاگرد مصحفی

آسمان پر اشک کو لیجائیگی تحریک آہ	یہ ہوا اوٹھتی ہے دریا موج خون ہو جائیگا
فیض اب اوسکو ندامت ہی نکیا شی سے	تیرے زخمون نے عبث اوس پہ ہنسکر خندکیا
رشتۂ تسبیح اپنا ہو گیا تار نفس	ذکر ہو موقوف تیرا گر یہ دم بھر ٹوٹ جائے
کیسی پابندی ہین زندان کی اور زنجیر کی	وہ جنون کا زور ہے سد سکندر ٹوٹ جائے
مے پینے کی تمت تو دے سکتا نہین لیکن	آنکھون مین گلابی سا ڈورا نظر آتا ہے

فیض تخلص ظفر یاب الدولہ میر احسان علی خان بہادر باشندۂ لکھنؤ ولد سید محمد تقی خان بن میر زین العابدین خان رفیق سپان الماس خواجۂ سرا شاگرد آتش صاحب دیوان ہیں

کب اوٹھائے ہے ترے خاک نشین اوٹھتی ہے	درد بھی ضعف کے باعث ہے اوٹھا دل مین

حرف قاف

قابل تخلص مرزا علی بخش شاگرد محمد ابراہیم ذوق امیر تیمور کے دودمان سے ہین

سامنے میرے غیر سے تو ملے	ستم اس سے زیادہ کیا ہو گا
کیا جو قتل مجھے تو نے آپ خوب کیا	کہ مین عذاب سے چھوٹا تجھے ثواب ہوا
تم جو کہتے ہو جاؤ تم یہان سے	ایسے جائینگے پھر نہ آئین گے
مری جانا ہے عشق مین بہتر	نہ جیین گے نہ رنج اوٹھائین گے
لکھا تھا وہ ہی کہ جو تھا نصیب کا لکھا	بلا سے خط کا جواب اوسنے کچھ دیا تو سہی

قادر تخلص مولوی عبد القادر خلف مفتی سید کرامت علی باشندۂ الہ آباد

چشم کے چشمہ سے طوفان نوح کا ہوگا روان | ہووگیا آخر کو یہ دریا روان بالائے سر

قادر تخلص مرزا قادر بخش بھکیت متوطن دہلی باشندۂ عظیم آباد مقیم کلکتہ شاگرد مولوی عبد الکریم خان شاگرد راقم کے ملاقاتی ہین

مانگ بالون مین نہین اوسکی عیان بالائے سر | نہر حیوان کی ہے ظلمت مین روان بالائے سر

قادر تخلص مرزا سرفراز علی ولد مرزا ہنگا باشندۂ لکھنؤ شاگرد طالب علی خان عیشی صاحب دیوان ہین

دل چین لو جو ابرو عشاق یون نہ دین | وہ انتظام رخ کا ہے یہ بند و بست لف

قادر تخلص مرزا قادر شکوہ خلف مرزا عباس شکوہ نبیرۂ شاہ عالم بادشاہ مقیم لکھنؤ شاگرد ضمیر مرثیہ گو

ایسا مین سمجھتا تو نہ ملتا کبھی ناصح | دل صفت مین لیجائیگا یہ کسکو یقین تھا
پی گیا مقتل مین وہ خون شہید ناز کو | تو تو تھا ہی پر ترا خنجر غضب خونخوار تھا

قادر تخلص سید قادر بخش خلف سید عبد الحقانی متوطن سنبھل مقیم فرخ آباد

ہے وقت نزع وصل کی خاک آرزو کریں | ہم آپ گم ہین یار کی کیا جستجو کرین

قادر تخلص شیخ قادر بخش لکھنوی

اوس ماہرو کے وصل کی اللہ ری خوشی | ہم نے لٹائے داغ کے درہم تمام شب

قاری تخلص قاری علی احمد باشندۂ دہلی علم قرأت سے بخوبی آگاہی حاصل کی تھی

جبین ابرو نے خوب روک دیا | تھا مین کہنے کو مدعا اپنا
سچ بھی کہیئے تو جھوٹ سمجھے ہے | کہیئے کیا خاک ماجرا اپنا

قاسم تخلص آغا محمد

سیکڑون غم ایک جان زار سے ہے | ابر ہے شب ہے دل بیمار ہے

قاسم تخلص قاسم علی خان ولد امیر علی خان باشندۂ فرخ آباد

ہے عیان معنی والشمس رخ انور سے | جلوہ گر عالم واللیل ہے موئے سر سے

قاسم تخلص میر قاسم علی خلف میر طالب علی باشندۂ بارہہ مذہب تشیع سے

دلگرفتہ ہوکر مولوی محمد اسمٰعیل کی خدمت مین توبہ کی اور راہ تسنن کو اختیار کرکے مولویصاحب موصوف کے ساتھ پنجاب کے معرکہ مین شہید ہوئے

تھی بات ہنسی کی پہ نبی جان پہ قاسم | لب اوسکے نمکسز ہوئے زخم نہان پر

قاسم تخلص سید قاسم علی خان خلف سید حیدر علی خان لاہوری تخلص بہ حیدر شاگرد لکھنؤ موسیقی مین اچھی مہارت رکھتے ہین بہت روز تک عہدۂ تحصیلداری پر مامور رہے

بسر کن خوبیون سے زیست کرکے اوٹھگیا قاسم | ہزار افسوس وہ بھی کیا بشر تھا کتنا بڑا شر تھا
ایک ہی حسن کا جلوہ ہے کہ ہر پردے مین | دل کو لیتا ہے کہین رنگ کہین بو ہوکر
ایک بوسے کے عوض دین دو سنے لاکھون لیکن | بیشتر لذت ملی تقصیر سے تعذیر مین
رخ دکھا دیجے کوئی بات سنا دیجے کہ ہین | کان مشتاق سخن طالب دیدار آنکھین
سیکڑون دریا بھرے ہین چشم گریان مین مری | پھر بھی یہ کم بخت ہر دم تشنۂ دیدار ہین
نہین آواز بھی مُنہ سے نکلتی نا توان کے | اسیر دکھا تمھارے نالہ بھی محبوس زندان ہے
مری صداع کو صندل سے فائدہ معلوم | علاج اسکا کسی سنگ آستان مین ہے
جو ان ہوی تو جینگے نہین تو جان گئی | ہماری زیست و مرگ آپ کی زبان مین ہے
شمع و پروانہ سے سمجھے اتحاد حسن و عشق | ایک آتش تھی کہ جسمین دونون جلکر رہ گئی

قاسم تخلص قاسم علی لکھنوی ۱۲۶۳ھ اٹھا ۸۰ سو برس عیسوی مین کلکتہ مین تھے انکی مثنوی حیرت افزا نظر سے گزری

نہین انکار دینے مین فدا ہی جان یہ تم پر | اگر اس قول پر چاہو تو قاسم سے قسم لیلو
مدت سے انتظار ہے تشریف لائیے | آنے مین اپنے دیر نہ مطلق لگائیے

قاسم تخلص شہزادۂ ابو القاسم اولاد مین امیر تیمور کی تھے کلکتہ مین بھی آئے تھے

بکھری ہو کین زلفین تری اس چاند سے منہ پر | قاسم کو دکھاتی ہین سمان چاند گہن کا

قاسم تخلص شیخ قاسم علی لکھنوی شاگرد آتش شروع جوانی مین انتقال کیا

گردش تقدیر سے ہون سخت حیران اے فلک | رزق بے سنت کے قابل آسیا تھی پر جتا

باز پرس حشر کا بھی خوف ہے اے دل ضرور
کون مانے گا کہ تقدیر خدا تھی مین نہ تھا

سُنکے دستک کی صدا نکلے نہ تم اچھا کیا
خیر گزری رات کچھ اسمین دغا تھی مین نہ تھا

قاسم تخلص میر قاسم علی باشندۂ بریلی

یقین ہے العطش گویان دم آخر مرونگا آب
پیاسا ہون ترے آب دم شمشیر بران کا

قاسم تخلص حکیم میر قدرت اللہ خان دہلوی شاگرد ہدایت اللہ خان ہدایت حضرت مولانا فخر الدین قدس سرہ کے مریدون مین تھے ۱۲۴۵ بارہ سو چیالیس ہجری مین انتقال کیا صاحب دیوان گزرے الخ تذکرہ شعرا در نخبۂ نظر سے گزرا

ہم نہ کہتے تھے نہ دیکھ آینہ حیران ہوئیگا
زلف کو شانہ نکر کافر پریشان ہوئے گا

قرار و صبر و تاب و طاقت نہوں مسا فر تو کیا کرین پھر
پیام آیا نہ نامہ آیا نہ قاصد آیا نہ یار آیا

خط پشت لب جانان کو تو نے دیکھا اے قاسم
سواد چشمۂ حیوان مین کیا سبزہ لہکتا تھا

یہ کہیے اب کہ بھول پڑے آپ کسطرف
اسطرف بارے آپ کا کیونکر گزر ہوا

دل کی نہ پوچھو کچھ کہ یہ ہمدم ازل سے ہے
آفت نصیب و فتنہ نصیب و بلا نصیب

کرین ہم تجھسے اب کچھ اور ڈھب کی بات کیا قاسم
ترے باؤن تلک پہنچے ہمارا ہاتھ کیا طاقت

قسم ہے ہم کو سر زلف یار کی قاسم
کہ شب تھی کاکل جانان سے مو بمو گستاخ

سر بسر قول ترا اے بت خود کام غلط
دن غلط رات غلط صبح غلط شام غلط

کرشمہ غمزہ تغافل نگہ حیا چشمک
ہے دل کو کیا ہی یہ دو چار چشم یار سے خطر

ہین روسیہ و خستہ جگر مثل نگین ہم
اے وای کہ تسبیح بھی نہین خانہ نشین ہم

اے سادہ رو یہ صاف ستم ہے کہ آینہ
ٹوٹے ہمارا اور رہین نامراد ہم

غم و درد و رنج محنت آفت ستم بلا مت
فرقت مین تیرے دیکھے بندہ نواز سا تو ن

کہان قاسم نہ روک آنسوؤن کو
یہ لڑکے ہین ناحق گلوگیر ہونگے

مسلمانو اوسی پر وا ہو کیا احیای عاشق کے
وہ نصرانی بچہ عیسی نفس تو ہی یہ کافر ہے

قاصر تخلص مرزا ہبر علی بیگ تاجر ولد مرزا رستم علی بیگ سمرقندی باشندۂ دہلی شاگرد ثناء اللہ فراق و مصحفی کلکتہ مین بھی آئے تھے صاحب دیوان گزرے

میرے آگے نہ کسی غیر کا تو دل رکھنا | سنگ اچھا نہین شیشے کے مقابل رکھنا
تیرے ابرو سے مہ عید نے سیکھی ہے یہ طرز | تیم نظارہ پہ اک خلق کو مائل رکھنا
عالم کے مرقع مین اگر پھر ہو وہ پیدا | یوسف کے مقابل تری تصویر کرو مین
صبا چمن مین شہیدان یار دفن ہین کیا | ہر ایک غنچے سے آتی ہے مجھکو بو دل کی
جرم حسرو کا بہ تقصیر اسمین کچھ شیرین کی ہے | موت لکھی تھی تری فرہاد تیرے ہاتھ سے

قاصر تخلص سید خوب اللہ باشندۂ یحییٰ پور متعلق الہ آباد

مین بصدق دل سے بندہ اوس صنم کا ہون مرا ایمان ہے | یہ ایمان ہے یہ ایمان ہے یہ ایمان ہے

قاصر تخلص شیخ مقصود علی باشندۂ غازی پور

اک ہم ہی تیری چال سے پستے نہین صنم | پامال کبک بھی تو ہوی کوہسار مین

قاضی تخلص شیخ قادر بخش ساکن کانپور شاگرد مولوی احمد علی کامل

شوق گیسو مین ہون مجبور گرانجانی سے | روز کٹتی ہے شب ہجر پریشانی سے

قاضی تخلص قاضی عبد الفتاح باشندۂ قصبۂ بھل

دنیا مین تو کچھ نہ ہم نے حاصل دیکھا | بگڑا جو نہ دیکھنے کے قابل دیکھا
جب چشم کھلی تو چشمۂ خضر کو بھی | مانند سراب عین ساحل دیکھا

قائل تخلص سید علی خان ولد میر فضل علی خان عرف میر بڈھن عظیم آبادی مقیم کانپور
شاگرد رشک راہ کربلا مین گوشہ نشین گو رہوے صاحب دیوان گزرے

نالے کیے ہین دیکھ کے تل تیرے ہونٹھ کے | مکھی بنا تفنگ کی ایک ایک خال لب
دیکھتے ہی اوسے وہ شوخ مٹا دیتا ہے | کودکان مشق جو کرتے ہین مری نام کی حرف
نام گل مشق یہان تک کیے ماشاء اللہ | خط گلزار ہوے اوس بت گلفام کی حرف

قائل تخلص مولوی فصیح اللہ باشندۂ الہ آباد برادر مولوی امیر اللہ شاغل

خاک و اکسیر کی ہے قدر برابر مجھ کو | کر دیا فقر کی دولت نے تونگر مجھ کو

قائم تخلص مرزا قائم علی باشندہ اٹاوہ

روز و شب پھرتے ہین کوچہ مین ترے دلدار ہم | ہو کہین قسمت کہ دیکھین اک نظر دیدار ہم

قائم تخلص محمد قیام الدین باشندۂ چاندپور متعلقہ سنبھل مراد آباد مقیم دہلی شاگرد میر درد و سودا شعر خوب کہتے تھے سنہ ۱۱۹۲ بارہ سو دس ہجری مین انتقال کیا دیوان انکا نظر سے گزرا ایک تذکرۂ شعرا بھی انسے یادگار ہے

جہان مین شہرہ تھین مجنون کی ذلتین قائم
سو بارے عہد مین تیرے وہ نیک نام ہوا

کیون چھوڑتے ہو درد تہ جام میکشو
ذرہ ہے یہ بھی آخر اوسی آفتاب کا

تا بفلک نالہ تو پہونچا تھا رات
مین ہی کچھ اللہ کا ڈر کر گیا

غیر سے ملنا تمہارا سن کے گو ہم چپ رہے
پر سنا ہوگا کہ تمکو اک جہان نے کیا کہا

ٹوٹا جو کعبہ کونسی یہ جائے غم ہے شیخ
کچھ قصر دل نہین کہ بنایا نہ جائے گا

لیگیا خاک مین ہمراہ دل اپنا قائم
شاید اس جنس کا یہان کوئی خریدار نہ تھا

نہ وعدہ اوسکے ساتھ نہ پیغام کیا کہون
پوچھے کوئی سبب جو مرے انتظار کا

کچھ طرفہ مرض ہے زندگی بھی
اس سے جو کوئی جیا سو مر کر

گر زیست ہے تجھ تلک تو پھر کیا
صدقے ترے مر ہی جائینگے ہم

دو جہان بھی ملے تو بس ہے ہمین
یہان کچھ اپنی تو احتیاج نہین

جب کہا عہد کیا کیا تھا رات
ہنسکے کہنے لگے کہ یاد نہین

مے کے توبہ کو تو مدت ہوئی قائم لیکن
بے طلب اب بھی جو ملجاے تو انکار نہین

کہتا ہے آئینہ کہ ہے تجھسا ہی ایک اور
باور نہ ہو تو لا مین ترے روبرو کرون

قائم یہ جی مین ہے کہ تقید سے شیخ کے
اب کی جو مین نماز کرون بے وضو کرون

سنگ کو آب کرین پل مین ہماری باتین
لیکن افسوس یہی ہے کہ کہان سنتے ہو

وہ بھی تو آدمی ہین کہ جنسے تھین ہم ربط
کیا شکوہ تم سے روئیے اپنے نصیب کو

مین جاتا ہون کعبے سے اب دیر کو
بھلا یہ بھی دیکھون خدا کیا کرے

کس دل پہ داغ غم نے نہ تیرے بہار کی
اللہ رے دھوم اب کی برس لالہ زار کی

بتون کی دید مین جاتا ہون دیر مین قائم
مجھے کچھ اور ارادہ نہین خدا کرے

سنے نالہ مین تاثیر ہے نے آہ مین ہی درد
معلوم ہو کسطرح تجھے چاہ کسی کی

گو بظاہر تو گلے لگتا نہین میرے تو کیا ۔۔۔ ہے تصور سے ترے ہر دم ہم آغوشی مجھے
دہن کو تیرے یا یا بات کہتے ۔۔۔ ہماری جرسی مین کیا سخن ہے

قبول تخلص مرزا مہدی علیخان لکھنوی مخاطب بہ مقبول الدولہ مصاحب و داروغہ توپخانہ واجد علیشاہ پادشاہ لکھنؤ خلف مولوی محمد مرزا شاگرد ناسخ شاہ اودھ کے ہمراہ کلکتے مین آئے تھے شعر صاف اور عاشقانہ اچھا کہتے تھے انھون نے شمشیر خانی کو نظم اردو مین ترجمہ کیا ہے دیوان انکا نظر سے گزرا اسسٹلا بارہ سو چھتر ہجری مین لکھنؤ مین جاکر وفات پائی راقم نے اونکے انتقال کی یہ تاریخ کہی ہے

قطعۂ تاریخ

میرزا مہدی علیخان مر گئے افسوس حیف ۔۔۔ دوستون کو کر گئے مغموم و محزون و ملول
مصرع تاریخ وفات حزین نے یہ کہا ۔۔۔ واے ہے ہے مر گیا مہدی علیخان قبول ۱۲۷۶ھ
کرتے ہین سرسبز چوب خشک کو جانباز عشق ۔۔۔ کسقدر منصور سے قہرہ ہوا ہے دار کا
قرب بد سے پاک طینت کو نہین ہوتی گزند ۔۔۔ دامن گل نے کبھی صدمہ نہ دیکھا خار کا
وفاداری مین ہم ثابت قدم ہین بعد مردن بھی ۔۔۔ بنے گا اسے پر یر و تیرے کوچے مین مزار اپنا
مانگا جو ایک بوسہ تو دین لاکھ گا لیا ان ۔۔۔ میرا سوال دیکھئے اور یار کا جواب
پرتو رخسار تابان سے بس کو سون تلک ۔۔۔ شمع روشن ہے ہر اک سنگ نشان کوی دوست
برگ کیونکر نہ ہو خاموش گلون کی آگے ۔۔۔ نہین زیبا ہے تہی دست کو زر دار سے بحث
یہ سرخ پوشی مرے قتل کی خوشی سے ہے ۔۔۔ نہ جانیو کہ لہو سے ہے تیغ قاتل سرخ

قبول تخلص عبد الغنی بیگ کشمیری معاصر سودا بیشتر فارسی کہتے تھے

دل یون خیال زلف مین پھرتا ہے نعرہ زن ۔۔۔ تاریک شب مین جیسے کوئی پاسبان پھرے

قدر تخلص محمد قدر دہلوی معاصر محمد شاہ پادشاہ رندانہ وضع رکھتے تھے

آج آئے ہو تو رہجاؤ صنم رات کی رات ۔۔۔ لیلۃ القدر سے بہتر ہے ملاقات کی رات

قدر تخلص سید غلام حسنین خلف سید خلف علی بلگرامی شاگرد مرزا نوشہ غالب و ایلچی بمبر مگر کوئی شعرا لکھنا دہلویون کے انداز کا نظر آیا نہین انکی مثنوی قضا و قدر نظر سے گزری

یہ ضبطِ عشق ہے کہ نہ نکلے گی منہ سے آہ | ایسے جلیں گے ہم کہ نہوگا دھواں بلند

قدرت تخلص مولوی قدرت اللہ شاگرد ثنا اللہ خان فراق باشندۂ دہلی

زلفون مین اگر دل یہ گرفتار نہ ہوتا | یون روز مرا آہ شب تار نہ ہوتا

قدرت تخلص شیخ قدرت اللہ شاگرد محمد عارف رفوگر

قاصد شتاب جاکے خبر لا تو یار کی | حالت بہت بری ہے دل بیقرار کی

قدرت تخلص مولوی قدرت اللہ رامپوری شاگرد قائم چاندپوری ریختہ گویون کا ایک تذکرہ انسے یادگار ہے

لاکھون جلائے مردۂ صد سالہ آن مین | فیض دم مسیح ہے اوسکی زبان مین
انصاف بھی ضرور ہے یہ ظلم تا کجا | کہتونکے جی تو جاتے رہے امتحان مین

قدرت تخلص شیخ محمد قدرت اللہ سوپرنٹنڈنٹ اسٹامپ ریاست بھوپال خلف شیخ محمد باب اللہ بنارسی دیوان انکا نظر سے گزرا کوئی غزل انکی نواب سکندر بیگم کی مدح سے خالی نہین

مین کہا مرتا ہون تجھپر وہ لگا کہنے کہ جھوٹ | جب تو ہم جانین دکھادو ہم کو مرکے سامنے
جب وہین مین مرگیا اوسنے کہا سچا ہے یہ | اسکا اب مرقد بنا دو میرے گھر کے سامنے

قدرت تخلص شاہ قدرت اللہ برادر زادہ میر شمس الدین باشندۂ دہلی مقیم مرشد آباد شاگرد مرزا مظہر جانجانان وجعفر علی حسرت غربزون مین شاہ عبد العزیز دہلوی قدس سرہ کے تھے شعر گوئی مین اچھی قدرت رکھتے تھے ۱۲۰۵ بارہ سو پانچ ہجری مین انتقال کیا دیوان انکا نظر سے گزرا

ہنگامۂ پرہیز و ورع اب بسر آیا | اے ہاؤ ہو کنندہ مژدہ کہ پھر ابر تر آیا
پیمانہ کب کرے ہے دفع خمار قدرت | منہ سے لگا دے اوسکے ساقی تو منہ سبو کا
ہوا ہے اوسکے گلے مین گرہ دم اعجاز | ترے لبون نے مسیحا سے کیا سوال کیا
جہان نظر پڑے پاؤن تلے ملے کاغذ | سمجھ کے نامہ مرا ہاتھ مین نہ لے کاغذ
اڑائی زیس خاک ماتم مین دل کی | کیا ہنسے آخر زمین آسمان کو

حسرت اے صبح چمن ہم سے چمن چھوٹی ہی — مژدہ اے شام غریبی کہ وطن چھوٹے ہے
نوح کشتی سے خبردار کہ یہان سینے سے — مرہم تازۂ ناسور کہن چھوٹے ہے
سینہ اوسکا ہے دل اوسکا ہے جگر اوسکا ہے — تیر بیداد جدہر رخ کرے گھر اوسکا ہے
لب جان بخش کی اوسکے جو پڑی ہی اک دھوم — لب عیسی نے مگر میری زبان چوسی ہے
کسکی نیرنگی یہ برق خاطر مانوس ہے — جو شرر دل سے اوٹھے سو جلوۂ طاؤس ہے
حسن کو اپنے ہوادار رونے کا دش ہے مدام — ہر طپش یہان شمع کی برق دل فانوس ہے
ایک ہی پردے کی گر سمجھو تو یہ ہین سب الاپ — گر صدائے جنگ ہے یا نغمۂ ناقوس ہے
صبر و طاقت تو کبھی کی کوچ یہانسے کر گئے — اب وداع ننگ ہے اور رخصت ناموس ہے
کل ہوس اسطرح سے ترغیب دیتی تھی مجھے — کیا ہی ملک روم ہے کیا سرزمین روس ہے
گر میسر ہو تو کس عشرت سے کیجے زندگی — اسطرف آواز طبل و دھر صدائے کوس ہے
صبح سے تا شام چلتا ہوے گلگون کا دور — شب ہوئی تو ماہرویون سے کنار و بوس ہے
سنتے ہی عبرت یہ بولی اک تماشا مین تجھے — چل دکھاؤن کیا تو اپنی آنکا محبوس ہے
لیگئی اکبارگی گور غریبان کی طرف — جس جگہ جان تمنا سو طرح مایوس ہے
مرقدین دو تین دکھلا کر لگی کہنے مجھے — یہ سکندر رہے یہ دارا ہے یہ کیکاؤس ہے
پوچھ تو انسے کہ مال و حشمت دنیا سے آج — کچھ بھی انکے ساتھ غیر از حسرت و افسوس ہے
کل تو قدرت پاے خم رکھتے تھے تسبیح ریا — آج رہن جام مے یہ خرقۂ سالوس ہے

قدسی تخلص سید محمد رضا ولد سید علی مرزا داماد نواب ناصر الدولہ سید اسد علیخان باشندۂ فیض آباد مقیم لکھنؤ شاگرد ناسخ صاحب دیوان گزرے

ہے محبت مسیح اگر طایر حنا — طوطی کی طرح سے کرے تقریر ہاتھ مین

قدسی تخلص سید محمد اکبر عرف محمد جان ولد شاہ علی جعفر دخترزادۂ حضرت شاہ اجمل الہ آبادی سیراً لکھنؤ مین جاکر آتش کے شاگرد ہوئے تھے صاحب دیوان گزرے

یاد آتی ہین کافر جو ملاقات کی راتین — کٹتین کسی عنوان نہین برسات کی راتین
تری بلائین نہ لین پاؤن بھی نہین دابے — یہ ہم سمجھتے ہین بیکار ہے بدن مین ہاتھ

قدسی تخلص آقا علی خلف مرزا مہدی کوفر باشندۂ لکھنؤ مقیم ٹیابرج یہ شعر اس تذکرے کے لیے بھیجے تھے

کیونکر نہیں نہ مثل حنا عاشقوں کے دل — زانو بدل بدل کے وہ نازک کمر اوٹھا
لکھا ازل میں قلم نے جو حال زار مرا — جھکا کے سر کو تاسف کیا مقدر پر
بیچ میں آنو چکے اور بلا کیا ہوگی — اور برگشتہ تری زلف رسا کیا ہوگی
بیگذہ اس سے بنے گا کہ بنے کی مسجد — دیکھیے خاک مری بعد فنا کیا ہوگی

قدیر تخلص احمد علی شاگرد محمد زکی

شور عاشق نہ روانی میں سنا لیلی نے — کتنا مجنوں نے کہا ناقہ کو ٹھہرا ٹھہرا
اے قدیر اوس بت ترسا سے یہ کہدے کوئی — اپنے دیدار کے طالب کو نہ ترسایا بہت

قرار تخلص شیخ جان محمد نقیب سرکار وزیر الممالک نواب آصف الدولہ بہادر شاگرد شاہ شرف الدین متخلص بہ الہام و ملول

حمد میں ہے یہ ارادہ اس دل آگاہ کا — ہو سر دیوان پہ مصرع مدبسم اللہ کا
ترا وہ ناخن پا دیکھکر ترا شیدہ — چھپا ہے ابر کی جا اب ہلال پردے میں

قرار تخلص میر حسین علی شاگرد محمد نصیر سنج

کب سے آنکھیں تھیں لگیں ذوق جراحت میں ادھر — ہائے حسرت اوٹھتے اوٹھتے دست قاتل رہگیا
کس طرح قرار اوس سے کروں درد دل اظہار — سنتا ہی نہیں وہ بت مغرور کسی کی

قرار تخلص میر محمد حسن ولد میر معصوم علی لکھنوی شاگرد مرزا علی بہار تخلص

سن لے اگر وہ دل سے کہیں گفتگوئے دل — بر آئے ایک عمر کی سب آرزوئے دل
ہم پر تو کر آنکھیوں سے ہی غصہ کی نظر ہے — ٹرتی ہیں رقیبوں کی طرف پیار کی نگہیں

قرار تخلص بندہ علی خان ولد محمد علی خان لکھنوی برادر زادہ تفضل حسین خان و برادر نسبتی فتح الدولہ برق شاگرد میر کلو عرش

بار کفن اوتارا سبکدوش کر دیا — سر پر ہمارے قبر میں زر کفن کے پاؤں

قربان تخلص میر محمدی دہلوی خلف میر کلو حقیر شاگرد ثناء اللہ خان فراق

دیکھے گا نہیں ہون مجھے بوسہ پہ نہ ٹالو | مجھسے تو کیا آپ نے اقرار ہی کچھ اور
کیون نہ اک ٹھوکر سے وہان احیا مدجان دادہ ہو | دست بستہ بحر جیسے جہان استادہ ہو
کسکی برگشتہ نگہ کا ہون مین بیمار کہ آہ | یہان مسیحا کی ہوئی جاتی ہے تدبیر الٹی

قربان تخلص میر جیون شاگرد سودا سپاہی پیشہ تھے فوج کمپنی سے فیض آباد مین ولا ورانہ لڑکر شہید ہوئے

یون بند قبا کھل گئے جو آن مین گل کے | کیا پھونک دیا تو نے صبا کان مین گل کے

قربان تخلص میر قربان علی عظیم آبادی

نکالون دل سے کیونکر اوس کمان ابرو کی پیکان کو | کرے آزردہ نہین کرتا ہے کوئی اپنے مہمان کو

قرین تخلص حسرت کے ایک شاگرد کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

پیارے ہو فا یا بے وفا ہو | غرض تم دل کے لینے مین بلا ہو

قسمت تخلص نواب شمس الدولہ خلف نواب بارگاہ قلی خان دہلوی مقیم لکھنؤ شاگرد جعفر علی حسرت مرزا جہاندار شاہ کی سرکار مین اقتدار و اعتبار رکھتے تھے

امید وار بوسہ لب ہی کھڑا کوئی | دیتا ہے تجھکو دیر سے پیارے دعا کوئی
پھر مجھکو کیا جو غیر کے تم جا کے گھر رہے | میرے تو ساتھ وعدۂ شام و سحر رہے
الٰہی یا تو میرے دامن دلدار ہاتھ آئے | نہین تو ہاتھ کی اوسکے کوئی تلوار ہاتھ آئے

قلق تخلص خواجہ اسد اللہ مخاطب بہ آفتاب الدولہ ولد خواجہ بہادر حسین فراق باشندہ لکھنؤ شاگرد و ہمشیرزادہ خواجہ وزیر و اجد علی شاہ کے ہمراہ کلکتہ مین آئے تھے صاحب دیوان ہین شعر اپنے طرز پر اچھا کہتے ہین انسے کلکتہ مین ملاقات ہوئی تھی انکی مثنوی طلسم الفت انہین کی زبانی کلکتہ مین سنی تھی

ادا سے دیکھیو جاتا رہے گلہ دل کا | بس اک نگاہ پہ ٹھہرا ہے فیصلہ دل کا
الٰہی خیر ہو کچھ آج رنگ بیڈھب ہے | تپک رہا ہے کئی دن سے آبلہ دل کا
وہ رند ہون کہ مجھے ہتکڑی ہے بیعت ہے | ملا ہے گیسوے جانا سے سلسلہ دل کا
بہار آتے ہی کنج قفس نصیب ہوا | ہزار حیف کہ نکلا نہ حوصلہ دل کا

خدا کے ہاتھ ہے اب اپنا ای قلق انصاف
بتون سے حشر مین ہوگا معاملہ دل کا

ہمنے احسان اسیری کا نہ برباد کیا
مرتے دم منہ طرف خانۂ صیاد کیا

کفر و اسلام کے جھگڑے سے چھٹے خوب ہوا
قید مذہب سے جنون نے ہمین آزاد کیا

حسرت قتل ہے نے جان لے اپنی صد شکر
موت نے ہمکو نہ شرمندۂ جلاد کیا

ابھی چمن مین ہون آنکھین نہ بند کر صیاد
حذر کر آہ سے میری خدا سے ڈر صیاد

قلق نصیب ہو کیا سیر باغ بے کھٹکے
عدو سے جان ہے ادھر باغبان ادھر صیاد

کبھی مجھکو کبھی غیرون کو لگا لیتی ہین
خوب سیکھی ہین لگاوٹ کے اشارے آنکھین

چوکتا ہی نہین ہے تیر نگاہ
قدر انداز ہے غضب کی آنکھ

مٹھون مین دابکر جو گلوری دی یار نے
کیا دانت پیسے غیر نے کیا کیا چبا ہی ہونٹھ

دون کی لے جب کبھی گانے کی فرمایش کرون
ایک اوسکو لنترانی کا ترانہ یاد ہے

چھیڑ اکر یار سے کیا تفرقہ ڈالا ہی گردون نے
نہ وہ چرچے نہ وہ چہلین نہ وہ جلسے نہ صحبتین

اپنے سوا رقیب کی کب دال گلتی ہے
باتین بنائے لاکھ وہ شیخی بگھارکے

کہان تک ایڑیان رگڑین گلا کاٹو گلا کاٹو
اوٹھا تلوے نہ خنجر بار آیا اس ترحم سے

اوس پہ مرتے ہین کرے تازہ جو بیداد کوئی
ہم ستم سہتے ہین گر ہو ستم ایجاد کوئی

قلق تخلص حکیم غلام مولا عرف مولا بخش باشندۂ میرٹھ شاگرد مومن

دیرینہ رفیق تھا قلق ہاے
وہ کیا ہے مواکہ مر گئے ہم

ہے جان خراش پرسش غمخوار کسقدر
وہ مہربان مجھسے ہے کہ جو مہربان نہین

قلق تخلص امجد علی ولد محمد علی متوطن دہلی باشندۂ لکھنؤ مقیم گدور ضلع کالپی
شاگرد فخر الملک نواب میر مئو بیتاب صاحب دیوان ہین

ہجوم آپ کے در پر ہے داد خواہون کا
ستم تو دیکھیے ان شرمگین نگاہون کا

کاہ کی طرح سے کاہیدہ اگرچہ ہے قلق
غم سلامت ہے تو کچھ اور بھی لاغر ہوگا

بسکہ پیہم ٹکڑے دامان و گریبان کے ہوے
کوستے ہین میری جان کو بخیہ گر کی انگلیان

بیہوشی مین کیا اوسکو کہا تھا جو قلق آہ
کہتا ہے کہ بندا تو رکھو ہوش مین منہ کو

اے ضعف اب تو اتنی بھی طاقت نہیں رہی | مانگوں خدا سے وصل صنم کو اوٹھا کے ہاتھ

قلق تخلص سلطان خان قوم افغان باشندۂ دہلی شاگرد مولوی امام بخش صہبائی

مرنے بھی اوسکے نظارے کی تمنا نہ گئی | کونسا سبزہ کہ وہ نرگس شہلا نہ ہوا

قلندر تخلص شاہ قلندر شاگرد مرزا مظہر اپنے مذہب کو ترک کرکے مشرف باسلام ہوئے تھے

جی کو سرزندگی نہیں ہے | کیا جی کی کہوں کہ جی نہیں ہے
تمتے ہی تھے گا اشک ناصح | رونا ہے یہ کچھ ہنسی نہیں ہے

قمر تخلص مرزا غلام حسین عظیم آبادی شاگرد قاضی محمد صادق خان اختر

دل بس گئے ہزار دن کرا ہی غیرت چمن | پاؤن کا تیرے مہندی لگانا غضب ہوا

قمر تخلص مرزا قمر الدین عرف مرزا حاجی مخاطب بہ افتخار الدولہ نائب نواب غازی الدین حیدر بہادر والی لکھنؤ ولد منشی مرزا جعفر لکھنوی اوستاد بیلی صاحب رزیڈنٹ لکھنؤ شاگرد مرزا قتیل دیوان انکا نظر سے گذرا

جوانی مین اوسے ہم دیکھتے ہین اپنی آنکھون سے | لڑکپن مین فسانہ جو سنا کرتے تھے طوفان کا
صلح کرتے ہوے آخر وہ بجنگ آہی گیا | عشق کا نام بُرا ہے اوسے ننگ آہی گیا
بیجا نہین ہے کچھ مرے قاتل کا اضطراب | دیکھا تھا اوسنے کب کسی بسمل کا اضطراب
تجھ بن جو مجھکو نیند نہ آئی تمام شب | صورت اجل نے بھی نہ دکھائی تمام شب
آئی نہ کچھ صدا قمر خستہ کی ہمین | زنجیر اوسکے در کی ہلائی تمام شب
جسنے نہ رکھا سر کو ترے بار محبت | کیا جانے وہ پھر درد گرفتار محبت
ممکن نہین تا حشر قمر ہوش مین آوے | دیکھے کوئی گر اوس بت مخمور کی تصویر
کیا جو قصد نکلنے کا مین نے زندان سے | قمر لپٹ گئی پاؤن سے مثل سحاب زنجیر
اپنے قدم سے کیون نہو در یار لہو کا دشت | ہر آبلہ ہے دیدۂ خونبار پاؤن مین
ظاہر مین جو تو چاہے سو حق مین قمر کے کہہ | خلوت مین لیکن اوس سے نکلنا نہین نہین
خال رخ یار نے ہوش مرے کھو دیے | کر دیا بیخود قمر تھوڑے سے تریاک نے

قمر تخلص حافظ قمر الدین خلف حافظ اشرف باشندۂ دہلی

خانۂ دل مین جو روشن ہو چراغ عارض — دھیان پھر خاک رہے لعل بدخشانی کا

قمر تخلص محمد قمر الدین خان اکبر آبادی قوم افغان یوسف زئی

مجھسے کو مرید کر لیا دم مین قمر — یہ خانہ خراب عشق مرشد نکلا
کیسے عشق سے پابند صد رنج و تعب ہین ہم — ہزارون فیلین ہین ایک ہم ہین کچھ عجب ہین ہم

قمر تخلص سید محمد ولی خان خلف نواب محمد علی خان رئیس شمس آباد

بڑھگئی ہے دل کی ایسی بیقراری اندنون — ہر گھڑی کرتا ہون غم مین آہ و زاری اندنون

قمر تخلص میر محمد اسمعیل متوطن لکھنؤ

حال فرقت جو پڑہا خط مین تو یون کہنے لگے — چار حرفون کے لیے دفتر باطل آیا

قمر تخلص مرزا قمر طالع خلف مرزا ایزد بخش بہادر عرف مرزا نیلے ابن شاہ عالم پادشاہ شاگرد حافظ عبد الرحمن خان جہان

نالان ہے قمر داغ غم عشق سے وہ بھی — کب ہرزہ دراون یہ کھلا راز جرس کا
نہ آتی تاب تو بھی دل کی بیتابی کی باتھون سے — قمر پہلو مین وہ رشک قمر ہوتا تو کیا ہوتا
بعد مدت خط لکھا ہے یار نو خط نے مجھے — تو بھی اب تو اے قمر شکوے کے دفتر کھولدے

قمر تخلص مولوی نواب جان ہوگلوی شاگرد مولوی رشید الحق مرحوم دہلوی

چہرۂ یار نہین زلف رسا سے پیدا — آج خورشید ہوا دام بلا سے پیدا
تاب نظارہ نہین دیدۂ خورشید کو بھی — یہ دو رویہ ہے منور ہے ضیا سے پیدا

قمر تخلص مرزا باقر حسین لکھنوی

آغوش او کے شوق مین کب تک رہی کھلا — پہلا سے کب تلک رہون اے انتظار تم

قمر تخلص شیخ جعفر علی لکھنوی شاگرد نسیم دہلوی

شب فراق کو مینے تڑپ تڑپ کاٹا — نہ پھوٹا جس پہ بھی بالم یہ آبلہ دل کا

قمر تخلص قمر الدین ولد روشن علی شاگرد خواجہ وزیر باشندۂ لکھنؤ

اے رشک بجلی اسے دیدار دکھا — موسی کی طرح رکھتی ہے شوق ارنی آنکھ

سخن شعرا

قمر تخلص حکیم قمرالدین خان باشندہ لکھنؤ مقیم بنارس

کھلتے ہون غم ہجران سے جسکے خار پہلو مین	کھو کیونکر رہے اوسکا دل افگار پہلو مین

قمر تخلص رشید الدولہ محمد جعفر علی خان بہادر عرف چھوٹے آغا خلف مظفر الدولہ محمد زکی خان بہادر لکھنوی نواسہ محمد علی شاہ بادشاہ لکھنؤ شاگرد محمد بخش شہید

مرض ہجر مرا خاک ہوا اچھا تم سے	خود مسیحا ہوا جی اور ہین بیمار انکمین
حال کھلتا نہین کچھ جین بجبین ہونے کا	کیون چڑہاتے ہو مجھے دیکھ کے ہر بار ابرو

قناعت تخلص مرزا محمد بیگ لاہوری ولد مرزا حسن بیگ شاگرد حسرت ۱۲۹۵ھ گیارہ سو چھیانوے ہجری مین لکھنؤ مین تھے

زیست اب مجھ سخت جان کی سب کو لگتی ہے بری	فائدہ یہ کچھ ہوا ہے دل لگانے سے تجھ

قناعت تخلص مرزا غلام نصیر الدین خلف مرزا ولی الدین نبیرہ شاہ عالم بادشاہ شاگرد عبد الرحمن خان احسان و مرزا قادر بخش صابر صاحب دیوان ہین

کھویا غم فراق نے دل سے جہان کا تم	غم ہے ہمارے واسطے غمخوار ہو گیا
ہنگام طوف دھیان تو لنکار کا مجھے	مین کعبہ جا کے اور گنہگار ہو گیا
اوسکے یہ کہنے کے مین صدقے کہ گھبرا کر کہا	سانس ولی کی ہائے یہ کیون نوجوان لینے لگا
جلاے آینہ ہوتی ہے خاک سے ظالم	صفا بھی چاہیے ہو دل مین جب غبار آیا
دل کھنچے جاتے ہین لاکھون دیکھکر رفتار تو	نقش پاے یار گویا نقش ہے تسخیر کا
ضعف اپنا بیان تلک پہونچا کہ ہم	انہین سکتے تمہارے دہان مین
اے تو جو چاہو اب کر لو ستم	ہو رہے گی کچھ خدا کے سامنے
بڑبڑ کے پاؤن مجھکو بٹھاتے ہین رد خاشت	پھر ایسے قدردان ملین گے کہان مجھے
گئے تھے تم کہان آئے کہان سے	کہ ہے مسکی ہوئی چولی قبا کی

قوت تخلص مرزا احمد علی خلف قلندر بخش جرأت

وہ گیا اور مثل نقش قدم	مجھکو حیران خاک پر چھوڑا
قوت چھیڑا ون کیونکہ لگا اب تو میرا دل	اوس غنچہ بے نظیر سے پر فن شریر سے

گر بنا کردہ بخورے بال اپنے طشت مین | آتشے اسنے طشت تک گوہر نہ اور لوٹ جائے

قوس تخلص مرزا محبوب علی متوطن دہلی ولد مرزا ہمایون بخت ابن مرزا زین العابدین شاگرد راقم مولد انکا کانپور مسکن کلکتہ شعرا اچھا کہتے ہین پہلے شمس تخلص کرتے تھے صاحب دیوان ہین

گر میان مجھ سے جو کین اوس شمع رو نے بزم مین | غیر مارے رشک کے جل جل کے ٹھنڈا ہو گیا
جان کھا جاتا ہے غم آسان سمجھے تھے اسے | دل لگانا قوس کیا منہ کا نوالا ہو گیا
مرنے پہ بھی جلانا ہے منظور اوسکو قوس | بنوایا ہے چراغ جو میرے غبار کا
نہ سنورا ایک بھی کام اپنے دل کا تجھسے اے ظالم | ترے ہاتھون سے ہر کام اپنا اے حرخ کہن گڑا
خدا دیتا ہے بعد از رنج پھر راحت ضرور اے دل | وصال اپنا ہوا صدمہ سہا جب درد ہجران کا
نقش پاے یار کے سودے کا یہ دیکھا اثر | رات بھر ہے چاند گردش مین تو دن بھر آفتاب
جان دی ہے عشق مین اوس گل کے مین نے مصفیر | پھول لا کر کیون نہ تربت پر چڑہاے عندلیب
تل نہین ہے تیغ زن یہ ابروے خمدار پر | جم گیا ہے خون کا قطرہ تیغ جوہر دار پر
قہر کا آفت لگا سرمہ نگاہ یار مین | اور دونی ہو گئی ہے آب اس تلوار مین
جو کبوترا وسنے دیکھا نامہ بر سمجھا مرا | مار ڈالے ہاے دھوکے مین کبوتر سیکڑون
معجزہ حضرت عیسے کا دکھا دیتے ہین | بات کی بات مین مردے کو جلا دیتے ہین
جب مین کہتا ہون کہ کب وعدہ وفا کیجے گا | ہنسکے شوخی سے انگوٹھا وہ دکھا دیتے ہین
کیا ادا ہے کہ مین کشتہ ہون اوسکا اے قوس | لیکے خمیازہ وہ چٹکی جو بجا دیتے ہین
اِن حسرتون کو لیکے سماؤن گا کسطرح | ایجان کیہ ایسی وسعت کنج عدم نہین
سو یا پہلو مین مرے وہ ماہ پیکر رات کو | مدتون پر ہمنشین جاگا مقدر رات کو
تمھارے حسن نے سب کو بتو گمراہ کر ڈالا | یہودی کو مجوسی کو نصارے کو مسلمان کو
زانوے دلدار اور تصویر پشت آئینہ | واہ واری واہ واتقدیر پشت آئینہ
رات دن رہتا ہے ہم پہلو دلبر آئینہ | پا گیا بخت عدو اے دل مقرر آئینہ
زانوے خوبان پر رہتا ہے برابر آئینہ | بخت بد رکھتا ہے کیا سید ہا مقدر آئینہ

جو حسین ہے اوسکے دل مین کرتا ہی گھر آئینہ | جانتا ہے بس عمل جب کا مقرر آئینہ
بخت خفتہ مدتون مین آج جاگا صبحدم | ہم سے مانگا یار نے بیدار ہو کر آئینہ
جب طلب بوسہ کیا اوسنے تو منہکر کہا | منہ کو اپنا دیکھیے صاحب اوٹھا کر آئینہ
جو بات سچ ہے کہدون مین منہ پر ہزار کے | گل تک فریفتہ ہین مرے گلعذار کے
کمر اوس شغلہ رو کی ہے ولیکن | مثال سایۂ احمد نہان ہے
جب نزع مین نہ آسے تو مرقد پہ آچکی | وہ شمع گل مزار پہ میرے چڑہا چکے
ہوئے پامال لاکہون اسپر دا کے | چلے جو ناز سے دامن اوٹھا کے
شہرہ چیتون مین ہے گرموے میان یار کا | شوخ چشمی کی غرالان ختن مین دھوم ہے
مے کشی کا ہے اشارہ جلد لا ساقی شراب | جانب قبلہ سے اوٹھی ہے گھٹا برسات کی
چلتا ہے رکہ رکہ کے کن انکھیلیون کی چال | خنجر قاتل مین بہی رفتار معشوقانہ ہے
میری ہی جب سے [illegible] | باتون باتون مین ستاتے ہین مجہے
لاش پر آسے [illegible] | شرم اب تک بھی مہربان نہ گئی
مجہے [illegible] | آپ تو مجہکو نظر آتے ہین ناصح دانا سے

قوس تخلص سید محمد رضا خلف سید علی مرزا ساکن لکھنؤ شاگرد ناسخ

ساقی ترے جو مست ہے چشم مست کا | جام شراب ہو قدح شیر ہاتھ مین

قیس تخلص میر عباس حسین ابن میر نثار حسین شکوہ آبادی شاگرد اسمعیل حسین نسیر

اے قیس کیا بتاؤن تجہے انتہای عشق | ہو آخرش جنون یہ ہے ابتدای عشق

قیس تخلص حافظ عبد الحی برادر خورد حافظ عبد الصمد یوسفی باشندۂ کاکوری

ہمراہی کیون نہ ہو ہم ہمارے اوسکی قیس | ترجمان اپنی ہی وہ ہم ترجمان عندلیب

قیس تخلص محمد عنایت اللہ متوطن بھکم پور باشندۂ کول شاگرد منشی بخش حقیر تخلص

لگیا دل کو ساتھ پیکان کے | تیر بھی اوسکا دلربا نکلا
کرتے تھے تھر کے جو دل مین اثر | آہ وہ نالے مرے کیا ہو گئے

قیس تخلص سید مرزا علی دہلوی شاگرد مرزا قادر بخش صابر تخلص

ہم سے تو رنج ہجر اوٹھایا نہ جائے گا | اب کیا بنے گی دم جو خدایا نہ جائے گا

قیس تخلص مرزا احمد علی بیگ عرف مدارا بیگ خلف مرزا مراد علی بیگ شاگرد جعفر علی حسرت وطن انکا مشہد مقدس مولد لکھنؤ

نادان ابھی ہو پیارے جانے بلا تمھاری | کیا خیر ہے محبت اب تم سے کیا کہو نہین
رہی تن من کی سدھ ہمکو نہ جنکی یاد گار ہی مین | بھلا دین وہ ہمین پتھر ٹرین بس ایسی یاری مین
جب سے سمند ناز پہ وہ شہسوار ہے | آوارہ و خراب یہ مثل غبار ہے
پھرتا ہون ہر کسی سے مین القاب پوچھتا | خط کے ترے جواب نے رسوا کیا مجھے
آئینہ دیکھ دیکھ کے کہتا تھا کل وہ شوخ | اس عالم شباب نے رسوا کیا مجھے

قیس تخلص محمد صدیق مرحوم ہمشیرہ زادہ و شاگرد شیر محمد خان ایمان

وہیان کرتا ہون جب دانتون کو اوسکے قیس | فکر کھاتی ہے مری آب گہر مین غوطہ

قیس تخلص نواب ہادی علیخان خلف صمصام الدولہ مرزا حجو منیا پوری باشندہ لکھنؤ

بعد مدت جو مجھے یاد کیا اوس بت نے | آج کیا بار خدا اوسکے یہ آیا دل مین

قیس تخلص شیخ کاظم علی قدوائی ولد شیخ وحدت اللہ باشندہ قصبہ جگور توابع لکھنؤ شاگرد رشک صاحب دیوان ہیں

یہ ڈھنگ ہین برے بخدا چھوڑ دو میری جان | نخوت غرور کبر یہ ہر بار کا دماغ
ہوتا ہے دوسرا سے صندل کے نام سے | کتنا ضعیف ہے ترے بیمار کا دماغ

قیس تخلص حکیم باقر علی ولد شیخ قاسم علی لکھنوی شاگرد وزیر علی صبا

دم محبت کا مین بھرتا رہا مرتے مرتے | جان کی طرح غم یار کو رکھا دل مین
خیر ظاہر مین نہ پوچھا تو نہ پوچھا مجھکو | اپنا بیمار تو سمجھا وہ مسیحا دل مین
مرض عشق کی تکلیف کو کیا پوچھتے ہو | ہے کبھی درد جگر مین کبھی اندوہ دل مین

قیصر تخلص مرزا علی حسین اکبر آبادی

اک جام مین طلسم جہان کہل گیا تمام | حاصل تھا ہمکو مرتبۂ جم تمام شب
یارب وہ دن دکھا کہ میسر ہو روز وصل | محرم سے اونکے ہم بھی ہون محرم تمام شب

قیصر تخلص مرزا محمد خورشید قدر بہادر خلف مرزا آسمان قدر بہادر بن مرزا محمد بخت بہادر ابن مرزا جہاندار شاہ بہادر شاگرد گوہر علی مشیر مرثیہ گو شعر بہت کم کہتے ہین

جو بلا عشق مین آئی اوسے رد کا سر پر	تیغ قاتل کی جو اوٹھی تو بٹھایا سر پر

قیصر تخلص مرزا خدا بخش نواسۂ شاہ عالم بادشاہ شاگرد مومن خان دہلوی

ہوس غیر سے عشق اپنا اوسے یاد آیا	کیا ئی طرح سے ہم دل مین گزر کرتے ہین
تو لطف کرے یا نکرے خوش ہو کہ ناخوش	اس بات پہ مرتا ہون کہ عاشق ہون ترا مین

قیصر تخلص شاہ امین الدین خلف شاہ ابو المظفر نبیرۂ شاہ علیم اللہ باشندۂ دائرۂ الہ آباد

خیال دل کو جو آیا سیاہکاری کا	سفید ہو گئے مثل کفن مزار مین ہم

حرف کاف عربی

کاشف تخلص کاشف علی ولد شیخ محمد علی لکھنوی مقیم کانپور شاگرد جھوٹے مرزا مذنب تخلص

کاشف زیادہ قصد نہ کر مو شگافی کا	مضمون کیا بندھے کہ وہ ہی پیچدار الف

کاشف تخلص سید محمد حسین خان عرف شاہ مرزا نبیرۂ سید مختار الدولہ عمدۃ الملک سید باقر علی خان میر بخشی متوطن مازندران باشندۂ لکھنو شاگرد محمد بخش شہید

یونہین بسر ہوئی اوقات زاہد اپنی	لبون پہ ذکر بتان یاد کبریا دل مین

کاظم تخلص کاظم علی شاگرد نصیر و مومن باشندۂ منڈاور

شبنم رخ گل پر نہین کاظم یہ سحر کو	پھوٹا ہے کوئی پاے عنادل کا پھپھولا
اے طفل اشک ہم تجھے اکلوتا سمجھتے	اور تو ہمارے راز کو یون برملا کرے

کاظم تخلص سید محمد کاظم خلف سید مہدی حسین بلگرامی

طوق سنگ کا نہ گردن سے اوترنے پایا	پھر پڑے پاؤن مین بیڑی ہوا سودا مجھکو

کافر تخلص سید علی نقی معاصر سودا سیاہی پیشہ تھے آخر ایام مین مرشد آباد مین

سکونت کی تمی

سیرت سے اِن بتونکے دلمین کدورتین ہین — مٹی کی مورتین ہین کافر یہ صورتین ہین
کس کس طرح بتون کی صورت نے رنگ پکڑی — کافر ان انکھڑیون نے دیکھے ہین کیا جھمکڑے

کافی تخلص محمد رضا مرتبہ خوان بن محمد حسین لکھنوی

چھوڑ اکر اسکو چلے جا ینگے اک دن کافی — قصر عالی امرا کرتے ہین تعمیر عبث

کافی تخلص مولوی کفایت علی مراد آبادی صاحب علم و فضل زہد و ورع ہین بیشتر اشعار انکے حمد و نعت مین ہوتے ہین

عرش برین ایوان محمد صلے اللہ علیہ وسلم — خلد سرا بستان محمد صلے اللہ علیہ وسلم
آپ کفیل کارامت آپ شفیع روز قیامت — ہین بیحد احسان محمد صلے اللہ علیہ وسلم
مظہر رحمت مصدر رافت مخزن شفقت عین عنایت — ذات محمد جان محمد صلے اللہ علیہ وسلم
رحمت عالم اوسکا لقب ہے خلقت عالم کا مذہب ہے — ہے کیا عالی شان محمد صلے اللہ علیہ وسلم
بہر شفائے درد مصیبت اور برائے رنج و فلاکت — کافی ہے درمان محمد صلے اللہ علیہ وسلم

کامل تخلص مرزا ناصر الدین معروف بہ محمد مرزا خلف مرزا ابو سعید نبیرہ عالمگیر ثانی بادشاہ دہلی شاگرد و برادر زادہ مرزا رحیم الدین حیا

نوح کر رقیب سے چھوڑا تو کیا چھوڑا ہمین — تو ہی کہہ اس حال مین جائین کہان صیاد ہم

کامل تخلص شیخ جمال الدین باشندہ آنولہ شاگرد مصحفی

فصل سودے کی پھر آئی ہے خدا خیر کرے — دیکھیے پڑتا ہے کس کس پہ وبال کا کل
فوج غم و الم مین پھنسا شہر یار دل — ہو کون بیکسی کے سوا غمگسار دل

کامل تخلص مولوی غلام کبریا مقیم ڈھاکہ شاگرد مرزا جان نثار

طفل اشکون سے ملے دلکی شہادت کی خبر — خون ناحق تھا یہ قاتل سے چھپایا نگیا

کامل تخلص شیخ احمد علی لکھنوی ولد مولوی عنایت احمد شاگرد عبد الرؤف شعور اولاد مین حضرت پیر محمد علیہ الرحمۃ کی صاحب دیوان ہین

نہین ہوتا ہے جو پردے سے نمایان عارض — اسلیے رہتی ہے مجھکو تپ ہجران عارض

نظر مہر سے تکنے جو ملائین آنکھین | ہمنے درگاہون مین چاندی کی چڑہائی آنکھین

کامل تخلص سید احمد بان نبیرہ حضرت شاہ محمد اجمل مرحوم باشندۂ الہ آباد

ظاہر مین پھر گیا وہ ستمگر تو غم نہین | دل سے جو انس تھا اوسے دہ ہی کم نہین

کامل تخلص مرزا باقر علی خان دہلوی خلف مرزا زین العابدین خان عارف شاگرد مرزا نوشہ راقم سے انکو دہلی مین دیکھا ہے

اوٹھانے پہ نہ ساقی کے ناز | کہ پیر مغان آشنا ہو گیا
یاد آتا کسی کے کاکل کا | تیرہ سا رشب جدائی ہے

کامل تخلص پنڈت ٹھاکر داس کشمیری باشندۂ دہلی وکالت کرتے تھے

پیٹ کچھ دیکھا سرراہ اوسنے | لگا تیر اک بازگشتی جگر پر

کامل تخلص مرزا کامل بیگ

مژگان سے گر رہے دل ابرو کری ہی ٹکڑے | ق | یہ بات اوس سے کہکر جب داد مین نے چاہی
کہنے لگا کہ ترکش جب وقت ہو وہی خالی | تلوار پھر نہ کھینچے تو کیا کرے سپاہی

کامل تخلص مولوی محمد مرشد حسن ولد شاہ طالب حسین عظیم آبادی شاگرد خواجہ وزیر اپنی شاعری کا نہایت غرور رکھتے ہین

چٹکی انگشت حنائی سے بجا کر کہتے ہین | بولتا ہے لال لو دیکھو خا کے رنگ کا
ایک دو ہر روز بے جرم و خطا ہوتے ہین قتل | چار دن سے شوق ہے سفاک کو خونگ کا
نفع اپنون سے نہین ہوتا ہے بے تائید غیر | دیکھ سکتی ہے کبھی بے آینہ رخسار آنکھ
بے حکم جو بھیجی لی تری زلف دوتا کی | مشکین مری بند ہوا ہے ہان مین نے خطا کی

کاوش تخلص میر محمد کتاب خان شاگرد اولاد علی کاہش

ایک شب ہاتھ آئینگے وہ گیسوئے عنبر فشان | سورۂ واللیل پڑہتا ہون بے تسخیر زلف

کاہش تخلص مولوی اولاد علی مرحوم جونپوری شاگرد مصحفی پنشنر عدالت صاحب گنج عرف گیا

بیان حال دل زار ہو نہین سکتا | یہ درد وہ ہے کہ اظہار ہو نہین سکتا

رشک مقتل ہے ترا کوچہ بت کافر نگر
گبر تڑپے ہین جدا کافر جدا ترسا جدا

بانشقون کو گر یہی نیرنگیان دکھلاے گا
آخرش زردخا اک روز باندہا جاے گا

یون حسرت دل کہتی ہے فرہاد سے رو رو
تیشہ کو لگا سر پہ تو پچھتاے گا آخر

بھر گئے زخم جگر جس شب سنی تقریر زلف
مثل مرہم ہوگئی اللہ رے تاثیر زلف

دو ہری زنجیرون مین کس پیچ و خم سے ہے دل
واہ ری تدبیر کامل واہ ری تاثیر زلف

کاہش تخلص منشی ہدایت علی واؤنگری شاگرد ذوق اسٹیا پر کی پلٹن مین منشی تھے

جس گلی مین کہ تڑپتے ہین ہزارون بسمل
پاؤن پھیلا کے وہان بیٹھ گئے حضرت دل

ترے پاس سے جب اوٹھ آتا ہے دل
تو اٹھ اٹھ آنسو رولاتا ہے دل

کبیر تخلص حکیم کبیر علی باشندہ شنبھل مراد آباد دیوان اکثر نظر سے گزرا

ایک ہی یار سے جی ناک مین آیا ہے کبیر
زیست معلوم اگر ایسے ہی دو چار ملے

کرامت تخلص کرامت اللہ شاہ آزاد انہ زیست کرتے تھے

مقبول حق ہے جو کہ ہوا بیچین کا دوست
ہے حب اہل بیت وسیلہ نجات کا

کرم تخلص غلام نماسن شاگرد مومن متوطن کوتانہ مدت تک حیدر آباد مین تھے آخر الامر دہلی مین سکونت اختیار کی تھی فارسی بھی کہتے تھے

کیا ہی برہم ہوی زلف دوتا جو چھیڑی
اے کرم کس نے کیا حال پریشان ترا

ترا ناخوردہ ہمارے تک سے کیا کیا نہ بنا
استخوانون مین مرے دیکھ کہ پیکان ترا

اسیری نے کی پردہ پوشی جنون کی
کیا طوق گردن نے کار گریبان

وائے قسمت اور اخفا سے ہوا افشاے راز
روکنے سے اشک کے لخت جگر آنے لگے

اوسکو شہرت کی تمنا مجھے رسوائی کی
ہر کوی آرزوے نشو و نما رکھتا ہے

مرا نشو و نما ہے اوس خرام لا ابالی سے
غبار نا توان کو سرکشی سے ایمالی ہے

کرم تخلص کرم حسین خان خلف منشی سخاوت حسین خان بلگرامی سابق سررشتہ دار کلکٹری فرخ آباد

کونسے گلرو کے آنے کی خبر ہے باغ مین
جو ہے ہر سو فطرہ زن بہاری ابر نون

کرم تخلص کرم خان رامپوری صاحب دیوان گزرے

بے ابوسۂ لعل لب دلدار نہین زیست | ہم سانپ نہین ہین کہ جین چاٹ کے مٹی

کریم تخلص کریم اللہ خان افغان باشندۂ دہلی

نہ تھی قدرت تجھے گر روبرو جانے کی اے کریم | زیر دیوار رہے جانا لہ سنایا ہوتا

کشتہ تخلص شیخ نبی بخش باشندۂ میرٹھ شاگرد مولا بخش قلق

حشر دامن پکڑنے آ جیگا | مرے پہلو سے تو اگر سرکا

کشش تخلص میر فدا علی شاگرد اولاد علی کاہش

پریشان تھی صبا آشفتہ سنبل غنچہ حیران تھا | مجھے وحشت ہے دیوانو یہ کیا رنگ گلستان تھا
نمود خط سے ترے بلبلون کو شیون تھا | بہار ہوتی تھی رخصت اور اس گلشن تھا

کشن تخلص بابو کشن چندر گھوس نوۂ راجہ تیکشن بہادر باشندۂ کلکتہ

صدف اپنے گوہر کو بے آب سمجھے | یہ دندان تمھارے دہن مین جو دیکھے

کشور تخلص مرزا محمد جعفر شاگرد مرزا محمد تقی اختر

جان دیتا ہون ترے ابروی خمدار پہ یار | کھینچتا ہے تو مرے قتل پہ شمشیر عبث

کفایت تخلص نواب کفایت اللہ خان مرحوم رام پور کے نواب زادون مین سے

دیوانہ کیا بزم مین شب آکے کسی نے | بیہوش کیا چہرے کو دکھلا کے کسی نے

کلیم تخلص میر محمد حسین دہلوی معاصر میر تقی صاحب دیوان گزرے فارسی بھی کہتے تھے اکثر رسالے شیخ محی الدین ابن العربی علیہ الرحمہ کے اردو مین ترجمہ کیے ہین

چھپا ہے آ مرے چشم پرآب مین دریا | کسی نے دیکھا ہے ابتک حباب مین دریا
ہو چکا حشر گئے جنت و دوزخ کو خلق | رہگیا مین ترے کوچے مین گرفتار ہنوز
درازی شب ہجران و زلف یار کلیم | مجھی سے پوچھ کہ کالی ہے رات آنکھون مین
تجھے ہین آنکھون مین کیونکر رکھون کہ ہر مژگان | پھر ایسا گھر کہ یہ خانہ خراب ٹپکے ہے

کلیم تخلص شیخ کلیم اللہ باشندۂ سرکوٹ متعلق ضلع مراد آباد

جلوۂ طور رخ یار سے پیدا ہووے | تجلی اعجاز تکلم سے مسیحا ہووے

کمال تخلص شاہ کمال الدین حسین باشندۂ کڑہ مانک پور شاگرد جرأت قیام الدین قائم لباس درویشی پہنکر سیاحت کرتے تھے دیوان وتذکرہ شعرا انکا نظر سے گزرا

ہین بندہ کیون نہون اوسکی ادا کا	عیان اوس بت مین ہے جلوہ خدا کا
شعلے سے آہ کے یہ دل زار جل بجھا	کیا بس چلے ہے آتش سوزان سے کاہ کا
جز شکست شیشۂ دل کچھ ندکھیا اور کام	مرتفع جس روز سے یہ چرخ مینائی ہوا
قد کا ترے نہ آنکھون مین کیونکر بسے خیال	اکثر ہے یہ کہ سرو لب جو نظر پڑا
ہین کود کے دیوار گیا یار کے گھر اور	بیچارہ گیا مفت مین دربان کا لا
دیکھ رستے مین ہمین دیتے ہو گالی کیا خوب	چال صاحب تم نئی یہ تو نکالی کیا خوب
گر آنکھ لڑانے کا نہین شوق ہر اک سے	سورا مح ہین کیون آپ کی دیوار مین صاحب
بگڑے نہ کہین عاشق ومعشوق کی صحبت	یون بیچ مین نہ نکلا کرو بازار مین صاحب

کنور تخلص راجہ اپورپ کشن بہادر ولد راجہ راجکشن بہادر رئیس کلکتہ دیوان انکا نظر سے گزرا

شیدا ہے عشق مین تری دل شیخ وشاب کا	قالب تہی ہے یاد مین تیرے حباب کا
نہ پوچھ گزری ہے جو مجھ پہ بیقراری رات	مثال شمع کٹی روتے روتے ساری رات

کنور تخلص کنور چکردتی سنگھ باشندۂ اکبر آباد ولد راجہ بلوان سنگھ راجہ تخلص

فریاد بھی کرتے نہین ہم جور بتان سے	خاموش ہین کچھ کہہ نہین سکتے ہین زبان سے
پریون سے نہ مطلب ہے نہ کچھ حور جنان سے	شیدائی ہین دیوانے ہین افگار دل وجان سے

کوثر تخلص کمیدان پلٹن شاہی لکھنو مرزا مہدی ولد مرزا قطب الدین حیدر لکھنوی متوطن دہلی شاگرد ناسخ صاحب دیوان گزرے

جب کہ اوس رشک قمر کے مانگ مین موتی گھسے	ہو گیا سب کو ستارون کا گمان بالا سے
مصروف قتل عاشق جانباز ہے وہ ترک	ترکش کمر مین رکھتا ہے شمشیر دوش پر
ربط کہتے ہین اسے ضبط اسے کہتے ہین	کبھی پیکان نہ تری تیر کا کھٹکا دل مین
دم نمارے جو ہے خنجر الفت سے لہو	ہے یہ ہمت بخدا عاشق دریا دل مین

خواب مین شب اوس پری نے شکل دکھلائی مجھے
جاگ اوٹھے بخت خوابیدہ جو نیند آئی مجھے

تیرا تو آسرا تھا جدائی مین یار کی
اے موت تو بھی مجھسے گریزان ہی رہی

دل پھٹ گیا کدورت طبع نگار سے
حیرت کی جا ہے آینہ ٹوٹا غبار سے

نامہ بر کوچۂ دلبر مین گم ایسا ہو جاے
فی المثل ہووے کبوتر تو وہ عنقا ہو جاے

کیا ہی کشش ہے کوچۂ دلبر کی خاک مین
بید ست و پا بھی ہووے تو مثل صبا چلے

بوقت صبح وہ مانند آفتاب آیا
الٰہی شکر شب ہجر کی سحر دیکھی

کوثر تخلص آغا غلام علی معروف بہ آغا جان صاحب زمیندار ڈہاکہ خلف حاجی شمس الدین ولایتی شاگرد حافظ ضیغم ہر دو زبان مین شعر کہتے ہین راقم کے دوستون مین ہین ۱۲۸۹ ہجری مین انتقال کیا۔

سونے کی آرسی نہین انگشت یار مین
سورج مکھی کا پھول یہ شاخ سمن مین ہے

کیا کہون موج غم عشق مین دل کا احوال
تم نے کشتی نہین دیکھی کوئی طوفان مین کبھی

کوچۂ یار جو یاد آے گا کوثر بس مرگ
دل لگے گا نہ مرا روضۂ رضوان مین کبھی

کوچک تخلص شہزادۂ وجیہ الدین دہلوی شعر مین عازم فردوس بریں ہوے ہمراہیون نے اونکی نعش کو لیکر دہلی مین حضرت سلطان المشایخ کے مزار کی متصل دفن کیا

یہان تلک پانون مین پھپھولے ہین
کہ قدم بھر چلا نہین جاتا

پروردۂ کنار محبت ہے لخت دل
یون خاک پر نہ اوشرۂ خون جگان گرا

اوس رشک گل کو دیکھ کے آئی نہ تا سحر
بلبل اودھر گری تو اودھر باغبان گرا

کوکب تخلص مرزا غلام حسین شاگرد محمد صادق خان اختر بیشتر لکھنو مین رہتے تھے بیشتر فارسی کہتے تھے

صبا آنا پیام جان مخزون بس یہی کہدینا
ق
کہ اے بے رحم کر موقوف اب تو امتحان اپنا

جدائی سے ترے وہ آرہا ہو اس دم آنکھون مین
جو آنا ہو تو آ ہوتا ہے رخصت میہمان اپنا

کیف تخلص شیخ فضل احمد خلف شیخ اکبر علی کشمیری لکھنوی شاگرد میر وزیر صبا

صاحب دیوان ہین شعر انکے اچھے ہوتے ہین

اک آہ سے تو میری بے چین ہو گئے تم
کہیئے تو میرے دل کو کیا اضطراب ہو گا

یارب سبیل رکھکر پیر مغان کہا رے
للہ پیتے جاؤ پیا سو ثواب ہو گا

بیہوش کل اوٹھا کر لائے تھے کیف کو ہم
پھر آج میکدہ مین خانہ خراب ہو گا

یہ دور کیف ہے اے میفروش کیا ڈر ہے
جو محتسب سے بھی ٹوٹے تو جام بھر لینا

کیا ہوا دل جو گرا آنکھ سے آنسو ہو کر
بیشتر جام جھلک جاتا ہے مملو ہو کر

وہ دیو کیا ہوئے وہ پریزاد کیا ہوئے
چونٹی بھی اب نہین ہے سلیمان کے گور پر

کسی نے باغ مین ایسا شگوفہ چھوڑا ہے
کہ آج تک گل وبلبل مین بول چال نہین

بزم مین یار کو پوچھے جو کوئی تبلا دون
شمع کے پاس وہ بیٹھے ہین جلانیوالے

ایسا نہ ہو کہ میری طرح ہو فریفتہ
آئینہ دیکھیے گا ذرا دیکھ بھال کے

کیوان تخلص شیخ بدلی بلگرامی

گو وہ منکر ہو پہ قاتل کو مین پہچانتا ہون
میری نظرون مین چڑھا جسنے اوتاری گرون

ماہ سے صاف ہے خورشید سے نورانی ہے
خوش نصیبی کی نشانی تری پیشانی ہے

کیوان تخلص مرزا علی حسین شاگرد ناسخ آغا تمل کی اولاد مین تھے صاحب دیوان گزرے

لگا بیگا جو سرمہ وہ بت طناز آنکھون مین
سیہ زنبور کا ہو جا لگا انداز آنکھون مین

یہ موج زن ہے یم اشک ہجر جانان مین
کہ آسمان ہے شکل حباب آنکھون مین

وہ مزے مین ہے تلخ یہ شیرین
برگ گل سے کہین ہے بہتر ہو نخلہ

اک بوسے کو ترسا کیا تا زیست نہ پایا
حسرت کوئی برآئی نہ جانی مری دل کی

کیوان تخلص مولوی سید فتح علی عرف وحید الدین احمد الہ آبادی الاصل
ساکن بست وچہار پرگنہ شاگرد راقم ومولوی عصمت اللہ صاحب

کہنے لگے وہ لاشۂ کیوان کو دیکھکر
ارمان ظلم ہے مرے دلمین رہگیا

حرف گاف فارسی

گرداب تخلص رام چران

بوسہ دینا نہیں گر اب شب وصل میں وہ	گھاٹ پر آن کے کر تا ہے کنارہ عاجز

گرفتار تخلص منشی بیگ دہلوی خلف رحیم یار خان شاگرد حاتم

درد ہووے تو کچھ دوا کیجے	دل ہی بے چین ہو تو کیا کیجے

گرم تخلص ناظر مظفر علی خان ولد محمد خان رامپوری شاگرد ذوق مقیم میرٹھ
نواب عبد اللہ خان برادر نواب محمد سعید خان والی رامپور کی رفاقت میں تھے

اڑ یاں رگڑیں کف افسوس بھی ملتے رہے	سب نے جانی اک بلا دیکھتے ہیں سارے ہاتھ ہاں
چاہ میں اک بت ہرجائی کے	در پہ نا صبیہ فرسائی کی

گرم تخلص میر علی بیگ دہلوی خلف مرزا نیاز علی بیگ شاگرد مصحفی شعر اچھا کہتے تھے
دکھن کی طرف جاکر انتقال کیا

پھرتا تھا تو جو وقت کو گلشن میں خراماں	کیا سرو بھی آگے ترے نا چار کھڑا تھا
شب رخصت ہی رہ تم مرے گھر کی رات	جان بلب چھوڑ کے جاتے ہو کدھر اگلی رات
مسرت سے دیکھتا ہوں جب یار کو	لگتا ہے تب وہ دیکھنے دو چار کی طرف
لوہو میں بھرے ہیں تری ہاتھ سیج بتا	تربت پہ کس شہید کی تو اڑھا ہے گل
میں یہاں تک اشک پونچھا آستین سے	کہ ہے اک موج دریا ہر شکن میں ہے
تیغ نگاہ کسکی دیکھی ہے بیٹھے یار سب	کیوں ان زندگی سے اپنی بزار اسقدر ہیں
بسکل گریہ سے نہ ہم تا کپڑے دھوسے گئے	اسقدر روئے کہ ہمسایوں کے گھر ڈوب گئے

گریاں تخلص محمد حسین ولد سید حسین علی سوزان میرٹھ اکبر آبادی بجہت باستندہ لکھنؤ

ہم آئے تو چلمن میں لگائے گل نرگس	در پردہ دکھاتا ہے وہ رشک چمن اپنا

گریاں تخلص میر حسام الدین عرف بھجو مرتبہ گو

کیا آئے ہی کسی کے گریاں خبر نہ لے	جو بیقرار دل ہے پھڑکے ہے آنکھ بائیں

گریاں تخلص مرزا علی امجد لکھنوی ولد میر علی اکبر شاگرد حضرت رضا

مجھے جب دیکھتا ہے ہاتھ سے کھڑا جاتا ہے	نکالا اللہ نے زور یہ صاحب سلامت کا

گستاخ تخلص مرزا علی لکھنوی

جی لگا یا تھا مجھ سے ہوگی فرحت قاتل
وہ نہ جانا تھا کہ آدمی کی قیامت لازم

گستاخ تخلص مرزا لطیف بہ بندہ ڈھکہ شاگرد احمد جان عطش

مرجان کا نخل ڈوب گیا بحر شرم مین
مہندی کے رنگ سے جو ہوا دست تہ خجر

عشق ہے دل کو نگاہ دیدۂ بیمار سے
ساقیا کیف نشہ ہو مجھکو مے انگور سے

گلشن تخلص راے دھراج لکھنوی نبیرہ راجہ لالجی بخشی فوج سلطانی لکھنؤ

بیخودی مین یہ عجب لطف ملا ہے اودھو
جو ترے مست ہین ہستی مین وہ ہشیار ہین

گمان تخلص نظر علیخان دہلوی شاگرد اشرف علی خان فغان مقیم فیض آباد

مدت سے ہو رہا تھا مرا داغ داغ دل
اوس گل کو دیکھتے ہی ہوا باغ باغ دل

واسطے جسکے سبھی مجھکو برا کہتے ہین
وہ جو سنتا ہے تو کہتا ہے بھلا کہتے ہین

گوہر تخلص احمد علی خان ولد الف خان فیض آبادی مقیم فتح پور منسوا ملازم نواب باندا شاگرد اسمٰعیل حسین منیر

اداؤن ناز و کرشمہ سے ناک مین دم ہے
غضب مین جان مصیبت مین دل عذاب مین ہے

گویا تخلص شیخ حیات اللہ فتح آبادی سرکار انگریزی مین تعلق رکھتے تھے

جس کم سخن سے لیجئے تقریر بول اوٹھے
ہے ہم مین وہ کمال کہ تصویر بول اوٹھے

گویا تخلص شیخ ولایت علی ولد شیخ امام بخش ساکن لکھنؤ شاگرد جرأت صاحب دیوان ہین

جانتی ہے خلق جسکو آسمان بالاے سر
ہے یہ گویا میری آہون کا دھوان بالاے سر

لو لگا کس دن سے جلتی صورت پروانہ شمع
دوشنو پروانہ کی رکھتی اگر پروانہ شمع

گویا تخلص حسام الدولہ نواب فقیر محمد خان ولد بلند خان قوم آفریدی ساکن کوٹلہ شاگرد خواجہ وزیر لکھنؤ کے امراے نامی مین تھے دیوان انکا نظر سے گذرا شعر صاف و عاشقانہ اچھا کہتے تھے

صندلی رنگ پہ مین مر ہی گیا
درد سر کسکا یہان سر ہی گیا

وہ ایسا نہین چپ رہے بات سنکر
کوئی اور ہووے گا گویا نہ ہوگا

جی ابھی نکلا نہ تھا تن سے کہ وہ راہی ہوا
تو سن جانان سمند عمر سے چالاک تھا

تھا جو افتادگی شعار اپنا
نہ زمین سے اوٹھا غبار اپنا

اوسکو غفلت پیشہ کہہ آتے ہین ہم
بھول جانا یاد دلواتے ہین ہم

ضعف سے رہتا ہے اب پاؤن پہ سر
آپ اپنی ٹھوکرین کھاتے ہین ہم

دل نہین اوسس بت کی الفت چھوڑتا
ناسمجھ کو لاکھ سمجھاتے ہین ہم

ہے جنازہ اسلیے بھاری مرا
حسرتین دل کی لیے جاتے ہین ہم

بار عصیان سر پہ ہے گویا بہت
کیا اوٹھائین سر جھکے جاتے ہین ہم

شب وصال ہین کیا یار سے دوچار نہین
رہا فراق مین جیتا تو شرمسار ہون مین

پس گیا ہے دل کسی محبوب گندم رنگ کا
گردش اپنے بخت کی کچھ آسیا سی کم نہین

در و پہلو مین رہا کرتا ہے جب سے تو نہین
ہجر مین بھی ایک دم خالی مرا پہلو نہین

وصل اگر منظور تھا پرویز کا گھر کھودتا
کوہکن دیوانہ ہے شیرین تو پتھر مین نہین

زاہد و جرم کیا کرتا ہون مین بھر شراب
دل ہے کعبہ اسے کرتا ہے سیہ پوش مجھے

حال عاشق و معشوق ہے ایک
سنا ہے شمع سوزان کی زبانی

لہر تخلص کنز الدولہ خورشید علی خان بہادر ولد مجد الدولہ بن ظفر الدولہ کپتان فتح علی خان خزانچی بادشاہ لکھنؤ شاہ لکھنؤ کے ہمراہ کلکتہ مین آئے ہین انسے کلکتہ مین ملاقات ہوئی تھی

وہ غمگسار میرا ہے مین غمگسار اوسکا
ہے آشنا مرا دل اور مین آشنا دل کا

طوطی کی طرح بند نہ ہو جاے یہ از خود
گر مرغ دل ان ہندیون کی جال مین پھر سکا

نالون سے اپنے عرش تو جنبش مین آگیا
اوسس بت کے کان تک نہ گئی پر صدا ذرا

دیکھا جو روے یار کو تسکین ہوئی مگر
آنکھین نظر پڑین مجھے حاجت روا ذرا

جانتے ہین ہم محبت آزمائی ہو چکی
آؤ لگجاؤ گلے بس اب لڑائی ہو چکی

حرف لام

لائق تخلص میر لائق علی لکھنوی شاگرد ناسخ

رباعی

اک دن تہ خاک ہمکو جانا ہو گا | اور نہ ہین کفن کے منہ چھپانا ہو گا
ایسے سو دیوانگے ہم دہان اے لائق | جانا ہو گا کہین نہ آنا ہو گا

لسان سید کلیم اللہ احمد شاہ بادشاہ کے عہد مین انتقال کیا

جدا ہو مجھسے مرا یار یہ خدا نکرے | خدا کسی کے نہین یار سے جدا نہ کرے

لطافت تخلص سید حسن ولد دشاگرد امانت لکھنوی صاحب دیوان ہین

ذبح ہو کر جو گئی یار مین تڑپا ٹھہرا | رقص بسمل مرے قاتل کا تماشا ٹھہرا
دل عشاق ہین مانند سکندر گمراہ | کوچہ زلف بھی ظلمات کا رستا ٹھہرا
موذی کو اپنے مال سے کچھ فائدہ نہین | زنبور بہرہ مند ہوئی انگبین سے کب
جگھٹا روز حسینون کا رہا کرتا ہے | اے پریرو نہ مرے گھر کو پریشان پہونچے

لطف تخلص مرزا علی استر آبادی شاگرد مرزا رفیع سودا دہلی مین تربیت پائی تھی عظیم آباد کی اطراف مین سکونت کی تھی حیدر آباد کی بھی سیر کی تھی انسے ایک تذکرہ شعرائے اردو یادگار رہے صاحب گلشن بیخار نے جو انکو شاگرد میر تقی لکھا ہے غلطی کی ہے

نہ پہونچی ضعف سے لب تک دعا و گر سو بار | در قبول تو اس آرزو مین باز رہا
کیجو اونس زلف مین مشاطہ سمجھکر شانہ | لاکھ دل ٹوٹے اگر ایک وہ موٹوٹ گیا
ہو گئی زنجیر پا اپنی وہ زلف پرشکن | ورنہ دل تجھسے کو دیتا کیا کوئی دیوانہ تھا
ساقی لگا دے خم مرے منہ سے کہ بار بار | احسان کون کھینچے سبو اور ایاغ کا
ایک دن حال دل زار نہ دیکھا نہ سنا | سچ تو یہ تجھسا بھی دلدار نہ دیکھا نہ سنا
ہے یہ بھی نئی چھیڑ شب وصل مین سو بار | پوچھے ہے وہ کتنی رہی شب کچھ نہین معلوم
خاموشی ہماری کی تئین سحر ہی جانو | گو ہمکو لگا لینے کا ڈھب کچھ نہین معلوم
اپنا تو بدگمانی سے بس کام ہو گیا | گو اور طرح اوسکی ہو چولی مسک گئی

لطف تخلص لطف علی خان باشندۂ بریلی الکا دیوان حضرت سرور انبیا

محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت مین گزرا

اچھا نہ ہو یارب کبھی بیمار محمدؐ | کم ہو نہ کبھی خواہش دیدار محمدؐ
مومن ہوا جسنے کیا اقرار محمدؐ | کافر ہوا جسنے کیا انکار محمدؐ
ہے سر مین ازل سے سر سودا ے محمدؐ | ہے دل مین خیال رخ زیبا ے محمدؐ
ہے شوق فزا ے دل وجان روضہ محمدؐ | روضے دل وجان کیون نہ رہی سو ہے محمدؐ

لطیف تخلص میر شمس الدین صورتی مقیم لکھنؤ

ایسی الفت کو لگے آگ پڑی ہو جلے | جو ہے دلسوز مرا وہ ہی جلاتا ہے مجھے
گھر مین جا بیٹھ رہا اوس پہ خفا ہو تو لطیف | کیا ہی غصہ تری اس بات پہ آتا ہے مجھے

لطیف تخلص میر لطیف علی باشندہ دہلی شاگرد میر درد جو اہرات پچاسے مین اچھا دخل رکھتے تھے

روتے ہین شیخ و برہمن سبھی دیکھا نہ تو | گبر نکلا نہ یہ کافر نہ مسلمان نکلا
رہتا ہے درد رو نے دل ناتوان مین | کیونکر اثر نہ ہووے ہماری زبان مین
دامن کشیدہ جاتے ہو میرے غبار سے | تقصیر ایسی کیا ہوئی اس خاکسار سے

لطیف تخلص حفیظ اللہ باشندہ دہلی شاگرد محمد ابراہیم ذوق

وہ پڑھ کے سطر کونسی مین برجبین نہین | ہر چند خط مین حرف شکایت کہین نہین

لطیف تخلص دولت سنگھ کھتری باشندہ دہلی شاگرد شاہ نصیر دہلوی
چودہ پندرہ برس کا عرصہ ہوا کہ فوت کی

کوئی کہتا تھا قصہ مجنون کا | مین اوسے اپنا ماجرا سمجھا

لطیف تخلص لالہ شیو سہاے خلف لالہ دیبی پرشاد باشندہ فرخ آباد

دیوانہ عشق کا نہین سنتا کسیکی بات | ناصح کی پند خاک اوسے سو ومند ہے

لطیف تخلص منشی عبد الحق خلف منشی شرافت اللہ باشندہ کمرلہ مدت تک لکھنؤ مین تھے دس بارہ برس ہوے وہانسے پھر آے ہین راقم کے دوستون مین ہین اشعار اسکے عاشقانہ ہوتے ہین

عدم سے جانب ہستی مین خستہ جان آیا
کہان سے تیری محبت مین میں کہان آیا

لطیف اثر ہے فصاحت کا میرے نالون مین
زمین ہل گئی چکر مین آسمان آیا

لکنت تخلص محمد بشیر خان برادر عم زاد و شاگرد مستقیم خان وسعت

کیسی بلا ہے یہ تاثیر زلف کی
پھرتی ہے اپنی آنکھون مین تصویر لیلی کی

لعلن تخلص و نام ایک شخص کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہ ہوا

ہم سامنے تمہارے ادھر سے ادھر گئے
تم نے نہ پوچھا آئے کہان اور کدھر گئے

لئیق تخلص منشی لالتا پرشاد مقیم کانپور

برسر بیداد جب وہ تند خو ہو جائے گا
حشر برپا اوس گھڑی پھر چار سو ہو جائیگا

حرف میم

ماہ تخلص مرزا عنایت علی بیگ صاحب راجہ بلوان سنگھ کے بھین برادر مرزا حاتم علی مہر تخلص باشندہ لکھنؤ مقیم اکبر آباد شاگرد خواجہ حیدر علی آتش صاحب دیوان ہین

نہین ہے جبر اوٹھانے پہ اختیار مین روح
شریک جسم نہ دیکھی کبھی مزار مین روح

کیا ہے حسرت بوس و کنار نے آخر
رہیگی تا بقیامت غم فشار مین روح

جب مین کہتا ہون کہ اب جانے مرے جاتی ہے
ہائے کس ناز سے کہتا ہے وہ اچھا تب تک

ہر روز نیا وعدہ ہے ہر روز نیا عذر
بن بن کے بگڑتا ہے مقدر کئی دن سے

ماہ تخلص نواب امداد اللہ خان خلف نواب کفایت اللہ خان رامپوری حسن الکا شہرہ آفاق تھا اور بہت سے علوم عجیبہ و فنون غریبہ مین معقول دخل رکھتے تھے

مدہ مین جوبن کے جو ہے وہ بت بسا کر چلا
گل بھی لیتا ہے مرے ہاتھ سے تو نا کر چلا

بینی سہیل آنکھین ہین زہرہ و مشتری
قطب سپہر حسن ہے تل تیرے گال کا

ماہر تخلص محمد امیر عرف یوسف حسین خلف آغا علی لکھنوی شاگرد آباد

بیچ مین لا بیٹھے مجھکو یہ سراسر گیسو
اے پری دیکھ تو چہرے سے اوٹھا کر گیسو

ماہر تخلص فخر الدین خان دہلوی مقیم لکھنؤ خلف اشرف علی خان فغان شاگرد سودا

نہ اٹھنی بھی ملی فرصت کہ اوٹھکر مانگتے پانی
ہوا تیر نگہ یون آہ دل مین کارگر کس کا
ہوا اوس زلف کا کیون مبتلا دل
بلا سے گر بلا مین پڑ گیا دل

ماہر تخلص مرزا جمعیت شاہ دہلوی خلف الصدق مرزا زور آور بخت نبیرۂ شاہ عالم
بادشاہ شاگرد مرزا قادر بخش صابر

ہم بھی ضرور کعبہ کو چلتے پر اب تو شیخ
قسمت سے بتکدہ ہی مین دیدار ہو گیا
ناصح کی بات سننے کا تسکو یہان دماغ
تیرا ہی ذکر تھا کہ مین ناچار ہو گیا
اے ہمنشین وہ حضرت ماہر نہ ہو کہین
اک پارسا سنا ہے کہ میخوار ہو گیا
ملے یہ بھی نہ ہوا ہم سے وہ شنگرف صاف
کہ ڈھنگ یہ بھی ہے اک خاک مین ملانے کا
ترے قد لطف سے بھی جان کا بنتی ہے یار
نہین ہے برق سے کم طور مسکرانے کا
جو اشارا تھا حریفون سے سو ہے قتل کا
ترک چشم یار تھا تو مست پر ہشیار تھا
بیخبر دل اور جگر کے ٹکڑے ہو گئے
ان پہ کس کافر کی دزدیدہ نگہ کا وار تھا
خدا ہی جانے اثر تھا یہ کسکی شوخی کا
کہ دلمین ہوتی تھی رہ رہ کے بیقراری سی
کعبہ بیت اللہ ہے اور اوسمین نجابت کیسوا
اہل حق کرتے ہین زاہد بت پرستی دیکھکر
وصل کی رات ہر اک بات پہ بنکہ پھیر گیا وہ
بے مزہ یون ہین کہ گویا انھین منظور نہین
گڑتے ہے اک عالم در پر ترے جبین کو
کعبہ سمجھ لیا ہے گویا اسی زمین کو
جیتے تو آسمان سا دشمن تلا نہ سر سے
چھاتی کی سل ہوے پر پاتا ہون اب زمین کو
ایسا مٹا دیا ہے فلک نے کہ مثل باد
گر خاک پر چلون تو قدم کا نشان نہ ہو
او سکے ہنسنے سے کھلی رمز عدم کے ناصح
کسقدر سہل ہوا عقدۂ دشوار مجھے
باقی جو عمر تھی وہ تجسس مین کی تمام
پر عمر رفتہ کا نہ ملا کچھ نشان مجھے
مانا کہ تجھکو اور سے صحبت نہین سہی
رکھتا ہے حسن شوخ ترا بدگمان مجھے
لا کشتی شراب کہ غم کے محیط مین
توبہ ڈبوے دیتی ہے پیر مغان مجھے
کیا لیا آن کے کعبہ مین سوا اسکے کہ ہم
ہوے شرمندہ برہمن سے صنم سے چھوٹے

ماکل تخلص میر محمدی دہلوی شاگرد قیام الدین قائم شاہ عالم بادشاہ کے عہد مین

مرشد آباد مین سکونت کی تھی

کیا کہون مین تجھسے دل زار کی ہوس | مشہور ہے جہان مین بیمار کی ہوس

مائل تخلص صادق علی باشندہ لکھنو مقیم موجی کھولا متعلق کلکتہ شاگرد حسن یار خان افضل یہ شعر اس تذکرے کے لیوے بھیجے تھے

دیکھ لینے دو اثر بھی نالۂ و فریاد کا | حوصلہ یہ بھی نکل جائے دل ناشاد کا
ہے آہ شرر بار مری اون کو تماشا | خوش ہین جو نکلتے ہین شرارے مرے دل سے
پاس سیر ابھی ہے اونکو یاس رسوائی بھی ہے | منہ چھپا کر آئے ہین لاشہ اوٹھانیکے لیے

مائل تخلص مرزا قادر بیگ باشندہ بریلی

دماغ دوستو جو میرے کج کلاہ کا ہے | نہ حور کا نہ پری کا نہ بادشاہ کا ہے

مائل تخلص سید ہدایت علی عظیم آبادی متولد ۱۱۸۲ بارہ سو آٹھ ہجری مین انتقال کیا دکھن کی سیر بھی کی تھی

جب تری بندگی مین آتے ہین | سب خدائی کو بھول جاتے ہین
آتا ہے دمبدم بھی رونا یہان مجھے | پھینکا فلک نے ہائے کہان سے کہان مجھے

مائل تخلص محمد بار بیگ لکھنوی شاگرد جرأت

کہے گا الحذر خورشید محشر اس سے اے یارو | اگر چمکا بروز حشر یہ داغ کہن اپنا
پیتا ہون جام مے کے عوض کاسہ سنگ کا | مائل ہوا ہون جب سے مین اک سبز رنگ کا
یہ وضع تری سادی اے شوخ نرالی ہے | بالا ہے نہ ہمکل ہے مبدا ہے نہ بالی ہے

مائل تخلص سید کاظم علی خیر آبادی شروع شباب مین انتقال کیا

شب ہجران کی آہ ایک طرف | لاکھ ابر سیاہ ایک طرف

مائل تخلص لالہ پرشاد ولد ایسری پرشاد لکھنوی شاگرد عبد اللہ خان مہر تخلص

رونے سے تسکین ہوتی ہے ذرا | جسم بھر مین ہے فقط مخمور آنکھ

مبارک تخلص سید مبارک علی الہ آبادی شاگرد شاہ غلام اعظم افضل تخلص

عشق سنگین دلون کا ہے ناصح | اپنا پتھر کے دبا ہے ماتھ

مبارک تخلص مبارک حسین خان قوم کمبوہ باشندۂ میرٹھ شاگرد امداد حسین ظہور

دل بھرا مجھ سے میرے دلبر کا | تھا یہ لکھا مرے مقدّر کا

مبتلا تخلص لالہ چندی سہائے باشندۂ پرتاب گڈھ سررشتہ دار سررشتۂ اکبری الہ آباد

عاشق رخ ہون سرزلف گرہگیر نہین | پائے وحشت کو مرے حاجت زنجیر نہین
اوڑ گیا ہے اثر جذب محبّت یار ب | یا مرے نالۂ جانکاہ مین تاثیر نہین

مبتلا تخلص مرد العلیخان خلف نواب محمد علیخان رئیس قدیم غازی پور مقیم بنارس معاصر سودا نواب برہان الملک اور صفدر جنگ کی سرکار مین بڑا اقتدار رکھتے تھے صاحب دیوان تذکرۂ اردو فارسی گزرے

بیطرح جوش پہ ہے دیدۂ گریان میرا | نوح کو آنکھین دکھاتا ہے یہ طوفان میرا
کبھی ہے جب سے کہ اوس مہ کی تاب آنکھون مین | نہین ٹھہرتا ہے کچھ آفتاب آنکھون مین
شیشۂ دل ٹپک دیا تو نے | سنگدل آہ کیا کیا تو نے
دل کی تو ترے داغون سے اب لاگ لگی ہے | جی کیونکہ بچے چار دن طرف آگ لگی ہے

مبتلا تخلص ایک شخص کا ہے جسکا حال معلوم نہ ہوا

وہ ترے سایۂ دیوار مین پائے راحت | چاندنی رات کو اے رشک قمر بھول گئے

مبتہج تخلص لالہ ملوک چند

سفر سے چلنے کا جب دل نے انظر ابکیا | نکل کے آنکھون سے آنسو نے یا تر ابکیا

مبین تخلص حافظ غلام دستگیر دہلوی خلف شاگرد حافظ قطب الدین مسیر اکبر دہلی کے مشاعرہ مین دیکھا تھا اور انکی اشعار بھی بہت سی سنی تھی

کیا کہتے ہو کہ کیونکر کٹے گی تمام عمر | کیا ہو گئے تم خفا تو منایا نہ جائے گا
سخت جانی کو مرے کھیل کہین سمجھے ہو | توڑنے آئے ہو کیون خنجر بران اپنا
نکالا صنم نے تو کعبہ سے کیا | مبین مفت مین پارسا ہو گیا
وہ ادھر آتے ہین اور پانون ادھر پڑتا ہے | غیر کے جذبۂ الفت کے اثر کو دیکھو
علاج زخم کیا اچھا مرے قاتل کو آتا ہے | کیے زخمون کے روزن بند ہر ناوک کے پیکان سے

متقی تخلص میر متقی خلف و شاگرد میر جواد علی خان ہادی شاوری اور تیر اندازی میں
اچھا دخل رکھتے تھے

کیون نہ اے زلف رہے حال پریشان میرا | دل ہے سودے مین ترے اے سر سامان میرا

متین تخلص مولوی محمد حسین خلف مولوی محمد شائق ابن مولوی محمد مشائخ باشندہ
فرنگی محل شہر لکھنؤ شاگرد خواجہ وزیر وزیر دالطاف حسین الطاف

نامۂ جانان تو لایا تیری عظمت ہے ضرور | اے کبوتر آبائے میر سر آشیان
دل وجان دین وایمان دست بکر سب لیتی ہین | غضب کی چینیان جان تزویر کرتے ہین

متین تخلص حافظ بہادر علی خلف سید قطب علی فرخ آبادی شاگرد اسمٰعیل حسین منیر

ترک دنیاے دنی سے سلطنت کرتے ہین ہم | بوریائے فقر ہے اک مسند شاہانہ آج

متین تخلص سید ولایت علی ولد اصغر علی متوطن بریلی شاگرد مولوی غلام نجف

ناز و ادا کرشمہ تکلم ہے بات ہے | شکر خدا کہ اب لطف التفات ہے

ثبت تخلص خواجہ فدا علی مرشد آبادی

کاکلین آپ جو آئینہ مین سلجھاتے ہین | مو بمو پیچ مین خوبان حلب آتے ہین
صدقے ہو جاؤن مین اللہ رے یہ بھولا پن | گالیان دیتے ہین اور آپ ہی شرماتے ہین

مجبور تخلص حق رسا دہلوی شاگرد شاہ نصیر

حلقۂ زلف بتان مین دل عاشق یہ نہین | ہاتھ مین آپ ہی لیے ہے شب دیجور چراغ
شب خوشی سے پاؤن پھیلا گھر مین تم سو رہیے | ہم پس دیوار بیٹھے صبح تک رویا کیے

مجذوب تخلص مرزا غلام حیدر بیگ دہلوی شاگرد و متبنائے سودا مقیم لکھنؤ
صاحب دیوان گزرے

مجذوب گلرخون سے لگانا نہ زینہار | خار غم فراق سے ہوگا فگار دل
عداوت سے تمہارے کچھ اگر ہوگے تو مین جانون | بھلا تم زہر دے دیکھو اثر ہوگے تو مین جانون
آوے مرے بالین پہ مسیحا بھی تو کیا ہو | بیمار یہ ایسا تو نہین جسکو شفا ہو
طوبیٰ کے نیچے بیٹھ کے رو دینگے زار زار | جنت مین تیرے سایہ دیوار کے لیے

خمخانۂ شعرا

بس اب تیری تانیر اے آہ دیکھی | نہ آیا وہ کافر بہت راہ دیکھی

مجذوب تخلص لالہ گوری شنکر فرخ آبادی پنیکار تحصیل ہزارہ خلف خیراتی لال

ترشش ہو کر دیا بوسہ ذقن کا | ہوئے دانت آج کھٹے اس ثمر سے

مجرد تخلص محمد پناہ دہلوی

سجدہ کو تیری شیخ ہمارا اسلام ہے | ہم نے تو آستان بتان سجدہ گاہ کی

مجرم تخلص میر فتح علی دہلوی مہوس تھے

اپنی خواہش پوچھتے ہو تو یہی چاہے دل | چپکے بیٹھے سامنے صورت تمہاری دیکھی

مجرم تخلص رحمت اللہ اکبر آبادی مرید محمدی بیدار اکثر اوقات دہلی مین رہتے تھے فقیرانہ زیست کرتے تھے

نہ پوچھو شور غم سے اس دل بیتاب کی حالت | کہ ہے معلوم سب کو ماہی بے آب کی حالت

کل سے بیکل ہون کسی کل نہ کل آئے مجھکو | وہ کلائی جو نظر آئے کل آئے مجھ کو

شکوہ جو کیا مین نے تو بولے وہ خفا ہو | گر ہم ہین خفا جو تو کسی اور کو جا ہو

مجروح تخلص میر مہدی حسین خلف میر حسین نگار باشندہ دہلی شاگرد مرزا نوشہ غالب انکو دہلی کے مشاعرہ مین دیکھا ہے اشعار انکے بافرہ ہوتے ہین

چلے آؤ جلدی سے دیکھے گا کون | مرا دن ہے بدتر شب تار سے

کمہ ان بن ہو چلی ہے باغبان سے | بس اب نکلا ہے سمجھو گلستان سے

نہ ہونے سے ترے سب کام بگڑے | تجھے اے صبر مین لاؤن کہان سے

کوئی پیش آنا ہے روز سیاہ | شب ہجر کی جو سحر ہو گئی

ترقی کیون مگر بجلی کے دل مین | کھٹک ہے میرے خار آشیان کی

مجروح تخلص مولوی حمید النبی مرحوم باشندۂ رام پور برادر خورد و شاگرد مولوی رشید النبی مرحوم وحشت تخلص کلکتہ مین آئے تھے دو تین برس ہوئے وطن مین جاکر انتقال کیا راقم کے دوستون مین تھے ہر دو زبان فارسی و اردو مین شعر اچھا کہتے تھے

تلوار سے خون کا مرے دھبا نہین جاتا
یہ لال نگین سے اودا یا نہین جاتا

خط آنے سے بھی لف کا سودا نہین جاتا
کالا ترا کالے سے بھی کیلا نہین جاتا

ہے آتش یاقوت سے جو پیاس بجھانی
یہان بوسۂ لب کا کبھی لپکا نہین جاتا

چال بجلی کی نہ گور شہا پر چلیے
کشتۂ ناز ہر اک قبر مین مضطر ہوگا

دادی شوق مین بتلا دنگا مین خضر کو راہ
دل مرا منزل مقصود کا رہبر ہوگا

چرخ چڑھنے سے نہین داغ غلامی مٹتا
ماہ کس منہ سے ترے چہرے کی ہمسر ہوگا

گردش بخت سے ہے چرخ مجھے
کیا گلا دور آسمانی کا

چشم مردم کہان کہان وہ جمال
ہے بجا شور نسترانی کا

بوسۂ لب پہ دیتے ہو دشنام
تمکو لپکا ہے ہذیانی کا

سودا سر جعد یار کا ہے
سر پہ مرے سایۂ ہما ہے

کیا فوج الم سے دغدغہ ہے
جوشن مجھے نقش بوریا ہے

دل مانگنے کے ہین یار لٹکے
وہ کاکل مشکبو بلا ہے

باقی نہین آہ تک بھی ہمدم
یہان عالم دل مین اب خلا ہے

وابستہ ہے کاکلون کا آزاد
اس دام مین جو رہا رہا ہے

رکھا تہ تیغ ہم نے سر کو
یہ سجدۂ شکر بے ریا ہے

رہتا ہے یہ چرخ مین شب و روز
مجروح فلک کا سر پھرا ہے

منکر روز قیامت ترے کوچہ مین تو آئین
روز ہوتا ہے بپا محشر تری رفتار سے

ٹیکا ہو تیرے ماتھے پہ عکس مہ تابان
بے پردہ شب مہ مین اگر تو نکل آئے

ہر موج بنے مار سیہ زہر الم سے
دریا سے جو تم زلف سنوارے نکل آئے

پانی ہو نہ کیونکر کرۂ آب مین پانی
بھر آئے جو اس دیدۂ بیخواب مین پانی

دل صاف جو ہین ان مین کدورت نہین ہوتی
ممکن نہین مخلوط ہو سیماب مین پانی

مجروح تخلص منشی کشن چند کشمیری مقیم لکھنؤ شاگرد مرزا مظہر جانجانان

معشوق ہین زمانے کے سارے غبار سے
اے وائے عاشقون کی کہین آشنا نہ ہو

مجروح تخلص لالہ درگا پرشاد وکیل خلف چودھری نجاور لال متوطن فرخ آباد

ملک الموت بھی کیا سمجھا ہے عاشق مجروح
جو نہین بھیجا ہے اب تک کوئی پیغام مجھے

مجنون تخلص سید انعام حسین اظہار نویس عدالت دیوانی لکھنؤ ولد سید احسن باشندۂ لکھنؤ شاگرد رشک صاحب دیوان ہیں

پہلو مین اس سبب سے نہین بیقرار دل
صیاد صید گہ مین کرے گا شکار دل

اندوہ و یاس حسرت و حرمان کا ہے ہجوم
آباد اندنون ہی انھین سے ویار دل

مجنون تخلص محمد حمایت علی باشندۂ آگرہ مقیم مرشد آباد شاگرد قدرت

صاف انکار ہے آنے کا بہانا کیسا
رنگ لائے ہین وہ مہندی کا لگانا کیسا

ڈرنا ہی مناسب تھا دلدار کی آنکھون سے
مارا نہ مجھے آخر کس پیار کی آنکھون سے

مجنون تخلص شیخ محمد حسین خلف قاضی جمال علی باشندۂ شکوہ آباد مقیم اٹاوہ

آئینہ سوغات مین اوس نے یہ رونے دیا
جو کدورت تھی گئی حاصل صفائی ہو گئی

مجنون تخلص لالہ شنکر دیال ولد دوندی لال باشندۂ فرخ آباد

اپنے مجنون سے تو اے غیرت لیلی ہے لاج
تیری فرقت مین کہان تک وہ پریشان رہے

مجنون تخلص ایک شخص مشہور بہ درویش برہمنہ کا ہے وہ اولاد مین سے ہے مہیم نام نبیرۂ رائے بشن ناتھ دیوان محمد شاہ بادشاہ دہلی کے تھے آبا و اجداد انکے ایک دو واسطہ کرکے مشرف باسلام ہوئے تھے میر تقی میر سے اصلاح لیتے تھے صاحب دیوان گزرے

بیٹھا تھا مجھکو دیکھ بہانے سے اوٹھگیا
حسن سلوک آہ زمانے سے اوٹھگیا

جس سے جی چاہے ملو تم نہ کسی سے پوچھو
مجھ سے کیا پوچھتے ہو اپنے ہی جی کی پوچھو

مجنون تخلص ایک شخص عظیم آبادی شاگرد میر ضیا کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

دن مین سو بار اوسکے روبرو جانا مجھے
اسمین سودائی کہے یا کوئی دیوانا مجھے

مجیب تخلص مرزا رجب علی فرخ آبادی خلف بادل بیگ

کسیو ئے مشکین کی اوڑا لائے بو
آج مین ممنون صبا ہو گیا

مجیب تخلص غلام حیدر لکھنوی اپنے کو آتش کا شاگرد بتلاتا ہے جاہل محض ہے بہت دنون تک کلکتہ مین تھا

آپ آزاد کسکو کرتے ہین — بندہ پرور مین کچھ غلام نہین
گر بعد فنا ظلم ترے یاد کرینگے — ہم قبر مین بھی نالہ و فریاد کرینگے
مرغان چمن چھٹ کے بھی فریاد کرینگے — جب حب اسیری قفس یاد کرینگے
ہم باغ مین خوش قامتی یار کرگے — سو راستیٔ سرو پر ایراد کرین گے

محب تخلص شیخ ولی اللہ دہلوی شاگرد سودا وظیفہ خوار سرکار مرزا سلیمان شکوہ بہادر لکھنؤ مین فوت کی

تو اور تری چاہ پہ چھپنا کیا — صدقے ترے واہ پوچھنا کیا
شکست دل کی ہوتی ہے درستی بات کسی میز — اثر اوس سنگدل کی ہر زبانمین مومیائی کا
ہر غنچہ ہے گلابی ہر گل ہے ساغر مے — میخانہ بن رہا ہے گلزار تیرے خاطر
خند ان لب اوسکے وہی قدح اور قدح ہی ہم — بوسے کی مست بوسے قدح اور قدح سی ہم
اور تو کیا کہون اک آن جو ہم تک آؤ — نذر جی کرتے ہین لو جان جو ہم تک آؤ
بڑھ کچھ تو ایک بوسے پہ اے یار اور بھی — ہین ورنہ جنس دل کے خریدار اور بھی
جسطرف تشنۂ دیدار ترا جا نکلے — اودہر آنکھون سے بہاتا ہوا دریا نکلے

محب تخلص شاہزادۂ بہرام شاہ دہلوی نبیرۂ شاہزادۂ حسن شاہ درانی شاگرد میان خان صغیر تخلص

دل مین ہر ایک کے مین کھٹکتا ہون مثل خار دن — گویا مین دشمنون کے لیے خار ہو گیا
اے محب کوچے مین اوسکے اوڑ کے جاتا ہون سدا — ہائے شوق اپنا بھی اب بال کبوتر ہو گیا

محب تخلص میر ابو القاسم دہلوی برادرزادۂ میر نظام الدین ممنون دہلی مین وقائع نگار سلطانی تھے

ہم کہتے نہ تھے خوب نہین دل کا لگانا — لو دیکھ لیا اب تو کہ اچھا نہین ہوتا

محبت تخلص مرزا حسین علی دہلوی

سخن شیدا

کیا قہر ہے یہ تیرا مچلکور ولا کے ہنسنا | پھر تسپہ اے ستمگر یون کھلکھلا کے ہنسنا

محبت تخلص میر بہادر علی شاگرد ثناء اللہ خان فراق باشندۂ دہلی

نہین کیا ترے کاجل نے سرمہ ساد کو | سیاہ چشم مینا ہم نے طوطیا باندھا
اگر خنا ترے ہاتھون سے خون بہا دل کا | تو لونگا دست نگارین سے خون بہا دلکا
یون نما یا ہے مژہ دیدار پر آبکے گرد | جیسے سبزہ کہین روئیدہ ہوتا لاب کے گرد
صبح جب باغ مین رنگ فشان پھرتا ہے | آفتابہ لیے خورشید سحر پھرتا ہے
منفصل رہنے نہین دیتا جو ہمسایہ مجھے | کس پری پیکر کا یارب ہوگیا سایہ مجھے

محبت تخلص نواب محبت خان شہباز جنگ خلف حافظ الملک نواب رحمت خان والی کٹہیر شاگرد حسرت و میر درد قدس سرہ اپنے والد ماجد کی شہادت کے بعد لکھنؤ مین سکونت اختیار کی تھی ۱۲۲۳ بارہ سو بائیس ہجری مین انتقال کیا صاحب دیوان گزرے

جسکو تری آنکھون سے سروکار رہیگا | بالفرض جیا بھی تو وہ بیمار رہے گا
قید ہوتے ہی ہوا دونون جہان سے آزاد | مین تو بندہ ہون محبت کی گرفتاری کا
آپ کچھ غیر کو جھیپ جھیپ کے رقم کرتے ہین | یہ جو ہو جھوٹ تو ہم ہاتھ قلم کرتے ہین
گانی کا انتظار تو حد سے گزر چکا | منہ کو کہان تلک ترے دیکھیا کرے کوئی

محبت تخلص عنایت اللہ رنگزر دہلوی چودہ پندرہ برس ہوئے انتقال کیا

کپڑے تو ہزار طرح رنگے لیکن | افسوس کہ جامہ دل کا رنگین نہ کیا

محبت تخلص آغا سید لکھنوی شاگرد ضیا

کھینچی خود صانع قدرت نے تمہاری تصویر | ایسی ہوتی نہین دنیا مین بشر کی صورت

محبوب تخلص محبوب خان قوال دہلوی اپنے فن مین کمال رکھتا تھا

بیان کیونکر کرون درد نہان کو | نہین پاتا ہون قابو مین زبان کو
خنجر بھی نہ سنبھلے جو دم قتل تو کیسے | تقصیر ہماری ہے کہ تقصیر تمہاری

محترم تخلص خواجہ محترم علیخان باشندۂ عظیم آباد برادرزادۂ خواجہ محمدی خان

دہلوی شاگرد شاہ گھسیٹا عشق قدس سرہٗ نواب قاسم خان کی سرکار مین تعلق رکھتے تھے

جو دل سے گرے اہل نظر کے وہ کدھر کا
دنیا کا نہ دین کا نہ ادھر کا نہ اودھر کا

اے محترم اتنی اشکباری
کھل جاے ہے ابر بھی برس کر

گل اوس گل تر پہ کھا رہا ہے
ہے ایک یہ دل ہزار دل مین

پیغام پھر جنون کے آنے لگے ہین مجھ تک
شاید بہار کے دن نزدیک آن پہونچے

محتشم تخلص سید محتشم علی خلف سید ہاشم علی نواسہ خواجہ حسن باشندہ لکھنؤ
شاگرد باقر علی خشم

اوس شوخ نے پیدا کی یہ تاثیر گلے مین
شمشیر بنی پان کی تحریر گلے مین

چار تلوارین جلین ہوگئے چورنگ رقیب
میرے اوسکے جو دم بوسہ ہوے چار برد

سر کو کٹوا کے وہ ہر بزم مین باقی ہے فروغ
رشتۂ زندگی شمع ہے گلگیر کے ہاتھہ

کسطرح دیکھیے اوسے چاہت کی آنکھہ سے
دل کا نیتا ہے اپنا شرارت کی آنکھہ سے

مہجور تخلص خواجہ نبی بخش کشمیری کلکتہ مین بہ تنسل تجارت رہتے تھے شعر اچھا کہتے تھے کلام راقم الحروف کو دکھلاتے تھے سنہ ۱۲۶۱ اٹھارہ سو اکسٹھ عیسوی مین عین جوانی مین انتقال کیا راقم نے اونکی وفات کی یہ تاریخ کہی ہے

قطعہ تاریخ

نبی بخش کے مرنے کا سخت غم ہے
نہایت ہی اس قلب مہجور کو صدمہ

جو سال مسیحی کو ہاتف سے پوچھا
تو مرگ جوان ماتم سخت بولا

سنہ ۱۲۶۱ عیسوی

اشعار

وصلت مین اضطراب جگر ہے بڑھا ہوا
درمان سے اور درد ہمارا سوا ہوا

جانکاہی فراق مین بس ہو گیا وصال
آخر کو درد ہی مرے دل کا دوا ہوا

حیران ہون کہ آگئے حیرت مین کیلیے
آئینہ دیکھہ دیکھہ کے یہ تمکو کیا ہوا

باغ فرقت مین تری ہمکو سیہ خانہ تھا
گل نظر آیا جو اوسکو گل سوسن سمجھا

پھول جاے جسم زار عند لیب
گل جو ہو شمع مزار عند لیب

اے مہر برج لطف و کرم تیری فیض سے
دیدہ مکان حسن ہے اور دل سرای عشق

محرور کو پہونچتے نہیں قیس و کوہکن
پیغمبران عشق تھے وہ یہ خدای عشق

شب وصلت مین جبسی تھی زبان و دہن شیرین کی
بھرا ہے شہد سے شربت قند مکرر سے دہان اپنا

سخت آہن سے ہے تمہارا دل
موم سے نرم ہے ہمارا دل

اب تڑپتا ہے پارہ پارا دل
مثل سیماب ہے ہمارا دل

کب تک آئے گا میرا مصحف رو
حافظو فال دیکھو قرآن مین

محرور تخلص ہادی حسن ولد منشی علی حسن تحصیلدار ضلع کانپور باشندہ کاکوری شاگرد رشک

غیرت بدر ہین یہ آپ کے سارے ناخن
پرمہ نو ہین یہ ترشے ہوئے پیارے ناخن

بند انگشت کی صورت نہ کھلا عقدہ وصل
گھس گئے کوشش بیجا سے ہمارے ناخن

محروم تخلص لالہ انگدرای فرخ آبادی

سمجھ محروم کچھ دل مین ہوا عہد شباب اخیر
کبھی یاد آئے گا پیری مین یہ عالم جوانی کا

مخزون تخلص میر ناصر جان محمدی دہلوی خلف سید محمد نصیر سنج ریاضی مین کمال رکھتے تھے عظیم آباد عرف پٹنہ مین انتقال کیا اور دہلی مین مدفون ہوئے

شاید اسوقت گیا آپ کا دھیان اور طرف
بات کرکے مین جو تم ربط سخن بھول گئے

نہ تو نامہ ہے نہ پیغام زبانی قاصد
حیف مخزون مجھے یاران وطن بھول گئے

مخزون تخلص مولوی ظہور النبی سرہندی پیرزادے تھے جیت پور توابع کلکتہ مین رہتے تھے شعر صاف اچھا کہتے تھے آٹھ دس برس ہوئے کہ انتقال کیا راقم نے انکو مشاعرہ مین دیکھا ہے

دیکھکر آینہ مین سمجھا کوئی بیگانہ تھا
کیا دل دیوانہ محو عشرت جانانہ تھا

صبر و شکیب و عجز و تحمل سے کام کب
مخزون جہان مین خوب ہے غم کھانا چار کا

ہمیشہ عیش پہ غش آیا اسے تمنا مین
کہ اب چھڑکنے تو ہم پر کوئی گلاب آیا

اب وصل کے مذکور پہ رہتے ہین وہ خاموش
اقرار تو کیسو رہے انکار بھی چھوڑا

شکل حباب دیکھی تو مخزون ہوا خیال ہما | آب روان پہ کشتیِ عمر روان ہے اب
مقابل اوسکے ہو خورشید اتنی تاب کہان | رخ نگار کہان روے آفتاب کہان
طاق کو کرتی ہے جفت اور جفت کو کرتی ہے طاق | کمسلیتی ہے کیا تمھاری موٹ نکی کنکری

مخزون تخلص مرزا منگو خلف مرزا نیلے ابن شاہ عالم بادشاہ شاگرد عبداللہ خاں ایم

اوسکے منہ کون چڑھ سکے مخزون | ہان مگر منہ پہ اوسکے آیا خط

مخزون تخلص آغا علی دہلوی

اب ہے دزدیدہ نظر کیون مری جانب ظالم | پہلے ہی دل تری زلفون مین گرفتار ہوا

مخزون تخلص خدا بخش خلف شیخ باسو شاگرد صفدر باشندۂ فرخ آباد

جو کچھ کہال دل ہے کہین کس سے جا کہم | بیتاب ہین فراق مین اوس بیوفا کہم

مخزون تخلص مولوی سید محمد حسین مقیم الہ آباد شاگرد مولوی محمد برکت معاصر سودا

ستم اگرچہ ہین بخت سیاہ رکھتا ہون | بہر طرح تری زلفون سے راہ رکھتا ہون

مخزون تخلص حکیم ابوالحسن عظیم آبادی شاگرد غلام علی راسخ تھوڑے روز ہوئے کہ فوت کی

آشیان اپنا اوٹھالے یہان سے ورنہ عندلیب | خندۂ گل ایک دن برق چمن ہو جائے گا
ہم جو جاہین بھی کچھ اوسسے تو انھین کو جاہین | ماسوا سے نہین کچھ کام طلبگارون کو
گرتے اشکون کی جگہ لخت جگر دیکھے چکے | ہم تماشا ترا اے دیدۂ تر دیکھ چکے

مخزون تخلص عالم شاہ تیغزادۂ گڑھ مکتیسر

بے محابا چاک کرتا ہے گریبان کو جواب | کسکے آنے سے چمن مین گل کو سودا ہو گیا
تم نہ فریاد کسی کی نہ فغان سنتے ہو | اپنے مطلب ہی کی سنتے ہو جہان سنتے ہو

محسن تخلص محسن علی صاحب دیوان وتذکرہ سزا یا سخن ولد سید شاہ حسین حقیقت شاگرد خواجۂ وزیر دورتھک متوطن خوست باشندۂ لکھنؤ تذکرہ انکا نظر سے گزرا

نبت العنب کے عشق مین مست الست ہے | ڈوبی ہوئی ہے کیف شراب کہن مین رنج
نہ کھلا نافۂ مشکین ہے وہ یا چشم غزال | بنگیا عقدۂ لاحل ترا جوڑا سر بر

ناز سے کہتی ہین وہ اکثر دکھا کر چھاتیان | سنگدل جیسے ہین ہم ویسی ہین پتھر چھاتیان
تم نے رکھے پھول انگیا مین ہوئی طرفہ بہار | گل کھلائے عاشقون نے بھی جلا کر چھاتیان
یاد انکی رہتی ہے ہر وقت چھاتی پر سوار | یہ نہین ہو جب مجھے بھولے دکھا کر چھاتیان
وہی ہے داغ وہی جوش خون کا عالم ہے | شبیہ ہے گل لالہ مین ہو بہو دل کی

محسن تخلص محسن علی ولد ڈاکٹر احسان علی کانپوری شاگرد مولوی عصمت اللہ راسخ باشندۂ مونگیر

ہوتی جو محبت نہ کسی پردہ نشین سے | چرچا مرا ہرگز سر بازار نہ ہوتا
دلکی دیتا ہے خبر آٹھہ پہر فرقت مین | کام ہر کارہ کا کرتا ہے مرا آنسو

محسن تخلص میر محمد محسن اکبر آبادی مقیم دہلی برادر زادۂ میر تقی میر شاگرد خان آرزو و میر تقی میر ملازم نواب سالار جنگ صاحب دیوان گزری

حرف تیرے عقیق لب کا شوخ | زندہ کرتا ہے نام عیسے کا
بتخانہ کی شکست و درستی کعبہ ہاے | یہ سب کیا یہ شیخ نے دل مین نہ گھر کیا
ٹک آکے دیکھ نہین کچھ بھی حال آنکھون مین | پھرے ہے اس پہ بھی تیرا خیال آنکھون مین

محسن تخلص حافظ محسن باشندۂ دہلی

شروع عشق مین ہم سے وہ بت نکہین خرامی | ابھی تو دیکھیے آگے خدا کیا کیا دکھاتا ہے

محسن تخلص مولوی محمد محسن بن مولوی حسن بخش علوی باشندۂ کاکوری مقیم مین لوہاری

زلف پر ٹھہری نظر مائل ابرو ہو کر | ہم پھرے کعبہ سے اے قبلہ تو ہندو ہو کر

محسن تخلص خواجہ محمد محسن خلف خواجہ آفتاب احراری نقشبندی رئیس عظیم آباد شاگرد غلام علی راسخ

ناوک مژگان سے تیری منہ نہ موڑا دلنے | صورت غربال گر چھن کر یہ تن ہو جائیگا
بس وہ اب دور سے بھی ایک نظر دیکھ چکے | پاس اغیار یہی ہے تو ادھر دیکھ چکے

محسن تخلص عبد اللہ خان باشندۂ امبیور ریختی پڑہنے مین کمال رکھتے ہین یعنی ریختی پڑہنے مین اسطرح پر بتلاتے ہین کہ دیکھنے سے علاقہ رکھتا ہے بیان سے

باہر ہے دہلی سے ڈھاکہ تک بیشتر شہرون مین رہے ہین اور ہر جگہ کے لوگ انکو پہچانتے ہین ان مین ایک بڑا عیب ہے کہ اورون کے شعر اپنے نام سے پڑہتے ہین راقم کے ملا[illegible] ہین ریختی مین خامنجان تخلص کرتے ہین

ہجر مین تسکین دیتا مین کہ سر کو پٹتا | ایک دل پر ہاتھ تھا میرا جگر پر دوسرا

مخلص تخلص اکرام اللہ خان باشندۂ بداؤن

اچھا شور قیامت ترے دامان کے تلے | فتنہ سوتا ہے ترے سایۂ مژگان کے تلے
تھمی ہے نالے سے گر کنیفس زبان میری | بہی ہے پھوٹ کے چشم خونفشان میری

مخلص تخلص مرزا علی نقی لکھنوی شاگرد مرید حضرت میر درد مرزا علی مہلکت کو قتل کر کے دہلی مین گئے تھے جب پھر لکھنؤ کو گئے قصاص کو پہونچے

دریا مین لے کے لعش کو میری بہا دیا | قاتل نے میرے قتل کا یہ خون بہا دیا
دور مین اوس چشم کے گردون کو آسایش نہین | کس گھڑی کس دن نئی فتنہ کی فرمایش نہین
جان منتظر ہے آنکھون مین وقت رحیل ہے | جلدی پہنچ کہ تیرے ہی آنے کی ڈھیل ہے

محمود تخلص مرزا محمود شاہ داماد ابو ظفر بہادر شاہ بادشاہ دہلی شاگرد محمد ابراہیم ذوق

غیر کو ساغر شراب ملا | اور ہمین دیدۂ پر آب ملا

محمود تخلص مرزا جان نثا گرد میر وزیر علی صبا

مانگتا ہون یہ دعا مین شب وصل اے محمود | نہ دکھائے مجھے اللہ سحر کی صورت

محمود تخلص حافظ محمود علی خان دہلوی برادر زادۂ اعظم الدولہ میر محمد خان سرور صاحب دیوان گزرے

افسوس ہوا حشر مین کیا بیکسی کا | قاتل جو ہمین سر بگریبان نظر آیا
مجھکو خبر مرگ عدو سے بھی ہوا رنج | وہ شوخ جو انگشت بدندان نظر آیا
گھر سے بے پردہ وہ رشک مہ روشن نکلا | نالۂ دل بھی مری جان کا دشمن نکلا
دشمن کو مرے گور پہ لانا نہین اچھا | مردے کو مسلمان کے جلانا نہین اچھا
بیداد گذشتہ کی کرین کیونکہ شکایت | اوسکو وہ مزا یاد دلانا نہین اچھا

نہ ڈرا نار جہنم سے عبث اے واعظ
ہے بخیر ذکر عدو ہمکو جلانا مشکل

جو بائے زہر ہین یہ گران جانیون مین ہم
اعدا کے گھر گئے تری مہمانیون مین ہم

اوس وعدہ فراموش نے آنے کو کہا تھا
در وازے ہی پر رہنے لگے آٹھ پہر ہم

جان کیا چیز ہے پر عشق مین تاثیر تو ہو
گوئی مرجائے اگر تو کوئی دلگیر تو ہو

خانۂ کعبہ کی تعظیم تو سبحان اللہ
لیک فرصت بھی ہو اوس در کی جبہ سائی سے

مرتکب ہم سوگند کے ہو چکے پر ہی خموش
کیا وہ خود بھی قدر دان لذت دشنام ہے

ایسا ہی شکست زیست نے ہجران مین کیا ہے
گر جا ہے تو اف سے کوئی بیمار اوڑا دے

محسنت تخلص مرزا حسین علی بیگ دہلوی شاگرد جرأت لکھنؤ مین تربیت پائی تھی

آمد نہ فصل گل کی نسیم سحر سنا
مرجاؤن گا قفس مین نہ ایسی خبر سنا

اوس بت نے جو غیرون پہ کیا لطف تو بارے
مجھ سے نہ کہو بہر خدا مین نہین سنتا

احوال مرا دھیان سے سنتا تھا ولیکن
کچھ بات جو سمجھا تو کہا مین نہین سنتا

رحم آئے نہ کچھ اوس بت خونخوار کے دل مین
جب تک کہ اوٹھے در و نہ دو چار کے دل مین

وہ جنس زبون ہون مین کہ بکتے ہوے جسکے
سو سونپ گزرتے ہین خریدار کے دل مین

محو تخلص شیخ فیض الدین فرخ آبادی ولد عبد الایز د وکیل شاگرد اسمعیل حسین سیر

جلوہ سے دم مین خیرہ ہوئی چشم آفتاب
کھلتے ہی زلف دن شب دیجور ہو گیا

گویا ہو مرغ رنگ حنا فیض نطق سے
مہندی اگر ملو دم تقریر ہاتھ مین

محو تخلص حسین علی خان اکبر آبادی سرکار انگریزی مین متعلق تھے

سنگ پھینکے ہے مری قبر پہ گل کے بدلے
اگا لیان دی ہی پس مرگ بھی قل کے بدلے

محو تخلص شیخ عظیم اللہ باشندہ میرٹھ

متاع دل گرانمایہ ہے اپنے پاس اے ہمدم
یہ دولت اوسکو بخشینگے جسے ہم یار دیکھینگے

محو تخلص نواب غلام حسن خان دہلوی خلف نواب غلام حسین خان مرحوم و مسرور تخلص شاگرد محمد ابراہیم ذوق و مرزا نوشہ غالب راقم کے دوستون مین ہین یہ شعر اس تذکرہ کے لیے دیے تھے

سخت جان صحبت سے تیرے اے ستمگر ہو گیا | بت پرستی کرتے کرتے میں بھی پتھر ہو گیا
قید ہستی سے رہائی غیر ممکن تھی ہمیں | آج دم دیکر اجل کو ہو گئے آزاد ہم
گھبرائے ہوئے پھرتے ہیں اب ہم پہ وہ بھی | اتنا تو ہوا ہے مرے نالوں کی اثر سے
انداز جنوں کو نسا ہم میں نہیں مجنوں | پر تیری طرح عشق کو رسوا نہیں کرتے
گل کھانے کو دیتے ہیں مجھے غیر کا چھلا | ڈھب میرے جلانے کا وہ کیا کیا نہیں کرتے

محوی تخلص میر باسط علی عطارالہ آبادی مقیم کلکتہ شاگرد مظلوم شاہ کئی برس رہے تھے

وصل تیرا چاہتا ہوں ہر طرح | پاس تو بھی ہو تری تصویر بھی

محوی تخلص محمد بیگ باشندہ ریواڑی شاگرد مولوی امام بخش صہبائی دہلی میں تحصیل علم کی تھی

اثر سے ضعف کے دامان یار تک نہ آیا | ہزار جائے ٹھہر کر مرا غبار آیا
عالم تھا خدائی کا ترے کوچے میں کل رات | زاہد بھی وہیں سبحہ بکف گوشہ نشیں تھا

مختار تخلص غلام نبی خان دہلوی استاد نواب وزیر غازی الدین خان بہادر

میں اپنے دل کے صدقے اور اپنی چاہ کے صدقے | ملا یا جسنے مجھسا یار اوس اللہ کے صدقے

مخدوم تخلص ایک شخص کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہ ہوا

دی دغا جاتا رہا دل ہائے دل افسوس دل | مجھکو تڑپاتا رہا دل ہائے دل افسوس دل

مخلص تخلص میر مہدی حسن وکیل عدالت دیوانی کانپور خلف سید ولیر علی متوطن دارالاگر جہان آباد مقیم کانپور شاگرد مرزا خانی نوازش صاحب دیوان ہیں

سنکر یہ چیڑھ چڑھ کے یہ صیاد کہتی ہے وہ پھر لف | اسکے لے ہم سے کوئی طرز گرفتاری سیکھ

مخلص تخلص نندرام دہلوی وکیل عماد الدولہ شاگرد خان آرزو بتسہیل فارسی کہتے تھے

آتا ہے ہر سحر اوٹھ تیری برابری کو | کیا دن لگے ہیں دیکھو خورشید خاوری کو

مخلص تخلص مخلص علی خان مرشد آبادی خواہرزادہ نواب نوازش خان شہامت جنگ معاصر شاہ قدرت اللہ قدرت

مخلص نہین زمانے مین اب خوبرو کوئی | عاشق کی چاہ جسکو ہو مدنظر کہین
کوئی اپنے اسیرون سے تغافل یہ بھی کرتا ہے | قفس مین مر گئے ہم یہ خبر صیاد کو پہنچی

مخلص تخلص میر باقر اکبرآبادی شاگرد مصطفے خان یکرنگ محمد شاہ کی عہد مین تھے

مین تو بندہ ہون ترے جور و جفا کا لیکن | سخت دھڑکا ہے مجھے اس دل شیدائی کا

مخلص تخلص بدیع الزمان خان دہلوی شاگرد شاہ واقف نواب شجاع الدولہ کی سرکار مین متعلق تھے

لیحاظ تو دل کو یونہین ترا اعتبار ہے | پر شرط اس زمانے مین قول و قرار ہے

مخلص تخلص مرزا کلب حسن خان حسین برادر کلب حسین خان نادر تخلص خلف کلب علی خان متوطن بنارس

جب تک کہ پاس اپنے وہ شوخ حسین نہو | کتنے ہی وعدے وہ کرے دلکو یقین نہو

مخلص تخلص منشی محمد حسین خان ولد امانت خان بن قطب خان باشندہ بھاگلپور شاگرد راقم الحروف صاحب دیوان ہین

شرح جوش شوق پایان کو نہ پہونچی ناچار | لکھتے لکھتے یار کو خط ایک دفتر ہو گیا
صبر کا حکم ہے مصیبت مین | ہے یہ نسخہ حکیم کامل کا
قیامت کیون نہ ہو برپا جو مخلص | پکڑ لے حشر مین دامن تمہارا
درد و غم فراق مین ہوتی ہے یہان بسر | کٹتی ہے اونکی نغمہ و چنگ و رباب مین
قتل ہر عاشق نئے انداز سے کرتا ہے وہ | ایک خنجر اوسکا دکھلاتا ہے جوہر سیکڑون
ہے کس مسکیں کی ساقی آمد آمد آج محفل مین | کہ شیشہ دم بخود ہے اور ہے گردش مین پیمانہ
نالے کی اجازت جو نہین ہے تو نہین ہے | مرجائینگے پر خاطر صیاد کرینگے
آتش فرقت سے مین جل جل کے ٹھنڈا ہو گیا | سرد مہری ہے غضب اوس لعبت کشمیر کی
جو ہے اس دنیا مین وہ مغرور پیراہن مین ہے | جسکو دیکھو قیصر و فغفور پیراہن مین ہے
بادہ ساغر مین ہے یا ادتری ہی شیشے مین پری | جسم مین ہے جان یا وہ حور پیراہن مین ہے
سن کے پیغام بوسہ اے مخلص | دیکھیے اونکے منہ سے کیا نکلے

مخمور تخلص محمد جعفر ولد خواجہ محمدی باشندۂ لکھنؤ شاگرد مصحفی صاحب دیوان گزرے

پوچھیے کیا ہو عدم مین مرے کیا ہاتھ لگا
کمر یار کا مضمون نیا ہاتھ لگا

وہ لگا دھونے جو دریا کے کنار ہاتھ پاؤن
موج سان کیا ہم نے بیتابی سے مارے ہاتھ پاؤن

ہتکڑی ہاتھون کی ٹوٹی پاؤن کی زنجیر بھی
اسقدر جوش جنون مین ہنسے مارے ہاتھ پاؤن

مخمور تخلص شیخ غلام حسنین باشندۂ فرید آباد قدیم آبا دقراتبدار مولوی ابو الحسن شیدائی

گلزار کھلاتی ہے یہ داغ جگری کا
رکھتی ہے اثر آہ بھی باد سحری کا

کچھ اپنے برائے کا خیال اب نہین اصلا
عالم ترے نظارہ سے ہے بیخبری کا

مخمور تخلص سید مظہر علی ابن سید قایم علی خان بہادر اکسٹرا اسسٹنٹ متوطن مرادآباد

جو درازی ہے ترے ہجر کی شب مین پیدا
روز محشر کی بھی ایسی نہ طوالت ہوگی

مخمور تخلص مولوی واحد علی مرحوم خلف مولوی عبد العلی نامی رئیس شہر ڈاکہ اشعار اردو و فارسی اچھی کہتے تھے کلام انیارا قم کو دکھلاتے تھے آغاز شباب مین ۱۲۷۹ بارہ سو اوناسی ہجری مین انتقال کیا راقم نے یہ تاریخ اوکی وفات کی کہی ہے

قطعۂ تاریخ

آج فسّاخ مولوی مخمور
گلشن عدن کے مقیم ہوئے

مصرع سال نقل یہ لکھیا
داخل جنّت نعیم ہوئے

اشعار ۱۲۷۹ ہجری

وہ ناتوان وزار مین اکبار ہوگیا
دامن ہمارا دامن کہسار ہوگیا

تشریف لائے گھر مین مرے صاف ہوگئی
حق مین مرے خضر خط رخسار ہوگیا

چومی بغیر اذن جو زلف سیاہ یار
واللہ بال بال گنہگار ہوگیا

ناوک نالہ جو گزرا تیر سے
جا کے میزان مین ترازو ہو گیا

خواب مین پہونچا جو وہان دست خیال
نیلا پیلا اوسکا زانو ہوگیا

جب کہ دلبر سے ہوا خالی کنار
کاہش جان درد پہلو ہوگیا

ہاتھ مین اوسکے گمان و تیر ہے
چرخ پر لرزان کمان و تیر ہے

سنگ مرقد لعل سے رنگین ہوا — کیا حنائی پاؤن کی تاثیر ہے
یار چشم مست سے زندان مین آج — چشم ساغر حلقۂ زنجیر ہے
مثل اختر نہ جھپکی اپنی آنکھ — آج اوس مہ کی انتظاری ہے
دن بھر آہ و زاری ہے — راتون کو بیداری ہے
عشاق کو جو خون مین ہوا غرق کہی ہے — خنجر ترے دشنہ قصاب کی بیتی

مخمور تخلص میان قبول احمد وکیل سرکار بالن پور

زبان جل جا گر شعلہ کہون رخسار تاباں کو — قلم ہو ہاتھ گر نخچہ لکھون ابرو جانان کو

مخیر تخلص منشی محمد احسان اللہ باشندۂ دہلی مقیم کمپ میرٹھ شاگرد محمد ابراہیم ذوق

بنا کر آئینہ خود بین کیا آئینہ رویون کو — نہین حیرت ہے ہنسنے کیا بگاڑا تھا سکندر کا
دو اعطا جسد کی کی ہے تو بے جا تا ہون مین — میرے لب تک گر کبھی آتی ہے پیمانہ کی بات
ہم نہ کہتے تھے کہ کعبہ کو مخیر جا چکا — رہگیا رستے مین آخر اک کلیسا دیکھ کر
یہ نہوگا کہ مرے قتل سے درگزرینگے — ہور رقیبون نے سکھایا ہے وہ کر گزرینگے
کیلیے پہلو مین جایئ ہے دھوم — حضرت دل خیر تو ہے جان کی
ہان دل یہ ضرب ہو کوئی تیغ نگاہ کی — دیکھین تو مردمی ترے چشم سیاہ کی

مداح تخلص شیخ محمد صادق علی مقیم سکندرہ ضلع علیگڑھ مرزا نوشہ غالب کو اپنا اوستاد بتلاتے ہین اور سوزان بھی تخلص کرتے ہین

اسکو بلوایا تو ہے لطف تب ہی دل آئے — ساتھ تلوار بھی لائے جو وہ قاتل آئے
ایسا نہو کہ ظلم سے بھی ہاتھ اوٹھائے یار — کیون کہئے ناز اوٹھانے کی طاقت نہین رہی

مدبر تخلص سید امیر الدین دہلوی شاگرد قطب الدین مشیر

چاند سا مکھڑا وہ جب دیکھا مجھے غش آگیا — جون کتان ٹکڑے گریبان سلیمانی ہوا

مدحت تخلص ایک شخص لکھنوی شاگرد جعفر علی حسرت کا ہے اور کچھ حال معلوم نہوا

لگیا ہجر ترا گور مین یار آخر کار — روز فرقت نے دکھائی شب تار آخر کار

مدہوش تخلص نبی خان نبیرۂ خواجہ محمد باسط شاگرد میر سوز

صنم جس ناز سے تو نے لیا دل	خدا جانے ہے اوسکو یا ترا دل

مذنب تخلص مرزا محمد حسن عرف جیو کے مرزا سرشتہ گو لکھنوی شاگرد سودا صاحب دیوان گزرے

کم ہوتی نہین ہے کسی عنوان طپش دل	ہے دامن مژگان فروزان طپش دل

مراد تخلص مرادشاہ

ہے عشق و عقل سے ہر دم مجادلہ دل کا	کشاکشی مین پڑا ہے معاملہ دل کا
نرگسی چشم نے جب ہمسے چھپائین آنکھین	روتے روتے مرے پھر لال ہوئین آنکھین

مراد تخلص مرادشاہ لاہوری شاگرد اجمل

اپنے مشتاق سے جب تو نے چھپائین آنکھین	تو اجل نے وہین آ اوسکو دکھائین آنکھین

مرحبا تخلص حافظ عبد الشکور خلف حافظ عباد اللہ واعظ باشندہ ٹانڈا مقیم کلکتہ شاگرد مولوی عصمت اللہ انسخ تخلص

جب نہ تب دیکھو بغل مین اوسکے بیٹھے ہین رقیب	غیر کی صحبت سے وہ اکدم جدا ہوتا نہین
کوچۂ گیسوے جانان مین عبث جاتا ہو دل	خود بخود کوئی گرفتار بلا ہوتا نہین

مرحوم تخلص مرزا محمد یار بیگ شاگرد حافظ قطب الدین مشیر باشندہ دہلی

کیا ہی دل جور و رو کے کہے ہی مرحوم	ملک الموت کے اب ہاتھ ہے درمان میرا

مرزا تخلص حکیم میر فضل اللہ باشندہ پانی پت تعزفارسی اچھا کہتے تھے طب مین بھی اچھا دخل رکھتے تھے

خانۂ دل سے نہین ہے کعبہ و دیر	گرچہ ہے سنگ مین شرر کہین
سخت مشکل ہے ہجر مین جینا	زندگی اپنے اختیار مین نہین

مرزا تخلص غلام مرزا خلف محمد اسمعیل تاجر شاگرد میر تقی وطن اکثر مازندران مولد لکھنؤ

بالین سے جب وہ پھر گیا غش سے کھلی تب آنکھ	مجھ نارسا کے طالع خوابیدہ دیکھنا

مرزا تخلص مرزا ہدایت اللہ دہلوی موسیقی مین کمال رکھتے تھے

دل ہاتھ سے اشک آنکھ سے جی مجھ سے جدا ہے	اے وائے مصیبت کوئی کس کس کو بچائے

مرزا تخلص مرزا علی رضا دہلوی مقیم بنارس معاصر سودا عزیزون مین نواب حسین الدین خان نائب کھانگہ نگر کے تھے

ہماری دیکھیے حالت اوٹھلئے سب جو پیش دیگا | نہ بیٹھا کوئی جز پیکان دل انگار کے پہلو
کوئی حسرت مرے جی کی نہین بر آتی ہے | مفت باتون مین مری عمر چلی جاتی ہے

مرزا تخلص مرزا جہانگیر بیگ اکبر آبادی شاگرد مرزا اعظم علی بیگ اعظم

جگر کی آگ جو بھڑکی تو پھر نہ سرد ہوئے | ہزار طرح سے کی ہم نے اشکباری رات
بجھائے تیر بھی آب حیات مین تم نے | نکل نکل کے پھرا آئی تن فگار مین روح

مرزا تخلص نواب محمد حسنخان ولد نواب اشرف خان دہلوی مقیم بنارس معاصر سودا

سوئون مین کسطرح ان آنکھون مین نیند آتی ہے | دور سے صورت کو میری دیکھ اوڑ جاتی ہے نیند

مرزا تخلص مرزا حسین بخش خلف مرزا کوچک سلطان ابن شاہ عالم بادشاہ شاگرد حافظ عبد الرحمن خان احسان

گر داغ کو سہون ہون گر زخم چھیلتا ہون | مرزا ستا رہا ہے ذوق جفا یہ مجھکو

مرزا تخلص مرزا جان مرثیہ خوان خلف میر وزیر علی مرثیہ خوان باشندہ دہلی حال سونپتی مین اچھا دخل رکھتے تھے

ایک بوسہ پہ اسقدر رنجش | آپ کا ہم نے حوصلہ دیکھا
اونکی ہم پر بھی آنکھ پڑتی ہے | ہم نے چھپ چھپ کے بارہا دیکھا

مرزا تخلص مرزا علی برادر خرد میر حسین علی سوگت باشندہ دہلی

نہ یہ لب اور نہ یہ بات نہ غمزہ نہ نگاہ | چاند کس منہ سے ترے منہ کے برابر ہوگا
صد شکر کہ ہے ساتھ جنازے کے وہ ہمدم | آغاز سے بہتر ہے یہ انجام ہمارا

مرزا تخلص خواہرزادہ حکیم مرزا محمد خان تلمیذ رستم بیگ شاگرد نام انکا معلوم نہ ہوا

اگر نہ دور از یار مین ہے ہمدگرہ مرا | دل صد چاک یہ ہم بھی بسان شانہ رکھتے مین

مرزا تخلص محمد علی خان ولد نعیم اللہ خان ملازم شجاع الدولہ

جو کوئی کسی کو یار کہے گا | یہ یاد رہے وہ بھی نہ کل پائیگا
اس دور بکھاوات مین ناحق غافل | بیداد کرے گا آج کل پائے گا

مروت تخلص میر باز خان

کی بہت تدبیر لیکن کیا کرون | دل کو ہمدم چین آتا ہے نہین

مروت تخلص باس کرن عرف ناتھوجی پنڈت کشمیری ولد پنڈت بستی رام دہلی باشندۂ لکھنؤ شاگرد امانت

مشکل کشا نہ کیونکہ ہون مین مشکل کشا کے ہاتھ | مشہور ہین جہان مین حیدر خدا کے ہاتھ
اوس بت شکن کا ہون مین زمانے مین معتقد | توڑے ہین جسنے لات کو گھر مین خدا کے ہاتھ
بیجا نہ ان بتون سے مروت لگا کے دل | عزت مری ہے خالق ارض و سما کے ہاتھ

مروت تخلص صغیر علی خلف حکیم کبیر علی کبیر تخلص شاگرد جرأت مقیم رامپور نواب فیض اللہ خان کی سرکار مین تعلق رکھتے تھے ایک مثنوی میر حسن کی مثنوی کے جواب مین کہی ہے

غیرون پہ دیکھ دیکھ کرم اوس نگار کا | چین برجبین ہے نقش ہمارے مزار کا
گو مثل گرد باد ہون گردش نصیب مین | پر ہے دماغ عرش پہ اس خاکسار کا

مروت تخلص قاسم علی لکھنوی داماد میان جرأت

ہاتھ اونکی کلائی تک جو غیر کا آ پہونچا | ہمہات کا نل اپنے افلاک پہ جا پہونچا

مرہون تخلص مرزا علی رضا شاگرد منیر نظام الدین ممنون وطن الکا مشہد مقدس مولد دہلی مدت تک حیدرآباد مین رہے

ہر آن زدے دل کو حرمان نے خون کیا ہے | گردن پہ یاس کی ہے خون ابنی آرزو کا
پڑا ہے شور جب سے دل مین اوس کان ملاحت کا | یہان ہر زخم مہمان ہے نمکدان قیامت کا
شہید لطف قاتل ہون کہ بعد از قتل کل اوسنے | کیا مجرم لب افسوس انگشت ندامت کا
جز اک نگاہ چشم کبھی اوسکی خو نہین | تمست تو دیکھو یہ بھی کبھو ہے کبھو نہین

مریخ تخلص لچھمی نرائن پرشاد ولد جوگل کشور فرخ آبادی شاگرد نواب حاشیہ علیخان

جسکو دیکھا اوسے دیوانہ بنایا تو نے | اوپر یزاد نرالی ہین جنون کار تجھمین

مرید تخلص مرید حسین خان دہلوی خلف الغام اللہ خان یقین تخلص

درد اور غم مین مبتلا ہین ہم | دردمندون کے پیشوا ہین ہم

مثل سیماب کیون نہ دل تڑپے — آئینہ روسے اب جدا ہین ہم
تھا وعدہ سرشام کا پر اب ہے سحر کا — ڈرتا ہون کہین صبح کی پھر شام نہو دے

مزمل تخلص و نام شاہ محمد مزمل معاصر ابرو دہلی مین رحلت کی

مین نہ کہتا تھا مزمل دل نہ دے — نقد ایسا را یگان کھونا نہ تھا

مست تخلص حکیم اشرف علی صاحب رسالہ ترکیب الصلوٰۃ و رسالہ تصویر غم و رسالہ ہیضہ و طاعون و رسالہ حیچک و رسالہ دافع السموم و رسالہ کشتی مخلف الصدر احمد علی مجموعہ دار تلمیذ حافظ اکرام احمد نجم رئیس نامی سلمٹ اشعار انکے خوب ہوتے ہین راقم کے دوستون مین ہین فن کشتی اور طب مین اچھا دخل رکھتے ہین رسالے انکے نظر سے گزرے

ہے قلم تیغ غضب سے سر جوان و پیر کا — فاقتلوا جوہر ہے القاتل تری شمشیر کا
عجز نے میرے اوڑایا آپ کے دامن کا غبار — خاکساری مین اثر ہے سرمۂ تسخیر کا
چادر مہتاب پہ گر پڑ کیا اوجھا قدم — پھر دماغ ماہ تابان عرش پر ہووے گا
رات دن یون جوڑتا ہے متال بسمل — کشتے مارا تجھے اے مست کمان بدلا
الٰہی بار عصیان سے گرانبار ا ستدر ہو مین — یقین ہے ٹوٹ جائے حشر مین پا تراز و کا
کیا بخت واژگون سے ہوا قلب ماہیت — دشمن ہماری جان کے ہین دوستان دوست
رکھتے ہین کھولکر وہ کڑے ہاتھ پاؤن کے — رہتے ہین وصل مین سر بستر ہلال چار
کیا سچ مثل ہے داشتہ آید بکار بھی — آخر نہ کام آگئے شبہائے تار داغ
اک طوق ہے اور دوسری زنجیر گلے مین — پہناتی نہ ہے کیا آگے کو تقدیر گلے مین
وہان پاؤن مناسب ہے آنا تر امعلوم — ہم جانہین سکتے ہین کہ ہے زنجیر گلے مین
پھرتا ہے مجھے کھینچے ہوئے رشتۂ الفت — ہے طوق گرانبار نہ زنجیر گلے مین
کاٹے ہین اسی سادگی پر گردنین لاکھون — ہیکل ہے نہ جگنو ہے نہ زنجیر گلے مین
تا مرگ نہ جور فلک پیر سے چھوٹے — ہم آئے نہ تیغ و زنجیر سے چھوٹے
شاید کہ اضطراب نے میرے اثر کیا — ہین اندنون تو آپ بھی کچھ بیقرار سے

اے مست یہ کیا تو نے کیا تیرا بُرا ہو
دل اوس بت بیدین کو دیا جان کے پیچھے

بگڑا تو اگر ہم سے تو پھر دیکھیو اے یار
ٹھہرا ہے ہین موجود دلین سو کہ جاتے ہین کیسے

ٹھکانہ رقیبون کا نہ دربان کا کھٹکا
اوس کوچے مین بیخوف و خطر جاتے ہین کیسے

یا مست کو بے وصل تھی یک آن قیامت
یا برسون جدائی مین گذر جاتے ہین کیسے

مست تخلص میر فضل علی شاگرد میر امانی فقیری اختیار کی تھی

خود فنا ہو کے ذات مین ملنا
یہ تماشا حباب مین دیکھا

مست تخلص عالم میانخان باشندہ کلکتہ شاگرد مولوی وحید الدین فرد آٹھ برس ہوئے کانپور مین جاکر انتقال کیا رقمہ کے ملاقاتیون مین تھے

بوسہ لیا ہے یار کی انگیا کے پان کا
کھایا ہے پان آج نئے خاصدان کا

مست تخلص میر مست خان افغان

دیوانہ بانکو نہین کہا جاے نہ ٹیڑھو نہین یہ کیون
خانہ جنگی تمھین رہتی ہے سدا مست کی سی

مستمند تخلص یار علی خان عظیم آبادی شاگرد مرزا بھچو فدوی تخلص

تیغ تک وصل کی ہے یار امید
ہے مثل ایک دم ہزار امید

مسرت تخلص شیخ رحمت علی بنارسی شاگرد ذاکر بہت روزون تک کلکتہ مین تھے

آئینہ آئینہ عارض سے ششدر ہو گیا
جسنے یہ آئینہ دیکھا وہ سکندر ہو گیا

تمھارے ہجر نے ایسی مری اوڑائی نیند
ہزارون کروٹین بدلین مگر نہ آئی نیند

مسرت تخلص تنگ ناتھہ کا بیتھہ شاگرد نصیر دہلوی

قرار و صبر ہین دل سے روان اور تاب جیسے
کدھر یہ قافلہ جاتا ہے یار و لو خبر دیکھو

مسرت تخلص وزیر علی دہلوی مقیم حیدر آباد ملازم راجہ چندو لال شاگرد غرت اللہ خان عشرت

ہاتھ آجاے نصیبون سے تو پھر آٹھ پھر
رکھون چھاتی سے مین دلدار کی تصویر اگر

اگرچہ روتے روتے کھوئین آنکھین
نہ رکھا دیدۂ خونبار پر ہاتھ

مسرور تخلص نواب غلام حسین خان مرحوم خلف شرف الدولہ نواب فیض اللہ بیگ خان رئیس دہلی ستار نوازی مین کمال رکھتے تھے

ماہ پر میری سیہ بختی کا گر سایہ پڑے | چادر مہتاب ہو دامن شب دیجور کا
لکھکر زمین پہ نام ہمارا مٹا دیا | اونکا تو کھیل خاک مین ہمکو ملا دیا
نادان نہین جو اپنے کو رسوا کرے کوئی | دل ہی نہ بس مین ہووے تو پھر کیا کرے کوئی

مسرور تخلص سید خورشید عالم خلف مولوی بدر عالم رضوی باشندۂ پھانی

چالین ہر وقت جو ایجاد کیا کرتے ہین | کبک و طاؤس سے جاتے ہین فتار دن پر

مسرور تخلص شیخ پیر بخش ولد حکیم حیات اللہ قلاش باشندۂ کاکوری شاگرد مصحفی دہلی کی سیر بھی کی تھی صاحب دیوان گزرے

کیا جانے کون شخص مرے دل کو لیگیا | مسرور کس طرف مین کرون جستجوے دل
ہو نہ یہ جرم کہین اونکے بال گردن | گردن شیشہ سے جو دین ہین مثال گردن
دیکھ لو آتا ہے کس انداز سے کاذم | شیشۂ مے ہے بغل مین اور ساغر ہاتھ مین
نگاہین دیکھنا سنگین محل کے رہنے والونکی | ہمارا شیشۂ دل کر چکے ہین چور آنکھو کنیے
گر بہر سیر لیلی محمل سوار جاے | مجنون بھی ساتھ جون شتر بے مہار جاے

مسرور تخلص مرزا سنگی بیگ دہلوی شاگرد میر عزت اللہ خان عشق

سدا اوس جسم میگون سے یہ دل ستانہ رکھتی ہے | صراحی کی ہوس نہ خواہش پیمانہ رکھتی ہے

مسرور تخلص شرف الدین احمد مولف تذکرۂ شعراے ریختہ خلف غلام محی الدین عشق باشندۂ میرٹھ

ہے غیر کے گھر وہ شمع محفل | دن رات مجھے یہی جلن ہے

مسرور تخلص سید محمد علی ولد سید علی طباطبائی نواسۂ میر شیر علی افسوس باشندۂ کلکتہ شعر عاشقانہ اچھا کہتے تھے کلام انا راقم کو دکھلاتے تھے اطراف ایران و پنجاب و ہندوستان و رنگون وغیرہ نہبت سے ملک و شہر کی سیر کی تھی عین شباب مین تیسوین شہر ذی الحجہ ۱۲۸۰ بارہ سو اسی ہجری کو انتقال کیا

دل اور پھر گیا ہے اوس یار بدگمان کا | تاثیر آہ دیکھی دیکھا اثر فغان کا
مشکل ہماری کیسی آسان ہجر مین کی | احسان مانتے ہین ہم مرگ ناگہان کا

شکوہ اگر مجھے ہے تو بخت اور اجل سے
فضا کی نہیں ہون ورنہ مین یار و آسمان کا

جب کہ کھولا اوس پری پیکر نے اپنی زلف کو
اوسکی خوشبو سے مکان سارا معنبر ہوگیا

اندنون شکل عروسی صنم کے ہجر مین
صورت عکس مثلث جسم لاغر ہوگیا

بزم مے مین ساقی نے یہ کیفیت دکھائی
دیدہ جام مے گلگون بھی گریان ہوگیا

پھونکتی ہے گوش گل مین وزکجہ کجہ آکدوم
کیون نہو صیاد پر ثابت خطائے عندلیب

عاشق اپنی جان معشوقون پہ کرتے ہین نثار
کیون نہ عشق گل مین جان اپنی گنوائی عندلیب

لب رنگین کا تیرے وہ اثر پھیلا ہی عالم مین
جگر خون ہوگیا ہے لعل کا کوہ بدخشان مین

کان تک اوسکے پہونچتی مری فریاد نہین
بھول جانے کے سوا کچھ بھی اوسے یاد نہین

ظلم کرتا ہے جفا کرتا ہے رلواتا ہے
کونسی طرز ستم ہے جو اوسے یاد نہین

کیلیے اوڑنے کو طیار رہے تو عاشق سے
تو تو انسان ہے اے یار پریزاد نہین

دل کو ہے میرے بیان کی تحریر کا خیال
شنجرف کا ہے خط ورق آفتاب مین

مضمون میرے شعر کا کیا سمجھین کور دل
ہوتا ہے نور بھی کہین چشم رکاب مین

سرور کو بچائیو دوزخ کی آگ سے
یہ عرض ہے جناب رسالت مآب مین

نہ وفا گل مین ہے نہ نالہ بلبل مین اثر
باغ عالم کی ہوا ای گل رعنا بدلی

مسلمین تخلص سید عبد الواحد خان خیر آبادی مصنف مثنوی چشمۂ شیرین شاگرد مومن مقیم تال بھوپال صاحب دیوان گزرے مثنوی انکی دیکھی ہے

کیون نہ اوٹھنا بیٹھنا مشکل ہو اوس مجبور کا
جسکو از خود رفتگی بھی اک سفر ہو دور کا

لے گئی چھین کے دل ساقی سرشار کی آنکھ
آگئی دیکھ جسے نرگس بیمار کی آنکھ

سر بسر لاتی ہے میری جان پر لاکھون وبال
جواب مین بھی اوسکی گر زلف پریشان دیکھیے

مسلسل تخلص شیخ وزیر علی خلف شیخ زایر علی عرف رمضان علی ابن شیخ فاروق علی مرحوم وکیل عدالت دیوانی ضلع مونگیر باشندۂ مونگیر مونگیر مین رہنے کے ہنگام مین کلام اپنا راقم الحروف کو دکھلاتے تھے طبیعت اچھی پائی ہے شعر اچھا کہتے ہین

سی پارہ دل نہین تری زلف سیاہ مین
ہے رحل آبنوس پہ قرآن دھرا ہوا

لکھا ہے حضرتِ دلِ مرحوم کا جو حال — ہر لفظ میری میت کا ماتم سرا ہوا

خموشی ہی کو سمجھو وعدۂ وصل — کہینگے وہ زبان سے اپنی ہان کب

آنکھون مین سرمہ لگائین اور گلوری کھائین آپ — عاشقون کے قتل کی تدبیر یون فرمائین آپ

بوسہ بے مانگے عدو کو دین زہی نیرنگ عشق — ایک بوسہ کی طلب پر مجھ پہ یون جھنجھلائین آپ

خیر تو ہے مجھسے سودائی کو سمجھانے لگے — حضرت ناصح سمجھکر بات تو فرمائین آپ

اللہ رے کوچہ گردی جانان کا حوصلہ — جب پاؤن تھک گئے تو پھر اسپر تمام رات

لیلی کو اپنے سمجھے ہے کالی بلا کوئی — دیکھے جو قیس آپ کو میری نظر سے آج

دل اوسکا ہے اگر رخِ اغیار کی طرح — ملتی ہے میرے دل سے رخِ یار کی طرح

دشوار ہے نظارہ اشارہ محال ہے — دشمن کھڑے ہین بیچ مین دیوار کی طرح

دیکھ لینا تو قفس کو مرے شاخِ گل پہ — فصلِ گل رہ گئے صیاد جو پر ہونے تک

آمد و شد کی مسلسل جو کوئی راہ نہین — سر کو ٹکرائیے دیوار سے در ہونے تک

کہان حور اور کہان زاہد زہے عقل — عبث بیدار رہتا ہے سحر تک

ترے ہنگام رخصت کا کسے خوف — وہ دیکھے گا جیئے گا جو سحر تک

شاید ہے یہ گمان کہ نکلے نہ کوئی عیب — آئینہ دیکھتے ہین تو میری نظر سے وہ

جب مین نے کہا وصل کا وعدہ نہین کرتے — جھنجھلا کے خفا ہو کے وہ بولا نہین کرتے

کیا جانیے کیا دل مین ہے اب ذکر سمایا — وہ ناز و غمزہ وہ اشارہ نہین کرتے

اونسے بھی کبھی ذکر نہین آتا ہے اسکا — ہم راز شبِ وصل کو رسوا نہین کرتے

مسلم تخلص میر فرزند علی خلف میر حسین علی محرر عدالتِ دیوانی صدر کلکتہ بالشندہ کلکتہ شاگرد حافظ ضیغم شعر انکے اچھے ہوتے ہین اپنی شاعری کا بڑا غرور رکھتے تھے راقم کے ملاقاتیون مین تھے عین شباب مین ۱۲۷۵ بارہ سو چھتر ہجری مین فوت کی راقم نے اونکے انتقال کی یہ تاریخ کہی ہے

قطعہ تاریخ

مر گیا مسلم حیف یہ غم ہے — ہو اوس پر اللہ کی رحمت

مین نے یہ تاریخ کہی ہے	مسلم ہے اب داخل جنت

اشعار ۱۲۶۶ ہجری

عشق بتان مین عمر گئی آہ کیا کیا	کیا منہ دکھائینگے تجھے اللہ کیا کیا
کہتی تھی ایک خلق مری نعش دیکھکر	مسلم کو مارا اور بت گمراہ کیا کیا
جو سنگدل ہے اوسے آبرو نہین ملتی	محال ہے کہ بنے رشتہ گہر رگ سنگ
کسی نے سخت دلون سے کبھی نہ پھل پایا	خلاف عقل ہے ہو شاخ باور رگ سنگ
رکھکے سر سونین کبھی انو یہ ای دل یار کی	اپنی بھی تقدیر ہو تقدیر پشت آرسنہ
رات جو غیر کو لیٹا کے دیا بوسۂ خال	اے صنم مجھکو پہونچتی ہے خبر تل تل کی
عہد طفلی سے مرا طفل سرشک آوارہ ہے	جسکو سب گرداب دریا کہتے ہین گہوارہ ہے

مسیح تخلص میان ہرانی ہمشیرہ زادۂ نواب وجیہ الدین خان وجیہ وطن انکا کشمیر مولد دہلی تجارت کرتے تھے

شاید کہ موے زلف کا شانہ تھا دست غیب	بیڈھب رہا تھا دل کو مرے پیچ و تاب کا

مسیح تخلص میر ہاشم علی قاضی زادۂ قصبہ جائس مقیم لکھنؤ شاگرد نواب عاشور علیخان

پیری مین آہ لگتی ہے مرکے کے زندگی	بجھ بجھکے پھر بھڑکتی ہے شمع سحر کی لو
سیماب بن کے مرہم کافور اوڑ گیا	اوٹھی جو اپنی آتش زخم جگر کی لو

مسیح تخلص حکیم محمد علی ولد حکیم ولی اللہ خان باشندہ لکھنؤ

نہین اے شوخ مہندی سی یہ آب تاب خون	ہمارے اشک کے قطرے کا ہی خونناب خون

مسیح تخلص مسیح اللہ خان فارسی بھی کہتے تھے

لگتے ہی ہو گیا جگر کے پار	تیر مژگان نے زور کام کیا
ترک آرام و صبر و خواب و قرار	عشق مین تیرے ہم نے کیا نہ کیا

مسیح تخلص مرزا مسیح اللہ خان عرف مرزا حاجی

ہمارے سامنے غیرون سے ملنا	ستم ہے ظلم ہے قہر و غضب ہے
بتون کے ظلم اور جور و جفا سے	مسیحا کو بھی دیکھا جان لب ہے

مسیحا تخلص محمد علی خان اخبار نویس شاہی ولد مصطفے خان باشندۂ لکھنؤ شاگرد ناسخ صاحب دیوان گزرے

تیرے کاکل کا بیان کرکے سر انصاف سے — پھر بن مو مین اگر ہوتی زبان بالائے سر
آتا ہے یاد تو کف افسوس ملتے ہین — ظالم وہ کو سنا ترا ناحق اوٹھا کے ہاتھ
لے لیتے ہین بلائین یہ زلف سیاہ کی — ان روز دن ہو گئے ہین ہماری بلا کے ہاتھ
راحت بھی اس جہان مین ایذا کے بعد ہے — موسیٰ کو ملگیا ید بیضا جلا کے ہاتھ

مسیر تخلص شاہزادۂ مرزا ہمایون قدر خلف مرزا محمد خورشید قدر قیصر تخلص شاگرد محسن علی محسن وطن الکاظمی مولد و مسکن لکھنؤ

ثابت قدم وہ ہون کہ اگر لاکھ ہون ستم — شکوہ کبھی زبان پہ اپنی نہ لائے دل

مشتاق تخلص مشتاق حسین خلف قمر الدین حسین اکبر آبادی مرید ابو ظفر بہادر شاہ بادشاہ دہلی صاحب دیوان گزرے

رہی تھی یاد جو زلف سیہ تمھاری رات — تو دل پہ سانپ سا لوٹا کیا ہو ساری رات
سچ مثل ہے اوٹھ ہو تی ہی پرائی دلمین کھوٹ — پیار دل مین آگیا جب چار آنکھین ہوگئین
سن لیا جسکو حسین بس وہان لگا دی تاک جھانک — سچ تو یہ ہی سخت بد اطوار آنکھین ہوگئین

مشتاق تخلص میر حسن دہلوی مقیم فیض آباد معاصر میر و مرزا

اپنی ہم بندگی پہ بھولے تھے — پھر جو دیکھا تو وہان خدائی ہے

نسخے تذکرہ والون نے اس شعر کو عبد اللہ خان مشتاق کے نام سے لکھا ہے

مشتاق تخلص حافظ مختار احمد معروف بہ قاضی محمد مشتاق خلف قاضی احمد علی باشندۂ سراوہ ضلع میرٹھ شاگرد امداد حسین نور

میری صورت ہے یہ کیون گردش مین — نیل بگڑا ہے چرخ اخضر کا

مشتاق تخلص غلام علی مقیم دہلی شاگرد حافظ قطب الدین نشیر

خط تو بھیجا ہے وہان برا و ڈرتے ہین ہوش بھی — ہو دیگی تسکین سلامت جب کبوتر آئیگا
ہر جائی پن سے اوسکے ٹھکانے نہین ہے دل — پھر تا خراب ہوگا مرا نامہ بر کہین؟

مشتاق تخلص میر ابو القاسم مرشد آبادی

ہم بھی کرینگے جنون کا سر و سامان پیدا — کچھ تو وسعت کرے اے خضر بیابان پیدا
دل خود بین جو کرے دیدۂ پنہان پیدا — آئینہ دیکھیں تجھی ہو صورت جانان پیدا
کجروی سے نہیں ساقی کے عجب ہے گردوں — گردش جام سے ہو گردش دوران پیدا

مشتاق تخلص لالہ بہاری لال ابن لالہ دلسکھ رائے شاگرد مخمور مقیم مخلد

منہ تحیر سے اپنا تکتا ہے — آئینہ کو بھی ایک سکتا ہے
جھٹکے دیکر نہ بال سلجھاؤ — زلف پیچان میں دل لٹکتا ہے
جلد آؤ کہ کلبۂ مشتاق — چشم روزن سے راہ تکتا ہے

مشتاق تخلص لالہ بہاری لال راقم اکمل الاخبار دہلی ولد لالہ من بھاون لال باشندۂ دہلی شاگرد مرزا نوشہ غالب اسسے دہلی میں ملاقات ہوئی تھی

یوں تیرے ساتھ بزم میں دشمن کا بیٹھنا — وہ اعتراض ہے کہ اوٹھایا نہ جائے گا
ہوگا اثر جو دل میں تو خود جان لینگے وہ — مشتاق ہم سے عشق جتایا نہ جائے گا
جہاں جاگے وہیں انگڑائیاں لو — یہاں پھیلائے ہے سستی کہاں کی

مشتاق تخلص کریم خان باشندۂ دہلی رفیق نواب حسن علی خان برادر نواب فیض محمد خان بہادر مرحوم والی جھجھر شہر لندن کی بھی سیر کی تھی

اللہ رے سوز دل کہ مسیحا سا چارہ گر — رکھتے ہی ہاتھ نبض پہ بیمار ہو گیا
رخسار پر یہ خال سیہ بے سبب نہیں — خط پر نہو جو مہر تو خط معتبر نہیں

مشتاق تخلص محمد واصل باشندۂ بداؤں

ہمارے کام پہ ہر چند آسمان پھرے — تجھے قسم ہے جو تو اسطرف کو آن پھرے

مشتاق تخلص حافظ تاج الدین ساکن میرٹھ بصیر تھے

کوہکن پرویز کو قصہ اپنا اپنا سنائے دو — یہ ہی وہ افسانۂ شیرین ایک پری دیوانے دو

مشتاق تخلص عبد اللہ خان مخاطب بہ مشتاق علی خان ولد نواب سیف الدولہ متوطن ایران باشندۂ دہلی شاگرد میر تقی علم جفر اور رمل میں انھا دخل رکھتے تھے

اکثر خطوط نہایت پاکیزہ لکھتے تھے لیکن اپنی اوقات عزیز کو مہوسی مین برباد کرتے تھے
شعرائے پائے تخت شاہ عالم بادشاہ مین تھے

کی اک نگاہ مین نے جو مژگان یار پر
سو برچھیان لگین دل امیدوار پر

جی بند ہو نکل ہی گیا تو کھلی رہے
اے چشم آفرین ہی ترے انتظار پر

کبھی اشک بھر آئے تو پی گئے ہم
کہ مد نظر آبرو تھی کسی کی

رنگ کیون سبز ہی چھڑکا ترے ابی مشتاق
کتنے دیکھا ہے تجھے زہر بھری آنکھون سے

مشتاق تخلص میر سالار بخش ولد میر مبارک علی باشندہ لاڈر متعلق کانپور

صراحی نے کیا تھا اوسکی گردن سے کمین دعوے
سو کل یارون نے بزم مے مین اوسکی چور کی گردن

مشتاق تخلص محمد قلی خان خلف ہاشم قلی خان موسیقی مین اچھا دخل رکھتے تھے
۱۲۱۲ بارہ سو ستر ہجری مین انتقال کیا

واسطے غیرون کے وہ لڑنے کو موجود ہوا
ہم نے دل دیکر اوسکو دیا اوس سے یہی سود ہوا

نہ کہا یہ کبھی تو نے یہی افسوس رہا
اپنے بیمار کو اک بار بھلا دیکھین تو

مشتہر تخلص مولوی احمد حسین فرخ آبادی شاگرد قطب الدین مشیر

جا ہو گے حشر مین تم کس سے ستم کا انصاف
ان بتونکی تو طرف سارے خدائی ہو گی

مشفق تخلص شیخ محمد خان عرف ممن ولد محمد پناہ آتشباز لکھنوی شاگرد اشرف خان نجلص

کہو بیٹھے کوے یار مین ہم جا کے دو گھڑی
ناموس ننگ وغیرت وصبر و قرار دل

مشفق تخلص مرزا احمد بیگ ولد بدھو بیگ اکبر آبادی شاگرد اعظم بیگ اعظم تخلص

اسیر کنج قفس کی نہ پوچھیے حالت
ترپ تڑپ کے گئی موسم بہار مین روح

میرے آنے کا اوسے دہیان جو آجاتا ہے
اوٹھ کے دروازے مین زنجیر لگا جاتا ہے

مشفق تخلص راجہ جادب کشن بہادر رئیس کلکتہ شاگرد مولوی ظہور النبی مخزون
تخلص دیوان انکا نظر سے گزرا

خصمگان خاک ہین قربان اوس رفتار پر
ہے قیامت کا گمان سب کو قد دلدار پر

نیند تو آتی نہین جو خواب مین دیکھون اوسے
حیف آتا ہے مجھے اس دیدہ بیدار پر

مشک تخلص نواب محمد حسن خان لکھنوی ولد نواب محمد مرزا شاگرد مرزا باقر ادراک مرثیہ گو

یہی ہے جان جہان اب تو حوصلہ دل کا
گلے لگا لو تو جاتا رہے گلہ دل کا

اسقدر روئیے کہ آخر کو تری فرقت مین
اوسیجا ہوئین بیمار ہماری آنکھین

مشکل تخلص شیخ امین الدین اکبر آبادی شاگرد غافل اکبر آبادی

بجا ہے آپ کا فرمانا لیکن اے ناصح
نہ دل ہے کہتے مین اپنے نہ اختیار مین روح

بلا شراب وہ ساقی کہ جسکے پینے سے
سرور دل ہو رہے حشر تک خمار مین روح

مشہدی تخلص مرزا احمد علی خلف مرزا محمد خراسانی باشندہ لکھنؤ

ہمارا دل بڑا اک نوجوان ہے
جہان جان ہے اور جان جہان ہے

برنگ بو نہان ہون اس چمن مین
دہن غنچہ کا سیر آشیان ہے

مشہور تخلص میان محمد حسین باشندہ کلکتہ کلام اپنا راقم الحروف کو دکھلاتے ہین

ہوئی ہے پرتو افگن کاکل خمدار پانی مین
تعجب کیا جو ہو ہر موج شکل مار پانی مین

اگر یو نہین ہے زور دن یہ موج چشم طوفانزا
حباب آسا ہے گا گنبد دوار پانی مین

مشہور تخلص پنڈت رادھا کشن شاگرد حافظ قطب الدین مشیر

گزرا اپنا ہوا باغ جہان مین گرچہ ہر جانب
پنپا یا تجھسا گلرو سرو قد نسرین بدن بانکا

کس سے ہے عیادت کی تمنا تمھین مشہور
جو جان کا ہو دشمن اوسے کیا کام خبر سے

مشہور تخلص ایک شخص باشندہ بریلی کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

خوشی سے کیون نہ امی مشہور اب تخلیص بجا بین ہم
ملے گا یار ہمسے آج پھر بازو پھڑکتا ہے

مشیر تخلص حافظ قطب الدین دہلوی دارو غہ سرکار مرزا دارا بخت بہادر شاگرد شاہ نصیر دہلوی

کچھ نہ ہوگا تم رقیبون کی طرف ہوگی تو کیا
اے بتو میری طرف میرا خدا ہو جائیگا

مین کیونکہ شب غم مین جیا مرنے مین کیا تھا
کس دست تمنا مین گریبان قضا تھا

وہ چلے گھر سے یہان دل نرہا قابو مین
ہوگئی یار کے آنے کی خبر آپ سے آپ

اوس بیوفا کو حشر کا دھڑکا ہے کیون مشیر
بندون سے کیا کہا جو کہینگے خدا ہے ہم

الٰہی کونسی جنت ہے بے حور | کہان لیجاؤن گا اوس بدگمان کو
یہ غل ہے کہ وحشی نے ترے پانون نکالے | پھر دست جنون سلسلہ جنبان نہ ہوا ہو

مصاحب تخلص پنڈت مصاحب رام ابن پنڈت روپچند متوطن دہلی

رازدل صاف ہو گیا ظالم | آہ سوزان وچشم پرنم سے

مصحفی تخلص غلام ہمدانی باشندۂ قصبۂ امروہہ ضلع مرادآباد ولد ولی محمد شاگرد مانی شروع جوانی مین دہلی مین گئے تھے آخر الامر لکھنؤ مین جاکر اپنی زندگی بسر کی کچھ روزون مرزا سلیمان شکوہ بہادر کی رفاقت مین تھے جمع اصناف سخن پر قادر تھے اور بڑے پرگو تھے آٹھ دیوان اور دو تذکرے اردو مین اور ایک دیوان بجواب نظیری نیشاپوری اور ایک تذکرہ فارسی مین انسے یادگار ہین اشعار انکے آبدار و عاشقانہ ہین کئی دیوان اور تذکرے انکے نظر سے گزرے

شب گھر کی جوشی کی وہ اواز سے نکلا | نکلا تو ولیکن عجب انداز سے نکلا
انگڑائی لیکے اپنا مجھ پر خمار ڈالا | کافر کی اس ادا نے بس مجھکو مار ڈالا
عید کی شب کی رچی مہندی تھی ورنہ اوسکا آج | پنجۂ خورشید محشر سے بھی ہیبت مانگتا
افتادگان وادی غربت کی سرگذشت | کرتا ہے خود بیان لب خاموش نقش پا
خیال یار جو شب میرا ہمکنار رہا | تمام شب مین اوسی کے گلے کا ہار رہا
وقت خلوت وہ یہ کہتا ہے کہ مین کہدونگا | تو نے ہاتھون سے مرے مُنہ کو اگر بند کیا
مصحفی ہم تو یہ سمجھے تھے کہ ہوگا کوئی زخم | تیرے دل مین تو بہت کام رفو کا نکلا
زیفین جو مُنہ مین لین تو کہا مار کھا لیگا | چومین بھوین تو بولا کہ تلوار کھائے گا
دامن ترا بنے گا گریبان عاشقان | گر یون ہین ٹھوکرین دم رفتار کھائینگا
شانہ نے زبس اوسکو اجاری مین لیا ہے | زلفون کو ترے ہاتھ لگانے نہین دیتا
مین حسرتین لیے ازبس جہان سے جاتا ہون | جنازہ دوش پہ یارونکے ہے گران میرا
مین اسی رشک سے مرتا ہون کہ کل غیر کے ہاتھ | ہاتھ ہمخام قسم کیون ترے سر پر رکھا
چاک ہوجائینگے لاکھون کے گریبان ظالم | چاک پردہ سے نہ یون ہاتھ دکھانا اپنا

مجھکو قاصد کی تغافل نے تو مارا ہی ہے
روز ظالم یہی کہتا ہے کہ کل جاؤنگا

بھیجدیتا ہے خیال اپنا عوض اپنے مدام
کسقدر یار کو غم ہے مری تنہائی کا

درد غم کو بھی ہے نصیب شرط
یہ بھی قسمت سوا نہین ملتا

اے مصحفی بتون مین ہوتی ہے یہ کرامت
دل پھر گیا نہ تیرا آخر خدا سے دیکھا

چین سے کیونکہ مین سوؤن کہ شب ہجر مجھے
یاد آتا ہے وہ راتون کا جگانا تیرا

ترے کو مین اس بہانے مجھے دن کو رات کرنا
کبھی اس سے بات کرنا کبھی اوس سے بات کرنا

ہمارے ہاتھ مین آئی کبھو نہ یا قسمت
کہ پاؤن پر ترے مہندی کا اختیار رہا

اتنی ہی حیا تجھکو کہ افراط حیا سے
آنکھون نے ترے روے حیا کو نہین دیکھا

مجھسے مطلب ہے تجھے اے شب تنہائی کیا
جا کہین تو ہی مرے در پئے رسوائی کیا

ملنے مین کتنے گرم ہین یہ ہاے دیکھیو
کشتہ ہون مین تو شعلہ رخون کی تپاک کا

تلوار کو کھینچ ہنس پڑا وہ
ہے مصحفی کشتہ اس ادا کا

بیٹھے بیٹھے جو ہو گیا وہ کھڑا
اک ستارہ سا شب زمین سے اوٹھا

حصہ مین ہمارے بھی کبھی آؤ گے صاحب
یا یونہین الگ ہم سے چلے جاؤگے صاحب

لباس پہنے ہی ہر دم وہ شوخ پرفن سرخ
کہ ہو نہ خون شہیدان سے اوسکا دامن سرخ

گلے مین جا ہے کیا تجھکو کسیکے لعل و یذ
لٹکتی ہین ترے ہیکل کے تا کمر تعویذ

دل لیگئے آنکھون مین بہ تدبیر لگاکر
آئے تھے جو کل سرمۂ تسخیر لگاکر

کچھ بھا جو گیا دل کو تو بس ہو گیا بیخود
منہ اپنا ہین رکھکر ترے تصویر کے منہ پر

ہم کو ترساتے ہو تم کیون یہ ادا دکھلاکر
منہ چھپانا نہ کرو بہر خدا دکھلاکر

پھر قیامت ہے جو وہ شوخ چھپالے منہ کو
اپنا دیدار ہمین روز جزا دکھلاکر

جس آنکھ کو ہو رخنۂ دیوار کی تلاش
پھر کیون کرے وہ شاہد بازار کی تلاش

کل اوسنے عکس کا اپنے جو لیلیا بوسہ
تو جی ہی جی مین ہوئی کیا ہے آرسی مخطوظ

لخت لخت دل ایسا ہے عکس فروغ داغ عشق
کیون نہ مین اسکو کہون آینہ خانے کا جرگہ

عکس کو اپنے وہ بت دیکھ کے آئینے مین
ہنسکے کہتا ہے کہ کیا تو بھی ہے مجھپر عاشق

دیکھا تھا ایک دن تری طرز خرام کو
موج نسیم صبح سنبھلتی ہے اب تلک

ماتم مین کسکے آج ہوئی ہے سیاہ پوش
ہے نیلگون جو اوس تنہ سرمہ سا کا رنگ

مزا ہے ہووے گر چکے ہی چکے مدعا حاصل
کسی نے کر لیا معلوم راز دل تو کیا حاصل

سننے پائے نہ دہن سے ترے دشنام تمام
جنبش لب ہی نے اپنا تو کیا کام تمام

کیا جانیے آجائے وہین کیا مرے دلمین
بن نغمن کے مرے سامنے آیا نہ کرو تم

صرف مشتاق ہین اک تیری ملاقات کے ہم
آرزومند نہین اور کسی بات کے ہم

چھیڑ مت ہر دم نہ آئینہ دکھا
اپنی صورت سے خفا بیٹھے ہین ہم

پاس خاطر ہے ضرور اوسکی بھی اے دست جنون
رشتہ رکھتا ہے گریبان سے تار دامن

لینا بزور بوسہ مرا دیکھنا تھا کل
اور اوسکا منہ پھرا کے یہ کہنا نہین نہین

جھوٹ کیون بولتے ہو مجھسے کہ فرصت کم ہے
آؤ تو کیا تمھین اک رات کا مقدور نہین

رہے گنتی جو ہم تا صبح اوسکے مانگ کے موتی
ہمین تو وصل کی شب بھی کئی اختر شماری ہین

دلا نومید مت ہو وصل سے اوسکی کہ عاشق کو
مرے ہین سو طرح کے عالم امیدواری ہین

قابو مین تم آئے ہو مرے وصل کی شب ہے
اب پیش نہ جائینگی یہ انکار کی باتین

پھٹ چکا جب سے گریبان تب سے
ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے ہین

ہین مرگیا ٹلے مرے چھاتی کا سل کہین
پیوند ہو زمین کا الٰہی یہ دل کہین

کھانے نہین دیتے ہین مجھے خون جگر بھی
نالے تو مرے حلق کے دربان ہوئے ہین

پھر پھر کے پیچھے دیکھ مجھے اوسنے یون کہا
اتنا بھی لگ نہ چل تو مرے ساتھ راہ مین

پیچ پر پیچ ہے اور بل پہ ہے بل جبین پہ جبین
کچھ نئی طرح کے اوسکی زلف کے خم نکلے ہین

بن دیکھے جسکے پل مین آنکھین بھر آیا ہون
کیا قہر ہے جو اوس سے برسون جدا یا ہون

کس پر ہے یہ تلوار جی پھر کے تو دیکھو
کس پر ہے یہ ابرو کی کجی پھر کے تو دیکھو

ہے ہے تک اسطرف کو جاجی پھر کے دیکھلو
اک ناتوان کا جاے ہے جی پھر کے دیکھلو

تم مصحفی کو چھوڑ کے کس بل چلے گئے
رخصت جیا نے اتنی ذری پھر کے دیکھ لو

سو کیجیے شب وصل مین تم بات چلاؤ
یہ تم کو قسم ہے جو کہین بات چلاؤ

چشم بد دور تیری چشم سیاہ — آفتِ روزگار ہین دونون
جاے خلخال پا ہوئے تجھے جو رات — میرے شانے فگار ہین دونون
مرتا ہے کوئی پھر کے نظر دیکھتے جاؤ — جاتے ہو کدھر ٹک تو ادھر دیکھتے جاؤ
لیا ہے بوسہ ترا پر یہ ہم نے کام کیا — کہ سوتے مین ترے منہ سے لگا گئے منہ کو
خدا نے ہاتھ سے اپنے ترے سنوارے پاؤن — خوشی آوین کیونکہ نہ مجھکو یہ پیارے پیارے پاؤن
خاک مین ملگئے ہم ناز کا چلنا دیکھو — اوسکی ٹھوکر سے وہ دامن کا اوچھلنا دیکھو
روٹھکر بیٹھ رہون اور وہ منانے آوے — کاش اتنا مجھے مقدور شکیبائی ہو
بات کو میری الگ ہو کے نہ سہار سنو — کچھ کہا چاہون ہون مین تم سے ادھر آؤ سنو
وہ پیچھے پھر کے جو دیکھے ہی اپنی چوٹی کو — کہنے لگے ہاے یہ کیسی بلا ہے میرے ساتھ
کیا خوبری پڑی ہے یہ طفلان اشک کی — دیکھا جب اچھی چیز کو اوسپر مچل گئے
دل کے دھڑکون کا یہ عالم ہے کہ بس نہیں — پرزے ہو ہو کے گریبان اوڑا جاتا ہے
لاف گرمی تری عارض پہ جو گلشن مارے — آتش گل پہ صبا طیش سے دامن مارے
جاتا نہین اس ڈر سے مین شمشیر تلے بھی — احسان کیسکا مری گردن پہ نہووے
مین وہ نہین ہون کہ اوس بت سے دل مرا پھر جاے — پھرون مین اوس سے تو مجھسے مرا خدا پھر جاے
ہر لحظہ اوسکی چوٹی دل مانگتی ہے مجھ سے — کافر نے کس بلا کو تجھے لگا دیا ہے
قدم آگے اوٹھا سکتے نہین ہم اوسکو چھوڑ سے — کہ پاؤن پر ہمارے سر جھکائے ناتوانی ہے
ہے سیر کو اکیلے مین تجھے دخل تو کہدے — مجھ پر یہ دن اے رشک قمر جاتے ہین کیسے
یا شانہ تک اون گیسوؤن کو تھی نہ رسائی — یاد ڈرے ہوئے تا بکمر جاتے ہین کیسے
اے دامن اوٹھا کے جانے والے — ٹک ہم کو بھی خاک سے اوٹھا لے
غم کھاتا ہون جتنا مری نیت نہین بھرتی — کیا غم ہے مرنے کا کہ طبیعت نہین بھرتی
رکھ کے ہم زانو پہ جسوقت کہ سر بیٹھ گئے — یہ سمجھے لیجو کہ ہمسایون کے گھر بیٹھ گئے
کل اوٹھ گیا وہ ہاتھ چھڑا میرے ہاتھ سے — آیا ہو اختیار گیا میرے ہاتھ سے
حیران ہے کسکا جو سمندر — مدت سے رکا ہوا کھڑا ہے

تری زلفون کی لیتا ہے بلائین — کٹے ہاتھون سے بھی شانہ غضب ہے

بت بنایا تھا خدا نے اوسکو برائی بھی ہے — کبریائی پر جو وہ آیا خدائی اوسنے کی

نالے مرے ہرچند اثر کچھ نہین رکھتے — لیکن جو سنو تم تو ضرور کچھ نہین رکھتے

وہ جی مین یہ ناز ان کہ مرا رعب تو دیکھو — مین خوش کہ خیال نگہ دور کسی کا ہے

دل نہ دیجے اوسکو پر جس سے یاری کیجیے — آپ اتنی تو بھلا خاطر ہماری کیجیے

مصحفی دل پہ شکست آئی مرے برلب جو — دو بولے کبھی باہم جو لڑے پانی کے

ہوا وہ بدگمان سنتے ہی اوسکے بل بوتا کی — کبھی انگڑائی لینے مین جو ہم اللہ بول اوٹھے

بوسہ تو ہے کیا چیز بتان چاہین تو اون مین — ہین اسکے سوا اور بھی مقدور بہت سے

تم وہان گئے کیسکی ملاقات کے لیئے — ہم یہان تڑپ کے مرگئے اک بات کے لیئے

ہر روز کا ملنا جو ہو دشوار تو پیارے — اتنا تو کرو وعدہ کہ اک رات کی ٹھہرے

کمر ہوئی تری یہان تک تو شہرۂ آفاق — کہ سر کے بال ترے دیکھنے کمر کو چلے

تو دیکھے تو اک نظر بہت ہے — الفت تری اسقدر بہت ہے

اک زخم سے ہوگی نہ بسمل کی تسلّی — اتنی کوئی کر دیجیو قاتل کی تسلّی

غیر سے گرم ملو ہم پہ یہ بیداد رہے — اور تو کیا کہین ہم تم سے بھلا یاد رہے

جب زہرہ کی آئی کف ہارت مین انگلی — تب رشک نے کی دیدۂ ماروت مین انگلی

مہندی کے نہ چھلّے رہین یون پور نہین اوسکے — ہے اوسکے ہر اک حلقہ یا قوت مین انگلی

جانے کا نہ لے نام کہ مرجاے گا کوئی — بیدرد ابھی جی سے گزر جاے گا کوئی

حسرت یہ اوس مسافر بیکس کے روبرو — جو تھک گیا ہو بیٹھکے منزل کے سامنے

مصدر تخلص حکیم میر مانشاء اللہ خان دہلوی

کافر ہو سوا تیرے کرے چاہ کسو کی — صورت نہ دکھائے تجھے اللہ کسو کی

خدا کرے کہ مرا مجھسے مہربان نہ پھرے — پھرے جہان تو پھرے پر وہ جانجان نہ پھرے

مصروف تخلص نواب بہادر خان ولد نواب ذوالفقار خان بن حافظ رحمت خان

صوبہ دار کنٹھیر باشندۂ بریلی صاحب دیوان گزرے

تا حشر اب خیال نہ میرا کرینگا دل	تو اور سکو مل گیا تو مجھے کیا کرے گا دل

مصیبت تخلص حاجی شیخ غلام قطب الدین ولد حاجی شیخ محمد فاخر بن شاہ خوب اللہ الہ آبادی مکہ معظمہ مین بعد ادائے حج ۱۱۸۷ گیارہ سو ستاسی ہجری مین انتقال کیا صاحب دیوان اردو و فارسی گزرے

شب فرقت مین تیرے او ظالم	ہو گیا خواب خواب آنکھون مین

مضطر تخلص سردار مرزا دہلوی خلف مرزا ایوب بیگ

میرا ہی دل جلائیگی اے آہ پر اثر	تجھسے کبھی عدو کو جلایا نہ جائیگا

مضطر تخلص پنڈت کنہیا لال ابن بشن نراین دہلوی

خنجر جلاد ہے فولاد کا	سخت جانی وقت ہے امداد کا

مضطر تخلص مرزا خسرو شکوہ عرف مرزا آغا جان خلف مرزا سلیمان شکوہ ابن شاہ عالم بادشاہ شاگرد حافظ عبدالرحمن خان احسان

حال مین کس سے کہون اے دل نالان اپنا	تو ہی حبیب اپنا نہین کون مری جان اپنا
ناصحا کیونکہ اوٹھاؤن کہ مری چشم کے ساتھ	ربط رکھتا ہے سدا گوشۂ دامان اپنا

مضطر تخلص کنور سین لکھنوی تحصیلدار اردبائی شاگرد مصحفی

سوز جگر کو دیدۂ پرنم کو دیکھیے	ان آفتون کو دیکھیے اور ہم کو دیکھیے

مضطر تخلص محمد اسد اللہ ولد شیخ محمد فیض اللہ نبیرۂ شیخ محمد جمال قدس سرہ کول مین وکالت کرتے تھے

ملے فرصت نہ جبین سائی سے	دیر چھوٹا تو حرم یاد آیا
لے اوڑی طرز فغان بلبل نالان ہم سے	گل نے سیکھی روش چاک گریبان ہمسے

مضطر تخلص ذوالفقار علی حیدرآبادی

دیر و حرم کی سیر کی ہم نے بھی خوب ہے	یہان ہی خدا خدا تو وہان رام رام ہے
ہے کاروان اشک کے آگے نشان آہ	یارو یہ فوج غم کا عجب انتظام ہے

مضطر تخلص نواب مرزا مظفر خان ولد نواب محمد رضا خان بن مہدی علیخان صوبہ دار

کنٹھیر باشندہ لکھنؤ شاگرد سبر وزیر صبا

کیسا نڈھال ہے شب فرقت مین اے دل | اب کچھ نہ کچھ ضرور ہے صاحب برے دل

مضطر منشی عبدالکریم خلف شیخ عید و متوطن کانپور

نکالا تو نے کیسی ذلتون سے ہائے مضطر کو | کوئی بھی گھر بلا کر خوار یون کرتا ہے مہمان کو

مضطر تخلص لالہ لڑتی پرشاد ابن منشی لال فرخ آبادی شاگرد امداد حسین صغیر

ابھی آئے ہو ابھی کہتے ہو رخصت حضرت | اور اے جان جہان بیٹھ لو دم بھر جانا

مضطر تخلص پنڈت رام نرائن ابن پنڈت شیو پرشاد تحصیلدار علی گڑھ متوطن دہلی

پہلو مین نہین یار تو کب جان ہے تن مین | کیا فائدہ ہوتی ہے جو مضطر بسر ایسی

مضطر تخلص حکیم اسد علی خان دہلوی خلف حکیم سبر علی خان شاگرد مرزا قربان علی بیگ سالک راقم نے انکو دہلی کے مشاعرہ مین دیکھا ہے

فریاد مین وہ زور نہین ضعف سے نہو | کیا آسمان بھی سر پہ اوٹھایا نہ جاے گا

ہو بھی مرا نوشتۂ تقدیر ہے کہین | کہتے ہو داغ ہجر مٹایا نہ جاے گا

اندیشہ ہے کہ وہ نہ ترے جلوہ گاہ ہو | دل کو رقیب کے بھی جلایا نہ جاے گا

مضطر تخلص شیخ علی بخش باشندۂ الہ آباد

قتل بے جرم عبث کرتا ہے کیون اے قاتل | مضطر خستہ کی ثابت کوئی تقصیر نہین

مضطر تخلص مرزا سنگین دہلوی شاگرد مومن خان خاندان تیموریہ سے تھے

تھا خود وہ تڑپنے سے خجالت زدہ ہم تو | مضطر کے کبھی خون کا دعوا نہ کرینگے

مضطرب تخلص مولوی خلیل احمد خلف مولوی نظیر احمد مغفور باشندۂ رامپور بڑے فاضل اور ہوشیار تھے اشعار عربی و فارسی بھی خوب کہتے تھے

شب وصل ہے ہمسے حجاب نہ کر تجھے اوصنم اپنے خدا کی قسم
یہ ہوگا کہ بند قبا نہ کھلے مجھے تیرے ہی بند قبا کی قسم
تیرے کوچے سے اوٹھکے بھلا مری جان دل مضطرب مرا جاے کہان
یہی خلد ہے اور یہی باغ جنان اسی کوچے کی آب و ہوا کی قسم

مضطرب تخلص مرزا علی اکبر بیگ ولد نصیر اللہ بیگ لکھنوی شاگرد جرأت

زیر خنجر حسرت آگین دیکھکر میری نگاہ | رو دیا جلاد نے جب چار آنکھین ہوگئین

مضطرب تخلص محمد حامی ولد قاضی رحمت اللہ خان قاضی القضات دہلی شاگرد نظام الدین ممنون

کٹتی کسیطرح سے نہین شب فراق | شاید کہ گردش آج تجھے آسمان نہین

مضطرب تخلص درگاپرشاد کایتھ لکھنوی شاگرد محمد عیسے تنہا

ترے وعدون پہ ہے اب دم شماری | بہت اختر شماری کرچکے ہم "

مضمون تخلص شیخ شرف الدین باشندۂ جاجمو متعلق اکبرآباد مقیم دہلی شاگرد حضرت مرزا مظہر وخان آرزو حضرت فرید گنج شکر قدس سرہ کی اولاد مین تھے

ہم نے کیا کیا نہ ترے عشق مین محبوب کیا | صبر ایوب کیا گریۂ یعقوب کیا

کرے ہے دار بھی حق گو کو سرتاج | ہوا منصور سے عقدہ یہ حل آج

ہمارا اشک قاصد کی طرح ہرگز نہین تھمتا | دل بیتاب کا شاید لیے مکتوب جاتا ہے

مضمون تخلص ایک شخص معاصر میر و میرزا سودا کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

مے سے اوس بن کون ہے خوش وہ یہ ہو وہ نہو | کسکو ہے خواہش معاذ اللہ یہ ہو وہ نہ ہو

مظفر تخلص سید مظفر علی خان دہلوی فرزند قلندر علیخان بہادر شاگرد میر نظام الدین ممنون

بھکو ہے پوچھتا تھا کل تزع مین مظفر | آیا بہت ہی رونا ہم کو جو تو نہ آیا

مظفر تخلص مظفر علیخان خلف غلام علی خان بن بھکاری خان دہلوی مقیم لکھنو شاگرد میر تقی صاحب دیوان گزرے

مانع نہین چلنے کا مرے سلسلۂ پا | پر رکھنے نہین دیتا قدم آبلۂ پا

مظفر تخلص مرزا مظفر خلف مرزا شاہرخ ابن ابو ظفر بہادر شاہ بادشاہ دہلی شاگرد ذوق و مرزا قادر بخش صابر

لالا با تون ہی مین ہمین تم نے | جب کبھی وصل کا سوال کیا

کیا گزرتی ہے رفتگان پر ہائے | کوئی کہتا نہین عدم کی بات

مظفر تخلص شیخ مظفر علی خلف دیوان حاتم علی بلگرامی شاگرد حیدر علی آتش

آرزوے دشت پیمائی نہین | عاشق کاکل ہون سودائی نہین

مظلوم تخلص غلام حسین معروف بہ مظلوم شاہ باشندہ پنجاب شاگرد مصحفی بہت دنون لکھنؤ مین رہے آخر ایام مین آلہ آباد مین سکونت کی تھی

جلاتا ہون از بس مین قصب ہجر مین مظلوم | دم بند کیا ہے مرے نالون نے عنس کا
نظر افگن ہے کسکے عارض پر نور پر بجلی | کرے ہے قصد گرنے کا چراغ طور پر بجلی
سامنے آتا ہے جب موے میان کا مضمون | کمر شاہد نظارہ لچک جاتی ہے

مظہر تخلص حضرت مرزا جان جانان خلف الصدق مرزا جان جانی اکبرآبادی باشندہ دہلی درویش کامل تھے اشعار فارسی بنہایت دلچسپ فرماتے تھے شعر ریختہ بھی احیاناً کہتے تھے ماہ محرم الحرام ۱۱۹۵ سنہ گیارہ سو پچانوے ہجری مین روافض متعصب کے ہاتھون سے شہید ہوے انا للہ وانا الیہ راجعون راقم کے دہلی مین مکرر حضرت کے مزار مبارک کی زیارت کی ہے دیوان فارسی اور خریطہ جواہر انکا نظر سے گزرا عاشق ہمیدا مات شہید حضرت کی شہادت کی تاریخ ہے

نہین کچھ غم کہ کیون ملتا نہین ہمان کسل میرا | کہ مین روتا ہون دل کی بیکسی پر ہاے دل میرا
گرچہ الطاف کے قابل یہ دل زار نہ تھا | لیکن اسس جور و جفا کا بھی سزاوار نہ تھا
لوگ کہتے ہین مو امظہر بیکس افسوس | کیا ہوا اوسکو وہ اتنا بھی تو بیمار نہ تھا
جینے کی ہے تو یہ اور دھو مین مچاتی ہی بہار | ہاے بس چلتا نہین اور مفت جاتی ہی بہار
توفیق دے کہ شور سے اکدم وہ چپ رہے | آخر مرا یہ دل ہے الٰہی جرس نہین
مظہر چھپا کے رکھ دل نازک کو اپنے تو | یہ شیشہ بیچا ہے کسی میرزا کے ہاتھ
اگر یہ تو خفت ہے نہ یہ لیجئے گر قیامت ہے | غرض نازک مزاجون کو محبت سخت آفت ہے
خدا کے واسطے اسکو نہ ٹوکو | یہی اک شہر مین قاتل رہا ہے

مظہر تخلص مظہر حسین ملازم سرکار راجہ نہال سنگھ

دل سے دل آج ملے لب او چشم سے چشم | یون لپٹ سینے سے جانان کہ ہوا ایکا جان

جلوہ فرما ہو خدا کے لیے آ بر سر بام | تیرے نظارہ کے خاطر ہی چڑھا عید کا چاند

معجز تخلص مرزا محمد رضا ولد مرزا اکبر علی مقیم کاکوری شاگرد محمد علی خان سبحا و خواجہ وزیر صاحب دیوان ہین

بدنامی محبت گیسو ہے سر کے ساتھ | ٹمٹما ہے یہ کلنگ سکا ٹیکا جبین سی کب
کیون نہ شیرین کلام کہلائین | چوستے تھے کبھی تمہارے ہونٹھ
دم تقریر پھول جھڑتے ہین | شاخ گلبن ہین کیا تمہارے ہونٹھ

معروف تخلص نواب الٰہی بخش خان مرحوم دہلوی برادر خرد فخر الدولہ نواب احمد بخش خان بہادر رئیس فیروز پور جھرکہ خلف مرزا عارف جان مرحوم برادر شرف الدولہ قاسم جان مرحوم شاگرد نصیر دہلوی آخر ایام مین تعلقات دنیا کو ترک کیا تھا سنہ ۱۲۴۳ بارہ سو بیالیس ہجری مین انتقال کیا اشعار انکے بامزہ ہوتے ہین دیوان انکا نظر گزرا

کہان تک راز عشق افشا نہ کرتا | مثل یہ ہے کہ مرتا کیا نہ کرتا
آئینہ سان کیا غرض ہم کو بد و نیک سے | سامنے جو آگیا ایک نظر دیکھنا
غیر روتے ہین مری حالت پہ وہ تو یار تھا | دیکھکر کڑھتا نہ آیا میرے گھر اچھا ہوا
کی وصیت یہ کچھ ارمان بھری آہ کہ رات | سارے گھر کو ترے بیمار نے سونے نہ دیا
تھا شب وصل یہ احوال کہ ہر کھٹکے پر | چونک پڑتا تھا کہ ایکی تو مقدر آیا
بڑا سنتے تھے ہم روز قیامت اور روز سنتے | قیامت ہے بڑا نکلا جو دیکھا روز ہجران کا
جو بھیجا مرے خط کا وہ دلفریب جواب | تو کاہکو مجھے دیتا بھلا طبیب جواب
باغ ہستی مین کھلا گل یہ نیا میرے بعد | غیر سے وہ مرے پھولون مین ملا میرے بعد
ٹھوکر نہ مارین گر کوئی سجدہ نہین کرے | اللہ ان بتون کو بھی ہے کسقدر دماغ
وضو کو مانگ کے پانی خجل نہ کر معروف | یہ مفلسی ہے تیمم کو گھر مین خاک نہین
آپ جسوقت رقیبون کی قسم کھاتے ہین | ہم رقیبون کے نصیبون کی قسم کھاتے ہین
یہ اوج خاک نشینی مین عشق کرنے بخشا | کرے ہے آہ مری آسمان سے باتین
نہ تو سوجھی سہے نہ انکار کیا جاتا ہے | رگ جان ہے کہ کمر کچھ نہین معلوم ہمین

مے کے پینے سے تو ہر چند نباہی تو بہ
پر عجل وہ ہون مغان سے کہ الٰہی تو بہ

ساقیا دیکھا ہے کیا تارگِ ابر سیاہ
ذوقیہ
ہر شرہ کرتی ہے جو کارِ رگِ ابر سیاہ

دیکھی جو شب لے شدت دہان بھی مری بھالی
کیا کیا ہنسی ہوئی ہے دیوار فہمنا کی

روٹھنے کو تو چلے روٹھ کے ہم وہان سے دلے
مڑ کے تکتے تھے کہ اب کوئی منا کر لیجاے

کسکی چشم شرگبین نے بے اجل مارا مجھے
سر پہ میرے جو قضا آئی تو شرمائی ہوئی

بعد مرنے کے ملے میری سیہ بختی کی داد
نعش کے ہمراہ تھا وہ موی سر کھولے ہوئے

اس بڑھاپے مین بھی کم ہونگے لڑھی ہمسے
سبزہ رنگون سے چھنا کرتی ہے گہری ہمسے

شب جو پھونچا تھا تصور مین نزاکت دیکھنا
صبح اوٹھتے ہی وہ کہتے ہین کمر مین درد ہے

کیا چھٹی اوسکی تمامی کی وہ انگیا ہاتھ سے
ہاتھ ملتا ہون گئی سونے کی چڑیا ہاتھ سے

میرے مرنے پہ موئے اوسپہ خلق
مین نہ مرتا تو نہ مرتا کوئی

کیسی بیرحمی خدا نے اوسکے جی مین ڈالدی
بات رونی کی مری سنکر ہنسی مین ڈالدی

خرق عادت اپنے دیوانے کی دیکھہ
جسطرف کو وہ چلے پتھر چلے

مغفرت تخلص سید محمد علی ملازم راجۂ پٹیالہ باشندۂ مکن پور شاگرد انیس مرثیہ گو

لکھتے لکھتے اوڑکے پھونچا ہاتھ پر اوس شوخ کا
شوق نامہ کیا مرا بال کبوتر ہو گیا

ہمنے دیکھی نہ آنکھ بھر شبِ وصل
کدھر آئی گئی کدھر شبِ وصل

معفرت تخلص میر عزیز الدین باشندۂ دہلی شاگرد قطب الدین مبشر

غم یہ غم صدمہ یہ اک صدمہ نیا ہوتا ہے
سچ یہ ہے دل کا لگانا ہی بُرا ہوتا ہے

مت ستا حسرت دیدار کہ آیا ہون ابھی
وہ تو ہر وقت کے جانے سے خفا ہوتا ہے

معظم تخلص معظم خان خلف وزیر عالم خان باشندۂ الہ آباد

یہ قبض اوسکی زلف عنبر کا ہے سارا
ڈوبی تھی کبھی عطر مین بادِ سحر ایسی

معقول تخلص ایک شخص کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہ ہوا

رقیبون پر غضب ڈرہم کئے ہین
ہوا زخمی کوئی مرہم گئے ہین

معین تخلص معین الدین دہلوی شعرا نکے مزید ا رہوے ہین

مرگیا آج خدا بخشے معین خستہ
ایک موزون سا جوان تھا کبھی دیکھا ہوگا

لخت دل آنکھون مین کھنچ آتے ہین کس کس شوق سے
میری مژگان پر گمان کرکے تمھارے تیر کا

نہ چلا حسن نے آزردہ اوس نازک کلائی کو
کیا طرز تبسم نے ادا تیغ آزمائی کو

کھنچنے سے تیرے وصل کی شب بھی نہ وا ہوئی
یہ عقدہ اے دل ترے بند قبا ہوئی

تمھاری بات ہے کیا بے اعتبار کیا سنیے
اور اپنی کہیے تو وہ بے اثر ہے کیا کہیے

دیکھیہ کر بخیہ کیجیے ناصح
بندہ پرور مرا گریبان ہے

معین تخلص معین الدین خان بدایونی شاگرد سودا مقیم لکھنؤ

تمری ہے فد اباغ مین شمشاد کی وجع پر
ہم صدقے ہین اے سرو رواں تیرے اگر آؤ

اے ابر بہاری شب ہجران مین خبردار
دامن ترا اس آگ کے شعلہ سے نہ بھڑکے

مغل تخلص مغل علی دہلوی نبیرۂ خواجۂ عسکری کشمیری

خورشید جو نکلا ہے اسوقت یہ لرزان ہے
کوٹھے پہ کھڑا شاید وہ ماہ لقا ہوگا

مغموم تخلص لالہ رام جس لکھنوی

کب ہمین زندگی گوارا ہو
جب ترا غیر سے اشارا ہو

زیست ہو تب جب اوسکا یہان ہوگزر
یا وہان اپنا ہی گزارا ہو

جھوم کر بادل ڈراتا ہے مجھے جون نہیل مست
دل کا بچنا سا قیا اسوقت تیرے ہاتھ ہے

مغموم تخلص میر مشیت علی شاگرد میر عزت اللہ خان عشق باشندۂ دہلی

خیال جنکے سیگون مین قدم مستانہ رکھتے ہین
دوانے ہین ہمارا نام جو دیوانہ رکھتے ہین

مفتون تخلص مرزا کریم بخش داماد بہادر شاہ تخلص بہ مظفر

مفتون خمار بادۂ شب ہو تو پھر پیو
اک جام جا کے ساقی ہمان شکن کے پاس

کج وہ دن ہے کہ ہم سہل ہین وہ خنجر بکف
دیکھتے ہین ہمہ ما اللہ کی قدرت کو نہم

مفتون تخلص عبد الرحیم شاگرد نظام الدین ممنون وطن الکاعرب مولد لکھنؤ

اسیں درد سے آگاہ ہون بے حصب بلبل
لیکر نہ کوئی پھول مرے خاک پہ آوے

مفتون تخلص سید محمد رضا بلگرامی شاگرد مصحفی انسے دیوان اردو و قصہ گنجینۂ محبت

یادگار رہین تھوڑا عرصہ ہوا کہ قصبۂ آرہ مین انتقال کیا فارسی مین رضا تخلص کرتے تھے اور قتیل کے شاگرد تھے

گر کرے زیب گلو وہ نوجوان سبز رنگ | فیض رنگ سبز سے تسبیح مرجان سبز ہو
ماہر دین نے کہا تم کو نوعالم نے کہا | میرے ہی کہنے سے صاحب عرش کے تاری ہو
ناصح نہ سینگے لب نوشین کی قسم ہے | شیرین سخنی تیری ہمارے لیے سم ہے

مفتون تخلص پنڈت لچھمی نراین ابن پنڈت گوبردھن داس متوطن فرخ آباد شاگرد مرزا غالب

سامری آخر اسیر دام الفت ہو گیا | چشم فتان مین ترے جادو کا سرمہ دیکھکر

مفتون تخلص لالہ رگھوبر دیال ابن لالہ پربھو دیال متوطن فرخ آباد

کیسے مرگ آکے جنازہ اوٹھا سینگے | جب زندگی مین آہ نہ پوچھی خبر کبھی

مفتون تخلص کاظم علی الہ آبادی معاصر سودا

شکایت کیا رقیبون کی کروں اوس بیوفا سے | سمجھتا ہے نہین کچھ نیک و بد وہ خردحالی ہے

مفتون تخلص بدر الدین بزاز دہلوی شاگرد فرزند علی موزون

سرخ جوڑا جو پہنکر تو گلستان مین گیا | شاخ گل کو بھی لگی رشک سے اکبار آتش

مفتون تخلص منشی قادر بخش باشندۂ ہوگلی بیشتر فارسی کہتے تھے راقم کے ملاقاتیون مین تھے آخر عمر مین انکی بصارت جاتی رہی تھی آٹھ دس برس ہوئے انتقال کیا

جب تلک طالع مسعود کی تائید نہو | میمنت ہو نہ کبھی ظل ہما سے پیدا

قطعہ

باد مین اوس گل کے رو یا صبح جو گلشن مین ہے | بلبلان باغ مین اک سخت ماتم ہو گیا
غنچہ نے بھاڑا گریبان گل کا اس ہنگام کہ تھا | چشم نرگس سے بھی جاری اشک شبنم ہو گیا

مفتون تخلص سید ہادی علی خلف سید فضل علی بانسی والی باشندۂ لکھنؤ شاگرد ناسخ صاحب دیوان ہین

ہاتھ مین سبحہ ہے اور خواہش صہبا دل مین | یا جذالیک یہ ہے یا بوبت ترسا دل مین

آرزو خلد کی ہمکو نہین اے غیرت حور
تیرے کوچے مین رہین ہی یہ تمنا دل مین

مفتون تخلص مسٹر گسٹین ڈسلوا صاحب قوم پرتگیز باشندۂ اکبرآباد شاگرد مرزا غنا علی

کھالون کسطرح پہلو سے ٹکڑا اوسکے پیکان کا
کہ مدت مین گزر دل مین ہوا ہے کج مہمان کا

گئے دماغ مین ہے گاہ دل مین گہ لب پر
بھٹکتی پھرتی ہے گھبرا کے جسم زار مین روح

عجب تیرے کشتے کا دیوانہ پن ہے
نہ ثابت لحد ہے نہ تار کفن ہے

مفلس محب علی عطر فروش رامپوری

آؤن تو لالہ بار یہ دربان ترے کہین
مفلس سمجھ کے مجھکو نہ بے آبرو کرین

مقبول تخلص سید مقبول عالم خلف سید بدر عالم باشندۂ بہانی شاگرد مقصود عالم مقصود

رخ سے ایک تازہ شگوفہ دکھلا جاتے ہین
غنچہ گل ہوتے ہین گل شرم سے کملاتے ہین

مقبول تخلص مقبول نبی دہلوی خلف انعام اللہ خان یقین تخلص شاگرد نثار اللہ خان فاقر

دسترس رکھتا ہے جو بائے حنائی تک سیب
یا الٰہی ہاتھ اوسکا ہووے شانہ سے جدا

خوش خرامی کا جب خیال کیا
ایک عالم کو پایمال کیا

نہ لگا تو گلے سے یار افسوس
آہ افسوس صد ہزار افسوس

ہر بات مین رکاوٹ طرز ادا تو دیکھو
ہر آن مین بگڑنا مہر و وفا تو دیکھو

مقبول تخلص لالہ جیسکہ رائے ولد جنی لال مراد آبادی مقیم لکھنؤ شاگرد منشی مینڈو لال زار کچہری سلطانی لکھنؤ کے فرمان نویس تھے

غربتی و یوسف کنعان کی چاہ مین اب تو
کنوئے جھکائے گا مجھکو ہزار دل میرا

لوگ روتے ہین قضا سر پہ کھڑی ہنستی ہے
زعفرانی ہوا جب سے ترے بیمار کا رخ

مقتول تخلص مرزا ابراہیم بیگ خلف مرزا محمد علی بیگ شاگرد مصحفی وطن اصلی صفاہان مولد دہلی

مین یہان خون روتا ہون ہاتھون اوسکے
جو باؤن مین اوسکے حنا باندھتے ہین

کل گھر سے جو وہ سادی پوشاک پہن نکلے
سو طرح کے اوسمین بھی بیساختہ پن نکلے

مقتول تخلص سید جان باشندۂ ڈھاکہ مقیم مرشد آباد شاگرد ابو علی برق جاہل تخلص کلکتہ مین بھی آیا تھا اس شخص کو ڈھاکہ اور مرشد آباد مین دیکھا تھا

اُس جلے دل کا ہمارے وہ طلبگار نہین | جنس آتش زدہ کا کوئی خریدار نہین

مقدور تخلص میر محمد ابراہیم شاگرد و مرید حضرت شاہ شمیم اللہ قادری معروف بہ برہنہ شمشیر باشندۂ منتھر نگر شاعر نامی چینا پٹن مدراس ہین وہان کے باشندے اُنکو ملک الشعرا جانتے ہین یہ پہلے رسالۂ انگریزی مین نوکر تھے پھر نوکری ترک کرکے خانہ نشین ہوئے ایک مثنوی بھوپال تال کی تعریف مین خوب کہی ہے

وقت حمام اوس پری کا دیکھے لے اگر نگہ پاک | شکے آوے قرص خورشید قیامت تک پاک

مقسوم تخلص مرزا محمد علی ولد مرزا امام بخش خوشنویس باشندۂ الہ آباد

ہون قید و لے لب پہ مرے آہ نہین ہے | دیوانہ ہون کوئی میری ہمراہ نہین ہے
ہے وصل کی خواہش مجھے مشتاق لقا کو | مین مرتا ہون اور اوسکو مری چاہ نہین ہے

مقصود تخلص مقصود بیگ لکھنوی

بوسہ لینے مین خفا ہوتے ہو کیون مشفق من | بوسہ وہ شے ہے کہ دونون کو مزا ملتا ہے

مقصود تخلص سید مقصود عالم رضوی باشندۂ بھانی شاگرد مرزا غالب و نواب عاشور علی خان صاحب مثنوی و دیوان اُردو و فارسی ہین

سرو و شمشاد سے ہے وہ قد ناز ادا لگ | جیسے مضمون کسی شاعر کا خداداد الگ
دوست وہ ہے کہ رہے دوست کا شکل مین شریک | مجھسے فرقت مین نہ ہو ای دل ناشاد الگ

مقیم تخلص منشی محمد مقیم منشی پلٹن انگریزی باشندۂ ہوگلی شاگرد مولوی وحید الدین فرد

فکر کر کیلیے تو سوچ مین بیٹھا ہے مقیم | ملک ہستی سے مجھے بھی ہے مقرر جانا

ملال تخلص محمد رضا خان لکھنوی شاگرد ناسخ

اوڑھنی پیلی کی اوڑھی اوسنے جہان پیلیان باندھا سر | سیکڑون گرنے لگین یہان پگلیان باندھا سر

ملک تخلص بابو جگناتھ پرشاد ملک رئیس کلکتہ شاگرد میر باسط علی محوی راقم کو بھی ہے

دل پہ اک سانپ سا لہراتا ہے وسوسہ ملک | زلف جانان کی صبا لے کے جو آتی ہے

ملول تخلص محمد یار باشندۂ بجھیڑا اون مقیم دہلی

کسکی مژگان کی چبھیڑ ہے کہ ملول | دل مین کچھ خار سا کھٹکتا ہے

ممتاز تخلص سید میان باشندۂ دہلی شاگرد حافظ قطب الدین مشیر

بھول کر ممتاز کس کو دل دیا | جان کے دشمن تجھے کیا ہو گیا

ممتاز تخلص ممتاز الدولہ مرزا محمد حسین علی خان بہادر باشندۂ لکھنؤ

شکوہ عبث ہے اونکی توجہ ادھر نہین | وہ دل نہین وہ آنکھ نہین وہ نظر نہین

ممتاز تخلص مرزا قاسم علی خلف مرزا کاظم علی جوان مقیم کلکتہ

تمکو دیتا ہون قسم اے حاضران بزم یار | بھولے چوکے یاد میری بھی دلایا چاہیے

ممتاز تخلص حافظ فضل دہلوی شاگرد سودا مقیم فیض آباد

ترے ہی واسطے آئے عدم سے ہم یہانتک | وگرنہ ہستی ناپایدار مین کیا تھا
ہمارے رونے سے دل کا بخار اوٹھتا ہے | کہ جیسے پانی کے چھڑکے غبار اوٹھتا ہے

ممتاز تخلص مولوی نور احمد دہلوی

زلف مہ رو مین یہ دل جب سے گرفتار ہوا | مو بمو نام خدا محرم اسرار ہوا
صاف آئینہ سے ہوا روشن | منہ ہی دیکھے کی جگ مین الفت ہے

مملو تخلص ایک شخص کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہ ہوا

سرو ساقد گل سا چہرہ جب دکھایا آپ نے | قمری و بلبل کو انس مین لڑایا آپ نے

ممنون تخلص میر نظام الدین ملقب بہ فخر الشعرا ولد استاد محمد اکبر شاہ بادشاہ دہلی ولد میر قمر الدین منت تخلص طب بہ ملک الشعرا وطن انکا سونی پت مولد و جاے تربیت دہلی مدتون لکھنؤ مین رہے اجمیر مین عہدۂ صدر الصدوری پہ مامور تھے شعر انکے بہت خوب ہوتے ہین سنہ ۱۲۶۱ بارہ سو ساٹھ ہجری مین دہلی مین انتقال کیا شاعر شیرین زبان ہند انکی وفات کی تاریخ ہے دیوان انکا نظر سے گزرا

گمان نہ مجھ پہ کرون کیونکہ دل چرانے کا | جھکا کے آنکھ سبب کیا ہے مسکرانے کا
کسیکے ہونٹھ کے ہلتے ہی بس تمام ہوے | مزا ملا نہ ہمین گالیان بھی کھانے کا
یہ سینہ ہے یہ جگر ہے یہ دل ہے بسم اللہ | اگر خیال ہے تلوار آزمانے کا
کیا فریفتہ کہہ کہہ کے حال دل اوسکو | اثر فسون سے نہین کچھ کم اس فسانے کا

چاندنی مار گئی اس دل زخمی کو رات
پر تو انداز یہ کس کا رخ پر نور رہا

کسقدر شرح گرانباری غم لکھتے تھے
کہ مرے نامہ نے بازوے کبوتر توڑا

کسنے ترے سینے سے ملے دیدۂ تر رات
پژمردہ جو پھولون کا سحر ہار نہ پایا

بخدا بندہ کو وہی حفظ آزادی ہے
نامہ اغیار کو گرا بکی رقم ہووے گا

الٰہی ہو جو وعدے ہین وفا کسطرح ہونگے
نہ وہان خو یاد آنے کی نہ یان شیوہ تقاضا کا

بندہ ہون حسن صورت عشق مجاز کا
ہر آئینہ مین جلوہ ہے اوس جلوہ ساز کا

شغل شب فراق یہی تھا کہ دہیان مین
یک یک شکن گنا تری زلف دراز کا

تجھے کچھ یاد ہے پہلا وہ عالم عشق پنہان کا
شگاف پردہ سے کیا تھا اشارہ چشم افتان کا

بیتابی دل تیرے شہیدون کی کہان جاے
کچھ کم رگ سنبل سے نہین تار کفن کا

کہے ہو دیکھ مجھے صورت آشنا سے ہو
ہزار جی سے ہون قربان اس تجاہل کا

لے لیا بوسہ تو اوسنے دین نہ کیا کیا گالیان
یہان گنہ سے بھی زیادہ ہے مزا تعذیر کا

گلشن اقبال تک مردون کے کب پہونچی خزان
سبزہ پژمردہ کبھی دیکھا نہین شمشیر کا

شعلہ زن رہتا ہے سوز دل سے پہلو مین مرے
جون زبان شمع ہے پیکان اوسکے تیر کا

ہر پری رخسار کا رہتا ہے منہ اوسکی طرف
سیکھیے آئینہ سے کوئی عمل تسخیر کا

خاک پر آکر مرے کہنے لگا وہ پر غرور
معتقد ہون جذبۂ الفت کی مین تاثیر کا

ہجوم غمزہ و خیل کرشمہ لشکر ناز
عجب سیاہ سے ٹھہرا مقابلہ دل کا

دلمین جو جو ہے نکالین وہ ذرا بول کی خوب
آج اوس شوخ سے لڑلیجیے دل کھول کی خوب

کس بے ادب کو عرض ہوس ہر نگہ مین ہے
آنکھہ اوسنے بزم مین نہ اوٹھائی تمام شب

یون کرے چارۂ بیماری اغیار وہ کب
یہ مرے درد کی ہوتی ہے دوا یا قسمت

مین نثار اوس شوخ کے اپنی بلائین لیلین
آئینہ مین زلف چھوٹی اپنے منہ پر دیکھکر

مدت سے آب ہو کے بہا چشم تر کی راہ
ممنون کیا بیان کرون ماجراے دل

بے چین شب وعدہ رکھے ہے خلش دل
لیجاتی ہے سو مرتبہ در تک طپش دل

پوچھینگے گر آزردہ دم ذبح جلاد ہی کو بتا ینگے ہم

اوس مرگ پہ سو جان مری صدقے کہ دم نزع
گھبرا کے کہے تو کہ بس اب دیکھیے کیا ہو

آہ خلوت مین جو تنہا کبھی پاؤن تجھ کو
جیسے تجھکو بنایا ہے دکھاؤن تجھہ کو

جگر کے دودھ سے رنگین نشان آہ کہی
دل شہید کے غم مین علم سیاہ کیے

قتل کر بیتاب کو اپنے کہ یہ ہے کیمیا
یعنے گر سیماب ہو کشتہ تو پھر اکسیر ہے

طالع خفتہ نہ بیدار ہوئے اپنے کبھی
گو یہ نالے تو ہین سوتون کے جگانیوالے

مہربانی کے تصدق لگ کے سینے سے مرے
یون لگے کہنے کہ ممنون آرزو کچھ اور ہے

ممنون تخلص میر امانت علی عظیم آبادی شاگرد فرزند علی موزون دہلی مین دانشکے تحصیل علم کے گئے تھے

اے وا اے کہ میرے لیے اس خاک نشین کو
جون بادلیے پھرتی ہے گھر گھر پیش دل

منت تخلص میر قمر الدین مخاطب بہ ملک الشعرا مرید مولانا فخر الدین قدس سرہ شاگرد میر نور الدین نویز میر شمس الدین فقیر وطن انکا مشہد مقدس مولد سونی پت دہلی مین تربیت پائی تھی لکھنؤ مین جاکر مذہب امامیہ اختیار کیا تھا وہان سے کلکتہ مین آکر شنہ ۱۲ بارہ سو آٹھ ہجری مین فوت کی ریختہ بہت کم کہتے تھے اشعار فارسی انکے قریب ڈیڑھ لک کے ہونگے

اس آنے کا کچھ ہے لطف پیارے
ہر دم جو کہو کہ جا ینگے ہم

گر اوس لب جان بخش کی کچھ بات سناؤن
عیسے بھی جو کچھ پوچھے تو صلوات سناؤن

آہ اب کثرت داغ غم خوبان سے مدام
صفحۂ سینہ پر از جلوۂ طاؤسی ہے

ہے مری طرح جگر خون ترا مدت سے
اے حنا کسکی تجھے حسرت پا ہوسی ہے

منتظر تخلص نور الاسلام لکھنوی خلف شاہ فیض علی عزیز بدر علی شاہ شاگرد مصحفی شعر خوب کہتے تھے صاحب دیوان گزرے

ہر دم خیال یار جو پیش نظر رہا
ہجران مین بھی وصال ہمین بیشتر رہا

ہر وقت میان آنکھ لڑانا نہین اچھا
ہر بات مین تیور کا چڑہانا نہین اچھا

کسکی تو جستجو مین تھا خورشید
شام کا جو گیا سحر آیا

وہ دل لیکر مکر جانا کسی کا ✣ یہ جی ہی جی مین غم کھانا کسی کا ✣
گر پردہ فاش نالہ نے کر آہ نے کیا رسوا ے خلق ہم کو تری چاہ نے کیا
کل شب وصل جو نہی کیسی مچائی تھی دہوم بولتا آج نہین مرغ سحر آخر شب
چاہت مری دل کی آزما دیکھہ ظالم کہین تو بھی دل لگا دیکھہ
تو عشق سے مجھے عشق ہے نہ تو چاہ کی مجھہ چاہ ہے وہ جو بات مُنہ سے نکالی ہی اوسیکا مجھکو نباہ ہے
تم ہو اور حسن ہے اور ناز خود آرائی ہے ہم ہین اور عشق ہے اور کوچۂ رسوائی ہے
ایکدم مجھکو دریا سے اوٹھنے نہ دیا ناتوانی بھی مری زور توانائی ہے
تم نے کہا زبان سے اپنی جو چل موے گزرا ہمین یقین ہے ہم آج کل موے
جاؤن کہان مین یہ بھی ہے کوئی غضب کا وقت کہتے ہوا دہی رات کو گھر سے نکل موے
رہے منتظر منتظر یار کے یہ دیدے ندیدے ہین دیدار کے

منتظر تخلص خواجہ بخش اللہ معاصر سودا باشندۂ عظیم آباد

یہی ڈھب جو تیرا مرے یار ہوگا قسم تیغ کی ایک خونخوار ہوگا

منتظر تخلص میان جان خان باشندۂ کوٹلہ ڈھولک بجانے مین کمال تھا

منتظر مر نہ گیا اے شب ہجر مین تو سامنے اوسکے پڑا مجھکو پشیمان ہونا

منتظر تخلص شیخ امام الدین اکبرآبادی

جس گھڑی یار گلستان کی طرف جاتا ہے ہاتھہ ہر گل کا گریبان کی طرف جاتا ہے

منتظم تخلص ممتاز الدولہ محمد باقر علی خان بہادر لکھنوی شاگرد مہدی علی خان کوثر
اندنون مٹیا برج متعلق کلکتہ مین رہتے ہین

یہی حسرت رہی اے یار سر تربت مجھے تو نے بھولے سے بھی اک دن نہ کیا یاد مجھے
خاک ہو کر ترے دامن تلک آیا ہون مین اب تو برباد نہ کر او ستم ایجاد مجھے

منتہی تخلص مرزا محمد مسیتا بیگ خلف مرزا عبد القادر باشندۂ لکھنو شاگرد آتش
صاحب دیوان ہین

بسمل ہو کون کونسا عاشق ہو نیمجان زلفین ہوئی ہین یار کی ابتو کمر کمر

منجور تخلص منشی اسد اللہ معروف بہ علی جان ولد منشی حیدر علی مرحوم حیدر تخلص باشندہ چنچڑہ متصل ہوگلی اگنا مولد چنچڑہ جاے تربیت دارالامارت کلکتہ فکر بلند و طبع آزمند رکھتے ہین کلام انیار اقم الحروف کو دکھلاتے ہین صاحب دیوان ہین

ہین اپنی ہی زلف و رخ پہ مائل خیال اونکو ہوگیا کسی کا
بس اندنون سر چڑہا ہے شانہ نصیب جاگا ہے آرسی کا
زبان پہ تیری ہی گفتگو ہے نظر مین ہر وقت تو ہی تو ہے
نہ حور کی دل مین آرزو ہے نہ شوق رکھتے ہین ہم پری کا
مین بدگمان چرخ کینہ پرور وہ بیوفا تند خو ستمگر
نبھے گی منجور اونسے کیونکر وصال مین بھی ہے ڈر اسی کا

غیر ممکن ہے مداوا عشق کے آزار کا
منہ تکے حیرت سے عیسے بھی ترے بیمار کا
ذکر اغیار کا سن سن کے مرا دم اولجھا
بیچ سے وصل مین بھی یار نے سونے نہ دیا
قتل ہوکر آج مین چھوٹا عذاب ہجر سے
خون ناحق کا مری گردن پہ احسان ہوگیا
لاؤنگا کہان سے کوئی پتھر کا کلیجہ
صدمہ نہ اوٹھے گا شب ہجران تان کا
شرما کے منہ چھپاتے ہین کس کس ادا سے ہائے
کرتے ہین ہم جو صبح کو ذکر اونسے رات کا
کیا ہوا حضرت منجور کہو خیر ہے کچھ
نام سنتے ہی جو روتے ہو شکیبائی کا
بزم اغیار مین جاگے ہو مقرر شب کو
شمع رو آج نظر آتا ہے چہرہ اوترا
فسانہ اپنے رونے کا جنون مین مشتہر ہوگا
بنے گا گوہر گوش صنم ہر قطرہ آنسو کا
آلائش جہان سے رہین پاک سر بلند
آلودہ ہو نہ گرد سے دامن سحاب کا
کب راستی سے ہووے سبک وضع آشنا
سیدہا نہ ہوسکے کبھی ساغر جباب کا
بتونسے کر نہین سکتا کبھی گلہ دل کا
عجب طرحکا ہے نازک معاملہ دل کا
آٹھون حاصل ہین ہوا سے برشکال مین مجھے
باغ مطرب شیشہ ساقی خم سبو ساغر شراب
جام مے پیتے ہی زاہد کیون نہ بہکے میکشو
مست کردیتی ہے کم ظرفون کو چلو بھر شراب
چشم نرگس خط ہے سبزہ قد شجر گل رو ہے دوست
لب ہے برگ گل دہن غنچہ ہے سنبل موے دوست

وہ کھلے بالون مری نعش کے ہمراہ چلے — بعد مرنے کے کھلا نالۂ شبگیر کا پیچ
ہزار شوق رہائی نثار بابندی — ہزار حسرت پرواز ہے فدائے قفس
لیا مستی مین بوسہ تو کہا — ہوش مین آؤ یہ کیسا اختلاط
کون کہتا ہے غم عاشق نہین معشوق کو — مرگ پروانہ سر دھنتی ہے بیتابانہ شمع
نالۂ بلبل کو شاید بے اثر سمجھے ہین آپ — دیکھیے چلکر ذرا گل کے گریبان کی طرف
حلق مخمور پہ رگ رگ کی نہ چل غمزے سے — اتنی اٹھکیلیان اے خنجر براں کب تک
خالی نہین ہے عشق سے دنیا مین کوئی شے — لازم ہے آدمی کو کسی سے لگائے دل
ضعف سے جوش جنون مین بھی ہین بیکار قدم — بیٹھ جاتا ہون جو چلتا ہون کبھی چار قدم
تا بکے جامہ دری دشت نوردی کب تک — تھک گئے ہاتھ بس اب ہو گئے بیکار قدم
زاہد و نمین زاہد اور میخوار و نمین ہون — غافلون مین غافل اور ہشیار ہشیار و نمین ہون
اگر یو نہین ریا جوش سر شک دیدۂ نم — حباب آسا ہے گا گنبد افلاک پانی مین
توبہ سے توبہ کرتے ہین انسان اس جگہ — دیر مغان ہے شیخ یہ بیت الحرم نہین
چڑھا خنجر بکف مخمور جب وہ ترک سینی پر — سراسر کھنچ گئی تصویر اوسکی چشم حیران مین
رندون کی خوش گزرتی ہی بزم شراب مین — مرتا ہے شیخ خدشۂ روز حساب مین

طرب کے سامان بہم ہین یکسر ہے بزم بزم فلک سے بڑھکر
دماغ اپنا ہے آسمان پر وہ ماہ پیکر جو ہے بغل مین
ہوئی ہے مہر و فا سے خلقت سرشت مین اپنی ہے محبت
بھری ہے سر مین ہوا سے الفت ہے آتش عشق آب و گل مین

ہے دل صافی کو اپنی اوسکے عارض کا خیال — آئینہ کا ہو گیا ہے عاشق زار آئینہ
یہ صفائی رخ سے حیران ہی تو وہ زانو پہ ہے — آئینہ بھی بنگیا تصویر پشت آئینہ
ساقیا رعد کی آواز کہان آتی ہے — میکشی کے لیے کرتی ہے تقاضا بدلی
پیش حق ہے کسی طور سے باطل کو فروغ — لاکھ پوجے کوئی پر بت بھی خدا ہوتا ہے
کرم ہی ساقی رحمت کا مستونکی بن آئی ہے — چمن مین کیا ہے متوالی گھٹا ہر سمت چھائی ہے

یاد رخ پر نور نے پھونکا مرے دل کو
کعبہ مین بھی لو آگ لگی شمع حرم سے

کیا لال لال نشہ کے ڈورے ہین ہا ہا
آنکھون مین صاف ڈھنگ ہین صبح بہار کے

باندھو عبث نہ قتل پہ مخمور کے کمر
کیا ہاتھ آئے گا کہو عاشق کو مار کے

خلخال یار کہتی ہے عاشق جو ہو کوئی
پامال کیجے خاک مین اوسکو ملا ئیے

ابھی باندھے گا ہاتھون ہاتھ وہ شوخ
نہین یہ شوخیان اچھی حنا کی

ہوا وہ بت نہ ہرگز رام اپنا
خدا سے مین نے کیا کیا التجا کی

جنون شور افزا ہوا چاہتا ہے
پھر اک حشر برپا ہوا چاہتا ہے

منتظر باران رحمت کے ہر اک میخوار ہین
مانگ اے زاہد دعا بہر خدا برسات کی

فراق یار جانی مین یہ ضعف و ناتوانی ہے
لبون تک جان زار آئی تو وہ بھی لاکھ مشکل سے

ہمارے ساتھ جب اوس شعر و کی گرمیان دیکھین
رقیب روسیہ جل جل کے نکلے شمع محفل سے

ضبط سے کچھ نہ بن پڑا صبر ذرا نہ ہو سکا
پھر مجھے جان مضطرب اوسکی گلی مین لیچلی

مجھ سے پڑھوائے وہ خط غیر کا ہی واہی نصیب
یہ بھی تھا اپنے مقدر کا نوشتا کوئی

ذکر کرتا ہے اگر میری وفا کا کوئی
شرم سے سر کو جھکا لیتا ہے کیسا کوئی

بیٹھو بیٹھو اجی بس نام نہ لو جانے کا
آج سنتا ہے کہان وعدۂ فردا کوئی

بزم رندان مین عجب عیش و طرب کا جوش ہے
عرش اعلی تک زمین سے شور نوشا نوش ہے

فصل گل مین بادۂ گلرنگ سے انکار کیا
زاہدا توبہ سے توبہ کر تجھے کچھ ہوش ہے

منشی تخلص میر محمد حسین خوشنویس خلف سید ابو الحسن عرف میر کلن خوشنویس وطن انکا ایران مولد دہلی مدت تک لکھنؤ مین مرزا سلیمان شکوہ کی سرکار مین متعلق تھے

نہ پوچھو اوس پری کے حسن کا عالم وہ آفت ہے
بلا شوخی غضب فتنہ قیامت اک قیامت ہے

نہ دیکھیے دیر سے مطلب نہ ابطحی حرم کیجے
بتنگ آیا ہے جی ہستی سے تک سیر عدم کیجے

منشی تخلص غلام احمد شاگرد مرزا مظہر باشندۂ دادری متعلقہ نارنول بتیشتر واقف تخلص کرتے تھے شعر فارسی اچھا کہتے تھے

چرا لیتا ہے نقد حسن کو آئینہ آنکھون مین
خدا کے واسطے تک کر حیا کو پاسبان اپنا

منشی تخلص مولچند کایتھہ دہلوی شاگرد نصیر دہلوی ۱۲۳۸ھ اٹھارہ سو تیس عیسوی مین انتقال کیا انکا شاہنامہ اردو نظم نظر سے گزرا

دو چار آینہ ہر دم وہ رشک ماہ ہوا
پر اک نگاہ سے شرمندہ مین نہ گاہ ہوا

کبھی نہ یہان سے ہوان آزاد اس مع مین مین
تمہارے پاس توہین گرچہ ہم قفس مین مین

چشم ہے قہر بلا زلف قیامت قامت
اسلیے لوگ تمھین آفت جان کہتے ہین

خواہش نہین کہ ہاتھ مرے سیم و زر لگے
یہ آرزو ہے سینے سے وہ سیمبر لگے

زخم ہنستا ہے تیرے بسمل کا
کر تری تیغ کا نہ گر نہ ہوئی

منشی تخلص عجائب رائے مقیم مرشد آباد شاگرد شاہ قدرت اللہ خان قدرت

تیرے دل سے گرہ کینہ کو وہ جب کھوے
غوطہ جب مار سکے آب گہر مین ناخن

منصف تخلص مرزا احمد بخش بہادر دہلوی خلف مرزا خجستہ بخت بہادر شاگرد حافظ عبدالرحمن خان احسان

نرگہ باد زلف سیہ فام اے دل
یہ لا دینگی سر پر بلا یاد رکھنا

ہمیشہ تو باتین بناتا ہے مجھسے
یہ باتین تو اے بیوفا یاد رکھنا

منصف تخلص منصف علیخان عظیم آبادی مقیم دہلی قوم افغان شاگرد نظام خان معجز فارسی مین مہارت تام رکھتے تھے

گر عشق ترا یہ ہے تو پھر دست جنون سے
دامان رہے گا نہ گریبان رہے گا

خیال جاے ترا کیونکہ میرے سینے سے
جدا ہوا ہے کہین نقش بھی نگینے سے

بکھرا ترا خورشید ہے اور ابر سیہ زلف
ہین اختر تابندہ ترے کان کے موتی

منظور تخلص منشی آفرین الدین خان خلف منشی تحسین الدین خان مرحوم تحسین تخلص داروغہ ضلع راجشاہی باشندہ موضع جوت پرتاب متعلق ضلع مالدہ شاگرد راقم الحروف طبیعت انکی فن شعر سے نہایت مناسبت رکھتی ہے

اوڑا ئے خط کے پرزے کھولکر دیکھا جو نامہ تا
ہزارون گالیان قاصد کو دین سنکر سلام بیا

خدا جانے کیا ہے قتل کسکو آج کا ذبح نے
کہ گھبرایا ہوا مقتل سے آیا غرق خون ہو کر

سکۂ داغِ جنون سے دل تو مالا مال ہے | درہم شمس و قمر آگے مرے کیا مال ہے
ہر بن مو سانپ کی بانبی ہے باوزلف مین | ہے زبان مار جو تن پر ہمارے بال ہے
آہوے چشم بتان کو جو پھنسا لیتا ہے صاف | جوہر آئینہ اے منظور طرفہ جال ہے
غم ہجر بتان کا ابتو صدمہ اوٹھ نہین سکتا | الٰہی باز آیا اسطرح کی زندگانی سے

منظور تخلص بابو خان دستار بند ولد شاگر خان صوبہ دار پلٹن انگریزی باشندہ کانپور شاگرد مولوی فرد

مصنوع خلق اور خدا ساز اور ہے | کب آسے بوے غنچۂ تصویر ناک مین

منظور تخلص سید وزیر علی خلف مولوی امیر علی باشندہ پھانی ہمشیر زادہ و شاگرد مقصود عالم مقصود

کف پا کو رہین یہ الفتین صحرا نوردی سے | بنا مژگان چشم آبلہ کانٹا بیابان کا

منعم تخلص منند لال مرحوم کا بیٹھ شاگرد پنڈت نرائن داس ضمیر باشندہ دہلی

ہوا جسدم خزان وہ پیری پیکر گلستان مین | ہر اک گل آنکھ نیچے کر رہا تھا جو چمن مین تھا

منعم تخلص منشی موہن لال شاگرد نصیر دہلوی بتخلص فارسی گتے تھے

کہین ایا ہے دلا آج قدِ یار نظر | کچھ قیامت کے سے آتے ہین جو آثار نظر

منعم تخلص مولوی شیر علی شاگرد حضرت مرزا مظہر جان جانان چونکہ سبحانی طوائف پر عاشق تھے بیشتر اوسکے نام کو غزل مین مندرج کرتے تھے

کیون نہ ہو عالم مین اوسکی آبرو | جا لگا موتی تمھارے کان سے

منعم تخلص قاضی نور الحق قاضی بریلی استعار فارسی نہایت مرغوب کہتے تھے

وہ نوک مژہ جب سے مری دل مین گڑی ہے | ایسی تو کھٹکتی ہے کہ جینے کی پڑی ہے

منور تخلص منشی منور حسین ساکن ترجنا پلی

وہ کاکل اس دل پر داغ سے ہین یون بکل | کہ جیسے مور کو دیکھ آئین اضطراب مین سانپ
جو بال اوسنے نہانے کو کھولے دریا مین | ہزارون لگ گئے لہرانے موج آب مین سانپ

منور تخلص میر منور علی

اب یہ عالم ہے ناتوانی کا | عیش جاتا رہا جوانی کا

منیر تخلص میر نظام الدین خلف شاہ نثیر علی

یون تو خط اوسکو مین اے یک صبا لکھونگا | لیکن احوال جدائی کا جدا لکھونگا

منیر تخلص میر آفتاب صیقل گر شاگرد حاتم

آبلے پڑتے ہین جس جا کہ گرے ہے قطرہ | ہے مرے اشک کے پانی مین اثر آتش کا

منیر تخلص خواجہ آفتاب خان شاگرد رنگین

یار کا کچھ وصف خط کر نہ سکے گا رقم | کیسا ہی گو آپ کو آپ ترا تھے قلم

جی چاہتا ہے زلف کا تیری بیان کرین | کنگھی کا دانت توڑ کے اپنی زبان کرین

منیر تخلص وجیہ الدین دہلوی خلف شاہ نصیر دہلوی عین جوانی مین انتقال کیا

جی جلا بوسے پہ یہان ہمسے طلبگار دون کا | اوڑ گیا رنگ وہان یار کے رخسار دیکھا

فرہاد سے کہتی تھی تیشہ کی زبان ہر دم | منحوس نہ ہو نادان سنگ آمد و سخت آمد

اس باغ جہان مین کبھی پھولے نہ پھلے ہم | جون نخل چنار اپنی ہی آتش مین جلے ہم

اے عزیزو ذقن یار سے کیا چاہتے ہو | چاہ مین دیدہ و دانستہ گرا چاہتے ہو

بنا سرمہ کا دنبالہ قریب چشم گلرو ہے | زبان باہر نکالے حسن کی گرمی سے آہو ہے

منیر تخلص سید اسمعیل حسین ولد منشی احمد حسین شکر شکوہ آبادی شاگرد رشک باشندہ لکھنؤ صاحب دو دیوان و رسالہ سراج منیر ہین انسے الہ آباد مین ملاقات ہوئی تھی

ہم حسینونکی بھوؤن پر رکھتے ہین پائے نگاہ | روندتے ہین سبزۂ شمشیر ابرو پاؤن سے

سادون مین بھی وعدہ کبھی پورا نہین کرتے | باتون مین بہلاتے ہین وہ اچھا نہین کرتے

کب دل مرا تقریر سے کوٹا نہین کرتے | تم اپنی ترشروئی سے جو کا نہین کرتے

گرمی مین جلانے کے لیے دیتے ہین چھینٹے | خس خانہ مین بھی دل مرا ٹھنڈا نہین کرتے

بھاری ہے بہت اوسکی نزاکت کو نہایت | کب بوجھ سے کرتی کے وہ لچکا نہین کرتے

مین چاہتا ہون اور کسی کو خدا کی شان | چپ رہیئے بس یہ آپ کی کہنے کی بات ہے

سراج

موّاج تخلص منشی عبدالرحمن نائب محافظ نزرک داور ریگاہ ہائی کورٹ کلکتہ خلف منشی غلام حسین مرحوم باشندۂ کلکتہ شاگرد راقم شعر اچھا کہتے ہین

رہتا ہے تصور جو تری جلوہ گری کا — ہے موج ہوا پر بھی گمان بال پری کا
ہشیار رہو غفلت مین نہ یون عمر کو کاٹو — چارہ کرو مواج کچھ اس بیخبری کا
خاک ہو عیسی مریم سے مرے دل کا علاج — یہ مرض وہ ہے کہ جسکا نہین درمان پیدا
سو ٹکڑے اگر دل ہے تو سینہ مرا صد چاک — احوال نہ کچھ پوچھیے مجھ خستہ جگر کا
بھیجون خبر مین بار کو ٹیلیگراف مین — معلوم تا کہ ہو اوسے حال اضطراب کا
جو کہ روشن دل ہین اونکو خوف سوائی کا نہین — سر کھلے رہتی ہے ہر دم بر سر بازار شمع
لب بلب ہونے سے رندونکے ہی کیون حیف ہے — دختر رز سے یہ واعظ کی تو ہمشیر نہین
اپنے داغ دل سوزان سے جو دیتا تشبیہ — ماہ مین گرمی خورشید قیامت ہوتی
کیا ہوئی اوس سے خطا اور کونسی تقصیر ہوئی — تم گران خاطر ہوئے ہو عاشق دلگیر سے

موج تخلص خدا بخش قوال اکبرآبادی اپنے فن مین اچھا دخل رکھتا تھا بیشتر دہلی مین رہتا تھا لکھنؤ مین جاکر فوت کی

لاکھون کٹوا دیے سر آن مین ہنستے ہنستے — اے مری جان کوئی تو تو تماشا نکلا

موج تخلص میر کاظم حسین ولد میر حسین علی لکھنوی شاگرد رشک

شب فراق مین جب دیکھتا ہون چاند کو مین — تڑپنے لگتا ہون یاد آتے ہین تیرے گال
نرکسطرح سے کہون آسمان حسن تجھے — چکور خط ہین تو ہین چاند تیرے رخسار گال
وہ نہانے کو جو آیا لب دریا اے موج — بنگیا بحر جبابون سے سراسر آنکھین

موجد تخلص شیخ قادر علی ولد شیخ چراغ علی لکھنوی شاگرد خواجہ وزیر صاحب دیوان گزرے

آگیا جو یاد کوچہ اک بت خود کام کا — نکلے ہم کعبہ سے جامہ پھاڑ کر احرام کا
نوجوانی مین بھی جھک کر ملتے ہین پیرونکی طرح — ہمکو رہتا ہے خیال آغاز مین انجام کا
بام گردون پھاند جاے فکر عالی تو تہی — ڈھونڈ لاون عرش سے مضمون تمہاری بام کا

پرتو جو روے یار کا پڑجاے آب مین
پتلی ہو عکس خال کا چشم حباب مین

سبی وہ ملتے ہین بوسہ ہے بے محل مانگا
سیاہ کار ہوے لب گنا ہگار زبان

لیجیے آستین کیطرح اپنے ہاتھ بھی
سہتے اگر چڑا جینگے وہ بیاری کلائیان

گل گیا ہون کیا فراق یار مین مین ناتوان
تھا گلے مین آگیا ہے اب گریبان ہاتون مین

کسطرح کہیے ترا برگ گل تر لب ہے
سخت باتون سے یقین ہوتا ہی پتھر لب ہے

قطرے چھٹک کے گرتے ہین جام شراب سے
ساقی ستارے ٹوٹتے ہین آفتاب سے

موجی تخلص موجی رام لکھنوی خلف دیوان چھترپت ملازم بہادر الدولہ نواب حسین علیخان شاگرد مصحفی صاحب دیوان گزرے

جاؤنگا تیشہ لیکے سوے بیستون اگر
ٹھہرینگے سامنے مرے کب کوہکن کے پاؤن

موزون تخلص میر نواب لکھنوی خلف میر بندہ علی شاگرد مظفر علی اسیر صاحب دیوان ہین

کسکی سنتا ہے وہ بت اور ہی نقشا ٹھہرا
لیک پتھر کی اوسی غیر کا کہنا ٹھہرا

پاے صنم ہے اور ہمارا سر نیاز
لکھا ہے جو مٹے گا وہ لوح جبین سے کب

بے مدد چلتے نہین بے چوب چل سکتے نہین
ڈھونڈھتے پیری مین ہین کیا کیا سہارے ہاتھ پاؤن

جام ہے ہر گل صراحی غنچہ ساقی ہے بہار
شربت گل ہے شراب روح پرور باغ مین

مجھ نیرہ روزگار سے انکو لف مت انجمن
دیکھین ہین کلبتین شب فرقت کی آنکھ سے

موزون تخلص میر فرزند علی باستغنده مساسانه شاگرد شمس الدین فقیر ہر دو زبان مین شعر کہتے تھے دہلی و لکھنؤ کی سیر کی تھی ۱۲۳۵ بارہ سو اونتیس ہجری مین انتقال کیا صاحب دیوان گزرے

شمع ہمزم نہ ہونا ہر گز
دل جلونکا بھی کہا کیجیے گا

چپ رہتے رہتے آن پڑی اپنی جان پر
تو بھی نہ لاے ہم ترا شکوہ زبان پر

اپنے کوچہ کو خار بست کیا
یہ نہ جانا برہنہ پا ہین ہم

نرگس کا پھول بھیجا ہے نامہ مین یار کو
معلوم تا کرے وہ مرے انتظار کو ہم

پھول جھڑتے ہین ترے منہ سے مری آنکھو سے
حسن اور عشق مین کیا خوب نکل فنانی ہے
وابستہ محبت تھے جہان کی درستی پر
دل ٹوٹ گیا میرا تم عہد شکن نکلے

موزون تخلص مہاراجہ رام نراین عظیم آبادی نائب صوبۂ عظیم آباد شاگرد شیخ علی خزین نواب قاسم خان کے عہد مین بسبب صادر ہونے کسی تقصیر کے اپنے عہدے سے معزول ہوکر گنگا مین ڈوبا گئے بیشتر فارسی کہتے تھے

ابر ہوگا تو خجالت سیتی پانی پانی
مت مقابل ہو مرے دیدۂ خونبار کے ساتھ

موزون تخلص شاہزادۂ محمد قادر بخش دہلوی شاگرد عبد الرحمن خان احسان و مرزا قادر بخش صابر

ہے لاغری سے صورت موہوم تار زلف
یارب کوئی نہ وے اسیر بلاے زلف
خموش ہوکے بھی گویا کہ ہم نہین خاموش
یہ دل بغل مین ہے موجود گفتگو کے لیے

موزون تخلص چھتر سنگھ کاتھ دہلوے نبیرۂ مادھو رام صاحب انشاے مادھو رام

بیت ابرو کو تری دیکھ کے اے مطلع حسن
جو ترے کوچہ سے نکلا سو غزلخوان نکلا

مومن تخلص حکیم محمد مومن خان مرحوم ولد حکیم غلام نبی خان متغور دہلوی ایک بار غزل مین نصیر دہلوی سے اصلاح لی تھی اصلاح پسند نہ آئی ۱۲۶۸ بارہ سو اسٹھ ہجری مین قضا کی ماتم مومن خان انکی وفات کی تاریخ ہے علم تنجیم و طب مین خوب دخل رکھتے تھے جمیع اصناف سخن پر قادر تھے اشعار انکے پر مضمون و شیرین و عاشقانہ و نمکین ہوتے ہین راقم کے زعم مین اس مزے کی طبیعت کا کوئی شاعر ریختہ گویون مین نہین گزرا انہین کلیات انکا نظر سے گزرا

غضب سے تیرے ڈرتا ہون رضا کی تیری خواہش ہے
نہ مین بیزار دوزخ سے نہ مین مشتاق جنت کا
اوس نقش پا کے سجدے نے کیا کیا کیا ذلیل
مین کوچۂ رقیب مین بھی سر کے بل گیا
نہ جاؤنگا کبھی جنت مین نہ جاؤنگا
اگر نہ ہووے گا نقشہ تمہارے گھر کا سا
یہ ناتوان ہون کہ ہون اور نظر نہین آتا
مرا بھی حال ہوا تیری ہی کمر کا سا
اوسنے بدخو کا کرم بھی ستم جان ہوگا
مین تو مین غیر بھی دل دے کے پشیمان ہوگا

کیا سنا تے ہو کہ ہے ہجر مین جینا مشکل
تم سے بیرحم پہ مرنے سے تو آسان ہوگا

درد ہے جان کے عوض ہر رگ و پے مین سکے
چارہ گر ہم نہین ہونے کے جو درمان ہوگا

بات کرنے مین رقیبون سے ابھی لوٹ گیا
دل بھی شاید اوسی بد عہد کا پیمان ہوگا

دیدۂ حیران نے تماشا کیا
دیر تلک وہ مجھے دیکھا کیا

مر گئے اوسکے لب جانبخش پر
ہم نے علاج آپ ہی اپنا کیا

خدا کی یاد دلاتے تھے نرع مین احباب
خہر شکر کہ اسدم وہ بدگمان نہ ہوا

دیت مین روز جزا لینگے قاتل کو
ہمارا جان کے جانے مین بھی زیان نہ ہوا

ذکر بتان سے پہلے سے نفرت نہین ہی
کہ اب تو کفر مومن دیندار کم ہوا

وصل کی شب شام سے مین سو گیا
جاگنا ہجران کا بلا ہو گیا

ہاے صنم ہاے صنم لب پہ کیون
خیر ہے مومن تمھین کیا ہو گیا

کچھ سنکے جو کہین چپ ہون تو تم کہتے ہو بولو
سمجھو تو یہ تھوڑا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا

تیرے پردہ نے کی یہ پردہ دری
تیرے چھپتے ہی کچھ چھپا نہ رہا

نہ مانونگا نصیحت پر نہ سنتا مین تو کیا کرتا
کہ ہر ہر بات مین ناصح تمھارا نام لیتا تھا

مرے کوچے مین عمد و مضطر و ناشاد رہا
شب خدا جانے کہان وہ ستم ایجاد رہا

عرض ایمان سے ضد اوسنے غارتگر دین کو بڑھی
تجھ سے اے مومن خدا سمجھے یہ تو نے کیا کیا

کیا تم نے قتل جہان اک نظر مین
کسی نے نہ دیکھا تماشا کسی کا

طواف کعبہ کا خوگر ہے دیکھو صدقے ہونے دو
ہنو سمجھو ذرا مومن ہی مومن یون نہ ٹھہریگا

کیا جی لگا ہے تذکرۂ یار مین عبث
ناصح سے مجھکو آج تلک اجتناب تھا

کیا مرتے دم کے لطف مین پنہان ستم نہ تھا
وہ دیکھتے تھے سانس کو اور مجھ مین دم نہ تھا

موت کے صدقے کہ وہ پردہ اٹھا لاش پر
جو نہ دیکھا تھا تماشا عمر بھر دکھلا دیا

واعظ بتون کو خلد مین لیجا ئینگے کہین
ہے وعدہ کافرون سے عذاب الیم کا

کسدن تہی اوسکے دل مین محبت جواب نہین
سچ ہے کہ تو عدو سے خفا بے سبب ہوا

زخم تو بھی مرہم زخم کہن ہے چارہ گر
بند تیر یار سے سینہ کا روزن ہو گیا

راز نہان زبان اغیار تک نہ پہونچا
کیا اب بھی ہمارا خط یار تک نہ پہونچا

اللہ ری ناتوانی جب شدت قلق مین
بالین سے سر اوٹھایا دیوار تک نہ پہونچا

مرگ سے تھی زندگی کی آس سو جاتی رہی
کیون بری حالت نہ ہووے غیر اچھا ہو گیا

شوخ کہتا ہے بے حیا جانا
دیکھو دشمن نے تمکو کیا جانا

میرا گلا ہنسی سے یونہین گھونٹتے تھے وہ
کیا سوچکر رقیب خوش آیا خفا گیا

وہ ہی خالی تو یہ خالی وہ بھرے تو یہ بھرے
کاسۂ عمر عدو حلقۂ آغوش ہوا

فرماتے ہین وصال ہے انجام کار عشق
کیا ناصح شفیق نے مژدہ سنا دیا

بیوفا کہنے کی شکایت ہے
تو بھی وعدہ وفا نہین ہوتا

روز کا جگر آخر جان پر بنا دیگا
اونکو شوق آرایش دل ہے بدگمان اپنا

دیر و کعبہ یکسان ہے عاشقون کو اے مومن
ہو رہے وہین کے ہم جی لگا جہان اپنا

ہم جان فدا کرتے گر وعدہ وفا ہوتا
مرنا ہی مقدر تھا وہ آتے تو کیا ہوتا

گئے وہ خواب سے اوٹھ غیر کے گھر آخر شب
اپنے نالہ نے جگایا یہ اثر آخر شب

وہ دن گئے کہ لاف و گزاف جہاد تھا
مومن ہلاک خنجر نار بتان ہے اب

تھا وصل مین بھی فکر جدائی تمام شب
وہ آئے تو بھی نیند نہ آئی تمام شب

مومن مین اپنے نالون کو سنتے ہے کہتے ہین
اونکو بھی آج نیند نہ آئی تمام شب

جذب دل نے غیر کے بھی کیا کہین تاثیر کی
آج کیون آئے ہوئے ہر کام پر کہتے ہین آج

اوڑ گیا چہرے پر غبار اپنا
ہو گئی خاک خاکساری آج

خورنج رشک غیر کی بھی ہم کو ہو گئی
اب اور کچھ نکالیے آزار کی طرح

ہم یہان سورۂ اخلاص کا پڑھتے ہین عمل
اور بڑھتا ہے وہان غیر سے اوسکا اخلاص

کہنا پڑا درست کہ اتنا رہے لحاظ
ہر چند وصل غیر کا انکار ہے غلط

کرتے ہین مجھسے دعوی الفت وہ کیا کرین
کیونکر کہین مقولۂ اغیار ہے غلط

وہم فغان غیر نے سینہ جلا دیا
آتش لگی تھی کوچۂ دلدار کی طرف

وصل مین احتمال شادی مرگ
چارہ گر درد بے دوا ہے عشق

مجھ پہ عاشق نہین ہے کچھ ظالم — صبر آخر کرے وفا کب تک
غم و غصہ سے ہے خلقت مری جون طفل نشک — نہین کرنے کی وفا عمر جوان ہونے تک
لگائی آہ نے غیرون کے گھر آگ — ہوئی کیا کیا وہ اتنی بات پر آگ
گر ترے کوچہ کو دی کعبہ سے نسبت کیا گناہ — مومن آخر تھے کبھی ہم بھی مسلمان اسلام ہم
وصل بتان کے دن تو نہین یہ کہ ہو وبال — مومن نماز قصر کرین کیون سفر مین ہم
ٹھانی تھی دل مین اب نہ ملینگے کسی سے ہم — پر کیا کرین کہ ہو گئے ناچار جی سے ہم
مجھسے نہ بولو تم اسے کیا کہتے ہین بھلا — انصاف کیجیے پوچھتے ہین آپ ہی سے ہم
اوس کو مین جام مرینگے مدوا ہی ہجوم شوق — آج اور زور کرتے ہین بیٹا قضی سے ہم
گر ہے دل غیر نقش نسخیر — تو ترے لیے جلا ئینگے ہم
گمان کہنے ہے وہ اور ہم خجالت سخت جانی سے — وہ دل توڑے ہے اپنا اور اوسکو تیر اکہتے ہم
اب کوئی کیا کرے علاج افسوس — موت نے بھی دیا جواب ہمین
آب و ہوائے ملک محبت راس نہین ہے ہمکو تو — ہوتی ہین لاغر اور زیادہ جتنا ہم غم کھاتے ہین
کیا کسی بت کی دل مین جگہ کی کوئی ٹھکانا اور بلا — حضرت مومن اب تمھین کچھ ہم مسجد مین کم پاتے ہین
کیا پڑی رہتی ہے اے پردہ نشین جون بیمار — بد دعائین تری چاہون کو جو ہم دیتے ہین
دعوی حسن جہانسوز اس قدر — پھر کہو گے تم مین ہر جائی نہین
مومن اکثا تو نہ تھا ملنے مین آخر اختیار — یہ شکایت بھی خدا سے ہے بتو نسی کیا ہمین
کچھ نہین نظر آتا آنکھ لگتے ہی ناصح — گر نہین یقین حضرت آپ بھی لگا دیکھین
ہے دوستی تو جانب دشمن نہ دیکھنا — جادو بھرا ہوا ہے تمھاری نگاہ مین
مومن کو سچ ہے دولت دنیا و دین نصیب — شب بنگدہ مین گزرے ہے دن خانقاہ مین
تا نہ پڑے خلل کہین آپ کے خواب ناز مین — ہم نہین چاہتے کمی اپنی شب دراز مین
خسرو دعیش وصل بار جانکنی اور کوہکن — اپنا جگر تو خون ہو اعشق کے امتیاز مین
منظور ہو تو وصل سے بہتر ستم نہین — اتنا رہا ہون دور کہ ہجران کا غم نہین
بے التفاتیان جو عدو سے سنی نہ تھین — ہم جانتے تھے وصل مین رنج و الم نہین

عاشق کشی ہے شیوہ اگر بوالہوس سہی
آخر کچھ اپنی جان کے دشمن تو ہم نہین

واعظ قاتل کو وقت قتل کیونکر چھوڑ تا
بیکسی شے جان تھی اپنی کفن کے فکر مین

گر یقینی وہان دعا ہوتی ہے اے مومن قبول
جائینگے کعبہ بھی ہم برہمن کی فکر مین

آبرو رہگئی مرنے کی کہ روتے تو ہین وہ
اشک شادی ہی سے گو چشم کو نم کرتے ہین

وہ ہے بغل مین تو بھی تو یہان نیند اوڑگئی
یہ سوچ ہے گیا نہ ہوا عدا کی خواب مین

ان نالہاے شب کا اثر صبح دیکھیو
آیا خلل گر اوس ستم آرا کے خواب مین

کشتہ تیرت تری پانی چوانے سے ہر غیر
مرتے دم پانا ہون ذوق خون شمن آب مین

دکھاتے آینہ ہو اور مجھ مین جان نہین
کہوگے پھر بھی کہ مین تجھسا بدگمان نہین

ہین غیر مرے گلے لگانے سے خوش
گویا کہ مین انکا مدعا ہون

اس نام کے مدعی نے جسکی دولت
مومن رہون اور بتون کو چاہون

جز غیر نہین مرے دشمن تو اور بھی
لیکن بڑے غضب یہی دو تین چار ہین

کیسے گلے رقیب کے کیا طعن اقربا
تیرا ہی جی نچا ہے تو باتین ہزار ہین

لگ جا گلے شتاب کہ آنکھ کوئی دم شب فراق
ناصح ہے کوئے آہ گرافسانہ خوان نہین

چرخ زمین مین تو بہ کا ملتا نہین سراغ
ہنگامۂ بہار و ہجوم سحاب مین

دونون کا ایک حال ہے یہ مدعا کہان
وہ ہی خط اوسنے بھیجدیا کیون جواب مین

خار بستر یہ شب ہجر بچھاؤن کیونکر
دل مین تو ہے وہ گل اندام اگر بدن نہین

دے دیا بوسہ طلب اول پر
سچ کہا تم نے مزا صبر مکرر مین نہین

سرمہ گین آنکھ سے تم نامہ لگاتے کیون ہو
خاک مین نام کو دشمن کو ملاتے کیون ہو

یاد دلوادی تپش نے تیری شوخی وصل کی
مرگئے ہم دیکھکر ہین ہاے بستر رات کو

مجلس مین مرے ذکر کے آتے ہی اوٹھکر وہ
بدنامی عشاق کا اعزاز تو دیکھو

ہون خانماں خراب ستم سے زیادہ تر
ایسا نہو کہ اب بھی تری دل مین گھر نہ ہو

وہ جو ہم مین تم مین قرار تھا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہ ہی یعنی وعدہ نباہ کا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

ہوے اتفاق سے گر بہم تو وفا جتانے کو دم بدم
گلہ ملامت اقربا تمھین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

کبھی ہم میں تم میں بھی چاہ تھی کبھی ہم سے تم سے بھی راہ تھی
کبھی ہم بھی تم بھی آشنا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

وہ بگڑنا وصل کی رات کا وہ نہ ماننا کسی بات کا
وہ نہیں نہیں کی ہر آن ادا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

جسے آپ کہتے تھے آشنا جسے آپ کہتے تھے باوفا
مین وہی ہون مومن مبتلا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

ایسی ادا سے بوسہ و لب کا کہ شادی مرگ ہون جور و ستم کا میری جان لطف و کرم سے کلھم لو

دن رات فکر جور مین یون رنج اوٹھانا کب تلک
مین بھی ذرا آرام لون تم بھی ذرا آرام لو

مومن تم اور عشق بتان اے پیر و مرشد خیر ہے
یہ ذکر اور منہ آپ کا صاحب خدا کا نام لو

گو آپ نے جواب برا ہی دیا دلے
مجھسے بیان نہ کیجے عدو کے پیام کو

ہم سمجھتے ہین آزمانے کو
عذر کچھ چاہیے ستانے کو

یہ جامہ پارہ پارہ تڑپنے سے ہو گیا
صبح شب فراق ہے تو بد گمان نہ ہو

شب غم کا بیان کیا کیجے
ہے بڑی بات اور جھوٹا منہ

مانگا کرینگے اب سے دعا ہجر یار کی
آخر تو دشمنی ہے اثر کو دعا کے ساتھ

مین کینے سے بھی خوش ہون کہ سب یہ تو کہتے ہین
اوس فتنہ گر کو لاگ ہے اس مبتلا کے ساتھ

اللہ ری گمرہی بت و بتخانہ چھوڑ کر
مومن چلا ہے کیجے کو اک پارسا کے ساتھ

چاہا کرے دل لاکھ نہ بولو لگا جو ہمدم
وہ میرے منانے کو رقیبو نسے خفا ہے

مومن نہ سہی یوسہ یا سجدہ کرینگے
وہ بت جو ہے اور دلکا تو اپنا بھی خدا ہے

سمجھ کے اور ہے کچھ مرجلا مین اے ناصح
کہا جو تو نے نہین جان جا کے آنے کی

باندھو اب چارہ گرو چلکے کہ وہ بھی شاید
وصل دشمن کے لیے سوے مزار آجائے

کر علاج جوش وحشت چارہ گر
لادے اک جنگل مجھے بازار سے

گر دعا کرتا ہون مومن وصل کی
ہاتھ باندھے ہے وہ بت زنار سے

پونچھے آنسو ارغون کے کیا کرون اب تو ہی کہ
داغ میرے خون کا دامن سے چھوٹا جاے ہے

خاک مین ملجاے یارب بیکسی کی آبرو
غیر میری نعش کے ہمراہ روتا جاے ہے

اب تو جانا بھی مشکل ہے ترے بیمار کو
ضعف کے باعث کہان دنیا سے اوٹھا جاے ہے

تاب نظارہ نہین آئینہ کیا دیکھنے دون
اور نیچا نگے تصویر حیران ہونگے

ایک ہم ہین کہ ہوئے ایسے پشیمان کہ بس
ایک وہ ہین کہ جنھین چاہ کے ارمان ہوئے

عمر ساری تو کٹی عشق بتان مین مومن
آخری وقت مین کیا خاک مسلمان ہونگے

گو کہ ہم صفحۂ ہستی پہ تھے اک حرف غلط
لیکے اوٹھے بھی تو اک نقش مٹا کے اوٹھے

کہتا ہے مرے آگے وہ مجھ پہ عدو غش ہے
ہے ہے مری الفت سے ہے بیخبری اتنی

ہاں اک نظر مین قرار و ثبات ہے
اوسکا نہ دیکھنا نگہ التفات ہے

عیش مین بھی تو نہ جاگے کبھی تم کیا جانو
کہ شب غم کوئی کس طور سحر کرتا ہے

ذکر کر بیٹھے برای ہی ہے شاید مرا
اب وہ اغیار کی صحبت سے حذر کرتا ہے

نکر لے تھے نصیحت اوسکے بیٹھے پر مومن کی
عجب فتنہ ہے ناصح بھی کہ یہ فتنے اوٹھاتا ہے

خیال خواب راحت ہے علاج اس بدگمانی کا
وہ کافر گور مین مومن مرا شانہ ہلاتا ہے

مومن ایمان قبول دل سے مجھے
وہ بت آزر دہ گر نہ ہو جاے

کرتا ہے قتل عام وہ اغیار کے لیے
دس بیس روز مرتے ہین دو چار کے لیے

عدو کے وہم سے نکتا ہون بزم غیر مین ہر سو
نہین ہے اور کچھ یون آپ جو چاہین گمان کیجے

تسلی دم واپسین ہو چکی
ہین ہو چکی جب نہین ہو چکی

جان بلب ہون خبر وصل سنا دے قاصد
لب ہلانے مین ترے کام مرا ہوتا ہے

مر گئے پر بھی بے خبر صیاد
اب توقع نہین رہائی کی

کوچۂ غیر مین بلا وہ ہین
ہرزہ بازی مے رہنمائی کی

مومن آؤ تمہین بھی دکھلا دون
سیر تجانہ ہین خدائی کی

وہ کہان ساتھ سلاتے ہین مجھے
خواب کیا کیا نظر آتے ہین مجھے

شعلہ رو کہتے ہین اغیار کو وہ
اپنے تئین دیکھ جلاتے ہین مجھے

وہ جو کہتے ہین تجھے آگ لگے
فردۂ وصل سناتے ہین مجھے

جذب دل زور آزمانا چھوڑ دے
ہاے نازک کا ستانا چھوڑ دے

ناتوانی سے نزاکت ہے زیاد
مجھسے تو دامن چھوڑانا چھوڑ دے

شب ہجر مین کیا ہجوم بلا ہے
زبان تھک گئی مرحبا کہتے کہتے

یون بناکر حال دل کہنا نہ تھا
بات بگڑی میری ہے تقریر سے

اوسکو جلدی جانکی مجھکو عذاب جانکنی
دونون کا دم ناک مین ہے بوت کی تاثیر سے

ہاے پہر مرنے لگا مین لطف کی تقریر سے
اسکا دم ہی کم نہ تھا ہرگز دم شمشیر سے

مین بہی کچہ خوش نہین وفا کر کے
تم نے اچہا کیا نباہ نہ کی

گریۂ و آہ بے اثر دونون
کسنے کشتی مری تباہ نہ کی

پردہ پوشی ضرور تہی اے چرخ
کیون شب بوالہوس سیاہ نہ کی

دل کہول کے مل لیجیے مومن ممنون سے
اس سال مین گر سوی حرم عزم سفر ہے

بقدر جوش تڑپنے کو تہا دل بیکس قفس
وہ بیقرار ہوئے آگیا قرار مجھے

اگر غفلت سے باز آیا جفا کی
تلافی کی بہی ظالم نے تو کیا کی

شب وصل عدو کیا کیا جلا ہون
حقیقت کہل گئی روز جدا کی

مجھے اے دل تری جلدی سے مارا
نہین تقصیر اوس دیر آشنا کی

کہا اوس بت سے مرتا ہون تو بولا
کہا مین کیا کرون مرضی خدا کی

سنین نہ آپ تو ہم بوالہوس سے حال کہین
کہ سخت چاہیے دل اپنے رازداں کے لیے

نہ ربط اوس سے نہ یاری آسمان سے
جفا ہر عدو لاؤن کہان سے

وہ آئے ہین پشیمان لاش پر اب
تجھے اے زندگی لاؤن کہان سے

خدا کی بے نیازی ہاے مومن
ہم ایمان لائے تھے نازبتان سے

مونس تخلص میر سعادت علی بنارسی

زمان جوش گریہ ہچکیان لینے لگا مونس
تغلل انداز ہے اب نالۂ شبگیر مین اسکو

مونس تخلص میر نواب مرثیہ گو برادر خورد میر انیس مرثیہ گو خلف و شاگرد میر مستحسن خلیق تخلص باشندۂ لکھنو بیشتر مرثیہ کہتے ہین انسے عظیم آباد مین ملاقات ہوئی تہی

تار دہن کے ٹوٹنے کی جو سیر اوسکو بہائی
افشان لگا لگا کے چہڑائی تمام رات

رخ کے جبین کے ہونٹہونکے بوسے دیے ہین
اوسنے زکوٰۃ حسن لٹائی تمام رات

مونس پھر آج ہجر کا دن کاٹنا پڑا — موت ایسی ہوگئی کہ نہ آئی تمام رات
حلقے پہ حلقے پیچ پہ ہن پیچ یا نصیب — کاہیکو اب چھٹینگے اسیران دام زلف
مین جان بلب ہون جلد کوئی ڈھوندلاؤ دل — یہ کون لے گیا مرے پہلو سے ہاے دل
شکوہ جور وجفاے آسمان کرتا نہین — مین زمین پر نقش حیرت ہون فغان کرتا نہین
کیون نالے کر رہا ہے جرس ٹھہر دمبھر ہان — کوئی تھکا ہوا قویس کاروان نہین

مہاراج تخلص راجہ سلاس راے نواب رحمت خان کے دیوان تھے

ٹکڑے کو جو دیکھا ہے کبھی رات کو تیرے — رہتا ہے کھلا دیدۂ مہتاب فلک پر

مہجور تخلص مہجور خان خلف حکیم عسکری

اوس لب لعل سے اب لاگ لگی ہے دل کو — چشمۂ خضر سے اب آگ لگی ہے دل کو

مہجور تخلص محمد صدر الدین شاگرد نظام الدین ممنون وطن انکا کشمیر مولد دہلی

تو اگر اے شانہ پہنچے تو ذرا کیجو سراغ — دلربا کے کاکل پرپیچ مین دل رکھیا

مہجور تخلص پنڈت شیو پرشاد میر منشی رزیڈنسی راجپوتانہ

ٹھوکر لگی جو پاے نگارین یار کی — مثل عقیق ہوگئی لوح مزار سرخ
کب جین خاک مین ہے دل بیقرار سے — ہے برق جلوہ گرمی مشت غبار سے

مہجور تخلص حکیم شیخ محمد بخش شاگرد جرأت ولد حکیم خیر اللہ وطن انکا فتحپور منسوا مولد ومسکن لکھنؤ ایک دیوان اور ایک مثنوی موسی باغ کی تعریف مین اور نورتن اور چار چین علم حکمت مین انسے یادگار ہین سنہ ۱۲۴۲ بارہ سو چالیس ہجری مین بیت اللہ کو گئے وہان سے مدینہ مین جاکر قضا کی نسخۂ نورتن نظر سے گزرا

مین پر غم اسلیئے بلبل صفت دن رات نالان ہون — کہ باغ دہر مین گل کی روش کچھ دل کا مہمان ہے
مہجور سنی تو نے بھی ہے کچھ خبر دل — یہ بیخبری کیسی ہے چل ہے سفر دل

مہجور تخلص مرزا ہدایت علی مرحوم ابن مرزا احسن الدین ابن عالمگیر ثانی بادشاہ دہلی شاگرد حافظ عبد الرحمن خان احسان

یقین میرے مرنے کا آیا نہ اون کو — کہا ہو گیا ہے کچھ آزار دیکھو

مہجور تخلص اقبال الدولہ نواب عنایت حسین خان خلف نواب نصیر الدین نصیر ابن نواب امین الدولہ علی ابراہیم خان بنارسی صاحب دیوان گزرے

پھر کاکے دل صد امین زنبلون کرکے گئے
وہ بام پر کھڑے جو کبوتر اڑاتے ہین

کل جو پہلو مین دیا تو نہ دکھائی مجھ کو
آج تک کل سے کسی کل نہ کل آئی مجھکو

بسکہ سو رہنے کی تھی اوس سے لپٹ کر عادت
صبح تک ہجر کی شب نیند نہ آئی مجھکو

مہدوی تخلص نواب مہدی علی خان رئیس عظیم آباد خلف نواب جعفر حسن خان فیض شاگرد غلام علی راسخ انسے پٹنہ مین ملاقات ہوئی تھی

ہے محیط اس مرتبہ تک فیض اوسکے نور کا
ہر شرر ہے سنگ مین ہمسر چراغ طور کا

جب شگفتہ لالہ خونین کفن ہوجاے گا
بے ستون پر تازہ خون کوہکن ہوجائیگا

پنجہ بیتابی عاشق نہ سمجھا تھا یہ بہید
پردہ در غفلت کا چاک پیرہن ہوجائیگا

مہدی تخلص نواب مہدی علی خان مرشد آبادی کلکتہ مین بھی آئی تھے

وہ سرو حسن باغ مین جلوہ کنان ہے اب
استادہ جسکے شوق مین سرو روان ہے اب

جون گل خزان سے غنچہ دل خشک ہوگیا
کسکو ہواے سیر گل و گلستان ہے اب

مہدی تخلص مرزا مہدی باشندہ الہ آباد

تیرے مژگان کے مقابل مین کوئی تیر نہین
تیز تر ابروے خمدار سے شمشیر نہین

مہدی تخلص نواب جلال الدولہ مہدی علی خان خلف نواب سعادت علی خان سند آرائے لکھنؤ صاحب دیوان گزرے

اب ستم ہونے لگے ایجاد تیرے ہاتھ سے
کرتے ہین خود دو کلان فریاد تیرے ہاتھ سے

کچھ بھی ترس آیا تجھے اے عشق ہے یہ کیا غضب
گھر بسے لاکھون ہوئے برباد تیرے ہاتھ سے

مہر تخلص رجب علی بیگ

مین جان لب ہون رکے دم ہاے نکلتے جین مجھے
آیا ہے یاد خال لب نازنین مجھے

مہر تخلص محمد عمر باشندہ میرٹھ

جو ہم مرے اوٹھاتے ہین دشمن کو کب نصیب
اوسپر ترا عتاب تو اے جان جان نہین

مہر تخلص میر مہر علی خلف میر شہاب الدین باشندۂ دہلی

خاک ہونے پہ بھی محرومی قسمت نہ گئی
نہ تو سرمہ ہے ہوا اور نہ غبار دامن

مہر تخلص منشی مہر چند فرخ آبادی بیشتر لکھنؤ اور اکبر آباد مین رہتے تھے

اے کمان ابرو جہان جاتا ہون اب تیر اجل
پہونچتا ہے اک دم مین پاس میرے پر لگا
سرمہ گین چشم کو بیمار کی لے جلد خبر
بولتا ہے نہین کہتے ہین بڑی دیر ہوئی
یہ تو اپنی خواب مین بھی برنہ آئی آرزو
ہم خیال وصل جانان بیشتر باندھا کیے

مہر تخلص عبد اللہ خان ولد مصطفے خان صاحب مطبع مصطفائی باشندۂ لکھنؤ شاگرد سیم دلوی کلکتہ مین بھی آئے تھے راقم کے احباب مین ہین شعر انکے اچھے ہوتے ہین صاحب دیوان ہین انکا دیوان نظر سے گزرا

برائی ہمین سے برائی ہمین سے
بھلا بے مروت بھلائی ہمین سے
معنی یہی ہین حسن و لطافت کے اے پری
پوشاک مین بدن نظر آئے بدن مین روح
مرنے نہ دیگی یاد تری بال بال کی
جکڑی ہوئی ہے زلف شکن در شکن مین روح
محروم ہم رہین ترے محرم سے اے پری
یون مدعی نکالا کرین مدعا سے دل
اونکی نظر دن سے گر گیا ہون مین
کیسی افتاد مین پڑا ہون مین
نہ گیا اے فلک غبار ترا
خاک مین گو کہ ملکیا ہون مین
جو سوزدل سے دوزخ ہون تو داغ دل سے جنت ہون
قیامت سر بھٹول ہوگی مالک اور رضوان مین
ترحم مین ستم مین التجا مین بیسری رہی تم سے
چھوا ہو گر کوئی دامن تو منہ ڈالون گریبان مین
مارنا کیسا کہ دھمکاتے نہین تلوار سے
تیر قصدے قاتلون پر کب مین ڈھالے تا کمان مین
بھاگے تو ست بنت عنب کو لگا کے ہاتھ
ساقی نے کاٹنے کو ہمارے ہی تاکے ہاتھ
سینہ و پشت صنم کے نور سے زائل ہوئے
قدر روئے آئینہ تو قیر پشت آئینہ
آب آئے نہ اجل آتی ہے
آرزو دل مین رہی جاتی ہے
قتل کرنے کو وہ آئین کیو نکر
مہندی پاؤن کی گھسی جاتی ہے
ستم جا ہو کرو ہمپر نوازو یا ترحم سے
قصور اب تو ہوا ہم سے محبت ہوگئی تم سے
شراب کہنہ لاساقی یہی کہہ کہکے جیتے ہین
نہین کم قلقل مینا ہمین عیسے کے قم قم سے

مهر تخلص نواب امین الدولہ سید آغا علی خان شاگرد ناسخ ورشک خلف معتمد الدولہ مولد انکا لکھنؤ مسکن کانپور مدفن نجف اشرف انھوں نے کربلا کی بھی زیارت کی تھی دیوان انکا نظر سے گزرا

بڑے تھون سے یہ ہاتھ آیا ہے — رکھتا ہے ایک کہانی چھپا ہوا
فانوس ہین اوس شمع صباحت کے سب فلک — جو کوکب سیارہ ہے پروانہ ہوا دسکا
ہجر مین ہون جفا طلب رنج طلب بلا طلب — نوحہ طلب فغان طلب داغ طلب بکا طلب
جتنے ہین تحت و فوق مین پھرتے ہین تیرے دور مین — رہتے ہین تیرے شوق مین درد طلب دوا طلب
اوسکو لذت عشق کی اصلا نہین — جو ترے خنجر تلے تڑپا نہین
دیکھ لطف عتاب بار اے دل — دل مین غصہ ہے پیار آنکھون مین
ہم وہ باہم ہین محو صحبت عشق — ایک جلوہ ہے چار آنکھون مین
تیغ باتین ہین مینھی نظرین ہین — زہر خندہ مین نبات آنکھون مین
حسن وہ شے ہے کہ بے جا نومین بھی تاثیر ہے — دیکھتا رہتا ہے تجھکو انجمن مین آئینہ
بت کہا تجھکو یا خدا سمجھے — سمجھے جو کچھ تجھے بجا سمجھے
ہے نام خدا سحر مجسم صنم اپنا — افسون کی جو باتین ہین تو جادو کی اشارے
رکھتے ہین خار دشت نوک زبان — شرح میری برہنہ پائی کی

مهر تخلص نواب منصور خان خلف نواب محبت خان محبت تخلص باشندہ لکھنؤ شاگرد جرأت صاحب دیوان گزرے

نہ خمار مے اندوہ سے چھوٹے وہ آنکھ — نشہ عشق ہو وے جسے پھوٹی آنکھ
مشکل ہے بہت آگ بجھانی مری دل کی — خورشید قیامت ہے نشانی مری دل کی
افسانۂ الفت کے سوا شغل نہین اور — دشمن ہے یہ شہباے جوانی مری دل کی

مهر تخلص مرزا حاتم علی لکھنوی وکیل عدالت دیوانی اکبر آباد شاگرد ناسخ خلف مرزا فیض علی بن مرزا مراد علی خان صاحب دیوان و رسالہ گنجۂ مهر ہین *

چلے بھی آؤ قیامت بھی ہو چکی صاحب — بڑا عذاب ہے رہتی ہے انتظار مین روح
نذر دل مانگتی ہین آپ کی سرشار آنکھین — عین مستی مین رہا کرتی ہین ہشیار آنکھین

کرنا غضب اب تک تو ہمارا دل بیتاب | مردے کے ہوئے ڈانٹی ہوئی دھمکائی ہوئی ہین
کیا بات تری اے لب جانبخش ہے کیا بات | عیسےٰ بھی ترے وقت مین دم کھائی ہوئی ہین

مہلت تخلص میرزا علی لکھنوی شاگرد جرأت مرزا علی لقی مختشر کے ہاتھ سے مارے گئے

مرنے کے بعد بھی نہ گئی دل کی یہ تپش | آرام زیر خاک بھی اب خاک کیجیے

میر تخلص میر محمد تقی اکبرآبادی ولد میر عبد اللہ ہمشیرہ زادہ و شاگرد سراج الدین علیخان آرزو عنفوان شباب مین دہلی مین گئے تھے وہان سے لکھنؤ مین جاکر سکونت اختیار کی نواب آصف الدولہ بہادر کی سرکار سے انکا وظیفہ مقرر ہوا تھا ۱۲۱۵ھ بارہ سو پچیس ہجری مین فوت کی سوائے قصیدہ کے جمیع اصناف سخن پر قادر تھے اشعار انکے بغایت مرتبہ رتبہ بلند رکھتے ہین فرط اشتہار سے حاجت بیان نہین مثنوی و غزل گوئی مین استاد مسلم الثبوت گزرے انکی استادی سے کسی کو انکار نہین جو درد کہ انکے کلام مین ہے کسی شاعر ریختہ گو کے کلام مین نہین انکے چھ دیوان ریختہ مع قصاید و مثنوی نظر سے گزرے ایک دیوان فارسی اور ایک تذکرہ شعرا اور ایک رسالہ میر فیض بھی انسے یادگار ہین

ہنگامہ گرم کن جو دل ناصبور تھا | پیدا ہر ایک نالہ سے شور نشور تھا
نکلا تھا آج صبح بہت گرم ہو لے | خورشید اوسکو دیکھتے ہی سرد ہو گیا
کشتی ہر ایک فقیر کی بھر دی شراب سے | اس دور مین کلال عجب مرد ہو گیا
دل سے شوق رخ نکو نہ گیا | جھانکنا تاکنا کبھو نہ گیا
سب گئے ہوش و صبر و تاب و توان | لیکن اے داغ دل سے تو نہ گیا
سحر گردان ہے میر ہم تو رہے | دست کوتاہ تا سبو نہ گیا
ہمنے جانا تھا لکھے گا تو کوئی حرف اے میر | پر تیرا نامہ تو اک شوق کا دفتر نکلا
حساب کا ہے کا روز شمار مین مجھ سے | شمار ہی نہین ہے کچھ مرے گناہونکا
جتنے تو مراد سنے مجھے داغ ہی رکھا | پھر گور پر چراغ جلایا تو کیا ہوا
اتنی گزرے جو مرے ہجر مین سو اوسکی سبب | صبر مرحوم عجب مونس تنہائی تھا

اے دوست کوئی محبسا رسوا نہ ہوا ہوگا
دشمن کے بھی دشمن پر ایسا نہ ہوا ہوگا

خدا کو کام تو سونپے ہین مین نے سب لیکن
رہے ہے خوف مجھے وعدہ نیازی کا

ہم خستہ دل ہین تجھسے بھی نازک مزاج تر
تیوری چڑہائی تو نے کہ یہان جی نکل گیا

دور بہت بھاگو ہو نہسے سیکھے طریق غزالوں کا
وحشت کرنا شیوہ ہو کچھ اچھی آنکھون والونکا

سخت کافر تھا جن نے پہلے میر
مذہب عشق اختیار کیا

دل و دماغ ہے اب کسکو زندگانی کا
جو کوئی دم ہے سو افسوس ہی جوانی کا

میر بھی دیر کے لوگون ہی کی سی کہنے لگا
کچھ خدا لگتی بھی کہتا جو مسلمان ہوتا

میر کے ہوش کے ہین ہم عاشق
فصل گل جب تلک تہی مست رہا

بس اب نہ منہ کھلاؤ ہمارا ڈہکی رہو
محشر کو ہم سوال کرین تو جواب کیا

ہرچند میر بستی کے لوگونسے ہے نفور
پر ہاے آدمی ہے وہ خانہ خراب کیا

صبر تہا ایک مونس ہجران
سو وہ مدت سے اب نہین آتا

میر کے نبض پر رکھہ ہاتھہ لگا کہنے طبیب
آج کی رات یہ بیمار نہین جینے کا

اب تو جاتے ہین بتکدہ سے میر
پھر ملینگے اگر خدا لایا

دلی مین آج بھیک بھی ملتی نہین اونھین
تہا کل تلک دماغ جنھین تاج و تخت کا

شاید نشہ مین اوسکی یہ سفاکیان ہوئین
زخمی جو اوسکے ہاتھہ کا نکلا سو رچور تہا

ایسے بت بے مہر سے ملتا ہے کوئی بھی
دل میر کو بہاری تھا جو پتھر سے لگایا

تیرا رخ مخطط قرآن ہے ہمارا
بوسہ بھی لین تو کیا ہو ایمان ہے ہمارا

کھلا نشہ مین جو پگڑی کا پیچ اوسکے میر
سمند ناز کو اک اور تازیانہ ہوا

دل بیرحم گیا شیخ لیئے تربیر زمین
مرگیا پر یہ کہن گبر مسلمان نہ ہوا

ہونا نہ چار چشم دل اوس ظلم پیشہ سے
ہشیار زینہار خبردار دیکھنا

دل عشق کا ہمیشہ حریف نبرد تہا
اب جس جگہ کہ داغ ہے یہان آگے درد تہا

گزرے مدام اوسکی جوانان مست مین
پیر مغان بھی طرفہ کوئی پیر مرد تہا

عاشق ہین ہم تو میر کے بھی ضبط عشق کے
دل جلگیا تہا اور نفس لب پہ سرد تہا

ہمارے آگے جو تیرا کسی نے نام لیا
دل ستم زدہ کو ہم نے تھام تھام لیا

لیتے ہی نام اوسکا سوتے سے چونک اوٹھے
ہے خیر میر صاحب کچھ تم نے خواب دیکھا

بخت سیہ نے دیر مین کل یاوری سی کی
تھی دشمنون سے اوسکو لڑائی تمام شب

نے چارہ وہ اوسے ہے نہ مجھکو ہے وہ دماغ
جانا مرا اودھر کو بشرط طلب ہو اب

کاشش اوسکے روبرو نہ کرین مجھکو حشر مین
کتنے مرے سوال ہین جنکا نہین جواب

کہتے ہین آگے تھا بتون مین رحم
ہے خدا جانیے یہ کب کی بات

میر سے پوچھا جو مین عاشق ہو تم
ہو کے کچھ چپکے سے شرمائے بہت

کیا پوچھتے ہو آہ مرے جنگجو کی بات
گویا وفا ہے عہد مین اوسکے کبھو کی بات

آئے ہین میر منہ کو بنائے جفا سے آج
شاید بگڑ گئی ہے کچھ اوس بیوفا سے آج

جی لیا بوسۂ رخسار مخطط دے کر
عاقبت اوسنے ہمین زہر دیا پان کے بیچ

نظر میر نے کیسی حسرت سے کی
بہت روئے ہم اوسکی رخصت کے بعد

کس پر تھے بید باغ کہ ابرو بہت ہے خم
کچھ زور سا پڑا ہے کہین اس کمان پہ

دامن پہ آج میر کے داغ شراب تھی
تھا اعتماد ہم کو بہت اس جوان پر

اس طور سے تمہارے تو مرتے نہین ہیم
اب واسطے ہمارے نکالو جفا کچھ اور

مرنے پہ جان دیتے ہین دار فگان عشق
ہے میر راہ و رسم وفا کچھ اور

مرتے ہین سب پہ میر نہ اس یکسی کے ساتھ
ماتم مین تیرے کوئی مرو یا پکار کر

کرتا ہے کون منع کہ سچ اپنی تو نہ دیکھہ
لیکن کبھی تو میر کے بھی حال پر نظر

ہر گام سد رہ تھی تجانا نہ کی محبت
کعبہ تلک تو پہونچا لیکن خدا خدا کر

مین منع میر تجھکو کرتا نہ تھا ہمیشہ
کہوئی نہ جان تو نے دل کو لگا لگا کر

کر رحم تک کب تک ستم مجھپر جفا کار اس قدر
اک سینہ خنجر سیکڑون اک جان آزار اس قدر

اپنی مزاج مین بھی ہے میر ضد نہایت
رنگ شکستہ اپنا بے لطف بھی نہین ہے

شکوۂ آبلہ ابھی سے میر
ہے پیارے ہنوز دلی دور

اسوقت ہے دعا و اجابت کا وصل میر — اک نعرہ تو بھی پیشتر صبحگاہ کر
ضعف یہانتک کھنچا کہ صور تکبر — رہگئے ہاتھ مین قلم لے کر
وہ لوگ تم نے ایک ہی شوخی مین کھو دیے — پیدا کیے تھے چرخ نے جو خاک چھانکر
آزار دیکھے کیا کیا اون پلکون سے اٹک کے — جی لیگئے یہ کانٹے دلمین کھٹک کھٹک کر
منتظر قتل کے وعدے کا ہون اپنی یعنی — جیتا مرنے کو رہا ہے یہ گمنگا رہنو ز
کیا کہیے کیا رکھے ہین ہم تجھسے یار خواہش — اک جان و صد تمنا اک دل ہزار خواہش
لعل خموش اپنے دیکھو ہو آرسی مین — پھر پوچھتے ہو ہنسکر مجھ بینوا کی خواہش
پان لیتا تو جا فقیرون کے — برگ سبز است تحفۂ درویش
سب سے آئینہ نظر رکھتے ہین خوبان اختلاط — ہوتے ہین یہ لوگ بھی کتنے پریشان اختلاط
غلط غلط کہ رہون تم سے مین ذرا غافل — تم اور لوگ بھی سیری خبر دروغ دروغ
کسیکے کہنے سے مت بدگمان میر سے ہو — واہ اور اوسکو کسو پر نظر دروغ دروغ
عشق ہے عشق ہے جہان دیکھو — سارے عالم مین بھر رہا ہے عشق
ہم گرے اوسکے در ہی پر مر کر — اور کوئی کرے وفا کیا خاک
اللہ رے عندلیب کی آواز دلخراش — جی ہی نکل گیا جو کہا اون نے ہای گل
جانین ہین فرش رہ تری مست ہال ال ہلا — اے رشک حور آدمیونکی سی چال چل
رہتا نہین ہے کوئی گھڑی اب تو یار دل — آزردہ دل ستم زدہ دل بیقرار دل
میر لین شاید اوسکی زلف سے کام — برسون سے تو لٹک رہے ہین ہم
ہے تہ دل بتون کا کیا معلوم — نکلے پردے سے کیا خدا معلوم
طرز کینہ کی کوئی چھپتی ہے — مدعی کا ہے مدعا معلوم
جب میسر ہو بوسہ اوس لب کا — چپکے ہی ہو رہو نہ بولو تم
ترشرو بہت ہے وہ زر گر پسر — پڑے ہین کھٹائی مین مدت سے ہم
نہ مل میر اب کی امیرون سے تو — ہوئے ہین فقیر انکی دولت سے ہم
مستی مین ہمکو ہوش نہین نشاتین کا — گلشن مین اینڈتے ہین پڑے زیر تاک ہم

اے بتو اسقدر جفا ہم پر — عاقبت بندۂ خدا ہین ہم
کوئی خواہان نہین ہمارا میر — گویا جنس نارواہین ہم
کرتے ہین گفتگو سحر اوٹھکر صبا سے ہم — لڑنے لگے ہین ہجر مین تیرے ہوا سے ہم
کہی ہے ہر کوئی اللہ میرا — عجب نسبت نہے بندے مین خدا مین
مستی سے درہمی ہے مری گفتگو کے بیچ — جو چاہو تم بھی مجھکو کہو مین نشہ مین ہون
کرتا نہین قصور ہمارے ہلاک مین — یارب یہ آسمان بھی ملجای خاک مین
میر سچ کہتا تھا جنت ہو نصیب وسکی تئین — حور کا چہرہ کہان اوسکا رخ نیکو کہان
پیری سے جھکتے جھکتے پہونچا ہون خاک تک میں — وہ سرکشی کہان ہے اب تو بہت دبا ہون
باغ گو سبز ہوا اب سرگلزار کہان — دل کہان وقت کہان عمر کہان یار کہان
نہین دیر اگر میر کعبہ تو ہے — ہماری کوئی کیا خدا ہی نہین
ہر آن کیا عوض ہے دعا کا بدی ولے — تم کیا کرو بھلے کا زمانا رہا نہین
میر صاحب کو دیکھیے جو بنے — اب بہت گھر سے کم نکلتے ہین
اوسکے کوچہ مین نہ کر شور قیامت کا ذکر — شیخ یہان ایسے تو ہنگامے ہوا کرتے ہین
تو پری شیشے سے نازک ہے نہ کر دعوی مہر — دل ہین پتھر کے انھون کے جو فا کرتے ہین
آتے ہین مجھے خوب یہ دو نو ہنر عشق — رونے کے تئین آندھی ہون کڑھنے کو بلا ہو
نامہ کو چاک کر کے کرے نامہ بر کو قتل — کیا یہ لکھا تھا میر مری سرنوشت مین
یہ ہی جی نجات کے غم مین — ایسی جنت گئی جہنم مین
آگے تو لعل نو خط خوبان سے دم نہ مار — گو اے مسیح اگلی وہ باتین نہین رہین
خال وخط ایسے فتنہ نگاہین یہ آفتین — کچھ اک بلا وہ زلف پریشان ہی نہین
جب لے نقاب منہ پر تب دید گر کیا کی — در پردہ شوخیان ہین اور بے حجابیان ہین
بوے گل و رنگ گل اللہ ہو اللہ ای نسیم — لیک بقدر اک نگاہ دیکھے تو وفا نہین
شکوہ کروں ہون بخت کا اتنے غضب بتان — مجھلو خدا نخواستہ تم سے تو کچھ گلا نہین
نالہ کیا نہ کر سنا نوحہ یہ میرے عندلیب — باتین ہین بات عیب ہے مین نے تجھے کہا نہین

محل نشین ہین کتنے خدام بار مین یہان — لیلی کا ایک ناقہ سو کس قطار مین یہان
تیغ و تبر رکھا نہ کرو پاس میر کے — ایسا نہ ہو کہ آپ کو ضائع وہ کر رہین
تفاوت کچھ نہین شیرین و شکر اور یوسف مین — سبھی معشوق اگر پوچھے کوئی مصری کی ہین لیان
عام ہے یار کی تجلی میر — خاص موسی وہ کوہ طور نہین
تری آنکھون کو آؤن دیکھنے مین تو عجب مت کر — کہ سنت ہے عبادت اور انھین ہمدم کبھی ہین
عاشق ہے یا مریض ہے پوچھو تو میر سے — پاتا ہون زرد روز بروز اس جوان کو مین
خوش نہ آئی یہ تیری چال ہمین — یون نکرنا تھا پایمال ہمین
دن نہین رات نہین صبح نہین شام نہین — وقت ملنے کا مگر داخل ایام نہین
نہ نگہ نے پیام نے وعدہ — نام کو ہم بھی یار رکھتے ہین
ایک سب آگ ایک سب پانی — دیدہ و دل عذاب ہین دونون
ہوگا کسو دیوار کے سایہ مین پڑا میر — کیا کام محبت سے اوس آرام طلب کو
مت تربت میر کو مٹاؤ — رہنے دو غریب کا نشان تو
اب سے کہوگے کچھ تو ہم چپکے ہو رہینگے — ہر بات پر کہان تک آپس مین گفتگو ہو
یون رفتہ اور بیخود کب تک رہا کروگے — تم اب بھی میر صاحب اپنے تئین سنبھالو
کب شرح شوق ہو سکے پر تو بھی میر جی — خط تم نے جو لکھا اوسے کیا کیا لکھا کہو
ہر چند ساتھ جان کے ہے عشق میر لیک — اس درد لاعلاج کی کچھ تو دوا کرو
ظالم ہو میری جان پہ نا آشنا نہ ہو — بیرحمی اتنا عیب نہین بے وفا نہ ہو
کھینچا ہے آدمی نے بہت دور آپ کو — اس پردہ مین خیال تو ٹک کر خدا نہو
ملتفت ہوتا نہین ہے گاہ تو — کسقدر منفور ہے اللہ تو
خطرے بہت ہین میر رہ صعب عشق مین — ایسا نہ ہو کہین کہ دل و دین کو کھو رہو
زمانہ یار نہین اپنے بخت سے اتنا — کہ مدعی سے اوسے ایک دن لڑائی ہو
چمکتے دانتون سے اوسکی ہوا ہی روشنی میر — عجب نہین ہے کہ بجلی کی جگ ہنسائی ہو
یہان جو ہم گنہگار دلگلیون کے خط ہی مٹ گئے — وہان کسطرح سے دیکھین ہمارا حساب ہو

قد کھینچے ہے جو وقت تو ہے طرفہ بلا تو
کہتا ہے ترا سایہ پری سے کہ ہو کیا تو

[illegible] نہ زیست کرتا تھا
میر کی وضع یاد ہے ہم کو

ہنوز طفل ہے وہ ظلم پیشہ کیا جانے
لگاوے تیغ سلیقہ سے جو لگائی ہو

گفت و شنید اکثر میرے تری رہی ہے
ظالم معاف کریو میرا کہا سنا تو

ہائے اوس زخمی شمشیر محبت کا جگر
درد کو اپنے جو ناچار چھپایا کہتا ہو

صبح سے اور بھی پایا مین اوسی شام کو تپنا
کام کرتی ہے جو کچھ میری دعا مت پوچھو

یہ طشت و تیغ ہے اب یہ مین ہون اور یہ تو
ہے ساتھ میرے ظالم دعوی اتجھے اگر کچھ

میر کو کیون نہ معتنم جانے
اگلے لوگون مین اک رہا ہی یہ

کس گنہ کا ہے پس مرگ یہ عذر جانسوز
پائے ہر شمع ہے مجلس مین پر پروانہ

ہو جاوے پاس جسمین سو عاشقی ہے ذرہ
ہر رنج کو شفا ہے ہر درد کی دوا ہے

دیدنی ہے وجد کرنا میر کا بازار مین
لطف پر اوسکے ہمنشین مت جا

کہو ہم پر بھی مہربانی تھی
پیدا کہان ہین ایسے پراگندہ طبع لوگ
افسوس تمکو میر سے صحبت نہین رہی

ادھر توبہ کرے ہی میرا ادھر لگتا ہے مے پینے
کہان تک اب تو اپنا اوڈھگیا ہی اعتقاد اوسکا

جاتا نہین اگر وہ مسجد سے میکدہ تو
پھر میر جمعہ کی شب دو دو پہر کہان ہے

جو خواہش نہ ہوتی تو کاہش نہ ہوتی
ہمین جی سے مارا تری آرزو نے

دل کو تسکین نہین اشک دما دم سے بھی
اوس زمانے مین گئی ہے برکت غم سے بھی

رحم بھی دیتا تھا تھوڑا اس خوبی کے ساتھ
تجھسے کیا کل گفتگو یہ داد محشر سے ہے

آج پھر تھا بے حمیت میر واں
کل لڑائی سے لڑائی ہو چکی

گئے جی سے چھوٹے بتون کے جفا سے
یہی بات ہم چاہتے تھے خدا سے

نہ شکوہ شکایت نہ حرف و حکایت
کہو میر جی آج کیون ہو خفا سے

دل کسقدر شکستہ ہوا تھا کہ رات میر
آئی جو بات لب پہ سو فریاد ہو گئی

مین جو بولا کہا کہ یہ آواز
اوسی خانہ خراب کی سی ہے

میرا ون نیم باز آنکھون مین ساری مستی شراب کی سی ہے
اب جو اک حسرت جوانی ہے عمر رفتہ کی یہ نشانی ہے
وہ کالا چور ہے خال رخ یار کہ سو آنکھون مین دل ہو تو چرالی
اوسکے ایفاے عہد تک نہ جیے عمر نے ہم سے بیوفائی کی
زور وزر کچھ نہ تھا تو باری میر کس بھروسے پہ آشنائی کی
ہین آمد میر کل بھا گئے طرح اک ہین مجنون کی سب آگئی
شرمندہ ہو وین طالع خورشید وماہ دونون خوبی نے تیرے منہ کی ظالم قرآن کیا ہے
سمجھے ہے نہ پروانہ نہ تھامتی ہے زبان شمع وہ سوختنی ہے تو یہ گردن زدنی ہے
غیر نے ہمکو ذبح کیا ہے طاقت ہی یار اس کشتنے نے کرکے دلیری امید جرم کی ہے
ہم ہوئے تم ہوئے کہ میر ہوئے اوسکی زلفون کے سب اسیر ہوئے
تا چند ترے غم مین یون زار رہا کیجے امید عیادت پر بیمار رہا کیجے
مارا ہے کسکو ظالم اب بے سلیقگی سے دامن تمام تیرا لوہو مین بھر رہا ہے
قرار دل کا یہ کا ہیکو ڈھنگ تھا آگے ہمارے چہرے کے اب ہی رنگ تھا آگے
باہم سلوک تھا تو اوٹھاتے تھے نرم گرم کا ہیکو میر کوئی دم جب بگڑ گئے
لیلے کے روٹ مل گئے جو کان کے موتی شرم سے سر گریبان صبح کی تاری ہوئے
تمناے دل کے لیے جان دے سلیقہ ہمارا تو مشہور ہے
بہت سعی کر لیے تو مر رہیے میر بس اپنا تو اتنا ہی مقدور ہے
نکلے ہی آنکھون سے تو گرد کدورت جاے اشک تا کجا تیری گلی مین خاک چھانا کیجیے
یاقوت کوئی اونکو کہے ہے کوئی گلبرگ اک ہونٹھ ہلا تو بھی کہ اک بات ٹھہر جاے
اب خدا مغفرت کرے اوسکو صبر مرحوم تھا عجب کوئی
وہ اور ہوگی وقت سحر جو ہوی قبول شرمندۂ اثر تو ہماری دعا نہ تھی
بیمار رہے ہین اوسکی آنکھین دیکھو کسو کی نظر نہ ہووے
احسان ہین ہری خانقہ مین قابل میر صنمکدہ مین تو تاب آکے واں رہا بھی ہے

رکھو آرزوئے خام کی کر و گفتگو خط جام کی — کہ سیاہ کار و سے حشر مین حساب ہے نہ کتاب ہے
لبریز جسکے حسن سے مسجد ہے اور دیر — ایسا بتون کے بیچ مین اللہ کون ہے
جی مین ہماری بھی تھا پیوین شراب — پیر مغان تو نے کرامات کی
ناصح کو خبر کیا ہے لذت سے غم دل کی — ہے حق بطرف اوسکے چکھے تو مزا جانے
عزت کی کوئی صورت دکھلائی نہین دیتی — چپ رہیے تو چشمک ہی کچھ کہیے تو گالی ہے
از خویش رفتہ اوس بن ہتا ہی میر اکثر — کرتے ہو بات کس سے وہ آپ مین کہان ہے
حال پر گفتنی نہین میر ا — تم نے پوچھا تو مہربانی کی
پھر نہ شیطان سجود آدم سے — شاید اوس پردے مین خدا ہووے
روز آنے پہ نہین نسبت عشقی موقوف — عمر بھر ایک ملاقات چلی جاتی ہے
میکدے سے تو ابھی آیا ہے مسجد مین میر — ہو نہ نفرش کہین صحبت ہے یہ بیگانون کے
دم آخر ہے کیا نہ آنا تھا — اور بھی وقت تھے بہانے کے
طبیبون نے تجویز کی مرگ عاشق — مناسب مرض کے دوا کیا لگا لی
اب چھیڑ پہ رکھی ہے کہ عاشق ہی تو کہین — القصہ خوش گزرتی ہے اوس بن گمان سے
اخیر الفت یہی نہین ہے کہ جا کر آخر ہوی تنگے — ہوا جو یہانکی یہ ہے تو یار و غبار ہو کر اوڑا کرو
عدم مین ہمکو یہ غم رہیگا کہ اور دن پر اب ستم رہیگا — تمھین تو لذت ہے ستانے ہی کی کسو پر آخر جفا کرو
سرہانے میر کے آہستہ بولو — ابھی تو روتے روتے سو گیا ہے

میرن تخلص میر عسکری عرف میرن مقیم دہلی شاگرد ثناء اللہ خان فراق

جالی کی انگیا تری دیکھ کے رشک سے — ہاتھ بلے بلے طرح محرم اسرار ہے

مینوش تخلص منشی شیو سہاے خلف منشی دیبی پرشاد عزیز نبیرہ منشی شاہجہان پوری مقیم فرخ آباد

ہر گل گلشن کو سمجھے عارض رنگین ترا — نرگس بیمار کیا آنکھون سے اندھی ہو گئی

حرف نون

ناجی تخلص محمد شاکر دہلوی معاصر نجم الدین آبرو سنہ ۱۱۶۱ گیارہ سو اٹسٹھ ہجری مین

انتقال کیا صاحب دیوان گزرے

ماہرو جب سفید پوش ہوا — ہر طرف چاندنی کا جوش ہوا
تیرے رخسار کے پرتو سے اے شوخ — پرنیخانہ ہوا گھر آرسی کا
غم نہین گر دلبری سے دل کو لیجاتا ہے وہ — پاس میرے تب تو آتا ہے جو دل پاتا ہے وہ
عرض غصہ مین کبھی اہل وفا کی نہ سنی — ہٹ پہ آجاے وہ کافر تو خدا کی نہ سنی
تصور مین تری رخ کے گئی ہے نیند آنکھون سے — مقابل جسکے ہو خورشید اوسکو خواب کیا آوے

ناداں تخلص مولوی محمد بخش ساکن بریلی شاگرد کرامت علی شہیدی عروض و قوافی مین دخل معقول رکھتے تھے

پھر راہی زندان مین ہوا بعد رہائی — زنجیر مین انداز ہے زلفون کی رسن کا

نادر تخلص گنگا سنگھ لکھنوی شاگرد میر حسن

قاصد تو اس بہانے سے اوس پاس جائیو — یہ لسکا خط ہے مجھکو ذرا پڑھ سنائیو

نادر تخلص ایک شخص دہلوی معاصر محمد شاہ بادشاہ کا ہے

زلف کو کہنا پریشان عقل سے دوری ہے — ہر گرہ مین دل ہے اوسکی گانٹھ کی پوری ہے

نادر تخلص میر محمد عارف کشمیری مقیم دہلی

سو طرح کی بات اگر کہیے تو کہتا ہی نہین — تجھ مین اور مجھ مین بجز نون پڑ گئی یہ کیا گرہ

نادر تخلص ڈاکٹر سید آغا بنارسی شاگرد آتش مقیم کلکتہ کئی سال کا عرصہ ہوا کہ انتقال کیا ان مین بہت بڑا عیب تہا کہ دوسرون کے شعر کو اپنے نام سے پڑھتے تھے

نگاہ جب کہ ادہر کی تو دل کے پار ہوئے — خطا کبھی نہ ترے تیر کا نشانہ ہوا
سیکنی کا جو ہوا اوس بت نوخط کو خیال — خضر در یا سے لیے ہاتھ مین ساغر نکلا
تقدیر سے الجھا نہ مین تدبیر سے الجھا — الجھا تو تری زلف گرہگیر سے الجھا
دل یار کے گیسوے گرہگیر سے الجھا — دیوانہ جو الجھا بھی تو زنجیر سے الجھا

نادر تخلص نواب احمد حسین خان عرف نادر آغا

دوہری کلائی ہوگئی گجری کی جھونک سے | کنگن کا بوجھ اوٹھیگا مری نازنین سے کب

نادر تخلص مولوی سید نجم الدین حسین خلف سید قمر الدین مرحوم باشندہ سیمنگ ایک مدت دراز تک ہندوستان مین رہے اندنون ٹالیگنج مین رہتے ہین شعر فارسی بہت خوب کہتے ہین رمل اور طب مین احیانًا دخل رکھتے ہین راقم کے دیوان اول کا نقشہ نظر آپ ہی کی لکھی ہوئی ہے

ضبط کر رکھتا ہون ہون کو دل غمناک مین | ورنہ اس چرخ ستمگر کو ملا دون خاک مین
مے کی بدلے خون پی لون اوسکی گردن توڑ کر | محتسب سنتا ہون مین پھرتا ہے میری تاک مین
چاک ہی ہوگا گریبان ہو چلی بے جین ہم | جین ٹکوا تے ہو دامان قبا کے چاک مین
تمھارے نیفہ سے نکلا ہے سانپ کا جوڑا | لٹک کے جھوم رہا ہے ازار بند نہین
عدو ہے وصل کی شب دست عشرہ دار اپنا | کہ طاقت کشش بند سینہ بند نہین
ہنسی کسی لب شیرین کی جب سے دیکھی ہے | پسند غنچہ گلشن کا زہر خند نہین
جو نیند آگئی تمکو تو ہان سمجھہ لون گا | نہین نہین یہ تمھاری مجھے پسند نہین
اوڑاتے پھرتے ہین ٹھوکر سے ہم پہاڑونکو | تلاش تیشہ نہین خواہش کلند نہین
مرے کمال کی شہرت سے ہند مین نادر | کہان نہین ہے صفاہان کہان خجند نہین
آہ رکتی ہے ضعف سے دل کی | سانس چلتی ہے سینہ چھل چھل کے
چڑھگیا ہے جنون جو زور ون پر | پڑ رہے اوڑتے ہین اب تسلاسل کے

ناور تخلص مرزا کلب حسین خان بہادر ڈھیوٹی کلکٹر اٹاوہ خلف کلب علی خان بنارسی شاگرد ناسخ و آتش تذکرہ شوکت ناوری و دیوان انکا نظر سے گزرا

عشق ذقن نے ہمکو جھکائے بہت کنوئے | جیتے رہے تو نام ہی لیگے نہ چاہ کا
چوٹی کی فتح پیچ سے دلکو ہوئی شکست | آخر اسیر طرۂ طرار ہو گیا
ڈرتا نہین ہون گیسوؤنکے عشق سے ذرا | دونگا حساب حشر مین مین بال بال کا
وہان نزاکت سے ہڈیان تک گران ہا لا سر | کوہ غم رکھتے ہین یہان ہم ناتوان ہا لا سر
کیا زبردست آب و دانہ ہے گہر کا دیکھنا | ٹکڑا دریا سے تو کیسا جلد پہونچا کان مین

شوخ ڈورے مین گندا موتی نظر آنے لگا | اوسنے انگشت حنائی کو جو دابا دانت مین
دل مین ہوس زلف چلیپا نہین رکھتے | ہم سر نہین رکھتے کوئی سودا نہین رکھتے
ہم خاک نشینون سے کدورت نہین لازم | کیون آئینۂ دل کو مصفا نہین رکھتے
کہتا ہے کف دست مصفا کو دکھا کر | موسیٰ کی طرح ہم ید بیضا نہین رکھتے
نہین ہے خال لب تر کے پاس جلوہ نما | یہ شیر ہے کہ جو بیٹھا ہوا کچھار مین ہے

نادم تخلص رجب حسین خان ابن نواب مظفر حسین خان لکھنوی شاگرد مقصود عالم مقصود

اک اک گھڑی زیادہ ہے ایک یک سال سے | نادم ہے روز حشر شب ہجر بار کیا

نادم تخلص ایک شخص دہلوی شاگرد میر حسین تسکین کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

آج پھر دیکھین کہ ہوتی ہے سحر کس طور سے | شام ہی سے جوش پر کچھ نالۂ شبگیر تھا

نارش تخلص مولوی الٰہی بخش ولد مولوی محمد صالح خیر آبادی شاگرد مظفر علی اسیر عزیزون مین مولانا فضل حق مغفور کے ہین

افسانۂ دراز ہے قصہ طویل ہے | نارش کہان تلک مین کہون ماجرائے دل

نازنین تخلص مرزا علی بیگ دہلوی ریختی گو برخلاف جانصاحب کے انکی ریختی مین کچھ کچھ شاعری کا مزہ بھی ہوتا ہے

ہوئے عشاق مین مشہور یوسف ساحون آتا کا | ہوا ہم عورتون مین تھا بڑا دیدہ زلیخا کا
مین اپنے سر کو دھوتی ہون ہوا اوریہ تماشا کا | موا بیٹھا ہے کیا خوش خوش کہ دن آیا تقاضا کا
کوئی بیٹھا ہو نجھے ہے کام اپنے کام سے | اے نگوڑے آدمی سے تو تو حیوان ہو گیا
سونا کبھی شوہر کو میسر نہین ہوتا | عورت انھین باتون سے ترا گھر نہین ہوتا
کچھ ہو نہین سکتا ہے اور اسپر ہی اکڑتا | نیچا تو نگوڑے کا کبھی سر نہین ہوتا
ایسا کسی تجھ نے لبھایا تھا کہ شب بھر | لیٹا تو رہا پاس یہ کروٹ ہی نہین تھا
میری نماز کھوئی اس مردوے نے آکر | اوٹھی تھی اے دوا مین کہ جلدی سے نہا کر
اے زناخی مردوا ہے بدگمان | تو نہ کر باتین ہمارے کان مین
رات بھر ہی وہی بات اور وہی چوا چائی | اے دوا ایسے ندیدے سے پڑا کام مجھے

فوارہ کی طرح سے در ابھی نہ تھم سکے | تم ایک بوند پانی پہ کہتا ہو جل بڑے
دس گھر تو چھٹ چکے ہین کہا تھا کہ دن جنم | کس جا بٹھائے دیکھنے آب آسمان مجھے

ناسخ تخلص شیخ امام بخش لکھنوی صاحب تذکرہ سراپا سخن سید محسن علی محسن نے انکو ولد شیخ خدا بخش تاجر لاہوری کر کے لکھا ہے لیکن یہ تاجر مذکور کے غلام مشہور تھے چنانچہ خود شیخ ناسخ نے اس امر کے منع کرنیکی یہ رباعی مرقومہ ذیل کہی ہے واللہ اعلم بالصدق والصواب

رباعی ناسخ

کہتے رہے اعمام عداوت سے غلام | میراث پدر چھینے مگر بانی تمام
اس دعوی باطل سے ستمگاروں کو | حاصل یہ ہوا کر گئے مجھکو بدنام

رباعی دیگر از ناسخ

مشہور ہے کر یہ افترائے اعمام | پر کرتے نہین غور خواص اور عوام
وارث ہونا دلیل فرزندی ہے | میراث نہ پا سکا کبھی کوئی غلام

غرض اشعار انکے بیشتر مثالیہ و پر مضمون ہوتے ہین اکثر اشعار شعرائے متقدمین و متاخرین فارسی گو کو بہت اچھی طرح سے ترجمہ کیا ہے مشہور ہے کہ کچھ روز دلگی محمد عیسے تنہا شاگرد صبحی سے اصلاح لیکر منحرف ہو گئے تھے سوائے غزل اور رباعی کے اور کسی صنف سخن مین دخل نہین رکھتے تھے ۱۲۵۴ بارہ سو چون ہجری مین فوت کی کلیات انکا نظر سے گزرا

مرا سینہ ہے مشرق آفتاب داغ ہجراں کا | طلوع صبح محشر جاک ہے گریبان کا
کفن کی جب سفیدی دیکھتا ہون کنج مرقد مین | تو عالم یاد آتا ہے شب مہتاب ہجراں کا
مانگی باران کی جو ہم بادہ پرستون نے دعا | رعد نے کہنے لگا کہ نعرہ کیا آمین کا
رشک مہنال پر ہے کیا اوسکو | رنگ بدلا جو تیرے چنبر کا
آتا نہین ہے دن کو بجز شب وہ اندنون | بدلا ہے شیرہ سے مزاج آدم شب کا
جلا کرتا ہون مین دن رات لیکن مر نہین جاتا | اثر سوز غم فرقت مین ہے نار جہنم کا
کافر ہون سیر ہم رہین مجروم و اعطا | کر میکدہ پہ حکم نہ جاری فرات کا

آج دعوی اوسکی یکتائی کا باطل ہو گیا
بحث کرنے کو جو آئینہ مقابل ہو گیا

سوال وصل مین لڑنا پر یہ تیرے ابرو کا
اشارہ ہے برات عاشقان پر شاخ آہو کا

اے اجل ایک دن آخر تجھے آنا ہو دے
آج آتی شب فرقت مین تو احسان ہوتا

ذبح کر ڈالون گا کرا بکی تو بولا شب وصل
مین نے سو بار تجھے مرغ سحر چھوڑ دیا

دونگے تیرے بازوئے نازک کو پھر تکلیف تیغ
لائیو اپنے شہیدون کی نہ مدفن زیر پا

مرگ اک سوتی تھی ورنہ یہ کراہا شب کو
کہ جہان کو ترے بیمار نے سونے نہ دیا

نشتر خون جگر مین کیا ہے آب زندگانی کا
نہین مرتا مین فرقت مین برا ہو سخت جانی کا

اگر ہو بھاپ پر سمندر یقین ہے ہو خاک دم مین جلکر
سنا جو ہوا آفتاب محشر گھر ہی داغ آشین کا

دیکھنا اس گل کی بد ذاتی نہ پہونچے تا جواب
مجھکو لکھا ہے مرا خط لیکے آئے عندلیب

کبھی چھڑی جو نازسے اوسنے تہ ذقن
سب کو ہوا گمان کہ ہے سیب ذقن مین چاہ

بس بھی تدبیر اب اونکے بھگا دینے کی ہے
جی مین ہے ہو جاؤن عاشق چند روز اے عیار

دیر و یران ہین ترے عہد مین کعبہ ہی خراب
جمع ہین کافر و دیندار ترے کوچہ مین

ہون وہ سیکش کہ بستی مین کہون رکھی
لاکھ قلقل کرے شیشہ مجھے مینکا نہ مین

جو مجھکو یار نے مارا تو غیر کو کر دقتل
عزیزو اسکے سوا اور انتقام نہین

ہاے یہ کہنا تہ رکھکر مری چھاتی پہ ہاتھ
ابتو اس دم نالہ آتش فشان کرتا نہین

کبھی ملجاے خدا اسکی مجھے باس نہین
اے صنم پر ترے ملنے کی مجھے آس نہین

نکالا کاروان خط نے بھی آکر نہ اے ناسخ
مرا دل کیا بری ساعت گرا چاہ زنخدان مین

ننگ ہون زیست سے ہو جاؤن کسی پر عاشق
کوئی اور اسکے سوا مرنے کی تدبیر نہین

ہے تعجب آسمان تفرقہ انداز سے
یکجا ہین عاشق و معشوق کیونکر ڈاب مین

دانے ہین انگیا کی چڑیا کو نبت کی چنیان
بلبلی ہے بالی کی مچھلی موتیون کے آبگیز

یہی کہتا ہے جلوہ میرے بت کا
کہ اک ذات خدا ہے اور مین ہون

ہے جو یون مکروہ طبع پاک کو مضمون غیر
وصل کا مضمون شایان بنے دیوان مین نہین

جب وہ مسجد مین ادا کرتے ہین
سب نماز اپنی قضا کرتے ہین

سرسبز سبزہ ہو جو ترا پایمال ہو
ٹھہرے تو جس شجر کے تلے وہ نہال ہو

دم اخیر تو کر لوں نظارہ جی بھر کر
الٰہی خنجر سفاک آبدار نہ ہو

جو ہوتا وصل اپنی قسمت میں پھر تا یوں خدا سے
کہ طالع سب کے ہیں معلوم اوس طفل برہمن کو

سیاہی بن گئی شنگرف کیا تاثیر ہے قاتل
لکھا میں نے جو تیرے عارض گلگوں کے مضمون کو

کرتے تھے فاش نشہ میں بدمست سیر غیب
اسواسطے حرام کیا ہے شراب کو

کرتے ہیں مشہور اوس محبوب کا مجھکو عدو
میری دشمن بھی نہاں رکھتے ہیں میرے راز کو

شمشاد سرو میں یہ خوش آوازیاں کہاں
طوبیٰ کہوں میں قامت موزون یار کو

معشوقوں سے امید وفا رکھتے مو نا سخ
نادان کوئی دنیا میں نہیں تم سے زیادہ

تر اقبی دکھانا اے معلم طفل بد خو کو
ہمارے تو سن عمر رواں کو مارنا ہے

جب نہ تب نالۂ سوزاں سے جلا خانۂ دل
نہ ہوا یہ کہ کسی غیر کا بھی گھر جلجائے

تنگ آکر جب کہا میں نے کہ مرجاؤں کہیں
بدگمان سمجھا کہ اسکو اشتیاق حور ہے

تکلم ہے فقط ہے اوس صنم کا
خدا کی طرح گویا بے دہان ہے

آتے آتے کیوں نہ اوسٹے پاؤں بہانگ دور سے
صبح ڈرتی ہے بہت میری شب دیجور سے

ہوں وہ غمگین کہ لب نہ ہنسی سے ہو آشنا
دیوار قہقہہ بھی جو آئی نظر مجھے

رکھو کسیطرح تو سروکار مہربان
کرتے رہو جفا ہے وفا گر نہ ہو سکے

فراق یار میں نفرت ہے مجھکو بادہ خواری سے
کہیں زاہد نہ کردی متہم پرہیزگاری سے

ہم بوسہ مانگتے ہیں وہ کچھ بولتے نہیں
محروم ہے سوال ہمارا جواب سے

جینا فراق کا نہیں ہرگز حساب میں
مدت ہوئی کہ مرچکے ہیں ہم حساب سے

رتبہ میری خانہ ویرانی کا ایسا ہے بلند
آسمان کہتے ہیں جسکو میرے گھر کا بام ہے

ہوگئی صبح شب وصل دسکے جاتے ہی سیاہ
آفتاب اپنی نظر میں اک چراغ شام ہے

راز کا چاہیئے عاشق کو چھپانا ایسا
دلمیں موذن کر صنم ہاتھ میں قرآن ہووے

مارتے ہیں حنا فاقہ مست کو ہوتا ہے جب
یعنی اوسکے ہوش میں آنے کی یہ تعزیر ہے

عاشقوں کیطرح تو اوسکو مٹادے سنو غیر
یہ خط رخسار ظالم نامۂ تقدیر ہے

سرسبز سبزہ ہو جو ترا پایمال ہو
ٹھہرے تو جس شجر کے تلے وہ نہال ہو

دم اخیر تو کر لوں نظارہ جی بھر کر
الٰہی خنجر سفاک آبدار نہ ہو

جو ہوتا وصل قسمت میں پھر تا یوں خدا جانے
کہ طالع سب کو ہیں معلوم اوس طفل برہمن کو

سیاہی بن گئی شنگرف کیا تاثیر ہے قاتل
لکھا میں نے جو تیرے عارض گلگوں کے مضمون کو

کرتے تھے فاش نشہ میں بدمست سیر غیب
اسواسطے حرام کیا ہے شراب کو

کرتے ہیں مشہور اوس محبوب کا مجھکو عدو
میری دشمن بھی نہاں رکھتے ہیں میرے راز کو

شہ نشار سر و میں یہ خوش آوازیاں کہاں
طوبیٰ کہوں میں قامت موزوں یار کو

معشوقوں سے امید وفا رکھتے ہو ناسخ
نادان کوئی دنیا میں نہیں تم سے زیادہ

تو اپنی دکھانا اے معلم طفل بدخو کو
ہمارے تو سن عمر رواں کو مارنا ہے

جب نہ تب نالۂ سوزاں سے جلا خانۂ دل
نہ ہوا یہ کہ کسی غیر کا بھی گھر جلجائے

تنگ آکر جب کہا میں نے کہ مرجاؤں کہیں
بدگمان سمجھا کہ اسکو اشتیاق حور ہے

تکلم ہے فقط اوس صنم کا
خدا کی طرح گویا بے دہان ہے

آتے آتے کیوں نہ اولٹے پاؤں بھاگ دوڑ سے
صبح ڈرتی ہے بہت میری شب دیجور سے

ہوں وہ غمگین کہ لب نہ ہنسی سے ہو آشنا
دیوار قہقہہ بھی جو آئی نظر مجھے

رکھو کسیطرح تو سروکار مہربان
کرتے رہو جفا ہے وفا گر نہ ہو سکے

فراق یار میں نفرت ہے مجھکو بادہ خواری سے
کہیں زاہد نہ کردی متہم پرہیزگاری سے

ہم بوسہ مانگتے ہیں وہ کچھ بولتے نہیں
محروم ہے سوال ہمارا جواب سے

جینا فراق کا نہیں ہرگز حساب میں
مدت ہوئی کہ مر چکے ہیں ہم حساب سے

رتبہ میری خانہ ویرانی کا ایسا ہے بلند
آسمان کہتے ہیں جسکو میرے گھر کا بام ہے

ہوگئی صبح شب وصل اوسکے جاتے ہی سیاہ
آفتاب اپنی نظر میں اک چراغ شام ہے

راز کا چاہیئے عاشق کو چھپانا ایسا
دلمیں ہو ذکر صنم ہاتھ میں قرآن ہو وے

مارتے ہیں صدا فاقہ مست کو ہوتا ہے جب
یعنی اوسکے ہوش میں آنے کی یہ تعزیر ہے

عاشقوں کیطرح تو اوسکو مٹاوے سنو خبر
یہ خط رخسار ظالم نامۂ تقدیر ہے

زہر گیسو کا نسبت ہے اور تو ڑا سانپ کا — تیری کنگھی نے صنم ہر دانت توڑا سانپ کا

مری آنکھوں سے کیا نسبت کہ قطرہ ابر نیسان کا — ورنا یاب ہو سکتا ہے آنسو ہو نہین سکتا

ساقیا دے مجھے شتاب شراب — کب سے کرتا ہون مین شراب شراب

ناسخ یہی تجھ سے پوچھتا ہے — کیسا ہے مزاج یار قاصد

حسن کو چاہیئے انداز و ادا و ناز و نمک — لطف کیا گر ہوئی گورون کی طرح کہال سفید

باب توبہ تو کھلا ہے تو سہی جاؤن وہین — کر لیا ہے تو نے دروازہ جو اے خمار بند

کہتے ہین ہوتی ہے بات اولٹی پر زیادونکی — اے پری ہے ترے اقرار سے انکار بلند

ہوئی یہان آمد و رفت نفس بند — قبا کے اسقدر ظالم نہ کس بند

کان مین محبوب کی آواز ہی آتی نہین — کیا شب فرقت مین مجھکو رشک سے ہے غلبہ

کرتی ہے مجھے قتل مرے یار کی رفتار — تلوار کی تلوار ہے رفتار کی رفتار

کیا ہلین تکیہ سے سائین کونڈی سونٹا چھوڑ کر — پاس ہے اکسیر کی بوٹی نہین پر وا زر

مردونکو جلاتی ہے ترے ناز کی آواز — اعجاز کا اعجاز ہے آواز کی آواز

تو تھی گرچہ شب وصل نے کی ہے لیکن — ہو تری عمر شب ہجر سے اے یار دراز

کب شب ہجر تھی درازی مین — کو تھی مین ہے جسقدر شب وصل

کچھ تری بات کو ثبات نہین — ایک ہان ہے تو پانچ سات نہین

ہاے کیا وہ بھی زمانہ تھا جو کرتے تھے بسر — وصل کی شب جاگنے مین روز فرقت جوانہ

اک نگہ کرتی ہے قتل ایک نگہ دیتی ہے جان — آپ رکھتے ہین قضا اور قدر آنکھون مین

دہوم عالم مین مچی ہے تری بدنامی کی — ہاے ناسخ تجھے کچھ عار نہین ننگ نہین

آواز ہے مانند مزامیر گلے مین — تحریر ہے گویا تری تقریر گلے مین

جو روز ہے وہ طول مین گویا ہے روز حشر — برسون سے دوپہر نہین ڈھلتی ہے ہجر مین

مرجھلا ہون امید واری مین — ایسے ہان سے وہ کرتے کاش نہین

آنکھ کیا دل کیا حرم کیا دیر کیا میخانہ کیا — کونسی جا ہے وہ ہرجائی جہان ملتا نہین

تھا چاک جیب صبح تو مشہور اے جنون — مین تیرہ بخت شام گریبان دریدہ ہون

دیوان اوس غارتگر دیر و حرم کے ہاتھ مین
یہ سبب ہے ربط جو شیخ و برہمن مین ہے

دے کر پر و از ابھی اے طائر جان ایکدم خدا
وہ باہر آنے پر ہین اب کبوتر بند کرنے ہین

آگے ترے انکھون کے چہ کارا ہے پریرو
ہر چند کہ ہوتی ہے چکارے کی بڑی آنکھ

کوئی جانان گر نہین تو کنج زندان ہی سہی
کوئی اہی جوش جنون پیدا کیجیے

اسقدر کہانا تری فرقت مین غم
دل ہمارا زندگی سے سیر ہے

آگئے ہین کسقدر ہم بھی فریب عشق مین
بت کو اک مدت تلک سمجھا کیے اللہ سے

ہجر کی شب کا جو ہے ایسا ہی طول
صبح ہوتے ہوتے اپنی ہو رہے

اسقدر بے یار ہون بزم غنا مین بیقرار
ہے مشابہ حال میرا صوفیون کے حال سے

کسی نعمت سے مین واقف نہین جز بادہ تلخ
زاہدا تو سمجھہ تارک لذات مجھے

جنون پسند مجھے چاؤن ہے بولون کی
عجب بہا رہے ان زرد زرد پھولون کی

امید وصل مین ہے جھولتے ہین برسون سے
وہان رقیبون نہین تیار یان مین جھولون کی

تو وہ شیرین ہے کہ تجھہ پر ہوئی شیرین فرہاد
تو وہ لیلی ہے کہ تجھپر ہوئی مجنون لیلی

گزرا اوس پری کا ہے اکثر چمن مین
درختون کو سایا ہوا چاہتا ہے

ہوا یقین نہ روزی ہوئی مری مقبول
کہ عید کو نہ کیا اوسنے ہمکنار مجھے

غم و یاس رنج و درد و باد اغ دیا
ہوسکین مجھسے عوض کیا ترے احسانونکے

تم ہو مری طرف سے مقدر بہرے ہوئے
خالی مجھے رقیب کو ساغر بھرے ہوئے

ہون گا ادھر گاہ اودھر آٹھ پہر مین
سایہ کی طرح یار کی دیوار نہ چھوٹے

وصل کیسا وہ تو مجھسے رات بھر
مثل گیسو بے سبب برہم رہے

تری آرزو ہو اگر آرزو
یہی آرزو ہے اگر آرزو

ہے الف سا قد تصور مین یہان آٹھون پہر
دل ہمارا ہے کہ پیشانی کسی آزاد کی

رنج غربت دشت وحشت کین دشمن ہجر دوست
کسطرح ہو شادمانی خاطر ناشاد کی

اپنے اپنے بخت یوسف کو زلیخا مول لے
جان شیرین مفت مین جاتی رہی فرہاد کی

جسکو ناکاپیچ گیا جو کی جسے مارا ادسے
تکو تیر اندازی آتی ہے نئے انداز کی

رنگ تو کیا کٹ گئے ہین دیکھنے والونکی سر — تیغ سے ہے حال اوس محبوب چے پڑ بازکی
یہ نزاہٹ یہ رنگت ہو کہان سونے مین اے ناسخ — تن محبوب مین خالت ہی دست اقتشار سونیکی
پوچھا جو روکے یار نے ناسخ کی حال کو — ہنسکر کہا رقیب شقی نے گذر گئے
دیکھا جسے ہو گیا وہ عاشق — تیری آنکھون مین موہنی ہے
دنیا ہے کہان سایہ برے وقت مین کوئی — پتھر کو لگی چوٹ شرارے نکل آئے
ہین حسین اور بہی پر تجربہ مین ہے ہر بات نئی — وضع نئی وضع نئی گات نئی بات نئی
کی جو خیاط ازل نے تری پوشاک درست — بچ رہی قطع مین یہ شمس و قمر دو ٹکرے

ناصر تخلص سید ناصر نواب دہلوی خلف خواجہ محمد ناصر امیر نواسہ خواجہ میر درد مدرس شاگرد مرزا قربان علی بیگ سالک

ہے دلمین اونکے غیر کی صورت بسی ہوئی — دلمین بہی اب تو اونکو بٹھایا نہ جائیگا
قسمت مین غم ازل سے ہے رونے سے فائدہ — تقدیر کے لکہے کو مٹایا نہ جاے گا
کیون اوسکے بزم ناز مین ناصر گئی تہی تم — دیکہا وہ کچہ کہ جی سے بھلایا نہ جاے گا

ناصر تخلص مرزا محمد علی بیگ خلف مرزا احمد بیگ دہلوی شاگرد مرزا قادر بخش صابر

ناصر نے اس مزے سے اوٹھائی جفا کہ اب — اونکو بغیر اوسکے جفا ہے نہین پسند

ناصر تخلص سعادت خان خلف رسالت خان متوطن نگینہ مقیم لکھنؤ شاگرد مرزا محسن مذنب مرثیہ گو ایک تذکرہ اور پانچ دیوان انسے یادگار ہین

مین نے کیا ہے اپنی پریشانیون کا ذکر — ایسا نہو کہ منہ پہ کوئی بات لائے زلف
کہتے ہین قامت جانان کی زبانی یہ ہم — چہوٹے قد پر ہین بڑی فتنۂ محشر بلکین
تیر جیسے ہین نہین ہین یہ کمانین ویسی — نوک کی ابرؤون سے لیتی ہین خود سر بلکین
غصہ کی شکل یار کو کیونکر دکہائیے — آئینہ دیجئے دم دشنام ہاتھ مین
زینت عارض سادہ ہین ترے بالوں — چار چاند اوسکو لگے تو جو ہوا چار ابرو
اوتر گیا سہ نو کی طرح ہمارا منہ — نہ دیکہا دیکہہ کے اوسکو اگر تمہارا منہ
اے بت ترے خیال کا احسان مند ہون — پتلی کیطرح اوسنے رفاقت کی آنکھ سے

ناصر تخلص نواب ناصر جنگ خلف نواب مظفر جنگ سنہ ۱۲۲۵ بارہ سو اٹھائیس ہجری مین انتقال کیا

آگے تو تہی ہی برسر بخشش کمند زلف | پیچھے پڑی ہے کیلئے چوٹی بلا ہوئی

ناصر تخلص میر ناصر علی خلف مرزا محمد علی باشندۂ فتحپور رہنسوا شاگرد اکرام علی تواناؔ

حفظ بیمار کو رکھتے ہین سرہانے تلوار | کیا مناسب ہین ہمدرد یہ بیمار پرور

ناصر تخلص ابو محمد ولد سید اکرام علی برادر ابو تراب نسخ باشندۂ لکھنؤ شاگرد عرش صاحب دیوان ہین

بوٹا سا قد وہ گلشن عالم کی ہے بہار | گلبرگ تر کے ہاتھ ہین برگ سمن کے پاؤن

دل محو یا بوسی آہوے چشم ہے | کیا سحر ہے کہ شیر نے چومے ہرن کے پاؤن

ناطق تخلص شیخ احمد شاہ ولد شیخ محمد شاہ باشندۂ سکندرپور شاگرد مرزا عنایت علی ماہ اکبر آباد کی عدالت دیوانی مین وکالت کرتے تھے

زلف کا مضمون کیا تحریر اپنے ہاتھ سے | ہمنے ڈالے پانون مین زنجیر اپنے ہاتھ سے

ناطق تخلص مرزا احمد فرخ آبادی خلف مرزا محمد معلوم نہین کہ یہ اور شیخ احمد شاہ ناطق ایک ہین یا نہین اسلیے الگ الگ شعر جداگانہ لکھا گیا

وہ نقاب اوٹھے تو خورشید قیامت ہو عیان | ہم اگر نعرہ کرین دم بند ہو دے صور کا

ناطق تخلص لالہ جگناتھ فرخ آبادی خلف لالہ لالجی

جب تلک خانۂ دل درد سے آباد نہو | عمر بھر خاطر عشاق کبھی شاد نہ ہو

ناظر تخلص میر غلام شبیر ابن میر کاظم علی مرثیہ خوان متوطن اٹاوہ

اوس کافر بد خو سے اگر راہ نہ ہوتی | گمراہ طبیعت کبھی دا اللہ نہ ہوتی

ناظم تخلص نواب یوسف علی خان بہادر والی رامپور بریلی خلف نواب محمد سعید خان بہادر شاگرد اسد اللہ خان غالب علم عربی و فارسی مین اچھی دستگاہ رکھتے ہین شعر صاف عاشقانہ خوب کہتے ہین لیجسلیٹیو کونسل ہند کی ممبر ہو کر سنہ ۱۸۶۴ اٹھارہ سو چونسٹھ عیسوی یعنی سنہ ۱۲۸۱ بارہ سو اسی ہجری مین اشرف البلاد کلکتہ مین رونق فرما ہوئے تھے

دیوان الکفا نظر سے گزرا

دل سے ایجان کو دشمن نہ اوتارا ہوتا — چڑھ گئے تھے ہم اگر زد پہ تو مارا ہوتا
بچے نہ سیم و زر انسے نہ دین و دل چوٹی — کچھ اور خاک نہین جانتے مگر لینا
چلے ہو دشت کو ناظم اگر ملے مجنون — ذرا ہماری طرف سے بھی پیار کر لینا
کیون آکے کہو در پہ کہ وہ گھر مین نہین ہیز — کیا ہم نہین پہچانتے سرکار کی آواز
کہتے ہین کہ وہ بھی یہی کہتے ہین کرون کیا — کہتے ہو کہ دلجوئی اعدا نکر و تم
مین جانتا ہون میری فنا سے اوڑی ہی نیت — وہان جاگتے ہین غیر کے وہ استغار مین
آدمیت نہین تجھمین یہ عدو کی ہے غرض — یون پری کہتے ہین مانا تری تحقیر نہین
اور کیا نالۂ و فریاد سے حاصل مجھکو — پھیر دیجے کہین گھبرا کے مرا دل مجھکو
جنت مین شہد و شیر گل و سیوہ ہو تو ہو — ناظم خوشی تو یہ ہے کہ وہان مے حلال ہے
ہے وہ تقریب فراق اور یہ تمہید وصال — وصل سے لطف سوا نالۂ و پیغام مین ہے
کہیے اگر کہ طرز ستم ناپسند ہے — کہتے ہین راہ آپ کی ہی کیا پسند ہے
حشر کو کھینچون ترا دامن بھلا دیکھون کیونکر — وہان بھی جھنجھلا کر کہے یوسف علیخان چھوڑ دے

ناظم تخلص ایک شخص لکھنوی کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

وصل ایسا ہو گیا اوسکے بدن سے سیر اتن — رات کو مین یار سے اک جان دو قالب ہو گیا

ناظم تخلص سید یحیے باشندۂ دہلی والد اسکے شجاع الملک کے ساتھ ولایت سے ہند مین آئے تھے کیمیا گر مشہور تھے

دیکھہ ہمراہون کو جون نقش قدم — ہم نے اب عزم سفر چھوڑ دیا
ہزار حیف کہ راہ چمن بھی بھول گیا — قفس سے چھوٹ کے آیا جو اضطراب زدہ
کب اتنی معطر تھی صبا آج تو شاید — لگ آئی ہے گیسوے سمن بو سے کسی کی
نقش قدم کی طرح اوٹھا مت ہمین صبا — اس راہ مین پڑی ہین ہم آرام کے لیے

ناظم تخلص درگا پرشاد ولد چھوٹی لال باشندۂ شمس آباد

جو اوسکے کاکل و رخ کے ہین شیدا — اونھین کیا کام ہے شام و سحر سے

ناظم تخلص شیخ غلام یسین خلف شیخ غلام قادر باشندۂ تاگرام ضلع فرخ آباد

نگاہ ناز نے اکدم مین کر دیا بسمل | اثر کہان یہ دم تیغ آبدار مین ہے

ناظم تخلص پنڈت کامتا پرشاد منتظم راج بھرت پور ابن پنڈت بدری ناتھ لکھنوی

دکھلا کے ہر اک اشک نے سو طرح کے طوفان | باقی تجھے حسرت ہے کہ ای دیدۂ تر اور

ناظم تخلص میر ناظم علی ولد قاضی گلزار علی باشندہ سلون توابع لکھنؤ شاگرد آباد

ہاتھون سے اپنی قوتی ہیں طوطی ہزار | بکلین کہین نہ جان تمہاری کلائیان

ناظم تخلص پنڈت شیو پرشاد ولد پنڈت مانک چند باشندۂ لکھنؤ شاگرد امانت

پانی مین آگ لگ گئی اوٹھنے لگا دھوان | دھوئی جو اوسنے نہر مین مہندی لگا کے ہاتھ

نافذ تخلص مرزا علی خلف مرزا مہر علی لکھنوی شاگرد مولوی شہید

ضبط گریہ کیا کرین دل ہے نہ قابو مین ہمارا | بحر ہستی مین بپا اشکون کا طوفان ہو تو ہو

ناکام تخلص مکرم علی فتح آبادی کبھی دہلی اور کبھی آگرہ مین رہتے تھے

دراز کیجو مت ہاتھ دامن گل تک | سینگا کیا کہین بلبل سے کچھ بر اگل چین

نالان تخلص منولال کہتری باشندۂ دہلی

کہتے ہین تیری گلی مین اک جوان مارگیا | دیکھ تو اے بیخبر جا کر کہین نالان نہ ہو

نالان تخلص میر احمد علی دہلوی مقیم مرشدآباد شاگرد سودا

کہان مجال کہ تم سے کہین کہ یہان رہیے | مزاج خوش ہو جہان آپکا وہان رہیے

نالان تخلص میر وارث علی ولد میر زرانی باشندۂ بہار شاگرد اشرف خان فغان

صاحب دیوان گزرے

یک بیک شام کو وہ یار جو گھر سے نکلا | لوگ حیران ہوے یہ چاند کدھر سے نکلا

چین سے بیٹھنے کہین نہ دیا | مجھکو میری ہی بدگمانی نے

نالان تخلص نور علی بیگ

ہون شہید اے دوستو اوس ابروی خمدار کا | پہل چڑہانا میرے مرقد پر تو پہل تلوار کا

نالان تخلص محمد عسکری کشمیری دہلوی شاگرد مصحفی تیس برس سے زیادہ عرصہ گزرا

کہ نوے برس کی عمر مین وفات پائی

کانون پہ جب رکھتا ہے گل ایک اسطرف ایک اسطرف
شمس و قمر رہتی ہین تل ایک اسطرف ایک اسطرف

سحر کو پونے کا از بس خیال رہتا ہے
شب وصال بھی دل کو ملال رہتا ہے

وہ بد گمان ہون کہ اوس بت کے سایہ پر بھی مجھے
رقیب ہی کا سدا احتمال رہتا ہے

نالان تخلص محمد جان ولد مرزا مہدی علی خان صوبہ دار بانس بریلی باشندہ لکھنؤ شاگرد موجی رام موجی و مصحفی

عاشق مزاج کہتے ہین بچپن سے مجھکو لوگ
آتا نہ تھا کبھی مجھے آرام دوش پر

نامی تخلص سعید الدولہ علی محمد خان بہادر خلف میر بندہ علی بن سیف الدین احمد خان دہلوی باشندہ لکھنؤ شاگرد ناسخ کربلا کی زیارت کرکے کلکتہ مین بھی آئے تھے رائسم کے دوستون مین ہین

گر جانتے ہشیاری غفلت کو اطبا
رکھتے نہ رگ عاشق مدہوش پہ نشتر

یہ عکس نہین سرو کا اے بلبل نالان
ہے جوی چمن کی لب خاموش پہ انگشت

نامی تخلص آغا حسن عرف میرن صاحب ولد میر بندہ حیدر متوطن خراسان باشندہ لکھنؤ شاگرد نواب عاشور علیخان

لذت نشہ سے واقف نہین زہار نکہین
چشم ساقی کو ہوئین دیکھکے سرشار آنکھین

نامی تخلص لالہ نتھن لال کایتھ باشندہ دہلی شاگرد نصیر دہلوی

دامن سے اوسنے جھاڑی جو پیکر شراب گرد
آئی یہ بو کہ ہوگئی بوسے گلاب گرد

نامی تخلص مرزا رجب علی بیگ لکھنوی برادر زادہ امیر الدولہ حیدر بیگ خان

بسکہ مدت سے تھی راہ انتظار یار پر
جا گئی آخر سفیدی دیدہ خونبار پر

نامی تخلص بہ زالدولہ نواب مرزا حسام الدین حیدر خان دہلوی قرابت دار والی لکھنؤ خلف مرزا محمد غیاث شاگرد میر مستحسن خلیق

دم شماری مین مجھے چھوڑ کے جانا کیا تھا
جان جانیکو بھی عاشق کی نہ جانا کیا تھا

ہین اوس نہال حسن کے ہم دل پہ بار حیف
نخل امید عشق مین آیا نہ بار حیف

جنبش باد سے شاخ گل تر لچکے ہے
یاد م باد بہاری سے کمر لچکی ہے

امید دل وہی اوس سنگدل سے سخت بیجا ہے
مگر ان چاہنے والون کا پتھر کا کلیجا ہے

تسخیر دل اونکا ہے نظر آئے ہین جب سے
تعویذ وہ ڈھلکے ہوئے بازو سے کسی کے

نامی تخلص ایک شخص کا ہے جسکا کچھ حال معلوم نہ ہوا

آتش عشق سے نامی کا جگر جلتا ہے
آپ ہنس ہنس کے یہ کہتے ہین کوئی آو دیکھے

واہ کیا خوب مثل ٹھیک بنی ہی اسدم
گھر کسی کا جلے اور کوئی تماشا دیکھے

نایاب تخلص عباس علی باشندہ کلکتہ مقیم دہلی شاگرد حافظ قطب الدین مشیر

وہ پردہ نشین ہمکو اشارے سے بلائے
اے شوق بیان کچھ تری تاثیر ہو ایسی

نبی تخلص میر غلام نبی بلگرامی ہمشیرزادہ میر عبدالجلیل موسیقی مین اچھا دخل رکھتے تھے دوہرہ خوب کہتے تھے

رباعی

از بسکہ حیا دوست ہے وہ مایۂ ناز
اسکے طرز سے ہے اوسکے سخن کا انداز

خامہ کی زبان سے جون نکلتے ہین حرف
پر کان تلک نہین پہونچتی آواز

نثار تخلص شیخ محبوب بخش خلف شیخ محمد افضل باشندہ بجنور اسسٹنٹ انجینیر فرخ آباد

آئی نہ طبیعت کبھی اوفتادہ گرا ایسی
مین جانتا پڑ جائیگی آفت اگر ایسی

نثار تخلص منشی سید اسکری خلف منشی سیتل پرشاد باشندہ دہلی مقیم الہ آباد شاگرد سودا صاحب دواوین اردو و فارسی و بھاکھا و مثنوی گزرے

ہمارا ہے دل جب ہمارا نہین ہے
تو شکوہ ہمین کچھ تمہارا نہین ہے

نثار تخلص نثار علی بلگرامی

اوترے ملک فلک سے یوسف زمین سے نکلے
ممکن نہین کہ تجسا کوئی کہین سے نکلے

بوسے کی بدلی گالی شیرین لبون سے پائی
یہ بھی نصیب اپنے زہر انبین سے نکلے

نثار تخلص میر عبدالرسول اکبرآبادی معاصر میر تقی میر منصبدار شاہی تھے

ہاتھ سے ان جامہ زیبون کے نکل جائینگے ہم
یہ گریبان دامن صحرا کو دکھلائینگے ہم

ماہ رو کی جو مہربانی ہے
یہ مدد ہم پہ آسمانی ہے

اوسکے رخسار دیکھہ جیتا ہون — عارضی میری زندگانی ہے
تم انجمن مین رات عجب آن سے گئی — بسمل کئی پڑی ہین کئی جان سے گئی

نثار تخلص میر افضل علی عظیم آبادی

یہی خوف رہتا ہے بسمل کے دل مین — ترحم نہ آجاے قاتل کے دل مین
اے صبا جاکے تو اتنی تو خبر کر کہ نثار — آستانی پہ کھڑا ہے تری سر ہاتھہ مین ہے

نثار تخلص محمد امان دہلوی خلف سعادت اللہ معمار شاگرد شاہ حاتم دیوان انکا نظر سے گزرا

اوسکے پاؤن سے لگی رہتی ہی دن رات حنا — خوب دنیا مین بسر کرتی ہے اوقات حنا
مثال برق شیوہ ہے ہماری آفت جانکا — کہین دمکا کہین چمکا کہین تاکا کہین جھانکا
ہزارون جیب گل کیونکر نہ پرزی اس ادا پر ہین — قیامت جوم آنا ہے ہر ایک ٹھوکر مین دامن کا
پوچھا جو اوسنے خوش ہو کہا مینے شکر ہے — بولا کہ ہے یہ شکر شکایت بھرا ہوا
اے شمع نقل تو نے یہان اصل کر دکھائی — کیا خوب سانگ لائی اس بزم مین ستی کا
گزرا مرے مزار سے دامن سنبھالتا — کیا خاک بہر غبار مین دل سے نکالتا
شب کو وہ کوٹھی ہی کوٹھے گھر ہمارے آرہا — غیر در وازے پہ بیٹھا راہ ہی تکتا رہا
ہمسے لڑنے دو اونہین کوئی بنو لو درمیان — ایسے ایسے آگے جھگڑے ہو چکے ہین بارہا
سو بات پوچھیے تو ندے ایک کا جواب — کردے تمہکا تم اکے ہمین یونہین لاجواب
جہان ذکر اوسکا آتا ہے مرا جی لوٹ جاتا ہے — کروں کیا اختیار اپنا نہین بے اختیاری ہے
ہم سے ہو زر و سیم کی تدبیر سو کیا خاک — دنیا مین بڑی چیز ہے اکسیر سو کیا خاک
برنگ لب ہے طرفہ آشنائی آہ ہم تم مین — کہ ہو جاتی ہے باتون مین جدائی آہ ہم تم مین
مین جو کہا لیگئی زلف تری دل مرا — ہنسکے کہا سب غلط اوسکی بلا لیگئی
خوبی مین ترے حسن کی کچھ حرف تو کب ہے — لیکن یہ ذرا خط ہے سو اصلاح طلب ہے
اوس آینہ طلعت کی اب مجھسے یہ صورت ہے — ظاہر مین صفائی ہے باطن مین کدورت ہے
گردش کا اوس نگاہ کی اب طور اور ہے — اے ساکنان میکدہ یہ دور اور ہے

نجابت تخلص سید کلب علی ولد سید حسن علی باشندہ لکھنؤ شاگرد امانت

آمین رقیب کہتے ہین بے ساختہ وہین	دیتے ہین بد دعا جو وہ ہم کو اوٹھا کے ہاتھ
بیداد سے بتون کے ہراسان نہ ہو دلا	انصاف تیرا حشر کو دن ہے خدا کے ہاتھ
بوسہ کے مانگنے پہ نجابت وہ ہین خفا	رکھونگا سر کو پاؤن پہ جوڑ و لگا جا کے ہاتھ

نجابت تخلص سید زین العابدین فصائد فارسی انکے نہایت عمدہ ہین

یہان تلک سر کو پٹک ہجر مین توڑی ہے چھت	کہ نہین دامن کہسار مین چھوڑے پتھر
آنکھین پتھرا گئین قسمت مین ٹپکتے آنسو	بل بے ہجران تری قدرت کہ نچوڑی پتھر

نجابت تخلص شیخ حسن رضا دہلوی مرثیہ گو مقیم ضلع سارن سنہ ۱۲۱۱ بارہ سو سات ہجری مین فوت کی

کوئی عنوان نہ دیکھا کفر و ایمان مین جدائی کا	ہر اک بت مین نظر آیا ہمین جلوہ خدائی کا

نجات تخلص شنکر سروپ ابن رام سروپ سررشتہ دار کلکٹری فرخ آباد

کیا چل سکے گا جادہ الفت مین زاہدا	یہ راہ وہ ہے جسمین ہر اک کا گذر نہین

نجد تخلص مرزا محمد عباس ولد مرزا حامد رلکھنوی شاگرد میر وزیر صاحب دیوان ہین

دیکھا کبھی نہ چشم ترحم سے سوی دل	نکلے نہ اے نگار کبھی آرزوے دل
دیکھا نہ کبھی آنکھ اوٹھا کر بھی ادھر کو	ہمسے نہ کبھی چار ہوین ہار کی آنکھین
جوہر ترے جانباز کی کھل جائینگے جبدم	گھل جائینگی قاتل تری تلوار کی آنکھین

نجف تخلص میر نجف علی شعرائے قدیم مین ہین

کسطرح ربط نہ ہو زلف سے دیوانون کو	ربط ہوتا ہے پریشان سے پریشانون کو

نجم تخلص سید اشرف علی بنارسی

ہمبتی چادر مہتاب کہدو ماہ کامل سے	نکلتا ہے وہ خورشید قیامت اپنے منزل

ص میر نجم الدین ولد میر قمر الدین دہلوی صاحب دیوان ہین

نظرون مین ہو گیا غائب	ہو گیا طرفہ ماجرا دل کا
ن اتنی بیقراری ہے	تو ذرا کہنہ تو ماجرا دل کا

تری چشم خمار آلودہ کے مانند اے ساقی
اگرچہ مست ہون لیکن بہت ہشیار پہرتا ہون

یہان جو آیا ہون تو شاید مری موت آئی ہے
تیرے کوچہ مین مگر مجھکو قضا لائی ہے

نجم تخلص محمد رضا خان داروغہ خزانہ و نائب خانسامان بادشاہ لکھنؤ ولد محمد قاسم طباطبائی برادرزادہ مختار الدولہ باشندہ لکھنؤ شاگرد نظام الدین ممنون صاحب دیوان اردو فارسی ہین

اخگر اڑا رہا ہے جو مثل انار دل
دکھلا رہا ہے ہمکو خزان و بہار دل

ہے یار سے امید عبث نجم دم نزع
لیتا نہین اسوقت مین کوئی خبر دل

نجم تخلص مولوی انعام اللہ شاگرد میر وزیر صبا خلف مولوی ولی اللہ ابن مولوی حبیب اللہ باشندہ لکھنؤ محلہ فرنگی محل

غضب کی بے نیازی ہے نہین کچہ بولتے منہ سے
یہ بت اللہ اکبر کسقدر مغرور ہوتے ہین

نجم تخلص میر نجم الدین علی خان داروغہ ضلع جہانسی خلف حکیم ابو سعید خان

عبث ہے دوا عشق کی ہرگز نہین ہوتی
یہ وہ ہے مرض جب کوئی مرجاوے تو جاوے

نجم تخلص میر نجم الدین احمد خلف میر عنایت علی متوطن بریلی تحصیلدار فرخ آباد

سنا کہے اد ٹھگیا دنیا سے وہ آج
گرایا کل جسے تمنے نظر سے

نجم تخلص مولوی نجم الدین احمد خلف مولوی احمد علی باشندہ چریاکوٹ ضلع اعظم گڈھ

شرم سے آتش دوزخ ہوئی پانی پانی
منفعل جرم سے جب نجم گنہگار آیا

نجیب تخلص میر بہادر علی شاگرد فراق

اے رحنا ترے ہاتھون سے خونبہا دل کا
تو لونگا دست نگارین سے خونبہا دل کا

نحیف تخلص حق وردی خان

فرستہ پوچہنے مجھسے جو کچہ مزار مین آئے
تو بولون مین کبھی جب تک نہ نکل مزار مین آئے

نحیف تخلص سید برکت علی مراد آبادی

ابھی مین شہر خموشان مین ڈالدون اک شور
خدا جو دے مجھے اکدم کوہی مزار مین روح

یہان تلک تو رکھا تیرے عشق نے مجبور
کہ اپنے قابو مین دل ہے نہ اختیار مین روح

سخیف تخلص نواب مہدی علی خان بہادر خلف نواب حفیظ اللہ خان مرحوم داماد نواب احمد علی خان بہادر والی رام پور لندن کی سیر بھی کی ہے انسے کلکتہ مین ملاقات ہوئی تھی

اونکو غفلت مری جانب سے اگر کچھ بھی نہین	بے خبر کیون ہوئے ایسے کہ خبر کچھ بھی نہین

سخیف تخلص محمد عوض علی خلف منیر احمد شاہ باشندہ فرخ آباد

خفا ہو کے محفل مین آئے ہوئے ہین	غضب کے وہ تیوری چڑہائے ہوئے ہین

ندا تخلص مرزا معین الدین دہلوی خلف مرزا احمد بخش ابن شہزادہ خجستہ بخت شاگرد مرزا کریم الدین رسا

کیا خاک ہو بہبودی ہستی کی اوس سے توقع	جسمین نہ مروت ہو نہ ہو پاس وفا کا

ندرت تخلص شیخ عابد علی خلف شیخ امانت علی خان باشندہ سکندرہ ضلع اٹاوہ

بوگیسوے پر پیچ کی للہ سنگھاؤ	مدت سے پریشان ہین پریشان بہارے

ندرت تخلص مرزا مغل مرثیہ اور سلام مین امامی تخلص کرتے تھے

غضب ہے عشق کسوسے کسو کو پیار نہ ہو	کسی کے لطف کا کوئی امیدوار نہ ہو

ندیم تخلص مرزا علی مرثیہ گو باشندہ دہلی معاصر میر تقی

جدائی مین تری ہم کیا کہین کسطرح جلتے ہین	بجاے موبدن سے آگ کے شعلے نکلتے ہین

ندیم تخلص سید محمد عسکری متوطن کڑا ضلع الہ آباد شاگرد شاد غلام اعظم افضل تخلص

زمین قبر سے مجھکو بڑی ندامت ہے	کہ شست خاک نہین ہے نثار کے قابل

ندیم تخلص شیخ علی قلی مرثیہ گوے دہلوی معاصر سودا نواب محمد جعفر خان کے عہد مین مرشد آباد مین وفات پائی

بیقرار عشق کو ہے زندگی نقص کمال	مرچکے سیماب تب کہتے ہین یہ اکسیر ہے

ندیم تخلص سید پیارے صاحب لکھنوی

جلد وہ آئینہ ہین اوس رشک قمر کے دیکھے	کہ دگرگون نظر آتی ہے جگر کی صورت

ندیم تخلص مرزا محمد علی بیگ خلف مرزا علی نقی بیگ صوبہ دار باشندہ فرخ آباد

شیر بن سخی غبردن سے دہان کرتے ہو تم تو | کرتا ہے بہان شور نمکخوار تمھارا

ندیم تخلص محمد شفیع ولد میر محمد رفیع لکھنوی شاگرد مہدی علیخان قبول

گرداب بلا مین پھنسے دیکھے جو بشر صاف | دریا شکم صاف ہے دریا کا بھنور ناف
یوسف تمھارے سامنے بازار مین جو آئے | دیکھے کبھی نہ اوسکو خریدار آنکھ سے

نزار تخلص سید قاسم علی ولد میر احمد علی شاگرد مصحفی وطن انکا مشہد مقدس کو اروں نے انکی پہلے دہلی مین بعد ازان فیض آباد مین سکونت کی تھی انکا مولد و مسکن لکھنؤ ہے

دل دے تو بیٹھے اوس بت بے پیر کو نزار | پھر کیون پکارتے ہو یہ ہر دم کہ ہای دل

نزار تخلص خواجہ محمد اکرم شاگرد میر تقی میر

کیا کیجئے غرض صبر کا مقدور نہین ہے | اک زخم نہین دل پہ کہ ناسور نہین ہے

نزہت تخلص مولوی برہان الدین باشندۂ قصبۂ دیوا ضلع الہ آباد

گو تم دم مردن مرے بالین پر آئے | کیا ظلم کہ اسوقت بھی منہ ڈھانپ کر آئے
اک قامت رعنا کا تصور تھا مجھے صبح | ہنگامۂ محشر کے تماشے نظر آئے

نزہت تخلص رفیع الدرجات خلف عبرت رامپوری

لالہ لالہ داغ جگر ہے صحرا صحرا وحشت ہے | شبنم شبنم رقت ہے اور گلشن گلشن کلفت ہے

نزہت تخلص مرزا ارجمند دہلوی نامہ نویس عماد الملک نواب غازی الدین خان بہادر نظام تخلص

چاک کر پھینک دیا ہاتھ کا اوجھا گیا | ایک قصہ تھا گریبان کے سلوانے کا

نزہت تخلص مرزا کرامت اللہ دہلوی برادر زن مرزا جمعیت شاہ ماہر

اوٹھالون سر پہ اگر ہووے غم خدائی کا | اگر نہین ہے گوارا ستم جدائی کا

نزہت تخلص لالہ رام سروپ ابن لالہ شام لال متوطن کرادلی ضلع مین پوری

مہربان مجھ پر جو وہ خورشید سیما ہو گیا | آج روشن میری قسمت کا ستارا ہو گیا

نساخ تخلص راقم اوراق ہیچ میرز عبد الغفور

اشعار دیوان اول

شہید ناز ہون مین دیدۂ آئینہ رویان کا
گمان کیونکر نہ ہو زخمون پہ میرے چشم حیران کا

کیا ہے نفس امارہ نے گمرہ دل کو اے زار
ہوا ہے غول خضر راہبر اپنی بیابان کا

کسی مہرو کی فرقت مین ہوئین جو موجزن آنکھین
بنا ہے کشتی طوفان ہلال اپنی گریبان کا

سراپا زخم ہون تیغ زبان یار سے لیکن
نہین ملتا ہے مثل ذات حق منہ زخم پنہان کا

کیف مے سے چشم مست یار مین ڈوبی ہے ہر
مجھکو دھوکا دے رہے ہین دام آہوگیر کا

اون نکیلی پٹنیون سے ہوگیا سینہ فگار
کیا اثر ہے ڈھال کے پھولون مین تیر کا

جنبش ابرو سے اوسکے ٹوٹتا ہی مرغ دل
کام وہ صیاد لیتا ہے کمان سے تیر کا

موم دل جو ہی ستاتا ہے اوسے ہر شب دل
شمع کا سر کاٹنا اک کھیل ہے گلگیر کا

ٹوٹ جاے رشتۂ جان اوسکا آنا ہو جو بند
آمد و رفت نفس ہے آنا جانا یار کا

کام تیرے پانون کا کب دست مانی سے ہوا
تیرا ہر نقش قدم نقشہ ہے روئے حور کا

پوچھو نہ حال گرمی حسن شباب کا
ہے دوپہر کو گرم مزاج آفتاب کا

اے صنم تیرے سنہرے رنگ کی تاثیر سے
پورون پر مہندی کا چھلا خاتم زر ہوگیا

ٹکڑے ہیر جوش جنون مین اپنا دامان ہوگیا
ہتکڑی ہاتھون مین پہر تار گریبان ہوگیا

سر بسجدہ گوشۂ محراب ابرو مین جو ہے
ہندوی خال صنم شاید مسلمان ہوگیا

سونے کی مول بکتی ہے زنجیر آہنی
آیا ہے اے پری جو یہ موسم بہار کا

حاصل ہے اشارون مین مرا لطف بیان کا
لیتا ہے وہ لوک شرہ سے کام زبان کا

اوسکی انگیا کی جو چڑیا کا مجھے رہتا ہی دھیان
ہے کف دست آشیانہ طائر افسوس کا

کم نہین ہے سان کی گردش سے دو چشم مست
شکتی آنکھون کی ڈورون پر ہی تیغ تیز کا

کون ماہیت کوے بت پر فن سمجھا
شیخ سمجھا جو حرم دیر برہمن سمجھا

حلقہ بینے مین نکلتے ہین صدائے رنگین
تیری سنسان پہ شک ہے مجھے شہنائی کا

دیدۂ تر کو نہین تحریر سرمہ کا خیال
چشمۂ زمزم پہ گویا قافلہ ہے حاج کا

اوڑتے اوڑتے جو خبر سن لے مری نالون کی — لال گلشن مین ہر اک مرغ خوش آواز رہا
گاہ جاڑا گاہ گرمی دن کبھی برسات کا — اک روش کٹنا بہت دشوار ہے اوقات کا
آنا جاوے نے بند کیا میری جان گئی — ضبط نفس نے توڑا ہے رشتہ حیات کا
ہر نگاہ مست ساقی مین ہے کیفیت نئی — ایک سی تاثیر مین ہوتی نہین ہے ہر شراب
جو ذکر حق مین ہے ایمن ہی حرج گردان سے — کہ ایسا سے ہے بخوف واللہ تسبیح
منہ دھونے مین کری جو وہ مسواک کیا عجب — عالم کہی کہ پھوٹی ہے گویا دہن کی شاخ
مارا جو تیر اوسنے دل داغدار پر — پیدا ہوئی ہے شیر کی سر پر ہرن کی شاخ
کس بت چین کا کھلا جوڑا کہ خوشبو ہے جہان — مثل نافہ ہو گیا ہے مشک کا باز ارنبد
کب گوارا کرتی ہین نازک نش سختی کا کام — استخوان کوئی چبا سکتا ہے دندان گہر
پا بوس مہ ہے جو وہ پا مال ہوا ہے — دینی ہے خبر یار کے پازیب کی جھنکار
ہے غلغلہ حشر و یا شور قیامت — یا اوس بت عیار کی پازیب کی جھنکار
روز و شب کے حال کے پرچے لگا دیتے ہین روز — یار کی ڈیوڑھی کے ہرکارے ہین شمس و قمر
شک نہین پہرتے ہین روز و شب تلاش یار مین — جب یہ ثابت ہے کہ سیارے ہین شمس و قمر
اتنے گناہ کرتے ہین جنکا نہین شمار — تنگ آگئی ہین کاتب اعمال دوش سے
پر زہر آبلے کو مرے دل کے دیکھیے — دیکھا نہ ہو اگر گہر آبدار سبز
پروانہ صفت شمع کی ہے گرد ہمیشہ — صورت کی طرح صاف نہین سیرت فانوس
بے اثر دہ ہین کہ بس مجھکو ملا یا خاک مین — دفن گور و نمین کئی جو لکھ کے کتنے بار نقش
ہاتھ اوٹھانے مین جو ہوتا ہی بنگلیری کا شک — وصل کا دیتا ہے اب نساخ کو پیغام رقص
اوڑائے اور حسن سبز خوبان کو بہار خط — ہو سرمہ آینہ رویونکی آنکھون کا غبار خط
اب عاشق و معشوق نے دیکھا اثر عشق — بیتابی دل ہوتی ہے یہان ضبط نہ وہان ضبط
تیز ہے جسکی زبان خاموش ہی رہتا ہی وہ — بزم عالم مین نہ ہووے گوش زد تقریر شمع
درد عاشق کا نہ ہو صدمہ کبھی معشوق کا — مرگ پروانہ کی کرتا نہین شبون چراغ
جو ہین عالی منزلت ہی خود بخود اونکو فروغ — مہر کا چرخ نہ چلتا ہے بے روغن چراغ

وہ لڑائی آنکھ اوسسے جو کہ ہو دی سر بکف — چشم قاتل ہے نگاہ تیز سے خنجر بکف
ہے منہ پہ تیرے مبتلا جوڑی یہ تیری ہی فدا — اے ماہر و صبح و مسا ایک اسطرف ایک اسطرف
تیری روئے صاف سی ہی میری رنگ زرد سی — چاندنی چاندی کا پتر و ہوسونے کا ورق
نہ آتے تم تو کب کی ای مریجان کوچ کر جاتے — دل و دین عقل و ہوش خواب خورتاب و توان اتنک
اوڑے ہوئے سوئے دیوانہ آتی ہین پتھر — بنی ہے فصل بہاران مین مثل برگ سنگ
نہین ہے سختی تنگی دہر سے ایمن — ہوئی ہے گوشہ گزین سنگ مین اگر گرگ سنگ
مبتلا ہجران مین ہو کر بڑھ گئے غمہای دل — حیف دل افسوس دل احسرتا دل ہای دل
جب سے عشق مین ترے نساخ کہل گیا — کوئی نہین ہے جان کا دشمن سوا دل
دل کو کچھ غیر خموشی بتان یاد نہین — اسلیئے لب پہ مری نالہ و فریاد نہین
دلبر چھپا سکیگا کوئی چال پر پسا — تعویذ حب و بغض ہے نقش قدم نہین
گالی مجھے جو دے تو جلے غیر رشک سے — اوس بت کی دشمنی بھی محبت سی کم نہین
اوس بت کے ہجر مین جو ٹپکتے ہین اشک صاف — سنگ پچکان ہی کم مری چشمان نم نہین
امید وصل و بیم ہجر مین بس دن گزرتے ہین — عجب کچھ زیست ہے اپنی نہ جیتے ہین نہ مرتے ہین
بہرتے جواب صاف سے ہین کاسہ سوال — اس عہد کی بخیل بھی حاتم سے کم نہین
ہے وصل مین وہ زلف گرہگیر گلے مین — اب طوق گلے مین ہے نہ زنجیر گلے مین
دانت پنہان ہین لب شیرین مین اے شیرین وہ — کونسا خرما ہے جسمین استخوان ہوتا نہین
دربدر اپنی نگہ پھرتی ہے ماری ماری — بیٹھ رہنا کبھی سائل کے مقدر مین نہین
بوسۂ خال پہ تو دانت نہ پیس اے نساخ — چابنی دانتون سے لوہے کے چنے کمیل نہیز
چشم فتان سے جو ہے وسۂ نرگس حیران — مسی لب سے ترے ہو گئی مجلس حیران
سرمہ کی حاجت نہین چشم سیاہ یار کو — کام کیا سنگ فسان سے تیغ جوہردار کو
بل بے صفائی ہاتھونکی ای دلبر فرنگ — دل ہاتھون ہاتھ لے لیا مجھسے ملا کے ہاتھ
کیونکر زبان سے اوسکی نزاکت کا ہو بیان — مہندی ملے سے لال ہون جس سہ تھا کہ ہاتھ
ہون میسر مجھے ساقی ازل کی باعث — جام مے شیشہ صراحی خم صہبا بدلے

وہ میری عشق صادق کے اثر سے میرا منصور ہے — جو مجنون تھا وہ لیلی ہے جو لیلی تھا وہ مجنون ہے
ہوئی کیفیت اشراق حاصل مے کے پینے سے — ہر اک میکش ترے دور مین ای ساقی فلاطون ہے
جدا معشوق سے عاشق کو کر دے — مگر دور فلک شور اذان ہے
لا کہہ آزر کی خون سے ہے ظالم بہرا ہوا — آب بقا کہان تری چاہ ذقن مین ہے
شمع رو اتنا غرور ناز معشوقانہ ہے — رخ پہ خط سبز غزل حسن کا پروانہ ہے
خاک پاتے مری مرقد کا نشان پیر و شکیب — بعد مردن جو تری چاہ چھپائی ہوتی
سر چڑہا ہے اے بت شمشیر زن عاشق کا خون — خلق سمجھی ہے غلط بیشانی پر سیندور ہے
کی بیان حال مین اوسکی فراموشی کی یاد — آتے آتے تا زبان تقریر آدہی رہ گئی
کعبہ بنجا اگر ہو ترا سنگ در اے بت — بھولی سی رہی یاد کہ سجدہ نہ کرینگے
جبین پر خون دل کو ہے جو در بدر آوارہ ہے — دخت رز کو دو رساغر جنبش گہوارہ ہے
اوسکو بھی میری جدائی سے ہو رنج — جان متکل سے جدا ہو تن سے

اشعار دیوان دوم

ہوئے جو محو وفا کوئی بدگمان نہ ہوا — ہمارے اونکے محبت کا امتحان نہ ہوا
رہ خال فتنہ ہے جو فتنہ زبان نہ ہوا — وبال جان ہے جو گیسو وبال جان نہ ہوا
یہ اعتماد رہا اونکی بیوفائی پر — کہ وہ عدو سے ملے اور مین بدگمان نہ ہوا
مگر ہے حال دل زار وصل کا مضمون — کہ پیش یار کبھی شرم سے بیان نہ ہوا
منہ پہ آئینہ نے قلعی بھی چڑہائی لیکن — نہ ہوا یار ترے منہ کے برابر نہ ہوا
کٹ گیا سر تو مرے حلق سے نکلی یہ صدا — سر بھی اک بار گران تھا نہ ہوا سر نہ ہوا
دیکھتا ہون نظر یاس سے تو کہتے ہین — کیا کرین پاس ہمارے کوئی خنجر نہ ہوا
غبار خاکسار ان اوڑہکے سوئے چرخ جاتا ہے — تعجب کیا فلک پر ہو اگر کوئے زمین پیدا
پردہی سے پردہ نشین جو تجھے پردہ نہ ہوا — پردہ چشم کو رشک آیا کہ پردہ نہ ہوا
اے لب یار اسی کا ہے مسیحائی نام — دل بیمار کا تم سے جو مداوا نہ ہوا

تجھکو تکلیف عیادت بھی نہ دی رشک مسیح
مر گیا جو ترا بیمار یہ اچھا نہ ہوا

نزع کی بیتابی کہان سے لاتا
یہ ہوا خوب کہ مین حضرت موسیٰ نہ ہوا

کثرت عشاق نے پردے مین بٹھلایا تجھے
یہ لگا ہونکا ہجوم اے جان خلقین ہو گیا

ٹانکتا ہے زخم دل اوسکا ادا سے دیکھنا
رشتۂ نظارہ گویا تار سوزن ہو گیا

قتل ہونے پر بھی مین ہرگز نہ نکلا قید سے
زخم شمشیر ہلالی طوق گردن ہو گیا

رشک سے کیونکر نہ مر جاؤن کہ رکھا اونے
میری جان کو موت رنج مرگ دشمن ہو گیا

یاد مین زلفون کے روشن داغ کیسا ہو گیا
آفتاب آسمان بوشش سودا ہو گیا

وصل مین جو دست رنگین سے چھپائین جھاتیان
طائر رنگ حنا انگیا کی چڑیا ہو گیا

خط جو نکلا حلقہ گیسو ہوا بے نور صاف
دیکھکر رنگ زمرد مار اندھا ہو گیا

بیٹھے تم پردے مین بے پردہ ہوا ہیان اعتبار
پردۂ افشا مین پنہان رہے اخفا ہو گیا

ہنستے ہنستے باغ مین جو گل کے منہ پر منہ رکھا
شرخ اوس گلرو کا منہ غصہ سے کیسا ہو گیا

جھوٹ دعوے اون سی آلودہ نے جھوٹھون سے کیا
پھول سب ہنستے ہین منہ سوسن کا کالا ہو گیا

نعش پر بے پردہ آئے اور سب دیکھین اوسے
ہائے جینے سے بھی بدتر اپنا مرنا ہو گیا

کیون جلاتا ہے عدو کی واسطے اے شعلہ رو
دل ہمارا کیا کوئی قندیل حب کا ہو گیا

جسنے اوس نو خط کو دیکھا محو الفت ہو گیا
خط سبز بار کیا نقش محبت ہو گیا

بعد مرون بھی اثر اللہ ری سوز عشق کا
خاکہ کو جو گیا وہ شمع تربت ہو گیا

لاگ پر غیرون کی مجھسے دوستی کی یار نے
بغض دشمن کا مرے حق مین محبت ہو گیا

بخت کا شاکی وہ تھا مین سنکے پیغام وصال
شکر بھی آیا جو ہونٹھون تک شکایت ہو گیا

ہو گیا دشمن جو کی اوس پر محبت کی نگاہ
دیدۂ الفت نگر چشم عداوت ہو گیا

دور فلک ستمگر جب حسب مدعا تھا
آہون مین بھی اثر تھا نالہ بھی تب رسا تھا

کیسے امید الطاف ستم آمیز ہو رون سے
وہ عاشق ہون کہ جینا مجھکو مرنے سے ہے بدتر

ستم ڈھانے کو میرے پاس بیتابانہ آتی ہے
کہ گرد نعش خوبان ہے ہر نقش قدم میرا

یار کے ساتھ آتے ہین اغیار بھی
جذب دل کا زور ہم دکھلائین گے

اک زخم دلکو لگا واہ رے نصیب
دشمن بھی رات میری طرح بیقرار تھا

تا شامتھا دم مردن اگر وہ ضد یہ آجاتے
تو دست یار مین نسّاخ دامان قضا ہوتا

آسمان خاک مین ملا نے کو
تیرے دل کا غبار ہے گویا

آئے ہین دیکھنے کے بہانے وہ نزع مین
مرنا تو اور جینے سے دشوار ہو گیا

قسمت تو دیکھنا کہ ستانے کے واسطے
اے ہمنشین رقیب بھی ایک آسمان ہوا

ہر ایک میری جان کو آفت ہے اے ندیم
ناصح ہوا رقیب ہوا آسمان ہوا

نالون سے مرے صور کا دم بند ہوا ہے
نسّاخ کبھی حشر بپا ہو نہین سکتا

ہووے گا پردہ فاش دل چاک چاک کا
چلمن سے تکل اپنی نہ مجھکو دکھائین آپ

روتا ہون کسکے غم مین ہین کیا بد گمانیان
ناحق کا ہاے ہاے نہ طوفان اوٹھائین آپ

رحم آگیا ہے حال پہ نسّاخ کے ضرور
کرتے ہین اوسکے حق مین جو ہر دم دعا بتان

شب فراق سے تھی بڑھ کے بیقراری رات
سحر کا خون رہا وصل مین جو ساری رات

سونے دو ایسا نہ ہو چونکین تو ہو جائین رقیب
خفتگان خاک کو نالو جگاتے ہو عبث

وصل مین نسّاخ تم کیون چھیڑتے ہو ذکر غیر
فتنہ خوابیدہ کو دیکھو جگاتے ہو عبث

نسّاخ جذب شوق کی دعوہ مگر ہے آج
کیون ہر گھڑی نگاہ تری سوی در ہے آج

جانے کا اونکو مقدمہ یہان سے مگر ہے آج
گردش ہر آسمان کے برنگ دگر ہے آج

ہے معترف گناہون کا نسّاخ اے کریم
اک دن ادا ہوئی نہین مجھسے نماز صبح

میرے مرنیکا یہ غم ہے کہ مجاور بنکے
گور پر بیٹھ رہے مہر و وفا میرے بعد

مین نے ہر طرح سے کر دیکھا ہے گھنڈا تعویذ
نقش باطل ہین یہ سب نقش فنیلا تعویذ

نقش کیا کیسا فنیلا اور کہان کا تعویذ
عشق صادق ہے جو پوچھو تو ہے سچا تعویذ

موت اوسکے منہ مین پانی چوآتی ہے آج کل
کل آپ آئے تھے جسے بیمار دیکھکر

منتظر مین وصل مین اسکا کہ اوٹھ جاے حجاب
اور اونکو لالہ مرغ سحر کا انتظار

تیری آتی ہے ان آنکھون مین نہ ٹھہرا انتظار
شعلہ رو کہہ تو سہی سیماب تہا یا انتظار

اوس بت پیمان شکن کی بات پر اے دل نہوں
جان من وعدہ کہان کا اور کیسا انتظار

جان کو ٹھہرا رکھا ہے لب پہ شوق دید مین — کر رہا ہے دیکھئے کار مسیحا انتظار
تواضع سے کیا ہے صیدان شہری غزالون کو — قد خم گشتہ کا رتبہ کرتا ہے کمان ہوکر
مجھے گمراہی نساخ سے حیرت یہ حیرت ہے — چلا کعبے مرید حضرت پیر مغان ہوکر
بلائے تو اشارے سے جو اہی پردہ نشین مجھکو — کرینگی کام تیری اونگلیان گویا زبان ہوکر
ہوا گرم سخن بے خوف اوس سے بزم اعدا مین — رہا محفوظ مین بتیس دانتون مین زبان ہوکر
نہ جائیگا مرا خون رایگان اے قاتل عالم — گواہی حشر مین دیگا ترا خنجر زبان ہوکر
کرتی ہے جو تسکین دل ناساز کی آواز — قانون شفا ہے یہ ترے ساز کی آواز
کوئی پیغام زبانی یہ مگر لایا ہے — پائے قاصد مین ہے جبریل کی پر کی آواز
خود بخود آکے جو کٹوانی ہین عشاق گلے — نقش تسخیر ہے قاتل تری تلوار کی پاس
سانون یہ دلفریب ہین دل کسکو دیجیے — ابرو مژہ نگاہ جبین زلف خال خط
پتانہ سوزش پروانہ کا کبھی پائے — چراغ لیکے اگر ڈھونڈنی کو جای چراغ
یہ مردہ زندہ کرنا نہین ہے کہ سہل ہو — اے حضرت مسیح ہے مشکل دوای عشق
نہین ہے اب کوئی مونس اسی سے جی بہلے — نکل نجائے خدایا کہین یہ حسرت دل
ہے بوسہ لب شیرین بھی کسقدر شیرین — کہ بند ہو گئے ای جان لب شکایت دل
ہے عشق مین ہین خضر راہ اے نساخ — ہمارے قبلہ و کعبہ جناب حضرت دل
ہوئی ہین لاکھون ہی انسے کرامتین ظاہر — ہین ایک مرشد کامل جناب حضرت دل
اپنے دلمین کیا ہی پچھتاتے ہین در کو کھولکر — غضب کو مثل غیر جب زنجیر کھڑکاتے ہین ہم
آفت ہو تم بلا ہو ستم ہو غضب ہو تم — لیکن کسیکے ہوتی ہو کچھ عجب ہو تم
آتی ہے اونکی جان لبون سے جو پھر گئی — کہنے لگے مرو بھی کہین جان بلب ہو تم
تم سے ہوا نہ درد دل زار کا علاج — پھر کونسے مرض کی تا دوا ہو تم
کیسا فلک پہونچے کبھی اونکے کان تک — ہم جانتے ہین نالو بڑے نارسا ہو تم
سودا زلف سر سے نکالین یہ جی مین ہے — کب تک سنا کرین یہ بھلا کیا بلا ہو تم
کام تکرار سے ہے وصل مین کیا — مین تو بس ایک ہی نہین مین نہین

نہ مرے لاکھ بار تو نے کہا — خاک اثر تیرے مر کہین مین نہین
وہ سما جاتے ہین مانند نظر آنکھون مین — کرتے ہین دیکھتے ہی دیکھتے گھر آنکھون مین
اوسکے حسن نکین کا یہ سمایا ہے خیال — خواب کا بھی نہین ہوتا ہے گزر آنکھون مین
مین تو نہین ہون بوالہوس ہیچ نہین ہون بیوفا — مین تو نہین ہون کچھ رقیب گھر مین مجھے بلائیے کیون
کیون نہ کرین بہانہ وہ پاس ہمارے آنے مین — یہ تو نہین عدو کا گھر جسکے یہان وہ آئین کیون
شکوہ ہمارا کیون کیا نام ہمارا کیون لیا — ہمسے نہین ہے لاگ اگر غیر دنسے وہ لگائیے کیون
برابر اوسکو شب روز وصل یار مین ہے — مگر رقیب کے سر پر یہ آسمان نہین
تم سے ڈرتا ہون کہین تو بہ نہ آئے نوبت — آپ سے آپ لگے کہنے جواب تم مجھکو
دم تزئین چھوا جو شانے کو — زلفین اوجھین مرے پہنانے کو
آہ سوزان سے دل ہوا ٹھنڈا — ہین دم سرد جی جلانے کو
جل اوٹھے اور آگ دل مین مرے — اشک دوڑے تھے جو بجھانے کو
ہون وہ افتادہ نقش پا کی طرح — ننگ سمجھا ہون سر اوٹھانے کو
نہ بولو منہ سے مگر آنکھو نسے سلام تو لو — تم اپنی چشم سخنگو سے کوئی کام تو لو
جل بجھا خاک ہوا شعلہ برباد ہوا — شمع نے تو ابھی نہ لی کچھ خبر پروانہ
خاک معشوق کو ہو عاشق دلسوز کا غم — شمع ہنستی تھی کھڑی رات سر پروانہ
اے سکندر کس سے مانگون داد ہاتھون سے تری — کیا بگاڑا ہے حسینون کو بنا کر آئینہ
آئینہ کی اوٹ کرلی میری صورت دیکھکر — وائے ناکامی بنا سکندر آئینہ
بزم مین اوسنے اوٹھاکر آئینہ دیکھا جو منہ — ہو گئے حیران جوان و پیر پشت آئینہ
لی نہ اوس آئینہ رو نے وصل مین کروٹ ادھر — شور دل ہے نالہ شبگیر پشت آئینہ
کیا صفائے سینہ ہے چوٹی نظر آتی ہو صاف — آئینہ مین ہے عیان زنجیر پشت آئینہ
ہجر مین خوب وقت پر پہونچے — اے اجل مرحبا جزاک اللہ
بیباکیون سے آتی ہے صاحب حیا مجھے — تم بھی خدا کی شان کہو بیوفا مجھے
یہ وقت وہ ہے عشق کی مٹی خراب ہے — اب بوالہوس بھی کہنے لگے بیوفا مجھے

مرجاؤن مین تو ترک کرین وہ رقیب کو — بس جانکنا زبان ہی مری حق مین سود ہے
کرتے نہین ہین بات شبِ وصل کیا گلے — عقدہ وہان یار کا دشمن کا راز ہے
نہین ہوتے ہے زلفِ دراز بھی اوسکو — شبِ فراق بڑی بد بلا ہے کیا کہے
برسون سے جان دیتے ہین مرنا نہین نصیب — حاصل یہی ہے الفتِ زلفِ دراز سے
ہے بات ایسی ہی کچھ تو کہ بزم یار مین چپ ہون — عد و سمجھتے ہین منہ مین مری زبان نہین ہے
تدبیر اپنی جان کی افسد کیا کرین — آتی نہین فراق مین کیا موت مر گئی
کبھی طور پر نجاؤن ارنی کہون نہ کر — مرے دم مین دم کہان ہے کسی تاب نسترانی
زلفین سنبل نے سنواری مسی سوسن نے ملی — آمد فصل بہاری کی چمن مین دھوم ہے
جمع جو عشاق ہین اور پڑھتے ہین ہر دم درود — نقش پائے یار کیا قبرِ دلِ مرحوم ہے
میرے تیرے عشق کی سب مرد و زن مین دھوم ہے — لیلی و شیرین و قیس و کوہکن مین دھوم ہے
گل سے بلبل کو محبت سرو کو قمری سے عشق — فصل گل مین رسم یاری کی چمن مین دھوم ہے
کرتی ہے بپا ہر دم ہر لحظہ نئے فتنے — پیری یہ فلک کی ہے یا رونکی جوانی ہے
بہار آئی ہے اے نساج جی مین ہے نکل جاؤن — بر نگ نالۂ زنجیر مین بند سلاسل سے
کسکو منظور ہے دشمن کی دعا کا احسان — میری مشکل نہ خدایا کہین آسان ہووے
بھرا جاتا ہے شورش شوق سے دل — سراپا تمنا ہوا چاہتا ہے
جلاتی ہے مردون کو وہ چشم کافر — فرنگی مسیحا ہوا چاہتا ہے
پھڑکتی ہین نساخ جو اپنی آنکھین — کسی سے اشارا ہوا چاہتا ہے
یون محبت وہ جتاتے نہین مجھے — چشم دشمن سے چھپاتے ہین مجھے
ہوتے ہین پردہ در پردہ راز — بات پردے سے سناتے ہین مجھے
یہ ہوا نقش محبت کا اثر — مثل تعویذ جلاتے ہین مجھے
کہتے ہین عاشق صادق مجھکو — اپنے نزدیک بناتے ہین مجھے
کشمکش مین جو پھنسا زلفون کی سلجھاؤن کسے — دلِ صد چاک اولجھتا ہے ترے شانے سے
خاک آلودہ لباسی اپنا جو دیکھا کی وفا — گرد ہے یا سرمۂ تسخیر پیراہن مین ہے

ہجر مین کیا کیا مجھکو جلایا سرد ہی دل باد سحری سے
دیوانہ ہون وون جو شبیہ اگ وہ ہونگے نام پری سے
گاہے جلایا گاہے مارا خوش نگہی سے بدنظری سے
شانے نے سلجھائین وہ زلفین اوجھا مین آشفتہ سری سے
خاک خبر لے میری وہ غافل بیخبری ہے بیخبری سے
گھڑی بھر بھی جو بیفکری مین گزرے خضر بہتری عمر جاودان سے
مدت پہ راز پند و نصیحت کا اب کھلا نساخ مجھکو رات وہ ناصح کے گھر ملے

تم دشمن بدبین سے جو پردا نہین کرتے اچھا نہین کرتے
کرتے نہین ہم گل کی روش چاک گریبان بلبل کی طرح عشق کو رسوا نہین کرتے
کیا جانیے کیا اونکو گمان ہے کہ ہمیشہ وہ بیخبر آجاتے ہین وعدہ نہین کرتے
شرمانے لگے کیون دل صد چاک سی میرے چلمن سے کبھی آپ تو پردا نہین کرتے
کیا مین ہی گنہگار ہون آنکھین نہ لگا لو اغیار تمھین بزم مین دیکھا نہین کرتے
گر کہیے کچھ بولیے کیون وصل مین چپ ہین کہتے ہین کہ ہم آپ کا کہنا نہین کرتے
بے مہر ہین بیدرد ہین بیرحم ہین نساخ اصنام ذرا خوف خدا کا نہین کرتے

مجھسے کرتا ہے جو خوش چشم اشارا کوئی بزم مین ہاے بگڑ جاتا ہے کیسا کوئی
رشک اونکو بھی ہے جو باغ مین دیکھتے ہین یہ حکم مجھسے گل تک نہ ہنسے بولے نہ غنچا کوئی
پردۂ دیدہ و دل مین ہو تمھین جلوہ نما کیا چھپائین کہ نہین آپ سے پردا کوئی
وصل مجھکو نہ ہوا اور نہ دشمن کو فراق ہاے نکلی نہ مرے دل کی تمنا کوئی
مشکل آسان جو ہوئی دیکھ کے اونکو دم نزع بولے وہ ہاے نہ آتی تو نہ مرتا کوئی
ایسی دیکھی ہے نگاہ غلط انداز بہت چبھن سکتا ہے مرے دل کو بھلا کیا کوئی
ہے عجب دور کہ ہر ناکس و جاہل نساخ زعم مین اپنے کوئی سیر ہے سودا کوئی

نسبت تخلص منشی رگھناتھ پرشاد ستونطن شاہ آباد شاگرد مقصود عالم مقصود

استخوان ہر ایک سوز غم سے جلکر رہگیا شمع کے مانند دل غم سے پگھل کر رہگیا

نسیم تخلص میر احمد علی مرحوم ریختی گوے لکھنوی صاحب دیوان ہین

اے دوگانا وہ اگلی آنکھہ نہین	مجھسے تیری یہ پھر گئی ہے آنکھہ
پل ہر اک شخص سے جو کرتی ہے	کسی بانکے سے کیا لڑی ہے آنکھہ

نسیم تخلص نسیم اللہ باشندہ میرٹھہ شاگرد حافظ قطب الدین بشیر

دم بدم آج دم سرد جو بھرتی ہو نسیم	یاد شاید چمن کوچۂ جانان آیا

نسیم تخلص مولوی حکیم نسیم اللہ خلف حکیم محمد علیم اللہ باشندہ کول عدالت کول مین وکالت کرتے تھے

بے سبب ہر کس و ناکس سے لڑا کرتی ہو	اپنی آنکھون کو ذرا اوبتِ پرفن سمجھا
نسیم اون سے کہتا ہون گر بات کوئی	تو کہتی ہین کیا کچھ سنا چاہتے ہو
گن گن کے روز کرتے ہین وہ عاشقون کو قتل	ہر روز اونکے کوچہ مین روز شمار ہے

نسیم تخلص نواب محمد حسین علی جاگیردار ہرلور متعلق ایسور

عاشق ہون زلف کا مین گنہ کیجیے معاف	گرچہ خطا کی بات زبان سے نکل گئی

نسیم تخلص گلزار علی

غیرون کے ساتھہ اوسکی تو ساری ہی تاک مین	اک ہم ہی اے نسیم اوڑانے کو خاک ہین

نسیم تخلص دیا شنکر پنڈت کشمیری ولد گنگا پرشاد باشندہ لکھنؤ صاحب مثنوی گلزار نسیم شاگرد آتش اپنے مذہب کو ترک کرکے مشرف بہ اسلام ہوئے تھے مثنوی انکی نظر سے گذری

ذلت ہے جو پھیلاے بشر پیش بشر ہاتھہ	یارب نہ کبھی ہاتھہ کا ہو دست نگر ہاتھہ
کس سوچ مین ہو نسیم بولو	آنکھین تو ملاؤ دل کہان ہے

نسیم تخلص مرزا راجہ کدارناتھہ دہلوی پنشکار نظارت دربار شاہی نبیرۂ راجہ رام ناتھہ بہادر شاگرد رنگین

قتل ہاتھون سے ترے یہ دل رنجور ہوا	درد سر روز کا تھا خوب ہوا دور ہوا
ہے جب سے جہاں ہم سے دل آرام ہمارا	پاتا ہے نہین تب سے دل آرام ہمارا

مسی مالیدہ دندان بار کے یکسر چمکتے ہین | تعجب ہے کہ تارے ابر مین کیونکر چمکتے ہین

نسیم تخلص پنڈت برج ناتھ اکبرآبادی

کسی کو دیکھنے منظور ہو جو خار مین روح | تو آکے دیکھے یہان میرے جسم زار مین روح
نسیم جاے اگر باغ مین وہ جان جہان | ہر ایک گل مین پڑی جان ہر ایک خار مین روح

نسیم تخلص اصغر علی خان دہلوی بن نواب آغا علی خان مقیم لکھنؤ شاگرد مومن خان
اشعار انکے اچھے ہوتے ہین لکھنؤ مین انکے شاعری کا بڑا شہرہ ہے دیوان انکا
نظر سے گزرا ۱۲۷۴ بارہ سو بیاسی ہجری مین انتقال کیا

ہون عاشق دیوانہ جو معشوق خدا کا | غل نالۂ زنجیر مین ہے صل علے کا
جب دیکھیے قرار نہین ایک شکل پر | میرا سا اب تو حال ہوا روزگار کا
اونھین ہٹ تھی مجھے خواہش رہا جھگڑا نہین ہان کا | وہان دہن نہین یہان صاف تھا مطلع گریبان کا
چھیڑ بڑھنے نہین دیتی ارادہ نوجوانی کا | اشارا ہو کے رہجاتا ہے ہم پر مہربانی کا
کبھی آغوش مین رہتا کبھی رخسار و لب پر | کاش اے آفت جان مین ترا آنسو ہوتا
نہ میرا نہ کہلواؤ کہ ہو جائینگے لب بند | دیکھو یہی اچھا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا
صلح کے بعد جو سوچا تو یہ بولا کافر | ہاے منہ دیکھے گا اگر وہ مسلمان میرا
کیون ڈراتے ہین یہ واعظ کہ خبردار رہو | کیا جہنم ہی کوئی کوچۂ جانان ہو گا
کہے دیتی ہین یہ نیچی لگا ہین | کہ بالائے زمین کیا کیا نہ ہو گا
دیکھو رقیب آئے دیکھو رقیب آئے | کیا منہ اب آپ کا ہے جو منہ چھپائے گا
نہ گھوریئے مجھے بوسہ اگر لیا تو لیا | رقیب دل مین سمجھ لو اگر ملال ہوا
افشاے محبت کا جو تھا خوف تو ہر اشک | آنکھون مین نہان تھا کوئی دامن مین چھپا تھا
جب مین بیتابی سے گھبرایا تشفی اسنے کی | مونس جان حزین شب بھر ترا قرار رہتا
بیکسی اپنی وہ رونا تیرا | مجھکو ہنگام سفر یاد آیا
گلے مین بخیت کے اونکا بھی کچھ قصہ نکل آیا | ہوئی تھی صلح کس شکل سے پھر جھگڑا نکل آیا
یہ حسن تھا کہ آنکھ ہماری جھپک گئی | پردہ پڑا جو یار نے پردہ اٹھا دیا

نام میرا سنتے ہی شرما گئے — تم نے تو خود آپ کو رسوا کیا
معاذ اللہ گر ہے نوجوانی — رہو گے عمر بھر تم پارسا کیا
وائے قسمت کہہ رہے ہیں دور ہی سے وہ مجھ سے — کیسلیے تکلیف کی ہے آپ فرمائینگے کیا
ایک بوسہ ہی نہین اچھی طرح لینے دیا — بولے جھنجھلا کر اجی بس دم مرا گھبرا گیا
اللہ ری بیکسی کہ یہ نوبت ہے آج کل — ارمان تک بھی دل سے ہماری نکل گیا
دشمنی کی مجھ سے میری یاد شوق نے — اضطراب ایسا بڑھا آخر کو برپا ہو گیا
منت بھی کی مگر نہ کسی نے مری سنی — مانند قول یار مین بے اعتبار تھا
آنکھون مین ہے لحاظ تبسم فزا ہین لب — شکر خدا کہ آج تو کچھ راہ پر ہین آپ
ہوتی ہین جوش عشق مین جو جو شکستگیان — کہتا ہے ناز سے وہ بت سیم تن درشت
کہتے ہین مجھکو دیکھ کے خاموش خیر ہے — کیون چپ کھڑے ہو سامنے دیوار کیطرح
کسقدر خواطر غمزدہ ہے دشوار پسند — خبر اجل کچھ نہین کرتا ترا ہمار پسند
ہاتھ مین خنجر کمر مین تیغ تیز — یہ ارادے ایک مشت خاک پر
بوسے گر مہنگے لیے ہین تو دیے بھی تم کو — چھٹ گئے آپ کے احسان سے برابر ہو کر
کس کس مصیبتون سے ہوئی ہے نصیب مرگ — کیا کیا اوٹھائے ہین شب غم مین قضا کے ناز
دیکھہ او قاتل بسر کرتے ہین کس مشکل سے ہم — چارہ گر سے درد نالان درد کے دل ہی ہم
برق نے اک طرز بیتابی مرا سیکھا تو کیا — سیکڑون باتین ہین ایسی خاطر ناشاد مین
موت کا ہے کو قیامت تک اب آئیگی ہمین — سخت جانی حضرت عیسے بنائیگی ہمین
شوق شراب و خواہش جام و سبو نہین — ہے سب حرام جب سے کہ پہلو مین تو نہین
بوسہ ہم آج مانگتے ہین — کرتے ہین قسمت آزمائی
برہم ہین وہ غیر بے حیا سے — مانگین کچھ اور بھی خدا سے
احیا احیا عدو سے ملے — جاؤ جاؤ اجی بلا سے
ارمان نکل جائین کچھ عاشق مضطر کے — آنسو نہ مرے پوچھو رو لینے دو جی بھر کے
نہایہ خطرہ کہین پسند نہ ہو ن — گالیان بھی مجھے سنا نہ سکے

جب اور کسی پر کوئی بیداد کروگے
یہ یاد رہے ہمکو بہت یاد کروگے

کہا مین نے تنہائی ہے بات سن لو
کہا ہنسکے تم کو تو سودا ہوا ہے

سفر ہو دشوار خواب کب تک بہت بڑی ہی اجل ہے
نسیم جاگو کمر کو باندھو اوٹھاؤ بستر کہ رات کم ہے

دیتے ہو بوسہ تو کہین لاؤ بھی
خیر کسی طرح سے شرماؤ بھی

یہان تک تھی حریص نالہ بلبل
نکالی بیضے سے منقار پہلے

نسیم تخلص محمد یعقوب ولد حافظ غلام احمد نکہت تخلص خواہرزادہ عبد الحکیم بسمل شاگرد عبد الکریم سوز

نہ اوٹھاؤ نسیم کو در سے
جانیو خاکسار ہے اپنا

ہوگئے خاک ہم ولے ظالم
دل مین تیرے غبار ہے اب تک

کوئی نبھتی ہے اسطرح کہ سدا
اک نہ اک بات پر لڑائی ہے

نشاط تخلص میرن شاہ درویش مقیم دہلی بیس برس ہوئے کہ انتقال کیا

لگے ہو بیٹھنے اوس بیوفا کے پاس بہت
نشاط آپ کو یہ کیا خیال آیا ہے

نشاط تخلص مولوی الہی بخش باشندہ کاندلہ فقیہ بے بدل تھے دہلی مین مولانا شاہ عبد العزیز قدس سرہ کی خدمت مین تحصیل علم کی تھی

تیغ ابرو کا اگر کچھ بھی اشارا ہو جائے
آپ کا نام ہو اور کام ہمارا ہو جائے

نشاط تخلص ایسری سنگھ کایتھ عرف بسنت سنگھ ولد لالہ سندر داس شاگرد رنگین و انشاء اللہ خان

کوئی تڑپی ہے مار چشم کا اور کوئی قیامت کا
ترے کوچے مین ہے گرم آج ہنگامہ قیامت کا

پاؤن تک دسترس کہان ہے نشاط
ہاتھ سے ہاتھ لگ نہین جاتا

نشہ کے حلقے کا دیکھکر عالم
ناک مین آرہا ہے میرا دم

آشنائی تجھسے کیا کی مجھسے نادانی ہوئی
دوستی میری ہی آخر دشمن جانی ہوئی

جسے چاہے دل اپنا فیامت خوبصورت ہے
پری ہی حور ہی تصویر ہی محبوب صورت ہے

اے بتو ہم نہ پھرے پاس وفا سے اپنے
جو کیا تم نے سو تم پاؤ خدا سے اپنے

نشاط تخلص لالہ اجودھیا پرشاد فرخ آبادی خلف لالہ ایسری پرشاد

قلق و یاس و غم و رنج و الم درد و بلا	اور کیا عشق سے اتھا ہی دل ناشاد آیا

نشتر تخلص میر امداد حسین ولد میر حامد علی باشندۂ لکھنؤ شاگرد خواجہ وزیر انسے مرشد آباد مین ملاقات ہوئی تھی صاحب دیوان ہین

یاد آئی میکشی جو تری برتکال مین	بجلی کیطرح ہونے لگا بیقرار دل

نصرت تخلص لالہ گوبند رائے کائتھہ شاگرد نصیر

کمر کا خیال اوسکے جب آ گیا	تو سب نے کہا یہ عدم کو چلا

نصرت تخلص غلام نبی خان خلف حکیم شرف علی خان باشندۂ فیروزآباد ضلع آگرہ شاگرد صمد علی حسرت

باوری پر ہے آج کل تقدیر	ورنہ مین اور کوچہ دلبر کا

نصیر تخلص نصیر الدین غوثی جلیسری

گلبدن پھولونکی چھڑیونسے کرے ہی اہتمام	حاکم فصل بہار اب ہوکے آئی ہی بسنت

نصیر تخلص شاہ نصیر الدین دہلوی عرف میان کلو ولد شاہ غریب اللہ سجادہ نشین شاہ صدر جہان علیہ الرحمۃ شاگرد میر محمدی مائل آخر عمر مین حسب طلب دیوان چند دلال حیدرآباد دکھن کو گئے وہین وفات پائی مضامین عالی و تازہ خوب باندھتے تھے سنگلاخ اور مشکل زمینون مین اونسے بہتر کہنے والا پیدا ہوا نہیں انکا دیوان نظر سے گزرا

پشت لب پر ہے تری یہ خط ریحان ایسا	منہ تو دیکھو لکھے یاقوت رقم خوان ایسا
سبز بختی کہون کیا اپنی کہ جھٹ جان گئی	پڑھکے افسون جو کہلانے کو مین لایا بیڑا
یون دل صد چاک کو نسبت دیدۂ تر ہے بجا	یہ گل پژمردہ ہے اسکو چھڑک کر بیچنا
فلک پہ دیکھہ مری دود آہ کا ٹکڑا	گھٹا ہے شرم سے ابر بہار کا ٹکڑا
دیکھنی جب اپنی صورت وہ پری پیکر لگا	بنگیا آئینہ جوگی منہ کو خاکستر لگا
کیا کہیے نصیر اپنی قسمت کا لکھا یہ بھی	اوس شوخ سے جو قاصد خط بھی نہ لکھا لایا

بیوجہ یہ دل زلف گرہگیر مین اولجھا
دیوانۂ شامت زدہ زنجیر مین اولجھا

تیر خاکی ہے نگاہ سرمۂ الوداو سکی دیکھہ
مرغ دل سہمی ہے کیا ہوگا نشانا تیر کا

قیامت آپ کا قداو سکے دلپذیر ہوا
چھڑی لے سرو چمن بینوا فقیر ہوا

کمان و تیر نمط مجھکو ربط تھا اوس سے
جب اوسنے آپ کو کھینچا مین گوشہ گیر ہوا

ٹانکون سے زخم پہلو لگتا ہے کنگھورا
مت چھیڑ میرے دل کو بیٹھا ہی کنگھورا

باز آ کہین اب سگ صفتی سے نفس شوم
گھر مین مری رحمت کا فرشتا نہین آتا

شب دیکھہ کہکشان کو جی مین خیال آیا
کیا کانسۂ فلک مین افسوس بال آیا

جینے کے لیے جنبش لب کا ترے کشتہ
منت کش اعجاز مسیحا نہین ہوتا

نہ سمجھو کہ آغاز خط عارضی ہے
خدا جانے کیا اسکا انجام ہوگا

ہے ذوق ساقیا بطے کے نکارکا
پھندا بناؤن کیونکہ نہ بارش کے تار کا

گرفتار تعلق نقطۂ پرکار آسا ہون
مین اپنی چار دیواری سی باہر ہو نہین سکتا

یہ کیا ہی کہکشان اسکو نہین کوئی بتانے کا
نشان ہے پشت شبدیز فلک پر تازیانے کا

آہ کچھہ ہم کو نہ تھی فرصت یکدم کی خبر
اے حباب لب جو تونے یہ عقدا کھولا

یون اشک زمین پر ہین کہ منزل مین پہونچکر
جون قافلۂ ریگ روان اوٹھہ نہین سکتا

نکلی تھی دم تیشہ زنی کوہ سے آواز
فرہاد یہ دشمن ہے تری جان کا لو ہا

سچ بتا مجھکو تو سوفار خدنگ قاتل
لہو کس کس کا پیے گا دہن سرخ ترا

ہے عجب جوہر کا عالم اپنی رشک حور کا
سرو مین خوشہ لگا دیکھا نہ تھا انگور کا

جھوٹ رانہ تجھے نے رام کیا یہ بھی نہ ہوا وہ بھی نہوا
جیسے توبت کافر بخدا یہ بھی نہ ہوا وہ بھی ہوا

نہ پھر طواف کعبہ گئی نہ معتکف تجانہ ہوئے
کیا شیخ و برہمن ہم نے کیا یہ بھی ہوا وہ بھی نہوا

کھینچ اوسکو نہ لایا جذبۂ دل تاثیر نہ کچھہ نالی کی
مین دونون کا شاکی ہو رہا یہ بھی نہ ہوا وہ بھی نہوا

اوس لب کا لیا بوسہ نہ کبھو بہمات نہ لپٹایا تنسے
دل تجھسے برنگ پان دہنا یہ بھی ہوا وہ بھی نہوا

مجنون تو پھر جنگل جنگل فرہاد نے چیرا کوہ دلا
مین آہ رہا ہی دست و پا یہ بھی ہوا وہ بھی نہوا

دست پر نور جو تیرا یہ ارادہ کرتا
پنجۂ مہر کا کیا منہ تھا کہ پنجا کرتا

فتنہ ترسے مرے اوسنے نہ کی ہم چشمی ۔ ورنہ پانی کو رگ ابر کو پتلا کرتا
کشتۂ ناز کو کرتی ہے تری چشم احیا ۔ یہ فرنگی تو ہے اعجاز مسیحا کرتا
رات اوس بت کا ہوا بوسہ خضا نصیب ۔ جھوٹ بولون تو خدا کا نہ ہو دیدار نصیب
قشقہ اوس بت کی جبین پر جو لب یار نہین ۔ دیکھلو شق القمر انگشت پیغمبر سمیت
حسن سے آگاہ اگر مغرور خوبون کو کیا ۔ گاڑہی دینا تھا آئینہ کو اسکندر سمیت
گو ہین یار و پیر ہم پر عشق سے خالی نہین ۔ رکھتے ہین خاکستر افسردہ کو اخگر سمیت
پائے بوسی پر نہ آیا اے شمع تو گلگیر سے ۔ عاقبت تاج زر آلودہ یہ لیا سر سمیت

کب چشم یار سے ہو دل زار کا علاج ۔ بیمار سے ہوا نہین بیمار کا علاج
سرگرم نالہ کون گذرا ہے اسے نسیم ۔ بہا گی جو آہ سرد پہر اوسکی گلی سے آج
بیٹھا ہے کیا تو نہ کو کسی نخچیر دام بند ۔ اتنا ہنسی مین ہم سے نہ ہو گا خدا بند
چشم فسون افشان عاشق فتنہ ہے رنگا رنگ کا ۔ دیکھیے کیونکر رہے گا جیب اور دامان صید
خال چشم ایک یہ تعویذ نظر ہے تیرا ۔ چشم بد دور لگی کسکی تجھے یار نظر
اوس شمع خلوت خوبی کی بزم مین ہے کہین جا ۔ اے شمع لا نہ حرف شرارت زبان پر
ٹوٹا ہے عشق یون تری اس ناتوان پر ۔ گرتا ہے جسطرح سے ہما استخوان پر
او ٹھہ کہین بیدار ہو کوئی نہ سوتا ہو نصیر ۔ ہے سفر درپیش غافل فکر زاد راہ کر
چورائی چادر مہتاب شب مہتاب نے جو نصیر ۔ کنکوا صبح دوڑانے لگا خورشید گردون پر
نہ سمجھو دانہ تسبیح مین گولی یہ نصیر کی ۔ کمر باندھی ہے زاہد لشکر عصیان کی تسخیر
ہے آفتاب سے یہ تم چرخ سا تیا ۔ شعلہ سبوے خانہ خمار سے بھر
کیا اسی تحفہ کے قابل یہ گنہگار رہتا آہ ۔ تم مری قتل کو لائے جو سفر سے تلوار
دم چرانے کا گمان یہ ہے کہ کرتا ہے تیز ۔ میری تربت کی سدا لوح حجر سے تلوار
معجز نما ہے یار کا شبد نیرا ے فلک ۔ نقشون سے فعل کے ہین زمین پر ہلال تیر
او دی وسی کی نہین ہے یہ رزائے سپہر ۔ سہ جبین رات یہ تارون بھری آئی سپہر
خیال زلف بتان مین نصیر پیٹا کر ۔ گیا ہے سانپ نکل اب لکیر پیٹا کر

یہ غلط ہے کہ بڑے بول کا سر نیچا ہے — ہے سرو اسی پہ بھی گردن منصور دراز
ہو چکی باغ میں بہار اے شبنم — آہ اے بلبلو ہزار افسوس
طوفان سے اس رمیدہ کے آب گرداب کی گردش — پانی بھری ہے دیکھ کے گرداب کی گردش
دل صید ہو گیا تیری پریشان نظری سے — کرتا ہے خطا ہووے اگر تیر کو جنبش
دنیا دلون کو ہم نے دیکھا کہ جون گھر — ہون بہر آب و دانہ کبھی آشنا حرص
نادان تلاش دانہ نکر مثل آسیا — ایسا نہو کہ تجھکو جہان مین پھرا ے حرص
ذقن مہتاب ہے نہ مہر درخشان عارض — رحل یہ خط ہے ترا جس پہ ہے قرآن عارض
جیسے قرآن پہ ہو سبز غلاف مخمل — یون خط سبز مین مین تیرے یہ پنہان عارض

ان دو شعر رقمزدہ بالا کو صاحب سراپا سخن نے غلطی سے مولوی کرامت علی اظہر شاگرد شاہ نصیر کے نام سے لکھا ہے

آزاد کسطرح سے ہے تو سرو بوستان — کھینچے ہے مینو تو سر اسر جبین پہ خط
خاک اب پروانہ دلسوز کہی کجھے چشم — تیری آنکھون پر تو چربی چھا گئی اکبار شمع
آسا قیا شتاب تری انتظار مین — بڑھتا ہے یہان دعاے قدح جام اب تلک
سرگشتہ گو ہون صورت پرکار پر کہو — باہر رکھا نہ گھر سے کوئی گام اب تلک
صیاد مین وہ صید ہون ہے جسکے حال پر — صد چشم مہر سے نگران دام اب تلک
عاشق سوا ہے کسکو ہوا سے شکست رنگ — دل کی شکستگی ہے بنا ے شکست رنگ
کرے ہے کشور دیوانگی کو سر گرگ سنگ — طناب خیمہ مجنون بنی ہے ہر گرگ سنگ
روشن دو چند مہ سے ہے اپنا چراغ دل — ہے شمع عکس مہر نبوت سے داغ دل
بلبل ہزار حیف نہ ہو ہمکنار گل — اور صحبت مین نسیم تو لوٹی ہوا ر گل
کب دل ہے پھپولون سے ہمارا ہمہ تن چشم — نظارہ سانی کو ہے بینا ہمہ تن چشم
اے تیر فگن ہم ترے ہاتھونکی ہین قربان — تو دی کیطرح ہمکو بنایا ہمہ تن چشم
برقع کو اولٹ منہ سے جو کرتا ہو تو بالین — اب ہین ہمہ تن گوش نہون یا ہمہ تن چشم
فساد خون اسی ہے موتا بنداد سکو گلشن مین — صبا کر تو ہوا خواہی سے درمان گل چشم

ابھی لڑکا ہے وہ ہے بیخبری کا عالم
دیکھنا ہوگا جوانی مین پری کا عالم

ہو اسے زلف یکسو ہو نو خال رخ دیکھتے ہین
کبھو بدلی گہر آتی ہے کبھو تارے چمکتے ہین

برباد رفتگان محبت کی خاک ہے
اے قیس دشت مین یہ بگولا اوٹھا نہین

سرکشی پیوجہ کجہ کرتی ہین زلفین آپ کی
مجھکو سوجھی ہے کہین اب مار یہ کہا دین نہین

یہ وجہ ہے کہ خط ترے منہ پر عیان نہین
آتش جو شعلہ زن ہو تو اوٹھتا دہوان نہین

دریا مین گہر ہے خضر علیہ السلام کا
عکس خط اوسکا آئینہ کے درمیان نہین

بیٹھا ہون فرش خاک پہ مانند نقش پا
کیونکر اوٹھون جگہہ سے کہ منزل رسیدہ ہون

پایا نصیر گلشن ہستی سے یہ ثمر
بار گنہ سے صورت شاخ خمیدہ ہون

سرمژگان ہی وقت نالہ آنسو کو ترستے ہین
یہ سچ ہے جو گرجتے ہین وہ بادل کم برستے ہین

جنگجو رکھا نہ کر تو تیر سیدہے ہاتھہ مین
دست چپ مین رکھہ سپر شمشیر سیدہی داہنے

کبھو نہ اوس خ روشن پہ جہانیان دیکھین
گھٹائین چاند پہ سو بار چھائیان دیکھین

جو وقت بوسہ کے وہ آگیا دہان منہ مین
تو لوز پستہ بنی ہے میری زبان منہ مین

مرے حضور یہ لوٹی ہین تیری چھاتی پر
جو پہونچی ہاتھہ تو بدلا گلی کے بار ہی لون

اوسکے تیردن کی ہین یون شوخ لہو ہی پیکان
جیسے شاخون پہ نظر آئین چمن مین مرجین

دل اپنا کیون نہ ہو بحر جہان مین جون گہر قانع
تلاش آب ہے ہمکو نہ فکر دانہ رکھتے ہین

غنچون پہ اوس پڑگئی یکدست صبح دم
شبنم کی دیکھکر تری اوس سینہ بند کو

حلقہ یہ تیری چشم پر افسون کا دشت مین
دام بلا ہوا ہے غزال رمیدہ کو

واشد نہین ہے غنچہ تصویر کی طرح
کیا جانے کیا ہوا دل آفت رسیدہ کو

دم غنیمت ہے کوئی دم کی یہ صحبت جہیز
تجھسے پہر ملنا خدا جانے ہمارا ہو نہ ہو

تو ہم کو دکھاتا ہے مہ نو کو عبث چرخ
ناخن جو ترا شیدہ ہو کب عقدہ کشا ہو

اوسنے تو ڈبویا مجھے اور اسنے جلایا
ہو خانہ خراب آنکھہ کا اور دل کا برا ہو

سب سے ملا دو ہم سے نفاق رکھو
اوس دوستی کو اپنی بالائے طاق رکھو

آہ مژگان سے نہ کاوش کرو اے طفل سرشک
جسکے سایہ مین رہو اوسکا برا چاہتے ہو

دیکھے دل مین کیون جگہہ اس آہ بے تاثیر کو
جسمین پیکان بھی نہ ہو رکھنا ہی کیا اوس تیر کو

مت ستا اے زلف اتنا عاشق دلگیر کو
سرکشی کو چھوڑ کافر مان اپنی پیر کو

آب و دانہ چاہیئے اے رہرو جون اشک کو
کام منزل تک چلی زاد سفر اتنا تو ہو

کیا بوسہ رخ لون مین کہ بالی کی تری گوش
ہے تیش زنی مین مجھے کرزدم سے زیادہ

پامال ہو کے کون سنی سخت گالیان
رفتار تو یہ کہتی ہے تری گفتگو سو وہ

زندگی مشکل ہے دست اشک سے پانی مجھے
قتل یہ اکدن کرے گا طفل درانی مجھے

کشتی دل غرق ہو جائے نہ کس صورت سے آہ
موج طوفان ہے تمہاری چین پیشانی مجھے

سود بازار محبت یہ نظر آیا مجھے
دل کا جب سودا ہوا تب ہو گیا سودا مجھے

پروانہین پروانہ کے جلنے کی تجھے آہ
اے شمع کوئی خاک لگن تجھسے لگاوے

کیونکر نہ یہ فرہاد ہو دلا افگی گردون
مہتاب جوہر شب قدح شیر پلاوے

دل صد چاک عاشق کو بناتا ہے گل بازی
جو کھیلے جانپر وہ اوس بت گلفام سے کھیلے

جو گرا قطرۂ خون وہ بھی انالحق بولا
بعد مردن بھی نہ حق گوئی منصور چھپے

وحشت سے مجھے ہاتھ اوٹھانا نہین پڑتی
ہے مرے پاؤن سلاسل کئی دن سے

زلف مین دل جو گرفتار نظر آتا ہے
بال بال آہ گنہگار نظر آتا ہے

اے غافلو دم ارہ صفت آئی جا ہی ہو
چیتو کہ نخل عمر کو یہ کہاے جاے ہے

کشتہ ہون تیغ نگہ کا تیرے اے زہرہ جبین
چاہیئے بہر کفن چادر مہتاب مجھے

کی اوسکی دل مین آہ نے تاثیر عاقبت
اوس نخل سوختہ نے دیا ہے ثمر مجھے

افشاے راز دیدہ و دانستہ کر دیا
ہرگز یہ کہنہ سے چشم نہ تھی چشم تر مجھے

شرح مطول اوسکی فقط زلف ہی نہین
خط بھی لگے ہے حاشیہ مختصر مجھے

ہوتا ہے ترے چہرۂ روشن کے مقابل
ہم شہر بدر ماہ کو اے یار کرینگے

یہ درمیان سے اوٹھا دے حجاب کا پردہ
بلا سے تیرے اگر ہم رہے رہے نہ رہے

قبا دیکھی ہے پھاکاری کی شب کس ماہ پانے کی
فلک جو کاڑھنے سیکھا ہے بوٹی چاند تارے کی

یہ عالم اوسکے خط سبز نے دکھایا ہے
کہ جسکو دیکھ کے عالم نے زہر کھایا ہے

دل کا کیا ہو دل بھلا زلف چلیپا ٹھہرے | کچھ ترے گا ٹھکانہ گر ہمیں ہو تو سودا ٹھہرے
در پر وہ آنکھ بار سے لڑتی ہے رات سے | تار نظر کو رشتہ ہے چاک قنات سے

نصیر تخلص میر ناصر علی ولد عبد الغنی لکھنوی شاگرد ناسخ بیشتر فارسی کہتے تھے صاحب دیوان گزرے

حاشیہ ہے خط ریحان سے گلستان پر رقم | سبزہ خط سے نہیں ہے یہ بہار عارض
جاتی شب وصال ہے چھیڑو نہ ذکر مو | ہے عرض اب بڑھاؤ نہ طول کلام زلف
چشم کسکی ہے جو محو عارض جاناں نہیں | کونسا دل ہے کہ مثل آئینہ حیران نہیں
آئین نظر جو رقص میں اوس گلبدن کے پاؤں | حیرت سے شمع سان نہ اوٹھیں انجمن کے پاؤں
مردم چشم دلبران ہو سپند | چشم بد دور رہے غضب کی آنکھ
بولے بالیں پہ چشم مار و شن | پھرتی دیکھی جو جان طبیب کی آنکھ

نصیر تخلص نصیر الدین خلف بدر الدین نواسہ منشی ہیبت حقیر باشندہ دہلی

ڈوبی ہیں میری دیدہ پرنم کے شرم سے | قلزم ہوا فرات ہوا ابر تر ہوا
انمیں سے میرے در پے آزار ہر یک | ناصح ہوا رقیب ہوا چارہ گر ہوا

نصیر تخلص ارجن سنگھ ولد بدھ سنگھ دارو غہ توپخانہ راجہ سمتھر شاگرد محمد عسکری اخگر مقیم فرخ آباد

یہ کالی کٹارات اندھیری یہ سیاہی | کیا ہجر میں ترپاتے ہیں برسات کی راتیں

نصیر تخلص محمد نصیر اوستاد مرزا فرید دن قدر بہادر ولد علی اصغر اوستاد مرزا نصیر الدین حیدر بادشاہ لکھنؤ خلف محمد عباس اوستاد مرزا غازی الدین حیدر والی لکھنؤ شاگرد نواب عاشور علیخان صاحب دیوان گزرے

یارب ستم ہمارے جلانے کی یا ہو دل | جنت نہ ہو نصیب جہنم میں جائے دل
یہ عشق بد بلا ہے نہ سمجھی تھی اے نصیر | اب دل گنوا کے کہتے ہو کیوں ہائے ہائے دل
اللہ رے حسن دیکھکر اوس ہیمبر کی بو | بجھ بجھ گئی ہے مشعل شمس و قمر کی بو

نصیر تخلص شیخ مقصود احمد خلف مولوی ولایت احمد باشندہ کاکوری

ترے ستم سے کچھ ایسی ادا نکلتی ہے | کہ خود بخود مرے دل سے دعا نکلتی ہے
تری گلی مین ہے یہ اثر دہام لالہ رخان | ہزار کشمکشون سے صبا نکلتی ہے

نظام تخلص نواب عماد الملک غازی الدین خان بہادر وزیر اعظم عالمگیر ثانی خلف نواب قمر الدین خان وزیر اعظم محمد شاہ بادشاہ دہلی اولاد مین حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی علیہ الرحمۃ کے تھے صاحب دیوان فارسی وارد دکن ہوے

آیا نہ کبھی خواب مین بھی وہ مہ میسّر | کیا جانیے کس وقت مری آنکھ لگی تھی

نظام تخلص نظام شاہ رامپوری

وہ ہی سبب باتین ہوئین کیون ہم نہ کہتے نظام | ملکے اوس عیار سے بدنام تو ہو جائیگا

نظامی تخلص شیخ نظام الدین برادر کلان شیخ فدا حسین فدا سے ایک دیوان یادگار

ترے نظارے کو کھولی جو خواب سے آنکھین | تو ہووے نرگس شہلا گلاب سے آنکھین
کچھ آج دل ہے بہت بیقرار پہلو مین | تڑپ رہا ہے جو بے اختیار پہلو مین
جو ایک زخم ہو مرہم لگائے اوس پر | ہزار زخم ہین دل پر ہزار پہلو مین

نظر تخلص مرزا علی ولد مرزا محمد امان دہلوی شاگرد مصحفی اولاد مین مالک اشتر رضی اللہ عنہ کی تھی وطن انکا عرب مولد و مسکن لکھنؤ

نصب آئینہ مری قبر پہ کرنا پس مرگ | جانے تا وہ بھی یہ تھا عاشق زار عارض

نظمی تخلص میر خیر الدین باشندۂ علی گنج

دل لگا دان جہان گزرہی نہین | کیا کرون کوئی راہبر ہی نہین
رات فرقت کی کب کٹیگی خدا | شب ہجران کی کیا سحر ہی نہین

نظیر تخلص گنپت رائے دہلوی شاگرد نصیر دہلوی

کیا زرد ہوئین عشق کی آزار سے آنکھین | ہمچشم ہین اب نرگس بیمار سے آنکھین

نظیر تخلص نظیر محمد خان خلف محمد فیض خان کوتوال فرخ آباد

باتین کرنے کا وہ موقع جو نہین پاتے ہین | وعدۂ وصل شمارون ہی مین کر جاتے ہین
درد بھی دیگا تو انکار نہین ہے ساقی | ہم بلانوش جو پاتے ہین وہ پی جاتے ہین

نظیر تخلص ولی محمد اکبر آبادی معلمی کرتے تھے بیشتر خمسہ و مسدس کہتے تھے کلیات انکا نظر سے گزرا

آغوش تصور مین جب مین نے اوسے سکا — لبہاے نزاکت سے اک شور رہا بس بوسکا
تہا ارادہ تری فریاد کرین حاکم سے — وہ بہی کم بخت ترا جانیوالا نکلا
تجھے کچہ بہی خدا کا ترس ہے او سنگدل ترسا — ہمارا دل بہت ترسا اری ترسانہ اب ترسا
سبھون کو می ہین خونناب دل پلاتا تہا — فلک ہمین پہ تجھے کیا یہ زہر کہاتا تہا
خرام ناز سے اوس شوخ نے دہنکو جب جنبکا — تو میری خاک نے کیا کیا ہوا کے ساتھ نہ سکا
عبث محنت ہے کچہ حاصل نہین ہیہات اسمین — یہی مضمون تہا فرہاد کے تیشے کی کسٹ کسٹ کا
دیتے ہون جان حور و ملک جسکی آن پر — کیونکر دماغ اوسکا نہ ہو آسمان پر
جب لے چلا وہ دل مرے پہلو سے کھینچکر — دلسے مرے صدا یہی نکلی کہ ہاے دل
سرچشمۂ بقا سے ہرگز نہ آب لاؤ — حضرت خضر کہین سے جاکر شراب لاؤ
زلف ہو بر سر احسان تو گرفتار کرے — چشم کی عین عنایت ہو تو بیمار کرے
قہر جہکی جہمک تس پہ غضب بالا ہے — اب کوئی آن مین سب خلق تہ و بالا ہے

نظر تخلص ایک شخص بنارسی شاگرد سودا کا ہے اور کچہ حال معلوم نہ ہوا

تا ایک نظر دیکہے تجھے اے مہ تابان — رہتا ہے سدا مہر درخشان ہمہ تن چشم

نعمت تخلص شیخ عبد الحق مرحوم باشندۂ سکنہ رہ قوم برہمن سے تہے حضرت شاہ عبد العزیز علیہ الرحمۃ کی فیض صحبت سے مشرف بہ اسلام ہوئے

تڑپے ہے پڑا یہ دل غمگین بغل مین — اب آکہین اے باعث تسکین بغل مین

نعمت تخلص نواب نعمت اللہ خان مرحوم

جاتا ہے بس مین یار کے ایسا شتاب دل — آخر کو کیا کرے گا یہ خانہ خراب دل

نعیم تخلص شیخ محمد نعیم سیاہی پیشہ تہے

عالم سے ہوا غیر مین جس یار کی خاطر — اوسس یار کو منظور ہے اغیار کی خاطر

نعیم تخلص منشی فدا حسین خان باشندۂ کاکوری عیش بہی تخلص کرتے ہین بیشتر کلکتہ

مین رہتے تھے اندنون لکھنؤ مین وکالت کرتے ہین اُنسے لکھنؤ مین ملاقات ہوئی تھی

سنی ہین بوسے اوس لب لعلین کی ایسے — بہوشی عین ہوش ہے مجھہ بادہ خوار کا
اوڑکر زمین سے سر پر چشم فلک بنا — رتبہ ہوا بلند یہ اپنے غبار کا
اے پیر و جوتری یاد مین ہوا اپنا وصال — خلد مین بات نہ بھولے سے کرین ہم
آنہین سکتا زبان پر آہ ہمدم نام وصل — ہجر جانان سے یہان تک طاقت دل طاق ہے

نعیم تخلص نعیم اللہ خان دہلوی شاگرد حاتم

خیال کرکے ترے موکمر کو روتا ہون — وہ کیون نہ روئے پڑے جسکے بال نکہین

نعیم تخلص سید امجد علی لکھنوی

اپنا رہا یہ ہجر مین عالم تمام شب — ہچکی لگی رہی ہمین ہیہم تمام شب

نفیس تخلص دلاور خان خلف بہوری خان فرخ آبادی شاگرد امداد حسین صفیر

گستے ہین جبین سنگ در یار سے اکثر — اک روز چمک جائیگی تقدیر ہماری

نقی تخلص نقی علی خان عرف پیاری صاحب نبیرۂ سبحان علی خان کمبوہ باشندہ لکھنؤ مقیم کربلا شاگرد فتح الدولہ برق وعلی اوسط رشک صاحب دیوان ہین

میرے آنکھون سے نقی گزری ہین کیا کیا نہین — مجھکو دکھلاتی ہے کیا نرگس شہلا نہین
کیون تاکتے ہو تم دل وحشی خصال کو — اے جان کیا کریگی ہرن کا شکار آنکھہ

نقی تخلص نواب علی نقی خان خلف نواب امام علی خان باشندۂ لکھنؤ شاگرد باقر اور اب اولاد مین شجاع الدولہ کے ہین

بچاے جان ہماری خدا سے ہو یہ دعا — پڑا ہے عشق بتان سے معاملہ دل کا
ہوا بھی اوسکے لیے نوک خار سے ہے زیاد — حباب سے کہین نازک ہے آبلہ دل کا

نقی تخلص سید علی نقی جلالوی شاگرد مرزا حاتم علی بیگ مہر

سوم کو پھول ہون تربت پہ میری نرگس کے — کہ نکلے آنکھون سے ہے میری انتظار مین دم

نکہت تخلص مرزا نیاز علی بیگ دہلوی شاگرد نصیر دہلوی ایک دیوان اردو و ترجمۂ سکندر نامہ و فرہنگ مصطلحات زبان اردو اُنسے یادگار ہین

خط مرا اوڑا اوڑ کے اوسکو مین کبوتر بنگیا | خط کا ہر پرزہ کبوتر کا ہر اک پر بنگیا
دل کو دو پارہ مری کیا کر دیا | تیغ دو دم نے دو دلا کر دیا
نہ لگتا دل گر اوس لعل سیہ سے تیرہ بختون کا | تو کیون بیٹھے بٹھائے اوسکے پیچھے یہ بلا لگتی
نافہ مین جو ہے مشک تو بے بہرہ ہی ہے | انسان جو وطن مین ہے تو شہرت نہین ہوتی
دمبدم قاتل کا دم بھرتے رہے | جب تلک جیتے رہے مرتے رہے

نامہ تخلص حافظ غلام احمد دہلوی قرابت دار و شاگرد مولوی امام بخش صہبائی

بیدادی اور خواب ہین یہان جمع ایک جا | کہتی ہے تیری آنکھون مین کیا ایک اثر شراب
اچھا ہوا کہ آنکھ سے خون ہو کے بہ گیا | مدت سے ایک آفت جان تھی بلای دل

نگینہ تخلص حاجی مرزا محمد جان مرثیہ خوان شاگرد علی جان درخشان ولد مرزا محمد حسین متوطن رہلی باشندہ لکھنؤ مقیم موجی کہو لا متعلق ککلتہ کربلا کی زیارت بھی کی ہے یہ شعر اس تذکرے کے لیے بھیجے تھے

افسوس حوصلے دل پرفن کے رہ گئے | بیٹھے صنم کے پاس تو بت بنکے رہ گئے
اللہ رے خوف روز قیامت کہ طفل اشک | امید وار گوشۂ دامن کے رہ گئے
مدفن عشاق پر آتا ہے وہ مختر خرام | خفتگان خواب غفلت کو جگانے کے لیے
ہزاردان طمع کی یہ فینیں لبریز ہین دل مین | کہین بہتر ہے یہ کاسہ ہمارا ساغر جم سے

نمود تخلص شاہزادہ مرزا محمد آسمانقدر خلف مرزا محمد خرم بخت بن مرزا محمد جہاندار شاہ عالم بادشاہ شاگرد ناسخ انکا مولد بنارس مسکن لکھنؤ

یہ کسکی ناوک مژگان ہوئی ہے خار پہلو مین | کہ جای دل ہین پیکان تیر کے دو چار پہلو مین
ہوئے الو نسے جب فرصت تو شغل آہ کرتا ہے | ہمارا دل نہین رہتا کبھی بیکار پہلو مین
جبھی اے ہمنشین کچھ بادہ خواری کی ہے کیفیت | کہ ساغر ہاتھ مین ہو ساقی سرشار پہلو مین

نمود تخلص میر مہدی ولد میر عباس لکھنوی شاگرد آتش

جا ہو جلا دیا ہوا سی خاک مین ملاؤ | اے جان میرے پاس نہین کچھ سوا دل

نمود تخلص میر محمد حسین خان عرف جھوٹے صاحب برادر خورد سید محمد علی خان

رئیس شمس آباد

مقابلہ مین جھپک جاے چشم مہر منیر | اگر وہ چہرۂ انور کو بے نقاب کرے

نواب تخلص قدرت اللہ دہلوی متعلمی کرتے تھے

بنے مانا بھی کہ محشر مین ملے گی دل کی داد | پر یہ حیران ہین کہ کس منہ سے کرین فریاد ہم

نواب تخلص طہور اللہ خان ولد مولوی دلیل اللہ باشندہ مراد آباد شاگرد بقاء اللہ بقا شعر فارسی خوب کہتے تھے حرأت نے انکے اہاجی رکیکہ کہی ہے صاحب دیوان گزرے

کیجو نہ اسے رقیب تو اوسکی مصاحبت پہ ناز | کچھ دنون بزم یار مین ہمکو بھی اعتبار تھا

اوس بیوفا جفائی پر رو کر جو رکھون سر کو | کس ناز سے وہ ہنسکر کہتا ہے کہ بس سر کو

تھکا ہے منتظرون کا پیام یاس لاتا ہے | الٰہی خیر کیجو نامہ بر کچھ سست آتا ہے

ہے گرفتاری سے میرے سارے عالم کو بچا | شور نالہ نے مرے ہر شخص شب سونے دیا

بر سنگ نقش پا اوس در کے جب مین نے رکھی | اوٹھانے کو کسی نے پھر نہ میری آستین رکھی

الٰہی ناگ لگیو گور مین اوس تیرہ باطن کے | کہ جسنے بے تکلف اوسکی زلف عنبرین رکھی

ہوا کیا اور دسرا اس رشک مجھ ناشکیبا کو | لگانے کو جو صندل غیر نے اوسکی جبین رکھی

رہی ہے رات تھوڑی دل ہے مضطر دیکھیے کیا ہو | ادہر اندیشۂ دشمن ادہر اوسکی نہین پڑتی

اونہین کیا لطف ستی ہو جنہون کے ناز نیونکے | نہ چشم عشوہ زا دیکھی نہ ساق نازنین پڑتی

نواب تخلص سید نصیر الدین عرف میر نواب ولد حکیم میر علی جان ولد حکیم مہتاب خان دہلوی مقیم بنارس شاگرد ناسخ

یکان ہر ایک نشتر ہے بن اوسکی انکھین مین | نشتر ہے باغ مین مجھے نالہ ہزار کا

تجھے جنت مین کب بھایا خرام ناز حور ونکا | وہان بھی دیکھنا چاہینگے اوس مہوش کی چال انکھین

نواب تخلص نواب نصر اللہ خان رئیس رامپور

رات آخر ہوئی اور صبح کا تارا نکلا | مدعا دل کا نہ صد حیف ہمارا نکلا

نوازش تخلص نوازش علی خان لکھنوی اُمی محض ہین سنہ ۱۲۵۷ اٹھارہ سو

شاد دن عیسوی مین کلکتہ مین تھے صاحب سرایا سخن نے انکو مرزا مہدی ثاقب کا شاگرد کہا ہے انہون نے مجھسے اپنی کو برق کا شاگرد بتلایا تھا واللہ اعلم

زلف کا سر کو مری جس روز سے سودا ہوا
پاؤن پڑ کے لیگئی زنجیر زندان کیطرف

بتول جاتے ہین خدا کو یہ بتون کی یاد مین
آخرت کرتی ہین غارت اہل دنیا ہاتھ سے

گھہ بلائین لیتے ہین گھہ جاتے ہین محرم ملک
اے نوارش اب گنہ ہوتے ہین کیا کیا ہاتھ سے

نوارش تخلص نوارش حسین خان لکھنوی عرف مرزا خانی ولد حسین علی خان ابن نواب ناصر خان شاگرد میر سوز صاحب دیوان گزرے

ایک عالم کو آزما دیکھا
جسکو دیکھا تو بیوفا دیکھا

حال بد کا شریک دنیا مین
نہ برادر نہ آشنا دیکھا

کیف مین کم ہے بہت نوارش سے
عشق خوبان مین جو نشا دیکھا

عشق مین ایک خلل سا رہتا ہے
اشک چل نکلی نوارش جو کبھی دل ٹھہرا

زبس کہ رہتا ہے آنے کا اوسکی دھیان لگا
صدائے در پہ ہے در پردہ اپنا کان لگا

یہ بل کرتا ہے تو لوگ فرہ کی آبداری پر
تجھے بھی طنطنہ کتنا ہے اتنی سی کٹاری پر

وہ گئی دن جو بسر شب ہو ہم آغوشی مین
ابتو کٹتی ہے مری چار پہر آنکھون مین

یہ سانس ہے کہ پکان ہے نشتر ہے کہ دل ہے
کانٹا سا کھٹکتا ہے یہ کیا دیکھیو بر مین

بن ہاتھ لگے دس کی جا سی نہین ہلتا مین
لاغر اسے کہتے ہین تیار اسے کہتے ہین

حرام نیند کی اقرار وصل جانان نے
الٰہی کوئی کسیکا امیدوار نہ ہو

کسی تیغ جفائے خیخ سے امید منسی کی
جو ہووے بھی تو ہان شاید وہان زخم خندان ہو

یہ جانتے تو نہ باتون کی تجھسے خو کرتے
ترے خیال مین پہرون ہی گفتگو کرتے

ایک مین کیا خوب کر دیکھے او سحر آفرین
اپنی صناعی پہ حیران خود وہ صورتگر ہے

ایام وصل مین ہم لپٹے ہین جیسے اوس سے
یون وصلی کی بھی کاغذ چسپان ہم نہونگے

آغاز عشق ہی مین شکوہ بتون کا اے دل
ٹک صبر کر ابھی تو کیا کیا ستم نہ ہونگے

خدا ملے تو ملے آشنا نہین ملتا
کوئی کسیکا نہین دوست سب کہانی ہے

نور تخلص میر وزیر علی خلف میر بادشاہ لکھنوی شاگرد فتح الدولہ برق صاحب دیوان ہین

بھیجکر خط مین گنہگار سراپا ٹھہرا
میرا نامہ مرے اعمال کا پرچا ٹھہرا

عاشق سے کیا ضرور ہین یہ لنترانیان
موسی نہین مین آپ نہ یہ گفتگو کرین

مانین نہ مانین وصل پہ راضی ہون یا نہون
تقریر چل کے یار سے اب دو بدو کرین

حسن و جمال یار سے دل شاد کیجیے
معشوق کیجیے تو پریزاد کیجیے

نور تخلص حکیم نادر حسین ولد میر اصغر علی بن حکیم عوض علی باشندہ بریلی بسبب منسوب ہونے ساتھہ دختر ہمشیرہ نواب معتمد الدولہ کے کانپور مین سکونت کی تھی

اللہ رے سوز عشق کہ جب کٹ گیا گلا
رگ رگ سے بدل خون کی نکلا بخار دل

بعد مرون بھی کسی سے نہین نیکی کی امید
خاک مین مجھکو ملانے کو احبا آئے

نور آخر کو ہوا آپ کے نالون مین اثر
لو وہ تہامے ہوئے ہاتھون سے کلیجا آئے

نور تخلص ایک شخص باشندہ پانی پت کا ہے اور کچھ معلوم نہوا

آہو یہ تری آنکھین ہین یا نرگس شہلا
یا زہر ہلاہل کے بھرے جام ہین دونون

نور تخلص مولوی محمد نور الحسین منصف دربھنگا ضلع ترہت باشندہ شہر کمالی شاگرد مولوی اولاد علی کاہش راقم کے دوستون مین ہین شعر بہت کم کہتے ہین

جن دنون مین مشتعل داغ دل بیتاب تہا
اک چراغ روز سا خورشید عالمتاب تہا

تہا شوق شہادت مجھے وہ برسرکین تہا
خنجر مری قسمت کی برائی سے نہین تہا

سودے مین تری گیسوے مشکین کی سر بسر
ناسور مرے دل کا صنم نافہ چین تہا

تربت پہ مرے نور ہے چادر شب مہتاب
روشن ہے کہ قاتل مرا اک ماہ جبین تہا

نور تخلص صمصام حیدر مرحوم برادر عمزاد علیجان منور تخلص ولد منشی حسن علی شاگرد راقم الحروف باشندہ ہوگلی مقیم ٹالیگنج متعلق کلکتہ آغاز جوانی مین انتقال کیا

جو اعداد گنتے ہین دس پر ہی کوپری ہیلوین
تو کیا کیا رنگ جرباکی طرح ہر دم بدلتے ہین

روان ہین اشک سیگون فرقت ساقی مین کب تک
جگر اور دل لہو ہوکر ان آنکھون سے نکلتے ہین

نہ پہونچے ہاتھ اخیر وصل مین بھی باہی نازک تک | اسی حسرت مین مدت سے کف افسوس ملتی ہین

نورحق تخلص شاہ محمد جمیل دہلوی خلف خواجہ محمد جلیل شاگرد مولوی امام بخش صہبائی کسب باطن مولوی قطب الدین مرحوم خلف مولانا فخر الدین قدس سرہ وشاہ آل احمد عرف اچھے میان وحضرت محمد نصیر محمدی سے کیا تھا

رباعی

دنیا مین ہوا عدم سے آنا اپنا | اور آکے ہوا نہ یہان ٹھکانا اپنا
نے جانے کی راہ ہے نہ رہنے کی جگہ | دشوار ہوا ہے منہ دکھانا اپنا

نیاز تخلص میر محمد سعید اکبر آبادی معلمی کرتے تھے

کہان ہے دسترس اب جو پہونچے تیرے دامان تک | نہ پہونچے ناتوانی سے یہ ہاتھ اپنے گریبان تک

نیاز تخلص میر محمد علی مرثیہ گو باشندہ دہلی مقیم حیدر آباد

خواب ان خانہ خراب آنکھون مین کیونکر سمایا | جنکی بے برسات بہی رہتے ہین گھر بھیگے ہوے

نیاز تخلص شاہ نیاز احمد سرہندی ولد حکیم شاہ رحمت اللہ باشندہ بریلی کسب باطن مولانا فخر الدین دہلوی وشاہ عبد العزیز بغدادی سے کیا تھا دہلی مین تربیت پائی تھی سنہ ۱۲۵۱ بارہ سو پچاس ہجری مین ماہ جمادی الثانی مین ستتر برس کی عمر مین وفات پائی دیوان فارسی واردو الکا نظر سے گزرا

مجھے حین خواب عدم مین تہا نہ تہا زلف یار کا کچہ خیال
یہ جگا کے شور ظہور نے مجھے کس بلا مین پہنسا دیا
وہ جو نقش پا کی طرح رہی تہی نمود اپنے وجود کی
سو کشش سے دامن ناز کے اوسے بہی زمین سے مٹا دیا

یا الٰہی ز ورق گردون سنبہال | بیطرح اٹہا ہے یہ طوفان اشک
صبر و قرار و شکیب تاب و توان عقل و دین | سب کے تو لی اپنی راہ رکہی کیون جان تو
عقل کے مدرسے سے اٹہہ عشق کی میکدے مین آ | جام فنا و بیخودی ابتو پیا جو ہو سو ہو

نیاز تخلص عبد الرسول باشندہ جہانگیر نگر عرف ڈہاکہ

سادہ لوحی دیکھیو میری کہ ڈھونڈھوں ہون اوسے | جسکے ہاتھون شیشۂ دل میرا مکنا چور ہے

نیاز تخلص لالہ راجہ رام این لالہ بکناتہ باشندۂ بھکونت نگر

بھولکر بھی نہین کرتا وہ کبھی یاد مجھے | کردیا اوسکی فراموشی نے برباد مجھے

نیاز تخلص محمد نیاز علی خلف محمد مبارک علی باشندۂ بجھراؤن ضلع مراد آباد

سرگرم فغان شب دل ناشاد حزین تھا | شعلہ مرے آہون کا جو تھا عرش نشین تھا
برباد ہوکے یار کے دل مین جگہ ملے | آباد کر گئین مری برباد یان مجھے

نیر تخلص مرزا حسن عسکری ولد مظفر علی بیگ عرف آغا جان باشندۂ لکھنؤ شاگرد مرزا خانی نوازش

کس حسن کے ہین اوس بت پیمان شکن کے ہاتھ | ہیرے کی ہے کلائی عقیق یمن کے ہاتھ

نیر رخشان تخلص مخدوم مکرم جناب نواب ضیاء الدین احمد خان بہادر رئیس لہارو خلف الرشید نواب احمد بخش خان بہادر مرحوم والی فیروز پور جہرکہ شاگرد رشید مرزا اسد اللہ خان غالب دہلی مین رہنے کے ہنگام مین راقم کو انکی خدمت مین نیاز حاصل ہوا تھا بیشتر فارسی کہتے ہین علم تواریخ مین بہت دخل رکھتے ہین جرد زبان مین اشعار انکے شیرین و نمکین ہوتے ہین

آنکھون مین دشمنون کی کھٹکتا ہون مثل خار | احسان ہے یہ مجھ پہ مرے جسم زار کا
گرانتا نہین ستم و جور یار کو | شوق زیادہ جو کہ مری بھی گران نہین
پیری و مفلسی مین نہ لو نام مے کا اب | لطف ارتکاب مین ہے نہ اجر اجتناب مین
مے کے گرنے کا ہے خیال ہمین | ساقیا لیجیو سنبھال ہمین
شب نہ آئے جو اپنے وعدے پر | گزرے کیا کیا نہ احتمال ہمین
کیا پہونچے تو فرشتہ کا جسجا گزر نہ ہو | بیت الصنم ہے شیخ خدا کا یہ گھر نہ ہو
رخشان جو آتے آتے ابھی رک گئی ہین اشک | آنکھون مین آگیا کوئی لخت جگر نہ ہو
چاک یکسر مرا گریبان ہے | دل کا محضر مرا گریبان ہے
بوالہوس اور بھی مرنے کی کرینگے خواہش | لیکے گل قبر پہ رخشان کی نہ آیا کیجے

حرف واو

واجد تخلص واجد علیخان لکھنوی شاگرد نسیم دہلوی

لین ہین بلائین سر سے قدم تک جو یار کی | ہے ہر لکیر نور کی تحریر ہاتھ مین

واحد تخلص شیخ عبد الواحد دہلوی شاگرد [illegible] جان تپش

بیتاب ہو کے شوق مین سب راز کہدیا | واحد ستم کیا یہ دل بیقرار نے
پوچھے کیا ہو اسیران قفس کا احوال | بال و پر نکلے نہین تھے کہ گرفتار ہوئے

وارث مرزا وارث علی بیگ فرخ آبادی خلف علی نقی بیگ صوبہ دار

آیا ادھر وہ بت خود کام ہمارا | کس کام کا جذب دل ناکام ہمارا

وارث تخلص شاہ وارث الدین دہلوی اوستاد عالمگیر ثانی خوشنویسی مین مرتبہ خطاب پایا تھا درویشانہ اوقات بسر کرتے تھے حضرت شیخ فرید الدین گنج شکر قدس سرہ کی اولاد مین تھے

خورشید رو کا میرے جلوہ جہان تہان ہے | ہر ذرہ مین جو دیکھو اوسکی جھلک عیان ہے

وارث تخلص حاجی شاہ محمد وارث الہ آبادی خلیفہ و شاگرد شاہ قطب الدین مصیبت صاحب دیوان گزرے

پڑا ہے سنگدلون سے مقابلہ دل کا | نہ ٹوٹ جاے مین ڈرتا ہون آبلہ دل کا
ہمارے آہ اور نالے فلک پر جا کے پہونچے | اگر ہوتا نہین وہ بیخبر آگاہ کیا کیجے
بتا تو اے مرے ظالم مثال نقش قدم | تری گلی مین کوئی گر کے پھر اوٹھا بھی ہے

وارفتہ تخلص نواب شیر علی خان ولد نواب مرزا منگو بیرہ شجاع الدولہ شاگرد مرزا باقر ادراک

موجین لہرانے لگین مارسیہ کے مانند | آپ نے دہوئے جو دریا کے کنارے گیسو
سر عاشق پہ کرینگی یہ بلائین نازل | پاؤن تک آئے ہین بڑھکر جو تمہارے گیسو

واصف تخلص مولوی احمد حسین ولد تاج الدین لکھنوی شاگرد اشرف خان خان تخلص صاحب دیوان ہین

اختر تابان شب یلدا مین آتے ہین نظر | موتیئے کے ہار یہ لپٹے نہین بالائے زلف

واصف تخلص حسن بخش خان شاگرد اعظم الدولہ صاحب تذکرہ

آتا ہے دل مین چاک گریبان کیجیے | صحرا کی آج چلنے کا سامان کیجیے

واصف تخلص قاضی محمد یعقوب باشندۂ بلیا ضلع غازی پور

گھر چھڑایا خانہ ویران کو چہ گردان کر چکا | لے چلا ہے اودل بیتاب و نادان اب کہان

واصل تخلص درگا پرشاد خلف لالہ گنگا پرشاد متوطن کول مقیم فتحگڈھ

واصل اب اوسسے کیا ہمین چشم امید ہو | ہر وقت دیکھتے ہین وہ ترچھی نگاہ سے

واصل تخلص محمد واصل

سرگرم ناز کیون نہ ہو وہ رشک آفتاب | عالم مین اوسکے حسن کا بازار گرم ہے

واعظ تخلص شیخ الٰہی بخش باشندۂ پہانی شاگرد مقصود عالم مقصود

کب بیان غم سے چشم تر نہ ہوئی | کب عیان سوز دل جگر نہ ہوئی

واقف تخلص واقف شاہ غازی پوری معاصر سودا مقیم دہلی کچھ روز دون فیض آباد مین بھی رہے تھے آخر عمر مین لکھنؤ مین جاکر وفات پائی

مین تو گیا تھا سونپ کر دل کو وفا کے ہاتھ | اے آہ چڑھ گیا یہ کہان سے جفا کے ہاتھ

صبح پر وصل یار کی ٹھہرے | ہاے پھر انتظار کی ٹھہرے

عشق مین کیا فضل و ہنر چاہیئے | آہ مین تھوڑا سا اثر چاہیئے

خوبرو ہو کے با وفا ہووے | مین نہ مانون اگر خدا ہووے

رحم اے زلف شکن لطف اے بخت سیاہ | موکشان کھینچے پھرے کب تک پریشانی مجھ

واقف تخلص مرزا قوماش بہادر خلف بہادر شاہ بادشاہ دہلی شاگرد ذوق

سو لخت جگر ساتھ ہین سو پارۂ دل ہین | اشک آنکھ سے اس شان سے اس دم نکلے

ہر کوچہ و بازار سے ہو سنگ فشانی | دیوانہ ترا نکلے تو اس دھوم سے نکلے

والہ تخلص مرحمت خان فارسی مین ثاقب تخلص کرتے ہین وطن انکا کشمیر مولد دہلی مسکن لکھنؤ

کہتے جو بندون مین اپنے تو ایکبار مجھے	تو خلق مین ہو خدائی کا اعتبار مجھے
ہے عیان جلوۂ ترا انسان کی تصویر سے	صورت معنی ہو ظاہر حرف کی تحریر سے

والہ تخلص میر مبارک علی خلف و شاگرد شاہ قدرت اللہ قدرت مقیم مرشد آباد علوم ظاہر سے بے بہرہ تھے

ہوئی ہے مشتعل میری دل بیتاب مین آتش	نہ کبھی تھی کسینے اب تلک سیماب مین آتش

والہ تخلص محمد خان ملازم مرزا حیدار شاہ خلف شاہ عالم بادشاہ

دل یہ میری در امید جو مسدود ہوا	جلوہ گر سامنے آ شاہد مقصود ہوا

والہ تخلص ایک ہندو باشندۂ فیض آباد کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

معدوم کو کیونکر کوئی ثابت کرے والہا	مضمون کمر یار کا عنقا سے نہین کم

والی تخلص منشی محمد والی باشندۂ پنڈوہ ضلع بردوان

کیا پوچھتے ہو یار و حال تباہ میرا	بے مہر ہو گیا ہے دہر شکب ماہ میرا

وجاہت تخلص احمد علی خان خلف احمد نور خان رامپوری قوم افغان شاگرد محمد حیات خان حیات

ہے وجاہت یہ زیست نقش بر آب	کیا یقین آ گئے نقش باطل کا

وجیہ تخلص میر ضامن علی ابن میر جعفر علی باشندۂ الہ آباد

شکوۂ جفاؤن کے نہین ہرگز روا مجھے	ہر حال مین ضرور ہے تیری رضا مجھے

وجیہ تخلص نواب وجیہ الدین بہادر برادر نواب حسام الدولہ شاگرد مرزا فاخر مکین بیشتر فارسی کہتے تھے

خون دل بسکہ رہا ان کے جم چشمون مین	پانی پانی ہوا خجلت سے مین مجنون مین
تسکین درد دل کو نہ آج ہو نہ کل ہو	بے یار بیکلی ہے وہ ہے ملے تو کل ہو

وحدت تخلص جمیت رائے کایتھ باشندۂ میرٹھ

محروم ہے عندلیب کو اب غم تا ل کی	فصل بہار آتی ہے اوسکو ہوا لگی

وحدت تخلص مولوی محمد علی سابق ڈپٹی مجسٹریٹ میدنی پور ولد قاضی عنایت علی مرحوم باشندہ کلکتہ شاگرد مولوی رشید البنی مرحوم وحشت اندنون شعر گوئی ترک کی ہے راقم کے احباب مین ہین

سُرخ اطلس کی ازار آب روان کی انگیا	نصف تن آگ مین ہے نصف بدن پانی مین

وحشت تخلص میر ابوالحسن دہلوی نبیرہ میر انیس خان شاگرد مرزا سودا

مین نے شروع نزع مین کی تھی تجھے خبر	پھونچا تو اوس گھڑی کہ مرا کام ہوچکا
قاتل اگر کہے کہ سکتا ہے جھوٹ ریو	خنجر تو ایک دم کے لیے مُنہ نہ موڑ یو
کر دیگا اِس دل دیوانہ کی تدبیر آنکھوں سے	لگی ہے بہنے موج اشک کی زنجیر آنکھوں سے

وحشت تخلص مرزا باقر علی خان خلف حسین علیخان نائب دمختار مہدی علی خان صوبہ دار بریلی باشندہ فتح آباد مقیم لکھنؤ شاگرد میر تقی میر صاحب دیوان گزرے

دیکھکر اوسکو ہوا ہون غش نہ آؤن ہوش مین	ہووے محشر کا اگر شور و فغان بالائے سر

وحشت تخلص میر بہادر علی لکھنوی شاگرد جرأت ملازم نواب شجاع الدولہ بہادر

کیا جانیے کدھر کو گیا ہو اوداس دل	جو پھر کبھی نہ آن پھرا میرے پاس دل
مانگو بوسہ تو وہ دشنام دیوے نوشی مین	دیکھو ہوش ہے کتنا اوسی بیہوشی مین

وحشت تخلص احمد بیگ باشندہ میرٹھ شاگرد صمد علی حسرت

حوصلہ دیکھنا مرے سر کا	سنگ رہ بنگیا ہے بستر کا

وحشت تخلص یوسف علی باشندہ اودان ضلع میرٹھ شاگرد مولا بخش قلق

تیری نگہ سے کب تہ و بالا جہان نہین	تیرے مین کب زمین نہین کب آسمان نہین

وحشت تخلص مخدوم بخش کانپوری ولد فدا بخش شاگرد احمد علی کامل

تیرے بیسند ہو تو پیارے بہار ہے	کھا کھا کے گل بنا لے ہین گلدستہ ساری کا تھا

وحشت تخلص میر غلام علی خان مرادآبادی ولد میر فرحت اللہ خان داماد مولوی محمد رشید الدین خان دہلوی شاگرد مومن خان بنارس اور دہلی مین

نشو و نما پائی تھی بلند شہر مین سکونت کی تھی شعر انکے خوب ہوتے ہین ٭

بسکہ رنج افزای طبع نازک جانان نہین — آسمان پر ہے دماغ اس آہ بے تاثیر کا
آتیین حرمت صہبا کی سنا ناہون اوسے — ذکر سن سن کے رقیبون کی مے آشامی کا
سارے عالم سے صفائی ہوئی اپنی وحشت — کیا مکدر کہین وہ آئینہ رخسار ہوا
منفعل ضعف جنون سے ہوئی ایسی کہ جیو — طوق آہن جسے سمجھے تھے گریبان نکلا
جو نہ جاتا ہو کہین کوچۂ جانان کے سوا — ایسے دیوانے کو کچھ حاجت زنجیر نہین
اے دل آسان نہین جور اوٹھانا اوسکی — نوجوان یار ہے وہ کچھ فلک پیر نہین
اوڑ چکا ہے جو یہ شدت سے فلک کو بالکل — رنگ رخ مین مری اسواسطے تغیر نہین
پہری وحشت مری دن پہر کی جو دیکھا اوسنے — گردش چشم ہوئی گردش دوران مجھکو
گزرا اس اعتماد محبت سے مین خدا — مجھسے چھپائین کاش وہ الفت رقیب کی
گرم میخانہ ہے اتنا آہ آتشباز سے — بہاگتی ہے دھوپ میری سایہ دیوار سے
بے تکلف آئے وہ بہر تماشا وقت نزع — کام آسان ہوگیا یہان مردن دشوار سے
نالہ سیر اروز و شب سن سن کے عادت ہوگئی — اہل عالم اب نہین مرنیکے بانگ صور سے
کیون نہ باطل سمجھون اقرار وفا — سمجھ لیتے ہے تیری گفتار سے
خط کے آنے سے گئی شرم سخن — آئینہ ملوطی ہوا زنگار سے

وحشت تخلص سید حبیب احمد خلف میر مشتاق احمد باشندۂ دہلی

آخر اپنا بھٹک بھٹک کے غبار — ایک دن اونکے در پہ آہی رہا
خانہ خراب نالہ وزاری سے باز آ — ہر دم کے ہاے ہاے مین ای دل اثر نہین

وحشت تخلص شاہزادۂ کبیر الدین دہلوی شاگرد محمد ابراہیم ذوق و مرزا رحیم الدین حیا

وہ بیوفا و امید تسلی شب غم — خیال یہ دل مضطر تراکدھر آیا
کونسے فتنون مین ہے فتنۂ محشر ظالم — سیکڑون فتنے ہین ایسے تری فتار کے پاس
ناحق کے ظلم و کاوش بیجا سے کیا حصول — لوگی ستم کی کیا کسی خانہ خراب کو

وحشت تخلص استاد راقم الحروف مولوی حافظ رشید الدین مرحوم خلف الرشید

مولوی حافظ حبیب النبی مرحوم رقت تخلص اولادمین حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کے مولد انکا رامپور سکن کلکتہ ہوگلی مین عہدۂ جلیلہ افتا پر مامور تھے کچھ روز رون حافظ اکرام احمد ضیغم سے اصلاح لی تھی عربی و فارسی اور اردو اشعار نہایت خوب و بغایت مرغوب کہتے تھے مین شباب مین ۴۴ بارہ سو چوہتر ہجری مین انتقال کیا راقم نے یہ تاریخین اونکے وصال کی کہی ہین

تاریخ

مر گئے حیف حضرتِ وحشت	یا خدا ہون وہ داخلِ جنت
گوہرِ برجِ علم و فضل تھے وہ	نیّرِ برجِ علم و فضل تھے وہ
عالم با عمل تھے اور کامل	علم مین بے بدل بڑے فاضل
قاضیِ شرع حافظِ قرآن	تھے وہ بے شبہ صاحبِ عرفان
جب کہ اوستاد کا وصال ہوا	مجھکو تاریخ کا خیال ہوا
یہ ندا دی سروش نے ناگاہ	مر گئے آہ ایسے فاضل آہ

۱۲۷۴ ہجری

قطعہ تاریخ کہ بدو بحر رمل و نسخ خواندہ میشود

کیا کہون کیا غم ہوا پائی یہ جسدم خبر	شاعرِ شیرین زبان مر گئے افسوس آہ
فکر تھی تاریخ کی کلک نے مصرع لکھا	وحشت جاد و بیان مر گئے افسوس آہ

۱۲ ۵ ۷۴

قطعہ تاریخ

حیف کہ مولانا رشید البنی	راہ رو کشورِ فانی ہوئے
مصرع تاریخ خرد نے کہا	خسروِ اقلیم معانی ہوئے

۱۲ ۵ ۷۴

اشعار

مہتابی پہ جلوہ ہے جو اوس شکپری کا	عالم ہے رخِ مہ پہ چراغِ سحری کا
چشمِ آہو کے انداز قدم کبک دری کا	رخِ مہ کا ہے قد سرو کا نقشہ ہے پری کا
عریانی مین کیا نذر کروں دستِ جنون کو	دامن بھی جو رکھتا ہون تو زخمِ جگری کا

لب خشک ہین ترآنکھین مین فرقت مین شب و روز
یہان زیرگین ملک ہی خشکی و تری کا

کہانی کی تو مدت سے قسم کھائی ہے ہمدم
یہ غم ہے کہ کہانا ہون کسی رشک پری کا

تعدد نظر بازی خوبان جہان سے
ہر مسئلہ یہان نوک زبان ہی نظری کا

آنکھون سے دیکھا دیتے ہین مفہوم عدم کو
لکھتے ہین جو وصف آپ کی نازک کمری کا

اوس کان ملاحت کی یہ الفت کا اثر ہے
ہے شور جہان مین مری شوریدہ سری کا

بوشاکہ ہوا کرتی ہے کیون قطع و ہان فرد
دشت مین اگر خوف نہین جامہ دری کا

بکھیجئے موے میان طبع رسا سے پیدا
بال ہو چشم تصور مین بلا سے پیدا

خال اے نور نظر ہین تری چہری پہ کہان
پر تو مردم نسان ہین صفا سے پیدا

زخم دل پر نمک افشان ہو فراق احباب
شور سر مین ہے مری بانگ درا سی پیدا

چشم انسان ہے مرا گہر کہ مثال مردم
رو سیاہی مین ہون مین عین نیسا سے پیدا

آب حیوان اپنے حق مین شربت سم ہو گیا
خنجر سفاک زخم دل کو مرہم ہو گیا

بارش تیر قضا ہے اس تواضع کا اثر
موت ہے تسکل کمان دشمن اگر خم ہو گیا

یاد ابرو سے تمہارے کٹ گئے ایام غم
ہجر مین ہر دم ہمین شمشیر کا دم ہو گیا

تنگ رکھتی ہے غضب کنج عدم کی آرزو
مجھکو دشت مین دہان یار عالم ہو گیا

رونق بزم شراب آج وہ جانانہ ہوا
سر جو شیشے کا جھکا سجدہ شکرانہ ہوا

پرتو افگن جو کبھی ساعد جانانہ ہوا
ہر حباب لب جو شاہد پروانہ ہوا

مشتری کون ہوا اوس مہ کا جو ابھی مہری ہے
نقد جان لیکے یہ کہتا ہے کہ بیعانہ ہوا

ای پری تنکے جو وہ میری طرح بہتا ہے
کہربا بھی تری آنکھون پہ ہی دیوانہ ہوا

پانون مین سلسلۂ زلف پریشان اوالجھا
اپنے ہی دام مین پابند وہ جانانہ ہوا

صاد چہری پہ ترے خامۂ قدرت نے لکھا
باعث چشم حسینون مین تو ممتاز رہا

ہوکے برباد غبار تن لاغر اپنا
راکب دوش صبا صورت آواز رہا

آب یاقوت کی ماہی اسے کہیئے کہ سدا
آشنائے لب جانان سخن ناز رہا

شعلۂ عشق سے روشن دل مشتاق رہا
سینہ تا مرگ پر از حکمت اشراق رہا

حاشیہ

حلقۂ زلف ہے یہان سلسلۂ آزادی
حین تقیید مین یہان عالم اطلاق رہا

روے جانان کے تصور مین رہا سینہ گرم
برگ گل بھی سبب سوزش احراق رہا

حال بیتاب کا ہی تجھے معلوم نہین
موج زن سینہ مین یہان قلزم اشواق رہا

رشتۂ مہر و وفا بالی بتا کر توڑی
کب تو پابستۂ زنجیر و میثاق رہا

خون تھوکتا ہون الفت ابر کے یار مین
لکھہ اے طبیب میری دوا مین ہرن کی شاخ

گیسو ہین مشک آنکھین بچاری قمر ہین تیر
دنبالہ دار سرمہ ہے گویا ہرن کی شاخ

جو کج ہین اونکو ثمرۂ حرمان نصیب ہے
دیکھی ہے کسنے پھولتے پھلتے ہرن کی شاخ

بیٹھے جو ہاتھہ رکھہ کے وہ گلرو تہ ذقن
پیدا ہوا باغ حسن مین سیب ذقن کی شاخ

پہونچی نہین ہے آہ شرربار تا فلک
پھوٹی ہے جوش اشک سے چرخ کہن کی شاخ

مانگ مین سیندور ہے اونکے کہان بالاے سر
سرخی رنگ کف پا ہے عیان بالاے سر

تہا سواد موجوانی مین دہوان بالاے سر
اب سفیدی سے ہے خاکستر عیان بالاے سر

شمع کا سر کاٹتے ہین بزم مین گلگیر سے
آفتین کیا کیا نہین لاتی زبان بالاے سر

کیا ہی تھی چین برجبین تعویذ لٹکانے مین شب
اونکے بالون مین جو الجھہ چوڑیان بالاے سر

نہین باقی کوئی تار گریبان بھی مگر تن پر
کہ جا پڑتا ہے اب دست جنون رفو کے واسطے

بجھایا ہے چراغ زندگی تعویذ گیسو نے
بجاے شمع ہووے مار مہرہ اپنی مدفن پر

مسی آلودہ لعل تر ہے گیسو اونکے آیو نجے
یہ افعی چاٹتے ہین اوسکو گلبرگ سوسن پر

قدم باہر نہین رکھتے نگہ آنکھونکے پردے سے
حجاب عشق گھونگٹ ہے کسیکے روے روشن پر

خیال اوس زلف و لب کا نقش حیرت کی ہوا دیکر
شبیہ لیلی و شیرین منقش ہے ہر اک سل پر

غضب دزد حنا کو تم نے ہاتھون پر ہے باندہا
زبان ہے لال کیونکر مدح خوان کے ایسے عادل کی

تل نہین تل ہے جو ناف بت مغرور کی پاس
حسب فاضل ہے عیان جثمہ کافور کی پاس

بار اوس بزم مین وہ پاتے ہین جو مر نہ جیے
زندگی مین کوئی ممکن ہے گزر حور کی پاس

کار دل بجنبہ و مرہم سے تو اب در گزرا
زخم ہین زخم پہ ناسور ہین ناسور کے پاس

آتش فندق جانان نے جلایا ہی مجھے
مٹی مہدی کی ہو قبر تن محرور کے پاس

اپنے باعث ہین وہ تلخی کو گوارا کرتے ۔ ورنہ کیا اوس لب شیرین کو ہی دشنام سے کام
پاس ناموس نہین ہے دل وحشی کو کبھی ۔ یہ نگین وہ ہے کہ جسکو نہین کچھ نام سے کام
قاصد وہان گیا تو ہوا مرغ نامہ بر ۔ بال جذنگ ہے کہین خالی بدن نہین
سبزہ پیدا ہے تو اب بزم مین جا دیتے ہین ۔ باغ سبز اپنا بلا کردہ دکھا دیتے ہین
چہرہ جالی سے جو برقع کی دکھا دیتے ہین ۔ ماہ کو عقد ثریا وہ بنا دیتے ہین
پرتو حسن سے دکھلاتے ہین اعجاز مسیح ۔ اپنے بالی کی وہ مچھلی کو جلا دیتے ہین
اوکھا ادنی یہ شگوفہ ہے کہ گلشن مین نسیم ۔ ہنستے ہنستے گل و بلبل کو لڑا دیتے ہین
ہے ہلال شفقی اپنے گریبان مین ہلال ۔ اشک خونین مجھے کس درجہ بڑھا دیتے ہین
سر و بالا نہین بالا ہے بتانا اچھا ۔ فقرے کیا آپ کڑے ہمکو سنا دیتے ہین
باندھ لیتے ہین وہ دزدحنا ہاتھون مین ۔ دل چرا لینے کی یہ اوسکو سزا دیتے ہین
دونی باتین ہین جو تکرار کر فیر فیر کی سبب ۔ کیا ثناۃ مضاعف وہ پڑھا دیتے ہین
کب خیال حلقہ جعد رسا ہوتا نہین ۔ کب دل دیوانہ پابند بلا ہوتا نہین
دل سے کم سودائے چشم فتنہ زا ہوتا نہین ۔ شور محشر کونسی شب یہان بپا ہوتا نہین
یار آغوش تصور سے جدا ہوتا نہین ۔ ایکدم یہان عالم دل مین خلا ہوتا نہین
آستین زن ہے چراغ عقل پر باد بہار ۔ ورنہ ہر پیرہن غنچہ قبا ہوتا نہین
سینہ ہے آماج گاہ ناوک مژگان یار ۔ کونسا دل رخمی تیر قضا ہوتا نہین
سادگی یار نے مارا ہے جیسے نمکین ۔ دل شہید خنجر ناز و ادا ہوتا نہین
تیوری گل کی عوض آکر چڑھا جاتے ہین وہ ۔ غنچہ دل کنج مرقد مین بھی وا ہوتا نہین
کونسی شب ہے کہ خال مردمک پر مہربان ۔ ثابت و سیارہ گردون فدا ہوتا نہین
لطف و اشفاق و عنایات و کرم تو اکثر ۔ اندنون وہ مائل جور و جفا ہوتا نہین
خط نکلا ہو نسے ہوا رخسار پر وہان پایمال ۔ رہگذر مین سبزہ کو نشو و نما ہوتا نہین
ہو کے برباد اب ترقی کی ہوا کہتے ہین ہم ۔ کب غبار جسم یہان وقف صبا ہوتا نہین
یہان تسلسل شک مین ثابت ہے وہان اس مین دور ۔ فلسفی کا ابتو ثابت مدعا ہوتا نہین

تیرے کاکل کی ہوا باغ مین ای ترک سمن
عوض غنچہ کلاہ خسروی پیدا ہو

فرط صفا سے جسکا ہر اک تل ہی آئینہ
منہ دیکھو اوسکے رخ کے مقابل ہی آئینہ

درکار کب تجھے مہ کامل ہے آئینہ
ہر سمت عکس رخ سے مقابل ہی آئینہ

اے جان تمہارے رخ کے مقابل ہی آئینہ
آئینہ اب دکھانے کے قابل ہی آئینہ

اوجہل جو ایک پل نہین ہوتا ہی اے صنم
شاید تمہارے چہرے پہ مائل ہی آئینہ

تسخیر عکس چہرۂ رشک پری جو کی
جوہر کھلے یہ آج کہ عامل ہے آئینہ

اے جان جان فقیر کی صورت سوال ہے
یعنی صفا کا آپ سے سائل ہے آئینہ

اوس رخ صفا کی جبدم دیکھہ پائی ہی جلک
آئینہ بن جاتی ہے تصویر پشت آئینہ

کیون نہو آئینہ زانو سے آئینہ کو فوق
گلفشان تو اوسمین یہان تصویر پشت آئینہ

چین آتا ہے نہین بے تکیۂ زانوے یار
کیا نوشتہ ہے مری تحریر پشت آئینہ

دست مشاطہ مین وے آئینہ اپنے ہاتھہ سے
جرم بوسہ پر یہ ہو تعزیر پشت آئینہ

سنبھالے ہین سیرے نالون نے سنبھالے
فلک اپنی پشت خمیدہ کو تھامے

مارا پڑا ہون خنجر غفلت شعار سے
ٹانکو وہان زخم کو سونے کے تار سے

ہے خوس گردون مین مہر خاور کہ یا ہی گلگون کا بند
یہ زیر کاکل ہی اوسکی کلی کہ برق خشاں کا ہی ہے

نہین ہے مال جمال کامل ہنوز اوس سمین کا ایدل
لب طلب ہان نہ کھولین سائل زکوۃ مال نصاب کا

روان ہے آنکھون سے لجہ خون کہ یا نی پانی ہو جس سے جیون
سر شک خونین ہے جنتا گلگون کہان یہ سرخی شہاب مین ہے

دکھا کے دور شراب دل کیا ہو بطلان دور باطل
ہے جو کہ ہر یقان کو وہ اصل کہان یہ نکتہ کتاب مین ہے

منہ سو گل اوسنی جو کی شمع مزار عاشق
کاکل پروانہ سے بلبل کی صدا آتی ہے

غرق سونے مین ہے یا سونے مین مستغرق ہے
خواب و بیداری مین غافل کا وطن سونے مین ہے

چشم قاتل جوہر خنجر پہ رہتی ہے مدام
گردش دور انسی پابستہ ہرن آہن مین ہے

کہتے نہین وہ رشک تو ہنگام تکلم
مصری کی ڈلی صاف چبا جاتی ہین کیسے

مشتاق سمجھکر مجھے پردے مین ستم کے
باتین سر محفل وہ سنا جاتے ہین کیسے

گلچین کبطرح یا کسی دیوانہ کی صورت
بلبل کہ نہان باد صبا جاتے ہین کیسے

حیران ہین اگر آپ تو آئینہ مین دیکھین
سینہ سے مین کسی زلف کے آجاتے ہین کیسے
وہ سبزۂ خط عالم وحشت مین دکھا کر
طوطے مرے ہاتھونکے اوڑا جاتے ہین کیسے

وحشی تخلص میر بخشی مرحوم دہلوی مقیم عظیم آباد

اندنون بیقرار رہے یہ دل
کیا ہوا کس سے یار رہے یہ دل
اپنے ملنے سے منع مت کر تو
اتنین بے اختیار رہے یہ دل

وحید تخلص مولوی محمد عبد الرؤف مترجم سررشتۂ لیجس لیٹیو کونسل ہند ولد منشی احمد علی شاگرد شاہ الفت حسین فریاد باشندۂ کلکتہ بیشتر فارسی کہتے ہین راقم کے دوستون مین ہین

بلبل کے لبون پر ہے نہ افسانہ ہی اوسکا
بو آتی ہے گل سے بھی کہ دیوانہ ہے اوسکا
ہر شے مین اوسی شمع تجلی کا ہے جلوہ
موسی ہے نہ اک طور پہ پروانہ ہے اوسکا
خورشید یہ خورشید ہے یا ماہ یہ ماہ ہے
یا سر پہ کہا آپ کی ہے تاج زری کا

وحید تخلص میر ہادی خلف میر مہر علی انس مرثیہ گوے لکھنوی

دل تم سے نہ پھیرے گا وحید دلفگار
یہ عاشق جانباز کا شیوہ نہین ہوتا

وحید تخلص مولوی وحید الدین خلف مولوی امیر اللہ باشندۂ کڑا ضلع الہ آباد بیشتر فارسی کہتے ہین

رگہی کتنون کے دلمین قتل ہونے کی ہوس
دو ہی ہاتھون مین تجھے اے تیغ زن کیا ہو گیا
آج ہر شہر کے کوچے نظر آتے ہین ویران
کس طرف لگ گئی وحشت تری دیوانے کو
لڑائی جانے دو بس دور بھی کرو قصہ
ملو وحید سے بہر خدا سنو تو سہی
لاے گی کسطرح سے کہو بوے پیرہن
اوسکی گلی مین جا کے صبا اور ہو گئی

وحید تخلص منشی سرفراز علی خان ولد سربلند خان باشندۂ سالار تیبونے چہارا توابع نرسنگہ پور دکھن شاگرد میر وزیر صبا مقیم قصبۂ موہان متعلق لکھنؤ انسے ۱۸۵۸ء اٹھارہ سو ستاون عیسوی مین کمانۂ مین ملاقات ہوئی تھی صاحب دیوان ہین

سودا زدہ زلف کا کیا خوب لقب ہے
فرماتے ہین دیوانۂ مشوریدہ سر زلف

جیسا ہے دل مین اگر سوزش جگر مین سنگ | تڑپ تڑپ کے نہ ظاہر کرے شرر مین سنگ
لہو کے نام سے فصاد خاک پتھر ہے | بتون کے عشق مین رگ رگ ہے سر بسر مین سنگ
جنیو اوس بت کافر کا یاد آتا ہے | وحید سنگ جواہر مین دیکھکر مین سنگ
ناحق اتنا نہ کر ظلم و ستم بندے پر | اے بتو چاہیے کچھ خوف خدا کا دل مین
ایسی چلے وہ چال کہ مین ذبح ہو گیا | گردن پہ میرے چل گئی تلوار جس کے پاؤن
سر اوسکا آج ٹھوکرین کھاتا ہے راہ مین | رکھتی تھی کل زمین پہ جو لوگ تنکے پاؤن

وحید تخلص حکیم وحید اللہ خان باشندۂ بداؤن ولد حکیم سعید اللہ خان ملازم راجہ بہرت پور صاحب دیوان ہین

مارڈالے چاہنے والون کو وہ | دیکھی ہم نے کچھ عجب تاثیر زلف
کوئی بھی اوسکی طرف سے کوئی باتین بھی سناوے | جنبش نہ کرے پر ترے رنجور کی گردن
شکایت دل نالان کیا اور کیا کہیے | ہوا ہے دشمن جان دوستدار پہلو مین

وزیر تخلص نواب وزیر علیخان متبنای نواب آصف الدولہا در کلکتہ مین ۱۲۳۶ بارہ سو چھتیس ہجری مین انتقال کیا حال انکا نہایت مشہور ہے حاجت بیان نہین

بعد بخشش کے مزا ملنے سے کچھ حاصل نہین | گر تمھین الفت نہین اپنا بھی اب وہ دل نہین

وزیر تخلص وزیر علی رام پوری خلف حسن علیخان

دام الفت مین تری پھنسکے بھلا دیکھین تو | طایر دل کے تڑپنے کا مزا دیکھین تو
دل مین کالے کی کہلانے کا جو دل رکھتے ہین | ہاتھ کافر تری چوٹی کو لگا دیکھین تو
نہ سہی شرط وفا خیر لڑائی ہے سہی | آج وہ آنکھ کو غیرون سے لڑا دیکھین تو
دل کی تسکین کو صورت یہ وزیر اچھی ہے | اوسکی تصویر کو چھاتی سے لگا دیکھین تو

وزیر تخلص سید وزیر علی باشندۂ الہ آباد

قید ہی حلقۂ گیسوے پریشان ہو نہین | یارب وحشت کو مری حاجت زنجیر نہین

وزیر تخلص خواجہ محمد وزیر لکھنوی خلف خواجہ محمد فقیر شاگرد امام بخش ناسخ

سخن شعرا

سلسلہ انکے نسب کا خواجہ بہاء الدین نقشبند علیہ الرحمۃ سے ملتا ہے اپنے طرز پر شعر اچھا کہتے تھے بائیسوین ماہ ذی قعدہ سنہ ۱۱۷۲ بارہ سو ستر ہجری مین فوت کی دیوان انکا نظر سے گزرا

سر مرا کاٹ کے بچتا ہے کیے جا گا
کسکی پھر جھوٹی قسم کھائیے گا

دا سے محرومی نہ دیکھا خواب مین بھی یار کو
میری اوسکے درمیان غفلت کا پردا ہو گیا

جسم کیسا یہان لباس جسم آدھا ہو گیا
جامۂ تن گھٹ گیا ایسا کہ نیما ہو گیا

اپنے گناہ آنہین سکتے حساب مین
زاہد کو خوف چاہیئے روز حساب کا

زاہد حرام سے کو نہ کہنا وگرنہ مین
جنت مین جیمین لون گا پیالہ شراب کا

ہوا زبسکہ ہجوم نگاہ مشتاقان
ہر ایک روزن دیوار یار بند ہوا

ہنسکے بولا وہ گل تر این گل دیگر شگفت
دانۂ گوہر کف رنگین مین جب گلگون ہوا

خواب مین تجھ سے ہمکنار رہا
عین غفلت مین ہوشیار رہا

حسن عارض عارضی تھا کھل گیا
خط کے آتے ہی لفافا کھل گیا

خط پہ خط لائے جو مرغ نامہ بر
بوسے ان مرغون کا وڑبا کھل گیا

خط سیہ سے کانٹون کا اک ڈھیر ہو گیا
غمزہ نہ کیجیے سیب زقن بیر ہو گیا

صدمہ شب فرقت کا اوٹھانا نہین اچھا
اے بیخبری آپ مین آنا نہین اچھا

چھپ گیا دستی کے پردے مین
دشمن جان نے کیا حجاب کیا

آج مجھسے بات اگر کرتی نہین
دینگے یہ بت کل خدا کو کیا جواب

زبان کو وصل کے شب گفتگو کی کب تھی فرصت
ہجوم بوسہ لب نے نہ دی اک بات کی فرصت

ہوا کیا دل مین خون آرزو آج
کہ خون آلودہ ہے اے اشک تو آج

فرقت دیدار مین جو رات بھر آئی نیند
وصل مین آتے ہوئی آنکھون مین شرماتی ہی نیند

جو کہتا ہون ترا بیمار ہون مین
تو کیا کہتا ہے کچھ اپنی دوا کر

چلا ہے اودل ثابت طلب کیا شاد دامن کو
زمین کو ہی جانان بیچ دیگی آسمان ہو کر

اسی خاطر تو قتل عاشقان سے منع کرتی تھی
اکیلے پھر رہے ہو یوسف بے کارروان ہو کر

کیا غیرون کو قتل اوسنے موہی ہم رشک کے مارے
اجل بہی دوستو آئی نصیب دشمنان ہوکر

بناوٹ نے لگاڑا باتین سنو اہین جو شی نے
نہ پوچہو ہنسنے کیا ہی منہ کی کہائی بیزبان ہوکر

وہ پیاسا ہون لگا کر تیغ پر آب اوسنی جب کہینچی
نکل آئی دہان زخم سے سوکہی زبان ہوکر

لڑکے ہاتھہ اوسکا چہڑانا شمع گل کرنا مرا
وصل کی وہ رات یاد آتی ہی اور روجگا تہا

گزرا فلک کے پار گیا لامکان تلک
اوتیر آہ بے ادبی اب کہان تلک

وہ پری رو حور سے بہتر کہین ہی اے وزیر
نازمین انداز مین رفتار مین گفتار مین

اوٹھا اوٹھا کے جو پردہ نگاہ کرتی ہین
ہمارے دل مین وہ در پردہ راہ کرتی ہین

ذرا سے جرم پہ جہانگے کنوین فرشتون نے
یہ آدمی ہین کہ کیا کیا گناہ کرتے ہین

وزیر آغوش ہجران فرقت مین بہی خالی نہین ہوتی
نہین ہے یار اگر تو درد ہی مدت سی پہلو مین

انکمین ہین خونخوار تیری اے مسیح
کیا ہی بے پرہیز یہ بیمار ہین

گوہر اشک سے لبریز ہے سارا دامن
آج کل دامن دولت ہی ہمارا دامن

وصل کی رات ہے بگڑو نہ برابر تو سے
پہٹ گیا میرا گریبان تمہارا دامن

نہ خط مصحف عارض کا معتقد ہو وزیر
حروف جسمین ہون اللہ کا کلام نہین

الفت چاہ زنخدان مین یہ لاغر ہون وزیر
روزن مور مری نظرون مین اندار ہی ہین

جاکے ٹہرے استخوان پر جب لگائی تو نے تیغ
کیون نہ اے قاتل ہما کیجے تری شمشیر کو

گر اولٹ کر دیکہیے تصویر پشت آئینہ
سیدہی ہو جائے ابہی قد بر پشت آئینہ

کیجیے داخل دل بیتاب یار ی کی عوض
روز سنیے نالہ شبگیر پشت آئینہ

عکس روے آتشین نے صاف کشتہ کر دیا
کیجیے اب سیماب کو اکسیر پشت آئینہ

بیجا تلاش دولت دنیا ہی اے وزیر
غیر از کفن نجاے گا شاہ و گدا کے ساتھہ

چاہے اگر خدا تو ہر اک عیب ہو ہنر
موسی کو دیدیا ید بیضا جلا کے ہاتھہ

ہے آرزوے قتل اجی دم نہ دو مجہے
چہوٹا ہے نیچہ تو لگاؤ بڑہا کے ہاتھہ

جو کہ طایر تری صدقے مین رہا ہوتا ہے
اے شہ حسن وہ اوڑتی ہے ہما ہوتا ہے

ایک ذرے کو نہین ہوتی ہے جنبش بیحکم
بت جو پہر جاتے ہین اللہ پہ ارادہ ہے

نگہ وزدیدہ سوی غیر یون کرتی ہین وہ آنکھین — نہان جسطرح بد پرہیز باں بیمار کرتا ہے
بھر دے عوض شراب کی ساغر کو بنگ سے — گاڑہی چھنی ہے ساقی اب اک سبز رنگ سے
آنکھین کھلی ہوئی ہین عجب خواب ناز سے — فتنہ تو سو گیا ہے پر فتنہ باز ہے
کیا کیا نہ ہمکو اپنی عبادت پہ ناز تھا — بس دم نکل گیا جو سنا بے نیاز ہے
ایک عالم نے جبہہ سائی کی — اے بتو تم نے بھی خدائی کی
نہ گئی زاہدون کے پاس کبھی — دختر رز نے پارسائی کی
ہوئی گر صلح بھی تو بھی رہی جنگ — ملا جب دل تو آنکھہ اوس سے لڑا کی
پڑا ہے تفرقہ بتا بیون سے — وزیر اب مین کہین ہون دل کہین ہے
یوسف جو کہا اونہین تو بولے — کیا آپ نے مول لے لیا ہے
مے دے کہ نہ دے بادہ اطہر تو نہین ہے — کچہ پیر مغان ساقی کوثر تو نہین ہے
کچہ معجزہ ختم آپ کے لب پر تو نہین ہے — عیسے ہے تو ہو اپنا پیمبر تو نہین ہے
کہتے ہو مجھے خواب مین معراج ہوئی ہے — جبریل کا تکیے مین کوئی پر تو نہین ہے
کرتے ہو ذکر میرے دل بیقرار کا — منہ سے کہین زبان نہ باہر نکل پڑے
باتین جو چکنی چکنی سنی میرے یار کی — زاہد تو کیا ہے اوسکا فرشتہ پہسل پڑے
قتل بے شمشیر او ظالم کیا — آینہ دکہلا دیا دو ہو گئے
آزردہ جو تم ہو تو خفا کون نہین ہے — آینہ بھی پر تو سے مرے چین بجبین ہے

وزیر تخلص میر پرورش علی ابن میر خیر اللہ باشندۂ اٹاوہ

بیگنہ عاشقون کو قتل کیا ہے ظالم — حیف ہے خوف خدا تجھکو نہ زنہار آیا

وزیر تخلص وزیر خان خلف عبد الرحمن خان متوطن فتحگڈھ

کچہ بھی تو بتا دیجیے تقصیر ہماری — کس بات پہ یہ ہوتی ہے تعزیر ہماری

وزیر تخلص وزیر علی خان عظیم آبادی شاگرد نواب جعفر حسن خان فیض

اس شخص کو موسیقی مین اچھا دخل ہے بہ شعر اوس تذکرہ کے لیے دیے تھے

سو سواد او تازہ ہے ایک ایک گام پر — ہم خاک مین ملی تیری طرز خرام پر

عاشق ہوئے ہین ہم ترے ایجان نہ جائے
صدمے دکھانہ دشمن ایمان نئے نئے

آنسو کبھی گرے ہے کبھی چشم سے لہو
لائے ہین رنگ دیدۂ گریان نئے نئے

ایسی جفا سرشت کی عاشق ہوے وزیر
جسنے کئے ہین قتل کے سامان نئے نئے

وزیر تخلص شیخ وزیر علی ولد معین الدین احمد خطیب باشندۂ بلگرام شاگرد و خواہرزادہ احمد علیخان احمد فارسی گو صاحب دیوان فارسی درنخبۃ ہین

اپنے کوچے سے بھی آخر کو اوٹھایا اوسنے
آہ نے ہمکو اثر آہ دکھایا اولٹا

ہوا ہے جبسے تم پر مبتلا دل
ہمارے ہاتھ سے جاتا رہا دل

کیونکر سمائے اوسمین کسی اور کا خیال
گھر کر گیا ہے وہ بت بے پیر آنکھ مین

وسعت تخلص مستقیم خان افغان باشندۂ رامپور شاگرد قدرت اللہ شوق

وائے قسمت ایک گالی کی ہوئین دو تین جا
وقت گفتن جب زبان برادر کانت آئی

وصال تخلص حکیم نصر اللہ خان دہلوی شاگرد و خلف حکیم ثناء اللہ خان فرزند علوم متداولہ اور طب مین بہت خوب دخل رکھتے تھے

آینہ گھورنے کو سب سے نرالا نکلا
منہ تو دیکھو یہ بڑا جانے والا نکلا

پیر نیگے منہ نہ ہرگز اوس شوخ کی جفا سے
ہوگا یہی نہ آخر مرجائینگے بلا سے

وصف تخلص سید شاہ منور علی

نگہ زلف پر کی ختن یاد آیا
جو دیکھین وہ آنکھین ہرن یاد آیا

وصف تخلص میر محمود علی ولد میر محمد حسین فیض آبادی مقیم کانپور شاگرد میر وزیر صبا

کارمانی کیا تصور نے
کھینچی تصویر یار آنکھون مین

وصف تخلص بنی مادھو ابن لالہ مولچند شاگرد مقصود عالم مقصود

ایک شب بھی تو مرے گھر مین نہ آکر رہگیا
داغ یہ دل مین بڑا اے ماہ پیکر رہگیا

وصل تخلص مولوی محمد مظہر خلف قاضی غلام سبحان خان بہادر سابق قاضی القضات عدالت صدر دیوانی کلکتہ شاگرد حافظ اکرام احمد ضیغم انکا وطن پنڈوا مولد و مسکن کلکتہ پہلے اوباش تخلص کرتے تھے ہرروز بانہیز

شعر اچھا کہتے ہین انکا نام تاریکی سے ہے +

مرض عشق بدن مین عوض جان ہوگا
ملک الموت بھی یہان آکے پشیمان ہوگا

غم نہین گر نہ ہوئی دولت دنیا حاصل
رتبۂ شاہ و گدا خاک مین یکسان ہوگا

ہوگا کونین مین اے وصل یقینی وہ غنی
دل سے جو معتقد حضرت عثمان ہوگا

غیرون کے حق مین زہر ہون یہ قند یہ مل
اپنے تو کام کے وہ لب شکرین نہین

پارہ پارہ ہوا دل سیماب
دیکھا جسوقت بیقرار ہمین

برمین گردہ جانی ہو لطف زندگانی ہو
لطف زندگانی ہو برمین گردہ جانی ہو

سرسے پاتک ہے کامل جانان
آج کل رات دن برابر ہے

لعل و الماس و درد مرجان نثار دیدہ ہے
دیکھئے کیا عین گریہ مین بہار دیدہ ہے

وصل تخلص سید احمد علی ولد سید اصغر علی باشندۂ لکھنؤ ندیم بنارس شاگرد خواجۂ وزیر و وزیر صاحب دیوان ہین

وصل کی شب میرا انگیا پر ہوا گر دسترس
مین یہ سمجھون آگئی سونے کی چڑیا ہاتھ مین

وصل سب جاتی رہی دل کی پریشانی بھی
مثل شانہ ہو جو وہ زلف چلیپا ہاتھ مین

وصل تخلص مرزا اسحاق ولد حاجی ابراہیم خلف آغا قدیر اصفہانی شاگرد شرف الدین ملول باشندۂ لکھنؤ بتیر مرثیہ کہتے تھے

لیا تک جو آغوش مین مین تو بولا
ابی چھوڑ کب تک مسلتا رہے گا

ہاتھ مین ہاتھ لے غیرون کا پڑی پہرتی ہو
ہم جو دامن چھوین تو آپ جھٹکتے جاوین

وصل تخلص حکیم محمد علی خان خلف حکیم نصر اللہ خان وصال باشندۂ دہلی ایچ والد ماجد سے کسب سخن کیا ہے

بوسے تو اپنے لب کی ہمین پانچ چار دے
ساتھ اوسکی گالیان بھی اگرچہ ہزار دے

مخمل اغیار مین مجھکو بلایا آپ نے
فتنہ کیا بیٹھے بٹھائے یہ اٹھایا آپ نے

وصل تخلص سید کرامت حسین ابن سید رحم علی خوشنویس متوطن جہیرا موضع فرخ آباد

خفگی جانے دو بس وصل سے بولو چالو
رہے الطاف وہی اگلی عنایات رہے

وصی تخلص شاہ وصی احمد پہلواری کے پیر زادے ہین اُنسے پہلواری مین ملاقات ہوئی تھی

سیر اخون گرچہ پامال ہوا | آستانہ تو ادھر لال ہوا

وفا تخلص لالہ نول رائے برادر کلان راجہ گلاب رائے دیوان نجیب الدولہ نواب نجیب خان بہادر صاحب دیوان گزرے

کہنے لگا وہ سن کے مرا نالہ و فغان | یارب جیا کرے گا یہ بیمار کب تلک
بکہرا ہے کوئی زلف کو اپنی جو اے وفا | پھر آہ کس طرح سے پھیرا سراغ دل

وفا تخلص لالہ شنکر لال الہ آبادی

زر ہے نہ سیر ے پاس نہ ہے جان و دل مین | یہان ہے فقط ایجان جہان نام خدا کا
جبتک کہ رہے جان و فا تیرے بدن مین | لازم ہے رہے ورد زبان نام خدا کا

وفا تخلص مرزا عبد العلی خوشنویس شاگرد نصیر وطن انکا کشمیر مولد دہلی معلمی کرتے تھے

وہ لب زخم جگر ہے عاشق دلگیر کا | جسمین جو انگشت حیرت ہو وہ پیکان تیر کا

وفا تخلص مرزا دارا بخت مرحوم نبیرہ شاہ عالم بادشاہ شاگرد عبد الرحمن خان احسان

منہ سے تو کچھ کہو تم کسواسطے خفا ہو | اس اپنی خستہ دل سے اصل بنی ہیجان سے
مین نے کہا خفا ہو کر مرتا ہون تم نہ جاؤ | اک ناز اور ادا سے کہنے لگے وہ کب سے

وفا تخلص میر حیدر علی مرثیہ خوان باشندہ دہلی مقیم امرتسر

دشمنون سے مل ملکر خاک مین ملاتے ہو | خاک دوستی کا ہو آپ پر گمان اپنا
سینے سے لگے بوسے ہی دے ہمکو وفا ؤ | یہ طور نہین ہاوس بت بے پیر مین دونو

وفا تخلص محمد علیخان خلف مولوی احمد علیخان خوشنویس مقیم شاہ جہان پور

غافل نہین ہون ذکر سے دم بھر مین اے صنم | حق نے زبان دی ہے ترے نام کے لیے

وفا تخلص مظہر علی خان دہلوی ولد سلیمان علی خان و داد شاگرد نظام الدین ممنون مقیم کلکتہ انکی بیتابی بچشمی نظر سے گزری

فوج اشک و لشکر داغ اور علم آہ کا | دھوم سے آنا ہوا ہے عشق والجاہ کا

یوسف کا جو نقشا در و دیوار پہ کھینچا | کیون لوے زلیخا نہ دل زار پہ کھینچا

ولا تخلص محمد مراد خان ابن منور خان باشندۂ الہ آباد

ابتو خاموشی سے دم ورنہ قیامت ہوتی | آسمان تک جو پہونچتا کبھی نالہ اپنا

ولایت تخلص مرزا ولایت علی طبیب خاص نواب امیر الدولہ بہادر رئیس اجمیر

زندگی بھاری ہے بے تیرے صنم | پتھرون سے سر کو ٹکرا لے ہین ہم
بے لباسی ہوگئی اپنا لباس | جامے سے باہر ہوئے جاتے ہین ہم

ولایت تخلص ولایت شاہ مقیم کوئل

نہ تنہا یہ دل بلکہ جان بیچتا ہون | کہ ہستی کی ساری دوکان بیچتا ہون

ولایت تخلص نواب ولایت علیخان لکھنوی ولد نواب احمد علیخان نبیرۂ شجاع الدولہ شاگرد مرزا باقر درک

رہا کر اب ہمین صیاد فصل گل آئی | قفس مین ابتو ہوا تنگ حوصلہ دل کا

ولی تخلص مرزا محمد ولی دہلوی مقیم مرشد آباد برادر زادۂ شاہ اسرار اللہ معاصر سودا صاحب دیوان گزرے

نیم نگہ نے ترے قتل کیا اک جہان | یار مرے مت کہین پھر کے نظر دیکھنا
بیکسی پر مری کبھی کوئی | تجھ بن اے نالہ نوحہ گر نہ ہوا
تھی آشنا نہ تیغ سے اوسکی کمر ہنوز | ہم تب سے ہاتھ پر لیے پھرتے ہین پر ہنوز
کبھی جو زلف اوٹھا دے تو منہ نظر آوے | اسی امید پہ گزری ہے صبح و شام ہمین
بند قبا چمن مین جو وہ یار وا کرے | لے برگ گل کو ہاتھ مین پنکھا صبا کرے

ولی تخلص شاہ ولی اللہ اولاد مین شاہ وجیہ الدین گجراتی علیہ الرحمۃ کے تھے عالمگیر بادشاہ کے عہد مین دہلی مین آئے تھے بعضے تذکرہ والون نے انکا نام ولی محمد لکھا ہے اور انکو موجد ریختہ جانتے ہین لیکن مقتضاے تحقیق یہ ہے کہ انکے زمانے کی آگے بھی دکھن مین شعراے ریختہ گو موجود تھے غرض یہ اپنے وقت کے استاد تھے دیوان انکا نظر سے گزرا

پھر میری خبر لینے کو صیاد نہ آیا
شاید کہ مرا حال اوسے یاد نہ آیا

شغل بہتر ہے عشقبازی کا
کیا حقیقی و کیا مجازی کا

جنون عشق ہوا اسقدر زمین کو محیط
کہ یار ساکو ہوئی موج بوریا زنجیر

ہون گرچہ خاکسار ولے از رہ ادب
دامن کو تیرے ہاتھ لگایا نہین ہنوز

خط کے آنے سے خبردار کیا گلرو کو
نشۂ ہوش ہے اس بادۂ ریحانی مین

اے جان ولے وعدۂ دیدار کو اپنے
ڈرتا ہون مبادا کہ فراموش کرے تو

مفلسی سب بہار کھوتی ہے
عشق کا اعتبار کھوتی ہے

ترائنہ مشرقی حسن انوری جلوہ جمالی ہے
نین جامی جبین فردوسی وابرو ہلالی ہے

اے ولی رہنے کو دنیا مین مقام عاشق
کوچۂ یار ہے یا گوشۂ تنہائی ہے

ترک کر اے رقیب فرعونی
آہ میری عصائے موسی ہے

مرا دل مجھ سے کرکے بیوفائی
پسند خاطر خوبان ہوا ہے

اک دل نہین آرزو سے خالی
بر جا ہے محال اگر خلا ہے

ولی تخلص شیخ ولی محمد رفیق و مصاحب نواب بہادر جنگ والی بہادر گڑھ خلف شیخ منگلو کرنیل پلٹن نواب نجابت علی خان بہادر والی جھجھر باشندۂ سیالکوٹ شاگرد نصیر دہلوی

کیونکہ بتلاؤن نشان تجھکو ستمگر اپنا
عالم خانہ بدوشی مین کہان گھر اپنا

رتبہ تھا کیا قمر کا کہ کرتا وہ ہمسری
جب آفتاب رخ کے برابر نہو سکا

ولی تخلص مولوی امو جان باشندۂ دہلی شاگرد مرزا نوشہ غالب انکو دہلی کے مشاعرے مین دیکھا تھا

پردہ جبھی تلک ہے کہ پردے مین ہے وہ شوخ
چہرہ کھلا تو راز چھپایا نہ جاے گا

محشر مین روبرو مرے آکر کھڑا ہوا
جانا کہ اس سے شور مچایا نہ جاے گا

غم بیستون نہین ہے کہ آگے ہی ٹال دون
سینے کا سنگ ہے یہ ہٹایا نہ جائیگا

ولی تخلص علی محمد خان ولد قائم علی خان باشندۂ لکھنؤ شاگرد نواب ظفر یابجان

راسخ صاحب دیوان ہین

تابع فرمان ہین جو چاہیے وہ کیجیے
نازبیجا آپ کی اے مہربان بالاے سر

اندوہ و یاس درد و غم و دور ہی ستم
کیا کیا میسر آے ہین آشنای دل

شکوہ نہین ہے کچھ فلک پیر سے ہمین
دشمن نہین ہے کوئی ہمارا سوای دل

ولا یہ حال ہے اب کی خدا پرستون کا
جو دل ہے دیر کی جانب تو قبلہ رو ہین

چہار یار پیمبر کو ربع مسکون مین
ہمیشہ ڈھونڈھتی ہین اپنی چار سو نگہین

محفل مین ہنسکے بولا جو مجسے وہ شعلہ رو
کیا کیا ہوے رقیب سیہ روچراغ پا دن

ثابت ہوا یہ ہمکو رہ عشق سے وے
یا پینگے حشر تک نہ ہمارے فراغ پا دن

وہمی تخلص میر محمد علی خلف میر محمد تقی خیال صاحب لوستان خیال مقیم لکھنؤ ملازم سرکار آصف الدولہ بہادر

کو فکر تیرے دل کے تئین سو لگی رہی
پر وہم ہے یہ شرط وہی لو لگی رہی

جا کہے اوس سے اتنا اب کوئی
ہے ترے غم مین جان بلب کوئی

حرف ہای ہوز

ہاتف تخلص مرزا محمد دہلوی معاصر سودا آزاد ادا نہ زیست کرتے تھے

خط آنے پہ یہ حسن نہ یہ ارمان رہیگا
ایسے جو ملجاے احسان رہے گا

میت پوچھ ہمنشین کہ جہان مین کہان تھے
دل جس جگہ کہ لگ گیا اپنا وہان رہے

ہاتفی تخلص مولوی محمد حسن علی خلف شیخ عبد الغفار باشندۂ شاہ جہان پور
مقیم فرخ آباد صاحب فرائض ہاتفی و رموز القرآن

دیوانۂ بہار چمن مین رہا اسیر
موج نسیم ہے اوسی زنجیر پا ہوے

ہادی تخلص میر جواد علی خان دہلوی عماد الملک مرحوم کے رفیقون مین تھے
سنہ ۱۲۱۵ بارہ سو پندرہ ہجری مین فوت کی صاحب دیوان گزرے

اندیشہ کچھ نہ کر مرے فریاد و آہ کا
فریاد رس ہے کون تری داد خواہ کا

کیا ہے کسکی مجھے یاد زلف نے بیمار
کہ پیچ و تاب مین ہے تار تار بستر کا

چمن مین ہادی نازک مزاج جب آیا
لیا جنون نے رگ گل سے کام نشتر کا

کچھ آج شکستہ ہے بہت رنگ رخ گل — صیاد نے کس بلبل شیدا کو ستایا
تو نے پہچانا نہ یار اوسکو بتغیر حال سے — ورنہ کوچے مین ترے ہادی مکرر ہو گیا
خندان خندان جدہر پھرا وہ — گریان گریان اودھر گئے ہم
یہان تو نالے نے جگر آب کیا ہی ہادی — پر خدا جانے کہ اوس دلمین اثر ہی کہ نہین
جی مین حسرت نرہی زخم کی تیری قربان — قتل کے بعد بھی پھر کیجیو تو دار کئی

ہادی تخلص سید محمد مہدی قرابت دار شاہ نور علی مرحوم باشندۂ الہ آباد

ملتی نہین شبیہ ترے زلف کی جانان — ہے عین خطا کہیئے جو مشک ختنی ہے

ہادی تخلص مرزا غلام فخر الدین بہادر نبیرۂ شاہ عالم بادشاہ شاگرد آغا جان عیش

آیا نظر وہ ماہ لقا تین دن کے بعد — روشن یہ قصر چشم ہوا تین دن کے بعد

ہادی تخلص مولوی محمد ہادی باشندۂ سنبھل

داغ ہین میری مین بھی ہادی کو تن پر بیشمار — گر یہ کم آتا ہے پھل نخل کہن کی شاخ مین

ہاشمی تخلص محمد نادر حسین خان خلف شیخ فرخ حسین حرمان تخلص نائب داوستاد نواب محمد حسین خان رئیس کالپی

اوس سنگدل سے آج ملاتا ہون اپنا دل — شیشہ مرا مقابلہ کرتا ہے سنگ کا
یہ راز عشق چھپے کسطرح کہ ان روزون — ہمارے بس مین دل خانمان خراب نہین
لوٹی جو مین نے زلف ورخ یار کی بہار — بگڑی ہے شانہ آپ کو آئینہ آپ کو
واشد مرے دل کی کوئی ممکن ہے صبا سے — کھلتا ہے کہین غنچہ تصویر ہوا سے
اسقدر کنج قفس مجکو خوش آیا ہی کہ اب — دل مرا نام رہائی سے خفا ہوتا ہے

ہاشمی تخلص میر محمد ہاشم لکھنوی شاگرد سودا

مرا سو بار اوس تک نامہ پر آرزو پہونچا — اودھر سے پر جواب صاف پہونچا جب کہ پہونچا
دماغ آشفتہ ہوتا ہے صبا نکہت سے سنبل کے — مشام آرزو مین تو کسی کاکل کے تو پہونچا
کچھ کفر و دین مین شاید رشتہ ہوا برہمن — تسبیح شیخ کی جو زنار درمیان ہے
غیرت یہ چاہتی ہے ہم آینہ کو توڑین — پر کیا کرین کہ روے دلدار درمیان ہے

ہاشمی تخلص سید اکبر علی الہ آباد مین مختاری کرتے تھے

جام دے ساقی مجھے صہبائے تند و تیز کا | مست ہون دیکھون تماشا سبزۂ نوخیز کا

ہاشمی تخلص ایک شخص دہلوی کا ہے اور کچھ حال معلوم نہ ہوا

نشہ نے میکشون کو کیا فلک سر پر اوٹھایا ہے | کہ مست ابر سیہ ہو کر چمن مین جھوم آیا ہے

ہجر تخلص سید جمیل الدین خلف میر ابرار علی شاگرد ذوق باشندۂ ڈاسنہ مقیم دہلی

جو ہم نظم سخن مین اپنے لفظ آہ لکھتے ہین | سر لوح محبت مدبسم اللہ لکھتے ہین
ہے جو سودا سے سر کاکل پیچان ہم کو | خواب کیا کیا نظر آتے ہین پریشان ہمکو

ہجر تخلص مرزا اصغر حسین لکھنوی ولد حکیم مرزا علی نواسہ آغا مرزا چکلہ دار شاگرد خواجہ وزیر

بیقرار ایسا ہون رکھون ہاتھ جانان پر جو آہ | ماہی بے آب ہو مچھلی کا جیسا ہاتھ مین
دست پر نور ایسے اوس عیسی کے ہین معجز نما | ہو ید بیضا اگر لے سنگ موسی ہاتھ مین
پیرا کرتی ہے اوس مہ رو کی جو تصویر آنکھ مین | زیادہ دیدۂ اختر سے ہے تنویر آنکھ مین

